۴۔ حضرت شیخ ذوالنون مصریؒ سے پوچھا گیا کہ صوفیہ کون لوگ ہیں؟ تو آپ نے فرمایا: صوفیہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے خدا پاک کو ساری چیزوں پر اختیار کیا۔ اور خدا پاک نے ان کو ساری چیزوں سے منتخب کر لیا ہے۔

۵۔ حضرت شیخ عبداللہ تستریؒ نے فرمایا، صوفی وہ ہے جو تمام کدورتوں سے صاف ہو جائے اور فکر سے پُر ہو جاوے۔ اور خدا تعالیٰ کے قُرب میں بشریت سے منقطع ہو جاوے۔ اور اس کی نظر میں مٹی اور سونا یکساں ہو۔

۶۔ حضرت شیخ ابوعبداللہ محمد بن الفضلؒ فرماتے ہیں: صوفی وہ ہے جو تمام بلاؤں سے صاف ہو جائے اور تمام عطاؤں سے غائب ہو جاوے۔

Marfat.com

۷۔ حضرت خواجہ ابوالحسن خرقانیؒ فرماتے ہیں: صوفی وہ ہے کہ جب کلام کرے تو اس کا سننے والا خدا کو دیکھے۔

فقر اور فقیر

حضرت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: الفقر فخری و الفقر منی یعنی فقر میرا فخر ہے اور فقر مجھ سے ہے۔ تو جس وصف کو حضور پُرنور اپنا افتخار قرار دیں، اُس سے زیادہ مایۂ ناز اور کیا ہو سکتا ہے۔ اسی لیے صوفیائے کرامؒ نے فقر کو اپنا شیوہ اختیار کیا ہے۔ اگرچہ تمام مذاہب کے لوگ فقر کو پسند کرتے ہیں مگر سب سے فقرِ محمدی افضل و اعلیٰ ہے۔ اور فقرائے اسلام سب مذاہب کے فقیروں سے ہر لحاظ سے بلند مرتبہ ہیں۔

فقر کی تعریف بزرگانِ ملت نے فقر کی تعریف بڑے لطیف پیرایہ میں کی ہے اور اپنے اپنے مذاق کے مطابق اس کی توصیف کی ہے۔

۱۔ سید الطائفہ حضرت شیخ جنید بغدادیؒ فرماتے ہیں: الفقر خلو القلب عن الاشکال۔ یعنی فقر دل کا خالی کرنا ہے شکلوں سے۔ یعنی غیر خدا کا کوئی خیال دل میں نہ لاوے۔ (کشف المحجوب ص ۵۸)

۲۔ حضرت شیخ ابوبکر شبلیؒ فرماتے ہیں: الفقر بحر البلاء و بلاءہ کل عز۔ یعنی فقر بلا (آزمایشوں) کا سمندر ہے۔ اور اس کی بلا سب عزت ہے۔

۳۔ حضرت شیخ بشر حافیؒ فرماتے ہیں: افضل المقامات اعتقاد الصبر علی الفقر الی القبر۔ سب مقامات سے افضل یہ ہے کہ فقر پر قبر تک صبر کا اعتقاد رکھے۔ یعنی تا زندگی فقر کی تکالیف و مصائب پر صبر کرے۔

۴۔ حضرت شیخ رُوَیم بن محمدؒ فرماتے ہیں: من نعت الفقر حفظ سرہٖ و صیانۃ نفسہٖ و اداء فرائضہ۔ یعنی فقر کی تعریف یہ ہے کہ اس کے راز کی حفاظت کرے، اور اپنے نفس کی نگہبانی رکھے۔ اور اس کے فرائض کو ادا کرتا رہے۔

۵۔ حضرت شیخ یحییٰ بن معاذ رازیؒ فرماتے ہیں، علامۃ الفقر خوف الفقر۔

Marfat.com

یعنی فقر کی علامت فقر سے خوف کرنا ہے۔

۶۔ حضرت شیخ ابوسعیدؒ فرماتے ہیں: الفقر ھو الغنیٰ باللہ۔ یعنی فقر یہ ہے کہ خدا تعالیٰ کے ساتھ غنی ہو۔

۷۔ قطب الاولیا حضرت نوشہ گنج بخشؒ فرماتے ہیں، فقر کا تعلق لباس سے نہیں بلکہ دل سے ہے۔

۸۔ مولف کے جد بزرگوار حضرت سید حافظ محمد شاہ فوشاہی برخورداریؒ فرماتے ہیں: الفقر ھو الوصول الی اللہ۔ یعنی فقر یہ ہے کہ خدا تعالیٰ کا وصول حاصل ہو جاوے۔

نیز فرمایا: فقر شریعت ہے اور شریعت فقر۔

۹۔ بعض صوفیوں کا قول ہے: الفقر عدم بلا وجود۔ یعنی فقر ایسا عدم ہے جس کا وجود نہ ہو۔

فقیر کی تعریف

اولیائے کبار کے فقرا کے متعلق مختلف ارشادات ہیں:

۱۔ حضرت شیخ جنید بغدادیؒ کا ارشاد ہے: یا معشر الفقراء انما انکم تعرفون باللہ وتکرھون للہ فانظروا کیف تکون مع اللہ اذا خلوتم بہ۔ یعنی اے فقیروں کے گروہ! بے شک تم اللہ تعالیٰ کے باعث پہچانے جاتے ہو اور اللہ تعالیٰ کے لیے ہی تمہاری عزت و حرمت کی جاتی ہے۔ پس تم اس بات کو دیکھو کہ جب تم تنہائی میں ہوتے ہو تو خدا تعالیٰ کے ساتھ کس طرح ہوتے ہو۔

۲۔ حضرت شیخ ابوبکر شبلیؒ فرماتے ہیں: الفقیر من لایستغنی لشئ دون اللہ۔ یعنی فقیر وہ ہے جو سوائے اللہ تعالیٰ کے کسی چیز سے آرام نہ پائے اور نہ کسی چیز کی پروا رکھے۔

۳۔ حضرت شیخ ابوالحسن نوریؒ فرماتے ہیں: نعت الفقیر السکوت عند العدم و البذل عند الوجود۔ یعنی فقیر کی صفت ہے کہ معدوم ہونے کے وقت چپ رکھے۔ اور موجود ہونے کے وقت صرف کرے۔

اور فرمایا ہے: الاضطراب عند الوجود۔ یعنی موجود ہونے کے وقت بیقرار ہونا فقر کی صفت ہے۔

Marfat.com

۴۔ حضرت سید حافظ نور اللہ نوشاہی برخورداریؒ فرماتے ہیں: فقیر وہ ہے جو دنیا اور آخرت سے بالکل قطع کرے اور خدا تعالیٰ کے ساتھ مستغنی ہو جاوے۔

۵۔ بعض بزرگوں کا ارشاد ہے: لیس الفقیر من خلیٰ من الزاد انما الفقیر من خلی من المراد۔ یعنی فقیر وہ نہیں جو زاد (توشہ) سے خالی ہو، بلکہ فقیر وہ ہے جو مراد سے خالی ہو۔ یعنی سوائے مرضی حق کے اُس کی کوئی مراد یا غرض نہ ہو۔ (کتاب الفوائد)

۶۔ حضرت شیخ ابوبکر مصریؒ فرماتے ہیں: "فقیر وہ ہے جو نہ کسی کا مالک ہو اور نہ اس کا کوئی مالک ہو۔"

۷۔ ایک اور بزرگ کا قول ہے: مخلص فقیر وہ ہے جو دولت مند سے پرہیز کرتا ہے کہ ایسا نہ ہو دولت اس کے پاس آکر اس کے فقر کو بگاڑ دے۔ جیسا کہ دولت مند شخص فقیر سے اس لیے کنارہ کش رہتا ہے کہ کہیں فقیر اس کے پاس آکر اس کی دولت کو خراب نہ کر دے"۔

۸۔ حضرت شیخ مظفر القریشی فرماتے ہیں: "فقیر وہ ہے جو خدا کے سامنے کوئی حاجت پیش نہ کرے۔" حضرت شیخ شہاب الدین سہروردیؒ عوارف المعارف میں اس قول کا یہ مطلب لکھتے ہیں "فقیر ہمیشہ اپنی بندگی کے فرائض میں مشغول رہتا ہے۔ اُسے اپنے پروردگار پر پورا بھروسہ ہوتا ہے کہ وہ اسے خوب جانتا ہے اور اس کی اچھی طرح حفاظت کرتا ہے۔ اس لیے اپنی حاجت پیش کرنے کی اُسے کوئی ضرورت نہیں۔ اُسے یہ معلوم ہے کہ خدا اس کے حال سے بخوبی واقف ہے اس لیے وہ سوال کو درمیان میں لانا فضول سمجھتا ہے۔" (عوارف المعارف ص۹ ترجمہ حافظ سید رشید احمد ارشد ایم اے۔ مطبوعہ علی پرنٹنگ پریس لاہور ۱۹۶۲ء)

Marfat.com

طبقہ اول

نوشاہیہ آبائیہ جدّیہ

اس میں حضرت نوشہ گنج بخشؒ سے لے کر مولفِ کتاب ہذا فقیر سید شرافت نوشاہی عفا اللہ عنہ تک اپنے آبا و اجداد کے حالات بترتیب نسب اور بیعت درج کیے ہیں۔ یہ سلسلہ علم و فضل و طریقت و عرفان میں گویا سلسلۃ الذھب یعنی سونے کی زنجیر ہے کہ یہ سب حضرات حقیقت و معرفت کے بحرِ ذخار، اور اپنے اقران و معاصرین میں یگانہ روزگار تھے۔

Marfat.com

حالات

شیخ الاسلام قطب الانام حضرت مولانا شیخ سید حافظ
حاجی محمد نوشہ گنج بخش
مجدد اکبر علوی قادری رضی اللہ تعالیٰ عنہ وقدس سرہ العزیز

جنابِ حضرتِ نوشہ کہ بحرِ رحمتِ عامش
محیطِ ہفت دریا گشت جُرعہ جامِ انعامش

تنِ مردہ ز اعجازِ مسیحا جاں ہمے دیدے
دلِ صد مردہ را زندہ نماید حرفے از نامش

فلک محکومِ امرِ او بہر نیک و بدِ عالم
جہاں ایں توسنِ گردوں کند زیرِ ران رامش

ز ایامِ ازل ہر چہ بعالم تا ابد باشد
بروچوں پارۂ ساعد عیاں ز آغاز انجامش

ہنوز از اختلاطِ کاف ونوں اثرے نبود پیدا
کہ شد از شاخِ ادنیٰ مرغِ وحدت صید دامش

بہ نفیِ ماسوی اللہ از پئے اثباتِ ذاتِ حق
یکایک ہست انگشتِ شہادت موئے اندامش

ملائک خاکروبی در او با مژہ کردند
بطوفِ روضہ والافلک ہم بستہ احرامش

نمیدانم چہ سرمستی ست چشمِ ساقیِ ما را
کہ شد مخمورِ عالم ہمچناں باقی ست پُر جامش

سگے را کو بود منظورِ نظرِ پاکِ نوشاہی
بود در بیشۂ عین الیقیں اطوارِ ضرغامش

نگاہِ لطف عام اوست اکسیرِ مسِ دلہا
سخا ہر لحظہ باشد ریزہ چینِ خوانِ اکرامش

ندارد حاجتِ معراج پایۂ رفعتِ ذاتش
کہ قوسین ست زیریں پایہ از سُتلم بامش

مقامِ سدرۂ اعلیٰ صفِ نعالِ او باشد
کہ صدرہ برزند از لی مَعَ اللہ برتر اعلامش

کسے کو لَنْ تَرانِی گفت در معراج با موسیٰ
ز اَیرانِی میکند ہر لحظہ صد پیغام الہامش

ز تقلید مذاہب خطِ آزادی گرفت اشرف
نوشتہ تا بلوحِ دل حروفِ دینِ اسلامش

Marfat.com

اوصافِ جمیلہ آپ سرتاج صوفیائے کرام، سرحلقہ ساداتِ عظام، حجۃ اللہ فی العالمین، شمس الاولیاً المقربین، خاتم فصِ ولایت، ہادی راہِ ہدایت، سلالۂ اہل بیتِ نبوت، خلاصۂ اصحابِ فتوت، آفتابِ سلسلہ علویہ، امامِ خاندانِ نوشاہیہ، صاحبِ عشق ومحبت وذوق وشوق ورشد وہدایت تھے۔ حضرت شیخ المشایخ سخی شاہ سلیمان نوری قادری بھلوالی قدس سرہٗ کے اکابر خلفا اور اعاظم سجادہ نشینوں سے تھے۔

نسب پدری ومادری آپ کے آباو اجداد ساداتِ علویہ عباسیہ کے معزز ترین افراد سے تھے۔ آپ کے والدِ ماجد کا اسمِ گرامی حضرت حاجی الحرمین الشریفین سید علاؤ الدین حسین الملقب بہ حاجی غازی صاحبؒ تھا جو حضرت سید شمس الدین شہید علویؒ کے بڑے صاحبزادہ تھے اور نجابت وسیادت موروثی رکھتے تھے۔

آپ کی والدہ ماجدہؒ کا نامِ مبارک حضرت بی بی جیونی صاحبہ تھا جو شیخ عبداللہ بن شیخ فریدالدین ہیلانیؒ کی صاحبزادی تھیں۔

آپ کے خاندانی حالات اس کتاب کی پہلی جلد میں لکھے جا چکے ہیں۔ یہاں صرف مختصر حالات لکھے جاتے ہیں تاکہ دوسری جلد کا آغاز بھی آپ کے اسمِ گرامی سے ہوجاوے۔

ولادت وتربیت وتعلیم آپ کی ولادت باسعادت بروز سوموار، یکم رمضان ۹۵۹ھ۔ ۲۲ اگست ۱۵۵۲ء - ۲۸ ساون سمت ۱۶۰۹ ب کو ہوئی والدین کے آغوش میں تربیت پائی۔ دینی علوم موضع جاگوتار ڑ سے حاصل کیے۔ ملائکہ نے خواب میں آپ کو علم لدنی سے نوازا۔ چند ماہ میں آپ نے قرآن مجید بھی حفظ کر لیا۔

عبادت وریاضت آپ کے سارے اوقات عبادت وریاضت میں صرف ہوتے۔ صائم الدہر اور قایم اللیل رہتے۔ اشغال واورادِ قادریہ پر مواظبت رکھتے۔ سلطان الاذکار جاری تھا۔ آپ اخلاقِ محمدی کا مجسم نمونہ تھے۔

تبلیغِ اسلام آپ نے ہمیشہ اسلام کی تبلیغ اور عرفان کی تفویض اور سلسلہ قادریہ کی ترویج کو اپنا نصب العین رکھا۔ اپنے مسند پر لوگوں کی ہدایت میں مشغول رہے۔ اور سیاحتِ ممالکِ بعیدہ مثل سندھ ومصر وافریقہ وعرب وغیرہ کر کے تبلیغ کا حق ادا کیا اور علاقہ کشمیر وافغانستان وقندھار میں اپنے خلیفوں کو بھیج کر اشاعتِ اسلام کی۔

Marfat.com

دو لاکھ آدمیوں کو مسلمان کرنا پروفیسر ٹامس آرنلڈ نے پریچنگ آف اسلام میں ایک فرانسیسی مستشرق کی کتاب خطبات گارسن دتاسی کے حوالہ سے لکھا ہے کہ حضرت حاجی محمد نوشہ صاحبؒ کی کوششوں سے دو لاکھ آدمی کفر سے توبہ کر کے حلقۂ اسلام میں داخل ہوئے۔

سیاحتِ مصر کتاب چہار بہار میں لکھا ہے کہ آپ سیر و سیاحت کرتے ہوئے شہر مصر میں پہنچے۔ وہاں ایک مسجد میں معتکف رہے۔ کچھ دنوں کے بعد حضرت خضر علیہ السلام آپ کے پاس تشریف لائے اور آپ کو کچھ نصایح فرمائیں۔ پھر آپ دریائے نیل کے کنارہ پر ایک بزرگ درویش مرد کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ جو کوہِ علقا سے وہاں تشریف لاتے ہوئے تھے، اور ریاضت و مجاہدہ میں یکتا اور تقویٰ و ورع میں یگانہ تھے۔ آپ نے ان سے بھی فیض حاصل کیا۔

کرامات

آپ سے خوارق و کرامات بکثرت ظاہر ہوتے تھے۔ اُن میں سے بہت سارے کتاب ہذا کی پہلی جلد موسوم بہ تاریخ الاقطاب میں لکھے جا چکے ہیں۔ ازانجملہ

بصورتِ شیر متمثل ہونا منقول ہے کہ حضرت شیخ اسمٰعیل المعروف میاں وڈا سہروردیؒ بمقام لنگے ضلع گجرات قرآن مجید کا درس پڑھایا کرتے تھے۔ اور اکابر فضلائے وقت سے تھے۔ اور صاحبِ کرامت تھے۔ چونکہ حضرت نوشہ صاحبؒ سماع سے رغبت رکھتے تھے اور میاں صاحبؒ مذکور اس سے متنفر رہتے تھے۔ ایک دن کرامت سے اپنے آپ کو بصورتِ سانڈ بیل بنا کر آپ کو ڈرانے و دھمکانے کی غرض سے آئے۔ آپ اس وقت اپنے کھیت کی طرف سیر کرنے گئے ہوئے تھے اور اکثر خواص احباب ہمراہ تھے۔ جس وقت سانڈ کو دیکھا تو فوراً ایک جھاڑی کے پیچھے پسِ پردہ ہو کر شیر کی صورت میں متمثل ہوئے اور زور سے چنگھاڑا۔ اُسی وقت وہ سانڈ ڈر سے بھاگا۔ آپ نے اس کا تعاقب کیا۔ حتیٰ کہ دریائے راوی سے پار کر کے واپس پھرے۔ اُس روز سے میاں وڈاؒ نے لاہور میں سکونت اختیار کی اور وہاں درس جاری کیا آج تک میاں وڈا صاحبؒ کا درس لاہور میں موجود ہے[1]

---

[1] مختلف صورتوں میں متشکل ہونا اولیاء اللہ سے ممکن ہے۔ حضرت شاہ فقیر اللہ علوی شکارپوریؒ اپنے مکتوبات شریف
(باقی بر صفحہ آیندہ)

Marfat.com

نمازیوں کو حج کروانا

منقول ہے کہ حضرت شیخ صالح محمدؒ ساکن چک سادہ جو جید علمائے وقت سے تھے۔ حضرت سچیار صاحب نوشہرویؒ کے ہمراہ حضرت نوشاہِ عالیجاہ قدس سرہٗ کی خدمت میں حاضر ہونے کے لیے روانہ ہوئے۔ راستہ میں خیال کیا کہ آپ کا نام تو حاجی نوشہ ہے۔ شاید کسی کو حج بھی کروا سکتے ہیں یا نہیں۔ جب حضور میں پہنچے تو اس وقت آپ بمعہ یاراں مسجد میں تشریف فرما تھے۔ سلام و آداب کر چکے تو حضور کھڑے ہو گئے اور فرمایا: نماز کا وقت ہے پہلے نماز ادا کر لیں پھر بیٹھیں گے۔ چنانچہ آپ امام بنے اور دوسرے سب احباب مقتدی ہوئے۔ جب آپ نے تکبیر تحریمہ پڑھی اور سب نے اقتدا میں تکبیر کہی تو کیا دیکھتے ہیں کہ کعبہ شریف میں نماز پڑھ رہے ہیں۔ چاروں رکعتیں کعبہ شریف میں پڑھیں۔ جب سلام پھیرا تو وہی ساہن پال شریف کی مسجد تھی۔ اُسی وقت شیخ صاحب آپ کے قدموں پر گر پڑے اور بیعت سے مشرف ہوئے[1]

(بقیہ صفحہ گزشتہ) مکتوب ۴۶ ص ۱۸۱ میں لکھتے ہیں: "ومن الواصلین الیھا من یتشکل بالاشکال المختلفۃ المحسوسۃ لتنزھہ عن العلایق الجسمانیۃ وانسلاخہ عن الکثایف البدنیۃ وفی قوۃ الکامل من البشران یظھر فی صورۃ غیرہ کما وقع لقضیب البان وغیرہ"۔ اور واصلوں میں سے بعض ایسے ہیں کہ جسمانی تعلقات سے پاک ہو جانے کے باعث اور بدنی کثافتوں کو دور کر دینے کے سبب مختلف محسوس صورتوں میں متشکل ہو جاتے ہیں۔ اور بندوں میں سے کامل لوگوں کو یہ قوت حاصل ہوتی ہے کہ وہ اپنے آپ کو کسی دوسرے کی صورت میں ظاہر کریں۔ جیسا کہ قضیب البان موصلیؒ سے وقوع میں آیا ہے۔ (شرافت)

[1] فقیر سید شرافت عافاہ اللہ کہتا ہے کہ اولیاء اللہ کا کعبہ شریف میں چلا جانا کچھ مشکل نہیں۔ ایسے واقعات کئی بزرگوں سے ظہور میں آئے ہیں چنانچہ:

۱۔ حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی دہلویؒ نے فرمایا کہ بندگانِ خاص کے واسطے خدا کعبے کو بھیج دیتا ہے کہ وہ ان کا طواف کرے۔ چنانچہ اُسی وقت سب نے کعبہ کو حاضر دیکھا۔ اس مجلس میں قاضی حمید الدینؒ، سید نور الدین بدا مولانا علاؤ الدین کرمانیؒ حاضر تھے (تذکرہ اولیائے ہند جلد ۱ ص ۳۱)

۲۔ حضرت خواجہ فرید الدین گنج شکر رحمۃ اللہ نے سیستان میں حاضرین کو کہا آنکھیں بند کرو۔ سب نے اپنے کو کعبہ میں دیکھا آنکھ کھولی تو مسجد میں پایا۔ (تذکرہ۔ جلد ۱ ص ۶۱)

Marfat.com

کعبہ شریف میں نماز ادا کرنا منقول ہے کہ جب آپ نماز ادا کرتے تو سجدہ بہت تنگ کیا کرتے۔ ایک دن یاروں نے عرض کیا یا قبلہ! مردوں کو حکم ہے کہ سجدہ فراخ دیا کریں۔ آپ نے فرمایا: میں معذور ہوں۔ اگر سجدہ فراخ دوں تو میرا سر کعبہ شریف سے آگے گزر جاتا ہے اور سر کا کعبہ سے گزر جانا از روئے شریعت ناجائز ہے لہٰذا میں بوجہ مجبوری ایسا کرتا ہوں۔ (کنز الرحمت)[1]

کلماتِ طیّبات

آپ کے ارشاداتِ عالیہ کتابوں میں بہت مذکور ہیں۔ یہاں کتاب پہار بہار سے کچھ اقتباسات لکھے جاتے ہیں۔

فرمایا: اہلِ دنیا حرص و خواہشات کے کنوئیں میں پڑے ہیں پھر بھی آہ نہیں کرتے۔ ان کی حماقت اور بے وقوفی کا سبب ہے۔ ان لوگوں کو اپنی عمر کے گزر جانے کی کوئی خبر نہیں۔ ان کے نزدیک حلال و حرام، دین اور دنیا، یاقوت اور پتھر سب برابر ہیں، کسی کی تمیز نہیں۔ بلکہ دین کو دنیا کے برابر نہیں سمجھتے، اور دنیا کے واسطے دین کو فروخت کرتے ہیں۔ کئی مرتبہ امراض جسمانی میں مبتلا ہو کر قریب مرگ ہو جاتے ہیں۔ پھر بھی پشیمان نہیں ہوتے۔ اور زندگی سے ناامید نہیں ہوتے۔ ان کی مثال بھیڑ کی طرح ہے۔ جب قصاب ذبح کرنے کے

---

[1] فقیر سید شرافت علی عفی عنہ کہتا ہے کہ اولیاء اللہ میں کئی حضرات ایسے ہوتے ہیں کہ کعبہ شریف میں ہی نماز ادا کیا کرتے ہیں یا کعبہ شریف ان کے پاس حاضر ہو جاتا ہے۔ چنانچہ

۱۔ حضرت خواجہ فریدالدین گنج شکر چشتیؒ نے فرمایا ہے کہ مردانِ خدا جس جگہ میں ہوں وہیں کعبہ، وہیں بیت المقدس، وہیں عرش، وہیں کرسی ہے۔ جو کچھ پیدائش خدا ہے سب ان کے پیش نظر ہے۔ (تذکرہ ج ۱ ص ۷۴)

۲۔ شیخ جلال الدین تبریزیؒ نے فرمایا ہے: فقیروں کی نماز یہ ہے کہ جب تک کعبہ چشم ظاہری سے نہیں دیکھتے تکبیر اولیٰ نہیں کہتے۔ یہ نماز ان کی درجہ اولیٰ کی ہے۔ (تذکرہ ۱۵ ص ۵۶)

Marfat.com

واسطے اُس کو زمین پر لٹاتا ہے تو وہ یہی سمجھتی ہے کہ میری اون مونڈنے کے لیے لٹا رہا ہے کیونکہ کئی مرتبہ وُہ ایسا واقعہ دیکھ چکی ہوتی ہے۔ آخر اسی غفلت میں اُس کے گلے پر چھری چل جاتی ہے۔ ایسا ہی جب اہلِ دنیا بیمار ہوتے ہیں تو یہ سمجھتے ہیں کہ کئی مرتبہ وہ بیمار رہ کر صحت پا چکے ہیں۔ زندگی سے مایوس نہیں ہوتے۔ اور خدا کی طرف قطعاً خیال نہیں کرتے۔ آخر اسی غفلت میں انتقال کر جاتے ہیں۔ اور حسرت ساتھ لے جاتے ہیں۔

فرمایا: فقیر کو چاہیے کہ لذتوں اور خواہشوں کو اپنے اوپر حرام کرلے تاکہ فقیر سالک ہو جاوے۔ اگر لذات کو ترک نہ کرے گا تو خام اور ریاکار ہے۔

فرمایا: آدمی کی پہچان کے لیے بہت شناسائی اور بینائی درکار ہے کہ آدمی کون ہے اور آدمی کس طرح ہو سکتا ہے۔ سب لوگوں کو آدمی نہ سمجھنا چاہیے کیونکہ ان میں سے کئی لوگ درندوں اور پرندوں سے بھی خسیس اور پلید ہیں۔ آدمی صورت سے آدمی نہیں ہوتا۔ گوشت اور ہڈیوں کے ڈھانچہ کو آدمی نہ جانو۔ آدمی اور ہیں جن کی تعریف میں خداوند عالم نے قرآن مجید میں بہت آیتیں نازل فرمائی ہیں۔

فرمایا: انسان کا جسم ایک شہر کی مثل ہے جو نہایت آباد ہے۔ جس طرح کارخانۂ جہاں (عالمِ کبیر) میں ہر ایک چیز کا ظہور ہے۔ اسی طرح انسان کے جسم (عالمِ صغیر) میں ہے۔ طمع اور حرص، حسد، کبر، کینہ، شہوت، خودی، گمراہی، غفلت، دعویٰ، محبت، عداوت، لذت، کدورت، یہ سب بدخمیر تیرہ ضمیر اِس شہر کے باشندے ہیں جو ہر وقت فتنہ و فساد اور خصومت میں مصروف رہتے ہیں اور نہایت بدمعاملہ اور بدخصال ہیں۔ اِس شہر کا بادشاہ رُوح ہے جس کی بزرگی اور پاکیزگی فرشتوں سے بھی بلند تر ہے۔ وہ ساکنانِ شہر کے فتنہ و فساد سے ہر وقت غم و الم میں مصروف رہتا ہے۔ اس بادشاہ کی فوج صبر و شکر، حیا، صاف دلی، شکستگی، سبکساری، پرہیزگاری، طاعت، محنت، راستی، خداداتی، بے ریائی، علم حلم ہے۔ یہ فوج بڑی حلیم و شریف الطبع ہے۔ باشندگانِ شہر کی شرارتوں سے آئے دن تنگ رہتی ہے۔ بادشاہ نے حفاظت کے واسطے ایک کُتا رکھا ہے جو بڑا لڑاکا اور حریص و بدخو بے وفا ہے۔ اس کا نام نفس ہے۔ اگر بادشاہ اس کو بیکار رکھے تو وہ تمام رات جاگتا ہے اور دشمنوں کو

Marfat.com

غارت گری و شبخونی سے روکتا ہے۔ اگر اس کو سیر کر کے کھلا دے پلا دے تو وہ ایسا بے خبر اور غافل ہو کر سوتا ہے کہ اس کو دنیا کی کوئی خبر نہیں رہتی۔ پھر باشندگانِ شہر فوج پر۔ اور بادشاہ پر حملہ کر کے اس کو گرفتار کر لیتے ہیں اور اس پر غالب آ جاتے ہیں۔

اے عزیز! اگر تم عزت و حرمت چاہتے ہو تو چاہیے کہ ان دشمنوں سے اپنی آبرو کو بچاؤ۔ نفس کتے کو آرام نہ لینے دو اور اچھے کھانے کھلانے پلانے سے اس کو موٹا تازہ اور غافل نہ بناؤ کہ اس کا وبال تمہارے سر پر آئے گا اور رُوح اور اس کی سپاہ کی جمعیت و عافیت میں کوشش کرو۔ یہ تمہارے کام آئے گی۔ اور مردوں کی طرح خدا تعالیٰ کا وصول حاصل کرو گے۔

فرمایا: باغبان اپنے باغ کی تربیت کرتا ہے اور تمام آفتوں سے اس کو بچاتا ہے۔ ضرورت کے مطابق کئی درختوں کی شاخیں کاٹ لیتا ہے اور اس پر دوسرا پیوند لگاتا ہے۔ وُہ درخت سردی و گرمی اپنے سر پر جھیلتے ہیں۔ دوسرے درخت جو صحیح و سلامت رہتے ہیں وہ خوش ہوتے ہیں کہ ہم ڈالیوں اور پتّوں کی کٹائی سے محفوظ رہے اور سردی و گرمی سے بچ گئے۔ لیکن جب خزاں کا زمانہ گزرتا ہے اور بہار کا موسم آتا ہے تو پیوند شدہ درختوں کے شگوفے پھُوٹتے ہیں اور باغبان ان کی ہر طرح سے حفاظت و پرورش کرتا ہے تا آنکہ وہ پھُولوں اور پھلوں سے آراستہ ہوتے ہیں اور ہر ایک شخص کی نگاہ میں محبوب اور دل پسند ہو جاتے ہیں۔ اور جو درخت کٹائی سے بچ گئے تھے وہ سُوکھ جاتے ہیں۔ ان کی تربیت کوئی نہیں کرتا بلکہ باغبان جڑوں سے کاٹ کر ان کو جلانے کے کام میں لاتا ہے۔

اے عزیز! باغ یہ جہان ہے اور اس کے پھلدار اور پھُولوں والے درخت مخلوقات ہیں۔ اور باغبان اِس کا پروردگار ہے جو محافظ ہے۔ پیوند لگانے کا زمانہ بلوغت کا عہد ہے۔ شگوفہ اور میوہ لانے کا زمانہ قیامت کا دن ہے۔ جس شخص نے تقدیر کی تلوار اپنے نفس پر نہ چلائی اور اپنی خواہشاتِ نفسانی کو نہ کاٹا آخر پشیمان اور سرگردان ہوگا۔ اُس جیسا نگون طالع و برگشتہ بخت کوئی نہیں۔ جب تک خوردی میں بزرگوں کی جھڑکیں نہ کھائیں بڑے ہونے پر بزرگی حاصل نہیں کر سکتے۔

اے عزیز! پیوند لگانے کے زمانہ کو پہچان اور تقدیر کی تلوار اپنے نفس کے سر پر چلا۔ اگر تو نفس کی عزت کرے گا تو یہ تم کو بے عزت کر کے چھوڑے گا۔ اس کا سر کاٹ دے

Marfat.com

ورنہ یہ تیرا سر کاٹ دے گا۔ نفس بمنزلہ سانپ ہے۔ جس گھر میں سانپ ہو چاہیے کہ اس کو مارنے کی کوشش کریں ورنہ وہ سب اہلِ خانہ کو مار دے گا۔

فرمایا: دُنیا کا ترک کرنا بڑا مشکل ہے بلکہ تارک ہو ہی نہیں سکتا۔ جب تک انسان اس جہان میں ہے اس کی رگ رگ اور بال بال دنیا کی کمند میں پھنسا ہوا ہے۔ لیکن اربابِ شہود نے فرمایا ہے کہ جو درویش لباس میں زیبایش اور کھانے میں لذت سے آشنا نہ ہو۔ اور اس کا مقصد زیبایش و آرایش و لذت گیری نہ ہو۔ اور طمع سے کنارہ رکھتا ہو۔ اور اپنی حاجت کے پُورا ہو جانے پر اکتفا کرتا ہو۔ گندم اور جَو، نیا اور پُرانا، روئی اور پشمینہ، مٹی اور یاقوت، وفا اور جفا کو ایک جیسا سمجھتا ہو۔ اور خود بینی کے زنگار اور بیہودہ نکتہ چینی کے غبار کو دل سے دُور کر دے۔ ہدایت کا چراغ روشن کرے اور قناعت کا گوشہ اختیار کرے۔ اور دعوٰی کا گھر جلا دیوے اور کل کے واسطے توشہ جمع نہ کرے۔ اور اپنی ہستی کو فنا جانے اور غم و خوشی کو دل میں نہ لاوے۔ اس کو تارکِ دنیا کہا جا سکتا ہے۔ اس کو طالبِ مولا سمجھنا چاہیے۔

اے درویش! جس چیز کے بغیر زندگی قائم نہ رہ سکتی ہو اور جس کے بغیر بندگی نہ ہو سکتی ہو۔ اس کو دنیا نہ کہنا چاہیے۔ دُنیا وہ ہے جو پہلے درندگی پیدا کرے اور پھر شرمندگی لاوے۔ اس کا افراط تکبر اور عداوت پیدا کرتا ہے۔ اور اس کا انحطاط شرمندگی و ملامت کا باعث ہوتا ہے۔ دنیا مُردار و بدکردار ہے اس کو اپنے پاس نہ بھٹکنے دو۔ یہ سراسر فتنہ ہے جو اس کے قریب ہوا۔ اُس نے اپنے آپ کو ہلاک کر دیا۔ ہر حالت میں اُس سے دُور رہو۔ اور جب تک ہو سکے اس سے نفرت کرو ورنہ رنجور اور بے نور ہو جاؤ گے۔ بادشاہ بظاہر بڑے آرام میں معلوم ہوتے ہیں۔ لیکن یہی تخت ان کا دشمن ہوتا ہے۔ دن رات ان کو دشمنوں کے خطرے درپیش ہیں مگر ایک بوریا نشین فقیر چور اور دشمن کے غم سے محفوظ ہوتا ہے۔

اے عزیز! میری باتیں سُنو اور ان کا مطلب سمجھو۔ اور کانوں کے راستہ سے سُن کر ہوش کا حمام گرم کرو۔ دنیا کی محبت کی مَیل اپنے دل سے دھوؤ، اور اپنے خالق کو اپنے آپ میں ڈھونڈو۔

فرمایا: محبت کا بظاہر کوئی جسم نہیں۔ یہ ایک کیفیت ہے۔ بہت سی ایسی چیزیں انسان کے ساتھ وابستہ ہیں جن کا بظاہر جسم نہیں اور آدمی ہر وقت ان کا محکوم ہے۔ مثلاً بخل، کبر، رعونت،

Marfat.com

دغا، دعوٰی وغیرہ۔ لیکن ان سب کی جڑ دنیا کی محبت ہے۔ یہ سب اس کی شاخیں ہیں۔ جس درویش نے اس جڑ کو کاٹ دیا دوسری سب خود بخود دفع ہو جاتی ہیں۔ اور اس کے دل کو جلانے والی آگ سرد ہو جاتی ہے۔

فرمایا: حُبِ دنیا دعوٰی کا نام ہے اور دعوٰی کی ہستی سراب کی طرح ہے۔ جو دور سے پانی نظر آتا ہے اور پیاسوں کے دلوں کو کشش کرتا ہے حالانکہ دراصل وہ خود کوئی چیز نہیں۔ جو شخص اس کے پیچھے دوڑا وہ مطلب کو نہ پہنچا، آخر پیاسا مرا، اور افسوس ساتھ لے گیا۔ سراب کو پانی سمجھنا عقل کی بیوقوفی ہے اور بے ثبات (فانی) کو ثبات (باقی) جاننا دل کی بے شعوری ہے۔

اے درویش! جب دعوٰی کی ہستی قایم ہوئی کہ فلاں چیز میری ہے تو اس کی محبت ہونا لازمی ہے۔ پھر اس کے موجود ہونے سے راحت اور اس کے چلے جانے سے تشویش کا ہونا ناگزیر ہے جس چیز کو بیگانہ سمجھے گا اس کے لیے دیوانہ نہ ہوگا۔ اُس کے ہونے سے خوش نہ ہوگا اور اس کے نہ ہونے سے غمگین نہ ہوگا۔ اور جس چیز کا دعوٰی کرے گا کہ فلاں چیز میری ہے اس کے موجود ہونے اور اس کے زیادہ ہونے سے خوش ہوگا، اور اس کے چلے جانے اور اس کے کم ہونے سے متاسف ہوگا۔ اور اسی خوشی و غمی میں تمام زندگی ختم کر دے گا، تا آنکہ عالم فانی کے علامات ظاہر ہونے لگیں گے۔ بینائی و شنوائی اور طاقت نافرمان ہو جانے گی۔ بال سفید ہو جائیں گے۔ چہرہ بے رونق ہو جائے گا۔ کوئی شخص اس کو قبول نہ کرے گا۔ لوگ اس سے بے وفائی کریں گے۔ خویشوں سے بے اتفاقی ظاہر ہوگی۔ دوستوں میں جدائی پڑ جاوے گی۔ یہ سب موت کے نشانات ظاہر ہونے لگیں گے۔ مگر یہ مدعی کمینہ ابھی انھیں کی ہمسائگی کو اچھا جانے گا اور ان کی دغابازی اور عدم موافقت کو دیکھ کر پھر بھی دعوٰی کو ترک نہ کرے گا۔ اپنی زندگی میں ہی دنیا اس سے چل جاتی ہے اور یہ دنیا کا کُتا دنیا کے دروازے سے نہیں ہٹتا۔ یہ اپنا نامۂ اعمال سیاہ کرتا ہے اور اپنے دونوں جہان کو تباہ کر کے مر جاتا ہے لیکن جیتے جی دنیا کو ترک نہیں کرتا۔

فرمایا: اے درویش! دنیا اور دعوٰی دنیا بے شک و بے شبہ سراب ہے اور اس کا طالب ناسرانجام ہے۔ دعوٰی کی ہستی تیری ہستی کو خراب کرے گی۔ اور یہ تیرے لیے عذاب ہے۔ اور اس دعوٰی کو مٹانا تیرا علاج ہے۔ اس کی اصل کو حقیقت بین آنکھ سے دیکھ اور اس کو پانی سمجھ کر سراب کے

Marfat.com

گردنہ پھر۔ یہ دنیا ایک نجاست ہے جس کے گرد سونا لپیٹا گیا ہے اور سونے میں اس کو چھپایا گیا ہے۔ یہ فریب دینے والی' اور دشمن' اور خدا کے ہاں سے مردود ہے۔

اے درویش! کوشش کر۔ اور اس رستے پر غور سے نگاہ کر اور اپنی ہستی کے دعوٰی کو نابود جان کر اس سے ہاتھ دھو ڈال۔ اور خالق حیّ وقیوم کو موجود جان کر اس کا طالب بن۔ اور ہر وقت اس کے سامنے سجدہ میں رہ تاکہ تمام آفتوں سے خلاصی پائے۔ اور ہر چیز سے بے نیاز ہو جائے۔

فرمایا: روان ونفس ورُوح وقلب ایک ہی چیز ہے اور اس کے لقب مختلف ہیں۔ مختلف افعال کی وجہ سے مختلف نام پڑ گئے ہیں۔ قلب یہی ہے جو بندہ کی رُوح ہے۔ وہ قلب نہیں جو گوشت کا ٹکڑا ہے۔ جب دنیا سے چہرہ پھیر لے اور ولی و پارسا ہو جاوے تو اس کا نام قلب ہے اور جب بے وفا اور بدی کے راستہ پر چلنے والا ہو جاوے تو اس کا نام نفس کافر ہے۔ جب یہ نفس بے دین اور سیاہ باطن ہو جاتا ہے تو دعوٰی کرتا ہے اس وقت اس میں سیکڑوں شیطان پیدا ہو جاتے ہیں۔ اور جب آب وگل کی قید سے جُدا ہو کر نگاہِ بصیرت سے بینا ہو جاوے تو اس کو اپنے آپ میں خدا نظر آتا ہے۔

اے درویش! سُن، سعادت اور شقاوت اسی میں ہے' تو ہی دل ہے۔ کبھی خاک پر ہے کبھی کُرسی پر ہے۔ تو ہی مجھ سے پُوچھتا ہے کہ دل کیا ہے؟ تو اپنے سے بے خبر ہے۔ تجھ کو چاہیے کہ اپنی ہستی سے خبردار ہو۔

فرمایا: خیال ہر ایک چیز کی اصل ہے۔ اپنے خیال کو پہچانو۔ بظاہر تو معلوم ہوتا ہے کہ خیال کوئی چیز نہیں۔ مگر اس خیال سے گزر جاؤ کیونکہ اگر خیال دلوں کی مُہار نہ پکڑے تو ہجر و وصال کا کوئی ظہور ہی نہیں ہوتا۔ جب خیال حرص کی طرف ہو دولت' دنیا اور جاہ وحشم پیارا ہو جاتا ہے۔ اور اگر خیال کسی خوب صورت کی طرف ہو جاوے تو اس کی زلف میں قید کر دیتا ہے۔ اور اس کے جنون عشق میں دل خراب اور ویران ہو جاتا ہے۔ اور اگر خیال خدا کی رضا پر راضی ہو جاوے تو ضمیر صاف ہو جاتا ہے اور فنا فی اللہ کا مقام حاصل ہوتا ہے۔ خیال جس طرف رجوع کرتا ہے وہی صورت بن جاتا ہے۔ اگر خیال اپنی ہستی کی طرف ہو جاوے تو اس کی حقیقت پا لیتا ہے۔ ہمارا خیال تو وہی ہے جو حضرت شیخ سید محی الدین عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ کا خیال ہے۔ ہزار بار ہم نے دیکھا ہے

Marfat.com

وہی کچھ ہے۔

فرمایا: ظاہری آنکھوں میں نور ہو تو گلزار جہاں نظر آتا ہے اور نظر کی تیزی کے لیے سُرمہ ڈالا جاتا ہے۔ پھر بھی اگر اپنا چہرہ دیکھنا ہو تو شیشہ کے وسیلہ کی ضرورت ہے۔ باطنی آنکھیں دل کی آنکھیں ہیں۔ جو دل (خیالاتِ غیر سے) گرد آلود ہے وہ صفائی کے نُور سے علٰحدہ ہے اور بصیرت اس میں روشنائی نہیں پکڑتی۔

اے درویش! دل دیکھنے والا اور دکھانے والا، اور پھرنے والا اور پھرانے والا ہے۔ خود بخود ہے۔ جب اپنے میں مشغول ہو جاوے اور اس میں بصیرت پیدا ہو جاوے۔ اور فوائد کا حاصل ہونا اس سے پایا جاتا ہے۔ اپنے آپ کو اپنے آپ میں دیکھتا ہے۔ پس چاہیے کہ اپنے دل کو کمال تسلی سے اعمال صالحہ سے نورانی اور سنہری کرو تاکہ اپنے آپ کو اپنے آپ میں دیکھو اور مراد کو پہنچو۔ اپنے عشق کی گرمی سے اپنا وجود تپاؤ۔ دل کو پانی کی طرح رقیق کر دو اور اس کا شیشہ بنا کر اپنا منہ اس میں دیکھو تاکہ تمہارے مقصد کا پرندہ دام میں آجاوے۔

فرمایا: بُرے کام کرنے سے دل سیاہ ہو جاتا ہے۔ نیک کاموں سے دل روشن ہو جاتا ہے۔ مثل سچائی، صبر، اہلدلی، پردہ پوشی، بے ریائی، پرہیزگاری، سخاوت، عبادت وغیرہ کے۔ یہ سب اعمال صالحہ دل کو روشن کرنے والے ہیں۔ سچائی ایسی اختیار کرو کہ دل کی سیاہی کو دُور کر دے۔

فرمایا: صبر ایک بے بہا گوہر اور بے انتہا جوہر ہے۔ اس قیمتی دولت کے سوا کوئی شخص آسودہ نہیں ہو سکتا اور یہ سعادت کا حصہ ہر ایک کمینہ کو نہیں مل سکتا۔ صبر کرنے سے مقلد محقق بن جاتا ہے۔ صبر میں ایسے خواص ہیں کہ انسان چاندی سے سونا بن جاتا ہے۔ صبر کرنے سے ناقص کامل بن جاتا ہے اور صبر سے ایسی صفتیں پیدا ہو جاتی ہیں کہ سلیمان کی انگشتری مل جاتی ہے اور ستارۂ مشتری بن جاتا ہے۔

فرمایا: تمام اوصاف و خصائل جو آدمی میں ہیں سب سے صدق بادشاہ اور سلطان ہے۔ اس کے سوا سب بے کار ہیں۔ صدق معرفت کے خیمہ کی میخ ہے، اور ایمان کے درخت کی جڑ ہے۔ دوسرے تمام اوصاف حمیدہ اس خیمے کی طنابیں اور اس درخت کے پتے ہیں۔

Marfat.com

اے درویش! کمال صدق یہ ہے کہ جب طالب درجۂ صداقت کو کمال تک پہنچا سئے تو طالب نہ رہے بلکہ خود مطلوب ہو جاوے۔ [1]

معترفین کمالات

آپ کی مدح و توصیف میں حضرات مورخین نے بہت کچھ لکھا ہے۔ چند اقوال یہاں درج کیے جاتے ہیں:

۱۔ مولانا مفتی غلام سرور لاہوری رحمۃ اللہ کتاب حدیقۃ الاولیا میں لکھتے ہیں:

"حضرت نوشہ گنج بخش رحمۃ اللہ۔ یہ بزرگ مادر زاد ولی، حضرت شاہ سلیمان قادری رح کے خلیفہ تھے۔ حالات جذب و سکر و محبت و عشق و شوق و ذوق ان کی طبیعت پر غالب تھے۔ اور زہد و ریاضت و تقویٰ و خوارق و کرامت میں یگانہ آفاق تھے۔ طریقہ نوشاہیہ جس کے فقیر پنجاب میں ہزاروں ہیں ان سے شروع ہوا۔"

۲۔ مولوی نور احمد چشتی لاہوری رحمۃ اللہ علیہ کتاب تحقیقات چشتی ص ۴۷۶ میں لکھتے ہیں:

"حضرت نوشہ صاحب قدس سرہٗ پنجاب میں بڑے نامور صاحب کمال ہوئے ہیں۔"

۳۔ مرزا احمد اختر گورگانی کیرانوی کتاب تذکرہ اولیائے ہند جلد سوم ص ۲۹۴ میں رقمطراز ہیں:

"حضرت حاجی محمد قادری نوشہ گنج بخش قدس سرہٗ۔ آپ خلیفہ شاہ سلیمان قادری رح کے تھے۔ صاحب سکر و جذب و زہد و ریاضت اور نہایت متقی تھے اور صاحب ولایت اور امام فرقہ نوشاہی کے۔ آپ نے پا پیادہ سات حج کیے۔"

ص ۲۹۵ پر لکھتے ہیں:

"آپ مستجاب الدعوات اور سیف زبان تھے۔ جو مرید غائبانہ وقت مصیبت کے آپ کو پکارتا بزور ولایت ہر طرح سے اس کی امداد فرماتے۔"

---

[1] فقیر سید شرافت عافاہ اللہ کہتا ہے کہ صدق سے مراد یہاں یقین کامل ہے۔

Marfat.com

۴۔ مولانا شاہ شریف احمد مراد سہروردی بدایونی کتاب ہفتاد اولیا ص ۴۲۱ میں لکھتے ہیں:
"حضرت حاجی محمد قادری نوشاہ گنج بخش۔ فرقہ نوشاہی کے امام اور بڑے بزرگ و شیخ زمان گزرے ہیں۔ ولی مادرزاد تھے اور بچپن ہی سے آپ سے کرامات کا ظہور شروع ہوگیا تھا۔"

ص ۴۲۴ پر تحریر کرتے ہیں:
"بزرگی کا یہ عالم تھا کہ کسی مصیبت کے وقت میں جہاں بھی کوئی مرید آپ کو یاد کرتا وہیں موجود ہو کر اس کی امداد کرتے۔"

۵۔ قاضی امام بخش چشتی نظامی جام پوری کتاب حدیقۃ الاسرار فی اخبار الابرار چمن سیوم ص ۲۴۲ میں لکھتے ہیں:
"آں فیاضِ زمان حضرت حاجی الحرمین الشریفین جناب حاجی محمد قادری مشہور بہ نوشاہِ گنج بخش ابنِ حضرت عالی قدر حاجی علاؤ الدین کہ ہفت بار حج کردہ بودند قدس سرہ العزیز و نور اللہ مرقدہ۔"

۶۔ مولانا انور مختار صدیقی بی۔ اے رسالہ ساقی دہلی ص ۵۰ بابت ماہ مئی ۱۹۴۱ء میں رقمطراز ہیں:
"حضرت نوشہ پیر پنجاب کے مقبول زمان نیک مردوں میں سے ہوئے ہیں۔ آپ ایک صوفی منش بزرگ اور صاحب حال و قال ولی تھے۔"

اولاد

آپ کے دو بیٹے اور ایک بیٹی تھی:

اول، حضرت مولانا سید حاجی حافظ محمد برخوردار صاحب بحر العشق۔ یہ آپ کے سجادہ نشین ہوئے۔ ان کے حالات تفصیل آگے آئیں گے۔ نیز دوسرے طبقہ کے دوسرے باب میں بھی مختصر تذکرہ کیا جاوے گا۔

دوم: حضرت مولانا سید محمد ہاشم صاحب دریادل۔ ان کے حالات [illegible] سے طبقہ کے

Marfat.com

دوسرے باب میں آئیں گے۔ ان شاءاللہ تعالیٰ

آپ کی بیٹی کا نام حضرت سیدہ سائرہ خاتون صاحبہؒ تھا۔ ان کا نکاح حضرت مولانا حافظ معموری صاحب ہیلانیؒ سے ہوا تھا۔ ان کی اولاد حافظ صاحب کی نسبت سے بنام حفظانہ مشہور ہے۔ یہ حضرت نوشہ صاحبؒ کے نواسے کہلاتے ہیں۔

یارانِ طریقت

آپ کی نگاہ میں حق تعالیٰ نے وہ تاثیر رکھی تھی کہ جس پر آپ نگاہِ توجہ ڈالتے وہ مرتبۂ ولایت پر فائز ہو جاتا۔ اسی مناسبت سے آپ کا نام نامی معاصرین میں اولیاگر مشہور ہو گیا تھا۔ چنانچہ آپ کے مریدِ بے شمار تھے۔ مورخینِ خاندان نے آپ کے مریدوں کو مراتبِ باطنی کے لحاظ سے تین درجات میں شمار کیا ہے:

اوّل: خلفائے اکبر، جن کو صُوبے کہتے ہیں وہ بائیس تھے۔

دوم: خلفائے اصغر، جن کو بانوا (بالفاظِ پنجابی باونیاں) کہتے ہیں۔ وہ باون تھے۔

سوم: خلفائے مجاز: جن کو امرا کہتے ہیں۔ وہ بہتر تھے۔

بائی صُوبے

یہاں آپ کے بائیس صُوبے (خلفائے اکبر) درج کیے جاتے ہیں۔ بوجہ بانوا کی فہرست طبقہ دوم میں اور بہتر امرا کی فہرست طبقہ سوم میں لکھی جائے گی۔

۱۔	حضرت سیّد حافظ محمد برخوردار بحر العشقؒ فرزند اکبر آنجنابؒ	ساہن پال شریف	ضلع گجرات
۲۔	حضرت سید محمد ہاشم صاحب ریاولؒ فرزند اصغر آنجنابؒ	〃	〃
۳۔	حضرت شیخ رحیم داد بن سخی شاہ سلیمان نوریؒ	سبلاں شریف	سرگودھا
۴۔	حضرت شیخ تاج محمود بن سخی شاہ سلیمان نوریؒ	〃	〃
۵۔	حضرت شیخ حافظ معموریؒ	ہیلاں	گجرات
۶۔	حضرت شیخ پیر محمد سیمارؒ	نوشہرو	〃
۷۔	حضرت شیخ محمد تقی مجذوب المعروف شاہ الفؒ	〃	〃

Marfat.com

۸۔ حضرت شیخ صالح محمدؒ	چک سادہ	ضلع گجرات
۹۔ حضرت قاضی خوش محمد صاحب نورؒ	کنجاہ	〃
۱۰۔ حضرت قاضی رضی الدینؒ	〃	〃
۱۱۔ حضرت شیخ میٹھا مجذوبؒ	〃	〃
۱۲۔ حضرت شیخ صدرالدین الملقب بہ شاہ صدر دیوانؒ	رُکھ چھٹہ	گوجرانوالہ
۱۳۔ حضرت شیخ عبدالرحمٰن الملقب بہ پاک صاحبؒ	بھڑی شاہ رحمان	〃
۱۴۔ حضرت شیخ الہداد سمنیؒ	〃	〃
۱۵۔ حضرت شیخ نانک المعروف نانو مجذوبؒ	کلاسکے چیمہ	〃
۱۶۔ حضرت شیخ نور محمد نوریؒ		سیالکوٹ
۱۷۔ حضرت شیخ اسمٰعیلؒ	کوٹلی جلال	〃
۱۸۔ حضرت سید شاہ محمد شہید بھاکھریؒ	رُہتاس	جہلم
۱۹۔ حضرت شیخ فتح محمد قلندر المعروف شاہ فتا دیوانؒ	ساگری	〃
۲۰۔ حضرت سید عبداللہ مجذوبؒ		لاہور
۲۱۔ حضرت حافظ طاہر مجذوبؒ		کشمیر
۲۲۔ حضرت خواجہ سید محمد فضیل صاحب وحیؒ	بینی حصار	کابل

ان کے علاوہ مندرجہ ذیل یارانِ طریقت کے حالات بھی کتابوں میں پائے جاتے ہیں۔ صرف اُن کے اسماءِ گرامی تبرکاً لکھے جاتے ہیں:

۱۔ حضرت سید شاہ محمد قطبِ قندھارؒ
۲۔ حضرت شیخ نور محمد ہندی عاشقؒ
۳۔ حضرت شیخ مہدی المعروف میاں ماجھی سندھیؒ
۴۔ حضرت شیخ ملا کمال الدین محمد کشمیریؒ
۵۔ حضرت شیخ فرخ محمد سنبھلیؒ
۶۔ حضرت شاہ بلبل دیوان پیلی بھیتیؒ
۷۔ حضرت مرزا شیر علی خاں پہلوان پائے تخت بیجاپوریؒ
۸۔ حضرت میاں شاہا پشاوریؒ
۹۔ حضرت شیخ عبداللہ المعروف ذرّہ شہاب چولکیؒ
۱۰۔ حضرت مولانا عبدالحکیم سیالکوٹی آفتابِ پنجابؒ
۱۱۔ حضرت شیخ عاشق محمد بن باجواہؒ
۱۲۔ حضرت شیخ معروف چشتی سوہدرویؒ

Marfat.com

۱۳۔ حضرت شیخ جلال الدین محمد کوٹلویؒ
۱۵۔ حضرت شیخ عبدالحکیم چک سروانیؒ
۱۷۔ حضرت شیخ نظر محمد کنجاہیؒ
۱۹۔ حضرت شیخ صادق مجذوبؒ
۲۱۔ حضرت خواجہ علی المعروف میاں خجلی فقیر منیسیؒ
۲۳۔ حضرت میاں جیون حجام باہوکیؒ
۲۵۔ حضرت میاں اللہ بخش جٹؒ
۲۷۔ حضرت شیخ عبداللہ اتمؒ
۲۹۔ حضرت میاں جیون مطربؒ
۳۱۔ حضرت شیخ محمد فاضلؒ
۳۳۔ حضرت شیخ ہدایت اللہ
۳۵۔ حضرت شیخ عبدالمجیدؒ
۳۷۔ حضرت شیخ کمال الدین بافندہؒ
۳۹۔ چودھری مستی رانجھاؒ
۴۱۔ چودھری نہالا مانگٹؒ
۴۳۔ مولراج قانونگوئے

۱۴۔ حضرت شیخ عبدالحمید گوجر چیمبریؒ
۱۶۔ حضرت شیخ ابوالبقا کنجاہیؒ
۱۸۔ حضرت شاہ عالم سرخپوشؒ
۲۰۔ حضرت شیخ درویش مجذوبؒ
۲۲۔ حضرت چوہدری لقمان وڑائچ خالق پوریؒ
۲۴۔ حضرت شیخ نور محمد نجار اگردیہؒ
۲۶۔ حضرت میاں استاجانی نجار ساہن پالویؒ
۲۸۔ حضرت میاں ہندال قوالؒ
۳۰۔ حضرت شیخ بھیرو فقیرؒ
۳۲۔ حضرت قاضی رفیعؒ
۳۴۔ حضرت شیخ محمد شفیعؒ
۳۶۔ حضرت میاں منگارہ
۳۸۔ حضرت شیخ کمیون بافندہؒ
۴۰۔ چودھری شیخارا نجھاؒ
۴۲۔ چودھری جھنڈا مزارعہؒ
۴۴۔ بجول

ان سب بزرگوں کے حالات کتاب ہذا (شریف التواریخ) کی تیسری جلد موسوم بہ تذکرۃ النوشاہیہ میں آئیں گے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ

مدحیات

آپ کی تعریف میں شاعروں نے بہت قصائد اور غزلیں لکھی ہیں۔ یہاں صرف ایک غزل حضرت فقیر سید نورالدین منور بخاری لاہوریؒ کے دیوانِ منور سے لکھی جاتی ہے:

جنابِ حضرتِ نوشاہِ امجد — بود لطفِ تو بیروں از حد و عد

Marfat.com

سَری و سروری و مرشد الکل — همه خُدّام را بگرفته باید
شود شرمندهٔ نورت مَه و مِهر — نمائی گر بمشتاقانِ خود خد
توئی مهرِ سپهرِ فقر و جُذبه تو — هزار اقطاب جُستم اولیا صد
ندیدم مرشدِ دیگر بعالم — بایں صورت بایں قامت بایں قد
نرنجاند غلامِ درگهت را — اگر باشد سباء و موذی و دد
نرفته ناامید از درگهت کس — اگرچه بود ملحد یا که مُرتد
بود خاکِ کفِ پائے تو ما را — برائے بردِ دیده جائے اثمد
نگیری بندهٔ خود هیچ گاهے — بعصیان و تقصیرے که سر زد
مریدانت زهر سو صد هزاران — صبی و شیخ و شاب و نیز امرد
مریدم دستِ خود دادم بدستت — تو از لطف و کرم بے حد و بے عد
گرفتی دست و عین الحق نمودی — مرا جیدست دارم عین بر بید
منور عرض دارد در جنابت — اگر من عاصیم در مجرم و بد
من از نالایقی ماندم مقصر — وگرنه بنده ام من عن اب و جد
فقیرِ خویش را بنواز از لطف — مزن بر سینهٔ او دست از رد

رباعی از دیوان آزاد

از فکر طبع حضرت فقیر سید عزیز الدین رضا آزاد بخاری لاہوری

یارب بکمال حالِ شاہِ معروف — کز وے شده حضرتِ سلیمان موصوف
بابرکتِ یمنِ نامِ شاہِ نوشاہ — باشاہدِ عشقِ خود مرا کن مالوف

تاریخ وفات

حضرت نوشاہِ عالی جاہ کا وصالِ باکمال بروز سوموار ۸ ربیع الاول ۱۰۶۴ھ - ۲۶ جنوری ۱۶۵۴ء مطابق سمت ۱۷۱۱ ب کو ہوا۔ مقبرہ عالیہ ساہن پال شریف تحصیل پھالیہ ضلع گجرات

Marfat.com

پنجاب میں ہے۔

انتقالِ مزار شریف

دریائے چناب کی وجہ سے آپ کے مزار شریف کو چند مرتبہ منتقل کرنے کی ضرورت پیش آتی رہی۔

۱۱۷۰ھ میں دریا کی طغیانی کی وجہ سے تابوت شریف پہلی جگہ سے نکال کر دوسری جگہ موضع نوشہرہ کی زمین میں چاہ جیاتے والہ پر دفن کیا گیا۔ (لطائف گل شاہی)

۱۲۳۷ھ میں دوبارہ خطرہ لاحق ہوا تو نکال کر تیسری جگہ دفن کیا گیا، جہاں آج بھی موجود ہے۔ (روضۃ الزکیہ)

۱۲۵۸ھ میں نواب شیخ امام الدینؒ صوبہ دار کشمیر نے روضہ شریف بطرز پالکی تعمیر کیا۔ (انوار القادریہ)

۱۳۱۱ھ میں شیخ عبداللہ درویش لاہوریؒ نے مرمت و سفیدی کرائی۔

۱۳۵۵ھ میں روضہ مبارک کے اندر و باہر کا فرش اور بیرونی مطاف کی چار دیواری نئی بنائی گئی۔

۱۳۶۹ھ میں اکاسی گھنٹے متواتر بارش کی وجہ سے روضہ شریف کی دیواریں پھٹ گئیں اور عمارت خراب ہوگئی۔

۱۳۷۳ھ یکم محرم جمعرات کو روضہ شریف کو شہید کر دیا گیا اور ۲۶ جمادی الثانی بدھ وار کو روضہ شریف ہشت پہلو کی بنیادیں کھودی گئیں اور عمارت کا کام شروع کیا گیا۔

۱۳۷۵ھ میں برآمدہ چہار پہلو، اور نیچے کا گنبد (تجر) تیار ہوگیا۔

۱۳۸۰ھ میں بالائی گنبد کی تعمیر نصف تک پہنچ گئی۔ ابھی کام زیر تعمیر ہے امید ہے عنقریب مکمل ہوجائے گا۔

قطعہ تاریخ

از حضرت شیخ عبدالرحیم قادری نوشاہی ساکن سدا کنبو ضلع شاہ پور

دلم در باغِ مدحِ نوشہ[1] اندر ذکرِ دستانش — چو دستاں خواندہ خوش دستاں ز بوئے فیضِ لحانش

---

[1] حضرت نوشہ گنج بخش کا کچھ تذکرہ اس جلد کے طبقہ دوم میں آئے گا۔ شرافت

Marfat.com

مرا این دستگاه از دستِ خاکِ پائے نوشہ داں
کہ بر برقِ جہاں چوں مہرِ نعلین ست رخشانش

زہے نعلین عین الشمس بر چارم فلک زیبا
مقامِ سدرۂ اعلیٰ بنوشہ ہست شایانش

عروسِ بکرِ این دنیا کنیزک بر درش آمد
نیامد نوشۂ عالم شبے در گردِ دامانش

فلک قامد چو خانوسے ہزاراں شمع اندر وے
بہ بزمِ نوشۂ عالم ہمیشہ خوش فروزانش

بہ حرفے کہ نوشہ از زبانِ گوشہ نثار آمد
برنگِ آبِ حیواں جاں دہی کم درجہ دانش

ہر آنچہ از اولیں مقصد بروئے خامہ سودا ماند
چو کاغذ بر زبانِ نوشۂ عالم عیاں خوانش

بعالم ہر چہ ظاہر شد ز جودِ نوشۂ عالم
اقامت تا قیامت میکند از فیضِ دستانش

بشرق و غرب و تحت و فوق و یمن و یسر نوشہ گشت
بلے خورشید را این درجہ ہر جا ہست یکسانش

بہر میداں کہ نوشہ رخشِ ہمت راندہ در عالم
ثریا تا ثرٰی آفاق گیری کرد یکرانش

چو دنیا جائے ماندن نیست ایجاناں ازاں معنے
سوئے دار القرار آمد نزول از فیضِ رحمانش

چو در جنت بکشتِ گل نسیم آسا خراماں شد
ہمہ اسبابِ نوشاہی مہیا ساخت رضوانش

ملائک روز و شب در خدمتش سرگرم از شادی
زدندش نوبتِ شاہی قصور و حور و غلمانش

ز تاریخِ وصالِ او دلم درجست و جو چوں شد
بگوشِ دل ندا آمد کہ خاتم پاک برخوانش

دوئم وَہ حاجی نوشہ سخی بر خواندہ عقلِ من
سیوم از رحلتِ نوشاہِ دیں برگیر آسانش

چہارم نوشہ ہادی سخی بود ست خوش بشمر
تعالی اللہ چہا تاریخہا گفتم ز احسانش

فلک را ہست تا حرکت زمیں تا در سکوں آید
بعالم جاوداں روشن چراغِ خاندان دانش

مادہ ہائے تاریخ

۱۔ آفتابِ شرف
۲۔ سکندرِ خلق
۳۔ ہی سید گنج بخش
۴۔ غمِ جاوید

Marfat.com

شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حاجی
حافظ محمد برخوردار بحر العشق
نوشاہی قدس سرہٗ

در مناقب شاہ برخوردا بحرِ عشق حق

حضرتِ نوشاہ را او بود فرزندِ کلاں

آشنائے بحرِ وحدت شاہِ برخوردار بود — در ریاضت آئینۂ دل صافش از زنگار بود
دیدۂ شاں مست مالے ہر دم از جامِ الست — ہر نگاہِ شاں ز مستی خانۂ خمار بود
آں چناں مستی بچشمش داد ساقیِ ازل — از خمِ نیمِ نگاہش عالمے سرشار بود
از کلامش سر بسر گوہر معانی ریختے — حرفے از سخنانِ او در معرفت طومار بود
بحرِ استغراق را غواص بودے ہر زماں — از خودی بیخود شدہ با ذاتِ حق شہوار بود
گلشنِ علم و ادب سرسبز از آبِ رحمتش — ملک عصیاں ہر زماں از قہرشاں تہ بار بود
ہر کہ او گشت از ارادت آستاں بوسِ درش — اشرف او از معرفت دانی کہ برخوردار بود

اوصافِ جمیلہ آپ فخر الاذکیا، بدر الاصفیا، سراج السالکین، تاج العاشقین، امیر الفقرا، نصیر الغربا، مدینہ حسنات، خزینہ سادات، الواصل بالمعبود، العارف بالشہود، ولی المعظم، فرد الاعظم، قطب الاقطاب، نجیب الانجاب، صاحبِ عشق و محبت و آدابِ طریقت تھے۔ اوصافِ مہماں نوازی اور فیض گستری سے موصوف تھے۔ شیخ الاسلام والمسلمین، سید العرفان والعارفین حضرت سید شاہ حاجی محمد لوشہ گنج بخش علوی قادری قدس سرہٗ کے فرزند اکبر اور خلیفہ اعظم اور سجادہ نشین تھے۔

نام ولقب آپ کا نام نامی محمد برخوردار، مشہور نام حافظ برخوردار۔ القاب گرامی بحر العشق، زندہ دل۔ ولیعہد خلافت تھے۔

Marfat.com

نسب مادری آپ کی والدہ ماجدہ کا اسم گرامی حضرت رویل خاتون تھا جو حافظ بہاؤ الدین بن حاجی عزیز اللہ بن مولانا شیخ فرید الدین کی بیٹی تھیں جن کا جدی خاندان منہاس راجپوت تھا اور آباو اجداد سے قصبہ ہیلاں ضلع گجرات کی فضاؤں کے متعلق تھی۔

ولادت و تربیت آپ کی ولادت باسعادت دسویں صدی ہجری میں بعہدِ سلطان جلال الدین اکبر بادشاہ بمقام نوشہرہ تلاڑاں ضلع گجرات ہوئی۔ اپنے والدین کے آغوشِ عاطفت میں تربیت پائی۔ رشد و ولایت کے آثار آغازِ طفولیت سے ہی آپ کے چہرہ انور پر درخشاں تھے۔

تحصیلِ علوم آپ نے ابتدا میں اپنے والد بزرگوار سے تعلیم شروع کی چند ماہ میں قرآن مجید حفظ کر لیا۔ پھر چندے قاضیانِ کنجاہ سے تعلیم پائی۔ اس کے بعد حضرت مولانا عبدالحکیم سیالکوٹی آفتابِ پنجابؒ سے صرف و نحو و منطق و فلسفہ وغیرہ علوم حاصل کیے۔ بعد ازاں حضرت مولانا مولوی عبداللہ لاہوریؒ کے درس میں داخل ہوئے اور فقہ، حدیث و تفسیر وہاں سے پڑھی اور علوم معقول و منقول سے فارغ التحصیل ہوئے۔

تاکیدِ علم حضرت نوشہ صاحبؒ نے آپ کو تاکید فرمائی تھی کہ پڑھنے میں کوشش رکھنا۔ اور جب تک فضائل و کمالاتِ علمی پورے طور پر حاصل نہ ہو جاویں گھر کا رُخ نہ کرنا۔ اگرچہ ہماری وفات کی خبر وہاں سُن لو۔ کنز الرحمت میں ہے، ؎

اگر رحلتِ ما درانجا شنید — نیائید فاتحہ ہمانجا کنید
فضیلت چو حاصل شود با شما — بیائید در خانہ شادی نما

علمی کمالات کا حاصل ہونا آپ نے حضرت والد صاحبؒ کی ہدایت پر پورا پورا عمل کیا اور کئی سال تک متواتر تحصیلِ علم میں مشغول رہے، اور گھر کا مُنہ نہ دیکھا حتیٰ کہ کمالاتِ علمی و فضائلِ عملی تک پہنچے سب علوم آپ کا حال ہو گئے۔ زمانہ طالب علمی میں آپ کی خدمت کے واسطے حضرت شیخ نور محمد سیالکوٹیؒ مقرر تھے۔ وہ دن رات آپ کی خدمات انجام دیتے۔

فنِ کتابت آپ جن ایام میں لاہور تعلیم پاتے تھے وہیں اُستاد انِ فن سے کتابت

Marfat.com

بھی سیکھی اور خطِ نسخ و نستعلیق کو کمال تک پہنچایا۔ آپ خوشنویسی میں اپنے وقت کے خطاطوں سے گوئے سبقت لے گئے۔ کنز الرحمت میں ہے، ؎

خطِ خوش نوشتے برادر کلاں
کہ ننوشتے ہرگز کسے آں نماں

بیعت و خلافت علوم و فنون کے حصول کے بعد آپ کو کمالات باطنی کے حاصل کرنے کا شوق غالب ہوا تو اپنے والد ماجد حضرت نوشہ گنج بخشؒ کے دستِ حق پرست پر بیعتِ طریقت کی اور اشغالِ قادریہ اعظمیہ کی اجازتیں پائیں۔ تھوڑے ہی عرصہ میں ریاضت و مجاہدہ کے باعث اور حضور والا کی توجہ سے سلوک پورا کیا اور خلافت و اجازت سے مشرف ہوئے۔

درگاہِ سلیمانیہ میں منظوری آپ اپنے والد بزرگوار کے ہمراہ اپنے دادا پیر حضرت سخی شاہ سلیمان نوری قادریؒ کی خدمت میں بمقام سجلوال شریف حاضر ہوئے۔ ثواقب المناقب میں ہے:

"چشم و چراغِ طالع بیدار حضرت شاہ برخوردار در عین طفلی مانند پختہ سورہ کہ ہم غلافِ مصحف گردد با آغاقِ والد بزرگوار شرفِ دستبوسِ سلیمان روزگار دریافت۔"

حضرت سخی بادشاہؒ نے آپ کو اپنے فیض سے بلاواسطہ بھی نوازا۔ اور فرمایا: اے حاجی محمد! میں نے تمہارے فرزند برخوردار کو تمہارا ہم رتبہ بنا دیا ہے۔ کسی کمال میں تم سے کم نہیں چھوڑا۔ کنز الرحمت میں ہے:

بفرمود حضرت سلیماں چنیں
کہ حاجی ز تو کم ندادم بایں

آنجناب آپ کی مقبولیت اور درگاہِ شیخ میں منظوری دیکھ کر بہت خوش ہوئے اور خدا کا شکر بجا لائے۔ ؎

کہ فرزندِ ما نیز مقبول شد
باد گنجِ عرفان موصول شد

Marfat.com

جذبہ وسلوک حضرت سخی بادشاہؒ نے آپ پر نگاہ ڈالی تو آپ پر حالتِ جذبہ طاری ہوگئی۔ کھانا پینا، چلنا پھرنا، کلام کرنا، سونا سب ترک ہوگیا اور محبوب حقیقی کے عشق میں محو و مستغرق ہوگئے۔ دنیا اور مافیہا کی کوئی خبر نہ رہی۔ حضرت نوشہ صاحبؒ نے پیر روشن ضمیر کے سامنے مودبانہ عرض کیا کہ اے قبلہ عالم! میرا یہی لڑکا مہمانوں کی خدمت کرنے والا اور آئندہ روزہ کی دلجوئی کرنے والا ہے۔ آپ نے اس کو مجذوب بنادیا ہے۔ اور محمد ہاشم ابھی بچہ ہے اور تحصیل علم میں مشغول ہے۔ لہٰذا کاروبار کا متحمل نہیں ہوسکتا، آگے جو آپ کی مرضی ہو۔ حضرت سخی بادشاہؒ نے فرمایا کہ ہمارا تو خیال تھا کہ اس صاحبزادہ کو ایسا مجذوب مطلق بنادیں جو زمانہ کے مجاذیب میں یکتا ہو۔ اور خلقت دیکھے کہ مجذوب حقیقی اس طرح ہوتے ہیں۔ لیکن اب آپ کی خاطر مقدم ہے۔ اس کو سالک بنادیتے ہیں۔ چنانچہ آپ پر ایسی توجہ فرمائی کہ چند روز میں بتدریج مرتبہ سلوک پر فائز ہوئے اور اپنے والد صاحبؒ کی خدمت میں رہنے لگے۔ (رسالہ احمد بیگ۔ تذکرہ نوشاہیہ۔ ثواقب المناقب۔ کنزالرحمت)

خلافت سلیمانیہ رخصت کے وقت حضرت سخی بادشاہؒ نے آپ کو اپنی طرف سے بھی خلافت عطا فرمائی اور لنگی و دستار بطور تبرک عنایت فرمائی اور بشارت دی کہ اس صاحبزادہ کے فیض سے جہان معمور ہوگا۔ اور بے شمار مخلوق کو راہِ ہدایت و ارشاد اس سے نصیب ہوگا۔ (تحایف اصفیا)

تعمیر مسجد و مکانات آپ نے اپنے والد بزرگوار کے زمانہ میں مکانات رہائش اور مسافروں کے لیے دیوان خانے اور عبادت کے لیے اپنے ڈیرہ پر مسجد تعمیر کروائی۔ تمام کاروبار میں حضرت نوشہ صاحبؒ نے آپ کو ہی مختار کیا ہوا تھا۔ کیونکہ خود ہر وقت استغراق فی التوحید اور توجہ الی اللہ میں رہتے تھے۔ اور آپ مستعدی سے سب کاموں کو بخوبی انجام دیتے تھے۔ کنزالرحمت میں ہے:؎

بخانہ او بود ہر کاروبار
ہم از جہد شاں گشت مسجد تیار

دنیاوی امور میں قابلیت آپ یہاں تک کاروبار میں دسترس رکھتے تھے کہ ایک بار

Marfat.com

شاہجہاں بادشاہ کو کابل کی طرف جانے کا اتفاق ہوا تو اس نے ملازموں کو حکم دیا کہ دریائے چناب پر کشتیوں کا پُل تیار کیا جاوے۔ جو کچھ عرصہ میں تیار ہوا۔ حضرت نوشاہِ عالی جاہ رحمہ اللہ تعالیٰ نے جب یہ فرمان شاہی سُنا تو فرمایا کہ اگر شاہجہاں یہ حکم ہمارے فرزند حافظ برخوردار کو دیتا تو وہ اس قدر لایق اور استعداد بلند رکھتا ہے کہ ایک دن میں پُل تیار کروا دیتا۔ (تذکرہ نوشاہیہ)

آپ کمالاتِ باطنی کے علاوہ اکثر ظاہری فنون میں بھی مہارت تامہ رکھتے تھے۔

اکتسابِ فنون چنانچہ فنِ شہسواری، تیراندازی، سپاہ گری، کتابت، زراعت، خیاطت، انجنیئری وغیرہ میں خوب دسترس رکھتے تھے۔

معمولات

آپ شریعتِ نبوی کے پورے پورے پابند تھے۔ اپنے والد بزرگوار کی طرح ظاہر و باطن میں اتباعِ سنت آپ کا طریقہ تھا۔ نماز پنجگانہ، نوافل تہجد و اشراق و ضحیٰ و اوابین و تسبیح وغیرہ پڑھا کرتے، اوراد قادریہ پر مواظبت رکھتے۔ ذکر جہر نفی اثبات، ذکر ارہ، ذکر سہ پایہ، شغل محمود، سلطان الاذکار وغیرہ آپ کے معمول تھے۔ اور وظائف لسانی میں سے درود شریف ہزارہ، دعائے سامع الدعا اور دعائے کیمیائے سعادت پڑھا کرتے۔ اور اختتام اوراد پر مناجاتِ غوثیہ پڑھا کرتے جو خود آپ نے نظم کی تھی۔

مطالعہ کُتب آپ کے پاس علمی کتب خانہ بہت تھا۔ تفسیروں اور حدیثوں کا مطالعہ رکھتے۔ فقہ اور اصولِ فقہ اور تصوف میں خاص ملکہ حاصل تھا۔ تصانیف حضرت شیخ اکبر محی الدین ابن العربی رحمہ اللہ سے آپ کو بہت اُنس تھا۔ خصوصاً فتوحات مکیہ اور فصوص الحکم کا مطالعہ کرتے۔

آپ کا ولیعہد خلافت ہونا

ابتدائے طفولیت سے آپ کے وجودِ مسعود میں آثارِ رشد و ہدایت پائے جاتے تھے۔ قطب المشایخ والاد تاد حضرت نوشہ گنج بخش کی محبتِ قلبی جس قدر آپ سے تھی اُس قدر

Marfat.com

دُوسری اولاد سے نہیں تھی۔ جو مقاماتِ ولایت آپ پر منکشف ہوئے وہ دوسروں پر نہیں ہوئے۔ اور جس قدر رموز و اسرار آپ کے سینہ بے کینہ میں ڈالے وہ دُوسروں کو عطا نہیں کیے۔ چنانچہ آپ کے متعلق بہت فضائل حضرت نوشاہِ عالی جاہؒ کی زبانِ مبارک پر جاری ہوتے تھے۔ آں جنابؒ نے جب دیکھا کہ میرا یہ فرزند درگاہِ حضرت سخی شاہ سلیمان تونسویؒ میں منظور ہو چکا ہے اور وہاں سے بھی دستارِ خلافت حاصل کر چکا ہے تو حضور کا ارادہ ہُوا کہ آپ کو ولیعہد کر دیں۔ چنانچہ اسی غرض کے لیے آنجنابؒ نے آپ کو صرف اپنی خدمت اور اپنے مہمانوں کی خدمت کے لیے مخصوص رکھا۔ آنجنابؒ کے آخری ایامِ حیات میں بعض یاروں نے التماس کی کہ حضور ہم کو اپنے بیٹوں یا پوتوں میں سے کسی صاحب کے سپرد کر جاویں تاکہ ہم قبلہ عالم کی جا بجا اُس سے اپنا مقصود حاصل کر لیا کریں۔ آں جنابؒ نے سب یاروں کے رُوبرو ایک مجلس میں اپنے فرزند اکبر حضرت سید حافظ محمد برخوردار بحر العشقؒ کو دستارِ خلافت و نیابت سے مشرف فرمایا اور تمام حاضرین کو ارشاد فرمایا کہ میرا یہ فرزند میرا اولی عہد ہے جو میرے بعد میرا سجادہ نشین و خلیفہ ہوگا۔ اور میری قایم مقامی میں میرے فرائض کو انجام دے گا۔ اور میرے ظاہری و باطنی امور کا متولی اور وارث ہوگا۔ جو شخص اِس کے امر سے سرتابی کرے گا وہ مجھ سے سرتابی کرے گا۔ تمام یارانِ نوشاہیہ نے آپ کی خلافت کو تسلیم کر لیا، اور نعرہ ہائے تحسین و آفرین و مبارک باد بلند ہوئے۔ جیسا کہ کنز الرحمت میں ہے: ؎

عطا شد نیابت بہ پسرِ بزرگ
نمودند تحسیں بکارِ سترگ

آپ کی نیابت کا واقعہ کتبِ خاندان رسالہ احمد بیگ، تذکرہ نوشاہیہ، انوار القادریہ، کلید گنج الاسرار و تحایف قدسیہ و خزینۃ الفقرا وغیرہ میں بھی موجود ہے۔

ان کے علاوہ دیگر کتب تاریخ، خزینۃ الاصفیا، گنجینہ سروری، تحقیقاتِ چشتی، تذکرہ اولیائے ہند، تحفۃ الابرار، گلزار نوشاہی مصنفہ سائیں جیون شاہؒ، امرذات وغیرہ میں بتصریح حضرت سید حافظ محمد برخوردارؒ کو حضرت نوشہ صاحبؒ کا سجادہ نشین اور خلیفہ اعظم لکھا ہے۔

Marfat.com

کثرتِ فیضان

آپ کی ذات سے بکثرت فیضان جاری ہوا۔

ترقیِ مدارج حضرت نوشہ صاحبؒ کی وفات کے بعد آپ نے سجادہ مشیخت پر بیٹھ کر ریاضات و مجاہدات کو پہلے سے بھی زیادہ کر دیا۔ آپ کے درجات و مراتب و مقامات میں بہت ترقی ہوئی۔

رجوعِ خلایق آپ کے تختِ خلافت پر جلوہ گر ہوتے ہی بے شمار خلایق کا رجوع آپ کی طرف ہوگیا۔ رسالہ احمد بیگ میں ہے،

"غلغلہ ایشاں در عالم افتاد"۔

یارانِ طریقت کی تکمیل جن لوگوں کو حضرت نوشہ صاحبؒ کی بیعت ہو چکنے کے بعد ابھی تک منزلِ مقصود تک رسائی نہ ہوئی تھی اور ابھی سلوک ناتمام تھا۔ انھوں نے آپ کی طرف رجوع کیا اور تکمیل پاکر خلافت پائی۔

سلسلۂ تدریس روحانی مشاغل کے علاوہ آپ نے سلسلۂ درس و تدریس بھی جاری رکھا۔ اپنے فرزندوں کو پہلے اپنے پاس ہی پڑھایا۔ اس کے بعد دوسرے درس گاہوں میں بھیجا۔

اخلاق و عادات

آپ کی اخلاق و عادات سنّت سنیہ کے مطابق تھے اور خصائل و شمائل سلف صالحین سے ملتے تھے۔

والدین کی اطاعت آپ اپنے والدین کے بڑے خدمت گار اور فرمانبردار فرزند تھے۔ یہاں تک کہ سوائے حکم اپنے والد بزرگوار کے اٹھتے بیٹھتے بھی نہ تھے۔ تمام عمر میں آپ سے کوئی کام ایسا صادر نہیں ہوا جو خلافِ امرِ والد ہو۔ کنز الرحمت میں ہے، ؎

Marfat.com

چناں بود در اعتقاد و ادب
کہ بے امر سخنے نکردے زلب

آداب شناسی

آپ ادب وہدایت واعتقاد میں کمال درجہ رکھتے تھے۔ اپنے والد ماجد کے اِس قدر مؤدب تھے کہ مریدوں سے بھی ایسا ادب نہ ہوسکتا تھا۔ رسالہ احمد بیگ میں ہے:

"آداب کہ در ایشاں بود از معتقداں نبود۔"

حضرت نوشہ صاحبؒ اکثر استغراق ومحویت میں ہوتے اور آپ دست بستہ مودبانہ حضور کے سامنے کھڑے رہتے، جس وقت آنجنابؒ کو افاقہ ہوتا اور نظر اٹھا کر دیکھتے اور فرماتے بیٹھ جاؤ۔ تب آپ بیٹھتے۔ اگر آنجنابؒ فرماتے تو آپ کلام کرتے ورنہ چُپ رہتے۔ کنز الرحمت میں ہے: ؎

بجز امر نہ نشستے ہرگز بجا — نہ برخاستے از مکاں بے رضا
شب وروز نوشہ بخدمتِ شہود — بہر لحظہ در صحو و در محو بود
نشستے چو فرمودے اورا نشیں — نمودے چو گفتے بکن ایں چنیں

والد صاحب کی آخری خدمات

حضرت نوشہ گنج بخشؒ کی عمر مبارک جب سو سال سے متجاوز ہوئی تو آثارِ ضعف اُن کے وجود مبارک پر اکثر طاری ہوئے۔ تو حافظ صاحبؒ ہر وقت آنجنابؒ کی خدمت میں حاضر رہا کرتے۔ اور ایک لمحہ بھی آپ سے جدا نہ ہوتے۔ اور تمام خدمات کو اپنے ہاتھ سے انجام دیتے۔ حتیٰ کہ آخری وقت میں بھی آپ پاس موجود تھے۔ اور خدمت میں سرگرم تھے۔ اور چھوٹے صاحبزادہ سید محمد ہاشم دریادلؒ اس وقت حاضر نہ تھے۔ تحایف اصفیا میں لکھا ہے کہ وہ اس روز گھوگاں والی میں تھے۔ آپؒ نے ہی ان کو پیغام بھیج کر منگوایا تاکہ والد صاحبؒ کے آخری دیدار سے مشرف ہوجائیں۔

مہماں نوازی

آپ کمال درجہ کے مہماں نواز اور غریب پرور تھے۔ آپ کی مہماں نوازی کے واسطے ہی آنجنابؒ نے آپؒ کے جذبہ کو سلوک سے تبدیل کروایا تھا اور فرمایا تھا: "برائے خدمت مہماناں ہمیں ست"۔ مہمانوں کی خدمت کے واسطے یہی فرزند ہے۔

Marfat.com

علما سے محبت آپ اہل علم طبقہ کو بہت دوست رکھتے تھے۔ چنانچہ مولانا عبدالحکیم سیالکوٹیؒ اور مولانا عبداللہ لاہوریؒ اور مولانا محمد تقی و شیخ محمد جمال سکنائے کیلیاں والہ، اور مولانا مفتی شکراللہ اور مفتی حافظ محمد صدیق سکنائے بچہ چٹھہ وغیرہ علمائے وقت سے آپ کو بہت محبت تھی۔

شکار کھیلنا اگر کبھی آپ کو انقباض واقع ہوتا تو دل بہلانے کے واسطے گھوڑی پر سوار ہو کر شکار کو چلے جایا کرتے۔ (رسالہ احمد بیگ)

سیر و سیاحت آپ کبھی کبھی سفر کو بھی تشریف لے جایا کرتے۔ منجملہ دوسرے سفروں کے سفرِ بھلوال شریف اور سفرِ لاہور زیادہ اہمیت رکھتے ہیں۔ میں نے ان کی تفصیل آپ کی سوانح حیات الموسوم بہ خلیفہ اعظم المعروف مقاماتِ برخورداریہ میں کی ہے۔

اخفائے احوال آپ اپنے والد صاحبؒ کی طرح بڑے اخفا پسند تھے۔ اپنی حالت کو مخفی رکھنے کی کوشش کرتے۔ نواب سعداللہ خاں وزیر اعظم ہندوستان نے آپ کا خوشخط مخطوطہ دیکھ کر آپکو شاہی منصب دار مقرر کرنا چاہا۔ آپ نے اخفا کے لیے ایک نازیبا مخطوطہ لکھ کر پیش کر دیا تاکہ شاہی ملازمت سے محفوظ رہ سکیں[1]

سیف زبان ہونا آپ ایک مرتبہ سسرال جانے کے واسطے تیار ہوئے تو تیر و کمان اور تلوار ساتھ لیے۔ اور حضرت والد بزرگوار سے رخصت مانگی۔ انھوں نے فرمایا، بیٹا! ہتھیار اتار دو، تم فقیر ہو، فقیر کی زبان ہی تلوار ہوتی ہے بلکہ دل میں خیال ہی آجاوے تو وہ بھی تلوار کا کام دیتا ہے۔ آپ نے اُسی وقت ہتھیار اتار دیے۔ اس کے بعد آپ کی زبان سے جو کچھ نکلتا وہ پورا ہو جاتا۔[2]

سماع و وجد آپ صاحب ذوق و شوق تھے۔ سماع سنتے اور وجد بھی ہوتا تھا۔ ایک مرتبہ آپ موضع ٹیکے اپنے سسرال میں گئے ہوئے تھے ایک لڑکی چرخہ کات رہی تھی اور ساتھ نغمہ گا رہی تھی آپ کو سُن کر وجد ہو گیا۔[3]

---

[1] و [2] و [3] رسالہ احمد بیگ ۱۲ شرافت

Marfat.com

حلیہ مبارک آپ دراز قد، جسیم، لحیم، متوسط الاعضا، خوب صورت، جوان، بہادر تھے۔ آپ کے چہرۂ انور پر تجلیاتِ الٰہی کا اس قدر ظہور تھا کہ دیکھنے والے بے ساختہ مرعوب ہو جاتے۔ آپ کی شکل و شباہت حضرت نوشہ صاحبؒ سے ملتی جلتی تھی[1]

لباس آپ لباس سفید رنگ پہنتے۔ والد ماجد کی طرح کمبل (کھورا) بھی زیب تن فرماتے۔ کبھی کبھی کھیس بھی استعمال کرتے۔ ایک مرتبہ آپ سسرال جانے کو تیار ہوئے تو اوپر کھیس لیا۔ حضرت نوشاہِ عالیجاہؒ نے دیکھ کر فرمایا: برخوردار! کھیس کیا ہے؟ تمہارے کندھوں پر شال اچھی سجتی ہے۔ تم شال پہنا کرو۔ چنانچہ آپ نے شال پہن لی[2]

فضائل و کمالات

آپ کے فضائل بے شمار تھے۔

مثیلِ نوشہ ہونا آپ ہر ایک کمالیت میں اپنے والد بزرگوار کے پورے پورے متبع تھے اور اُن کے تمام اوصاف سے متصف تھے۔ مقام فنا فی الشیخ بدرجۂ اتم آپ کو حاصل تھا۔ حضرت نوشہ صاحبؒ کے رنگ میں رنگین تھے۔ مثیلِ نوشاہِ عالیجاہ تھے۔ کنز الرحمت پنجابی میں ہے: ع

برخوردار بھی اوہو پایا جو کچھ نوشہ پایا

نوشاہی صفات سے متصف ہونا آپ کی ذاتِ گرامی میں اپنے والد صاحبؒ کی تمام صفتیں موجود تھیں۔ کتابوں کے مطالعہ سے ثابت ہوتا ہے کہ حضرت نوشہ صاحبؒ کی چالیس صفتیں پوری پوری آپ میں موجود تھیں۔ میں نے ان کا مفصل بیان مقالاتِ برخورداریہ میں کیا ہے اور کچھ مختصر تذکرہ دوسرے طبقہ میں بھی کیا جاوے گا۔

آپ کو حضرت نوشہ صاحبؒ سے مماثلت تامہ اور مناسبت کلیہ تھی اور آپ نوشاہِ وقت تھے۔

---

[1] و [2] تذکرہ نوشاہیہ ۱۲ شرافت

Marfat.com

حج حرمین الشریفین کا شرف پانا

مولوی قاضی امام بخش جام پوریؒ کی کتاب حدیقۃ الاسرار فی اخبار الابرار چہن سوم سے ثابت ہوتا ہے کہ آپ زیارتِ حرمین الشریفین سے بھی مشرف ہوئے۔ آپ کا اسم گرامی با لفاظ "حاجی برخوردار" لکھا ہے۔

حضرت نوشہ صاحبؒ کی آپ کے حق میں دعائیں

آپ کے حق میں جناب والد بزرگوارؒ نے بہت دعائیں فرمائی ہیں جو آپ کے حق میں قبول ہوئیں۔

خواب میں پڑھنا

جب آپ بچپن میں سبق پڑھتے تھے تو حضرت نوشہ صاحبؒ نے آپ کو فرمایا: میاں برخوردار! ہمارا ارادہ ہے کہ تم سونے کی حالت میں بھی پڑھتے رہا کرو۔ چنانچہ آپ کو اکثر مرتبہ خواب کی حالت میں پڑھتا ہوا پایا گیا۔ آپ کے صاحبزادہ سید حافظ جمال اللہ صاحبؒ سے منقول ہے کہ ایک مرتبہ ہم نے سنا کہ آپ سوتے ہوئے خواب میں گلستانِ سعدی کی یہ غزل پڑھ رہے تھے: [1]

گلے خوشبوئے در حمام روزے — رسید از دست محبوبے بدستم
بدو گفتم کہ مشکی یا عبیری — کہ از بوئے دلاویزِ تو مستم
بگفتا من گلے ناچیز بودم — ولیکن مدتے با گل نشستم
جمالِ ہم نشیں در من اثر کرد — وگرنہ من ہماں خاکم کہ ہستم

ضرب سے محفوظ رہنا

ایک روز آپ گھوڑی پر سوار ہو کر شکار کو جا رہے تھے شاہ مسکین قلندر مداریؒ نے بر اس وقت پاس تھے کہا کہ صاحبزادہ صاحب گھوڑی دوڑائیں گے تو گر پڑیں گے۔ حضرت نوشہ صاحبؒ نے فرمایا اگر گریں گے تو کوئی خطرہ نہیں ضرب آنے سے بالکل محفوظ رہیں گے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ [2]

---

[1] و [2] تذکرہ نوشاہیہ ۱۲ شرافت

Marfat.com

حیوانات کا شفا پانا ایک زمیندار سے آپ نے بیل مانگے، اُس نے نہ دیے تو اُس کے بیل بیمار ہو گئے۔ اُس نے حضرت نوشہ صاحبؒ کی خدمت میں آکر معذرت کی اور معافی مانگی۔ آنجنابؒ نے آپ کو بھیجا کہ جاکر ان پر پانی چھڑکو۔ آپ نے ان پر پانی ڈالا تو وہ دونوں اُسی وقت تندرست ہو گئے[1]۔ اِس کرامت اور دُعا کا اثر آج تک آپ کی اولاد میں بھی جاری ہے۔

حضرت نوشہ صاحبؒ کی آپ پر عنایات

زین عطا ہونا ایک مرتبہ حضرت شیخ صالح محمدؒ ساکن چک سادہ نے تین کاٹھیاں حضرت نوشہ صاحبؒ کی خدمت میں نذر کیں۔ آپ نے "زینِ چکہ" جو سب سے عمدہ اور فراخ تھی آپ کو عطا فرمائی۔ اور دُوسری کاٹھیاں جو معمولی تھیں اپنے ایک چھوٹے صاحبزادہ سیّد محمد ہاشم دریا دلؒ کو، اور دُوسری اپنے داماد حافظ معموری صاحبؒ کو دی[2]۔

حضرت نوشہ صاحبؒ کی دُرگاہ میں مقبولیت

آپ اپنے والد صاحبؒ کو یہاں تک محبوب و مقبول تھے کہ جو شخص آپ کے حکم سے انحراف کرتا یا آداب میں فرق لاتا تو آں جنابؒ کی طرف سے موردِ عتاب ہو جاتا۔ چنانچہ:

کُنوئیں کا ویران ہونا ایک مرتبہ آپ نے بھیرو نام لودھرا سے کُنواں مانگا تاکہ کھیتی کو پانی دیں۔ اُس نے کہا کہ ہمارا کنواں خراب ہو جاتا ہے۔ یہ واقعہ آپ نے اپنے والد ماجد کے سامنے بیان کیا۔ آں جنابؒ نے فرمایا کہ وہ خراب و برباد ہی رہے گا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ کئی مرتبہ اُنھوں نے نئے سرے سے بنانا چاہا مگر وہ کبھی راست نہ ہو سکا[3]۔

حافظ معموریؒ کو تادیب "زین چکہ" آپ کو عنایت ہوئی تو حافظ معموریؒ نے

---

[1] و [2] و [3] تذکرہ نوشاہیہ ۱۲ شرافت

Marfat.com

اصرار کیا کہ یہ زین میں لوں گا۔ حضرت نوشہ صاحبؒ نے ہر چند منع کیا کہ یہ زین حافظ برخوردارؒ کے ہی مناسب ہے۔ مگر انہوں نے نہ مانا۔ آں جنابؒ نے بادلِ نخواستہ وہ کاٹھی آپ سے لے کر اُن کو دے دی اور فرمایا: اے حافظ! اِس کاٹھی پر سوار کون ہوگا؟ اور سواری کے لیے گھوڑی کہاں سے لاؤ گے؟ چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ تمام عمر ان کو گھوڑی میسّر نہ ہوئی۔[1]

شاہ صدر دیوان کو تنبیہ

جب حضرت نوشہ صاحبؒ نے سب یاروں کے روبرو آپ کو اپنا ولیعہد و خلیفہ مقرر کیا، تو اس کے بعد ایک دن حضرت شیخ صدرالدین المعروف شاہ صدر دیوان رُکھانوالہؒ زیارت کے واسطے آئے۔ حضرت سیّد حافظ محمد برخوردارؒ دروازہ پر کھڑے تھے آپ کو سلام و آداب نہ کیا اور آپ کے پاس سے گزر کر آں جنابؒ کے قدمبوس ہوئے۔ آنجنابؒ نے جلالیت سے قدم مبارک پیچھے ہٹا لیے اور فرمایا سلام کے لائق وہی قدم تھے جو تم پیچھے چھوڑ آئے ہو۔ اب ہمارے قدموں سے تم کو کچھ فائدہ نہ ہوگا۔ شاہ صدر صاحبؒ کا حال اُسی وقت سلب ہو گیا اور عوام کی طرح ہو گئے۔[2]

خصائص

حضرت نوشہ صاحبؒ نے آپ کے متعلق کئی مرتبہ مدحیہ کلمات ارشاد فرمائے ہیں، جن سے آپ کی خصوصیت ظاہر و باہر ہے۔ چنانچہ فرمایا:

۱۔ مہمانوں کی خدمت کرنے والا صرف برخوردار ہے۔

۲۔ مسافروں کی خبرگیری اور مدارات کرنے والا برخوردار ہی ہے۔

۳۔ ہمارا بیٹا برخوردار اس قدر لایق اور مستعد ہے کہ اگر شاہِ جہاں بادشاہ اس کو کہتا تو یہ ایک دن میں اُس کو دریائے چناب پر پُل تیار کروا دیتا۔

۴۔ ہزاراں ہزار اسرارِ الٰہی میں نے اپنے فرزند برخوردار کے سینے میں رکھے ہیں۔ مگر چونکہ

---

[1] تذکرہ نوشاہیہ ۱۲

[2] رسالہ احمد بیگ، تذکرہ نوشاہیہ، کنزالرحمت ۱۲ شرافت

Marfat.com

اس کا سینہ ارض اللہ واسعۃ (خدا کی زمین فراخ ہے) کا مصداق ہے۔ کوئی شخص اس کا حال معلوم نہیں کر سکتا۔ یہ اسی کا حوصلہ ہے کہ اتنے علوم و معارف کی برداشت کر لی ہے۔

۵۔ میرے فرزند برخوردار جیسی بلند استعداد رکھنا ہر شخص کا کام نہیں۔

۶۔ میرا فرزند برخوردار منصب دارِ معبود ہے۔ (یعنی قطبِ وقت ہے)[1]

شاہی عطیات

سندات و فرامین سلاطین مغلیہ سے ثابت ہوتا ہے کہ حضرت شاہجہاں بادشاہ نے دو گاؤں ٹھٹھہ عثمان اور بادشاہپور فتا۔ حضرت نوشہ گنج بخشؒ کی درگاہِ عالیہ کے مصارف کے واسطے بطور جاگیر دیے تھے۔ وہ سب کچھ آپ کے قبضہ و تصرف میں تھا۔ اس جاگیر و التمغا کی تفصیل بموجب کاغذاتِ فرامین یہ ہے۔ دونوں مواضعات کا خراج ایک لاکھ تیرہ ہزار ایک سو ساٹھ (۱۱۳۱۶۰) دام تھا، جن میں سے ٹھٹھہ عثمان کے قریب اڑتالیس ہزار سات سو پچاس (۴۸۷۵۰) دام۔ اور بادشاہپور فتا کے قریب چونسٹھ ہزار چار سو دس (۶۴۴۱۰) دام۔

چاہات کی تفصیل

ٹھٹھہ عثمان کے قریب اٹھارہ (۱۸) چاہات تھے:

۱۔ چاہ حبیب ۲۔ چاہ بختاور ۳۔ چاہ خوشحال ۴۔ چاہ محب علی ۵۔ چاہ بدر رانجھ ۶۔ چاہ شیر او لیعقوب ۷۔ چاہ سوداگر انوالہ ۸۔ چاہ شریف و اسحاق ۹۔ چاہ ملوک ۱۰۔ چاہ فرید ۱۱۔ چاہ عالی ۱۲۔ چاہ منگو ۱۳۔ چاہ باوریانوالہ ۱۴۔ چاہ منو ۱۵۔ چاہ دالانوالہ ۱۶۔ چاہ میاں فتو ۱۷۔ چاہ ماچھی والہ ۱۸۔ یک پراوتی

بادشاہ پور فتا کے قریب چودہ (۱۴) چاہات تھے:

۱۔ چاہ مدر ۲۔ چاہ کاہ کا ۳۔ چاہ مرالی ۴۔ چاہ کالو ۵۔ چاہ بخشا ۶۔ چاہ براہم ۷۔ چاہ حکیم ۸۔ چاہ کمال ۹۔ چاہ سیدا ۱۰۔ چاہ منان ۱۱۔ چاہ کاسب ۱۲۔ چاہ شیرا ۱۳۔ چاہ حمید ۱۴۔ چاہ ماچھو والہ[2]

---

[1] رسالہ احمد بیگ، تذکرہ نوشاہیہ، کنز الرحمت ۱۲ [2] خاندانی مخطوطات و نقول ذاہین و سندات ۱۲ شرافت

Marfat.com

یہ کُل تیئیس ۲۳ کھوہ تھے جو آپ کے قبضہ میں تھے۔

حضرت نوشہ صاحبؒ کے تبرکات

حضرت نوشاہِ عالیجاہؒ کے مندرجہ ذیل تبرکات بحیثیت سجادہ نشین ہونے کے آپ کے قبضہ وتصرف میں تھے:

۱۔ قرآن مجید، جس پر آنجنابؒ تلاوت فرمایا کرتے تھے۔
۲۔ لُنگی مبارک، جو حضرت سخی شاہ سلیمان نوریؒ سے آنجنابؒ کو عطا ہوئی تھی۔
۳۔ عصا مبارک، یہ چوبِ زیتون کا ہے۔
۴۔ دروازہ کی چوکھٹ، یہ آنجنابؒ کے مکان کے دروازہ میں نصب تھی۔
۵۔ کمبل (بھورا سیاہ رنگ)
۶۔ نعلین مبارک

یہ تمام تبرکات آج بھی صاحبزادگانِ سادات برخوردار یہ کے گھروں میں موجود ہیں۔

مقامات

طریقت میں آپ کا مقام بہت بلند تھا۔ اپنے والد صاحب کی طرح مقاماتِ ولایت بہت سارے آپ کو حاصل تھے؛

مقامِ نوشاہیت

حضرت سخی بادشاہؒ نے فرمایا کہ ہم نے حافظ برخوردار کو حاجی نوشہ[1] کا ہم رتبہ بنا دیا ہے کسی بات میں کم نہیں چھوڑا[1]

تو ظاہر ہے کہ جتنے مدارج و مقامات حضرت نوشہ صاحبؒ کو حاصل تھے۔ جیسے قطبیت، غوثیت، امامت، محبوبیت، فردیت۔ ان سب میں سے آپ کو پورا پورا حصہ موصول تھا۔

---

[1] رسالہ احمد بیگ، کنز الرحمت ۱۲ شرافت

Marfat.com

مقامِ قطبیت و غوثیت

حضرت نوشہ صاحبؒ نے آپ کو اپنے مکتوب شریف میں "منصبدارِ معبود" فرمایا ہے[1]۔ اور صاحبِ منصب صوفیائے کرام کی اصطلاح میں قطب الاقطاب کو کہتے ہیں۔ جیسا کہ حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندیؒ نے مکتوبات کے دفتر دوم کے چودھویں مکتوب میں جو مولانا احمد برکیؒ کے نام لکھا ہے تحریر فرمایا ہے،

"آپ نے لکھا تھا کہ مکتوبات میں درج ہو چکا ہے کہ صاحبِ منصب صاحبِ علم ہے۔ میرے مخدوم، قطب الاقطاب صاحب علم ہے اور شہروں کے اقطاب اس کے اجزا اور ہاتھ پاؤں کی طرح ہیں۔"

قطب اور غوث کی تشریح میں نے مقاماتِ برخورداریہ میں تفصیل سے کی ہے اور اگر اس سے بھی زیادہ بسط و شرح کی ضرورت ہو تو میری کتاب شریف التواریخ کی پہلی جلد موسوم بہ تاریخ الاقطاب میں ملاحظہ کیجیے۔

مقامِ محبوبیت

حضرت سخی بادشاہؒ نے آپ کو پہلے مجذوب بنایا۔ پھر ازراہِ شفقت مرتبہ سلوک پر فائز کیا اور آپ مجذوبِ سالک ہوئے[2]

کتبِ مشایخِ کرام سے ثابت ہوتا ہے کہ مجذوبِ سالک محمدی المشرب اور محبوبِ خدا ہوتا ہے۔ محبوبیت سے انس کو پورا پورا حصہ ہوتا ہے۔ چنانچہ حضرت شاہ فقیر اللہ علوی شکارپوریؒ مکتوبات شریف مکتوب ۵۲ میں لکھتے ہیں،

"مجذوبِ سالک از محبوبان ست و سالکِ مجذوب از محبان۔ فرق در محب و محبوب بسیار ست۔ مجذوبِ سالک محمدی المشرب ست۔"

یعنی مجذوبِ سالک محبوبوں سے ہے اور سالکِ مجذوب محبوں سے۔ محب اور محبوب میں بڑا فرق ہے۔ مجذوبِ سالک محمدی المشرب ہوتا ہے۔

مقامِ تمکین

حضرت سخی بادشاہؒ نے آپ کے متعلق فرمایا کہ حافظ برخوردار مرتبہ سلوک پر پہنچ کر اپنے فیض سے عالم کو سیراب کرے گا۔ اور اکثر مخلوق کو ہدایہ ضلالت سے

---

[1] رسالہ احمد بیگ۔ کنز الرحمت ۱۲ [2] رسالہ احمد بیگ۔ ثواقب المناقب۔ نزہۃ الرحمت ۱۲ شرافت

Marfat.com

نکال کر حق کی طرف راہنمائی کرے گا۔

براہِ سلوک آید و آگہی
جہاں را برہ آرد از گمرہی[1]

صوفیہ کرام کی اصطلاح میں اس سے مراد مقامِ تمکین اور قوتِ ارشاد ہے۔ مکتوباتِ شاہ فقیر اللہ علویؒ مکتوب ۵۲ میں ہے:

"مجذوبِ سالک چوں در مقامِ قلب تمکین و رسوخ پیدا کند صحو و معرفتے کہ مناسبِ آں مقام ست اورا میسر میشود و طالباں را فوائد تواند رسانید در صحبت وے انجذاب مر طالباں را حاصل مے شود۔"

یعنی مجذوب سالک جب مقامِ قلب میں تمکین اور پختگی پیدا کر لیتا ہے تو اُس مقام کے مناسب جو صحو اور معرفت ہو اس کو حاصل ہو جاتی ہے۔ طالبوں کو فائدے پہنچا سکتا ہے۔ اس کی صحبت میں طالبوں کو کشش حاصل ہوتی ہے۔

مقامِ بقا باللہ آپ کا مجذوبِ سالک ہونا پہلے لکھا جا چکا ہے۔ اس سے مراد بقا باللہ سے مشرف ہونا ہے۔ چنانچہ مکتوباتِ شاہ فقیر اللہ علویؒ مکتوب ۵۰ میں ہے:

"فالسالکون عاملون علیٰ تحقیق الفناء و المحو و المجذوبون مسلوک بہم طریق البقاء و الصحو" پس سالک لوگ فنا اور محو کی حقیقت میں عمل کرنے والے ہیں۔ اور مجذوب لوگ طریقِ بقا اور صحو پر چلنے والے ہیں۔

مقامِ جمع الجمع مجذوب سالک کو مقاماتِ عشرہ زہد اور توکل اور صبر و رضا وغیرہ کا خلاصہ حاصل ہوتا ہے اور وہ تمام مقامات کا جامع ہوتا ہے اور مقامِ جمع الجمع سے مشرف ہوتا ہے۔ مکتوباتِ شاہ فقیر اللہ علویؒ مکتوب ۵۰ میں اس کی پوری تحقیق مندرج ہے۔

مقامِ محبتِ خاصہ آپ کو محبتِ خاصہ الٰہیہ کا مقام حاصل تھا۔ مجذوب سالک کو شروع سے ہی یہ مقام حاصل ہو جاتا ہے۔ مکتوباتِ شاہ فقیر اللہ علویؒ

---

[1] کنز الرحمت ۱۲ شرافت

Marfat.com

مکتوب ۵۰ میں ہے:

"المجذوب السالک ربّاہ اللہ تعالیٰ من اوّل الامر الیٰ اٰخرہٖ بالمحبۃ الخاصۃ وجذبہٗ الیٰ جناب قدسہٖ بعنایۃ الکاملۃ۔" مجذوب سالک کو ابتدا سے انتہا تک اللہ تعالیٰ نے محبت خاصہ سے تربیت کی ہے اور اپنی کامل عنایت سے اس کو اپنی پاکیزہ درگاہ کی طرف کھینچ لیا ہے۔

مقامِ فردیت

آپ قطب ارشاد تھے جیسا کہ اس سے پہلے گزر چکا ہے۔ اور اس مرتبہ والے کو مقامِ فردیت بھی حاصل ہوتا ہے۔ خواجہ محمد ہاشم کشمیؒ نے زبدۃ المقامات صفحہ ۱۰۴ پر لکھا ہے:

"قطبِ ارشاد کہ جامعِ کمالِ فردیت نیز باشد بسیار عزیز الوجود ست و بعد از قرون بسیار و از منہ بے شمار ایں قسم گوہرے بظہور مے آید و عالمِ ظلمانی را نورِ ظہورِ او میگیرد۔" قطبِ ارشاد جو کمالاتِ فردیت کا جامع ہو بہت نادر الوجود ہے۔ بہت سارے قرنوں اور بے شمار زمانوں کے بعد اس قسم کا نچا موتی ظہور میں آتا ہے اور اس کے ظہور کی روشنی دنیا کے ظلمانی کو منور کر دیتی ہے۔

میں نے آپ کے مقامات پر کتاب مقاماتِ برخوردار میں کافی تفصیل سے کام لیا ہے۔

کرامات

آپ سے خوارق و کرامات بکثرت ظاہر ہوتے تھے۔ کتبِ خاندان میں ان کا تذکرہ پایا جاتا ہے۔ چند کرامتوں کا یہاں بیان کیا جاتا ہے۔

زورِ ولایت

منقول ہے کہ آبادی چک ساہن پال کے وقت مکانات اور مسجد کے واسطے حضرت نوشہ صاحبؒ لکڑی لانے کے واسطے دریا پر تشریف لے گئے۔ ایک بڑی گیلی دریا میں پڑی تھی جس کو ہلانے سے دو سو آدمی عاجز آ گئے۔ آں جنابؒ نے آپ کو فرمایا، برخوردار! ایک طرف سے ہم پکڑتے ہیں دوسری طرف سے تم پکڑو۔ چنانچہ دونوں باپ بیٹا نے گیلی کو اٹھا کر کنارہ کے اوپر پھینک دیا۔ اگرچہ کنارہ بہت اونچا تھا تاہم چند گز اوپر اٹھ کر کنارہ پر گری۔ سب لوگ حیران رہ گئے۔ آں جنابؒ نے فرمایا، برخوردار! ہم نہ جانتے تھے کہ تم اس قدر

Marfat.com

ملاقت رکھتے ہو اور تمہارا زورِ ولایت اس قدر اعلیٰ مرتبہ پر ہے۔

ایک درویش کا فیض سلب کرنا

منقول ہے کہ ایک مرتبہ آپ مفتیانِ بچہ پیٹھ کے ہمراہ کسی شادی کی تقریب پر موضع منیس میں تھے۔ جلی نام فقیر کے پاس رات رہے۔ وہ حضرت نوشہ صاحبؒ کا درویش صاحبِ اسم و حال تھا۔ اس نے ازراہِ غرور و نخوت و عُجب آپ کی خدمت کرنے سے لاپروائی کی اور روٹی پانی تک نہ پوچھا۔ دوسرے دن جب روانہ ہوئے تو مفتیوں نے آپ کو طعنہ دیا کہ یہ آپ کے مرید کیسے ہیں؟ جنہوں نے پروا تک نہیں کی۔ آپ نے اُس وقت ازراہِ غیرت اُس درویش کے حال پر توجہ فرمائی اور اس کا فیض سلب کر لیا۔ جلی مذکور خود بیان کرتا تھا کہ جس وقت آپ مجھ پر ناراض ہوئے تو میری حالت بگڑ گئی۔ سر کے بال خود بخود جھڑ گئے۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ کوئی شخص قینچی سے میرے بال کتر رہا ہے۔ اُس روز سے میں خستہ حال ہو گیا۔[1]

بوہل کا نظروں سے غائب ہو جانا

آپ کے فرزند سوم سید رحمت اللہ عارفؒ سے منقول ہے کہ ایک مرتبہ آپ اگروہ میں فصل کے موقعہ پر غلّہ گندم صاف کرانے کے واسطے تشریف لے گئے۔ کارندوں نے غلّہ صاف کر کے آپ کا کمبل بوہل (ڈھیر) پر ڈال دیا۔ حاکم پرگنہ ہیلاں اُس روز اگروہ میں آیا ہوا تھا اور حکم دیا تھا کہ میری اجازت کے بغیر کوئی شخص غلّہ صاف نہ کروائے۔ اور آس پاس کے دیہات میں بھی اپنے محصل بھیج دیے۔ ایک محصل نے اُس کے پاس شکایت کی کہ فلاں شاہ صاحبؒ نے سرکاری اجازت کے بغیر غلّہ صاف کروا لیا ہے۔ حاکم نے غصہ سے بڑا پیچ و تاب کھایا اور آپ کی گرفتاری کے واسطے موقعہ پر آیا اور کہا وہ بوہل مجھے دکھاؤ۔ آپ نے ایسا تصرف کیا کہ وہ بوہل سب کی نظروں سے غائب ہو گیا۔ انھوں نے ہر چند تلاش کیا مگر نظر نہ آیا۔ کئی مرتبہ ان کے ہاتھ غلّہ پر گئے لیکن سب پر صم بکم عمی فھم لا یبصرون کا پردہ پڑ گیا۔ آخر وہ حاکم ناکام واپس چلا گیا۔[2]

---

[1] تذکرہ نوشاہیہ ۱۲ [2] تذکرہ نوشاہیہ۔ کنز المعرفت [3] تذکرہ نوشاہیہ ۱۲ شرافت

Marfat.com

منکر کا سزا پانا منقول ہے کہ جب وہ حاکم ہیلاں پہنچا تو جاتے ہی اس قدر بیمار ہو گیا کہ مرنے کے قریب پہنچ گیا۔ اس کو اپنی غلطی کا احساس ہوا تو دوسرے روز ایک سپاہی کے ہاتھ مبلغ پانچ روپے نذرانہ بھیجا اور آپ کے حضور میں معذرت کی کہ وہ سب شرارت محصل کی تھی میرا اس میں کوئی قصور نہ تھا۔ لہذا مجھے معاف کر دیا جاوے۔ آپ نے اس کے حق میں دعائے خیر فرمائی تو وہ بہت جلدی شفایاب ہو گیا [1]

تصنیفات

جوامع الاسرار آپ کے دستِ مبارک کی چند متفرق تحریرات مجھ کو اپنے جدی کتب خانہ سے دستیاب ہوئیں، جن کو میں نے ۱۳۴۳ھ میں کتابی صورت میں بنام جوامع الاسرار جمع کر دیا ہے ان کی تفصیل یہ ہے:

۱۔ دعائے کیمیائے سعادت۔ یہ دعائے ماثورہ ہے۔ اس کے پچاس کلمات ہیں۔ پہلا کلمہ یہ ہے:

"اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الرَّبُّ وَاَنَا الْعَبْدُ فَمَنْ یَّدْعُ الْعَبْدَ اِلَّا الرَّبَّ یَا رَبُّ"

۲۔ دعائے سامع الدعا۔ یہ حضرت امام ابو الحسن علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہٗ کی زبان پاک سے ہے۔ بترتیب حروف تہجی مخمس منظوم ہے۔ اکتیس اشعار ہیں۔ پہلا شعر یہ ہے: ؎

یَا سَامِعَ الدُّعَاءِ وَیَا رَافِعَ السَّمَاءِ وَیَا دَائِمَ الْبَقَاءِ وَیَا وَاسِعَ الْعَطَاءِ
لِذِی الْفَاقَةِ الْعَدِیْمِ"

۳۔ مناجات غوثیہ منظوم فارسی۔ یہ ستر اشعار ہیں۔ یہ آپ کے زورِ طبع کا نتیجہ ہے۔ اس کا پہلا شعر یہ ہے: ؎

"یا دُودمانِ مصطفےٰ یا شیخ عبدالقادرا
یا خاندانِ باصفا یا شیخ عبدالقادرا"

---

[1] تذکرہ نوشاہیہ ۱۲ شرافت

Marfat.com

۴۔ مناجات غوثیہ منظوم پنجابی۔ یہ بیالیس[۴۲] اشعار ہیں۔ یہ بھی آپ کی زبان پاک سے ہیں۔
پہلا شعر یہ ہے: ؎

"توں واہ مقبول الٰہی ہیں توں حاکم آمر ناہی ہیں
توں صاحب سیف سپاہی ہیں یا عبدالقادر جیلانی"

مکتوبات

آپ کے دو مکتوب شریف یہاں درج کیے جاتے ہیں:

مکتوب اوّل بنام مولانا عبداللہ لاہوریؒ

یہ مکتوب شریف بزبانِ عربی ہے۔ اس کے رسم الخط اور طرزِ تحریر سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ مکتوب آپ کا ہے جو آپ نے اپنے دوست مولانا مولوی عبداللہ لبیبؒ کے نوازش نامہ کے جواب میں ان کو بھیجا تھا۔ اس کی عبارت بڑی مسجع ومقفّٰی اور فصیح وبلیغ ہے۔ جس سے پتہ چلتا ہے کہ آپ اپنے زمانہ کے بہترین ادیب وانشاء پرداز بھی تھے۔

"تسلیمات نامیات تسیط کلفۃ الشطن۔ وتحیات رزیات تذکر الفۃ الوطن۔ علیٰ نور حدقۃ الفضائل۔ ونور حدیقۃ الفواضل۔ الفاضل الادیب الاریب۔ العالم الحسیب النسیب اللبیب۔ الواصل الی العمایق والاکناہ۔ صنوی الاجل المولوی عبداللہ۔ حرسہ اللہ وابقاہ۔ والیٰ مایتمناہ رقاہ۔ وبعد اھداء وظائف التسلیم۔ واداء تحایف التعظیم۔ فان احوال الاثیم السقیم۔ الیٰ زمان التحریر والترقیم۔ وھو یوم الثلثاء خامس عشر شھر اللہ العظیم۔ الذی فیہ اھلک اللہ الافاک اللئیم الزنیم۔ عدو الرسول الکریم۔ وبوّاہ فی دار البوار والجحیم۔ وسقاہ غساق العذاب الالیم والحمیم فمقرونۃ بحمد اللہ الحلیم۔ ھو بعبادہٖ رحیم۔ وصحت ذاتکم مسئولۃ من لطفہ الشامل العمیم۔ الذی یحیی بہ العظم الرمیم۔ ثم انہ قد ورد الیّ منکم فی اسعد حال۔ وابین مال۔ کتاب اخصر قد نطق علیٰ احوالکم بالاجمال۔ فحمدت اللہ الملک

Marfat.com

المتعال ۔ ذاالاکرام والجلال ۔ علیٰ سلامتکم التی ھی لنا غایۃ الامانی ونہایۃ
الامال ۔ ولازلتم علیھا بمحمد وآلہ خیر ال ۔ سلام اللہ علیھم مالمع ال ۔ و
ملع ر ال ۔ وطلع ھلال ۔ وسمع اھلال ۔ واما احوال ھذا المحل ۔ فمثل ما
کانت فی الجدب والمحل ۔ فمذ سعرت الغلات غلی ۔ ما من قدر غلی ۔ ومن ادعی
رؤیۃ تناول الاقوات فی الاحلام ۔ فیعزیہ الناس الی الجنون وسلب الاحلام ۔
حیث ان الذیب از ال المنام ۔ من الانام ۔ ولوحاولت شرح قحط ھذا البلد
الخراب ۔ لماھنی لکم الطعام وماساغ لکم الشراب ۔ حیث ان مھانہ
دڑ تکلتہ الثکول ۔ حال للخلق بینھم وبین الماکول ۔ وھذا علی الشیاع موکول ۔
وایقنوا بانۃ لایسکن فی ھذہ الاطراف ۔ غیر المثرین واھل الاترات ۔ الذین الروفیات
عندھم الیسر من الاخزاف ۔ فلا یضرھم الغلاء ۔ کما لا یضر المحیط اخراج
مائہ بالدلاء ۔ واما نحن فلا یخفی علیکم احوالنا فانا کنا فی الخصب والریف ۔
نمضی ایامنا فی الافتیاق بالشتاء والصیف ۔ فما حالنا فی ھذا الازام الذی
الاغنیاء منہ یؤثرون الفرار علی القرار ۔ وبالجملۃ لیس بممکن ان یوجد
فی الاسواق حبۃ منھا وان باع من باع فذا علیٰ سبیل الاستتار ۔ حتی اشتریت
بالروفیۃ الجدیدہ ثلثۃ اصوع من الارز وماکان من اجود اصنافہ ثم
بذلت الجھد مرۃً اخریٰ فی تحصیلہ ولم اجد بعد ۔ وھذا نزیر من غزیر ۔ و
یسیر من کثیر ۔ ثم اجمعوا خاطرکم الشریف فانا نحن بحمد اللہ فی عافیۃ
کافیۃ ۔ وسلامۃ وافیۃ ۔ مع الصغار والکبار والسلام علیکم وعلیٰ من لدیکم ۔

مکتوب دوم بنام حضرت نوشہ صاحبؒ

یہ مکتوب فارسی زبان میں ہے۔ جن ایام میں آپ لاہور میں تھے اور نواب سعد اللہ خاں وزیر اعظم ہندوستان نے آپ کی خوشنویسی کو ملاحظہ کر کے آپ کو دربار شاہی سے منصب دلانا چاہا تھا تو آپ نے اپنے والد ماجد حضرت نوشاہِ عالیجاہؒ کے نام یہ مکتوب ان کو حقیقتِ حال سے آگاہ کرنے کے لیے بھیجا تھا ؛

Marfat.com

هو اللہ

"مظہر تجلیاتِ الٰہی، حافظ اسرارِ نامتناہی، قاسمِ فیوضِ قادریہ، مرشدِ امتِ محمدیہ، قطبِ دوران محبوبِ سبحان، حضرت والد ماجد ادام اللہ ظلہ علیٰ مرؤس الاولاد و المسترشدین الیٰ یوم الدین۔ ازیں صوب بندہ حقیر فقیر برخوردار بعد سلام سنتِ سیدِ انام علیہ الصلوٰۃ والسلام۔ معروض رائے فیض انتمائے میگرداند۔ ازانجا کہ بتوجہ ذاتِ قدسی صفات ملکۂ مولویت وفاضلیت کہ موجبِ حصولِ کمالات ومورثِ نتایج حسنات ست باین ذرہ بے مقدار از اشفاقِ اساتذۂ روزگار بہرہ رسیدہ بود۔ ورسم خط نسخ ونستعلیق نیز درخورِ استعداد از خطاطانِ لاہور بدست آمدہ بود۔ دریں ولا از اتفاقاتِ حسنہ جزوے از مرقومات فقیر بنظرِ گرامی وزارت پناہ نواب سعد اللہ خاں آمدہ موجبِ ازدیادِ شوقِ او گشت۔ او از راہِ فنون شناسی از حسنِ خط خوشوقت شدہ مرا بحضورِ خود طلبیدہ بمراحمِ خسروانہ بنواخت۔ وبتعظیم وتفخیم مراعاتِ بسیار نمود وبالطافِ کمال میخواہد کہ مرا در مقربانِ بارگاہِ سلطانی بعزِ منصب داری سرفراز سازد۔ ازانجا کہ ایں فقیر اطاعتِ والدین را سعادتِ دارین مے انگارد۔ لہذا بخدمتِ فیض موہبت آں قبلہ گاہِ بلا اشتباہ حقیقتِ حال بعرض رسانیدہ مترصدِ ارشادِ لازم الانقیاد ست آیندہ ہرچہ رضا۔ ؎

چگونہ باز در پرواز آید
عنانِ او بدستِ بازوارست"

جب یہ مکتوب حضرت نوشہ صاحبؒ کی خدمت میں پہنچا تو اُنھوں نے یہ جواب لکھ کر بھیجا:

"اللہ ورسولہٗ۔ رفیع القدر برخوردار، منصبدارانِ معبود را لایق نیست کہ منصب عبد اختیار کنند۔ برخاستہ بخانہ بیایند ؎

بدست آہکِ تفتہ کردن خمیر
بہ از دست بستن بہ پیشِ امیر

چنانچہ آپ نے اِس حکم کی تعمیل میں شاہی ملازمت اور منصب حاصل کرنے سے انکار کر دیا۔

Marfat.com

دستخط آپ کے ہاتھ مبارک کی چند تحریرات مجھے ملی ہیں جن میں سے کتاب فصوص الحکم نامکمل، اور کتاب شریفیہ مکمل میرے پاس موجود ہیں۔ شریفیہ کے خاتمہ سے آپ کا دستخط نقل کیا جاتا ہے:

"تمت الحواشی الشریفۃ الشریفیۃ علی المتوسط بید الفقیر الحقیر برخوردار بن شیخ حاجی محمد فی موضع صادق پور ساہن پال من اعمال پرگنہ تپہ رسول پور ھیلاں"

ملفوظات

آپ کو علم سے خاص شغف تھا۔ آپ فرماتے تھے کہ علم کی محبت خدا تعالیٰ کی کمال مہربانی ہے، جس کے دل میں چاہتا ڈالتا ہے۔

مورخین کے اقوال

آپ کی تعریف میں کتاب رسالہ احمد بیگ، تواقب المناقب، تذکرہ نوشاہیہ، تحایف قدسیہ، کنز الرحمت، خزینۃ الاصفیا، حدیقۃ الاسرار، تحفۃ الابرار، گنجینہ سروری، تذکرہ اولیائے ہند، گلزار نوشاہی مصنفہ سائیں جیون شاہ، خزینۃ الفقرا، تحایف اصفیا وغیرہ میں بہت کچھ لکھا ہے۔ یہاں طوالت کے خوف سے نقل نہیں کیا۔ مقاماتِ برخورداریہ میں سب کی عبارتیں درج ہیں۔

اولادِ کرام

آپ کی شادی بمقام ٹیکے ہنجرا، ضلع گوجرانوالہ، حضرت شیخ فرید عرف جوتیہ کی صاحبزادی سے ہوئی۔ شیخ صاحب اُس دیار کے مشہور مشایخ سے تھے۔ اِنھیں بی بی صاحبہ کے بطن سے اولاد ہوئی۔ آپ کے، چھ بیٹے اور ایک بیٹی تھی۔ بیٹوں کے نام یہ ہیں:

(۱) حضرت سید عنایت اللہ زاہدؒ (۲) حضرت سید سعد اللہ حکیمؒ

Marfat.com

۳۔ حضرت سید رحمت اللہ عارفؒ (۴) حضرت سید نصرت اللہ محدثؒ

۵۔ حضرت سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوان (۶) حضرت مولانا سید حافظ جمال اللہ فقیہِ اعظمؒ

ان سب کے حالات دوسرے طبقہ کے تیسرے باب میں آئیں گے اور فرزند اصغر کے حالات اِس طبقہ میں بھی آتے ہیں۔ اِن شاءَ اللہ

آپ کی بیٹی کا نام معلوم نہیں ہو سکا۔ ان کا ایک بیٹا شیخ عبدالجلیل نام مشہور بزرگ گزرا ہے جو اپنے ماموں صاحب حضرت سید شاہ عصمت اللہؒ کا مرید و خلیفہ تھا۔ اس کی تصنیف سے ایک کتاب بھی ہے۔

یارانِ طریقت

آپ نے اپنے والد بزرگوار کے بعد مسندِ خلافت کو انتیس برس تک زینت بخشی اور بیشمار مخلوق کو فیضِ باطنی سے نوازا۔ بعض خواص یاروں کے نام یہ ہیں:

۶۔ آپ کے چھیوں صاحبزادے جن کے نام اوپر لکھے گئے ہیں آپ کے مرید و خلیفہ بھی تھے۔

۷۔ روشن ضمیر بن رحمان قلی تارڑ ساہن پال شریف

۸۔ خان محمد بن محمقلی تارڑ 〃

۹۔ عبدالخالق بن محمد قلی تارڑ 〃

۱۰۔ عبدالقادر بن محمد قلی تارڑ 〃

۱۱۔ محمد باقر بن محمد قلی تارڑ 〃

۱۲۔ میاں رحمان بن اُستا جانی نجار 〃

۱۳۔ جودھ مسبدار بن صاحب علی تارڑ اگرویہ

۱۴۔ ابوالخیر بن صاحب علی تارڑ 〃

۱۵۔ وہاب بن صاحب علی تارڑ 〃

۱۶۔ محسن بن صاحب علی تارڑ 〃

۱۷۔ شادمان بن صاحب علی تارڑ 〃

Marfat.com

۱۸۔ ابوؔ بن محب علی تارڑ — اگرویہ
۱۹۔ بہادرؔ بن محب علی تارڑ — 〃
۲۰۔ جیواؔ بن محب علی تارڑ — 〃
۲۱۔ ہیتمؔ بن شریف تارڑ — 〃
۲۲۔ عنایتؔ بن بکھا تارڑ — 〃
۲۳۔ نورنگؔ بن بکھا تارڑ — 〃
۲۴۔ بختاورؔ بن بکھا تارڑ — 〃
۲۵۔ ہندالؔ بن امید تارڑ — 〃
۲۶۔ غریبؔ بن بندا میراثی — 〃

مدحیات

آپ کی مدح شریفؔ میں بزرگوں نے بہت کچھ لکھا ہے۔ یہاں صرف ایک نظم مرزا احمد بیگ لاہوریؒ کی لکھی جاتی ہے، ؎

کاشفِ فیضِ عالمِ اسرار — پیرِ آفاق شاہِ برخوردار
صبر و شکر و رضا و خوف و رجا — پیشہ اش بود زہد و طاعتہا
صائمِ دہر قائمِ شب بود — گوئے سبقت ز اولیا بر بود
بسخاوت امامِ اہلِ جہاں — بشجاعت یگانۂ دوراں
علمِ ظاہر کمال از برداشت — فیضِ باطن بجانِ عالم کاشت
داشت با حق ہمیشہ ناز و نیاز — در دلش جذبِ عشق و سوز و گداز
گاہ در سنگر گاہ اندر ہوش — سالکِ راہ فقر و بس خاموش
نامِ او بر زبانِ جن و ملک — مدحِ او وردِ ساکنانِ فلک
نظرش کیمیائے دلہا بود — کرمسِ قلب را طلا بنمود
طالبانِ جمالِ دے ہر آں — ہم چو پروانہ بر درش سوزاں

Marfat.com

بیشک او نوشتۂ زماں بودہ　　پائے در راہِ عشق فرسودہ
یک نظر گر کند بحالِ گدا　　میشود شاہبازِ اوجِ بقا
ہست احمد غلامِ درگہِ وے　　میکند راہِ عشق ہر دم طے

تاریخِ وفات

مخزن الاسرار مطلع انوار حضرت سید حافظ برخوردار بحر العشق کا وصال بروز اتوار ۱۵ ذیقعد ۱۰۹۳ھ / ۱۵ نومبر ۱۶۸۲ء مطابق سمت ۱۷۳۹ ب کو بعہد سلطنت اورنگ زیب عالمگیر ہوا۔ مزار شریف گورستانِ نوشاہیہ میں درگاہِ حضرت نوشاہِ عالیجاہ سے مشرقی جانب بلند چبوترہ پر سنگِ مرمر کا بنا ہوا ہے۔

قطعہ تاریخ

از مولوی محمد عبدالرشید صاحب محبوب رقم عادل گڑھی

حافظِ نیک بخت برخوردار　　کہ پئے خادمان بود پناہ
قطبِ اقطاب عالم و فاضل　　عابد و زاہد و حبیبِ الٰہ
یادگارِ خلافتِ عظمیٰ　　شد وفاتش بماہ ذی قعدہ
ہاتفِ غیب گفت تاریخش　　کہ بخواں بہ خلیفہ نوشہ ۱۰۹۳ھ

مادہ ہائے تاریخ

۱۔ آیت شریف اِنْ کُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰہَ　　۱۰۹۳ھ
۲۔ امام اعظم　　۱۰۹۳ھ
۳۔ قطب المشایخ　　۱۰۹۳ھ

۱؎ رسالہ احمد بیگ　۲؎ لطائف گل شاہی　۳؎ تقویم تاریخی ۱۲　شرافت
۴؎ سید حافظ برخوردار کا کچھ ذکر اسی جلد کے طبقہ دوم میں آئے گا۔　شرافت

Marfat.com

شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حافظ
جمال اللہ فقیہِ اعظم نوشاہی
قدس سرہٗ

درمناقب ذاتِ پاکِ شاہ جمال اللہ پیرؒ
بود سجادہ نشینِ نوشہ والا مکاں

قدوۂ زاہدانِ عالی جاہ — حضرتِ پاک شاہ جمال اللہؒ
مہبطِ فیض و مظہرِ اسرار — مقتدائے جہان شاہنشاہ
محو در ذاتِ حق ہمے بودے — ذاکرِ حق مدام شام و پگاہ
واقفِ رازِ لی مع اللہ بود — مست ہر دم بشوقِ ذاتِ الٰہ
بندۂ آستاں شرافت ہست — از دل و جان خادمِ درگاہ

اوصافِ جمیلہ آپ جامع الفضائل والفواضل، مستجمع الصفات والخصائل، مورد الطافِ الٰہیہ، مخزن اعطافِ ربانیہ، قدوۃ العلما والاولیا، عمدۃ الفقہا والاصفیا، صاحبِ علم وفضل وزہد وتقویٰ وعبادت وریاضت تھے۔ آپ حضرت سید حافظ محمد برخوردار بحر العشقؒ بن حضرت نویشہ گنج بخشؒ کے فرزندِ اصغر اور مرید وخلیفہ اکبر وسجادہ نشین تھے فقر وطریقت میں شانِ ارجمند رکھتے تھے۔

آپ کی والدہ ماجدہ حضرت شیخ فرید عرف جوئیہ کی صاحبزادی تھیں جو ٹیکے ہنجرا ضلع گوجرانوالہ کے باشندہ تھے اور حضرت سید محکم الدین محمد مقیم گیلانی قادری حجرویؒ کے مرید تھے۔

نام ولقب آپ کا نام نامی جمال اللہ، کنیت ابوالحیات، القاب فقیہ اعظم، صوفی وغیرہ تھے۔

تاریخِ ولادت آپ کی ولادت ۱۰۷۸ھ/ مطابق ۱۶۶۸ء میں بمقام ساہن پال شریف ہوئی۔ تاریخی نام نذر حسین۔

Marfat.com

تربیت و تعلیم آپ نے اپنے والد بزرگوارؒ کی گود میں تربیت پائی۔ چونکہ آپ سب بھائیوں سے چھوٹے تھے اس لیے والد ماجد آپ کی تربیت کا خاص خیال رکھتے تھے۔ قرآن مجید بھی آپ نے ان سے ہی حفظ کیا اور ابتدائی تعلیم پائی۔

علم کی محبت آپ کے دل میں علم کی محبت اس قدر تھی کہ ایک گھڑی بھی علمی شغل سے فارغ نہ رہتے۔ اپنے تمام بھائیوں سے لیاقت و ذہانت میں اعلیٰ مرتبہ تھے۔ جناب والد صاحبؒ آپ کی بہت تعریف کیا کرتے تھے[1]

تحصیلِ علوم والد بزرگوارؒ سے تعلیم پانے کے بعد آپ قصبہ بچہ چٹیاں (ضلع گوجرانوالہ) میں جو اُس زمانے میں دینی درس گاہ تھا، داخل ہوئے۔ مولانا حافظ شکر اللہ اور مولانا مفتی محمد صدیق صاحبؒ حنفی وغیرہ اساتذہ سے پڑھنا شروع کیا[2]

استادوں کی شفقت دونوں مولانا صاحبان آپ کے ساتھ بڑی محبت رکھتے اور دوسرے سب شاگردوں سے بڑھ کر آپ پر شفقت کرتے۔ کھانا اپنے ساتھ کھلاتے اور علم پڑھانے میں نہایت کوشش فرماتے[3]

مطالعہ کا شوق آپ دریائے علم میں ایسے مستغرق تھے کہ زمانہ طالب علمی میں تین تین ماہ کے بعد حویلی سے باہر نکلتے۔ ہر وقت مشغلہ علم میں مصروف رہتے۔ صاحب تذکرہ نوشاہیہ نے خود حضور کی زبان سے نقل کیا ہے۔ آپ فرماتے تھے کہ شام کی نماز پڑھ کر ہم مطالعہ میں بیٹھتے تو اس میں ایسے محو ہوتے کہ فجر تک اسی طرح بیٹھے رہتے۔ دن بھی اسی طرح مطالعہ میں گزر جاتا۔ رات کا کھانا صبح تک پڑا رہتا اور صبح کا کھانا رات تک علمی اشتغال کی وجہ سے کھانے کی فرصت نہیں ملتی تھی۔ سوائے علم کے کسی چیز کی محبت ہمارے دل میں نہ رہی۔ اکثر یہ شعر زبان پر ہوتا ؎

لذاتِ دنیوی ہمہ ہیچ اند نزدِ من
غیر از شبے مطالعہ در روز درس نیست

---

[1] و [2] تذکرہ نوشاہیہ ۱۲ شرافت

Marfat.com

کشفِ علوم زمانۂ تعلیم میں ایک روز تعطیل والے دن آپ بچہ سے چل کر بخدمت و ملاقات حضرت شیخ عبدالرحمٰن پاکؒ بمقام بھڑی تشریف لے گئے۔ ایک دن اُن کے پاس رہے، دُوسرے روز صبح کو روانگی کا ارادہ کیا تو حضرت پاک صاحبؒ نے ٹھہرنے کا ارشاد فرمایا۔ آپ نے کہا میرا مطالعہ کا ناغہ ہو جائے گا۔ اُنھوں نے فرمایا: "صاحبزادہ صاحب! آج ہمارے پاس رہو ہم آپ کا مطالعہ کر دیں گے۔" چنانچہ اُس روز سے آپ پر علم لدنی کے دروازے کھل گئے۔[1]

سندِ فضیلت تذکرہ نوشاہیہ سے ثابت ہوتا ہے کہ آپ ستائیس سال تک علم پڑھنے میں مشغول رہے۔ اور کتاب ستر مکتوم میں ہے کہ آپ چھتیس برس تک علم حاصل کرتے رہے۔

آپ کو علوم صرف، نحو، منطق، فلسفہ، کلام، فقہ، اصولِ فقہ، حدیث، اسماء الرجال، تفسیر، قرأت، فرائض، تصوف، اعداد الوفق، ادب، معانی، بیان، بدیع، طب، ہیئت، ہندسہ، حکمت وغیرہ میں پورا عبور ہو گیا۔ اساتذہ نے آپ کو دستارِ فضیلت پہنا کر اور سندِ علم دے کر رخصت کیا۔

بیعت و خلافت آپ نے آغازِ طالب علمی میں ہی اپنے والد بزرگوار حضرت مولانا سید حاجی حافظ محمد برخوردار بحر العشق نوشاہیؒ کے ہاتھ پر بیعت کی اور تھوڑے عرصہ میں سلوک قادریہ نوشاہیہ پورا کر کے خلافت حاصل کی۔ والد بزرگوارؒ کے بعد حضرت پاک صاحبؒ بھڑی والہ سے بھی فیضِ صحبت پایا۔[2]

معاصرین علماء پر تفوق جب آپ فارغ التحصیل ہو کر واپس ساہن پال تشریف لائے تو لوگوں کا رجوع آپ کی طرف ہوا۔ علمائے وقت کو آپ سے حسد پیدا ہو گیا۔ آپ کی قبولیتِ عامہ کو سہار نہ سکے۔ اتفاقاً اُن ایام میں حافظ یار محمد کنگروہؒ کا انتقال ہو گیا۔ اُن کے جنازہ پر سب علماء نے آپ کو زک پہنچانے اور لاجواب کرنے کی غرض سے

---

[1] ستر مکتوم ۱۲ [2] گلزار فقرا ۱۲ شرافت

Marfat.com

متفقہ طور پر ایک دقیق مسئلہ آپ کے پیش کیا۔ آپ نے اُس کے جواب میں ایسی فاضلانہ تقریر فرمائی کہ سب سامعین بڑے محظوظ ہوئے۔ اور علماء کو جواب شافی و مسکت حاصل ہوا۔ اُس روز سے تمام علمائے وقت آپ کے مطیع ہو گئے۔

فتویٰ نویسی جب آپ کے علوم کا شہرہ ہوا تو حکومت کی طرف سے آپ کو مسندِ افتاء ملا۔ آپ فتویٰ لکھتے۔ تمام پرگنہ سے مسائل مشکلہ آپ کے پیش ہوتے۔ آپ اُن کے جواب باصواب مدلل بدلائل شرعیہ تحریر فرماتے۔ آپ کا فتویٰ تمام علماء میں منظور و مقبول ہوتا۔

درس گاہ جاری کرنا آپ نے اپنے جدِ بزرگوار قطب الاولیاء والمشایخ حضرت نوشہ گنج بخشؒ کی درگاہِ عالیہ میں ایک دارالعلوم قایم کیا جس میں دُور دُور سے لوگ آکر تعلیم پاتے تھے۔ شاگردوں کو سبق دیتے وقت آپ ایسے نکتہ ہائے عجیب اور لطیفہ ہائے غریب بیان فرماتے کہ اس سے بہتر تقریر کرنا مشکل ہے۔

قوتِ حافظہ حضور کا حافظہ ایسا قوی تھا کہ طلباء کو درس دیتے وقت آپ فرماتے کہ یہ لفظ میری کتاب میں فلاں صفحہ اور فلاں سطر پر تھا۔ اور ہمارے استاد صاحبؒ نے ہم کو سبق پڑھاتے وقت فلاں تقریر فرمائی تھی حالانکہ اس بات کو پچاس سال گزر چکے تھے۔

مناظرہ میں فتح آپ کو اپنی والدہ صاحبہؒ نے دُعا کی تھی کہ اللہ تعالیٰ تم کو ہر میدان میں فتح دیا کرے گا۔ چنانچہ جہاں کہیں علمی مناظرہ ہوتا آپ مظفر و منصور رہتے۔

معمولات

آپ ہمیشہ نصف رات کو اُٹھ کر نوافلِ تہجد ادا فرماتے اور اس کے بعد ذکر و فکر میں مشغول ہو جاتے۔ اشغالِ قادریہ کے پورے پابند تھے۔ شغل پاس انفاس کا ہر دم وِرد تھا۔

سلطان الاذکار آپ کے صاحبزادہ حضرت سیّد حافظ محمد حیات ربانیؒ سے روایت ہے کہ جب حضور خوابِ استراحت میں ہوتے تو آپ کے قلب سے ذکر ھُو ھُو کی آواز ظاہر ہوتی تھی۔ اور سب حاضرین بگوشِ ظاہر سنتے تھے۔

۱؎ و ۲؎ و ۳؎ و ۴؎ و ۵؎ و ۶؎ تذکرہ نوشاہیہ ۱۲ شرافت

Marfat.com

اِس واقعہ سے ثابت ہوتا ہے کہ سلطان الاذکار آپ کو جاری تھا۔

ریاضت و مجاہدہ آپ ریاضات شاقہ اور مجاہدات میں ہر دم مصروف رہتے۔ جہادِ اکبر سے ایک دم فراغت نہ پاتے۔ نفس کشی آپ کا شیوہ تھا۔ زیادہ اوقات تفکر میں مشغول رہتے تھے[1]

مشربِ توحید آپ تصوف و معرفت میں استادِ کامل تھے۔ معمہائے مشکل اپنی لطافتِ طبع اور تیزیِ فہم سے حل فرمایا کرتے۔ آپ توحید وجودی کا مشرب رکھتے تھے[2]

اخلاق و عادات

آپ کے عادات و اطوار سلفِ صالحین سے ملتے تھے۔ اخلاقِ محمدی کا مجسمہ نمونہ تھے

تواضع و انکسار آپ بڑے متحمل مزاج، بُردبار، پُرحوصلہ تھے۔ ہر ایک سے تواضع سے پیش آتے۔ طبیعت میں غصہ بہت کم آتا تھا۔ البتہ متکبروں اور مغروروں کے ساتھ سخت برتاؤ کرتے تھے[3]

امرا سے نفرت آپ صاحبِ قناعت و تقویٰ تھے۔ اہلِ دنیا اور امیروں سے احتراز کرتے۔ اور ان کی صحبت سے متنفر رہتے۔ حکامِ وقت میر احمد خاں فوجدار گجرات۔ اور میر جعفر خاں تھانیدارِ ہیلاں وغیرہ بہت کوشش کرتے کہ حضور ہمارے پاس تشریف لے چلیں۔ مگر آپ ہرگز قبول نہ فرماتے تھے[4]

فضائل و کمالات

آپ کی ذاتِ گرامی جامع فضائل و کمالات تھی۔ مکارمِ اخلاق آپ کا شیوہ تھا۔

فضائل اربعہ صاحبِ تذکرہ نوشاہیہ نے لکھا ہے کہ حضرت نوشہ صاحبؒ کے چار پوتے چار فضیلتوں سے معمور تھے:

---

[1] و [2] و [3] و [4] تذکرہ نوشاہیہ ۱۲ شرافت

Marfat.com

۱۔ حکمت میں سید سعد اللہ حکیم برخورداریؒ

۲۔ معرفت میں سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوان برخورداریؒ

۳۔ علومِ شریعت میں سید حافظ جمال اللہ فقیہ اعظم برخورداریؒ

۴۔ سخاوت میں سید محمد سعید دُولہا ہاشمیؒ[1]

حضوری غوثیہ

آپ حضرت غوث الاعظم شیخ سید عبدالقادر جیلانیؒ کے حضوری تھے۔ درگا
غوثیہ میں آپ کو بہت مقبولیت حاصل تھی۔[2]

مقامات

آپ کو فقر۔ مدارجِ بلند اور مقاماتِ ارجمند نصیب ہُوئے۔

مقامِ قطبیت

حکامِ وقت بارہا آپ کو ملازمت کے واسطے مجبور کرتے۔ مگر آپ فرمایا کر
"ہم منصب دارِ معبود ہیں۔ خدا کا منصب پا کر بندے کا منصب اختیا
کرنے سے کیا حاصل۔"[3] منصب دارِ معبود کے لفظ سے ثابت ہوتا ہے کہ آپ قطبِ وقت تھے
کیونکہ اس طائفہ علیہ کی اصطلاح میں صاحبِ منصب قطب الاقطاب کو کہتے ہیں۔ جیسا کہ مکتو
امام ربانی صاحبؒ کے جلد دوم کے چودھویں مکتوب میں درج ہوا ہے۔ ... ت اس سے
پہلے حضرت مولانا سید حافظ محمد برخوردار بحر العشقؒ کے حالات میں بلفظہٖ درج ہو چکی ہے۔
نیز اس کی پوری تشریح و تفصیل میں نے آپ کی سوانح حیات موسوم بہ مآثر الجمال میں
کی ہے۔

تمام مراتب فقر کا حصول

آپ بارہا فرمایا کرتے: "مراتب و منازلِ فقر اچھ
چراغ در دستِ خود مے بینم۔"[4] فقیروں کے مرا
اور منزلیں چراغ کی طرح میں اپنے ہاتھ میں دیکھتا ہوں۔
اس سے ثابت ہوتا ہے کہ فقرا کے سب مراتب جامعیت کے طور پر آپ کو حاص

---

[1] و [2] و [3] و [4] تذکرہ نشاہیہ ۱۲ شرافت

Marfat.com

خوارق وکرامات

آپ سے اکثر کرامات ظاہر ہوتے تھے۔ آپ کی زبان سے جو کچھ نکلتا وہ پورا ہو جاتا۔ کشفِ کونی اور کشفِ الٰہی دونوں آپ کو حاصل تھے۔ جو شخص آپ کے ساتھ مخالفت ہوا وہ سزا پا گیا۔ اور جس پر آپ نے نگاہِ شفقت ڈالی وہ دونوں جہان میں کامیاب ہو گیا۔

قبولیتِ دعا مسمی عنایت ساکن سارنگ کی پانچ گھوڑیاں چور لے گئے۔ اُس نے آپ کے حضور میں نذر مانی کہ اگر وہ گھوڑیاں مل جاویں تو پانچ روپے آپ کو دیوں گا۔ آپ نے دعائے خیر فرمائی۔ وہ گھوڑیاں مل گئیں۔ آپ نے نذرانہ طلب کیا تو وہ انکار کر گیا۔ پھر آپ نے ایسا تصرف کیا کہ دوبارہ گم ہو گئیں اور پھر نہ مل سکیں۔[1]

نگاہِ غیرت ایک روز آپ درگاہِ عالیہ نوشاہیہ کی زیارت کو گئے وہاں وہاب نامی زمیندار ساکن اگرویہ درگاہ شریف کی زمین میں مویشی چرا رہا تھا۔ آپ نے اُس کو منع کیا اور بے ادبی کرنے سے روکا۔ مگر وہ باز نہ آیا۔ آپ نے ایسی نگاہ کی کہ اس کی دو بھینسیں اُسی وقت مر گئیں۔ پھر بھی وہ سرکشی سے باز نہ آیا۔ رات کے وقت اپنے بیٹوں کو بھیجا۔ وہ درگاہ شریف کی زراعت سے پیاز چُرا کر لے گئے۔ قہرِ الٰہی سے اُسی رات ڈاکوؤں نے اُس کا سب گھر بار لُوٹ لیا اور سب مال و متاع لے گئے اور وہ مفلس ہو گیا۔[2]

دشمنوں کی ہلاکت ایک بار کوٹ مومن کے ڈاکو ساہن پال شریف کا مال مویشی لُوٹ کر لے گئے۔ آپ اُن کے پاس مال واپس کرنے کے واسطے بطور سفارش تشریف لے گئے۔ انھوں نے نہ مانا بلکہ دوبارہ ڈاکہ ڈالنے کی دھمکی دی۔ آپ نے ازراہِ جلالیت فرمایا کہ اب کی دفعہ اگر تم اُس علاقہ میں آئے تو قہرِ الٰہی کی تلوار تم پر چل کر رہے گی۔ چنانچہ چند روز کے بعد اُنھوں نے اگرویہ پر ڈاکہ مارا۔ تو سب دیہات کے لوگ اکٹھے ہو کر اُن پر حملہ آور ہوئے۔ امرِ الٰہی سے ستائیس ڈاکو مارے گئے اور باقی بھاگ گئے۔[3]

---

[1] و [2] و [3] تذکرہ نوشاہیہ ۱۲ شرافت

Marfat.com

دشمنوں سے انتقام

آپ کے صاحبزادہ حضرت سید حافظ محمد حیات صاحب ربانیؒ سے منقول ہے کہ ایک مرتبہ آپ کے حکم سے موضع اگرویہ کی اپنی ملکیت زمین سے میں غلہ گندم صاف کروا کے بھینسے پر لاد کر گھر کو لا رہا تھا کہ تپہ دار اور محصل نے راستہ میں گندم کو روک لیا اور ہمارے کارندوں کو گرفتار کر کے بمقام مرید لے گئے۔ میں نے والد ماجد کی خدمت میں آکر واقعہ بیان کیا۔ آپ وضو کر کے ایک ساعت اُس طرف متوجہ ہو کر بیٹھ گئے۔ دُوسرے روز سویرے ہی خبر آگئی کہ موضع مرید کے زمینداروں نے اُن دونوں کو سخت مارا ہے اور کپڑے اور ہتھیار اور گھوڑے چھین لیے ہیں اور وہ رسوا ہو کر ہیلاں کو چلے گئے ہیں۔[1]

دشمنوں کا ویران ہونا

موضع پنڈی کالو کا ایک زمیندار جاہر نامی آپ کے مزارعوں کو تکلیف دیا کرتا اور سمجھانے سے سمجھ نہ پاتا۔ ایک روز آپ کی زبان سے نکلا "پنڈی، کُجھ سڑی کُجھ کھنڈی"۔ چند روز کے بعد تھانہ دارِ ہیلاں نے گاؤں کو لُوٹ لیا اور آگ لگا دی۔ اُس کے تھوڑے دنوں بعد چوروں نے جاہر اور اُس کے بیٹوں کو قتل کر دیا۔[2]

دشمنوں کا استیصال

موضع دھریکاں کا ایک زمیندار تُلا نام آپ کے مزارعوں سے خراج طلب کرنے میں تشدد کیا کرتا۔ حالانکہ حکومت کی طرف سے آپ کو معاملہ معاف تھا۔ جب اُس کا ظلم حد سے بڑھ گیا تو آپ کی زبان سے یہ الفاظ نکلے: "تُلا، نہ رہس تُلا نہ رہس جگا"۔ چند روز کے بعد چوروں نے اُس کو قتل کر ڈالا۔ سارے گاؤں میں لُوٹ مار کر کے آگ لگا دی۔ تُلا کی والدہ آگ میں جل کر مر گئی۔[3]

دشمنوں کا تباہ و برباد ہونا

منقول ہے کہ مرزا نصرت اللہ خاں قاتل فوجدار کل بہلک نے آپ کے ایک مرید کو گرفتار کر لیا۔ آپ بمعہ اپنے بڑے بھائی حضرت سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوانؒ اُس کے پاس تشریف لے گئے اور مرید کی رہائی کے واسطے اُس کو کہا مگر اُس نے ازراہِ غرور و تکبر حکم ماننے سے انکار کر دیا۔ آپ ناراض ہو کر

---

[1] و [2] و [3] تذکرہ نوشاہیہ و اشرافت

Marfat.com

وہاں سے اُٹھے اور فرمایا "میں دیکھ رہا ہوں کہ مرزا کی دستار سر سے گر پڑی ہے" نیز آپ نے سب قیدیوں کو فرمایا تم کوئی فکر نہ کرو ہم نے درگاہِ الٰہی سے تم سب کو رہا کروا دیا ہے۔ چنانچہ چند روز کے بعد اقوام چوہا اور رانجھا اور ریہان نے مجموعی طور پر مرزا سے جنگ کیا اور مرزا بمعہ اپنے لشکر کے مارا گیا اور اُس کا سارا مال و متاع فاتحین کے قبضہ میں آگیا[1]

عملیات

آپ اسماءِ الٰہی اور آیاتِ کلام اللہ شریف کے عامل بھی تھے۔ بہت چلے اور ریاضتیں کرکے ان کے فوائد سے متمتع ہوئے۔ اگر کسی شخص کو کسی عمل کی اجازت دیتے تو وہ جلد تر اپنے مقاصد میں کامیاب ہو جاتا۔

شیخ دانا کا فایز المرام ہونا

ایک مرتبہ شیخ دانا سیالکوٹی نے آپ کے حضور میں افلاس اور غربت کی شکایت کی تو آپ نے ان کو مسخرات کا ایک عمل بتایا۔ ابھی چند روز ہی اُنھوں نے پڑھا تو سید عبداللہ خاں وزیر اعظم جہان آباد سے آکر اُن کا مرید و معتقد ہو گیا[2]

تصنیفات

حقایق الآثار آپ کی چند تحریرات متفرق کاغذات سے ملی ہیں جو میں نے ۱۳۷۲ھ میں بنام حقایق الآثار مرتب کر دی ہیں تاکہ شایقین اس سے فائدہ اٹھا سکیں۔ اُس کے مضامین کی تفصیل یہ ہے:

۱۔ دعائے طہارت: یہ اَللّٰھُمَّ طَھِّرْ لِسَانِیْ مِنَ الْکَذِبِ الخ سے شروع ہوتی ہے۔
۲۔ دعائے حاجت روا: یہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ بِعِزَّتِکَ وَقُدْرَتِکَ الخ سے شروع ہوتی ہے۔
۳۔ دعائے عقبیٰ: یہ اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ حَمْدًا الخ سے شروع ہوتی ہے۔

---

[1] و [2] تذکرہ نوشاہیہ ۱۲ شرافت

Marfat.com

۴۔ دعائے جامع: یہ عَدَدَ مَنْ لِکُلِّ هَوْلٍ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ الخ سے شروع ہوتی ہے

۵۔ مکتوب شریف متعلقہ ہدیہ ۶۔ مکتوب شریف متعلقہ تقسیم اراضی

۷۔ دستخط۔ یہ خاتمہ تکمیل الایمان سے نقل کیا گیا ہے۔ ۸۔ دستخط رسالہ حق نما سے۔

مکتوبات

آپ کے دو مکتوب یہاں لکھے جاتے ہیں:

مکتوب اول بنام نواب نامدار خاں

آپ نے چند آڑو اُس کو ہدیہ میں بھیجے اور ساتھ یہ نوازش نامہ ارسال فرمایا۔

"ھو اللہ۔ تائیداتِ سبحانی وتوفیقات حضرت غوث صمدانی، شامل حال نخجستہ مآل مہدی روزگار، نوابِ نامدار حاتمِ وقت باد۔

بعد ابلاغ تحایفِ سلام ودعا شیوۂ فقرا بر رائے سنجیدہ پیرائے مشہود آنکہ بموجبِ بیت بزرگے ؎

خوردہ ہماں بہ کہ نہ تنہا بود حیف براں خوردہ کہ تنہا بود

قدرے شفتالو نہ در خورِ قدرِ آں خانِ بلند مکان۔ بل ہدیۂ مور بحضرت سلیمانؑ مرسول بخدمت نمودہ۔ امید قوی است کہ بمنظر وصول برسد ویقین کہ خواہد رسید والسلام والاکرام"

مکتوب دوم بنام میاں رحمت اللہ

زمین کی تقسیم کے متعلق اپنے ایک دوست کو لکھا۔

"ھو اللہ۔ برادر عزیز میاں رحمت اللہ چو سلامت۔ نقلِ حکنامہ بمہر محمد آصف فرستادہ۔ امید کہ حدودِ جانی والہ بموجب دانستِ خود تحقیق کردہ بدہند کہ مایاں را بر ذاتِ ایشاں اعتمادِ کلی ست تغافل نخواہند کرد۔ مثل سنیف ہرگز کسے نشود۔ خدارا حاضر دانستہ حد برآوردہ بدہند کہ موجبِ امن ورفع تکالیف گردد۔ والسلام"

دستخط

کتاب تکمیل الایمان مصنفہ شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ پر سے آپ کا دستخط نقل کیا جاتا ہے۔

Marfat.com

"تمت الرسالۃ اعتقادیۃ عثمانیۃ بعون اللہ تعالیٰ بحسن التوفیق سنہ جلوس والا
درقصبہ ہیلاں تحریر یافت وکاتب ایں الفاظ سائل ست کہ بدعاء سلامتی ایمان یاد نمایند
واما السائل فلا تنھر (حافظ جمال اللہ)

سجع مُہر

آپ کی دو مُہریں تھیں،

۱۔ پہلی مُہر ۱۱۱۱ھ میں بنوائی جس پر بخطِ عربی یہ الفاظ کندہ تھے، "حلفظ جمال اللہ"

۲۔ دوسری مُہر ۱۱۳۸ھ میں بنوائی جس پر بخطِ فارسی یہ سجع کندہ تھا، "نوشہ حاجی جمال اللہ ست"

ملفوظات

آپ کے فرزند حضرت سید محمد حیات ربانی "تذکرہ نوشاہیہ" میں فرماتے ہیں کہ اگر میں آپ کے ملفوظات وارشادات کو جمع کرتا تو اہل علم کے واسطے ایک نایاب ذخیرہ جمع ہوجاتا۔ لیکن اُس وقت مجھے فرصت نہ تھی۔ اب وقت گزر جانے پر نہایت حسرت و افسوس ہے۔

آپ نے فرمایا ہے، التکبر مع المتکبرین تواضع "تکبر والے لوگوں کے ساتھ تکبر سے پیش آنا ہی تواضع ہے۔

معترفین کمالات

آپ کے متعلق مورخین نے بہت مدحیہ کلمات لکھے ہیں۔

۱۔ کتاب رسالہ احمد بیگ، تواقب المناقب، "تذکرہ نوشاہیہ، کنز الرحمت، خزینۃ الاصفیا، حدیقۃ الاسرار، تحفۃ الابرار، تذکرہ اولیائے ہند، گلزار نوشاہی جیون شاہ والی وغیرہ کی عبارتیں آپ کی تعریف سے مزین ہیں۔ ان میں سے میں نے کچھ اقوال آپ کی سوانحعمری مآثر الجمال میں درج کیے ہیں۔

۲۔ حضرت سید حافظ محمد برخوردار بحر العشق "آپ کے متعلق فرماتے تھے سبحان اللہ ہر چند دوسرے بیٹوں کو جو اس سے بڑے ہیں جھڑک اور ملامت سے ہم لکھنے پڑھنے کی تاکید کرتے ہیں لیکن پھر بھی لکھتے پڑھتے نہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اپنی مہربانی سے ہمارے فرزند جمال اللہ کے دل

Marfat.com

ہیں علم کی محبت ایسی ڈالی ہے کہ ایک ساعت بھی اشتغالِ علم سے فارغ نہیں رہتا۔[1]

۲۔ حضرت شیخ عبدالرحمٰن پاک پٹڑی والہؒ نے آپ کے متعلق فرمایا ہے، اِس صاحبزادہ کی تاثیر بہت سخت ہوا کرے گی۔[2]

اولادِ کرام

آپ کے استاذ مولانا حافظ شکراللہ حنفی مفتی بچہ چٹھہ ضلع گوجرانوالہ نے آپ کی فضیلتِ علمی کو دیکھ کر اپنی صاحبزادی کا نکاح آپ سے کر دیا تھا۔ ان کے بطن سے دو فرزندِ ارجمند پیدا ہوئے:

۱۔ حضرت سید ابوسعید مرتاضؒ۔ ان کے حالات دوسرے طبقہ کے چوتھے باب میں آئیں گے۔

۲۔ حضرت مولانا سید حافظ محمد حیات ربانیؒ۔ ان کے حالات آگے آ رہے ہیں۔ اِن شاءاللہ

تلامذہ

آپ کے درس گاہ سے کافی لوگ علومِ ظاہری سے بہرہ یاب ہوئے۔ اپنے علاقہ کے تمام علما آپ کے شاگرد تھے۔ اپنے خاندان کے مندرجہ ذیل حضرات آپ کے شاگردانِ رشید تھے:

۱۔ سید ابوسعید مرتاض فرزند اکبر آنجنابؒ
۲۔ سید حافظ محمد حیات ربانی فرزندِ اصغر آنجنابؒ
۳۔ سید شاہ نظام بن سید سعداللہ حکیم برخورداریؒ
۴۔ سید شاہ سلطان بن سید سعداللہ حکیمؒ
۵۔ سید محمد نتھو بن سید سعداللہ حکیمؒ
۶۔ سید شاہ لقمن بن سید رحمت اللہ عارف برخورداریؒ
۷۔ سید ابن یمین بن سید رحمت اللہ عارفؒ
۸۔ سید شاہ گھلا بن سید نصرت اللہ محدث برخورداریؒ
۹۔ سید شاہ چھلا بن سید نصرت اللہ محدثؒ
۱۰۔ سید شمیون سید نصرت اللہ محدثؒ

---

[1] و [2] تذکرہ نوشاہیہ ۱۲ شرافت

Marfat.com

۱۱۔ سید شیر محمد بن سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوان برخورداریؒ
۱۲۔ سید گل محمد بن سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوانؒ
۱۳۔ سید محمد عظیم بن سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوانؒ
۱۴۔ سید ہیبت شاہ شہید بن سید محمد سعید دولا ہاشمیؒ
۱۵۔ سید ابراہیم شاہ بن سید محمد سعید دولاؒ
۱۶۔ سید عبدالرسول بن سید محمد سعید دولاؒ
۱۷۔ سید فقیر اللہ بن سید محمد سعید دولاؒ
۱۸۔ سید سلطان محمد بن سید محمد سعید دولاؒ

یارانِ طریقت

آپ نے اپنے والد صاحب کے بعد انچاس ۴۹ سال تک سجادۂ خلافت پر بیٹھ کر طالبانِ حق کی دستگیری کی۔ آپ کے خواص یاروں کے بعض نام لکھے جاتے ہیں؛

۱۔ سید ابوسعید مرتاضؒ فرزند اکبر آنجنابؒ ساہن پال شریف
۲۔ سید حافظ محمد حیات ربانی فرزند اصغر آنجنابؒ ساہن پال
۳۔ شیخ دانا صاحبؒ سیالکوٹ
۴۔ میر احمد خاں فوجدارؒ گجرات
۵۔ میر جعفر خاں تھانہ دار ہیلاں
۶۔ حیات بن ابوالخیر تارڑ اگرویہ
۷۔ جمال بن ابوالخیر تارڑ اگرویہ
۸۔ گل محمد بن ابوالخیر تارڑ اگرویہ
۹۔ مانک بن ابوالخیر تارڑ اگرویہ
۱۰۔ دلیل بن ابوالخیر تارڑ اگرویہ
۱۱۔ بڈھا بن ابوالخیر تارڑ اگرویہ
۱۲۔ محمد امین بن عبدالوہاب تارڑ اگرویہ
۱۳۔ روشن بن عنایت تارڑ اگرویہ
۱۴۔ گل محمد بن ہیتم تارڑ اگرویہ
۱۵۔ دانا بن ہیتم تارڑ اگرویہ

تبرکات

آپ کی دستار مبارک سفید رنگ جو زمانہ دراز گزر جانے کے باعث حنائی رنگ ہو چکی ہے ہمارے گھر میں موجود ہے۔ اس کے علاوہ کتاب تکمیل الایمان اور رسالہ حق نما آپ کے ہاتھ مبارک کے لکھے ہوئے میرے کتب خانہ میں موجود ہیں۔

Marfat.com

مدحیات

آپ کی مدح شریف میں میرے والد ماجد حضرت مولانا سید شاہ غلام مصطفٰے مدظلہ العالی نے بہت نظمیں لکھی ہیں جو ان کے مسودات میں تحریر ہیں طوالت کے خوف سے نہیں لکھی گئیں۔ میں نے آپ کی سوانح مآثر الجمال میں سب درج کی ہیں۔ یہاں اپنے چند اشعار لکھے جاتے ہیں:

زہے ذات سید جمال اللہ است — کہ از رازہائے خدا آگہ است
امامِ زماں مقتدائے جہاں — بروستر ذاتِ الٰہی عیاں
بعلم وسخا و شجاعت کمال — شدہ مشتہر در جہاں چوں ہلال
ز اولادِ نوشاہ مسند نشیں — حضورِ الٰہ بود او بالیقیں
بجملہ جہاں فیضِ او عام بود — کرامات شاں مشتہر تام بود

واقعہ وفات

آپ کے صاحبزادہ حضرت سید حافظ محمد حیات ربانیؒ نے لکھا ہے کہ وفات کے وقت آپ کو غیب سے ندا آئی یا ایتہا النفس المطمئنۃ ارجعی الیٰ ربکِ راضیۃ مرضیۃ۔ اُس وقت آپ کی رُوح قفسِ عنصری سے پرواز کر کے جنت الفردوس کو چلی گئی[1]

تاریخ وفات حضرت سید حافظ جمال اللہؒ کی وفات بقول صاحبِ تذکرہ نوشاہیہ منگلوار کی رات وقت نماز شام ۱۲ ربیع الآخر ۱۱۴۲ھ کو ہوئی۔ لیکن تقویم تاریخی کی رُو سے ۱۳ ربیع الآخر کو جمعہ کا دن پڑتا ہے جس کے مطابق چوتھی نومبر ۱۷۲۹ء تھی۔

آپ کا مزار پُر انوار ساہن پال شریف گورستانِ نوشاہیہ میں حضرت نوشہ صاحبؒ سے مغربی جانب باہر والے چبوترہ پر واقع ہے۔

---

[1] تذکرہ نوشاہیہ ۱۲ شرافت

Marfat.com

قطعہ تاریخ

از مفتی غلام سرور لاہوریؒ صاحبِ خزینۃ الاصفیا

گشت چوں روشن بباغِ جنتی آں جمالِ[1] باکمالِ معرفت
سالِ ترحیلش بسرور شد عیاں قبلۂ عالم جمال معرفت
۱۱ ۲ ۴

مادہ ہائے تاریخ

۱- آیت شریف شیخ کبیرؒ ۱۱۴۲ھ
۲- شیخ العالمین ۱۱۴۲ھ
۳- عرش آرامگاہ شد ۱۱۴۲ھ

---

[1] حضرت سیدنا حافظ جمال اللہ فقیہ اعظمؒ کا مزید تذکرہ اسی جلد کے طبقہ دوم میں کیا جائے گا۔ شرافت

Marfat.com

شیخ الاسلام حضرت مولانا سید
حافظ محمد حیات ربانی
نوشاہی رحمہ اللہ تعالیٰ

در مناقب حضرتِ حافظ محمد باحیات
دستگیرِ عاجزاں پشتِ پناہِ بیکساں

معدنِ افضال محمد حیات — عارفِ باخدا و لی پاکذات
ذاکرِ حق واقفِ رازِ خدا — شہرۂ او بر سرِ ہر شش جہات
نوش نمودہ مئے عرفانِ حق — خورد ز گنجینۂ وحدت نبات
ساقیِ جامِ ادب و جذب بود — نیست کسے ثانیِ وے در صفات
ہست شرافت سگِ درگاہِ او — از دل و جاں طالب آں بارگاہ

اوصافِ جمیلہ آپ جامعِ علومِ عقلیہ و نقلیہ۔ حاویِ اصولِ الٰہیہ و سرمدیہ۔ عارفِ معارفِ حقیقت۔ کاشفِ مکاشفِ طریقت۔ قدوۃ العلماء۔ عمدۃ الفضلا۔ خاتم الاولیا۔ صاحبِ فنا و بقا۔ قطب الاوان۔ غوث الزمان: صاحبِ علم و فضل و ادب و اخلاق و ذوق و شوق تھے۔ آپ حضرت مولانا سید حافظ جمال اللہ فقیہ اعظم بن سید حافظ محمد برخوردار بحر العشق قادری نوشاہیؒ کے فرزند اصغر اور مرید و خلیفہ اعظم تھے۔ طریقت و معرفت میں شان بلند رکھتے تھے۔

آپ کی والدہ ماجدہ حضرت مولانا حافظ شکر اللہ حنفی مفتی بچہ چشمہ کی صاحبزادی تھیں۔

نام و لقب آپ کا نام نامی محمد حیات، کنیت ابو الضیا۔ القاب ربانی، امام الاولیا، جامع السلام تھے۔

Marfat.com

تحصیلِ علوم آپ نے علومِ متداولہ فقہ، حدیث، تفسیر، طب، تصوف، صرف، نحو، منطق، فلسفہ، ادب، لغت وغیرہ اپنے والد بزرگوار سے حاصل کیے۔ قرآن مجید بھی حفظ کیا اور کمالاتِ علمی میں یگانہ ہوئے۔

بیعت وخلافت علوم ظاہری کے بعد آپ نے راہِ طریقت حاصل کرنے کے لیے اپنے والد ماجد شہبازِ پنجہ یداللہ حضرت مولانا سید حافظ جمال اللہ فقیہ اعظمؒ کے دستِ حق پرست پر بیعت کی نیز اپنے عم بزرگ حضرت سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوانؒ سے بھی استفاضہ انوار کیا۔ حضرت شیخ عبدالرحمٰن پاک بھڑیوالہؒ کی زیارت سے بھی مشرف ہوئے تھے۔

سلسلۂ تدریس آپ نے والد بزرگوار کے بعد دارالعلوم نوشاہیہ کی خدمت اپنے ذمہ لی۔ اور سلسلۂ درس وتدریس بدستور جاری رکھا۔ دُور دُور سے آکر لوگ علومِ دینی حاصل کرتے تھے۔

طبی کمالات آپ کو علمِ طب میں بھی کمال حاصل تھا۔ مریضانِ جسمانی اور روحانی آپ کے اثرِ مسیحائی سے شفا پاتے تھے۔ آپ کے کمالاتِ حکمت کی دُور دُور تک شہرت تھی۔

فنِ کتابت آپ نے فنِ کتابت نسخ ونستعلیق بھی سیکھا۔ آپ کا طرزِ تحریر نہایت دلکش اور مرغوبِ خاطر ہے۔

سفرِ دہلی آپ نے ایک مرتبہ ہندوستان کا سفر کیا اور چند سے دہلی میں قیام پذیر رہ کر علماء ومشایخ دہلی کی ملاقاتیں کیں۔ خصوصاً حضرت خواجہ مولوی فخرالدین فخرجہاں چشتی نظامیؒ کی ملاقات سے بھی مشرف ہوئے اور ایک دوسرے سے افادہ واستفادہ کیا۔

حضرت نوشہ صاحبؒ کا دوبارہ ظہور آپ کے زمانۂ خلافت میں دریائے چناب کی طغیانی کی وجہ سے ۱۱۷۳ھ میں حضرت نوشہ گنج بخشؒ کا تابوت شریف پہلی جگہ سے نکالنے کی ضرورت پیش آئی۔ اور بروز پنجشنبہ ۱۷ ذیقعدہ کو تابوت مبارک نکالا۔ تین روز تک مخلوق زیارت سے مشرف

Marfat.com

ہوتی رہی۔ اتوار کو موضع نوشہرہ کے رقبہ میں چاہ حیاتے والہ پر دفن کر کے مزار بنایا گیا۔
صاحبِ تحایفِ قدسیہ نے لکھا ہے کہ سولہ صندوق اور بھی برآمد ہوئے جو حضرت نوشہ صاحبؒ کے بیٹوں اور پوتوں کے تھے، سب کی زیارتیں ہوئیں۔

معمولات

آپ شریعت و طریقت کی پابندی کو ہر دم ملحوظ رکھتے۔ فرائض و نوافل و مستحبات پر مواظبت رکھتے۔ کتب فقہ و تصوف کا مطالعہ کیا کرتے۔ رات کو بوقتِ نصف شب یا ثلث شب اُٹھ کر تہجد ادا فرماتے اور اشغالِ قادریہ کو پورا کرتے۔ درود شریف بکثرت پڑھا کرتے۔

وظیفہ فجر آپ سنت اور فرض فجر کے درمیان ایک سو مرتبہ یہ تسبیح پڑھا کرتے سبحان اللہ وبحمدہٖ سبحان اللہ العظیم و بحمدہٖ استغفر اللہ۔

وظیفہ مغرب آپ نمازِ مغرب کے بعد دوگانہ نوافل ادا فرماتے۔ رکعت اول میں فاتحہ کے بعد سورہ کافرون تین بار اور رکعت دوم میں سورۂ اخلاص تین بار پڑھتے۔ سلام کے بعد یہ دُعا مانگتے: یا من یداہ مبسوطتان ینفق کیف یشاء انبسط علینا بالرحمۃ والفضل یا من لیس لغنائہ غایۃ ارحم علی من لیس لفقرہٖ نہایۃ۔

دُعائے تلاوت قرآن مجید آپ جب قرآن مجید کی تلاوت کرتے تو یہ دُعا بعد میں پڑھتے:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اللھم بالحق انزلتہ وبالحق نزل اللھم عظم رغبتی فیہ واجعلہ نور البصری وشفاء لصدری وذھاب لھمتی وحزنی اللھم زینی بہٖ لسانی وجمل بہٖ وجھی وقوبہٖ جسدی وارزقنی تلاوتہٗ واعنی علی طاعتک اناء اللیل واطراف النھار واحشرنی مع النبی وآلہ الاخیار۔

ریاضت و مجاہدہ آپ ریاضت و مجاہدہ میں راسخ تھے۔ جہاد اکبر جو مخالفتِ نفس سے مراد ہے۔ آپ کا طریقہ تھا۔

Marfat.com

اخلاق وعادات

آپ بڑے فیاض، غریب پرور، مسکین نواز، اہل سخاوت وشجاعت تھے۔ متحمل مزاج، پُرحوصلہ، بُردبار، صاحبِ ولایت تھے۔ ہردم یادِ خدا میں محو ومستغرق رہتے۔ آپ کی نظر میں شاہ وگدا یکساں تھے۔

سخاوت وفیاضی ایک مرتبہ موضع اگرویہ کا ایک شخص قتل کے جُرم میں گرفتار ہوگیا۔ مقتول کے وارث ایک ہزار روپیہ دیت طلب کرتے تھے لیکن قاتل بالکل غریب اور عیالدار تھا حضور کو اس کی حالتِ زار پر رحم آگیا اور ایک ہزار روپیہ اپنی گرہ سے ادا کر کے اُس کو رہا کروادیا۔

اشعارخوانی آپ کو نظم سے خاص دلچسپی تھی۔ گاہ بگاہ یہ اشعار پڑھا کرتے:

؎ جراحات السنان لها التئیام ولا یلتام ما جرح اللسان

؎ رہروانِ کہ بے خرد بارند کشتۂ تیغِ عشق صد بارند
بیقرارند ہم چو ابرِ بہار لیک بر خار وگُل ہمے بارند

؎ برخوردہ ز دستِ بے برگی زانکہ از اصل فرع پُر بارند
ہمہ در صحنِ بارگاہِ خدا حاجبِ خاص شحنہ و بارند

؎ نمازِ خلق تسبیح و سجود ست نمازِ عاشقاں ترکِ وجود ست
قیام وقعدہ وتکبیر و نیت ہمہ محوست در عینِ محبت
کم وبیشی کہ در دنیا ودین ست صلاۃ در وہ صلاۃِ قامت این ست

؎ قصہ مشکل چہ مے پُرسی مان غم شد دلم چہ مے پُرسی

Marfat.com

لعل بندد چو خوں شود جگرم　　پیش زیں حاصلم چہ مے پرسی
طالبِ گوہری بدریا شو　　من چو بر ساحلم چہ مے پرسی

سہ جست آب را سکندر شد خضر کامیاب　　روزی بقسمت ست نکوشش دریں سرا

سہ چوں شیر مادرست میا اگرچہ رزق　　ایں جہد و کوششِ تو بجائے یکیدن ست

خوارق و کرامات

آپ کو تصرفاتِ قویہ و کراماتِ جلیہ حاصل تھے جو مشہور و معروف ہیں۔

ایک شہزادی کو خواب میں فیضاب کرنا

منقول ہے کہ شہر دہلی میں ایک مغلیہ شہزادی کو خواب میں حضور کی زیارت ہوئی۔ آپ نے فرمایا کہ تم حضرت نوشہ صاحبؒ کے دربار پر آؤ۔ چنانچہ وہ بمعہ خیل و خدم و حشم درگاہِ نوشاہیہ پر حاضر ہوئی۔ تمام سادات کرام اولادِ حضرت نوشاہِ عالیجاہؒ وہاں پہنچے۔ ہر ایک کا زعم تھا کہ شاید یہ ہمارے حلقۂ ارادت میں داخل ہو جاوے۔ لیکن اُس نے کسی کی طرف التفات نہ کیا۔ آخر جب آپ وہاں تشریف لائے تو وہ اُٹھ کر قدم بوس ہوئی۔ اور کہا کہ یہی بزرگ ہیں جو خواب میں مجھ کو ملے تھے۔ پھر وہ آپ کے ارادتمندوں میں داخل ہوئی اور آپ کی نظرِ توجہ سے عارفات کاملات سے ہو گئی۔

علم کی محبت میں دنیاوی مال کو نثار کرنا

آپ کے دل میں علم کی محبت کافی تھی۔ چنانچہ منقول ہے کہ ایک مرتبہ آپ بمعہ رویشاں اور خدام کسی دُور علاقہ میں تشریف لے گئے۔ چھ ماہ کے بعد واپس آئے۔ اپنا کتب خانہ ملاحظہ کیا۔ سب کتابوں پر گرد و غبار پڑا تھا۔ اپنے صاحبزادوں سید حافظ نوراللہ اور سید ضیاء اللہ کو بُلا کر پُوچھا کہ کتابوں کی ایسی حالت کیوں ہے؟ انھوں نے عرض کیا، یا قبلہ! ہم نے زراعت کا کام شروع کیا ہوا ہے۔ اور مال مویشی کی پرداخت میں رہتے ہیں۔ فصل وغیرہ کے

Marfat.com

کاروبار میں مصروفیت زیادہ ہے مطالعہ کتب کی فرصت ہی نہیں ملتی۔ آپ نے فرمایا میں سنے تو تم دونوں کو بڑی محنت سے علم پڑھایا تھا۔ تم نے اس قدر کوتاہی کی ہے۔ پھر آپ نے اسی وقت بارگاہِ الٰہی میں التجا کی کہ یا الٰہی! اس مال کو ہم سے لے لے اور دولتِ علم میرے فرزندوں کو نصیب کر۔ امرِ الٰہی سے اُسی رات دریائے چناب میں طغیانی آئی اور سب مال و مویشی اور فصل وغیرہ بہہ گئے۔ صبح کو ہر چیز کی صفائی ہو چکی تھی۔ اس کے بعد فرمایا: بیٹا! اب فراغت سے علم میں اشتغال رکھو۔ چنانچہ آپ کے بڑے صاحبزادہ سید حافظ نور اللہؒ اس قدر علم میں مشغول ہوئے کہ شہر رسول نگر کے منصبِ قضا پر فائز ہو گئے۔

آپ کی دعا کا اثر آج تک موجود ہے کہ آپ کی اولاد سے کوئی شخص بے علم نہیں رہا۔ سب حضرات دولتِ علم سے مالا مال ہوئے ہیں۔

آپ کے مفصل حالات میں نے آپ کی سوانحعمری موسوم بہ حیات ربانی میں درج کیے ہیں۔

عملیات

آپ نے اسمائے الٰہی اور آیات کلام اللہ کی دعوتیں کی ہوئی تھیں۔ عامل کامل تھے۔ آپ کے فرمودہ عملیات میں نے حیاتِ ربانی میں مفصل درج کیے ہیں۔ یہاں چند عمل لکھے جاتے ہیں۔

ادائے قرض کے واسطے آپ کو حضرت شیخ عبدالرحمٰن پاک پٹنی والےؒ سے اس عمل کی اجازت تھی کہ اگر کسی شخص کو قرض ہو اور خلاصی کی کوئی صورت نہ ہو تو یہ عمل پڑھے:

۱۔ قل اللھم مالک الملک ..... بغیر حساب ایک مرتبہ۔

۲۔ یا رحمٰن الدنیا والآخرۃ ورحیمھما تعطی منھما ما تشاء وتمنع ما تشاء ارحمنی رحمۃ تغنی بھا عن رحمۃ من سواک اللھم اقض دینی وفرج عنی ھمی یا ذا الجلال والاکرام ایک مرتبہ۔

Marfat.com

۳ - اللھم صل علیٰ محمد وعلیٰ آل محمد وبارک وسلم وصل علیہ سات مرتبہ۔

۴ - عسی اللہ ان یجعل . . . . واللہ غفور رحیم ایک مرتبہ۔

۵ - درود شریف مذکور ۔ سات مرتبہ

اس کے بعد دعا مانگے تو ان شاء اللہ قبول ہوگی اور قرض دفع ہو جاوے گا۔

اولاد کے واسطے

اگر کسی عورت کو اولاد نہ ہوتی یا زندہ نہ رہتی ہو تو سات عدد فلفل سیاہ لے کر ہر ایک پر گیارہ مرتبہ سورۂ قدر پڑھ کر دم کر کے اُس کو کھلا دیوے خدا تعالیٰ اس کو اولاد عطا فرماوے گا۔ جب بچہ پیدا ہو جاوے تو یہی سورۃ لکھ کر اُس کے گلے میں ڈال دیوے۔ اِن شاء اللہ اس کی عمر دراز ہوگی۔

فرزند نرینہ کے واسطے

اگر کسی عورت کو لڑکیاں ہوتی ہوں تو چاہیے کہ سورہ بینہ سات مرتبہ پرانے گڑ پر پڑھ کر اس کو کھلا دیوے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے فرزند نرینہ پیدا ہوگا۔

رجوعاتِ خلایق کے واسطے

اگر چاہے کہ رجوعاتِ خلایق اور مسخرات زیادہ ہو تو نمازِ فجر سے پہلے یا پیچھے یہ اسم شریف پانچ سو مرتبہ بلاناغہ پڑھا کرے۔ اوّل و آخر درود شریف ہزارہ گیارہ گیارہ مرتبہ۔ اگر پرہیزات رکھے گا تو بغیر دعوت کے بھی فائدہ ہوگا۔ اسم شریف یہ ہے: یا رحمٰن کل شئ و یا احمدہٗ یا رحمٰن۔

دشمنوں پر فتح یابی کے واسطے

اگر کوئی شخص چاہے کہ دشمنوں پر فتح حاصل ہو تو آیۃ الکرسی ایک بار پڑھ کر شمال کی طرف، ایک بار قبلہ کی طرف، ایک بار جنوب کی طرف، ایک بار مشرق کی طرف، ایک بار اوپر کی طرف، ایک بار نیچے کی طرف دم کرے۔ پھر ایک بار پڑھ کر اپنے سارے جسم پر دم کرے۔ اگر ہزار دشمن ہوں تو بھی ہزیمت کھا جائیں گے اور ان پر فتح حاصل ہوگی۔

تصنیفات

آپ تصنیف و تالیف سے بھی اشتغال رکھتے تھے۔ تمام اولاد حضرت نوشہ صاحبؒ

Marfat.com

میں سے صرف آپ کو یہ ذوق تھا۔ آپ خاندان نوشاہی میں سے پہلے مجدد تھے۔ جنھوں نے خاندان کی قلمی خدمات انجام دیں۔ آپ کی وہ تصانیف جو میرے کتب خانہ میں موجود ہیں وہ یہ ہیں:

۱۔ تذکرہ نوشاہیہ: اس میں سلسلہ نوشاہیہ کے بزرگوں کے حالات ہیں۔ یہ کتاب آپ نے حسب التماس اپنے برادر عم زاد سید شیر محمد بن سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوان کے ۱۱۴۶ھ میں تالیف کی۔ اس کا شروع اس طرح پر ہوتا ہے: "الحمد للہ الذی تفرد بالوھیۃ الابدیۃ والشکر لمن توحد بربوبیۃ الازلیۃ ما اتخذ صاحبۃ ولا ولداً ولم یکن لہٗ کفواً من القدوسیۃ لاضد ولا ند بذاتہ فی الصمدیۃ والصلوٰۃ والسلام علیٰ رسولہٖ توجہ بتیجان النبوۃ والرسالۃ ارسلہٗ رسولاً بدین الحق والہدایۃ لیظہرہ علی الدین کلہٖ بکمال العنایۃ ولو کرہ المشرکون من: لحماۃ الا"

۲۔ مجمع اللطایف: یہ کتاب آپ نے علم تصوف وحقایق میں بطور سوال وجواب تحریر فرمائی ہے حمد ونعت کے بعد سبب تالیف یہ لکھتے ہیں: "اما بعد میگوید احقر البریات فقیر محمد حیات کہ چند اسولہ عجیب واجوبہ غریبہ از مطالعہ کتب متفرقہ میسر ومحصل گردید کہ جواب ہر سوالش خیلے متعذر و متعسر ست مگر متبحرانے کہ بتعمق نظر از خوض حوض فکر دُرے برآرند بحکم ما کتب قرّ وما حفظ فرّ دریں چند اوراق جمع کردیم تا ہر منصف ایں مصنف را از مطالعہ آں بفاتحہ خیر یاد آرد و بعد از اختتام نام ایں رسالہ مجمع اللطایف کردیم واللہ المعین وھو حسبی ونعم الوکیل"

اس کتاب میں سے دو سوال مع جواب یہاں درج کیے جاتے ہیں۔ اگر مفصل دیکھنے ہوں تو آپ کی سوانحعمری الموسوم بہ حیات ربانی میں دیکھیں۔

سوال

"ملائکہ در جواب اتجعل فیھا من یفسد فیھا ویسفک الدماء بعد قولِ انی جاعل فی الارض خلیفۃ گفتند۔ ازچہ دانستند کہ مفسد ومسفک الدماء خواہد بود"

جواب

"از ترکیب اضدادِ اربعہ معلوم کردند کہ نبائے شاں بر فساد خواہد شد یا از حق تعالیٰ

Marfat.com

بایشاں چندیں علم عطا شدہ باشد۔"

سوال

"از مامور بہ از آدمؑ و ہم از ابلیس تجاوز شد۔ ابلیس مستوجب لعنت گشت و آدم مستحق صفوت و رحمت و مغفرت۔"

جواب

"آدم معترف بذنب ربنا ظلمنا انفسنا گشت لایق مغفرت شد لاکبیرۃ مع الاستغفار و شیطان مُصر بر ذنوب ماند لاصغیرۃ مع الاصرار لاجرم حریقِ آتشِ حرمان و غریقِ بحرِ خذلان شد۔ جوابِ دیگر آنکہ عصیانِ آدم از شہوت بود و عصیانِ شیطان از کبر۔ گناہے کہ از کبر باشد امیدِ مغفرت نیست و گناہے کہ از شہوت باشد یُرجیٰ غفرانہا۔"

۳۔ **شرح اسماء اربعین** : اللہ تعالیٰ کے چالیس اسماء متبرکہ کی بہت عمدہ شرح ہے۔

۴۔ **حاشیہ شمایل النبی** : امام حافظ ابوعیسیٰ ترمذیؒ کی کتاب شمایل کا حاشیہ لکھا ہے۔

۵۔ **رسالہ سماع** : اس میں سماع کا جواز بدلائل شرعیہ ثابت کیا ہے۔

۶۔ **ترویح القلوب** : کتاب تذکرہ نوشاہیہ کے سوا سب مذکورہ نسخے مجھے نامکمل ملے ہیں میں نے ان سب کو یکجا جمع کر دیا ہے۔ نیز آپ کے منظومات، مناجات باری تعالیٰ، مناجات بمحراب، تولد نامہ نبوی، وفات نامہ نبوی، فریاد نامہ بجناب غوثیہ، فنا نامہ وغیرہ کو بھی اس میں درج کر کے اس کا نام ترویح القلوب رکھ دیا ہے۔ اس میں سے دو مناجاتیں اور فریاد نامہ یہاں لکھا جاتا ہے۔

مناجات بحضرت رب العالمین عزّ اسمہٗ

حمدت بگویم ہر زماں یا رب الٰہ العالمین — اِیَّاکَ نَعْبُدُ ہم زماں یا رب الٰہ العالمین

فِیْ کُلِّ اَمْرٍ نَسْتَعِیْنُ ہے مَالِکِ آں یَوْمِ دِیْنِ — اِھْدِ الصِّرَاطَ الَّذِیْنَ یا رب الٰہ العالمین

کَانْعَمْتَ ہر دی جاہ را نے راہِ ہر گمراہ را — کن دفع ہر بدخواہ را یا رب الٰہ العالمین

ہر لحظہ اَللّٰہُ الصَّمَدْ گویم ھُوَ اللّٰہُ الْاَحَدْ — در جملہ کارم اَلصَّمَدْ یا رب الٰہ العالمین

Marfat.com

از یا عبادی اسرفوا من رحمتی لا تقنطوا — شد شاد خاطر مُو بمو یا رب الٰہ العالمین
کن فضل اے ربّ الفلق از شرِّ جملہ ما خلق — کن دفع از ماہر قلق یا رب الٰہ العالمین
ارسلت رسلاً بالہدیٰ قد فاز من ہو اتقیٰ — قد ضلّ من ہو ارتدا یا رب الٰہ العالمین
ارسلت لموسیٰ عصا فرعونیاں را شد بلا — با مومناں شد اعتلا یا رب الٰہ العالمین
گر شمس باشد گر ضحیٰ گر قمر باشد اذا تلیٰ — کردم بنفسِ خود جفا یا رب الٰہ العالمین
ہر شے مسبح نام تو با قوتِ الہام تو — روزی خورد ز انعام تو یا رب الٰہ العالمین
یا ربّنا ربّیتنی من صغرنا شبّبتنی — من جہلنا علّمتنی یا رب الٰہ العالمین
اے عالمِ ہر غیب را اے ساترِ ہر عیب را — کر رحم حالِ شیب را یا رب الٰہ العالمین
اے خالقِ فلکِ فلک اے مالکِ ملکِ ملک — اے رازقِ مور و سمک یا رب الٰہ العالمین
در بحرِ عصیانم غرق از انعالم پُر عرق — آہم گذشت از فرقِ طبق یا رب الٰہ العالمین
انت العلیم بحالنا انت السمیع لقالنا — انظر بفضلک بالنا یا رب الٰہ العالمین
اے خالقِ ارض و سما اے فالقِ صبح و مسا — کن دفع از ما ہر بلا یا رب الٰہ العالمین
ہر کو بعشقت مست شد از ہستیِ خود پست شد — از ہستیِ تو ہست شد یا رب الٰہ العالمین
ہر عقلِ عاقل کاملے از کُنہِ ذاتت جاہلے — وے شوقِ تو در ہر دلے یا رب الٰہ العالمین
در دہ حیاتِ سرمدی کن بخش راہِ احمدی — ما کان غیرک فی یدی یا رب الٰہ العالمین

مناجات حضرت رسالت پناہی صلی اللہ علیہ وسلم

اے روئے تو شمس الضحیٰ اے رحمۃ للعالمین — اے موئے تو لیلِ سجیٰ اے رحمۃ للعالمین
بودی نبی المرسلیں بود آدم اندر ماء و طین — اے سرورِ دنیا و دیں اے رحمۃ للعالمین
بے میم احمد نامِ تو شد عرشِ اعظم بامِ تو — جبریل از خدامِ تو اے رحمۃ للعالمین
اوحیٰ و اسریٰ شاہدت طٰہٰ و یٰسٓ مؤیدت — خود خود خدا شد حامدت اے رحمۃ للعالمین

Marfat.com

فریاد نامہ

در جناب قطب الاقطاب حضرت شیخ محی الدین سید عبد القادر جیلانی قدس سرہٗ

اے شاہِ ملکِ معرفت فریادرس فریادرس
اے ماہِ فلکِ منقبت فریادرس فریادرس

اے غنچہ باغِ احمدی اے سروِ بستاں سرمدی
در ملکِ عرفاں سیدی فریادرس فریادرس

اے طبلِ تو در نہ[9] طبق غرّاں شدہ از فضلِ حق
دہ روزیم غیر از تلق فریادرس فریادرس

اے پات برگردن ولی کن مشکلاتم منجلی
بخش از کرمہا خوشدلی فریادرس فریادرس

اے باخیلے تو کبش اے گشت یعقوب از تو خوش
اے کرم از ایوب کش فریادرس فریادرس

اے مونسِ ذی النون را کو گریہ کرد ے حون را
فی الظلمت آں مرہون را فریادرس فریادرس

اے عیسیٰ قربانِ تو اے خضر در فرمانِ تو
وہ وہ زہے ایقانِ تو فریادرس فریادرس

موسیٰ کہ بر سر کوہ شد از بہرِ قبس اندوہ شد
قد خرّ صعقاً انبوہ شد فریادرس فریادرس

ہم تو بدی آں جائگہ اے وادی اقدس پائگہ
اے لامکانت آرامگہ فریادرس فریادرس

اے عیسیٰ را بر سما ادریس را اندر علا
از تست جا از تست جا فریادرس فریادرس

اے خادمانت قطبہا اے درس جو آں کتبہا
لا یابس لا مرطبہا فریادرس فریادرس

اے کعبہ را بر روئے تو دلدادہ با گیسوئے تو
ہر دم شتاباں سوئے تو فریادرس فریادرس

اے صفیا را سروری اے اتقیا را مہتری
اے مرغِ دل را پروری فریادرس فریادرس

اے در زمین و آسماں حکمِ تو نافذ ہر زماں
کن از لطافت شادماں فریادرس فریادرس

اے ہادیِ گم گشتگاں اے مرہمِ دلخستگاں
اے چارہ گر بے چارگاں فریادرس فریادرس

اے سیّدِ والا گہر بر حالِ عاجز یک نظر
اے گمرہاں را راہبر فریادرس فریادرس

اے میرِ ما اے پیرِ ما اے شاہِ عالمگیرِ ما
اے ماہِ پُر تنویرِ ما فریادرس فریادرس

اے بیتِ تو بیت اللہ است اے امرِ تو امر اللہ است
اے سرِ تو سر اللہ است فریادرس فریادرس

اے معطیِ ہر سائلی اے منجیِ ہر عائلی
اے مومنِ ہر ما ئلی فریادرس فریادرس

خوش دُرِّ معنی سفتہ "انّ اللہ" سرّ باقی گفتہ
گر دے مریداں رفتہ فریادرس فریادرس

Marfat.com

مسکیں غریم ہیچ کس و ردست نامت ہر نفس — دارم خدا یچوں جرس فریاد رس
یا غوثِ اعظم خوش لقب دارم لقائے تو طلب — روئم بسوئت روز و شب فریاد رس
یا شیخ محی الدیں توئی باجاہ و با تمکیں توئی — در درجہ علییں توئی فریاد رس
یا غوث اسد الاحمری یا شیخ عبد القادری — تو شاہ مسکیں پروری فریاد رس
دل من ز تنگی تنگ شد ایں عقل و فکرم لنگ شد — ایں مقولِ من گنگ شد فریاد رس
دہ خوشدلی با من زغم بکشائے در ہا از نعم — کن در دو عالم بے الم فریاد رس
کن دفع از من قرض را بشنو بلطف ایں عرض را — آور تو جملہ غرض را فریاد رس
ایں خاطرم پُر غور کن دل در غمت مسرور کن — در ہر سخن منصور کن فریاد رس
برما و بر اولادِ ما ں شو با مدد در ہر زماں — محفوظ داری در اماں فریاد رس
کمتر غلامانِ توام چنگل بدامانِ توام — از جان قربانِ توام فریاد رس
گر شہر باشد گرد ہر پرسد ز تو ہر خیر و شر — بندد بخدمت تو کمر فریاد رس
ہر دردِ ما را کن دوا ہر رنجِ ما را دہ شفا — محفوظ دار از ہر بلا فریاد رس
علم بدہ و لے با عمل روزی رساں و لے بے خلل — دار از مریاں لم یزل فریاد رس
ایں نفس و شیطاں دشمنم صد نیش آرد بر تنم — از فیضِ خود دہ مرہمم فریاد رس
ایں سینہ ام بریاں شدہ ایں چشم من گریاں شدہ — صد جوئے خوں جریاں شدہ فریاد رس
آمد حیاتِ پُر گنہ با نامۂ کردہ سیہ — چہ غم شش اگر ہستی تو شہ فریاد رس

مکتوبات

آپ کا ایک مکتوب شریف جو غالباً زمانۂ طالب علمی کا ہے یہاں درج کیا جاتا ہے۔

مکتوب

ہر کجا حسن ست در نظارہ ایم
کارِ ما ایں ست ما ایں کارہ ایم

صحتِ بدن و شگفتگیِ خاطر و روشنیِ دل و عقلِ کامل روزی باد۔ شفقت نامہ گرامی

Marfat.com

کہ مشتمل بر حدیقہ امتناعِ نظارۂ خوبانِ دبستان بود از مطالعہ آں مشرف و معزز گردیدم۔ اے زاہدِ پاک سرشت برائے بہشت دیدارِ خوباں نہ بہشت۔ کسے نقد را بہ نسیہ نداوہ بلکہ بعوضِ زرش نگرفتہ۔ کم عیاری باشد کہ دیدارِ جاناں گذاشتہ آرزوئے جنت نماید۔

ے

نعمتِ فردوس زاہد راؤ مارا روئے دوست
قیمتِ ہر کس بقدرِ ہمتِ والائے اوست

ے

ازاں در ابروئے جاناں نظر پیوستہ میدارم
کہ در ابروئے آں ماہ رو بجز روشن نمے بینم

ہرگاہ ایزد جمیل دوست میدارد و جمال را تا بہ بندہ چہ رسد۔ اللہ جمیل یحب الجمال۔ بخدا دیدنِ نور در روئے نازنین ست و آئینِ دینِ عاشق چنین ست۔

ے چو دینِ عاشقاں بس روئے یار ست
معاذ اللہ کسے کز دیں بگردد

ع

در رمزِ عشق باشد عہدِ شباب اولیٰ

اے شیخِ بزرگوار قولِ مقتدائے عشاق ترا نرسیدہ۔

ع عاشقی را چہ جواں پیر جواں میسازد"

بیع مُہر آپ کی مُہر کا جمع تھا: "محمد حیات جمال اللہ است"۔

دستخط آپ کے ہاتھ کی چند کتابیں میرے کتب خانہ میں موجود ہیں۔ شرح نصاب الصبیان کے خاتمہ سے آپ کا دستخط نقل کیا جاتا ہے:

"شرحِ نصابِ صبیان از فیضِ لایزال
از ہجرت النبیِ اُمّیِ البطحی
چارم جمادی آخر آورد تو در حساب
در روزِ پنجشنبہ شد رقم با کمال
الف و صد و چہل شش بگذشت جملہ سال
بعد از نمازِ ظہر کہ بشنو تو ایں مقال

Marfat.com

یا رب بماتبِ کہ گناہش ز حد فزونست　　از سحبِ کرمِ خویش بریزی مطر ز لا ل
یارب زبابِ خویش بابِ دگر مراں　　فضلِ بکن بحالم کن دفع ہر وبا ل
یارب مکن تو با ما کہ با دیم مستحق　　کن آنچہ مستحق با دنی از فضا ل
ایماں بہ بخش ما را در روزِ آخریں　　در روزِ حشر ساز منور رُخ از جما ل
یارب زفیض و فضلِ محمد بکن حیات　　دل احقرِ کہ ہست پُر از نکبت و ملا ل

ربناظلمنا انفسنا وان لم تغفرلنا وترحمنا لنکونن من الخسرین۔ الٰہی ایں فقیر حقیر پیوستہ با دلِ خستہ نسیمِ نسیمِ عبر شمیم کہ رَوحٌ و رَیحانٌ وجنّاتُ نعیم شمیمے از تار موئے عنبر بوئے آں سرو قدِ دلجوئے یعنی سمنِ چمنِ دیانت وسہیلِ یمنِ امانت بلبلِ گلستانِ نبوت ورسالت ، عندلیبِ رضوانِ بلاغت وجلالت ، نبی کریم باخلقِ عظیم ہادیِ صراطِ مستقیم میخواہد تا دلِ پژمردہ افسردہ و دیدۂ رمد رسیدہ احقر البریات صاحبِ بضاعتِ مزجات احقر العباد محمد حیات تازہ و منور گردد، الٰہی سائل عائل بخسرانِ دنیا و عقبےٰ متمسکِ عروۂ وثقیٰ وحبلِ متینِ آں نبی کہ کنت نبیًّا و آدم بین الماء والطین فرمودہ گردیدہ۔ الٰہی تیم ما ما الیتیم فلا تقھر۔ الٰہی سائل عائلم و اما السائل فلا تنھر۔ الٰہی علمے دہ کہ محلی بعمل باشد۔ الٰہی عملے دہ کہ مزین بزینتِ اخلاص باشد۔ وعلے دہ کہ مقبول بصیقلِ اذکار و مصفی از زنگارِ افکار کہ لایقِ درگاہِ پروردگاریت را شاید گردیدہ مستحق لقاء بحریمِ تو باشد تقبل منی انک انت السمیع الدعاء۔ نعوذ بک من شرور انفسنا ومن سیئات اعمالنا من یھدہ اللہ فلا مضل لہ ومن یضللہ فلا ھادی لہ انک جواد کریم غفور رحیم"۔ "محمد حیاتِ جمال اللہ است"

ملفوظات

آپ کے ارشاداتِ عالیہ سراپا شریعت وطریقت ہوتے تھے۔

فرمایا: آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ تمام اشیاء سے پہلے خدا تعالےٰ نے محمدؐ کا نور پیدا کیا۔ اور قدرت نے اس کو جہاں جہاں چاہا پھراتی رہی۔ اُس وقت لوح وقلم وغیرہ کچھ بھی نہ تھا۔

فرمایا: آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو کام بسم اللہ شریف کے بغیر شروع

Marfat.com

کیا جاوے وہ ابتر ہوتا ہے۔

فرمایا: آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو کام خدا کی حمد سے شروع کیا جائے وہ اقطع ہے۔

فرمایا: حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حلیہ شریف یاد کرنا مومن کے لیے ضروری ہے تاکہ حضور کی صورت پاک کو خیال میں محفوظ رکھ سکے۔

فرمایا: عورتوں کے لیے بہتر ہے کہ وہ سفید لباس اور چاندی پہنا کریں۔ کیونکہ اس میں مردوں کے ساتھ مشابہت پائی جاتی ہے۔ اور چاہیے کہ زعفران یا کسی اور رنگ سے جو گہرا ہو لباس کو رنگ لیا کریں۔ اور سفید لباس کے ترک کا شرعی طور پر حکم نہیں، صرف تشبیہ رجال کے باعث اس کا ترک کرنا بہتر ہے۔

فرمایا: شیخ اُس کو کہتے ہیں جو کل فنون میں کامل استاد ہو۔

فرمایا: من جری مجری البولین فکیف یتکبر۔ یعنی جو شخص دو پیشاب گاہوں کے راستہ سے نکلا ہوا وہ تکبر کیسے کر سکتا ہے۔

اولاد کرام

آپ کی اہلیہ محترمہ کا نام حضرت مہربانو صاحبہ بنت شیخ عنایت اللہ بن شیخ احمد مفتی بچہ چھٹہ تھا۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔ آپ کے چار فرزند تھے:

۱۔ حضرت سید حافظ نور اللہ فرشتہ صفاتؒ۔ ان کا ذکر آگے آتا ہے۔

۲۔ حضرت سید ضیاء اللہ ۳۔ حضرت سید مراد اللہؒ ۴۔ حضرت سید عباد اللہؒ

ان تینوں بزرگوں کے حالات طبقہ دوم کے پانچویں باب میں آئیں گے اِن شاء اللہ تعالیٰ

تلامذہ

آپ دار العلوم نوشاہیہ کے مدرس اعلیٰ تھے۔ آپ کے درس سے بہت سارے لوگ علم و فضل سے بہرہ ور ہوئے۔ آپ کے شاگردوں کی مفصل فہرست میں نے اپنی کتاب

Marfat.com

حیات ربانی میں لکھی ہے جو آپ کی مفصل سوانح حیات ہے۔ آپ کے معاصرین صاحبزادگان نوشاہیہ برخورداریہ وہاشمیہ سب آپ کے شاگرد تھے۔

یارانِ طریقت

آپ نے اپنے والد ماجد کے بعد اکتیس سال تک مسندِ خلافت کو تزیین دی اور کافی مخلوق کو فیض سے معمور کیا۔ بعض خواص یاروں کے نام یہ ہیں:

۱۔ سید حافظ نور اللہؒ فرشتہ صفاتؒ فرزندِ اکبر آں جنابؒ ساہن پال شریف
۲۔ سید ضیا اللہؒ فرزند ثانی آنجنابؒ "
۳۔ سید مراد اللہؒ فرزند ثالث آنجنابؒ "
۴۔ سید عباد اللہؒ فرزند رابع آنجنابؒ "
۵۔ شیخ عبدالرحمنؒ شہر دہلی
۶۔ اکرم بن حیات تارڑ اگرویہ
۷۔ برخوردار بن جمال تارڑ اگرویہ
۸۔ مراد بخش بن جمال تارڑ "
۹۔ قادر بخش بن جمال تارڑ "
۱۰۔ محمد یار بن جمال تارڑ "
۱۱۔ دلاور بن بڈھا تارڑ "
۱۲۔ باقر بن محمد امین تارڑ "
۱۳۔ سماعل بن محمد امین تارڑ "
۱۴۔ فتحدین بن محمد امین تارڑ "
۱۵۔ دریام بن محمد امین تارڑ "
۱۶۔ بلوچ بن محمد امین تارڑ "
۱۷۔ شمس بن محمد امین تارڑ "
۱۸۔ براہم بن روشن تارڑ "
۱۹۔ اختیار بن گل محمد تارڑ "
۲۰۔ محمد یار بن گل محمد تارڑ "
۲۱۔ شہر یار بن گل محمد تارڑ "
۲۲۔ محمد بخش بن دانا تارڑ۔

مدحیات

آپ کی مدح شریف میں میرے والد بزرگوار اعلیٰ حضرت مولانا سید غلام مصطفیٰ مدظلہ العالی نے بہت غزلیات واشعار لکھے ہیں جو میں نے آپ کی سوانحعمری موسوم بہ حیات ربانی میں درج کی ہیں۔ یہاں اپنے چند اشعار لکھے جاتے ہیں: ؎

Marfat.com

زہے شاہِ شاہاں محمد حیات — محبِ خدا نائبِ پاکذات
خجے ذاتِ شاں بحرِ علم و عمل — بیادِ خدا ہر زماں مشتغل
بعشق و بوجد و بذوقِ کمال — بحلم و ورع صاحبِ قال و حال
بجود و سخا شہرہ آفاق بود — جہاں بہرِ دیدار مشتاق بود
شدہ جانشینِ پدر پاک او — شہانِ زماں بندۂ خاک او

تاریخ وفات

حضرت سید حافظ محمد حیات ربانیؒ کی وفات بقولِ صحیح ۱۱۷۳ھ میں ہوئی۔ تقویم ہجری وعیسوی کے مطابق اس وقت ۱۷۶۰ء اور سمت ۱۸۱۷ ب تھا۔ آپ کا مزار اطہر ساہن پال شریف گورستان نوشاہیہ میں اپنے والد بزرگوار کے پاس قبلہ کی طرف ہے۔

قطعہ تاریخ

از اعلیٰ حضرت مولانا سید غلام مصطفےٰ نوشاہی ادام اللہ برکاتہ، والدِ مولف

چوں محمد حیاتؒ کرد سفر — زیں سرائے فنا بکرد گذر
در جناں رفت صاحبِ عرفان — غفرہ اللہ رحمہ السبحان
عالم و فاضل و مفتی بود — صوفی و حافظ و مدبر بود
سالِ ترحیلِ عبدِ رحمانی — گفت ہاتف ز فضلِ ربانی

مادہ ہائے تاریخ

۱۔ فیاضِ علی الاطلاق — ۱۱۷۳ھ
۲۔ محبِ فیض — ۱۱۷۳ھ
۳۔ پاک نفس — ۱۱۷۳ھ

ؒ حضرت سید حافظ محمد حیات ربانیؒ کا کچھ ذکر اسی جلد کے طبقہ دوم میں بھی آئے گا۔ شرافت

Marfat.com

شیخ الاسلام حضرت مولانا سید
حافظ نور اللہ فرشتہ صفات
نوشاہی قدس سرہٗ

درمناقب ذاتِ پاکِ پیر نور اللہ شاہ
کاشفِ سرِّ حقیقت شاہبازِ لامکاں

مظہرِ فیضِ الٰہی شاہ نور اللہ پیر — صاحب وسلطانِ وقت دگرہاں را دستگیر
منبعِ جُود و سخا محبوبِ ذاتِ کبریا — نیست در دُنیا و دیں ہرگز کسے مثلش نظیر
معدنِ لُطف و حقایق مخزنِ نورِ الٰہ — جامع نور وضیا گشتست چوں بدرِ منیر
آفتابِ چرخِ عرفاں وارثِ ملکِ بقا — نائبِ ذاتِ رسول اللہ از علمِ کثیر
بس شرافت نیست مارا غم ز جورِ روزگار — آنکہ باشد بر سرِ ما سایۂ ابرِ مطیر

اوصافِ جمیلہ آپ عالمِ علومِ معقول ومنقول، حاویِ مسائلِ فروع واصول، سرآمدِ اولیائے زمان، امامِ اوتادِ جہان، قبلۂ صادقانِ اُمت، کعبۂ عارفانِ ملت، قدوۂ اہلِ بیتِ کرام، زبدۂ عترتِ خیر الانام، محبوبِ حضرتِ کبریا، عاشقِ ذاتِ خدا، صاحبِ عظمت وجلالت وکرامت ونجابت تھے۔ آپ حضرت مولانا سید حافظ محمد حیات ربانی ابنِ سید حافظ جمال اللہ فقیہِ اعظم نوشاہی برخورداریؒ کے فرزندِ اکبر اور مرید وخلیفہ اعظم تھے۔

آپ کی والدہ ماجدہ کا نام حضرت مہربانو بنت شیخ عنایت اللہ بن شیخ احمد مفتی بچہ چھٹہ تھا۔

نام ولقب آپ کا نام نامی نور اللہ، القاب فرشتہ صفات [illegible] اعلم العلما، فاضلِ اعظم تھے۔

تاریخِ ولادت آپ کی ولادت باسعادت بقول کتاب ثمرات الافکار بروز منگلوار

Marfat.com

وقت ضحیٰ کبریٰ ۱۹ جمادی الاخریٰ ۱۱۴۷ھ میں ہوئی۔ تقویم ہجری وعیسوی میں اس کے مطابق ۵ نومبر ۱۷۳۴ء و کتک سمت ۱۷۹۱ اب تھا۔ تاریخی مصرعہ: سرورِ دیں قطبِ عالم شاہ جہاں۔ تاریخی نام "ذوالقرنین"۔

تہنیت نامہ

آپ کی پیدائش کی خوشی میں مولانا مظفر صاحبؒ نے یہ اشعار بطور مبارکباد اور تہنیت نامہ کے لکھے ؎

بہ بسم اللہ کنم آغازِ نامہ	بحمد اللہ کہ شد از من میسر
بفضلِ قادرے خلاقِ افلاک	رسیدم مژدۂ فرحت مؤثر
کہ پیدا شد مبارک فال فرزند	گرامی قدر والا نیک اختر
بیامد با حیات آں بخت بیدار	پدر را نورِ چشم و جانِ مادر
شدند در اہتزاز آبائے علوی	شدہ اہبات سفلی زاں مبشر
زمیں سرسبز شد از مولدِ او	برقص اندر در آمد چرخِ اخضر
نویدش چوں بگوشِ قدسیاں شد	مبارکباد گفتند یک بدیگر
شدند در تہنیت تسبیح گویاں	بگلبانگِ کریم اللہ اکبر
بنور اللہ چو شد نامش مسمّٰے	شدہ ہر دو ستے را چشمِ انور
مبارکباد ایں فرزانہ فرزند	رسد با عمر و بخت و علمِ وافر
بود در عمر و بخت و علم او را	نصیبے وافر از ہر سہ فزوں تر
حیاتش با حیاتِ والدینش	صد و چل سال باشد بلکہ اکثر
بعمر و بخت و علم علل باشد	فزونتر زاں فزونتر زاں فزونتر
عمر چوں خضر و بختش چوں سکندر	بہ علم و عمل باشد چوں ابوذر
زلطفِ پاک حاجی نوشہ باشد	سلیماں بخت بر عرشِ مطہر
جمالش از جمال اللہ روشن	بنور اللہ حیاتش شد منور
دریں دعویٰ چو شد نامش مقرر	بیامد در طریق و راہ رہبر
سلام اہل سنت میفرستد	قبول اللہ اگر آں دیں معتبر

Marfat.com

سلامے صاف تر از آب حیواں — بپاکی در مثالِ آبِ کوثر
ز رُمّان و زناں اطلے و اشنے — ببو رشکِ گلاب و مشکِ اذفر
فرستند در جنابِ آں مکرم — کہ نامِ او حیات آمد مصدر
کند احیائے دلہا ذکر نامش — محمد شد چو بر نامش مصدر
بفرحت تا ندا کردم بنامش — بنامِ پاکِ آں سالارِ سرور
حیاتِ بے نہایت باشد او را — بود باقی بوصف آں نام آور
حیا اندر حیاتش گشت موجود — ازاں در نامِ او گشتہ مقرر
سلام من بسِ انگہ باعقیدت — رسد باہر بزرگے با توقر
خصوصاً آنکہ ثانی بوسعید ست — ابوالخیر المکثر فی التذکر
بہ شیرِ بیشۂ عرفان و توحید — کہ شد نامش ردیفِ نامِ حیدر
ازاں شد نامِ او مقبول عالم — کہ منسوب ست با نامِ پیمبر
بگلبانگِ فتوت زد شگفتہ — شدہ بستانِ ہمت زاں معطر
بپوشش شد معطر ہر دماغے — کہ چوں گل تاج شد بر نام اطہر
عظیم الشان والقدر المعلّٰے — کثیر البر والخیر الموفر
ازاں در نام او حق داد عظمت — کہ شد نامش بپائے نامِ سرور
بفرزندانِ عالی ماہ رویاں — علی الاقدر اکرم با تفاخر
بود ہو عصمت اللہ نسلِ ایشاں — بحفظ اندر ز آفاتِ منکر
نظامِ سلکِ اخوان شاہِ نتھو — عنایت کرد نام شاہِ برتر
بآں سلطانِ اقلیمِ ریاضت — بود آرام و در دنیا معمر
بہ بنیامین یوسف خوبصورت — تقی الدہر بارحمت موثر
بلطف اللہ چو گلہا میر شاہ است — کہ از نصرت شدند در نصر انصر

ز بسنگر

Marfat.com

باخوان الصفا هر یک برادر — ہمہ یارانِ مجلس پاک محضر
ہمہ خدام جملہ نیک خواہاں — دِگر ہر کس کہ پرسد حالِ احقر
خدا دارد نگہ احوالِ ایشاں — بدیں منصور در دنیا مظفر[1]

تحصیلِ علوم آپ نے اپنے والد بزرگوار سے ظاہری علوم کی تحصیل کی۔ قرآن کریم بھی حفظ کیا اس کے بعد قصبہ کُنجہ چھٹہ میں مولانا حافظ عبدالنبیؒ سے دینی علوم حدیث و فقہ و طب وغیرہ پورے حاصل کیے اور فقہ میں وہ خصوصیت پائی کہ اپنے اقران میں فوقیت و سبقت لے گئے۔

بیعت و خلافت آپ نے بیعتِ طریقت اپنے والد ماجد حضرت مولانا سید حافظ محمد حیات ربانی نوشاہیؒ سے کی۔ اور سلوک قادریہ نوشاہیہ پورا کر کے خلافت و اجازت حاصل کی۔ بعض اوراد کی تعلیم و تلقین و اجازت اپنے چچا بزرگوار حضرت سید ابوسعید مرتاضؒ سے پائی۔

منصبِ قضا آپ کے زمانہ میں چوہدری غلام محمد بن پیر محمد چھٹہ رئیس اعظم منجر ضلع گوجرانوالہ اپنے علاقے کا خودسر حاکم تھا۔ اُس نے اپنے علاقہ سلطنت میں سے ستر عالم منتخب کیے ہوئے تھے۔ ان میں سے چار کس فضیلتِ علمی میں ممتاز تھے اور چاروں میں سے آپ کو امتیازی شان حاصل تھی۔ ایک دن چوہدری صاحب نے آپ کے سامنے التماس کی کہ آپ منصبِ قضا قبول فرما دیں۔ چنانچہ آپ نے اس کی عرض قبول فرما کر یہ منصب اختیار کیا اور قاضی القضاۃ مقرر ہوئے۔

سکونتِ رسولنگر آپ کے زمانہ میں ۱۱۶۹ھ میں قصبہ رسولنگر آباد ہوا۔ چوہدری غلام محمد موصوف کی التجا کے مطابق آپ بمعہ اپنے چھوٹے بھائی سید

---

[1] ثمرات الافکار ۱۲ اس مکتوب یعنی تہنیت نامہ میں یہ صفت بھی ملحوظ ہے کہ اس وقت یعنی ۱۱۴۷ھ تک جس قدر سادات برخوردار یہ گزر چکے تھے یا موجود تھے اس میں سب کے نام آگئے ہیں ۱۲۔ شرافت

Marfat.com

ضیاءاللہ کے وہاں سکونت گزیں ہوئے۔ یہ شہر اس وقت حکومتِ چٹھہ کا مرکز تھا۔

فتویٰ نویسی تمام علاقہ میں جو مسائل مشکلہ پیش آتے وہ حضور کے سامنے لائے جاتے۔ آپ قرآن مجید و حدیث و فقہ کے مطابق فیصلہ فرماتے اور فتویٰ لکھتے۔ علمِ فقہ میں آپ کو خصوصی امتیاز حاصل تھا۔

تدریس آپ نے شہر رسول نگر میں تدریس بھی جاری رکھی۔ علاقہ کے بہت سارے علماء علم میں آپ کے شاگرد تھے اور فقہ و حدیث آپ سے پڑھی تھی۔

وعظ و تقریر آپ نماز باجماعت ادا فرمایا کرتے۔ اور وعظ و تقریر بھی فرماتے۔ آپ کی وعظ نہایت پُرتاثیر ہوتی۔ ہر صبح کو وعظ فرمایا کرتے۔ سامعین کو ذوق حاصل ہوتا تھا۔

اعیانِ حکومت کی آپ سے عقیدت چودھری غلام محمد چٹھہ کی شہادت ۱۲۰۳ھ میں ہوئی۔ اس کے بعد سکھ اس علاقہ پر قابض ہو گئے۔ وہ بھی آپ سے عقیدت رکھتے تھے۔ چنانچہ حکومتِ خالصہ کی طرف سے ایک مانی غلہ فصل بفصل آپ کو پہنچتا تھا اور کچھ روزینہ بھی مقرر تھا اور خاندانِ فقیر صاحبان یعنی فقیر سید عزیز الدین اور فقیر سید نورالدین اور فقیر سید امام الدین پسران سید غلام محی الدین شاہ نوشاہی برقندازی لاہوری جو مہاراجہ رنجیت سنگھ کے وزراء اور مشیر کار تھے۔ وہ آپ کے معتقدین سے تھے۔

رنجیت سنگھ کا مراسلہ ایک مرتبہ آپ کا فصلانہ غلہ ملنے میں کچھ تاخیر ہو گئی تو مہاراجہ رنجیت سنگھ نے اپنے ایک تحصیلدار کے نام یہ مراسلہ جاری کیا:

"عزت آثار کرم چند بعافیت باشند۔ میاں شاہ نوراللہ نبیرہ حضرت حاجی نوشہ یک مانی غلہ فصل بفصل از قدیم روزگار مے یابد۔ و مردم اہل اللہ و درویش ست لہذا لایح میگردد کہ در مقدمہ مشارالیہ بوجہے تعرض نکردہ مانی غلہ فصل بفصل میدادہ باشند۔ در معاملت ایں مانی غلہ گندم باید دہانید۔ واز مقدمہ فقرا قصور نباید ورزید۔ زیادہ چہ نوشتہ شود۔ چوں مقدمہ فقرا ست نیازِ مولا و حرم ارتھ کردہ شد۔ مزاحم نباید شد۔"

اس کے علاوہ اور بھی کچھ مراسلات اور دستاویزات ہیں جو حکومتِ خالصہ کی طرف سے

Marfat.com

لکھی گئیں ۔ ان سب کو میں نے آپ کی سوانحعمری الموسوم بہ "صحیفہ نور" میں لفظ بہ لفظ درج کیا ہے ۔ اور اصل کاغذات بھی میرے کتب خانہ میں محفوظ ہیں ۔

فقیر عزیز الدین کا مراسلہ

ایک مرتبہ آپ نے فقیر سید عزیز الدین رضا وزیر اعظم کے نام ایک رقعہ بھیجا جو کسی درویش کو ملازمت دلوانے کے متعلق سفارشی تھی ۔ فقیر صاحب نے جواب لکھا :

"بخدمت فیضدرجت حافظ صاحب والا مناقب حضرت حافظ نوراللہ چیو سلمہ اللہ تعالیٰ از فقیر خاکسار عزیز الدین رضا بعد از عرضِ بندگیات و نیاز و شوقِ زیارات فیض بشارات مشہودِ ضمیرِ منیر باد کہ مہربانی نامہ نامی در احسن اوقات و اسعد ساعات عزِ ورود فرمودہ معزز ساخت ۔ ہر قدر کہ مقدورِ آدم باشد سعی مے نماید ۔ لیکن اختیارِ کسے نیست ۔ اگر پیش رفت شد تفاوت نخواہد بود ۔ سعادتِ دارین ست ۔ زیادہ بندگیات ست ۔ عذرِ کاغذ معاف باید فرمود کہ عالمِ سفر ست ۔"

معمولات

آپ اپنے آباؤ اجداد کی طرح اوراد و وظایف قادریہ نوشاہیہ پر پورے پورے پابند تھے بوقتِ نصف شب اُٹھ کر تہجد ادا فرماتے اور کلمہ طیبہ اور درود ہزارہ کا وِرد بکثرت کرتے ۔ تلاوتِ قرآن مجید بملاحظہ معانی کیا کرتے ۔ آپ نوافل میں سے (۱) صلوٰۃ الاسرار دو رکعت شام کے بعد (۲) صلوٰۃ البہرۃ چار رکعت (۳) صلوٰۃ ایمنی از گور چار رکعت (۴) نوافل ہدیہ امامین دو رکعت (۵) نوافل ہدیہ والدین دو رکعت (۶) نوافل ماہ محرم گیارھویں تاریخ کو دو رکعت پڑھا کرتے ۔ دعائے تسخیر تین مرتبہ اور دعائے حزب البحر ایک بار نمازِ فجر کے بعد ۔ اور ایک بار نمازِ عصر کے بعد پڑھا کرتے ۔ اور ختم غوثیہ کبیر و صغیر اور ختم یوسفی اور ختم نقشبندی بھی روزانہ آپ کا معمول تھا ان سب کی تفصیل اور ترکیب میں نے آپ کی سوانح حیات "صحیفہ نور" میں لکھی ہے ۔ ناظرین وہاں سے ملاحظہ کریں ۔

آپ جب خواب سے بیدار ہوتے تو یہ دعا پڑھا کرتے ، الحمد للہ الذی احیانی

Marfat.com

بعد ما اماتنی و الیہ النشور والحمد للہ الذی انسنی بہ و اوحشنی من خلقہ۔

اخلاق و عادات

آپ کے اخلاق و عادات بزرگان متقدمین کے مشابہ تھے۔ نہایت رحم دل اور فیاض، درویشوں سے محبت رکھنے والے، سچائی کو پسند کرنے والے، سخاوت کا پیشہ رکھنے والے تھے۔

سفارش کرنا اگر کوئی شخص آپ سے سفارش طلب کرتا تو آپ اعیانِ حکومت سے سفارش کر دیتے۔ چنانچہ ایک آدمی کو فقیر سید عزیز الدین رضا وزیر اعظم کے ہاں سفارش کر کے ملازم کروا دیا۔

صداقت پسندی ایک روز آپ گاؤں سے باہر سیر کو نکلے۔ ایک چوہڑا مردار کا گوشت لیے آگے سے آ رہا تھا اس نے سلام کیا۔ آپ نے فرمایا، تیرا کام تو آج خوب بن گیا۔ اس نے کہا، یا حضرت! یہ تو میں اپنی عادت کے مطابق لے آیا ہوں۔ لیکن میں بھی حلال کو حلال اور حرام کو حرام جانتا ہوں۔ گو خود اس کا ارتکاب کیا ہے۔ آپ اس کی سچائی پر خوش ہوئے۔

اشعار خوانی آپ بعض اوقات یہ اشعار پڑھا کرتے: ؎

ہر کہ زدل دامنِ پیراں گرفت — گنجِ بقا زیں دِہ ویراں گرفت
ناصیۂ پیر نہ تنہا ست نور — بلکہ جہانے ست ز نورِ حضور
چشمۂ خورشید نہ تنہا ضیا ست — بلکہ زمیں را نظرش کیمیا ست
من کہ مرا بست بخاطر دروں — نقد معانی ز نہایت بروں
نے ز خود ایں ملکِ ابد یافتم — کز نظرِ منعمِ خود یافتم
شیخ اُمم قطب حقیقت نظام — خضر و مسیح از دمِ یحییٰ العظام

؎ بجانِ دوست کہ خشم پرده بر شما نبرد — کہ اعتماد بر الطافِ کارساز کنید

Marfat.com

میانِ عاشق و معشوق فرق بسیارست — چو یار ناز نماید شما نیاز کنید
نخست موعظۂ پیرِ صحبت این حرف ست — کہ از مصاحبِ ناجنس احتراز کنید

ے صبا بگوشۂ آں بام گر بمے گزری — اذا لقیت حبیبی فقل لہٗ خبری
تراچہ نفع کہ مارا بحسرت می سوزی — ولو فرحتَ بھٰذا رضیتُ فی ضرری

ے دیو سوئے آدمی شد بہر شر — سوئے تو ناید کہ از دیوی بتر
چوں شدی در خوئے دیوی استوار — میگریزد از تو دیوے نابکار

ے بزہد خشک نگردد مرادِ کس حاصل — خنک کجا دست را کند رنگیں

خوارق و کرامات

آپ سے اکثر خوارق ظہور پذیر ہوتے تھے۔

فرشتوں پر تصرف ایک مرتبہ آپ کے بڑے صاحبزادہ سید حافظ الٰہی بخش صاحبؒ صحن خانہ میں مسجد کے چبوترہ پر بیٹھ کر کتابت کر رہے تھے۔ دل میں خیال آیا کہ شاید نزع کا عذاب کس طرح ہوتا ہے؛ آپ پاس موجود تھے۔ مکاشفہ قلبی سے اُن کے ضمیر سے آگاہ ہو کر فرمایا: بیٹا! یہیں لیٹ جاؤ۔ چنانچہ حضور گھر میں تشریف لے گئے۔ بعد میں صاحبزادہ صاحب کیا دیکھتے ہیں کہ عزرائیل فرشتہ نے آکر اُن کے فمِ معدہ پر انگلی رکھی ہے۔ ان پر غشی کی حالت طاری ہو گئی۔ آپ دوڑ کر آگئے اور فرمایا بس کر، صرف نزع کی حالت دکھانا مقصود تھا۔ چنانچہ فرشتہ چلا گیا اور ان کو مرتبہ حق الیقین حاصل ہو گیا۔

کشفِ قلوب آپ کا مرید حافظ فیض بخش بن وریام تارڑ اگرونیہ شاعر تھا۔ آپ نے اس کو منع فرمایا کہ آئندہ شعر نہ کہنا کیونکہ ان میں مبالغہ ہو جاتا ہے۔ اس نے ترک کر دیا۔ ایک بار لاہور جانے کا اُس کو اتفاق ہوا۔ شاہی مسجد کو دیکھا تو دل میں

Marfat.com

ایک جذبہ اُٹھا۔ اُس کی تعریف میں چند اشعار کہہ دیے۔ جب واپس آیا تو حضور نے فرمایا: میاں فیضا! تجھ کو منع کیا تھا مگر تُو نہ رہ سکا۔ لاہور پہنچ کر شعر کہہ ہی دیے۔

بارش ہونا ایک مرتبہ ماہ ساون میں بارش نہ ہوئی۔ امساک باراں سے مخلوق تنگ ہوگئی۔ آپ نے ایک عرضی بزبانِ فارسی خدا تعالیٰ کی درگاہ میں پیش کی۔ اس وقت اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے بارش ہوگئی۔ عرضی یہ ہے۔ آپ لکھتے ہیں،

عرضداشت

"یک سال در بہار ساون و ماہِ ساون باراں نبارید برائے ایں فقیر نور اللہ بجنابِ پروردگار عزاسمہ عرضداشت کرد۔ بندگانِ بیکساں ذرہ آسا بموقفِ عرضِ اقدس اعلیٰ حضرت خالق اللیل والنہار برآرندۂ عروسِ نوبہار مینا رمیرساند کہ اے رسانندۂ روزی جمیع مخلوقات وکائنات ایں ظلوم وجہولاں بمعہ حیوانات جہت سببِ عدم تقاطرِ قطراتِ باران سوائے غیاث ربنا ظلمنا انفسنا وان لم تغفر لنا وترحمنا لنکونن من الخسرین وصدائے ربنا اغفر لنا ذنوبنا واسرافنا فی امرنا وندائے اللھم ربنا انزل علینا مائدۃً من السماء تکون لنا عیدا لاولنا واٰخرنا۔ خمس الاوقات بلک ساعتا بساعۃٍ (بگم، من احب شیئا اکثر ذکرہٗ (اشتغالِ دیگر ندارند) مرجوست برفرمودہ ادعونی استجب لکم کہ بایں پُرگناہاں رحمت گردد۔ اے رب الارباب ہرکس بروزِ میثاق مدعی اند خصوصاً ملائکہ (کہ درجواب) واذ قال ربك للملئکۃ انی جاعل فی الارض خلیفۃ محض از عنادِ اندرونی قالوا اتجعل فیہا من یفسد فیہا ویسفك الدماء ونحن نسبح بحمدك ونقدس لك ہم ابلیس لعین را (فرمودی) مامنعك الا تسجد لمن خلقت بیدی (او) درجواب ناصواب (گفت) انا خیر منہ خلقتنی من نار وخلقتہٗ من طین نیز لاحتنکن ذریتہ الا قلیلاً اے ارحم الراحمین واے غفور الذنوب المذنبین بطفیل ذات وصفاتِ خویش بر تدبیر ومصلحتِ ایشاں بر انسانِ مطلق ضعیف عمل نباید نمود۔ بلکہ بفضل وافضالِ خود (باید دید) کہ ایں مسکیناں امیدوارِ رحمت اند کہ ان اللہ یغفر الذنوب جمیعاً یقین کہ باغزاز و نحن اقرب الیہ من حبل الورید بارانِ لایزال مرحمت شود کہ ان اللہ لا یخلف المیعاد۔ بجز ذاتِ مالک الملک کسے خبر

Marfat.com

نے گیرد۔ سوائے ایں عجز وانکسار چہ نوشتہ آید۔"

عملیات

آپ عاملِ کامل تھے۔ آپ کے فرمودہ عملیات تیر بہدف ہوتے تھے۔

حلِ مشکلات کے واسطے اگر کسی شخص کو کوئی مشکل درپیش ہو تو نمازِ فجر کے بعد ستر مرتبہ اور نمازِ شام کے بعد ستر مرتبہ یہ دعا پڑھا کرے ان شاء اللہ وہ مشکل حل ہو جاوے گی "بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اللھم اصلح شانی کلہ"

دردِ سر کے واسطے جو شخص دردِ سر یا دردِ شقیقہ میں مبتلا ہو عاشورہ کے روز غسل کرے اور نئے کپڑے پہنے اور سات مرتبہ پانی کے چھینٹے سر پر ڈالے اور یہ تسبیح پڑھے۔ ان شاء اللہ درد سے نجات پاوے گا مجرب ہے "حسبی اللہ و کفیٰ سمع اللہ لمن دعی لیس وراء اللہ منتھیٰ من اعتصم بحبل اللہ نجیٰ"

اس کے علاوہ کئی عملیات ہیں جو بخوفِ طوالت نظر انداز کیے گئے ہیں۔ آپ کی سوانحعمری صحیفہ نور میں سب درج کیے گئے ہیں۔

تصنیفات

آپ علم ظاہری و باطنی میں تمام اولادِ حضرتِ غوث صاحبؒ سے لاثانی تھے۔ صاحبِ تصانیف مفیدہ تھے۔ آپ کی تصنیفات سے میرے کتب خانہ میں مندرجہ ذیل کتابیں ہیں،

۱۔ **فتاویٰ نوشاہیہ** یہ فقہ حنفی کی کتاب ہے آپ نے بترتیب فقہی باب بنا کر ان میں بزبان عربی مسائل تحریر کیے ہیں۔ اس میں ایک سو تینتیس فقہ و حدیث کی کتابوں کے حوالے پائے جاتے ہیں اور اس میں ایک سو چودہ باب ہیں۔ اس کے تمام ماخذ اور ابواب کی فہرست میں نے کتاب صحیفہ نور میں لکھ دی ہے۔

۲۔ **مصطلحات الصوفیہ** اس میں صوفیائے کرام کی اصطلاحات کی تشریح ہے۔ اس کی کچھ عبارت تبرکاً لکھی جاتی ہے:

Marfat.com

"خواجہ محمد پارسا در کتاب تحقیقاتِ تحقیق بعضے اصطلاحات کردہ است کہ این ست میخانہ و بتکدہ و شرابخانہ مراد ازینہا باطنِ عارف کامل باشد کہ دراں باطن شوق و ذوق و معارفِ الٰہی بسیار باشد وہم وے گفتہ کہ شرابخانہ عالمِ ملکوت را گویند و میخانہ عالمِ لاہوت را نامند، و ترسا مرد روحانی را گویند کہ صفاتِ ذمیمۂ نفسِ امارہ او تبدیل شدہ باشد و بصفاتِ حمیدہ موصوف بود۔ و ترسا بچہ واردات غیبی را گویند کہ بر دلِ سالک فرود آید۔ و بُت تجلیِ شاہدِ معنی را گویند کہ بر صفتے ماورائے صفتے دیگر بر دلِ سالک ظاہر شود۔ و نیز وے گفتہ کہ بُت مطلوب و مقصود را گویند و دَیر و خرابات عالمِ معنی و باطنِ عارفِ کامل باشد و ہم وَے فرمودہ کہ دَیر عالم انسانی را نامند۔ و گبر و کافر کسے را گویند کہ در وحدت یکرنگ و یکرُوئے شدہ باشد و روئے دل از ماسوی اللہ برتافتہ و بسوادِ نیستی جائے گرفتہ باشد۔ و مے ذوقے را گویند کہ از دلِ سالک برآیدہ او را خوش وقت گرداند۔ و ساغر و پیمانہ چیزے را گویند کہ سالک در وے مشاہدہ انوارِ غیبی کند و ادراکِ معانی نماید۔"

۳۔ مکتوباتِ نوراللہ اس میں آپ کے مکاتیبِ عالیہ جمع کیے گئے ہیں جو حقایق و معارف سے پُر ہیں۔ ان میں سے ایک مکتوب، مکتوبات کے عنوان کے ماتحت درج کیا جاوے گا۔

۴۔ انشائے نوراللہ یہ فنِ انشا پردازی کے متعلق ہے۔ اس میں آپ کے رقعات درج ہیں۔ ان میں سے ایک رقعہ رقعات کے عنوان کے تحت لکھا جاوے گا۔

۵۔ حقایقِ نوریہ سوائے فتاوی نوشاہیہ عربی کے آپ کی دوسری تصانیف سب نامکمل صورت میں پراگندہ اوراق سے دستیاب ہوئی ہیں۔ اس لیے ان سب مضامین متفرق کو فقیر سید شرافت عافاہ اللہ نے ایک جگہ جمع کر کے بنام حقایقِ نوریہ موسوم کر دیا ہے تاکہ مستفیدین کو سہولت ہو جاوے۔

مکتوبات

آپ کے مکتوبات، کتاب حقایقِ نوریہ اور صحیفہ نور میں درج کیے گئے ہیں۔ ان

Marfat.com

میں سے صرف ایک مکتوب یہاں نقل کیا جاتا ہے جو آپ نے اپنے دونوں فرزندوں سید حافظ الٰہی بخش ؒ و سید خدا بخش ؒ کے نام لکھا تھا۔

"مظہرِ اوصاف مجمعِ الطاف معدنِ اشفاق مخزنِ اعطاف۔ بلکہ آں دو گُل از یک نہال۔ یا دو میوہ از یک درخت۔ یا دُو دُرّ از یک صدف یا دُو ستارہ از یک بُرج قِران السعدین۔ ہموارہ بحفظِ الٰہی از حوادثِ زمانۂ ناہنجار بودہ ہر جا کہ باشند باخدا باشند۔ از داعی بالخیر فقیر نور اللہ نبیرہ قدوۃ الواصلین حضرت نوشہ حاجی گنج بخش قدس اللہ سرہٗ بعد از دعائے مزیدِ حیات و ترقیِ درجات مشہودِ ضمیرِ مہر تنویر۔ معروضِ رائے فیض پیرائے۔ آنکہ آدمی متصف بدو وصفِ بشریت و روحانیت ست۔ از بشریت کثافت و کدورت عنصریت کہ آب و خاک و ہوا و آتش مرکب اند۔ دوئم روحانیت کہ لطافت و صفافت بے غبار ست اما صحبت ہر دُو بیک وجودِ انسانی متحقق گشت۔ و چوں جذبۂ از جذباتِ الٰہی و موہبتِ فیض نامتناہی و توجہِ عارفِ کامل و ہادیِ رہبر بر آں وجودِ انسانی بر دل و یا بر صورت منور شد آنچہ کدورتِ بشریت و کثافتِ عنصریت مذکورہ است مضمحل و متنفر و زائل شد و از قیدِ بیضۂ بشریت و از حبسِ قفصِ حیوانیت بیروں آمد و آں بسبب صحبت نیک فرجام روحانیت کہ سراسر لطافت و شفافت ست کہ در عین ذات بشریتِ او بود از اثرِ صحبتِ مذکور روحانیت آں کدورت و کثافتِ عنصری کہ سراپا مقید بقید مبتلا بود۔ از فیضانیتِ جذباتِ الٰہی و توجہاتِ نامتناہی مرشدِ کامل و عارفِ مکمل آں عنصریت کثیفہ مذکورہ محو و زائل شد و از تاثیرِ صحبت روحانیت آں کدورتِ مسطورہ متبدل و متاثر گشت اجسادنا ارواحنا اجسادنا کہ سند قوی قدمائے اولیاست۔ ہموں روح شہباز بلند پرواز (است کہ) بعہ جسد بشریت بصحبت نیک روحانیت پرواز فرمودہ و آشیانہ خود کہ عالمِ ارواح و عالمِ ملکوت ست (ساختہ) کہ وطن اصلی (بدر جہا بہتر) از عالم سفلی (است) ہزاراں ہزار شکر و ہزاراں ہزار حمد و ثنائے حق سبحانہٗ و تعالیٰ نمود کہ مقام خود اصلی علوی شناختہ بدرگاہِ بارگاہِ سلطانِ ازلی و بادشاہِ لم یزلی بسعادتِ سرمدی و طالع بحضورِ استادِ نیک متاثر گشت۔ چنانچہ: ؎

گِلے خوشبوئے در حمام روزے رسید از دستِ محبوبے بدستم

Marfat.com

بدو گفتم کہ مشکی یا عبیری کہ از بوئے دلاویزِ تو مستم
بگفتا من گِلے ناچیز بودم ولیکن مدتے با گُل نشستم
جمالِ ہم نشیں در من اثر کرد وگرنہ من ہماں خاکم کہ ہستم

چنانچہ شاید حال بایں تقریب ابیاتِ گلشن راز (اند) کہ فقیر را سند قوی ست ؎

جنابِ قدسِ وحدت دیر جان ست کہ سیمرغِ بقا را آشیان ست
زروح اللہ پیدا گشت ایں کار کہ از روح القدس آمد پدیدار
ہم از اللہ در پیشِ تو جانے ست کہ از روح القدس در وے نشانے ست
اگر گردی خلاص از نفسِ ناسُوت در آئی در جنابِ قدسِ لاہوت
ہر آں کس کو مجرد چوں ملک شد چو روح اللہ بر چارم فلک شد
بود محبوسِ طفلِ شیر خوارہ بنزدِ مادر اندر گاہوارہ
چو گشت او بالغ و مردِ سفر شد اگر مرد ست ہمراہِ پدر شد
عناصر مرترا چوں اُم سفلی ست تو فرزندی پدر آبائے علوی ست
ازاں گفت ست عیسٰی گاہِ اسرا کہ آہنگِ پدر دارم ببالا
تو ہم جانِ پدر سوئے پدر شو بدر رفتند ہمراہِ پدر شو
اگر خواہی کہ گردی مرغِ پرواز جہانے جیفہ پیشِ کرگس انداز
بدو ناں دِہ مرایں دنیائے غدار کہ جز سگ را نشاند داد مُردار
نسب چہ بود مناسب را طلب کن بحق رُو آور و ترکِ نسب کن

وہم باید دانست کہ صحبتِ نیک تا مقدور از دست نباید داد کہ صحبتِ نیک بہ از کارِ نیک وصحبتِ بد بہ از مارِ بدست واگر ایں صحبتِ نیک میسر نیاید زاویۂ تنہائی غنیمت بشمرد و خدمتِ بندگانِ خدا محتاج وگرفتار بہتر از ہزار عبادت (است)۔

؎ کعبہ ظاہر بنا مردانِ خود بیں واگذار در پئے تعمیر دلہا شو کہ حج اکبر ست
؎ آنانکہ خاک را بنظرِ کیمیا کنند سگ را ولی کنند گمس را ہما کنند
؎ آہن کہ بپارس آشنا شد فی الحال بصورتِ طلا شد

Marfat.com

رباعی شاہی طلبی برو گدائے ہمہ باش بیگانہ زخویش آشنائے ہمہ باش
خواہی کہ ترا تاج بر سر گیرند خاکِ ہمہ باش خاکپائے ہمہ باش

چوں مراتب اولیار امرحمت شدند اعتقاد ہموں مراتب میشود چنانچہ سلطان ابراہیم ادہم قدس سرہٗ بخدمتِ شقیق بلخی قدس سرہٗ برائے حلِ عقدۂ باطن مشرف شدند۔ حضرت شقیق بلخیؒ از حضرت ابراہیم پرسید چگونہ اوقاتِ معاش میگزرد و در جواب ابراہیم فرمود اگر خدا تعالیٰ میدہد شکر میکنم و اگر نمیدہد صبر میکنم۔ شقیق بلخی فرمود ہمیں عادت سگانِ خراسان ست باز ابراہیم ادہم عرض کرد معاش آں صاحب چگونہ است۔ شقیق بلخی فرمود اگر میدہد ایثار در راہ حق میدہیم واگر نمیدہد شکر میکنم۔ حاصل آنکہ ہر چہ حوصلہ مردم ست بداں مراتب ست قیمۃ المرء ھمتہ یعنی بہائے مرد بموجب ہمتِ اوست۔"

رقعات

آپ کا ایک رقعہ یہاں درج کیا جاتا ہے۔

رقعہ "فیض بخش مہربان فیض رسان میرجیو سلامت۔ باستماعِ مژدۂ جان پرور روان آسا وانبساط بخشِ جان افزا کہ خدائی اقبال مند اقبال آثار عبدالستار کہ بفرخندگی وفرخبالی در ساعتِ نیک سرانجام خجستہ فرجام یافت چنداں شادی وشادمانی پیرامونِ دلِ دوستاں گردید کہ در احاطۂ تحریر وتقریر گنجایش پذیر نتواند شد۔ حق تعالیٰ آن نجمین سعدین را در برجِ جمعیت ابدالدہر ہمقرانِ عیش وعشرت دارا و بحرمت النون والصاد۔"

دستخط آپ کے ہاتھ مبارک کی متفرق تحریرات میرے کتب خانہ میں موجود ہیں۔ چنانچہ فتاویٰ نوشاہیہ عربی، سفینۃ الاولیا فارسی، دعائے حزب البحر، فالنامہ قرآن مجید، بعض مکتوبات شریف۔ ان میں سے کتاب سفینۃ الاولیا کے خاتمہ سے آپ کا دستخط یہاں نقل کیا جاتا ہے:

"الحمد للہ حمداً کثیراً دائماً نسخہ ایں کتاب سفینۃ الاولیا بتاریخ بستم شہر ذیقعدہ سنہ ۱۱۹۲ ہجرۃ النبی الامی وقتِ اول پیشیں روز جمعہ در قصبہ رسول نگر حصنہ اللہ تعالیٰ عن شر النوائب از دست خط فقیر حقیر نوراللہ نبیرہ قدوۃ الواصلین وعمدۃ العارفین حضرت

Marfat.com

نوشتہ حاجی گنج بخش قادری قدس سرہٗ اگرچہ خطِ فقیر کو جلی و نازیب (است) اما بواسطہ شوقِ مافوق از نسخہ میاں صاحب فضیلت و کمالات و تنگاہ میاں محمد اشرف جیو سلمہ اللہ تعالیٰ نوشتہ شد۔ تمام تمام شد و مقابلہ ہم نمودہ شد۔ اگر سہو و خطا شدہ باشد از ترکیبِ انسانی ست کہ الانسان مرکب من السھو والنسیان۔ الٰہی بحرمت اذکارِ اولیا جمعیت بر قال و استعداد بر حال بخشد۔"

مقالات

آپ کا ایک مقالہ متعلق نکتہ توحید یہاں درج کیا جاتا ہے۔

مقالہ — رباعی دیوانِ حافظ

"بلبل ز شاخِ سرو بگلبانگ پہلوی — میخواند دوش درسِ مقاماتِ معنوی
یعنی بیا کہ آتشِ موسیٰ نمود رُخ — تا از درخت نکتۂ توحید بشنوی

بلبل عبارت از عاشقِ صادق و عارفِ واصلِ کامل منتہی کہ از قیدِ بشریتِ عنصریت و بقیہ ظلمیت مسافت سفلی چوں باز پرواز (کردہ) بر آشیانہ خود کہ مرتبہ روحانیت و ملکوتیت ست (برسد) شاخِ سرو مقامِ معنوی و وطنِ اصلی و جائے قرب القرب عارفِ واصل ست حسبِ قولِ عارفاں اجسادنا اسرٰی واحنا اسرٰی واحنا اجسادنا۔ گلبانگ در اصطلاحِ عقلا خبرِ خوش و مژدۂ نوید کہ بمردم میدہند مثلاً بادشاہِ عادل بر تخت نشستہ و بمردم عدل و رعایت سازد گلبانگ ست ہم چنیں عاشق صادق (چوں بمرتبہ روحانیت برسد نکاتِ توحید بیان میکند چنانچہ ازیں کلام مفہوم مے شود)

ے

بلبل ز شاخِ سرو بگلبانگ پہلوی — میخواند دوش درسِ مقاماتِ معنوی
یعنی بیا کہ آتشِ موسیٰ نمود رُخ — تا از درخت نکتۂ توحید بشنوی

وہم صاحبِ گلشن راز در گلشن راز میفرماید۔ ے

بیا در وادیِ ایمن کہ ناگاہ — درختے گویدت اِنِّیْ اَنَا اللہ
روا شد چوں اَنَا اللہ از درختے — چرا نبود روا از نیک بختے

Marfat.com

چنانچہ درسیپارہ ہشتم درسورۂ قصص درقرآن شریف بیان نکتہ توحید ست فلما اتھا نودی من شاطئ الواد الایمن فی البقعۃ المبارکۃ من الشجرۃ ان یموسیٰ إنی أنا اللہ رب العلمین وادیِ ایمن کہ حضرت موسیٰ را با باریتعالیٰ کلام شد ومعجزہ عصا اژدہا شدہ ۔ واز درخت اخضر آواز إنی انا اللہ شد۔"

ملفوظات

آپ کا کلام معرفت میں عالی تھا۔ آپ کے ارشاداتِ عالیہ علمی حقایق سے لبریز ہوتے تھے۔ میں نے کتاب صحیفہ نور میں تفصیل سے لکھے ہیں۔ چند ایک ارشادات یہاں لکھے جاتے ہیں۔

فرمایا: خدا تعالیٰ کو ہر لحاظ سے یکتا جاننا توحید ہے۔

فرمایا: محمود اور وسیلہ دو گنبدوں کے نام ہیں جو تمام پیغمبروں کے گنبدوں سے بلند ہیں اور وہ خاص حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا مرتبہ ومقام ہے۔

فرمایا: اسم جامع کے اعداد ایک سو چودہ (۱۱۴) ہیں۔ یہ قرآن مجید کی ایک سو چودہ (۱۱۴) سورتوں کی طرف اشارہ ہے۔ مطلب یہ کہ قرآن کریم جامع کتاب ہے۔

فرمایا: مفردان ایک اولیا اللہ کی جماعت ہیں جو دائرہ قطب سے خارج ہیں۔ حضرت خضر علیہ السلام انھیں میں سے ہیں۔ اور ہمارے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم بھی بعثت سے پہلے مفردوں میں سے تھے۔

فرمایا: نیک لوگوں کی صحبت نیک کام کرنے سے بہتر ہوتی ہے۔

فرمایا: خرقہ دو قسم ہے۔ اول خرقہ ارادت۔ یہ سوائے ایک شیخ کے کسی سے لینا جائز نہیں۔ دوم خرقہ تبرک۔ وہ بہت سارے مشایخ سے برکت حاصل کرنے کے لیے لینا جائز ہے۔

فرمایا: صحو، اصطلاحِ فقر میں ہوشیاری کو کہتے ہیں۔ یہ سکر کے مقابلہ پر ہے۔

فرمایا: خواجہ عبدالخالق غجدوانیؒ نے تصوف کی یہ اصطلاحات قایم کی ہیں۔ ہوش دردم۔ نظر برقدم۔ سفر در وطن۔ خلوت در انجمن۔

Marfat.com

فرمایا: حضرت غوث الاعظمؒ کا عشق و محبت سالک کو کمال تک پہنچا دیتا ہے۔

فرمایا: علم وہ ہے جو عمل تک پہنچائے۔ اور یقین وہ ہے جو تجھ پر پورا پورا قبضہ کرلے۔

فرمایا: دُنیا دریا ہے اور اس کا کنارہ آخرت ہے۔ اور اس کی کشتی پرہیزگاری ہے اور تمام لوگ اس کے مسافر ہیں۔

فرمایا: فقر کی حقیقت یہ ہے کہ دنیا اور آخرت سے بالکل قطع کرے۔ اور خداوند تعالےٰ کے ساتھ مستغنی ہوجاوے۔

فرمایا: عارف وہ ہے جس کو کسی نیک عمل سے عُجب پیدا نہو۔

فرمایا: تصوف یہ ہے "آنچہ در سرداری بنہی۔ آنچہ در کف داری بدہی۔ و ازانچہ برتو آید بکہی"۔ یعنی جو کچھ تمہارے خیال میں ہے اس کو چھوڑ دے۔ اور جو کچھ تمہارے پاس ہے اس کو دے دے۔ اور جو کچھ تم پر آوے اس کو برداشت کرے۔

فرمایا: حدیث شریف میں آتا ہے کہ قیامت کے روز جب کوئی بندہ اپنی بداعمالی کی وجہ سے ناامید ہوجاوے گا تو خدا تعالیٰ فرماوے گا: اے میرے بندے! کیا تم فلان عالم یا فلان عارف کو فلاں محلہ میں پہچانتے ہو؟ بندہ کہے گا پہچانتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ فرماوے گا جاؤ تم کو میں نے اُس کے طفیل بخش دیا۔

فرمایا: شہید حکمی اس کو کہتے ہیں جس کو شیر کھا جائے، یا سانپ کاٹنے سے مرے، یا سفر میں مرجاوے، یا دریا میں غرق ہوجاوے۔ اور شہید حقیقی اس کو کہتے ہیں جو خدا کی راہ میں تلوار سے قتل ہو۔

ازواج و اولاد

آپ کی دو اہلیہ تھیں:

اوّل - حضرت سیّدہ قادر بانو بنت سید ابوسعید مُرتاضؒ برنوالہ۔ یہ آپ کے حقیقی چچا کی بیٹی تھیں۔ اِن سے کوئی اولاد نہیں ہوئی۔

دوم - حضرت خان بی بیؒ۔ یہ موضع بھڑی چٹھہ ضلع گوجرانوالہ کے ایک صاحبِ علم خاندان

Marfat.com

سے تھیں۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔

آپ کے دو بیٹے اور تین بیٹیاں تھیں (۱) حضرت سید حافظ الٰہی بخش مظہر حقؒ۔ ان کا ذکر آگے آتا ہے۔ (۲) حضرت سید خدا بخشؒ۔ ان کا ذکر طبقہ دوم کے چھٹے باب میں آئے گا اِن شاء اللہ تعالیٰ۔

بیٹیوں کے نام یہ ہیں:

۱۔ سیدہ بخت بھریؒ، منکوحہ سید عبداللہ بن سید خیر اللہ برخورداریؒ ساکن پانڈو کے ضلع گوجرانوالہ۔ ۲۔ سیدہ نور بھریؒ، منکوحہ سید حبیب اللہ بن سید خدا بخش برخورداریؒ ساکن ساہن پال شریف۔ ۳۔ سیدہ صلاح بی بی، منکوحہ سید فتح محمد بن سید ضیاء اللہ برخورداریؒ ساکن رسولنگر، ضلع گوجرانوالہ۔

یارانِ طریقت

آپ نے اپنے والد بزرگوار کے بعد چھپن ۵۶ سال تک مسندِ خلافت کو زینت بخشی اور بے شمار مخلوق کو اپنے فیض سے نوازا۔ چند خواص احباب کے نام یہ ہیں:

۱۔ حضرت سید حافظ الٰہی بخش مظہر حقؒ فرزند اکبر آنجنابؒ ساہن پال شریف
۲۔ سید خدا بخشؒ فرزند اصغر آں جنابؒ ساہن پال شریف
۳۔ سید حافظ قل احمد بن سید حافظ الٰہی بخشؒ نبیرہ آنجنابؒ ساہن پال شریف
۴۔ مولانا سید غلام قادر بن سید عبداللہ برخورداریؒ نواسہ آنجناب "
۵۔ چوہدری غازی خاں بن محمد یار تارڑ۔ ۶۔ مولانا حکیم شیخ احمد فاروقیؒ رسول نگر
۷۔ کریم داد بن اکرم تارڑ اگرویہ ۸۔ محکم بن مراد بخش تارڑ اگرویہ
۹۔ قطب بن مراد بخش تارڑ اگرویہ ۱۰۔ نور احمد بن دلاور تارڑ اگرویہ
۱۱۔ خدا یار بن باقر تارڑ " ۱۲۔ بہبل بن سماعل تارڑ "
۱۳۔ پیر بخش بن دریام تارڑ " ۱۴۔ کرم بخش بن دریام تارڑ "
۱۵۔ حافظ فیض بخش بن دریام تارڑ " ۱۶۔ قطب بن شمس تارڑ "

Marfat.com

۱۷۔ غلام بن شمس تارڑ	اگرویہ	۱۸۔ ابراہیم بن شمس تارڑ	اگرویہ
۱۹۔ عطر بن شمس تارڑ	〃	۲۰۔ محکم بن شمس تارڑ	〃
۲۱۔ حشمت بن شمس تارڑ	〃	۲۲۔ ستار بن شمس تارڑ	〃
۲۳۔ الہدین بن شمس تارڑ	〃	۲۴۔ گوہر بن شمس تارڑ	〃
۲۵۔ نور بن اختیار تارڑ	〃	۲۶۔ امیر بن اختیار تارڑ	〃
۲۷۔ زمان بن محمد یار تارڑ	〃	۲۸۔ متو	〃
۲۹۔ اللہ دتہ	〃	۳۰۔ محرم	〃
۳۱۔ شیخ ہدایت	〃		

مدحیات

آپ کی مدح شریف میں میرے والد بزرگوار حضرت مولانا سید غلام مصطفےٰ نوشاہی دام برکاتہٗ نے کئی نظمیں لکھی ہیں جو میں نے آپ کی سوانحعمری "صحیفہ نور" میں سب درج کی ہیں۔ یہاں طوالت کے خوف سے نہیں لکھیں۔ اپنے چند اشعار یہاں لکھے جاتے ہیں:

امامِ زماں شاہِ نور اللہ است — کہ از رازہائے خدا آگہ است
زہے ذاتِ والائے نور اللہ شاہ — بدنیا و دیں خلق را قبلہ گاہ
جنابش جنابِ غریب النواز — سگِ آستانش ز شیراں فراز
بزہد و بطاعات مثلش نبود — رہِ ملکِ عرفاں بدنیا نمود
زمعقول و منقول آگاہ بود — بفضلائے دوراں شہنشاہ بود
بمنصب قضا جلوہ افروز شد — ز نورش شبِ تیرہ نوروز شد
ز بعد پدر گشت مسند نشیں — جہاں گشت از وے ہدایت گزیں

تاریخ وفات

حضرت مولانا سید حافظ نور اللہؒ کی وفات بقول صاحب الروضۃ الزکیہ بروز جمعہ

Marfat.com

چھٹویں صفر ۱۲۲۹ھ میں ہوئی۔

تقویم ہجری وعیسوی کے مطابق ۲۸ جنوری ۱۸۱۴ء ۔ ۱۵ ماگھ سمت ۱۸۷۰ ب تھی۔ آپ کا مزار شریف بمقام ساہن پال شریف، گورستانِ نوشاہیہ میں اپنے والد بزرگوار کے پاس مغربی جانب ہے۔

قطعۂ تاریخ

از امام الاولیا حضرت مولانا سید حافظ قل احمد پاکذات
نوشاہِ ثانی نبیرۂ آنجنابؒ

آفتابِ یقین و شمس الدین — در سعادت چو سعد بود سعید
چون ز شرقِ فنا بغربِ بقا — رفت تاریخ اوست شیخ شہید
۱۲۲۹ھ

دیگر از شرافت

آن حافظِ پاک نورِ اللہ[1] — جا کرد چو در سرائے دہآب
تاریخِ وفات از شرافت — گو اہلِ یقیں شیخ اقطاب
۱۲۲۹ھ

مادہ ہائے تاریخ

۱۔ فرشتہ کو ہدیہ — ۱۲۲۹ھ
۲۔ فخرِ عالم و عالمیان — ۱۲۲۹ھ
۳۔ حُسن ذاتی — ۱۲۲۹ھ

---

[1] حضرت سید حافظ نور اللہ علیہ الرحمۃ کا کچھ ذکر اسی جلد کے طبقہ دوم میں کیا جائے گا ۱۲ شرافت

Marfat.com

شیخ الاسلام حضرت مولانا سید
حافظ الٰہی بخش
مظہر حق نوشاہی قدس سرہ العزیز

در مناقب ذاتِ پاکِ شاہ الٰہی بخش پیر
راز دارِ لی مع اللہ سرگروہِ عارفاں

قدوۂ اہلِ صفا حضرت الٰہی بخش پیر
زبدۂ اقطابِ دوراں عارفِ روشن ضمیر

شاہبازِ اوجِ وحدت افسرِ ملکِ سخا
وارثِ تختِ ولایت اخترِ برجِ منیر

سائرِ میدانِ تجرید و موحد باکمال
جامعِ علم و فضائل صاحبِ تاج و سریر

غنچۂ گلزارِ جنت ساقیِ جامِ طہور
رہنمائے واصلاں گنجینۂ فیضِ کبیر

نیست از جورِ حوادث ہیچ غم در دو جہاں
برشرافت ہست چوں آں سایۂ ابرِ مطیر

اوصافِ جمیلہ آپ جانبازِ میدانِ محبت، شہسوارِ عرصۂ وحدت، قبلہ و کعبۂ دارین، شبیہ رسول الثقلین، ذاکر لا الہ الا اللہ، عاشقِ محمد رسول اللہ، مشہورِ آفاق منظورِ خلاق، سرتاجِ ساداتِ علویہ، سرحلقہ اہلِ بیتِ نبویہ، عالمِ صوری و محقق معنوی تھے۔ آپ حضرت مولانا سید حافظ نور اللہ فرشتہ صفات ابن سید حافظ محمد حیات ربانی نوشاہی برخورداری علیہ الرحمۃ کے فرزند اکبر اور مرید و خلیفہ اعظم تھے۔

آپ کی والدہ ماجدہ کا نام حضرت خان بی بی تھا جو موضع ہمڑی چیچہ کے ایک صاحبِ علم و فضل خاندان سے تھیں۔

نام و لقب آپ کا نام مبارک الٰہی بخش، کنیت ابوالفیض، القاب مظہرِ حق، حضرتِ اعلیٰ حکیم صاحب تھے۔

تاریخِ ولادت آپ کی پیدائش ۱۱۸۲ھ مطابق ۱۷۶۸ء موافق ۱۸۲۳ب میں بمقام

Marfat.com

ساہن پال شریف ہوئی۔

تربیت و تعلیم آپ نے تربیت اپنے والد بزرگوارؒ اور چچا صاحب حضرت سید ضیاء اللہ شاہؒ کے آغوش مبارک میں پائی۔ ظاہری تعلیم بھی اپنے والد ماجد سے حاصل کی۔ قرآن مجید حفظ کیا۔ علم فقہ و حدیث و طب و تصوف و ادب کو کمال تک پہنچایا۔ حکمت میں جالینوسِ وقت و ارسطوئے زمان سمجھے جانے لگے۔ فنِ کتابت نسخ و نستعلیق دونوں سیکھے۔ دعوتِ اسماء اور عملیات میں بھی خاصی مہارت پائی۔

بیعت و خلافت آپ نے کمالاتِ ظاہری کے حصول کے بعد اپنے پدرِ عالی قدر شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حافظ نور اللہ شاہ فرشتہ صفاتؒ مفتی رسولنگر کے ہاتھ مبارک پر بیعتِ طریقت کی اور اُن کی توجہ سے فائز المرام ہو کر خرقۂ خلافت و ارشاد حاصل کیا۔

اس کے بعد حضرت سید فتح الدین بن سید محمد عظیم برخورداری کے فیضِ صحبت سے بھی مستفیض ہوئے۔

میاں غلام مرتضٰے سے ملاقات آپ ایک مرتبہ قصبہ نظام آباد میں تشریف لے گئے۔ وہاں اُس وقت میاں غلام مرتضٰے فقیر نوشاہی سچیارؒ صاحبِ جذبہ بزرگ تھے۔ جس پر نگاہ ڈالتے وہ محو و مدہوش ہو جاتا۔ آپ بھی ان کے حلقہ میں بیٹھے مگر آپ پر کچھ اثر نہ ہوا۔ میاں صاحبؒ نے ہر چند کوشش کی مگر آپ برقرار رہے آخر اُنھوں نے بنظرِ باطن دیکھا تو آپ کے قدموں پر گر پڑے کہ میں تو آپ کو اجنبی سمجھ کر توجہ ڈالتا تھا مگر آپ تو صاحبِ خانہ ہیں۔ یعنی حضرت نوشہ صاحبؒ کی اولاد ہیں اور میں آپ کے دروازہ کا غلام ہوں۔

بزرگوں کی رُوحانیت سے مستفیض ہونا آپ کے فرزند اصغر حضرت سید پیر مکھن شاہ لاہوریؒ سے منقول ہے کہ ایک بار آپ ریاست کپورتھلہ میں سفر کو تشریف لے گئے تو تلونڈی چوہدریاں میں حضرت شاہ شریف قادری نوشاہیؒ کی روحانیت سے فیض یاب ہوئے جو حضرت سچیار صاحب نوشہرویؒ کے خلیفہ تھے۔

آپ کو خصوصی طور پر حضرت سخی شاہ سلیمان نوری قادریؒ سے نسبتِ باطنی قایم تھی۔ اُن کے مزار پر حاضر ہو کر ان سے فیضانِ باطنی اخذ کیا۔ اور ظاہری باطنی کمالات حاصل ہوئے۔

Marfat.com

حضرت نوشہ صاحبؒ کا سہ بارہ ظہور آپ کے زمانۂ خلافت و سجادگی میں دریائے چناب کے سیلاب کی وجہ سے ۱۲۳۷ھ میں درگاہِ حضرت نوشہ صاحبؒ کو خطرہ لاحق ہوا تو آپ نے بروز دوشنبہ ۱۸ شوال مطابق ۸ جولائی ۱۸۲۲ء ۲۵ ہاڑ سمت ۱۸۷۹ب کو بھرا ہی افرادِ خاندان حضرت نوشہ صاحبؒ کا تابوت مبارک فجر کے وقت قبر سے نکالا۔ دوپہر تک لوگ زیارت سے مشرف ہوتے۔ پھر موضع ساہنیا نوالہ کے رقبہ میں مشرقی سرحد پر دفن کیا گیا اور حضور کی اولاد کے دوسرے حضرات کے مزارات بھی وہیں منتقل کیے گئے۔

آبادی ساہن پال شریف منقول ہے کہ جب موضع ساہن پال شریف کی بنیاد تیسری جگہ رکھی گئی تو سردار مہان سنگھ مان جاگیردار مزاحم ہوا۔ اس واسطے باشندگانِ دیہہ منتشر ہو گئے اور آبادیِ دیہہ کا مقدمہ عدالت لاہور میں پیش ہوا۔ تا انفصالِ مقدمہ آپ ساہنیا نوالہ میں سکونت گزیں رہے۔ آخر لاہور سے حکم صادر ہوا کہ متنازعہ فیہ جگہ سے دو سو گز جنوب کی طرف گاؤں آباد کیا جاوے۔ چنانچہ ۱۲۴۵ھ مطابق ۱۸۳۰ء موافق سمت ۱۸۸۷ب میں ساہن پال شریف تیسری جگہ آباد ہوا۔ آپ نے بھی اپنے مکانات یہیں تعمیر کیے۔

معمولات

آپ عبادت و ریاضت میں شان بلند رکھتے تھے۔ نماز پنجگانہ و اشغال قادری نوشاہی کے پورے پابند تھے۔ شریعت کی پابندی کا خاص لحاظ رکھتے۔

وظائفِ شبانہ روز آپ سفر ہو یا حضر، ہمیشہ بوقتِ نصف شب اٹھ کر نوافلِ تہجد ادا فرماتے اور صبح تک کلمہ طیبہ اور درود شریف ہزارہ اور استغفار وغیرہ اذکار لسانی میں مصروف رہتے۔ نمازِ فجر کے بعد مراقبہ کرتے اور کئی بار یہ درود شریف بھی پڑھتے:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اللھم صل علیٰ محمد وعلیٰ ال محمد وعلیٰ حال محمد وبارك وسلم وصل علیٰ جمیع الانبیاء والمرسلین وعلی الملائکۃ المقربین برحمتك یا ارحم الراحمین اللھم صل علیٰ محمد وعلیٰ ال محمد بعدد کل ذرۃ

Marfat.com

مائۃ الف الف مرۃ فی کل الف الوف الاف مرۃ۔

اس کے بعد نوافل اشراق ادا فرما کر قرآن مجید کی تلاوت فرماتے۔ اس کے بعد دلائل الخیرات اور درود شریف کبریت احمر اور اورادِ فتحیہ کی منزل کرتے۔ نوافل ضحیٰ ادا کر کے وظائف سے فارغ ہوتے۔

دن میں تدریس بھی کرتے۔ کتابت کا کام بھی کرتے۔ خصوصاً خطِ نسخ میں آپ کو خاصی مہارت تھی۔ نمازِ ظہر پڑھ کر مطالعہ کتب تصوف وفقہ میں مشغول ہوتے۔ نمازِ عصر کے بعد استغفار پڑھتے اور خاموش رہتے۔ غروبِ آفتاب تک کسی سے کلام نہ کرتے۔

نوافل چارگانہ نمازِ مغرب کے بعد چار رکعت نفل اس طریقہ پر پڑھتے۔ ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد قل اللھم مالک الملک .... بغیر حساب پندرہ مرتبہ، سورہ الکوثر پندرہ مرتبہ، سورۃ الکفرون پندرہ مرتبہ، سورۃ اخلاص پندرہ مرتبہ پڑھتے، سلام کے بعد

۱۔ لا الٰہ الا انت سبحانک انی کنت من الظلمین دس بار

۲۔ حسبنا اللہ ونعم الوکیل دس بار

۳۔ رب انی مسنی الضر وانت ارحم الراحمین دس بار

۴۔ واُفوض امری الی اللہ ان اللہ بصیرٌ بالعباد دس بار

۵۔ یا من ذکرہ الشریف الذاکرین یا من عطایتہ نجات المتین ویا من رافتہ ملجاء للعالمین یا من لا یخفیٰ علیہ بناء محتاجین۔ ایک بار پڑھتے۔

اخلاق وعادات

آپ نہایت متین مدبر فہیم تھے۔ اوصافِ حمیدہ سے موصوف شریعتِ نبوی کے پابند، عاجزوں پر رحم کرنے والے، سرکشوں پر سختی کرنے والے، بیماروں کا علاج ہمدردی سے کرنے والے تھے۔ ہر کسی کے ساتھ اس کے حوصلہ کے مطابق کلام فرماتے۔ آپ طبیبِ کامل، عالمِ فاضل، عارفِ واصل، ولی اللہ تھے۔

Marfat.com

سادات برخوردار پر احسان آپ ابتدائی زمانہ میں چندے اپنے والد صاحبؒ کی معیت میں قصبہ رسولنگر میں رہے۔ اُس دوران میں ساداتِ ہاشمیہ نے جبر و تشدد کر کے از راہِ ناانصافی درگاہِ شریف حضرت نوشہ صاحبؒ پر خود مختارانہ قبضہ کر لیا اور سادات برخوردار یہ کو درگاہ شریف کے نذر نیاز سے جواب دے دیا۔ آپ کو پتہ چلا تو بعد اپنے ہم جدی برادران موقع پر پہنچ کر درگاہ شریف پر قبضہ کیا اور ساداتِ ہاشمیہ کو بھگا دیا۔ اُس کے بعد اپنے قبیلہ کی مدد کے واسطے ساہن پال تشریف لے آئے۔

شجاعت آپ بڑے بہادر و شجاع و طاقتور تھے۔ ایک مرتبہ دو شخص چوری کے واسطے آپ کے مکان پر چڑھ آئے۔ آپ کو پتہ چلا تو وہ چھت سے کُود کر بھاگ گئے۔ آپ نے دوڑ کر دونوں کو پکڑ لیا اور گردن سے پکڑ کر دونوں کے سروں کی ٹکریں لگوائیں۔ آخر انھوں نے عاجز آ کر معافی مانگی۔

شب بیداری آپ خود بھی شب بیدار تھے اور اپنی اولاد کو بھی اس کی تاکید کرتے۔ اپنے چھوٹے بچوں کو جب کہ وہ چار پانچ سالہ تھے سرگھی کے وقت بیدار کر دیتے وہ روتے، چیختے۔ ان کی والدہ عرض کرتیں کہ ان کو آرام کرنے دو۔ آپ فرماتے، بیوی! ان کو بچپن میں بیدار ہونے کی عادت پڑ جاوے تو بہتر ہے۔ ساری عمر ان کو کام آوے گی۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔

اشعار خوانی آپ گاہ بگاہ یہ اشعار پڑھا کرتے، ؎

روزہا باید کہ تا یک مشتِ پشم از پشتِ میش — زاہدے را خرقہ گردد یا حمارے را رسن
ہفتہا باید کہ تا یک پنبہ دانہ ز آب و گل — عابدے را حُلّہ گردد یا شہیدے را کفن
ماہ ہا باید کہ تا یک قطرہ آب اندر رحم — صندلے خیزد بمیداں یا عروسے اندر چمن
سالہا باید کہ تا یک سنگِ اصلی ز آفتاب — لعل گردد در بدخشاں یا عقیقے اندر یمن
قرنہا باید کہ تا از فضلِ حق پیدا شود — بایزیدے اندر خراساں یا اُویسے اندر قرن
عمرہا باید کہ تا گردونِ گرداں در شبے — عالمِ دانا بود یا شاعرِ شیریں سخن
دورہا باید کہ تا گردونِ گرداں در شبے — عاشقے را وصل بخشد یا غریبے را وطن

Marfat.com

؎ مبارک ساعتے کاں شہ بشہر ما کند منزل — ز وصلش سرفراز و جاں باقبالش بناز و دل
چہ حاجت اختیارِ ساعتِ سعد از برائے او — کہ ساعت را سعادتہا شود از مقدمش حاصل

؎ بیا در وادیِ ایمن کہ ناگاہ — درختے گویدت اِنّی انا اللہ
روا شد چوں انا اللہ از درختے — چرا نبود روا از نیک بختے

؎ آں را کہ نہ در شرع محمد راہ است — گر پا بسرِ چرخ نہد گمراہ است
فرزند نبی اگر نیست براہِ نبی — چوں آیتِ منسوخِ کلام اللہ است

؎ صورت اللہ پنج انگشتِ تو — پس خدا را ہیں خدا در مشتِ تو

؎ نسبتِ نیکاں طلب یا در پئے ایشاں مرو — غرقِ دریا نیل شد فرعون موسےٰ پیشوا

؎ بسیار دیدہ ام کہ یکے را دو کرد تیغ — شمشیرِ عشق ہیں کہ دو تن را یکے کند

؎ آنچہ ما کردیم با خود ہیچ نابینا نکرد — در میانِ خانہ گم کردیم صاحب خانہ را

؎ ز زہدِ خشک نگردد مرادِ کس حاصل — حنائے خشک کجا دست را کند رنگیں

آپ کا قد دراز، اور جسم بھارا تھا۔ بڑے طاقت ور تھے۔ چہرہ پر

حلیہ و لباس رعب و جلال کے آثار نمایاں، خوب صورت، وجیہہ، شہزور، شہسوار تھے۔
لباس سادہ سفید دیسی کھدر کا ہوتا۔ دستار سبز رنگ پہنتے۔

عطیات

آپ کا حکومتِ خالصہ کی طرف سے کچھ روزینہ مقرر تھا۔ اس کی تحریریں مزین بجواہیر

Marfat.com

وزرائے اعظم میرے کتب خانہ میں موجود ہیں۔ کچھ اور لوگوں کی طرف سے بھی آپ کو عطیات ملے تھے سب تحریرات کو میں نے آپ کی سوانح حیات الموسوم بہ کلید بخشش میں درج کیا ہے۔ یہاں صرف دو عطیات کی تحریریں نقل کی جاتی ہیں۔

۱۔ آپ کے مرید پہلے خاں ساکن چہاریاری ضلع گوجرانوالہ نے نذرانہ میں ایک جوگ کاشتکاری کی آمدن آپ کو دے دی تھی۔ اس کی تحریر یہ ہے:

"منکہ پہلے خاں پسر مائی مریاں مسلمان چہاریاری ام۔ دریں ولا معاملہ کشتکار یک جوگ سابق برداشتہ ازاں میانصاحب شاہ الٰہی بخش پسر فضیلت پناہ میاں شاہ نور اللہ جیو برائے عند اللہ و نیاز حضرت رسول اللہ معاف و مرفوع القلم نمودہ شد کہ مال حاصل آں را فصل بفصل صرف مایحتاج خود نمودہ بدعائے ازدیادِ دولت و ترقیِ مراتبِ ایں جانب در درگاہ او سبحانہ وتعالیٰ خمس الاوقات بحضور روضہ مبارک حضرت نوشہ صاحب گنج بخش قدس اللہ سرہ العزیز اشتغال مواظبت مینمودہ باشند۔ اِنشاء اللہ تعالیٰ تاحینِ عمل دخل خود ایں جانب و کسے دیگر از متعلقانِ ایں جانب بعلتِ محصول وغیرہ مزاحم احوالِ میاں صاحب موصوف نخواہد شد۔ و ازارتکابِ رسوم کار بیگار و ابواب تکلیف شعار بجائش راہ نخواہد یافت۔ بنابراں ایں چند حروف بطریق نیاز نامہ نوشتہ دادہ شد کہ ثانی الحال سند مقرری باشد۔ تحریر بتاریخ ششم ماہ ذی الحجہ ۱۲۷۸ھ مطابق تاریخ نہم ماہ چیت سمت ۱۹۱۸ب"۔

۲۔ ایک شخص نے ایک قطعہ زمین آپ کو نذر کیا اور یہ تحریر لکھ دی:

"اقرار آنکہ دریں ولا زمین سیراب افتادہ واقعہ رقبہ موضع سہنپال در وجہ مدد معاش بہائے خدا و رسولِ خدا بمیاں صاحب شاہ الٰہی بخش پسر میاں صاحب میاں شاہ نور اللہ جیو نبیرہ حضرت نوشاہ صاحب جیو تا عمل دخل خود معاف و مرفوع القلم نمودہ ام۔ باید کہ حاصلاتِ کاشت آنجا را فصل بفصل در تصرفِ خود آوردہ بدعائے خیر حال و اطفال و فرزندانِ ایں جانب اشتغال دارند۔

ے

بگویم کہ ایں قطعہ بخشیدہ ام
خدا دادہ است تا بہ بخشیدہ ام

Marfat.com

مکرر آنکہ آنچہ ابواب و آنچہ نذر نذرانہ طبہ است نیاز زمین سیراب مذکور معاف کردہ شد۔"

خوارق و کرامات

آپ سے خوارق عادات کثرت سے ظاہر ہوتے تھے۔ میں نے آپ کی کرامات کا مفصل تذکرہ آپ کی سوانح حیات کلید بخشش میں کیا ہے۔ یہاں چند کرامات درج کی جاتی ہیں:

ایک بیمار کا شفا پانا ایک مرتبہ آپ شادیوال گئے۔ صاحبِ خانہ کی عورت قریب الموت تھی۔ نزع کی حالت اس پر طاری تھی۔ سورہ یٰس اس کے پاس تلاوت کر رہے تھے۔ اُس کا شوہر آپ کی خدمت میں زار زار رونے لگا کہ میرا گھر ویران ہو رہا ہے۔ آپ کو اس کی حالت پر رحم آیا۔ فرمایا، کوئی غم نہ کر، اس کی عمر بڑھ گئی ہے یہ تیرے بعد مرے گی۔ چنانچہ وہ تندرست ہو گئی اور کافی عرصہ زندہ رہ کر شوہر کے بعد مری۔

ایک مرید کو سرداری کی دُعا آپ نے اپنے مرید شالیست بن برخوردار تارڑ ساکن اگرویہ کو اپنے ہاتھ کا عصا عنایت کیا اور فرمایا تم کو خدا تعالیٰ سرداری دے گا۔ اور تم کو سب برادروں پر غلبہ حاصل ہوگا۔ چنانچہ وہ گاؤں کا سردار ہو گیا۔ آج تک نمبرداری اس کی اولاد میں چلی آتی ہے۔

بارش بند کرنا چودھری شالیست تارڑ اگرویہ کی لڑکیوں کی شادی تھی۔ براتیں اور میل آئے ہوئے تھے۔ لوگوں کا کافی ہجوم تھا۔ جب روٹی کھلانے کا وقت ہوا تو بارش شروع ہو گئی۔ اُنھوں نے آپ کے حضور میں التماس کی۔ آپ کوٹھے پر چڑھ گئے۔ فرمایا جب کام ختم ہو جاوے تو مجھ کو اطلاع دینا۔ چنانچہ بارش اسی وقت تھم گئی۔ بڑے آرام سے کھانا کھلایا گیا۔ جب کام ختم ہوا تو آپ کو اطلاع دی گئی۔ آپ نیچے اتر آئے۔ اسی وقت زور سے مینہ برسنا شروع ہو گیا۔

ایک مرید کو شیطان کے شر سے بچانا آپ کا ایک مرید میاں برخوردار وارثکوئی فوت ہونے لگا تو شیطان اس کو گمراہ کرنے کے واسطے پاس آ گیا۔ حضور اُس وقت ساہن پال کی مسجد میں بیٹھے تھے۔ ازراہِ مکاشفہ

Marfat.com

اس کی حالت سے آگاہ ہو کر بلند آواز سے فرمایا: "جوتی لے کر اس خبیث کو مار۔" یہ آواز اس کے کان میں پہنچی اور اُس جگہ کے حاضرین نے سُنی۔ اور وہ کلمہ طیبہ پڑھ کر جان بحق تسلیم ہوا۔ سب کو معلوم ہو گیا کہ آپ نے اُس وقت شیطان کو اُس کے پاس سے بھگا دیا۔

ایک لڑکے کا ضیق النفس سے بچ جانا

ایک مرتبہ آپ گھوڑی پر سوار ہو کر سفر کو تشریف لے جا رہے تھے۔ آپ کا کتابوں کا بستہ اتفاقاً گر پڑا۔ مسمی میہوں ولد جمعہ ترکھان جو اُس وقت بچہ ہی تھا اس کے ہاتھ آیا۔ آپ نے جب سنبھالا تو اعلاناً فرمایا کہ جو شخص میرا بستہ لا کر دیوے گا جو مانگے گا سو پاوے گا۔ چنانچہ میہوں نے لا حاضر کیا۔ آپ نے فرمایا: مانگ کیا چاہتا ہے؟ اُس نے کہا کہ میں کبڈی کھیلنے کا شوق رکھتا ہوں اور یہ چاہتا ہوں کہ مجھے دوڑنے میں کبھی سانس نہ چڑھے اور کبڈی میں کوئی شخص مجھ پر سبقت نہ لے جائے۔ آپ نے اس کو دُعا دی کہ ایسا ہی ہو گا۔ چنانچہ وہ ہر میدان میں فتح پاتا رہا۔

ایک شخص کو کثرتِ اولاد کی دُعا

مسمی ساہنا بن محکم تارڑ اگرویہ سات روز کا بچہ تھا کہ اس کا باپ فوت ہو گیا۔ آپ نے اس کے حق میں کثرتِ اولاد کی دعا فرمائی۔ چنانچہ وہ جوان ہو کر صاحبِ اولاد ہوا، اور آج اس کی اولاد کے کئی گھر اگرویہ میں آباد ہیں۔

درویش بچہ پیدا ہونے کی دعا

ایک مرتبہ میاں غلام حسین بن براہم شاہ قادریؒ جو حضرت میاں میر صاحب لاہوریؒ کے سلسلہ کے درویش تھے۔ اور وایاں والی ضلع گوجرانوالہ میں سکونت رکھتے تھے حضور کی خدمت میں آ حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ میرے ہاں اولاد نہیں ہوتی۔ آپ نے اپنے بستہ میں ہاتھ ڈالا تو کیسر (زعفران) کا ایک دانہ ہاتھ آیا، ان کو دیا اور فرمایا اپنی اہلیہ کو کھلا دینا تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے کیسر ہی پیدا ہو گا۔ چنانچہ آپ کی دعا سے ان کے ہاں لڑکا پیدا ہوا جس کا نام کیسر شاہ رکھا گیا۔ اور وہ اپنے وقت کے مشاہیر اولیا سے ہوا۔

اپنی اولاد کو دعا

ایک مرتبہ درگاہِ عالیہ حضرت نوشاہِ عالیجاہؒ کا نذرانہ پراٹھے تقسیم کرنے کے وقت کسی صاحب نے آپ کو حصہ کے متعلق ٹوکا تو آپ نے فرمایا کہ

Marfat.com

اللہ تعالیٰ کے فضل سے میری اولاد اس قدر ہو گی کہ اگر دربار شریف کے نذرانہ میں سے ایک لقمہ بھی کھالیں گے تو اپنا پورا حصہ یا اس سے کچھ زیادہ ان کو پہنچ جائے گا۔ نیز میری اولاد با اقبال و معزز ہو گی۔

آپ کی یہ بشارت حرف بحرف پوری ہوئی۔ آپ کی اولاد کثیر ہے اور مختلف دیہات اور شہروں میں آباد ہے اور سجادہ مشیخت اور معزز عہدوں پر ممتاز ہیں اور علمی و عملی فضائل سے سرفراز ہیں۔

کشفِ واقعات

ایک مرتبہ آپ مکانات تعمیر کروا رہے تھے ایک مسافر وہاں آکر حقہ پینے لگا۔ آپ نے اس کو مجلس سے اٹھا دیا۔ جب وہ چلا گیا تو لوگوں نے اٹھانے کی وجہ پوچھی تو فرمایا کہ اس کا وقتِ وفات قریب تھا ہم نے چاہا کہ اپنی منزلِ مقصود پر پہنچ کر مرے۔ مگر راستہ میں ہی مرے گا۔ چنانچہ بعد میں معلوم ہوا کہ وہ ایک میل دور جا کر ایک چاہ پر پانی پینے لگا تو مر گیا۔

دشمن کا سزا پانا

ایک مرتبہ موضع سارنگ کا کوئی زمیندار آپ کی گائے چرا کر لے گیا معلوم ہونے پر آپ اس سے طلب کرنے کے واسطے تشریف لے گئے۔ اس نے دینے سے انکار کر دیا۔ آپ ناراض ہو کر اٹھے تو آپ کی ناراضگی کے باعث اس کو اللہ تعالےٰ نے یہ سزا دی کہ اس کے تین لڑکے فوری طور پر مر گئے۔ ایک کنوئیں میں گر کر، ایک ذات الجنب سے اور ایک مویشیوں کو چراتا ہوا۔ ایک لڑکا ابھی باقی تھا کہ اس کو عورت نے تنبیہ کی اور وہ آکر گائے دے گیا اور معافی مانگی۔ چنانچہ اس کا چوتھا بیٹا بچ گیا۔

عملیات

آپ کو عملیات اور علم دعوتِ اسماء میں خاص ملکہ حاصل تھا۔ آپ کی بیاض میں کئی عملیات و نقش وغیرہ تحریر ہیں ان میں سے میں نے کلید بخشش میں بہت لکھے ہیں یہاں صرف چند عمل درج کیے جاتے ہیں۔

دعوت اسم شریف یا رحمٰن

فرمایا ہے اگر کوئی شخص اسم یا رحمٰن کی دعوت کرنی چاہے تو جلالی و جمالی اشیاء کی پرہیز کے ساتھ

Marfat.com

خلوت میں بیٹھ کر اسم شریف یا رحمٰن کل شئ وسر احمۂ یا رحمٰن تیرہ ہزار تیرہ مرتبہ پڑھا کرے اور روٹی بے نمک کھائے اور اثنائے دعوت میں کسی غیر کو اپنا چہرہ نہ دکھائے۔ انتالیس روز کو چلہ پورا ہو کر زکوٰۃ ختم ہوگی۔ اس کے بعد روزانہ نمازِ فجر کے بعد پانسو مرتبہ وظیفہ کیا کرے۔ اول آخر درود شریف ہزارہ گیارہ مرتبہ پڑھے۔ اِن شاء اللہ مورد رحمتہائے الٰہی ہوگا۔

آسیب کے واسطے اگر کسی کو آسیب یا کفتار (ڈائن) کا خطرہ ہو تو قند سیاہ کی سات ڈھیلیاں لے کر ہر ایک پر سات بار یہ آیت پڑھ کر اس کو کھلائے اِن شاء اللہ تعالیٰ اُس کے شر سے محفوظ رہے گا۔ یہ ہے وجعلنا من بین ایدیھم سدًا و من خلفھم سدًا فاغشینٰھم فھم لا یبصرون۔

حمل کی حفاظت کے واسطے اگر کسی عورت کا حمل ساقط ہو جاتا ہو تو یہ دعا تین مرتبہ قند سیاہ پر پڑھ کر اس کو کھلائیں اِن شاء اللہ حمل محفوظ رہے گا۔ یہ ہے: اللھم انت الباعث وانا المبعوث فمن یدع المبعوث الا الباعث یا رب۔

اٹھرا کے واسطے اگر کسی عورت کو یا بچہ کو یا چار پایہ کو اٹھرا کی شکایت ہو تو یہ آیت شریف لکھ کر اُس کے گلے میں ڈال دیویں اِن شاء اللہ وہ محفوظ رہے گا۔ یہ ہے واصبر ما صبرك إلّا بالله ولا تحزن علیھم ولا تك فی ضیق مما یمکرون۔

تصنیفات

روضۃ الزکیہ آپ کی مستقل تصنیف تو کوئی نہیں۔ آپ کے قلم کا لکھا ہوا ایک بیاض میرے پاس موجود ہے جس میں جا بجا آیات و احادیث و اقوال مشائخ و اشغال و عملیات و تواریخ بزرگان و معمہ جات و غزلیات و رباعیات و ریختے و دوہڑے و نظم و نثر عربی، فارسی، اردو، پنجابی و طبی نسخے وغیرہ درج ہیں۔ ان کو مضامین کے لحاظ سے مرتب کر کے ۱۳۰۵ھ میں میں نے بنام "الروضۃ الزکیہ فی حقایق العلمیہ" موسوم کر دیا ہے تاکہ پڑھنے والوں کو سہولت ہو جائے۔

Marfat.com

مکتوبات

آپ کے چند مکتوبات میسر ہوئے ہیں جن کو کتاب کلید بخشش میں درج کر دیا گیا ہے یہاں صرف دو مکتوب لکھے جاتے ہیں۔

مکتوب اوّل بنام سید خدا بخشؒ

آپ نے سفر سے اپنے چھوٹے بھائی سید خدا بخشؒ کے نام بھیجا۔

"برادر عزیز وافر تمیز خوب خصال برادر خدا بخش طال عمرہٗ۔ از الٰہی بخش بعد از سلام واضح باد۔ دریں ولا بروز یک شنبہ بتاریخ بیست و ہفتم ماہ حال در موضع گھلوٹی رسیدیم و یک روپیہ نقد سوکا سنگھیہ معرفت میاں محمد خواجہ فرستادہ است و نقد چہار دہ آنہ بطرف محمود بدست بوڈھا کھتری فرستادہ بود انشاء اللہ تعالیٰ رسیدہ باشند۔ امید کہ خبر خیریت خود و حقیقت حال در شہر وزیر آباد نویسند زیادہ خیر است۔"

مکتوب دوم بنام سید حافظ قُل احمدؒ

یہ مکتوب آپ نے اپنے بڑے صاحبزادہ سید حافظ قُل احمدؒ کو لکھا جو اس وقت موضع چکریاں میں تعلیم پاتے تھے۔

"برخوردار نور چشم راحت جان فلدہ کبدہ سعادت مند میاں قُل احمد طال اللہ عمرہٗ۔ از فقیر الٰہی بخش بعد از سلام و دعائے مزید حیات و ترقی درجات او سبحانہ و تعالیٰ آں برخوردار را بر مسند شوق و نخست سرمدی و جائے نشین لی مع اللہ مع جمیع حوالی و حواشی و رہنمائے خلق دارد۔ دریں جائے خیراست و خیریت آں برخوردار دائماً مستدعی ست۔ دریں ولا رقیمہ شوق متضمن خبر خیریت آں سعادت مند و جمیع مخلصاں و محباں مرسلداشتہ امید کہ تمام کوائف خیریت رحمت خاں برنگارند سوچہار آنہ را مدغن سیاہ و غلہ گندم از موضع چکری کہ در خانہ میاں محمد عظیم ست ارسال دارند۔ بخدمت میاں صاحب جیو و جمیع مردمان اندرون و بیرون از فقیر سلام و دعائے رسانند و دست شفقت بر سر تقو و پسران شاہ محمد و سمند خاں و فرزندان نور محمد گاذر بمالند زیادہ خیریت۔"

Marfat.com

دستخط آپ کے ہاتھ مبارک کا لکھا ہوا بیاض الموسوم بہ الروضۃ الزکیہ اور ورد و مستغاث اور دلائل الخیرات موجود ہیں۔ دلائل الخیرات کے خاتمہ سے آپ کا سنہ تحریر نقل کیا جاتا ہے۔

"کمل کتاب دلائل الخیرات وشوارق الانوار بخط اضعف العبد و عاصی الٰہی بخش ابن حضرۃ میاں نور اللہ ساھنپالیہ من نباٴ صاحب الحقایق والمعارف حضرۃ نوشہ صاحب قدس سرہ وغفر اللہ لہ ولوالدیہ واحسن الیھما والیہ فی سنہ ۱۲۱۹ھ"

ہر کہ خواند دعا طمع دارم
زانکہ من بندہ گنہ گارم

ملفوظات

آپ کے ارشادات کہیں سے حاصل نہیں ہو سکے۔ بعض کلمات یہ ہیں:

فرمایا: حضرت سخی شاہ سلیمان نوری قادریؒ کا مزار شریف حصول مقاصد اور اجابت دعا کے واسطے اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔

فرمایا: پہلے علم ظاہری حاصل کرو پھر باطن کی طرف رجوع کرو۔

فرمایا: ہر ایک کام میں خواہ دین کا ہو یا دنیا کا میانہ روی اختیار کرو۔

ازواج و اولاد

آپ کی دو بیویاں تھیں:

اوّل: مولانا محمد غوث بن مولانا محمد فاضل قوم راں کی صاحبزادی سے پہلی شادی ہوئی جو موضع چکریاں ضلع گجرات کے اکابر علماء سے تھے۔ ان بیوی صاحبہ کے بطن سے بڑا بیٹا اور چار بیٹیاں ہوئیں۔

دوم: حضرت محمد بانو دختر میاں جان محمد قوم مغل ساکن بڑجن علاقہ دھال گرگاں ضلع پیر پور ریاست جموں و کشمیر۔ ان کے بطن سے چھوٹے دونوں صاحبزادے پیدا ہوئے۔

Marfat.com

آپ کے تین بیٹے تھے ،

۱۔ حضرت مولانا سید حافظ قل احمد پاکذات نوشاہ ثانیؒ ان کے حالات آگے آتے ہیں۔

۲۔ حضرت سید غلام احمد المعروف پیر بوٹے شاہؒ

۳۔ حضرت سید فیض احمد المعروف پیر مکھن شاہ لاہوری

ان دونوں کے حالات طبقہ دوم کے ساتویں باب میں آئیں گے ان شاءاللہ تعالیٰ

آپ کی چار بیٹیاں تھیں جو سب بھائیوں سے عمر میں بڑی تھیں۔ ان کے نام یہ ہیں :

۱۔ سیدہ رسول بی بیؒ۔ منکوحہ مولانا صاحبؒ ساکن ڈھب چیمہ ضلع گوجرانوالہ

۲۔ سیدہ گوہر بی بیؒ۔ منکوحہ مولانا امیر بخشؒ ساکن جیک ضلع گجرات

۳۔ سیدہ زینب بی بیؒ۔ منکوحہ مولانا حافظ کریم بخش بن حافظ حاجی نور محمدؒ ساکن کوٹ ستار ضلع گجرات

۴۔ سیدہ امام بی بی۔ منکوحہ سید نور احمد بن سید خدا بخش برخورداری ساکن وھیر کے خورد متصل شہر گجرات۔

یارانِ طریقت

آپ نے چوبیس سال تک مسندِ خلافت نوشاہیہ پر متمکن ہو کر مخلوقِ خدا کو سیراب کیا۔ آپ کے بعض خواص احباب یہ تھے۔ فقرائے نوشاہیہ کی اصطلاح میں ان کو باقی صوبے کہا جاتا ہے :

۱۔ حضرت سید حافظ قل احمد پاکذاتؒ فرزند اکبر آنجنابؒ ساہن پال شریف

۲۔ حضرت سید پیر بوٹے شاہؒ فرزند ثانی آنجنابؒ

۳۔ حضرت سید پیر مکھن شاہؒ فرزند اصغر آنجنابؒ

۴۔ میاں قادر بخشؒ بن میاں عصمت اللہ قوم راں امام مسجد چک مانو کلاں

۵۔ میاں محمد بخش قوم گھمنؒ کوٹلی شہانی ۶۔ شیخ کلیم اللہ درویش مجذوبؒ گجرات

۷۔ میاں برخوردار بھٹی امام مسجد کوٹ دارث ۸۔ میاں محمد غوث بن حافظ بدھا بن حافظ محمد واصل وزیر آبادی رنگر چکیریاں

۹۔ چوہدری پھلے خاں فرزند مائی مریاں چہاریاری ۱۰۔ میاں محمد عظیم قوم راں امام مسجد

Marfat.com

۱۱۔ چودھری رحمت خاں چکریاں
۱۲۔ چودھری شاہ محمد چکریاں
۱۳۔ چودھری سمند خاں 〃
۱۴۔ نور محمد گاذر 〃
۱۵۔ چودھری شایست خاں بن برخوردار تارڑ اگرویہ
۱۵۔ چودھری عصمت اللہ بن خدایار تارڑ اگرویہ
۱۷۔ عبدالرحیم حجام اگرویہ
۱۸۔ پیر بخش گاذر اگرویہ
۱۹۔ جان محمد رنگریز 〃
۲۰۔ امام دین رنگریز 〃
۲۱۔ میاں محمد خواجہ
۲۲۔ میاں محمود

تبرکات آپ کی دستار مبارک سبز رنگ فقیر سید شرافت نوشاہی عافاہ اللہ کے گھر میں موجود ہے اور آپ کی قلمی تحریرات بھی محفوظ ہیں۔

مدحیات

آپ کی مدح میں میرے والد بزرگوار اعلیٰ حضرت مولانا سید غلام مصطفےٰ نوشاہی ادام اللہ برکاتہٗ نے بہت غزلیں و نظمیں لکھی ہیں جو آپ کی سوانح عمری کلید بخشش میں میں نے درج کر دی ہیں یہاں بخوفِ طوالت نہیں لکھی گئیں۔ صرف اپنے چند اشعار لکھے جاتے ہیں: ؎

نہ ہے قدوۂ اولیائے زماں الٰہی بخش شاہِ جملہ شہاں
کلیدِ درِ معرفت نامِ شاں سیادت نجابت شدہ رامِ شاں
چو شبلی و ادہم کمالاتِ او ز احصا فزوں تر کراماتِ او
بحکمت کشادہ درے از کرم بیادِ خدا مشتغل دمبدم
شہانِ زماں خادمِ درگہش فقیرانِ دوراں غلامِ درش
بسجادۂ والدِ خود نشست کمر بہر طاعت شب و روز بست
بسے خلق زیشاں شدہ بہرہ مند باطرافِ عالم شدہ مستمند

واقعۂ وفات

آپ جب آخری بار بیمار ہوئے تو آپ کے صاحبزادۂ اکبر بعد حفظ قل احمدؐ ایک طبیب کو

Marfat.com

لائے۔ اس نے ایک نسخہ تجویز کیا جس پر مبلغ دس روپے خرچ آتے تھے آپ نے فرمایا میری وفات کا وقت آپہنچا ہے۔ یہ مبلغات تجہیز و تکفین اور صدقہ و خیرات پر صرف کرنا۔

اولاد کو دعائیں

آپ نے اپنے تینوں بیٹوں کے حق میں دعائے خیر فرمائی اور بشارۃً فرمایا، "میاں قل احمد سیف زبان ہوگا اور میاں بوٹے شاہ پنچایت کا سردار ہوگا اور میاں مکھن شاہ فقیر ہوگا۔"

وصایا

پھر آپ نے فرمایا، اے بیٹو! خدا تعالیٰ کی محبت اور عبادت میں مشغول رہنا۔ پھر بڑے صاحبزادہ کو فرمایا کہ تم جوان ہو اور تمہارے دونوں بھائی ابھی خورد سال ہیں ان کی تربیت کرنا اور ان کے سر پہ ہاتھ رکھنا اور اپنی سوتیلی والدہ کی خدمت کرنا۔

پھر اپنی اہلیہ محترمہ حضرت محمد بانوؒ کو فرمایا: بیوی! مجھے مُردہ نہ سمجھنا۔ جس کام میں ضرورت ہو مجھے یاد کرنا، میں خدا تعالیٰ سے تمہاری مشکلات کو حل کراؤں گا اور تمہاری مدد کو پہنچوں گا۔

آخری وقت

آپ چونکہ حافظِ قرآن تھے، تلاوت میں مشغول ہوئے۔ حاضرین خاموشی سے سُن رہے تھے۔ جب آیت شریف کَمْ مِّنْ فِئَةٍ قَلِيلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيرَةً بِإِذْنِ اللّٰهِ تلاوت کی تو یہاں زبان رُک گئی۔ سید حافظ قل احمدؒ نے آگے بتایا وَاللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ۔ یہ الفاظ پڑھتے ہی جان بحق تسلیم ہوئے۔

تاریخ وفات

حضرت مولانا سید حافظ الٰہی بخشؒ[1] کی وفات بقول صاحبِ ثمرات الافکار بروز شنبہ ساتویں رمضان ۱۲۵۳ھ پانچویں پوہ ۱۸۹۳ب کو ہوئی۔ کتاب الفوائد میں بھی یہی تاریخ لکھی ہے۔

تقویم ہجری و عیسوی کی رُو سے، رمضان ۱۲۵۲ھ، ۱۶ دسمبر ۱۸۲۶ء، ۲ پوہ ۱۸۹۳ب ثابت ہوتی ہے۔ واللہ اعلم

آپ کا مزار اطہر ساہن پال شریف گورستانِ لوشاہیہ میں اپنے والد صاحبؒ کے متصل غربی رُخ ہے۔

---

[1] حضرت سید الٰہی بخش رحمۃ اللہ تعالیٰ کا کچھ ذکر اسی جلد کے دوسرے طبقہ میں لکھا جائے گا۔ شرافت

Marfat.com

قطعۂ تاریخ

از حضرت مولانا سید حافظ قل احمد پاکذات نوشاہی ثانیؒ

آں سالکِ مسالکِ عرفان و محوِ ذات — صافی ضمیر و رہبرِ کامل اِلَی النَّجَات
از مشرقِ فنا چو بمغربِ بقا رسید — خلوت گزید روزِ حیاتش بہ شب برات
پرسیدہ شد ز ہاتف تاریخِ وصلِ او — در گوشِ جان گفت کہ واصل بپاکذات

۱۲۵۳ھ

مادہ ہائے تاریخ

۱۔ مَاتَ بِخَیْرٍ — ۱۲۵۳ھ
۲۔ رحمتِ خدا — ۱۲۵۳ھ
۳۔ موجبِ بخشش — ۱۲۵۳ھ

Marfat.com

حضرت مولانا سید حافظ قُل احمد پاک ذات نوشاہِ ثانی نوشاہی رحمۃ اللہ تعالیٰ

در مناقب ذات پاکِ شاہ قُل احمد ولی
قطبِ اقطابِ زمانہ نائبِ غوثِ جہاں

صاحبِ ارشاد فخر الاصفیا — شاہِ قُل احمد ولیِ باصفا
خازنِ گنجینۂ اسرارِ حق — قاسمِ انوارِ ختم الانبیا
وارثِ غوثیت و عرفاں مآب — در ولایت بود بس مشکل کشا
دائماً غوّاص فی بحرالشہود — شاہد بالغیب شمس الاولیا
نوشۂ ثانی زحق بودش خطاب — در جہاں مسند نشینِ اجتبا
از شرافت بیشتر باد اسلام — در حضورِ خاصِ بدر الاتقیا

اوصافِ جمیلہ آپ عارفِ ربانی، محبوبِ رحمانی، محرمِ اسرارِ جبروت، واقفِ رموزِ لاہوت، نقاوۂ دودمانِ مصطفوی، سلالۂ خاندانِ مرتضوی، افضلِ ساداتِ علویہ، اکملِ اہلِ بیتِ نبویہ، اشرف الاولیا، افتخار الاصفیا، غوثِ جہان، نوشاہِ زمان تھے۔ آپ شیخ الاسلام حضرت مولانا حکیم سید حافظ الٰہی بخش مظہرِ حق ابن سید حافظ نور اللہ شاہ فرشتہ صفات نوشاہی برخورداریؒ کے فرزندِ اکبر اور مرید و خلیفہ اعظم و سجادہ نشین تھے۔

آپ کی والدہ ماجدہ مولانا محمد غوث بن مولانا محمد فاضل قوم راں کی صاحبزادی تھیں، جو چکیاں ضلع گجرات کے اکابر علماءِ وقت میں سے تھے۔

نام و لقب آپ کا نام نامی قُل احمد، کنیت ابوالامین، القاب پاکذات، نوشاہِ ثانی، قبلۂ عالم، فخر الاولیا تھے۔

Marfat.com

تاریخِ ولادت آپ کے والد صاحب کے ہاں اولاد نرینہ نہیں تھی۔ درگاہِ سلیمانیہ پر حاضر ہوئے وہاں عالمِ مشاہدہ میں حضرت سخی بادشاہؒ کا دیدار ہوا۔ اُنھوں نے فرمایا: تمھارے ہاں لڑکا ہوگا جو دوم نوشہ ہوگا۔ چنانچہ حسبِ بشارت سلیمانیہ ۱۲۱۲ھ مطابق ۱۷۹۷ء موافق سمت ۱۸۵۴ ب آپ متولد ہوئے۔

ان لفظوں سے آپ کی تاریخِ ولادت ظاہر ہوتی ہے:

۱۔ "نخبۂ قدم" (۱۲۱۲ھ)

۲۔ "ذاتِ عالی" (۱۲۱۲ھ)

۳۔ "ذاتِ سامی" (۱۲۱۲ھ)

تخنیک و تقررِ اسم آپ کے دادا صاحب حضرت سید حافظ نور اللہؒ نے آپ کا نام قُل احمد رکھا۔ قُل ترکی زبان میں غلام کو کہتے ہیں۔ اس کا ترجمہ ہے احمد کا غلام۔ اُنھوں نے ہی آپ کو گُڑھتی دی۔

تربیت آپ کی پرورش آپ کے جدِ امجد، جدہ محترمہ حضرت خان بی بی، اپنے والدین اور چچا بزرگوار سید خدا بخشؒ کے آغوشِ عاطفت میں ہُوئی۔ سب بزرگ آپ پر نہایت مہربان تھے۔

تحصیلِ علوم جب آپ کی عمر پانچ سال کی ہوئی تو والدین نے آپ کو سبق پڑھانا شروع کیا۔ آپ نے اپنے دادا صاحب حضرت سید حافظ نور اللہؒ اور اپنے والد صاحب حضرت سید حافظ الٰہی بخشؒ اور اپنے عم زاد بھائی حضرت مولانا سید غلام قادر بن سید عبداللہ برخورداریؒ سے علم حاصل کیا۔ علمِ صرف و نحو و فقہ و حدیث و تفسیر و فرائض میں کامل ہُوئے۔

کشفِ علوم منقول ہے کہ ابتدائے طالب علمی میں آپ کا فہم رسا نہ تھا۔ سبق یاد نہ رہتا۔ آپ اپنے والد بزرگوار کے ایما سے دہلی حضرت سخی بادشاہؒ پر حاضر ہُوئے۔ اُن کی رُوحانیت کے فیض سے آپ پر علومِ ظاہری و باطنی کے دروازے کُھل گئے۔ قرآن مجید حفظ ہوگیا۔ اُس وقت حضرت شیخ "بڈھا" بن شیخ فیض بخش سلیمانیؒ کا عہدِ خلافت تھا۔ وُہ بھی آپ پر مہربان ہُوئے۔

Marfat.com

فیوضِ سلیمانی آپ فرمایا کرتے تھے کہ جو جو اسرار و حقایقِ معرفت درگاہِ سلیمانیہ سے مجھ پر منکشف ہوئے وہ بیان میں نہیں آسکتے۔ نہ ہی اس کے لیے الفاظ ملتے ہیں نہ عوام ان کو ادراک کر سکتے ہیں۔

نوشاہِ ثانی ہونا آپ کو درگاہِ حضرت سخی بادشاہؒ سے حکم ہوا تھا کہ تم دوم نوشہ (نوشاہِ ثانی) ہو۔ اور آپ کو خلعتِ نوشاہت پہنایا گیا۔ اُس روز سے آپ نوشاہِ ثانی مشہور ہوئے۔

فنِ کتابت آپ نے فنِ کتابت نسخ اور نستعلیق اپنے نانا صاحب مولانا محمد غوثؒ ساکن چکریاں سے سیکھا اور اپنے بزرگوں کی طرح اس فن میں کمال حاصل کیا۔ آپ کے خط میں تیزی اور روانی بہت تھی جیسا کہ آپ کی تحریرات دیکھنے سے ظاہر ہوتا ہے۔

بیعت و خلافت جب آپ نے کمالاتِ ظاہری پورے طور پر حاصل کر لیے تو کمالاتِ باطنی کا شوق پیدا ہوا۔ اپنے جدِ بزرگوار حضرت شیخ الاسلام مولانا سید حافظ نور اللہ قدس سرہٗ کی بیعت کی اور اُن کی توجہات سے مقاماتِ سلوک حاصل کر کے خلافت و اجازت پائی۔ اُن کے علاوہ اپنے والد ماجد حضرت سید حافظ الٰہی بخشؒ سے بھی فیضِ کامل پایا۔ اور مجاز ہوئے۔

گاؤں کی نئی آبادی ۱۲۳۷ھ میں درگاہ حضرت نوشہ صاحبؒ تیسری جگہ منتقل ہوئی۔ اور ساہن پال شریف بھی نذرِ دریا ہو گیا۔ آپ چند سال ساہنیانوالہ میں سکونت پذیر رہے تا آنکہ ۱۲۴۵ھ میں موضع ساہن پال تیسری جگہ نیا آباد ہوا۔ آپ نے اپنے مکانات وہاں تعمیر کروائے۔ آپ نے اپنے مکانات کی تاریخِ تعمیر اِس آیت شریف سے نکالی "وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ"۔

قطبِ وقت کی ملاقات ایک مرتبہ آپ بیگووالہ ضلع سیالکوٹ میں اپنے مریدِ خاص مولوی حکیم کرم الٰہی غاروقیؒ کے ہاں قیام پذیر تھے۔ حاضرین کافی تعداد مجلس میں موجود تھے۔ آپ نے بذاتِ خود اُٹھ کر گوزہ میں پانی ڈالا اور دست بستہ مؤدب کھڑے ہو گئے۔ چہرے کا رنگ زرد ہو گیا۔ تھوڑی دیر کے بعد ایک درویش بڑی جلالیت والا وارد ہوا۔ اور دو تین گھونٹ اس گوزہ سے نوش کر کے آپ کی طرف بنظرِ خوشنودی دیکھا اور چلا گیا۔ آپ نے

Marfat.com

فرمایا ، یہ قطبِ وقت تھا۔ کابل سے چل کر دہلی جا رہا تھا۔ خدا کا شکر ہے کہ ہماری خدمت قبول فرمائی اور ہم پر راضی گیا۔

سماع و وجد آپ صاحبِ سماع تھے۔ لیکن مجلس منعقد کر کے پابندی اور اہتمام سے آپ کا سننا ثابت نہیں۔ کہیں سے کوئی شعر سُن لیا تو طبیعت کو سرور آگیا۔ اور حالتِ وجد طاری ہو گئی۔ آپ کے وجد کے حالات میں نے آپ کی سوانحعمری " نوشاہِ زمان " میں درج کیے ہیں۔ یہاں ایک واقعہ لکھا جاتا ہے۔

آپ کے برادر خورد حضرت سید پیر مکھن شاہؒ سے منقول ہے کہ ایک مرتبہ حضرت سید غلام قادرؒ نے زلیخا سے جامیؒ کا یہ شعر پڑھا ؎

زلیخا از زلیخائی رمیدہ
وزیں صورت بمعنی آرمیدہ

تو سُن کر آپ کو وجد ہو گیا اور فرطِ ذوق سے جھومنے لگے۔

تاثیرِ قرأت آپ نماز کی جماعت کرواتے۔ آپ کی قرأت نہایت پُرتاثیر ہوتی۔ مولوی نظام الدینؒ امام مسجد چھنی ساہن پال بیان کرتے تھے کہ میرا دل بہت سخت تھا کبھی نرم نہ ہوتا۔ ایک دن میں نے حضرت پاکذات نوشاہِ ثانیؒ کے پیچھے نماز پڑھی۔ آپ کی قرأت کی یہاں تک تاثیر ہوئی کہ مجھے وجد ہو گیا اور میں تڑپنے لگا۔ دوسرے مقتدی بھی متاثر ہوئے اور رقتِ قلب تک نوبت پہنچی۔ نماز کے بعد آپ نے مجھے فرمایا کہ تم اپنی نماز دوبارہ پڑھ لو۔

تعمیرِ روضۂ نوشاہِ عالیجاہؒ آپ کے زمانۂ خلافت و سجادگی میں ۱۲۵۰ھ میں حضرت نوشہ گنج بخشؒ کے مزارِ اطہر پر پاکی تیار ہوئی۔ شیخ امام الدین نائب الملک ہوشیار پوری صوبہ دارِ کشمیر نے اپنے صرف سے یہ مبارک کام انجام دیا۔ آپ اُس وقت مختارِ کار تھے عمارت کا سب کام آپ کے زیرِ اہتمام ہوا۔ تعمیر پاکی شریف کی یہ تاریخ لکھی گئی ؎

بروضہ نو چو شد نوشہ خراماں
سرو پا داد و ے حور و غلماں
چ ر غ ن
۸ ۵ ۱۲

Marfat.com

معمولات

عبادت وریاضت آپ عبادت وریاضت سے کبھی فارغ نہ ہوتے۔ نماز پنجگانہ پر پوری مواظبت رکھتے۔ نماز باجماعت ادا کرنے کی کوشش کرتے۔

آپ کے برادر خورد حضرت سید پیر مکھن شاہ لاہوریؒ فرمایا کرتے کہ ہمارے بھائی صاحب پاکذات نوشاہِ ثانیؒ ہمیشہ تہجد کے وضو سے اشراق اور ضحیٰ، اور ظہر کے وضو سے عشا پڑھا کرتے تھے۔

وظائف شبانہ روز آپ روزانہ بوقتِ نصف شب اُٹھ کر وضو کر کے نوافلِ تہجد بارہ رکعت ادا فرماتے۔ پھر قطب رُو بیٹھ کر گیارہ مرتبہ سورۂ مزمل شریف پانچ محلِ اجابت کے ساتھ وظیفہ کرتے۔ پھر قبلہ رُو دوزانو بیٹھ کر کلمہ طیبہ ایک ہزار بار اور درود شریف ہزارہ گیارہ سو بار پڑھا کرتے۔

سنت وفرض فجر کے درمیان سورۂ فاتحہ اکتالیس بار پڑھتے۔ نماز فجر کے بعد اسم شریف یا رحمٰن کل شئ ورحیمہٗ یا رحمٰن ایک سو بار۔ درود شریف انبساط اللھم صل وسلم علیٰ سیدنا محمد وعلیٰ آل سیدنا ومولٰنا محمد صلوۃً تبسط علینا بہا من نعمک ورزقک ایک سو بار۔ اللہ لطیف بعبادہٖ یرزق من یشاء وھو القوی العزیز پانسو مرتبہ۔ دوبارہ درود انبساط ایک سو مرتبہ۔ پھر نوافل اشراق پڑھ کر تلاوتِ قرآن مجید فرماتے۔ اور دلائل الخیرات، درود کبریت احمر، درود اکسیر اعظم، درود مستغاث، اور ادِ ضحیہ کا ورد کرتے۔ اس کے بعد نوافل ضحیٰ ادا کر کے درس پڑھاتے۔ گرد ونواح کے دیہات سارنگ، اگرویہ، رن مل، بھاگت، مانگہ، باہو، چینی ساہن پال وغیرہ سے طلبا آکر آپ سے فارسی کتابوں کی تعلیم پاتے۔

اس کے بعد آپ دوپہر کا کھانا کھا کر گرمیوں میں قدرے استراحت فرماتے اور سردیوں میں ویسے ہی کتابت میں مصروف رہتے۔ اپنے صحن خانہ میں ایک چھوٹا سا چبوترہ بطور مسجد بنایا ہوا تھا۔ اسی میں بیٹھ کر تمام وظائف ادا فرماتے اور اسی میں کتابت کرتے۔ عربی، فارسی کتابیں بہت تحریر فرمائیں۔ ظہر کی نماز بھی وہیں ادا فرماتے۔

کبھی خیال آتا تو اپنے متبوضہ رقبہ میں چاہ ظاہر یوالہ تک سیر وسیاحت کو جاتے اور

Marfat.com

اپنی کھیتی باڑی کو ملاحظہ کرتے۔

نمازِ عصر کے بعد استغفار ایک سو مرتبہ پڑھتے اور تا نمازِ مغرب کسی سے بات چیت نہ کرتے نمازِ شام کے بعد دوگانہ صلوٰۃ الاسرار اور نوافل اوابین چھ رکعت ادا فرماتے۔ قصیدہ غوثیہ گیارہ مرتبہ پڑھتے۔ اوّل آخر درود شریف ہزارہ گیارہ مرتبہ۔ اور اسم شریف غوثیہ بھی پڑھتے۔

پھر طعامِ شب تناول فرما کر قدرے مجلس نشیں ہوتے اور مواعظ و نصائح سے لوگوں کو محظوظ و مسرور کرتے۔ پھر رات گزرے نمازِ عشا ادا فرماتے اور اس کے بعد استراحت فرماتے۔

آٹھ پہر میں ایک دفعہ درگاہِ عالیہ حضرت نوشہ گنج بخشؒ اور اپنے بزرگوں کے مزارات کی زیارت سے بھی مشرف ہوتے۔

مناجات آپ اکثر یہ مناجات کیا کرتے،

اللھم بابك مفتوح للسائلين فانا ببابك سائل مذنب فقير حقير ذليل خاضع خاشع وانت ربی غنی کریم رحیم فاعف عنی واغفر لی ذنوبی یا مولائی۔

آپ گاہ بگاہ نمازِ تسبیح بھی پڑھا کرتے اور دیگر کئی طور پر نوافل بھی ادا فرماتے اور مطالعہ کتب فقہ و تصوف بھی کیا کرتے۔

اخلاق و عادات

آپ ہر ایک پہلو سے اخلاقِ محمدی کا نمونہ تھے۔ اپنے والدین کی خدمت کرتے۔ اپنی اولاد پر شفقت رکھتے۔ اپنے مریدوں کی خبر گیری فرماتے۔ بیماروں کی عیادت کرتے۔ ہر کسی سے خلق و محبت سے پیش آتے۔ غریبوں، مسکینوں، یتیموں، بیواؤں، مسافروں کی امداد فرماتے۔ سائلوں کو دروازہ سے خالی نہ لوٹاتے۔ سلف صالحین کی پیروی کو ہر وقت مدِ نظر رکھتے۔ سوائے خدا تعالیٰ کے کسی کا خوف نہ کرتے۔ تبلیغ و ہدایت کی خاطر سفر کو تشریف لے جاتے۔ اپنے درویشوں اور زیرِ سایہ لوگوں پر ہمیشہ نرمی کا برتاؤ کرتے۔ اصولِ تصوف پر کاربند رہتے۔ جب سفر سے واپس آتے تو اپنی برادری کے تمام گھروں میں جا کر ہر ایک کو ملتے۔ دیہاتِ قرب و جوار میں جو یار دوست ہوتے ان کی بھی خبر گیری کرتے۔ باریک شناس، محقق، مدقق، عالم، عارف تھے۔ علم ظاہری اور

Marfat.com

باطنی کے دریائے ناپیدا کنار، فخرِ دوراں تھے۔ صنایع شعری تجنیس وغیرہ کو پسند فرماتے۔ شریعت و طریقت کے مسائل کو نہایت اچھے پیرایہ میں حل فرماتے۔

سخاوت و فیاضی آپ کا طریقہ تھا کہ جس کسی مسکین و غریب کو دیکھتے اس کو پرورش کرتے خفیہ صدقہ دینے کو پسند فرماتے۔ اگر کسی مرید کے ہاں تشریف لے جاتے اگر وہ غریب ہوتا تو اپنی گرہ سے اس کو کچھ دے دیتے۔

تقویٰ اور ورع آپ حد درجہ کے پرہیزگار تھے۔ لقمہ حلال کھاتے۔ بے نماز عورت کے ہاتھ کا پکا ہوا کھانا نہ کھاتے۔ بعض عورتیں جو جادو اور ٹونہ وغیرہ کرتی ہیں ان کے گھر کا کھانا نہ کھاتے۔

تبلیغِ اسلام آپ اسلام کی بہت تبلیغ فرمایا کرتے۔ کئی غیر مسلم آپ کی کوشش سے حلقۂ اسلام میں داخل ہوئے۔ ازاں جملہ:

۱۔ پنڈت کرم چند برہمن ساکن حسن والی ضلع گوجرانوالہ کو مسلمان کیا۔ اس کا نام شیخ کرم شاہ رکھا۔

۲۔ مسمّی چوہڑا ساکن کوٹ نورا ضلع گوجرانوالہ کو مسلمان کر کے اس کا نام عبداللہ رکھا۔ دونوں نومسلم صاحبِ علم و ہدایت ہو گئے۔

پردہ پوشی آپ کسی کا راز افشا نہ کرتے۔ لوگوں کے عیوب کو ڈھانپتے۔ ایک مرتبہ آپ کوٹ نورا میں نماز کی جماعت کروا رہے تھے۔ کسی مقتدی کا وضو ٹوٹ گیا، لیکن نماز کے بعد کسی نے شرم کے مارے وضو نہ کیا۔ آپ نے فرمایا: آؤ ہم سب وضو کر کے نماز دُہرائیں تاکہ اس کا پردہ رہ جاوے۔

آپ کے اخلاق پر کافی مضمون آپ کی سوانح حیات نوشاہ زمان میں لکھا جا چکا ہے۔

اشعار خوانی بعض اوقات آپ یہ اشعار پڑھا کرتے:۔

حق تعالیٰ کہ مالک الملک ست — لیس فی الملک غیرہٗ مالک
برساند بیک دگر مارا — انّہٗ قادرٌ علیٰ ذالک

Marfat.com

ہر کس کہ گناہ نکرد چوں زیست بگو
ناکردہ گناہ در جہاں کیست ، بگو
پس فرق میان من و تو چیست بگو
من بد کنم و تو بد مکافات دہی

بینی جمال دوست بچشم معائنہ
دل را اگر تو صاف کنی ہم چو آئینہ
چوں آئینہ بدستِ من و من در آئنہ
او در دلِ من ست و دلِ من بدستِ او

ہم در پئے آں اِذَا النُّجُومُ انْکَدَرَتْ
روزے کہ شود اِذَا السَّمَاءُ انْفَطَرَتْ
گویم صنما بِاَیِّ ذَنْبٍ قُتِلَتْ
من دامن وے بگیرم اندر عرصات

سوئے او مے غیرِ حق را مے طلب
لنگ و لوک و واژ غیژ و بے ادب

از کجا مے آید ایں آوازِ دوست
خشک تار و خشک چوب و خشک پوست

صُلحِ کل باثابت و سیّارِ گردوں کردہ اند
عارفاں صاحبِ سعد و نحسِ انجم فارغ اند

صندوقِ دل صد پارہ شد ہر پارۂ سیپارۂ
از مصحفِ رخسارۂ اش خواندیم یک سیپارۂ

مسیحا کے تواند کرد بینا چشمِ سوزن را
چہ استعداد نبود کارِ از اعجاز نکشاید

آہ کی نقدی ملی صحرا ملا جاگیر موں
جب لکھا تھا عشق کا منصب میری تقدیر موں

جب یار آویں پاس تو پھر جم کے برسیو
اے ابرِ نو بہار ذرا تھم کے برسیو

Marfat.com

حلیہ اقدس

آپ کا قد میانہ، رنگ گندم گوں، چہرہ بارُعب، فراخ پیشانی، بلند بینی، روشن رخسار، بائیں رخسار پر ایک مُستہ (موہکہ) جو حُسن کو دوبالا کرتا تھا۔ ابرو پیوستہ، گردن پر حضرت سخی بادشاہ نوریؒ کے پنجہ مبارک کا نشان، سینہ فراخ، بازو قوی تھے۔ داڑھی مبارک بقدر ایک قبضہ کے سفید، سر کے بال دراز زلفیں آپ کے جسم مبارک میں کچھ ایسی خوشبو تھی کہ جس کوچہ سے گزرتے خوشبو پھیلتی جاتی۔

لباس

آپ کا لباس سادہ کھدر کا ہوتا تھا۔ گلے میں کُرتہ، سر پہ دستار سبز رنگ، کمر میں شلوار، پاؤں میں سادہ نعلین پندریہ[۱۵] پہنتے تھے۔

عطیات

آپ کے بعض مریدوں نے قطعاتِ اراضی آپ کو نذرانہ میں دیے تھے۔ حکومتِ خالصہ کی طرف سے بھی آپ کو کچھ زمین لوجہ اللہ ملی تھی۔ ان کی دستاویزات میرے کتب خانہ میں موجود ہیں اور ان کی نقلیں میں نے کتاب نوشاہِ زمان میں درج کی ہیں۔ یہاں دو عطیات کی نقلیں لکھی جاتی ہیں۔

۱۔ مُہر

"ست گورسہائے رام چند"

اوم

چوں دریں ولا موازی شش بیگہ زمین در موضع اگرویہ در وجہ میاں شاہ محل احمد نبیرہ حضرت نوشاہ صاحب جیو در وجہ دھرم ارتھ بمشارالیہ ہاں دادہ شدہ بدستور قدیمی معاملہ زمین مذکورہ فصل بفصل سال بسال میگرفتہ باشند۔ و بدعائے اقبال سرکار عالی مشغول باشند۔ تحریر ۱۶ ماہ ساون سمت ۱۸۹۵ ب"۔

۲۔ (مُہر بحروف گورمکھی)

"عاملانِ حکومت بدانند"

* موازی دو بیگہ زمین بصیغہ دھرم ارتھ از ابتدائے فصل خریف سمت ۱۸۹۵ ب در

Marfat.com

موضع اگرویہ بفقیر شاہ کل احمد دادہ است ۔ ہرچہ حاصلات درمیان زمین مذکور گردد بمشارالیہ دادہ باشند ۔ دریں باب تاکید دانند ۔ اوّل جیٹھ سمت ۱۸۹۸ ب"

مقامات

حق تعالیٰ نے آپ کو بلند مقامات عطا فرمائے تھے ۔

مقامِ غوثیت آپ غوثِ وقت تھے ۔ آپ کے خلیفہ شیخ سکندر شاہ نورپوریؒ نے آپ کو نصف رات کے وقت مسجد میں بوقتِ ذکر دیکھا کہ آپ کے اعضا سب علٰحدہ علٰحدہ پڑے ہیں ۔ سر، پاؤں ، بازو الگ پڑے ہیں ۔ ان کے دیکھتے ہی آپ صحیح سلامت ہوکر اُٹھ کھڑے ہوئے ۔

کتاب تذکرہ غوثیہ میں لکھا ہے کہ جس کے اعضا بوقتِ ذکر علٰحدہ علٰحدہ ہو جاویں وہ غوثِ وقت ہوتا ہے ۔

مقامِ نوشاہت حضرت سخی شاہ سلیمان نوری قدس سرہٗ کی درگاہ سے آپ کو نوشاہِ ثانیؒ کا خطاب ملا اور حضرت شیخ بڈھا صاحب سجادہ نشین سلیمانیؒ نے اس کو تسلیم کیا اور دوسرے اکابر وقت بھی اس کے قائل ہوئے ۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ حضور کو مقامِ نوشاہت بدرجہ اتم حاصل تھا اور حقیقی طور پر نسبت نوشاہیہ عالیہ کے وارث تھے ۔

مقامِ قلندریت آپ کے درویش میاں شاہ محمد گاکھڑہ والے کہا کرتے تھے کہ میرے پیشوا حضرت نوشاہِ ثانیؒ غوثِ زمان اور قلندرِ وقت تھے ۔ واقعات سے ثابت ہوتا ہے کہ باباجنگو شاہ مجذوبؒ نے جو قلندرِ مشرب تھے ۔ آپ کے کمالات اور قلندریت کا اعتراف کیا ہے ۔

مُہرِ ولایت حضرت سخی بادشاہؒ کے پنجہ کا نشان جو آپ کی گردن پر بعالمِ روحانیت لگا تھا ۔ وہ عالمِ وجود میں بھی آپ کی گردن پر موجود تھا ۔ گویا یہ آپ کے لیے مُہرِ ولایت تھی ۔

خوارق و کرامات

آپ کے کرامات و تصرفات لاتعداد تھے ۔ ان میں سے اکثر کا تذکرہ میں نے کتاب

Marfat.com

نوشاہِ زمان میں کیا ہے۔ یہاں چند کرامات تحریر کیے جاتے ہیں۔

ڈوبتی کشتی کو بچانا آپ کا ایک مرید قاسم نام تارڑ ساکن پنڈی کالو شہر جہلم میں کسی مقدمہ کی تاریخ پر گیا ہوا تھا۔ واپسی پر دریائے جہلم میں کشتی پر سوار ہوا۔ دریا کے درمیان جاکر کشتی ڈگمگانے لگی۔ قاسم نے اس وقت آپ کو مدد کے لیے پکارا۔ اسی وقت کشتی سلامت پار لگ گئی۔

ایک جذامی کو اچھا کرنا ایک مرتبہ آپ وڈالہ چیمہ میں تشریف لے گئے۔ اتفاقاً وہاں پیر چنن شاہ نقشبندی مجددی آلومہاریؒ بھی وارد ہوئے۔ ایک شخص نے دونوں بزرگوں کی دعوت کی۔ بابا روڈے شاہ فقیر ملامتی رندمشرب وہاں کا رہنے والا تھا۔ ایک جذامی کو ساتھ لے آیا اور کہا کہ تم دو بزرگ بیٹھے ہو۔ اگر اِس کو اچھا کرو تو تم پر کھانا حلال ہے۔ ورنہ یہاں سے چلے جاؤ۔ چنانچہ پیر صاحب آلومہاریؒ تو خاموش ہوگئے۔ آپ نے اُس بیمار کو اپنے ہاتھ سے ایک لقمہ کھلایا اور ایک چھپڑی پر نہانے کا حکم دیا۔ جب اُس نے غُسل کیا تو اُسی وقت تندرست ہوگیا۔ بابا روڈے شاہ آپ کا تصرف دیکھ کر سلامی ہوا۔

بھینس کا حلیہ بدل جانا ایک مرتبہ آپ کسی مرید کے ہاں تشریف لے گئے۔ وہ چور تھا۔ رات کو کسی جگہ سے جاکر ایک بھینس چُرا لایا۔ اور ایک مکان میں بند کر دی۔ صبح کو کھوجی کھوج لے کر وہاں آگئے اور موقعہ پاکر اُس کو پکڑ لیا۔ اُس نے آپ کے سامنے الحاح کی کہ اگر حضور آج مجھے بچالیں تو آیندہ میں چوری سے توبہ کروں گا۔ آپ نے ان لوگوں کو فرمایا کہ بھینس اِس مکان کے اندر ہے تم جاکر دیکھ لو، اگر تمہاری ہے تو لے جاؤ۔ چنانچہ انھوں نے جاکر دیکھا تو اس کا حلیہ بدل چکا تھا۔ وہ بجائے سیاہ کے سُرخ رنگ، اور بجائے گُنڈھی کے ڈھیلی ہوگئی۔ وہ چھوڑ کر چلے گئے۔ آپ کا تصرف دیکھ کر وہ مرید چوری سے تائب ہوگیا۔

القائے وجد ایک مرتبہ مولوی غلام رسولؒ ساکن قلعہ میہاں سنگھ نے آپ کی ملاقات کا شوق ظاہر کیا۔ آپ اپنے مریدِ مخلص حکیم کرم الٰہی فاروقیؒ بیگو والیہ کو

Marfat.com

ساتھ لے کر اُن کے پاس تشریف لے گئے۔ رات کو بالا خانہ پر ڈیرہ تھا۔ موفریوں کا سارا قبیلہ آپ کی مجلس میں حاضر ہوا۔ رات کو مسائلِ شریعت و تصوف کی گفتگو ہوئی۔ مولوی صاحبؒ کا ایک شاگرد صوفیا کا منکر تھا۔ اُس نے وجد کی کیفیت دریافت کی۔ آپ نے اثنائے کلام میں بلند آواز سے پڑھا قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا۔ اسی وقت سائل مذکور نعرہ مار کر چھت سے نیچے گر پڑا۔ صبح تک اسی حالت میں رہا۔ صبح کو ہوش میں آیا تو مرید ہو گیا۔

پانچ فرزند پیدا ہونے کی دُعا

آپ کی دُعا سے بہت لوگوں کو خدا تعالیٰ نے صاحبِ اولاد کیا چنانچہ مَیں نے کئی واقعات کتاب نوشاہِ زمان میں درج کیے ہیں یہاں ایک واقعہ لکھا جاتا ہے۔

آپ ایک مرتبہ عرس بھڑی شاہ رحمانؒ پر جا رہے تھے۔ راستہ میں بمقام گاجر گولہ درگاہِ حضرت شاہ غریب صاحبؒ پر ڈیرہ نے قیام کیا۔ وہاں ایک عورت دودھ کا جام لے کر حاضرِ خدمت ہوئی اور سب صاحبزادگانِ نوشاہیہ کے حضور میں عرض کی کہ یہ دُودھ وہ صاحب پئیں جو مجھ کو فرزندِ نرینہ خدا سے دلوائیں۔ چنانچہ کسی صاحب نے پینے کی جرأت نہ کی بلکہ کہا کہ اس کی قسمت میں کوئی لڑکا نہیں۔ حضورِ والا نے دودھ نوش فرمالیا۔ اور اُس کو بشارت دی کہ اللہ تعالیٰ تجھ کو پانچ لڑکے عطا فرماوے گا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ اس واقعہ سے ثابت ہوتا ہے کہ آپ کو قضائے معلق پر تصرف حاصل تھا۔

پانچ روپیہ روزینہ کی دُعا

آپ کی دعائے باصفا سے اکثر لوگوں کو ان کی استعداد کے مطابق روزینے عطا ہوئے۔ چنانچہ وہ حالات کتاب نوشاہِ زمان میں لکھے گئے ہیں۔ ایک واقعہ لکھا جاتا ہے کہ جب مولوی حکیم کرم الٰہی فاروقیؒ ساکن بیگووالہ ضلع سیالکوٹ آپ کے حلقۂ ارادت میں داخل ہوئے۔ تو آپ نے پُوچھا: تمہارا ذریعہ معاش کیا ہے؟ انہوں نے عرض کیا کتابت۔ آپ نے فرمایا: یہ کام چھوڑ دو آئندہ تم کو پانچ روپے روزانہ مل جایا کریں گے جو تمہارے خرچ کے واسطے کافی ہوں گے۔ چنانچہ تازندگی ان کو باقاعدہ روزینہ ملتا رہا۔ بلکہ آج تک آپ کی اولاد بیان کرتی ہے کہ ہم کو وہ روزینہ تاحال ملتا ہے۔

Marfat.com

اقبال مندی کی دعا

ایک مرتبہ آپ ہرسے والہ میں تشریف لے گئے۔ ایک شخص شرف نام زمیندار روزانہ آپ کی خدمت میں آکر بیٹھتا۔ آپ نے ایک دن پوچھا، تیری کوئی حاجت ہے؛ اس نے عرض کیا میں نہایت غریب اور مفلس ہوں۔ آپ نے اُس کو اپنی چھڑی اور رومال عطا کیا اور فرمایا؛ جاکر لنگر جاری کردے۔ آیندہ روندہ مسافروں کی خدمت کرنا۔ تمہارا نام قیامت تک روشن رہے گا۔ چنانچہ اس کو خدا نے بڑا غنی اور دولت مند کردیا۔ اور اس نے تازندگی لنگر جاری رکھا۔ اور حاتم طائی کی طرح وہ سخاوت میں بڑا مشہور ہوگیا۔ اور اُس کا نام "چودھری شرف وڑائچ" تاحال زبان زد خلایق ہے۔

گھوڑیاں ملنے کی دعا

ایک مرتبہ آپ بیگو والہ میں تشریف لے گئے اور اپنے مرید حکیم کرم الٰہی فاروقی کو فرمایا کہ ہماری گھوڑی کو مصالحہ دو۔ انھوں نے عرض کیا مجھے گھوڑوں سے خوف آتا ہے کیونکہ میں نے کبھی گھوڑی نہیں رکھی۔ آپ نے فرمایا اُس وقت تم کیا کروگے جب تمہاری حویلی میں سات گھوڑیاں بندھی ہوں گی۔ چنانچہ انھوں نے مصالحہ دیا اور خدا تعالیٰ نے ان کو سات ہی گھوڑیاں عطا فرمائیں۔ آج تک ان کی اولاد کے پاس بھی گھوڑیاں رہتی ہیں۔

پوتے کو مسخرات کی دعا

آپ اپنے بڑے پوتے سید حافظ روح اللہ پر بڑے مہربان تھے۔ ان کو دُعا دی تھی کہ تم ہمیشہ خوشحال رہوگے اور تمہارا رعب و اقبال دن بدن ترقی پر رہے گا اور خلایق کا رجوع تمہاری طرف کافی رہے گا۔ چنانچہ واقعی وہ اپنے زمانہ میں اپنے اقران و معاصرین سے فوقیت لے گئے۔

ایک بے نماز کو سزا

ایک بار آپ موضع چک گیا میں تشریف لے گئے۔ ایک زمیندار بڑا مالدار و دولت مند متکبر تھا۔ آپ نے اس کو فرمایا: نماز پڑھا کر۔ اس نے کہا مجھے کاروبار میں مصروفیت ہے نماز پڑھنے کی فرصت نہیں ملتی۔ آپ نے فرمایا، اچھا فرصت ہوجاوے گی۔ چنانچہ اُس کا مال مویشی اور اولاد سب مرگئے اور وہ تنہا رہ گیا۔

Marfat.com

عملیات

آپ کے عملیات آپ کے تحریر کردہ بیاضوں میں بہت پائے جاتے ہیں۔ کتاب تمرات الافکار میں سے چند عملیات یہاں درج کیے جاتے ہیں :

طریق چہل کاف اگر کوئی شخص چہل کاف کو شوقِ الٰہی کے واسطے یا ہر نماز کے بعد بطورِ وظیفہ پڑھنا چاہے تو قبلہ کی طرف منہ کر کے پڑھے۔ اور اگر حُب کے واسطے پڑھنا چاہے تو شمال کی طرف منہ کر کے پڑھے۔ اور اگر حصولِ دنیا کے واسطے پڑھنا چاہے تو مشرق کی طرف۔ اور اگر عدو کے واسطے پڑھنا چاہے تو جنوب کی طرف منہ کر کے پڑھے۔ اور وقتِ معین پر اکتالیس بار بلاناغہ ہر روز پڑھے۔ اگر زیادہ جلدی حصولِ مقصد کی ضرورت ہو تو دو چند یا سہ چند وظیفہ کیا کرے اِن شاء اللہ مقصود حاصل ہو گا۔ چہل کاف یہ ہیں : ؎

کفاک ربک کم یکفیک واکفۃ ۔۔۔ کفکافہا کمکینٍ کان من ککلکا

تکرکرا ککرِ الکرِ فی کبدی ۔۔۔ تحکی مشکشکۃً کلکلکِ الکلکا

کفاک ما بی کفاک الکاف کوبتہٗ ۔۔۔ یا کوکبًا کان تحکی کوکب الفلکا

کشایش رزق کے واسطے نمازِ فجر کے بعد بسم اللہ الرحمٰن الرحیم بہتّر مرتبہ، پھر اسم یَا بَاسِطُ ایک سو بہتر بار پڑھے۔ اوّل و آخر درود شریف ہزارہ گیارہ مرتبہ پڑھے۔ اِن شاء اللہ فراخیِ رزق نصیب ہو گی۔

کشایشِ امور کے واسطے اگر کوئی مشکل کام درپیش ہو یا کوئی تکلیف ہو تو ہر نماز کے بعد یہ شعر سات مرتبہ پڑھا کرے ؎

سَہِّلْ فَسَہِّلْ یا الٰہی کُلَّ صعبٍ

بحُرمۃِ سیّد الابرار سَہِّلْ

دشمنوں کے شر سے بچنے کے واسطے اگر دشمنوں کا خوف ہو تو قصیدہ غوثیہ کا یہ شعر ہر نماز کے بعد یارہ مرتبہ پڑھا کرے۔

؎ مریدی لا تخف اللہ ربی ۔۔۔ عطانی رفعۃً نلتُ المنٰی لی

Marfat.com

اوّل گیارہ بار اور آخر دس بار یہ درود شریف پڑھے اللھم صل علیٰ محمد وعلیٰ اٰل محمد وبارك وسلّم۔

حصارِ پیرانِ پیر اگر کوئی شخص بیمار ہو اور صحت کی امید نہ رہی ہو تو کچے سوت کی تینتیس ۳۳ تاریں بیمار کے قد کے مطابق لے کر اُس پر تینتیس ۳۳ گرہیں دے۔ اور بیمار کے گلے میں باندھ دیوے۔ اِن شاءاللہ تعالیٰ شفا حاصل ہوگی۔ اور ہر ایک گرہ پر حضرت پیرانِ پیر کا حصار پڑھ کر دم کرے۔ حصار یہ ہے: ۱۔ درود شریف ایک بار ۲۔ سورۃ الناس ایک بار ۳۔ سورۂ فلق ایک بار ۴۔ سورۂ اخلاص ایک بار ۵۔ سورۂ کافرون ایک بار ۶۔ آیۃ الکرسی تین بار ۷۔ سورۃ فاتحہ سات بار ۸۔ سورہ قریش تین بار ۹۔ یاحافظ یارقیب یاوکیل یااللہ یااللہ یااللہ بحق کٓھٰیٰعٓصٓ و بحق حٰمٓعٓسٓقٓ ایک بار۔

دل کا راز معلوم کرنے کے واسطے اگر کسی کے دل کی حقیقت معلوم کرنا چاہے تو تازہ وضو کرکے گیارہ ۱۱ مرتبہ یہ آیت شریف پڑھ کر اپنے دائیں ہاتھ پر دم کرکے اُس شخص کی پشت پر رکھے۔ وہ اپنے دل کی حقیقت ظاہر کر دیوے گا۔ یہ ہے، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سبحانك لا علم لنا الّا ما علّمتنا انّك انت العلیم الحکیم۔

حفاظتِ جان کے واسطے اگر کسی چیز کے کاٹنے کا خوف ہو تو یہ آیت شریف تین مرتبہ پڑھ کر پھونک دیوے ہرگز کوئی چیز اس کو ضرر نہ پہنچا سکے گی۔ آیت شریف یہ ہے، وَلٰكِنْ بَعُدَتْ عَلَيْهِمُ الشُّقَّةُ۔

تصنیفات

آپ کی متعدد تالیفات ہیں:

ا۔ بُستان الاوراد یہ آپ کے ورد و وظایف ہیں جو آپ کے ہاتھ کے لکھے ہوئے یا آپ کی اجازتوں سے آپ کے مریدوں کو پہنچے تھے۔ ان کو میں نے ۱۳۶۶ھ میں مرتب کرکے بُستان الاوراد نام رکھ دیا ہے۔ اس میں مندرجہ ذیل

Marfat.com

وظایف ہیں:

۱۔ اسمأ الحسنیٰ ۲۔ اسمأ النبیؐ ۳۔ درود اکبر ۴۔ درود ماہی ۵۔ درود شریف ۶۔ سورۂ اخلاص باموکل ۷۔ سورۂ مزمل باعمل ۸۔ دعائے حزب البحر ۹۔ دعائے قدح ۱۰۔ ہفت آیات ۱۱۔ ترکیب دوگانہ صلوٰۃ الاسرار ۱۲۔ عملیات متفرق وغیرہ مضامین ہیں۔

۲۔ ثمرات الافکار یہ ادبی جواہر ریزے ہیں۔ میں نے آپ کی تحریرات سے ۱۳۷۸ھ میں مرتب کرکے ثمرات الافکار نام رکھ دیا ہے۔ مضامین کے لحاظ سے اس میں سولہ باب ہیں۔

۱۔ مدحیات و مناقبات ۲۔ حدیث ۳۔ تصوف ۴۔ وظایف ۵۔ عملیات ۶۔ شجرات ۷۔ تواریخ ۸۔ لطایف ۹۔ صنایع و بدایع ۱۰۔ غزلیات ۱۱۔ رباعیات ۱۲۔ ابیات فارسی و اردو ۱۳۔ سوال و جواب ۱۴۔ ریختے ۱۵۔ قصائص ۱۶۔ مکتوبات

۳۔ وسائط العلوم آپ کی مختلف تحریرات کو ۱۳۸۱ھ میں بنام وسایط العلوم مرتب کرکے تیرہ ابواب پر تقسیم کیا ہے۔ جو یہ ہیں:

۱۔ قرآن مجید و قرأت ۲۔ فقہ ۳۔ تصوف ۴۔ وظایف ۵۔ عملیات ۶۔ تواریخ ۷۔ انساب ۸۔ لغت ۹۔ طب ۱۰۔ قصائد ۱۱۔ غزلیات ۱۲۔ اشعار ۱۳۔ دستخط۔

شاعری آپ گاہ بگاہ شعر بھی کہتے تھے۔ آپ کی تحریرات میں کئی اشعار ملتے ہیں جو آپ کی طبعِ رسا کا نتیجہ ہیں۔ چنانچہ اورادِ فتحیہ کے خاتمہ پر آپ نے اپنے یہ اشعار دعائیہ تحریر کیے ہیں: ؎

اے خدا کمتریں گدائے تو ام — چشم برخوانِ کبریائے تو ام
میرسم بر درِ تو ہر روزہ — شیئاً للہ زباں بدریوزہ
نفس و شیطاں کہ خصمِ دینِ من اند — چوں سگاں خفتہ در کمینِ من اند
گر چنیں خوار و بیکسم نگزند — پوست بر من چو پوستیں بدرند
از چنیں دشمناں امانم دہ — ہرچہ آنم بہ است آنم دہ

Marfat.com

تاریخ گوئی آپ کو تاریخ گوئی کا بھی خاص ملکہ تھا۔ کئی بزرگوں کی تاریخہائے ولادت یا وفات کے مادے اور قطعے آپ کی یادگار ہیں۔ جو آگے بزرگوں کے حالات طبقہ دوم میں درج کیے جاویں گے اِن شاءُ اللہ تعالیٰ۔

مکتوبات

آپ کا ایک مکتوب دستیاب ہوا ہے جو تبرکاً لکھا جاتا ہے جو آپ نے اپنے کسی مخلص دوست کے نام لکھا ہے، یہ ہے:

"بندۂ مشتاق، شرمندہ اخلاق، دوختہ تیر فراق، سوختہ آتش فراق، بستہ زنجیر آشنائی، پیچیدہ دوال محبت وجدائی، کشیدہ غمِ ہجران و تنہائی، فقیر قل احمد عرض میدارد کہ۔

ع دشت و کوہ و بیاباں تو دادۂ مارا

ے

ازاں روزے کہ از تو دور ماندم
میانِ درد و غم مہجور ماندم

چنانچہ ماہی بے آب و مجلس بے شراب و مطرب بے رباب و آسمان بے ماہ و عروس بے شاہ و قمری بے طوق و معشوق بے ذوق و مرغ بے دانہ و زلفِ بے شانہ و یوسف بے یعقوب و خسرو بے شیریں۔ پس بریں حال پُر ملال چگونہ بگذرد ؎

چہ خوش باشد کہ بعد از انتظارے — بامیدے رسد امیدوارے
چہ خوش باشد کہ بعد از غم کشیدن — خدا روزی کند دیدار دیدن"

والسلام

تحریر کتب آپ کے ہاتھ مبارک کی لکھی ہوئی بہت کتابیں عربی و فارسی، اردو و پنجابی نظم و نثر میرے کتب خانہ میں موجود ہیں جن کی پوری فہرست میں نے آپ کی سوانح حیات نوشاہِ زمان میں درج کی ہے۔

سجعِ مُہر آپ کی مُہر کا سجع تھا "قل احمد منورست ز نوراللہ"

Marfat.com

دستخط کتاب تکمیل الایمان مصنفہ حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ آپ کی مکتوبہ موجود ہے۔ اُس کے خاتمے سے آپ کا دستخط تبرکاً نقل کیا جاتا ہے۔

"تمت تمام شد کتاب تکمیل الایمان بعون الملک الوہاب بروز دلفروز ہفتہ بوقتِ دوپہر ۱۲۳۶ھ ہجری مقدس بدست خطا فقیر حقیر اضعف من عباد اللہ الصمد فقیر قُل احمد نبیرہ قدوۃ الواصلین وعمدۃ العارفین حضرت حاجی محمد نوشہ گنج بخش قادری قدس سرہ العزیز ساکن موضع صادقپور چک ساہن پال تحریر یافت۔

ہرکہ خواند دعا طمع دارم　　زانکہ من بندۂ گنہگارم
؎ الٰہی بیامرز ایں بندہ را　　نویسندہ خواننده بیننده را
؎ کاتبِ ایں حروف نسخ کمال　　موضعِ اوست چک ساہن پال
خوش مکانے بچشم بخشد نور　　خوش زمینے بدل بخشد حال
سگِ دربار گنج بخش قدیم　　بر درِ او فتادہ بے پر و بال
دارم امید کو ز فضلِ عمیم　　میوہ بخشد ز گلشنِ افضال
بندۂ پُر گناہ قُل احمد　　ز کفارت ذنوب کرد نقال

آپ کا طریقہ تھا کہ اپنے دستخطوں کے بعد یہ دعا تحریر فرمایا کرتے تھے: اللھم ارزقنا ببرکات ھٰذا الکتاب حسن العاقبۃ وخیر الخاتمۃ برحمتک یا ارحم الراحمین۔"

ملفوظات

آپ کے ارشادات کو مفصل طور پر میں نے کتاب نوشاہِ زمان میں تحریر کیا ہے۔ یہاں چند اقوال لکھے جاتے ہیں:

فرمایا: دل کے سات پردے ہیں۔ اوّل صدر، جس میں اسلام و شیطان کا تعلق ہے۔ دوم قلب، جس میں ایمان و عقل کا تعلق ہے۔ سوم شغف، جس میں حُب کا تعلق ہے۔ چہارم فواد، جس میں اثباتِ ذات کا تعلق ہے۔ پنجم محبۃ القلب، جس میں انوارِ تجلیاتِ الٰہی کا تعلق ہے۔ ششم ستر، جس میں معرفت کا تعلق ہے۔ ہفتم اخفیٰ، جس میں اَنا کا تعلق ہے۔

Marfat.com

فرمایا: اجسام ارواح کا عکس ہیں اور ارواح اعیانِ ثابتہ کا عکس۔ اور اعیانِ ثابتہ اسمائے صفات کا عکس۔ اور اسمائے صفات اسمِ ذات کا عکس ہیں۔ ؎

چو تو بے پردہ نتوانی کہ بینی پردہ ذاتش — بذرّاتِ جہاں بنگر کہ در ہر ذرّہ مر آتش
جمالِ حق ز ذرّاتِ صفاتش میکند جلوہ — صفت در کشورِ افعال و فعل از عین آیاتش
تنِ تو مظہرِ جان ست وجانت مظہرِ اعیاں — چو اعیاں مظہرِ اسماء واسماء مظہرِ ذاتش

فرمایا: کشف القبور اور کشف القلوب، اولیا اللہ کے نزدیک ایسے مرتبے ہیں جیسے عورتوں کو حیض و نفاس کا آنا یعنی بلوغت کے آثار ہیں۔

فرمایا: سالک کے لیے ضروری ہے کہ نمازِ پنجگانہ پر مواظبت رکھے۔ رمضان شریف کے روزے پابندی سے رکھے۔ تلاوتِ کلام اللہ شریف بلاناغہ کرے اور تمباکو نوشی سے قطعاً پرہیز کرے۔ اگر ان باتوں پر عمل کرے گا تو فائز المرام ہوگا۔

فرمایا: بخت یاور اور عقل کامل انسان کے واسطے ترقی کا زینہ ہیں۔

آپ کے چند مقالے اور چند مقولے میں نے کتاب نوشاہِ زمان میں درج کیے ہیں یہاں طوالت کے خوف سے نہیں لکھے۔

اولادِ کرام

آپ کی شادی حضرت سیدہ حسن بی بی صاحبہ بنت سید حبیب اللہ بن سید خدا بخش برخورداریؒ سے ہوئی۔ ان کے بطن سے دو صاحبزادے متولد ہوئے:

۱۔ حضرت سید محمد امین مختار السالکینؒ۔ ان کے حالات آگے آتے ہیں۔
۲۔ حضرت سید محمد شفیع۔ ان کا ذکر طبقہ دوم کے آٹھویں باب میں آئے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ

تلامذہ

آپ کے شاگردوں کا سلسلہ تو وسیع تھا۔ یہاں چند نام لکھے جاتے ہیں:

۱۔ حضرت سید غلام احمد المعروف پیر بوڑے شاہ برادر آں جناب رح

Marfat.com

۲- حضرت سید فیض احمد المعروف پیر مکھن شاہؒ برادر آں جنابؒ

۳- حضرت سید محمد امینؒ فرزند اکبر آنجنابؒ ۴- حضرت سید محمد شفیعؒ فرزند اصغر آں جنابؒ

۵- حضرت سید حافظ رُوح اللہ بن سید محمد امینؒ نبیرۂ آں جنابؒ

۶- حضرت سید فاضل شاہ بن سید محمد امینؒ نبیرۂ آں جنابؒ

۷- حضرت سید حافظ محمد شاہ بن سید محمد امینؒ نبیرۂ آں جنابؒ

۸- حضرت سید حافظ اکبر علی بن سید محمد شفیعؒ نبیرۂ آں جنابؒ

۹- میاں محرم بافندہ ساکن سارنگ ۱۰- میاں نجبت بافندہ ساکن سارنگ

یارانِ طریقت

آپ اپنے والد بزرگوار کے بعد تینتیس ۳۳ سال تک مسند آرائے خلافت رہ کر بیشمار لوگوں کے لیے فیض رسانی کا ذریعہ بنے۔ روایت مشہور ہے کہ ایک لاکھ پچیس ہزار ۱۲۵۰۰۰ کس آپ کے مرید تھے، جن میں اکثر صاحبِ کمال ہو کر دُور دراز علاقوں میں پھیل گئے۔ آپ کے بائیس ۲۲ صوبوں یعنی خلفائے اکبر کے نام یہاں لکھے جاتے ہیں:

۱- حضرت مولانا سید محمد امینؒ مختار السالکین فرزند اکبر آنجنابؒ ساہن پال ضلع گجرات

۲- حضرت سید محمد شفیعؒ فرزند اصغر آنجنابؒ ۳- حضرت سید حافظ روح اللہؒ نبیرۂ آنجنابؒ

۴- میاں جیون گوجر بجارؒ جنڈ ۵- شیخ الدین المعروف دین علی فقیرؒ گاکھڑ کلاں

۶- میاں شاہ محمد المعروف میاں ساہنا درویشؒ ۷- مولوی حکیم کرم الٰہی بن مولوی غلام نبی فاروقی بیگووالہ سیالکوٹ

۸- مولوی حکیم غلام محی الدین امام مسجد چک گُپتا سیالکوٹ

۹- مولانا حاجی غلام قادر شایق بن مولوی حکیم شیخ احمد فاروقیؒ رسول نگر گوجرانوالہ

۱۰- مولوی حکیم فیض رسول فاروقیؒ لدھے والہ چیمہ گوجرانوالہ

۱۱- شیخ سکندر شاہؒ نور پور چاہلاں ۱۲- مولوی شہاب الدینؒ امام مسجد ڈھب چیمہ

۱۳- میاں حکیم علی محمد نجارؒ ڈھب چیمہ ۱۴- شیخ نتھو مجذوبؒ تلونڈی خجور والی

۱۵- شیخ کرم شاہ نومسلمؒ حسن والی ۱۶- مولوی قطب الدینؒ حسن والی

Marfat.com

۱۷۔مولوی فتح دینؒ امام مسجد سرانوالی گوجرانوالہ ۱۸۔شیخ توکل شاہؒ حجام والہ
۱۹۔مولوی میراں بخش بن پیر بخش فاروقیؒ اجتکے
۲۰۔شیخ بخشا فقیر خادمِ حاضر باشؒ گھٹے والہ
۲۱۔میاں ہدایت المعروف میاں ہادو بلوچ نبی شاہ شاہ پور
۲۲۔حاجی الحرمین شیخ فقیر اللہ بہرامیؒ اپلیٹہ ملک کا ٹھیاواڑ

چونکہ آپ نوشاہِ ثانی تھے اس لیے حضرت نوشہ صاحبؒ کی طرح آپ کے باون ۵۲ بانوا (خلیفہ اصغر) اور بہتر ۷۲ امرا (خلیفہ مجاز) بھی تھے۔ اُن کے اسماءِ گرامی کی فہرست نوشاہِ زمان میں آپ کے حالات میں درج کی گئی ہے۔

طایفہ جنات میں بھی آپ کا ایک خلیفہ میاں غلام محی الدین نام جن تھا۔

آپ کے چند تبرکات موجود ہیں،

تبرکات ۱۔آپ کے ہاتھ کی تحریر کردہ تمام قرآن مجید و کتابیں میرے گھر میں موجود ہیں اور میں انھیں کے طفیل فضیلتِ علمی سے بہرہ ور ہوا ہوں۔

۲۔آپ کی دستارِ مبارک اس وقت ۱۳۸۱ھ میں صاحبزادہ ممتاز احمد بن سید کرم الہیؒ کے گھر میں بمقام ساہن پال شریف موجود ہے۔

۳۔آپ نے دو عدد کنٹھے عقیق کے، اور اپنی نعلین مبارک اپنے مرید میاں جیونؒ گوجر کو عطا فرمائے تھے۔ وہ آج تک اُس کے وارثوں کے پاس بمقام جنڈ ضلع گجرات میں ہیں۔

مدحیات

آپ کی مدح میں میرے والد بزرگوار اعلیٰ حضرت مولانا سید غلام مصطفےٰ ادام اللہ برکاتہٗ نے بہت قصائد اور غزلیات لکھی ہیں جو میں نے کتاب "نوشاہِ زمان" میں درج کر دی ہیں۔ یہاں اپنی ایک نظم لکھتا ہوں۔ ؎

زہے شاہ شاہاں تجلیِ احمد ست — شگفتہ بدنیا گلِ احمد ست
ز اولادِ نوشاہ صاحب کمال — بحسنِ عمل صاحبِ قال و حال

Marfat.com

بزہد و ریاضات معروف بود — بطاعاتِ معبود مشغوف بود
بجملہ جہاں مشتہر نامِ شاں — قضا و قدر بندۂ رامِ شاں
بنوشاہیاں ہم چو بدرِ منیر — بتختِ ولایت شہِ بے نظیر
بعہدش نبودہ کسے مثل وے — بفضلائے دوراں شاہنشے
بظاہر لباسِ شریعت ببر — بباطن کلاہِ طریقت بسر
جمالِ خدا از جبینش عیاں — شب و روز سیلِ فیوضش رواں
کمالاتِ صوری و ہم معنوی — عطا شد ورا از جنابِ سخی
ز حق بود نوشاہِ ثانی خطاب — بشد از سخی بادشاہ فیضیاب
کراماتِ شاں بے عدد بیشمار — چو خورشید ہر جائے نورش نثار
بسجادۂ نوشۂ گنج بخش — بدرجاتِ اعلیٰ دوا ابد رخش

واقعۂ وفات

آپ اپنے آخری ایام میں جب مریدوں پر تشریف لے گئے تو سب کو رخصت کیا اور فرمایا کرتے کہ اب ہمارا سفرِ آخرت تیار ہے۔ چنانچہ آپ سفر میں بمقام پیر کوٹ متصل احمد انگر اپنے مرید گوہر حجام کے گھر تھے کہ سرگھی کے وقت جب تہجد کے لیے اٹھے تو آپ کو سانپ ڈس گیا اور آپ صبح کو وہیں انتقال فرما گئے۔ وفات کے وقت اِسم یَا غفورُ آپ کے وردِ زبان تھا۔

ذکرِ الٰہی کا جاری ہونا

جس وقت آپ کا انتقال ہوا اُس وقت آپ کے پوتے حضرت سیّد حافظ رُوح اللہؒ اور آپ کے یارانِ خواص مولوی حکیم کرم الٰہیؒ ساکن بیگووالہ اور مولوی شیخ فیض رسولؒ ساکن لدھے والہ اور شیخ بخشا فقیر ہمراہ تھے۔ انھوں نے آپ کے جسدِ اطہر کو ساہن پال شریف پہنچایا۔ شیخ غلام حسن بن شیخ بڈھا سلیمانی سجادہ نشین بھلوال شریف نے آپ کو غسل دیا۔ رات کو درگاہِ عالیہ نوشاہیہ کے قدموں میں آپ کا جسم مبارک پلنگ پر پڑا تھا۔ نصف رات کے وقت سب

Marfat.com

حاضرین پر غنودگی طاری ہوگئی تو آپ کے جسم پاک سے ذکر اسم ذات جاری ہوگیا۔ چنانچہ سب نے بیدار ہوکر بگوشِ ظاہر سنا۔

تاریخِ وفات

حضرت قبلہ عالم مولانا سید حافظ قل احمد پاک ذات نوشاہِ ثانی[1] کی وفات بقول صاحبِ کتاب الفوائد منگلوار کی رات، وقت نماز تہجد ۲۳ ربیع الآخر ۱۲۸۶ھ ۲۲ ساون سمت ۱۹۲۶ب کو ہوئی۔

تقویم ہجری وعیسوی کے مطابق اُس روز سوموار پڑتا ہے، اور ۲ اگست ۱۸۶۹ء تھا اور ملکہ وکٹوریہ کا ۱۱ سالہ جلوسی تھا۔ وفات سے دوسرے روز تابوت میں بمقام ساہن پال شریف گورستانِ نوشاہیہ میں اپنے والد بزرگوار کے قدموں میں دفن ہوئے۔

قطعۂ تاریخ

از حاجی الحرمین مولانا غلام قادر شایق فاروقی رسولنگری

ہیہات کہ صاحبِ معارف — منظور ببارگاہِ خالق
مختار ز خاندانِ نوشہ — شیریں سخنے بقول صادق
دانائے شریعت و طریقت — در وعظ مبین و محقق
افصح بمقال و صاحبِ حال — بر خلقِ خدا رحیم و مشفق
درخواندنِ شعر خوش بیانے — در کشفِ دقیقہ ہا مدقق
نامش بقل احمد ست مشہور — اصلش قلی احمد ست فایق
اسرار طریقتے کہ میداشت — در صدرِ نبیرہ ریخت بے شق
از لدغۂ مار شد شہیدے — با روضۂ نوشہ گشت ملحق
از بیست سیم ربیع آخر — سہ شنبہ بحق شدست ملحق
جستم چو سنینِ او خرد گفت — وہ وہ متشیرع و محقق
۶ ۸ ۲ ۱

[1] حضرت سید حافظ قل احمد کا ذکر اسی جلد کے دوسرے طبقہ میں بھی لکھا جائے گا۔ شرافت

Marfat.com

قطعہ دیگر

از حضرت مولانا مفتی غلام سرور قریشی لاہوری رح

گُل احمد بود چو ہمنامِ احمد رفت زاں آخر — بوقتِ خاتمہ در مجلسِ ختم الرسل احمد
چو جُست از ساقیِ دلِ سرورِ سرمست تاریخش — نداشد یافت جامِ بیخودی جُز و گُل احمد

۱۲۸۶ ھ

مادہ ہائے تاریخ

۱۔ از آیت شریف سبحٰن الذی اسرٰی بعبدہٖ لیلاً — ۱۲۸۶ ھ
۲۔ " " ذالک الفوز العظیم — ۱۲۸۶ ھ
۳۔ خورشیدِ دین محمدی — ۱۲۸۶ ھ
۴۔ فروغ — ۱۲۸۶ ھ

Marfat.com

حضرت مولانا سید
شاہ محمد امین مختار السالکین
نوشاہی قدس سرہٗ

در مناقب ذاتِ پاک حضرت شاہِ امین
در سہنپال ست بحرِ عشقِ او ہر دم رواں

زبدۂ آفاق محمد امین — عارف باللہ محقق متقین
قدوۂ ابرار وحید الزماں — سدرۂ زہادِ سعادت قرین
فخرِ زمن قبلۂ نوشاہیاں — کعبۂ اقطابِ زماں زیبِ دین
شمعِ جمالش چو قمر روشن ست — در رہِ عشاق محبت گزین
ہست شرافت بدرش سائلے — یافتہ از لطفش دُرِ ثمین

اوصاف جمیلہ آپ غریقِ بحرِ توحید، سائرِ میدانِ تجرید، وجودِ انوارِ رحمانی، نمونۂ صفاتِ ربانی، صاحبِ فنا و بقا، مرکزِ دائرہ تسلیم و رضا، سرگروہِ اہلِ بیتِ رسالت و نبوت، حلقہ روشن ضمیرانِ اہلِ فتوت، صاحبِ حق الیقین، سلطان العارفین، صاحبِ ذوق و شوق تھے۔ آپ حضرت مولانا سید حافظ قُل احمد پاک ذات نوشاہِ ثانی ابنِ سید حافظ الٰہی بخش مظہرِ حق نوشاہی برخورداریؒ کے فرزندِ اکبر اور مرید و خلیفہ اعظم تھے۔

آپ کی والدہ ماجدہ کا نام حضرت سید حسن بی بی تھا۔ بنت سید حبیب اللہ بن سید خدا بخش بن سید شاہ تقن بن سید رحمت اللہ عارف بن سید حافظ محمد برخوردار بحر العشقؒ۔

نام و لقب آپ کا اسم گرامی محمد امین، کنیت ابو الفاضل، القاب مختار السالکین، متوکل تھے۔

Marfat.com

تاریخِ ولادت آپ کی پیدائش ثمرات الافکار اور کتاب الفوائد میں ۲۵ ذیقعدہ وقتِ نمازِ ظہر ۱۲۴۱ھ ۸ ہاڑ سمت ۱۸۸۱ب لکھی ہے۔

تقویم ہجری وعیسوی کے مطابق اُس روز ہفتہ کا دن تھا اور یکم جولائی ۱۸۲۶ء ہاڑ سمت ۱۸۸۳ب تھا۔ آپ کے والد بزرگوار نے آپ کی تاریخ میں یہ اشعار لکھے:۔

از ولادت امین برخوردار سالِ تاریخ گفتمش مختار
۱۲۴۱

ع بشادی بگفتا بلند اخترم
۱۲۴۱

۱۔ از آیت شریف الخیرات ۱۲۴۱

۲۔ " رضی اللہ عنہم ۱۲۴۱

۳۔ مظہر نکونی ۱۲۴۱

تخنیک و تقریبِ اسم آپ کو جدِ بزرگوار شیخ الاسلام حضرت مولانا حکیم سید حافظ الٰہی بخش مظہرِ حق نوشاہیؒ نے گڑھتی دی اور آپ کا نام محمد امین رکھا۔

تربیت و تعلیم آپ نے والد بزرگوار اور جدِ امجد کے آغوش میں تربیت پائی۔ اپنی پردادی حضرت خان بی بیؒ کو بھی بچپن میں دیکھا تھا۔

آپ کی عمر جب گیارہ سال ہوئی تو ۱۲۵۲ھ میں آپ کی سنتِ ختنہ ادا ہوئی۔ تعلیم ظاہری اپنے والد صاحبؒ اور حضرت مولانا سید غلام قادر بن سید عبداللہ برخورداریؒ سے پائی۔ علم ادب فارسی کی درسی کتابیں پڑھیں اور فنِ کتابت کی بھی کچھ مشقیں کیں۔

بیعت و خلافت حصولِ علم ظاہری کے بعد آپ نے اپنے پدرِ بزرگوار قبلہ عالم فوالانیا حضرت مولانا سید حافظ قل احمد پاکذات نوشاہِ ثانیؒ کے دستِ حق پرست پر بیعت کی اور اُن کی توجہ سے مقاماتِ سلوک پر عبور ہوگیا اور وصول الی اللہ سے مشرف ہوئے۔ قبلہ عالم نے آپ کو خلافت و اجازت سے سرفراز فرمایا۔

زیارتِ نوشاہِ عالی جاہؒ ابتدائے احوال میں آپ نے حضرت نوشہ گنج بخش قدس سرہٗ کے روضہ عالیہ میں چلہ کاٹا، تو حضور نوشاہِ عالیجاہؒ نے اپنے جمالِ باکمال سے آپ کو نوازا اور فرمایا، بیٹا! کوئی فکر نہ کر دیں تمہارے ساتھ ہوں۔

Marfat.com

کاشتکاری والد بزرگوار نے آپ کو فرمایا: بیٹا! تم کو چاہیے کہ اپنے احوالِ عجیب کو لوگوں کی نظر سے مخفی رکھو اور سترِ احوال کے واسطے کاشتکاری سے بہتر کوئی ذریعہ نہیں۔ چنانچہ آپ نے اپنے ملوکہ چاہ ظاہر یوالہ واقعہ رقبہ موضع سارنگ میں کاشتکاری شروع کی اور مدت العمر کرتے رہے۔

فقر و فاقہ اوائل میں آپ کی حالت اس طرح تھی کہ غربت و مسکنت کے باعث کئی کئی روز فاقہ سے گزر جاتے اور آپ جتلاتے نہ تھے۔ گویا فقرِ محمدی کے پورے پورے وارث ہونے ہمیشہ دست باکار و دل بایار رہتے۔

تاثیر قرأت آپ نماز کی جماعت خود کروایا کرتے۔ آپ کی قرأت نہایت موثر ہوتی تھی۔ جو ایک بار سُن لیتا گرویدہ ہو جاتا۔

تعمیر روضہ نوشاہؒ جب ۱۲۵۸ھ میں روضہ عالیہ حضرت نوشہ صاحبؒ تعمیر ہوا اور آپ کے والد ماجد کے اہتمام سے کام ہو رہا تھا اُس وقت آپ کی عمر مبارک ۱۷ سال تھی۔ آپ اپنے ہاتھوں سے کام کرتے تھے۔ اور خدمتِ درگاہ میں کافی حصہ لیتے تھے۔

شادی میں غوثِ وقت کی شمولیت بزرگوں سے منقول ہے کہ ۱۲۵۸ھ میں آپ کی شادی ہوئی تو جس روز گاؤں میں وڑ کی روٹی تقسیم کر رہے تھے تو ایک لنگوٹ بند درویش آکر اس تقریب میں شامل ہوا۔ آپ کے والد ماجد حضرت نوشاہِ ثانیؒ نے اس کے چلے جانے کے بعد فرمایا یہ غوثِ وقت تھا۔ میں نے اس غوث کا پورا واقعہ آپ کی سوانح حیات "مراۃ الامین" میں درج کیا ہے۔

معمولات

عبادت آپ عبادتِ الٰہی میں بڑے سرگرم تھے۔ نمازِ پنجگانہ پر مواظبت رکھتے۔ بروزانہ بوقتِ نصف شب بیدار ہو کر وضو کر کے چھ نوافلِ تہجد ادا فرماتے اور کلمہ طیبہ اور درود شریف ہزارہ کے وظیفے کر کے ہل جوتتے یا کنواں چلاتے کیونکہ آپ زراعت کیا کرتے تھے فجر کی نماز کے بعد تلاوتِ کلام اللہ شریف کرتے، کم از کم سوا سیپارہ ضرور منزل کرتے۔ کبھی

Marfat.com

فریاد نامہ بجناب غوثیہ جو آپ کے جدامجد حضرت مولانا سید حافظ محمد حیات ربانیؒ نے نظم کیا تھا، پڑھا کرتے، جس کا پہلا شعر یہ ہے: ؎

اے شاہِ ملکِ معرفت فریاد رس فریاد رس
اے ماہِ فلکِ منقبت فریاد رس فریاد رس الخ

آپ نوافلِ اشراق، ضحیٰ اور اوابین بلاناغہ پڑھا کرتے اور گاہ بگاہ نوافل تسبیح بھی پڑھتے۔

نفلی روزے

آپ رمضان شریف کے روزوں کے علاوہ نفلی روزے بھی رکھا کرتے تھے ایامِ بیض کے روزے ہر ماہ میں رکھتے۔ جہاد بالنفس کا خاص خیال ہوتا۔ جس روز بارش ہوتی یا آسمان ابر آلود ہوتا اُس روز بھی روزہ رکھ لیتے۔ اور فرمایا کرتے روزہ خواص کی غذا ہے۔

قرآن مجید کی محبت

آپ کو قرآن مجید سے خاص محبت تھی۔ چھوٹی تقطیع کی حمائل شریف ہر وقت اپنے پاس رکھتے جہاں قدرے کام میں وقفہ ملتا وہیں تلاوت فرمالیتے۔ آپ کی روحانی غذا قرآن کریم تھا۔

قرآن کریم کی قدرشناسی

آپ قرآن کریم سننے کے بھی شایق تھے۔ اگر کسی کو پڑھتا ہوا سُنتے تو اس کی قدر کرتے۔ ایک مرتبہ آپ گھنٹے والہ میں تشریف لے گئے وہاں مسجد میں مولوی کرم الٰہی سورہ یٰسٓ پڑھ رہے تھے۔ ان کی آواز اچھی تھی سُن کر بہت محظوظ ہوئے اور اُن کے حق میں دعائے خیر فرمائی۔

اخلاق و عادات

آپ متقی متشرع، صوفی کامل، ولی عابد تھے۔ آپ کے عادات بزرگانِ متقدمین سے ملتے تھے۔ ہر ایک کام میں راست بازی کرتے۔ کسی وقت یادِ خدا سے غافل نہ ہوتے۔ ہر کسی کے ساتھ محبت سے پیش آتے۔ آپ کی شفقت کو دیکھ کر دشمن بھی مطیع ہو جاتے۔ اپنے خانگی کام کاج اپنے ہاتھ سے کرتے۔ چوپایوں کو چارہ اپنے ہاتھ سے ڈالتے۔ گائیوں، بھینسوں کا دُودھ اپنے ہاتھ سے دوہ لیتے۔ اپنی سواری کے واسطے گھاس خود لے آتے۔

Marfat.com

سادہ مزاج، لاطمع، بے سوال، اہل مروّت، صاحبِ خلقِ محمدی تھے۔ تکبر و فخر و غرور آپ میں ہرگز نہ تھا۔ بڑوں کا ادب کرتے۔ کتابت، قرأت، زراعت، تدریس سے مخلوقِ خدا کی خدمت کرتے۔ صُلح کل اور خوش اخلاق تھے۔ جب کلام کرتے تو نہایت شیریں ہوتی۔ بسا اوقات آشنا سے کلام میں آنسو بہہ جاتے۔ اہلِ قناعت و ایثار تھے۔ دُوسروں کی حاجت کو اپنی حاجت پر مقدم رکھتے۔ کسی امر میں شریعت کا خلاف نہ کرتے۔ جب سفر میں جاتے تو دینِ اسلام کی تبلیغ کرتے اور جب واپس گھر آتے تو اپنے تمام برادران اور ہمسایوں اور یتیموں اور بیواؤں کی خبر گیری کرتے۔ بیماروں کی عیادت کرتے۔ دیہاتِ گرد و نواح دن کو، سارنگ، اگرویہ میں جا کر اپنے احباب اور ارادت مندوں کے حالات سے آگاہی پاتے۔ ہر ایک کی دلداری کرتے۔ اپنی اولاد کو لکھنے پڑھنے کی تاکید فرماتے غرضیکہ تمام اوصافِ حمیدہ سے موصوف تھے۔

ایثار آپ کے فرزند اصغر حضرت سید حافظ محمد شاہؒ سے منقول ہے کہ چاہ ظاہر والہ بہت پُرانا ہو کر منہدم ہو گیا تو سب شرکا نے ارادہ کیا کہ نیا کنواں تیار کیا جاوے۔ تو آپ نے اپنی ملکیت زمین سے چند مرلے جگہ عطا فرمائی اور اس میں کنواں لگوایا گیا۔

فقیر سید شرافت عافاہ اللہ کہتا ہے کہ تا زمانہ حال ۱۳۸۱ھ میں وہ کنواں موجود ہے۔

غریب پروری آپ کے پوتے سید کرم الٰہی بن سید فاضل شاہؒ سے منقول ہے کہ ایک مرتبہ مجھ کو بچپن میں آپ اپنے ساتھ سفر میں لے گئے۔ ایک دن فتح گڑھ ضلع سیالکوٹ میں پہنچے۔ تو جس مرید کے ہاں ڈیرہ تھا وہ بہت مفلس و نادار تھا۔ آپ نے ازراہِ روشن ضمیری اُن کی حالت سے مطلع ہو کر فرمایا تم کوئی فکر نہ کرو۔ اپنے پاس سے ان کو مونجی عطا فرمائی۔ اُنھوں نے اُس سے چاول نکال کر پکائے اور ہم نے کھائے۔

تبلیغِ اسلام ایک مرتبہ آپ حضرت نور شاہ ولیؒ کے عُرس کی تقریب پر بمقام چک کپتا (ضلع سیالکوٹ) تشریف فرما تھے۔ سماع و وجد ہو رہا تھا۔ ایک متکبر سکھ بمعہ اپنی جورو کے وجد والوں سے تمسخر کرنے لگا۔ آپ نے نعرہ لگایا تو وہ دونوں مرد و عورت تڑپنے لگے۔ افاقہ ہونے پر حلقۂ اسلام میں داخل ہوئے اور آپ سے بیعت کی۔

Marfat.com

جہاد بالنفس آپ نفس کی مخالفت سے کبھی فارغ نہ رہتے اور غذا خواہ کیسی بے لذت ہوتی طیب خاطر سے کھا لیتے اُس سے نفرت نہ کرتے۔ ایک روز ایک مرید کے ہاں تشریف لے گئے اُن سے غلطی سے ہانڈی میں نمک زیادہ ہوگیا یہاں تک کہ وہ سخت تلخ ہوگئی آپ بلا دھڑک تناول فرما گئے اور بالکل نہ جتایا۔ جب انھوں نے خود کھایا تو معافی مانگنے لگے۔ آپ نے فرمایا تمہارا کوئی قصور نہیں جیسا خدا نے ہم کو بھیجا ہم نے کھا لیا۔ نفس کو لذت پہنچانا ہمارا مقصد نہ تھا۔

اشعار خوانی آپ کبھی کبھی یہ اشعار پڑھا کرتے:۔

در مسکنِ مور خانہ مارے کہ دید — در گردنِ اہلِ خرقہ زُنّارے کہ دید
ایں بیخبراں از زناں وفا میطلبند — اسپ و زن و شمشیر وفادارے کہ دید

ہم جو آئے مثلِ شبنم سیرِ گلشن کر چلے — آہ حسرت دل بھری اور چشم تر نم کر چلے
دیکھ لے اے باغباں اپنا چمن ہم گھر چلے — کونجاوے اس طرح سوں جس طرح سوں ہم چلے

رات دہاں معشوقاں اگے عاشق رہندے خدمتگار — راگ اُنہاندے آہیں نعرے رودن جھکھن زار و زار
راز اُنہاندے چھپے رہندے بھلیاں بُریاں ہوندی سار — راس خدا کرے کم آساں جاں رودن تاں چھودن تار

گُل گئے گلشن گئے جنگل دھتورے رہ گئے — چل گئے عاقل جہاں سے بے شعورے رہ گئے

حلیہ اقدس آپ میانہ قد، رنگ گورا چٹا، بلند بینی، کشادہ پیشانی، داڑھی مبارک سفید بقدر چھ انگشت دراز، سر کے بال کانوں کی لو تک، جسم مبارک طاقتور تھا۔

لباس آپ سفید لباس کو بہت پسند رکھتے تھے۔ فرماتے تھے کہ سفید کپڑا اس لیے بہتر ہے کہ جب میلا ہوا پھر صاف کر لیا۔ آپ گلے میں سادہ کرتہ اور سر پر

Marfat.com

سفید دستار رکھتے تھے۔ آخر عمر میں ٹوپی رکھتے جو پیالہ کی طرح ہوتی۔ کمر میں تہبند نسواری رنگ اور اوپر چادر سفید کھدر کی ہوتی۔ سردیوں میں سیاہ کمبل (دھورا) اوڑھتے تھے۔

غذا آپ جب نیا کپڑا پہنتے تو چند مرتبہ سورہ الکوثر پانی پر پڑھ کر کپڑے پر چھڑک لیتے پھر پہنتے۔ سب کھانوں میں سے آپ کو پیسدار مرغن پراوٹھے بمعہ شکر اور گوشت اور حلوہ مرغوب تھے۔

خوارق و کرامات

آپ کے خوارق بہت ہیں جو میں نے آپ کی سوانح حیات "مرأۃ الامین" میں درج کیے ہیں۔ تبرکاً چند کرامات یہاں تحریر کیے جاتے ہیں۔

زمین کا طے کرنا آپ کے عم زاد بھائی سیّد واصل حق لاہوریؒ سے منقول ہے کہ ایک مرتبہ آپ سرگمی کے وقت ساہن پال شریف سے چلے اور نو میل کا فاصلہ پیادہ چل کر ظہر کو امرتسر پہنچے اور ظہر کی نماز وہاں جاکر ادا کی۔

تولیدِ فرزند چودھری پیراں دتہ وڑائچ ساکن تلونڈی راہ والی کے ہاں اولادِ نرینہ نہیں تھی ایک مرتبہ آپ وہاں تشریف لے گئے اور ان کو بشارت دی کہ تمہارے گھر لڑکا پیدا ہوگا جو لمبی عمر والا ہوگا۔ چنانچہ حضور کی دعا سے لڑکا پیدا ہوا جس کا نام اروڑا رکھا گیا۔ وہ نوّے سال کی عمر پاکر فوت ہوا ہے۔

وسعتِ رزق کی دُعا اروڑا ابن پیراں دتہ وڑائچ مذکور پر غربت کا دورہ تھا۔ اس کی والدہ نے حضور کے آگے التماس کی تو آپ نے ان کے حق میں دُعا کی۔ خدا تعالیٰ نے ان کے رزق میں وسعت دی۔

دولتمندی کی دعا ایک مرتبہ آپ نہابو چک میں تشریف لے گئے۔ کرم الٰہی ترکھان کی والدہ نے بوجہ افلاس بینا کا ساگ پکایا۔ آپ نے اُس میں سے تین لقمے کھائے اور اُن کے حق میں دولتمندی کی دعا فرمائی۔ چنانچہ وہ تھوڑے ہی عرصہ میں غنی و باثروت ہو گئے۔

Marfat.com

پسخوردہ میں برکت ایک بار آپ سراں والی مضافاتِ وزیر آباد میں تشریف فرما تھے۔ سربندھی لوہار کی والدہ نے شام کے وقت دودھ کا ایک پیالہ آپ کو پلایا۔ آپ نے فرمایا صبح کو اگر مکھن پہلے سے زیادہ نکلا تو سمجھنا کہ فقیر نے پیا ہے ورنہ سمجھنا ضائع ہوگیا ہے۔ چنانچہ صبح کو بہت زیادہ مکھن نکلا۔

شفائے مریض لدھا ترکھان احمد نگری سے منقول ہے کہ مجھے کئی روز سے دردِ دانت کی تکلیف تھی اتفاقاً آپ ہمارے ہاں تشریف لائے اور مجھے دم کیا۔ اسی وقت درد جاتا رہا پھر ساری عمر نہیں ہوا۔

آسیب کا دفع ہونا آپ کے پوتے سید کرم الٰہیؒ سے منقول ہے کہ ایک مرتبہ بوٹا مچھیانہ کی زوجہ کو جن کا آسیب ہوا آپ نے وہاں جاکر اس کو فرمایا، اے جن! نکل جا۔ چنانچہ جن اُسی وقت چلا گیا اور وہ عورت تندرست ہوگئی۔

دیوار کا چلانا ایک مرتبہ آپ چک کپتا میں حضرت نور شاہ ولیؒ کے عرس پر تشریف فرما تھے ایک شخص نے کرامت کی درخواست کی۔ آپ نے فرمایا کہ اگر ہم اِس دیوار کو حکم دیں تو اللہ تعالیٰ کے امر سے چل پڑے۔ یہ فرمانا ہی تھا کہ وہ دیوار چل پڑی اور چند فٹ فوراً آگے بڑھ گئی۔ آپ نے فرمایا: ٹھہر جا، میں نے تو ویسے ہی بات کہہ دی ہے تجھے حکم تو نہیں دیا۔

حیوانات کو وجد کروانا ایک مرتبہ آپ سائیں الٰہدین فقیر کے عرس پر بمقام گاگھڑہ کلاں تشریف لے گئے۔ بہت سارے درویشوں کا اجتماع تھا۔ مجلس سماع میں وجد ہونے لگا۔ چودھری ناصر وڑائچ منکرِ فقرا تھا، اس نے تمسخر کیا اور ایک شخص پیرا نام ماچھی کو پیش کیا کہ اس کو وجد ہو تو ہم جانیں۔ چنانچہ آپ نے اس پر توجہ کی، تو وہ پھڑکنے لگا اور چودھری ناصر پر گر پڑا۔ چودھری کو بھی وجد ہوگیا حتیٰ کہ تمام مجلس کو وجد و ذوق ہوگیا، بلکہ حیوانات بھی متاثر ہونے سے خالی نہ رہے۔ پھر سب لوگ معتقد ہوئے۔

اسی طرح ایک مرتبہ میر محمد خوشاہیؒ کے عرس پر بمقام چک کپتا ایک سکھ تھانیدار کو آپ کی توجہ سے وجد ہوا۔ آپ نے اس کو درخت پر نشان کروا دیا۔

Marfat.com

ایک چور کو سزا

ایک مرتبہ صوبہ بن سادہ جٹ بھکھیانہ نے آپ کی زراعت سے سبز گندم چوری کاٹ کر اپنی بھینس کو چارہ ڈالا۔ اُسی دن سے اس کے تھنوں میں لہو اور پیپ پڑ گئی۔ آخر تین ماہ کے بعد اُس نے آکر معافی مانگ لی، تو معاملہ صحیح ہوا۔

اپنے بیٹے کو علم کی دعا

آپ اپنے فرزند اصغر حضرت سید حافظ محمد شاہؒ کو فرمایا کرتے کہ تم تفسیر حسینی کا مطالعہ کیا کرو اور وعظ و تقریر بھی کیا کرو ہم چاہتے ہیں کہ لکھانے پڑھانے اور مسائل پوچھنے میں سب لوگ تمہارے محتاج ہوں اور تم جواب باصواب دیا کرو۔ چنانچہ واقعی حضرت شاہ صاحبؒ آپ کی دعا سے علامہ باکمال ہوئے۔ بلکہ آج تک اُن کی اولاد فضیلتِ علمی سے ممتاز ہے۔

اپنی بیٹی کو دُعا

آپ کی بیٹی حضرت سیّدہ محمد بی بیؒ سے منقول ہے کہ جب حضور کا وقتِ وفات قریب ہوا تو میں رونے لگی اور عرض کیا کہ آپ کی زندگی میں تو مجھے کسی کی محتاجی نہ تھی۔ اب کیا کروں گی۔ آپ نے فرمایا تم کوئی خوف نہ کرو اللہ تعالیٰ تم کو رزق کشادہ دیوے گا۔ چنانچہ ساری عمر میں کسی کی محتاج نہیں ہوئی۔

اپنے نواسہ کو دعا

آپ کے نواسہ سید بدوح شاہؒ ساکن پانڈو کے زراعت کا کام کرتے تھے۔ آپ نے ان کو دعا دی تھی کہ خدا تعالیٰ تمہارے چھٹے میں برکت کرے گا۔ اور یہ نصیحت کی کہ جو نیا کام شروع کرنا ہو جمعہ کے روز کیا کرنا۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے ان کو بہت بابرکت کیا تھا۔

اپنے پوتے کو اقبال مندی کی دعا

آپ کے فرزند ارجمند حضرت سید حافظ محمد شاہؒ کے ہاں اولاد زندہ نہیں رہتی تھی۔ ایک دن آپ نے فرمایا، بیٹا! اللہ تعالیٰ تم کو فرزند نرینہ عطا فرماوے گا جو صاحب عمر دراز اور با اقبال ہوگا۔ چنانچہ ان کے ہاں حضرت سید غلام مصطفےٰ متولد ہوئے، جو آج ۱۳۸۱ھ میں بعمر چوہتر سال زندہ موجود ہیں اور بڑے صاحبِ اقبال ہیں۔

آپ کے تصرفات و کرامات بہت ہیں۔ وفات کے بعد بھی آپ سے کئی حالاتِ عجیبہ

Marfat.com

ظاہر ہوئے ہیں جو میں نے مرأۃ الامین میں درج کیے ہیں۔

عملیات

آپ کو عملیات سے بھی کچھ شغف تھا۔ بعض یہ ہیں:

نظرِ بد کے واسطے اگر کسی کو نظر لگ جاوے تو یہ آیت شریف پڑھ کر دم کرے: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم وما انفقتم من نفقۃٍ او نذرتم من نذرٍ فان اللہ یعلمہ وما للظٰلمین من انصار۔

فراخیِ رزق کے واسطے اگر کوئی شخص فراخیِ رزق چاہتا ہو تو نمازِ فجر سے پہلے کسی جاری پانی کے کنارہ پر بیٹھ کر آیت کریمہ ایک ہزار بار بلا ناغہ پڑھے اور اس کا وظیفہ دائمی رکھے۔ اللہ کریم اس کو بہت فراخ رزق نصیب کرے گا۔ اور تمام لوگ اُس کے شیدا و مفتون ہوں گے اور اس کے کاروبار میں ترقی ہوگی اور کئی مشاہدات حاصل ہوں گے۔ آیت کریمہ یہ ہے: لا الٰہ الا انت سبحانک انی کنت من الظٰلمین۔

ہلاکتِ اعدا کے واسطے اگر دشمن کو دُور کرنا یا ہلاک کرنا چاہے تو یہ لفظ سات بار کنکر پر پڑھ کر اُس کے گھر میں پھینک دے۔ امرِ الٰہی سے وہ مغلوب یا ہلاک ہو جائے گا۔ چند روز یہ عمل کرے۔ لفظ یہ ہے:

"چڑھے شہنشاہ بولے نقیب، نصرٌ من اللہ وفتحٌ قریب۔"

وظیفہ دہ سورہ آپ فرماتے قرآن مجید کی آخری دس سورتیں ضرور یاد کر کے روزانہ پڑھنی چاہئیں۔ بڑی برکات کا موجب ہے۔

مکتوبات

آپ کا ایک مکتوب دستیاب ہُوا ہے جو آپ نے سفر سے اپنے چھوٹے بھائی حضرت سید محمد شفیع کے نام لکھا تھا۔

"برادرِ عزیز وافر تمیز خوب خصال پسندیدہ افعال برادر عزیز محمد شفیع طول عمرہٗ۔ ازیں صوب

Marfat.com

فقیر محمد امین السلام علیکم ۔ واضح باد کہ ایں جائے خیریت ست وصحت سلامتی شما از درگاہِ رب العزت مدام مطلوب ۔ امید کہ انشاءُ اللہ تعالیٰ امروز فردا در خانۂ خود خواہم رسید خرور بر ضرور دوانند کہ میانصاحب جیو وحافظ رُوح اللہ بطرف شمال رفتہ اند والسلام ۔"

سجع آپ کے نام مبارک کا سجع یہ ہے: "محمد امین ست در دوسرا"

ملفوظات

آپ کا کلام نصیحت آمیز ہوتا تھا ۔ چند ارشادات یہاں لکھے جاتے ہیں ۔ اگر زیادہ دیکھنے ہوں تو میری کتاب مرأۃ الامین میں ملاحظہ کریں ۔

فرمایا: خدا تعالیٰ کی قدرت اور بے نیازی سے ہر وقت خوف کرنا چاہیے وہ جو چاہے کر سکتا ہے ۔

فرمایا: اگر اللہ تعالیٰ کی مہربانی ہو تو بارش ہو جاتی ہے ۔ اگر اُس سے بھی بڑھ کر مہربان ہو تو کھرا کر دیتا ہے یعنی بادل برسنے کے بعد دُھوپ کا نکل آنا اور آسمان کا صاف ہو جانا اعظم ترین رحمتِ الٰہی ہے ۔

فرمایا: جب آدمی طعام سیر ہو کر کھائے تو کاہلی وکسلمندی بڑھ جاتی ہے اس لیے طعام کم کھانا چاہیے ۔

فرمایا: علم تو سب اچھے ہیں مگر سب میں سے تفسیر اور فقہ ہم کو زیادہ پسند ومرغوب طبع ہیں ۔

فرمایا: نوافل ضحیٰ کے بعد غذا کھا کر دوپہر کو سو رہنا چاہیے کیونکہ غذا بخوبی ہضم ہو جاتی ہے ۔ اور تہجد کے واسطے بیدار ہونے میں آسانی ہو جاتی ہے ۔ یہ قیلولہ کرنا سنت نبوی ہے ۔

فرمایا: پیر ایک ہی ہونا چاہیے ۔

فرمایا: جلانے والی ساری چیزوں سے لکڑی بہتر ہوتی ہے ۔ یہ پاک ایندھن ہے ۔

ازواجِ عارفات

آپ کی دو اہلیہ تھیں:

Marfat.com

اوّل ۔ حضرت سیدہ عزیز بی بی المعروف اجی بیوی یا عجب بی بی صاحبہؒ بنت سید لطف الدین بن سید علی محمد برخورداری ساہن پالویؒ، ان کے بطن سے ایک لڑکا اور دو لڑکیاں متولد ہوئیں۔

دوم ۔ حضرت گوہر بی بی بنت میاں خدا بخش جنجوعہ راجپوت، جو موضع دھنویہ خورد علاقہ حافظ آباد ضلع گوجرانوالہ کے ایک صاحبِ علم خاندان سے تھیں۔ ان کے بطن سے دو لڑکے اور دو لڑکیاں پیدا ہوئے۔

اولادِ کرام

آپ کے تین فرزند ارجمند تھے:

۱۔ حضرت سید حافظ روح اللہؒ

۲۔ حضرت سید فاضل شاہؒ ۔ ان دونوں کے حالات طبقہ دوم کے نویں باب میں آئیں گے۔

۳۔ حضرت مولانا سید حافظ محمد شاہؒ ۔ ان کا ذکر آگے آتا ہے ان شاء اللہ۔

آپ کی چار بیٹیاں تھیں جن کے نام یہ ہیں: (۱) حضرت سیدہ صالحہ بی بیؒ منکوحہ سید محمد علی شاہ بن سید غلام محی الدین برخورداری ساکن پانڈو کے نو ضلع گوجرانوالہ۔ (۲) حضرت سیدہ عائشہ بی بیؒ، یہ بعمر ایک سال بچپن میں فوت ہوئیں۔ (۳) حضرت سیدہ محمد بی بیؒ، یہ تارکہ مجردہ زاہدہ عابدہ عارفہ پاکباز تھیں۔ (۴) حضرت سیدہ روشن بی بیؒ منکوحہ سید واصل حق بن سید پیر مکھن شاہ برخورداری لاہوریؒ۔

یارانِ طریقت

آپ نے اپنے والد بزرگوار کے بعد چوبیس ۲۴ سال تک سجادہ عالیہ نوشاہیہ کو زینت بخشی اور کافی مخلوق کو اپنے فیض سے سیراب کیا۔ آپ کے بعض یاروں کے نام یہ ہیں:

۱۔ حضرت سید حافظ روح اللہؒ فرزندِ اکبر آں جنابؒ ساہن پال شریف (گجرات)

۲۔ حضرت سید پیر فاضل شاہؒ فرزند ثانی آں جنابؒ 〃 〃

Marfat.com

۳۔ حضرت مولانا سید حافظ محمد شاہؒ فرزند اصغر آں جناب ساہن پال شریف ضلع گجرات
۴۔ کرم دین بن ساہنا تارڑ اگرویہ
۵۔ شمس الدین بن ساہنا تارڑ اگرویہ
۶۔ مکھن بن خدایار تارڑ اگرویہ
۷۔ کالو بن خدایار تارڑ اگرویہ
۸۔ پیر محمد ماچھی گاکھڑ کلان
۹۔ میاں کرم الٰہی ترکھان چک نہالو گوجرانوالہ
۱۰۔ میاں سربندھی لوہار سرانوالی
۱۱۔ اللہ دتہ چیمہ حسن والی
۱۲۔ اروڑا خان وڑائچ راہوالی
۱۳۔ بڈھا ترکھان احمد انگر
۱۴۔ آہی ترکھان جھام والہ
۱۵۔ سزا دار خاکروب

تبرکات آپ کے سر مبارک کی ٹوپی اور درہ شریف مستغاث میرے پاس موجود ہے۔

مدحیات

آپ کی مدح شریف میں میرے والد بزرگوار اعلیٰ حضرت مولانا سید غلام مصطفےٰ صاحب دام برکاتہٗ نے بہت غزلیں و نظمیں لکھی ہیں جو میں نے مرأۃ الامین میں درج کی ہیں، یہاں اپنے چند اشعار لکھے جاتے ہیں ؎

زہے ذاتِ حضرت محمد امیں — بملکِ تُقا جامع فقر و دیں
بصدق و صفا کاملِ وقت بود — بدورانِ خود مثلِ شاں کس نبود
رہِ معرفت جملہ پیشش عیاں — زفیضانِ حق عیشدے شادماں
بسجادۂ پدرِ عالی جناب — مشرف شدہ شاہِ عرفاں مآب
ہر آنکو بدرگاہِ شاں میرسید — جمالِ خدا از جبینش بدید
بیادِ خدا محو بودے مدام — ز اقرانِ خود داشت والا مقام
زصوفیہ ثانی نبودش کسے — زجامِ محبت بنوشید مے

واقعۂ وفات

آپ ملاقہ وزیر آباد سے سفر کر کے واپس آئے تو بیمار ہو گئے۔ معدہ متورم ہو گیا۔

Marfat.com

حکیم فضل احمد ساکن دوبرجی مضافاتِ ہسیلاں نے تین ماہ تک آپ کا علاج کیا مگر کوئی فائدہ نہ ہوا۔ دن بدن مرض بڑھتا گیا پھر مولوی حکیم کرم الٰہی فاروقی ساکن بیگووالہ ضلع سیالکوٹ نے بھی ایک ماہ تک علاج کیا مگر کوئی کامیابی نہ ہوئی۔ روز بروز نحافت بڑھتی گئی۔ انھیں دنوں میں آپ کے بھتیجے سید حافظ اکبر علی کا انتقال ہوا تو آپ بوجہ نہ چل سکنے کے گھوڑے پر سوار ہو کر ان کے جنازہ پر گئے۔

پھر آپ کو اسہال شروع ہو گئے جو اکیس روز تک متواتر آتے رہے۔ بلکہ آخری سانس روز بخار بھی شدید ہو گیا۔ باوجود شدتِ مرض اور کمزوری کے آپ نمازِ پنجگانہ ادا فرماتے رہے۔ اور تلاوتِ کلام اللہ شریف کا بھی ناغہ نہ کیا۔

آخری رات شبِ یکشنبہ کو آپ کی پیشانی پر پسینہ آگیا۔ سب اہلِ خانہ و اولاد آپ کے گرد جمع تھے۔ آپ نے فرمایا تم سو رہو، سویرے اُٹھ کر تم نے کام کرنا ہے۔ آپ کی بیٹی سیدہ محمد بی بی نے عرض کیا: یا قبلہ! آپ تو ہم سے رخصت ہو رہے ہیں آپ کے بعد ہمارا کون مونس و غمخوار ہوگا؟ آپ نے فرمایا، بیٹی! اگر خدا تعالیٰ نے مجھ کو نورِ ایمان بخشا تو میں تمہارے ساتھ ہوں گا۔

وصیتیں آپ نے اپنے بیٹوں سید فاضل شاہ اور سید حافظ محمد شاہ کو فرمایا کہ دونوں بھائی میری اس بیٹی محمد بی بی کی خدمت کرنا اور اپنی بیویوں کو منع کرنا کہ اس کو کوئی تکلیف نہ پہنچاویں۔ اور فرمایا، نمازِ پنجگانہ قایم رکھنا، رمضان شریف کے روزے پابندی سے رکھنا، اور قرآن مجید کی تلاوت بلاناغہ کیا کرنا۔ اور تمباکو نوشی سے پرہیز رکھنا۔ اللہ تعالیٰ تمہارے دین و دنیا کے سب کام سنوارے گا۔

آخری وقت اس کے بعد آپ نے فرمایا، مجھے شہد چٹاؤ۔ چنانچہ کئی بار آپ کو شہد چٹایا گیا تمام رات آپ ذکر الٰہی میں رطب اللسان رہے۔ آخر تہجد کے وقت آپ کی روح قفسِ عنصری سے پرواز کر گئی اور محبوبِ حقیقی سے جا واصل ہوئی۔

تجہیز و تکفین آپ کو مولوی غلام حسین امام مسجد ساہن پال شریف نے غسل دیا اور کھدر سفید کا کفن پہنایا گیا۔ ظہر کے وقت آپ کا جنازہ آپ کے چھوٹے بھائی حضرت

Marfat.com

سید محمد شفیعؒ نے پڑھایا۔ جنازہ پر کافی مخلوق جمع ہوگئی تھی۔

تاریخِ وفات

حضرت مولانا سید شاہ محمد امینؒ کی وفات کتاب الفوائد میں شب یک شنبہ وقتِ نمازِ تہجد، ۱۸ جمادی الاخریٰ سنہ ۱۳۱۰ھ ۲۷ پوہ سمت ۱۹۴۹ ب لکھی ہے۔ تقویم ہجری وعیسوی کے مطابق اُس روز ۸ جنوری سنہ ۱۸۹۳ء تھا۔ آپ کا مزار ساہنپال شریف گورستانِ نوشاہیہ میں اپنے والد بزرگوار حضرت نوشاہِ ثانی کے قدموں میں ہے۔

قطعۂ تاریخ

از اعلیٰ حضرت مولانا سید غلام مصطفےٰ نوشاہی دام برکاتہٗ

محمد امین[ف] فوت شد نیک خُو امین و رحیم و ولی پاک رُو
چو پُرسی ز ترحیلِ آں کانِ جُود بگو بخششِ حق ز تاریخِ اُو
۱۳۱۰

مادہ ہائے تاریخ

۱۔ ولی بیدار مغز	۱۳۱۰ھ
۲۔ گلزار منبع فیض	۱۳۱۰ھ
۳۔ ذی عصمت	۱۳۱۰ھ

ف حضرت سید محمد امین کا کچھ ذکر اسی جلد کے دوسرے طبقہ میں لکھا جائے گا۔ شرافت

Marfat.com

حضرت مولانا سید حافظ محمد شاہ نیک اختر نوشاہی قدس سرہٗ

در مناقب ذاتِ پاکِ افتخارِ اولیا

حضرت سید محمد شاہ مخدومِ جہاں

قطبِ اقطابِ زماں سید محمد شاہ پیر — مقتدائے واصلاں سید محمد شاہ پیر
آفتابِ اوجِ عزت والیِ ملکِ بقا — رہنمائے گمرہاں سید محمد شاہ پیر
واقفِ اسرارِ ازلی شمعِ بزمِ معرفت — پیشوائے سالکاں سید محمد شاہ پیر
حامیٔ دینِ محمد نائبِ ذاتِ رسول — بادشاہِ کاملاں سید محمد شاہ پیر
مخزنِ سرِ حقیقت صابر و شاکر سخی — مرہم خستہ دلاں سید محمد شاہ پیر
وارثِ علمِ نبی شاہنشہِ اہلِ کمال — کعبۂ قدوسیاں سید محمد شاہ پیر
فخرِ عالم شاہِ اعظم نورِ نوشہ گنج بخش — ہست محبوبِ جہاں سید محمد شاہ پیر
کامل و اکمل ولی در خاندانِ قادری — قبلۂ نوشاہیاں سید محمد شاہ پیر
کمترینِ خادماں احقر شرافت پُر گناہ — دستگیرِ بے کساں سید محمد شاہ پیر

اوصافِ جمیلہ آپ عاشقِ ذاتِ خدا، محبوبِ سفرتِ کبریا، عالمِ بے ریا، عارفِ بے ہمتا، قدوۂ واصلانِ درگاہ، زبدۂ عارفانِ فیض پناہ، عمدۂ اقطابِ زمان، امامِ اوتادِ جہان، ظاہر بشریعت آراستہ، باطن بطریقت پیراستہ، صاحبِ خلق و محبت وعلم و حلم و زہد و سخاوت و ذوق و شوق تھے۔ آپ حضرت مولانا سید شاہ محمد امین مختار السالکین بن سید حافظ قل احمد پاکذات نوشاہِ ثانی برخورداریؒ کے فرزند اصغر اور مرید و خلیفہ اکبر و سجادہ نشین تھے۔

آپ کی والدہ ماجدہ کا نام حضرت گوہر بی بیؒ تھا جو حضرت مولانا خدا بخش عرف جنجوعہ ساکن دھنویہ خورد ضلع گوجرانوالہ کی صاحبزادی تھیں ابنِ مولانا سلطان محمد بن مولانا مستقیم بن مولانا مکرمؒ۔

Marfat.com

آپ کی نانی کا نام حضرت امیر بی بیؒ تھا۔

نام ولقب آپ کا نام نامی محمد شاہ، کنیت ابو المصطفےٰ، القاب نیک اختر، شاہ صاحب، بدرالاولیا تھے۔

تاریخ ولادت آپ کی ولادت باسعادت ۱۲۸۱ھ مطابق ۱۸۶۵ء موافق سمت ۱۹۲۱ ب میں بمقام ساہن پال شریف ہوئی۔

مادہ ہائے تاریخ

۱۔ از آیت شریف یتلون ایٰت اللہ اناء الیل وھم یسجدون۔ ۱۲۸۱ھ

۲۔ نیک اختر ۱۲۸۱ھ

۳۔ فرزند خوشدل ۱۲۸۱ھ

۴۔ فرزند فرخ نہاد ۱۲۸۱ھ

۵۔ مشہور خلق ۱۲۸۱ھ

تخنیک وتسمیہ آپ کے جد امجد حضرت قبلہ عالم نوشاہِ ثانیؒ نے آپ کو گرھتی دی اور آپ کا نام محمد رکھا جو بعد میں محمد شاہ مشہور ہوا۔

تربیت آپ نے آغاز میں اپنے دادا صاحبؒ کے آغوش میں تربیت پائی۔ حضرت نوشاہِ ثانیؒ آپ کے ساتھ بڑی محبت رکھتے۔ رات کو اپنے پاس سُلاتے۔ جب آپ کلام کرنا سیکھے تو آپ کو کلمہ طیبہ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ سکھلایا اور اس کے پڑھنے کی تلقین فرمائی۔

تحصیلِ علوم آپ نے قرآن مجید اپنے والد اکرم حضرت مولانا سید محمد امینؒ سے پڑھا۔ پھر پندنامہ کریما، نامِ حق، پندنامہ شیخ عطار اپنے حقیقی چچا حضرت سید محمد شفیع سے پڑھے۔ اس کے بعد چندے حضرت مولانا سید غلام قادر بن سید عبداللہ برخورداریؒ سے بھی تعلیم پائی۔

۱۲۹۴ھ میں جبکہ آپ کی عمر تیرہ ۱۳ سال تھی۔ جناب والد صاحب آپ کو گاگھڑہ کلاں میں مولوی جمال الدین حنفیؒ کے درس میں چھوڑ آئے۔ آپ نے فارسی ادب کی کتابیں گلستان و بوستانِ سعدی و زلیخائے جامی و سکندرنامہ نظامی و بہارِ دانش عنایت اللہ لاہوریؒ اور فقہ کی عربی کتابیں

Marfat.com

غنیۃ المصلی اور خلاصہ کیدانی، اور طب کی فارسی کتابیں میزان الطب وغیرہ وہاں سے پڑھیں۔ عرصہ پانچ سال میں علومِ دینیہ سے فارغ ہو کر ۱۲۹۹ھ میں واپس تشریف لائے۔

بیعت و خلافت علوم ظاہری کے بعد آپ نے باطن کی طرف رجوع کیا اور اپنے والد بزرگوار حضرت مولانا سید شاہ محمد امین مختار السالکین نوشاہیؒ کے ہاتھ مبارک پر بیعت کی اور تھوڑے ہی عرصہ میں مقاماتِ سلوک قادریہ نوشاہیہ پر عبور حاصل کر کے خلافت طریقت اور اجازت سے مشرف ہوئے۔

مشایخ صحبت والد بزرگوار کے بعد اپنے جد امجد کے چھوٹے بھائی حضرت سید پیر مکھن شاہ لاہوریؒ کی صحبت سے بھی فوائد حاصل کیے اور بعض اشغال کی اجازتیں پائیں۔ اس کے علاوہ حضرت پیر محمد علی شاہ بن پیر غلام محی الدین کرمانی قادری شیرگڑھیؒ سے بھی کامل فیض پایا۔ ان کی توجہ عالی سے آپ کا افتتاحِ احوال ہوا۔

درگاہِ نوشاہِ عالیجاہؒ کی مرمت آپ کے زمانہ خلافت و سجادگی میں درگاہِ عالیہ حضرت نوشہ صاحبؒ کی مرمت و سفیدی ہوئی۔ ۱۳۱۱ھ تھا۔ سائیں عبداللہ درویش نے اپنے مصارف سے کروائی۔ معمار کا نام محمد الدین تھا۔ سارا کام آپ کی مختاری و سرکردگی میں ہوا۔

معمولات

آپ بڑے صاحبِ عبادت و ریاضت تھے۔ اوراد و اشغال سے اپنے اوقات کو معمور رکھتے۔ آپ کے وظائف کی پوری تفصیل میں نے آپ کی سوانحعمری الموسوم بہ "تذکرہ محمد شاہیؒ" میں درج کی ہے یہاں مختصراً لکھا جاتا ہے۔

وظائفِ شبانہ روز آپ بوقتِ نصف شب اُٹھ کر وضو کر کے بارہ رکعت نوافلِ تہجد ادا فرماتے۔ اگر کبھی وقت کم ہوتا تو آٹھ رکعت پڑھ لیتے۔ لیکن تمام عمر کبھی ناغہ نہیں کیا۔

اس کے بعد قطب کی رُخ کر کے سورۂ مزمل شریف گیارہ مرتبہ پڑھتے۔ کبھی پانچ محل اجابت

Marfat.com

کے ساتھ پڑھتے کبھی دو محل کے ساتھ۔ پھر قبلہ رُو دوزانو بیٹھ کر کلمہ طیبہ گیارہ سو مرتبہ، درود شریف ہزارہ گیارہ سو بار، درود شریف مبارک گیارہ سو بار، درود شریف خضری گیارہ سو بار، آیت کریمہ ایک ہزار بار، اسمِ اعظم ایک ہزار بار، سورۂ اخلاص ایک ہزار بار، استغفار دو سو مرتبہ پڑھتے۔ پھر سنت اور فرضِ فجر کے درمیان اکتالیس مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھتے۔

نمازِ فجر ادا کرنے کے بعد اسمِ ذات اللہ ایک ہزار بار۔ اور تسبیح سبحان اللہ وبحمدہٖ ایک ہزار بار پڑھتے۔ سورج نکلنے تک مراقبہ کرتے۔ پھر نوافل اشراق چار رکعت ادا کر کے وظائف سے فارغ ہوتے اور دعائے خیر مانگتے۔

قرآن مجید کی تلاوت بلاناغہ ایک منزل کرتے۔ فہمی بشوق کے طریقہ کے مطابق ایک ہفتہ میں ختم کیا کرتے۔ قرآن مجید آپ کی روحانی غذا تھی۔ کثرتِ تلاوت سے قرآن کریم آپ کے قلب میں ایسا رچ گیا تھا کہ بسا اوقات آپ سوتے ہوئے بھی قرآن مجید پڑھتے رہتے تھے اور لوگ پاس بیٹھے سُنتے تھے۔

نمازِ عصر کے بعد بھی استغفار دو سو بار اور اللہ الصمد ایک ہزار بار پڑھتے۔ نمازِ شام تک کسی سے کلام نہ فرماتے۔ حضرت نوشہ صاحبؒ کے اس ارشاد پر پورے پورے عامل تھے۔

؎ بعد عصر کے چُپ کر رہے
شام تلک ایہہ حاضر بہے

ہر نماز کے بعد آیۃ الکرسی اور تسبیح فاطمہ ضرور پڑھا کرتے۔ نمازِ پنجگانہ پر مواظبت رکھتے۔ نوافل ضحیٰ آٹھ رکعت ادا فرمایا کرتے۔ شام کے بعد اوابین چھ رکعت پڑھتے۔ گاہ بگاہ نمازِ تسبیح بھی ادا فرماتے۔

آپ نماز باجماعت ادا فرمایا کرتے۔ اکثر اوقات جماعت بھی خود کروایا کرتے۔ نماز

جماعت فجر میں قرأت طویل کرتے۔ مثلاً سورۂ اعراف، ہود، یوسف، مریم، طٰہٰ، انبیا، نمل، قصص، مومن، رحمان، مرسلات وغیرہ پڑھا کرتے۔ آپ کی قرأت بڑی پُرتاثیر ہوتی۔ بعض مرتبہ مقتدی کثرتِ تاثیر کی وجہ سے گریہ وزاری کرتے تھے۔

ایک مرتبہ میں نے خود دیکھا کہ گاگھڑہ کلاں میں آپ فجر کی جماعت کروا رہے تھے۔

Marfat.com

ایک آدمی کو ایسا وجد ہوا کہ وہ تڑپنے لگا اور دونوں صفوں کے درمیان تڑپتا ہوا اور لیٹتا ہوا جنوب سے شمال تک چلا گیا اور ھُوْ ھُوْ کا ذکر اس کو جاری ہو گیا۔

اذان

آپ اگر کبھی اذان دیتے تو اُس کی تاثیر سے بھی لوگ نہایت خوشوقت ہوتے اور بعض اوقات کئی اشخاص کو وجد ہوتا بھی دیکھا گیا ہے۔

نوافل کی کثرت

آپ رات کو بزرگانِ سلف کی طرح نوافل میں مصروف رہا کرتے۔ کبھی دو سو رکعت، کبھی پانسو رکعت نوافل ادا کیا کرتے۔ کبھی نوافل میں قرائت طویل پڑھتے، تو آپ کا قیام لمبا ہو جاتا۔ ایک روز سیدہ طاہرہ بی بنت سید قطب الدین برخوردارؒ نے حضور سے پُوچھا، بھائی جی! میں رات کو جب کبھی بیدار ہوتی ہُوں تو دیکھتی ہوں کہ آپ کے کوٹھے پر کوئی آدمی روزانہ کھڑا ہوتا ہے اور میں کئی راتوں سے دیکھتی ہوں کہ وہ کھڑا ہی رہتا ہے۔ وہ کون شخص ہے۔ آپ نے اخفائے احوال کی وجہ سے فرمایا کوئی ہوگا۔

روزہ

آپ رمضان شریف کے روزے پابندی سے رکھتے۔ تراویح بیس رکعت پڑھتے۔ جماعت خود کرواتے۔ تمام عمر آخری عشرہ رمضان شریف مسجد میں اعتکاف بیٹھتے رہے۔ اذکار و افکار و اوراد و اشغال میں معروف رہتے۔ نفلی روزوں میں سے ہر ماہ میں ایامِ بیض کے روزے رکھتے رہتے۔ جس روز بارش ہو یا آسمان ابر آلود ہو خواہ کوئی موسم ہوتا آپ روزہ رکھ لیا کرتے۔

زکوٰۃ

آپ ہر سال اپنے مال سے صدقہ فریضہ زکوٰۃ ادا کیا کرتے۔ غریبوں، مسکینوں، مسافروں، قریبیوں کو اس میں سے حق ادا کیا کرتے۔ آپ نے اپنی کتاب الفوائد میں زکوٰۃ کا حساب جو سال بسال دیا کرتے تھے تحریر فرمایا ہے۔ صدقہ فطر اور قربانی بھی ضرور دیا کرتے۔

طہارت

آپ اکثر باوضو رہتے۔ نلکے کا پانی تمام پانیوں سے زیادہ پسند فرماتے۔ کیونکہ تازہ اور پاک ہوتا ہے۔ غسل جمعہ و عیدین کو مسنون طریقہ پر کیا کرتے۔ لباس میں پاکیزگی اور نظافت کو مدِ نظر رکھتے۔

مناجات

آپ رات کو بارگاہِ الٰہی میں زاری کیا کرتے اور مناجات کیا کرتے۔ کئی مرتبہ یہ شعر تکرار کیا کرتے ؎

ناہیں کجھ شمار بدیاں میریاں توہیں بخشنہار صفتاں تیریاں

Marfat.com

وعظ و نصیحت آپ کی تقریر سادہ اور شُستہ ہوتی تھی۔ سامعین کو لطف آتا تھا۔ جو شخص آپ کی مجلس میں حاضر ہوا متاثر ہونے سے خالی نہ رہا۔

زیارتِ درگاہِ نوشاہ عالیجاہؒ آپ کو اپنے جد بزرگوار سید العارفین حضرت نوشہ گنج بخشؒ کی ذاتِ گرامی سے بڑا تعشق تھا۔ مدت اٹھارہ[18] سال تک سرگھی کے وقت زیارتِ درگاہِ عالیہ کے لیے حاضر ہوتے رہے۔ اور فیضانِ نوشاہیہ سے بدرجہ کمال مستفیض ہوئے۔

مطالعہ کتب فرصت کے وقت تصوف کی کتابوں کا مطالعہ کیا کرتے۔ اکثر اوقات آپ کے زیرِ مطالعہ یہ کتابیں ہوتی تھیں:

۱۔ کشف المحجوب از حضرت داتا گنج بخش لاہوریؒ

۲۔ احیاُ العلوم از حضرت امام محمد غزالی طوسیؒ

۳۔ کیمیائے سعادت "

۴۔ فتوح الغیب از حضرت غوث الاعظم شیخ عبدالقادر جیلانیؒ

۵۔ غنیۃ الطالبین "

۶۔ تذکرۃ الاولیا از شیخ فریدالدین عطارؒ

کئی مرتبہ دیکھا گیا کہ کتاب سامنے رکھی ہے، مطالعہ فرما رہے اور آنکھوں سے آنسو جاری ہیں۔

اخلاق و عادات

آپ کے اخلاق نہایت بلند تھے۔ اسوۂ حسنہ نبویہ کے مطابق انک لعلیٰ خلقٍ عظیم کے مصداق تھے۔ مہمانوں اور مسافروں کی خدمت کرتے۔ چھوٹوں پر شفقت و رحم کرتے۔ بڑوں کا عزت و احترام کرتے۔ مسکینوں اور یتیموں کی خدمت جاں نثاری سے کرتے۔ بیماروں کی عیادت کو تشریف لے جاتے۔ کسی غریب کے گھر جانا عار نہ سمجھتے۔ مریضوں کو دوائی اپنے پاس سے مفت دیا کرتے۔ اگر کسی نے آدمی بھیج کر آپ کو بُلایا تو آپ خوشی سے چلے جاتے

Marfat.com

اور کسی قسم کی فیس وغیرہ نہیں لیتے تھے۔ آپ کے ہاتھ مبارک میں شفا تھی۔ بے شمار مریضوں نے آپ کے انفاسِ مسیحائی سے صحت پائی۔ آپ اگر کبھی سفر میں ہوتے اور راستہ میں کوئی اپاہج یا بیمار دیکھ لیتے جو مشکل سے چل سکتا ہو تو خود گھوڑی سے اتر کر اُس کو سوار کر لیا کرتے اور خود ہمراہ پیادہ چلے جاتے۔ ہر قول و فعل میں سنتِ نبوی پر عمل پیرا ہوتے گھر کے کاروبار اپنے ہاتھوں سے کر لیا کرتے۔ ہانڈی پکا لیتے۔ دودھ دوہ لیتے۔ کپڑا سی لیتے۔ ہر ایک اعلیٰ و ادنیٰ سے خوش خلقی اور نرمی سے پیش آتے۔ کسی کی دل شکنی نہ کرتے۔ غریبوں اور محتاجوں کو اپنے پاس سے قرض حسنہ دیا کرتے۔ جب کبھی اُن سے بن پڑتا واپس لیتے۔ کسی پر تشدد نہ کرتے۔ بعض دفعہ غریبوں کو قرض بخش دیا کرتے۔ واپس نہ لیتے تھے۔ تبلیغی دورے بھی کیا کرتے۔ مریدوں پر سفر کرتے تو اس کا مقصد راہِ حق کی تبلیغ ہوتی تھی۔

اگر کوئی حاسد یا دشمن آپ کو ایذا دیتا تو آپ اس کے مقابلہ میں اُس کے ساتھ نیکی کرتے۔ اور انتقام لینے کی کبھی کوشش نہ کرتے اور فرماتے ؎

بدی را بدی سہل باشد جزا　　اگر مردی اَحْسِنْ اِلٰی مَنْ اَسَا

یعنی برائی کا بدلہ برائی سے لینا آسان ہے۔ مرد وہ ہے جو بدی کرنے والے کے ساتھ نیکی سے پیش آوے۔ نیز فرماتے ؎

بگذر ز جورِ خصم کرم کن کہ عاقبت　　در عفو لذتے ست کہ در انتقام نیست

یعنی دشمن کے ظلم سے درگزر کرو۔ معاف کر دینے میں وہ لذت پائی جاتی ہے جو انتقام لینے میں نہیں ہوتی۔ نیز فرمایا کرتے ؎

وفا کنیم و ملامت کشیم و خوش باشیم　　کہ در طریقۂ ما کافری ست رنجیدن

یعنی ہم وفا کرتے ہیں اور ملامت برداشت کرتے ہیں اور خوش رہتے ہیں کیونکہ ہمارے طریقہ میں ناراض ہونا کفر کے مترادف ہے۔

اگر کوئی شخص آپ کو تکلیف پہنچاتا تو آپ اُس کو ملعون نہ ٹھیراتے۔ سب کچھ حق تعالیٰ کی طرف سے دیکھتے اور فرمایا کرتے ؎

من از بیگانگاں ہرگز نہ نالم　　کہ با من ہر چہ کرد آں آشنا کرد

یعنی میں بیگانوں سے ہرگز شکایت نہیں کرتا، بلکہ میرے ساتھ جو کچھ کیا ہے اُسی دوست حقیقی نے

Marfat.com

کیا ہے۔

قوتِ حافظہ حافظ غلام محمد امام مسجد چھنی ساہن پال سے روایت ہے کہ حضور انور فرمایا کرتے تھے کہ ہم جس سورۂ قرآن مجید یا کسی آیت شریف کو حفظ کرنے کے ارادہ سے دو مرتبہ پڑھ لیں تو وہ بفضلِ حق تعالیٰ یاد ہو جاتی ہے۔

نفسانی لذتوں سے اجتناب آپ نفسانی لذتوں سے بالعموم کنارہ کش رہتے۔ کئی بار ایسا ہوتا کہ تازہ کھانے کی موجودگی میں آپ رات کا باسی ٹکڑا لے کر تناول فرمایا کرتے۔ نیز کھانا خواہ کیسا ہی بے لذت ہو آپ خوشی سے کھا لیا کرتے۔ ایک مرتبہ عادل گڑھ میں ابراہیم کشمیری کی اہلیہ نے غلطی سے گوڑا کدو پکا دیا۔ آپ خوشی سے کھا گئے اور بالکل نہ جتلایا۔

سخاوت آپ سخاوت میں خاص منصب رکھتے تھے۔ کسی گداگر مسکین کو دروازہ سے خالی نہ چلاتے۔ اور خفیہ صدقہ دینے کو زیادہ پسند فرماتے۔ رات کے اندھیرے میں صدقہ دیا کرتے تاکہ کوئی پہچان نہ لے۔

تقویٰ و ورع آپ پرہیزگار و متقی تھے شبہ والی چیزوں سے۔ اور کسی کی حق تلفی سے پرہیز کرتے۔ ایک روز آپ شام کا کھانا کھا کر باہر نکلے تو ایک کھیتی کے گرد باڑ تھی دانت صاف کرنے کے واسطے اس سے ایک کانٹا توڑنا چاہا۔ جب ہاتھ ڈالا تو فوراً خیال آیا کہ یہ کانٹے کھیتی کی حفاظت کے لیے زمینداروں نے گاڑے ہیں۔ اگر میں نے کانٹا توڑا تو گویا ان کی حفاظت میں خلل اندازی کی۔ اور کھیتی کے نقصان کا یہی پیش خیمہ ہے۔ آپ نے اسی وقت ہاتھ پیچھے ہٹا لیا اور کانٹا نہ توڑا۔

رحم دل ہونا ایک مرتبہ آپ نے دیکھا کہ ایک ٹم ٹم والے نے سواریاں زیادہ بٹھائی تھیں جو گھوڑے سے کھینچی نہیں جاتی تھیں اور وہ لاغر تھا۔ کوچبان اس کو چابک سے مار رہا تھا۔ دیکھ کر آپ کو غش آگیا اور بیہوش ہو کر زمین پر گر پڑے۔ آپ کے شیر زادہ سید بدوح شاہؒ نے منہ میں پانی ڈالا تو آپ کو ہوش آئی۔

رعب و جلالیت آپ کا چہرہ انور بڑا با رعب تھا۔ ہر شخص دیکھتے ہی مرعوب ہو جاتا۔

Marfat.com

صاحبزادہ سید فضل حسین بن سید غلام حسن برخورداریؒ کہا کرتے تھے کہ مجھے جس قدر خوف آپ سے آتا تھا ایسا کسی سے نہیں آتا تھا۔

ایک مرتبہ آپ اگرویہ میں گئے۔ واڑہ میں تحصیلدار پھالیہ اُترا ہوا تھا۔ بہت مخلوق زمین پر بیٹھی تھی۔ آپ کو دیکھتے ہی سروقد اُٹھ کھڑا ہوا اور نہایت ادب سے سلام کیا اور چارپائی پر بٹھایا۔

تھانیدار کو نصیحت

ایک مرتبہ آپ نور پور چاہلاں ضلع گوجرانوالہ میں تشریف لے گئے۔ وہاں ایک پٹھان تھانیدار کسی وقوعہ پر آیا ہوا تھا۔ آپ کو دیکھ کر آپ کا بڑا احترام کیا اور آپ سے نصیحت کا خواستگار ہوا۔ آپ نے فرمایا: ؎

خواہی کہ خدائے بر تو بخشد　　با خلق خدائے کن نکوئی

بزرگوں کا احترام

آپ بزرگانِ دین اور مشایخ عظام کا بہت احترام کرتے اور بڑے آداب سے ملاقات کرتے۔ اگر کسی درویش کی زیارت کو جاتے تو کچھ شیرینی بطور ہدیہ پیش کرتے۔ جب آپ کے شیخِ صحبت حضرت سید مکھن شاہ لاہوریؒ کا دُنیا سے انتقال ہوا تو آپ نے ایک سو ختم قرآن شریف خود کرکے اُن کی رُوح مبارک کو بخشا۔

اشعار خوانی

آپ گاہ بگاہ یہ اشعار پڑھا کرتے تھے:

؎

حجاب از مُو برخِ معبود گشت ست　　وگرنہ عبد و معبود ست یک ذات

سینِ انساں گر نبودے درمیاں　　اول و آخر نباشد غیر آں

تہیدستانِ قسمت را چہ سود از رہبرِ کامل　　کہ خضر از آبِ حیواں تشنہ مے آرد سکندر را

برہنگانِ طریقت بہ نیم جو نخرند　　قبائے اطلسِ آں کس کہ از ہنر عاری ست

دمبدم دم را غنیمت دان و ہمدم شو بدم　　واقفِ دم باش و دم رو دمبدم بیجا مدم

اندروں شو با خدا و وز بروں بیگانہ وش　　ایں چنیں زیبا روش کم دیدہ ام اندر جہاں

کرشمہ ہائے تو از بسکہ ہست رنگ آمیز　　نہ آشتی تو داند کسے نہ جنگ ترا

ترا چنانکہ توئی ہر نظر کجا بیند　　بقدرِ دانشِ خود ہر کسے کند ادراک

ز تیغِ جورِ تو کے مے ہراسم　　بہر رنگے کہ آئی مے شناسم

Marfat.com

تصور اس کے موں رہنا فراغت اسکو کہتے ہیں دُوئی کو دُور کر دینا عبادت اس کو کہتے ہیں

حلیہ اقدس آپ کا قد و قامت بلند، جسم چھارا لیکن موزوں، اعضا طاقتور، رنگ گندم گوں، بینی بلند، پیشانی فراخ، رخسار روشن، آنکھیں موٹی اور خوب صورت، ابرو آپس میں ملے ہوئے، سر بڑا، سر کے بال کانوں کی لو تک، دانت نہایت سفید اور چمکیلے، داڑھی مبارک بقدر چھ انگشت دراز، نصف بال سفید اور نصف سیاہ، چہرہ مبارک بارعب و پُرہیبت، سینہ کشادہ اور اس پر بال تھے۔ آپ کے جسم مبارک سے نور کے چمکارے نکلتے تھے۔

لباس آپ کا لباس سادہ اور سفید ہوتا تھا۔ دیسی کھدر کا کُرتہ، فراخ آستین، تہبند، فتوحی بغیر بازو کُرتہ کے نیچے رکھتے۔ تین پٹ چادر ہوتی تھی، دستار ململ کی پہنتے، گرمی کے موسم میں کرتہ اور دوپٹہ بھی ململ کا ہوتا۔ سردیوں میں اُوپر کھیس یا اُون کی لوئی سفید رنگ استعمال کرتے۔ رات کے وقت بجائے تہبند کے نیلے رنگ کی دوپٹی پہنتے۔ پاپوش پوٹھواری قطع کی پہنتے۔ آپ کے شاگرد رشید میاں غلام محمد موچی مدت العمر آپ کو تیار کر کے دیتے رہے۔

تسبیح اور کنگھی اور مسواک ہمیشہ استعمال فرماتے۔ آپ کے جسم اور کپڑوں سے خوشبو آیا کرتی۔

مقامات

آپ اپنے آباؤ اجداد کی طرح کمالاتِ ولایت و مقاماتِ فقر سے متصف تھے۔

مقامِ غوثیت مولفِ کتاب ہذا فقیر سید شرافت نوشاہی عفا اللہ عنہ کا چشم دید واقعہ ہے کہ جس وقت حضور کی نمازِ جنازہ ہو چکی اور تمام حاضرین نے زیارت کی تو آپ اُس وقت متبسم نظر آئے۔ اور سب لوگوں نے آپ کو مسکراتے دیکھا اور نہایت خوش ہوئے۔

ف: معارج الولایت اور خزینۃ الاصفیا اور تذکرہ اولیائے ہند جلد دوم میں لکھا ہے کہ کسی شخص نے مولانا شیخ عبدالکریم پشاوریؒ سے پوچھا کہ غوث کس کو کہتے ہیں؟ اور اس کی تعریف کیا ہے؟ انہوں نے فرمایا، غوث وہ ہے کہ مرنے کے بعد اگر کوئی شخص اس کا چہرہ دیکھے تو

Marfat.com

وہ ہنس دے۔

مقامِ محبوبیت آپ کے جسم اطہر اور کپڑوں سے قدرتی طور پر خوشبو آیا کرتی تھی حالانکہ بظاہر آپ نے کبھی خوشبو یا عطر کا استعمال نہیں فرمایا تھا۔ یہ آپ کی محبوبیت کا نشان تھا۔

ف: سلطان المشائخ خواجہ نظام الدین اولیا دہلویؒ نے فرمایا ہے کہ محبوبانِ الٰہی کے وجود اور کپڑوں سے قدرتی طور پر خوشبو آتی ہے۔ چنانچہ گلیم بابا صاحبؒ سے خوشبو آتی تھی[1]

مقامِ حضوری آپ فرمایا کرتے تھے کہ ایک مرتبہ خواب میں ہم کو مجلسِ محمدی کی زیارت نصیب ہوئی حضرت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے لے کر ہمارے مرشدِ ارشد قدس سرہٗ تک تمام پیرانِ طریقت و مشایخِ سلسلہ کی مجلس منعقد تھی۔ سب کی زیارت بیک وقت ہوئی اور سب نے منظور فرمالیا۔

ف: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت خواب میں ہونا بیداری کا حکم رکھتی ہے۔ حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ نے شرح فتوح الغیب میں ذکر کیا ہے کہ پیغمبروں اور ولیوں کا خواب میں دیکھنا بیداری کا حکم رکھتا ہے[2]

خوارق و کرامات

آپ کرامات و خوارق کا چشمہ تھے۔ اِس قریب زمانہ میں کوئی بزرگ ایسا نہیں گزرا جس سے اس قدر کثرت کے ساتھ کرامات ظاہر ہوئے ہوں ان کا مفصل تذکرہ میں نے کتاب "تذکرہ محمد شاہی" میں کیا ہے۔ یہاں چند کرامات درج کیے جاتے ہیں۔

ایک وقت میں متعدد جگہوں پر موجود ہونا مولوی رکن الدین امام مسجد دایاں والی چک ضلع شیخوپورہ سے منقول ہے کہ ایک بار

---

[1] تذکرہ اولیائے ہند جلد ۱ ص ۹۱

[2] مکتوباتِ شاہ فقیر اللہ علوی مکتوب ۴۱- ۱۲ شرافت

Marfat.com

آپ ہمارے گاؤں میں بجانہ مہر داد تیلی تشریف لائے۔ عشا کے وقت آپ کو مجلس میں بیٹھا ہوا چھوڑ کر میں مسجد میں گیا تو آپ کو وہاں مصلّے پر بیٹھا ہوا پایا۔ میں متعجب ہوا اور دوڑ کر واپس آیا، تو آپ کو ڈیرہ پر موجود دیکھا۔ تو مجھ کو آپ کی ولایت و کرامت کا یقین کامل ہو گیا۔

ف اولیاء اللہ کا ایک وقت میں کئی جگہ پر موجود ہونا شرعاً و عقلاً ممکن ہے۔ مولانا شاہ فقیر اللہ علوی نے لکھا ہے:

"فان الاولیاء یتمثلون بالصور المثالیۃ فی الاماکن المختلفۃ مع بقاء صورھم الشخصیۃ فی مکانھم"[1]

بے شک اولیاء اللہ مختلف جگہوں پر مثالی صورتوں سے متمثل ہوتے ہیں حالانکہ ان کی شخصی (اصلی) صورتیں اپنی جگہ پر قایم ہوتی ہیں۔

طیِ ارض مولوی حاجی محمد علی قریشی صدیقی نارووالی سے روایت ہے کہ میں وایا نوالی چک ۲۷ میں حضور کی بیعت ہوا اور مجھے درگاہِ عالیہ حضرت نوشہ گنج بخشؒ کی زیارت کا اشتیاق غالب ہو گیا۔ میں آپ سے اجازت لے کر ساہن پال شریف پہنچا۔ اور خیال تھا کہ میں ناواقف ہوں، مجھے زیارت کون کروائے گا۔ سرگمی کے وقت کیا دیکھتا ہوں کہ آپ وہاں موجود ہیں اور ساتھ ہو کر مجھے سب زیارتیں کروائیں اور پھر غائب ہو گئے۔ ساٹھ میل کا فاصلہ وایاں والی سے بذریعہ کرامت طے کر کے تشریف لائے۔

فوراً امداد کو پہنچنا آپ کے مرید کرم بخش حجام سے منقول ہے کہ ایک مرتبہ میں سخت بیمار ہو گیا حتیٰ کہ زندگی سے مایوس ہو گیا۔ حالت یاس میں آپ کو یاد کیا کہ "یا حضرت! اپنا جلوہ دکھاؤ۔" میں فقیر کہتا ہوں کہ آپ اُسی روز ہمارے گاؤں خانق پور میں تشریف لے آئے۔ بلھی گھوڑی پر سوار تھے آپ نے فرمایا: جس وقت تم نے یاد کیا ہے اُسی وقت ہم تمہاری طرف چل پڑے ہیں۔ چنانچہ آپ کی دُعا سے میں تندرست ہو گیا۔

ایک نگاہ سے کشف تک پہنچانا آپ ایک مرتبہ نور پور چاہلاں میں بجانہ سائیں

---

[1] مکتوبات شاہ فقیر اللہ مکتوب ۶ - ۱۲ شرافت

Marfat.com

صدرالدین جوگی تشریف لے گئے۔ مجلس میں کافی لوگ موجود تھے۔ آپ کی مریدہ کرم بی بی زوجہ وزیر! مراثی بوجہ شرم کے مجلس میں نہ آسکی، دریچہ سے آپ کی زیارت کی۔ جب آپ نے نظر اُٹھا کر اُس کی طرف دیکھا تو اُس کی حالت دگرگوں ہوگئی اور اس کا قلب صاف ہوگیا۔ اور اُس کی بصیرت کی آنکھ کھل گئی اور مکاشفہ سے دُور دُور کی چیزیں اس کو نظر آنے لگیں۔

مشاہدہ میں حج کروانا

ایک مرتبہ مائی کرم بی بی موصوف نے عرض کیا کہ اغنیا لوگ حج کے شرف سے مشرف ہوتے ہیں۔ ہم غریب لوگ اس نعمت سے محروم رہتے ہیں۔ آپ نے فرمایا، اگر چاہتی ہے تو قبلہ کی طرف دیکھ۔ جب اُس نے دیکھا تو اس کی نظر کے سامنے سے پردے ہٹ گئے اور زیارتِ کعبہ شریف حاصل ہوگئی۔ بیت اللہ شریف سے نور کے تجلیات ظاہر ہو رہے تھے۔

مشاہدہ میں جنت و دوزخ دکھانا

آپ کے ہمشیرہ زادہ سید بدوح شاہ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ آپ ہمارے ہاں پانڈوکے میں تشریف لائے۔ رات کو مجمع عام میں بہشت و دوزخ کے متعلق گفتگو شروع ہوئی۔ میں نے کہا یہ سب فضول باتیں ہیں۔ نہ کسی نے بہشت دوزخ دیکھا ہے نہ کوئی اگلے جہان سے واپس آیا ہے جو صحیح پتہ بتا دے۔ حضور کو میرا یہ منکرانہ کلام سُن کر سخت طیش آیا۔ آپ نے مجھ کو گہری نظر سے دیکھ کر فرمایا: دیکھ۔ جب میں نے دیکھا تو مجھے انکشاف ہوگیا۔ پردے ہٹ گئے۔ بہشت و دوزخ و پُلصراط و درختِ طوبیٰ آنکھوں کے سامنے نظر آگئے اور اولادِ حضرت غوث صاحبؒ کو سفید لباس میں طوبیٰ کے سائے میں بیٹھے دیکھا۔ اس وقت میں نے آپ کے سامنے اپنے کلام سے توبہ کی۔

خواب میں بزرگوں کی زیارت کروانا

ایک مرتبہ مولوی میراں بخش امام مسجد ساہن پال نے اشتیاق ظاہر کیا کہ مجھے ملتان شریف کے بزرگوں کے مقابر دیکھنے کا شوق ہے۔ آپ نے فرمایا: اچھا زیارت ہو جاوے گی۔ چنانچہ مولوی صاحب نے خواب میں دیکھا کہ ملتان شریف پہنچا ہوں۔ آپ ہمراہ ہو کر مجھے زیارت کروا رہے ہیں۔ چنانچہ صبح کو جب مولوی صاحب آپ کی خدمت میں پہنچے اور ابھی خواب بیان کرنا چاہتے تھے کہ آپ نے فرمایا: کیوں بھائی! زیارت اچھی ہوگئی ہے۔

Marfat.com

ایک درویش کا حال سلب کرنا

ایک مرتبہ آپ نورپور چاہاں میں تشریف لے گئے۔ وہاں ایک درویش رند مشرب سائیں جنگاں والہ نام آیا ہوا تھا۔ مسجد میں ڈیرہ رکھتا۔ شراب پیتا۔ لوگوں کو گالیاں دیتا۔ اس کی مسخرات و رجعات بہت تھیں۔ آپ اس کو دیکھنے کے لیے گئے تو اس کے کلام سے حضرت غوث الاعظمؒ کے متعلق بے ادبانہ کلمات ظاہر ہوئے۔ آپ نے اُسی وقت اس کا حال سلب کر لیا اور وہ خالی ہو گیا۔ اُسی روز سکھوں نے اُس کو مارا اور خراب و خستہ حال ہو کر چلا گیا۔

عملیات

آپ کو عملیات میں کافی دسترس تھی۔ آپ نے بہت سارے مجربات اپنی کتاب الفوائد میں درج فرمائے ہیں۔ چند عملیات ان میں سے لکھے جاتے ہیں۔

دردِ نیم سر کے واسطے

اگر کسی شخص کو دردِ نیم سر ہو تو تین مرتبہ یہ الفاظ پڑھ کر اُس کو دم کرے ان شاء اللہ شفا ہو گی۔

یاکبیکبج یاکبیکبج یاکبی یامحمد یامحمد یانبی

دردِ دنداں کے واسطے

اگر دانتوں میں درد ہو تو یامحمد لکھ کر اس کے سوراخوں میں رکھے۔

تقویتِ دل کے واسطے

دیگر۔ سیاہ مرچ یا نونگ پر یہ الفاظ پڑھ کر دانتوں میں چبائے۔ الفاظ یہ ہیں:

"الٰہی بحرمت حضرت خواجہ اویس قرنی دردِ دنداں دفع شود۔ ہر چہ کند خدا کند۔"

دردِ ہر قسم کے واسطے

اگر کسی کو دردِ سر یا دردِ دنداں یا دردِ ریح ہو تو یہ آیت شریف چھ مرتبہ پڑھ کر اُس جگہ پر دم کرے: "لَا عِلْمَ لَنَا اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ۔"

تقویتِ دل کے واسطے

اگر کسی کا دل کمزور ہو یا خفقان یا ڈر وغیرہ ہو تو یہ آیاتِ شریف کورے پیالہ میں لکھ کر مریض کو پلائے۔ ان شاء اللہ شفا ہو گی: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ۔ شِفَاءً لِّمَا فِي

Marfat.com

الصُّدُوْرِ - فِيْهِ شِفَاءٌ لِّلنَّاسِ - وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ - وَ اِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ - قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَاءٌ -"

محبت کے واسطے یہ آیت شریف چند پرچوں پر لکھ کر مطلوب کو کھلا دے - یہ ہے:
"تَاْكُلُوْنَ التُّرَاثَ اَكْلًا لَّمًّا وَّتُحِبُّوْنَ الْمَالَ حُبًّا جَمًّا -"

دیگر: یہ عبارت لکھ کر طالب اپنے بازو پر باندھے، یا مقلب القلوب والابصار قلب قلب فلان علیٰ حب فلان ؎

مدد یا الٰہی بنام محمد مدد یا محمد بنام خدا"

عداوت و بغض کے واسطے اگر دو شخصوں کے درمیان بغض و عداوت ڈالنا ہو تو چوہڑے کی قبر سے کنکر لے کر اس پر آٹھ بار یہ آیت شریف پڑھکر اُن کے گھر میں پھینک دے - آٹھ روز یہ عمل کرے - اُن کی صورت حاضر رکھ کر عمل کرے - اور لفظ بینھم کے بعد ان دونوں کا نام لے - آیت یہ ہے: "وَاَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَ الْبَغْضَاءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادِ -"

تصنیفات

آپ کی متعدد تصانیف موجود ہیں:

۱۔ کتاب الفوائد اس کو آپ کتاب التعویذات بھی کہا کرتے تھے - اس میں علمی مضامین کافی ہیں - اس کی کوئی ترتیب نہیں تھی - میں نے ۱۳۷۵ھ میں اس کو مضامین کے لحاظ سے بیس باب پر مرتب کر دیا ہے - یہ ایک بے بہا علمی خزانہ ہے -

۲۔ روزنامچہ محمد شاہی اس میں آپ روزانہ اپنے آمدن اور خرچ کا حساب لکھا کرتے تھے نیز مشہور واقعات کا تذکرہ بھی کہیں کہیں کر دیتے تھے ۱۳۲۰ھ سے ۱۳۳۶ھ تک کا روزنامچہ ہے -

۳۔ ملفوظاتِ محمد شاہی یہ آپ کے ارشاداتِ عالیہ کا مجموعہ ہے جس کو آپ کے فرزند ارجمند اعلیٰ حضرت مولانا سید غلام مصطفےٰ ادام اللہ

Marfat.com

برکاتہ، نے بنام سرّ مکتوم جمع کیا ہے۔

۴۔ مکتوباتِ محمد شاہی یہ آپ کے مراسلاتِ عالیہ، فارسی، اردو وغیرہ میں ہیں۔ جو آپ نے سفر اور حضر میں اپنی اولاد و مریدوں کے نام لکھے ہیں۔ یہ آپ کے پوتے میرے برادرِ خورد حاجزادہ مولوی سید ابو الرضا بشیر احمد بشارتؒ نے تاریخ وار ترتیب دے کر کتابی صورت میں جمع کیے ہیں۔

۵۔ مکاتیب محمد شاہی اس میں سارے مکتوبات بھی آچکے ہیں۔ اور جو مکتوب آپ کے دستیاب نہیں ہوئے۔ اور آپ کے روزنامچہ سے اُن کا پتہ چلتا ہے کہ فلاں دوست کو فلاں تاریخ پر خط لکھا۔ ان سب کی فہرست بھی دی ہے۔ یہ میں نے خود بڑی کوشش سے ترتیب دیے ہیں۔

۶۔ فہرست تفسیر حسینی حضرت مُلّا حسین اُلواعظ الکاشفیؒ کی تفسیر الموسوم بہ مواہب العلیہ کا تین۳ بار مطالعہ کر کے آپ نے یہ فہرست مرتب کی تھی۔

تاریخ گوئی آپ کو تاریخ گوئی کا ملکہ کافی تھا۔ آپ کی بنائی ہوئی تاریخیں کچھ اسی کتاب کے طبقہ اول میں آئندہ حالات میں آئیں گی اور کچھ طبقہ دوم میں درج ہوں گی یہاں صرف دو تاریخیں لکھی جاتی ہیں،

مسجد و نوٹیاں والی کی تاریخ ؎

از خرد تاریخ جستم سالِ ایں عالی بنا گفت بنویس ارندانی خانۂ دینِ خدا
۱ ۳ ۲ ۵

دیگر

دُوئی کو دُور کر پہلے نظر کر دیکھ مردانہ کیا عدد ہے مزین ہے خدا کی یاد کا خانہ
۱ ۳ ۲ ۵

یعنی مادۂ تاریخ سے دُو عدد تفریق کرنے سے سنہ تعمیر ظاہر ہوتا ہے۔

ایک سید زادہ کی تاریخ پیر فاضل شاہ بن پیر محمد علی شاہ کرمانی قادری شیر گڑھی کے ہاں لڑکا تولد ہوا تو آپ نے یہ تاریخ بنائی ؛ ؎

مصدرِ فیض و یُمن چوں بودہ اند آبائے وے
شد عیاں تاریخ او از مصدرِ فیض و یُمن
۱ ۳ ۰

Marfat.com

مکتوبات

کتاب مکتوبات محمد شاہی میں سے آپ کے دو مکتوب یہاں درج کیے جاتے ہیں،

مکتوب بنام سید غلام علی شاہؒ

آپ کے ہم جدی چچا صاحب حضرت سید غلام علی شاہ بن سید قدم الدین برخورداریؒ نے آپ کو کچھ قیمتی سامان کے ہمراہ موضع چنبل ضلع شیخوپورہ میں بھیجا تاکہ بحفاظت وہاں پہنچا دیں۔ آپ نے وہاں پہنچ کر یہ مکتوب اُن کے نام بھیجا۔

"حضرت صاحب۔ جناب اودرم صاحب۔ السلامُ علیکم۔ از برکتِ دعائے حضور پُر نور بصد خوشی بمنزل رسیدہ ایم۔ مگر در پائے آبلہ شد اند۔ و ہر اسباب کہ آنجناب بتاکید سپردہ بودند کہ در نظرِ نامحرماں نباید آں نیز محفوظ آمدہ است۔ تا بعدار امیدوارِ دعاست کہ ہم چناں سفرِ آخرت نیز طے کردہ بمنزلِ مقصودِ جنت بمعہ اجباً رسیدہ شکرانہ لقاءِ الٰہی بجا آریم۔ و رختِ ایمان از نظرِ نامحرمانِ شیاطین الانس والجان محفوظ بریم و آبلہ پا نباشیم۔"

مکتوب بنام کرم الٰہی موچی

یہ مکتوب آپ نے کرم الٰہی موچی ساکن دھنویہ خورد مضافاتِ حافظ آباد کے نام لکھا۔

"حامداً و مصلیاً

عزیز کرم الٰہی زیادہ کرے اللہ تعالیٰ تجھ کو شوق اپنا اور ہدایت و سعادت۔ السلام علیکم۔ بعد اس کے معلوم ہو کہ تمہارا تائب ہونا بہت پسند ہے، اور شریعت پر قایم ہونا بھی۔ مگر پروردگار اپنے فضل سے قایم رکھے کیونکہ دمِ آخری کا اعتبار ہے نہ اوّل کا۔ کئی زاہد عابد اخیر وقت ایمان سے خالی ہاتھ چلے گئے اور کئی رند بادہ نوش ایمان لے کر منظورِ بارگاہِ الٰہی ہو گئے۔ خدا پاک کی کنہ میں کوئی دلیری نہ کرنی چاہیے۔ جیسا کہ میاں محمد صاحبؒ فرماتے ہیں، ؎

سب جہان کو کینڈا ایہو ہے تحقیقِ الٰہی
لیکن گنہ مبارک اُسدی کسے نہ لدھی آہی
صفت اوہدی نوں فہم نہ پوہتا ذاتی وہم نہ پاندے
اس ڈاہے کئی بیڑے ڈُبے تختہ ہویا نہ باندے

Marfat.com

اِس میدان نہ چلے گھوڑا شیشہ حیرت دا گجے — خاص بھلے لَا اُحْصِیْ کہہ کے اِس میدانوں رجے
ہرجائی نہیں چلدی بھائی جیہے دی چترائی — کن ڈورے جیہو گونگی ہوندی جاں کوئی جاگ آئی
اِس مجلس دا محرم ہو کے پھیر نہ مُڑدا کوئی — جو ایہ مست پیالہ پیندا ہوش کھڑا اندا سوئی
اِس خونی دریاؤں ڈردے عقل فکر دے سائیں — کِسدی بیڑی باہر آئی پونچ اجیہی جائیں
جکر تنوں طلب محمد اِس رستے تُر اڑیا — مُڑ آون دی رکھ نہ ہکھی ایتھوں کوئی نہ مُڑیا
نال ریاضت کریں صفائی سان فکر دی گھس توں — مت خوشبو عشق دی کرسی طالب عہد الستوں
پَیر طلب دے کھڑسن اوتھے اُڈیں حُب دے بالوں — اگوں پکڑ یقین لنگھا سی پرے پار خیالوں
ایہ دریا مُہانے باجھوں لنگھن مُول نہ ہوندا — رُڑھ مردا یا ڈُبدا جھڑا آپ ہِکلا پوندا
جنہاں ملاح منایا ناہیں پیڑے چڑھے نہ اُسدے — راہوں پرت پئے وچ باراں مُفت تکرے مُسدے
رستہ چھوڑ نبی دا ٹُریاں کوئی نہ منزل پُگدا — جے لکھ محنت ایویں کریئے کلّر کول نہ اُگدا
رستہ صاف نبی دے پچھے ہور نہ جانو کوئی — اوہو کرے شفاعت ساڈی تاہنیں ملسی ڈھوئی

دانا کو تو اشارہ کافی ہے مگر تم لڑکے ہو اِس واسطے زیادہ لکھنا پڑتا ہے کہ کسی طرح تم کو سمجھ آجاوے۔ پانچ وقت نماز۔ اور رمضان کے روزے۔ اور حلال کی روزی۔ اور منزل قرآن مجید قایم کرو۔ اگر اِس سے شوق زیادہ ہو تو وِرد وظایف بہت ہیں۔ جو کچھ ہمیں یاد ہے بوقتِ ضرورت بتا دیویں گے جس قدر اطاعتِ الٰہی زیادہ ہو یہی مراد ہے۔ اور یہی راستہ اللہ کا ہے۔ زیادہ دعا والسلام۔"

تحریر کتب آپ کے ہاتھ مبارک کی لکھی ہوئی کتابیں مندرجہ ذیل میرے کتب خانہ میں موجود ہیں:

۱۔ کتاب الفوائد ۲۔ فہرست تفسیر حسینی
۳۔ مکتوبات محمد شاہی متفرق یعنی اصل مکاتیب ۴۔ روزنامچہ محمد شاہی
۵۔ مناقب نوشاہی ۶۔ شجرہ جاتِ خاندانِ نوشاہی
۷۔ سی حرفی ہائے مولوی حکیم محمد اشرف نوشاہیؒ

دستخط آپ کا ایک دستخط حلیہ شریف نبویؐ و چہار یار کبارؓ کے خاتمہ سے تبرکاً لکھا جاتا ہے:

Marfat.com

* تمام شد حلیہ عظام چار بزرگوار کرام رضی اللہ عنہم ۔ اللھم ارزقنا ببرکاتہم حسن العاقبۃ وخیرا لخاتمۃ برحمتک یا ارحم الراحمین ۔ راقمہٗ فقیر محمد شاہ نبیرہ حضرت نوشہ صاحبؒ ۱۲ شوال ۱۳۱۷ھ "

ملفوظات

آپ کے ارشاداتِ عالیہ تو بے شمار ہیں ۔ یہاں بقدر گنجایش مکتوبات محمد شاہی اور سترِ مکتوم سے انتخاب کر کے لکھے جاتے ہیں ۔

فرمایا : علم پڑھنے میں سستی مت کرو ۔ اور دینی علم پڑھو جس میں دونو جہان کی عزت ہے ۔

فرمایا : جہاں تک ممکن ہو تحصیلِ علم میں کوشش کرو ؎

طلب کردنِ علم شد بر تو فرض
دگر واجب ست از پیش قطع ارض

فرمایا : طالب علم کو سبق کے علاوہ نماز اور منزل قرآن مجید اور مطالعہ کتب بھی کرنا چاہیے اس میں بے شمار فائدے ہیں ۔

فرمایا : لڑکوں کو اگر علم نصیب ہو تو ایسا جوہر نفیس اور کوئی نہیں ۔ مگر پوری تحصیل ہو تو بہتر ہوتی ہے ۔

فرمایا : ہماری طرف سے تمام عزیزوں کو یہی وصیت ہے کہ ضرور بصد ضرور علم حاصل کریں ۔ جہاں تک ہو سکے سستی نہ کریں اور روزی رسان اللہ پاک ہے ۔ ان اللہ ھو الرزاق ذو القوۃ المتین ۔

فرمایا : جس کتاب سے دینی مقاصد حاصل ہوتے ہوں اس کو خرید لینا چاہیے ۔

فرمایا : حق تعالیٰ کا ارشاد ہے یفعل اللہ مایشاء ویحکم مایرید ۔ اللہ جو چاہے کرتا ہے اور جو ارادہ کرے وہی حکم کرتا ہے ۔

فرمایا : واللہ الھادی وعلیہ اعتمادی ۔ اللہ ہی ہدایت دینے والا ہے ۔ اور اوپر میرا اعتماد ہے ۔

Marfat.com

فرمایا : ان الحکم الا للہ علیہ توکلت وعلیہ فلیتوکل المتوکلون - یعنی حق تعالیٰ نے فرمایا ہے حکم اللہ ہی کا ہے میں نے اسی پر توکل کیا ہے۔ اور سب متوکلوں کو چاہیے کہ اُسی پر توکل کریں۔

فرمایا : اپنے خالق مالک کی اطاعت سے تکاسل مت کریں۔ امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے کیمیائے سعادت میں فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص چاہے کہ خلقت میری اطاعت کرے تو وہ اپنے اللہ کی اطاعت کرے۔ جس قدر محبت اور اطاعت میں بڑھے گا اسی قدر خلقت کے دل میں اس کی محبت اور اطاعت ہو جاوے گی۔ یہ نسخہ مجرب اور معمول ہے۔ خواہ آزما لیویں۔

فرمایا : اپنے اللہ تعالیٰ جل جلالہٗ وعم نوالہٗ کے حکم کی اطاعت فرض سمجھو - کاہلی مت کرو۔ یہ منافقوں کی صفت ہے۔ واذا قاموا الی الصلوٰۃ قاموا کسالیٰ یراءون الناس -

فرمایا : خدا تعالیٰ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور والدین کی اطاعت کو فرض جانو۔

فرمایا : یادِ الٰہی میں قایم رہو اور شیطانی وسوسوں سے بچو۔

فرمایا : یادِ الٰہی میں غفلت نہ کرنی چاہیے۔ خبردار رہنا چاہیے۔

فرمایا : چاہیے کہ اپنے اللہ پاک کی یاد میں حسبِ طاقت ہر وقت خیال رکھیں کیونکہ یہ دنیا گزر جانے والی ہے۔ نہ ہمیشہ رہنے والی۔

فرمایا : گھر کے تمام آدمیوں کو یادِ الٰہی کی وصیت کرو کہ دُنیا خواب کی طرح ایک خیال ہے۔

فرمایا : شب و روز جنابِ الٰہی میں متوجہ رہو۔

فرمایا : خدا تعالیٰ کی عبادت کرو اور اپنے اہل و عیال میں اتفاق رکھو۔

فرمایا : عورتوں کو چاہیے کہ اپنے گھروں میں ٹھیری رہا کریں۔ نمازیں پڑھیں۔ زکوٰۃ دیا کریں۔ خدا اور اس کے رسول کی اطاعت کیا کریں۔ وقرن فی بیوتکن ولا تبرجن تبرج الجاھلیۃ الاولیٰ واقمن الصلوٰۃ واٰتین الزکوٰۃ واطعن اللہ ورسولہٗ۔

Marfat.com

فرمایا : اپنے خالق مالک کو کارساز سمجھنا، سب کام چلاتا ہے۔ مگر تقویٰ شرط ہے۔
ومن یتق اللہ یجعل لہ مخرجاً و یرزقہ من حیث لا یحتسب۔

فرمایا : شریعت فقر ہے۔ اور فقر شریعت۔

فرمایا : کسی صاحبِ شریعت کے پاس بیٹھ کر طریقہ ادب اور صفائی زبان سیکھو۔ بیہودہ گوئی خدا کی راہ نہیں۔

فرمایا : اگر عبادتِ الٰہی کا شوق ہو۔ اور رات کو نیند نہ کھلتی ہو تو سونے کے وقت یہ دعا پڑھ کر سو رہا کرے نیند نہ آئے گی یا وقت پر کھل جائے گی۔ اللھم اجرنی فی مصیبتی فاخلفنی خیراً منھا۔

فرمایا : نمازِ جمعہ سے پہلے چاہیے کہ غسل کرے۔ اور قبروں کی زیارت کو جاوے۔ گیارہ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ کر اہلِ قبرستان کو بخشے اور دل میں خیال کرے کہ میں نے بھی اسی جگہ آنا ہے۔ اس کے بعد نمازِ جمعہ پڑھے تو لذت اٹھائے گا۔

فرمایا : دیندار وہ ہوتا ہے جو دینِ محمدی کا تابعدار ہو خواہ وہ جدی مسلمان ہو یا نومسلم ہو۔ اگر نومسلم شخص دین کا پابند نہ ہو تو اس کو دیندار کہنا ٹھیک نہیں۔

فرمایا : غوث و قطب اولیاء اللہ ہرگز اصحاب کے مرتبے کو نہیں پہنچ سکتے۔ کیونکہ صحابہ نے ظاہری آنکھوں سے حضرت سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کی اور ظاہری و باطنی فیوض حاصل کیے۔ اور اولیاء اللہ نے صرف باطنی آنکھوں سے حضور کو دیکھا اور باطنی فیوض حاصل کیے۔

فرمایا : اگر خانہ کعبہ زادھا اللہ شرفاً کا حج کر کے حاجی کے اخلاق درست نہ ہوں تو ایسے حج کا اس کو کیا فایدہ ؛ ع

حج چہ باشد ز خود سفر کردن

فرمایا : عاشورہ کے روز امامین ہمامین حضرت امام حسن و حضرت امام حسین رضی اللہ عنہما کی اولاد اور اقربا کا ختم شریف کھنڈ کے حلوا پر یا دودھ چاول پر یا کھچڑ پر کھنڈ ڈال کر پکا سکے اور اچھی نذا پر دلانا چاہیے۔ اور کم از کم دو تین مومنوں کو ضرور کھلانا چاہیے۔

Marfat.com

فرمایا : اگر ایک لاکھ پچیس ہزار مرتبہ کلمہ طیبہ پڑھ کر کسی میت کو بخشا جاوے تو اس کی مغفرت ہو جاتی ہے۔

فرمایا : ستائیسویں پوہ کو ہمارے والد اکرم حضرت سید محمد امینؒ کا دنیا سے انتقال ہوا تھا۔ اس تاریخ کو حلوا یا کوئی اور لطیف کھانا شیریں یا نمکین پکا کر۔ اُن کی رُوحِ اقدس کا فاتحہ دلا کر دو یا تین آدمیوں کو سیر کر کے کھلانا چاہیے۔ اور یہ ختم شریف محبتِ دل اور خوشی سے کرنا چاہیئے نہ مجبوری سے۔

فرمایا : استاد کا بڑا ادب کرنا چاہیے۔

فرمایا : ذوی الارحام کو خوش رکھنا۔ حق تعالیٰ کی رضامندی کا باعث ہوتا ہے۔

فرمایا : محبت ہی ہر ایک چیز کا اصول ہے۔

فرمایا : غفلت نہ کیا کرو۔ ہوشیاری سے کام چلتا ہے۔

فرمایا : کریم وہ ہے کہ جس چیز کو کوئی قبول نہ کرے۔ اس کو وہ قبول کر لے اور انعام دیوے۔

فرمایا : جو چیز مطلوب نہ ہو اس کو طلب نہ کرو۔

فرمایا : خدا کی راہ میں قربانی ضرور کرنی چاہیے۔

فرمایا : جس شخص کا کام کرنے لگو اس میں دوامت کرو۔

فرمایا : درویشوں کے لیے سچ بولنا اور خلقت کو ادب سے پیش آنا ضروری ہے۔ اگر وہ ایسا کریں گے تو تمام خلایق ان کی مسخر ہو جائیں گی۔ مسخرات خلایق کا اس سے زیادہ بہتر کوئی عمل نہیں۔

فرمایا : ہر ایک کے ساتھ خلق رکھو اور اپنے بھائیوں پر شفقت کرو۔ اور اپنی برادری میں معتبری پیدا کرو۔

فرمایا : گھروں میں سب اہلِ خانہ کو صبر کی نصیحت کیا کرو ؎

صبوری کشاید درِ کامِ جاں
کہ جز صابری نیست مفتاحِ آں

فرمایا : مشکلات سے گھبرانا نہ چاہیے ان مع العسر یسراً۔ اور اپنے عیال و اطفال کو مغموم نہ ہونے دینا چاہیے۔ اور دل میں اطمینان رکھنا چاہیے کہ فرزندِ آدم پر جو کچھ آتا ہے گزر جاتا ہے۔

Marfat.com

فرمایا : خذ ماصفا ودع ما کدر۔ یعنی اچھی چیز لے لو اور خراب کو چھوڑ دو۔

فرمایا : افراط و تفریط سے بچنا چاہیے۔

فرمایا : ہر ایک کام میں اوسط طریقہ اختیار کرو اور فضولیات سے بچو۔

فرمایا : کلوا واشربوا ولا تسرفوا۔ یعنی حق تعالیٰ کا ارشاد ہے کھاؤ پیو اور بے جا خرچ مت کرو۔

فرمایا : معاملات دنیاوی۔ کسی کو لینا۔ دینا گھروں میں اپنے ہاتھ سے کرنا چاہیئے تاکہ محتاجی رفع ہو جاوے۔

فرمایا : دائماً لازم ہے کہ افشائے راز نہ ہو کہ راز خزانہ ہے۔

فرمایا : جس کام میں اپنی بہتری معلوم کرو تو بیشک اس کے کرنے کی اجازت ہے۔

فرمایا : الوقت سیف قاطعٌ۔ یعنی وقت کاٹنے والی تلوار ہے۔

فرمایا : قول معروف خیر من صدقۃ یتبعھا اذیً یعنی حق تعالیٰ کا ارشاد ہے اچھی بات کرنا اس صدقے سے بہتر ہے جس کے پیچھے تکلیف پہنچائی جائے۔

فرمایا : محتاجی دنیا میں سخت ذلت ہے اور کسب عزت۔

فرمایا : اگر گائے بھینس شیردار ہو تو اپنے ہاتھ سے دودھ نکالو، کسی کی محتاجی نہ کرو۔

فرمایا : اگر مویشی گھر میں رکھے ہوں تو ان کی خدمت سے بھی دریغ نہ کرو۔

فرمایا : وعلی اللہ فتوکلوا ان کنتم مؤمنین یعنی حق تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ اگر تم مومن ہو تو اللہ تعالیٰ پر توکل کرو۔

معترفینِ کمالات

آپ کے اقران و معاصرین آپ کے کمالات کے معترف تھے۔ اُن کے اقوالِ مدحیہ میں نے آپ کی سوانح حیات "تذکرہ محمد شاہی" میں مفصل تحریر کیے ہیں۔ یہاں چند اقوال لکھے جاتے ہیں۔

۱۔ آپ کے شیخِ صحبت حضرت سید پیر حسن شاہ لاہوریؒ فرمایا کرتے تھے "میاں محمد شاہ جیسا ہمارے تمام خاندان برادری میں کوئی شخص لایق اور نیک نہیں ہے"۔

۲۔ مولوی حکیم فضل حسین قریشی ہاشمی نقشبندی مجددی امام مسجد چک ۴۵ ضلع گجرات فرماتے تھے

Marfat.com

"حضرت سید محمد شاہ قطب زمان تھے اور میں اُن کی قطبیت پر قسم اٹھا سکتا ہوں"

۴۔ آپ کے شاگرد رشید میاں غلام محمد موچی ساکن ساہن پال شریف کہتے تھے "ہمارے استاد صاحب حضرت سید محمد شاہؒ اپنے زمانہ کے قطب تھے اور ہم لوگوں کا اُن کی قطبیت پر اعتقاد تھا"

۴۔ ایک مرتبہ عید الاضحےٰ کے موقع پر آپ گھر موجود نہیں تھے۔ اس لیے کسی دوسرے صاحب نے عید کی نماز پڑھائی۔ اُس روز سب لوگوں کو آپ کی عدم موجودگی کا سخت صدمہ ہوا۔ حضرت سید نیاز محمد بن سید بڈھے شاہ برخورداریؒ نے فرمایا کہ "امسال ہماری عید رنڈی ہوگئی ہے"

۵۔ آپ کے معاصرین سب باشندگانِ ساہن پال کا اعتقاد تھا کہ جس شخص کا جنازہ حضرت سید محمد شاہؒ پڑھا دیویں وہ ضرور بخشا جاتا ہے۔

اولادِ کرام

آپ کی شادی حضرت سیدہ فاطمہ بی بی بنت سید فضل الٰہی بن سید غلام قادر برخورداری سے ہوئی۔ ان کے بطن سے دو بیٹے ہوئے:

۱۔ حضرت سید سردار عالم بعمر ایک ہفتہ انتقال ہوا۔

۲۔ اعلیٰحضرت مولانا سید غلام مصطفےٰ ادام اللہ برکاتہٗ۔ ان کے حالات آگے آتے ہیں۔

آپ کی ایک بیٹی سیدہ سردار بیگم تھی جو بچپن میں فوت ہوگئی۔

تلامذہ

آپ نے ظاہری علم کی تدریس کا سلسلہ بھی جاری رکھا۔ آپ کے شاگردوں کا سلسلہ تو وسیع تھا لیکن ان میں سے چند لوگوں کے نام لکھے جاتے ہیں۔

۱۔ اعلیٰ حضرت سید غلام مصطفےٰ نوشاہی مدظلہٗ فرزند آنجناب

۲۔ فقیر سید شریف احمد شرافت۔ مولف کتاب ہذا۔ نبیرہ اکبر آں جنابؒ

۳۔ صاحبزادہ سید بشیر احمد بشارتؔ نبیرہ اصغر آں جنابؒ

۴۔ سید شیر علی بن سید محمد شفیع برخورداریؒ برادر عم زاد آں جنابؒ

Marfat.com

۵ - سید کرم الٰہی بن سید فاضل شاہ برخورداریؒ - برادر زادہ اکبر آنجنابؒ

۶ - سید نور الٰہی بن سید فاضل شاہ برخورداریؒ - برادر زادہ اوسط آنجنابؒ

۷ - سید غلام احمد بن سید فاضل شاہؒ برادر زادہ اصغر آنجنابؒ

۸ - سید حاکم شاہ بن سید عطا محمد برخورداریؒ

۹ - سید بوٹے شاہ بن سید عطر بخش برخورداریؒ

۱۰ - سید محمد عالم بن سید پیر محمد برخورداریؒ

۱۱ - سید حبیب اللہ بن سید اقبال علی برخورداریؒ

۱۲ - مولوی میراں بخش بن میاں پیراں دتہؒ امام مسجد ساہن پال شریف

۱۳ - میاں غلام محمد بن بھولا موچی ساہن پالویؒ

۱۴ - مولوی امام الدین بن مولوی فضل الٰہی امام مسجد سارنگ

۱۵ - میاں احمد الدین بن مولوی فضل الٰہی سارنگوی

۱۶ - میاں عمر الدین بن میاں فتح عالم سارنگوی

۱۷ - چودھری محرم بن قطب تارڑ ساکن اگرویہ

۱۸ - سیدہ محمد بی بی ہمشیرہ وسطیٰ آنجنابؒ

۱۹ - سیدہ روشن بی بی ہمشیرہ صغریٰ آنجنابؒ

۲۰ - سیدہ سردار بیگم بنت سید پیر محمد برخورداریؒ

یارانِ طریقت

آپ نے اپنے والد ماجد کے بعد ستائیس سال تک مسندِ خلافتِ نوشاہیہ کی خدمات انجام دیں۔ اور بہت مخلوق کو اپنے فیض سے سیراب کیا۔ اُن میں سے سینکڑوں کی تعداد میں تذکرہ محمد شاہی میں مریدوں کی فہرست دی گئی ہے۔ یہاں آپ کے بائیس صوبے (خلیفے) تحریر کیے جاتے ہیں۔

۱ - اعلیٰ حضرت مولانا سید غلام مصطفےٰ فرزند آنجناب ساہن پال شریف گجرات

Marfat.com

۲۔ سید غلام رسول بن سید فضل الٰہی، خسرپورہ آں جنابؒ ساہن پال شریف گجرات
۳۔ میاں حبیب اللہ بن موج الدین نجارؒ
۴۔ مولوی میراں بخش بن پیراں دتہ امام مسجد
۵۔ مولوی نبی بخش بن پیراں دتہ امام مسجد
۶۔ چودھری جلال بن ذوالفقار تارڑ اگرویہ
۷۔ میاں غلام فقیر قوم موچی۔ اگرویہ
۸۔ سائیں ماہلے شاہ بن امیر وڑائچ ہیگر خورد
۹۔ چودھری خوشی محمد بن قایم وڑائچ چک جانو کلاں
۱۰۔ سائیں فرمان علی درویش مجذوب بن نور خاں قوم چیمہ راجپوت خیر کتو پانڈو کے نو گوجرانوالہ
۱۱۔ سید جلال الدین بن سید محمد علی برخورداریؒ
۱۲۔ میاں حامد موچی چینی گھلا
۱۳۔ چودھری حسن محمد بن فضلدار چٹھہ۔ جہام والہ
۱۴۔ میاں عمرالدین بن محمد بخش نجار۔ جہام والہ
۱۵۔ میاں وارث گگو نورپور چاہلاں
۱۶۔ سائیں نواب شاہ مجذوب بن چوہڑ قوم چاہل جونہ
۱۷۔ سائیں پیراں دتہ پیراں والہ قلعہ دیدار سنگھ
۱۸۔ میاں احمد یار بن محمد بخش نجار ڈھب چیمہ
۱۹۔ چودھری رحمت خاں بن الٰہی بخش وڑائچ ونٹیاں والی چک ۳۹ شیخوپورہ
۲۰۔ سائیں عمر شاہ بافندہ کوٹلی مہاراں سیالکوٹ
۲۱۔ مولوی حاجی محمد علی قریشی صدیقی نارووال سیالکوٹ
۲۲۔ مولوی عنایت اللہ بن میاں غلام حسین امام مسجد اٹاری شام سنگھ امرتسر

مدحیات

آپ کی مدح و توصیف میں آپ کے فرزند ارجمند اعلیٰ حضرت مولانا سید غلام مصطفےٰ نوشاہی ادام اللہ برکاتہ، نے بہت نظمیں لکھی ہیں جو میں نے کتاب تذکرہ محمد شاہی میں سب درج کی ہیں۔ یہاں ایک نظم لکھی جاتی ہے: ؎

محمد شاہ اکمل پیرِ مخلوق — مبارک بخت نور از نورِ نوشہ
دلِ با مروت بود خوش خو — بجنت واردش معمور نوشہ
معلےٰ قدر عالی شان اکرم — بقلبش بود دائم شور نوشہ
جمالِ یوسفی بختِ سکندر — کریم و با سعادت پُور نوشہ

Marfat.com

بچرخِ نوشہی شمسِ منور — مطیعش انس وجن و حور نوشہ
ہجومِ خادماں گردش شب و روز — بحفظش دائما مشکور نوشہ
سگِ درگاہِ او شیرے بعالم — عدوئے رمز آں مقہور نوشہ
ز بحرِ عشقِ خود مے بخش قطرہ — کند چشمانِ حاسد کور نوشہ
خدارا سوئے نوشاہی نگاہے — کہ ہستی عاشق و مشکور نوشہ

واقعۂ وفات

آپ اپنی زندگی کے آخری دو سال سفر میں تشریف نہیں لے گئے۔ دولت خانہ میں ہی مقیم رہے۔ زائرین جوق در جوق آتے اور آپ کے فیض سے مستفیض ہوتے۔ وفات سے پندرہ روز پہلے آپ نے نفلی روزے رکھنے شروع کیے۔ ابتدائے محرم شریف کے ایام تھے۔ گاؤں میں وبائے انفلوانزا کی شکایت تھی جس کو عوام جنگی بخار کہتے تھے۔ آپ ہر صبح و شام مریضوں کی خبرگیری کے لیے ان کے گھروں میں تشریف لے جاتے اور بیمار پرسی کرتے۔

بیٹے کو باطنی کشش سے بلانا ایک روز آپ نے غسل کیا تو آپ کو سردی کی وجہ سے بخار ہو گیا۔ ان دنوں میں آپ کے فرزند دلبند اعلیٰ حضرت سید غلام مصطفےٰ بمعہ سائیں ملہے شاہ درویش ہیگری کے علاقہ سیالکوٹ میں سفر پر گئے ہوئے تھے۔ جب آپ کو بخار زیادہ ہونے لگا اور طبیعت میں نحافت بڑھ گئی۔ تو اہل خانہ نے عرض کیا کہ کوئی آدمی بھیج کر اُن کو واپس بُلا لیا جاوے تو بہتر ہوگا۔ حضور نے فرمایا کوئی فکر نہ کرو۔ وہ خود بخود آیا ہی چاہتے ہیں۔ چنانچہ دوسرے روز ہی وہ واپس آ گئے۔ اور بیان کیا کہ مجھے خواب میں ایک شخص نے یہ آیت شریف پڑھ کر سنائی وَتِلْكَ الْاَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاسِ (ہم ان دنوں کو لوگوں کے درمیان پھیر دیتے ہیں) اُسی وقت دل نے گواہی دی کہ واپس چلوں۔ واللہ اعلم کیا معاملہ ہے۔ تو اب معلوم ہوا کہ یہ سب حضرت شاہ صاحبؒ کا تصرف تھا۔

اپنی وفات کی خبر دینا آپ کو چند روز بخار آیا۔ پہلے حکیم سید برکت علی بن سید میراں بخش ہاشمی ساکن رنمل کا علاج کرتے رہے۔ کوئی فائدہ نہ ہوا۔ تو

Marfat.com

پھر رسولنگر سے قاضی حکیم اللہ دتہ کو لایا گیا۔ ان کے علاج سے بھی کچھ افاقہ نہ ہوا۔ آپ نے اپنے اعزہ و اقارب کو جو ہر وقت خدمت میں حاضر رہتے تھے۔ فرمایا کہ آج کے بعد میرے تین دن دُنیا میں باقی ہیں۔ پھر مجھے سفرِ آخرت درپیش ہے۔ یہ ارشاد سُن کر سب محزون ہوئے۔

ذکر و فکر

آپ اثنائے مرض میں باقاعدہ نمازیں ادا کرتے رہے۔ جب طاقت نہ رہی تو اشارہ سے ہی ادا فرماتے۔ زبان ذکرِ الٰہی میں مشغول تھی۔ جب کمزوری حد سے بڑھ گئی تو ذکر پاس انفاس جاری ہوگیا یعنی ہر دم کے ساتھ اللہ مسموع ہونے لگا۔

اولاد کے حق میں دُعائیں

آپ کے صاحبزادہ حضرت سید غلام مصطفےٰ نے عرض کیا کہ آپ کے بعد ہمارا کیا حال ہوگا۔ حضور نے انگشتِ شہادت آسمان کی طرف بلند کی اور فرمایا کہ تم خدا کے حوالے۔ اور وہی تمہارا حافظ و ناصر ہے۔

میری (شرافت کی) عمر اُس وقت بارہ سال تھی۔ اور میں بھی ان ایام میں بعارضہ بخار بیمار تھا۔ میرے والد ماجد حضرت سید غلام مصطفےٰ صاحب نے مجھے اٹھا کر آپ کے حضور میں پیش کیا۔ آپ نے میرے سر اور پشت پر اپنا ہاتھ پھیرا۔ اور پھر میرے چھوٹے بھائی صاحبزادہ سید بشیر احمد کو بھی جو اس وقت بعمر نو سال تھے۔ ہاتھ پھیرا۔ دونوں کو دعا دی۔ یہ واقعہ رات کے وقت گزرا۔

آخری وقت

نصف رات کے وقت آپ نے شربت طلب کیا تو کھنڈ کا شربت دیا گیا۔ آپ نے نوش فرمایا۔ پھر ذکر اسمِ ذات میں مشغول ہو گئے۔ تھوڑی دیر کے بعد اللہ اللہ کہتے ہوئے جان جان آفرین کے سپرد کی۔ اور مُرغِ رُوح قفسِ عنصری سے پرواز کر گیا۔

وفات کے بعد ذکر جاری رہنا

آپ کے انتقال کے بعد آپ کے جسم شریف سے ذکر اسمِ ذات اللہ بلند آواز سے جاری ہوگیا۔ جس کو میں نے اپنے کانوں سے سُنا اور آپ کی ہمشیرہ سیدہ محمد بی بی نے بھی سُنا۔ دیر تک یہ ذکر حاضرین سنتے رہے۔

Marfat.com

تجہیز و تکفین آپ کے مرید مولوی میراں بخش امام مسجد ساہن پال شریف نے آپ کے جسدِ اطہر کو غسل دیا اور سفید کھدر کا کفن آپ کو پہنایا گیا۔ حضرت مولانا سید احمد حنفی مفتیِ قصبہ جوکالیاں نے آپ کا جنازہ پڑھایا۔ گرد و نواح کے دیہات سے کافی مخلوق جمع ہوگئی۔ سینکڑوں آدمیوں نے جنازہ میں شمولیت کا شرف حاصل کیا۔

آخری دیدار جب آخری دیدار کے لیے آپ کے چہرۂ انور سے پردہ اٹھایا گیا۔ تو سب لوگوں نے زیارت کی سعادت حاصل کی۔ آپ کا چہرہ مبارک متبسم نظر آیا۔ آپ کا تبسم سب حاضرین نے بچشمِ ظاہر دیکھا اور خوش ہوئے۔ اس واقعہ کو دیکھ کر سید شیر عالم رسولنگریؒ اس قدر متاثر ہوئے جس کا اندازہ نہیں۔ اور آپ کو مخاطب ہو کر فرمایا" آپ کے مرتبہ کا ہماری تمام برادری میں کوئی بھی شخص نہ تھا" بوقتِ دوپہر آپ کو اپنے آباؤ اجداد کے مزار میں دفن کیا گیا۔

تاریخ وفات حضرت[1] مولانا سید حافظ محمد شاہ نیک اختر کی وفات بعمر چھپن[۵۶] سال شب سہ شنبہ وقت نصف شب اوّل وقت نماز تہجد۔ ۲۲ محرم ۱۳۳۶ھ ۲۹ اکتوبر ۱۹۱۷ء ۱۲ کاتک سمت ۱۹۷۵ب کو ہوئی۔ آپ کا مزار شریف ساہن پال شریف گورستانِ نوشاہیہ میں اپنے والد بزرگوار کے پاس شرقی جانب ہے اور دونوں کے درمیان ایک قبر آپ کے بڑے بھائی صاحب کی ہے۔

قطعہ تاریخ

از اعلیٰ حضرت مولانا سید غلام مصطفےٰ نوشاہی دام برکاتہ

چوں محمد شاہ از ما شد وداع　　مرحبا گفتند در جنت بدو
چوں بجستم سالِ ترحیلِ ولی　　گفت ہاتف ورد قرآں شغلِ او

۸۰

---

[1] حضرت سید حافظ محمد شاہ کا کچھ ذکر اسی جلد کے طبقہ دوم میں بھی لکھا جائے گا۔ شرافت

Marfat.com

مادہ ہائے تاریخ

۱۔ از آیت شریف کل نفس ذائقۃ الموت	۱۹۱۸ء
۲۔ چراغِ مجلس	۱۳۳۷ھ
۳۔ غیور الملک	۱۳۳۷ھ
۴۔ فروغِ دوام	۱۳۳۷ھ

Marfat.com

اعلیٰ حضرت مولانا سیّد غلام مصطفیٰ قبلہ نوشاہی

ادام اللہ برکاتہ، وفیوضہ

در مناقب ذات پاکِ شاہ غلامِ مصطفیٰ

شاہبازِ اوجِ عرفاں دستگیرِ کاملاں

آفتابِ چرخِ عرفاں سالکِ رازِ نہاں — مرجعِ اہلِ مطالب فخرِ جملہ خاندان

حضرتِ سیّد غلامِ مصطفیٰ ماہِ لقا — واقفِ سرِّ حقیقت رہنمائے گمرہاں

غنچۂ گلزارِ وحدت زینتِ اہلِ صفا — قبلۂ حاجاتِ عالم مقتدائے واصلاں

افتخارِ مسندِ حاجی نوشہ گنج بخش — در سخاوت ہم شجاعت گشتہ معروف زماں

قاسمِ فیضِ الٰہی نوشۂ ثالث لقب — نورِ چشمِ عارفاں شاہِ سریرِ لامکاں

کعبۂ اربابِ دانش آستانِ فیضِ او — جبہہ سائی میکنند از صدقِ دل قدوسیاں

ہم چو ماہِ چاردہ سیمائے وے روشن بود — در جہاں انوارِ فقرش مشتہر شد بیگماں

میرسد از یک نظر در بارگاہِ ایزدی — ہر کہ او گشت از ارادت خادمِ درگاہِ شاں

کے بگنجد وصفِ او در حیطۂ تحریرِ من — آنکہ باشد اسمِ پاکش افضلیت را نشاں

از فضیلت در فضائل بیشتر افضالِ او — فضلِ او بر ہر مفضل افضل التفضیل داں

علم و حکمت ہم ولایت خادمانِ درگہش — جامعِ جملہ فضائل پیشوائے انس و جاں

در اماں دارد خداوندا ز حوادثِ روزگار — شادی و عیش و مسرت در فزاید ہر زماں

یا الٰہی باد دائم سایۂ عالی جناب — بر سرِ ما بیکساں چوں نجم ہائے کہکشاں

از شرافت دمبدم باد عطائے بیشمار — عزت و اقبال باشد در رکابِ او رواں

اوصافِ جمیلہ آپ واصلِ درگاہِ ایزدِ متعال، عاشقِ ذاتِ ذوالجلال، سراج الواصلین، شمس المقربین، غوثِ زمان، قطبِ دوران، فردِ وحدت،

Marfat.com

خلاصۂ ہویت، عالمِ افہم، فاضلِ اعظم، سلطان الوقت، صاحبِ حال، اہلِ علم و ذوق وشوق و راز و نیاز و سوز و گداز ہیں۔ آپ حضرت مولانا سیّد حافظ محمد شاہ نیک اختہ ابن سیّد شاہ محمد امین مختار السالکین نوشاہی برخورداریؒ کے فرزندِ یگانہ اور مرید و خلیفۂ اعظم و سجادہ نشین ہیں۔

نام و لقب آپ کا اسم گرامی غلام مصطفےٰ، کنیت ابوالشریف، تخلص نوشاہی، لقب اعلیٰ حضرت، نوشاہِ ثالث، سلطان المحبوبین، عالم، واعظ، شاعر، مورخ، مولف، محقق، پارسا ہیں۔

نسب مادری آپ کی والدہ ماجدہ کا اسم شریف حضرت سیّدہ فاطمہ بی بی تھا دختر سیّد فضل الٰہی بن مولانا سیّد غلام قادر بن سید عبداللہ بن سید خیراللہ بن سیّد فتح اللہ بن سید شاہ نظام بن سید سعداللہ حکیم بن سیّد حافظ محمد برخوردار بحرالعشق بن حضرت نوشہ گنج بخشؒ۔

تاریخ ولادت آپ کی ولادت باسعادت بروز سہ شنبہ بوقتِ ظہر ۲۰ جمادی الاخریٰ ۱۳۰۷ھ ۱۸ فروری ۱۸۹۰ء بمطابق بیگن سمت ۱۹۴۶ بمقام ساہن پال شریف ہوئی۔

قطعۂ تاریخ

از حضرت سیّد حافظ محمد شاہ نیک اختہؒ

بفضلِ حق غلامِ مصطفےٰ زاد خداوندا غلام مصطفےٰ باد

دیگر

از چوہدری مہرداد تارڑ ساہن پالیہ ساکن چھوہرانوالہ

غلام مصطفےٰ فرخندہ فالے چو یوسف خوب رُو صاحب جمالے
زبستانِ نوشاہی گُل شگفتہ یقیں دانم کہ آں بدرو ہلالے
چو دایہ دید مہتاب آسمانی خوشا چہرہ نہ بر او بود خالے
میاں جی مادراں دم خوش خبر داد کہ بر تو کرد شفقت ذوالجلالے

Marfat.com

محمد شاہ را باشد مبارک کہ فرزندش شدہ نیکو خصالے
نوابِ خاں غلامِ مصطفےٰ باد
ز اوّل مصرعہ گویم سنہ و سالے

مادہ ہائے تاریخ

۱۔ از آیت شریفہ "والذین ھاجروا وجاھدوا فی سبیل اللہ" ۱۳۰۷ھ
۲۔ " "ومن یعتصم باللہ فقد ھُدِیَ الیٰ صراط" ۱۳۰۷ھ
۳۔ " "ذوالعرش" ۱۳۰۷ھ
۴۔ " "خزائن رحمۃ" ۱۳۰۷ھ
۵۔ رضا شاہ ۱۳۰۷ھ
۶۔ مشتاق سرور ۱۳۰۷ھ
۷۔ چشمہ فیض دوجہاں ۱۳۰۷ھ

تخنیک آپ کو گڑھتی حضرت سید غلام نبی بن سید نور احمد برخورداریؒ ساکن دھیر کے خورد متصل گجرات نے دی۔ وہ اُس روز یہاں تشریف لائے ہوئے تھے۔

تربیت آپ کی جب ولادت ہوئی تو آپ کے جدامجد حضرت سید محمد امین صاحب مختارؒ حیات بابرکات تھے۔ آپ کو اٹھاتے اور بہلاتے اور بہت پیار کرتے۔ آپ کی ولادت کی یادگار میں اپنے چاہ ظاہر والہ پر درخت توت لگایا جو کافی عرصہ تک موجود رہا۔ بعدازاں اپنے والد ماجد اور پھوپھی صاحبان سیدہ محمد بی بی و سیدہ روشن بی بی اور اپنی والدہ ماجدہ کے آغوش عاطفت میں تربیت پائی۔

تحصیلِ علوم آپ نے اپنے والد بزرگوار حضرت سید محمد شاہ صاحب کی خدمت میں بعمر سات سال قرآن مجید ختم کیا۔ پھر علم ادب کی فارسی کتابیں پند نامہ کریما، نامِ حق، پند نامہ شیخ عطار، فارسی نامہ، گلستان، بوستان، زلیخا، سکندر نامہ، انوار سہیلی، بہار دانش، تحفہ رسولیہ پانچ سال میں پڑھ لیں۔

Marfat.com

بارہ سال کی عمر میں پرائمری سکول پنڈی کالو میں داخل ہوئے۔ تین سال میں پانچ جماعتیں پڑھیں۔ پھر پندرہ سال کی عمر میں بمقام دھریکاں ضلع گجرات حضرت مولوی محمد شیخ احمد حنفی نقشبندی مجددیؒ کے درس میں داخل ہوئے۔ وہاں سے صرف میر، زرّادی، زنجانی، مراح الارواح، نحو میر، شرح مائۃ عامل عبدالرسول، شرح مائۃ عامل، ہدایۃ النحو، کافیہ، ایساغوجی، قال اقول اور علم الفرائض میں سراجی، اور مثنوی نیرنگِ عشق وغیرہ کتابیں پڑھیں۔

پھر حافظ عالم الدین اگروڑ سے علمِ تجوید کے قواعد سیکھے اور قرآن مجید کا پارہ اوّل اور آخری دو پارے حفظ کیے۔ پھر کچھ عرصہ مولوی قاضی محمد امین حنفی نقشبندی مجددی کے پاس بمقام بھکھڑیانوالی ضلع لائل پور بھی رہے۔ کتابت کی تھوڑی سی مشق کی۔

مطالعہ کتب

تحصیلِ علم کے بعد آپ نے کافی مطالعہ کیا اور ہر ایک علم و فن میں خاصہ ملکہ حاصل کیا۔ مثلاً:

۱۔ علمِ تفسیر میں تفسیر نقرہ کار، تفسیر جلالین، تفسیر حسینی، تفسیر فتح العزیز، تفسیر موضح القرآن، تفسیر زاد الآخرت۔

۲۔ علمِ حدیث میں مشکوٰۃ المصابیح، اشعۃ اللمعات شرح مشکوٰۃ، مسک الختام شرح بلوغ المرام، فتح المبین، ستہ ضروریہ۔

۳۔ علمِ فقہ میں شرح وقایہ، قدوری، منیۃ المصلی، خلاصہ کیدانی، انواع العلوم مولوی عبداللہ لاہوریؒ، انواع حافظ برخوردار رانجاؒ، انواع مولوی بارک اللہؒ، فتاوٰی نوشاہیہ، فتاوٰی نظامیہ، مالابدمنہ وغیرہ۔

۴۔ علمِ مناظرہ میں انوار آفتاب صداقت، سیف چشتیائی، اعلائے کلمۃ اللہ وغیرہ

۵۔ علمِ تصوف میں مثنوی مولانا روم، دیوانِ حافظ، دیوان غوث الاعظم، دیوان باہو، گنج الاسرار نوشہ صاحب، احیاء العلوم، کیمیائے سعادت، کشف المحجوب، فتوح الغیب، غنیۃ الطالبین، مکتوباتِ امامِ ربانی، سلک السلوک، اسرار قادر، ستر مکنون، حسنات العارفین، شمس العارفین، کلید التوحید، خیر المونس وغیرہ۔

۶۔ علمِ تاریخ و تذکرہ میں کلمات موسیٰ، معارج النبوۃ، مدارج النبوۃ، سیرۃ النبیؐ

Marfat.com

قصص الانبیا، ابوبکر صدیق الفاروق، سیرۃ النعمان، تذکرۃ الاولیا، نفحات الانس، اسرار الاولیا، اخبار الاخیار، تحفۃ القادریہ، سفینۃ الاولیا، خزینۃ الاصفیا، تذکرہ نوشاہیہ ثواقب المناقب، کنز الرحمت، مرأۃ السالکین، تحفۃ الابرار، تذکرہ غوثیہ وغیرہ۔

بیعت و خلافت آپ نے بعد حصولِ کمالاتِ ظاہری اپنے والد اکرم حضرت مولانا سید حافظ محمد شاہ نیک اختر بن سید محمد امین صاحب مختارؒ کے ہاتھ مبارک پر بیعت طریقت کی۔ تھوڑے ہی عرصہ میں خلافت و اجازت کے شرف سے مشرف ہو کر کاملانِ روزگار سے ہو گئے۔

بیعت روحی ۱۔ آپ کو خواب میں حضرت نوشہ گنج بخشؒ نے اپنی بیعت سے نوازا۔ اور ذکر کلمہ طیبہ کی تلقین فرمائی۔ ایک بار حضرت نوشہ صاحبؒ نے آپ کو فرمایا، السلام علیک۔ یعنی تجھ پر سلام ہو۔

۲۔ بتاریخ ۹ رمضان ۱۳۶۵ھ کو حضرت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا دیدار آپ کو خواب میں ہوا۔ حضور نے آپ کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں بطور مصافحہ لے کر آپ کو بیعت فرمایا اور ایک کُبک شیرینی کا آپ کو عطا فرمایا۔

ف: فقیر سید شرافت عافاہ اللہ کہتا ہے کہ رُوحی بیعت ہونا اولیاء اللہ میں متعارف ہے۔ چنانچہ: ۱۔ صاحبِ مرآۃ الاسرار کو خواجہ بزرگ معین الدین چشتی نے عالمِ باطن میں بے واسطہ مرید کیا۔[1] ۲۔ خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ نے خواب میں مل کر صاحبِ اقتباس الانوار کو اپنے فیض سے مستفیض کیا اور تین اشغال بتائے۔ معدن اجبت۔ بختام الاسرار، مراقبۃ الانوار۔[2]

کلاہ تبرک ملنا ایک بار آپ مسجد ساہن پال شریف میں نمازِ مغرب کی جماعت کروا رہے تھے کہ حضرت سید پیر محسن شاہ لاہوریؒ مثالی صورت میں ظاہر ہوئے۔ اور اپنی کلاہ مبارک آپ کو عطا کرنے کے لیے آپ کے سامنے مصلّے پر رکھ دی اور وہ آپ نے بچشم ظاہر معائنہ فرمائی۔

ف: فقیر سید شرافت عفی عنہ کہتا ہے کہ کشفی طور پر یا مثالی طور پر بزرگوں کا تبرکات عطا

---

[1] تذکرہ اولیائے ہند ج ۱ ص ۱۳ [2] تذکرہ ج ۱ ص ۴۵

Marfat.com

کرنا کتب صوفیہ میں ثابت ہے۔

۱۔ ایک صابری درویش کو کشف میں سلطان المشایخ خواجہ نظام الدین اولیاؒ نے دستار عنایت کی۔[1]

۲۔ شاہ نعمت اللہ ولی قادریؒ نے خواب میں احمد خاں خاناں کو تاج سبز رنگ دیا پھر بیداری میں بھی بھیجا۔[2]

پیشگوئی

آپ کے والد ماجد حضرت مولانا سید حافظ محمد شاہؒ کے ہاں اولاد نرینہ نہیں تھی۔ اُن کے والد بزرگوار حضرت مولانا سید محمد امین صاحبؒ نے ان کو فرمایا کہ تم درگاہِ حضرت سخی بادشاہ شیخ سلیمان نوری قادریؒ پر بھلوال شریف جا کر اُن کے توسل سے دُعا مانگو۔ چنانچہ وہ درگاہِ سلیمانیہ پر پہنچے تو ان کو مثالی صورت میں حضرت سخی پیر عالی جنابؒ ملے اور فرزند ہونے کی بشارت دی۔ نیز فرمایا: تم کو یہاں آنے کی ضرورت نہ تھی بلکہ حضرت نوشہ صاحب کے توسل سے ہی کام ہو سکتا تھا۔ چنانچہ آپ بموجب حکمِ سلیمانی متولد ہو کر صاحبِ کمالات ہوئے۔

معمولات

آپ ہر وقت یادِ الٰہی میں مصروف رہتے ہیں اور اپنے اوقاتِ شریف کو اوراد و وظائف سے معمور رکھتے ہیں۔ آپ کے تمام معمولات کو میں نے کتابی صورت میں علٰحدہ جمع کیا ہے جس کا نام ہے "ہدایۃ السالکین المعروف معمولاتِ نوشاہی"۔

آپ نمازِ پنجگانہ پر مواظبت رکھتے ہیں۔ نوافلِ تہجد کو پابندی سے ادا کرتے ہیں سورۂ مزمل شریف گیارہ مرتبہ، کلمہ طیبہ گیارہ سو بار، درود شریف ہزارہ گیارہ سو بار، درود مبارک گیارہ سو بار، آیت کریمہ گیارہ سو بار، اسم ذات گیارہ سو بار، تسبیح و

---

[1] تذکرہ ج ۱ ص ۱۰۰ [2] تذکرہ ج ۲ ص ۱۷ شرافت

Marfat.com

تحمید گیارہ سو مرتبہ، اللہ الصمد گیارہ سو بار، استغفار دو سو بار، شجرہ شریف قادریہ نوشاہیہ ایک بار روزانہ بلاناغہ پڑھتے ہیں۔ اس کے علاوہ بھی کئی وظائف پڑھا کرتے ہیں۔

تلاوتِ قرآن مجید

آپ کلام اللہ شریف بکثرت تلاوت فرماتے ہیں۔ کچھ عرصہ آپ دس پارے روزانہ پڑھتے رہے۔ اور تین روز میں ختم کیا کرتے تھے۔ اب زمانہ حاضرہ میں سات منزلوں کے حساب سے پڑھا کرتے ہیں اور ہفتہ میں ایک ختم شریف کرتے ہیں اثنائے تلاوت میں بعض اوقات آپ کو مشاہدات و مکاشفات و الہامات بھی ہو جاتے ہیں۔ اور بعض اوقات غیبی آوازیں آتی ہیں۔ آپ تمام عبادتوں سے تلاوتِ قرآن مجید کو افضل عبادت سمجھتے ہیں۔ آپ فرمایا کرتے ہیں کہ مجھ کو قرآنی فیضان ہے۔ آپ انبیائے کرام اور اولیائے عظام اور اپنے آباؤ مشائخ ذوالاحترام کو بکثرت ایصالِ ثواب کرتے رہتے ہیں۔

روزہ و زکوٰۃ

آپ رمضان شریف کے روزے پابندی سے رکھتے ہیں کبھی ناغہ نہیں کیا، بلکہ گاہ گاہ ایامِ بیض کے روزے بھی رکھتے ہیں۔ اپنے مال سے سالانہ صدقہ فریضہ زکوٰۃ۔ اور صدقاتِ واجبہ فطر اور قربانی بھی ادا کیا کرتے ہیں۔

وظایف کا حساب

اگرچہ وظایف کا حساب و تعداد صحیح طور پر نہیں ہو سکتا تاہم آپ کی تحریرات سے کچھ اندازہ ہوا ہے وہ درج ذیل ہے۔

آپ نے ایک جگہ بطور یادداشت لکھا ہے کہ ستاسٹھ سال کی عمر تک وظائف ذیل اس قدر پڑھے جا چکے ہیں:

۱- ختم ہائے قرآن مجید: تین ہزار ایک سو چونسٹھ	۳۱۶۴
۲- کلمہ طیبہ: ایک کروڑ انانوے لاکھ اسی ہزار	۱۸۹۸۰۰۰۰
۳- درود شریف ہزارہ: ایک کروڑ انانوے لاکھ اسی ہزار	۱۸۹۸۰۰۰۰
۴- رکعتہائے نماز: نو لاکھ اکیس ہزار چار سو اسی	۹۲۱۴۸۰
۵- نوافل تہجد: دو لاکھ بتیس ہزار سات سو ساٹھ	۲۲۷۷۶۰
۶- روزہ ہائے رمضان شریف: ایک ہزار چھ سو پچاس	۱۶۵۰

باقی اوراد کا کوئی حساب شمار نہیں

Marfat.com

یہ حساب ستاسٹھ سال کی عمر تک ہے۔ اب ۱۳۸۱ھ میں آپ کی عمر چوہتر سال ہے۔ اور شب و روز تلاوتِ قرآن مجید اور اوراد و وظایف میں مشغول رہتے ہیں۔ اس لیے آپ کی عبادت کا صحیح اندازہ اللہ تعالیٰ کو ہی معلوم ہے۔ اور یہ اندازہ اس لیے لگایا گیا ہے کہ طالبانِ حق کو عبادت کی رغبت پیدا ہو اور اولیاء اللہ کے نقشِ قدم پر چلنے کا شوق غالب ہو۔

اخلاق و عادات

آپ اخلاقِ محمدی رکھتے ہیں۔ غریبوں، مسکینوں پر شفقت۔ امیروں اور رئیسوں سے اجتناب رکھتے ہیں۔ فخر و غرور و تکبر نام کو نہیں۔ صبر و شکر و توکل و رضا کے اوصاف سے موصوف ہیں۔ آپ کے خصائل سلف صالحین سے مطابقت رکھتے ہیں۔ سخاوت و ایثار و شجاعت کے اوصاف سے متصف ہیں۔ طبیعت نظافت پسند اور تقویٰ شعار ہے۔ تمباکو نوشی سے اس قدر نفرت ہے کہ اگر کوئی شخص حقہ کو ہاتھ لگائے تو جب تک وہ دھو نہ لے اس کے ہاتھ سے پانی پینا گوارا نہیں کرتے۔ اپنی چھڑی کبھی کتے کو نہیں لگاتے۔ ساری عمر میں کسی نے آپ کی زبان سے گالی یا بدزبانی کبھی نہیں سنی۔ جب مجلس میں بیٹھتے ہیں تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کسی کا آپ کو انتظار ہے[1]۔ اربابِ مجلس کو نصیحتیں اور اچھے کلام اور بزرگوں کے اذکار سنا کر اُن کی قلبی استعداد کو تقویت پہنچاتے ہیں۔ آپ کا کلام سامعین کے حق میں كَذٰلِكَ لِنُثَبِّتَ بِهٖ فُؤَادَكَ کی تاثیر رکھتا ہے۔ حضرت نوشہ گنج بخش رح اور اپنے بزرگان مشایخ سلسلہ سے آپ کو بڑا عشق ہے۔

تقویٰ آپ کی غذا حلال اور شبہات سے پاک ہوتی ہے۔ اکثر مرتبہ دیکھا گیا ہے کہ اگر کسی شخص نے دعوت کی اور اس کے کمانا میں شبہ تھا اور آپ نے غلطی سے تناول فرمایا تو اُسی وقت بذریعہ قے باہر آگیا۔

حلیہ اقدس آپ کا قد درمیانہ، رنگ گورا گندمی، پیشانی فراخ، سر کے بال سفید کانوں کی لو تک۔ سر کے بالائی حصہ سے بال صاف ہو گئے ہیں۔ بینی بلند،

---

[1] حضرت شیخ داؤد کرمانی قادری شیرگڑھی بھی اسی طرح منتظرانہ بیٹھتے تھے۔ تذکرہ اولیائے ہند ج ۲ ص ۱۲۔ شرافت

Marfat.com

ابرو متوسط کمانوں کی طرح ، داڑھی مبارک ایک قبضہ سے زیادہ، بال سفید - ابتدا میں مہندی لگایا کرتے تھے۔ لیکن اب کافی عرصہ سے چھوڑ دی ہے۔ بال چمکیلے ، ایسے چمکتے ہیں جیسے سورج کی شعاعیں، یا طلا کی تاریں چمکتی ہیں۔ لب باریک ، دانت پورے بتیس[۳۲] قائم۔ اور نہایت سفید و چمکدار۔ جب تبسم کریں تو ان میں سے چمکارا نکلتا ہے۔ بازو گول، سینہ فراخ ، جسم بھارا، چلنے میں تیز رفتار۔ جب کبھی پیدل چلیں تو ہمراہی دوڑ دوڑ کر ساتھ چلتے ہیں۔

لباس آپ کا لباس سفید ہوتا ہے۔ کُرتہ طریزدں والا سفید، گریبان سامنے ، دستار ململ سفید۔ کبھی بوقتِ وظایف یا ادائیگی نماز ٹوپی گول بھی پہن لیتے ہیں۔ اور سویٹر بھی استعمال کرتے ہیں۔ پہلے سفید رنگ تہبند پہنا کرتے تھے اب چند سالوں سے سبز رنگ تہبند رکھتے ہیں۔ اپنے سب کپڑوں کے کسی کونہ پر اپنا نام نوشاہی لکھ رکھتے ہیں بلکہ دھاگا کڑھوا لیتے ہیں۔

وجد و سماع آپ سماع سُن لیتے ہیں۔ نعت خواں لوگ آپ کے حضور میں پڑھتے ہیں۔ کبھی کبھی آپ کو رقتِ قلب ہو جاتی ہے لیکن اپنے مزاج پر قابو رکھتے ہیں کبھی تڑپنے اور بیہوش ہونے کی نوبت نہیں آئی۔

فضائل و کمالات

آپ کی ذات ستودہ صفات کو خدا تعالیٰ نے ہر طرح کے کمالات عطا فرمائے ہیں۔ آپ کے فضائل اس سے زیادہ ہیں کہ نوکِ قلم ان کا احصا کر سکے۔ یہاں مکتوبات محمد شاہی میں سے چند کلمات لکھے جاتے ہیں جو آپ کے والد بزرگوار نے آپ کے متعلق مدحیہ اور دعائیہ الفاظ ارشاد فرمائے ہیں۔

۱۔ "عطیہ خدا۔ غلام مصطفےٰ۔ یکون الدائم علی الصراط السوی والاھتدا"[۱]

۲۔ "الدعاء لك ولامك ونروجتك وخالاتك وعماتك ولاطفالها ولا جائك خصوصاً لحبیب اللہ وغیرذٰلك"[۲]۔

---

[۱] مکتوب ۲۹ [۲] مکتوب ۴۱ شرافت

Marfat.com

۳۔ "ہمارے عتاب سے ڈرنے کا تم کو اجر کثیر جناب باری سے دارین میں نصیب ہو اور عزت و اقبال کی ترقی ہو۔"

۴۔ "تمہارے خطوں سے بھی ہم کو تسلی ہے۔"

۵۔ "وھو معکم اینما کنتم۔"

۶۔ "تم خود مجتہد ہو، جس طرح چاہو عمل میں لاؤ۔"

۷۔ "اب تم بھی لایق ہو۔"

۸۔ "تمہارے پر کوئی بدظنی نہیں۔"

۹۔ "تمہارا کوئی خیال غلط نہیں معلوم ہوا جس پر ہم اعتراض کریں۔"

۱۰۔ "چنانچہ مناسب بود بعمل آرند زیرا کہ عملِ تو معہ خالص نیت محض ہدایت ست و عین صواب۔"

۱۱۔ "آفتابِ یُمن و اقبال بر سرِ فرزندان تابندہ باد۔"

۱۲۔ "ہم شب و روز بجنابِ ایزدی مستدعی ہیں کہ تم کو حیات، علم، ہدایت نصیب کرے۔"

۱۳۔ "دیر کردن ایں دعاگو را از ملاقاتِ شما ناگوار ست۔"

۱۴۔ "از تحریرِ باتاثیرِ آں خوش تقریر چناں سرور حاصل آید کہ شکرِ الٰہی ادا نیاید۔

؎ اگر شکرِ حق تا بروزِ شمار
گذارم نباشد یکے از ہزار

الحمد للہ ثم الحمد للہ۔"

۱۵۔ "تم کو اس کے عوض میں ہدایت اور شوقِ الٰہی نصیب ہو، اور تیرے محبت کرنے والوں کو بھی۔"

---

۳ مکتوب ۱۰۰ ۴ مکتوب ۹۹ ۵ مکتوب ۶، ۹۹ ۶ مکتوب ۹۹ ۷ مکتوب ۱۰۰
۸ مکتوب ۵۸ ۹ مکتوب ۱۱ ۱۰ مکتوب ۸۳ ۱۱ مکتوب ۲۴ ۱۲ مکتوب ۲۰
۱۳ مکتوب ۱۵ ۱۴ مکتوب ۱۵ ۱۵ مکتوب ۱۰۱ خرافت

Marfat.com

۱۶۔ "اللہ تعالیٰ در سفر و حضر حامی و معینِ شما باد۔"

۱۷۔ "آیندہ خود مالک ہو۔"

۱۸۔ "ترا بعد اطاعت الٰہی ما را یاد کردن بذریعہ خط ضرور ہے باید کہ از دیر بے اختیار غم پیدا نہ شود۔"

۱۹۔ "فاللہ خیر حافظا وھو ارحم الراحمین (او سبحانہ) شما را در حیطہ حفظ خود مصئون خواہد داشت۔"

۲۰۔ زیارت حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ در رؤیا ترا مبارکباد۔ ذاتِ پاک ببرکت ایں خواب اتباعِ صحابہ بہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم ترا روزی کناد آمین۔ و تکرارِ دیدار ایشاں در قیامت درجات و کلام تو موافق کلامِ ایشاں باد کہ برائے امت تمام شدن نعمت این ست در اعتقاد اہل سنت۔"

۲۱۔ "ع آنجا کہ کس نرفت تو آنجا رسیدۂ"

۲۲۔ "وکذٰلک یجتبیک ربک۔"

۲۳۔ "امید از عنایات الٰہی واثق ہے کہ یتم نعمتہٗ علیک و الک کما اتمہا علی ابویک۔"

۲۴۔ "ہر چہ گوئی تعمیل کردہ آید۔"

۲۵۔ "تم کو پروردگار نے علم اور حلم اور ورع میرے سے زیادہ نصیب کیا ہے۔ امید از عنایاتِ الٰہی واثق ہے کہ اقبال بھی زیادہ دیوے گا اور اپنی نعمت تمام کرے گا تیرے پر۔"

۲۶۔ "ہر کہ بتو محبت کند خدا او را محبت کند و ہر کہ عزتِ تو کند خدا پاک عزتِ او در دارین بیفزاید۔ والسلام علیٰ من اتبع الھدیٰ۔"

لہ مکتوب ۱۴۵ سلہ مکتوب ۱۴۵ سلہ مکتوب ۱۵۵ لہ مکتوب ۸۰ سلہ مکتوب ۱۴۶ سلہ سر مکتوم ۱۲ سلہ سر مکتوم ۱۲ سلہ مکتوب ۹۹ کلہ مکتوب ۱۵۵ سلہ مکتوب ۱۰۲ لہ مکتوب ۱۵۵۔ شرافت

Marfat.com

مقامات

آپ کے مقامات و مدارج عالیہ کثیر ہیں۔ یہاں بعض وہ واقعات درج کیے جاتے ہیں جن سے کچھ آثار پائے جاتے ہیں۔

مقام فنافی الشیخ آپ اپنے والد بزرگوار کے اتباع میں یہاں تک مشغول ہوئے کہ تمام اعمال و افعال و احوال میں اپنے آپ کو ان کا پورا پورا نمونہ بنا دیا۔ بلکہ بعض لوگوں کو دیکھنے سے آپ کی صورت بھی انھیں جیسی معلوم ہوتی ہے۔ ایک مرتبہ آپ موضع گھٹے والہ ضلع گوجرانوالہ میں تشریف لے گئے۔ میں بھی ہمراہ تھا۔ وہاں میاں بڈھا امام مسجد ملاقات کے واسطے آئے اور دیکھتے ہی ایسے متحیر ہوئے کہ اُن کے تعجب کی کوئی انتہا نہ رہی۔ اور کہا کہ یا حضرت! آپ تو دنیا سے رخصت ہو چکے تھے اب پھر دوبارہ زندہ ہو کر تشریف لے آئے ہیں۔ لوگوں نے بتایا کہ آپ حضرت سید محمد شاہؒ نہیں ہیں بلکہ ان کے صاحبزادہ ارجمند ہیں۔ میاں صاحب نے کہا کہ مجھے تو بعینہٖ وہی صورت نظر آئی۔ یہ سب فنافی الشیخ کا نتیجہ تھا۔

مقام فنافی الرسول آپ کمال اتباعِ نبوی کے ذریعہ مرتبہ فنافی الرسول سے مشرف ہوئے۔ آپ کا ہر ایک قول و فعل و حال عین سنتِ نبوی کے مطابق ہوتا ہے۔ اسی لیے آپ خواب اور بیداری میں بکثرت دیدارِ نبویؐ سے مشرف ہوتے رہتے ہیں۔ اور آپ پر فیضانِ نبویؐ بے انتہا ہے۔

مقام فنافی اللہ آپ بکثرت تلاوت کلام مجید فرماتے ہیں۔ روزانہ بلاناغہ دس سیپارے آپ کی منزل ہوتی رہی۔ حضرت خواجہ سید محمد حسین شاہ چشتی نظامی اجمیری جو شیخ صوائی کے لقب سے مشہور ہیں اور گیارہ سلسلوں میں اجازت یافتہ ہیں اور بزرگان اہل کشف سے ہیں۔ ایک مرتبہ درگاہِ عالیہ نوشاہیہ میں تشریف لائے۔ آپ کو دیکھتے ہی فرمایا کہ آپ فنافی الرسول کے مقام سے گزر چکے ہیں۔ اب آپ کا سیر مقام فنافی اللہ میں ہے۔ اسی لیے تلاوتِ کلامِ پاک زیادہ فرماتے ہیں۔

Marfat.com

مقامِ محبت صرفہ آپ اکثر اذکار لسانی اور تلاوت کلام اللہ شریف میں مصروف رہتے ہیں۔ جس سے ثابت ہوتا ہے کہ آپ کو مقامِ محبت صرفہ حاصل ہے۔ حضرت مولانا شاہ فقیر اللہ علوی تنکارپوریؒ اپنے مکتوبات شریف مکتوب ۳۵ ص ۱۱۶ میں لکھتے ہیں:

"ولما وقعت معاملة العارف بالمحبة الصرفة ينفع له الذكر اللساني و تلاوة القرآن لرفع الدرجات الاخروية وازالة الكدورات البشرية والظلمات الجسمانية وقد ورد انه ليغان على قلبي واني لاستغفر الله كل يوم سبعين مرة۔" یعنی جب عارف کا معاملہ محبت صرفہ سے پڑتا ہے تو اس کو آخرت کے درجے بلند ہونے اور بشریت کی کدورتوں اور جسمانی اندھیروں کے دور کرنے کے واسطے لسانی ذکر اور قرآن کی تلاوت فائدہ مند ہوتی ہے جیسا کہ وارد ہوا ہے۔ (حضور علیہ السلام نے فرمایا) میرے دل پر گرد پڑ جاتی ہے اور میں ہر روز اللہ تعالیٰ سے ستر مرتبہ استغفار کرتا ہوں۔

مقامِ قرب کا حصول آپ ابتدائے جوانی میں کلمہ طیبہ کا ذکر بکثرت کیا کرتے تھے۔ اور اب عالم پیری میں آپ کلام اللہ شریف سے تعشق رکھتے ہیں۔ اور نماز پنجگانہ کی پابندی اور محبت کمال رکھتے ہیں۔ یہ آپ کے وصولِ قرب کی دلیل ہے۔ مکتوباتِ شاہ فقیر علویؒ مکتوب ۴۶ ص ۱۹۱ میں ہے:

"والسالك لما كان في صدد قطع مدارج القرب فالكلمة الطيبة في حقه انسب وانفع وبعد الوصول الى موطن القرب تلاوة القرآن والصلوٰة على تفاوت الاوقات احسن۔" سالک جب قرب کے درجات طے کرنے کے درپے ہوتا ہے تو کلمہ طیبہ کا ذکر اس کے حق میں بہت مناسب اور فائدہ مند ہے۔ اور جب مقامِ قرب میں واصل ہو جائے تو قرآن مجید کی تلاوت اور نماز اس کے لیے بہت بہتر ہے۔

مقامِ قطبیت کتب صوفیائے کرام فتوحاتِ مکیہ وغیرہ میں لکھا ہے کہ حق تعالیٰ اگر کسی اپنے مقبول ولی اللہ کو منصبِ قطبیت سے سرفراز فرمانا چاہتا ہے تو اس کو تاج پہنایا جاتا ہے۔ اور اس کا دنیا میں خواہ کوئی نام نہ ہو مگر اس کو اسماء الحسنیٰ میں سے کسی نام کے ساتھ عبدیت کی نسبت دے کر نام دیا جاتا ہے۔

Marfat.com

چنانچہ اسی طریقہ کے مطابق اعلیٰ حضرت قبلہ ادام اللہ برکاتہ، کے ساتھ واقعہ ظہور میں آیا۔ آپ بروز جمعہ ، ۲۔ کتک سمت ۲۰۱۱ ب ۱۵ ربیع الاول ۱۳۷۴ھ کو تلاوتِ قرآن مجید فرما رہے تھے جب یہ آیت شریف وذکر فان الذکریٰ تنفع المؤمنین پڑھی تو عین بیداری میں آپ کے سر پر تاجِ شاہی رکھا گیا۔

اس تاجِ شاہی سے آپ کا مرتبہ قطبیت مراد ہے کیونکہ حکومت باطنی آپ کے سپرد ہوئی اس کے ساڑھے چار ماہ بعد بروز چہار شنبہ ۱۰ اچیت سمت ۲۰۱۱ ب ۲۷ رجب ۱۳۷۴ھ کو آپ کلمہ طیبہ کے وظائف میں مشغول تھے کہ آپ کو عین بیداری میں حکم ہوا "تیرا نام محمد عبدالرحمٰن ہے" گویا اسم شریف رحمٰن کے کمالات آپ کو حاصل ہو گئے۔

مقامِ توحید ایک مرتبہ توحید کے غلبہ میں آپ کو ظاہر ہوا کہ آپ کے تمام جسم پر اسمِ ذات اللہ اللہ لکھا ہوا ہے۔

الہامی القاب آپ کو حق تعالیٰ کی طرف سے کئی القاب کشفی یا الہامی طور پر عطا ہوئے جن کا ذکر بمعہ تاریخ آپ کی تحریرات میں پایا جاتا ہے۔ یہاں اسم اللہ کے اعداد کے مطابق چھیاسٹھ القاب بترتیب حروفِ تہجی درج کیے جاتے ہیں،

۱۔ ابن نوراللہ	۲۔ اسلام	۳۔ الحاج	۴۔ امین
۵۔ اولادِ نوشہ	۶۔ باباجی	۷۔ باتمیز	۸۔ باوا جی
۹۔ بڑا نیک	۱۰۔ بزرگ	۱۱۔ پالکی والا	۱۲۔ پرہیزگار
۱۳۔ ٹھیک	۱۴۔ جواد	۱۵۔ حافظ قدرت اللہ	۱۶۔ حضوری رسول اللہ
۱۷۔ حفیظ	۱۸۔ حکیم	۱۹۔ خدا کا خزانہ	۲۰۔ دولت
۲۱۔ ذاکر	۲۲۔ رحمت	۲۳۔ رستمِ ہند	۲۴۔ زبردست صاحبزادہ
۲۵۔ سپید	۲۶۔ شجرۃ النبی	۲۷۔ شہید	۲۸۔ شیخ الرئیس
۲۹۔ شیر علی	۳۰۔ صابر	۳۱۔ صاحب البیان	۳۲۔ صاحبِ ذوق
۳۳۔ ظلّ الرحمٰن	۳۴۔ عابد	۳۵۔ عاشق	۳۶۔ عالم
۳۷۔ علیم	۳۸۔ عین برکات	۳۹۔ غوثیت مآب	۴۰۔ فضل اللہ

Marfat.com

۴۱ فیاض الناس ۴۲ قاری القرآن ۴۳ قدرت ۴۴ کریم
۴۵ کشورستان ۴۶ مبارک ۴۷ مبشر ۴۸ متقی
۴۹ محمد عبدالرحمٰن ۵۰ مصطفیٰ ۵۱ مقبول بیان ۵۲ موحد
۵۳ مولوی ۵۴ میاں جی ۵۵ ناجی ۵۶ نامور
۵۷ نذیر ۵۸ نذیر حسین ۵۹ نصرت اللہ ۶۰ نور
۶۱ نورِ عالم ۶۲ نوشاہی ۶۳ ولی ۶۴ ہدیٰ للمتقین
۶۵ یاقوت ۶۶ یداللہ

خوارق وکرامات

آپ کی ذات جامع الکمالات مظہرِ خوارق وکرامات ہے۔ آپ کی زبان پاک ماہ وانِ قضا جو کچھ مُنہ سے فرماتے ہیں وہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے پُورا ہو جاتا ہے۔ موجودہ وقت میں تمام اولادِ حضرت نوشہ میں بلکہ تمام خاندانِ نوشاہی میں اس قدر سلیف اللسان کوئی فرد نہیں ہے۔ آپ اپنے عہد میں لاثانی ہیں۔ آپ کے تصرفات قوی ہیں جس آدمی کو پُوچھو وہ آپ کی کوئی نہ کوئی کرامت اپنی چشم دید بیان کرے گا۔ یہاں اس قدر گنجایش نہیں کہ سب کرامات بیان کی جاویں۔ اگر خدا تعالیٰ کی توفیق شاملِ حال ہوئی تو آپ کی علیحدہ سوانح حیات مرتب کی جاوے گی۔

آپ کی دُعا سے کئی بے گھروں کے خانے آباد ہوئے۔ کئی بے اولادوں کے ہاں اولادیں ہوئیں۔ کئی بیماروں نے شفا پائی۔ کئی مفلس و نادار دولت مند ہو گئے۔ کئی قیدیوں نے رہائی پائی۔ کئی جاہلوں اور کُند ذہنوں کو علم عطا ہوا۔ کئی حاجت مندوں کی حاجتیں پُوری ہوئیں۔

ایک وقت میں کئی جگہ پر ظہور آپ کے متعلق بکثرت لوگ شہادت دیتے ہیں کہ ہم نے آپ کو فلاں جگہ دیکھا ہے حالانکہ اُس وقت وہاں سے کوسوں دُور مسافتِ بعیدہ پر کسی اور جگہ آپ تشریف فرما ہوتے ہیں۔ چنانچہ:

۱۔ مسمیان اللہ دتہ و پیراں دتہ پسرانِ گوہر بن جیون ماچھی ساکن وایاں والی چک ۲۷ ضلع شیخوپورہ نے اپنے بھائی احمد الدین کے جنازہ پر آپ کو دیکھا حالانکہ اُس وقت

Marfat.com

آپ ٹوپہ عثمان ضلع گجرات میں تھے۔

۲۔ غلام رسول بن محمد خان تارڑ کو اس کے گاؤں وایاں والی چک ۲۷ کے پاس ملے، حالانکہ آپ اُس وقت ساہن پال شریف میں تھے۔

۳۔ میاں خاں موچی کے والد نے آپ کو ابدال (ضلع گوجرانوالہ) کے پاس نہر اپر چناب کے پُل پر دیکھا حالانکہ آپ اس وقت ضلع گجرات میں تھے۔

۴۔ علی محمد بن محمد الدین ساکن راہوالی نے آپ کو گوجرانوالہ کے بازار میں دیکھا، حالانکہ آپ اس وقت ساہن پال شریف میں تھے۔

۵۔ پیر مہتاب شاہ چشتی صابری کے ایک درویش کو آپ وایاں والی چک ۲۷ کے راجباہ پر ملے اور دو نوٹیاں والی والے دوستوں کو اُس کے ہاتھ سلام بھیجا، حالانکہ اس وقت آپ ساہن پال شریف میں تھے۔

۶۔ حیات محمد حجام ساکن قلعہ دیدار سنگھ نے آپ کو پلنگ پور ضلع گوجرانوالہ میں دیکھا حالانکہ آپ اُس وقت علاقہ گجرات میں تھے۔

۷۔ مسمات خورشید بیگم زوجہ محمد صادق بن عبداللہ تارڑ ساکن مکی اصحاباں والی نے آپ کو شیخوپورہ کے بازار میں دیکھا حالانکہ آپ اُس وقت ساہن پال شریف میں تھے۔

۸۔ مسمات سکینہ بی بی زوجہ سائیں مست علی درویش نے آپ کو اِبن والی ضلع گوجرانوالہ میں داخل ہوتے ہوئے دیکھا، حالانکہ آپ اُس وقت علاقہ شیخوپورہ میں تھے۔

۹۔ سیدہ سکینہ بیگم زوجہ برادرم سید بشیر احمد بشارت مرحوم نے آپ کو درگاہِ عالیہ حضرت نوشہ گنج بخشؒ میں دیکھا حالانکہ آپ اُس وقت علاقہ گوجرانوالہ میں تھے۔

ان تمام واقعات سے آپ کا قطبِ وقت ہونا ثابت ہے۔ کیونکہ ایک وقت میں متعدد جگہوں پر موجود ہونا قطب کا وصف ہوتا ہے۔

زیارتِ بزرگانِ زندہ

آپ کو کافی بزرگان و مشایخ کی زیارت کا شرف حاصل ہوا ہے۔ جن زندہ بزرگوں کی

Marfat.com

آپ نے زیارتیں کی ہیں۔ اُن کے اسمائے گرامی لکھے جاتے ہیں۔

حضرات برخورداریہ میں سے :

۱۔ سید بوٹے شاہ بن سید حافظ الٰہی بخشؒ ساہن پال شریف ۲۔ سید پیر مکھن شاہ بن سید حافظ الٰہی بخشؒ ساہن پال
۳۔ سید فضل الٰہی بن سید غلام قادرؒ 〃 ۴۔ سید اقبال علی بن سید غلام محی الدینؒ 〃
۵۔ سید کریم اللہ بن سید اقبال علیؒ 〃 ۶۔ سید عمر بخش بن سید لطف الدینؒ 〃
۷۔ سید غلام حسن بن سید قطب الدین ڈھلویؒ 〃 ۸۔ سید محمد علی بن سید غلام محی الدینؒ پانڈو کے
۹۔ سید لتھے شاہ بن سید الہدینؒ پانڈو کے ۱۰۔ سید کرم الٰہی بن لتھے شاہؒ 〃
۱۱۔ سید رحیم اللہ بن سید قاسم علیؒ 〃 ۱۲۔ سید غلام حسین بن سید نور احمدؒ چنبھل
۱۳۔ سید سلطان محمود بن سید غلام نبیؒ دھیر کے ۱۴۔ سید سلطان احمد بن سید غلام نبیؒ دھیر کے
۱۵۔ سید نظام الدین بن سید کرم الدینؒ شیخ علی پور

حضرات ہاشمیہ میں سے :

۱۶۔ سید فضل عالم المعروف شاہ جیو بن سید نظام الدینؒ رن مل
۱۷۔ سید گامے شاہ بن سید ناصر الدینؒ رنمل ۱۸۔ سید بنے شاہ بن سید شیر شاہؒ رن مل
۱۹۔ سید باغ علی بن سید رحیم بخشؒ 〃 ۲۰۔ سید پیر محمد بن سید غلام قادرؒ 〃

حضرات سلیمانیہ میں سے :

۲۱۔ شیخ شمس الدین حاجی بن شیخ قطب الدینؒ چاہ
۲۲۔ شیخ محمد احسن بن شیخ احمد جیو مجذوبؒ گھنگوال
۲۳۔ شیخ ملک شاہ بن شیخ گوہر شاہؒ رن مل
۲۴۔ شیخ سجاول شیر بن شیخ چنن شاہؒ رسول نگر
۲۵۔ شیخ فضل الدین بن شیخ احمد شاہؒ اگرویہ

دیگر مشایخ وقت میں سے :

۲۶۔ پیر محمد علی شاہ بن پیر غلام محی الدین شاہ کرمانی قادریؒ شیر گڑھ
۲۷۔ پیر فتح شاہ چشتی نظامیؒ پھرے ۲۸۔ پیر امیر شاہ سہروردیؒ سوہدرہ

Marfat.com

۲۹۔ پیر محمد امین المعروف دسندھی شاہ بن چنن شاہ نقشبندی مجددیؒ آلومہار

۳۰۔ پیر امانت علی شاہؒ سیالکوٹ

۳۱۔ خواجہ عبدالرسول بن خواجہ دوست محمد نقشبندی مجددیؒ سجادہ نشین للہ

۳۲۔ خواجہ محمد حسن نقشبندی مجددیؒ ڈھڈیاں

علمائے کرام میں سے:

۳۳۔ مولوی محمد شیخ احمد بن مولوی حسن محمد حنفیؒ دھریکاں

۳۴۔ مولوی محمد ابراہیم حنفی مجددیؒ سیتل

۳۵۔ مولوی قاری حافظ محمد رفیق بن مولوی محمد صدیق حنفی نوشاہیؒ کوٹ مومن

۳۶۔ مولوی عطا محمد حنفیؒ شادیوال

۳۷۔ مولوی غلام محمد حنفیؒ سادھوکے

۳۸۔ مولوی محمود حنفیؒ گنجہ

۳۹۔ مولوی حسن محمد حنفیؒ پنڈی دھوتھڑاں

۴۰۔ مولوی جمال الدین حنفی چشتی گاکھڑہ کلاں

۴۱۔ مولوی سید شریف شاہ خوارزمی حنفیؒ گھووال

۴۲۔ مولوی حافظ عالم الدین قاری حنفی اگرویہ

۴۳۔ مفتی صاحب رتتہ

۴۴۔ مولوی غلام رسول کاتب بن مولوی احمد الدین حنفیؒ عادل گڑھ

۴۵۔ مولوی محمد عظیم حنفیؒ وزیر آباد

۴۶۔ مولوی نور عالم حنفی نقشبندیؒ وزیر آباد

۴۷۔ مولوی حافظ عبدالمنان اہلحدیث وزیر آباد

۴۸۔ مولوی گنج بخش حنفیؒ جنڈیالہ ڈھاب والہ

۴۹۔ مولوی نورالحسن حنفی اویسیؒ چینڈ

۵۰۔ مولوی احمد الدین واعظ پادشہانا

Marfat.com

زیاراتِ مزارات

آپ کو اولیاء اللہ کے مزارات کی زیارت کا بہت اشتیاق ہے اور زیارتِ قبور کو سنّت سمجھتے ہیں۔ مندرجہ ذیل بزرگوں کے مزارات کی زیارت کا شرف حاصل کیا ہے،

۱۔ قطب الاولیا حضرت نوشہ گنج بخش قادریؒ ساہن پال شریف

۲۔ فرزندان و نبیرگان حضرت نوشہ صاحبؒ " "

۳۔ حضرت میراں مصطفےٰ نوشاہیؒ ساہنپال ۴۔ حضرت باباجیون شہیدؒ اگرویہ

۵۔ حضرت قاضی خوشی محمد نوشاہیؒ کنجاہ ۶۔ حضرت مولانا محمد اکرم غنیمت نوشاہیؒ کنجاہ

۷۔ حضرت شیخ صالح محمد نوشاہیؒ چک سادہ ۸۔ حضرت شاہ دولا دریائی سہروردیؒ گجرات

۹۔ حضرت شیخ پیر محمد پیار نوشاہیؒ نوشہرہ شریف

۱۰۔ حضرت شیخ میر شاہ سلطان بگا شیر نوشاہی لکھنوال

۱۱۔ حضرت میاں میہوں نوشاہی شیخپور ۱۲۔ حضرت شیخ فتح محمدؒ سروانے

۱۳۔ سلطان الاولیا حضرت سخی شاہ سلیمان نوری قادریؒ سجلوال شریف

۱۴۔ حضرت بابا امام شاہ مجذوب قادریؒ چنڈالہ

۱۵۔ حضرت باباگلاب شاہ مجذوب نوشاہیؒ رسول نگر

۱۶۔ حضرت شیخ صدرالدین نوشاہیؒ رُکھ چھڑ

۱۷۔ حضرت شیخ صدرالدین چشتیؒ پانڈوکے ۱۸۔ حضرت شاہ سروانی سہروردیؒ پنڈوری کلاں

۱۹۔ حضرت جتی شاہ رحمان بخاری جلالیؒ جتی شاہ رحمان

۲۰۔ حضرت شاہ عبدالسلام چشتیؒ کیلیاں والہ

۲۱۔ حضرت شیخ جمال سہروردیؒ کیلیانوالہ ۲۲۔ حضرت شیخ عبدالرحمن پاک نوشاہیؒ بھڑی شریف

۲۳۔ حضرت شیخ الٰہ داد نوشاہیؒ بھڑی شریف ۲۴۔ حضرت شاہ غریب نوشاہیؒ گاجر گولہ

۲۵۔ حضرت حافظ برخوردار قاضی نوشاہیؒ بچہ چھڑ ۲۶۔ حضرت شیخ جیون شاہ نوشاہیؒ چاہل

۲۷۔ حضرت شیخ برخوردار ہرل نوشاہیؒ ہرلانوالی ۲۸۔ حضرت باباگیسر شاہ قادریؒ میرشاہیؒ وایانوالی

Marfat.com

۲۹۔حضرت شیخ صالح محمد نوشاہیؒ چنیاں ۳۰۔حضرت مولوی غلام رسول قادریؒ قلعہ میہاں سنگھ
۳۱۔حضرت شیخ محمد پناہ نوشاہیؒ کلھوٹیاں
۳۲۔حضرت شیخ رحمت اللہ شاہ المعروف رحمت سائیں نوشاہیؒ بیگووالہ
۳۳۔حضرت شیخ نعمت اللہ المعروف حاجی دیوان سہروردیؒ خانقاہ ڈوگراں
۳۴۔حضرت میاں علی سہاری اُویسیؒ میانعلی
۳۵۔حضرت شاہ ابوالخیر نوکھ ہزاری سُہروردیؒ شاہ کوٹ
۳۶۔حضرت مخدوم علی ہجویری المعروف داتا گنج بخش جنیدیؒ لاہور
۳۷۔حضرت شاہ خیرالدین ابوالمعالی قادریؒ لاہور ۳۸۔حضرت میاں میر صاحب قادریؒ لاہور
۳۹۔حضرت شاہ محمد غوث قادریؒ لاہور ۴۰۔حضرت شیخ داؤد کرمانی قادریؒ شیرگڈھ

خواب میں جن بزرگوں کا دیدار ہوا

آپ کی تحریرات سے ثابت ہوتا ہے کہ آپ کو مندرجہ ذیل بزرگان عظام کا دیدارِ پُرانوار عالمِ رؤیا میں ہوا ہے ان میں سے بعض حضرات کا دیدار متعدد مرتبہ ہوا۔ یہاں صرف اسماءِ گرامی لکھے جاتے ہیں تفصیل کی گنجایش نہیں۔

انبیاءِ کرام میں سے

۱۔حضرت ابراہیم علیہ السلام ۲۔حضرت اسحاق علیہ السلام
۳۔حضرت یعقوب علیہ السلام ۴۔حضرت یوسف علیہ السلام
۵۔حضرت مُوسیٰ علیہ السلام ۶۔حضرت عیسیٰ علیہ السلام
۷۔حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

صحابہ کرام میں سے

۸۔حضرت امام علی المرتضیٰ رضؓ ۹۔حضرت سیدہ فاطمۃ الزہرا رضؓ
۱۰۔حضرت امام حسینؓ ۱۱۔حضرت بلال حبشی رضؓ

Marfat.com

اولیاءُ اللہ میں سے

۱۲۔ حضرت خواجہ فریدالدین گنجشکر چشتیؒ
۱۳۔ حضرت جتی شاہ رحمان بخاری جلالیؒ
۱۴۔ حضرت سید حافظ محمد برخوردار بحرالعشق نوشاہیؒ
۱۵۔ حضرت شیخ پیر محمد سچیار نوشہرویؒ
۱۶۔ حضرت سید رحمت اللہ عارف نوشاہیؒ
۱۷۔ حضرت سید حافظ نوراللہ نوشاہیؒ
۱۸۔ حضرت سید محسن شاہ نوشاہی لاہوریؒ
۱۹۔ حضرت سید فضل الٰہی نوشاہیؒ جدمادری
۲۰۔ حضرت سید غلام علی شاہ نوشاہیؒ خسرِ خود
۲۱۔ حضرت سید فاضل شاہ نوشاہیؒ عم خود
۲۲۔ حضرت سید حافظ محمد شاہ نوشاہیؒ والدِ خود
۲۳۔ سید شیر علی نوشاہیؒ
۲۴۔ مولوی حکیم کرم الٰہی فاروقی نوشاہیؒ
۲۵۔ سائیں یاد اللہ مداریؒ
۲۶۔ مولوی عبدالحق چشتیؒ ساکن ہرلانوالی

آبائے نبوی میں سے

۲۷۔ حضرت لامک بن متوشلخ

محدثین میں سے

۲۸۔ حضرت امام مسلم بن حجاج نیشاپوریؒ

شاعروں میں سے

۲۹۔ حضرت شیخ مصلح الدین سعدی شیرازیؒ
۳۰۔ شیخ محمد اکرم غنیمت کنجاہیؒ
۳۱۔ ڈاکٹر محمد اقبال لاہوریؒ

بادشاہوں میں سے

۳۲۔ ابوالمظفر محی الدین اورنگ زیب عالمگیرؒ

فرشتوں میں سے

۳۳۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام

متبرک مقامات میں سے

۳۴۔ کعبہ مکرمہ زادہا اللہ شرفاً وتعظیماً

خواب میں جن بزرگوں نے کچھ تبرک عطا فرمایا

آپ کو خواب میں مندرجہ ذیل بزرگوں نے تبرکات عطا فرمائے، جن کی تفصیل تو یہاں

Marfat.com

بیان نہیں ہوسکتی۔ صرف نام لکھے جاتے ہیں۔

۱۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے آپ کو کھانا کھلایا۔

۲۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے آپ کو طعام کا تبرک کھلایا۔

۳۔ حضرت خواجہ فریدالدین گنجشکر چشتی اجودھنیؒ نے اپنے لنگر سے آپ کو نخود کا شوربہ اور دانے عطا فرمائے اور نصف پراوٹھا بھی دیا۔

۴۔ حضرت سید غلام علی شاہ بن سید قدم الدین نوشاہی (خسر خود) نے آپ کو تین سو ۳۰۰ روپیہ عطا کیا۔

۵۔ ڈاکٹر محمد اقبال لاہوریؒ نے آپ کو کھانا کھلایا۔

خواب میں جن بزرگوں نے کچھ ارشاد فرمایا

آپ کو خواب میں بعض بزرگوں نے کچھ ارشاد فرمایا۔ وہ یہ ہے:

۱۔ ایک شخص نے قرآن مجید کا رکوع لایستوی پڑھ کر سنایا۔ دوسرے شخص نے سورۂ ملک کی تلاوت کی۔ خود اعلیٰ حضرت قبلہ دام اللہ برکاتہٗ نے سورۂ فرقان کا رکوع تبارک الذی جعل فی السماء بروجاً پڑھنا شروع کیا۔ جب ویمشون علی الارض ھوناً تک پہنچے تو نیند ختم ہوگئی اور بیدار ہو گئے۔

۲۔ حضرت غوث الاعظم سید عبدالقادر جیلانیؒ کی آواز آئی: "جو ہمارا مرید سفر میں جائے گا خوش رہے گا"۔ ؎

مریدی لا تخف اللہ سابق
عطائی رفعۃً نلتُ المُنٰی لی"

۳۔ حضرت شیخ پیر محمد سچیار نوشہرویؒ نے فرمایا: "کروڑ"

۴۔ حضرت سید حافظ محمد شاہؒ (اپنے والد ماجد) نے فرمایا: "بادشاہوں کا فاتحہ آکیا کر"۔

۵۔ سید شیر علی بن سید محمد شفیع نوشاہیؒ نے کہا: "عشق و محبت"۔

Marfat.com

۶- مولوی عبدالحق چشتی نظامی ساکن ہرلانوالی نے اپنا یہ شعر سنایا ؎

"ما مریدانِ چشت سرکاریم
نور نوریم پُر ز اسراریم"

خواب میں جو جو آوازیں مسموع ہوئیں

آپ کو خواب میں بعض اوقات کچھ آوازیں آتی رہتی ہیں۔ بعض یہ ہیں:

۱- آواز آئی: "ھل اتٰیک حدیث ضیف ابراھیم المکرمین۔"

۲- آواز آئی: "ھوالھوھوھوالھوھو۔"

۳- آواز آئی: "محمدی ذوق۔"

۴- آواز آئی: ؎

"آں خداوندیکہ ہنگامِ سحر کرد قومِ لوط را زیر و زبر"

۵- آواز آئی: ؎

"پائے در زنجیر پیشِ دوستاں بہ ز با بیگانگاں در بوستاں"

۶- (مولفِ کتاب ہذا) شریف احمد شرافت کے حق میں ندا آئی: ع

"آنچہ خوباں ھمہ دارند تو تنہا داری"

مشاہدہ میں جن بزرگوں کا دیدار ہوا

آپ کو اکثر اوقات تہجد کے بعد وظایف و اشغال میں یا تلاوتِ قرآن مجید کے وقت عین بیداری میں بزرگوں کی زیارتیں اور ملاقاتیں ہوتی رہتی ہیں۔ اولیاء اللہ نے فرمایا ہے کہ عارفوں پر کبھی ایسا وقت طاری ہوتا ہے کہ ظاہری آنکھیں اور قلبی آنکھیں ایک ہو جاتی ہیں۔ انبیا اور اولیا اور ملائکہ کو وہ ظاہری آنکھوں سے دیکھ سکتے ہیں۔ ان کے اجساد ارواح کا حکم رکھتے ہیں۔ اسی حالت کے متعلق بزرگوں نے فرمایا ہے: ارواحنا اجسادنا و اجسادنا ارواحنا۔

Marfat.com

آپ کی کتاب کے مسودہ میں بزرگوں کی ملاقات کے بے شمار حالات پائے جاتے ہیں۔ جن کو آپ نے تاریخ وار بطور تحدث بانعام اللہ درج فرمایا ہے اور ہر ایک ملاقات کے ساتھ پورا واقعہ درج ہوتا ہے۔ سب کو بتفصیل یہاں تحریر کرنا حیطۂ فہم سے بعید ہے۔ یہاں صرف ان بزرگوں کے اسماءِ گرامی کی فہرست دی جاتی ہے جن کو آپ نے بیداری میں مشاہدہ فرمایا ہے۔

۱۔ وظایف پڑھتے ہوئے آپ کو تین مرتبہ دیدارِ الٰہی کا شرف حاصل ہوا، نور بے کیف کے تجلیات آپ پر وارد ہوئے اور بچشمِ باطن دیکھا جو دیکھا۔

انبیاءِ کرام میں سے

۲۔ حضرت آدم علیہ السلام
۳۔ حضرت خضر علیہ السلام
۴۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام
۵۔ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام
۶۔ حضرت اسحاق علیہ السلام
۷۔ حضرت یعقوب علیہ السلام
۸۔ حضرت یوسف علیہ السلام
۹۔ حضرت ایوب علیہ السلام
۱۰۔ حضرت شعیب علیہ السلام
۱۱۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام
۱۲۔ حضرت عزیر علیہ السلام
۱۳۔ حضرت داؤد علیہ السلام
۱۴۔ حضرت سلیمان علیہ السلام
۱۵۔ حضرت یونس علیہ السلام
۱۶۔ حضرت زکریا علیہ السلام
۱۷۔ حضرت یحییٰ علیہ السلام
۱۸۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام
۱۹۔ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
۲۰۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مع خلفائے راشدین
۲۱۔ تمام انبیائے کرامؑ کی مجلس شریف۔

صحابہ عظام میں سے

۲۲۔ حضرت ابوبکر صدیق اکبرؓ
۲۳۔ حضرت عمر فاروقؓ
۲۴۔ حضرت علی المرتضیٰؓ
۲۵۔ حضرت عبداللہ بن رسول اللہؐ
۲۶۔ حضرت طیب بن رسول اللہؐ
۲۷۔ حضرت طاہر بن رسول اللہؐ
۲۸۔ حضرت ابراہیم بن رسول اللہؐ
۲۹۔ حضرت امام حسینؓ

Marfat.com

۳۰۔ حضرت بلال حبشیؓ
۳۱۔ حضرت صہیب رومیؓ
۳۲۔ حضرت سلمان فارسیؓ
۳۳۔ حضرت سعدؓ
۳۴۔ حضرت خالد سیف اللہؓ

تابعین میں سے

۳۵۔ حضرت خواجہ اویس قرنیؓ
۳۶۔ حضرت عباس علمدارؓ
۳۷۔ حضرت امام زین العابدینؓ
۳۸۔ حضرت علی اکبرؓ

زمانہ قبل از نبوت میں سے

۳۹۔ جملہ فرزندانِ حضرت یعقوب علیہ السلام
۴۰۔ حضرت افرائیم بن یوسفؑ
۴۱۔ حضرت منشا بن یوسفؑ
۴۲۔ حضرت عبداللہ بن عبدالمطلبؓ

اولیاء اللہ میں سے

۴۳۔ حضرت امام جعفر صادقؒ
۴۴۔ حضرت امام محمد مہدیؓ
۴۵۔ حضرت شیخ سری سقطیؒ
۴۶۔ حضرت شاہ منصورؒ
۴۷۔ حضرت غوث الاعظم سید عبدالقادر جیلانیؒ
۴۸۔ حضرت سید عبدالوہاب گیلانیؒ
۴۹۔ حضرت سید احمد گیلانیؒ
۵۰۔ حضرت سید محمد حالپ علویؒ
۵۱۔ حضرت خواجہ علاء الدین علی احمد صابرؒ
۵۲۔ حضرت خواجہ نظام الدین اولیاؒ
۵۳۔ حضرت شیخ داؤد بندگی کرمانیؒ
۵۴۔ حضرت سخی شاہ سلیمان نوریؒ
۵۵۔ حضرت سید علاؤالدین غازی علویؒ
۵۶۔ حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی
۵۷۔ حضرت سید حاجی محمد نوشہ گنج بخش علویؒ
۵۸۔ تمام مجلس حضرت نوشہ صاحبؒ
۵۹۔ حضرت شاہ وہ لا دریائی گجراتیؒ
۶۰۔ حضرت سید حافظ محمد برخوردار بحر العشقؒ
۶۱۔ حضرت سید محمد ہاشم دریا دلؒ
۶۲۔ حضرت سلطان باہو قادریؒ
۶۳۔ حضرت شیخ عبدالرحمن پاکؒ
۶۴۔ حضرت شیخ پیر محمد سچیار نوشہرویؒ
۶۵۔ حضرت قاضی خوشی محمد کنجاہیؒ
۶۶۔ حضرت شیخ صدرالدین دیوانؒ
۶۷۔ حضرت شیخ فتح محمد سروانیؒ
۶۸۔ حضرت سید شاہ عصمت اللہ پہلوانؒ

Marfat.com

۶۹۔ حضرت سید حافظ جمال اللہ فقیہہ اعظمؒ
۷۱۔ حضرت سید حافظ قُل احمد پاکذاتؒ
۷۳۔ حضرت سید غلام قادر نوشاہیؒ
۷۵۔ حضرت سید محمد امین مختارؒ
۷۷۔ حضرت سید حافظ محمد شاہؒ (والد)
۷۹۔ حضرت سید فاضل شاہ نوشاہیؒ (عم)
۸۱۔ سائیں ماہلے شاہ ہیگریؒ

۷۰۔ حضرت شیخ ماہی شاہ سلیمانیؒ
۷۲۔ حضرت سید پیر مکھن شاہ لاہوریؒ
۷۴۔ حضرت سید فضل الٰہیؒ (جدمادری)
۷۶۔ حضرت سید حافظ رُوح اللہؒ (عم)
۷۸۔ حضرت پیر محمد علی شاہ کرمانیؒ
۸۰۔ تمام مجلسِ پیرانِ طریقت سلسلہ عالیہ قادریہ نوشاہیہ

محدثین و فقہا میں سے

۸۲۔ حضرت امام اعظم ابُوحنیفہ کُوفیؒ
۸۴۔ حضرت امام برہان الدین علی مرغینانیؒ
۸۶۔ حضرت قاضی محمد امینؒ

۸۳۔ حضرت امام محمد بن اسمٰعیل بخاریؒ
۸۵۔ حضرت مولوی شیخ احمد حنفیؒ
۸۷۔ حضرت مولوی سید احمد جوکالویؒ

شاعروں میں سے

۸۸۔ حضرت خواجہ شمس الدین حافظ شیرازیؒ
۹۰۔ حضرت مولانا محمد اکرم غنیمت کنجاہیؒ
۹۲۔ حضرت حافظ برخوردار بچہ والاؒ

۸۹۔ حضرت مولانا عبدالرحمٰن جامیؒ
۹۱۔ حضرت مولانا محمد ماہ صداقت کنجاہیؒ
۹۳۔ ڈاکٹر شیخ محمد اقبال لاہوریؒ

بادشاہوں میں سے

۹۴۔ سلطان سکندر رومیؒ
۹۶۔ سلطان محی الدین اورنگ زیب عالمگیر

عاشقوں میں سے

۹۷۔ سیف الملوکؒ
۹۹۔ رانجھاؒ (وجیدہ)
۱۰۱۔ مرزا کھرلؒ
۱۰۳۔ بدیع الجمالؒ (پری

۹۸۔ مجنون عامریؒ
۱۰۰۔ مہینوالؒ (عزت بیگ)
۱۰۲۔ زلیخاؒ
۱۰۴۔ ملکہ خاتونؒ

Marfat.com

۱۰۵۔ سوہنی ؓ
۱۰۶۔ صاحباں ؓ

مستوراتِ عالیات میں سے

۱۰۷۔ حضرت حوا ؓ
۱۰۸۔ حضرت سارہ ؓ برقعہ پوش
۱۰۹۔ حضرت ہاجرہ ؓ برقعہ پوش
۱۱۰۔ حضرت آسیہ ؓ برقعہ پوش
۱۱۱۔ حضرت مریم ؓ برقعہ پوش
۱۱۲۔ حضرت صفیہ بنت عبدالمطلب ؓ
۱۱۳۔ حضرت آمنہ بنت وہب ؓ
۱۱۴۔ حضرت خدیجۃ الکبریٰ ؓ
۱۱۵۔ حضرت عائشہ صدیقہ ؓ
۱۱۶۔ حضرت فاطمۃ الزہرا ؓ
۱۱۷۔ جملہ بناتِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
۱۱۸۔ حضرت زینب بنت علی ؓ
۱۱۹۔ حضرت بی بی جیونی ؒ (والدہ نوشہ ؒ)
۱۲۰۔ حضرت روئیل خاتون ؒ (اہلیہ نوشہ ؒ)
۱۲۱۔ حضرت بی بی راستی ؒ مع فرزندِ خود
۱۲۲۔ اہلیہ شاہ جہاں بادشاہ ؒ
۱۲۳۔ حضرت سیدہ فاطمہ بی بی ؒ (والدہ)
۱۲۴۔ حضرت سیدہ محمد بی بی ؒ (عمہ کبریٰ)
۱۲۵۔ حضرت سیدہ روشن بی بی ؒ (عمہ صغریٰ)
۱۲۶۔ حضرت سیدہ کاکو بی بی ؒ

روحانیوں میں سے

۱۲۷۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام
۱۲۸۔ حضرت میکائیل علیہ السلام
۱۲۹۔ حورانِ جنت
۱۳۰۔ خشیۃ الرحمٰن نام حور
۱۳۱۔ حور سرخ لباس
۱۳۲۔ روحانیوں کی ایک جماعت
۱۳۳۔ سفید نور کے تجلیات
۱۳۴۔ سرخ نور کے تجلیات
۱۳۵۔ آفتاب
۱۳۶۔ ستارہ سرخ رنگ
۱۳۷۔ لیلۃ القدر کا مشاہدہ (۲۱ رمضان ۱۳۷۳ھ)
۱۳۸۔ دنیا بصورت باکرہ

خواص یاروں میں سے

۱۳۹۔ میاں غلام محمد موچی ؒ
۱۴۰ سائیں خدا بخش درویش
۱۴۱۔ صوفی رحمت علی ڈھوکوی ؒ (مرید شرافت)

Marfat.com

مقاماتِ مقدسہ میں سے

۱۴۲۔ مکہ مکرمہ
۱۴۳۔ کعبہ شریف
۱۴۴۔ مدینہ منورہ
۱۴۵۔ مسجد نبویؐ
۱۴۶۔ مسجدِ اقصٰے (بیت المقدس)
۱۴۷۔ روضہ عالیہ حضرت سخی بادشاہؒ
۱۴۸۔ روضہ اطہر حضرت نوشہ گنج بخش قادریؒ

ان میں سے اکثر انبیائے کرام و اولیائے عظام کی ملاقات کا شرف آپ کو متعدد مرتبہ حاصل ہوا ہے، یہاں صرف نام ہی لکھے گئے ہیں۔

مشاہدہ میں بزرگوں کی ملاقات و زیارت کے وقت جو غیبی آوازیں آئیں

بعض اوقات جب بیداری میں آپ کو بزرگوں کی ملاقات و زیارت کا شرف حاصل ہوتا ہے تو غیبی طور پر کوئی آواز بھی کان میں سنائی دیتی ہے۔ آپ نے ایسے واقعات کو تاریخوار لکھا ہے۔ مگر یہاں تبرکاً صرف چند غیبی آوازیں درج کی جاتی ہیں۔

دیدارِ الٰہی عزّ اسمہٗ

(۱)

۱۔ نمازِ تہجد کے بعد اثنائے وظایف میں نورِ بے کیف آپ پر متجلی ہوا اور آواز آئی: "دیدارِ خدا تعالیٰ کا ہوا"۔

۲۔ پھر ایک مرتبہ نمازِ تہجد کے بعد سورۂ مزمل شریف کا ورد کر رہے تھے کہ آپ پر نور بے کیف ظاہر ہوا۔ اور آواز آئی، "یہ اللہ تعالیٰ ہے"۔

حضرت خضر علیہ السلام

(۲)

حضرت خضر علیہ السلام کی زیارت ہوئی تو آواز آئی: "خضر خواجہ مل پئے"۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام

(۳)

۱۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی زیارت ہوئی تو آواز آئی: "یہ ابراہیم علیہ السلام ہیں"۔

Marfat.com

۲- پھر ایک مرتبہ زیارت ہوئی تو آواز آئی : "خلیل وبرّ"۔

(۴)

حضرت یوسف علیہ السلام

حضرت یوسف علیہ السلام کی زیارت ہوئی تو آواز آئی : "یہ رسول ہے"۔

(۵)

حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

آں حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی متعدد مرتبہ زیارت ہوئی۔

۱- ایک مرتبہ زیارت ہوئی تو آواز آئی : "محمد اکرام اللہ"۔

۲- پھر ایک مرتبہ زیارت ہوئی تو آواز آئی : "رسول اللہ"

۳- پھر ایک مرتبہ زیارت ہوئی تو آواز آئی : "رسول شاہ"

۴- پھر ایک مرتبہ زیارت کے وقت آواز آئی : "یہ خاتم الرسل ہیں"

۵- پھر ایک مرتبہ زیارت ہوئی تو ندا آئی : "حضرت محمد رسول اللہ کا دیدار ہوا"

۶- پھر ایک مرتبہ دیدار ہوا تو آواز آئی : "یہ حضرت محمد رسول اللہ تمھارے معشوق ہیں"۔

۷- پھر ایک مرتبہ زیارت ہوئی تو آواز آئی : "مانو تم اِس کے امر کو"

۸- پھر ایک مرتبہ زیارت ہوئی تو آواز آئی : "جاہلاں نوں کی قدر اے"

۹- پھر ایک مرتبہ دیدار ہوا تو آواز آئی : "گیارہ سال"

۱۰- آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کے ساتھ مصافحہ کیا تو آواز آئی : "الحاج"

۱۱- آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حضرت ابوبکر صدیقؓ کی بھی زیارت ہوئی۔ آواز آئی : "کعبہ میں ہیں"۔

(۶)

حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضؓ

حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی زیارت ہوئی۔ آواز آئی : "یہ خدیجۃ الکبریٰ ہے"۔

Marfat.com

(۷)

حضرت عبداللہ بن رسول اللہؐ

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سب فرزندوں کی زیارت آپ کو ہوئی۔ اُس وقت آواز آئی:
"جو کچھ مانگنا ہو عبداللہ سے مانگو۔"

(۸)

حضرت صفیہؓ

حضرت صفیہ بنت عبدالمطلبؓ کی زیارت آپ کو ہوئی تو آواز آئی:
"یہ عمر رسول اللہ ہیں۔"

(۹)

حضرت علی المرتضیٰ کرّم اللہ وجہہٗ

۱۔ حضرت امام ابوالحسن علی المرتضیٰؓ کی زیارت ہوئی تو آواز آئی: "یہ شاہ علی ہیں۔"
۲۔ پھر ایک مرتبہ زیارت ہوئی تو آواز آئی: "شاہ علی شیرِ خدا ہیں"
۳۔ پھر ایک مرتبہ زیارت ہوئی تو آواز آئی: "یہ شیرِ خدا مشکل کشا شاہ علی کرم اللہ وجہہٗ ہیں۔"
۴۔ پھر ایک مرتبہ زیارت ہوئی تو آواز آئی: "اوّل کے امام مولا علی صفدر"
۵۔ پھر ایک مرتبہ زیارت ہوئی تو آواز آئی: "جو حضرت واجوائی جے"

(۱۰)

حضرت جبریل علیہ السلام

حضرت جبریل علیہ السلام کی زیارت کا شرف آپ کو حاصل ہوا تو آواز آئی: "یہ جبریل امین ہیں۔"

(۱۱)

کعبہ شریف

آپ کو کعبہ شریف کی زیارت ہوئی تو آواز آئی: "داخل ہو جاؤ۔"

(۱۲)

حضرت غوث الاعظمؒ

آپ کو غوث الثقلین شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کی زیارت ہوئی۔ آواز آئی:
"غوثِ اعظم"۔

Marfat.com

(۱۳)

حضرت شاہ سلیمانؒ حضرت سخی شاہ سلیمان نوری قادریؒ کا دیدار ہوا تو آواز آئی: "یہ سخی شاہ سلیمان ہیں۔"

(۱۴)

حضرت نوشہ صاحب قدس سرہٗ

۱۔ قطب الاولیا حضرت نوشہ گنج بخش قدس سرہٗ کی زیارت ہوئی تو آواز آئی: "حاجی"۔

۲۔ پھر ایک مرتبہ زیارت ہوئی تو آواز آئی: "نوشہ پیر دی مدد نال سارے کم چلدے نیں"۔

(۱۵)

حضرت سلطان باہوؒ حضرت سلطان العارفین کی زیارت ہوئی تو آواز آئی: "سلطان باہو"۔

(۱۶)

شیخ فتح محمدؒ حضرت شیخ فتح محمد رحمہ اللہ تعالیٰ ساکن چک سروانی کی زیارت ہوئی تو آواز آئی: "ولی اللہ"۔

(۱۷)

شیخ فتوحی شاہؒ ایک بزرگ کی آپ کو زیارت ہوئی جن کا نام معلوم نہ تھا۔ آواز آئی: "یہ فتوحی شاہ ہیں"۔

مشاہدہ میں جن بزرگوں نے آپ سے کلام کیا یا آپ کو کچھ ارشاد فرمایا

آپ کو مشاہدہ میں (بیداری میں) بزرگوں کی ملاقات کے دوران میں کبھی ہم کلامی کا شرف بھی حاصل ہوتا ہے۔ جن بزرگوں نے آپ سے کلام کیا ہے وہ بطور اختصار یہاں لکھے جاتے ہیں۔

(۱)

حضرت محمد رسول اللہؐ حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت و ملاقات آپ کو بیشمار مرتبہ بیداری میں ہوتی رہتی ہے اور گاہ بگاہ حضور کلام بھی فرماتے ہیں۔ ازاں جملہ،

Marfat.com

۱ - ایک مرتبہ آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ سے مصافحہ کیا اور فرمایا: "السلام علیکم"۔
۲ - پھر ایک مرتبہ فرمایا: "وجود سے سبھو گناہ نکالو"۔
۳ - پھر ایک مرتبہ فرمایا: "میرا نام رنگ شاہ ہے"۔
۴ - پھر ایک مرتبہ فرمایا: "توں ہماری بہت صفت کی ہے"۔ لا تقنطوا من رحمۃ اللہ۔
۵ - پھر ایک مرتبہ فرمایا: "من احیا سنتی فلہٗ اجر مائۃ شہید"۔
۶ - پھر ایک مرتبہ فرمایا: "بچھونا تیرے واسطے تیار ہے بچھا ہوا ہے"۔
۷ - پھر ایک مرتبہ فرمایا: "او نورِ عالم"۔
۸ - پھر ایک مرتبہ فرمایا: "میرا دل وگدا اے میں نال ہی لگا چلاں"۔
۹ - پھر ایک مرتبہ فرمایا: "دو روپیہ تیرا روز ہوگا"۔
۱۰ - پھر ایک مرتبہ فرمایا: "گل سُن"۔
۱۱ - پھر ایک مرتبہ فرمایا: "چلو"۔
۱۲ - پھر ایک مرتبہ فرمایا: "تمہارے دشمنوں کے لیے چھریاں گھسا رہے ہیں"۔
۱۳ - پھر ایک مرتبہ فرمایا: "مسلمان وہ ہے جو اسلام پر جان قربان کرے"۔
۱۴ - پھر ایک مرتبہ فرمایا: "لیکن گل اے"۔
۱۵ - پھر ایک مرتبہ فرمایا: "جھڑکنا نہیں"۔
۱۶ - پھر ایک مرتبہ قلعہ دیدار سنگھ کی طرف اشارہ کرکے فرمایا: "وہاں جاؤ"۔
۱۷ - پھر ایک مرتبہ حضرت عائشہ صدیقہؓ کو فرمایا: "کلمینی یا حمیرا کلمی"۔
۱۸ - پھر ایک مرتبہ کتاب شریف التواریخ کو دیکھ کر فرمایا: "ایہ وڈیا لکھی گئی اے"۔

(۲)

حضرت خضر علیہ السلام

حضرت خضر علیہ السلام نے آپ سے مصافحہ کیا اور فرمایا:
۱ - "چودھریو! السلام علیکم"۔
۲ - پھر ایک مرتبہ آپ کو فرمایا: "تینوں دو ہاں جہاناں وچ تار چھڈیا اے"۔
۳ - پھر ایک مرتبہ فرمایا: "اللہ نے سب علم ظاہر کر دیا"۔

Marfat.com

(۳)

حضرت یحییٰ علیہ السلام حضرت یحییٰ علیہ السلام نے آپ کو فرمایا: "لکھ روپیہ نقد ارسال داشتہ (فتوحاتِ غیبی)"۔

(۴)

حضرت عایشہ صدیقہؓ حضرت عایشہ صدیقہؓ کی زیارت ہوئی تو انھوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ہاتھ کا اشارہ کر کے آپ کو فرمایا: "وے ویکھ"۔

(۵)

حضرت ابراہیم بن رسول اللہؐ حضرت ابراہیم بن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوئی کہ پاؤں نیچے لٹکا کر چارپائی پر بیٹھے ہیں اور فرماتے ہیں: "دنیادی باتیں بکواس ہے نہ سننا چاہیے"۔

(۶)

حضرت فاطمہ زہراؓ ۱۔ حضرت سیدہ فاطمہ زہراؓ نے فرمایا: "توجہ باپ سے کرائیں"۔
۲۔ پھر ایک مرتبہ فرمایا: "تو رسول اللہ کا حضوری ہے"۔

(۷)

حضرت غوث الاعظمؒ شیخ سید عبدالقادر جیلانیؒ نے آپ کو فرمایا: "توں چل، تیری گل، میں ول کریناں"۔

(۸)

حضرت نوشہ صاحبؒ قطب المشایخ حضرت نوشہ گنج بخشؒ نے آپ کو فرمایا: "نوشاہیا"۔

(۹)

حضرت سلطان باہوؒ حضرت سلطان باہو قادریؒ نے فرمایا: "ہمارا وِرد تو حق باہو ہے"۔

۱۰

بیگم شاہجہاں بیگم شاہجہاں بادشاہ نے یہ شعر پڑھ کر آپ کو سنایا:

Marfat.com

؎ "تُرشاہ جہانی جہان زدست مدہ کہ بادشاہِ جہاں راجہاں بکار آید"

(۱۱)

جنتی حُور ایک جنتی حُور کی زیارت ہُوئی تو اس نے آپ کو کہا "میں تُہانوں سرکار اُچیچا لَین آئی ہاں۔"

(۱۲)

حُورانِ جنت ایک مرتبہ دو عدد حورانِ جنت کا دیدار ہُوا تو وہ پڑھ رہی تھیں:
"آں سراجِ اُمتانِ مصطفےٰ"۔

(۱۳)

سید محمد شاہؒ ایک مرتبہ اپنے والد ماجد حضرت مولانا سید حافظ محمد شاہؒ کی زیارت ہوئی تو انھوں نے فرمایا: "میاں وارث سب سے اوّل ہے۔"

(۱۴)

سیدہ فاطمہ بی بیؒ ۱۔ ایک مرتبہ اپنی والدہ سیدہ فاطمہ بی بیؒ کی زیارت ہوئی انھوں نے فرمایا: "لڑکے دا گِرد اکٹھ نی بھیناں"۔

(۱۵)

سیدہ محمد بی بیؒ ۱۔ ایک مرتبہ اپنی پھوپھی سیدہ محمد بی بیؒ کی زیارت ہُوئی۔ اُنھوں نے فرمایا: "اب تو ختم کو ساہن پال جانے گا۔"

۲۔ پھر ایک مرتبہ ان کی آواز آئی: "جاہ اللہ دتہ کی خبر لے۔"

۳۔ پھر ایک مرتبہ ان کی زیارت ہوئی۔ آپ نے سلام کیا تو اُنھوں نے جواب میں فرمایا: "بھلا ہووی توں رستمِ ہند ہے۔"

۴۔ پھر ایک مرتبہ اُنھوں نے یہ شعر پڑھا، ؎

"ولوالقیت سرّی فوق میتٍ لقام بقدرۃ المولیٰ تعالیٰ"

(۱۶)

مولانا احمد رضا خانؒ حضرت مولانا احمد رضا خاں بریلویؒ کی پردہ کے پیچھے سے آواز

Marfat.com

آئی۔ انھوں نے آپ کو کہا: "مجھ یتیم کو بھی یاد کرو"۔

(۱۷)

میاں جملے شاہؒ میاں جملے شاہ سلیمانی اگر دیہ نے آپ کی شہ رگ پر ہاتھ لگا کر کہا، اس جگہ سے ہائی کوٹ نکلے گا" (یعنی جو کچھ حلقوم سے نکلے گا پورا ہوگا)

(۱۸)

سیدہ بشیر بیگمؒ سیدہ بشیر بیگم دختر سید کرم الٰہی کی آواز آئی "چاچا جی! سلام علیکم"

(۱۹)

ایک لڑکے نے بعالم مشاہدہ آپ کو کہا: "تم کھانا پورا کھاتے ہو"

مشاہدہ میں جن بزرگوں نے کچھ تبرکات عطا فرمائے

آپ کو مشاہدہ (بیداری) میں اکثر بزرگوں کی ملاقاتیں ہوتی ہیں۔ ان میں سے جن انبیائے کرام اور اولیائے عظام نے آپ کو کچھ عطا فرمایا ہے وہ درج کیا جاتا ہے۔

(۱)

۱۔ حضرت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کو "شیشہ کا ایک ٹکڑا" عنایت کیا۔
۲۔ پھر ایک دفعہ "برفی اور شیرینی" کا تبرک عطا فرمایا۔
۳۔ پھر ایک دفعہ "پانی کا پیالہ" عطا فرمایا۔
۴۔ پھر ایک دفعہ "شراباً طہوراً" کا گلاس پلایا۔
۵۔ پھر ایک دفعہ "روپیہ کا نوٹ" عطا فرمایا۔
۶۔ پھر ایک دفعہ آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے لنگر سے آپ نے حلوا اور بھنا ہوا گوشت کھایا۔ اور دودھ بھی نوش کیا۔

(۲)

۱۔ حضرت خضر علیہ السلام نے آپ کو "روٹی کا ایک ٹکڑا" عطا فرمایا۔
۲۔ پھر ایک دفعہ "چاولوں کا ایک طشت" عطا کیا۔

Marfat.com

(۳)

حضرت سیدۃ النسا فاطمۃ الزہراؓ نے آپ کو "گھونگھنیاں" عطا فرمائیں۔

(۴)

۱۔ حضرت غوث الاعظم سید عبدالقادر جیلانیؒ نے آپ کو "پانچ عدد پتاسے" عنایت کیے۔

۲۔ پھر ایک مرتبہ آپ کو شیرینی کا تبرک "عطا فرمایا۔

(۵)

ایک مرتبہ آپ کو اثنائے وظائف میں بعالمِ مشاہدہ "بہشتی میوہ" عطا ہوا۔

مشاہدہ میں جن بزرگوں نے آپ کے ساتھ مصافحہ یا معانقہ کیا یا جن کے پیچھے آپ نے نماز ادا کی

آپ کے ساتھ مشاہدہ (بیداری) میں کئی بزرگانِ دین نے مصافحے یا معانقے کیے ہیں یا کئی بزرگوں کے پیچھے آپ نے نماز پڑھی ہے۔ پوری تفصیل تاریخوار تو آپ کی تحریرات سے معلوم ہوسکتی ہے یہاں صرف نام لکھے جاتے ہیں۔

۱۔ (i) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کی پشت پر ہاتھ پھیرا۔

(ii) پھر ایک مرتبہ آپ کے ساتھ معانقہ کیا۔ یعنی آپ کو گلے لگایا۔

(iii) پھر ایک مرتبہ آپ نے آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے نماز پڑھی۔

(iv) پھر ایک مرتبہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پیچھے مسجد الحرام میں نماز ادا کی۔

۲۔ ایک مرتبہ آپ نے حضرت یوسف علیہ السلام کے پیچھے نماز پڑھی۔

۳۔ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ کوفیؒ نے آپ کا ہاتھ مبارک اپنے ہاتھ میں لیا۔

۴۔ حضرت شیخ داؤد کرمانی قادری شیر گڑھی نے آپ کے ساتھ مصافحہ کیا۔

۵۔ حضرت نوشہ گنج بخش علوی قادریؒ نے آپ کو اپنے گلے لگایا۔

۶۔ حضرت شاہ دولا دریائی گجراتیؒ نے آپ کے ساتھ مصافحہ کیا۔

۷۔ روحانیوں کی ایک جماعت نے آپ کے ساتھ مصافحہ کیا۔

Marfat.com

مشاہدہ میں جو عبارتیں لکھی ہوئی سامنے آئیں

آپ کو مشاہدہ (بیداری) میں بعض اوقات کچھ عبارتیں لکھی ہوئی سامنے آجاتی ہیں۔ اور آپ ان کو پڑھ لیتے ہیں۔ آپ کی تحریرات میں تاریخوار ایسے واقعات پائے جاتے ہیں۔ یہاں چند عبارتیں لکھی جاتی ہیں۔

۱۔ "بسم اللہ الرحمٰن الرحیم" (بخطِ سبز لکھی ہوئی دیکھی گئی)

۲۔ "بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ"

۳۔ "یا رحمٰن" (نور کے خط سے چمکتا ہوا نظر آیا)

۴۔ "ھو معکم"

۵۔ "سیدی ھاشمی قریشی"

۶۔ "عثمان بن عفان"

۷۔ "انک باعیننا"

۸۔ "فتحاً قلوباً وما لاً"

مشاہدہ میں جو اشعار غیبی طور پر سُنے گئے

آپ کو بوقت مشغولی اور اوبعض اوقات ہاتفِ غیب سے موزوں کلام اشعار وغیرہ مسموع ہوتے ہیں جن میں بعض تو شعرائے گزشتہ کے ہوتے ہیں اور بعض اشعار الہامی ہوتے ہیں جو کسی شاعر کا کلام نہیں ہوتے۔ آپ اپنی یادداشتوں میں تاریخ وار ان کو درج فرمالیا کرتے ہیں۔ بعض ان میں سے یہاں درج کیے جاتے ہیں۔

عربی اشعار

۱۔ ایک مرتبہ بہشت سے آپ کو ایک طشتری کھانا کی آئی اور کسی نے یہ شعر پڑھا:

ع انا فی حضرۃ التقریب وجدی — یصونفی وحسبی ذوالجلال (غوثیہ)

۲۔ ع احب الصالحین ولست منھم — لعل اللہ یرزقنی صلاحاً

۳۔ ع ان فی ذٰلک لاٰیٰتٍ لقومٍ یشعرون (تبریزی)

۴۔ ع امام المسلمین ابو حنیفہ (شافعی)

Marfat.com

فارسی اشعار

۵۔س لطیف و کرم گستر و کارساز کردار اے ملک ست و دانائے راز (سعدی)

۶۔س غرض نقشے ست کز ما باد ماند کہ ہستی را نمے بینم بقائے (سعدی)

۷۔س حضوری گر ہمے خواہی ازو غائب مشو حافظ

متیٰ ما تلق من تہوی دع الدنیا و امہلہا (حافظ)

۸۔س الٰہی غنچۂ امید بکشا گلے از روضہ جاوید بنما (جامی)

۹۔س برہنگان طریقت بہ نیم جَو نخرند قبائے اطلس آنکس کہ از ہنر عاریست

۱۰۔س محمد سرورِ اہلِ شریعت محمد سرورِ اہلِ طریقت (الہامی)

۱۱۔س مدد کن با پناہِ پشتِ معنبر جنابِ شاہِ جیلانی معطر (الہامی)

۱۲۔س ہست ایں احقر غلامِ مصطفیٰ خاکپائے انبیاؑ و اولیا (الہامی)

۱۳۔ع بادشاہ چوں برملا پیدا بود نے خنداں (عطار)

۱۴۔ع حبیبِ خدا اشرفِ انبیا (سعدی)

۱۵۔ع باشد کہ باز بینم آں یارِ آشنا را (حافظ)

۱۶۔ع ترحم یا نبی اللہ ترحم (جامی)

۱۷۔ع بوقتِ خاتمہ در مجلسِ ختم الرسل احمد (سرور)

۱۸۔ع نامِ میاں محمد است قُلی (الہامی)

۱۹۔ع حبیبِ سخی شاہِ معروف بود (الہامی)

۲۰۔ع زلفِ خمدار عاشق و معشوق (الہامی)

۲۱۔ع دلِ حق جائے گنبدِ اوست (الہامی)

اردو اشعار

۲۲۔س خدایا تو بخشش سے مسرور کر چراغِ ہدایت سے پُر نور کر (الہامی)

۲۳۔س تکلیف ہو جو دم کو نادِ علی پوکارا مشکل کشا مقدس حیدر بلا پیارا (الہامی)

۱۰۔ع زبان و دل سے اِلّا اللہ بھلا ہے (الہامی)

Marfat.com

۲۵-ع خلق کو احمد پیارا سیدِ لولاک ہے (الہامی)

پنجابی اشعار

۲۶-س صبا روضے رسول اللہ دے جائیں میرا احوال رو رو کے سنائیں (غلام رسول)

۲۷-س عشا کے بعد نت سرمہ لگاون ترے ترے میل ہر ہر چشم پاون (غلام رسول)

۲۸-س نور تیرے وچ اللہ بھریا سوہنا کرماں والا

اللہ اللہ ہر دم پڑھ توں فضل کرے حق تعالیٰ (الہامی)

۲۹-س پڑھو کلمہ درود اں نوں ہزاراں ایہ مژدہ اہل سنت نوں بہاراں (الہامی)

۳۰-س حبیب پیارا دو جگ اندر روشن تیا عزیزا

درجہ تیرا اُچا کرسی اللہ با تمیزا (الہامی)

۳۱-س اگر تیرا مناظر شاہ ہوئے تیرا ٹولہ بجن جاہ ہووے (الہامی)

۳۲-س خدا عزت تیری کردا وڈا رتبہ تیرے گھر دا (مولود)

۳۳-ع ح: حکم جناب نوشاہیاں دا غوث قطب سرے اُتے مندے نیں (اشرف)

۳۴-ع رَل ہیسے وَیسے پلک کوئی نہیں بَلک دا کجھ وساہ رانجھا (حسین)

۳۵-ع بھورے پٹکے دی لاج نوشہ بھورے والیا (کافی)

۳۶-ع اساڈے تے ہویا کرم الٰہی (الہامی)

۳۷-ع بشیر احمد پئے شادی دے جانا (الہامی)

۳۸-ع دنیا والے دی سبے تابع سبھ ملک آسمانی (الہامی)

عملیات

آپ اگرچہ عملیات میں کوئی شغف نہیں رکھتے۔ مگر بعض اوقات ضرورت مندوں کو کوئی عمل فرما دیا کرتے ہیں اور حق تعالیٰ آپ کی زبان مبارک کی تاثیر سے ان کو متمتع کر دیا کرتا ہے۔ چنانچہ فرماتے ہیں:

بال بچے کے واسطے اگر کسی شخص کو بالجبر دونوں نمازوں کے بعد الفاظِ ذیل ایک بار پڑھ کر دونوں

Marfat.com

ہتھیلیوں پر پھونک کر وہاں پھیر لیا کرے۔ اسی طرح نُو بار کرے تو اللہ تعالیٰ شفا دے گا۔ الفاظ یہ ہیں:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لا الہ الا اللہ نور۔ حضرت خواجہ اویس قرنی بارگاہِ رسول۔

بواسیر کے واسطے

اگر کسی کو بواسیر ہو تو روزانہ عشا کے وقت وتروں کی پہلی رکعت میں بعد فاتحہ کے سورہ انشراح، دُوسری رکعت میں التین، تیسری رکعت میں اخلاص پڑھا کرے۔ اور نماز فجر کی سُنتوں میں پہلی رکعت میں بعد فاتحہ کے سورۂ انشراح، دُوسری میں الفیل پڑھا کرے تو اِن شاء اللہ شفا پاوے گا۔

دفعیہ سانپ کے واسطے

اگر کوئی شخص ایسے راستہ میں چلے جس میں سانپ کاٹنے کا خوف ہو، یا وہاں بکثرت سانپ رہتے ہوں تو یہ آیت شریف بلا تعداد پڑھتا جاوے تو سانپ یا دیگر موذی جانور راستہ سے ہٹ جائیں گے۔ یہ ہے:

سَلَامٌ عَلٰی نُوحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ وَکَذٰلِکَ نَجْزِی الْمُحْسِنِیْنَ۔

اگر آیت کریمہ پچیس روز تک روزانہ ایک ہزار مرتبہ پڑھ لیا کرے تو کبھی سانپ کو نہ دیکھے گا۔

دولت مندی کے واسطے

اگر چاہے کہ خداوند کریم دنیاوی دولت سے غنی کرے تو روزانہ نماز تہجد کے بعد اسم شریف اللہ الصمد ایک ہزار مرتبہ پڑھا کرے اوّل اور آخر درود شریف اکتالیس مرتبہ پڑھ لیا کرے۔

روزینہ غیب کے واسطے

اگر کوئی شخص روزینہ غیب چاہتا ہو تو روزانہ سورۂ زخرف پانچ مرتبہ پڑھا کرے۔

یہ عمل آپ نے اپنے چھوٹے فرزند صاحبزادہ سید بشیر احمد صاحب بشارت مرحوم کو فرمایا تھا انھوں نے اس پر عمل کیا تو اس کے فوائد سے متمتع ہوئے۔

تصنیفات

آپ کی متعدد تصانیف ہیں:

Marfat.com

۱۔ پنجابی ترجمہ کریما : حضرت شیخ سعدیؒ کے پندنامہ کریما کا ترجمہ پنجابی میں تحت اللفظ کیا ہے۔
۲۔ پنجابی ترجمہ نامِ حق : حضرت مولانا شرف الدین بخاریؒ کے رسالہ فقر نامِ حق کا پنجابی میں ترجمہ کیا ہے۔
۳۔ پنجابی ترجمہ شیخ عطارؒ : حضرت شیخ فریدالدین عطارؒ کے پندنامہ کا پنجابی ترجمہ کیا ہے۔
۴۔ پنجابی ترجمہ گلستاں : حضرت شیخ سعدیؒ کی کتاب گلستاں کا پنجابی ترجمہ کیا ہے۔
۵۔ رسالہ رفع سبابہ : اس میں تشہد میں انگلی اٹھانے کے دلائل حدیث اور فقہ سے دیے ہیں اور رفع سبابہ کو سنت ثابت کیا ہے۔
۶۔ رسالہ طاعون : اس میں از روئے دلائل حدیث ثابت کیا ہے کہ طاعون یا وبا کے مقام سے بھاگنا سخت گناہ ہے۔
۷۔ رسالہ الخواص : اس میں اپنے پیرانِ طریقت کے مختصر حالات لکھے ہیں۔
۸۔ دیوانِ نوشاہی : اس میں آپ کی پنجابی غزلیات ہیں۔
۹۔ پنج گنج نوشاہی : یہ آپ کی پانچ سیحرفیوں کا مجموعہ ہے جو حضرت نوشہ صاحبؒ کی مدح میں ہیں۔
۱۰۔ نوشاہی نامہ : یہ آپ کے پنجابی اشعار کا مجموعہ ہے۔
۱۱۔ تفسیر نوشاہی : یہ سورہ مزمل شریف کی تفسیر ہے۔ چند معتبر تفاسیر سے مضمون لے کر اس کو مکمل کیا ہے۔
۱۲۔ خطباتِ نوشاہی : اس میں آپ نے اپنے پسندیدہ خطبے جمع کیے ہیں۔
۱۳۔ انوارِ نوشاہی : اس کا نام فیض محمد شاہی بھی ہے۔ یہ مسودات دس جلدوں میں نو ہزار دو سو چوہتر صفحات ہیں۔ اس میں خاندان نوشاہی کے مبسوط حالات اور تاریخہائے ولادت اور وفات اور مدحیات وغیرہ درج کیے ہیں۔ اس میں بے شمار علمی حقایق ہیں۔ یہ کتاب بے ترتیب ہے۔ بطور مسودہ یا بیاض ہے۔ اگر خدا تعالیٰ نے فقیر سید شرافت عافاہ اللہ کو فرصت اور توفیق دی تو کسی وقت اس کو مرتب کیا جاوے گا۔ میری کتاب شریف التواریخ کا زیادہ تر ماخذ یہی کتاب ہے۔
۱۴۔ مجالس نوشاہی : آپ کی انیس مجلسوں کے ارشادات میں نے بنام ضیاء العارفین جمع کیے ہیں۔

Marfat.com

۱۵۔ ملفوظات نوشاہی : آپ کی زبان کے ملفوظات میں نے بنام کنز المعرفت چار جلدوں میں جمع کیے ہیں۔

۱۶۔ کنز الفوائد : یہ آپ کے ملفوظات کا ایک مختصر رسالہ ہے جو آپ کے صاحبزادہ اصغر سید ابوالرضا بشیر احمد بشارت مرحوم نے جمع کیا ہے۔

۱۷۔ مکتوباتِ نوشاہی : یہ آپ کے مکاتیب عالیہ کا مجموعہ ہے۔ فارسی، اردو، پنجابی زبان میں منظوم اور منثور ہے۔ نصایح و ہدایات سے لبریز ہے۔ یہ ابھی زیر ترتیب ہے۔

۱۸۔ رقعاتِ نوشاہی : اس میں آپ کے وہ مکاتیب ہیں جو دنیاوی واقعات کے متعلق سرسری طور پر آپ نے اولاد یا مریدوں کی طرف بھیجے۔ یہ بھی ابھی زیرِ ترتیب ہے۔

تاریخ گوئی

آپ کو ملکہ تاریخ گوئی کافی ہے۔ مادہ ہائے تاریخ بنانے میں آپ بڑے ذکی اور فہیم ہیں۔ بعض اوقات دیکھا گیا ہے کہ فوری طور پر آپ مادۂ تاریخ بنا لیتے ہیں۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گویا آپ کو الہام ہوتا ہے۔ آپ نے سینکڑوں کی تاریخیں بنائیں جو آپ کی تحریرات میں لکھی ہوئی ہیں۔ یہاں بخوفِ طوالت درج نہیں کی گئیں۔

شاعری آپ فارسی، اردو، پنجابی زبان میں اشعار کہتے ہیں۔ آپ کے اشعار ہزاروں کی تعداد میں ہیں۔

مکتوبات

آپ کے مکتوبات شریف سینکڑوں کی تعداد میں ہیں جو ابھی تک متفرق صورت میں ہیں۔ اگر خدا تعالیٰ نے کبھی توفیق دی تو ان کو جمع کرنے کا خیال ہے۔ یہاں تین مکتوب لکھے جاتے ہیں۔

مکتوب اول بطرف سید شرافت یہ مکتوب آپ نے میری طرف لکھا۔ اس میں میری کتاب شریف التواریخ جلد اوّل کے متعلق اپنی رائے مبارک ظاہر فرمائی ہے۔

Marfat.com

بعد حمدِ پاک رب العالمین
اور درودِ رحمۃ للعالمین،

مجدد السلسلۃ النوشاھیۃ مہبط التجلیات الرحمانیۃ ۔ نور عین الفقر و السخاء ۔ مخزن الولایۃ والعطاء ۔ العزیز شریف احمد مدّ عمرہٗ کمدّ بسم اللہ الاحد۔ السلام علیکم وعلیٰ من اتبع الھدیٰ ۔ بعد دعائے حکم وعلم کے واضح ہو کہ الحمد للہ کثیراً کثیراً کہ تم کو عزیز و متعال اور خالقِ ذوالجلال نے علمِ تصوف عطا کیا ہے اور اپنے آباد کرام و پیرانِ عظام کے حالات بابرکات پڑھنے کے بعد تصنیف و تالیف کا شوق بھی مرحمت فرمایا ہے۔ الشکر للہ کہ محققین سابقین کے مطابق اصول روایت و درایت کو مدّ نظر رکھ کر تصنیف شریف مکمل ہوئی ۔ کتاب شریف التواریخ دنیا میں چشمۂ فیوضاتِ نوشاہیہ ہے اور منبعِ برکاتِ مصطفائیہ ہے ۔ طبقہ حفاظ اس سے آیتیں پڑھیں گے ۔ طائفہ محدثین احادیث ملاحظہ کریں گے ۔ مورخین تواریخ کا مطالعہ کریں گے ۔ حضرات صوفیہ ملفوظات اولیاء اللہ سے ذوق حاصل کریں گے ۔ شعراء عربی ، فارسی ، بھاشا ، اردو ، پنجابی اشعار پڑھ کر مسرور ہوں گے ۔ اہلِ انشا مکتوباتِ نبوی مکتوباتِ نوشاہی پڑھ کر دل کی آنکھوں کو منور کریں گے ۔ طالبانِ معجزہ معجزات و کرامات سے حظ اٹھائیں گے ۔ ادیبوں کو ادبی عبارتوں سے حصہ ملے گا ۔ اللہ السبحان اس کتاب کو مقبول خواص و عوام کرے اور تمہاری عمر زیادہ کرے ۔ اور تمہاری اولاد و احباب کو ترقی عشق غوثیہ نصیب کرے ۔ امین بحرمۃ محمدؐ الامین ۔

الداعی الی الحق والصفا الفقیر سید غلام مصطفےٰ

مکتوب دوم بطرف سید شرافت یہ مکتوب بھی آپ نے سفر سے میرے نام لکھا ، جو نصیحت آمیز ہے ۔

عزیزم شرافت مقدس ضمیر — بحفظِ خدا پاک باشی منیر
دگر نام اصلی شریف احمد ست — بتو پسند گویم کہ یاد آمد ست

Marfat.com

سلامم بتو باد و با اقربا — دعائے حیاتِ ابد با صفا
بتوحیدِ ایزد شوی مستقیم — محمد اولوالعزم دانی کریم
باصحاب وآلش بگو صد سلام — صلوٰۃ و درودے بہ سیدانام
شنو حال و قالم نخست اے پسر — بچشمِ عزیزان شوی معتبر
بسوئے مریدانِ صادق یقین — بہ سفرِ مبارک برفتیم ہیں
بہ واصو بماندیم یک شب عزیز — بہ مانگٹ دگر لیل ماندیم نیز
سیوم لیل ماندیم در پانڈ و وال — بفضلِ خدا ایزدِ ذوالجلال
بہ نزدِ علی چار میں شب بداں — بماندیم در گوجرا بیگماں
بماندیم شب پنجمیں در بُوسال — رسیدیم امروز نزدِ جلال
بخانہ بیائیم تا ہشت روز — خدا خیر دارد بتو و لفروز
فقیرِ خدا بخش و احمد بشیر — مصنف ہمہ خوش بفضلِ قدیر
بیادِ خدا باش ثابت قدم — مطیع محمد نبی در قدم
بتقلیدِ نعمان و فقرِ حسن — بغوثِ معظم مطیع شو بہ تن
باولادِ نوشاہ باشی عزیز — بعلم و بعقل و سخاوت تمیز
بآدابِ پیراں شوی کاملے — بخدماتِ اعلیٰ شوی عاملے
بخوراں بشفقت بجاہل سکوت — عدو را بحلم و ادب دہ ثبوت
بیاراں محبت بدل جان کن — سوئے دینِ احمد بایقانِ کن
ہمہ وقت حق یاد داری بدل — زخبثِ گنہ دل برآری ز گل
بوقتِ ضرورت بگو خوش کلام — بوقتِ خموشی خموشی مدام
ز انفال و اذکار شو زنگِ دل — باورادِ مسنون کن رنگِ دل
مبارک سیر باش با خاص و عام — بشیریں سخن چوں رسولِ انام
ز قبرِ بزرگانِ دیں فیض جو — بفاتحہ زیارت درودش بگو
بکن عرسِ مرشد بفضلِ الٰہ — ترقی کند دولت و حشم و جاہ

Marfat.com

ثوابِ طعام و کلامِ خدا — بروحِ اقارب رساں دائما
عمل کن بقرآں شاہِ کتب — بجز و قیاسِ معلے رتب
زملفوظِ صلحا و عرفا بخواں — بذکرِ خدا باش با دوستاں
بجز علمِ قرآں و خبرِ رسول — مکن گفتگو نورِ چشمِ قبول
محبت بداری بہ نعمانیاں — مودت بسازی بہ نوشاہیاں
زدربارِ نوشہ بجو نورِ ذوق — بعشق و محبت بشو فوق فوق
زشعبان دال بست و دوّم[۱۲۲] لے ولید — بیک شنبہ ایں خط نوشتہ سعید
چہل ہفت و سہ صد[۱۳۴] بداں یک ہزار — نوشتم چو مکتوب سالش شمار
ز نوشاہی مفتقر صد دعا — درازی حیات و علوم و غنا

مکتوب سوم بطرف سید بشارتؒ یہ مکتوب آپ نے اپنے چھوٹے صاحبزادہ سید بشیر احمد بشارتؒ کے نام لکھا - اس میں ذکر کے اقسام بیان فرمائے ہیں۔

"ھو"

"عمدۃ الاخیار۔ میرے عزیز والا تبار - برخوردار بشیر احمد سلمہٗ ربہٗ السلام علیکم ورحمۃ اللہ - واضح ہو کہ ذکر کی چار قسمیں ہیں:

اوّل: لا الٰہ الّا اللہ - اس کو ذکر ناسوتی کہتے ہیں۔

دوم: الّا اللہ - اس کو ذکر ملکوتی کہتے ہیں۔

سوم: اللہ - اس کو ذکر جبروتی کہتے ہیں۔

چہارم: ھُوْ ھُوْ - اس کو ذکر لاہوتی کہتے ہیں۔

بعض صوفیائے کرام زبان کے ذکر کو ناسوتی کہتے ہیں۔ اور دل کے ذکر کو ملکوتی۔ اور روح کے ذکر کو جبروتی۔ اور سِر کے ذکر کو لاہوتی کہتے ہیں۔

بعض کے نزدیک زبان کے ذکر کو ذکرِ جسمی، اور فکر کے ذکر کو ذکرِ نفسی، اور مراقبہ کے ذکر کو ذکرِ قلبی، اور مشاہدہ کے ذکر کو ذکرِ روحی اور معاینہ کے ذکر کو ذکرِ سِری کہتے ہیں۔

Marfat.com

بعض عارفوں کے نزدیک ناسُوت یہ دُنیا ہے۔ اور ملکوت آخرت ہے۔ اور جبروت حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا قُرب، اور لاہُوت حق تبارک و تعالیٰ کا وصال ہے۔

بعض عارفوں کے نزدیک عالمِ ناسُوت کی پہچان شریعت کی راہ کی استقامت ہے۔ اور عالمِ ملکوت کی پہچان زاہدوں کی راہ کی استقامت ہے۔ اور عالمِ جبروت کی پہچان عارفوں کی راہ کی استقامت ہے۔ اور عالمِ لاہوت کی پہچان عاشقوں کی راہ کی استقامت ہے۔

میرے عزیز! جو لطایف عالمِ امر سے ہیں وُہ یہ ہیں، قلب، رُوح، سرّ، خفی، اخفیٰ۔ اور ایک لطیفہ عالمِ خلق سے ہے جو نفس ہے۔ قلب کا نور زرد، رُوح کا نور سُرخ، سِرّ کا نور سفید، خفی کا نور سیاہ، اخفیٰ کا نور سبز، اور نفس کا نور بے کیف ہے۔ عالمِ امر کے پانچوں لطیفے ان انبیائے کرام کے زیرِ قدم ہیں۔ یعنی قلب حضرت آدم علیہ السلام کے زیرِ قدم ہے۔ اور رُوح حضرت نُوح علیہ السلام کے زیرِ قدم ہے۔ اور سِرّ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے زیرِ قدم ہے۔ اور خفی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے زیرِ قدم ہے۔ اور اخفیٰ حضرت خاتم الرسل محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے زیرِ قدم ہے۔

(ان لطائف کی جگہ یہ ہے۔ لطیفہ قلب کی جگہ بائیں پستان سے دو انگل نیچے مائل بہ پہلو ہے۔ لطیفہ رُوح کی جگہ دائیں پستان سے دو انگل نیچے مائل بہ پہلو۔ لطیفہ سِرّ کی جگہ بائیں پستان کے برابر دو انگل ہے مائل بہ طرف سینہ۔ لطیفہ خفی کی جگہ دائیں پستان کے برابر دو انگل کے فاصلہ پر مائل بطرف سینہ۔ اور لطیفہ اخفیٰ کی جگہ سینہ کے بیچ ہے۔ اور لطیفہ نفس کی جگہ پیشانی پر سجدہ کی جگہ ہے۔ اور لطیفہ قالبیہ یعنی اربعہ عناصر کی جگہ تمام بدن ہے۔

جب دل ذاکر ہو جاوے اور اللہ اللہ کے شوق سے بھر جاوے تو لطیفہ روح کی طرف متوجہ ہووے۔ جب لطیفہ رُوح میں اللہ اللہ کی مبارک آواز گُونجنے لگے تو پھر لطیفہ سِرّ کی طرف متوجہ ہووے۔ پھر لطیفہ خفی اور اخفیٰ کی طرف بتدریج متوجہ ہوئے بغرضکہ ہر بال سے ذکر اللہ اللہ جاری ہووے۔ اس کو سلطان الاذکار کہتے ہیں۔ فقط والسلام"

"فقیر سیّد غلام مصطفےٰ نوشاہی از ساہن پال"

Marfat.com

الہامات

آپ کو تہجد کے وقت اوراد و وظایف کے دوران میں یا تلاوتِ قرآن مجید کے وقت گاہ بگاہ الہامی طور پر کچھ کلمات مسموع ہوتے ہیں یا قلب پر القا ہوتے ہیں۔ آپ اپنی تحریرات میں تاریخوار لکھ لیا کرتے ہیں۔ ان میں سے ایک سو چودہ[۱۱۴] الہامات کو ترتیب حروف تہجی یہاں درج کیا جاتا ہے۔

الف

۱۔ اُڑاں آجاؤ وڈیائی اے

۲۔ استغفر ربی

۳۔ اسلام رحمت دولت

۴۔ اگر عقل کم ہو تو علم سے کام لو علم مدد دیتا ہے۔

۵۔ اگوں قرآن پڑھا کر۔

۶۔ اِلّا اللہ

۷۔ الحمد للہ سبحان اللہ الحمد للہ۔

۸۔ اللہ اکبر۔

۹۔ اللھم صل علیٰ محمد وعلیٰ اٰلِ محمد بعدد ما فی جمیع علی الاسرائیل۔

۱۰۔ اللہ ھو۔

۱۱۔ اللہ ھو اللہ ھو۔

۱۲۔ المعراج مقاعد الصلوٰۃ۔

۱۳۔ الیس الصبح۔

۱۴۔ ان لا تنصروہ فقد نصرہ اللہ۔

۱۵۔ انہٗ من سلیمان وانہٗ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم بارش کی کنجی ہے۔

۱۶۔ انی نکر فیض۔

۱۷۔ ایتھے ای قبر دا حکم اے۔

۱۸۔ ایک لڑکا باغ سخن پر چلے گا۔

ب

۱۹۔ باباجی نماز پڑھو۔

۲۰۔ بالکل۔

۲۱۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ الٓمّٓ ذالک الکتٰب لا ریب فیہ ھدًی للمتقین۔

پ

۲۲۔ پانچ ذکر بہت اچھے ہیں۔

۲۳۔ پرانی رسماں پھینک دو نیا زمانہ ہے۔

۲۴۔ پیغمبر کا حکم سنا دو جا کر۔

ت

۲۵۔ توبہ۔

۲۶۔ توبہ استغفار۔

Marfat.com

۲۷۔ تؤمنون باللہ۔

ج

۲۸۔ جس جگہ آدمیوں کا مجمع ہوئے یا پانچ آدمی ہوں تو ذکر نبی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا کیا کرو۔

۲۹۔ جَلَّ شَانُہٗ۔

چ

۳۰۔ چُپ۔

ح

۳۱۔ حافظ قدرت اللہ ہیں۔

۳۲۔ حالت دیوانگی ہے۔

۳۳۔ حق۔

۳۴۔ حق اللہ حق اللہ حق اللہ۔

۳۵۔ حیدر حیدر

خ

۳۶۔ خاکسار تابعدار۔

۳۷۔ خدا کا خزانہ۔

۳۸۔ خلق الانسان علمہ البیان۔

۳۹۔ خیر الراحمین۔

د

۴۰۔ دکھن کو جا۔

ر

۴۱۔ رب العرش العظیم۔

۴۲۔ رب یسر ولا تعسر وتمم بالخیر پڑھا کرو۔

۴۳۔ رکن عالم نوری کے گھر کھانا کھایا کرو۔ جتنے دن رہنا ہو۔

۴۴۔ رمز کی بات چاہیے۔

۴۵۔ روٹی اور نوکر۔

۴۶۔ روزہ گراں مایہ ہے۔

س

۴۷۔ سبحان اللہ الحمد للہ۔

۴۸۔ سلطنت بدل گئی۔

۴۹۔ سوئے شرع رفتن۔

۵۰۔ سیّد۔

ش

۵۱۔ شام کی نماز جماعت مسجد میں کرائیں۔

۵۲۔ شاہاں واپیالہ فارتقب واصطبر۔

۵۳۔ شجرۃ النسبی۔

ص

۵۴۔ صلوا علیٰ کل قریش۔

ع

۵۵۔ عالم کی بات عالم سمجھتا ہے۔

۵۶۔ علیک ظل الرحمٰن

غ

۵۷۔ غور سے پڑھو۔

Marfat.com

ف

۵۸۔ فقنا عذاب النار۔

۵۹۔ فقیروں درویشوں سے ہر کوئی ڈرتا ہے۔

۶۰۔ فکیف اذا جئنا من کل اُمّۃٍ بشھیدٍ وجئنا بک علیٰ ھٰؤلاء شھیداً۔

۶۱۔ فلما جاء الکعبۃ۔

۶۲۔ فیاض الناس۔

ق

۶۳۔ قدرت

۶۴۔ قدمی ھذہٖ علیٰ رقبۃ کل ولی اللہ۔

۶۵۔ قرآن شریف پڑھو۔

۶۶۔ قرآن مجید پڑھو ترجمہ آوے یا نہ آوے۔

۶۷۔ قرآن مجید تے اُتریا۔

۶۸۔ قلب فیوض ایمانی

۶۹۔ قل یا ایھا پڑھا کرو۔

ك

۷۰۔ کثرت باللہ۔

۷۱۔ کشورستان۔

۷۲۔ کلامِ الٰہی۔

۷۳۔ کلام سُننے والوں کو اچھی مثال دو کہ وہ خوش ہو جائیں۔

۷۴۔ کلہ۔

۷۵۔ کلہ تیرہ سو بار۔

۷۶۔ کلہ لکھ۔

۷۷۔ کلوا واشربوا بما اسلفتم فی الایام الخالیہ۔

۷۸۔ کھٰیٰعٓصٓ۔ ذکر رحمۃ ربک عبدہٗ زکریا۔

ل

۷۹۔ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔

۸۰۔ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھا کرو۔

۸۱۔ لا تحسبوہ مثلی۔

۸۲۔ لا تذر الیوم۔

۸۳۔ لا تشتروا بایاتی ثمنًا قلیلاً۔

۸۴۔ لکھت لک گئی۔

۸۵۔ لے شربت پی لے۔

م

۸۶۔ مالک عالم روشن۔

۸۷۔ مبارک

۸۸۔ مریدوں کو اسمِ ذات فرمایا کرو۔

۸۹۔ مسجد میں تشریف لے جایا کرو۔

۹۰۔ مقبول ربانی۔

۹۱۔ مینوں قرآن مجید دا مان اے۔

ن

۹۲۔ نامور۔

۹۳۔ نذیر جواد۔

Marfat.com

۹۴۔ نماز پڑھا۔

۹۵۔ نور۔

۹۶۔ نورھم یسعیٰ بین ایدیھم و بایمانھم
ربنا اتمم لنا نورنا۔

۹۷۔ نوشاہی ساہن پال جا۔

۹۸۔ نؤمن ذاکرین۔

و

۹۹۔ واذ ننجی الذین اٰمنوا اتقوا۔

۱۰۰۔ واستکبرھو وجنودہٗ فی الارض۔

۱۰۱۔ واوحینا الیہ لتنبئنھم بامرھم
ھذا وھم لایشعرون۔

۱۰۲۔ وجوگجو۔

۱۰۳۔ وعدہ کرکے پھر جانا ایسا کام نکرنا چاہیے۔

۱۰۴۔ ولی کو حضور خدا سہل اور جلد ہوتا ہے۔

۱۰۵۔ وما ارسلنٰک الا مبشراً۔

ھ

۱۰۶۔ ہندو بہت بُرے ہیں مُسلمان چنگے ہیں۔

ي

۱۰۷۔ یا ابراھیم۔

۱۰۸۔ یاایھا الناس اعبدوا ربکم۔

۱۰۹۔ یاجبرائیل یاامین یاحفیظ۔

۱۱۰۔ یاحسین یاحسین۔

۱۱۱۔ یاقوت بس۔

۱۱۲۔ یامحمد یامحمد یامحمد۔

۱۱۳۔ یوم القیٰمۃ۔

۱۱۴۔ یؤمنون بمثلہٖ نذیراً۔

الہامات جو بعض حضرات کے متعلق ہوئے ہیں

آپ کو بعض اوقات کشفی حالت میں یا مشاہدہ میں بعض حضرات کے متعلق الہامات یا ندائے غیبی ہوتے رہتے ہیں جو آپ بقید تاریخ اپنے مسودات میں تحریر کرتے رہتے ہیں۔ مختصراً یہاں کچھ لکھے جاتے ہیں۔

حضرت محمد رسول اللہؐ کے متعلق

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق آپ کو کئی الہامات ہوئے از انجملہ۔

۱۔ محمد
۲۔ محمد آیا
۳۔ رسالت پناہ
۴۔ جناب شہِ عالم
۵۔ دو جگ دے سردار
۶۔ رسول من مان
۸۔ امت رحمت کریم
۹۔ خلق محمدی

Marfat.com

حضرت علی المرتضیٰؓ کے متعلق ۱۔ مشکل کشا ۲۔ حیدر کرار حیدر کرار
۳۔ میرا یار علی ہے۔

حضرت شاہ معروفؒ کے متعلق شاہ معروف

حضرت سخی شاہ سلیمان نوریؒ کے متعلق ۱۔ ہمدم من شاہ سلیمان ست۔
۲۔ حضرت شاہ سلیمان کو زندگی میں لوگ میاں صاحب کہتے تھے۔

حضرت نوشہ گنج بخشؒ کے متعلق

۱۔ نوشہ صاحب۔
۲۔ نوشہ پیر۔
۳۔ نوشہ پیر نوشہ پیر۔
۴۔ نوشہ پیر سچا واں۔
۵۔ نوشہ حاجی گنج بخش
۶۔ یا نوشہ مدد کرو۔
۷۔ یا حضرت نوشہ گنج بخش۔ یا حضرت نوشہ گنج بخش۔ یا حضرت نوشہ گنج بخش۔
۸۔ کوئی زبردست نہیں۔ کوئی زبردست نہیں۔ سب سے زبردست نوشہ صاحب ہیں۔

حضرت سید محمد شاہؒ کے متعلق

۱۔ محمد شاہ پیر ہے اور کوئی نہیں۔
۲۔ پیراں دا پیر احمد شاہ۔
۳۔ اے نوشاہی! تیرا اور تیرے باپ حضرت محمد شاہ مرحوم کا حج کے روز مکہ شریف میں اکٹھ ہوا ہے ۱۳۷۴ھ میں (بطور باطن)۔

سید غلام مصطفیٰؒ کے متعلق

اعلیٰ حضرت قبلہ ادام اللہ برکاتہ، کو خود اپنے متعلق بھی کئی الہامات وبشارات ہوئیں۔ مختصر طور پر یہاں بترتیب حروفِ تہجی درج کی جاتی ہیں۔

۱۔ آیندہ تو کسی کا محتاج نہ ہوگا۔
۲۔ اسدے نال داوڈا صبر والا کوئی نہیں ہویا۔
۳۔ اس کو امام زین العابدین کے پیالہ میں پانی دو۔
۴۔ السلام علیکم۔
۵۔ اللہ بہت فضل کرے گا۔ ہور بھی کریگا۔
۶۔ اللہ کا فضل خدا کا فضل تم پر بہت ہوگا۔

Marfat.com

۷۔ اِنجے ہوڈے دی مصطفےٰ جویں توں پیا آہنا ایں۔

۸۔ ایس خاندان نوشاہی وچوں توحید بیان کرنے والا ایسا ملیا ای کوئی نہیں۔

۹۔ اے نوشاہی! تم کو پالکی ملے گی۔

۱۰۔ ایہ بزرگ اے۔

۱۱۔ ایہ ٹھیک اے۔

۱۲۔ بابا پاک رحمان سلام ویندا ساجھے۔

۱۳۔ باوا جی۔

۱۴۔ باوا صاحب نیں۔

۱۵۔ بزرگ۔

۱۶۔ پانچ چٹانک دُودھ ہے۔ (دودھ عنایت ہوا اور یہ حکم ہوا)

۱۷۔ پرہیزگار پرہیزگار۔

۱۸۔ تساں تصیرا لا مورتے نہیں ویکھنا۔

۱۹۔ تم زبردست صاحبزادہ ہو سب سے۔

۲۰۔ تم علیم حکیم ہو۔

۲۱۔ تم کو آٹھ مربعے زمین ملے گی (یعنی ہشت بہشت)۔ ۴۔ غوثیت مآب۔

۲۲۔ تمہارے بزرگوں کو سلام۔

۲۳۔ تمہاری صورت عین برکات ہے۔

۲۴۔ تو نور اللہ کا بیٹا ہے۔

۲۵۔ تیرا نام محمد عبدالرحمان ہے۔

۲۶۔ تیراں تے چواں نوں فضل تے رحمت ہو گی۔

۲۷۔ تیرے دشمنوں کا بُوٹا پُٹ کے اُتاں سٹ چھڑیا اے

۲۸۔ تیرے دشمنوں کا مولی پٹیا ٹوآ۔

۲۹۔ تیری شادی عنقریب ہوگی (حوران جنت سے)۔

۳۰۔ تیرے گرہر شے بھیجاں گے توں فکر نہ کر۔

۳۱۔ تیرے وتوں شک لے ساڈے وتوں پک اے۔

۳۲۔ جبراً تہانوں لے جانا اے۔

۳۳۔ دشمن گھر کو ٹکرا تیرا ہو گا۔

۳۴۔ دو دن کو تو مل جائے گا۔

۳۵۔ رحمت آونے دی امید اے۔

۳۶۔ رسول پاک جے تہاڈے ول ٹر کے آجان۔ تہانوں آکھن انج کرو انج کرو، ایس طرح کرو۔

۳۷۔ سب کچھ مل جائے گا۔

۳۸۔ سلام اے جی۔

۳۹۔ صاحبزادے نوں ریاست مل گئی اے۔

۴۰۔ غوثیت مآب۔

۴۱۔ قرآن مجید پڑھتے پڑھتے جان تیری نکل جائے گی۔

۴۲۔ قیامت تک میں تیرے ساتھ ہوں۔

۴۳۔ کچھ اُنج ذوق اے، کچھ اِنج ذوق اے۔

۴۴۔ کریم تو اِس طرح نہیں کرتے۔

Marfat.com

۴۵۔ گڑا پٹ چھڑیا۔
(یہ ایک دشمن کے متعلق آواز آئی)
۴۶۔ مصطفےٰ بڑا نیک اے۔
۴۷۔ مولوی۔ مولوی۔ مولوی۔
۴۸۔ میاں جی۔ میاں جی۔
۴۹۔ میں محمد کے قلب میں بیٹھا۔
۵۰۔ نوشاہی کو فرماؤ۔ تمہاری عذاب سے نجات ہوگئی۔
۵۱۔ نوشہ صاحب کے دربار وچ خزانہ پیہا ہویا اے تیری خاطر۔
۵۲۔ وچکاریاں گلاں بہت اچھیاں ہوندیاں نیں۔
۵۳۔ ہم بھی شیر علی ہیں اور تو بھی شیر علی ہے۔
۵۴۔ یہ نوشہ صاحب کی اولاد ہیں۔
۵۵۔ یہ ولی ہے۔

شریف احمد شرافت کے متعلق

آپ کو ۲۲ رمضان ۱۳۶۲ھ کو بعد از نمازِ تہجد الہام ہوا
"نوشہ والا لاڑا شریف احمد اے"

کتاب شریف التواریخ کے متعلق

۱۔ (۱۱ رمضان ۱۳۶۳ھ کو آپ قرآن مجید کی تلاوت کر رہے تھے۔ جب یہ آیت ان فی ذٰلک لاٰیۃ وماکان اکثرھم مؤمنین پڑھی تو آپ کو یہ الہام ہوا:)
"حضرت نوشہ صاحبؒ کی اولاد میں شریف احمد شرافت کی کتاب شریف التواریخ جیسی نہ کسی نے بنائی ہے نہ ہی کوئی بنائے گا"
۲۔ (شب برات ۵ رجیت ۱۳۶۳ھ کو بوقتِ سحر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا دیدارِ پُر انوار آپ کو بیداری میں ہوا۔ حضور علیہ السلام نے کتاب شریف التواریخ کی پہلی جلد کو اپنے ہاتھ مبارک میں پکڑا ہے دائیں سے بائیں۔ اور بائیں سے دائیں کئی مرتبہ کھولی ہے۔ اور فرماتے ہیں:)
"ایہ کتاب ودھیا لکھی گئی اے"
۳۔ "شرافت تیری کتاب دیکھ کر لوک دق ہو جان گے"

کتاب فتاوٰے عبدالحی کے متعلق

"فتاوٰی عبدالحی بہت اچھا ہے"

Marfat.com

ملفوظات

آپ کا کلام نصیحت آمیز اور پُر اسرار ہوتا ہے۔ بعض ارشادات یہ ہیں۔

فرمایا: مومن کا حُسن اور زیور ایمان ہے۔

فرمایا: انسان جتنا خوف کرے اتنا ہی خدا تعالےٰ سے قریب ہو جاتا ہے۔

فرمایا: جو کلام ذکرِ الٰہی سے خالی ہو وہ لغو اور بکواس ہے۔

فرمایا: سب ذکروں سے کلمہ طیبہ کے افضل ہونے کی یہ وجہ ہے کہ اس میں توحید کا سبق ہے۔

فرمایا: کلمہ طیبہ کو دل سے پکانے والا دین اور دنیا میں ہر جگہ کامیاب ہوتا ہے۔

فرمایا: عوام الناس صرف زبان سے کلمہ پڑھتے ہیں اور خواص دل سے پڑھتے ہیں۔

فرمایا: اسم اعظم اللہ ہے۔

فرمایا: وسعتِ علم و دولتِ خداداد ہے۔ خدا جس کو عطا کرے۔

——— ایک مرتبہ مولوی حاجی محمد شریف غاروقی ساکن لدھے والہ چیمہ نے عرض کیا، باطنی نماز سے کیا مراد ہے؟ فرمایا: موتوا قبل ان تموتوا۔

فرمایا: درود شریف کو کثرت سے پڑھنے والا آدمی حضرت سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کا حضوری اور مقرب ہو جاتا ہے۔

فرمایا: جس کی نیت میں اخلاص نہ ہو اس کی عبادتیں کام نہیں آتیں۔

فرمایا: گوشہ نشین ہو کر خالصاً لوجہ اللہ اگر ایک ساعت بھی عبادت کی جائے تو بہت فائدہ مند ہوتی ہے۔

فرمایا: سالک کو جب مراقبہ یا مکاشفہ یا مشاہدہ میں کچھ انوار و تجلیاتِ ذاتیہ مشہود ہوں تو وہ اسی پر نہ اڑ رہے۔ بلکہ مقصود اصلی بہت آگے ہے۔

فرمایا: شریعت کی پابندی ہی ساغرِ عشق ہے۔ جس نے اس کو نوش کیا وہی عاشق حقیقی ہے۔

Marfat.com

فرمایا : احکام شرعیہ دو قسم ہیں۔ اوّل عبادات ، وہ اللہ تعالیٰ کے حقوق ہیں جو بندوں پر واجب ہیں۔ دوم معاملات ، جو بندوں کے حقوق ہیں۔ ایک دوسرے پر رعایتِ حقوق واجب ہے۔

فرمایا : تین چیزوں کے متعلق سوال کرنا شریعت نے منع فرمایا ہے۔ ایک تو خدا تعالیٰ کی حقیقت بکیفیت، ماہیت، کُنہ کے متعلق۔ دوسرا عذابِ قبر کے متعلق کہ وہ کس طرح ہو گا۔ تیسرا مسئلہ تقدیر کے بارے میں۔

فرمایا : شریعت یہ ہے کہ نماز و روزہ کا پابند رہے۔ اور طریقت یہ ہے کہ کسی کو ایذا نہ دیوے اور سخاوت کرے۔

فرمایا : سوائے اتباعِ نبویؐ کے کسی طرح نجات نہیں ہو سکتی۔ اگرچہ کتنی عبادتیں و ریاضتیں کرتا رہے جو خلافِ سنّت ہوں۔

فرمایا : فقر ہزاروں پردوں کے آگے ہے۔

فرمایا : مست فقیر بمنزلہ بادشاہ ہوتا ہے۔

فرمایا : فقیر یہ ہے کہ دست با کار و دل با یار ہو۔ اور عبادتِ الٰہی خلوصِ نیت سے کرے۔

فرمایا : ہم کو صوفیوں کا طریقہ بہت پسند ہے۔

فرمایا : انسان چار قسم ہیں : اوّل عام ، دوم خاص ، سوم خاص الخاص ، چہارم اخص الاخص۔ انبیائے کرام اسی آخری قسم سے ہوتے ہیں۔

فرمایا : سچ بولنا اور حلال کھانا پیغمبروں کا کام ہے۔ یا وہ لوگ جو پیغمبروں کا قُرب حاصل کر چکے ہوں۔

فرمایا : صبر و شکر خدا تعالیٰ کی بڑی نعمتوں سے ہیں۔

فرمایا : صبر یہ ہے کہ تو اس کی تکلیف و بلا پر ناخوش نہ ہو۔ اور شکر یہ ہے کہ تُو اس کی عطا کردہ نعمتوں پر کفران نہ کرے۔

فرمایا : صبر سے ایمان بڑھتا ہے۔

فرمایا : جوانمردی یہ ہے کہ انسان متحمل ، بُردبار ، پُرحوصلہ ہو۔ غصّہ کے

Marfat.com

وقت اپنی طبیعت پر قابو پائے۔ جوانمردی یہ نہیں کہ کسی کو تلوار مارے یا اذیت پہنچائے۔

فرمایا: سخی کے چہرہ پر نور ہوتا ہے اور سخی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا حضوری ہوتا ہے۔

فرمایا: کم کھانا، کم بولنا، کم سونا، ہمیشہ ذکرِ حق کرنا درویشوں کے اخلاق سے ہے۔

فرمایا: ہر مرض کی دوا تین طرح پر ہوسکتی ہے۔ اول صدقہ دینا۔ دوم دُعا یا دم کرنا۔ سوم علاج کرنا۔

فرمایا: دنیا خواب خیال ہے۔

کلماتِ طیبات

آپ کی زبان سے ہر وقت کلام نصیحت آمیز جاری رہتا ہے۔ یہاں آپ کے چند کلمات بترتیبِ حروفِ تہجی درج کیے جاتے ہیں۔

ا ادب کرو۔

ب بزرگوں کی خدمت کرو۔

بھ بھید فقر کا مخفی رکھو۔

پ پاک وصاف رہو۔

پھ پھرتی سے کام کرو۔

ت تصورِ شیخ کیا کرو۔

تھ تھوک قبلہ کی طرف نہ پھینکو

ٹ ٹیڑھا پن چھوڑ دو۔

ٹھ ٹھگ بازی سے بچو۔

ث ثواب کا کام کرو۔

ج جاہلوں سے پرہیز کرو۔

جھ جھگڑا کرنے سے بچو۔

چ چہرہ کو صاف رکھو۔

چھ چھت پر سے نہ جھانکو۔

ح حسد نہ کرو۔

خ خیرات کرو۔

د دوستانِ الٰہی سے محبت رکھو۔

دھ دھیان مولا کی طرف رکھو۔

ڈ ڈر خدا کا ہر وقت رکھو۔

ڈھ ڈھول کی آواز سے بچو۔

ذ ذکرِ خدا بحشرت کرو۔

ر راست بولو۔

ڑ ڑچیں پیش نہ کرو۔

Marfat.com

ز زاویہ نشین ہو جاؤ۔
ژ ژاژ خائی نہ کرو۔
س سیرت کو اچھا کرو۔
ش شکرِ خدا کرو۔
ص صبر سیکھو۔
ض ضامن کسی کے نہ بنو۔
ط طالبِ مولا بنو۔
ظ ظلم نہ کرو۔
ع عاشقِ خدا بنو۔
غ غیر خیالات سے بچو۔
ف فقر سیکھو۔
ق قناعت اختیار کرو۔

ك کرم پیشہ بنو۔
کھ کھانا طیب حلال کھاؤ۔
گ گفتگو قرآن حدیث کے مطابق کرو۔
گھ گھر کو ذکر سے معمور رکھو۔
ل للہ تعالیٰ کسی کا کام کیا کرو۔
ھ مشایخِ طریقت کی صحبت اختیار کرو۔
ن نیت صاف رکھو۔
و وقت کی قدر کرو۔
ہ ہمت نہ ہارو۔
لا لایعنی کلام نہ کرو۔
ء اوسط درجہ کا کام کرو۔
ي یوم الجزا سے خوف رکھو۔

معترفینِ کمالات

آپ کے معاصرین علما و مشایخ سب آپ کے کمالات کے معترف ہیں اور آپ کے متعلق نیک اعتقاد رکھتے ہیں اور آپ کی مدح و توصیف کرتے ہیں۔ میں نے اکثر بزرگوں کے اقوال جمع کیے ہیں جو آپ کی سوانح حیات میں مفصل درج کیے جاویں گے۔ یہاں چند اقوال لکھے جاتے ہیں۔

۱۔ عاملِ قرآنی، طبیبِ روحانی، سیاحِ ممالکِ ایشیا و یورپ حضرت خواجہ سید پیر محمد حسین شاہ چشتی نظامی اجمیری الملقب بہ شیخ صحرائی بہاولپوری المشہور روہی والے پیر صاحب جو اہلِ کشف سے ہیں اور اکابر مشایخِ وقت سے ہیں۔ فرماتے ہیں کہ:

"حضرت سید غلام مصطفےٰ نوشاہی مقام فنا فی الرسول سے آگے گزر چکے ہیں۔ اور آپ کا سیر مقام فنا فی اللہ میں ہے۔ اسی لیے تلاوتِ کلام اللہ شریف زیادہ کرتے ہیں۔ آپ کا روحانی پرواز بڑا بلند ہے۔"

Marfat.com

۲ ۔ حضرت مولانا خواجہ محمد حسین خلف الرشید مولانا خدا بخش چشتی صابری ایمن آبادی فرماتے ہیں کہ: "حضرت مولانا سید غلام مصطفےٰ بڑے مقبولِ خدا ہیں۔"

۳ ۔ حضرت مولانا مولوی حکیم فضل حسین قریشی نقشبندی مجددی امام مسجد چک ۴۵ ضلع گجرات فرماتے تھے کہ "میں قسمیہ کہتا ہوں کہ حضرت مولانا سید غلام مصطفےٰ صاحب ولی اللہ اور قطبِ زمان ہیں۔"

۴ ۔ حضرت مولانا مولوی محمد صدیق مخدوم حنفی قادری امام مسجد گاجر گولہ ضلع گوجرانوالہ بیان کرتے ہیں کہ: "حضرت سید غلام مصطفےٰ صاحب نوشاہی بزرگوں کی اولاد اور بڑے صاحبِ علم و فضل درویش ولی اللہ ہیں۔

اولاد

آپ کی شادی حضرت سیدہ حسین بی بی صاحبہ دختر سید غلام علی شاہ بن سید قدم الدین برخورداری ساہنپالوی سے چہارشنبہ ۲۰ شعبان ۱۳۲۴ھ میں ہوئی۔ مادہ تاریخ "شجرۂ طیبہ" ۱۳۲۲ ہے۔ اُن کے بطن سے اولاد ہوئی ہے۔ آپ کے دو بیٹے ہوئے:

۱ ۔ مولفِ کتاب ہذا فقیر سید ابوالریاض شریف احمد المتخلص بہ شرافت عفا اللہ عنہ اپنے حالات آگے لکھوں گا۔

۲ ۔ صاحبزادہ مولانا سید ابوالرضا بشیر احمد بشارت مرحوم۔ ان کے حالات طبقہ دوم کے گیارھویں باب میں درج ہوں گے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

اعلیٰ حضرت قبلہ ادام اللہ برکاتہٗ کی پانچ بیٹیاں ہوئیں:

۱ ۔ سیدہ نذیر بیگم۔ متولدہ سہ شنبہ ۲۴ ربیع الاول ۱۳۲۱ھ۔ یہ صاحبِ علم و فقر ہے زاہدہ عابدہ درویش خیال ہے۔ تارکہ مجردہ ہے۔ گھر میں قرآن مجید کا درس جاری کر رکھا ہے۔ بہت ساری مستورات اس سے علم حاصل کر چکی ہیں۔ اور بہت مستورات اس کے حلقۂ بیعت میں داخل ہیں اور وِرد و وظایف میں مشغول ہیں۔ یہ اس وقت ۱۳۹۱ھ میں بعمر پچاسی سال زندہ ہے۔

۲ ۔ سیدہ رضیہ بیگم کبریٰ۔ متولدہ ۱۳۲۳ھ۔ یہ چند ماہ عمر پاکر ۱۳۲۴ھ میں فوت ہوگئی۔

Marfat.com

۳ - سیدہ رضیہ بیگم صغریٰ۔ متولدہ دوشنبہ۔ ۱۹ ربیع الآخر ۱۳۳۵ھ۔ منکوحہ صاحبزادہ سید عبدالکریم المتخلص بہ عباسی بن سید عمر حیات برخورداری ساکن چنچل ضلع شیخوپورہ۔

یہ صاحبِ علم و حلم ہے۔ اخلاق حسنہ رکھتی ہے۔ اپنی سب بہنوں سے علم درویشی میں کمال ہے۔ اس کے دم درود، دعا سے اکثر لوگوں کو فوائد پہنچتے ہیں۔ اس وقت بعمر چھیالیس سال زندہ ہے۔ اس کا ایک بیٹا خضر حیات اور ایک بیٹی زکیہ بیگم موجود ہیں۔

۴ - سیدہ صفیہ بیگم۔ متولدہ دوشنبہ۔ ۴ صفر ۱۳۳۹ھ۔ منکوحہ صاحبزادہ سید ممتاز احمد بن سید کرم الٰہی برخورداری ساہنپالوی۔

یہ عزیزہ بھی تعلیم یافتہ، نیک اطوار، حلیم الطبع، مسکین طبیعت، صاحبِ عقل و دانش ہے۔ اس وقت بعمر بیالیس ۴۲ سال زندہ ہے۔

اس کے تین بیٹے۔ مختار حسن و سرفراز احمد و دلنواز احمد، اور ایک بیٹی بلقیس خانم ہے دونوں بڑے لڑکے بچپن میں فوت ہو چکے ہیں۔ چھوٹا بیٹا اور بیٹی موجود ہیں۔

۵ - سیدہ رشیدہ بیگم۔ متولدہ چہارشنبہ۔ ۱۹ رجب ۱۳۴۳ھ۔ منکوحہ صاحبزادہ حکیم سید مظفر حسین المتخلص بہ ظفر بن سید غلام احمد کاتب برخورداری ساہن پالوی۔

یہ عزیزہ صاحب علم۔ سلیقہ شعار بڑی ذہین و فطین، کاروبارِ خانگی میں لائق اور اپنے بزرگوں کے طریقہ پر کاربند ہے۔ اس وقت بعمر اٹھتیس ۳۸ سال زندہ ہے۔

اس کے دو بیٹے محمد سبطین مرحوم و شفیق الرحمٰن موجود، اور چار بیٹیاں زبیدہ بیگم و صداقت سلطانہ و رفاقت سلطانہ و شفقت نسیم موجود ہیں۔

میرے والد ماجد اعلیٰ حضرت قبلہ ادام اللہ برکاتہ، کی ساری اولاد صاحبِ علم و فضل پابندِ شریعت ہے۔

یارانِ طریقت

آپ کو اپنے والد صاحب کے سجادۂ ہدایت پر بیٹھے۔ اب چوالیس ۴۴ سال گزر چکے ہیں۔ آپ کے ارادت مندوں کا سلسلہ بہت وسیع ہے۔ یہاں حضرت نوشہ صاحبؒ کے یارانِ طریقت

Marfat.com

کی مناسبت سے آپ کے بائیس صوبے اور پونجہ بانوا اور بہتّر امرا لکھے جاتے ہیں۔

بائیس صُوبے

۱۔ مولفِ کتاب ہذا فقیر سید شریف احمد شرافت فرزند اکبر آنجناب مدظلہ	ساہنپال گجرات
۲۔ سید بشیر احمد بشارتؒ فرزند اصغر آنجناب	ساہنپال شریف "
۳۔ سید ریاض الحسن بن سید شرافت نبیرہ آنجناب	" "
۴۔ سید سعید الظفر بن سید شرافت ۔ نبیرہ آنجناب	" "
۵۔ سید عزیز احمد بن سید کرم الٰہی برخورداریؒ	" "
۶۔ سید محمد انور بن سید پیر محمد برخورداریؒ	" "
۷۔ سائیں خدا بخش المعروف تخبش علی درویش شاعر وڑائچا نوالیہؒ	" "
۸۔ سید مشتاق احمد بن سید فضل حسین ہاشمی	رَن مل "
۹۔ سائیں اللہ دتہ درویش المعروف جمعدار مجذوبؒ	گاکھڑہ کلاں "
۱۰۔ سائیں امام الدین درویش بن کرم دین موچی	" "
۱۱۔ سائیں محمد حسین درویش بن رحمت موچی	رسوئیہ "
۱۲۔ سید رسول شاہ بن سید حسن شاہ بخاری	چک سادا "
۱۳۔ میاں سید محمد بن نور علی گوجر گورسیؒ	جھنڈیرالی "
۱۴۔ سید رحمت علی بن سید جلال الدین برخورداریؒ	پانڈوکے نو گوجرانوالہ
۱۵۔ میاں علی احمد بن محمد بخش خلیفہ نورپوری	قلعہ دیدار سنگھ "
۱۶۔ مولوی محمد اسحاق کاہلوں	" "
۱۷۔ سائیں محمد شریف المعروف کرامت علی درویش بن الہدین خلیفہ نورپوری	کوٹ کیسو "
۱۸۔ سائیں سلطان علی المعروف ہرا بن علم دین لوہار	ابوالفتوالی "
۱۹۔ سائیں لال شاہ فقیر ہیروالا	ایمن آباد "
۲۰۔ سائیں عبداللہ المعروف مست علی درویش زمسلم	موکھل سندھواں "

Marfat.com

۲۱ - سائیں محمد حسین المعروف بنکا درویش	کوٹ سارنگ	کیمبل پور
۲۲ - چودھری نذر حسین بن محمد مالک بل	بل چک ۴۷	لائل پور

بونجہ بانوا

۱ - چودھری سلطان بن فضل تارڑ	ساہنپال شریف	گجرات
۲ - چودھری رحمت خاں بن مولاداد تارڑ	چھنی ساہنپال	〃
۳ - چودھری محمد بن مولاداد تارڑ	〃	〃
۴ - سائیں محمد نذیر ولد پڈھا تارڑ	اگرویہ	〃
۵ - میاں عمرالدین بن میاں فتح عالم امام مسجد	سارنگ	〃
۶ - میاں خوشی محمد امام مسجد	ٹھٹھہ نیک	〃
۷ - مستری احمد الدین ترکھان	چک جانو کلاں	〃
۸ - چودھری محمد الدین ولد مولاداد وڑائچ میونسپل کمشنر	ہیگر خورد	〃
۹ - چودھری مہدی خاں گوجر	ٹوپہ عثمان	〃
۱۰ - میاں راجہ بن نظام الدین موچی	جھنڈے والی	〃
۱۱ - میاں کرم دین بن راجہ موچی	〃	〃
۱۲ - صوفی نورالدین کشمیری	〃	〃
۱۳ - میاں فتح الدین بن خدا بخش بن جوایا بن اللہ دتہ بن خدا یار گاذر	چک ساوا	〃
۱۴ - چودھری فضل الدین چیمہ	چک ۱۲۲	سرگودھا
۱۵ - میاں فضل الدین گاذر	〃	〃
۱۶ - سائیں رمضان مسلم شیخ	چک ۵۰	〃
۱۷ - مولوی حکیم سلطان احمد بن میاں غلام فرید وٹو امام مسجد	پانڈو کے نو	گوجرانوالہ
۱۸ - میاں غلام مصطفےٰ المعروف صابر علی بن میاں غلام فرید	〃	〃
۱۹ - میاں کرم الدین بن عمر بخش کشمیری	پنڈوری کلاں	〃

Marfat.com

۲۰ - چودھری سلطان بن فضلداد چٹھہ	جھام والہ	گوجرانوالہ
۲۱ - مستری فضل دین بن حسن محمد ترکھان	"	"
۲۲ - چودھری محمد عاشق اوکھ ایم - اے	اوکھ بھاٹی کے	"
۲۳ - میاں محمد شریف بن محمد بخش گگو	ٹھٹی بلوچ	"
۲۴ - بابو عبدالعزیز بن میاں فضل الدین ورزی	سنگووالی	"
۲۵ - صوفی خان محمد وڑائچ	خانق پور	"
۲۶ - چودھری بشیر احمد بن علی محمد وڑائچ	تلونڈی راہوالی	"
۲۷ - خوشی محمد بن باغ علی موچی	ابوالفتوالی	"
۲۸ - میاں خاں موچی	"	"
۲۹ - مستری محمد الدین ترکھان	آلو شیدو	"
۳۰ - مستری خوشی محمد بن سد بندھی لوہار	سراں والی	"
۳۱ - چودھری حاجی کرم داد بن احمد یار وڑائچ	معروف آباد	"
۳۲ - باباخیر الدین لوہار	اِبن والی	"
۳۳ - میاں سید محمد بافندہ	"	"
۳۴ - محمد انور قصاب	ابدال	"
۳۵ - مستری محمد حسین بن نور الدین لوہار	باورے	"
۳۶ - اللہ دتہ بافندہ	باورے پیارے	"
۳۷ - مولوی محمد حیات اہلحدیث	گورالہ	"
۳۸ - سائیں بہاول المعروف لسوڑی شاہ	کوٹلی مہاراں	سیالکوٹ
۳۹ - مہر داد تیلی	وایاں والی	شیخوپورہ
۴۰ - چودھری حاکم علی بن حسین تارڑ	"	"
۴۱ - چودھری خوشی محمد بن حیات محمد طور واداں	"	"
۴۲ - چودھری علی محمد بن حیات محمد طور واداں	"	"

Marfat.com

۴۳ ۔ مسٹر رحمت علی ظفر — اِلاں والی — شیخوپورہ
۴۴ ۔ چودھری محمد حسین المعروف ذیلدار بن اللہ دتہ وڑائچ — ونوٹیاں والی — 〃
۴۵ ۔ چودھری عبداللہ بن غلام محمد وڑائچ — 〃 — 〃
۴۶ ۔ مستری نظام الدین بن اللہ دتہ لوہار — 〃 — 〃
۴۷ ۔ بابو منیر حسین — سانگلا ہل — 〃
۴۸ ۔ چودھری غلام احمد المعروف منگو ورک — کی اصحابانوالی — 〃
۴۹ ۔ میاں فضل الٰہی المعروف گھنا بنجرا امام مسجد نامرا — 〃 — 〃
۵۰ ۔ میاں سلطان ماچھی — 〃 — 〃
۵۱ ۔ چودھری ذوالفقار علی بی۔اے بن مولاداد چٹھہ نمبردار — چک ۸۴ — ملتان
۵۲ ۔ چودھری دولت خاں ڈھلو — محراب پور — نواب شاہ

بہتر امرا

۱۔ چودھری اللہ دتہ بن سید محمد تارڑ چھنی ساہنپال گجرات
۲۔ چودھری اللہ جوایا بن جلال تارڑ 〃 〃
۳۔ چودھری پہلا بن مولاداد تارڑ 〃 〃
۴۔ رحمت کشمیری زائر بغداد شریف 〃 〃
۵۔ محمد دین تیلی سارنگ 〃
۶۔ جلال بن حسن چٹھہ 〃 〃
۷۔ رحمت خاں بن وسن چٹھہ 〃 〃
۸۔ خوشی محمد بن احمد الدین موچی مانگہ 〃
۹۔ چودھری غلام قادر وڑائچ نمبردار چک جانو کلاں 〃
۱۰۔ روشن بن ساہنا وڑائچ 〃 〃
۱۱۔ شاد محمد بن مابلا وڑائچ 〃 〃
۱۲۔ خوشی محمد بن گھنا وڑائچ چک جانو کلاں گجرات
۱۳۔ گھنا بن جلال موچی 〃 〃
۱۴۔ لہنا کشمیری 〃 〃
۱۵۔ جلال بن گاہیتر کھان چک ۴۵ 〃
۱۶۔ سردار خاں بن غلام محمد وڑائچ ہیگر خورد 〃
۱۷۔ محمد الدین موچی 〃 〃
۱۸۔ الہدین بن کرم الدین موچی گاگھڑہ کلاں 〃
۱۹۔ رحمت بن نواب گوجر ٹوپہ عثمان 〃
۲۰۔ احمد حجام 〃 〃
۲۱۔ اللہ دتہ تاسس 〃 جھنڈیوالی 〃
۲۲۔ رحمت موچی 〃 〃

Marfat.com

۲۳۔ ریاض المعروف امانت علی بن نبی بخش موچی، داؤ گجرات
۲۴۔ رانجھا مراسی پرم گوجرانوالہ
۲۵۔ حسین بن جانی چٹھہ پانڈو کے تو "
۲۶۔ عطا محمد بن محمد حسین چٹھہ نمبردار " "
۲۷۔ جلال ترکھان جھام والہ "
۲۸۔ نور محمد بن محمد الدین ماچھی گھٹے والہ "
۲۹۔ ابراہیم گگو کانو چیمہ "
۳۰۔ نظام الدین بن جیون ماچھی سیدے والی "
۳۱۔ محمد بشیر موچی پھالو کے "
۳۲۔ ماسٹر نذیر احمد درزی سنگووالی "
۳۳۔ ماسٹر بشیر احمد درزی گگھڑ "
۳۴۔ مراد تیلی راہ والی "
۳۵۔ مستری محمد شریف ترکھان نورپور چاہلاں "
۳۶۔ اسمٰعیل موچی " "
۳۷۔ محمد شریف بن سلطان مراسی نوکھر "
۳۸۔ رحمت موچی نوگراواں "
۳۹۔ غلام رسول بن اسمٰعیل لوہار سرانوالی "
۴۰۔ علی احمد بن خوشی محمد لوہار " "
۴۱۔ عمر الدین شیخ " "
۴۲۔ حسین بن سدھا شیخ معروف آباد "
۴۳۔ رمضان المعروف گگا موچی کوٹلی عیسیٰ "
۴۴۔ الہدین ارائیں اِبتن والی "
۴۵۔ نور محمد بن اللہ داد بروالہ چوکیدار ٹھٹھہ داد "

۴۶۔ خوشی محمد بن فتح محمد رنگریز ابدال گوجرانوالہ
۴۷۔ غلام گوجر " "
۴۸۔ محمد علی گگو " "
۴۹۔ معراج الدین بن اللہ بخش موچی " "
۵۰۔ محمد بشیر بن اللہ بخش موچی " "
۵۱۔ محمد حسین بن نور محمد ماچھی تلونڈی موسے خاں "
۵۲۔ احمد حسین بن نور محمد ماچھی " "
۵۲۔ خادم حسین بن نور محمد ماچھی " "
۵۴۔ رحمت علی بن سردار خان ملہی لوڑھکی "
۵۵۔ محمد عنایت گگو " "
۵۶۔ محمد یوسف بن محمد عالم ہنجرا باورچیاں "
۵۷۔ نور محمد بن خوشی محمد باجواہ میرالی والہ "
۵۸۔ عبد الغنی موچی کوٹلی محلاں "
۵۹۔ محمد صادق بن عبد اللہ تارڑ کی اصحابانوالی شیخوپورہ
۶۰۔ غلام حیدر بن خان محمد تارڑ " "
۶۱۔ نظام الدین ماچھی " "
۶۲۔ سلطان موچی اِلاں والی "
۶۳۔ رمضان بن الٰہی بخش مڑھیالہ "
۶۴۔ سردار خاں سپرا " "
۶۵۔ بہادر بن حسین تارڑ وایاں والی "
۶۶۔ اللہ دتہ بن گوہر ماچھی " "
۶۷۔ پراں دتہ بن گوہر ماچھی " "
۶۸۔ حسین کشمیری عادل گڑھ "

Marfat.com

۶۹۔علم دین بُل ڈلپور ۷۱۔راج محمد بن کرم بخش موچی چک صوبہ لائلپور
۷۰۔اللہ دتہ بن سُدھا شیخ بھروکے " ۷۲۔قاسم خاں بن مولاداد چدھڑ چک ۱۰۹ بہاولپور

ان کے علاوہ آپ کے مریدوں کا سلسلہ بے شمار ہے یہاں سب کے نام درج کرنے کی گنجایش نہیں۔

مدحیات

آپ کی مدح شریف میں عقیدت مندوں نے بہت نظمیں لکھی ہیں جن میں سے اکثر پنجابی زبان میں ہیں۔میں نے خود کچھ نظمیں فارسی میں بھی لکھی ہیں۔یہاں سب کی گنجایش نہیں صرف ایک نازل فارسی اور ایک نظم پنجابی لکھی جاتی ہے۔

(۱)

از فقیر شرافت مولفِ کتاب ھذا

قطبِ اقطابِ زماں سید غلامِ مصطفےٰ — مقتدائے واصلاں سید غلامِ مصطفےٰ
آفتابِ اوجِ عزت والیِ ملکِ بقا — رہنمائے گمرہاں سید غلامِ مصطفےٰ
واقفِ اسرارِ عرفاں شمعِ بزمِ معرفت — پیشوائے سالکاں سید غلامِ مصطفےٰ
حاملِ دینِ محمد نائبِ ذاتِ رسول — بادشاہِ کاملاں سید غلامِ مصطفےٰ
مخزنِ سرِ حقیقت صابر و شاکر سخی — مرہمِ خستہ دلاں سید غلامِ مصطفےٰ
وارثِ علمِ نبی شاہنشہِ اہلِ کمال — کعبۂ قدوسیاں سید غلامِ مصطفےٰ
فخرِ عالم شاہِ اعظم نور نوشہ گنج بخش — ہست مخدومِ جہاں سید غلامِ مصطفےٰ
کامل و اکمل ولی در خاندانِ قادری — قبلۂ نوشاہیاں سید غلامِ مصطفےٰ
کمترینِ خادماں سید شرافت بو ظفر — دستگیرِ بیکساں سید غلامِ مصطفےٰ

لہ اعلیٰ حضرت سید غلام مصطفےٰ نوشاہی کا کچھ ذکر اسی جلد کے دوسرے طبقہ میں بھی آئے گا۔ شرافت

Marfat.com

(۲)

از مولانا سید پیر ابوالکمال غلام رسول شاہ برق ہاشمی ازچک سواری

گنج بخش نوشہ بھورے والڑے تے واہ وا کرم شاہِ بھلوال کیتے
ہوئے پاک رحمان مشہور جگ تے نوشہ پیر دے جنہاں جمال کیتے
پئی دُھم تمام جہان اندر جاری فیض شاہِ ساہن پال کیتے
برق ، پیر سید مصطفےٰ شاہ تے گنج بخش نے کرم کمال کیتے

توں غلام احمد مصطفےٰ دا ہیں ایہ جہان تمام غلام تیرا
شرق غرب جنوب شمال اندر روشن دور توڑیں ہویا نام تیرا
دے نی ساقیا عشق شراب دیا بھریا مستیوں چھلکیا جام تیرا
سُنیا برق آواز میں عرشیاں توں عرش فرش اندر فیض عام تیرا

حضرت پیر بابے مصطفےٰ شاہ تے واہ وا کرم سوہنے مصطفےٰ کیتے
سید عارفاں دا ہادی کاملاں دا سجدے عشق دے خوب ادا کیتے
فیضیاب جہان تمام ہویا تیری نظر نے لکھاں صفا کیتے
برق ، پیر نوشاہی توں جان واراں روشن ملک اج جدی ضیا کیتے

شاہ شریف احمد تے بشیر احمد بابے مصطفےٰ دی تصویر دونویں
بیشک مصحف عشق عرفان والا توں ہیں تن تے اوہ تفسیر دونویں
بحرالعشق دا جانشین ہیں توں تیرے جانشین اوہ ویر دونویں
نوشہ پیر دی برق اولاد وچوں بیشک ہین اوہ بدر منیر دونویں

بحرالعشق سلطان دا لاڈلا توں اُچا شان اے شاہِ ابدال تیرا
ہوئی دوزخ دی اگ حرام اُس تے جس نے صدق نیں کیتا جمال تیرا
نیناں والیا پیر نوشاہیا وے بقعۂ نور ہویا ساہنپال تیرا
اِس تھیں وَدھ کے ہور کی شان ہووے مدح خواں برقِ بوالکمال تیرا

Marfat.com

عمر مبارک

اعلیٰ حضرت قبلہ مولانا سید غلام مصطفیٰ قوشاہی کی عمر مبارک اِس وقت ۱۳۵۱ھ میں چونسٹھ سال قمری ہے جو لفظ سید سے ظاہر ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کے ظلِ عاطفت کو اولاد و مستر شدین کے سروں پر قائم و دائم رکھے۔ آمین بحرمۃ محمد الامین وادام اللہ برکاتہٗ وفیوضہٗ۔

Marfat.com

مولفِ کتاب ہذا احقر العباد خادمِ آلِ محمدؐ

فقیر سیّد شریف احمد شرافت نوشاہی

نام ولقب میرا نام شریف احمد ہے۔ کنیت ابوالریاض، ابوالظفر۔ لقب فقیر سامیں، شرافت شاہ۔ شاعری میں تخلص شرافت۔ کتابت میں تخلص نفیس رقم۔

نسب نامہ پدری میرے والد بزرگوار کا اسم گرامی اعلیٰ حضرت مولانا سیّد غلام مصطفےٰ ہے مدفونہ ابنِ سیّد حافظ محمد شاہ بن سیّد شاہ محمد امین بن سیّد حافظ قُل احمد پاکذات نوشاہِ ثانی بن سیّد حافظ الٰہی بخش مظہر حق بن سیّد حافظ نوراللہ مفتی رسولنگر بن سیّد حافظ محمد حیات ربانی بن سیّد حافظ جمال اللہ فقیہِ اعظم بن سیّد حافظ محمد برخوردار بحرالعشق بن قطب الاولیاء والمشایخ حضرت سیّد شاہ حاجی محمد نوشہ گنج بخش علوی قادری قدس اللہ اسرارہم۔

نسب نامہ مادری میری والدہ صاحبہ کا نام نامی حضرت سیّدہ حسین بی بی ہے بنت سیّد غلام علی شاہ بن سیّد قدم الدین بن سیّد خدا بخش بن سیّد حافظ نوراللہ موصوف رحمہم اللہ۔

تاریخِ ولادت میری ولادت بروز شنبہ، وقتِ عصر، ۱۹ شعبان ۱۳۲۵ھ مطابق ۲۰ ستمبر ۱۹۰۷ء موافق ۱۲ اسوج سمت ۱۹۶۴ بکرمی بمقام ساہن پال شریف اپنے نانا جان کے گھر میں ہوئی۔

تحنیک میرے دادا صاحب کے بڑے بھائی حضرت سیّد فاضل شاہؒ نے مجھ کو گڑھتی دی۔ اُن کو اُن کے جدِ محترم حضرت سیّد حافظ قُل احمد پاکذات نوشاہِ ثانیؒ نے۔ اور اُن کو اُن کے جدِ بزرگوار حضرت سیّد حافظ نوراللہؒ نے گڑھتی دی تھی۔

تقرر اسم جب میری عمر سات روز کی ہُوئی تو میرے والد صاحب اور جدِ امجد نے میرا نام شریف احمد رکھا۔

Marfat.com

ف شریف احمد کے اعداد چھ سو تینتالیس [۶۴۳] ہیں۔ اسماءِ الٰہی میں سے اس کے ہم اعداد یہ اسم ہیں:

۱۔ اللہ فتاح حلیم　　۲۔ متین معطی وھاب

۳۔ متین معطی واجد　　۴۔ منتقم احد

قطعاتِ تاریخ میری تاریخ پیدائش کے قطعے میرے والد صاحب اور دادا صاحب نے بنائے جو یہ ہیں:

(۱)

از حضرت سید حافظ محمد شاہؒ

شریف احمد ہوا جس روز پیدا　　کہا ہر یک خوشی سے منہ دکھاؤ

کہا میں نے غلامِ مصطفیٰ کو　　مبارک نام لڑکے کا بتاؤ

کہا اُس نے شریف احمد مقرر　　جو تابع نام پیغمبر بناؤ

کہا تاریخ ہجری سال ہووے　　بآسانی عمر کو جس سے پاؤ

کہا کافی مکرر اسم لا کر　　شریف احمد شریف احمید بلاؤ

۵ ۲ ۳ ۱ ھ

(۲)

شریف احمد مبارک فال جس روز　　عنایت سے دیا منان مطلق

کیا دل میں تفکر سالِ تاریخ　　ہوا ارشاد یہ ہے بخشش حق

۵ ۲ ۳ ۱ ھ

(۳)

از اعلیٰ حضرت مولانا سید غلام مصطفیٰ نوشاہی

خداوند را حمد صد بارہا　　بہ احمد صلوٰۃِ فزون بے ریا

زہے طفلِ ماہرو خدا آفرید　　با سلام و اکرام و نعمت مزید

بجدش مکرم فقیر و امیر　　مبارک بگفتند خورد و کبیر

شریف احمدش نام اکرم نہاد　　مساکین را قند و شکر بداد

بفقرا و غربا زر و سیم داد　　چو احیاد و نوروز گشتند شاد

Marfat.com

پئے تہنیت اقربا آمدند　　بشادی دواں آشنا آمدند
زصدیقِ اکبر بود صدق گیر　　زفاروق انصاف و علمِ منیر
زعثمان حیا و سخاوت وفا　　زحیدر شجاعت توکل رضا
تحمل بہ طبعش چو حضرت حسین　　چو حبشی بود عشقِ ایں نورِ عین
مبارک مکرم معظم رشید　　بخلق حسن ہم زبیر و سعید
بعلم و عمل باد اخلاص کیش　　بعقل و ضیا چوں خضر بیش بیش
بہ بستانِ نوشاہِ عالی قدر　　شدہ طفلِ برخوار[1] بس خوب تر
چو باغِ جمال اللہ پُر بار شد　　حیاتش بہ نور اللہ دُر بار شد
علوہمتی یا الٰہیش بخش　　قلی احمدش دار و شاہیش بخش
محمد امینش بود مقتدا　　محمد رفیقش بہر دوسرا
شفیعش بروزِ جزا مصطفیٰ　　باصحاب و اولادِ وے با وفا
بفقر و تصوف شود پیش رو　　بحکمت چو لقمان احادیث گو
بتقلیدِ نعمان ثابت قدم　　باربابِ تحقیق گیرد علم
بحفظش کتاب اللہ جملہ بود　　احادیث و تفسیر ضبطش شود
زسالِ ولادت ندا شد لطیف　　شریف احمد است و محمد شریف

۶ ۸ ۲ ۶ ۴ ۳
۱ ۳ ۵ ۲ ۵

(۴)

شکر للہ شد تولد طفلِ نیک　　نام پاکش داں شریف احمد قرار
ماہ صورت خوب سیرت چوں عمر　　بوستانِ نوشہی را گل شمار
چوں بجستم سالِ تولیدِ پسر　　گفت ہاتف باد باقی اختیار
کرد نوشاہی دعا با صدقِ دل　　خادم و اولاد و شاگردش ہزار

(۵)

بحمد اللہ مبارک بخت فرزند　　بباغ نوشہی میمون خوشہ

---

[1] برخوردار کا مخفف

Marfat.com

ز تولیدِ پسر تاریخ گفتم شریف احمد امیں از پیر نوشہ
۱ ۳ ۲ ۵

(۶)

سالِ پیدائشِ شریف احمد گفت ہاتف زبیتِ ثانی گیر
سالِ ہجری ست سیب لختِ جگر عیسوی سال باد خضرِ منیر
۱۳۲۵ھ ۱۹۰۷ء

(۷)

شریف احمد چو شد پیدا مبارک ظہورش داں ز طیب خوبصورت
۱۳۲۵ھ ۱۹۰۷ء

مادہ ہائے تاریخ

۱۔ از آیت شریف ۔ سنہ ہجری ۔ اُحْیِ الْمَوْتٰی بِاِذْنِ اللّٰہِ ۱۳۲۵ھ
۲۔ 〃 〃 〃 ذِکْرٌ مُّبٰرَکٌ اَنْزَلْنٰہُ ۱۳۲۵ھ
۳۔ 〃 سنہ عیسوی اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ ۱۹۰۷ھ
۴۔ 〃 سنہ بکرمی اِنَّ اللّٰہَ یُبَشِّرُکَ بِیَحْیٰی مُصَدِّقًا بِکَلِمَۃٍ مِّنَ اللّٰہِ وَسَیِّدًا وَّحَصُوْرًا ۱۹۶۴ب

سنہ ہجری

۵۔ السید ابوالظفر ۶۔ شاہ بوریاض

سنہ عیسوی

۷۔ سید امین الدین شریف احمد شرافت جی

۸۔ پیر سید شریف احمد العلوی عباسی قادری نوشاہی[1]

۹۔ ابوالریاض پیر شریف احمد[2]

۱۰۔ سید ابوظفر شریف احمد[3]

سنہ بکرمی

۱۱۔ سید ابوالریاض امین الدین شریف احمد ۱۲۔ ابوالظفر شریف احمد صاحب

---

[1] و [2] و [3] ان میں ایک عدد کم ہے۔ شرافت

Marfat.com

تربیت میں نے زیادہ تر اپنے جدبزرگوار کے آغوش میں پرورش پائی ہے۔آپ میرے ساتھ بہت محبت رکھتے تھے۔سفروحضر میں اپنے پاس رکھتے۔اپنے ساتھ کھلاتے پلاتے اور سُلاتے۔مندرجہ ذیل حضرات کی کمال مہربانی اور شفقت میرے حال پر تھی۔

۱۔ میرے والد صاحب۔ اعلیٰ حضرت سیّد غلام مصطفےٰ دام برکاتہٗ۔

۲۔ میری والدہ صاحبہ۔ حضرت سیّدہ حسین بی بی دامت برکاتہا۔

۳۔ میرے دادا صاحب۔حضرت سید حافظ محمد شاہؒ۔

۴۔ میری دادی صاحبہ۔حضرت سیدہ فاطمہ بی بیؒ۔

۵۔ میرے دادا صاحب کی ہمشیرہ صاحبہ۔حضرت سیدہ محمد بی بیؒ۔

۶۔ میرے نانا صاحب۔حضرت سید غلام علی شاہؒ۔

۷۔ میری نانی صاحبہ۔حضرت سیدہ شمس بی بیؒ۔

۸۔ میرے نانا صاحب کی ہمشیرہ صاحبہ۔حضرت سیدہ عمر بی بیؒ۔

۹۔ میری بڑی خالہ صاحبہ۔حضرت سیدہ سجادہ بیگم المعروف کاکو بی بیؒ۔

۱۰۔ میری چھوٹی خالہ صاحبہ۔حضرت سیدہ صالحہ بی بیؒ

تعلیم جب میری عمر بحساب قمری چار سال چار ماہ چار دن ہوئی تو بروز شنبہ ۲۲۔ ذی الحجہ ۱۳۲۹ھ کو حضرت جدبزرگوار نے مجھے سبق شروع کرایا۔پہلا سبق اپنی ہمشیرہ صاحبہ زین المستورات زبدۃ المعصومات حضرت سیدہ محمد بی بیؒ سے پڑھوایا اور شیرینی و نذرانہ بھی اُنھیں کے پیشِ نظر کیا۔بعدازاں خود اپنے پاس تعلیم دیتے رہے۔ ۱۳۳۲ھ میں بعمر سات سال میں نے قرآن مجید ختم کیا۔جب میں کوئی پارہ ختم کرتا تو حضور حضرت مائی صاحبہ کو نذرانہ ادا کیا کرتے۔

پھر حضور انور نے علم ادب فارسی کی درسی کتابیں خود مجھے پڑھانا شروع کیں پندنامہ کریما، نام حق، پندنامہ شیخ عطار، گلستان سعدی، بوستانِ سعدی، یوسف زلیخا جامی، سکندرنامہ بری نظامی مجھ کو سبقاً پڑھائے۔اسی اثنا میں اردو کے رسایل فارسی نامہ، واحد باری، راہِ نجات، حقیقۃ الصلوٰۃ، مصدر فیوض، رسائل دینیات بھی پڑھا دیے۔آپ میری ذہانت پر خوش ہوا کرتے تھے۔ایک دو مرتبہ تکرار کرنے سے سبق مجھ کو یاد ہو جایا کرتا تھا۔زمانہ

Marfat.com

تعلیم میں کبھی آپ نے مجھ کو چھڑکا یا مارا نہیں۔ صرف پیار سے علم سینہ میں ڈال دیا۔ جب میری عمر بارہ سال کی ہوئی تو میں اُن دنوں آپ سے سکندر نامہ پڑھا کرتا تھا۔ آپ کی طبیعت بعارضہ بخار علیل ہوگئی۔ میں کتاب لے کر آپ کے سامنے حاضر ہوا کہ سبق پڑھوں۔ آپ نے فرمایا: "ہماری طرف سے آج تم کو چھٹی ہے۔" چنانچہ اس کے تیسرے روز بعد حضور کا انتقال ہوگیا۔

اس کے بعد میں نے اپنے قبلہ گاہی اعلیٰ حضرت مدظلہٗ کی خدمت میں سکندر نامہ ختم کیا۔ اور کتابیں بہار دانش، مثنوی نیرنگِ عشق، انوار سہیلی وغیرہ آپ سے پڑھیں۔ اور کتاب الصرف و کتاب النحو اور صرف بہائی کے چند سبق بھی حاصل کیے۔

کتابت سیکھنا پھر جناب والد صاحب مدظلہٗ مجھ کو موضع عادل گڑھ ضلع گوجرانوالہ میں حضرت مولوی محمد حسین مبارک رقم کے پاس چھوڑ آئے جو اپنے زمانہ کے اعلیٰ خوشنویسوں سے ہیں اور تاحال ۱۳۸۱ھ میں حیاتِ بابرکات ہیں۔ میں نے دو سال ان کی خدمت میں رہ کر فنِ کتابت نسخ اور نستعلیق سیکھا اور قرآن مجید کی دو منزلوں کا ترجمہ بھی اُن سے پڑھا۔ تفسیر حسینی سے مجھے سبق دیا کرتے تھے۔ ان دنوں میرا قیام موضع ڈھب میں بخانہ میاں احمد یار ترکھان ہوا کرتا تھا جو میرے دادا صاحب کے راسخ الاعتقاد مرید تھے۔

بیعتِ طریقت جب میری عمر پندرہ ۱۵ سال ہوئی تو حضرت جدا کرمؒ کے عرس کے روز جو ہر سال شمسی تاریخ پر ہوا کرتا ہے۔ شب جمعہ، وقت عشا، ۲۵ صفر ۱۳۴۰ھ ۱۲ کتک سمت ۱۹۷۸ ب ۲۸ اکتوبر ۱۹۲۱ء کو اپنے والد بزرگوار مقبول بارگاہِ خدا میں مولانا سید غلام مصطفےٰ ادام اللہ فیوضہٗ و برکاتہٗ کے ہاتھ پر سلسلہ عالیہ قادریہ نوشاہیہ برخورداریہ میں بیعت کی۔ مجمع کثیر تھا۔ سب لوگ اُس وقت محظوظ و مسرور ہوئے۔ آپ نے خاندانی وظائف کی اجازتوں سے مجھے سرفراز فرمایا۔

خلافت و اجازت حضرت قبلہ گاہی نے بروز سہ شنبہ، وقت ظہر، ۱۷ ذی الحجہ ۱۳۴۴ھ ۱۶ ہاڑ سمت ۱۹۸۳ ۲۹ جون ۱۹۲۶ء کو مجھے زبانی طور پر اجازت و خلافت سے مشرف فرمایا اور ارادت مندوں سے بیعت لینے کی اجازت عطا فرمائی۔ اس کے دو ماہ پچیس ۲۵ روز بعد ۱۲ ربیع الاول ۱۳۴۵ھ بوقت صبح الہامی طور پر اجازت پاکر مجھ کو تحریری طور پر

Marfat.com

خلافت سے نوازش کیا۔ اور اِس خلافت دینے کی تاریخ کا مادہ قرآن مجید سے استخراج فرمایا "اِنَّا جَعَلْنٰکَ خَلِیْفَۃً" نیز فقیر سائیں کے لقب سے مفتخر فرمایا۔ اور کچھ عرصہ کے بعد اپنے وقتِ خاص میں اپنی کمال مہربانی سے مجھ کو "شمس الفقرا" اور "مجدد خاندان نوشاہی" کے خطابات سے بھی مشرف فرمایا۔

نظم مشتمل بر مضمون خلافت

حضرت قبلہ گاہی مدظلہٗ نے چند نظمیں میرے متعلق ایسی لکھی ہیں جن کے مضمون سے خلافت کا اظہار ہوتا ہے۔ بعض یہ ہیں:

(۱)

نورِ چشم مرا شریف احمد — ماہ در اتقیا شریف احمد
نورِ عینِ شریعت و عرفان — زبدۂ اصفیا شریف احمد
شاہ ملکِ طریقت و تحقیق — قدوۂ اولیا شریف احمد
پیرِ اقرانِ خویش روشن رُو — در جہاں مقتدا شریف احمد
عالم و فاضل و مدقق پاک — نورِ نوشاہ را شریف احمد
حافظِ علم ظاہر و باطن — واقفِ رمزہا شریف احمد
بر سریرِ علوم نوشاہی — حاکمِ باصفا شریف احمد

(۲)

عجب مرغوب خدا اعلیٰ مکمل — شریف احمد معظم شیخ اکمل
معزز ہم مکرم پیرِ ارشد — بعلمِ فقر عالم شاہِ اسعد
ز نورِ پیرِ نوشہ گنجِ عرفاں — شریعت ہم طریقت ماخذِ آں
مورخ حافظ و عالم محقق — بدینِ مصطفیٰ مشتاق بے شق
دقیقہ سنج و گنجِ ذوق اللہ — بخلق او را و ہد بس فوق اللہ
ز قرآن و خبر اقوال مے اند — بعرفان و حقیقت نیک پے اند
مریدانت ہدایت یاب ہستند — بعشقِ پیرِ نوشہ خوب مستند

Marfat.com

ز نوشاہی دعایش بیشتر باد
باولاد و مریدانش خدا شاد

(۳)

ناظم و تاثر مورخ با اثر داں شریف احمد مبارک خُوبتر
عالم و فاضل معلّٰی تربیت گفت نوشاہی دعایش با عمر

(۴)

ہست تلمیذِ جد شریف احمد اقتباسِ علوم کرد از جد
کرد روشن بظاہر و باطن باد فیضش رواں مدام و ابد

بیعت روحی مجھ کو روحی بیعت کا شرف چار بزرگوں سے حاصل ہوا ہے :

۱ - شاہبازِ لامکاں حضرت سخی شاہ سلیمان نوری قادری بھلوالیؒ۔

۲ - اپنے حقیقی نانا صاحب حضرت سید غلام علی شاہ نوشاہی برخورداری ساہن پالویؒ۔

۳ - حضرت میاں شیر محمد نقشبندی مجددی شرقپوریؒ

۴ - حضرت سید حاجی حافظ جماعت علی شاہ محدث شیرازی نقشبندی مجددی علی پوریؒ

مفیضانِ صحبت مجھ کو اکثر مشایخ وقت کی صحبتوں سے استفاضہ کرنے کا موقعہ ملا ہے۔ سب کا تو بیان نہیں ہو سکتا البتہ چند ایک کے نام لکھے جاتے ہیں :

۱ - حضرت سید پیر محسن شاہ نوشاہی لاہوریؒ مجھ پر بڑے مہربان تھے مجھ کو فرمایا کرتے : " یہ بانکا صاحبزادہ ہوگا " ایک بار بچپن میں بیت بحثی کرتے وقت آپ نے مجھ کو دُعا دی تو میں حریف مقابل پر فوراً غالب آگیا۔ وفات کے بعد آپ نے خواب میں مجھے شکر پارہ کا تبرک عطا فرمایا۔

۲ - حضرت مولانا سید حافظ محمد شاہؒ میرے جد بزرگوار مرحوم۔ جو کچھ از قسم علوم مجھ کو حاصل ہوا ہے وہ سب آپ کی دعائے باصفا کا نتیجہ ہے۔

۳ - حضرت سیدہ سجادہ بیگم المعروف کاکو بی بیؒ۔ یہ میری حقیقی خالہ صاحبہ تھیں۔ آپ سے مجھے بہت وظایف کی اجازتیں حاصل ہوئیں۔

۴ - حضرت مولوی حکیم پیر غلام قادر شاہ اثر انصاری قادری لوشاہی برقندازی جالندھریؒ۔

Marfat.com

۵ ۔ حضرت خلیفہ حاجی آغا میر احمد صدیقی قادری نوشاہی پشاوریؒ
۶ ۔ حضرت مولانا حکیم عبدالحق چشتی نظامیؒ ساکن ہرلاں والی ضلع گوجرانوالہ۔
۷ ۔ حضرت خواجہ حضور بخش قریشی اسدی چشتی نظامی ساکن قریشی والہ ضلع ملتان۔
۸ ۔ حضرت خواجہ سید محمد حسین شاہ چشتی نظامی اجمیری الملقب بہ شیخ صحرائی بہاولپوری مدظلہ
انھوں نے سلسلہ چشتیہ نظامیہ کی خلافت سے مجھ کو نوازش کیا۔
۹ ۔ حضرت سائیں گوہر سہروردیؒ ساکن جلیندھر ضلع گجرات۔
۱۰ ۔ حضرت میاں شیر محمد نقشبندی مجددی شرقپوریؒ
۱۱ ۔ حضرت سید حاجی حافظ جماعت علی شاہ شیرازی نقشبندی مجددی علی پوری

ان سب بزرگوں کی ملاقاتوں کا تذکرہ اور ان سے وظایف حاصل ہونے کا بیان میری مختلف کتابوں میں پایا جاتا ہے یہاں تحریر کرنے کی گنجایش نہیں۔

مشایخِ وقت کی زیارتیں

مجھ کو بزرگوں کی ملاقات و زیارت کی بہت محبت ہے۔ بزرگان ذیل کی زیارت سے مشرف ہوا ہوں۔

۱ ۔ طبقہ نوشاہیہ، برخورداریہ، ہاشمیہ، سلیمانیہ، رحمانیہ، سچیاریہ، صالحیہ وغیرہ میں جن بزرگوں کے حالات لکھے گئے ہیں ۱۳۲۰ھ سے لے کر اس کے بعد آج تک جن بزرگوں کی وفاتیں ہو چکی ہیں سب کو میں نے دیکھا ہے اور ان کی زیارت کا شرف حاصل کیا ہے۔
۲ ۔ سید اصغر علی شاہ گیلانی قادری نواسہ و سجادہ نشین درگاہ پیر نظام الدین بودیانوالہ لاہوریؒ۔
۳ ۔ مخدوم سید خیرات حسین المعروف پیر شمس الدین شامن گیلانی قادری سجادہ نشین درگاہ حضرت مخدوم سید محمد غوث الحسنی الجیلانی۔ اوچ شریف ضلع بہاول پور۔
۴ ۔ مخدوم سید شوکت حسین گیلانی قادری سجادہ نشین درگاہ سید موسیٰ پاک شہید ملتان شریف۔
۵ ۔ پیر حیدر شاہ بن پیر بنے شاہ گیلانی۔ ساکن جھیوراں والی ضلع گجرات۔
۶ ۔ پیر خادم حسین بن پیر بہادر علی شاہ کرمانی قادری۔ اولادِ شیخ داؤد کرمانیؒ ساکن شیرگڑھ۔
۷ ۔ پیر چن شاہ خوارزمی قادری نوشاہیؒ ساکن میترانوالی ضلع سیالکوٹ۔

Marfat.com

۸ - پیر صالح شاہ مشہدی قادری نوشاہیؒ ساکن کوٹ رسولپوریاں ضلع گوجرانوالہ ۔
۹ - میاں محمد فاضل قادری نوشاہیؒ ساکن سُندرپور ضلع سیالکوٹ۔
۱۰ - سائیں فرزند علی قادری نوشاہیؒ ساکن فتح پوری ۔ضلع شیخوپورہ۔
۱۱ - سائیں فتح محمد قادری نوشاہیؒ۔ ساکن لالہ موسیٰ ۔ضلع گجرات ۔
۱۲ - سائیں غلام رسول قادری نوشاہی برقندازیؒ۔ساکن بڑکی ۔ ضلع راولپنڈی ۔
۱۳ - دیوان محمد یوسف چشتی سجادہ نشین درگاہ حضرت بابا فریدالدین گنجشکرؒ پاک پٹن ضلع ساہیوال۔
۱۴ - میاں علی محمد چشتی نظامی ساکن بستی شریف، حال وارد پاک پٹن ۔
۱۵ - پیر محمد موسیٰ چشتی نظامی سجادہ نشین درگاہِ خواجہ سلیمان چشتیؒ تونسہ۔ضلع ڈیرہ غازی خاں۔
۱۶ - پیر فضل شاہ چشتی نظامی نبیرہ وسجادہ نشین درگاہ پیر حیدر شاہ چشتیؒ ۔ساکن جلالپور کیکناں۔ ضلع جہلم ۔
۱۷ - پیر نوازش علی شاہ چشتی صابریؒ ۔ ساکن گڑھی شاہو ۔لاہور ۔
۱۸ - مولوی خدا بخش چشتی صابریؒ ۔ ساکن ایمن آباد ۔ضلع گوجرانوالہ۔
۱۹ - میاں حاتم علی ڈوگر سہروردی اولادِ حضرت حاجی دیوان صاحبؒ ۔ خانقاہ ڈوگراں ۔ ضلع شیخوپورہ ۔
۲۰ - پیر سید احمد نقشبندی مجددی ساکن چُورہ ۔ضلع کیمبلپور۔
۲۱ - پیر محمد حسین سجادہ نشین درگاہ پیر حسن شاہ نقشبندی ۔ آلوہار۔ ضلع سیالکوٹ ۔
۲۲ - پیر مقبول الرسول نقشبندی مجددیؒ سجادہ نشین درگاہ مولوی غلام نبی صاحبؒ ۔ لِلّہ ۔ ضلع جہلم ۔
۲۳ - حکیم سائیں محمد احسن نقشبندی مجددیؒ ساکن سنگرانہ ۔ ضلع گجرات ۔
۲۴ - سائیں رمضان المعروف بنّی فقیر مجذوب ۔ساکن اوچ متبرکہ ۔ضلع بہاولپور۔
۲۵ - سائیں کرم الٰہی مجذوب قادریؒ عرف کانواں والہ ۔ساکن گجرات ۔
۲۶ - سائیں مہماں مجذوبؒ ۔ساکن وزیر آباد ۔ضلع گوجرانوالہ ۔
۲۷ - سائیں گورا ندتہ مجذوب قادری نوشاہیؒ ساکن ٹھٹھہ عالیہ۔ضلع گجرات ۔

Marfat.com

۲۸۔ مائی اللہ رکھی مجذوبہ۔ ساکن پسرور۔ ضلع سیالکوٹ۔
۲۹۔ مائی فضلاں مجذوبہ۔ ساکن گجرات۔
۳۰۔ مائی سوہاں مجذوبہ۔ ساکن جلکے چھٹہ۔ ضلع گوجرانوالہ۔

خواب میں بزرگوں کی زیارتیں

حضرت والد بزرگوار مدظلہٗ کی دعائے باصفا سے مجھ کو عالمِ خواب میں بعض بزرگانِ دین کی زیارت کا شرف حاصل ہوا ہے۔ بطور تحدث بانعام اللہ ان کے نام درج کیے جاتے ہیں:

۱۔ ابوالبشر حضرت آدم علیہ السلام
۲۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام
۳۔ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ متعدد مرتبہ
۴۔ حضرت امام ابوالحسن علی المرتضےٰ کرم اللہ وجہہٗ
۵۔ حضرت امام حسن مجتبےٰ رضؓ
۶۔ حضرت امام حسین شہیدِ کربلاؓ
۷۔ حضرت امام علی زین العابدین رضؓ
۸۔ حضرت امام محمد باقر رضؓ
۹۔ حضرت امام جعفر صادق رضؓ
۱۰۔ حضرت امام موسیٰ کاظم رضؓ
۱۱۔ حضرت امام علی رضا رضؓ
۱۲۔ حضرت امام محمد تقیؓ
۱۳۔ حضرت امام علی نقیؓ
۱۴۔ حضرت امام حسن عسکریؓ
۱۵۔ حضرت امام محمد مہدیؓ
۱۶۔ جمیع شہدائے کربلا رضوان اللہ علیہم
۱۷۔ حضرت غوث الاعظم سید عبدالقادر جیلانیؒ
۱۸۔ حضرت مخدوم سید محمد غوث گیلانی قادری اوچیؒ
۱۹۔ حضرت مخدوم سید مبارک حقانی قادری اوچیؒ
۲۰۔ حضرت مخدوم سید حامد گنج بخش کلاں اوچیؒ
۲۱۔ حضرت سخی شاہ سلیمان نوری قادری بھلوالیؒ
۲۲۔ حضرت نوشہ گنج بخش قادریؒ۔ متعدد مرتبہ
۲۳۔ حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندیؒ
۲۴۔ حضرت جیتی شاہ رحمان بخاری جلالیؒ
۲۵۔ حضرت شیخ صدرالدین نوشاہیؒ۔ رُکھ چھٹہ
۲۶۔ حضرت شیخ عبدالرحمٰن پاک بھڑیوالہؒ
۲۷۔ حضرت شیخ پیر محمد سچیار نوشہرویؒ
۲۸۔ حضرت مرزا احمد بیگ لاہوریؒ صاحبِ رسالہ
۲۹۔ حضرت سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوان برخوردار
۳۰۔ حضرت شیخ برخوردار ہرل۔ نوشاہیؒ
۳۱۔ حضرت سید حافظ محمد حیات ربانی نوشاہیؒ
۳۲۔ حضرت سید نور احمد بن سید خدا بخش برخوردار
۳۳۔ حضرت سید احمد بخش بن سید اللہ دتہ برخوردار
۳۴۔ حضرت پیر محمد علی شاہ کرمانی قادری شیرگڑھیؒ

Marfat.com

۲۵۔ حضرت پیر سید رشاہ بخاری چشتی نظامی جلالپوریؒ
۲۶۔ حضرت پیر جانن امام المعروف پیر جانی شاہ گیلانی لاہوریؒ
۲۷۔ حضرت سید غلام علی شاہ برخورداریؒ۔ میرے نانا صاحب
۲۸۔ حضرت سید فاضل شاہ برخورداریؒ
۲۹۔ حضرت سید حافظ محمد شاہ برخورداریؒ۔ میرے دادا صاحب
۳۰۔ حضرت میاں غلام مصطفےٰ بن سلطان مست نوشہرویؒ

فیضانِ رُوحی

اکثر بزرگوں نے خواب میں مجھ کو اپنے اوراد یا فیضان سے نوازش کیا ہے اُن میں سے بعض کے حالات میری تالیفوں میں موقعہ بموقعہ تحریر ہیں یہاں گنجائش نہیں۔ چند واقعات لکھے جاتے ہیں۔

رسالتمآبؐ کا ارشاد شب چہارشنبہ ۔ ۲۲ ذی الحجہ ۱۳۵۶ھ کو بمقام مگھو پنڈی متصل چھالیہ ضلع گجرات بخانہ بڈھا گلگو۔ آدھی رات کے وقت خواب میں حضور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوئی۔ آپ کا لباس سفید ہے، مشرق کی طرف منہ کر کے بیٹھے ہیں۔ میں سلام کر کے آپ کے سامنے بیٹھ گیا۔ آپ چادر مبارک اوڑھ کر دایاں دراز ہو گئے ہیں۔ سر مغرب کو اور پاؤں مشرق کی طرف ہیں۔ میں آپ کے پاؤں دبانے لگا۔ اور آپ کے بائیں قدم پر بوسہ دیا۔ پھر آپ کے پاؤں مبارک کی کف مبارک کو اپنی زبان سے چاٹنے لگا۔ حضور اُٹھ کر بیٹھ گئے۔ اُس وقت کچھ لوگ آس پاس اپنے کاروبار میں مصروف نظر آتے ہیں۔ میں نے چاہا کہ ان لوگوں کو حضور کی تشریف آوری سے آگاہ کروں۔ آپ نے فرمایا ان کو کیوں بتلاتے ہو! میں نے عرض کیا: یا قبلہ! یہ لوگ بے خبر ہیں۔ یہ نہیں سمجھتے کہ حضور کی زیارت کا شرف تمام نیکیوں سے بڑھ کر ہے۔ چنانچہ صحابہ کرامؓ حضورؐ کی زیارت سے ہی درجۂ صحابیت سے مشرف ہوئے تھے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے خوش ہو کر مجھ کو فرمایا: "تو بھی اصحابوں کے پیچھے اُن کے ساتھ ہوگا۔" پھر میں بیدار ہوا۔

سید محمد غوث کا تبرک جن ایام میں میں اوچ متبرکہ میں چلہ نشین رہا تھا تو ایک رات خواب میں حضرت مخدوم سید محمد غوث گیلانی اوچیؒ کا دیدار پُر انوار ہوا، تو آپ نے مجھ کو روٹی کھلائی۔ جب بیدار ہوا تو طبیعت بالکل سیر تھی۔

Marfat.com

ف : ایک شخص کو خواب میں خواجہ بزرگؒ نے چھ روٹیاں عطا کیں۔ حضرت بابا فریدؒ نے تعبیر کی کہ تمہیں کبھی تنگی نہ ہوگی اور آسودہ حال رہو گے۔[1]

سخی بادشاہؒ کا تبرک

ایک مرتبہ میں حضرت سخی بادشاہ شیخ سلیمان نوریؒ کے روضہ اطہر میں مراقبہ کر رہا تھا کہ حضرت سخی پیرؒ کا دیدار ہوا۔ آپ نے مجھے فرمایا: "لے روٹی تے بوٹی"۔

پیر مکھن شاہؒ کا تبرک

ایک مرتبہ میں نے خواب میں دیکھا کہ عرس بھڑی شاہ رحمان منعقد ہے حضرت سید پیر مکھن شاہ لاہوریؒ چبوترہ درگاہ رحمانیہ پر مغرب کی طرف بیٹھے ہیں۔ میں نے آپ کو سلام کیا۔ آپ نے مجھ کو ایک پراٹھا عطا فرمایا۔

سید غلام علیؒ کا ارشاد

ایک مرتبہ خواب میں مجھ کو اپنے نانا صاحب حضرت سید غلام علی شاہؒ کا دیدار ہوا۔ آپ نے مجھ کو فرمایا: "سوا سیپارہ قرآن مجید اور چار مرتبہ درود اکبر پڑھا کرو۔"

پھر ایک مرتبہ آپ خواب میں ملے تو فرمایا: "روزانہ دو مرتبہ سورہ ثُمَّ یَتَسَاءَلُوْنَ پڑھا کرو۔ تم کو دو روپے روزانہ مل جایا کریں گے۔"

ف : شیخ محمد داؤد گنگوہیؒ کو حضرت غوث الاعظمؒ نے خواب میں گیارہ روپے اور ایک اشرفی عنایت کی۔ اس روز سے ان کو کشائش ہو گئی۔[2]

سید محمد شاہؒ کا ارشاد

اثنائے چلہ نشینی اوچ متبرکہ ایک رات خواب میں مجھ کو اپنے جد بزرگوار حضرت سید حافظ محمد شاہؒ کی زیارت ہوئی۔ آپ نے مجھ کو فرمایا: پڑھا کر "سید کونین"۔ چنانچہ میں اس کو بطور درود شریف الفاظ ذیل سے پڑھا کرتا ہوں اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْکَوْنَیْنِ۔

پیر مہر علی شاہؒ کا فیض

ایک مرتبہ خواب میں مجھ کو حضرت خواجہ سید پیر مہر علی شاہ چشتی نظامیؒ ساکن گولڑہ شریف کی زیارت ہوئی۔ آپ نے

---

[1] تذکرہ اولیائے ہند، ج ۱، ص ۱۴ [2] تذکرہ اولیائے ہند، ج ۲، ص ۱۰۲ شرافت

Marfat.com

مجھ کو چارپائی پر اپنے پاس بٹھا لیا اور فرمایا: یہ وظیفہ پڑھا کرو "یَا مُعِزُّ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ"۔ چنانچہ اُس روز سے میں یہ وظیفہ پڑھا کرتا ہوں۔

میاں شیر محمدؒ کا فیض

ایک مرتبہ خواب میں مجھ کو حضرت میاں شیر محمد نقشبندی مجددی شرقپوریؒ کا دیدار ہوا۔ آپ نے مجھ کو بیعت فرمایا اور حکم دیا: "سورہ یٰسٓ پڑھا کرو"۔

پھر ایک مرتبہ زیارت ہوئی تو آپ نے فرمایا: "درود شریف تین ہزار مرتبہ پڑھا کرو"۔

پیر جماعت علی شاہؒ کا فیض

ایک مرتبہ خواب میں مجھ کو حضرت سید پیر جماعت علی شاہ نقشبندی مجددی علی پوری کی زیارت ہوئی۔ آپ نے مجھے بیعت کیا اور فرمایا یہ وظائف پڑھا کرو:

۱۔ "اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ بَارِكْ وَسَلِّمْ"۔

۲۔ "لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ"۔

۳۔ "وَمَا اَنْفَقْتُمْ مِّنْ نَّفَقَةٍ اَوْ نَذَرْتُمْ مِّنْ نَّذْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ یَعْلَمُهٗ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِیْنَ مِنْ اَنْصَارٍ"۔

پھر ایک مرتبہ آپ کی زیارت ہوئی تو آپ نے فرمایا کہ نمازِ شام کے بعد ایک سو مرتبہ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ پڑھا کرو اور ہر چاند کے آخری عشرہ میں ایک روزہ رکھا کرو۔ تمہارے واسطے یہ کافی ہے۔

مولوی عبدالحقؒ کا فیض

ایک مرتبہ مجھ کو خواب میں حضرت مولوی عبدالحق چشتی نظامیؒ ساکن ہرلاتوالی کی زیارت ہوئی تو آپ نے فرمایا ذکر اللہ چار ضربی کیا کرو۔ پہلی ضرب عرش پر، دوسری آسمان پر، تیسری روح پر، چوتھی قلب پر۔ اور یہ نقشہ بنا کر دکھایا:



Marfat.com

جد بزرگوار کی نوازشات

میرے جد بزرگوار حضرت مولانا سید حافظ محمد شاہؒ میرے حال پر بہت مہربان تھے۔ بچپن میں مجھ کو آپ نے یہ وظیفہ تلقین فرمایا حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْل نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْر۔ نیز درود شریف مستغاث پڑھنے کی بھی اجازت فرمائی۔

آپ جب کبھی سفر میں تشریف لے جاتے اور میں گھر ہوتا تو آپ اپنے مکتوبوں میں مجھے نصیحتیں لکھ کر بھیجتے اور لکھنے پڑھنے کی تاکید فرمایا کرتے۔ مکتوبات محمد شاہی میں سے آپ کے الفاظ درج کیے جاتے ہیں۔

۱۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے خواب شریف احمد لختِ جگر کی سچی کرے۔ آمین

۲۔ لختِ جگر شریف احمد کو پیار۔ اور لکھنے پڑھنے کی وصیت۔ اور والد کی تابعداری کی تاکید۔ اور نماز کی پابندی۔

۳۔ جگر پارہ شریف احمد لکھنے پڑھنے کی کوشش کرے۔

۴۔ جگر پارہ عزیز شریف احمد را دست شفقت بر سر ماند۔ اللہ تعالیٰ جل جلالہٗ وعم نوالہٗ نسلِ شریف ایں شریف تا قیامت باقی سازاد و در دنیا و عقبیٰ سرخرو و عزیز دار اد۔ و از آفات و بلیاتِ دارین مصئون و محفوظ دار اد۔ آمین ثم آمین

۵۔ عزیز شریف احمد را سر ببوسند کہ بوقت روانگی نالیدہ بخانہ رفت و تمام روز مرا مغموم و مہموم ساخت۔ شاید ذات پاک گریہ اورا بخندہ مبدل نمودہ سواری خواہد داد۔ و او را رأیت فی المنام یمشی علی الارض برجلین۔

۶۔ جگر گوشگان شریف احمد و بشیر احمد تم کو اللہ تعالیٰ عمرِ خضر اور علمِ خضر اور ہدایتِ خضر نصیب کناد۔

۷۔ شریف احمد سبق کا ناغہ نہ کرے۔

۱۔ مکتوب ۱۴۸ ۲۔ مکتوب ۱۴۶ ۳۔ مکتوب ۱۴۷ ۴۔ مکتوب ۹۱ ۵۔ مکتوب ۹۲ ۶۔ مکتوب ۸۲
۷۔ مکتوب ۹۴ شرافت

Marfat.com

۸ ۔ شریف احمد اگر تندرست ہو تو لکھنا پڑھنا شروع رکھے ۔
۹ ۔ عزیز شریف دراز کرے اللہ حیاتی تمہاری ساتھ تندرستی کے ۔
۱۰ ۔ شریف احمد لکھنا پڑھنا ضرور شروع رکھے ۔ تمام روز کھیلتا ہی نہ رہے ۔
۱۱ ۔ اگر تم گھر رہے تو سبق اور لکھائی مت چھوڑیں ۔ محبت سے سبق پڑھنا اور لکھنا ۔
۱۲ ۔ اگر تم کو صحت ہے تو ہمراہ ماہلا درویش آجاؤ ۔ سیپارہ اور تختی اور کتاب ساتھ لے آؤ ۔
۱۳ ۔ شریف احمد تم بھی پڑھا کرو اور گھر کے تمام آدمیوں کو یادِ الٰہی کی وصیت کرو کہ دنیا خواب کی طرح ایک خیال ہے ۔
۱۴ ۔ شریف احمد کے نانک داد ک یار آشنا سب کو دعا اور سلام ۔

معمولات و عملیات

مجھ کو جو کچھ از قسم اوراد و وظایف اور عملیات بزرگوں سے حاصل ہوا ہے وہ میری کتاب عملیاتِ شرافت میں درج ہے جو دو حصوں پر مشتمل ہے ۔ ناظرین وہاں سے ملاحظہ کر سکتے ہیں ۔

تصنیفات

ابتدائے شعور سے مجھے کتابوں کے مطالعہ اور تصنیف و تالیف کا شوق رہا ہے ۔ چنانچہ آج تک مندرجہ ذیل کتابیں تالیف ہو چکی ہیں ۔ ان کے ناموں کی فہرست دی جاتی ہے ، بترتیب حروف تہجی ۔

	نام کتاب	زبان	علم	تاریخ تکمیل	کیفیت
۱	اذکار الابرار در حالات پیر محمد سیار	اردو	تاریخ	محرم ۱۳۵۷ھ	یہ کتاب میاں نواب علی نوشہروی نے اپنے نام پر شائع کی ۔

۸ ۔ مکتوب ۱۰۶ ۹ ۔ مکتوب ۱۰۶ ۱۰ ۔ مکتوب ۸۹ ۱۱ ۔ مکتوب ۱۰۵ ۱۲ ۔ مکتوب ۱۰۵
۱۳ ۔ مکتوب ۸۵ ۱۴ ۔ مکتوب ۶۷ شرافت

Marfat.com

۲	اذکار الصالحین	اردو	تاریخ	ربیع الاول ۱۳۵۲ھ	تالیف کرکے مولوی محمد حیات شرقپوری کے نام کردی۔
۳	اذکارِ نوشاہیہ	〃	〃	۴ محرم ۱۳۵۴ھ	اپنے آباواجداد کے حالات ہیں۔
۴	ارشاد الاخیار در حالاتِ شاہ برخوردار	〃	〃	محرم ۱۳۴۹ھ	یہ کتاب سجادہ نشین کا پہلا حصہ ہے۔
۵	ارمغانِ امینیہ	فارسی	مناقب	۲۰ جمادی الاخریٰ ۱۳۷۰ھ	سید محمد امین مختار کے مدحیات ہیں۔
۶	استنباہ فی انتساب النوشاہ	〃	〃	۱۳۷۰ھ	اس میں تین ہزار القاب ہیں۔
۷	اشاراتِ محبت (المراسلۃ العظیم)	اردو	ادب	۱۷ جمادی الاخریٰ ۱۳۷۱ھ	میرے اور سلیم لاہوری کے خطوط ہیں۔
۸	اعداد التاریخ	〃	تاریخ		زیر تالیف ہے۔
۹	انوار السیادت فی آثار السعادت	〃	تحقیق	۱۳ رجب ۱۳۷۵ھ	مسئلہ سیادت میں ہے
۱۰	انوار الصالحین	〃	تاریخ	۱۳۵۲ھ	تالیف کرکے پیر معصوم شاہ کے نام کردی۔
۱۱	انوار نوشاہیہ	〃	〃	۴ رجب ۱۳۷۱ھ	حضرت نوشہ صاحبؒ کی سوانحعمری ہے۔
۱۲	برکات المحبوب فی زیارۃ السالک والمجذوب	〃	تصوف	۴ صفر ۱۳۶۹ھ	پیر جماعت علی شاہ کی ملاقات کا ذکر ہے۔
۱۳	بستان الاوراد	〃	وظائف	۲ ربیع الآخر ۱۳۶۶ھ	سید قبل احمد کے وظایف کو مرتب کیا ہے
۱۴	بیان الاسفار (سیر سیاحت)	فارسی	سفرنامہ	۳۰ ربیع الآخر ۱۳۵۹ھ	
۱۵	تاریخ الاقطاب	اردو	تاریخ	۲۷ ذی الحجہ ۱۳۵۵ھ	یہ شریف التواریخ کی پہلی جلد ہے
۱۶	تاریخ عباسی	〃	〃	۲۵ ذی الحجہ ۱۳۵۴ھ	حضرات سادات علوی عباسی کا تذکرہ ہے
۱۷	تجلیاتِ محبت (مقالات النورانی)	〃	ادب	۸ رجب ۱۳۷۰ھ	میرے اور سرور کیانی کے خطوط ہیں۔
۱۸	تحفۃ المحبین فی جواز سماع العاشقین	〃	تحقیق	ذیقعدہ ۱۳۵۲ھ	اس میں سماع کی اباحت ثابت کی ہے
۱۹	تحفۂ محبوب	〃	علمیات	۱۳۷۱ھ	
۲۰	تحقیق الاخبار من حیات السیار	〃	تاریخ	۸ شعبان ۱۳۵۰ھ	رسالہ حیات سیار کی تصحیح کی ہے۔
۲۱	تذکرۃ المحذرات	〃	〃		نوشاہی مستورات کے حالات میں
					زیر تالیف ہے۔
۲۲	تذکرۃ النوشاہیہ	〃	〃		یہ شریف التواریخ کی تیسری جلد ہے
					زیر تالیف ہے۔

Marfat.com

۲۳	تذکرہ محمد شاہی	اردو	تاریخ			سوانح سید محمد شاہ۔ زیر تالیف ہے
۲۴	ترویح القلوب	〃	تصوف و ادب			سید محمد حیات کا مسودہ، زیر ترتیب ہے۔
۲۵	ثبات الایقان فی سفر الملتان	〃	سفرنامہ	۲۸ جمادی الاولیٰ ۱۲۷۱ھ		
۲۶	ثمرات الافکار	〃	تصوف و ادب	۱۱ صفر ۱۳۷۸ھ		سید قل احمد کی تحریرات کو مرتب کیا ہے۔
۲۷	جذباتِ محبت	〃	ادب	۷ جمادی الاولیٰ ۱۳۷۶ھ		میرے خطوط کا مجموعہ ہے
۲۸	جواز السجود التحیۃ من حضرات المجددیہ	〃	مناظرہ	شوال ۱۳۵۶ھ		مجددیوں کی کتابوں سے سجدۂ تعظیم کا جواز
۲۹	جوامع الاسرار	فارسی	تصوف	۲۱ ربیع الاول ۱۲۷۳ھ		شاہ برخوردار کی تحریرات کو مرتب کیا ہے۔
۳۰	جواہر مکنون	اردو	〃			ارشاداتِ نوشہ۔ پیر معصوم شاہ نے سرقہ کرکے اپنے نام سے شایع کردیا ہے۔ ہداہ اللہ
۳۱	جواہر نوشاہیہ	〃	تاریخ	۱۳۵۲ھ		سوانح حضرت نوشہ صاحبؒ۔ یہ رسالہ چار جوہر پر منقسم ہے۔
۳۲	حقایق الآثار	〃	تصوف	۱۵ جمادی الاخریٰ ۱۳۷۳ھ		سید جمال اللہ کی تحریرات کو مرتب کیا ہے
۳۳	حقایق نوریہ	فارسی	〃			سید نور اللہ کا مسودہ۔ زیر ترتیب ہے۔
۳۴	حدایق الانوار فی زیارۃ السادات الابرار	اردو	سفرنامہ	۲۰ محرم ۱۳۵۲ھ		اوچ متبرکہ کی زیارات کا تذکرہ ہے۔
۳۵	حدیقۃ الانساب	〃	انساب			زیر تالیف ہے
۳۶	حیات ربانی	〃	تاریخ	۲۷ شوال ۱۳۷۸ھ		سید محمد حیات ربانی کی سوانحعمری ہے
۳۷	خزائن الاسرار	〃	تصوف	۲۵ ذی الحجہ ۱۳۷۵ھ		کتاب چہار بہار کا ترجمہ ہے۔
۳۸	خزینۃ النور (تاریخی نام)	〃	تاریخ	۲۵ ذی الحجہ ۱۳۵۴ھ		تاریخ عباسی کا پہلا نسخہ ہے۔

Marfat.com

۳۹	خصایص القادریہ فی فضائل النوشاہیہ	اردو	مناقب	۲۸ محرم ۱۳۷۵ھ	خاندان قادری نوشاہی کے فضائل میں ہے۔
۴۰	خلافتِ اکبریہ (تاریخی نام)	″	مناظرہ	۱۳۴۹ھ	یہ کتاب سجادہ نشین کا دوسرا حصہ ہے
۴۱	الخلافت فی روالنیابت ۱ ، ۲	″	″	۱۹۳۰ء/۱۳۴۹ھ	یہ کتاب سجادہ نشین کا تیسرا حصہ ہے
۴۲	خلیفہ اعظم (مقامات برخورداریہ)		تاریخ	۲۰ شوال ۱۳۷۸ھ	سید محمد برخوردار کی سوانحعمری ہے
۴۳	دُرالیتیم فی فضایل بسم اللہ الرحمن الرحیم	عربی	فضایل	۲۷ رجب ۱۳۷۵ھ	بسم اللہ شریف کے فضایل میں ہے
۴۴	دریائے لطافت (فہرست تصانیف شرافت)	اردو	تاریخ	۱۴ ذیقعدہ ۱۳۷۹ھ	میری کتابوں کی فہرست ہے۔
۴۵	ذخائر الجواہر فی بصائر الزواہر (ارشاداتِ نوشاہیہ)	اردو	تصوف	۲۷ رجب ۱۳۷۱ھ	حضرت نوشہ صاحبؒ کے پانسو چالیس ارشادات جمع کیے ہیں
۴۶	ذخیرہ عملیات	″	عملیات	۲۵ شعبان ۱۳۷۹ھ	اس میں عملیاتِ سفلی ہیں
۴۷	رموز الطب	″	طب	۲۹ رمضان ۱۳۷۸ھ	اس میں مجرب نسخجات ہیں
۴۸	رموزِ عشق	پنجابی	تصوف	۱۲ ربیع الاول ۱۳۴۷ھ	سخی امام شاہ کی سی حرفیوں کو مرتب کیا ہے۔
۴۹	روزنامچہ شرافت	اردو	سفرنامہ	۱۳۴۷، ۱۳۴۸، ۱۳۵۵، ۱۳۵۶، ۱۳۵۷، ۱۳۵۸، ۱۳۷۳ھ	
۵۰	روزنامچہ محمد شاہی	″	تاریخ		سید محمد شاہ کی تحریروں کو مرتب کیا ہے
۵۱	الروض الجنان فی احادیث سید الانس والجان	عربی	حدیث	۲۷ شعبان ۱۳۷۹ھ	
۵۲	روضۃ الزکیہ فی حقایق العلمیہ	اردو	تصوف ادب	۱۴ محرم ۱۳۷۸ھ	سید الٰہی بخش کی تحریرات کو مرتب کیا ہے۔
۵۳	زاد العاملین	″	عملیات	۱۳ شعبان ۱۳۵۷ھ	یہ عملیاتِ شرافت کا پہلا حصہ ہے
۵۴	زبدۃ السلاسل	فارسی	تاریخ	۱۷ شعبان ۱۳۷۸ھ	صوفیائے کرام کے سلسلوں کا شجرہ ہے

Marfat.com

۵۵	زینت الاوراق در سفرنامہ عراق	اردو	سفرنامہ	۲۱ جمادی الاولےٰ ۱۳۷۱ھ		میاں نواب علی نوشہروی کا سفرنامہ مرتب کیا ہے۔
۵۶	سجادہ نشین	"	مناظرہ	۱۳۴۹ھ		سید محمد برخوردار کی سجادگی کے متعلق ہے۔
۵۷	سیادت علویہ	"	تحقیق	۲۲ جمادی الاخریٰ ۱۳۷۹ھ		علویوں کی سیادت کے اثبات میں ہے
۵۸	سیر نوشہ گنج بخش (تذکرہ نوشاہیہ)	"	تاریخ			زیر تالیف ہے
۵۹	شاہد نامہ منظوم	فارسی	ادب	۱۳۷۲ھ		حرف "چ" تک ہے۔ نامکمل ہے۔
۶۰	شریف التواریخ	اردو	تاریخ			پہلی، دوسری جلد مکمل، تیسری زیر تکمیل ہے
۶۱	شمس الانوار منظوم	فارسی	تصوف	۶ ربیع الآخر ۱۳۷۳ھ		گنج الاسرار کا فارسی ترجمہ ہے
۶۲	صحاح التواریخ (تاریخ سلاطین)	اردو	تاریخ	۱۵ ذیقعدہ ۱۳۷۵ھ		بادشاہوں کے سنین جلوس اور وفات ہیں۔
۶۳	صحیفہ مسائل (شاہدیات)	"	فقہ	ذی الحجہ ۱۳۷۵ھ		متفرق مسائل بطور سوال و جواب ہیں
۶۴	صحیفہ نور	"	تاریخ	۱۲ ربیع الثانی ۱۳۸۰ھ		سید نور اللہ کی سوانحعمری ہے
۶۵	ضرب النعلین	"	مناظرہ	۱۵ جمادی الاولےٰ ۱۳۶۰ھ		ایک مخالف کی تردید میں ہے
۶۶	ضیاء العارفین (مجالس نوشاہی)	"	تصوف	۳ محرم ۱۳۶۹ھ		سید غلام مصطفےٰ کی مجلسیں جمع کی ہیں۔
۶۷	ضیافۃ الابرار من اشعار الاخیار (تذکرہ شعرائے نوشاہیہ)	"	ادب			نوشاہی شاعروں کا تذکرہ، زیر تالیف ہے۔
۶۸	طبقات النوشاہیہ	"	تاریخ	۲۰ جمادی الاخریٰ ۱۳۸۱ھ		یہ شریف التواریخ کی دوسری جلد ہے۔
۶۹	طراز الاولیا	عربی	تاریخ	۱۲ صفر ۱۳۷۴ھ		مشایخ قادریہ نوشاہیہ کے حالات ہیں
۷۰	طریق الصالحین	اردو	عملیات	۲۴ شعبان ۱۳۷۹ھ		عملیات شرافت کا دوسرا حصہ ہے
۷۱	ظفر حنفیہ بر فرقہ مرزائیہ	"	مناظرہ	ربیع الاول ۱۳۶۱ھ		مولوی تاج محمد کا مناظرہ تحریر کیا ہے

Marfat.com

۷۲	ظہور الانوار فی زیارۃ النبی المختار	اردو	عملیات	۱۱ ربیع الآخر ۱۳۰۲ھ	حضور علیہ السلام کی زیارت کے عمل ہیں
۷۳	عروۃ الوثقیٰ فی آثار المصطفیٰ	"	تاریخ		سید غلام مصطفیٰ کی سوانحعمری زیر تالیف ہے
۷۴	علوم القرآن	"	تفسیر		زیر تالیف ہے
۷۵	عملیاتِ شرافت	"	عملیات		دو حصوں پر مشتمل ہے
۷۶	غرائب الاقوال در تاریخ ساہنپال	"	تاریخ		زیر تالیف ہے
۷۷	فروغ انجمن	"	"	۲۷ صفر ۱۳۵۸ھ	انجمن نوشاہیہ کے انعقاد کا واقعہ ہے
۷۸	فیض القادریہ فی سلسلۃ النوشاہیہ	"	تصوف	ربیع الاول ۱۳۷۱ھ	سالکوں کے واسطے ضروری اشغال ہیں
۷۹	فیض چشتیہ	فارسی	"	۱۴ ذی الحجہ ۱۳۵۷ھ	پیر فضل شاہ کی ملاقات کا ذکر ہے
۸۰	قادریہ دعائیں	اردو	وظائف	۱۷ رجب ۱۳۷۴ھ	بعض دعائیں لکھی ہیں
۸۱	قسطاس القادریہ بموازنہ قرطاس النقشبندیہ	فارسی	تصوف	۲۱ صفر ۱۳۶۰ھ	قادریوں کی فضیلت نقشبندیوں پر
۸۲	کتاب الفوائد		اخلاق	۱۱ جمادی الاولیٰ ۱۳۷۸ھ	سید محمد شاہ کی تحریرات کو مرتب کیا ہے
۸۳	کشف الحقایق	اردو	مناظرہ	۱۵ محرم ۱۳۸۰ھ	پیر معصوم شاہ کے رسالہ تذکرہ کا جواب ہے
۸۴	کلمات طیبات (ملفوظات نوشاہیہ)	فارسی	تصوف	۱۱ ربیع الآخر ۱۳۷۷ھ	حضرت نوشہ صاحب کے ہزار ۱۰۰۰ کلمات مرتب کیے ہیں
۸۵	کلمات قدسیہ (فیض نقشبندیہ)	اردو	تصوف	۱۰ محرم ۱۳۴۶ھ	میاں شیر محمد شرقپوری کی ملاقات کا ذکر ہے۔
۸۶	کلید بخشش	"	تاریخ	۱۷ ربیع الثانی ۱۳۸۴ھ	سید الٰہی بخش کی سوانحعمری ہے
۸۷	کنز المعرفت (ملفوظات نوشاہی)	"	تصوف	۱۳۴۹ھ تا ۱۳۸۴ھ	چند جلدوں میں ہے

Marfat.com

۸۸	گنج الاسرار	ہندی بھاشا	تصوف	۲۴ صفر ۱۲۷۳ھ	حضرت نوشہ صاحبؒ کے اشعار کو مرتب کیا ہے
۸۹	گوہرِ آبدار	اردو	″	۱ ربیع الاول ۱۲۶۸ھ	سائیں گوہر کی ملاقات کا ذکر ہے
۹۰	لطایف الاشارات	″	″	۵ صفر ۱۲۷۴ھ	حضرت نوشہ پیر کے چالیس ارشادات مرتب کیے ہیں۔
۹۱	لطایف علیہ	″	ادب	۱۲۷۳ھ	لطیفہ گوئی۔ ظرافت کے متعلق ہے
۹۲	لطایف گل شاہی	فارسی	اخلاق	۱۲۶۸ھ	سید گل محمد کی تحریرات کو مرتب کیا ہے
۹۳	لمعاتِ محبت (کتاب المسطور)	اردو	ادب	۸ جمادی الاولےٰ ۱۲۸۵ھ	میرے اور طور قریشی کے خطوط ہیں
۹۴	لمعاتِ محبت (مکاتیب لاطہر)	″	″	۹ جمادی الاخریٰ ۱۲۷۱ھ	میرے اور اختر کے خطوط ہیں
۹۵	مآثر الجمال	″	تاریخ	۴ شوال ۱۲۷۸ھ	سید جمال اللہ کی سوانحعمری ہے
۹۶	مرآۃ الامین	″	″	۲۵ جمادی الاولےٰ ۱۲۸۰ھ	سید محمد امین کی سوانحعمری ہے
۹۷	مرآۃ الحق	″	مناظرہ	۱۲۵۱ھ	قاضی نور محمد قلعوی کا مناظرہ ہے
۹۸	مکتوباتِ شرافت	″	ادب		زیرِ ترتیب ہے
۹۹	النظایر والاشباہ فی مناقب اولاد النوشاہ	فارسی	مناقب	۲۲ جمادی الاخریٰ ۱۲۵۵ھ	اولادِ حضرت نوشہ صاحبؒ کے فضایل میں ہے۔
۱۰۰	نوشاہِ زمان	اردو	تاریخ	۲۸ ربیع الثانی ۱۲۸۰ھ	سید قل احمد پاکذات کی سوانحعمری ہے
۱۰۱	وعظِ نوشاہی	″	تصوف	۱۲ محرم ۱۲۵۹ھ	سید غلام مصطفےٰ کا وعظ ہے
۱۰۲	وسایط العلوم	فارسی	اخلاق	۱۲ ربیع الاول ۱۲۸۱ھ	سید قل احمد کی تحریریں۔ زیرِ ترتیب ہے
۱۰۳	ہدایۃ السالکین (ملفوظات نوشاہی)	اردو	تصوف	ربیع الآخر ۱۲۶۵ھ	سید غلام مصطفےٰ کا طریقہ عبادات ہے
۱۰۴	ہدیۃ الاحباب در سفرنامہ خوشاب	″	سفرنامہ	۲ ربیع الآخر ۱۲۵۰ھ	جلوال و خوشاب کی زیارات کا ذکر ہے
۱۰۵	یادگار محبوب	″	ادب	۱۸ جمادی الاولےٰ ۱۲۸۵ھ	میرے خطوط شاہد رضا کے نام ہیں
۱۰۶	الیواقیت والمرجان فی مناقب الشیخ عبدالرحمٰن	فارسی	مناقب	۱۳ جمادی الاخریٰ ۱۲۵۵ھ	حضرت پاک صاحب کے فضایل میں ہے

Marfat.com

ان کے علاوہ بھی کئی میری تصنیفات ہیں جو بوجہ یاد نہ آنے کے اِس فہرست میں درج نہیں ہوسکیں۔ مثلاً تذکرہ میر نواب صاحب اور جذباتِ عشق وغیرہ۔ بلکہ اور بھی کئی مسودات متفرق ہیں جو مضامینِ مختلفہ پر مشتمل ہیں۔ خدا تعالیٰ ان کی تکمیل کی توفیق عطا فرماوے۔ آمین

مکتوبات

میرے مکاتیب تو ہزاروں کی تعداد میں ہوں گے جو اپنے والد ماجد، اور برادران، اور اولاد، اور یارانِ طریقت اور احباب کی طرف لکھے جا چکے ہیں۔ اُن کے پاس موجود ہوں گے۔ یہاں دو مکتوب بطور یادداشت درج کرتا ہوں۔

مکتوب اوّل بطرف یارِ مخلص

یہ اپنے ایک دوست کی طرف لکھا ہے جو مشرب وحدت الوجود رکھتے ہیں۔

"

اللہ و رسولہٗ

محبت پناہ شفقت و ستگاہ برادر گرامی قدر دام الطافہٗ

السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہٗ ؎

نامہ رسید و قاصد و دیگر خبر رسید
در حیرتم کہ جاں بکدامی کنم نثار

مشفقا۔ یاد کو یاد ہے۔ جو یاد کرے وہ شاد ہے۔ اور جو بھول جاوے وہ ناشاد ہے اور ظاہر ہے کہ جو شاد ہے وہ بامراد ہے ذٰلک الفوز العظیم۔ اور جو ناشاد ہے وہ بے مراد ہے ذٰلک ھو الخسران المبین۔

محرم رازا۔ شادی و مسرت دنیوی ایک لحظہ یا ایک لمحہ ہے۔ اور وہ بھی اعتباری ہے نہ حقیقت۔ خدا کرے کہ ابدی سرور اور دائمی خوشی نصیب ہو۔ اور وہ وہی ہے جو ہے۔

ع ھو اللھو ھو الحق ھو ندانم غیر الاھو

بندہ نوازا۔ اول کو آخر پر تقدم ہے۔ لیکن آخر عین اوّل ہے۔ صرف پردہ کا پردہ ہے۔ مگر بصیرت والے کے لیے وُہ بھی بے پردہ ہے۔

Marfat.com

ع پردہ بردار کہ صاحب نظراں منتظر اند

واقف کارا۔ المحبۃ حجاب بین المحب والمحبوب۔ یہ کیوں؟ وہی تو وسیلہ تھا۔ پھر کیا ہوا؟ یہ بات فہم سے ارفع ہے۔ کیونکہ یہ کوئی بات ہی نہیں۔ اگر کچھ ہوتا تو ہوتا جب کچھ بھی نہیں تو ہوگیا؟ ؎

جمالِ ہم نشیں در من اثر کرد
وگرنہ من ہماں خاکم کہ ہستم

واللہ اعلم بحقیقۃ الحال۔ ؎

چہ تدبیر اے مسلماناں کہ من خود را نمیدانم
نہ ترسا و یہودیم نہ گبرم نہ مسلمانم

ھواللہ الذی لا الٰہ الا ھو۔

دعاگو سید شرافت نوشاہی عفا اللہ عنہ

مکتوب دوم بطرف مولوی احمد حسین خوشنویس عادل گڑھی یہ اُن کے ایک معصوم بچّے کے فوتیدگی پر بطور تعزیت لکھا تھا۔

بسمہٖ سبحانہٗ

اَللّٰہُ اَکْبَرُ مَاذَا الْحَادِثُ الْجَلَلُ فَقَدْ تَغَلْغَلَ سَھْمُ الْاَرْضِ وَالْجَبَلُ

معروف الفضائل معلوم الفواضل۔ محترم دوست عزیز اللہ مولوی احمد حسین صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ فی الدارین بحرمۃ رسول الثقلین۔

السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔ آہ خبر وحشت اثر۔

شومئی قسمت کہ بجائے تہنیت نامہ کے آج میرا قلم اندوہ رقم تعزیت نامہ تحریر کر رہا ہے۔ افسوس۔

پھول تو دو دن بہارِ جانفزا دکھلا گئے
حسرت اُن غنچوں پہ ہے جو بن کھلے مرجھا گئے

اس حادثۂ جان کاہ و صدمہ روح فرسا نے دل کو مجروح کر دیا۔ اللہ جانتا ہے وَکَفٰی بِاللّٰہِ شَہِیْدًا

Marfat.com

کیا کہوں اور کیا لکھوں۔ ؎

یہ زمانہ عالم خواب ہے پئے تشنہ مثل سراب ہے
جو مکاں ہے نقش بر آب ہے جو مکیں ہے مثل حباب ہے

آخر سوائے صبر کے کچھ چارہ نہیں۔ فَصَبْرٌ جَمِیْلٌ۔

اس عالمِ کون و فساد کی بے ثباتی اِس کے حوادث سے ہر آن ظہور پذیر ہے۔ وہ لوگ بابرکت ہیں جو اس کی ناپائداری کو مدِ نظر رکھ کر اس کو مسافر خانہ سے زیادہ وقعت نہیں دیتے۔ اور اس کی ہر ایک چیز کو بحکم کُلُّ مَنْ عَلَیْهَا فَانٍ فانی تصور کرتے ہوئے اُس ذات پاک وَیَبْقٰی وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَام کے بقا سے آگاہ ہو کر اس کے ساتھ لَو لگاتے ہیں اور بحکم قُلِ اللّٰهُ ثُمَّ ذَرْهُمْ ماسوی اللہ سے بالکل کنارہ کر کے وَتَبَتَّلْ اِلَیْهِ تَبْتِیْلًا پر عمل کرتے ہوئے ہر ایک امر میں بحکم فَاتَّخِذْهُ وَكِیْلًا اسی کو اپنا کارساز سمجھتے ہیں اور وہ افراد مبارک ہیں جو اپنی اس موہوم زندگی اور متخیلہ حیاتی کو بحکم مُوْتُوْا قَبْلَ اَنْ تَمُوْتُوْا اُس موجود مطلق هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ کی ذات میں محو کر کے خلعتِ فنا حاصل کرتے ہیں اور وَلَنُحْیِیَنَّهٗ حَیٰوةً طَیِّبَةً کی حیاتِ جاوید سے جو بقا کی مترادف ہے سرفراز ہو کر سَنُرِیْهِمْ اٰیٰتِنَا فِی الْاٰفَاقِ وَفِیْ اَنْفُسِهِمْ حَتّٰی یَتَبَیَّنَ لَهُمْ اَنَّهُ الْحَقُّ کی حقیقت سے آگاہ ہوتے ہیں۔ اُس وقت مَنْ عَرَفَ نَفْسَهٗ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّهٗ کا راز ان پر منکشف ہو جاتا ہے اور بحکم كُلُّ شَیْءٍ یَّرْجِعُ اِلٰی اَصْلِهٖ اپنے اصل الاصول کی طرف رجوع کرتے ہیں اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ۔ یہی حقیقۃ الحقایق اور کنز الکنوز ہے هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ اللہ بس باقی ہوس۔

عالیجاہا! کو الٹف مندرجہ کے مطالعہ سے دل سخت مشوش ہوا ہے۔ حسبِ ارشاد اُدْعُوْنِیْ دست بدعا ہوں کہ اللہ کریم عزّ اسمہٗ اپنے فضل و کرم سے آپ کو بمہ متعلقین تمتعات دینی و دنیوی سے دیرگاہ فایز المرام رکھے۔

امید ہے کہ حضرت باری جَلَّ قَدْرُهٗ بحکم اُسْتَجِبْ لَكُمْ اپنے عاجز بندوں کی دعا قبول فرما کر اُجِیْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ کی حقیقت جلوہ گر فرماوے گا اِنَّهٗ هُوَ السَّمِیْعُ الدُّعَاءِ۔

Marfat.com

آگاہ ہونا چاہیے کہ انسان پر جو کچھ تنگی و مصیبت اور عیش و راحت وارد ہوتی ہے۔ وہ سب اللہ کی طرف سے ہوتی ہے مَا اَصَابَ مِنْ مُّصِیْبَۃٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰہِ کسی کا کچھ اختیار نہیں۔ پس چاہیے کہ اپنے دل کو مضبوط رکھیں فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا۔

؎ مشکلے نیست کہ آساں نشود

مردے باید کہ ہراساں نشود

آپ نے لکھا ہے کہ ہم کو گمان ہے کہ ہمارے گھر میں کسی نے جادو کیا ہوا ہے اور آپ اس کے متعلق دریافت کریں کہ کیا معاملہ ہے؟ میرے عزیز! اگرچہ ارشاد وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ برحق ہے لیکن اس کی تاثیر وَمَا ھُمْ بِضَآرِّیْنَ بِہٖ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰہِ کے ساتھ وابستہ ہے تو جادو اور سحر کا اثر بھی راجع بطرف امر الٰہی ہوا۔ جیسا کہ مذکور ہوگا۔ لہٰذا اسی پر بھروسہ رکھنے سے سب کام آسان ہو جائیں گے وَمَنْ یَّتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰہِ فَھُوَ حَسْبُہٗ ط

واقعی بزرگانِ عاملین سے کچھ ایسے طریقے منقول ہیں جو از روئے علم نجوم و تفاؤل وغیرہ کے بگم وَبِالنَّجْمِ ھُمْ یَھْتَدُوْنَ واقعاتِ مخفیہ کے چہرہ سے روشناس کراتے ہیں لیکن فی الحقیقت ان کی حقیقت ظنیات کی حد سے آگے نہیں بڑھتی۔ اور ظن کی یہ حالت ہے کہ اِنَّ الظَّنَّ لَا یُغْنِیْ مِنَ الْحَقِّ شَیْئًا بلکہ کئی جگہ بحکم اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ یہی ظن گناہ کی حد پر پہنچ جاتا ہے۔ تو پھر ظنیات فال یا نجوم کے باعث کسی شخص کو متہم کرنا اصولِ شریعت و طریقت کے خلاف ہے ھٰذَا بُھْتَانٌ عَظِیْمٌ اور ذاتی طور پر علمِ غیب خاصۂ خداوندی ہے وَعِنْدَہٗ مَفَاتِحُ الْغَیْبِ لَا یَعْلَمُھَا اِلَّا ھُوَ۔ تو اصل حقیقت سوائے اس کے کوئی نہیں جانتا اِنَّہٗ یَعْلَمُ السِّرَّ وَاَخْفٰی۔

ممکن ہے کہ آپ کو کسی خاص شخص پر جادو سحر کا یقین ہو جیسا کہ آپ کے کلام سے ظاہر ہو رہا ہے۔ مگر وہیں اہل خانہ کی رائے آپ کے برخلاف ہے تو پھر یقین کامل نہ ہوا، محض ظن ہی رہا۔ اور آپ جیسے ذی علم اشخاص کو توہمات کا پابند رہنا آپ کی شان کے خلاف ہے۔ اور اگر یقیناً ایسا ہی ہے جیسا کہ آپ خیال فرماتے ہیں تو مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِہٖ وَمَنْ اَسَآءَ فَعَلَیْھَا جو کرے گا سو بھرے گا۔ وَلَا یَحِیْقُ الْمَکْرُ السَّیِّئُ اِلَّا بِاَھْلِہٖ۔

خیر۔ جو کچھ بھی ہے اللہ کے اختیار میں ہے۔ یَفْعَلُ اللّٰہُ مَا یَشَآءُ۔

Marfat.com

؎ تیر ہرچند از کماں برسد
از کماندار بیند اہلِ خرد

ہر وقت اس کی جناب پاک سے بہتری کی امید رکھنی چاہیے۔ وَلَا تَایْئَسُوْا مِنْ رَّوْحِ اللّٰہِ۔ اس کی رحمتِ واسعہ ہر لحہ انسان کے شاملِ حال ہے رَحْمَتِیْ وَسِعَتْ کُلَّ شَیْءٍ۔ آپ ذکرِ حق کو ہاتھ سے نہ دیویں اور مطمئن رہیں۔ اَلَا بِذِکْرِ اللّٰہِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ۔ وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْھُدٰی۔

انا الفقیر المستہام سید شریف احمد شرافت نوشاہی عفی عنہ

اولادِ مؤلف

میری شادی بروز یک شنبہ ۱۴ ربیع الآخر ۱۳۴۶ھ ۹ اکتوبر ۱۹۲۷ء ۲۲ اسوج سمت ۱۹۸۴ ب کو بمقام پانڈوکے نو۔ ضلع گوجرانوالہ میں ہوئی۔ میری اہلیہ کا نام سیدہ فضل بیگم ہے۔ دختر سید جلال الدین بن سید محمد علی بن سید غلام محی الدین بن سید عبداللہ بن سید خیراللہ بن سید فتح اللہ بن سید شاہ نظام بن سید سعداللہ حکیم بن سید حافظ محمد برخوردار بحرالعشق بن سید العارفین حضرت شاہ حاجی محمد نوشہ گنج بخش علوی قادری رحمہم اللہ تعالیٰ۔

میری شادی کی تاریخیں کئی صاحبِ علم شاعروں نے لکھیں۔ اُن میں سے چند قطعات یہاں درج کیے جاتے ہیں۔

قطعاتِ تاریخ

(۱)

از حضرت مولانا محمد سلام اللہ صاحب شایق ساکن چک عمر ضلع گجرات

جب شریف احمد کی شادی تھی قریب — اور تھا تبتل کا ہونا وصول
دل میں خواہش تھی مبارکباد کی — تاکہ خود جاکر کہوں ہو کر شمول
لیک تھی اک فکرمندی ہر گھڑی — ورنہ تھی کچھ بات رستہ تھا نہ طول

Marfat.com

ہو ترقی عمر کی ہر دم نصیب — بات یہ اصلی ہے باقی سب فضول
مصرعۂ تاریخ ہے یہ یادگار — سربسر ہو خانہ آبادی قبول
۱ ۳ ۴ ۶

(۲)

شد مبارک شادیِ احمد شریف — خانہ آبادی ندا سازد نصیب
باد برخوردار در دنیا و دیں — عزتِ ہر دو جہاں بخشد مجیب
مال و اولادش فزائد روز و شب — در دلِ ہر نیک و بد گردد حبیب
گرچہ دور ہستم ولیکن حاضرم — شوقِ دل دارد مرا ہر دم قریب
سال عقدش بے سر اندیشہ شد — اتفاقِ شمع و پروانہ عجیب
۱ ۳ ۴ ۶

(۳)

از قبلہ گاہی اعلیٰ حضرت سید غلام مصطفےٰ نوشاہی مدظلہ

شد شریف احمد مزوج با طرب — از طفیلِ نسبت کامل نشاط
فضلِ حق باشد ہمیشہ بر پسر — نیک اولادش بود حاکم عطاط
ذوق و عزت علم و عرفاں بیحساب — باد فرزندان وے را خوش بشاط
در دو عالم دارد ش آباد رب — عیش و عشرت باد وے را بے علاط
باغِ نوشاہی فزائد کردگار — قادری گلزار آید بر سماط
فیض گیرد عالم از اولادِ وے — با ہمہ دارند خلق و ارتباط
ہر کہ آید خوشہ چیند از چمن — تا قیامت باد قایم ایں رباط
دمبدم طالع ترقی میکند — رنج و غم باشد ابد در انحطاط
گفت نوشاہی ز سال عقدِ پاک — حمد شادی خرمی و انبساط
۱ ۳ ۴ ۶

(۴)

بحمد اللہ شریف احمد مبارک — مزوج شد بفضل اللہ تعالےٰ
فزاید نسل وے تا روزِ محشر — بعلم و حلم و رزق و عمر اعلےٰ
بعقدِ پور نوشاہی عجب قال — ز تاریخ نکاحِ تو ست اعلےٰ
۱ ۳ ۴ ۶

Marfat.com

اہلیہ موصوفہ کے بطن سے میرے دو بیٹے اور تین بیٹیاں ہیں سب بیٹوں کے نام یہ ہیں،
اس کی پیدائش سے پہلے مجھ کو خواب آیا۔
اوّل، صاحبزادہ سید ریاض الحسن مدعزہٗ ایک شخص مجھ سے پوچھتا ہے آپ کا نام
کیا ہے؛ اس وقت میاں جلال الدین قادری ساکن چھالیہ میرے پاس کھڑے ہیں۔ وہ
کہتے ہیں ان کا نام ابوالریاض ہے۔ چنانچہ اس کے بعد عزیز پیدا ہوا تو اس کا نام ریاض الحسن
رکھا گیا۔

اس بشارت کے مطابق عزیز کی ولادت بروز پنجشنبہ، وقت صبح صادق ۱۲ ربیع الآخر
۱۳۴۸ھ ۲ ستمبر ۱۹۲۹ء ۱۱ اسوج سمت ۱۹۸۶ب کو بمقام پانڈو کے نوا اپنے نانا صاحب سید
جلال الدین کے گھر میں ہوئی۔ تاریخی نام افتخار اللہ رکھا گیا۔ لیکن مشہور ریاض الحسن ہی ہوا جو
الہامی تھا۔

قطعہ تاریخ ولادت

از حضرت مولانا محمد سلام اللہ شایق

کنم حمد ذاتِ خداوند گار — وزیں پس کنم شکرِ نعمت ہزار
زباں تا بود در دہاں جائے گیر — ثنائے محمد بود دلپذیر
حبیبِ خدا اشرفِ انبیا — کہ عرش مجیدش بود متکا
سوارِ جہانگیر یکراں براق — کہ بگزشت از قصرِ نیلی رواق
ہزاراں درود و ہزاراں دعا — بروحِ محمد رسد از خدا
رسیدست ایں مژدۂ جانفزا — ز خطِ غلامِ شہِ انبیاؐ
بگنبد ازیں شادمانیِ من — زیادہ شدہ زندگانیِ من

---

۱ و ۲ و ۳ یہ تینوں اشعار پنہاں کر لیا کے ہیں۔
۴ مراد از اعلیٰ حضرت سید غلام مصطفےٰ مدظلہٗ شرافت۔

Marfat.com

کہ از باغِ خوبی ریاضِ الحسن — دمیدست چوں غنچۂ پاک تن
زنسلِ شریفت سب بالِ ہما — بود بر سرش سایۂ مصطفٰے
الٰہی بود در جہاں نیک نام — طفیلِ محمد علیہ السلام
طفیلِ جنابِ محمد امین — سلامت بود بچۂ نازنین
طفیلِ جنابِ قُل احمد بنام — الٰہی بہ بخشد مرادِ تمام
پئے حافظِ نورِ ذاتِ خدا — بود حاجتِ دین و دنیا روا
طفیلِ جنابِ محمد حیات — فقیرِ خدا دوست فرخ صفات
پئے جانشینِ شہِ اولیا — کہ برخورد از مال و ملکِ بقا
پئے قطبِ اقطاب دولت پناہ — کہ بخشد ہمہ گنجِ عرفان براہ
خدایا طفیلِ شہِ گنج بخش — ز فیضانِ عرفاں رہِ گنج بخش
شہنشاہِ آفاق نوشہ پیر — خدارا پئے مفلساں دستگیر
کراماتِ شاں در جہاں بحساب — نگنجد دریں تنگ میداں کتاب
زچینا بر تر عنایاتِ او — زجہلم فزوں تر رعایاتِ او
روان ست سرچشمۂ جود او — ہمیشہ خدا پاک مسجود او
نمیرند مردانِ راہِ خدا — مرا تجربہ شد ازیں بارہا
مرا خاندانے کہ نوشاہی است — بدنیا و دینش شہنشاہی است
مراخاندانِ بزرگانِ دین — عزیزست از مال وجاں بالیقیں
کنم جان و دل را برایشاں نثار — فدا میکنم جان و دل بار بار
الٰہی مرادات ہر دُو جہاں — میسر کنی از پئے خواجگاں
خدایا تو آساں کنی مشکلات — بحقِ محمد علیہ الصلوٰۃ
زشانی ربیع بود بست[1] ویکم — کہ شد جلوۂ پاک او از عدم

---

[1] اس میں یہ صنعت ہے کہ حضرت نوشہ صاحبؒ کا نسب نامہ بھی درج ہے ۱۲ شرافت

Marfat.com

چو جستیم تاریخِ آں نورعین شدہ نام و سالش مظفر حسین

مادہ ہائے تاریخِ ولادت

۱۔ از آیت شریف اِنَّ اللّٰہَ اصْطَفَاہُ عَلَیْکُمْ وَزَادَہٗ بَسْطَۃً فِی الْعِلْمِ وَالْجِسْمِ ۱۳۴۸ھ

۲۔ مظفر حسین ۱۳۴۸ھ ۳۔ فضل اللہ نوشاہی ۱۳۴۸ھ

۴۔ افتخار اللہ ۱۳۴۸ھ

عزیز ریاض الحسن کی تعلیم میٹرک تک ہے اور بیعتِ طریقت اپنے جد بزرگوار اعلیٰ حضرت مولانا سید غلام مصطفےٰ ادام اللہ برکاتہٗ سے ہے اور خلافت بھی حاصل ہو چکی ہے۔ عزیز اپنے کاروبار دنیاوی اور دینی میں لایق ہے۔ آیندہ روندہ کی خدمت کرنے والا، خوش اخلاق، متواضع، کم گو ہے۔ پابند صوم وصلوٰۃ اور اورادِ نوشاہی پر مواظبت رکھنے والا ہے۔ شریعت و طریقت کی کتابوں کا مطالعہ رکھتا ہے۔ مشایخ کرام کی صحبتوں سے مشرف ہوتا رہتا ہے۔ اس کا سلسلۂ طریقت بھی جاری ہے۔ کئی لوگ اس کے حلقۂ بیعت میں داخل ہیں۔ بارکہ اللہ

عزیز کی شادی بروز جمعہ ۱۱ ذی الحجہ ۱۳۷۸ھ کو بمقام دھیر کے خورد ضلع گجرات۔ عزیزہ سیدہ ارشاد بیگم کے ساتھ ہوئی جو سید محمد علی نوشاہی کی بڑی بیٹی ہے۔ وہ سید سلطان احمد کے بیٹے ہیں ابن سید غلام نبی بن سید نور احمد بن سید خدا بخش بن سید حافظ نور اللہ بن سید حافظ محمد حیات ربانی رحمہم اللہ۔

عزیز کی ایک لڑکی سیدہ ناہید سلطانہ ہے جو بروز پنجشنبہ وقتِ عصر ۱۲ شوال ۱۳۸۰ھ کو پیدا ہوئی۔ اللہ کریم عزیز کو اولادِ نرینہ سے مشرف فرمائے۔ آمین۔ عزیز ریاض الحسن کی عمر اس وقت تینتیس ۳۳ سال ہے سلمہ اللہ تعالیٰ۔

دوم، صاحبزادہ سید سعید الظفر طوّل عمرہٗ اِس کی پیدائش بروز دوشنبہ وقت ضحیٰ کبریٰ ۱۰ رجب ۱۳۵۵ھ ۵ اکتوبر ۱۹۳۶ء ۲۰ اسوج سمت ۱۹۹۳ ب کو بمقام ساہن پال شریف ہوئی۔ تاریخی نام سید الظفر رکھا گیا۔

Marfat.com

قطعہ تاریخِ ولادت

چو فرزندِ مسعود تولید گشت — شدہ اسم پاکش سعید الظفر
شرافت دگر جُست تاریخ وے — سروشم بگفتا عظیم القدر
۱۳۵۵ — ۱۳۵۵

تاریخ ختنہ عزیزاں

عزیز گرامی ریاض الحسن — سعید الظفر غنچۂ پاک تن
دو فرزند اولادِ نوشاہِ پیر — دو گوہر ز دُرجِ شہِ دستگیر
دو لولوئے لالا ز دریائے نور — زفیضانِ گُل احمدی پُر سرور
دو لختِ جگر شاہِ ملکِ بقا — جنابِ محمد شہِ مصطفےٰ
ز ارشادِ عالی نبی جہاں — ز حکم حدیثِ شہِ اُمّاں
بتاریخ ہفتم جمادے الاوّل — بروز جمعہ وقتِ عصرِ اوّل
بشد ختنۂ ہر دو عالی قدر — شدند از طریقِ نبی بہرہ ور
ز ملّت براہیمی آمد نشاں — ز فیضِ خلیل اللہ پُر گشت جاں
شرافت تفکر بدل ساز کرد — ز تاریخ آں ختنہ شد راز کرد
۱۳۵۹

مادہ ہائے تاریخ ولادت

۱۔ عظیم القدر — ۱۳۵۵ھ — ۲۔ منظور الحسین — ۱۳۵۵ھ
۳۔ محمد مظہر حسن — ۱۳۵۵ھ

عزیز سعید الظفر کی تعلیم بی۔اے تک ہے۔ بڑا ذہین و فطین عالی دماغ صاحب حسنِ اخلاق ہے۔ اپنے جدِ عالی قدر اعلیٰ حضرت مولانا سید غلام مصطفےٰ دام برکاتہ، کی بیعت سے مشرف اور خلافت یافتہ ہے۔ یہ جب ابھی بچہ ہی تھا تو اعلیٰ حضرت فرمایا کرتے کہ "یہ غزالیِ وقت ہوگا" چنانچہ حضور کی دعا سے اب یہ علم میں بڑا بلند مرتبہ اور وسیع الخیال ہے۔ چند سالوں سے

Marfat.com

لاہور محکمہ بجلی کے دفتر میں خزانچی کے عہدہ پر فایز ہے۔ اور لاہور کے علما و فضلا کی مجلسوں میں حاضر ہو کر مستفید ہوتا رہتا ہے۔ لاہور کے اکثر احباب اس کے صاحب علم و فضل ہیں۔ اکثر دینی کتابوں کا مطالعہ رکھتا ہے۔ نماز پنجگانہ پر مواظبت رکھنے والا ہے۔ تلاوتِ قرآن مجید بلا ناغہ کرتا ہے۔ مہمانوں کی خدمت کرنے والا، بڑا مہذب و مؤدب ہے۔ زادہ اللہ علمہ و عملہٗ۔

عزیز کی شادی شنبہ، ۲۶ شعبان ۱۳۷۸ھ کو موضع چنبل ضلع شیخوپورہ میں عزیزہ سیدہ زکیہ بیگم کے ساتھ ہوئی جو صاحبزادہ عبدالکریم عباسی کی بڑی لڑکی ہے وہ سید عمر حیات کے بیٹے ہیں ابنِ سید غلام حسین بن سید نور احمد بن سید خدا بخش بن سید حافظ نور اللہ بن سید حافظ محمد حیات ربانی نوشاہی برخورداری رحمہم اللہ۔

اللہ تعالیٰ عزیز سید الظفر کو عمر خضر و بختِ سکندر عطا فرماوے اور اولادِ نرینہ سے مفتخر فرماوے۔ عزیز کی عمر اس وقت چھبیس ۲۶ سال ہے۔ سلمہ اللہ تعالیٰ۔

میری (مولفِ کتاب ہذا فقیر سید شرافت عفی عنہ کی تین ۳ لڑکیاں ہیں:

۱۔ عزیزہ سیدہ صدیقۃ الکبریٰ۔ متولدہ شبِ دوشنبہ ۶ شعبان ۱۳۵۱ھ تعلیم یافتہ، پرہیزگار، سلیقہ شعار، نیک اطوار ہے۔ اپنے دادا صاحب اعلیٰ حضرت قبلہ ادام اللہ برکاتہٗ کی بیعت سے مشرف ہے۔ عبادت و ریاضت میں اپنی تمام ہم عمر لڑکیوں سے یگانہ ہے۔ بزرگوں کی زیارت سے خواب میں اکثر مشرف ہوتی رہتی ہے۔ اپنے والدین اور جدہ صاحبہ اور جد بزرگوار اور پھوپھی صاحبان وغیرہ کی خدمت گار ہے۔ اس کی شادی صاحبزادہ محمد سلیم مدعرہٗ سے ہوئی ہے ابن سید محمد شریف بن سید پیر محمد عالم بن سید پیر محمد بن سید شمس الدین بن سید اللہ دتہ بن سید فتح الدین بن سید محمد عظیم بن سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوان بن سید حافظ محمد برخوردار بحر العشق نوشاہیؒ۔

عزیزہ کا ایک لڑکا بنام افتخار محمود بعمر ایک سالہ موجود ہے۔ سلمہم اللہ تعالیٰ

۲۔ عزیزہ سیدہ فہمیدہ خانم۔ المعروف حمیدہ بیگم۔ متولدہ دوشنبہ۔ ۵ ربیع الاول ۱۳۶۱ھ قرآن مجید اور دینی کتابوں کا علم رکھتی ہے۔ امور خانہ داری اور کشیدہ کاری میں بہت دانا ہے۔ پابندِ شریعت ہے۔ اس کی شادی صاحبزادہ محسن اختر سے ہے۔ ابنِ سید شاہ ولی بن سید واصل حق بن سید پیر محسن شاہ بن سید حافظ الٰہی بخش بن سید حافظ نور اللہ نوشاہی برخورداری۔ ساکن

Marfat.com

موچی دروازہ ۔ لاہور ۔

۳ ۔ عزیزہ سیدہ عذرا بیگم ۔ متولدہ یک شنبہ ۱۷ ربیع الآخر ۱۳۶۴ھ ۔ اپنی پھوپھی سیدہ نذیر بیگم سے قرآن کریم اور کتابوں کی تعلیم پائی ہے ۔ بخشیدہ کاری کا فن بھی سیکھا ہے ۔ پابند قرآن و نماز و روزہ ہے ۔ سلمہا اللہ ۔

تلامذہ

میں نے سلسلۂ تدریس تو جاری نہیں کیا ۔ البتہ بعض اشخاص نے مجھ سے سبق خوانی کی ہے ۔

۱ ۔ برادر عزیز صاحبزادہ سید بشیر احمد بشارتؒ	ساہن پال شریف
۲ ۔ صاحبزادہ سید عزیز احمد بن سید کرم الٰہی برخورداریؒ	〃
۳ ۔ صاحبزادہ سید منظور حسین بن سید بوٹے شاہ برخورداریؒ	〃
۴ ۔ صاحبزادہ سید الطاف حسین بن سید فضل حسین برخورداریؒ	〃
۵ ۔ میاں خدا بخش بن بدرالدین ترکھان	〃
۶ ۔ صاحبزادہ حیدر شاہ بن پیر محمد شاہ سلیمانی	رَن مل
۷ ۔ صاحبزادہ سید الطاف حسین بن سید محمد انور ہاشمی	〃
۸ ۔ محمد روشن بن اللہ دتہ موچی	〃
۹ ۔ میاں محمد شریف بن میاں قمر الدین علما	اگووہ
۱۰ ۔ میاں نور حسین بن میاں احمد الدین علما	سارنگ
۱۱ ۔ میاں عزیز احمد بن میاں احمد الدین علما	〃
۱۲ ۔ میاں محمد یار بن جام سلیمان ارائیں	غوث پور ۔ ضلع بہاول پور

یارانِ طریقت

اپنے خواص یارانِ طریقت کے اسما ضلع وار یہاں لکھے جاتے ہیں :

۱ ۔ مرزا محمد نذیر اختر بن میاں خدا بخش	ساہنپال شریف	گجرات

Marfat.com

۲ - صاحبزادہ فاروق اعظم بن فیض محی الدین سچیاری	ڈرہ شریف	گجرات
۳ - سید حیات شاہ بن سید حسن شاہ بھاکھری	چک وساوا	〃
۴ - سید غلام علی شاہ بن سید لال شاہ مشہدی	ڈھوک شہانی	〃
۵ - سائیں اللہ دتہ فقیر بن اروڑا	〃	〃
۶ - صوفی بشیر احمد درویش بن مولا داد	بھکھی	〃
۷ - صاحبزادہ علی محمد بن حیات محمد رحمانی	بھڑی شاہ رحمان	گوجرانوالہ
۸ - صاحبزادہ محمد اسمٰعیل بن حیات محمد رحمانی	〃	〃
۹ - صاحبزادہ عبدالرحیم ثانی بن غلام رسول رحمانی	〃	〃
۱۰ - صاحبزادہ خوشی محمد المعروف عمرالدین بن محمد عالم رحمانی	〃	〃
۱۱ - مولوی غلام حیدر امام مسجد	غیبی	〃
۱۲ - مولوی منشی نیاز احمد مدرس	باورے	〃
۱۳ - مستری محمد یوسف بن محمد رمضان	نواں پنڈ	〃
۱۴ - سائیں اللہ دتہ بن میاں علم الدین	منصور والی	〃
۱۵ - میاں محمد بوٹا المعروف ثناءاللہ بن اسمٰعیل حجام	مدن چک	〃
۱۶ - مولوی محمد بشیر حسین بن مولوی محمد الدین فاروقی فاضل دیوبند خطیب جامعہ گورستان		〃
۱۷ - سید عبدالکریم عباسی بن سید عمر حیات برخورداری	چنبل	شیخوپورہ
۱۸ - مولوی محمد شفیع بن رکن الدین امام مسجد	وایا نوالی چک ۲۷	〃
۱۹ - حکیم سردار علی بن حسن محمد شیخ	〃	〃
۲۰ - مولوی غلام نبی صوفی بن میاں راج محمد	چک صوبہ	لائل پور
۲۱ - سید عبدالغنی بن سید رحمت علی برخورداری	بڑجن	میرپور
۲۲ - خلیفہ بشیر احمد المعروف خاور شاہ بن مسیتی گل	محلہ کوٹلہ سلطانخاں	پشاور شہر

دیگر یارانِ ذی وقار

۱ - چودھری احمد الدین بن راجہ تارڑ	سارنگ	گجرات

Marfat.com

۲ - میاں احمد الدین بن محمد الدین درزی	اگرویہ	گجرات
۳ - میاں مظفر حسین بن میاں عبدالحکیم مخدوم	〃	〃
۴ - میاں سردار علی بن محمد علی موچی ساہن پالوی	ڈھل	〃
۵ - میاں میانخاں بن خوشی محمد موچی	سیدا	〃
۶ - میاں امام الدین بن جلال کشمیریؒ	چک جانو کلاں	〃
۷ - چودھری محمد روشن بن شاناں وڑائچ نمبردار	〃	〃
۸ - چودھری غلام رسول بن خوشی محمد وڑائچ	〃	〃
۹ - سائیں محمد علی فقیر مجاور درگاہِ شاہ روڈو ولیؒ	ہیگر خورد	〃
۱۰ - صوفی رحمت علی موچیؒ	ڈھوک شہانی	〃
۱۱ - سائیں رحم علی بن خوشی محمد گلگو	〃	〃
۱۲ - سائیں نور محمد درویش رنگریز	باگڑیاں والہ	〃
۱۳ - چودھری سردار خاں بن رحمت خاں وڑائچ	جھیوراں والی	〃
۱۴ - چودھری محمد بوٹا بن کالو پڈا میونسپل کمشنر	نور پور پیڈے	〃
۱۵ - چودھری میراں بخش بن پیراں وتہ وڑائچ نمبردار	گوجر پور	〃
۱۶ - صوفی محمد بن علی موچی	جاجو وال	〃
۱۷ - میاں رمضان گلگو	〃	〃
۱۸ - عاشق علی بن محمد حسین مسلم شیخ	چک ۵،	سرگودھا
۱۹ - مستری محمد بشیر بن احمد الدین ترکھان گوجر پوری	سٹلائٹ ٹاؤن	راولپنڈی
۲۰ - میاں بشیر احمد بن نصیر احمد صدیقی نقیب الفقرا	قصہ خوانی	پشاور شہر
۲۱ - حاجی مستری محمد اسمٰعیل بن مستری چراغدین لوہار	آبادی حاکم رائے	گوجرانوالہ
۲۲ - مولوی محمد حسین بن علم الدین لوہار	ابوالفتوالی	〃
۲۳ - حکیم قاضی عبدالحق قریشی	چک بیگ	〃
۲۴ - میاں عبداللہ موچی	ابدال	

Marfat.com

۲۵ - چودھری عنایت اللہ سمرا المعروف شہزادہ شاہد رضا بن رحمت علی	لوڑھکی	گوجرانوالہ
۲۶ - چودھری قاسم علی سمرا	"	"
۲۷ - میاں برکت علی کشمیری	"	"
۲۸ - رحمت علی موچی	"	"
۲۹ - ڈاکٹر محمد رفیق رنگریز		کوہلووالہ "
۳۰ - مستری عبدالعزیز بن برکت علی لوہار		کمردیاں اُچیاں "
۳۱ - مستری محمد اسمٰعیل بن دین محمد لوہار		مریدکے شیخوپورہ
۳۲ - صوفی فتح علی بن شاہ محمد راجپوت		بھیانوالہ کلاں "
۳۳ - سائیں فرزند علی درویش		" "
۳۴ - بابا دین محمد ارائیں		بھیانوالہ خورد "
۳۵ - حکیم رحمت علی جراح		کی اصحابانوالی "
۳۶ - مولوی محمد حیون امام مسجد		دایانوالی "
۳۷ - چودھری اللہ لوک بن مولا داد تارڑ		" "
۳۸ - چودھری عبداللہ بن رحمت خاں وڑائچ		ونڈیانوالی "
۳۹ چودھری سردار خاں بن رحمت خاں وڑائچ		" "
۴۰ - رائے ملایم خاں بن مراد بھٹی		خیرپور شیخوپورہ
۴۱ - سائیں عبدالغنی المعروف مستان شاہ حجام		چک صوبہ لائل پور
۴۲ - مسٹر محمد نذیر بن غلام محمد لوہار		محلہ فاروق گنج لاہور
۴۳ - چودھری غلام رسول خایق وڑائچ		چک ۶۲۸ مظفرگڑھ
۴۴ - چودھری غلام حیدر بن خواجہ تارڑ		چک ۳۰ ساہیوال
۴۵ - چودھری نور محمد بن محمد الدین رساڑ		چک ۸۴ ملتان
۴۶ - چودھری محمد بشیر بن راجہ گوجر		چک ۱۹۰ "
۴۷ - سائیں محمد بوٹا ارائیں جتاں والہ		چک ۹ بہاولپور

Marfat.com

۴۸ - چودھری محمد نواز بن محمد الدین باجواہ		چک ۴ ،	رحیم یار خاں
۴۹ - سائیں احمد علی بن راج محمد موچی		کھوڑا	خیرپور
۵۰ چودھری محمد صادق بن دولت خاں ڈھلو		محراب پور	نواب شاہ
۵۱ - صاحبزادہ عنایت حسین بن غلام محمد ورزی		سنجھورو	سانگھڑ
۵۲ - صاحبزادہ جاوید اختر بن سید فقیر محمد برخورداری		حقانی چوک	کراچی

یارانِ طریقت جو شاعر ہیں

میرے احباب ذیل شاعر بھی ہیں جو اکثر پنجابی یا اُردو میں شعر کہا کرتے ہیں ۔ ضلع وار لکھے جاتے ہیں ۔

۱ - محمد نذیر	اختر	ساہن پال شریف	گجرات
۲ - رضاء اللہ شاہ	عارف	"	"
۳ - خوشی محمد	خاکی	چک ۵ ۴	"
۴ - محمد خاں	محمد	"	"
۵ - ابوالبرق بشیر احمد	صوفی	بھگی	"
۶ - محمد خاں	پردیسی	"	"
۷ - عطا محمد	شوق	ڈھوک شہانی	"
۸ - نذر محمد	نذر	"	"
۹ - بشیر احمد	بشیر	ڈھلی	"
۱۰ - غلام رسول		چک جانو کلاں	"
۱۱ - عمر حیات	سیال	"	"
۱۲ - الہ دین		گاکھڑہ کلاں	"
۱۳ - صفدر صغیر		پیر و شاہ	
۱۴ - غلام علی	فایق	ٹھٹھہ نیک	

Marfat.com

۱۵ -	سردارخاں	سردار	جھیوراں والی
۱۶ -	محمد امین	امین	نوشہرہ شریف
۱۷ -	عنایت اللہ	شاہد	لوڑھکی
۱۸ -	عنایت اللہ	ناز	〃
۱۹ -	محمد افضل	طور	تمبولی
۲۰ -	شکرالدین	شاکر	ابدال
۲۱ -	محمد ریاض	ریاض	〃
۲۲ -	غلام رسول	فایق	ابوالفتحوالی
۲۳ -	نیک محمد	نیک	مدن چک
۲۴ -	محمد ولایت	شہزاد	〃
۲۵ -	اللہ رکھا	عاشق	جام والہ
۲۶ -	غلام رسول	مسکین	اروپ
۲۷ -	نور محمد	نور	غیبی
۲۸ -	محمد عالم	صوفی	نواں پنڈ
۲۹ -	محمد بشیر	بشیر	منصوروالی
۳۰ -	عبدالکریم	عباسی	چنبل
۳۱ -	محمد شفیع	شیخ	ونڈیاں والی
۳۲ -	محمد مالک	مالک	وایاں والی
۳۳ -	محمد اسلم	اسلم	تکی
۳۴ -	غلام محمد	غلام	بھیاں والہ
۳۵ -	یقین علی	یقین	〃
۳۶ -	محمد منشا	منشا	غربی
۳۷ -	غلام محمد	گنہگار	〃

Marfat.com

۳۸ - کبیر علی	کبیر	خونی	شیخوپورہ
۳۹ - شبیر علی	شبیر	"	"
۴۰ - محمد الیاس	دلدار	مریدکے	"
۴۱ - محمد احسن	احسن	محراب پور	نواب شاہ
۴۲ - بشیر احمد	خاور		پشاور

عمرِ مؤلف

میری (شرافت کی) عمر[1] اس وقت ۱۳۸۱ھ میں چھپن ۵۶ سال ہجری ہے۔ اللہ تعالیٰ شریعت و طریقت پر گامزن ہونے کی توفیق عطا فرمادے اور خاتمہ بالایمان ہو۔ ؎

یارب بہ نبی شافعِ یوم نشور — یارب بہ ولی و قطب سرچشمۂ نور
چوں سایۂ من خاک نشیں را گرداں — زیرِ علمِ حاجیِ نوشہ محشور

---

[1] مولف کتاب ہذا یہ شرافت نوشاہی کا مزید ذکر شریف التواریخ کی تیسری جلد موسوم بہ تذکرہ نوشاہیہ کے دسویں حصہ عاشر الاولاد نام میں لکھا جائے گا۔ شرافت

Marfat.com

طبقہ دوم

نوشاہیہ برخورداریہ

اس میں قطب الاقطاب حضرت نوشہ گنج بخشؒ کے فرزند اکبر حضرت
حضرت مولانا سید حافظ محمد برخوردار بحر العشقؒ کی اولادِ امجاد کا تذکرہ ہے۔
اس طبقہ میں گیارہ باب ہیں جن میں بترتیبِ نسب گیارہ پشتوں کے حالات
درج ہیں۔

سید شرافت

Marfat.com

باب اوّل

قطب الاقطاب فرد الاحباب عمدہ علمائے اعلام
شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حافظ
حاجی محمد نوشہ گنج بخش
مجدد اکبر علوی قادری قدس سرہٗ العزیز

گنج بخشِ فیضِ عالم شاہِ نوشہ مقتدا — ناقصاں را پیرِ کامل کاملاں را رہنما
ہر دو چشمش باز در عرفاں چو لفظ ہائے ھو — سرنشینِ اولیا چو نقطۂ بر واضحے
بر مزارش از ہمہ اطراف ہر یک فیض جو — ہم چو پروانہ بگردِ شمع باشد در مسا
تاجدارانِ جہاں بر مرقدش جاروب کش — کمترینِ خادمانش شد بعالم پیشوا
مرادِ شایقِ مسکیں دعا کن اے جناب — شاہدِ مقصودِ او را دار در برائے خدا

آپ سلطان الافراد، برہان الاوتاد، امام اولیائے کرام، پیشوائے عرفائے عظام، عمدۂ اعیانِ شریعت، زبدۂ ارکانِ طریقت، سلاسلہ اہل بیت نبویؐ و آلِ مصطفوی، قطب الانام، غوث الایام، صاحبِ علم و فضل و فقر و معرفت تھے۔ آپ ذی الحرمین الشریفین سید علاؤ الدین حسین غازی بن سید شمس الدین شہید علویؒ کے فرزند ارجمند تھے۔ طریقت و ارشاد، شہبازِ لامکاں، فریدالزماں، حضرت سخی شاہ سلیمان نوری قادری سے حاصل کیا۔

آپ کے مفصل حالات شریف التواریخ کی جلد اوّل موسوم بہ تاریخ الاقطاب میں مرقوم ہیں۔ اس کے بعد اسی جلد ثانی کے طبقۂ اوّل کے آغاز میں بھی کچھ حالات لکھے گئے۔ اب طبقۂ دوم کے آغاز میں بھی تبرکاً چند احوال لکھے جاتے ہیں تاکہ اس طبقہ کی ابتدا بھی آپ کے نام پاک سے

Marfat.com

ہوجائے۔

سیاحتِ سندھ کتاب تشریف الفقرا میں ہے کہ ایک مرتبہ آپ سیر و سیاحت کرتے ہوئے ملکِ سندھ میں تشریف لے گئے۔ وہاں ایک شہر میں پہنچے تو میاں ماجھی صاحبؒ سے ملاقات ہوئی۔ انھوں نے آپ کی تعظیم و آداب بجالاکر آپ سے وطن و مقام پوچھا۔ آپ نے فرمایا: میں تو ایک مسافر درویش پنجاب سے آیا ہوں۔ پھر اُن سے تعریف پوچھی تو اُنھوں نے کہا کہ میں حضرت میاں نصیر محمد سُہروردی کا مرید ہوں۔ آپ نے فرمایا: میری طرف دیکھو۔ جب انھوں نے دیکھا تو آپ بعینہٖ میاں صاحب مذکور کی صورت میں بیٹھے نظر آئے تو وہ قدموں میں گر پڑے۔ جب وہاں سے اپنے مرشد صاحب کی خدمت میں پہنچے تو اُن کو حضرت نوشہ صاحبؒ کی صورت میں متمثل پایا۔ اس وقت ان کو معلوم ہوا کہ ان دونوں بزرگواروں کی حقیقت ایک ہے۔ چنانچہ حضور نے فرمایا: "نوشہ نصیر ست و نصیر نوشہ است"۔ اُس کے بعد حضرت میاں ماجھی صاحب سندھیؒ آپ کے حلقۂ ارادت میں داخل ہوئے اور فیضیاب ہوکر سندھ میں سلسلہ نوشاہیہ کی تبلیغ و ترویج کرنے والے ہوئے۔

ف اولیاءاللہ کسی دوسرے شخص کی صورت میں بھی متمثل ہوسکتے ہیں۔ جیسا کہ مکتوباتِ شاہ فقیراللہ علویؒ مکتوب ۱۴ میں ہے: "وھذا لیس ببعید لان النفوس الانسانیۃ الکاملۃ و ان کانت لھا اجسام مادیۃ لکن یتشکلون باشکال غیر اشکالھم المحسوسۃ فی ھذہ الدار لقوۃ انسلاخھم من ابدانھم و بعد انتقالھم الی الاٰخرۃ۔" اور یہ کوئی مشکل بات نہیں کیونکہ کامل نفوس انسانی اگرچہ مادی اجسام رکھتے ہیں۔ لیکن اپنے جسموں سے قوتِ انسلاخ رکھنے کے باعث اِس دنیا میں بھی، اور مرنے کے بعد قیامت تک بھی اپنی محسوسہ شکلوں کے سوا دُوسری صورتوں میں متشکل ہوسکتے ہیں۔

سفر حرمین الشریفین مرزا احمد اختر گورگانی "کتاب تذکرہ اولیائے ہند میں، اور شاہ شریف احمد مراد سہروردی" کتاب ہفتاد اولیا میں لکھتے ہیں کہ حضرت نوشہ صاحبؒ نے اپنے والد ماجد کی طرح سات حج پا پیادہ کیے اور زیارت حرمین الشریفین سے ارادھما اللہ شرفاً و تعظیماً سے مشرف ہوئے۔

Marfat.com

اگرچہ آپ کے تذکرہ نگاروں نے آپ کے سفرِ حج کا کوئی ذکر نہیں کیا مگر کتاب چہار بہار سے ثابت ہوتا ہے کہ آپ نے تمام ممالک عرب وعجم کی سیر کی ہے تو یہ ممکن نہیں کہ آپ انھیں ممالک کے مقاماتِ مقدسہ کی سیر کریں اور زیارت حرمین الشریفین سے مشرف نہ ہوں۔ اور حج کے فریضہ اور فضیلت کو ترک کر دیں۔ بہرصورت آپ یقینی طور پر حج کی سعادت سے مشرف ہوئے اور حسبِ اقوالِ مورخین مذکور سعادت بار حج کیا۔

سلطان الاذکار جاری کرانا

منقول ہے کہ حضرت نوشاہ عالی جاہؒ جس شخص پر نگاہ ڈالتے اس کے لطایف جاری ہو جاتے۔ اور اس کا قلب ذاکر ہو جاتا۔ ایک مرتبہ آپ کے مرید سعادت مند شیخ رحمت اللہ ساکن نون حاضر خدمت ہوئے۔ آپ نے نگاہِ رحمت سے اُن کو دیکھا تو اُن کو سلطان الاذکار جاری ہوگیا۔ جب واپس گئے تو جس درخت کے پاس سے گزرتے اُس کے پتوں سے ذکر کی آواز مسموع ہوتی۔ اور گھاس کے پتوں سے بھی "تُو ہی اللہ، تُو ہی اللہ" کی آواز سُنائی دیتی۔

کلماتِ طیبات

آپ کے ارشادات پہلی جلد میں لکھے جا چکے ہیں اور کچھ طبقۂ اوّل میں بھی تحریر ہو چکے ہیں۔ چونکہ طالبوں کی اصلاح و ہدایت کے واسطے بزرگوں کے ملفوظات رہنمائے کامل کی جا بجا ہوتے ہیں۔ اس لیے اب یہاں بھی آپ کے کچھ ملفوظات بیان کیے جاتے ہیں۔

فرمایا: پرہیزگاری کا بیج عذابِ الٰہی سے ڈرنا اور خوف کرنا ہے۔ چاہیے کہ عذاب نزع اور عذاب قبر سے ڈرتا رہے اور خدا کے اوامر پر پابند رہے اور نواہی سے بچے۔ اور حرام و مکروہات سے اجتناب کرے۔ جیسا کہ مسکین و مفلس آدمی دولت مندوں اور امیروں کی نعمتوں کے دسترخوان کے پاس بیٹھا ہو اور قسم قسم کے لذیذ اور خوش الوان کھانے سامنے دیکھ رہا ہو تو وہ ڈر کے مارے ان کو ہاتھ نہیں لگاتا کہ اگر میں نے ان کو چھیڑا تو مجھ کو سزا دیں گے اور عذاب میں گرفتار ہو جاؤں گا اور جان سے ہلاک ہو جاؤں گا۔ اسی طرح چاہیے کہ خدا کو حاضر دیکھے اور ناظر جانے۔ اور اس کے قہر سے دمبدم ڈرتا رہے۔ خود بخود پرہیزگار ہو جائیگا۔

Marfat.com

تھوڑے اور زیادہ پر۔ لذت والی اور بے لذت چیزوں پر قناعت کرے۔ اور چاہیے کہ پروردگار کو ماضی اور حال اور مستقبل کے ہر حال میں یکساں دیکھنے والا جانے، بنانے والا اور توڑنے والا وہی ہے پالنے والا اور جزا دینے والا وہی ہے۔ وہی تھا۔ وہ ہی ہے۔ وہ ہی ہوگا۔ اُس کے سوا سب نابود ہے اور نابود ہوگا۔

اے درویش! خدا تعالیٰ کے امر و نہی کو آپس میں ملا نہ دو۔ کیونکہ اس کی تقدیر کی تلوار بہت تیز ہے۔ اس کی ذات سے ڈرتا اور کانپتا رہ۔ یہی پرہیزگاری کی جڑ ہے۔

اے درویش! پرہیزگاری یہ ہے کہ اپنے پیر کا فرمان زندگی سے پیارا جانے۔ اور اس کا ڈر موت سے زیادہ رکھے۔ یہ نفس مست ہاتھی کی طرح ہے۔ اس کا ہاتھ شیطان کے ہاتھ میں ہے۔ اس کو محنت و مشقت میں ڈال۔ اور اعتقاد کی زنجیر سے اس کو باندھ دے۔ سب نیک صفات اور بلند درجات تجھ میں پائے جائیں گے۔ تیرے کچے خیال (خیالات فاسدہ) اور حرام گوشت تجھ سے دور ہو جائے گا۔ اور تیرے دل کا زنگار اُتر جاوے گا۔ اور شیشہ کی طرح صاف و روشن ہو جائے گا۔ موتوا قبل ان تموتوا یہی ہے۔ جوانی اور بڑھاپے کو ایک جیسا سمجھو۔ یہ دونوں بے وفا ہیں۔ ان سے کیا حاصل کرتے ہو۔ اگر تم چاہتے ہو کہ نہ مریں۔ تو مرنے سے پہلے مرو۔ ہمیشہ زندہ رہو گے۔ اُس وقت یہ جہان دگرگوں نظر آئے گا۔ اور اصل حقیقت منکشف ہو گی۔

فرمایا: جہان کی جو صورت نظر آ رہی ہے یہ طلسم کی طرح فریب دینے والی اور دھوکا دینے والی ہے۔ اگر تم صاحبِ عقل و ہوش ہو تو اس کے فریب میں نہ آؤ۔ حسن فانی پر عاشق ہونا سراسر احمق ہے۔ یہ سب برقی جلوہ ہے۔ آخر میدان خالی ہے۔ جو کچھ میں بیان کرتا ہوں اس کو سنو، اور اس پر عمل کرو۔ دنیا کا اصل خواب کی طرح جانو۔ جب یہ دام وحدانیت کی چھری سے کاٹو گے تو ذاتِ حق کی طرف راہ پاؤ گے۔ جو چیز فنا ہونے والی ہے اس سے کراہت کرو گے۔ تو تمہاری عقل کامل ہو گی۔ اور تم راحت و خوشی کے سینکڑوں خزانے حاصل کرو گے۔ خدا کی مہربانی جو تمہارے حال پر ہے اس کی قدر کرو۔ وہ بے زوال و بے ضرر ہے۔ اس کی شناخت کرو۔

فرمایا: دنیا کی انجمن ویران اور عقبیٰ کی انجمن آباد و دائمی ہے۔ اگر اس جگہ دل لگاؤ گے تو وہاں تمہاری کوئی جگہ نہ ہو گی۔ دنیا والے اصحابِ ظلمت ہیں اور عقبیٰ والے اصحابِ رحمت۔

Marfat.com

دنیا والے ٹھیکریوں کے خریدار۔ اور عقبے والے موتیوں کے خریدار ہیں۔ ان کو ایک جیسا شمار نہ کرو۔ اگرچہ صورت میں سب مشابہ ہیں لیکن معنوں میں علیحدہ علیحدہ ہیں۔ یہ گِل ہیں اور وہ گُل ہیں۔ یہ آسمان نیلگوں ہمارے لیے بہت چکر لگاتا ہے۔ خدا کے مقبول بندے مردانِ خدا چلے گئے۔ یہ قمار باز اپنے چکر سے باز نہیں آیا۔ تمہاری آنکھیں جان بوجھ کر یہ باتیں دیکھتی ہیں اور باور نہیں کرتیں۔ اور دنیا کی محبت کی جڑ دل سے نہیں اُکھاڑتیں۔

اے درویش! قانون درویشان کی طرح ہستی کا نقش دور کرو۔ اور صورت نیستی ثابت نہ کرو۔ رنگین صورتوں کو اپنے دل سے دُور کرو۔ ورنہ انجام کار سُولی پر چڑھائے جاؤ گے۔ اور بے صورتی اور بے رنگی کا نقش دل پر قایم کرو۔ بہت نفع اٹھاؤ گے۔

فرمایا: دنیا ہزاروں رنگ رکھتی ہے اور لوگوں کو اپنے اُوپر مائل کرتی ہے۔ یہ منقش سانپ کی طرح ہے۔ جس کا زہر جان سے مار ڈالتا ہے۔ اگر سانپ کو مار دو۔ اور اس کا کشتہ کر کے کھاؤ تو زہر مار کے لیے تریاق ہو جاتا ہے۔ اور علاج کے کام آتا ہے۔

فرمایا: دُنیا پارے کی طرح ہے۔ جو صورت میں چمکیلا اور جولان و دلربا ہے۔ لیکن اس کا کھانا بلا ہے۔ جو شخص اس کو کھا جاوے وہ بیمار لادوا ہو جاتا ہے۔ اور اگر اس کو مار دے۔ یعنی کشتہ کرے۔ تو وہی اکسیر بے نظیر بن جاتا ہے۔ اگر تم مرد ہو تو اس کو مار دو۔ ورنہ تم عورت ہی ثابت ہو گے۔ دنیا کا خریدار گدھا ہے۔ دنیا کے گرد و غبار سے جو صاف ہو جائے وہ چنبیلی کے پھول کی طرح خوشبو ناک ہو جاتا ہے۔ میں بار بار سمجھاتا ہوں کہ دُنیا کے بوجھ کو دُور کرو۔ اس سے پورا پورا کنارہ کرو۔ تم کو اس کا پھل ملے گا۔ اور بارگاہِ حق میں باریابی ہو گی۔ اور اس کی فانی چمک دمک سے آنکھیں پھیر لو، تو تم چاند کی طرح روشن ہو جاؤ گے۔ اگر ایسا نہ کرو گے تو عاجز و بے آبرو ہو جاؤ گے۔ دُنیا کی طرف سے خیال ہٹا لو۔ اور حق کی طرف رجوع کرو۔ تھوڑے ہی عرصہ میں ارجمند ہو جاؤ گے۔ اگر میری بات پر راستی سے عمل کرو گے اور منزل کی پہچان کرو گے تو سب سے آگے سبقت لے جاؤ گے۔

فرمایا: اہل دنیا دیوانہ ہیں اور اپنے آپ سے بیگانہ ہیں۔ اس کے ظاہری سفید رنگ پر فریفتہ ہیں اور اس کی حقیقت سے بے خبری کے باعث اس کو ہاتھ سے نہیں پھینکتے۔ ایسی

Marfat.com

اڑھیوں پر حیف ہے۔ جو اپنے زخموں اور بیماریوں کا سبب نہیں جانتے۔ اپنے دل کی لگام اس زار سے روک لو۔ اس فانی گلزار کا دیکھنا عاجز و کمزور کرنے والا اور دل کو بیزار کرنے والا ہے۔

فرمایا: درویشوں کا کارخانہ زرنگاروں اور بازداروں کی طرح ہے۔ زرنگاروں کا قاعدہ ہے کہ پہلے کاغذ کی زمین کو صاف اور چکیلا اور پُرجِلا کرتے ہیں اس کے بعد اس پر لکھتے ہیں۔ جہاں سے کاغذ داغدار یا ناہموار ہو وہاں زرنگاری نہیں ہو سکتی۔ اسی طرح بُرے افعال سے دل گرد آلود اور سیاہ ہو جاتا ہے۔ اس لیے ہدایت کا نقش قبول نہیں کرتا۔ شیشہ کی قدر نابینا کو نہیں ہوتی۔ گانے والی کی خوش آوازی سے بہرا بے نصیب ہوتا ہے۔ امساک کی لذت ہیجڑا کیا جانے۔ اور محبوب کے دیدار سے رقیب کو کیا خبر۔ جس طرح ہم نے بیان کیا ہے۔ پہلے تختۂ دل کو صاف کرو۔ پھر پرلیتی کا نقش قبول کرے گا۔ اس کے بعد نقش ہمہ از دست اور ہمہ اوست ظہور کرے گا۔

اسی طرح بازداروں کا قاعدہ ہے کہ نئے باز کو پکڑ کر اس کی آنکھیں سی دیتے ہیں اور اُس کو ہمیشہ بیدار رکھتے ہیں سونے نہیں دیتے۔ اس کو غذا بہت تھوڑی اور بے لذت دیتے ہیں، اور دن رات اپنے ہاتھ پر رکھتے ہیں۔ بہت عرصہ تک وہ مضطر اور بے قرار رہتا ہے۔ ان تکلیفوں میں اُس کی بُری عادتیں دُور ہو جاتی ہیں۔ اور بے وفائی و نالائقی کی عادت اس سے نکل جاتی ہے اور فرمانبرداری کا جوہر اور بوجھ اٹھانے کا گوہر اس میں ظاہر ہو جاتا ہے۔ اس وقت وہ بڑے بڑے لوگوں کا مقبول خاطر ہوتا ہے اور اس کا نشیمن بادشاہوں کے ہاتھ پر ہوتا ہے۔ اے نفس پیلِ مست کی پاسبانی کرو۔ اور باز دار کی طرح اس کو قبضہ میں رکھو۔ ایک لمحہ بھر اس کے فعل سے غافل نہ رہو۔ یہی قانونِ فقر کی حکمت ہے۔ درویشی کا طریقہ بھی یہی ہے کہ پہلے لذتوں کو اپنے اوپر حرام کرے۔ تختۂ دل کو پاک و صاف کر کے اس پر نیستی کا نقش کھینچے اور یہ خیال پختہ کرے تا آنکہ سوائے خالق حی قیوم کے سب کچھ فنا معلوم ہو۔ جب طالب اس راز سے آگاہ ہو گا اور دل کی آنکھیں کھول دے گا۔ اور سب موجودات کو معدوم دیکھے گا۔ تو اُس وقت ذات خالق یکتا ہی موجود نظر آئے گی۔ ہستی دنیا کا کارخانہ ایک بال جتنا ہست نظر نہ آوے۔ ایسے ہو جاؤ کہ اس کو فریب جان کر تمہارا دل خود بخود اس سے پرہیز کر جاوے۔ اور ہرگز اس کی رغبت نہ کرے جیسا کہ کتوں اور بھیڑیوں سے ہرن بھاگتے ہیں۔ اور شکاریوں کے دام سے کوّے بھاگتے ہیں۔

Marfat.com

اور ان کو دشمن سمجھتے ہیں۔ ایسا ہی تم اس دنیا سے بھاگو اور اس کی صورت کو حباب و سرا
کی طرح دغا باز اور جاں گداز دیکھو۔ اور اس کی بے حقیقتی میں کوئی شک و شبہ نہ کرو۔

فرمایا: اے درویش! اس نقش کے قایم کرنے کا یہ طریقہ ہے۔ جاننا چاہیے کہ خدا
نے انسان کو دو طرح کی آنکھیں عطا فرمائی ہیں۔ ایک جسمانی آنکھیں۔ جو آغاز نما۔ اور ظاہر
دیکھنے والی ہیں۔ دوسری عقل کی آنکھیں جو انجام بین اور باطن کو دیکھنے والی ہیں۔ اہلِ دنیا
غفلت کی گرد سے عقل کی آنکھوں کو اندھا کر دیا ہے اور اہل توحید اور ارباب تحقیق نے جسمانی آنکھ
کو جھوٹا سمجھا ہے۔ ان کے دیکھنے پر اعتماد نہیں کرتے اور ہر گھڑی عقل کی آنکھوں سے دیکھتے
تم جس چیز کو جسمانی آنکھوں سے دیکھتے ہو اس کا انجام عقل کی آنکھوں سے دیکھو۔ جس صورت
دیکھو، سوچو کہ اس سے پہلے یہ کیسی تھی اور انجام اس کا کیا ہوگا۔ ہر منزل میں اس کا درجہ پہچا
جس چیز کا خیال کرو۔ اس کے ابتدا سے روانہ ہو جاؤ۔ اور منزل منزل پر دیکھتے دیکھتے اس
انجام تک پہنچو اور اس کے اخیر کو دیکھو۔ آخر اس کا خاک ہے۔ اس کو خاک جان کر اور خاک
اس سے دل اٹھا لو۔ مثلاً پھول کو جسمانی آنکھ سے دیکھتے ہو۔ تو اسی وقت اس پر عقل کی آنکھ
کھول لو۔ اور ابتدا سے دیکھتے جاؤ کہ پہلے یہ بیج تھا چند روز زمین میں پوشیدہ رہا۔ قدرت
طاقت سے اس کو دوسری صورت ملی۔ اور وہ زمین سے پھوٹ پڑا۔ ہوتے ہوتے بڑا
بن گیا۔ پھر اس کی صورت اور نام بدل گیا اور پھول بن گیا۔ اس کے ماضی کو اس طرح
پھر اس کے مستقبل کو دیکھو کہ آیندہ کیا صورت پکڑے گا۔ پھر اس کو خشک اور بے رنگ
کملایا ہوا دیکھو۔ پھر اس کے پیچھے چلے جاؤ۔ پرانا اور ٹکڑے ٹکڑے ہو کر خاک میں ملا ہوا
اس وجہ سے عقل کی آنکھوں سے اس کا انجام دیکھو کہ خاک ہے۔ ایسا خاک بنا ہوا کہ
ہستی کا کوئی اثر نہ رہے اور عقل کی آنکھیں ایسی کھل جائیں اور تیز بین ہو جائیں کہ
آنکھوں کی بینائی ان کے سامنے شرمندہ اور جھوٹی ہو کر گم ہو جاوے۔ لیکن شروع سے آ
ہر منزل پر اس کی صورت کو اپنے سامنے تخیل میں اس طرح ثابت و درست کرو کہ ا
کوئی فرق نہ رہے۔ بعینہٖ اس کی صورت کا نقشہ سامنے کھڑا نظر آوے۔ بہت مدت تک
ایسی مشق میں مشغول رہو۔ اور اس نقش نیستی کو کمال تک پہنچاؤ کہ ہستی کا نقش تمہارے سا

Marfat.com

بالکل دُور ہو جاوے۔ جب تم اس مقام پر پہنچو گے اور اس پر قایم ہو جاؤ گے۔ تو اس سے آگے دوسرا راستہ کھلے گا۔

فرمایا: یہ نہ سمجھو کہ جس شخص نے اپنی ہستی اور جہان کی ہستی کو مٹا دیا وہ مُردہ ہو گیا۔ اور مردہ سے کیا کچھ ہو سکتا ہے؛ نہیں، وہ مردہ نہیں، کہ دیکھنا، سُننا، بولنا، سمجھنا، بیٹھنا اور اُٹھنا اُس میں ظاہر ہے۔ مُردہ وہ ہوتا ہے جس میں حس و حرکت نہ رہے۔ جو شخص یہ جانتا ہے کہ دنیا کی صورت اور میری صورت دونوں فنا ہیں۔ وہ حقیقی زندہ ہے۔ بلکہ اُس کے نزدیک اہلِ دنیا سب مُردہ ہیں۔ جو کہ اصل مدعا سے بے خبر ہیں۔ اس شخص نے اپنے مخالفوں کو فنا کیا۔ اور اُن کے غلبہ کو دُور کر دیا۔ وہ موت سے لاپروا ہو گیا۔ اُس کو مرنے سے اور مرنے والوں سے کیا غرض؛

فرمایا، جب صورتِ ظاہری فنا ہو گئی اور نیستی کا نقش کمال کو پہنچا۔ تو پھر ہستی (واجب الوجود) کی ہستی کو ثابت کرو۔ اور یہ جان لو کہ دُنیا کی ہستی (اگرچہ) مقرر ہے۔ لیکن (چونکہ یہ ممکن الوجود ہے) اس کا ہونا نہ ہونا برابر ہے۔ ہمارا ہونا یا نہ ہونا۔ ہماری خوشی یا تکلیف ہم سے نہیں۔ یہ سب اُسی ذات سے ہے (ہمہ از دست) میں ذرہ ہوں وہ آفتاب ہے۔ اُسی کی تابش سے میری یہ حرکت ہے۔ جس طور پر وہ چاہے میں حرکت کرتا ہوں ورنہ میری جد و جہد سراسر ناکام ہے۔ اس طور پر ہستی ذات مطلق کو قایم کرو۔ اور ہر چیز اسی سے دیکھو۔

فرمایا: جو شخص بیمار ہو، طبیبانِ تجربہ کار اس کی غیر طبعی خلط کو تشخیص کر کے اس کے خارج کرنے کے واسطے پہلے منضجات کو عمل میں لاتے ہیں۔ اور اُس کچی خلط کو پکا کر مسہل اور فصد سے اس کا ازالہ کرتے ہیں۔ اس کے بعد مرض کے دفع کرنے کے لیے دوائی کرتے ہیں۔ اگر مرض سردی سے ہو تو علاج گرم۔ اور اگر مرض گرمی سے ہو تو علاج سرد۔ اگر مرض خشکی سے ہو تو علاج رطب۔ اگر مرض رطوبت سے ہو تو علاج خشک کرتے ہیں۔ اور اس کو غذا تھوڑی تھوڑی اور بے نمک و بے مزہ دیتے ہیں۔ اور چلوں اور گوشتوں کے کھانے سے پرہیز کرواتے ہیں۔ کچھ عرصہ اسی پر اکتفا کرتا ہے۔ پھر مقوی دوائیں دینا شروع کرتے ہیں کہ اس کے اعضائے رئیسہ اور اعصاب کو قوت پیدا ہو جاوے اور ضعف قوی دُور ہو جائے۔ قوتِ ماسکہ و جاذبہ و دافعہ ہر ایک اپنی جگہ پر صحیح ہو جاوے اور ہاضمہ میں کیلوس و بیکوس میں تفاوت نہ رہے۔

Marfat.com

اُس وقت اس کی پرہیزات اور پابندیوں کو دُور کر دیتے ہیں اور اجازت دے دیتے ہیں کہ اب جو چاہو کھاؤ۔ اب تم تندرست و توانا ہو۔ اب تم کو کوئی غذا نقصان نہیں پہنچا سکتی۔ معاذ اللہ اگر پرہیز کے وقت وہ بدپرہیزی کرے تو ہلاک ہو جاوے۔ یا کوئی دُوسرا مرض پیدا ہو جاوے جس کے علاج سے اطبا عاجز آجاویں۔ اگر پرہیز کے دوران میں اس کو لغزش واقع ہو جاوے تو پھر وہ روئے گا کہ میرا آرام کہاں گیا۔ پھر صحت کا مرغ دام میں نہ آئے گا۔ اور اس کو ہر گلی کوچہ میں تلاش کرے گا۔ اسی طرح درویشوں کے مذہب میں خواہشِ دنیا ایک بہت بڑی بیماری ہے۔ اور اہلِ دنیا مریض ہیں۔ جب تک اصول حکمت کے مطابق (پہلے نقش ہستی موہوم کو نہ مٹائیں) اس مرض سے خلاصی نہیں پا سکتے۔ اِس مرض کی اعراض ہر ایک ہڈی کے مغز تک سرایت کر چکی ہیں۔ اور رگ رگ اور بال بال میں غلبہ پا چکی ہیں۔ جب تک ان امراض کی حکومت وجود سے نہ نکالیں ہمہ از دوست کا نقش قایم نہیں ہو سکتا۔ جس طرح مریض جسمانی کو صحت ہو جانے کے بعد کوئی غذا ضرر نہیں پہنچاتی۔ اسی طرح مریض روحانی کو بعد صحت کے صورت ہستی کوئی مضرت نہیں پہنچا سکتی۔

فرمایا: اگر مریض طبیب سے دوائی لیکر اپنے پاس رکھ چھوڑے اور اس کو استعمال نہ کرے تو ہرگز کوئی فائدہ نہیں پا سکتا۔

اے درویش! میں تیرے ساتھ اس قدر محنت اور کوشش کرتا ہوں اگر میری نصیحتوں پر عمل کرو گے تو فائدہ دیکھو گے۔ اور اگر ان کو افسانہ جان کر سنو گے تو کچھ نفع نہ پا سکو گے۔

فرمایا: اے درویش! ہر ایک کام کی بنا سننے اور سمجھنے پر ہے۔ جس چیز کے اوصاف پہلے سُنے جاویں اُس کے دیکھنے کا اشتیاق بڑھ جاتا ہے۔ اور جب اُس کو دیکھ لے تو اُس کے حاصل کرنے کی خواہش پیدا ہوتی ہے۔ پھر جب اس کے حصول کی کوشش کرتا ہے تو البتہ اس کو پا لیتا ہے۔

فرمایا: اگر درویش ہر کام کو خدا کی طرف سے نہ دیکھے تو اس کو درویش نہ کہنا چاہیے۔ بلکہ وہ بے ہوش اور لباس فروش ہے۔ اگر گودڑی مُردے کو پہنا دیویں تو کیا فائدہ؟ جب تک جاندار نہ ہوگا تو خراب ہی رہے گا۔ مذہب فقر یہ ہے کہ کسی سے کوئی غرض نہ رکھے سب کچھ اُسی ذات سے سمجھے۔

Marfat.com

فرمایا: درویشوں کے کلام سے درویشی سیکھو اور فائدہ حاصل کرو۔

فرمایا: بعض اوقات درویش لوگ کسی شخص کو خلافِ شرع کام کی اجازت دے دیتے ہیں (یا اُس سے منع نہیں کرتے) ان کی غرض یہ ہوتی ہے کہ جو کچھ اس کی قسمت میں لکھا ہوا ہے وہ تو کم و بیش ہو نہیں سکتا۔ وہ ہر صورت میں اُس کو مل کر ہی رہے گا۔ نصیحت کرنے اور نیکی کی طرف بلانے پر کوئی فائدہ مترتب نہیں۔ اس کو امور مناہی کی اجازت دیویں شاید اس کی بدیوں کا حساب اس کی زندگی میں پورا ہو جاوے۔ اور بقیہ عمر اس کو نیکی میں گزارنے کی توفیق مل جاوے۔

اے درویش! فقیران اہل بقا کے کلام کا مغز سمجھو۔ کسی کی تعریف و مذمت نہ کرو۔ کسی کے ذمہ کچھ نہیں۔ قسمت لکھنے والے نے جس کام پر کسی کو لگایا وہ اسی کام میں مشغول ہے۔ تم کو چاہیے کہ دوست و دشمن کو یکساں جانو۔

اے درویش! آرام و تکلیف اسی کی طرف سے پہچانو۔ ہوش کی آنکھوں سے دیکھو اور عقل سے خیال کرو۔ حکیم و علیم و بصیر و حاکم خدا ہی ہے۔ اُس کے سوا کون ہے جو خوشی اور غم دے سکتا ہے۔ تمام حرکات و افعال دفترِ سرکار کے لکھے کے مطابق ظاہر ہو رہے ہیں:

اے درویش! میری باتیں سنو اور طالب مولا فقیر بنو، امیر نہ بنو۔ بیکس اور عاجز و حقیر بنو۔ آسمان پر چڑھ جانے اور کچھ بننے کی آرزو نہ کرو بلکہ دل کے خیال میں بھی انانیت (میں ہونے) کو راہ نہ دو۔ نفسِ گمراہ کو ایسی گوشمالی کرو کہ ٹیڑھا پن چھوڑ کر سیدھی راہ پر چلنے لگے۔ اپنے خیال کو ذاتِ حق میں لگانے کی مشق کرو۔ وقت کو غنیمت جانو۔ اور ہمائے سعادت کو دام میں لانے کی کوشش کرو۔ ایسا نہ ہو کہ نفس تجھ کو الٹی سمجھ میں لگا دیوے اور تجھ کو نقشِ ذات کے قایم کرنے سے روک دیوے۔ اگر کوئی شخص چیز بننے کا دعویٰ کرتا ہے تو اُس کو کچھ حاصل نہیں ہوتا۔ اگر تو بندہ ہے تو تیری کوئی حرکت تیرے اختیار میں نہیں۔ یہ سب حرکات ارادۂ پروردگار کے مطابق ظہور میں آ رہی ہیں۔ اگر تو اپنے آپ اپنے کاموں کا کرنے والا اور اپنے کاموں کا مختار ہے (یعنی فاعل مختار ہے) تو تو بندہ نہیں۔ بلکہ تو پروردگار بنتا ہے۔ بندے میں اور خدا میں یہی فرق ہے کہ خدا تعالیٰ جو کچھ چاہے کر سکتا ہے اور بندے سے کچھ نہیں ہو سکتا۔ جو چیز بذاتِ خود فعل ہو وہ فاعل کیسے ہو سکتی ہے۔

Marfat.com

فرمایا: اے درویش! تُو ہی طالب اور عاشق ہے۔ تو ہی مطلب ہے۔ تو ہی موجود ہے۔ اور تو ہی نابود ہے۔ تو اپنی قیمت نہیں جانتا۔ اس راز کا محرم نہیں۔ سونا چاندی بھی تو ہے اور تانبا جست بھی تو ہی ہے۔

اے درویش! اگر تو یکرنگی کا لباس پہنے اور وحدت کی شراب کا جام نوش کرے تو اس کے نشہ میں کفر اور اسلام کی قید تجھ سے دُور ہو جاوے۔ ہوش اور بیہوشی کی زنجیر سے خلاصی پاوے۔ اگر تو جام جہان بین سے اپنے چہرہ کو دیکھے تو نہ دین و مذہب ہے نہ بے دینی۔ اگر حقیقی زلف کا قیدی ہو جاوے تو تجھ کو خوشی و غمگینی سے کچھ سروکار نہ رہے۔

فرمایا: اے درویش! تو کس کے دیکھنے کی طلب رکھتا ہے۔ تیرے بغیر یہاں کون ہے سخن شناس اور سخندان کون ہے۔ جب یہ بات ثابت و مقرر ہو چکی ہے کہ ذاتِ حق کا غیر موجود نہیں۔ اور خدا ایک ہی موجود ہے۔ تو پھر خدا جو کون ہے۔

فرمایا: ہم نے تمام ذرّاتِ عالم میں دیکھا اور ہر خیال میں غور کیا: تو بس خدا ہی خدا نظر آیا۔ ھو اللہ الذی لا الٰہ الا ھو۔[1]

اولادِ کرام

حضرت نوشاہِ عالیجاہؒ کے دو فرزند تھے:

اوّل حضرت سیّد حافظ محمد برخوردار بحر العشق سجادہ نشین آنجنابؒ۔ ان کا مفصل ذکر پہلے طبقہ میں گزر چکا ہے۔ اور مختصر تذکرہ آگے دُوسرے باب میں آئے گا۔ اِن شاء اللہ

دوم حضرت سیّد محمد ہاشم دریا دلؒ۔ ان کے حالات تیسرے طبقہ کے دُوسرے باب میں آئیں گے۔

آپ کی ایک صاحبزادی حضرت سیّدہ سائرہ خاتونؒ تھیں۔ جن کا مزار قصبہ ہیلاں ضلع گجرات میں ہے۔

خلفائے عظام

حضرت نوشہ صاحبؒ کے یارانِ طریقت تو بے شمار تھے۔ البتہ مشہور طور پر

[1] یہ تمام ارشاداتِ عالیہ کتاب چار بہار سے لیے گئے ہیں۔ شرافت

Marfat.com

آپ کے خلفا کی یہ تقسیم بیان کی جاتی ہے۔ بائیس[۲۲] صوبے (خلیفہ اکبر) بونجہ بانوا[۵۲] (خلیفہ اصغر)۔ بہتر[۷۲] امرا (خلیفہ مجاز)

اس جگہ کتاب گلزار فقرا مصنفہ حضرت مولانا حکیم کرم الٰہی قریشی فاروقی قادری نوشاہیؒ ساکن بیگووالہ ضلع سیالکوٹ سے آپ کے بونجہ بانوا[۵۲] تحریر کیے جاتے ہیں۔

۱۔ میراں مصطفےٰ۔ ساہنپالویؒ
۲۔ شاہ چیچاؒ
۳۔ شیخ امام الدینؒ
۴۔ شیخ عظمت اللہؒ
۵۔ شیخ نصر اللہؒ
۶۔ شیخ جمال اللہؒ
۷۔ میاں حاجیؒ (مکتبدار سیالکوٹ)
۸۔ شیخ خان محمدؒ
۹۔ شیخ عبدالسلامؒ
۱۰۔ شیخ فضلؒ
۱۱۔ شیخ عبدالہادیؒ
۱۲۔ شیخ عبدالحقؒ
۱۳۔ شیخ رحمت اللہؒ (ساکن نون ضلع گجرات)
۱۴۔ شیخ نظام الدینؒ
۱۵۔ حافظ عبدالرحمٰنؒ
۱۶۔ میاں شریفؒ
۱۷۔ شیخ ظریفؒ
۱۸۔ میاں لالہ جوگیؒ
۱۹۔ شیخ عبدالواحدؒ
۲۰۔ میاں عبدالشیخ بقولے عبدالرشیدؒ
۲۱۔ میاں خلاصؒ
۲۲۔ شیخ عبدالرسولؒ
۲۳۔ شیخ عبدالنبیؒ
۲۴۔ شیخ جان نورؒ
۲۵۔ شیخ عبدالقادرؒ
۲۶۔ شیخ عبدالرحیمؒ
۲۷۔ میاں عابدؒ
۲۸۔ میاں کریمؒ
۲۹۔ شیخ نانوںؒ (قوم بھٹک راجپوت)
۳۰۔ شیخ کریم الدینؒ
۳۱۔ شیخ عبدالکریمؒ
۳۲۔ میاں رشیدؒ
۳۳۔ شیخ محمد محسنؒ (رہتاسی)
۳۴۔ شیخ اسمٰعیلؒ (ڈنگہ)
۳۵۔ شیخ مستقیمؒ
۳۶۔ میاں مریدؒ
۳۷۔ شیخ واسعؒ
۳۸۔ شیخ فتح الدینؒ

Marfat.com

۳۹ - شیخ محمد یارؒ
۴۰ - شیخ سہیلؒ
۴۱ - میاں مرادؒ
۴۲ - شیخ صادقؒ
۴۳ - شیخ احمدؒ
۴۴ - شیخ اللہ یارؒ
۴۵ - سید عمرؒ
۴۶ - شیخ قایمؒ
۴۷ - شیخ فتح محمدؒ
۴۸ - میاں ملاںؒ
۴۹ - شیخ قاسمؒ بقولے شیخ سلیمؒ
۵۰ - شاہ میرؒ
۵۱ - شیخ بدرالدینؒ
۵۲ - میاں حافظؒ

تاریخ وفات

حضرت نوشہ صاحبؒ کا انتقال دوشنبہ - ۸ - ربیع الاول ۱۰۶۴ھ ۲۶ جنوری ۱۶۵۴ء پوہ سمت ۱۷۱۱ ب کو ہوا - روضۂ اقدس ساہن پال شریف ضلع گجرات پنجاب میں ہے -

قطعۂ تاریخ

از کتاب انوار القادریہ

نوشۂ گنج بخش قدوۂ فیض — چونکہ بنمود نوش جامِ وصال
مظہرِ فیضِ قدس بود ازاں — فیضِ قدسی فتادہ مادۂ سال
۱۰۶۴

مادۂ تاریخ : "انتخابی" -

Marfat.com

باب دوم

شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حافظ محمد برخوردار بحر العشق رحمۃ اللہ تعالیٰ

اوصافِ جمیلہ آپ سلالہ اولیائے کبار، خلاصہ اصفیائے ابرار، جامع علوم عقلیہ و نقلیہ، مخزنِ اسرارِ حقیقیہ ابدیہ، غوث الاوان، قطب الزمان، سید الافراد، عمدۃ الاوتاد، صاحبِ علم و فضل و ادب و عظمت و جلالت و ذوق و شوق تھے۔ سید العارفین شیخ الاسلام و المسلمین حضرت مولانا سید حافظ حاجی محمد نوشہ گنج بخش علوی قادریؒ کے فرزند اکبر اور خلیفہ اعظم و سجادہ نشین تھے۔

فنافی الشیخ کا مرتبہ آپ اپنے والد بزرگوار کی بیعت سے مشرف تھے اور آپ کو مرتبہ فنافی الشیخ حاصل تھا اور آپ کو مقامِ نوشاہیت بدرجہ اتم حاصل تھا اور آپ مثیل نوشہ تھے۔ کتابوں کے ملاحظہ سے ثابت ہوتا ہے کہ آپ چالیس صفتوں میں حضرت نوشہ صاحبؒ کے اوصاف سے متصف تھے اور اُن کے ہم رتبہ تھے۔ مثلاً:

۱۔ حضرت نوشہ صاحبؒ حضرت سخی بادشاہ کے منظورِ نظر تھے۔	آپ بھی ان کے منظورِ نظر تھے۔
۲۔ آنجنابؒ کو پہلے جذب عطا ہوا۔	آپ بھی پہلے مجذوب ہوئے۔
۳۔ آنجنابؒ بعد میں سالک ہوئے۔	آپ بھی بعد میں سالک ہوئے۔
۴۔ آنجنابؒ نے ظاہری علم پڑھا۔	آپ نے بھی ظاہری علم حاصل کیا
۵۔ آنجنابؒ حافظ قرآن کریم تھے۔	آپ بھی حافظ قرآن مجید تھے۔
۶۔ آنجنابؒ اپنے اخفا میں کوشش کرتے۔	آپ بھی اخفا پسند تھے۔
۷۔ آنجنابؒ نے لاہور کی سیر فرمائی۔	آپ نے بھی لاہور کی سیر کی۔

Marfat.com

۸۔ آنجنابؒ نے متعدد سفر کیے۔	آپ نے بھی متعدد سفر کیے۔
۹۔ آنجنابؒ حج سے مشرف ہوئے۔	آپ نے بھی حج مبارک کیا۔
۱۰۔ آنجنابؒ مرتبہ غوثیت و قطبیت رکھتے تھے۔	آپ بھی مرتبہ غوثیت و قطبیت سے مشرف ہوئے۔
۱۱۔ آنجنابؒ میں جس قدر زورِ ولایت تھا۔	آپ میں بھی اُتنا ہی زورِ ولایت تھا۔
۱۲۔ آنجنابؒ نے جو مقاماتِ فقر طے کیے۔	آپ نے بھی وہی مقامات طے کیے۔
۱۳۔ آنجنابؒ مہماں نواز تھے۔	آپ بھی مہماں نواز تھے۔
۱۴۔ آنجنابؒ نے تیر کمان سے جنگ کیا۔	آپ نے بھی تیر کمان پاس رکھا۔
۱۵۔ آنجنابؒ سیف زبان تھے۔	آپ بھی سیف اللسان تھے۔
۱۶۔ آنجنابؒ صاحبِ سماع و وجد تھے۔	آپ بھی اہلِ وجد و سماع تھے۔
۱۷۔ آنجنابؒ مستغرق بحق رہتے تھے۔	آپ بھی مستغرق فی التوحید رہتے تھے۔
۱۸۔ آنجنابؒ مجرموں کے گناہ معاف کرتے تھے۔	آپ بھی مجرموں کی خطائیں معاف کرتے تھے۔
۱۹۔ آنجنابؒ کی دعا سے بیمار شفا پاتے تھے۔	آپ کی دعا سے بھی بیمار شفا پاتے تھے۔
۲۰۔ آنجنابؒ نے گھوڑے کی سواری کی ہے۔	آپ نے بھی گھوڑے کی سواری کی ہے۔
۲۱۔ آنجنابؒ متبع شریعت تھے۔	آپ بھی متبع شریعت تھے۔
۲۲۔ آنجنابؒ کے حق میں پہلے بزرگوں نے پیشگوئیاں کی ہیں۔	آپ کے حق میں حضرت نوشاہِ عالی جاہؒ نے پیشگوئیاں کیں۔
۲۳۔ آنجنابؒ کا شہرہ تمام جہان میں تھا۔	آپ کا شہرہ بھی تمام جہان میں ہوا۔
۲۴۔ آنجنابؒ کے مدارج دن بدن بڑھتے گئے۔	آپ کے احوال بھی ترقی پر رہے۔
۲۵۔ آنجنابؒ نے سخی بادشاہ کے مریدوں کی تکمیل کی۔	آپ نے حضرت نوشہ صاحبؒ کے مریدوں کی تکمیل کی۔
۲۶۔ آنجنابؒ حضرت سخی پیرؒ کے افضل خلیفہ تھے۔	آپ حضرت نوشہ صاحب کے افضل خلیفہ تھے۔
۲۷۔ آنجنابؒ علم کو دوست رکھتے تھے۔	آپ بھی علم و علما کو دوست رکھتے تھے۔
۲۸۔ آنجنابؒ نے ظاہری علم کی تدریس فرمائی۔	آپ نے بھی ظاہری علم کی تدریس کی۔

Marfat.com

۲۹۔ آنجنابؒ صاحبِ خوارق وکرامات تھے۔	آپ بھی اہلِ خوارق وکرامات تھے۔
۳۰۔ آنجنابؒ صاحبِ مقاماتِ عالیہ تھے۔	آپ بھی صاحبِ مقاماتِ عالیہ تھے۔
۳۱۔ آنجنابؒ ہدیہ قبول فرمالیا کرتے تھے۔	آپ بھی ہدیہ قبول فرمایا کرتے تھے۔
۳۲۔ آنجنابؒ کی جس پر نظرِ غیرت ہوئی وہ راندۂ درگاہ ہوا۔	آپ کی بھی جس پر نظرِ غیرت ہوئی وہ راندۂ بارگاہ ہوا۔
۳۳۔ آنجنابؒ نے کئی مغروروں کے فیض سلب کیے۔	آپ نے بھی فقیر کا فیض سلب کیا۔
۳۴۔ آنجنابؒ دنیا داروں سے پرہیز رکھتے تھے۔	آپ بھی دنیا داروں سے محترز رہتے۔
۳۵۔ آنجنابؒ نے بیٹوں کو علمِ دینیہ پڑھایا۔	آپ نے بھی کوشش سے بیٹوں کو علم پڑھایا۔
۳۶۔ آنجنابؒ نے کھدر پہنا۔	آپ بھی کھدر پوش رہا کرتے تھے۔
۳۷۔ آنجنابؒ کو شاہانِ مغلیہ کی طرف سے جاگیر عطا ہوئی تھی۔	آپ کو وہی جاگیر وراثت میں ملی تھی۔
۳۸۔ آنجنابؒ جسیم وقد آور تھے۔	آپ بھی جسیم قد آور شجاع تھے۔
۳۹۔ آنجنابؒ نے نکاح کیا اور اولاد ہوئی۔	آپ نے بھی نکاح کیا اور اولاد ہوئی۔
۴۰۔ آنجنابؒ ساہن پال شریف میں مدفون ہوئے۔	آپ بھی وہیں مدفون ہوئے۔

ان تمام اوصاف سے ثابت ہوتا ہے کہ آپ حضرت نوشہ صاحبؒ سے مماثلت تامہ اور مناسبت کلیہ رکھتے تھے اور نوشاہِ وقت تھے۔

اوراد و وظائف

آپ منجملہ دوسرے اوراد کے دعائے کیمیائے سعادت کا روزانہ وظیفہ کیا کرتے تھے جو یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۱ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الرَّبُّ وَاَنَا الْعَبْدُ لَمَنْ يَدْعُ الْعَبْدَ اِلَّا الرَّبُّ يَا رَبِّ۔

Marfat.com

۲ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْخَالِقُ وَاَنَا الْمَخْلُوْقُ فَمَنْ يَّدْعُ الْمَخْلُوْقَ اِلَّا الْخَالِقُ يَا رَبِّ۔

۳ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْقَادِرُ وَاَنَا الْمَقْدُوْرُ فَمَنْ يَّدْعُ الْمَقْدُوْرَ اِلَّا الْقَادِرُ يَا رَبِّ۔

۴ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْبَاعِثُ وَاَنَا الْمَبْعُوْثُ فَمَنْ يَّدْعُ الْمَبْعُوْثَ اِلَّا الْبَاعِثُ يَا رَبِّ۔

۵ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمَالِكُ وَاَنَا الْمَمْلُوْكُ فَمَنْ يَّدْعُ الْمَمْلُوْكَ اِلَّا الْمَالِكُ يَا رَبِّ۔

۶ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْغَنِيُّ وَاَنَا الْفَقِيْرُ فَمَنْ يَّدْعُ الْفَقِيْرَ اِلَّا الْغَنِيُّ يَا رَبِّ۔

۷ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْقَوِيُّ وَاَنَا الضَّعِيْفُ فَمَنْ يَّدْعُ الضَّعِيْفَ اِلَّا الْقَوِيُّ يَا رَبِّ۔

۸ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْقَيُّوْمُ وَاَنَا الزَّائِلُ فَمَنْ يَّدْعُ الزَّائِلَ اِلَّا الْقَيُّوْمُ يَا رَبِّ۔

۹ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْغَفُوْرُ وَاَنَا الْمُذْنِبُ فَمَنْ يَّدْعُ الْمُذْنِبَ اِلَّا الْغَفُوْرُ يَا رَبِّ۔

۱۰ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الرَّحِيْمُ وَاَنَا الْخَاطِئُ فَمَنْ يَّدْعُ الْخَاطِئَ اِلَّا الرَّحِيْمُ يَا رَبِّ۔

۱۱ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الدَّيَّانُ وَاَنَا الدَّائِنُ فَمَنْ يَّدْعُ الدَّائِنَ اِلَّا الدَّيَّانُ يَا رَبِّ۔

۱۲ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمُغِيْثُ وَاَنَا الْمُسْتَغِيْثُ فَمَنْ يَّدْعُ الْمُسْتَغِيْثَ اِلَّا الْمُغِيْثُ يَا رَبِّ۔

۱۳ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمُجِيْرُ وَاَنَا الْمُسْتَجِيْرُ فَمَنْ يَّدْعُ الْمُسْتَجِيْرَ اِلَّا الْمُجِيْرُ يَا رَبِّ۔

۱۴ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمُجِيْبُ وَاَنَا الدَّاعِيْ فَمَنْ يَّدْعُ الدَّاعِيَ اِلَّا الْمُجِيْبُ يَا رَبِّ۔

۱۵ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْعَزِيْزُ وَاَنَا الذَّلِيْلُ فَمَنْ يَّدْعُ الذَّلِيْلَ اِلَّا الْعَزِيْزُ يَا رَبِّ۔

۱۶ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمُعْطِيْ وَاَنَا السَّائِلُ فَمَنْ يَّدْعُ السَّائِلَ اِلَّا الْمُعْطِيْ يَا رَبِّ۔

۱۷ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمُنْجِيْ وَاَنَا الْغَرِيْقُ فَمَنْ يَّدْعُ الْغَرِيْقَ اِلَّا الْمُنْجِيْ يَا رَبِّ۔

۱۸ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْغَفَّارُ وَاَنَا الْمُتَضَرِّعُ فَمَنْ يَّدْعُ الْمُتَضَرِّعَ اِلَّا الْغَفَّارُ يَا رَبِّ۔

۱۹ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الشَّافِيْ وَاَنَا الْمَرِيْضُ فَمَنْ يَّدْعُ الْمَرِيْضَ اِلَّا الشَّافِيْ يَا رَبِّ۔

۲۰ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْبَاسِطُ وَاَنَا الْمَبْسُوْطُ فَمَنْ يَّدْعُ الْمَبْسُوْطَ اِلَّا الْبَاسِطُ يَا رَبِّ۔

۲۱ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الرَّحْمٰنُ وَاَنَا الْعَاصِيْ فَمَنْ يَّدْعُ الْعَاصِيَ اِلَّا الرَّحْمٰنُ يَا رَبِّ۔

۲۲ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْحَافِظُ وَاَنَا الْمَجْرُوْحُ فَمَنْ يَّدْعُ الْمَجْرُوْحَ اِلَّا الْحَافِظُ يَا رَبِّ۔

۲۳۔ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْبَصِيْرُ وَاَنَا الْاَعْمٰى فَمَنْ يَّدْعُ الْاَعْمٰى اِلَّا الْبَصِيْرُ يَا رَبِّ۔

۲۴۔ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْفَتَّاحُ وَاَنَا الْمَنْجُوْعُ فَمَنْ يَّدْعُ الْمَنْجُوْعَ اِلَّا الْفَتَّاحُ يَا رَبِّ۔

Marfat.com

۲۵ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْعَالِمُ وَاَنَا الْغَافِلُ فَمَنْ یَّدَعُ الْغَافِلَ اِلَّا الْعَالِمُ یَارَبِّ۔

۲۶ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمَعْبُوْدُ وَاَنَا الْعَابِدُ فَمَنْ یَّدَعُ الْعَابِدَ اِلَّا الْمَعْبُوْدُ یَارَبِّ۔

۲۷ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمُفَرِّجُ وَاَنَا الْمَغْمُوْمُ فَمَنْ یَّدَعُ الْمَغْمُوْمَ اِلَّا الْمُفَرِّجُ یَارَبِّ۔

۲۸ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْعَادِلُ وَاَنَا الْمَظْلُوْمُ فَمَنْ یَّدَعُ الْمَظْلُوْمَ اِلَّا الْعَادِلُ یَارَبِّ۔

۲۹ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْقَاسِمُ وَاَنَا الْمَقْسُوْمُ فَمَنْ یَّدَعُ الْمَقْسُوْمَ اِلَّا الْقَاسِمُ یَارَبِّ۔

۳۰ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْھَادِیْ وَاَنَا مُتَحَیِّرٌ فَمَنْ یَّدَعُ الْمُتَحَیِّرَ اِلَّا الْھَادِیْ یَارَبِّ۔

۳۱ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمُحْیِیْ وَاَنَا الْمَیِّتُ فَمَنْ یَّدَعُ الْمَیِّتَ اِلَّا الْمُحْیِیْ یَارَبِّ۔

۳۲ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْوَھَّابُ وَاَنَا الْمُجْرِمُ فَمَنْ یَّدَعُ الْمُجْرِمَ اِلَّا الْوَھَّابُ یَارَبِّ۔

۳۳ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْعَفُوُّ وَاَنَا الْمُسِیْءُ فَمَنْ یَّدَعُ الْمُسِیْءَ اِلَّا الْعَفُوُّ یَارَبِّ۔

۳۴ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْحَقُّ وَاَنَا الْبَاطِلُ فَمَنْ یَّدَعُ الْبَاطِلَ اِلَّا الْحَقُّ یَارَبِّ۔

۳۵ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الشَّاھِدُ وَاَنَا الْمَشْھُوْدُ فَمَنْ یَّدَعُ الْمَشْھُوْدَ اِلَّا الشَّاھِدُ یَارَبِّ۔

۳۶ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الشَّھِیْدُ وَاَنَا الْمَشْھَدُ فَمَنْ یَّدَعُ الْمَشْھَدَ اِلَّا الشَّھِیْدُ یَارَبِّ۔

۳۷ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْخَالِصُ وَاَنَا الْمُخْلِصُ فَمَنْ یَّدَعُ الْمُخْلِصَ اِلَّا الْخَالِصُ یَارَبِّ۔

۳۸ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْحَاکِمُ وَاَنَا الْمَحْکُوْمُ فَمَنْ یَّدَعُ الْمَحْکُوْمَ اِلَّا الْحَاکِمُ یَارَبِّ۔

۳۹ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْجَامِعُ وَاَنَا الْمُتَفَرِّقُ فَمَنْ یَّدَعُ الْمُتَفَرِّقَ اِلَّا الْجَامِعُ یَارَبِّ۔

۴۰ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّیِّدُ وَاَنَا الْمُسْتَھْلُ فَمَنْ یَّدَعُ الْمُسْتَھْلَ اِلَّا السَّیِّدُ یَارَبِّ۔

۴۱ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْبَاقِیْ وَاَنَا الْفَانِیْ فَمَنْ یَّدَعُ الْفَانِیَ اِلَّا الْبَاقِیْ یَارَبِّ۔

۴۲ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْکَرِیْمُ وَاَنَا اللَّئِیْمُ فَمَنْ یَّدَعُ اللَّئِیْمَ اِلَّا الْکَرِیْمُ یَارَبِّ۔

۴۳ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْکَاشِفُ وَاَنَا الْمُضْطَرُّ فَمَنْ یَّدَعُ الْمُضْطَرَّ اِلَّا الْکَاشِفُ یَارَبِّ۔

۴۴ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الشَّافِیْ وَاَنَا الْعَلِیْلُ فَمَنْ یَّدَعُ الْعَلِیْلَ اِلَّا الشَّافِیْ یَارَبِّ۔

۴۵ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْاٰمِنُ وَاَنَا الْخَائِفُ فَمَنْ یَّدَعُ الْخَائِفَ اِلَّا الْاٰمِنُ یَارَبِّ۔

۴۶ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الرَّازِقُ وَاَنَا الْمَرْزُوْقُ فَمَنْ یَّدَعُ الْمَرْزُوْقَ اِلَّا الرَّازِقُ یَارَبِّ۔

۴۷ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْغَفُوْرُ وَاَنَا الْعَاصِیْ فَمَنْ یَّدَعُ الْعَاصِیَ اِلَّا الْغَفُوْرُ یَارَبِّ۔

Marfat.com

۴۸ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْکَبِیْرُ وَ اَنَا الْعَاصِیْ فَمَنْ یَّدْعُ الْعَاصِیْ اِلَّا الْکَبِیْرُ یَا رَبِّ۔

۴۹ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمُعِزُّ وَ اَنَا الذَّلِیْلُ فَمَنْ یَّدْعُ الذَّلِیْلَ اِلَّا الْمُعِزُّ یَا رَبِّ۔

۵۰ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ سَیِّدِیْ وَمَوْلَایَ وَخَالِقِیْ فَاغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ وَاعْتِقْنِیْ مِنَ النَّارِ۔

یَا مُجِیْرُ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔

اس کے علاوہ آپ نوافل تہجد و اشراق و ضحیٰ و اوابین و تسبیح وغیرہ اوراذکار و افکار اور مراقبات و تلاوتِ قرآن مجید سے اپنے اوقاتِ عزیز کو معمور رکھتے تھے۔ کوئی دم آپ کا یادِ الٰہی سے خالی نہ جاتا تھا۔ اس کے علاوہ تدریس و تبلیغ اور ترویجِ سلسلہ قادریہ نوشاہیہ میں مصروف و مشغول رہتے تھے۔

کرامات

آپ سے کرامتیں بکثرت ظاہر ہوتی تھیں۔ زیادہ تر پہلے طبقہ میں لکھی جا چکی ہیں۔ ازانجملہ

آپ کی نافرمانی کا خمیازہ

منقول ہے کہ ابتدائے احوال میں ایک روز آپ موضع تلیکے میں اپنے سسرال کے گھر بحالتِ استغراق بیٹھے تھے۔ ہمسایہ کی ایک لڑکی چرخہ کات رہی تھی اور ساتھ ساتھ گیت گا رہی تھی۔ آپ کو نغمہ سُن کر وجد ہوا۔ وہ لڑکی چُپ ہوگئی۔ آپ نے فرمایا یہ گانا پھر بولو۔ اس نے گستاخانہ کہا میں مطربہ نہیں ہُوں جو بار بار گاؤں! مرالٰہی سے اس لڑکی کو پیٹ میں سخت درد شروع ہوگیا۔ ہرچند علاج کیے مگر کچھ فائدہ نہ ہوا۔ اُس کے والدین کو اصل واقعہ کا پتہ چلا تو انھوں نے آپ کی خدمت میں حاضر ہوکر معافی مانگی۔ آپ نے فرمایا دوبارہ وہی گیت بولے۔ چنانچہ اس نے گانا شروع کیا تو اسی وقت شفا ہوگئی[1]

آپ کی دعا سے بارش ہونا

منقول ہے کہ آپ کے زمانۂ سجادگی میں ایک مرتبہ امساک باراں ہوا۔ ساون کا مہینہ گزر گیا۔ اُس مہینے کا ایک دن باقی رہتا تھا کہ لوگوں نے آپ کے حضور میں حاضر ہوکر بارش کے لیے دعا کی

---

[1] رسالہ احمد بیگ۔ کنزالرحمت ۱۲ شرافت

Marfat.com

التماس کی۔ آپ نے ہاتھ اٹھا کر درگاہِ حق تعالیٰ میں دُعا کی :

"ہُن اک دن رہ گیا ساون دا ، کی کرنا ایں مینہ وساون دا"

امرِ حق سے اُسی وقت بارش شروع ہوگئی اور ملک شاداب ہوگیا۔

مکتوبات

آپ کے دو مکتوب طبقۂ اوّل میں گزر چکے ہیں۔ ایک مکتوب یہاں لکھا جاتا ہے۔ جس کا واقعہ یہ ہے کہ ایک بُڑھیا نے آپ کی جناب میں التماس کی کہ میرے ہاں دو لڑکیاں ہیں میں ان کی شادی کرنا چاہتی ہوں میرے پاس کوئی چیز نہیں۔ آپ نے اس کو ایک رقعہ نواب صاحب کی طرف لکھ کر دیا جس کے الفاظ یہ تھے :

"عاجز پناہا ! ایں عجوزہ از بارِ دو عاجزہ عاجز۔

چو عاجز رہا نندہ دانم ترا
دریں داوری چوں نخوانم ترا"

چنانچہ نواب صاحب نے یہ رقعہ دیکھتے ہی اس کو مالا مال کر دیا۔

مناجات بجناب غوثِ اعظمؒ

یا دُودمانِ مصطفےٰ یا شیخ عبدالقادرا — یا خاندانِ با صفا یا شیخ عبدالقادرا
یا شاہبازِ لامکاں یا پاکبازِ عاشقاں — یا رہنمائے عارفاں یا شیخ عبدالقادرا
یا شاہِ شاہاں نامِ تو وے چشمِ وحدتِ جامِ تو — بر چرخِ ہفتم بامِ تو یا شیخ عبدالقادرا
یا آلِ یٰسین آلِ تو آں نقطہ بر خالِ تو — من خود ندانم حالِ تو یا شیخ عبدالقادرا
بر عرشِ اعظم جائے تو بر لامکاں ماوائے تو — بر فرقِ مردم پائے تو یا شیخ عبدالقادرا
در طور و اقصیٰ رازِ تو در گوشِ روح آوازِ تو — با حق تعالیٰ نازِ تو یا شیخ عبدالقادرا
حکمِ شریعت گفتۂ راہِ طریقت رفتۂ — دُرِّ حقیقت سفتۂ یا شیخ عبدالقادرا
عارف توئی عرفاں توئی سالک توئی سلطاں توئی — در بحرِ جاں مرجاں توئی یا شیخ عبدالقادرا

Marfat.com

سرحلقهٔ چل تن توئی زاں پختن یک تن توئی — میزانِ حق منبر توئی یا شیخ عبدالقادرا
در مذہبِ اعظم توئی در مشربِ اوھم توئی — در منصبِ اکرم توئی یا شیخ عبدالقادرا
سرِ دفترِ غربا توئی درویش و ہم فقرا توئی — خوش فہم ہم شعرا توئی یا شیخ عبدالقادرا
عالم توئی عادل توئی مفتی توئی فاضل توئی — از آسماں نازل توئی یا شیخ عبدالقادرا
مُلا توئی قاضی توئی شیدا توئی غازی توئی — بادادِ حق راضی توئی یا شیخ عبدالقادرا
با سروراں سرور توئی سلطانِ دیں پرور توئی — دربندِ آں حیدر توئی یا شیخ عبدالقادرا
دانا بہر حکمت توئی بینا بہر قدرت توئی — با عزّ و با عظمت توئی یا شیخ عبدالقادرا
صافی توئی صوفی توئی کافی توئی کوفی توئی — آنکس کہ معروفی توئی یا شیخ عبدالقادرا
سرہنگِ لاہوتی توئی اسرارِ ناسوتی توئی — ملکوتِ جبروتی توئی یا شیخ عبدالقادرا
اسرارِ جاں دانستہ وز قیدِ تن وارستہ — خود را بجاناں بستہ یا شیخ عبدالقادرا
با عشقبازاں عاشقی با صدقبازاں صادقی — من ہرچہ گویم لایقی یا شیخ عبدالقادرا
زاہد بگویم زاہدی عابد بگویم عابدی — حقا عجائب شاہدی یا شیخ عبدالقادرا
ہم راکعی ہم ساجدی ہم احمدی ہم حامدی — از نسلِ طٰہٰ آمدی یا شیخ عبدالقادرا
ہم مجتبی ہم جامعی ہم مسمعی ہم سامعی — ہم لمعہ ای ہم لامعی یا شیخ عبدالقادرا
ہم آفتابِ خاوری ہم بادشاہِ داوری — از غیب میداں آوری یا شیخ عبدالقادرا
عقل ست درس افسوز تو عشق ست نار افروزِ تو — چرخِ دو عالم روزِ تو یا شیخ عبدالقادرا
نار از تو روشن میشود بار از تو سوسن میشود — خار از تو گلشن میشود یا شیخ عبدالقادرا
سیّد توئی صاحب توئی با جدِّ خود نائب توئی — از چشمِ ما غائب توئی یا شیخ عبدالقادرا
سینی ز تو پُر نور شد قوسی ز تو مشہور شد — عالم ز تو معمور شد یا شیخ عبدالقادرا
در قاب قوسین خمِ قدم غارت بکن تاجِ ارم — بر دردمنداں کن کرم یا شیخ عبدالقادرا
عالم ہمہ حیرانِ تو بر سیرت و برشانِ تو — مشکل ہمہ آسانِ تو یا شیخ عبدالقادرا
پیشِ تو حیراں عقلِ کُل در گلشنِ عالم تو گُل — وارث توئی بعد از رسل یا شیخ عبدالقادرا
تو رہرواں را رہبری ہم جبرئیل را شہپری — در آسماں با منبری یا شیخ عبدالقادرا

Marfat.com

سُبّوحیاں مشتاقِ تو قدوسیاں عشاقِ تو — ہفت آسماں اوراق تو یا شیخ عبدالقادرا
آں گیسوانِ بافتہ ابریشمے بر تافتہ — مار اندکجے یافتہ یا شیخ عبدالقادرا
آں طرہ طراری کند با ہر کسے یاری کند — از بہرِ حق کاری کند یا شیخ عبدالقادرا
باشد اگر ہر مُو دہاں در ہر دہانے صد زباں — وصفت نیاید در زماں یا شیخ عبدالقادرا
از نورِ حق حاصل شدی حق را ازاں واصل شدی — در دلبری کامل شدی یا شیخ عبدالقادرا
خیزد چو بانگِ امتی آنجا سراجِ امتی — پاک از تمامی امتی یا شیخ عبدالقادرا
والشمس وصفِ روئے تو واللیل مدحِ موئے تو — فردوس صحنِ کوئے تو یا شیخ عبدالقادرا
طوبیٰ ز قدرت کم شود لعلت مسیحا دم شود — گر جاں بگویم ہم شود یا شیخ عبدالقادرا
آں ابروان و کشت آں مُہرِ لب چوں مہوشت — چوں قاب قوسین عشوہ ات یا شیخ عبدالقادرا
چشمانِ تو شمس و قمر بر ہر کسے افتد گزر — از خویش گردد بے خبر یا شیخ عبدالقادرا
آں ڈالِ دنداں ڈالِ دیں پروین وارد بر تریں — ماہ است با زہرہ جبیں یا شیخ عبدالقادرا
من بندۂ درویشِ تو من عاشقِ دلریشِ تو — یک عرض دارم پیشِ تو یا شیخ عبدالقادرا
بر درگہت من کیستم خود را ندانم چیستم — چیزے کہ گوئی آں کنم یا شیخ عبدالقادرا
دردِ مرا درماں بکن آنگہ ازاں آساں بکن — سرے عیاں باماں بکن یا شیخ عبدالقادرا
تو خواجۂ من بندہ ام از خدمتت شرمندہ ام — سر پیشِ تو افگندہ ام یا شیخ عبدالقادرا
ہر چیز را تو قادری زاں رُو کہ عبدالقادری — مادر پدر ہم مادری یا شیخ عبدالقادرا
رحمے بایں دل سوختہ آتش بجاں افروختہ — چوں چشم بر تو دوختہ یا شیخ عبدالقادرا
دستِ بدامانت زدم از لطفِ خود بگزاردم — ہر لحظہ گویم دمبدم یا شیخ عبدالقادرا
آخر مرا ہم یاد کن از غم دلم آزاد کن — غمگیں دلم را شاد کن یا شیخ عبدالقادرا
شیئاً بحقِ ذوالجلال بر روئے من دستِ بمال — تا صحتِ یابم کمال یا شیخ عبدالقادرا
یک شب چہ شد گر آئیم در خواب رُو بنمائیم — از فضلِ خود بخشائیم یا شیخ عبدالقادرا
برخیزم و رقصاں شوم پیشِ تو من قرباں شوم — چوں بلبلاں نالاں شوم یا شیخ عبدالقادرا
یک شب چہ شد مہماں شوی ایں خستہ جاں را جاں شوی — دردِ مرا درماں شوی یا شیخ عبدالقادرا

Marfat.com

احوالِ دل گویم بتو مقصود کُل جویم ز تو — روشن شود روئم ز تو یا شیخ عبدالقادرا
ہر چیز میگوید گدا با چون من وصفِ ترا — شک نیست از فضلِ ترا یا شیخ عبدالقادرا
چشمانِ من یعقوب شد چون در سلیماں خوب شد — چوں مُہرۂ ایوب شد یا شیخ عبدالقادرا
گر بر سرم آری گذر یا سویم اندازی نظر — چشمم شود شمس و قمر یا شیخ عبدالقادرا
دیگر معالج ماندہ ام افسونِ نامت خواندہ ام — مگذار پس درماندہ ام یا شیخ عبدالقادرا
تا نام تو قطب علی در وادیٔ ہر بیدلی — آساں بکن ہر مشکلے یا شیخ عبدالقادرا
نامِ تو اسرارِ ازل کردن تواں دفعِ اجل — باصدق گر سازی عمل یا شیخ عبدالقادرا
ہر درد را درماں ز تو ہر مشکلے آساں ز تو — از حق شدہ فرماں بتو یا شیخ عبدالقادرا
رحمے بکن اے شاہِ من باایں رُخے چوں کاہِ من — بنما سوئے حق راہِ من یا شیخ عبدالقادرا
حافظ ز تو دارد رجا چشمانِ او را کن دُعا — بخشد خداوندش بقا یا شیخ عبدالقادرا
بر تو بحق آں یمن کامل طلوعش بہر مَن — در حقِ من بکشا سمن یا شیخ عبدالقادرا
ہر چند کند و کاہلم سوئے گناہاں مائلم — امّا بہ پیشت سائلم یا شیخ عبدالقادرا
چوں سائلاں را دوستی شاہی سخاوت خواستی — از بہر بخشش خواستی یا شیخ عبدالقادرا
بسیار جنباندم جرس لایق نباشد پیش و پس — پیشِ ترا بس یک خرف یا شیخ عبدالقادرا
گرزیں گدائے دربدر گستاخی شد درگزر — امید دارم ایں قدر یا شیخ عبدالقادرا

مملوک و خدمت گارِ تو مشغول در اذکارِ تو
درویش برخوردارِ تو یا شیخ عبدالقادرا

باتمام رسید وصفِ حضرت غوثِ پاکؒ اوّل و آخر دہ مرتبہ درود بخواند و یازدہ بار ایں وصف بخواند ہر مطالب بحصول آید بمنہ وکرمہ۔

تحریرات

آپ کے ہاتھ مبارک کی چند تحریرات میرے کتب خانہ میں موجود ہیں۔

تحریر اوّل ذکر کی فضیلت میں یہ حدیث ہے "قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الا اخبرکم بخیر اعمالکم و ازکٰہا عند ملیککم و ارفعہا درجاتکم و

Marfat.com

خیرلکم من انفاق الذھب والورق وخیرلکم من ان تلقوا عدوکم فتضربوا اعناقکم قالوا بلیٰ قال ذکر اللہ۔"

فرمایا رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا میں تم کو ایک ایسا عمل نہ بتاؤں جو سب سے بہتر ہے اور خدا کے ہاں سب اعمال سے پاکیزہ تر ہے اور درجوں کے لحاظ سے سب سے بلند ہے اور سونا اور روپے خرچ کرنے سے تمہارے لیے بہت بہتر ہے۔ اور دشمنوں کے ساتھ جہاد کرنے اور ان کو قتل کرنے اور خود شہید ہونے سے بھی تمہارے حق میں زیادہ بہتر ہے۔ سب نے عرض کیا فرمائیے۔ تو حضور نے فرمایا وہ اللہ تعالیٰ کا ذکر ہے۔

تحریر دوم یہ ایک رباعی ہے جو مشرب توحید وجودی کو ظاہر کرتی ہے:

رباعی

چوں چشم پوشم از تو بدل جلوہ گر توئی ور زانکہ دیدہ باز کنم در نظر توئی
کس در درونِ دیدہ و دل نیست غیرِ تو دائم بہ پیش دیدہ و دل جلوہ گر توئی

(مکتوب بہ سنہ ۱۰۶۹ھ)

اولادِ کرام

آپ کے چھ صاحبزادے تھے:

۱۔ حضرت سید عنایت اللہ زاہدؒ
۲۔ حضرت سید سعد اللہ حکیمؒ
۳۔ حضرت سید رحمت اللہ عارفؒ
۴۔ حضرت سید نصرت اللہ محدثؒ
۵۔ حضرت سید عصمت اللہ حمزہ پہلوانؒ
۶۔ حضرت سید حافظ جمال اللہ فقیہِ اعظمؒ

یارانِ طریقت

آپ سے بے شمار مخلوق فیضیاب ہوئی۔ آپ کے یارانِ طریقت کی فہرست طبقہ اوّل میں گزر چکی ہے اعادہ کی ضرورت نہیں۔

Marfat.com

مدحیات

آپ کی مدح میں بہت لوگوں نے طبع آزمائی کی ہے۔ جن کو میں نے تفصیل سے اپنی کتاب مقاماتِ برخورداریہ میں درج کیا ہے اور کچھ پہلے طبقہ میں آپ کے حالات میں دو نظمیں دی ہیں۔ یہاں بھی دو پنجابی نظمیں لکھی جاتی ہیں:

(۱)

از حضرت مولوی محمد حبیب اللہ قادری حنفی مصنف تفسیر نعمانی

حضرت توشہ دا فرزند اک برخوردار گرامی — عشق حقانی دے دریائیں اوہ تیراک وڈا ہی
وحدت دے دریاؤں واقف برخوردار حقانی — سینہ صاف آئینہ دل دا نور انوار پچھانی
جام الستوں مست اکھیں ہر ویلے برخورداری — ہر اک نظر اُنہاندی مستی خانے دی خماری
ساقی ازل اکھاں وچ مستی اتنی آہی پائی — نیم نگاہوں اسدیوں عالم سی لبریز ہر گاہی
جان کلام اوہدی تھیں جھڑدے موتی معنیاں والے — وچ طومار عرفان اوہدے سبحان نادم ہر حالے
استغراقی بحر اندر سی اوس غواصی پائی — خودی کنوں بیخود ہو حق تھیں کیتی اوس رسائی
اُسدے آب کرم تھیں تازہ گلشن علم ادب دے — اُسدے قہروں ملک گناہاں سڑیا نال غضب دے

نال خلوص چُنے دروازہ جو درگاہِ ولایت
برخورداروں برخورداری پاون شان شہامت (کنز الرحمت پنجابی)

(۲)

از شہزادہ شاہد رضا شرافتی ساکن لوڑھکی ضلع گوجرانوالہ

بخشے دو فرزند خدائے گنج بخش دے تائیں — سورج چند مثال دوہاں دی ظاہر کیتی سائیں
حافظ برخوردار وڈیرا عجز العشق یگانا — شاہ ہاشم دریا دل چھوٹا عاشق مرد ربانا
شان بلند دوہاں دا آہا باہر حد حسابوں — گنج فقر دے مالک دونویں پایا فیض جنابوں
فانی دنیا اتوں جس دن نوشہ کرن تیاری — لگے چڑھن جہاز بہشتی نال خدا دی یاری
اپنی جگہ خلیفہ کیتا وڈا پُت پیارا — بن مالی تے باغ سمھالیں حافظ برخوردارا

Marfat.com

بخش دتی دستار مبارک نالے تخت لوشاہیاں — نالے فقر خزانہ بخشے پھر پھر دولت صراحیاں
اک وصیت کرساں بیٹا دانشمند سیانے — ظاہر باطن لنگر جاری رکھنا نال دھیانے
اپنے ہتھیں خدمت کرنی جو کوئی درتے آوے — ادنیٰ اعلیٰ جو کوئی ہووے خالی مُول نہ جاوے
بحر العشق خطاب تسانوں بخشیا رب جنابوں — دن دن فیض حقیقت والا ملسی ودھ حسابوں
ہائی صوبے نوشہ سندے حاضر سن اُس ویلے — برخوردار پیارے دے سنگ سبھناں نے ہتھ میلے
ہر اک تائیں حضرت نوشہ ایہ فرمان سنایا — گدی اپنی دا میں مالک برخوردار بنایا

اگوں جو کجھ لینا ہووے اِس کولوں آ منگو
ہر شے ایتھوں ہوگ میسر ہرگز ناہیں سنگو (نغمۂ عشق)

تاریخ وفات

شاہ برخوردار کی وفات[1] بقول صحیح بروز اتوار ۱۵ ذیقعدہ ۱۰۹۳ھ کو ہوئی۔ مزار مبارک موضع ساہن پال شریف، گورستانِ نوشاہیہ میں، بلند چبوترہ پر سنگِ مرمر سے بنی ہوئی ہے۔
رحمۃ اللہ علیہ رحمۃً واسعۃً۔

قطعہ تاریخ

از مولانا حکیم غلام قادر شاہ اثر انصاری برقندازی جالندھریؒ

شد ز دنیا چو سوئے دار قرار — آں حق آگاہ شاہ برخوردار
زیبِ سجادہ حضرتِ نوشہ — حافظِ نادرِ کلام اللہ
سالِ ترحیلِ آں ولی اکمل — آمدہ مبتغِ فیوضِ اجلّ[2]

---

[1] حضرت شاہ حافظ برخوردار بحر العشق کے مزید حالات شریف التواریخ کی تیسری جلد موسوم بہ تذکرۃ النوشاہیہ کے پہلے حصہ تحائف الاطہار نام میں لکھے جائیں گے۔
[2] مادۂ تاریخ میں ایک عدد کم ہے ۱۲ شرافت

Marfat.com

مادہ ہائے تاریخ

۱ - فیاضِ عالمیان

۲ - ابرِ فیض

۳ - غنی پاکباز

۴ - اصالت شعار

Marfat.com

باب سوم

اس میں اُن بزرگان برخورداریہ کے حالات ہیں جو حضرت نوشہ صاحب سے تیسری پشت ہیں

سیّد عنایت اللہ زاہد

نخستیں عنایت اللہ باعزّ وجاہ — کہ زائیدہ بود او بعہد نوشاہ
شدش یازدہ سال ترکِ طعام — بروکرد رحماں توجہ تمام

اوصافِ جمیلہ آپ مورثِ مقاماتِ ناسوت، عالمِ مقالاتِ ملکوت، محرمِ درجاتِ جبروت، منظرِ حالاتِ لاہوت، غوثِ وقت، مرجع خلایق تھے۔ آپ حضرت سیّد حافظ محمد برخوردار بحرالعشق بن حضرت نوشہ گنج بخشؒ کے فرزند اکبر تھے۔

تاریخِ ولادت آپ کی ولادت باسعادت ۱۰۵۵ھ میں ہوئی۔ مادۂ تاریخ ہے:
"آفتاب مثال"۔

تربیت آپ نے اپنے جدِ امجد حضرت نوشہ صاحبؒ کی آغوش میں تربیت پائی۔ آنحضرتؒ آپ کے ساتھ بہت پیار کرتے تھے۔ آپ صحن خانہ میں کھیلتے تو آنجناب دیکھ کر خوش ہوا کرتے۔[1]

آنجناب کی خوش طبعی منقول ہے کہ حضرت نوشہ صاحبؒ کے صحن خانہ میں تاہلی کے تین درخت تھے۔ جن میں دو سیدھے اور بلند تھے۔ اور ایک ٹیڑھا اور پست تھا۔ آپ ایک روز کھیلتے ہوئے اُن کے گرد پھر رہے تھے اور کہہ رہے تھے کہ یہ جو دو تاہلیاں سیدھی ہیں یہ میری ہیں اور جو پست اور کج ہے وہ حضرت باواجی صاحب کی ہے آنجنابؒ آپ کی یہ بھولی بھالی باتیں سُن کر بہت خوش ہو رہے تھے۔ اتفاقاً اُسی رات کو اندھیری

---

[1] رسالہ احمد بیگ قلمی ص ۱۶۵

Marfat.com

آئی ۔ وہ دونوں سیدھی ٹاہلیاں گر پڑیں ۔ اور جو ٹیڑھی تھی وہ محفوظ رہی ۔ صبح کو آنجناب نے خوش طبعی سے فرمایا عنایت اللہ ! تمہاری ٹاہلیاں کہاں گئیں دیکھو ہماری ٹاہلی تو موجود ہے[1]

تعلیم آپ نے اپنے والد بزرگوار سے علومِ ظاہری کی تحصیل کی ۔ علم فقہ و حدیث و ادب میں پوری دسترس حاصل ہوئی ۔

بیعت و خلافت آپ کی بیعت اپنے والد بزرگوار حضرت سید حافظ محمد برخوردار بحر العشقؒ سے تھی ۔ انھیں سے خرقۂ خلافت و اجازت حاصل کیا ۔ ان کی وفات کے بعد حضرت شیخ عبد الرحمٰن پاک صاحب بھڑی والہؒ سے بھی تربیت و تکمیل پائی اور اعلیٰ مقامات آپ پر منکشف ہوئے ۔

تفکر و استغراق آپ بحکم تفکر ساعۃ خیر من عبادۃ ستین سنۃ (ایک گھڑی کا تفکر ساٹھ سال کی عبادت سے بہتر ہوتا ہے) زیادہ اوقات تفکر و تدبر و جذب و استغراق میں مشغول رہتے ۔ یادِ الٰہی میں پورا پورا انہماک تھا ۔

مقامات

مقامِ صمدیت حضرت پاک صاحب بھڑی والہؒ کی توجہ سے آپ پر مقامِ صمدیت کھل گیا ۔ اور آپ اس بلند مقام پر فایز ہوئے ۔ کھانا پینا بالکل ترک ہو گیا ۔ صاحبِ کنز الرحمت نے لکھا ہے کہ آپ نے گیارہ سال تک کچھ نہ کھایا ۔ ع

شش و شش یازدہ سال ترکِ طعام

لیکن علامہ شیخ محمد ماہ صداقت کنجاہیؒ نے ثواقب المناقب میں لکھا ہے کہ آپ نے تا زیست کچھ نہیں کھایا پیا ۔

"میاں عنایت اللہ خلف الصدقِ آں صبح نفس کہ حسنِ گندم گونِ او خمیر مایہ قرصِ آفتاب بود عمرے برنگ آسیائے گردوں گردِ آب و دانہ نگشت ۔"

---

[1] رسالہ احمد بیگ قلمی ص ۱۶۵ شرافت

Marfat.com

اور اِس بھوک و پیاس سے آپ کے جسم پر کسی پژمردگی و کمزوری کے آثار نہیں پائے جاتے تھے۔ جسم مبارک اصلی حالت پر رہتا تھا۔

مقامِ غوثیت ذکر کے وقت آپ کے اعضا علٰحدہ علٰحدہ ہو جایا کرتے تھے۔

فائدہ : صوفیائے کرام کا ارشاد ہے کہ جس کے اعضا ذکر کے وقت الگ ہو جاویں۔ یہ غوثیت کی دلیل ہے۔ تذکرہ غوثیہ میں اسی طرح مذکور ہے۔

کرامات

آپ سے خوارق و کرامات بہت ظاہر ہوا کرتے تھے۔

ذکر کے وقت اعضا کا علٰحدہ ہو جانا چودھری بخّاور نمبردار سے منقول ہے کہ آپ زراعت پیشہ کرتے تھے۔ ایک مرتبہ ٹھٹھہ عثمان میں آپ کے کماد کا کھیت تھا۔ آپ اس کی محافظت کے لیے دن رات وہیں گڑھال میں رہتے۔ ایک رات میں آپ کی زیارت کو گیا تو دیکھا کہ آپ کے تمام اعضا علٰحدہ علٰحدہ پڑے ہیں۔ میں نہایت متحیر و متعجب ہوا اور خیال کیا کہ شاید آپ کو چور قتل کر گئے ہیں۔ میں شور و غوغا کرنے کو تیار تھا کہ آپ کے چھوٹے بھائی سید شاہ عصمت اللہؒ غیب سے وہاں ظاہر ہو گئے اور فرمایا "بخّاور! یہ خدا تعالیٰ کے رازوں میں سے ایک راز ہے۔ اِس کو ظاہر نہ کرنا"۔ لیکن میں نے اپنی کم ظرفی سے راز کھول دیا۔[1]

فائدہ : بزرگوں پر ایسے حالات کا طاری ہونا کچھ مشکل نہیں۔ چنانچہ شیخ جمال الدین جمن چشتی کے اعضا بوقتِ ذکر علٰحدہ ہو جاتے تھے۔ (تذکرہ اولیائے ہند، ج ۲، ص ۳۸)

اولاد آپ کی اولاد نرینہ نہیں ہوئی۔ تین بیٹیاں تھیں:

۱۔ سیدہ صاحب خاتونؒ۔ منکوحہ سید شیر محمد بن سید عصمت اللہؒ حمزہ پہلوان۔
۲۔ سیدہ عائشہ بانوؒ۔ منکوحہ سید گل محمد بن سید شاہ عصمت اللہؒ

---

[1] تذکرہ اولیائے شاہیہ ۱۲ شرافت

Marfat.com

۲- سیدہ ناظرہ بانوؒ۔ منکوحہ سید شاہ نظام بن سید سعد اللہ حکیمؒ۔

تملیکِ جائداد

آپ نے اپنی تمام جائداد اپنی تینوں بیٹیوں کے نام لکھ دی۔ اس کی تحریر بلفظہٖ درج کی جاتی ہے:

تملیک نامہ	ترجمۂ تملیک نامہ
باعث تحریر ایں سطور آنکہ چوں شیخ عنایت اللہ ولد حقایق آگاہ شیخ برخوردار ولد معارف دستگاہ شیخ حاجی محمد نوشہ در حالت صحت احکام شرعیہ و تصرف امور دُنیویہ و اُخرویہ آنچہ اقتنہ از جنس و نقود و نقاد و حلی و مواشی و دور و ہیوت معہ حقوق و منافع و اراضی و چاہ ہا و التمغا از قلیل و کثیر در ملک و تصرف مالکانہ بے مشارکت شریک و مزاحمت سہیم تا وقت تحریر داشت بسمات صاحب خاتون و عایشہ بانو و ناظرہ بانو بنات صلبی خود ہبہ و تملیک کرد و قبضِ اشیاء موہوبہ واقع شد و دیگر ذوی الفروض و عصبات را از وراثتِ خود خارج و محروم ساختہ ہر سہ بنات مسطورہ خود را بوراثتِ خود مخصوص و معین کرد اگر در حین حیات یا بعد ممات احدے از ذوی الفروض و عصبات وراثت شیخ عنایت اللہ مذکور را دعوٰے کند و از بنات مسمیات مسطورات	ان سطور کے لکھے جانے کا یہ سبب ہے کہ شیخ عنایت اللہ نے جو کہ حقایق آگاہ شیخ برخوردار کے بیٹے ہیں۔ اور معارف دستگاہ شیخ حاجی محمد نوشہ صاحبؒ کے پوتے ہیں بحالتِ صحت اور وارد ہونے احکام شریعت کے اور قابض ہونے امور دنیاوی اور اُخروی کے جو کچھ مال و متاع از قسم جنس اور نقدی اور کپڑوں اور مویشیوں اور مکانات اور گھروں کے، معہ حقوق اور منافع اور زمین اور کنوؤں جاگیر والوں کے کم یا زیادہ۔ کسی شریک کی حصہ داری اور کسی ساتھی کی رُکاوٹ کے بغیر اِس تحریر کے وقت تک اپنے ملک اور قبضہ مالکانہ میں رکھتے ہیں۔ اپنی حقیقی بیٹیوں مسمات صاحب خاتون اور عایشہ بانو اور ناظرہ بانو کو ہبہ اور تملیک کر دی ہیں۔ اور اِن ہبہ کی ہوئی چیزوں کا قبضہ واقع ہو گیا ہے۔ اور دوسرے ذوی الفروض اور عصبات کو اپنی وراثت سے خارج اور محروم کر کے اپنی تینوں بیٹیوں کو اپنی وراثت کے واسطے مخصوص اور مقرر کر دیا ہے۔ اگر

Marfat.com

طلب ترکہ نماید نامسموع ست و غیر
مشروع بنا براں ایں چند کلمہ بطریق تملیک نامہ
و تخصیص وراثت بہ بنات و تخریج
ذوی الفروض و العصبات وغیرہم
نوشتہ شد کہ ہیچ کس را شائبہ مزاحمت و
مداخلت نماند۔ تحریر فی التاریخ بیستم ہفتم
شہر ربیع الاول سنہ ۱۱۳۰ھ۔

شہد بما فیہ۔ مُہر (علیك العصمت یارحمان)

شہد بما فیہ۔ مُہر (حافظ جمال اللہ)

گواہ شد۔ شیر محمد قادری

گواہ شد۔ محمد یقین رہتاسی

گواہ شد۔ حافظ ادریس"۔ بلفظہ[1]

شیخ عنایت اللہ کی زندگی میں یا ان کی
وفات کے بعد ذوی الفروض اور عصبات میں
سے کوئی شخص ان کی وراثت کا دعویٰ کرے
اور ان کی بیٹیوں سے حصہ طلب کرے تو وہ
نہ سنا جاوے گا۔ اور غیر مشروع ہوگا۔ اس لیے
یہ چند کلمے تملیک نامہ کے طور پر اور بیٹیوں کی
تخصیص وراثت کے واسطے اور ذوی الفروض
والعصبات کو خارج کرنے کے واسطے لکھے
گئے ہیں کہ کسی شخص کو مزاحمت کا شائبہ
اور دخل اندازی کا موقع نہ رہے۔ تحریر
بتاریخ ۲۰ ربیع الاول سنہ ۱۱۳۰ھ۔ گواہ شد
شاہ عصمت اللہ۔ گواہ شد حافظ جمال اللہ۔
گواہ شد شیر محمد قادری۔ گواہ شد محمد یقین
رہتاسی۔ گواہ شد حافظ ادریس۔

تاریخِ وفات سید عنایت اللہ کی وفات بعمر پچاسی سال سنہ ۱۱۴۰ھ میں ہوئی۔ قبر ساہن پال شریف، گورستانِ نوشاہیہ میں ہوئی۔

مادہ ہائے تاریخ

۱۔ مفسرِ مشہورِ دہر (۱۱۴۰ھ)
۲۔ فاضل ہادیِ دہر (۱۱۴۰ھ)
۳۔ آب دیدۂ افضال (۱۱۴۰ھ)
۴۔ نجستہ نژادے (۱۱۴۰ھ)

[1] یہ اصل تملیک نامہ آج کل سید محمد شریف بن سید محمد عالم صاحب برخورداری وسلوالہ کے گھر میں

Marfat.com

سیّد سعد اللہ حکیمؒ

زہے شاہ سعد اللہ مردِ حکیم
کہ صحت از و یافتے ھد سقیم

اوصافِ جمیلہ آپ غوّاصِ بحرِ شریعت، گوہر لجہ طریقت، لولوئے لالائے حقیقت، دُر دریائے معرفت، کامل روزگار تھے۔ آپ حضرت سیّد حافظ محمد برخوردار بحر العشق بن حضرت نوشہ گنج بخشؒ کے دُوسرے فرزند تھے۔

تاریخ ولادت آپ کی ولادت ۱۰۶۱ھ میں ہوئی۔ الفاظ غنی، معدن فیوض سے تاریخ پیدائش ظاہر ہوتی ہے۔

دعائے حضرت نوشہ صاحبؒ منقول ہے کہ جب آپ پیدا ہوئے تو حضرت نوشہ صاحبؒ نے آپ کو محبت سے دیکھا اور فرمایا اس کی آنکھیں شہبازوں کی طرح دیکھتا ہُوں۔ یعنی اولیائے معاصرین پر مثل شہباز ہوگا۔ (رسالہ احمد بیگ)

تربیت آپ نے اپنے جدامجد اور والد بزرگوار کی گود میں پرورش پائی۔ حضرت نوشاہِ عالیجاہؒ کی آپ کے ساتھ بہت محبت تھی۔ آپ اُس وقت چار سالہ عمر کے تھے۔ جب روٹی کا وقت ہوتا تو آپ آنجناب کو کھانا کھانے کے واسطے بلانے جایا کرتے۔ آنجناب کا نواسہ میاں تاج الدین اور آپ دونوں ہمعصر تھے۔ دونوں حضورِ پُر نور کی گود میں بیٹھنا چاہتے۔ تو آپ میاں تاج الدین کو دھکیل کر دور کر دیتے اور خود گود میں بیٹھ جاتے۔ آنجناب متبسم ہوتے اور فرماتے سعد اللہ عملاً جتلا دیتا ہے کہ میں ان کا وارث ہوں اور تاج الدین کو ہماری وراثت سے دُور کر دیتا ہے۔ (رسالہ احمد بیگ)

بچپن میں فیاضی منقول ہے کہ حضرت نوشہ صاحبؒ آپ کو ہر روز دو پیسے خرچ کے واسطے دیا کرتے تھے۔ ایک دن پوچھا: میاں سعد اللہ! پیسے کہاں خرچ کرتے ہو؟ آپ نے عرض کیا، باوا جی! آسیہ نام مطربہ میرے پاس روزانہ گایا کرتی ہے

Marfat.com

اس کو دے دیا کرتا ہوں۔ آنجناب آپ کی فیاضی سُن کر بہت خوش ہوئے۔ (رسالہ احمد بیگ)

فائدہ : اسی طرح شیخ عبدالقدوس گنگوہیؒ بچپن میں ایک میراثن کا گانا سُنا کرتے تھے، بلکہ ان کو وجد بھی ہو جاتا تھا۔ (تذکرہ اولیائے ہند، ج ۲ ص ۵۰)

تعلیم آپ نے دینی علوم کی تحصیل اپنے والد بزرگوار سے اور عم عالی قدر حضرت سید محمد ہاشم دریادلؒ سے کی۔ علمِ طب میں بھی کمال حاصل کیا۔

بیعت و خلافت آپ نے بیعتِ طریقت اپنے والد اکرم حضرت سید حافظ محمد برخوردار بحرالعشقؒ کے ہاتھ پر کی اور عرصہ قلیل میں خلافت سے مشرف ہوئے۔

طبی کمالات آپ علمِ طب میں اپنے زمانہ میں لاثانی تھے۔ منقول ہے کہ آپ کے ہاتھ میں ایسی تاثیر تھی کہ مادر زاد مریض اندھے اور جذامی وغیرہ آپ سے شفا پاتے تھے۔ گویا جسمانی و روحانی بیماریوں کا علاج آپ نے اپنے ذمہ لیا ہوا تھا۔ اپنے حالاتِ باطنی کو طب کے پردے میں پوشیدہ رکھا تھا۔[1]

عام طور پر یہ بات مشہور ہے کہ آپ کی حکمت و فراست اِس حد تک تھی کہ بیمار کی نبض اور چہرہ دیکھ کر اُس کے چھ ماہ گزشتہ کے حالات اور غذائیں بیان فرما دیتے تھے۔

میں کہتا ہوں کہ یہ امور کرامت اور کشف سے تعلق رکھتے ہیں فنِ طب سے متعلق نہیں ہو سکتے۔

کرامات

آپ سے خوارق و کرامات ظاہر ہوا کرتے تھے۔

بھینس اور اُس کے بچہ کا مرجانا منقول ہے کہ جب آپ کی شادی ہوئی تو والد بزرگوار نے آپ کو خانگی طور پر علیحدہ کیا ایک بھینس شیر دار تھی اُس کا بچہ آپ کو دیا۔ اور بھینس چھوٹے صاحبزادہ سید نصرت اللہ کو

---

[1] رسالہ احمد بیگ ۱۲ شرافت

Marfat.com

عنایت فرمائی۔ آپ کو یہ بات ناگوار گزری اور فرمایا: یا تو یہ بچہ بھی نصرت اللہ کو دے دو یا بھینس بھی مجھے دے دو۔ اور یہ تقسیم اگر اسی طرح رہی تو دونوں مرجاویں گے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ آپ کے حسب الارشاد آٹھویں روز دونوں مرگئے۔ (رسالہ احمد بیگ)

دشمنوں کا سزا پانا

منقول ہے کہ آپ موضع بھاگت کے رقبہ میں کاشت کروایا کرتے تھے۔ موضع دھریکاں کا نمبردار سید انام آپ کے مزارعوں کو بہت تنگ کیا کرتا۔ آپ صبر و تحمل سے کام لیا کرتے۔ آخر جب اس کا ظلم حد سے بڑھ گیا تو آپ نے فرمایا: سیدا! اب تک ہم نے بڑا درگزر کیا مگر تو ظلم سے باز نہیں آیا۔ اب تو خدا تعالیٰ کے غضب میں گرفتار ہوگا۔ چنانچہ چند ہی دنوں میں اس کے دو بیٹے جو جوان اور بڑے لایق تھے مرگئے۔ اور اس کا مال و اسباب ڈاکوؤں نے لوٹ لیا۔ اور وہ خود نابینا ہوگیا اور در بدر گدائی کرنے لگا۔ آخر اسی ذلت میں مرگیا۔ (تذکرہ نوشاہیہ)

اولاد

آپ کے تین بیٹے تھے:

۱۔ سید شاہ نظام

۲۔ سید محمد سلطان المعروف شاہ سلطان صاحب

۳۔ ستد محمد نتھو

تاریخ وفات

سید سعد اللہ حکیم کی وفات بعمر پینسٹھ سال ۱۱۲۵ھ میں ہوئی۔ قبر ساہن پال شریف، گورستانِ نوشاہیہ میں ہے۔

مادہ ہائے تاریخ

۱۔ از آیت شریف وادخل الجنۃ (۱۱۲۵ھ)

۲۔ جواہر فضل

۳۔ حضور عالی

۴۔ صوفی فخر جہان

Marfat.com

سید رحمت اللہ عارفؒ

شہِ رحمت اللہ بغضب و جلال
کہ او بود سیف اللساں باکمال

اوصافِ جمیلہ آپ نجم منورِ شریعت، کوکب ثاقبِ طریقت، شمسِ ضیائے حقیقت، بدرِ منیر معرفت، صاحبِ کرامت و خوارق و زہد و ورع و تقویٰ و سخاوت و شجاعت تھے۔ آپ حضرت سید حافظ محمد برخوردار بحر العشقؒ بن حضرت نوشہ گنج بخشؒ کے تیسرے فرزند تھے۔

تاریخِ ولادت آپ کی ولادت ۱۰۶۳ھ میں ہوئی۔
۱۔ مادہ تاریخ از آیت شریف فنادتہ الملائکۃ۔ (۱۰۶۳ھ)
۲۔ منزل فیض الٰہی ۳۔ رُخِ مبارک

دعائے حضرت نوشہ صاحبؒ آپ کی جب پیدائش ہوئی تو حضرت نوشہ صاحبؒ نے آپ کو دیکھا اور آپ کے حق میں درازیِ عمر کی دُعا فرمائی۔ (رسالہ احمد بیگ)
چنانچہ آپ سَو سال سے متجاوز ہو کر فوت ہوئے۔

تعلیم آپ نے ظاہری تعلیم اپنے والد بزرگوار سے پائی۔ بعد ازاں چندے شیخ نور محمد اگرویہ والا کے پاس پڑھتے رہے۔ پھر کچھ عرصہ سیالکوٹ میں درس گاہِ علمی میں داخل رہے۔ وہاں اساتذہ سے علوم حاصل کر کے دستارِ فضیلت پائی۔ (تذکرہ نوشاہیہ)

بیعت و خلافت آپ کی بیعتِ طریقت اپنے پدر بزرگوار حضرت سید حافظ محمد برخوردار بحر العشقؒ سے تھی۔ سلوک قادریہ نوشاہیہ پورا کر کے خلافت و اجازت سے مشرف ہوئے۔

حضرت پاک صاحبؒ سے عقیدت آپ کو حضرت شیخ عبد الرحمٰن پاک پھڑیوالہؒ سے خاص محبت و عقیدت تھی۔ کئی مرتبہ

Marfat.com

اُن کے پاس جایا کرتے اور اُن کے حق میں فرمایا کرتے کہ پاک صاحبؒ کے ادنیٰ خادم بھی عشق و محبت میں یکتائے روزگار ہوتے ہیں۔ (تذکرہ نوشاہیہ)

شیخ برخوردار ہرلؒ سے محبت آپ کو حضرت پاک صاحبؒ کے خلیفہ بزرگ حضرت شیخ برخوردار ہرلؒ کے ساتھ بہت محبت تھی۔ اپنے سسرال میں ایمن آباد جاتے ہوئے اُن کے پاس ہرلاں والی میں ٹھہرا کرتے۔ بلکہ ایک مرتبہ اپنے چھوٹے بھائی سید شاہ عصمت اللہ صاحبؒ کو بھی ان کے پاس لے گئے۔ اور دونوں حضرات کے درمیان رابطۂ اتحاد قایم کروایا۔ (تذکرہ نوشاہیہ)

کرامات

آپ صاحبِ خوارق وکرامات تھے۔ طبیعت میں جلالیت غالب تھی اس لیے جو شخص آپ سے بالمقابل ہوا یا اُس نے مخالفت کی وہ ضرور سزایاب ہوا۔

حاکمِ ہیلاں کا معزول ہونا منقول ہے کہ ایک مرتبہ پرگنہ ہیلاں کے حاکم نے آپ کی زراعت پر لگان زیادہ لگا دیا اور وصولی کے واسطے اپنا سپاہی بھیج دیا۔ آپ کو اُس پر بہت غصہ آیا اور خود کچہری میں جا کر اُس کو فرمایا تُو نے ہماری طرف سپاہی بھیجا ہے پس ہم نے تجھ کو مسندِ حکومت سے اتار کر نیچے پھینک دیا ہے۔ چنانچہ اُسی روز لاہور سے اس کی معزولی کا پروانہ آگیا۔ اور وہ خراب اور خستہ حال ہو کر وہاں سے چلا گیا۔ (تذکرہ نوشاہیہ)

موضع باہو پر آگ برسانا منقول ہے کہ آپ کے استاد شیخ نور محمد اگرویہ والا کی کاشت موضع باہو کے رقبہ میں تھی۔ وہاں کے نمبردار مہربان نامی نے ان سے لگان زیادہ طلب کیا۔ وہ آپ کو سفارش کے واسطے اُس کے پاس لے گئے۔ آپ نے ہرچند اس کو سمجھایا مگر مہربان نے تسلیم نہ کیا۔ آپ نے غصہ میں آکر دونوں ہاتھ زمین پر مارے اور بددعا کی کہ خدا تم کو ویران کر دے۔ امرِ الٰہی سے اُسی وقت آسمان سے آگ برسنی شروع ہوگئی، جس سے تمام گاؤں جل کر خاکستر اور ویران ہوگیا۔ (تذکرہ نوشاہیہ)

Marfat.com

فائدہ : آگ کا برسنا قابلِ تعجب نہیں۔ اولیاءُ اللہ کی کرامات سے ایسا ہونا ممکن ہے۔ چنانچہ شیخ سوندھا چشتیؒ کی بد دعا سے ایک رہزنوں کے موضع کو آگ لگ گئی۔ (تذکرہ اولیائے ہند، ج ۲، ص ۱۰۵)

محمد قُلی کا گھوڑے سے گرنا

منقول ہے کہ ایک دن آپ سوار ہو کر شکار کو تشریف لیے جا رہے تھے محمد قُلی بن چودھری ساہن پال تارڑ جو سات سو روپیہ کی قیمتی گھوڑی پر سوار تھا۔ اس نے اپنے فخر و تکبر میں آکر آپ کی گھوڑی کو سخت چابک مارا۔ آپ نے غصہ کی حالت میں اُس پر نگاہ کی۔ اُسی وقت اُس کی گھوڑی یخ پا ہو کر اُلٹی گر پڑی اور مر گئی۔ اس کو بھی سخت چوٹیں آئیں۔ آپ نے فرمایا کہ اب تو کبھی گھوڑی پر سوار نہ ہوگا۔ چنانچہ وہ ایسا مفلس ہو گیا کہ ساری عمر گھوڑی نصیب نہ ہوئی۔ (تذکرہ نوشاہیہ)

فائدہ : بزرگوں کی مخالفت سے بچنا چاہیے ورنہ سزا ضرور ملتی ہے۔ چنانچہ حاکم دیپالپور نے خواجہ فریدالدین گنج شکرؒ سے ایک زمین کے مناقشہ میں مخالفت کی تو گھوڑے سے گر کر اس کی گردن ٹوٹ گئی۔ (تذکرہ اولیائے ہند، ج ۱، ص ۷۳)

مرشد قلی کا ذلیل ہونا

منقول ہے کہ ایک بار مرشد قلی بن چودھری ساہن پال تارڑ نے آپ کی گھوڑی چُرا لی۔ آپ نے واپس طلب کی تو اُس نے دینے سے انکار کر دیا۔ آپ نے فرمایا، آج کے بعد تو کبھی گھوڑی پر سوار نہ ہو سکے گا اور نہ سواری کے قابل رہے گا۔ امرِ الٰہی سے اس کو بواسیر ہو گئی۔ یہاں تک تنگ ہُوا کہ رات کو اُلٹا ہو کر مقعد پر جُوتیاں لگواتا۔ آخر اسی حال میں مر گیا۔ (تذکرہ نوشاہیہ)

اولاد

آپ کی اہلیہ محترمہ قصبہ ایمن آباد (ضلع گوجرانوالہ) کے ایک معزز خاندان سے تھیں۔ اُن کے بطن سے دو بیٹے پیدا ہوئے۔

۱۔ سید محمد تقی المعروف شاہ تقن الملقب بہ تقی الدہر ۲۔ سید ابن یمینؒ

تاریخ وفات

سید رحمت اللہ کی وفات بعمر ایک سو چار سال ۱۱۶۷ھ میں ہُوئی۔ قبر ساہن پال شریف گورستان نوشاہیہ میں ہوئی۔

Marfat.com

قطعہ تاریخ

از حضرت مفتی غلام سرور لاہوریؒ

شد چو رحمت ازیں جہاں پدرود ہست تاریخ آں شہ ابرار

رحمت اللہ ولی رحیم ، نیز رحمت اللہ معدن الانوار

(خزینۃ الاصفیا، ج ۱ ، ص ۲۰۸)

مادہ ہائے تاریخ

۱۔ نور افضل ۲۔ مظہر ایزد ۳۔ واقفِ شریعت ۴۔ خورشید لوائے

سیّد نصرت اللہ محدّثؒ

شہِ نصرت اللہ کہ از یادِ حق
ز ہمزادگاں بُرد گوئے سبق

اوصافِ جمیلہ آپ محبوبِ رب المعبود ، صاحب الفضل والجود ، وارثِ مقامِ محمدی ، واقفِ اسرارِ سرمدی ، قطب الوقت ، امام الصوفیہ تھے۔ علم و حلم و وجد و سماع میں شہرہ آفاق تھے۔ آپ حضرت سید حافظ محمد برخوردار بحر العشق بن حضرت نوشہ گنج بخشؒ کے چوتھے فرزند تھے۔

تاریخِ ولادت آپ کی ولادت ۱۰۶۹ھ میں ہوئی۔ مادۂ تاریخ "خداوندِ تاج" ہے۔

تحصیلِ علوم آپ نے علومِ دینیہ مروجہ کی تعلیم اپنے والد بزرگوار سے پائی۔ ان کے بعد گیلیاں والہ میں علامہ شیخ محمد تقیؒ کے پاس کچھ مدت تک تعلیم پاتے رہے۔ حضرت نوشہ صاحبؒ نے خواب میں اُن کو تاکید فرمائی کہ ہمارے پوتے نصرت اللہ کو اچھی طرح پڑھاؤ۔ اُس دن سے علامہ موصوف آپ کی بہت تعظیم و تکریم کرتے اور کوشش سے پڑھاتے بلکہ کھانا بھی اپنے ساتھ کھلاتے تھے۔ (تذکرہ نوشاہیہ ، ثواقب المناقب)

Marfat.com

صاحبِ کنز الرحمت نے یہ واقعہ حضرت شیخ جمالؒ ساکن گیلیانوالہ کے متعلق لکھا ہے اور ثابت کیا ہے کہ سید نصرت اللہؒ اُن کے پاس تعلیم پاتے رہے۔

بعد ازاں آپ سیالکوٹ میں تشریف لے گئے۔ علمِ حدیث و فقہ و تفسیر کو بدرجہ کمال حاصل کیا اور دستارِ فضیلت پائی۔ (رسالہ احمد بیگ)

بیعت و خلافت

آپ نے بیعتِ طریقت اپنے والد بزرگوار حضرت سید حافظ محمد برخوردار بحر العشقؒ کے ساتھ کی۔ اور خلافت و اجازت سے مشرف ہوئے۔

والد کا منظورِ نظر ہونا

آپ اپنے والدِ اکرمؒ کے نہایت منظورِ نظر تھے۔ چنانچہ جب اُنھوں نے فرزندوں کی شادیاں کیں اور ہر ایک کو علٰحدہ گھروں میں آباد کیا تو آپ کو دوسروں سے اعلیٰ اشیا اور سامان دیا۔ بھینس شیرُدار عطا فرمائی۔ یہ واقعہ سید سعد اللہ حکیمؒ کے حالات میں گزر چکا ہے۔ (تذکرہ نوشاہیہ)

رندوں کی صحبت سے متاثر ہونا

منقول ہے کہ آپ کی چند ملامتیہ رند مشرب فقیروں سے محبت ہو گئی۔ ان کی صحبت و الفت کی وجہ سے آپ پوست کے نشہ کا استعمال کرنے لگے۔ یہاں تک کہ بوزن نو پیسہ نانک شاہی کے ایک وقت میں استعمال کرتے۔ (رسالہ احمد بیگ)

سچی توبہ کا حصول

آخر بزرگانِ طریقت اور آباؤ اجداد کی توجہ سے آپ کو اپنی غلطی اور صحبتِ ناجنس کی شامت کا احساس ہوا تو آپ نے یکبارگی نشہ ترک کر دیا اور سچی توبہ کا مقام حاصل ہوا۔ گزشتہ پر تاسف و حسرت کرتے رہتے۔ اس کے بعد آپ صوفی طبع اہلِ زہد و ریاضت، متشرع، متدین، پارسا ہو گئے۔ اور روز بروز آپ کا کام ترقی پر رہا۔ (رسالہ احمد بیگ)

فیضِ صحبت

بعد میں آپ نے حضرت مرزا احمد بیگ لاہوریؒ صاحبِ رسالہ سے بھی فیضِ کامل پایا۔ علامہ شیخ محمد عابد صداقت کنجاہیؒ تواقب المناقب میں لکھتے ہیں:

تیاں نصرت اللہ در شکست نفس کافر از لشکر — شاہ نصرت اللہ صاحب نے نفس کافر کو

Marfat.com

توجہ میاں احمد بیگ مدد یافت ۔"

شکست دینے کے لیے مرزا احمد بیگ کی توجہ کے لشکر سے مدد پائی ۔

وجد و ذوق

حضرت مرزا احمد بیگ لاہوریؒ اپنے رسالہ الاعجاز الموسوم بہ مقاماتِ حاجی بادشاہ میں لکھتے ہیں کہ ایک مرتبہ ہم دونوں سیالکوٹ میں چند روز اکٹھے رہے ۔ ایک دن شوقِ الٰہی سے آپ کو وجد ہو گیا ۔ بحکم ظنوا المؤمنین خیراً ۔ آپ نے مجھ پر یقین کیا کہ یہ ورد و ذوق آپ کی توجہ سے ہوا ہے ۔ اگرچہ حضور کو ذاتی تاثیر تھی ۔ لیکن مجھ پر اعتقاد کرنا آپ کا کمال تواضع و انکسار و حسنِ عقیدت کا ثبوت ہے ۔

تاثیرِ صحبت

آپ کی مجلس مبارک میں اکثر وجد و تاثیر رہتی تھی ۔ بے شمار مخلوق آپ کے فیضِ صحبت سے مستفیض ہوئی ۔

نقشِ نگین

آپ مُہر کا استعمال کرتے تھے ۔ نقشِ نگین یہ تھا : [فقیر نصرت اللہ]
کئی تحریروں پر آپ کی مُہر ثبت ہے جو مولفِ کتاب ہذا کے پاس موجود ہیں ۔

اولاد

آپ کے تین بیٹے تھے : (۱) سید گل محمد المعروف شاہ گھلا (۲) سید لطف اللہ المعروف شاہ چھلا (۳) سید شہمیرؒ

آپ کی سات بیٹیاں تھیں :

۱ ۔ سیدہ عنایت بانو
۲ ۔ سیدہ ہدایت بانو
۳ ۔ سیدہ مہر بانو
۴ ۔ سیدہ فرزانہ بانو
۵ ۔ سیدہ فیض بانو
۶ ۔ سیدہ مُلک بانو ، منکوحہ میاں منگا ہیلانیؒ
۷ ۔ سیدہ بخت بانو ، منکوحہ سید محمد محسن بن سید سعد اللہ حکیم برخورداریؒ

تاریخ وفات

سید نصرت اللہ کی وفات بعمر ایک سو ایک سال ۱۱۷۱ھ میں ہوئی ۔
قبر ساہن پال شریف گورستان نوشاہیہ میں ہے ۔

Marfat.com

قطعہ تاریخ

از حضرت مفتی غلام سرور لاہوریؒ

رفت از دنیا چو در خُلدِ بریں — نصرت اللہ رہبرِ کون و مکاں

رستمِ عشق است سالش کن رقم — پیرِ نصرت واصلِ کامل بجواں

(خزینۃ الاصفیا، ج ۱، ص ۲۰۸)

مادۂ تاریخ: قاسم بہشت بریں

حضرت سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوانؒ

خاک کوئے عصمت اللہ قبلہ گاہِ عالم ست — طوطیٔ چشم بینا سجدہ گاہِ عالم ست

کوہِ طور از بامِ عالی جنگ با موسیٰ کند — ہم کلامی با خدا بر بامِ شاہِ عالم ست

انتقام تنگ دستی از کشایش مے شود — دستگیر از دست پر تو دستگاہِ عالم ست

بارِ غم بر دوش در منزل پریشاں میروم — سینہ ام شد نقش پا بر سینہ راہِ عالم ست

گر قبولیت ندارم ہست امیدِ درت — بر گنہگار انست تصدیع ہم پناہِ عالم ست

بیکسم بر کس ندارم دعویٰ جز بندگی — زندگی بیکار در من شعلہ آہِ عالم ست

ایں قدر عرض ست باقی نیست عرضِ ما دگر

از شبِ تارم چہ پروا چوں تو ماہِ عالم ست

اوصافِ جمیلہ آپ نورِ شبستانِ وحدت، آفتابِ آسمانِ ہویت، شاہسوارِ میدانِ احدیت، گرم تازِ عرصۂ ربوبیت، شمس العارفین، زبدۃ المقربین، کائن بالحق و بائن عن الخلق، صاحبِ وجد و تواجد و سماع و ذوق و شوق و عشق و محبت تھے۔ فقر میں شانِ بلند و مقاماتِ ارجمند رکھتے تھے۔ آپ حضرت سید حافظ محمد برخوردار بحر العشقؒ بن حضرت نوشہ گنج بخشؒ کے پانچویں فرزند ارجمند تھے۔

نام و لقب آپ کا نام نامی عصمت اللہ، لقب گرامی نوشہ ثانی، حمزہ پہلوان تھا۔

Marfat.com

تاریخِ ولادت آپ کی ولادت باسعادت ۱۲۷۳ھ میں ہوئی۔ مادہ تاریخ "شیخ الاسلام" ہے۔

تحصیلِ علوم آپ نے ظاہری علم کی تحصیل اپنے والد بزرگوار اور عمِ حقیقی سید محمد ہاشم دریادلؒ اور مولوی شیخ نور محمد ساکن اگرویہ، اور علامہ شیخ محمد تقی صاحب ساکن کیلیانوالہ سے پائی۔ قرآن مجید بھی حفظ کیا۔ علومِ منقول و معقول کی سند حاصل کی۔ (تذکرہ نوشاہیہ)

واقعہ بیعت

آپ نے ابتدائی تعلیم روحانیت اپنے والد بزرگوار حضرت سید حافظ برخوردار بحر العشقؒ سے پائی۔ بیعت و خلافت سے مشرف ہوئے۔ باایں ہمہ ابھی تعلیم کو جاری رکھا تھا، شیخ محمد تقیؒ کے پاس کیلیاں والہ میں پڑھتے تھے اُن کا بیٹا میاں مرزا راہِ فقر میں ساعی تھا۔ اُس کو دیکھ کر آپ کا اشتیاق بڑھ گیا۔

مشائخِ نوشاہیہ کے پاس جانا آپ نے حضرت نوشہ صاحبؒ کے خلفا کی خدمت میں جانا شروع کیا۔ پہلے شیخ رحیم داد سلیمانیؒ کے پاس جلوال شریف میں گئے۔ اُنھوں نے نوافل پڑھنے اور روزے رکھنے کی تلقین کی۔ آپ نے کچھ عرصہ اِس طریقہ پر عمل کیا مگر کشایشِ احوال نہ ہوئی۔ پھر آپ نے سفر اختیار کیا۔ نوشہرہ شریف میں حضرت شیخ پیر محمد سچیارؒ کے پاس گئے۔ وہاں سے مطلب حاصل نہ ہوا۔ پھر کنجاہ میں حضرت قاضی رضی الدینؒ کے پاس گئے۔ وہاں بھی تسکین خاطر نہ ہوئی۔ پھر قلعہ رہتاس میں حضرت سید شاہ محمد شہید بچاکریؒ کے پاس گئے اور اپنا مدعا ظاہر کیا۔ انھوں نے فرمایا:

"صاحبزادہ جیو۔ اول بعلم ظاہر کوشید۔ فقر در خانہ شماست کلۃ البصر بشما حاصل خواہد شد۔" (تذکرہ نوشاہیہ)

صاحبزادہ صاحب۔ ابھی علم ظاہر پڑھنے میں کوشش کرو۔ فقر آپ کے گھر میں ہے۔ آنکھ جھپکنے میں آپ کو حاصل ہو جاوے گا۔

چنانچہ آپ واپس چلے آئے۔

سید محمد ہاشم دریادلؒ کا ارشاد آپ کے دل میں ہر وقت بے چینی رہتی تھی۔ ایک دن آپ کی ملالتِ طبع کو دیکھ کر آپ کے چچا جان حضرت

Marfat.com

سید محمد ہاشم دریادلؒ نے فرمایا: بیٹا! اگر راہِ حق کی طلب ہے تو شیخ عبدالرحمٰن کے پاس موضع بھڑی میں جاؤ۔ یہ فرمان سنتے ہی آپ کو ان کا عشق پیدا ہو گیا۔

یارانِ پاک صاحبؒ سے ملاقات

ایک دن اپنے بڑے بھائی سید رحمت اللہ عارفؒ کے ہمراہ اپنے سسرال قصبہ ایمن آباد میں تشریف لے گئے۔ وہاں سے واپسی پر موضع ہرلاں والی میں شیخ برخوردار ہرلؒ کی ملاقات ہوئی۔ وہ حضرت پاک صاحبؒ کے اکابر خلفا میں سے تھے۔ ان کی حالت دیکھ کر، اور ان کی زبان سے اوصافِ رحمانیہ سن کر عشق بڑھ گیا۔ پھر ایک درویش شیخ محمد صادق نام کی ملاقات ہوئی وہ بھی یارانِ پاک صاحبؒ سے تھا۔ اس کا درد و شوق دیکھ کر آپ کا دل بے قرار ہو گیا۔ اور عشق کی آگ تیز تر ہو گئی۔

بھڑی شریف پہنچنا

آپ نے اپنے بھائی صاحب سید رحمت اللہ عارفؒ کو ہرلانوالی سے واپس رخصت کر دیا اور خود حضرت شیخ عبدالرحمٰن پاکؒ کی خدمت میں بمقام بھڑی شریف حاضر ہوئے اور اپنا ارادہ ظاہر کیا۔ انھوں نے ستر احوال کرتے ہوئے فرمایا کہ تم اپنے دادا صاحبؒ کے فقیروں کے پاس جاؤ، سب صاحبِ تاثیر ہیں۔ آپ نے عرض کیا سب کو دیکھ بھال کر آیا ہوں کسی کے پاس میرا حصہ نہیں ہے۔ اب اگر حضور نے بھی ایسا ہی چلایا تو پھر کسی غیر خاندان میں جا کر مرید ہو جاؤں گا۔ آپ جہاں میرا ادب کریں گے میرے پیر کا بھی کریں گے۔ حضرت پاک صاحبؒ بڑے غیور تھے۔ اُن کی غیرتِ طریقت نے یہ گوارا نہ کیا کہ ہمارا مرشد زادہ کسی غیر کے آگے دستِ سوال دراز کرے۔ اس لیے اپنی اہلیہ محترمہ حضرت زُہرہ بیگم اور اپنے بڑے بھائی شیخ الہدادؒ سے مشورہ کیا کہ اب کیا کرنا چاہیے۔ صاحبزادہ صاحب شیر کے بچے ہیں مجھے ان سے خوف آتا ہے۔ ان دونوں نے کہا کہ اگرچہ شیر کے بچے ہیں لیکن ہیں مہربانی کی حالت میں۔ نیز انھیں کے جدامجد کا نور آپ کے پاس ہے۔ اگر کچھ عنایت کر دو تو کوئی حرج نہیں۔ اگر دریا سے ایک مٹکا بھر لیا جاوے تو کیا پانی کم ہو جاتا ہے۔ یا ایک چراغ سے دوسرا چراغ روشن کر لیا جاوے تو اس کے نور میں کمی واقع ہو جاتی ہے؟ یہ باتیں سن کر حضرت پاک صاحبؒ مہربان ہو گئے اور فرمایا، صاحبزادہ صاحب! ہم نے ہر چند ٹالنے کی کوشش کی مگر تم ثابت قدم

Marfat.com

رہے۔ تم بے فکر رہو۔ تمہارا فیض باطنی واقعی ہمارے پاس ہے۔ لیکن اب واپس چلے جاؤ۔ پھر کسی وقت آنا۔ چنانچہ آپ ان کے فرمان کے مطابق واپس چلے آئے۔ گندم کی کٹائی کا موسم تھا پندرہ دن گزرے تھے کہ وہ کام سے پوری فراغت حاصل کرکے دوبارہ بھڑی شریف میں خدمتِ عالیہ میں حاضر ہوئے۔ (تذکرہ نوشاہیہ)

حجرہ میں معتکف ہونا

منقول ہے کہ جب آپ دوبارہ حضرت پاک صاحبؒ کی خدمت میں گئے تو انھوں نے ایک حجرہ میں آپ کو چلہ بٹھایا۔ باہر سے دروازہ مقفل کر دیا۔ روزانہ ایک مرغی ذبح کرکے ایک آشا رکھی اُس میں ڈال کر خوب پکاتے اور گیارہ روٹیوں کے ساتھ اندر بھیج دیتے۔ آپ سب کھانا کھا جاتے۔ رات کو ایک آشا دودھ گرم کرکے شکر ڈال کر آپ کو پلا دیتے۔ اور آٹھ پہر میں صرف فجر کے وقت ایک کوزہ پانی وضو کے واسطے اندر پہنچاتے۔ اسی طرح تین دن گزر گئے۔ تیسرے روز حضرت پاک صاحبؒ نے پوچھا: صاحبزادہ صاحب! تم کو قضائے حاجت کی ضرورت لاحق نہیں ہوتی؟ آپ نے عرض کیا، جناب عالی! سب کچھ اندر ہی جذب ہوتا جاتا ہے۔ حضرت پاک صاحبؒ سن کر بہت خوش ہوئے اور فرمایا: تمہارے اندر اس قدر عشقِ حقیقی کی آگ ہے کہ اس قدر کثیر کھانا اندر ہی جذب ہو چکا ہے اور اُس کا کچھ فضلہ نہیں بنا؛ اور ابھی تم راہِ خدا کی طلب رکھتے ہو۔ (تذکرہ نوشاہیہ)

فائدہ: فقیر شرافت عافاہ اللہ کہتا ہے کہ ابھی تک وہ حجرہ درگاہِ رحمانیہ بھڑی شریف میں موجود ہے اور زائرین اس کی زیارت سے مشرف ہوتے ہیں۔ اکثر بزرگوں کے حجرے اپنے مشائخ کی درگاہوں میں موجود ہیں۔ چنانچہ بابا فرید صاحبؒ کا حجرہ درگاہِ خواجہ قطب صاحب دہلی میں، اور خواجہ نظام الدین اولیا کا حجرہ درگاہ بابا فرید صاحبؒ پاک پٹن میں، اور حضرت نوشہ صاحبؒ کا حجرہ درگاہِ سلیمانیہ بھلوال شریف میں۔ نیز آپ کا طعام کثیر کھا جانا اور اُس کا اندر ہی جذب ہو جانا بہت بڑے تصرف کا نشان ہے اور بزرگان جلیل القدر پر ایسے حالات گاہ بگاہ طاری ہو جاتے ہیں۔ چنانچہ کتاب خلاصۃ العارفین میں ہے کہ حضرت شیخ بہاؤ الدین زکریا ملتانیؒ نے فرمایا ہے کہ میں نے دس سال تک مردوں والا مجاہدہ کیا ہے۔ یعنی روزانہ دس من روٹیاں اور ایک گائے کا گوشت میری غذا تھی۔ وہ

Marfat.com

سب کچھ اندر ہی جذب ہو جاتا تھا۔

بیعت ارشاد چنانچہ حضرت پاک صاحبؒ نے آپ کو اعتکاف پورا ہو چکنے کے بعد بیعتِ ارشاد و تکلیم سے نوازا۔ اور معانقہ کر کے فیض روحانی سے مالا مال کر دیا۔ (تذکرہ نوشاہیہ)

منازلِ فقر کا طے کرنا بیعت کے بعد حضرت پاک صاحبؒ نے آپ کو اپنی خدمت میں رکھا اور روزانہ آپ پر توجہ فرماتے۔ اور مقاماتِ سلوک طے کرواتے۔ حتیٰ کہ چھٹے دن میں مرتبہ فنا فی الشیخ، فنا فی الرسول، فنا فی اللہ سے عبور کرا کے مرتبہ بقا باللہ تک پہنچا دیا اور نصیحت فرمائی کہ اب کچھ عرصہ دنیاوی لذات ترک کر کے کہیں جا کر یادِ الٰہی کرو۔ (تذکرہ نوشاہیہ)

شیخ برخوردار ہرل کے پاس قیام آپ خدمتِ شیخ سے رخصت ہو کر موضع ہرلاں والی میں شیخ برخوردار ہرل کے پاس چلے گئے۔ گاؤں سے باہر ان کے کنوئیں پر مقام کیا۔ شب و روز عبادت و ریاضت میں مصروف رہتے۔ ستائیس ۲۷ دن وہاں قیام کیا۔ پھر خلایق کا ہجوم اطراف و جوانب سے آپ کے پاس آنے لگا جب آپ نے دیکھا کہ لوگوں کی آمد و رفت سے شغلِ باطن میں خلل واقع ہوتا ہے تو وہاں سے چل دیے۔ اسی طرح چند مکان یکے بعد دیگرے تبدیل کیے۔

خلافت کا حاصل ہونا کچھ عرصہ کے بعد حضرت پاک صاحبؒ نے آپ کو اپنے پاس بلا لیا اور خلافت و اجازت سے سرفراز فرمایا اور نصیحت کی کہ اب سیر و سیاحت کو چھوڑ کر اپنے دولت کدہ پر رہو۔ اور وہیں ذکر و فکر میں اشتغال رکھو۔ اور مخلوقِ خدا کی رہنمائی کرو۔ آپ حضرت شیخ کے حکم کے مطابق ساہن پال شریف میں تشریف لائے۔ (تذکرہ نوشاہیہ)

روزینہ غیب جاری ہونا منقول ہے کہ جس وقت حضرت پاک صاحبؒ نے آپ کو رخصت کیا تو دعا فرمائی کہ مصارف ظاہری کے واسطے تم کو سوا روپیہ (۱۲۵) روزینہ درگاہِ الٰہی سے مل جایا کرے گا۔ جب آپ واپسی

Marfat.com

ضع ہرکرن کے پاس سے گزرنے لگے تو وہاں ایک موچی، درویش صاحب باطن جوتیاں
ی رہا تھا۔ اس نے بنظرِ کشفی حالات سے آگاہ ہوکر آپ کو بلا لیا اور کہا: صاحبزادہ صاحب!
رت پاک صاحبؐ نے آپ کو بڑا روحانی بادشاہ ہوتے ہوئے آپ کو دیا کیا، صرف سوا روپیہ،
ڈپونے چار روپے (۴½) ہم نے اپنی طرف سے دیے۔ اب آپ کو پانچ روپے (۵)
ینہ ملا کرے گا، جو آپ کے مصارفِ خانگی کے لیے کافی ہوگا۔ چنانچہ اس کے بعد یہ
ینہ آپ کو ہمیشہ ملتا رہا۔

بلکہ تاحال آپ کی اولاد کو بھی یہ روزینہ ملتا ہے۔ چنانچہ آپ کی اولاد میں سے
سید فضل حسین بن سید غلام حسن ڈھلوالہؒ کہا کرتے تھے کہ اب تک وہ روزینہ ہم کو
رتا ہے۔

جاروب کشیِ درگاہ

منقول ہے کہ آپ جب واپس ساہن پال تشریف لائے تو روزانہ
صبح کے وقت درگاہِ حضرت نوشہ گنج بخشؒ میں جھاڑو دیا کرتے
ں کو دریائے چناب پر جا کر یادِ الٰہی کرتے۔ اور رات کو جنگل وسیع میں ذکر کیا کرتے۔ اور پاؤں
ں جوتی نہیں پہنتے تھے۔ سر پر پانچ گز شرعی دستار اور جسم پر صرف ایک تہبند رہتا تھا۔
ہ سال آپ نے خدمتِ جاروب کشی کو انجام دیا۔ پھر آپ پر تمام باطنی مقامات منکشف
ر گئے۔ (تذکرہ نوشاہیہ)

فتوحاتِ ظاہری کا افتتاح

منقول ہے کہ ابتدائے احوال میں آپ پر غربت و
مسکنت کا دور رہا تھا۔ ایک مرتبہ شیخ پیر محمد سیحار
شہرویؒ درگاہ شریف نوشاہیہ پر آئے۔ آپ نے ان کے آگے اپنی تنگیِ معیشت کا
ذکرہ کیا۔ انھوں نے فرمایا: صاحبزادہ صاحب! میں آپ کے دولت خانہ پر حاضر ہوکر
آپ کے لیے دعا کروں گا۔ چنانچہ وہ آپ کے گھر آئے اور آپ کے حق میں دعا کی، اور
رمایا کہ نعمت باطنی تو آپ کو میرے بھائی شیخ عبدالرحمٰنؒ سے مل گئی ہے اور دولتِ ظاہری
یری طرف سے آپ کو مبارک ہو۔ آپ کا لنگر جاری رہے گا اور کبھی تنگدستی نہ ہوگی۔
چنانچہ اس کے بعد آپ کو دولتِ دنیاوی کی بھی کچھ پروا نہ رہی۔ یہ واقعہ حضور نے خود

Marfat.com

اپنی زبان مبارک سے حضرت شہمیر قلندر لاہوریؒ کے سامنے بیان کیا اور فرمایا کہ ظاہری دولت مجھے حضرت سچیار صاحبؒ سے عطا ہوئی۔ تحایف قدسیہ میں آپ کا ارشاد لکھا ہے:

مرا ایں دولت کہ می بینی مرا شد
زکرم ذاتِ آں مرشد دعا شد

فائدہ: مولف کہتا ہے کہ کئی بزرگوں پر ایسے حالات وارد ہوئے کہ نعمتِ باطنی ایک سے ملی اور نعمت ظاہری کسی دوسرے سے۔ چنانچہ حضرت سلطان المشایخ خواجہ نظام الدین اولیا دہلویؒ پر اوائل میں بہت فاقے آتے تھے۔ ایک روز ایک فقیر دلق پوش آیا اور کھانا مانگا۔ اُنھوں نے ایک ہانڈی جس میں جَو کا آٹا پکایا جا رہا تھا سامنے لا رکھی۔ اُس نے ہاتھ ڈال کر کھایا، جو باقی بچا وہ ہانڈی توڑ دی۔ اور کہا کہ نعمت باطنی تُو نے فریدؒ سے پائی اور فاقہ ظاہری ہم نے توڑ دیا۔ اس روز سے ان کی فتوحات بڑھ گئی۔ (تذکرہ اولیائے ہند، ج ۱، ص ۹۲)

رجوع خلایق اس کے بعد آپ پر ہر طرف سے خلایق کا رجوع ہوا۔ لوگ جوق در جوق آکر فیض یاب ہوتے۔ ایک مرتبہ آپ رہتاس ضلع جہلم میں تشریف لے گئے۔ خلقت کا اس قدر رجوع آپ کی طرف ہوا کہ زیارت کرنے والوں نے شہر کے مصری، پتاسے، قند وغیرہ کل شیرینی ختم کر دی۔ وہاں کے تمام باشندے آپ کے معتقد اور اکثر صاحبِ حال ہو گئے۔ ایک رئیس مہتہ مُنی رام خوجدارِ رہتاس آپ کا مرید ہوا اس نے بڑے اونٹ، گھوڑے، خیمے، تانبے کی دیگیں اور برتن، مال و زر نقد، اور اسبابِ کثیر نذرانہ میں پیش کیا۔ (تذکرہ نوشاہیہ)

لاہور میں شاندار استقبال منقول ہے کہ ایک مرتبہ آپ لاہور میں تشریف لے گئے۔ شیخ عبدالغفور چشتیؒ گھوڑے، اونٹ، ہاتھی، پالکیاں لے کر ہمراہ خلق کثیر پانچ میل آگے سے چل کر استقبال کو آئے اور اپنے مکان پر ڈیرہ کروایا۔ اور اپنے پر اور اپنے تمام اہلِ خانہ پر توجہ کی درخواست کی۔ آپ نے سب پر توجہات فرمائیں اور ان کو فیض سے مالا مال کیا۔ حتیٰ کہ ان کی ایک گیارہ سالہ لڑکی

Marfat.com

بھی توجہ کی تو وہ دوپہر تک بیہوش پڑی رہی۔ لاہور کے بڑے بڑے رؤسا خدمتِ اقدس میں حاضر ہوتے اور فیضیاب ہوتے۔ مثلاً شیخ فتح محمد چشتیؒ اور حکیم سلطان اور حکیم محمد مراد اور حکیم محسن زمان خاں آپ کی توجہ سے سرفراز ہوئے۔ (تذکرہ نوشاہیہ)

جاگیر کے مقدمہ کی روئداد

حافظ محمد برخوردار بحر العشق کی سجادگی

منقول ہے کہ سید العارفین حضرت نوشہ گنج بخشؒ نے اپنی حیاتِ طیبہ میں حضرت پیار صاحبؒ وغیرہ احبابِ طریقت کی التماس پر اپنے بڑے صاحبزادہ حضرت سید حافظ محمد برخوردار بحر العشق کو اپنا ولیعہد و سجادہ نشین مقرر کر دیا اور سب یارانِ نوشاہیہ نے بسر و چشم منظور کر لیا۔ اور اس تقررِ خلیفہ پر سب نے تحسین و مسرت کا اظہار کیا چنانچہ یہ پورا واقعہ مفصل با اسناد طبقہ اوّل میں حافظ بحر العشقؒ کے ذکر میں گزر چکا ہے۔

جب حضرت نوشہ صاحبؒ کی دنیا سے رحلت ہوئی تو جو خادم و مرید دربارِ فیض آثار پر حاضر ہوتا وہ سب انھیں کے آگے نذرانہ ادا کرتا۔ اور جاگیر موضع ٹھٹھہ عثمان و بادشاہ پور فتا بجمعدامی ایک لاکھ تیرہ ہزار ایک سو ساٹھ دام جو عہد شاہجہاں بادشاہ سے مصارفِ درگاہِ نوشاہ عالیجاؒ کے واسطے بطور انعام والتمغا عطا ہوئی تھی۔ وہ بھی انھیں کو پہنچی۔

سید محمد ہاشم دریادلؒ کا ارادہ ہجرت

جب حضرت سید محمد ہاشم دریادلؒ نے دیکھا کہ سجادہ نشینی اور نذر نیاز کے علاوہ جاگیر سے بھی ہمارا کوئی تعلق نہ رہا تو ان کو یہ بات شاق گزری، اور ارادہ کیا کہ ہم ہجرت کر کے مکہ شریف کو چلے جاتے ہیں اور حج کر کے بمع اہل و عیال وہیں رہیں گے اور بقیہ عمر وہیں گزاریں گے۔

(رسالہ احمد بیگ)

حافظ بحر العشق کا سید دریادل پر احسان

حافظ صاحبؒ کو کسی معتمد کے ذریعہ اس ارادہ کا پتہ چل گیا تو وہ سخت مضطرب ہوئے اور اپنے چھوٹے بھائی کی جدائی کو سخت محسوس کیا۔ اس لیے ان کو بلا کر حقیقتِ واقعہ دریافت کی

Marfat.com

انھوں نے سچ سچ بیان کر دیا۔ تو حافظ صاحبؒ چشم پُر آب ہُوئے۔ اور تمام جاگیر سید دریا دلؒ کو سپرد کر دی۔ اور فرمایا: جس طرح چاہو اس کو صرف کرو۔ مگر ہمارے اہل وعیال کا بھی خیال رکھنا۔ چنانچہ انھوں نے اپنی زندگی میں نہایت انصاف سے کام لیا۔

سید محمد سعید دُولا کا جاگیر پر قبضہ

آخر جب دونوں حضرات یکے بعد دیگرے دُنیا سے رحلت فرما گئے تو چونکہ سید دریا دلؒ کے صاحبزادے ابھی خورد سال تھے۔ اس لیے اُن کا خُسر پورہ شیخ نجم الدین جو صاحبزادوں کا حقیقی ماموں تھا۔ وہ ان کے گھر کا اور جاگیر کا متولی رہا۔ اس نے بھی اپنی تولیت میں منصفانہ برتاؤ رکھا۔ آخر جب ان کے فرزند اصغر سید محمد سعید صاحب دُولاؒ جوان ہوئے اور اپنے والد اکرم سید دریا دلؒ کے عہدہ کو سنبھالا تو چونکہ ان کی طبیعت سخت اور مزاج میں تشدد تھا۔ اس لیے چند سالوں کے بعد اپنے عم زاد بھائیوں کو جاگیر سے جواب دے دیا اور خود متصرف ہو کر باقی اولادِ حضرت نوشہ صاحبؒ کو بے دخل کر دیا۔[1]

یہ جاگیر پر قبضہ سنہ ۱۱۲۰ھ میں وقوع میں آیا۔ جیسا کہ شاہی دستاویزات سے ثابت ہوتا ہے ان کی پُوری عبارتیں تیسرے طبقہ میں سید محمد سعید دُولاؒ کے ذکر میں لکھی جاویں گی۔

شاہی عدالت میں استغاثہ کر کے جاگیر کا حصہ حاصل کرنا

جب سید محمد سعید دولا ہاشمیؒ جاگیر پر قابض و خود متصرف ہو گئے تو فرزندانِ حافظ بحر العشقؒ ان سے بطور برادری حصہ طلب کرتے رہے۔ مگر انھوں نے کچھ پروا نہ کی اور نہ حصہ دیا۔ آخر حضرت سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوانؒ نے جب دیکھا کہ نرمی و صلح سے کوئی نتیجہ ظاہر نہیں ہوتا تو آپ نے بمشورۂ برادران سلطان فرخ سیر بادشاہِ وقت کے آگے استغاثہ پیش کر دیا اور اپنی حقوق طلبی کی۔ بادشاہ نے اپنا فرمان مُہر لگا کر نواب قطب الملک کی طرف بھیجا۔ اُس نے سید میر منصبدار کو جو محکمۂ تقسیم کے افسر تھے حکم دیا کہ موقعہ پر جا کر تحقیقات کر کے ان کا فیصلہ کرو۔ چنانچہ سید میر منصبدار قرا اول تقسیم بمع سوار نائب صوبہ کے ساہنپال شریف آئے اور گرد و نواح کے تمام زمینداروں اور مقدمان کو بلا کر واقعہ کی حقیقت سے آگاہ ہوئے اور

---

[1] تذکرہ نوشاہیہ ۱۲

Marfat.com

زمینداروں کے رُوبرد اراضی جاگیر کو تقسیم کرکے نصف حصہ بنام فرزندان سیّد حافظ محمد برخوردار بحرالعشقؒ اور نصف حصہ بنام سیّد محمد سعید دُولا خلف سیّد محمد ہاشم دریا دلؒ درج کیا اور فریقین کو اپنے اپنے حصص پر قبضہ دے دیا۔ اس فیصلہ سے ہمیشہ کے لیے سادات برخورداریہ اور سادات ہاشمیہ کے درمیان سے جاگیر کے متعلق تنازع رفع ہوگیا۔

صلح نامہ کی دستاویز

جس وقت فریقین کے درمیان صلح ہُوئی تو سیّد محمد سعید دُولاؒ نے ایک تحریر لکھ کر ساداتِ برخورداریہ کو دی جس پر اپنا جاگیر پر خود متصرف ہونا اور دوسرے برادران کو بے دخل کرنے کا اقرار کیا اور جو کچھ اس کی آمدنی سے کھا بیٹھے تھے اس کے متعلق اقرار کیا کہ بلا عذر وحیلہ عندالطلب ادا کر دوں گا۔ اس صلح نامہ یا اقرار نامہ کی نقل یہ ہے:

مُہر

محمد فرخ سیر بادشاہ
۸ ۲ ۱۱
غازی سیّد میر فدوی

ترجمہ اقرار نامہ

عرض ازیں بعد آنکہ منکہ شیخ محمد سعید ولد شیخ محمد ہاشم ابن قدوۃ الواصلین حضرت شیخ حاجی محمد مرحوم ام اقرارے نمایم کہ چوں موضع ٹھٹہ عثمان و بادشاہپور رفتا عملہ رسول پور ہیلاں پرگنہ ہرات دوآبہ چنب مضاف صوبہ پنجاب بجمع یک لک سیزدہ ہزار یک صد و شصت دام از عہد حضرت شاہجہاں بادشاہ غازی بعد معروض استحقاق بہ اولادِ حضرت مرحوم مرحمت شدہ بود و من مُقرِّ مذکور خود متصرف شدہ باولادِ حضرت وجہل ندادہ بودم چنانکہ وکیل اخوت پناہ شیخ

عرض یہ ہے کہ منکہ شیخ محمد سعید ولد شیخ محمد ہاشم ولد قدوۃ الواصلین حضرت شیخ حاجی محمد (نوشہ) مرحوم ہوں۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ موضع ٹھٹہ عثمان اور بادشاہپور رفتا جو کہ تپہ رسولپور ہیلاں، پرگنہ ہرات، دوآبہ چنبہ، صوبہ پنجاب میں واقع ہیں۔ اور ایک لاکھ تیرہ ہزار ایک سو ساٹھ دام کی جمع میں حضرت شاہجہاں بادشاہ کے زمانہ سے بموجب استحقاق حضرت (نوشہ صاحب) مرحوم کی اولاد کو عطا ہوئے تھے اور میں مُقرِّ مذکور (شیخ محمد سعید) نے ان پر

Marfat.com

عصمت اللہ وغیرہ پسرانِ شیخ برخوردار ولد
حضرت مرحوم بحضور پُر نور رسیدہ ایں معنی
بعرض اقدس رسانیدہ سند درگاہی ناطق بمہر
نواب قطب الملک آوردہ مطابق دیوان صوبہ
حاصل ساختہ سیادت ورفعت مآب سید میر
منصبدار کرقرا ول تقسیم از حضور فیض گنجور بموجب
دستک بمہر نواب قطب الملک تعین شدہ بود
ونیز پروانہ بنام نائب ناظم دریں مادہ صدار
یافتہ بود خود معہ سوار ناظم صوبہ آمدہ بموجب
حکم محکم تقرار نیک اندر بد بالمناصفہ قسمتِ بحتے
علٰحدہ بہر یک کردہ دادہ و ایشاں برضائے و
رغبتِ خود بر تقسیم مذکور صلح درمیان آوردیم و من
مقرر مذکور نوشتہ میدہم کہ آنچہ سابق ازیں قسمت
بطور خود متصرف شدہ ام برطبق و اصلات
زمینداران مواضعات مذکور بلا عذر وحیلہ عند الطلب
نصف محصول متفرقہ ادا نمایم ۔ بنابراں ایں
چند کلمہ بطریق تمسک نوشتہ دادم کہ ثانی الحال
سند باشد ۔ تحریر فی التاریخ یازدہم رجب
سنہ جلوس والا"

بطورِ خود قبضہ کرکے حضرت کی باقی اولاد کو
بے دخل کردیا ہوا تھا۔ چنانچہ بھائی صاحبان
شیخ عصمت اللہ وغیرہ فرزندان شیخ برخوردار
ولد حضرت (نوشہ صاحب) مرحوم کا وکیل
حضور پُرنور (بادشاہِ وقت) میں پہنچا اور یہ
سارا واقعہ عرض اقدس میں پہنچایا اور سند
درگاہی جو نواب قطب الملک کی مُہر سے مزین
تھی لاکر دیوان صوبہ کے مطابق حاصل کی۔ اور
سیادت ورفعت مآب سید میر منصب دار
جو حضور فیض گنجور (بادشاہِ وقت) کی طرف سے
بموجب نواب قطب الملک کی دستی مُہر کے
تقسیم کا افسر مقرر ہوچکا تھا۔ نیز ایک پروانہ
اسی کام کے متعلق نائب ناظم کے نام بھی
ارسال ہوچکا تھا۔ چنانچہ (سید میر منصب دار)
خود ناظم صوبہ کے ایک سوار کو ساتھ لے کر موقعہ
پر آیا اور بموجب حکم محکم (شاہی کے) ہر ایک چیز
اچھی یا خراب سب کو نصفا نصف کر کے
ہر ایک کو حصہ علٰحدہ کرکے دے دیا اور ہم
لوگوں نے اپنی رضا و رغبت سے اس تقسیم پر
آپس میں صُلح کرلی ہے۔ اور میں مُقرِ مذکور
(شیخ محمد سعید) لکھ کر دیتا ہوں کہ جو کچھ اس
تقسیم سے پہلے میں خود متصرف ہوا ہوں مواضعات
مذکور کے زمینداروں کے واصلات کے

Marfat.com

مطابق نصف آمدنی بغیر کسی عذر کے عند الطلب
ادا کر دوں گا۔ اس لیے یہ چند کلمے بطریق تمسک
لکھ کر دیتا ہوں کہ کسی دوسرے وقت کے لیے
سند رہے۔ تحریر بتاریخ ۱۱ رجب سنہ ۶
جلوس والا۔

ایک غلطی کا ازالہ

اِس واقعہ سے ان لوگوں کو متنبہ ہونا چاہیے جو سید محمد ہاشم دریاولؒ کو گدی نشین سمجھتے ہیں۔ اور ان کے بعد سید محمد سعید دُولاؒ کو سجادہ نشین جانتے ہیں۔ اگر سید دریاولؒ گدی نشین ہوتے تو ان کو ترکِ وطن کا ارادہ کرنے کی کیا ضرورت تھی اور سید محمد سعید صاحبؒ کا بہ اقرار نامہ خود اس بات کا شاہد عادل ہے کہ وہ گدی نشین نہ تھے بلکہ جاگیر پر بلا رضامندی برادران جبراً قبضہ کیا ہوا تھا۔ سجادگی کے یہ شرائط نہیں کہ دوسروں کی حق تلفی کرے۔ اور خود متصرف ہو۔ بلکہ سجادہ نشین وہ ہوتا ہے جس کو والد یا مرشد اپنی رضامندی سے دوسروں سے ممتاز کر کے اپنی جگہ پر نیابت عطا فرما دے۔ جیسا کہ سید حافظ محمد برخوردار بحر العشقؒ خلیفہ ہونے تھے۔ کما ھو فی کنز الرحمت۔ ؎

عطا شد نیابت بہ پسرِ بزرگ
نمودند تحسین بکارِ سترگ

اگر کسی نے سید محمد سعیدؒ کو سجادہ نشین لکھا ہوگا تو محض ان کے وقتی اقتدار کے اعتبار سے لکھ دیا ہوگا کیونکہ جاگیر پر قبضہ ہونے کا عہد اُن کا حاکمانہ عہد تھا۔ اور یہ ظاہر ہے کہ سجادگی علٰحدہ بات ہے اور جاگیر کا قبضہ علٰحدہ بات۔ بوقت تنازع کے سجادگی و خلافتِ درگاہِ نوشاہیہ سادات برخورداریہ کے پاس ہی تھی۔

حقیقی صُلح

اِن واقعات سے یہ اندازہ نہ لگانا چاہیے کہ ان بزرگوں کی آپس میں عداوت تھی۔ ہرگز نہیں۔ غلطی کا ہو جانا انسانی فطرت میں داخل ہے وہ خیالات جو ایک دوسرے کے دلوں میں بیٹھے ہوں گے وہ الفاظ "صلح درمیان آوردیم" سے رفع ہو گئے اور سب بھائی آپس میں یک جسم و یک جان ہو گئے۔ اُن کے اختلاف کو حضرت موسیٰ و ہارون کے اختلاف کی

Marfat.com

طرح ، یا حضرت علی المرتضیٰؓ وطلحہ وزبیر کے اختلاف کی طرح نیکی پر محمول کرنا چاہیے۔ کسی شخص کو حق نہیں کہ ان پر معترضانہ لب کشائی کرے۔

میر عبدالہادی سے جاگیر کا روپیہ وصول کرنا

منقول ہے کہ ایک مرتبہ میر عبدالہادی نام ایک حاکم نے آپ کے مواضعاتِ جاگیر سے مبلغ آٹھ سو تئیس روپے جبراً وصول کر لیے اور لاہور چلا گیا۔ حضرت سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوان برخورداریؒ اور حضرت سید محمد سعید دُولا ہاشمیؒ یعنی دونوں بھائیوں نے بالاتفاق اپنے وکیل کے ذریعہ عدالت لاہور میں استغاثہ کر کے وہ روپیہ واپس لیا۔

اس واقعہ کی نوعیت اس تحریر سے ظاہر ہوتی ہے:

"عنایات یزدانی و تفقدات خلیفہ ربانی شامل حال خیر مآل سیادی و شہامت پناہ۔ بسالت دُ معالی دستگاہ۔ امارت مرتبت خانِ بلند مکان خلد ملکہٗ ابداً باد دیں وِلا وکیل شیخ عصمت اللہ و محمد سعید التماس نمود کہ موضع ٹھٹہ عثمان و بادشاہپور رفتا من اعمال پرگنہ ہرات۔ دوآبہ چونہب تابع صوبہ پنجاب بمجدامی یک لک و سیزدہ ہزار و یک صد و شصت دام از عہد بادشاہ غفران پناہ بہشت آرام گاہ مشمول تفضل دادار متفضل قدس منزلت حضرت شاہجہاں بادشاہ غازی در وجہ انعام و التمغا موکلاں مقرر ست میر عبدالہادی نام کہ نائب حفیظ علی خاں بود باتفاق زمینداران آنجا ہشصد و بیست و سہ روپیہ

خدا تعالیٰ کی مہربانیاں۔ اور بادشاہِ وقت کی نوازشیں۔ سرداری اور دبدبہ والے۔ شوکت اور بلندی والے۔ امارت کے مرتبہ والے۔ خانِ بلند مکان کے حال خیر مآل کے شامل رہیں۔ آپ کا ملک ہمیشہ رہے۔ اس وقت شیخ عصمت اللہ اور محمد سعید کے وکیل نے التماس کی ہے کہ موضع ٹھٹہ عثمان اور بادشاہپور رفتا۔ جو کہ علاقہ پرگنہ ہرات۔ دوآبہ چنیہ صوبہ پنجاب میں واقع ہے۔ اور اس کی جمع ایک لاکھ تیرہ ہزار ایک سو ساٹھ دام ہے۔ بادشاہِ غفران پناہ بہشت میں آرام پانے والے۔ خدا کی دی ہوئی بزرگی والے۔ فضیلت کی پاکیزہ منزلت والے۔ حضرت شاہجہاں بادشاہ غازی کے زمانہ سے انعام اور جاگیر کے طور پر موکلانِ مذکور کے پاس موجود ہے۔ میر عبدالہادی نام نے جو کہ حفیظ علی خاں کا نائب تھا۔ اس علاقہ کے

Marfat.com

بتعدی ازاں موضع وصول کردہ متصرف شدہ والحال او در بلدہ دار السلطنت لاہور قیام دارد ۔ امیدواری ست کہ در باب استردادِ آں بہ آں سیادی و شہامت پناہ میسر شود ۔ ازانجا کہ از روئے سر رشتہ دفتر والا ظاہر شد کہ مواضع مذکور علہ پرگنہ مزبور از عہد حضرت شاہجہاں بادشاہ در وجہ انعام التمغا مومی الیہا مقرر ست و در عہد مبارک نیز بحال ماندہ ۔ لہٰذا انگاشتہ مے آید کہ بغور ایں مقدمہ وارسیدہ بر تقدیر وقوع وجہ متصرفہ حالی را از میر عبدالہادی مذکور بدہانند کہ رافعان بحق خود برسند و مکرر ازیں جہت نالش میان نیاید ۔ ماہ ربیع الثانی سنہ ہشتم از جلوس مقدس و معلّٰی صورت تحریر یافت [1]

زمینداروں کے ساتھ مل جُل کر مبلغ آٹھ سو تئیس روپیہ ان مواضعات سے جبراً وصول کرکے قابض ہوگیا ہے ۔ اور اب وہ دار الحکومت لاہور میں قیام رکھتا ہے ۔ اُمید ہے کہ اُن روپوں کا واپس کروانا ۔ آپ سرداری اور دبدبہ والے کی وجہ سے ہو سکے گا ۔ چونکہ سرکاری دفتر والا کے کاغذات سے ظاہر ہوگیا ہے کہ دیہاتِ مذکور جو علہ پرگنہ مسطورہ میں ہیں حضرت شاہجہاں بادشاہ کے عہد سے انعام والتمغا کے طور پر مسمیان مذکور کے نام پر مقرر ہیں ۔ اور اِس عہد مبارک موجودہ میں بھی بحال ہیں اس لیے لکھا جاتا ہے کہ اس مقدمہ حاضرہ پر غور کرکے مبلغات متصرفہ میر عبدالہادی مذکور سے لے کر حق داروں کو دلادیویں تاکہ رافعان اپنے حق کو پالیں ۔ اور دوبارہ اِس مقدمہ کی نالش درمیان میں نہ آوے ۔ ماہ ربیع الثانی کے اندر سنہ جلوس مبارک میں لکھا گیا ہے ۔

پیش گوئی

منقول ہے کہ آپ کے متعلق سید الاقطاب حضرت نوشہ گنج بخشؒ نے پیشگوئی فرمائی تھی کہ ہمارے پوتوں میں سے ایک مرد ملکِ معرفت کا بادشاہ ہوگا ۔ اگر ہمارے زمانہ میں وہ پیدا ہوتا تو ہم خود اس کی تربیت کرتے ۔ لیکن وہ ہمارے بعد متولد ہوگا ۔ اور کمالاتِ روحانی

---

[1] یہ اصل تحریر سید محمد شریف بن سید محمد عالم ڈھلوال کے گھر میں موجود ہے ۱۲ شرافت

Marfat.com

حاصل کرے گا۔

چنانچہ یہ بشارت آپ کے حق میں پوری ہوئی اور آپ نے معرفت میں بلند مقام حاصل کیا۔

معمولات

آپ شریعت وطریقت کے پورے پورے پابند تھے۔ نماز پنجگانہ، نوافل تہجد بلاناغہ ادا فرماتے۔ تلاوت قرآن مجید، اوراد اُسامہ پڑھنے کا التزام رکھتے۔

دعائے زیارت آپ نمازِ فجر کے بعد تین۳ مرتبہ یہ دعا پڑھا کرتے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَا رَجَائِيْ يَا مُنَائِيْ يَا ثَنَائِيْ يَا غِيَاثِيْ يَا مَلَاذِيْ يَا مُرَادِيْ يَا مَعَاذِيْ يَا دَوَائِيْ يَا شِفَائِيْ يَا كَفَائِيْ اَكْفِنِيْ هَمِّيْ وَاقْضِ حَاجَتِيْ يَا غَفُوْرُ يَا غَفُوْرُ يَا غَفُوْرُ وَاغْفِرْلِيْ خَطِيْئَتِيْ يَوْمَ يُبْعَثُ مَنْ فِي الْقُبُوْرِ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

ف: مولف نے پرانے بیاضوں میں بزرگوں کے ہاتھوں کا لکھا دیکھا ہے کہ جو شخص اس دعا کو روزانہ تین۳ مرتبہ پڑھا کرے اس کو خواب میں خدا تعالیٰ کی زیارت نصیب ہوگی۔ جو شخص گیارہ مرتبہ پڑھے اس کو زیارتِ نبویؐ حاصل ہوگی۔ اس کو اگر جاہل پڑھے تو علم نصیب ہوگا۔ اگر مفلس پڑھے تو دولت مند ہو جائے گا۔ لباس وجگہ پاک ہو اور بصدقِ دل پڑھے۔

وظیفہ توفیق عبادت آپ نماز فرض کے بعد یہ دُعا گیارہ مرتبہ پڑھا کرتے:

"اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْتَعِيْنُ بِكَ عَلٰى طَاعَتِكَ"

ف: مولف کہتا ہے کہ جو شخص یہ دُعا روزانہ پڑھا کرے تو اس کو درگاہِ الٰہی سے عبادت کی توفیق ملتی ہے۔

وظیفہ مجاہدۂ نفس آپ فجر کی سنت اور فرضوں کے درمیان یہ دعا گیارہ مرتبہ پڑھا کرتے:

"اَللّٰهُمَّ قَوِّنِيْ فِيْ سَبِيْلِكَ وَاسْتَعْمِلْنِيْ بِطَاعَتِكَ"

ف: جو شخص یہ دُعا روزانہ پڑھے خدا تعالیٰ اس کو نفس اور شیطان پر غالب کر دیتا ہے۔

وظیفہ دفع بلیات آپ صبح کے وقت یہ بیسواں اسمِ الٰہی ایک سو پانچ مرتبہ پڑھا کرتے:

Marfat.com

یَا رَحِیْمُ کُلِّ صَرِیْخٍ وَّ مَکْرُوْبٍ وَّ غِیَاثَہٗ وَ مَعَاذَہٗ یَا رَحِیْمُ ۔

ف : جو شخص اس اسم کو فجر کے بعد تعداد مذکور پڑھا کرے تو مخلوق اس کی مطیع و فرماں بردار ہوگی ۔ اور تمام بلاؤں اور تکلیفوں اور مشکلوں سے خلاصی پائے گا ۔ دونوں جہان کے مقصود و مطلوب اس کو حاصل ہوں گے ۔ اور اگر کسی معین شخص کے لیے پڑھے گا تو وہ مطیع و مسخر ہوگا ۔

ریاضت و مجاہدہ منقول ہے کہ آپ حد سے زیادہ ریاضت و مجاہدہ کرنے والے تھے ۔ ایک مرتبہ حضرت شیخ عبدالرحمٰن پاکؒ نے آپ کو کسی آیت شریف کا وظیفہ فرمایا کہ دریا میں کھڑے ہو کر چالیس مرتبہ روزانہ پڑھا کرنا ۔ اور چالیس روز تک بلاناغہ اس کا ورد کرنا ۔ آپ جب گھر پہنچے تو وہ آیت آپ کے حافظہ سے اتر گئی ۔ خیال کیا کہ بار بار خدمتِ شیخ میں جانا خلافِ ادب ہے ۔ اور یہ آیت بھی قرآن مجید میں موجود ہے ۔ چونکہ آپ حافظِ قرآن مجید تھے اس لیے دریائے چناب میں کھڑے ہو کر روزانہ چالیس ختم قرآن کرنے لگے ۔ اور یونہی چلہ پورا کیا ۔ اور اس کے کمالات سے بہرہ ور ہوئے ۔

مسئلہ طیّ قرآن مجید مولف کہتا ہے کہ عوام ظاہر بینوں کی نگاہ میں روزانہ چالیس قرآن ختم کرنا طاقتِ انسانی سے بعید ہے ۔ لیکن اولیاء اللہ کے نزدیک یہ کوئی مشکل نہیں ۔ یہ روحانی کمالات و کرامات میں داخل ہے ۔ اور بزرگانِ سلف سے ایسے واقعات منقول ہیں ۔

۱ ۔ بہت سے صحابہ و تابعین سے مروی ہے کہ وہ لوگ ایک رکعت میں قرآن شریف ختم کیا کرتے ۔ بلکہ بعضوں نے مغرب اور عشا کے درمیان چار ختم کیے اور یہ کرامت کی بات ہے ۔ اس میں کچھ اعتراض نہیں ۔ (خیرات الحسان)

۲ ۔ حضرت امام علی المرتضیٰؓ اپنا بایاں قدم رکاب میں رکھتے اور قرآن پڑھنا شروع کرتے اور داہنا قدم رکاب تک پہنچنے سے پہلے پورا قرآن ختم فرما لیتے ۔

۳ ۔ حضرت امام علی المرتضیٰؓ ملتزم سے چل کر بابِ کعبہ تک پہنچنے میں پورا قرآن ختم کر لیا کرتے ۔ (اشعۃ اللمعات شرح مشکوٰۃ)

۴ ۔ علامہ قسطلانیؒ نے ارشاد الساری میں ذکر کیا ہے کہ میں نے ابو طاہر کو دیکھا اور سنا ہے

Marfat.com

کہ وہ رات دن میں دس ختم سے زیادہ پڑھتے۔ اور شیخ الاسلام برہان بن ابی شریف نے کہا کہ وہ رات دن میں پندرہ ختم پڑھتے۔

۵۔ بزرگوں نے دیکھا ہے کہ کعبہ شریف میں ایک بزرگ طواف کی حالت میں قدم قدم پر ایک ختم قرآن لفظاً پڑھتے تھے۔ (تذکرہ اولیائے ہند، ج ۱، ص ۴۸)

۶۔ حضرت خواجہ فریدالدین گنج شکرؒ نے فرمایا ہے کہ ہم طوافِ کعبہ کر رہے تھے ہمارے آگے ایک بزرگ طواف کر رہے تھے۔ جہاں سے وہ قدم اٹھاتے ہم وہاں قدم رکھتے۔ اُنھوں نے پیچھے مُڑکر دیکھا اور فرمایا: فرید! میری یہ کیا متابعت کرتے ہو میری باطنی متابعت کرو۔ میں روزانہ ایک ہزار ختم قرآن کرتا ہوں تم بھی کیا کرو۔ میں نے یہ سُن کر خیال کیا کہ یہ قرآن پر معناً عبور کر لیتے ہوں گے۔ انھوں نے میرے خیال سے آگاہ ہوکر مُڑکر دیکھا اور فرمایا: اے فرید! میں معناً نہیں پڑھتا بلکہ لفظاً لفظاً و حرفاً حرفاً پڑھتا ہوں۔

۷۔ شیخ موسیٰ سدرانیؒ سے منقول ہے کہ وہ رات دن میں ستّر ہزار ختم کرتے تھے۔ (نفحات الانس)

۸۔ حضرت علی مرصفیؒ کے بارہ میں منقول ہے کہ انھوں نے ایک رات میں تین لاکھ ساٹھ ہزار قرآن ختم کیے۔ (میزان الشریعۃ الکبریٰ)

مولوی محمد عبدالعزیز خطیب جامعہ مرنگ لاہور۔ رسالہ زادالآخرۃ فی مسائل الجنازۃ میں لکھتے ہیں کہ علامہ سید عبدالغنیؒ نے حدیقہ ندیہ میں فرمایا ہے:

ولایستبعد هذا علیٰ اولیاء الله تعالیٰ الذین غلبتهم روحانیتهم علیٰ جسمانیتهم والروح من امر الله وامر الله کلمح البصر کما اخبر الله تعالیٰ وعرض کلمات القرآن کلها مع معانیها فی لسان الولی کلمح بالبصر ماهو ببعید والله علیٰ	یہ امر ان اولیاء اللہ کے لیے کوئی مشکل کام نہیں جن کی روحانیت نے ان کی جسمانیت پر غلبہ پالیا ہے اور روح امر الٰہی سے ہے۔ اور امر الٰہی آنکھ جھپکنے کی طرح ہے۔ جیسا کہ حق تعالیٰ نے اس سے خبر دی ہے۔ اور قرآن کے کل کلمات مع معانی کے ولی کی زبان پر آنکھ جھپکنے میں پیش کیے جاتے ہیں۔ اور یہ

Marfat.com

کل شئ قدیر۔ خدا تعالیٰ کے نزدیک کوئی مشکل نہیں۔ وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

اذکار و اشغال آپ ذکر جہر نفی اثبات کا شغل رکھتے اور ذکر ارہ بھی کیا کرتے اور مریدوں کو بھی ذکر ارہ کراتے۔ شغل پاس انفاس بھی معمول تھا۔

اخلاق و عادات

آپ کریم النفس صاحبِ اخلاقِ حمیدہ، نیک اطوار تھے۔ اپنے آباو اجداد کی طرح عشق حقیقی میں رنگین تھے۔

سماع و وجد آپ سماع سنتے تھے۔ اکثر سماع کے وقت آپ کو وجد بھی ہو جاتا تھا۔ اس قدر سکر و مستی کا غلبہ ہوتا کہ گاہ بگاہ وجد کی حالت میں بالاخانہ سے نیچے زمین پر گر پڑتے۔ مگر آپ کو کچھ آسیب عائد نہ ہوتا۔ اگر تنہا آدمی پر نظر فرماتے تو یکبارگی تڑپنے لگتے۔ اور دو تین پہر تک مدہوش رہتے۔ آپ کی آمد و رفت اگرہ میں بہت تھی۔ وہاں کے چھوٹے بڑے سب آدمی آپ کی توجہ سے اہلِ وجد و حال ہو گئے۔ آپ نہایت گرم تاثیر تھے۔ (تذکرہ نوشاہیہ)

ف ؛ مولف کہتا ہے کہ سماع کے وقت خیالات کے جمع ہونے کی وجہ سے توجہ میں زیادہ تاثیر ہو جاتی ہے اور بزرگانِ دین حاضرین کو توجہ سے مست کر دیتے ہیں۔ چنانچہ شیخ عبدالخالق صابری لاہوریؒ بھی سماع کے وقت جس پر نظر ڈالتے وہ مست و بیہوش ہو جاتا۔ (تذکرہ اولیائے ہند ج ۲ ص ۱۱۰)

ضمانت اٹھانا منقول ہے کہ ایک مرتبہ موضع ساہن پال شریف وغیرہ کا خراج چودھری بزرجمہر و اجیر پسران رحمان علی بن ساہن پال تارڑ سے ادا نہ ہو سکا۔ نواب خرد مند خاں فوجدار نے انھیں لاہور میں حوالات کر دیا۔ حضرت سید شاہ عصمت اللہ صاحب برخورداریؒ اور حضرت محمد سعید صاحب ہاشمیؒ نے ان کی حالت پر رحم فرماتے ہوئے چار ہزار پانچسو روپیہ میں ان کی ضمانت اٹھا کر ان کو رہا کروایا۔

Marfat.com

زمینداروں کا بیوفائی کرنا

زمینداران مذکور نے بیوفائی کی۔ اور بجائے اس کے کہ احسان شناسی کرتے الٹا مفرور ہو گئے اور عدالت میں تاریخ معہودہ پر حاضر نہ ہوئے اور نہ روپیہ ادا کیا۔ اس لیے عدالت نے دونوں حضرات ضامن کو لاہور میں گرفتار کر لیا۔ تحایفِ قدسیہ میں ہے: ؎

گریزندہ ھمہ زانجا ز سردار
شدہ در معاملت صاحب گرفتار

پھر عدالت نے آپ دونوں حضرات کا مال و متاع ضبط کر کے ضمانت کا روپیہ وصول کیا۔

زمینداروں کا مخالفت کرنا

جب دونوں حضرات نے ان سے روپیہ طلب کیا تو وہ انکار کر گئے۔ بلکہ مخالفت پر کمربستہ ہو گئے۔ اور حضرات موصوف کی مخالفت میں کوئی دقیقہ باقی نہ چھوڑا۔ اسی کش مکش کے دوران میں حضرت سید عصمت اللہؒ کا تو انتقال ہو گیا۔ بعد میں سید شیر محمدؒ اور سید گل محمدؒ (آپ کے فرزندان) اور سید محمد سعیدؒ کے ساتھ برسرِ پرخاش ہوئے اور نوسو راس گاؤمیش اِن حضرات کی مسمیان عظمت و مصطفےٰ و مدد وغیرہ زمینداروں نے لوٹ لیں۔

عدالت میں استغاثہ کر کے مال واپس لینا

حضرات مذکور نے ہر چند کوشش فرمائی کہ زمینداروں کو ہدایت ہو جاوے اور وہ صلح و آشتی سے مال و زر واپس کر دیں لیکن انھوں نے تسلیم نہ کیا اور مخالفانہ برتاؤ جاری رکھا۔ آخر اِن حضرات نے مجبور ہو کر عدالت لاہور کے بڑے افسر کی طرف اُس کے بھائی سے سفارش نامہ لکھوا کر بطور استغاثہ پیش کیا۔ اس نے زمینداران مذکور کو گرفتار کر کے وہ ضمانت کا روپیہ اور مال مویشی واپس دلوائے۔

سفارش نامہ اس سفارش نامہ کی عبارت یہ ہے۔ بلفظہٖ نقل کی جاتی ہے:

"برادر گرامی قدر ارجمند از جان عزیز	میرے بھائی۔ بزرگ قدر والے۔ جان سے
مہربان من بظہور پیوست کہ بزرجمہر و اجیری	عزیز۔ میرے مہربان ثابت ہوا ہے کہ
وغیرہ زمینداران قریہ صادق پور چک ساہنپال	موضع صادق پور چک ساہن پال کے سکنا

Marfat.com

صوبہ پنجاب از راہِ خدعہ شیخ محمد سعید و شیخ عصمت اللہ مرحوم اولادِ قدوۃ الواصلین حاجی محمد نوشہ قادری قدس سرہٗ را بعوض چہار ہزار و پانصد روپیہ نزد خرد مند خاں فوجدار قصہ اول مال ضامن دادہ گریختند چنانچہ فوجدار مذکور مال و متاع آنہا ضبط نمودہ مبلغ بابت ضامنی را بتعدی از ضامنانِ مذکور گرفتند۔ الحال زمینداران مسطور تن باداے مبلغ مذکور نمیدہند۔ وعظمت چودھری و مصطفےٰ و مدرو وغیرہ نمصدر اس گاؤمیش شیخ محمد سعید و شیخ شیر محمد و شیخ گل محمد ورثہ مرحوم مذکور را بتاراج بردند۔ لہذا انگاشتہ مے آید کہ مبلغ مذکور و مواشی مسطور بمالکان بدہانند کرشاکر باشند۔ والسلام[1]

بزرجمہر اور اجمیری وغیرہ زمینداروں نے فریب اور دھوکا کر کے شیخ محمد سعید اور شیخ عصمت اللہ مرحوم اولادِ قدوۃ الواصلین حاجی محمد نوشہ قادری قدس سرہٗ کو چار ہزار پانچسو روپیہ میں خرد مند خاں فوجدار افسر مال کے پاس ضامن دیا ہے اور خود بھاگ گئے ہیں۔ چنانچہ فوجدار مذکور نے ضامنانِ مذکور پر تعدی کر کے ان کا مال و متاع ضبط کر کے ضامنی کے مبلغات وصول کیے ہیں۔ اب وہ زمیندار مبلغاتِ مذکور ادا نہیں کرتے اور عظمت چودھری اور مصطفےٰ اور مدرو وغیرہ نے شیخ محمد سعید اور شیخ شیر محمد اور شیخ گل محمد وارثانِ (شیخ عصمت اللہ) مرحوم کی نوسو بھینس لوٹ مار کر لی ہے اور تاراج کر کے لے گئے ہیں۔ لہذا آپ کو لکھا جاتا ہے کہ مبلغات مذکور اور مویشیان مسطوران سے لے کر مالکوں کو دلا دیویں تاکہ وہ مشکور ہوں۔ والسلام

شہمیر قلندر لاہوری سے ملاقات

جن ایام میں مقدمہ ضمانت کے دوران میں آپ لاہور تشریف لے گئے، تو حضرت پیار نوشہروی

---

[1] سفارش نامہ کی اصل تحریر سید محمد شریف بن سید محمد عالم کے گھر میں بمقام ڈھل موجود ہے۔
شرافت

Marfat.com

کے خلیفہ صادق حضرت لکھیر المعروف شہیر قلندر کے پاس مقام رکھا۔ اور اُن کی ملاقات سے خوش ہوئے۔ انھوں نے آپ کی خدمات کو اپنی سعادت سمجھا۔ اور نذرانہ بھی پیش کیا۔ آپ نے فرمایا کہ تم قلندر مشرب ہو۔ تمہارے نذرانہ کی ضرورت نہیں۔ لیکن انھوں نے بصد الحاح عرض کی کہ آپ اس ناچیز کا ہدیہ ضرور منظور کریں۔ چنانچہ آپ نے قبول فرمالیا۔ (تحایفِ قدسیہ)

حلیہ اقدس آپ کا رنگ سفید گورا سرخی مائل، لعل آبدار کی طرح چمکتا تھا۔ پیشانی فراخ، ابرو پیوستہ، بینی بلند، رخسار روشن، دانت نہایت سفید، پنڈلیے اور گھٹنے، ریش مبارک پُرانبوہ، آنکھیں موٹی خوبصورت ان میں سرخ ڈورے تھے۔ سینہ چوڑا اسرارِ الٰہی کا خزینہ، کف وسیع، پنجہ مضبوط، انگلیاں دراز اور موٹی، جسم بھارا اور موزوں، قدوقامت بلند اور رعب دار تھا۔ ہر ایک آدمی دیکھ کر مرعوب ہو جاتا تھا۔ (تذکرہ نوشاہیہ)

لباس آپ کا لباس سادہ ہوتا تھا۔ کھدر کا سفید رنگ کرتہ۔ سر پر پانچ گز دستار۔ جسم پر سیاہ کمبل یعنی بھورا استعمال فرماتے۔ (تذکرہ نوشاہیہ)

سجع مہر آپ کی مُہر پر یہ الفاظ کندہ تھے [علیك العصمت یا رحمٰن][1]

اس میں یہ صنعت بھی ملحوظ ہے کہ اپنے نام کے ساتھ اپنے شیخ عبدالرحمٰن صاحب کا نام بھی درج کرایا ہے اور مضمناً خدا تعالیٰ کے مدحیہ الفاظ ہیں۔

کرامات

آپ سے خوارق عادات بکثرت صادر ہوتے تھے۔ کسی شخص نے آپ سے کرامت کے متعلق سوال کیا آپ نے فرمایا کرامت دکھانا ولی اللہ کے نزدیک بالکل ادنیٰ شے ہے۔ اگر کوئی شخص کرامت دیکھنا چاہے تو وہ ہماری جوتی کی نوک سے دیکھ سکتا ہے۔

کشفِ کونی آپ کو کشفِ جلی حاصل تھا۔ لوگوں کے ضمیر پر اطلاع پانا اور دُور دراز کے

---

[1] آپ کی یہ مُہر آجکل سید محمد شریف بن سید محمد عالم برخورداری کے گھر میں بمقام ڈھل موجود ہے۔ میں نے بھی زیارت کی ہے ۱۲ شرافت

Marfat.com

حالات سے مطلع ہونا آپ کو حاصل تھا۔ آپ اپنے دولت خانہ پر بیٹھے ہوئے فریاد کرتے کہ حضرت پاک صاحبؒ اب فلاں جگہ ہیں اور فلاں کام کر رہے ہیں۔ (تذکرہ نوشاہیہ)

گرمیِ عشق آپ میں محبت کی تاثیر اور عشق کی گرمی اس قدر تھی کہ جو شخص آپ کے کوچہ سے گزر جاتا وہ مست و بیخود ہو جاتا تھا۔ اور جو شخص آپ کی گھوڑی کو گھاس ڈالتا وہ بھی وجد سے بیہوش ہو جاتا۔ (تذکرہ)

جسم کا پانی ہو جانا آپ کے برادر زادہ اور داماد سید ابو سعید مرتاض بن سید حافظ جمال اللہ فقیہِ اعظم برخورداریؒ سے منقول ہے کہ ایک دن حضور قرآن مجید کی تلاوت فرما رہے تھے اور میں آپ کو پنکھا ہلا رہا تھا کہ اچانک آپ پر حالت عجیب طاری ہوئی تمام جسم آپ کا پانی ہو کر جوش مارنے لگا اور مثل دُرِ شاہوار کے چمکتا تھا۔ میں نہایت متحیر و متعجب ہوا۔ دو ساعت تک یہ حالت رہی۔ اور میں دست بستہ کھڑا رہا۔ آخر ایک شخص نے آکر دروازہ کھٹکھٹایا تو اُسی وقت آپ کا جسم از سر نو قایم و برقرار ہوا۔ جیسا کہ زمین سے نیا سبزہ اگتا ہے (تذکرہ)

ف: فقیر سید شرافت عافاہ اللہ کہتا ہے کہ اولیاء اللہ پر ایسی حالت کا طاری ہونا ممکن ہے۔ اس کو عالم تنزیہ کا تجلّی کہتے ہیں۔ چنانچہ کئی بزرگوں پر ایسے حالات وارد ہوئے ہیں۔ مثلاً:

۱۔ صاحبِ اقتباس الانوار نے لکھا ہے کہ خواجہ بزرگ اجمیریؒ مراقبہ میں مشغول تھے۔ عالم تنزیہ جسدِ منور پر غالب ہوا تو آپ چالیس روز تک کسی کو نظر نہ آئے۔ (تذکرہ اولیائے ہند، ج ۱، ص ۱۲)

۲۔ ایک سنیاسی فقیر کرامت سے پانی ہو گیا تو پھر حضرت شیخ عبدالقدوس گنگوہیؒ بھی پانی ہو گئے۔ (تذکرہ اولیائے ہند، ج ۲، ص ۵۱)

۳۔ سید احمد رفاعیؒ عشق میں جل کر پہلے خاکستر ہو گئے۔ پھر پانی ہو گئے۔ (تذکرہ اولیائے ہند، ج ۳، ص ۹)

بند دروازوں میں سے اندر آجانا چودھری نجّا و نمبردار ٹھٹھہ عثمان سے روایت ہے کہ ایک دفعہ میں نے سید عنایت اللہ زاہدؒ کے اعضا علیحدہ علیحدہ دیکھے تو واویلا کرنا چاہا۔ ناگاہ دیکھا کہ شاہ عصمت اللہؒ سیاہ گھوڑی پر

Marfat.com

سوار غیب سے تشریف لے آئے اور وہاں آ موجود ہوئے۔ مجھے راز فاش کرنے سے منع فرمایا۔
میں پہلے سے بھی زیادہ حیران ہوگیا کہ آپ گھوڑی سمیت دیواریں پھاند کر کس طرح اندر آ گئے۔
حالانکہ دروازے بھی بند تھے اور مکان بھی مسقف تھا۔ (تذکرہ نوشاہیہ)

مجذوب بنا دینا

منقول ہے کہ جب آپ کی صدائے کشف و کرامت اقصائے عالم میں پہنچی تو دُور دُور علاقوں سے لوگ آ کر فیضیاب ہونے لگے۔ چنانچہ حضرت غوث الاعظمؒ کی اولاد امجاد میں سے سیّد محمد غوث بن سیّد حسن بادشاہ گیلانیؒ پشاور سے چل کر آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر حلقۂ ارادت میں داخل ہوئے اور فیضِ کامل پایا۔ آپ کا اتنا ادب کرتے کہ تین کوس تک پیادہ آتے۔ اور کبھی حضور کے چہرۂ انور کی طرف نہ دیکھا بلکہ آپ کے قدموں پر نظر رکھتے۔ ایک مرتبہ چند دوستوں سمیت حضور میں آئے۔ رخصت کے وقت آپ نے ایسی توجہ فرمائی کہ قصبہ حسن ابدال تک سارے مست و مجذوب اور عشق حقیقی سے سرشار ہی چلے گئے۔ دنیا و مافیہا کی کچھ خبر نہ تھی۔ وہاں جا کر ہوش میں آئے۔ (تذکرہ نوشاہیہ)

شیشہ کا ٹوٹ جانا

صاحبِ تذکرہ نوشاہیہ نے لکھا ہے کہ آپ نے خود فرمایا کہ ایک دن ہمارے دل میں خیال گزرا کہ شیخ نجم الدین کبریٰؒ سے یہ کرامت منقول ہے کہ اگر مٹی کے کچے برتن پر نظر کرتے تو وہ پک جاتا۔ اگر پکے پر نظر کرتے تو وہ ٹوٹ جایا کرتا تھا۔ اس خیال کو مدِ نظر رکھ کر ہم نے ایک شیشہ (بوتل) پر نظر کی جو طاقچہ میں پڑا تھا۔ بمجرد دیکھنے کے وہ ریزہ ریزہ ہو کر گر پڑا۔

تین روز میں سلوک پورا کرانا

منقول ہے کہ ایک شخص نے حضرت پاک صاحب بھڑ والےؒ کے آگے عرض کیا کہ مجھے خدا کا راستہ بتاؤ۔ اُس وقت آپ بھی اس مجلس میں موجود تھے۔ انھوں نے سائل کا کام آپ کے سپرد کر دیا۔ آپ نے اس کو فرمایا کہ کھانا پینا ترک کر کے سات دن تک خلوت گزیں ہو جا۔ اُس نے عمل کیا۔ تین روز کے بعد باہر نکل آیا اور کہا کہ میرا مقصد تین ہی دن میں حاصل ہو گیا ہے۔ آپ نے اس کو ملامت فرمائی کہ اگر تو چار دن اور صبر کر جاتا تو دیکھتا کہ کیسے احوال و مدارج تم پر منکشف ہوتے ہیں۔ (تذکرہ)

ایک پلید قلب کو پاک کرنا

منقول ہے کہ آپ کے مرید حافظ محمد صدیق رہتاسیؒ نے

Marfat.com

عرض کیا کہ میرا بھائی بڑا شریر و بدکار ہے۔ اگر آپ اس پر توجہ فرما دیں تو شاید اس کی حالت سُدھر جائے۔ آپ نے اس پر دو مرتبہ توجہ فرمائی۔ لیکن کچھ اثر ظاہر نہ ہوا۔ آخر تیسری نگاہ میں اس کو تاثیر ہوئی اور زمین پر تڑپنے لگا۔ آپ نے پانی منگوا کر اپنے دونوں ہاتھ دھوئے اور فرمایا کہ اس کا دل نہایت پلید تھا۔ اس کے دھونے اور پاک کرنے سے ہمارے ہاتھ ملوث ہو گئے ہیں۔
(تذکرہ نوشاہیہ)

بے اولاد کو اولاد ہونا

منقول ہے کہ رہتاس میں ایک عورت نے عرض کیا کہ ہمارے ہاں اولاد نہیں ہوتی۔ آپ نے ایک روٹی کے تین ٹکڑے کر کے اس کو دیے اور فرمایا کہ دو حصے تیرا شوہر کھاوے اور ایک حصہ تم کھاؤ۔ جب وہ لے گئی تو دوسری بے اولاد عورتوں نے اس سے چھین کر دو ٹکڑے کھا لیے۔ تیسرا ٹکڑا اُس عورت و مرد نے آدھا آدھا کر کے کھایا۔ امرِ الٰہی سے سب عورتوں کو ایک ایک لڑکا پیدا ہوا اور ان کو توام یعنی جوڑا پیدا ہوا۔

حضرت سید حافظ محمد حیات ربانیؒ "تذکرہ نوشاہیہ" میں لکھتے ہیں "الحال جوان اند و صاحبِ اولاد شدند" یعنی اب وہ لڑکے جوان ہیں اور صاحبِ اولاد ہیں۔

خواب میں بلانا

آپ کے مرید شیخ غلام حسین لاہوریؒ سے منقول ہے کہ میں نے جب پہلے آپ کا نام مبارک سنا تو اشتیاقِ زیارت غالب ہوا۔ پھر خیال کیا کہ جب تک آپ اپنا جمال نہیں دکھائیں گے حاضر نہیں ہوں گا۔ چنانچہ اسی رات فجر کو حضور خواب میں ملے اور فرمایا کہ ہم فقیروں کا کیا دیکھنا ہے۔ آپ کے اس کلام سے میرے دل میں تاثیر ہوئی۔ دوسرے روز لاہور سے روانہ ہو کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ (تذکرہ نوشاہیہ)

مراد منگو کا ہلاک ہونا

منقول ہے کہ آپ کو شیخ برخوردار ہرلؒ کے ساتھ بہت محبت تھی۔ ایک دفعہ ان کو مراد نام منگو کا زمیندار نے حکومت کے غرور سے قید کر لیا۔ آپ ان کو رہا کروانے کے لیے وہاں تشریف لے گئے۔ اس نے نہ مانا۔ آپ نے اس کو بددعا دی کہ تو نے فقرا کی نافرمانی کی ہے تو قتل ہو جائے گا اور تیرا گوشت کتے کھائیں گے۔ چنانچہ اسی طرح ہوا کہ ایک دن مراد نے کسی گاؤں پر چڑھائی کی۔ رات کے وقت دو شخصوں نے آ کر اس کو قتل کر دیا اور اس کا گوشت کتوں کے آگے ڈالا۔ (تذکرہ نوشاہیہ)

Marfat.com

مُرپی قانونگو کا سزا پانا

منقول ہے کہ مُرپی نام قانونگو متوطن میرالی والہ۔ شیخ برخوردار ہرلاج کو تکلیف دیا کرتا تھا۔ ایک دفعہ آپ اس کے پاس گئے اور فرمایا کہ میاں برخوردار فقیر لوگ ہیں۔ ان کے خیال سے باز آجا۔ اُس نے متکبرانہ کہا کہ خدا نے بھی کیسا بے جا کام کیا ہے کہ اس کو فقیر کر دیا ہے۔ حضور کو اس کے کلام سے بے حد غصہ آیا۔ اور فرمایا کہ "فقیر پہاڑ ہوتے ہیں جو شخص ان سے ٹکراتا ہے وہ چُور ہو جاتا ہے"۔ اس نے کہا کہ اگر میں مرگیا تو بھی اولاد کو کہہ جاؤں گا کہ برخوردار کا خیال نہ چھوڑیں۔ آپ نے فرمایا تم نے خوب کیا ہے کہ اولاد بھی یاد دلادی۔ پہلے تیری اولاد مرے گی اور پھر تو مرے گا۔ چنانچہ ابھی تھوڑے ہی دن گزرے تھے کہ حاکمِ وقت نے بغاوت کے جُرم میں پہلے اس کے بیٹوں کو قتل کیا اور پھر اس کو مروادیا۔ (تذکرہ نوشاہیہ)

شریف تارڑ کا خستہ حال ہونا

منقول ہے کہ شریف تارڑ ساکن اگرویہ آپ سے زمین کا لگان زیادہ طلب کرتا۔ آپ نے فرمایا ہم فقیر ہیں ہم سے پورا لو، زیادہ طلب کرنا مناسب نہیں۔ اس نے نہ مانا۔ اور کہا کہ اگر تم فقیر ہو تو میرے ہاتھ خشک کر دو یا جلا دو۔ آپ نے فرمایا کہ ہاتھ خشک کرنے سے کیا بنتا ہے ہم تیری جڑیں خشک کریں گے۔ ابھی چند ہی روز گزرے تھے کہ اس کے لڑکے اور لڑکیاں مرگئیں اور مال و متاع چوروں نے لُوٹ لیا اور خود خراب حالت ہو کر مرا۔ (تذکرہ)

میاں میہوں کا فیض سلب کرنا

منقول ہے کہ ایک مرتبہ حضور بمعہ اپنے چھوٹے بھائی سید حافظ جمال اللہ فقیہ اعظمؒ کے کسی تقریب سے موضع شیخوپور میں تشریف لے گئے وہاں حضرت پیارا صاحب کا خلیفہ میاں میہوں رہتا تھا۔ اُس کا شہرہ عام تھا۔ دُور دُور سے خلایق اُس کے پاس آتیں۔ آپ نے فرمایا کہ اگر اس کا چرچا اسی طرح رہا تو پھر دُوسرے کسی فقیر کا نام کوئی نہیں لے گا۔ اِس کا جھنڈا قلم کرنا چاہیے۔ چنانچہ آپ نے ایک ہی نگاہ سے اس کا تمام فیض سلب کر لیا۔ اُسی دن سے اُس کا شہرہ جاتا رہا۔ اور کوئی سلسلہ فقر آگے جاری نہیں ہوا۔
(تذکرہ نوشاہیہ)

Marfat.com

عملیات

آپ کو عملیات میں بھی کافی دسترس تھی۔ عملیاتِ ذیل آپ کے فرمودہ ہیں:

بارہ نعمتوں کا ملنا ماہِ رجب کے پہلے پنجشنبہ میں چاندی کی انگشتری پر یہ حروف مقطعات نقش کریں اور ہاتھ میں پہنیں۔ اس کی برکت سے تمام مطالب حاصل ہوں گے اور بارہ نعمتیں ملیں گی۔ یہ ہیں:

آلٓمٓ ۔ آلٓمٓصٓ ۔ آلٓرٰ ۔ آلٓمٓرٰ ۔ کٓهٰیٰعٓصٓ ۔ طٰهٰ ۔ طٰسٓمٓ ۔ طٰسٓ ۔ یٰسٓ ۔ صٓ ۔ حٰمٓ ۔ حٰمٓعٓسٓقٓ ۔ قٓ ۔ نٓ ۔

دردِ ہر قسم کے واسطے اگر کسی عضو میں درد ہو تو اس عضو کا نام عربی زبان میں لے کر اس کے ہر حرف کے پہلے ان گیارہ حروف میں سے ایک ایک حرف ضم کر کے لکھیں۔ ا ب ت ث ط ظ ف ک ل لا ی۔ مثلاً اگر دردِ سر ہو تو عربی میں سر کو راس کہتے ہیں۔ تو اس طرح لکھیں: ار بر تر ثر طر ظر فر کر لر لار یر۔ اء یأ تأ ثأ طأ ظأ فأ کأ لأ لاء یأ۔ اس تعویذ کو پاس رکھنے سے درد دفع ہوگا۔

تسخیرِ خلق کے واسطے حروفِ تہجی میں سے بے نقط حروف کو پانسو بار پڑھ کر شکر پر دم کر کے کنویں میں ڈال دے جہاں سے لوگ پانی پئیں۔ مخلوق کا کافی رجوع ہوگا۔ مجرب ہے۔

معترفینِ کمالات

آپ کی توصیف و تعریف میں بزرگوں نے بہت کچھ فرمایا ہے۔ از انجملہ

۱۔ حضرت مولانا حافظ محمد معموری ہیلانیؒ سے منقول ہے کہ سید شاہ عصمت اللہ کے لیے ہم سے لڑکی کا رشتہ طلب کیا گیا۔ لیکن ہم نے نہ دیا۔ بعد میں مجھے خواب میں نظر آیا کہ شاہ عصمت اللہ کا مرتبہ حضرت سید محمد ہاشم مدیادلؒ جتنا ہوگا بلکہ نوشاہ ثانی ہوں گے۔ اس کے بعد ہم کو

Marfat.com

حسرت رہی کہ ہم نے کیوں رشتہ نہ دیا۔ (تذکرہ نوشاہیہ)

۲۔ حضرت سید محمد غوث گیلانی لاہوریؒ نے اپنے رسالہ تصوف یعنی اسرار الطریقت میں آپ کی تعریف ان الفاظ میں کی ہے اور اپنا مستفیض ہونا بیان کیا ہے،

"نسبت جذبہ غالب داشتند۔ گاہے در وقتِ سماع توجہ میکردند و بحضار اثر از حرکت قلب یا رقت و گریہ میشد از صحبت ایشاں متاثر اکثر شدم و رقت اکثر در مجلس ایشاں میشد۔ اگرچہ حرکتِ قلب سابق ہم بسیار بود اما گریہ و درد از صحبت ایشاں بسیار شد۔"

آپ جذبہ کی نسبت غالب رکھتے تھے۔ اور کبھی سماع کے وقت توجہ کرتے تھے تو حاضرین پر دل کی حرکت یا نرمی اور رونے کا اثر ہوتا تھا آپ کی صحبت سے میں بہت متاثر ہوا۔ آپ کی مجلس میں اکثر رقت ہوتی تھی۔ اگرچہ حرکتِ قلب مجھے پہلے بھی بہت تھی مگر رونا اور درد آپ کی صحبت سے بہت زیادہ ہوگیا۔

اولادِ کرام

آپ کی اہلیہ محترمہ قصبہ ایمن آباد ضلع گوجرانوالہ کے ایک معزز گھرانہ سے تھیں۔ انہیں کے بطن سے اولاد ہوئی۔

آپ کے تین بیٹے تھے: ۱۔ سید شیر محمدؒ ۲۔ سید گل محمدؒ

۳۔ سید محمد عظیمؒ

آپ کی ایک صاحبزادی بھی تھیں جن کا نکاح اپنے برادر زادہ سید ابو سعید مرتاض بن سید حافظ جمال اللہ فقیہ اعظمؒ سے کر دیا تھا۔

یارانِ طریقت

آپ سے بے شمار مخلوقِ خدا مستفیض ہوئی۔ آپ کے خواص یاروں کے نام کتاب تذکرہ نوشاہیہ اور مناقبات نوشاہیہ سے لکھے جاتے ہیں:

۱۔ سید محمد سلطان المعروف شاہ سلطان بن سید سعد اللہ حکیمؒ، برادر زادہ آنجناب ساہن پال شریف

Marfat.com

۲۔ سید شاہ نظام بن سید سعد اللہ حکیم برخورداریؒ	برادر زادہ آنجناب	ساہن پال شریف
۳۔ سید محمد منتھو بن سید سعد اللہ حکیم برخورداریؒ	〃	〃
۴۔ سید محمد تقی المعروف شاہ تقن بن سید رحمت اللہ عارفؒ	〃	〃
۵۔ سید ابن یمین بن سید رحمت اللہ عارف برخورداریؒ	〃	〃
۶۔ سید صبغۃ اللہ بن سید ابن یمین برخورداریؒ	〃	〃
۷۔ سید گل محمد المعروف شاہ گھلا بن سید نصرت اللہ محدثؒ	〃	〃
۸۔ سید لطف اللہ المعروف شاہ پھلا بن سید نصرت اللہ محدثؒ	〃	〃
۹۔ سید شہمیر بن سید نصرت اللہ محدث برخورداری	〃	〃
۱۰۔ سید شیر محمد بن سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوانؒ	فرزند آنجناب	〃
۱۱۔ سید گل محمد بن سید شاہ عصمت اللہؒ	〃	〃
۱۲۔ سید محمد عظیم المعروف عظیم شاہ بن سید عصمت اللہؒ	مدفون ڈھماوا	〃
۱۳۔ سید ابو سعید مرتاض بن سید حافظ جمال اللہ فقیہ اعظمؒ	برادر زادہ آنجناب	〃
۱۴۔ سید حافظ محمد حیات ربانی بن سید حافظ جمال اللہؒ	〃	〃
۱۵۔ سید ہیبت شاہ شہید بن سید محمد سعید دولہا ہاشمیؒ		〃
۱۶۔ سید محمد ابا ہیم المعروف براہم شاہ بن سید محمد سعید ہاشمیؒ		〃
۱۷۔ سید عبد الرسول بن سید محمد سعید ہاشمیؒ		〃
۱۸۔ سید فقیر اللہ بن سید محمد سعید ہاشمیؒ		〃
۱۹۔ سید سلطان محمد بن سید محمد سعید ہاشمیؒ		〃
۲۰۔ شیخ عبد الجلیلؒ	آپ کا ہمشیرزادہ	〃
۲۱۔ چودھری عبد الواحد بن محمد قلی تارڑ		〃
۲۲۔ چودھری شادمان بن مصب علی تارڑ		اگرویہ
۲۳۔ میاں اسلام فقیر قوم تارڑ		〃
۲۴۔ شیخ نور محمد نجارؒ		〃

Marfat.com

۲۵۔ شیخ سید فقیرؒ — جوکالیاں
۲۶۔ شیخ نانک بافندہؒ — گجرات
۲۷۔ شیخ عبدالکریمؒ — سداکنبو، سرگودھا
۲۸۔ شیخ عبدالرحیمؒ — سداکنبو
۲۹۔ حافظ ادریس صاحبؒ — 〃
۳۰۔ شیخ محمد زمان دولا بن شیخ ابراہیمؒ نواسہ پاک صاحبؒ — بھڑی شاہ رحمان
۳۱۔ شیخ فیض بخشؒ — ایمن آباد
۳۲۔ شیخ درگاہی صاحبؒ — ایمن آباد
۳۳۔ شیخ محمد غوث بن سید حسن بادشاہ گیلانی پشاوریؒ — لاہور
۳۴۔ شیخ عبدالغفور چشتی — لاہور
۳۵۔ شیخ فتح محمد چشتیؒ — لاہور
۳۶۔ حکیم سلطان صاحبؒ — 〃
۳۷۔ حکیم محمد مرادؒ — 〃
۳۸۔ حکیم محسن زماں خاںؒ — 〃
۳۹۔ شیخ غلام حسینؒ — 〃
۴۰۔ شیخ عبدالکریمؒ — 〃
۴۱۔ میاں گولا قوالؒ — 〃
۴۲۔ میاں بولا درزیؒ — رہتاس
۴۳۔ میاں الہداد درزیؒ — رہتاس
۴۴۔ میاں خوشحال درزیؒ — 〃
۴۵۔ میاں بدھوؒ — 〃
۴۶۔ سید انور صاحبؒ — 〃
۴۷۔ حافظ محمد صدیق افغانؒ — 〃
۴۸۔ حافظ محمد مخدوم متعلمؒ — 〃
۴۹۔ آغا بداغ بیگؒ — 〃
۵۰۔ میر محمد تقیؒ — پشاور
۵۱۔ شیخ علی فقیر — پشاور
۵۲۔ حاجی یار بیگؒ — جلال آباد، افغانستان
۵۳۔ شیخ حاجی صاحبؒ — سہیلہ
۵۴۔ سید نور اللہؒ — سامانہ، ریاست پٹیالہ
۵۵۔ شیخ بیگ مجنوںؒ — اٹاوہ۔ ہندوستان
۵۶۔ شیخ محمد کالے صاحبؒ
۵۷۔ میاں احمد فقیرؒ
۵۸۔ شیخ امام علی شاہؒ
۵۹۔ شیخ لال شاہؒ
۶۰۔ شیخ مراد علیؒ
۶۱۔ مرزا جلال بیگؒ
۶۲۔ بی بی معروفہ صاحبہؒ
۶۳۔ بی بی دولتی صاحبہؒ گجراتی
۶۴۔ مہتہ ممنی رام فوجدار رہتاسی

Marfat.com

زیارت فیض بشارت مولفِ کتاب ہذا فقیر سید شرافت عفا اللہ عنہ کو خواب میں آپ کی زیارت کا شرف حاصل ہوا ہے۔ آپ نے میری طرف نگاہِ شفقت سے دیکھا۔

تبرکات آپ کے جسم مبارک کے کپڑے اور مُہر مبارک آپ کی اولاد میں سے سید محمد شریف بن سید محمد عالم برخورداری کے گھر میں بمقام ڈھل متصل سرائے عالمگیر ضلع گجرات موجود ہیں۔ میں بھی زیارت سے مشرف ہوا ہوں۔

مدحیات

آپ کی مدح و توصیف میں کئی بزرگوں نے نظمیں لکھی ہیں۔ یہاں صرف اپنی ایک غزل لکھتا ہوں۔

شاہِ شاہاں قطبِ دوراں عصمت اللہ شاہ پیر — مخزنِ اسرارِ یزداں عصمت اللہ شاہ پیر
آفتابِ برجِ عصمت اخترِ اوجِ فلک — خازنِ جنت گلستاں عصمت اللہ شاہ پیر
مطلعِ انوارِ قادر رہنمائے سالکاں — سائرِ توحید و عرفاں عصمت اللہ شاہ پیر
قبلۂ اربابِ دانش کعبۂ قدوسیاں — نائب و مختارِ سبحاں عصمت اللہ شاہ پیر
زینتِ اوراقِ اشجارِ جناں شد اسمِ او — مقتدائے حور و غلماں عصمت اللہ شاہ پیر
شد علا از نزدِ حق نقشش چو حمزہ پہلوان — فقر ازاں ہست سلطاں عصمت اللہ شاہ پیر
از شرافت بیشتر باد اشنا و صد سلام — بر مزارِ پیر پیراں عصمت اللہ شاہ پیر

واقعہ وفات

آپ چودھری بزرجمہر و اجمیر پسران رحمان قلی تارڑ کی ضمانت کے مقدمہ میں لاہور تشریف لے گئے۔ جیسا کہ یہ واقعہ پیچھے گزر چکا ہے۔ وہاں حضرت شمیر قلندرؒ سے ملاقات کی اور ان کو فرمایا کہ تم میرے لیے استخارہ کرو۔ میرا ارادہ ہے کہ یا تو حج کو چلا جاؤں یا دہلی کی سیر کروں۔ ان میں سے میرے لیے کون سا سفر اچھا ہے۔ صبح کو قلندر صاحبؒ نے فرمایا کہ جناب عالی آپ کہیں بھی نہ جاویں حضور کا

Marfat.com

وقتِ وصال قریب ہے۔ واپس تشریف لے جاویں۔ چنانچہ آپ واپس ساہن پال شریف آ گئے اور تھوڑے ہی عرصہ کے بعد دنیا سے انتقال ہوگیا۔ (تحایف قدسیہ)

سجدہ میں انتقال آپ ایک روز شام کی نماز ادا کر رہے تھے۔ دو رکعتیں آپ نے کھڑے ہو کر پڑھیں تیسری رکعت کے سجدہ میں گئے تو آپ نے بلند آواز سے نعرہ لگایا ھُوْ۔ اور جان بحق تسلیم کی۔ (تذکرہ)

ف ؛ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے آخری وقت میں نماز کی تاکید فرمائی تھی الصلوٰۃ الصلوٰۃ وما ملکت ایمانکم (نماز پڑھنا۔ نماز پڑھنا۔ غلاموں سے احسان کرنا) آپ نے حضور نبی کریمؐ کے فرمان پر عمل کر کے دکھایا کہ نماز پڑھتے ہوئے جنت الفردوس کو سدھارے۔

نیز اولیاء اللہ میں سے کئی خواص کو یہ منصب حاصل ہوا ہے۔ چنانچہ حضرت شیخ حمزہ دھرسوؒ کی وفات بھی نمازِ مغرب کی تیسری رکعت کے سجدہ میں ہوئی تھی۔ (تذکرہ اولیائے ہند، ج ۲ ص ۶۷)

تاریخ وفات شاہ عصمت اللہ[1] کی وفات منگلوار کی رات۔ وقت نماز شام۔ بارھویں رجب ۱۱۳۷ھ مطابق انیسویں ماہِ چیت سمت ۱۷۸۱ب کو ہوئی۔ مرقد منور ساہنپال شریف، گورستانِ نوشاہیہ میں ہے۔

کتبہ مزارِ اقدس آپ کا مزار پہلے خام تھا ۱۲۷۱ھ میں اولاد نے پختہ سنگِ مرمر سے بنوایا جس پر یہ کتبہ لگا ہے:

"بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ لا الٰہ الا اللہ محمدٌ رسول اللہ۔ آخری آرام گاہ قدوۃ السالکین امام العارفین حضرت شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوان فرزند پنجم و خلیفہ اکرم حضرت حافظ شاہ محمد برخوردار بحر العشق علوی عباسی قادری نوشاہی قدس اسرارہما۔ تاریخ وصال شب سہ شنبہ بوقت نماز شام بتاریخ دوازدہم رجب ۱۱۳۷ھ۔

---

[1] حضرت سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوان کا کچھ ذکر شریف التواریخ کی تیسری جلد موسوم بہ تذکرۃ النوشاہیہ کے دوسرے حصہ لطایف الاخیار نام میں بھی لکھا جائے گا۔ شرافت

Marfat.com

قطعہ تاریخ

زعالم شد چو در خلدِ معلّٰی جناب شیخ صادق عصمت اللہ
زول جسّتم چو سالِ ارتحالش خرد فرمود عاشق عصمت اللہ

بنا کردہ صاحبزادہ محمد شریف صاحبزادہ الطاف حسین صاحب اولادِ حضور رحمۃ اللہ علیہ
در ۱۳۷۱ھ

مادہ ہائے تاریخ:

۱۔ آیت شریف ذٰلک الفوز الکبیر ۲۔ خاتم الاولیا بودہ
۳۔ دریائے افضال ۴۔ معروف خلایق

حضرت سید حافظ جمال اللہ فقیہ اعظمؒ

جناب جمال اللہ خاص الٰہ
نبودے ز ذکرش جدا ہیچ گاہ

آپ عمدہ اولیائے زماں، قدوۂ اصفیائے دوراں، شہبازِ اوجِ فتوت،

اوصافِ جمیلہ شہسوارِ میدانِ مروّت، نتیجۃ الاقطاب، سفینۃ الاحباب، رضی العالم، غوث الامم تھے۔ صاحبِ ذکر و فکر و وجد و سماع تھے۔ آپ حضرت سید حافظ محمد برخوردار بحر العشق بن حضرت نوشہ گنج بخشؒ کے فرزند ششم یعنی سب سے چھوٹے بیٹے اور مرید و خلیفہ اعظم تھے۔

تاریخ ولادت آپ کی ولادت ۱۰۷۱ھ میں ہوئی اور اپنے والد صاحب اور دیگر اساتذہ کرام سے تعلیم و تربیت پائی اور علم و فضل میں کمال ہوئے۔

مادۂ تاریخ ولادت "محیطِ اعظم"۔

تبلیغی سفر آپ ایک مرتبہ تبلیغِ اسلام اور ترویجِ سلسلہ قادریہ نوشاہیہ کی خاطر جہان آباد کی طرف تشریف لے گئے۔ بہت مخلوق کو اپنے باطنی فیض سے سیراب کیا۔ جس شخص پر نظرِ توجہ ڈالتے وہ مست بادہ الست ہو جاتا۔ آپ بڑے صاحبِ باطن

Marfat.com

اور اہلِ تاثیر تھے۔

اولاد کے حق میں دُعا

آپ شریعت و طریقت و حقیقت و معرفت میں کامل اکمل تھے۔ ظاہری و باطنی علوم سے بہرہ مند تھے۔ علم کا شوق ہر دم تازہ تھا جب آخری مرض میں بیمار ہوئے تو آپ نے اولاد کے حق میں دعا مانگی کہ اے مولیٰ کریم عزاسمہٗ میری اولاد میں قیامت تک علم جاری رکھنا۔ چنانچہ آپ کی دعائے مستجاب کی بدولت آج تک آپ کی اولاد سے بڑے بڑے مشاہیر علّامہ اور حفّاظ اور مشایخ ہوتے چلے آئے ہیں۔

آپ کے مفصل حالاتِ زندگی میں نے کتاب مآثر الجمال میں لکھے ہیں۔ نیز آپ کے کرامات و مقامات طبقہ اوّل میں مستقل طور پر لکھے جا چکے ہیں۔ یہاں ترتیبِ نسب کے لحاظ سے مختصر تذکرہ کر دیا ہے۔

اوراد و وظایف

آپ کی کتاب حقایق الآثار سے ثابت ہوتا ہے کہ آپ مندرجہ ذیل وظایف پڑھا کرتے تھے۔

(۱)

دعائے طہارت

اَللّٰھُمَّ طَھِّرْ لِسَانِیْ مِنَ الْکَذِبِ وَقَلْبِیْ مِنَ النِّفَاقِ وَعَمَلِیْ مِنَ الرِّیَاءِ وَبَصَرِیْ مِنَ الْخِیَانَۃِ فَاِنَّکَ تَعْلَمُ خَائِنَۃَ الْاَعْیُنِ وَمَا تُخْفِی الصُّدُوْرُ یَا سَیِّدَ السَّادَاتِ وَیَا عَالِمَ السِّرِّ وَالْخَفِیَّاتِ وَیَا مُجِیْبَ الدَّعَوَاتِ وَیَا مُنْزِلَ الْبَرَکَاتِ وَیَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ وَیَا سَامِعَ الدُّعَآءِ وَیَا لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

(۲)

دعائے حاجت روا

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ بِعِزَّتِکَ وَقُدْرَتِکَ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ بِحَقِّکَ وَرَحْمَتِکَ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ فَرِّجْ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

(۳)

دعائے عقبیٰ

اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ حَمْدًا وَّ لَکَ الشُّکْرُ وَلَکَ النِّعْمَۃُ وَلَکَ الْعَظَمَۃُ وَلَکَ الْعَشِیْرَۃُ وَلَکَ الْکِبْرِیَآءُ وَلَکَ السُّلْطَانُ وَلَکَ الْاِمْتِنَانُ

Marfat.com

وَلَكَ الْمَهَابَةُ وَلَكَ الْاِجَابَةُ يَا اَللّٰهُ يَا اللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا مَلِكُ يَا
قُدُّوْسُ يَا سُبُّوْحُ يَا فَرْدُ يَا اَحَدُ يَا صَمَدُ يَا قَادِرُ يَا مُقْتَدِرُ يَا مَرْزَاقُ يَا فَتَّاحُ يَا عَلِيْمُ
يَا قَابِضُ يَا بَاسِطُ يَا مُعِزُّ يَا مُذِلُّ يَا سَمِيْعُ يَا بَصِيْرُ يَا حَكِيْمُ يَا عَدْلُ يَا لَطِيْفُ يَا خَبِيْرُ
يَا حَلِيْمُ يَا عَظِيْمُ يَا غَفُوْرُ يَا شَكُوْرُ يَا عَلِيُّ يَا حَفِيْظُ يَا جَلِيْلُ يَا كَرِيْمُ يَا رَقِيْبُ يَا مُجِيْبُ
يَا وَاسِعُ يَا حَكِيْمُ يَا وَدُوْدُ يَا مَجِيْدُ يَا بَاعِثُ يَا شَهِيْدُ يَا حَقُّ يَا حَقُّ يَا اللّٰهُ يَا اَللّٰهُ
يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا رَحِيْمُ يَا مُغِيْثُ يَا مُغِيْثُ بِرَحْمَتِكَ اَنْتَ تَعْلَمُ سِرِّيْ وَ
عَلَانِيَتِيْ فَاقْبَلْ مَعْذِرَتِيْ وَتَعْلَمُ حَاجَتِيْ فَاغْفِرْ لِيْ ذُنُوْبِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ
فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ اَللّٰهُمَّ اِنَّ هٰذَا خَلْقٌ جَدِيْدٌ وَاِنَّكَ قَدِيْمٌ وَاِنَّكَ عَلٰى مَا تَشَآءُ
قَدِيْرٌ۔ اَللّٰهُمَّ هٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ وَّ مِلْحٌ اُجَاجٌ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ مَغْفِرَتَكَ وَرِضْوَانَكَ
لِلسَّائِلِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

(۴)

دعائے جامع

عَدَدْتُ لِكُلِّ هَوْلٍ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلِكُلِّ هَمٍّ وَّ
غَمٍّ مَا شَآءَ اللّٰهُ كَانَ وَلِكُلِّ كَرْبٍ لَازِمٍ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ
الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ وَلِكُلِّ ذَنْبٍ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَلِكُلِّ ضِيْقٍ حَسْبِيَ اللّٰهُ وَلِكُلِّ مُصِيْبَةٍ اِنَّا لِلّٰهِ
وَلِكُلِّ عَجْوَةٍ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَلِكُلِّ نِعْمَةٍ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ مَا مِنْ نِعْمَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ وَلِكُلِّ
رَضَاءٍ اَلشُّكْرُ لِلّٰهِ وَلِكُلِّ قَضَاءٍ وَّقَدْ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ وَلِكُلِّ طَاعَةٍ وَّ مَعْصِيَةٍ
لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلِكُلِّ رَهْبَةٍ وَّ رَغْبَةٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ
مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

اولاد

آپ کا نکاح مولانا حافظ شکر اللہ حنفی مفتی قصبہ کچہ چھٹہ (ضلع گوجرانوالہ) کی صاحبزادی سے ہوا تھا۔ ان کے بطن سے دو بیٹے پیدا ہوئے:

۱۔ سید ابو سعید مرتاض رح

۲۔ سید حافظ محمد حیات ربانی مصنف کتاب تذکرہ نوشاہیہ

یارانِ طریقت آپ کے یارانِ طریقت کے اسماء گرامی پہلے طبقہ میں گزر چکے ہیں

Marfat.com

تاریخ وفات

سید حافظ[1] جمال اللہؒ کی وفات منگوار کی رات، وقت نماز شام، بارھویں ربیع الثانی ۱۱۴۲ھ میں ہوئی۔ مزار مبارک ساہن پال شریف، گورستانِ نوشاہیہ میں درگاہِ عالیہ سے مغربی جانب چبوترہ پر پختہ بنی ہوئی ہے۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

قطعۂ تاریخ

از حضرت سید حافظ محمد حیات ربانی مصنف تذکرہ نوشاہیہ

از وفاتش بے سرو بے پا شدند علم و کرم و فیض و فضل و فقر و صبر

(ل - ر - ی - ض - ق - ب)
۲ ۴ ۱ ۱

مادہ ہائے تاریخ:

۱۔ آیت شریف انا کذٰلک نجزی المحسنین ۱۱۴۲ھ

۲۔ فضل کبیر ۱۱۴۲ھ

۳۔ امرِ قضا ۱۱۴۲ھ

۴۔ تسبیح خوان ۱۱۴۲ھ

۵۔ مردِ خردمند ۱۱۴۲ھ

---

[1] حضرت سید حافظ جمال اللہ فقیہِ اعظمؒ کا کچھ ذکر شریف التواریخ کی تیسری جلد موسوم بہ تذکرۃ النوشاہیہ کے دوسرے حصہ لطایف الاخیار نام میں بھی لکھا جائے گا۔ شرافت

Marfat.com

باب چہارم

اس میں ان بزرگوں کے ذکر ہیں جو حضرت نوشہ صاحبؒ سے چوتھی پشت ہیں۔

سید شاہ نظامؒ

آپ سرگروہ صوفیہ کرام۔ مقبول درگاہِ ذوالاکرام۔ صاحبِ صبر و شکر و قناعت تھے۔ آپ سید سعد اللہ حکیم بن سید حافظ محمد برخوردار بحر العشق نوشاہیؒ کے بڑے بیٹے تھے۔ بیعت و خلافت اپنے عم حقیقی سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوان برخورداریؒ سے رکھتے تھے[1]

آپ حلیم الطبع، خوش خلق، فقیر کامل تھے۔ خوارق و کرامات کا ظہور آپ سے ہوتا تھا۔

ازواج آپ کی اہلیہ کا نام سیدہ ناظرہ بانو بنت سید عنایت اللہ زاہد برخورداریؒ تھا، جو آپ کے چچا کی بیٹی تھیں۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔

اولاد آپ کے تین بیٹے تھے: ۱۔ سید فتح اللہؒ ۲۔ سید عطاء اللہؒ ۳۔ سید امان اللہؒ

وفات: ۱۱۵۱ھ

سید شاہ سلطانؒ

آپ کا اصلی نام محمد سلطان تھا۔ آپ سید سعد اللہ حکیم بن سید حافظ محمد برخوردار

---

[1] مناقبات نوشاہیہ

[2] حضرت سید شاہ نظامؒ کا کچھ ذکر شریف التواریخ کی تیسری جلد موسوم بہ تذکرۃ النوشاہیہ تیسرے حصہ معارف الابرار نام میں بھی لکھا جائے گا۔ شرافت

Marfat.com

بحرالعشقؒ کے دُوسرے بیٹے تھے۔ بیعتِ طریقت اپنے چچا بزرگوار سیّد شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوانؒ سے تھی۔ سلوک قادریہ نوشاہیہ پورا کر کے خلافت و اجازت سے مشرف ہوئے[1]

اولاد آپ کے دُو بیٹے تھے: (۱) سیّد نورشاہؒ (۲) سیّد پیر شاہؒ۔ یہ لاولد فوت ہوئے۔

تاریخ وفات شاہ سلطان کی وفات ۱۱۵۴ھ میں ہوئی۔ مدفون گورستان نوشاہیہ۔

مادہ ہائے تاریخ: (۱) آیت شریف یعلمھم الکتب والحکمۃ ۱۱۵۴ھ

(۲) مردِ شیخ (۳) رشکِ خلد

سیّد محمد نتھوؒ

آپ سیّد سعداللہ حکیم بن سیّد حافظ محمد برخوردار بحرالعشق نوشاہیؒ کے تیسرے بیٹے تھے۔ فیض طریقت و خرقۂ خلافت اپنے عمِ حقیقی سیّد شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوانؒ سے پایا۔ صاحبِ علم و فضل تھے[2]

سجع مُہر آپ کی مُہر پر یہ الفاظ کندہ تھے:

[فقیر محمد نتھو شیخ سعداللہ]

یہ مُہر ایک وثیقہ پر ثبت ہے جو ۱۱۳۹ھ میں فرزندان و نبیرگانِ سیّد حافظ محمد برخوردار بحرالعشق نے باہمی رقبہ جات تقسیم کیا تھا۔ وہ وثیقہ اصل مواہیر بزرگان سے مزین مولفِ کتاب ہذا فقیر سیّد شرافت عفا اللہ عنہ کے کتاب خانہ میں موجود ہے۔

اولاد آپ کا نکاح اپنے چچا کی بیٹی سیّدہ بخت بانو بنت سیّد نصرت اللہ محدث برخورداریؒ سے ہوا۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔ آپ کے تین بیٹے تھے: (۱) سیّد فتح خانؒ (۲) سیّد خان ملکؒ (۳) سیّد نیک عالمؒ **وفات:** ۱۱۹۲ھ

---

[1] مناقبات نوشاہیہ

[2] مناقبات نوشاہیہ شرافت

Marfat.com

سیّد شاہ تقنؒ

آپ کا اسم شریف محمد تقی، لقب تقی الدہر، مشہور نام شاہ تقن تھا۔ آپ سید رحمت اللہ عارف بن سید حافظ محمد برخوردار بحر العشقؒ کے فرزند اکبر تھے۔

آپ کی والدہ ماجدہ قصبہ ایمن آباد ضلع گوجرانوالہ کے ایک معزز خاندان سے تھیں۔

بیعت و خلافت آپ کی بیعت طریقت اپنے چچا صاحب سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوان سے تھی۔ خلافت اور اجازت سے مشرف ہوئے[1]

خزینہ برداری درگاہ شریف آپ نہایت امین و دیانت دار تھے۔ آپ کی دیانتداری کے باعث سب برادری نے آپ کو درگاہِ عالیہ نوشاہیہ کا کلید بردار اور خزانچی بنایا ہوا تھا۔ چنانچہ سید حافظ محمد حیات ربّانی بن سید حافظ جمال اللہ فقیہ اعظمؒ اپنی ایک تحریر میں لکھتے ہیں کہ مبلغ بیس روپے صاحب سنگھیہ شاہ تقنؒ کے پاس جمع ہیں۔

اولاد آپ کے چار بیٹے تھے: (۱) سید اللہ بخشؒ (۲) سید قادر بخش (۳) سید فیض بخشؒ (۴) سید خدا بخشؒ

وفات ۱۱۷۰ھ

سید ابن مبینؒ

آپ سید رحمت اللہ عارف بن سید حافظ محمد برخوردار بحر العشقؒ کے فرزند اصغر تھے خرقۂ خلافت اپنے چچا سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوانؒ سے پایا[2]

آپ کی والدہ محترمہ قصبہ ایمن آباد کے ایک اہلِ علم و فضل خاندان سے تھیں۔

اولاد آپ کے دو بیٹے تھے: ۱۔ سید محبوب شاہؒ

۲۔ سید صبغۃ اللہؒ

وفات ۱۱۷۲ھ

---

[1] و [2] مناقبِ نوشاہیہ ۱۲ شرافت

Marfat.com

سیّد شاہ گھلاؒ

آپ کا نام گُل محمد المعروف شاہ گھلاؒ تھا۔ آپ سیّد نصرت اللہ محدّث بن سیّد حافظ محمد برخوردار بحر العشقؒ کے بڑے بیٹے تھے۔ خرقۂ خلافت اپنے عمِ حقیقی سیّد شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوانؒ سے پایا۔[1] متیمن بزرگ تھے۔ لاولد فوت ہوئے۔

وفات ۱۱۸۷ھ

سیّد شاہ پُھلاؒ

آپ کا نام لطف اللہ، المعروف شاہ پُھلاؒ تھا۔ آپ سیّد نصرت اللہ محدّث بن سیّد حافظ محمد برخوردار بحر العشقؒ کے دُوسرے بیٹے تھے۔ خلافت و اجازت اپنے چچا صاحب سیّد شاہ عصمت اللہؒ سے پائی۔[2] اہلِ عبادت و ریاضت تھے کوئی اولاد نہیں ہوئی۔

وفات ۱۱۸۹ھ۔

سیّد شہمیرؒ

آپ سیّد نصرت اللہ محدّث بن سیّد حافظ محمد برخوردار بحر العشقؒ کے تیسرے بیٹے تھے۔ بیعت اور خلافت اپنے عمِ بزرگوار سیّد شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوانؒ سے رکھتے تھے۔[3] آپ اخلاق بلند اور اوصافِ ارجمند سے متصف تھے۔

اولاد آپ کے ایک ہی فرزند سیّد خدا یار صاحب تھے جو طفولیت میں گزر گئے۔

وفات ۱۱۹۱ھ۔

سیّد شیر محمدؒ

زہے آں شیر در وادی سرمد — کہ نامِ روشنش شیر محمد
شغالِ نفس را چوں شیر دزدد — رگِ حرص و ہوا را دم ببرّد

آپ حضرت سیّد شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوان بن سیّد حافظ محمد برخوردار بحر العشقؒ

---

[1] و [2] مناقباتِ نوشاہیہ ۱۲ شرافت

Marfat.com

نوشاہیؒ کے فرزند اکبر اور مرید و خلیفہ تھے۔ علم ظاہری کی تحصیل بھی کافی کی ہوئی تھی۔

عبادت و ریاضت آپ شریعت کے پابند، صاحبِ ذکر و فکر، صائم الدھر، قایم اللیل رہتے۔ اذکار و اشغال قادریہ کے پابند تھے۔ صاحبِ تذکرہ نوشاہیہ نے لکھا ہے کہ آپ رات کے پچھلے پہر اُٹھ کر ذکر آرہ کیا کرتے ہیں اور شیر کی طرح گرجتے ہیں۔ تلاوتِ قرآن مجید اور ذکرِ الٰہی آپ کی روحانی غذا تھی۔

اخلاق و عادات

آپ کی نظر میں شاہ و گدا یکساں تھے۔ مساوات کا پورا پورا لحاظ تھا۔ جس شخص پر آپ کی نگاہ پڑتی وہ مست و مجذوب ہو جاتا[1]

سماع و وجد آپ کی مجلس میں سماع بہت ہوا کرتا تھا۔ آپ کی توجہ سے عوام الناس بھی متاثر ہوتے اور رقت قلب اور وجد ہو جاتا[2]

قبولیت عامہ آپ کو خلائق میں قبولیت عامہ حاصل تھی۔ تمام پنجاب میں عموماً، اور لاہور میں خصوصاً آپ کا فیض عام تھا۔ جب کبھی وہاں تشریف لے جاتے تو لاہور کے رؤسا و اُمرا آپ کے استقبال کو آیا کرتے تھے[3]

اخوت و محبت آپ کو اپنے برادر عم زاد حضرت سید حافظ محمد حیات ربانی بن سید حافظ جمال اللہ فقیہِ اعظم" کے ساتھ بہت محبت تھی۔ ان کی علمیت و فضیلت کو مدِ نظر رکھتے ہوئے کتاب تذکرہ نوشاہیہ لکھنے کا مشورہ آپ نے ہی ان کو دیا۔ اور آپ کے حسب الارشاد انھوں نے ۱۱۴۶ھ میں اُس کو تالیف کر کے مکمل کیا۔ کچھ مسودہ آپ نے بھی لکھ کر دیا[4]۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ آپ کو اپنے خاندان کی ترقی کا خاص احساس تھا۔ اس لیے تاریخ لکھنے کے محرک ہوئے۔

خاندانی تاریخ کا شوق ایک مرتبہ آپ بمعہ میاں عبدالرحیم صاحبؒ لاہور تشریف

---

[1] و [2] و [3] و [4] تذکرہ نوشاہیہ ۱۲ شرافت

Marfat.com

لے گئے وہاں مولانا محمد شفیع قادریؒ کے پاس کتاب ثواقب المناقب مصنفہ شیخ محمد ماہ صداقت کنجاہیؒ آپ کے ملاحظہ سے گزری۔ آپ نے ان سے عاریۃً لے کر مولوی قدرت اللہؒ سے وہ نسخہ نقل کروا کر حاصل کیا اور واپس ساہن پال شریف آکر اپنے پاس سے کتاب تذکرہ نوشاہیہ کا نسخہ میاں محمد غوثؒ سے نقل کروا کر مولانا محمد شفیع مذکور کو لاہور میں بھیجا۔ انھوں نے اُس نسخہ کے خاتمہ پر اپنی طرف سے یہ عبارت درج کی:

"نسخہ ثواقب المناقب[1] مقامات حاجی بادشاہ کہ صاحب طبع عالی میاں محمد ماہ برادر زادہ غنیمت کنجاہیؒ تصنیف کردہ۔ از اتفاقات بدست بندہ محمد شفیع قادری رسید حضرت نتیجۃ الاقطاب میاں شیر محمد جیو و میاں عبدالرحیم جیو دارالسلطنت لاہور تشریف ارزانی فرمودہ معرفت فقیر حقیر از مولوی قدرت اللہ نقل کنانیدہ گرفتند و بچک مبارک رفتہ ایں مجموعہ[2] مطبوعہ از مشفقی میاں محمد غوث چیونویسانیدہ ارسال داشتند۔ خدائے کریم مہربان مناقب حضرت کنج بخش صاحب را وسیلہ آمرزش و مغفرت ایں عاصی پُر معاصی فرماید بمنہ وکمال کرمہ۔

نسخہ ثواقب المناقب یعنی مقامات حاجی بادشاہ جو کہ غنیمت کنجاہیؒ کے بھتیجے طبع عالی والے میاں محمد ماہ نے تصنیف کی ہے۔ اتفاقاً بندہ محمد شفیع قادری کے ہاتھ میں پہنچا۔ قطبوں کے نتیجہ حضرت میاں شیر محمد صاحب اور میاں عبدالرحیم صاحب دارالسلطنت لاہور میں تشریف لائے اور میری معرفت مولوی قدرت اللہ سے نقل کروا کر لے گئے اور چک ساہنپال شریف میں پہنچ کر یہ مجموعہ دلپسند میرے دوست میاں محمد غوث صاحب سے لکھوا کر میرے پاس ارسال کیا۔ خداوند کریم مہربان اپنی نوازش اور کمال کرم کے باعث حضرت کنج بخش صاحب کے مناقب کو اس سراپا گنہگار کی بخشش اور مغفرت کا وسیلہ بنا دیوے۔

---

[1] یہ نسخہ ثواقب المناقب بکتوبہ مولوی قدرت اللہ۔ آج کل صاحبزادہ الطاف حسین بن سید فضل حسین برخورداری کے گھر میں بمقام نوشہرہ پور موجود ہے ۱۲

[2] مجموعہ سے مراد تذکرہ نوشاہیہ ہے۔ اور یہ نسخہ مکتوبہ میاں محمد غوث آج کل سید پیر ولی بن سید عارف حق برخورداریؒ کے گھر میں بمقام مزنگ، لاہور موجود ہے۔ اسی نسخہ کے خاتمہ سے میں نے یہ عبارت یہاں نقل کی ہے ۱۲ سید شرافت

Marfat.com

اس واقعہ بالا سے ثابت ہوتا ہے کہ آپ کو خاندان نوشاہی کی تاریخی کتابوں سے خاص دلچسپی تھی۔

گھر میں پردہ داری کا لحاظ

آپ حکمِ الٰہی اور فرمانِ رسالت پناہیؐ کے مطابق گھر میں ستر اور پردہ داری کا خاص لحاظ رکھتے۔ حتیٰ کہ برادران ہم جدی کو بھی حریم خانہ میں آنے کی اجازت نہ تھی۔ چنانچہ ایک مرتبہ سید عبدالرسول بن سید محمد سعید دُولہا ہاشمیؒ نے جو آپ کے ہمسایہ تھے آپ کے صحن خانہ کی طرف اپنے مکان کی باریاں رکھیں اور اپنا پرنالہ بھی آپ کے کوچہ میں رکھا۔ آپ نے اُن کو بہتیرا سمجھایا کہ ہم اہلِ ستر ہیں اس لیے اس طرف باریاں نہ رکھو اور پرنالہ بھی معمول قدیم کے مطابق اپنی حویلی میں رکھو۔ لیکن انھوں نے نہ مانا۔ آخر آپ نے یہ مقدمہ رائے گوردت مل ایبن وفوجدار گجرات کے سامنے پیش کیا۔ انھوں نے مرزا مصاحب بیگ متوسل سرکار کو قرادل مقرر کر کے موضع ساہن پال شریف میں بھیجا کہ از روئے عدالت سید شیر محمد صاحب حق بجانب ہیں۔ اس لیے ان کا فیصلہ موقعہ پر جا کر کرو۔ چنانچہ مرزا مذکور نے باریاں اور پرنالہ کو سید عبدالرسولؒ کی حویلی میں درست کروایا اور مندرجہ ذیل تحریر فیصلہ مصدقہ حکومت بمعہ مواہیر گواہان لکھ کر دی۔ اس تحریر کی نقل مع ترجمہ یہ ہے:

ذٰلك كذٰلك

[مہر حاکم وقت]

این ذکریست دربیان آنکہ عبدالرسول خلف میاں محمد سعید مرحوم اولادِ قدوۃ الواصلین حضرت نوشہ حاجیؒ بتعدی خلاف معمول نادوان حویلی خود بر کوچہ حقایق آگاہ میاں شیر محمد برادر عم جدی خود نہادہ بود و ہم دریچہ ہائے بطرف خانہ ہائے اہلِ ستر داشتہ میان شیر محمد مذکور از راہ برادری

یہ ایک یادداشت ہے اس بیان میں کہ عبدالرسول ولد میاں محمد سعید مرحوم نے جو اولاد واصلوں کے پیشوا حضرت نوشہ حاجیؒ سے ہے معمول کے خلاف جبراً اپنی حویلی کا پرنالہ اپنے ہم جدی بھائی حقایق آگاہ میاں شیر محمد کے کوچہ کی طرف رکھا تھا اور ان کے اہلِ ستر گھر کی طرف باریاں بھی بنائی تھیں۔ میاں شیر محمد نے ہر چند برادرانہ طور پر عبدالرسول

Marfat.com

ہر چند بہ عبدالرسول مرقوم گفت کہ موافق معمول قدیم نادوانِ حویلی در کمن خود دارد مشارالیہ اصلاً رواداد نفس الامر نشد۔ لاچار میاں شیر محمد ایں مقدمہ را بحضور بندگانِ رفعت و اقبال پناہ رائے گوردت مل امین وفوجدار چکلہ گجرات ظاہر نمود رائے صاحب از روئے عدالت حق بجانب میاں شیر محمد تحقیق کردہ مرزا مصاحب بیگ متوسل سکار را قراول مقرر کردہ تعین فرمودند کہ نادوانِ حویلی عبدالرسول را از سر کوچہ دور کردہ موافق معمول اندرون حویلی درست بکنانند۔ قراول مذکور در موضع صادقپور ساہنپال کہ مسکن طرفین ست رسیدہ دریچہ و نادوانِ حویلی را اندرونِ صحنِ حویلی درست کنانید۔ ہرکرا برصحت ایں حال و صدق ایں مقال اطلاعے باشد حسبتاً للہ گواہی خود را در ذیل ایں تذکرہ ثبت نماید۔"

گواہ شد محمد نعیم و محمد مراد و محمد منور و ابوتراب قادری۔

مُہر "محمد نعیم قادری"

مہر "محمد منور"

مہر "ابوتراب قادری"

شہد بمافیہ۔ فقیر عبدالکریم

شہد بمافیہ۔ فقیر محمد رئیس

مذکور کو کہا کہ اپنے پرانے معمول کے مطابق حویلی کا پرنالہ اپنے صحن میں رکھو۔ مگر اس نے ہرگز تسلیم نہ کیا۔ ناچار میاں شیر محمد نے اس مقدمہ کو بلندی اور اقبال کی پناہ والے رائے گوردت مل امین وفوجدار چکلہ گجرات کے سامنے پیش کیا۔ رائے صاحب نے عدالت کی رُو سے حق میاں شیر محمد کی طرف تحقیق کرکے مرزا مصاحب بیگ متوسل سرکار کو قراول مقرر کرکے حکم دیا کہ عبدالرسول کی حویلی کے پرنالہ کو کوچہ سے ہٹا کر پرانے طریقہ کے مطابق حویلی کے اندر ٹھیک کروائے۔ قراول مذکور نے طرفین کے مسکن موضع صادقپور ساہنپال میں پہنچ کر باریاں اور حویلی کے پرنالہ کو حویلی کے صحن میں درست کروایا۔ جس شخص کو اس واقعہ کے صحیح ہونے اور اس بات کی سچائی پر اطلاع ہو وہ خدا کے واسطے اس تذکرہ کے نیچے اپنی گواہی درج کردے۔

گواہ شد محمد نعیم اور محمد مراد اور محمد منور اور ابوتراب قادری۔

مُہر "محمد نعیم قادری"

مہر "محمد منور"

مہر "ابوتراب قادری"

گواہ شد۔ فقیر عبدالکریم

گواہ شد۔ فقیر محمد رئیس

Marfat.com

شہد بعافیہ ۔ فقیر محمد شاکر
گواہ شد ۔ حافظ خیر الدین
گواہ شد ۔ غلام رسول
گواہ شد ۔ بندہ روپ نارائن"

گواہ شد ۔ فقیر محمد شاکر
گواہ شد ۔ حافظ خیر الدین
گواہ شد ۔ غلام رسول
گواہ شد ۔ بندہ روپ نارائن"

بلفظہٖ

کتابی شوق آپ مطالعہ کتب کا شوق رکھتے تھے۔ آپ کے کتب خانہ کی ایک کتاب شرح عقاید نسفی قلمی[1] پر یہ عبارت تحریر ہے:

"مالکۂ صاحبزادہ بلند اقبال عالی تبار میاں شیر محمد ولد زبدۃ الفقرا والاتقیا شیخ عصمت اللہ ولد شیخ برخوردار ولد حضرت نوشہ حاجی رحمہم اللہ تعالیٰ"

آپ کی مہر کا سجع یہ تھا:

سجع مہر [از نور عصمت اللہ شیر محمد ست]

کئی قلمی تحریروں پر یہ مُہر ثبت ہے۔

کرامات

تاثیر نگاہ ایک مرتبہ آپ لاہور میں تشریف فرما تھے۔ مرزا محمد شاکر بالاخانے پر بیٹھا تھا۔ اس پر آپ کی نگاہ پڑی۔ بجز نظر کرنے کے وہ تڑپ کر نیچے گر پڑا۔ اور دیر تک وجد و حال کرتا رہا۔ باوجودیکہ نیچے پختہ فرش تھا۔ مگر اس کو کوئی تکلیف اور ایذا نہ پہنچی۔

جیپت رائے کو سزا ملنا سردار جیپت رائے فوجدار امین آباد کا شیوہ تھا کہ وہ شیخ برخوردار ہرل[2] کو بہت تکلیف پہنچایا کرتا۔ ایک مرتبہ آپ

---

[1] یہ اصل تحریر سید محمد شریف بن سید محمد عالم برخورداری کے گھر میں بمقام ڈھل متصل سرائے عالمگیر موجود ہے۔
[2] یہ قلمی کتاب موضع کیرانوالہ متصل گکھووالی ضلع گجرات میں سید نور الہدیٰ شاہ خوارزمی مرحوم کے کتب خانے میں موجود ہے ۱۲ شرافت

Marfat.com

سفارش کے طور پر اُس کے پاس تشریف لے گئے۔ اور فرمایا کہ یہ فقیر لوگ ہیں۔ ان کی ایذا رسانی سے باز آؤ۔ اُس نے نہ مانا۔ آپ نے جلالیت سے فرمایا تجھ پر قہر نازل ہوگا۔ چنانچہ اُسی رات ایک گراں بہا گھوڑا نقرہ رنگ اُس کا مرگیا۔ دوسرے روز خدمت میں آکر قدمبوس ہوا اور معافی لی۔[1]

جیپت رائے کا معزول ہونا

پھر ایک دفعہ جیپت رائے مذکور نے شیخ برخوردار ہرل کے قریبیوں میں سے دو شخصوں کو قید کر لیا۔ آپ ان کی رہائی کے لیے تشریف لے گئے، پر اُس نے نہ مانا۔ آپ ناراض ہو کر لاہور چلے گئے۔ وہاں سے آپ کے مرید نواب زکریا خاں بہادر نے بھی اُس کو خطوط لکھے۔ مگر اس کو کچھ اثر نہ ہوا۔ آخر آپ کی غیرت سے وُہ بیمار ہوگیا۔ مرنے تک نوبت پہنچ گئی۔ پھر اس نے قیدیوں کو رہا کر دیا اور حضور کی درگاہ میں دعائے خیر کے واسطے درخواست بھیجی۔ آپ نے فرمایا وہ تندرست تو ہو جاوے گا، لیکن آج کے بعد کبھی کچہری نہ کرے گا۔ چنانچہ وہ تندرست ہوگیا اور کسی جُرم کی سزا میں عہدہ سے معزول کر دیا گیا اور قید کر کے ملتان میں بھیج دیا گیا۔[2]

ایک مرید کا نظر نہ آنا

آپ کے مرید میاں محمد صادق لاہوری سے منقول ہے کہ میں اوائل میں نواب زکریا خاں بہادر کا نوکر تھا۔ ایک دن نواب مجھ پر ناراض ہوگیا میں اُس کے خوف سے ایک مکان میں چھپ گیا۔ نواب نے نوکروں کو بھیجا کہ جو اُس کو ڈھونڈ کر لاوے اس کو انعام دُوں گا۔ وہ جستجو کرتے ہوئے میرے پاس آ پہنچے۔ اس وقت میں نے اپنے پیشوا سید شیر محمد کو مدد کے لیے پکارا۔

؎ ساربان بار من افتاد خدارا مددے
کہ امید کرمت ہمدم ایں محمل کرد

آپ نے ایسی غائبانہ توجہ فرمائی کہ میں ان کی نظروں سے پوشیدہ ہوگیا اور ہرگز نظر نہ آتا تھا۔ خواجہ یاقوت خاں وغیرہ اشخاص کے ہاتھ بھی میرے جسم پر پڑے مگر کسی نے مجھ کو معلوم نہ کیا اور نہ نظر آیا۔[3]

---

[1] و [2] تذکرہ نوشاہیہ ۱۲ شرافت

Marfat.com

ف : مولف کہتا ہے کہ بزرگوں کی توجہ سے نظر نہ آنا ممکن ہے چنانچہ شاہ ترکمان کے تصرف سے ایک مہاجن دشمنوں کو نظر نہ آیا۔[1]

ملفوظ۔ آپ فرمایا کرتے تھے فقیر میں دو وصف ہوتے ہیں، مہر اور قہر۔ فقیروں کی مہر سے دُنیا کی آبادی ہے اور دنیا میں ہر طرح کی آسایش ہوتی ہے۔ اور فقیروں کے قہر سے زمانہ میں تکالیف و صعوبتیں آتی ہیں۔[2]

اولاد آپ کا نکاح اپنے عم بزرگ کی بیٹی سیدہ صاحب خاتون بنت سید عنایت اللہ زاہدؒ سے ہوا تھا۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔

آپ کے پانچ بیٹے تھے:

۱۔ سید محمد ماہرؒ ۲۔ سید محمد واسعؒ
۳۔ سید محمد ماہؒ ۴۔ سید محمد شاہؒ
۵۔ سید باغ شاہؒ

یارانِ طریقت
۱۔ مرزا حیات اللہ لاہوریؒ ۲۔ مرزا محمد شاکر لاہوریؒ
۳۔ شیخ عبدالرحیم فقیر لاہوریؒ ۴۔ میاں محمد صادق لاہوریؒ
۵۔ نواب زکریا خاں المعروف نواب خاں بہادر سیف الدولہ دلیر جنگ پسرِ نواب عبدالصمد خاں لاہوریؒ

تاریخ وفات سید شیر محمدؒ[3] کی وفات ۱۱۶۵ھ میں ہوئی۔
مدفون گورستانِ نوشاہیہ۔

مادہ ہائے تاریخ: ۱۔ آیت شریف فلا خوف علیھم ولاھم یحزنون۔ ۲۔ ناظم قدسی

سید گل محمدؒ

زہے باغِ جنت گل محمد نسیمِ خلق او در مغزِ احمد
گلوئے ملک او گلدستہ زیبا کرخوئے او معطر کرد مارا

آپ حضرت سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوان بن سید حافظ محمد برخوردار بحر العشقؒ کے

---

[1] تذکرہ اولیائے ہند، ج ۳، ص ۱۳۲ [2] تذکرہ نوشاہیہ ۱۲
[3] سید شیر محمد کا کچھ ذکر شریف التواریخ کی تیسری جلد کے تیسرے حصہ معارف الابرار نام میں بھی آئے گا۔ خرافت

Marfat.com

دوسرے فرزند اور مرید و خلیفہ تھے۔ آپ کی والدہ ماجدہ قصبہ امین آباد کے ایک معزز گھرانہ سے تھیں۔

اخلاق و عادات

آپ اپنے آباؤ اجداد کے طریقہ پر پورے پابند تھے۔ ریاضت و مجاہدہ اور زہد میں عالی پایہ رکھتے۔ درویش بے ریا اور فقیر باصفا تھے۔ فنِ کتابت کے بھی ماہر تھے۔ فقر میں مقام بلند رکھتے تھے۔

معمولات

آپ اورادِ قادریہ پر مواظبت رکھتے تھے۔ ہر روز گیارہ مرتبہ قصیدہ غوثیہ بھی پڑھا کرتے

ترتیب زکوٰۃ قصیدہ غوثیہ

آپ سے منقول ہے کہ اگر کوئی شخص چاہے کہ قصیدہ غوثیہ کی زکوٰۃ ادا کرے تو چاہیے کہ چالیس روز تک اکتالیس بار پڑھا کرے اور اس مدت میں روزہ بھی رکھے اور جلالی اشیاء سے پرہیز کرے۔ اور اگر جمالی سے بھی پرہیز رکھے تو بہتر ہے۔ اور چلہ پورا ہو چکنے کے بعد ہر روز سرگھی کے وقت یا فجر کی نماز کے بعد گیارہ مرتبہ روزانہ پڑھا کرے۔ انشاء اللہ جو مطلب بھی چاہے گا حاصل ہوگا۔ اول و آخر میں سَو سَو بار درود شریف پڑھ لیا کرے۔ درود شریف یہ ہے: اللّٰھم صل وسلم و بارک علیٰ محمدن النبی الامی و علیٰ اٰل محمدٍ۔[1]

کرامات

آپ صاحب خوارق و کرامات تھے۔ جو شخص آپ کی مخالفت کرتا سزایاب ہوتا۔

مخالف کا سزا پانا

منقول ہے کہ موضع ٹک کا ایک زمیندار آپ کا بے ادب ہوا۔ منتقم حقیقی نے اس کو تباہ کر دیا۔ بلکہ اس کی شامت سے تمام گاؤں ویران ہو گیا۔[2]

عملیات

آپ عامل کامل تھے۔ جیسا کہ آپ کی تحریرات سے ظاہر ہوتا ہے۔

---

[1] لطایف گل شاہی ۱۲ [2] تذکرہ نوشاہیہ ۱۲ شرافت

Marfat.com

آپ نے فرمایا ہے کہ جو شخص ہر روز یہ اسما ہزار بار پڑھا کرے

کشایش رزق کے واسطے وہ پروردگار حقیقی کے حکم سے ایک ہفتہ میں غنی ہو جاوے گا۔

روز شنبہ میں یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ ہزار مرتبہ۔

روز یکشنبہ میں اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ہزار مرتبہ۔

روز دوشنبہ میں سُبْحَانَ اللّٰہِ وَ الْحَمْدُ لِلّٰہِ ہزار مرتبہ۔

روز سہ شنبہ میں یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ ہزار مرتبہ۔

روز چہار شنبہ میں حَسْبِیَ اللّٰہُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَ نِعْمَ الْوَکِیْل ہزار مرتبہ۔

روز پنجشنبہ میں یَا غَفُوْرُ یَا رَحِیْمُ ہزار مرتبہ۔

روز جمعہ میں یَا ذُوالْجَلَالِ وَ الْاِکْرَام ہزار مرتبہ[1]

تصنیفات

آپ کے ہاتھ کا قلمی بیاض مجھ کو میاں سید محمد کے گھر سے ملا جو بندگی شیخ داؤد کرمانی شیر گڑھیؒ کے خلیفہ بزرگ شیخ سلیمان قادریؒ مدفون چیمنے (ضلع گوجرانوالہ) کی اولاد سے ایک مرتاض بزرگ ہیں اور شہر گوجرانوالہ کے محلہ احمد پورہ میں سکونت رکھتے ہیں۔ اس بیاض[2] کو میں نے مضامین کے لحاظ سے بائیس[22] باب میں ترتیب دے کر ۱۲۶۸ھ میں بنام کتاب لطایفِ گل شاہی مرتب و مکمل کیا ہے۔

مکتوبات

آپ کا ایک مکتوب دستیاب ہوا ہے جو آپ نے اپنے زمانہ طالب علمی میں اپنے والد بزرگوار کو لکھا تھا۔ وھوھذا۔

---

[1] لطایف گل شاہی ۱۲ [2] یہ بیاض آج کل محلہ رتیانوالہ، شہر گوجرانوالہ میں چودھری شاہ نواز بن سردار خاں بن میاں سید محمد مذکور کے گھر میں موجود ہے ۱۲ شرافت

Marfat.com

"هوالقادر۔ صاحب قبلہ و مہربان فیض بخش و فیض رسان ابویم چیو سلامت۔
ازیں جانب کمترین فرزندان فقیر گل محمد بعد از آداب بندگی معروض میدارد کہ صاحب و قبلہ سلامت آنچہ ایشاں گفتہ اند بر سر و چشم ست۔ ولیکن تا ہنوز کتاب بوستاں تمام نشدہ است۔ چونکہ کتاب مذکور تمام میشود بعدہٗ ہرچہ بفرمایند ایں عاجز بجا آورد۔ بر سر ما سایۂ عالی مدام باد۔"[1]

مقالات

آپ کے علمی مقالے بیاض میں موجود ہیں۔ از انجملہ ایک شعر کی تشریح میں لکھتے ہیں۔

مقالہ

ز دریائے شہادت چوں نہنگِ لا برآرد ھو
تیمم فرض گردد نوح را در عین طوفانش

دریائے شہادت عالم ظاہری ست۔ و نہنگِ لا کہ لا باشد مراد نفی و نیز صوفی یعنی لا نفی ماسوا است۔ و از ھو مراد ہست یعنی از نیست ہست شود و از ھُوَ مراد لاموجود الا ھو۔ چوں صوفی بایں منزل برسد بجز تجلی انوار الٰہی غیر نماند و چوں غیر نماند خود را فراموش کردہ خود نماند پس باید کہ ہم بدیں وصول مراتب و ما خلقت الجن و الانس الا لیعبدون در عمل آرد۔ تیمم مراد رجوع شدن سوئے حق تعالیٰ و نیز تیمم قصد کردن بسوئے خاک چہ یعنی ہم بداں مراتب مذکورہ خود را شناسد یعنی بندہ بندہ و خدا خدا۔ نوح مراد سالک یعنی سالک را۔ طوفان یعنی صد عین مرتبہ احدیت در عین طوفاں مرآں نیستی ہست۔"[2]

کتب خوانی

شیخ فتح محمدؒ نے کتاب کریما آپ کے واسطے تحریر کی جس کا یہ دستخط ہے:
"تمام شد کتاب پند نامہ از تصنیف حضرت شیخ سعدی شیرازی قدس سرہٗ

---

[1] یہ اصل مکتوب سید محمد شریف ڈھلوال کے گھر میں موجود ہے ۱۲
[2] لطایف گل شاہی ۱۲ شرافت

Marfat.com

بتاریخ سیزدہم شہر شعبان سنہ یکہزار یک صد و پانزدہ ہجری۔ مالکۂ صاحبزادہ عالی تبار میاں گل محمد ولد حقایق و معارف آگاہ میاں عصمت اللہ سلمہ اللہ تعالیٰ و ابقاہ کاتبہٗ فقیر فتح محمد برائے خواندن صاحبزادہ مرقوم تحریر یافت۔"

تحریر کتب آپ کے ہاتھ مبارک کی لکھی ہوئی کتاب پندنامہ شیخ عطارؒ سنہ ۱۱۲۲ھ کی لکھی ہوئی موجود ہے۔

قصیدہ غوثیہ سے آپ کا دستخط تبرکاً نقل کیا جاتا ہے۔

دستخط "تمت تمام شد قصیدہ حضرت پیر دستگیر بدست خط فقیر گل محمد۔"

آپ کی مُہر کا سجع یہ تھا:

سجع مُہر [در باغ عصمت اللہ بشگفت گل محمد]

اولاد آپ کا نکاح اپنے عم بزرگ کی بیٹی سیدہ عائشہ بانو بنت سید عنایت اللہ زاہدؒ سے ہوا تھا۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔

آپ کے چھ بیٹے تھے:

۱۔ سید مراد علیؒ	۲۔ سید محمد علیؒ
۳۔ سید دوست محمدؒ	۴۔ سید محمد زمانؒ
۵۔ سید فیض العلیؒ	۶۔ سید نور علیؒ

یار خاص آپ کی کتاب لطایف گل شاہی میں آپ کے ایک مرید کا نام صاحب ولد وڈو مصلی ساکن ڈنگہ لکھا ہے جو لبعمر چار ماہہ والدین نے آپ کا مرید کروادیا۔

تاریخ وفات سید گل محمدؒ[1] کی وفات بروز اتوار بوقت چاشت ۱۹۔ ماہ ذی الحجہ سنہ ۱۱۷۰ھ مطابق ۲۵۔ بھادوں سمت ۱۸۱۳ب میں ہوئی۔ مدفون گورستانِ نوشاہیہ۔

مادہ ہائے تاریخ:

۱۔ غنی طالع	۲۔ گل خورشید

---

[1] حضرت سید گل محمد کا مزید ذکر شریف التواریخ کی تیسری جلد موسوم بہ تذکرۃ النوشاہیہ کے تیسرے حصے معارف الابرار نام میں بھی لکھا جائے گا۔ شرافت

Marfat.com

سیّد محمد عظیمؒ

شہ اہلِ حیا نامش عظیم ست چو پدرِ خود رحیم و بس کریم ست
محمد شافعِ اسمِ عظیمش خدا سازد بدولت مستقیمش

اوصافِ جمیلہ آپ سلطانِ ملکِ ولایت، چراغِ فلکِ ہدایت، بحر الحقایق والاسرار، مصدر العلوم والانوار، سید العارفین، امام السالکین، شیخ الصوفیہ صاحبِ عشق ومحبت وذوق وشوق ووجد وسماع تھے۔ آپ حضرت سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوان بن سید حافظ محمد برخوردار بحر العشقؒ کے فرزند اصغر اور مرید وخلیفہ تھے۔ آپ کی والدہ ماجدہ قصبہ ایمن آباد سے تھیں۔

ریاست جموں میں ورود آپ نے سلوک باطنی بدرجہ کمال طے کیا۔ طریقہ نوشاہیہ پر پورے پورے کاربند تھے۔ ہر دم یادِ الٰہی کا شوق تھا۔ اپنا آبائی وطن ساہن پال شریف ترک کرکے ریاست جموں وکشمیر میں جا آباد ہوئے۔ زہد وعبادت میں یکتائے زمانہ تھے۔ عمر کا اکثر حصہ پہاڑوں اور جنگلوں میں بسر فرمایا۔ گوشہ نشینی کو پسند فرماتے۔

قبولیتِ عامہ ریاست جموں میں آپ کو قبولیتِ عامہ نصیب ہوئی۔ اور بہت ساری مخلوق آپ کے فیض سے سیراب ہوئی۔ اُس علاقہ میں آپ کا نام عظیم شاہ اور عظیم جی مشہور ہے۔ لوگ آپ کے مزار پر منتیں مانتے اور مرادیں پاتے ہیں۔ عام نذر آپ کی بکری کا بچہ ہے۔ اُس علاقہ میں جب کسی کی نئی شادی ہوتی ہے تو دولھا و دُلہن پہلے آپ کے مزار پر آتے ہیں اور ایک روپیہ اور مولی وحنا کی نذرانہ چڑھاتے ہیں اور سلام کرکے واپس جاتے ہیں۔

کنوئیں کی تعمیر آپ نے اپنی عبادت گاہ کے پاس ایک کنواں ۱۱۴۷ھ میں تعمیر کروایا جس کی تاریخ اس مصرع سے ظاہر ہوتی ہے: ع

[یادبدہ چاہِ محمد عظیم]

Marfat.com

تذکرہ نوشاہیہ میں ہے کہ جب آپ کو وجد ہوتا تھا تو دو تین پہر تک بیہوش

وجد و ذوق رہتے تھے۔ آپ نہایت گرم تاثیر صاحبِ جذبہ تھے۔ جس پر نظر ڈالتے وہ

بیخود ہو جاتا۔

ف : وجد کے وقت بیہوش ہو جانا یا مرنے تک نوبت پہنچ جانا عشق کا نشان ہے۔ اور

کئی بزرگوں سے ایسا منقول ہے۔ چنانچہ :

۱۔ شیخ محمد سلیم صابریؒ سماع کے وقت مثل مُردہ کے ہو جاتے تھے اور تین چار روز

تک بیہوش رہتے تھے۔[1]

۲۔ شیخ عارف لاہوریؒ کو اس قدر وجد ہوتا تھا کہ قریب المرگ ہو جاتے۔[2]

حضرت سیّد عبخش برخورداری رسولنگریؒ نے رسالہ بخشیش گدا میں آپ کا

شاعری ایک شعر لکھا ہے : ؎

محمد عظیم احمد لا میم گفت حق

نے من ز تو نہ دیگر کس نیست غیر حق

آپ خوشنویس بھی تھے۔ تحریر کتب کا اشتغال رکھتے۔ مندرجہ ذیل کتابیں

تحریر کتب آپ کے ہاتھ کی لکھی ہوئی، اولاد کے پاس موجود ہیں :

۱۔ نجات المسلمین ۲۔ آداب لباس

۳۔ فقر نامہ

دستخط تینوں کتابوں سے آپ کے دستخط نقل کیے جاتے ہیں :

۱۔ نجات المسلمین کا دستخط "تم بتوفیق الحق روز جمعہ بتاریخ غرہ شہر ربیع الآخر

در سنہ ۱۱۴۴ھ نسخہ نجات المسلمین بید عبد الضعیف فقیر پر تقصیر محمد عظیم صورت اتمام یافت۔"

۲۔ رسالہ آداب لباس مصنفہ شیخ عبد الحق محدث دہلویؒ کا دستخط۔

"اللھم اغفر لکاتبہ ولمن کتب لہ ولجمیع المؤمنین والمؤمنات و

---

[1] تذکرہ اولیائے ہند، ج ۲، ص ۸۹ [2] ایضاً ص ۱۱۰ شرافت

Marfat.com

المسلمین والمسلمات ووفقہم للعمل بہ واغفر لکلہم ولمصنفہ بلطفہ وکمالِ کرمہ۔
روز دوشنبہ وقت چاشت بتاریخ دوئم ماہ رجب ۱۱۴۷ھ صورت اتمام یافت۔ از زست
تراب الاقدام اہل اللہ فقیر محمد عظیم آمین۔ رب العالمین۔"

۳۔ فقرنامہ کا دستخط "تمام شد فقرنامہ بوقتِ زوال بتاریخ ہفتم شہر شوال سنہ جلوس احمد شاہ بہادر شاہ غازی سنہ ۱۱۶۶ ہجری نبوی بدست خط فقیر محمد عظیم برائے برخوردار نیک عالم ملولعمرہ تحریر یافت۔ "محمد عظیم ست از عصمت اللہ۔"

سجع مُہر آپ کی دو مہریں تھیں :

۱۔ پہلی مُہر آپ نے ۱۱۳۷ھ میں بنوائی جس پر یہ سجع کندہ تھا :

[شد از عصمت اللہ محمد عظیم]

۲۔ دوسری مہر آپ نے ۱۱۷۵ھ میں بلور کی بنوائی جس پر یہ سجع منقوش تھا،

[محمد عظیم ست از عصمت اللہ]

مولف نے دونوں مُہروں کی زیارت کی ہے[1]

اولاد آپ کے چھ بیٹے تھے :

۱۔ سید محمد اکرمؒ
۲۔ سید محمد مکرمؒ
۳۔ سید رکن الدینؒ
۴۔ سید محکم الدینؒ
۵۔ سید فیض بخشؒ
۶۔ سید فتح الدینؒ

آپ سے بہت لوگوں نے خلافت پائی۔ کتاب مناقباتِ نوشاہیہ میں

یارانِ طریقت لکھا ہے کہ آپ کے فرزندان اور برادر زادگان اور ہم جدی بھتیجے، سب آپ کے مرید تھے۔ جن کے اسمأ یہ ہیں :

۱۔ سید فتح اللہ بن سید شاہ نظام برخورداری ساہنپال شریف
۲۔ سید عطأ اللہ بن سید شاہ نظام "

[1] یہ دونوں مُہریں سید محمد شریف بن سید محمد مالا رخو ی کے گھر میں بمقام ڈھل موجود ہیں ۱۲ شرافت

Marfat.com

۳۔سید خان ملک بن سید محمد نقوی ساہن پال ۴۔سید نیک عالم بن سید محمد نقوی ساہنپال شریف
۵۔سید اللہ بخش بن سید شاہ تقن " ۶۔سید قادر بخش بن سید شاہ تقن "
۷۔سید فیض بخش بن سید شاہ تقن " ۸۔سید خدا بخش بن سید شاہ تقن "
۹۔سید محمد ماہرو بن سید شیر محمد " ۱۰۔سید محمد واسع بن سید شیر محمد "
۱۱۔سید محمد ماہ بن سید شیر محمد " ۱۲۔سید محمد شاہ بن سید شیر محمد "
۱۳۔سید باغ شاہ بن سید شیر محمد " ۱۴۔سید مراد علی بن سید گل محمد "
۱۵۔سید محمد علی بن سید گل محمد " ۱۶۔سید دوست محمد بن سید گل محمد "
۱۷۔سید محمد زمان بن سید گل محمد " ۱۸۔سید فیض العلی بن سید گل محمد "
۱۹۔سید نور علی بن سید گل محمد " ۲۰۔سید محمد اکرم بن سید محمد عظیم فرزند آنجناب "
۲۱۔سید محمد مکرم بن سید محمد عظیم فرزند آنجناب " ۲۲۔سید رکن الدین بن سید محمد عظیم " "
۲۳۔سید محکم الدین بن سید محمد عظیم " " ۲۴۔سید فیض بخش بن سید محمد عظیم " "
۲۵۔سید فتح الدین بن سید محمد عظیم " " ۲۶۔سید ضیاء اللہ بن سید محمد حیات "
۲۷۔سید مراد اللہ بن سید محمد حیات " ۲۸۔سید عباد اللہ بن سید محمد حیات "

مدح شریف آپ کے اوصاف میں اپنی ایک نظم یہاں لکھتا ہوں:

ز

زہے اہل ارشاد و فیضِ عمیم شہنشاہِ والا محمد عظیم
وجودش منور ز انوارِ غیب ولیِ خدا بود بے ظن و ریب
بعشق و بذوق و بفقر و بجود ز اقرانِ خود گوئے سبقت ربود
شدہ مقتدائے زماں سربسر کمالاتِ او در جہاں بیشتر
ز اہل کرامات قدرش بلند رسانیدہ بالائے عرفاں کمند
بدینِ محمد شدہ رہنما بخلقِ خدا داد گنجِ سخا
چہ گویم ز اوصافِ عالی جناب کہ از وے بسے خلق شدہ بہرہ یاب
خرافت ز کمتر غلامانِ اوست گرفتہ بصد شوق دامانِ اوست

Marfat.com

تاریخ وفات سیّد[1] محمد عظیمؒ کی وفات ۱۱۸۴ھ میں ہوئی۔

مدفن آپ کا مزار پُر انوار موضع دھماوا، علاقہ کس گکاں، ضلع میرپور، ریاست جمّوں میں ہے۔ پختہ چاردیواری بنی ہوئی ہے۔ پاس پتھر کی عمارت سے مسجد اور کنواں بھی موجود ہے۔

مادہ ہائے تاریخ:

۱۔ آیت شریف وسقاھم ربھم شراباً طھوراً۔

۲۔ آیت شریف فقد ھدی الیٰ صراطٍ مستقیم۔

۳۔ خورشید جلال ۴۔ لسان الغیب ۵۔ خورشید دین

سیّد ابو سعید مرتاضؒ

امامِ زماں حضرتِ بُو سعید — کہ در عشق میگفت ھَل مِن مَزِید

بزہد و ورع ثانیِ شاں نبود — رہِ معرفت بر عالم کشود

آپ شاہبازِ اوجِ طریقت، یکہ تازِ میدانِ معرفت، خلاصہ خاندانِ علویہ، اوصافِ جمیلہ سرگروہِ دودمانِ نوشاہیہ، فخر المشایخ مقبولِ درگاہِ خدا تھے۔ آپ حضرت سیّد حافظ جمال اللہ[2] فقیہ اعظم بن سیّد حافظ محمد برخوردار بحر العشقؒ کے فرزندِ اکبر تھے۔

تعلیم آپ نے اپنے والد ماجد سے مدرسہ نوشاہیہ میں تعلیم پائی۔ علومِ دینیہ میں کامل ہوئے۔ علمِ نجوم و جفر میں بھی اچھی مہارت تھی۔

بیعت و خلافت آپ کی بیعتِ طریقت اپنے والد اکرم حضرت سیّد حافظ جمال اللہ فقیہ اعظمؒ کے ساتھ تھی۔ البتہ تربیت و تکمیل اور فیضِ صحبت اپنے عمِ بزرگ اور خُسر حضرت سیّد شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوانؒ سے پایا۔ اور ان کے فیضِ صحبت سے

---

[1] حضرت سیّد محمد عظیمؒ کا مزید ذکر شریف التواریخ کی تیسری جلد موسوم بہ تذکرۃ النوشاہیہ کے تیسرے حصہ معارف الابرار نام میں لکھا جائے گا۔

[2] کتاب الفوائد قلمی ۱۲ شرافت

Marfat.com

مرتبہ کمال کو پہنچے۔ ان کی کمال مہربانی آپ کے حال پر تھی۔ خلوت خاص میں جہاں کسی کو پاس آنے کی اجازت نہ ہوتی تھی وہاں آپ کو ساتھ رکھتے۔[1]

عبادت کا شوق آپ زہد و ریاضت میں اکثر مشغول رہتے۔ خاندانِ نوشاہی کے سرتاج اور کملائے اولیاء اللہ سے تھے۔ ایک روز گوشہ میں بیٹھ کر یادِ الٰہی میں مستغرق تھے اور محو بشہود ذات تھے۔ آپ کے دونوں صاحبزادے پاس کھیل رہے تھے۔ انھوں نے کھیلتے ہوئے شور مچا دیا۔ آپ کی یکسوئی و یکجہتی میں فرق آگیا۔ جلالیت میں ہو کر فرمایا:

"جاؤ۔ تُہانوں پھٹکی پوے۔"

اسی وقت امرِ الٰہی سے دونوں صاحبزادے تڑپنے لگے اور جان بحق تسلیم ہوئے۔

ف: مولف کہتا ہے کہ محبت الٰہی میں شغف ہو تو ایسا ہی ہو۔ حدیث شریف میں آیا ہے من شغلك عن الحق فهو طاغوتك۔ یعنی جو چیز خدا کے ذکر سے غافل کر کے تجھ کو اپنے ساتھ مشغول کرے وہی تیرا بت ہے۔ آپ نے اپنی اولاد کو اسی لیے خدا تعالےٰ کی محبت میں قربان کر دیا۔

مخلوقِ خدا پر رحم منقول ہے کہ آپ رات کو دریائے چناب کے کنارے پر جا کر عبادت کیا کرتے تھے۔ وہاں پاس ہی ایک سورنی نے بارہ[12] بچے جنے ہوئے تھے۔ سردیوں کا موسم تھا۔ آپ اُن کو چھڑی سے ہلاتے اور دھوپ میں لٹاتے تاکہ سردی سے محفوظ رہیں۔ اس سورنی کا نام پھتی رکھا ہوا تھا۔

کرامات

آپ مستجاب الدعوات اور صاحبِ خوارق و کرامات تھے۔

بے اولاد کو دعا دینا ایک بانجھ عورت نے آپ کے آگے التجا کی کہ میری تمام عمر

---

[1] تذکرہ نوشاہیہ ۱۲ شرافت

Marfat.com

گزر رہی ہے اولاد کا مُنہ نہیں دیکھا، اب مایوس ہو چکی ہوں۔ آپ نے فرمایا: خدا کی رحمت سے نا امید نہ ہونا چاہیے۔ اور دُعا دی کہ "جا تجھے بہتی کی رال ہوگی"۔ چنانچہ حق تعالیٰ نے اس کو بارہ بیٹے عطا فرمائے۔

مفقود الخبر کو لاحاضر کرنا

منقول ہے کہ آپ اپنی ملکیت زمین میں خود کاشت کیا کرتے تھے۔ ایک دن چوہڑے کو اپنے کماد کی گوڈی کے لیے کہا۔ اُس نے عرض کیا کہ کافی عرصہ گزر چکا ہے میری چوہڑی کہیں چلی گئی ہے کوئی پتہ نہیں کہ کہاں گئی۔ آپ قطبِ زمان ہیں آپ کے ہوتے ہوئے میں تکلیف میں ہوں۔ آپ نے فرمایا تو ہمارے کام چل آج ہی وہ آجاوے گی۔ چنانچہ وہ گوڈی چلا گیا، جب شام کو گھر آیا تو آگے چوہڑی روٹیاں پکا رہی تھی۔ اُس نے ماجرا پوچھا تو چوہڑی نے کہا کہ میں دہلی میں تھی فلاں حلیہ کا ایک درویش گدا کرنے کو آیا، میں اس کو آٹا دینے لگی تو اس نے بازو سے پکڑ کر مجھے اس جگہ پہنچا دیا ہے۔ وہ حلیہ سیدنا ابو سعیدؒ کا تھا۔

ف: کسی کو دُور سے ایک لحہ میں لاحاضر کرنا، صاحبِ تصرف اولیاء اللہ سے کوئی مشکل نہیں۔ کئی بزرگوں سے ایسے واقعات منقول ہیں۔

۱۔ خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ اپنے تصرف سے ایک نو سال کے مفقود الخبر کو ملک روم سے بیک لحہ دہلی لے آئے۔[1]

۲۔ حضرت میاں میر لاہوریؒ نے ایک شخص کی مفرور باندی کو ایک آن میں لاحاضر کیا۔[2]

جنّوں کا مرید ہونا

منقول ہے کہ جنّات کے بہت افراد آپ کے حلقۂ ارادت میں داخل تھے، اور آپ کی خدمت سے فیضیاب ہوتے تھے۔

ف: فقیر سید شرافت عافاہ اللہ کہتا ہے کہ ایک مرتبہ میرے نانا صاحب حضرت سید غلام علی بن سید قدم الدین برخورداری ساہن پالویؒ کو جنّات اپنے ہمراہ جنگل میں لے گئے تھے۔ اور انہوں نے بتایا تھا کہ ہم سید ابو سعیدؒ کے مریدوں میں سے ہیں۔

---

[1] تذکرہ اولیائے ہند، ج ۱، ص ۳۲ [2] تذکرہ، ج ۳، ص ۴۶ شرافت

Marfat.com

تصنیفات

آپ کے ہاتھ کی لکھی ہوئی ایک تحریر دستیاب ہوئی ہے "مقدمہ نوروز عالم" یہ زبان فارسی ہے۔ علم نجوم سے تعلق رکھتی ہے، جس میں تمام سال کے حالات پر بحث کی ہے۔ اس کی اصل عبارت یہاں درج کی جاتی ہے۔

مقدمہ نوروز عالم

"مقدمہ آنست کہ نوروز عالم افروز از ابتدائے غرہ شہر محرم الحرام بزرجمہر در زمانِ نوشیروانِ عادل در علم حکمت مقرر نمودہ و جمیع حکیمان و ندیمان و طبیبان و کاتبان و جوگیان و منجمان و توریت خوانان و لغز گویان و ساٹرانِ بر و بحر کہ ایشان تجربہ کردہ دیدہ اند برائے نوشیروان کتابے از علم حکمت تصنیف کردند کہ کیفیت تمام سال از سعد و نحس معلوم شود و تاثیر و خاصیت ہفتہ و ہر چہ عمل افتد احوال مردماں و چہارپایاں و نرخِ غلہ و بارانِ رحمتِ الٰہی و زحمتِ مردماں و پرندگاں و درندگاں از شیر و غیرہ و تمامی کیفیتِ خلق و حقیقتِ سعد و نحس در ہفتہ نوشتہ اند۔ بزرجمہر گوید اگر خواہی کہ حقیقتِ تمام سال را بشناسی بنگر کہ نوروز عالم غرہ محرم کدام روز ست۔

اگر نوروز عالم غرہ محرم الحرام روز یکشنبہ باشد۔ آں سال مبارک ست دراں قحط نیفتد و سلطان را ستارہ بہرام بود۔ کار قوی گردد۔ ملک و مملکت آرمیدہ باشد۔ باراں وفادار شود۔ و غلہ ارزاں گردد بارِ درختاں نیک شود۔ و مرغاں و دَواں و چہارپایاں را خطرہ نباشد۔ پنبہ کم گردد اما پاکیزہ شود۔ و شیرِ چہارپایاں زیادہ شود۔ بازرگاناں را در راہ خطرہ نباشد۔ بادِ مخالف نخیزد و گندم خوب شود۔ خربوزہ شیریں گردد۔ مہترانِ روئے زمین آرمیدہ باشند۔ لیک زناں را دردِ پستان بسیار گردد۔ کنجد بسیار شود و کودکاں بیماری بسیار بینند۔ آتش سخت نخیزد۔ کاہ بامراد شود۔ آفتاب گرفتہ شود۔ زمستان ضعیف باشد۔

اگر نوروز عالم افروز غرہ محرم الحرام روز دوشنبہ باشد دراں سال سلطان را ستارہ قمر شود۔ کارِ پادشاہی ضعیف باشد۔ باران وفادار گردد۔ زحمت بسیار شود۔ مہترانِ روئے زمین

Marfat.com

کم شوند۔ و نرخِ غلہ میانہ، و ہر جانب موت و فتنہ باشد۔ مردم ضعیف و ویران شوند۔ در راہ امن باشد۔ بازرگانان محفوظ باشند۔ درختاں بار گیرند۔ شیر چہار پایاں و کنجد و پنبہ خوب گردد۔ بیماری بسیار شود و ورم گردد و کارِ دین پناہ خوب گردد۔ زراعت بسیار نیکو بود۔ پرندگاں و درندگاں را خطرہ نباشد۔ فتنہ برپا شود۔ کاہ بسیار گردد۔ بادِ سخت خیزد۔ درختاں بشکنند۔ آتش خیزد۔ گوسفنداں بسیار شوند۔ بیماری تاجراں باشد۔

چوں نوروز عالم غرہ محرم الحرام روز سہ شنبہ باشد دراں سال سلطان را ستارہ مریخ باشد۔ دراں سال قحط باشد۔ باراں بے وقت گردد۔ کشتکار زبوں شود۔ رعیت ویران شود۔ امن نباشد۔ سوداگراں را سود نرسد۔ امیراں با یکدیگر جنگ کنند۔ کشتن چہار پایاں شود۔ میوہ بار کم گیرد۔ شیر چہار پایاں کم گردد۔ و نیشکر گراں بود۔ و فرزنداں و خدمت گاراں از پدر و صاحب بیروں از حکم باشند۔ بزکم گردد۔ و پنبہ و کنجد و نیشکر گراں باشد۔ عدل نباشد امیراں بے جا شوند۔ خلق ہلاک گردد۔ یکے از مشرق و یکے از مغرب در آید۔ و بادِ سخت خیزد۔ درختاں بشکنند۔ آفتاب گرفتہ شود۔ ملخ بارد۔ زلزلہ در زمین پیدا شود۔ و در ہیچ چیز برکت نباشد۔ باراں بے وقت نازل شوند۔ کشت کار تباہ گردد۔

چوں نوروز عالم غرہ محرم الحرام روز چہار شنبہ باشد۔ دراں سال سلطان را ستارہ عطارد باشد۔ فتنہ پیدا گردد۔ در زمینِ ہندوستاں نیکی نباشد۔ بارانِ بے وقت نازل شود۔ و کار سلطان تلف گردد۔ و کار ہائے دولت در بستہ گردد۔ پنبہ و نیشکر و کنجد گراں گردد۔ مرغاں و دواں را بیماری باشد۔ کشتن چہار پایاں شود۔ غلہ عزیز گردد۔ خلق پراگندہ گردد۔ در راہ امن نباشد سوداگراں را نقصان برسد۔ ماہتاب گرفتہ شود۔ ملخ بارد۔ امیراں بمیرند۔ و در میان خود با جنگ نمایند۔ انگور و خربوزہ بسیار شیریں گردد۔ چہار پایاں گم شوند۔ ہر بار آتش خیزد۔ بیماری سخت بود۔ مرگ تونگراں باشد۔

چوں نوروز عالم غرہ محرم الحرام روز پنجشنبہ باشد۔ دراں سال بر سلطان ستارہ مشتری باشد۔ نرخ غلہ خیلے ارزاں۔ و بارانِ رحمتِ الٰہی حسب المدعا شود۔ بر روئے زمین فتنہ و خطرہ نباشد۔ سلطان استقامت پذیرد۔ ہر کار ہائے خوب شود۔ توانگراں بخوشی و خرمی بگذرانند۔ جانوراں

Marfat.com

درپناہ باشند۔ نشاط بسیار شود۔ رعیت آباد گردد۔ سوداگران را نفع برسد۔ در راہ امن باشد۔ زناں را در دِہستاں شود۔ کُودکاں را بیماری برسد۔ در آخر زمستاں سرما شود۔ دراں سال آتش نباشد باد سخت خیزد۔

چوں نوروز عالم غرہ محرم الحرام روز جمعہ باشد۔ آں سال فراخ باشد۔ گندم وافر گردد۔ کار سلطنت ضعیف نباشد۔ در مرداں فساد برپا شود۔ وجوئے ہا از ہر طرف جاری و ظاہر شود۔ ہمہ چیز نیک شود۔ کشتکار میانہ گردد۔ و در زمستاں سرما بسیار شود۔ باران در آخر باشد۔ گندم نیک شود۔ میوہا بسیار شیریں گردد۔ چہارپایاں را خطرہ نباشد۔ باد مخالف خیزد۔ مرداں میانہ باشند۔ سوداگراں را سود میانہ برسد۔ بیماری گراں نگردد۔

چوں نوروز عالم غرہ محرم الحرام روز شنبہ باشد۔ سلطان را ستارہ زحل باشد۔ فتنہ بسیار خیزد۔ ملوکاں با یکدیگر جنگ کنند۔ رعیت خراب شود۔ دراں سال قطع راہ گردد۔ سوداگراں را سود نباشد۔ چہارپایاں را موت و بیماری باشد تنگی سال باشد۔ واللہ اعلم بالصواب بلفظہٖ

آپ کا نکاح اپنے عم بزرگ حضرت سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوان ؒ کی دختر نیک اختر سے تھا۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔

اولاد

آپ کے دو بیٹے تھے:

۱۔ سید محبوب شاہ ؒ ۲۔ سید شیر شاہ ؒ

آپ کی تین بیٹیاں تھیں:

۱۔ سیدہ پیرزادی ؒ۔ منکوحہ سید محمد اکرم بن سید محمد عظیم برخورداری ؒ

۲۔ سیدہ صاحبزادی ؒ۔ منکوحہ سید محمد مکرم بن سید محمد عظیم ؒ

۳۔ سیدہ قادرہ بانو ؒ۔ منکوحہ سید حافظ نور اللہ فرشتہ صفات بن سید حافظ محمد حیات ربانی برخورداری ؒ۔

تبرکات

آپ کے مندرجہ ذیل تبرکات مولفِ کتاب ہذا فقیر سیدہ شرافت عفا اللہ عنہ کے گھر میں موجود ہیں:

۱۔ دستار مبارک سفید رنگ ۲۔ ٹوپی مبارک ۳۔ رومال

Marfat.com

سیّد ابُو سعید کی وفات ۱۱۶۷ھ میں ہوئی۔ مدفون گورستانِ نوشاہیہ۔

تاریخ وفات مادہ ہائے تاریخ:

۱۔ ابدنظیر ۲۔ فاضلِ نور

حضرت سید حافظ محمد حیات ربانیؒ

آپ واقفِ اسرارِ توحید، عارفِ انوارِ تفرید، عاکفِ مقامِ احدیت، سائرِ اوصافِ جمیلہ، میدانِ واحدیت، جمالِ حقیقتِ محمدیہ، مخزنِ رموزِ احمدیہ، صاحبِ علم و فضل و حکمت و اور باطریقت تھے۔ آپ حضرت سید حافظ جمال اللہ فقیہ اعظم بن سید حافظ محمد برخوردار بحر العشق نوشاہیؒ کے فرزندِ اصغر اور مرید و خلیفہ اعظم تھے۔

آپ کی والدہ صاحبہ حضرت مولانا حافظ شکر اللہ حنفی مفتی بچہ چٹھہ کی بیٹی تھیں۔

اخلاق و عادات آپ بڑے فیاض، غریب پرور، مسکین نواز، صاحبِ حسن خلق، کریم النفس تھے۔ مہمان نوازی میں خصوصیت رکھتے۔ اپنے معاصرین اور اقران میں علم و فضائل میں یکتا تھے۔ اپنے ہم جدی برادران آپ کی علمیت و فضیلت کے معترف تھے اور سب آپ کے شاگردانِ رشید تھے۔

خاندان پر احسان آپ حضرت نوشہ صاحبؒ کی اولاد امجاد میں سے پہلے فرد ہیں جنہوں نے اپنے خاندان کی تاریخ لکھنے کا اقدام کیا۔ رسالہ مرزا احمد بیگ لاہوریؒ کا نامکمل نسخہ آپ کو اپنے برادر ہمجدی حضرت سید شیر محمد بن سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوان سے ۱۱۴۶ھ میں دستیاب ہوا۔ اور ان کی التماس کے مطابق آپ نے مزید حالاتِ خاندان اس میں داخل کر کے کتاب "تذکرہ نوشاہیہ" تالیف کی۔ بعد کے سب مورخین مثلاً مفتی غلام سرور لاہوریؒ مولف خزینۃ الاصفیا، اور مرزا احمد اختر دہلویؒ مولف تذکرہ اولیاءِ ہند، اور قاضی امام بخش جام پوری مولف حدیقۃ الاسرار، اور مرزا آفتاب بیگ عرف نواب بیگ چشتی مولف کتاب تحفۃ الابرار وغیرہ کا ماخذ یہی کتاب ہے۔

آپ کے حالات و کرامات کا مفصل تذکرہ طبقہ اوّل میں کیا جا چکا ہے، یہاں

Marfat.com

ترتیبِ نسب کے لحاظ سے چند سطور لکھ دی گئی ہیں۔

نیز میں نے کتاب حیاتِ ربانی میں آپ کے حالاتِ زندگی مفصل لکھے ہیں، جو آپ کی سوانح عمری ہے۔

آپ کا نکاح حضرت مہربانو دختر شیخ عنایت اللہ مفتی بُچّہ چھڈ سے تھا۔ ان کے

اولاد بطن سے چار فرزند پیدا ہوئے:

۱۔ سید حافظ نوراللہ فرشتہ صفاتؒ ۲۔ سید ضیاءُ اللہ رسول نگریؒ

۳۔ سید مراد اللہؒ ۴۔ سید عباد اللہؒ

یارانِ طریقت آپ کے احباب کی مفصل فہرست آپ کے حالات طبقہ اول میں لکھی جا چکی ہے۔

تاریخِ وفات سید حافظ محمد حیاتؒ[1] کی وفات ۱۱۹۳ھ میں ہوئی۔ مزار مبارک ساہنپال شریف گورستانِ نوشاہیہ میں مغربی چبوترہ پر ہے۔

مادہ ہائے تاریخ:

۱۔ شیخ نوراحد

۲۔ مغنی جلیل

۳۔ ھو قطب العظیم

۴۔ مخزن اسرارِ وہاب

---

[1] حضرت سید حافظ محمد حیات ربانیؒ کا مزید ذکر شریف التواریخ کی جلد دوم یعنی تذکرۃ النوشاہیہ کے تیسرے حصہ معارف الابرار نام میں لکھا جائے گا۔ ۱۲ شرافت

Marfat.com

باب پنجم

اس میں ان بزرگوں کے ذکر ہیں جو حضرت نوشہ صاحبؒ سے پانچویں پشت ہیں۔

سید فتح اللہؒ

آپ سید شاہ نظام بن سید سعد اللہ حکیم برخورداریؒ کے فرزند اکبر تھے۔ بیعت و خلافت حضرت سید محمد عظیم دھمادائی بن سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوانؒ سے تھی[1]

آپ کی والدہ کا نام سیدہ ناظر با نو بنت سید عنایت اللہ زاہد برخورداری تھا۔

آپ عاشقِ ذاتِ خدا، علمِ ظاہر و باطن میں یگانہ، صاحبِ فیض و برکت، فخر المشائخ تھے۔

آپ کے تین بیٹے تھے: ۱۔ سید خیر اللہؒ ۲۔ سید عظمت اللہؒ ۳۔ سید رزق اللہؒ

اولاد مؤخر الذکر دونوں صاحبزادے لاولد فوت ہوئے۔

سید فتح اللہ کی وفات ساتویں ربیع الثانی ۱۱۹۰ھ میں ہوئی۔ مدفون

تاریخ وفات گورستانِ نوشاہیہ۔

مادہ ہائے تاریخ:

۱۔ برد اللہ مضجعہٗ ۲۔ شمسِ معرفت

۳۔ مخزن الاسرار ۴۔ ظریف

سید عطاء اللہ

آپ سید شاہ نظام بن سید سعد اللہ حکیم برخورداریؒ کے دوسرے فرزند تھے۔

خرقۂ خلافت حضرت سید محمد عظیم دھمادائی بن سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوانؒ سے پایا[2]

---

[1] و [2] مناقبات نوشاہیہ ۱۲ شرافت

Marfat.com

آپ کی والدہ کا نام سیدہ ناظرہ بانو بنت سید عنایت اللہ زاہد برخورداریؒ تھا۔
آپ اہلِ تقویٰ وورع تھے۔
اولاد آپ کے ایک ہی فرزند سید موج الدینؒ تھے۔ مدفون گورستانِ نوشاہیہ
وفات ۱۱۹۵ھ

سید لمان اللہؒ

آپ سید شاہ نظام بن سید سعد اللہ حکیم برخورداریؒ کے تیسرے فرزند اور مرید وخلیفہ تھے۔
والدہ ماجدہ کا نام سیدہ ناظرہ بانو بنت سید عنایت اللہ زاہدؒ تھا۔ دنیا سے لاولد سدھارے۔
وفات ۱۱۹۸ھ

سید نور شاہؒ

آپ سید شاہ سلطان بن سید سعد اللہ حکیم برخورداریؒ کے فرزند اکبر اور مرید وخلیفہ تھے صاحبِ یُمن وبرکت تھے۔
اولاد آپ کے ایک ہی فرزند سید امام بخشؒ تھے۔
تاریخ وفات سید نور شاہؒ کی وفات ۱۱۸۳ھ میں ہوئی۔ مدفون گورستانِ نوشاہیہ۔
مادۂ تاریخ "ذکرِ مبارک"

سید فتح خاںؒ

آپ سید محمد نقشبن سید سعد اللہ حکیم برخورداریؒ کے فرزند اکبر تھے۔ والدہ کا نام سیدہ بخت بانو بنتِ سید نصرت اللہ محدث برخورداری تھا۔ ۱۱۲۹ھ میں پیدا ہوئے۔ والد بزرگوار نے مادۂ تاریخ لکھا۔ غلام بابِ احمد نیز "شمعِ معرفت" سے بھی سالِ ولادت ظاہر ہوتا ہے۔ بچپن میں ہی فوت ہو گئے۔
وفات ۱۱۳۹ھ

سید خان ملکؒ

آپ سید محمد نقشبن سید سعد اللہ حکیم برخورداریؒ کے دوسرے فرزند تھے خرقہ خلافت و

Marfat.com

اجازت حضرت سید محمد عظیم دھماوائیؒ بن سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوانؒ سے رکھتے تھے۔[1]

آپ کی والدہ کا نام سیدہ بخت بانو بنت سید نصرت اللہ برخورداریؒ تھا۔

آپ کی کوئی اولاد باقی نہیں رہی۔ وفات ۱۲۰۱ھ۔

سید نیک عالمؒ

آپ سید محمد نتھو بن سید سعد اللہ حکیم برخورداریؒ کے تیسرے فرزند تھے۔ خرقۂ خلافت حضرت سید محمد عظیم دھماوائی بن سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوانؒ سے رکھتے تھے۔[2]

آپ کی والدہ کا نام سیدہ بخت بانو بنت سید نصرت اللہ محدث برخورداریؒ تھا۔

آپ نے علم ظاہری کی پوری تحصیل کی۔ عبادات و ریاضات میں شہرۂ آفاق تھے۔

علم و عبادت کتبِ تصوف کا مطالعہ رکھتے۔ خصوصاً اسرار الطریقت مصنفہ سید محمد غوث لاہوریؒ اکثر زیرِ مطالعہ رہتی۔

یارانِ طریقت آپ کی کوئی اولاد باقی نہیں رہی۔ صرف ایک خلیفہ سید محمد حسن بن سید خدا بخش برخورداری سابن پالویؒ تھے۔

تاریخ وفات سید نیک عالمؒ کی وفات اتوار۔ ساتویں شعبان ۱۲۲۶ھ میں ہوئی۔ مدفون گورستانِ نوشاہیہ۔

مادہ ہائے تاریخ:

۱۔ آیت شریف فھم مکرمون فی جنات النعیم ۲۔ آیت شریف اجراً عظیماً

۳۔ چراغِ ایزد

سید اللہ بخشؒ

آپ سید شاہ تقن بن سید رحمت اللہ عارف برخورداری کے بڑے بیٹے تھے۔

---

[1] و [2] مناقباتِ نوشاہیہ ۱۲ شرافت

Marfat.com

خرقۂ خلافت حضرت سید محمد عظیم دھماوائی بن سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوانؒ سے حاصل کیا[1]
اور فوت ہوئے۔ وفات ۱۲۰۷ھ

سید قادر بخشؒ

آپ سید شاہ تقن بن سید رحمت اللہ عارف برخورداری کے دوسرے بیٹے تھے۔
بیعت و خرقۂ خلافت حضرت سید محمد عظیم دھماوائی بن سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوانؒ سے رکھتے تھے[2]۔
لاولد انتقال کیا۔ وفات ۱۲۱۱ھ

سید فیض بخشؒ

آپ سید شاہ تقن بن سید رحمت اللہ عارف برخورداریؒ کے تیسرے بیٹے تھے۔
خلافت و اجازت حضرت سید محمد عظیم دھماوائی بن سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوانؒ سے رکھتے تھے[3]۔
آپ پانچ پڑدپی والے قحط کے زمانہ میں چک چودھری ضلع گوجرانوالہ میں چلے گئے۔ ایک بافندہ
عورت سے نکاح کر لیا۔ اس سے ایک لڑکا کرم بخش پیدا ہوا۔ اس کے تین لڑکے تھے۔
وفات ۱۲۲۱ھ۔

سید خدا بخشؒ

آپ سید شاہ تقن بن سید رحمت اللہ عارف برخورداریؒ کے چوتھے بیٹے تھے۔ بیعتِ
طریقت حضرت سید محمد عظیم دھماوائی بن سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوانؒ کے ہاتھ پر کی۔
اور خرقۂ خلافت حاصل کیا[4]
اولاد آپ کے چار بیٹے تھے:

۱۔ سید شرف الدینؒ ۲۔ سید محمد حسنؒ

---

[1] ۱۲۲۱ھ مناقبات نوشاہیہ [2] تلقین نوشاہی قلمی
[3] مناقبات نوشاہیہ ۱۲ شرافت

Marfat.com

۳۔ سید فتح الدینؒ ۴۔ سید حبیب اللہؒ

آپ کی دو بیٹیاں تھیں:

پہلی بیٹی۔ سید عبداللہ بن سید خیر اللہ برخورداری پانڈوکی والہؒ کی منکوحہ تھیں۔

دوسری بیٹی۔ سید موج دین بن سید عطاء اللہ برخورداری ساہنپالویؒ کی منکوحہ تھیں۔

تاریخ وفات سید خدا بخش کی وفات بروز سوموار، ساتویں شعبان ۱۱۷۲ھ میں ہوئی۔ مدفون گورستان نوشاہیہ۔

مادہ ہائے تاریخ:

۱۔ منبع عقل وخرد ۲۔ بے نظیر

سید محبوب شاہؒ

آپ سید ابن یمین بن سید رحمت اللہ عارف برخورداریؒ کے فرزند اکبر اور خلیفہ برحق تھے۔

اولاد آپ کے ایک صاحبزادہ سید صدیق شاہ لاہوریؒ تھے۔

وفات ۱۲۱۰ھ۔

سید صبغۃ اللہؒ

آپ سید ابن یمین بن سید رحمت اللہ عارف برخورداریؒ کے فرزند اصغر تھے۔

بیعت وخلافت صاحب تحایفِ قدسیہ نے آپ کو شیخ بخت جمال جھنگیوالہؒ کا مرید لکھا ہے جن کا ذکر کتاب ہذا کی تیسری جلد موسوم بہ تذکرۃ النوشاہیہ کے دوسرے باب میں آئے گا۔ اِن شاء اللہ تعالیٰ

اور صاحبِ مناقباتِ نوشاہیہ نے آپ کو حضرت سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوان بن سید حافظ محمد برخوردار بحر العشقؒ کے خلیفوں میں لکھا ہے۔ جن کا ذکر اسی طبقہ کے تیسرے باب میں گزر چکا ہے۔ ممکن ہے کہ آپ کو دونوں بزرگوں سے فیض حاصل ہوا ہو۔

حقایق ومعارف آپ نے سلوک قادریہ پورا کیا۔ علم ظاہری وباطنی کے دریا تھے۔

Marfat.com

حقایق و معارف توحید میں بے مثل تھے۔

شہمیر قلندر سے گفتگو منقول ہے کہ ایک دفعہ آپ لاہور میں تشریف لے گئے۔ وہاں میر معین الملک المعروف میر منو کے خانساماں غیاث الدین کے گھر گیارھویں شریف کے عرس کی تقریب میں مشایخِ لاہور جمع تھے۔ آپ کو بھی دعوت تھی۔ آپ وہاں چلے گئے۔ حضرت شہمیر قلندر لاہوری خلیفہ حضرت پیار نوشہروی بھی وہاں موجود تھے۔ صاحبِ تحایفِ قدسیہ نے لکھا ہے۔ ؎

ز نوشہ صبغۃ اللہ نور دیدہ
دگر مجلس درانجا در رسیدہ

کسی بات سے شہمیر قلندرؒ اور حضور آپس میں ناراض ہوئے۔ رُوکھی پھیکی باتیں آپس میں ہوئیں۔ رات کو حضرت نوشہ صاحبؒ خواب میں ملے اور فرمایا: بیٹا! فقیروں کو آپس میں محبت رکھنی چاہیے۔ صبح اُٹھ کر آپ شہمیر قلندرؒ کے پاس گئے اور رات کا ماجرا کہہ سنایا۔ اُس وقت آپ کے خلوص و اتحاد کو دیکھ کر شہمیر صاحبؒ نے آپ کی تعریف اور اپنی کسرِ نفسی اِن الفاظ میں بیان کی ؎

بفرمودہ کہ حق بخشید بر تو
تو شاہی بندہ ام صلح ز حق گو

یعنی آپ کو خدا نے معاف کر دیا ہے آپ بادشاہ ہیں اور میں غلام ہوں۔ اور صلح بہتر ہے۔ چنانچہ دونوں راضی ہو گئے۔[1]

معمولات

آپ اوراد و اذکار میں مشغول رہا کرتے۔

وظیفہ اسمِ اعظم آپ نمازِ فجر سے پہلے ایک ہزار مرتبہ یہ اسم شریف پڑھا کرتے، یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ۔

---

[1] تحایف قدسیہ ۱۲ شرافت

Marfat.com

استغفار

نمازِ فجر کی سنت و فرض کے درمیان ایک سو بار یہ استغفار پڑھا کرتے: سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ۔ اور فرمایا کرتے کہ جو شخص یہ استغفار پڑھے اس کو بہت فوائد حاصل ہوتے ہیں۔

دردِ ناف کے واسطے

آپ نے فرمایا ہے کہ دردِ ناف کے لیے یہ آیت شریف لکھ کر دینا نافع ہے اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاہُ وَیَکْشِفُ السُّوْٓءَ۔

شعرخوانی

آپ کبھی کبھی یہ اشعار پڑھا کرتے:

رباعی از حضرت خواجہ فضیل وحی کابلیؒ

شب حالہ ایست تا چہ زاید بنیم — انگشت زنانہ باکہ سایہ بنیم
از اوّل وقت ہر چہ آمد دیدم — تا آخر وقت ہر چہ آید بنیم

تعریف تفنگ عشق

چقمق عشق حقیقی والی دل کر تجویز ٹھہرائیے — کر صاف اکھ فولادی شوقوں ضرب ستر انی لائیے
جھاڑ چنگاری دردں والی تن توڑا سوز بھکھائیے — ساز سرود تفنگ محبت سول سپاوی لائیے
پلیتوں کر لے سکہ ہجر دے وچ قالب قلب ڈھلائیے — ذکر دوں کلا دبا فکر دی خیال قرول چلائیے
سوزن جبر دک ملامت کر تھیں پیالہ صبر جمائیے — جوش خروشوں چھنگ پلیتہ دارو شرم اٹھائیے
رکھ نشانہ برزخ والا ورزش دھیان دھیائیے — تاں وچ پریم رسالے چھرا اسم تام لکھائیے

مہر کا صحیح

آپ کی مُہر کا صحیح یہ تھا:

[صبغۃ اللہ رنگ نوشہ یافت]

وفات سنہ ۱۲۱۸ھ

یہ مُہر کتاب تذکرہ نوشاہیہ قلمی پر ثبت ہے[1]۔

سید محمد ناصرؒ

آپ سید فقیر محمد بن سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوان برخورداریؒ کے فرزند اکبر تھے

---

[1] اس کتاب تذکرہ نوشاہیہ قلمی کا نسخہ آج کل سید پیر علی بن سید عارف حق لاہوری کے مکتبہ میں موجود ہے۔ ۱۲ شرافت

Marfat.com

خرقۂ خلافت اپنے عم عالی قدر سید محمد عظیمؒ دھماوائی سے حاصل کیا۔[1]

آپ کی والدہ کا نام سیدہ صاحب خاتون بنت سید عنایت اللہ زاہد برخورداری تھا۔

لاولد فوت ہوئے۔ **وفات ۱۱۸۵ھ**

سید محمد واسعؒ

آپ سید شیر محمد بن سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوانؒ کے دوسرے بیٹے تھے۔ خرقہ خلافت اپنے چچا صاحب حضرت سید محمد عظیم دھماوائیؒ سے حاصل کیا۔[2]

آپ کی والدہ کا نام سیدہ صاحب خاتون بنت سید عنایت اللہ زاہدؒ تھا۔ بے اولاد وفات پائی۔ **وفات ۱۱۹۴ھ**

سید محمد ماہؒ

آپ سید شیر محمد بن سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوانؒ کے تیسرے بیٹے تھے۔ بیعت و خلافت اپنے حقیقی چچا حضرت سید محمد عظیمؒ سے تھی۔[3]

آپ کی والدہ کا نام سیدہ صاحب خاتون بنت سید عنایت اللہ زاہدؒ تھا۔ کوئی اولاد باقی نہ رہی۔ **وفات ۱۱۹۶ھ**

سید محمد شاہؒ

آپ سید شیر محمد بن سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوانؒ کے چوتھے فرزند تھے۔ بیعتِ طریقت اور خلافتِ ارشاد اپنے عم بزرگوار حضرت سید محمد عظیم دھماوائیؒ سے تھی۔[4]

آپ کی والدہ کا نام سیدہ صاحب خاتون بنت سید عنایت اللہ برخورداریؒ تھا۔

تعلیم آپ نے ظاہری تعلیم حضرت سید حافظ جمال اللہ فقیہ اعظم برخورداریؒ سے پائی۔

---

[1] [2] [3] [4] مناقباتِ نوشاہیہ ۱۲ شرافت

Marfat.com

علم فقہ وحدیث وتفسیر وتصوف پر عبور کیا۔ چندے مفتی مولوی شیخ عبداللہ مفتی بچہ چھڑ سے بھی تحصیل کی علم دعوت اسماء اور اسرار الحروف میں بھی آپ کو کافی دسترس تھی۔

عملیات

آپ کو عملیات میں کافی مہارت تھی۔ آپ کے ایک بیاض سے آپ کے بعض عملیات ترجمہ کر کے لکھے جاتے ہیں۔

چوری شدہ جانور کے واپس آنے کے لیے اگر کسی کا چارپایہ چوری ہو جاوے تو یہ دعا نمازِ فجر سے لے کر عصر تک لگاتار پڑھتا رہے، اَصْبَحْتُ فِی حُبِّ اللّٰہِ۔ اور یہ دعا نمازِ شام سے لے کر فجر تک متواتر پڑھتا رہے: وَ اَمْسَیْتُ فِیْ اَمَانِ اللّٰہِ۔ اس کلام کی برکت سے گم شدہ چارپایہ واپس آجائے گا۔

حصار کرنے کا طریقہ اگر چاہے کہ کسی اسم کی دعوت کرے اور رجعت نہ ہو تو یہ حصار پڑھے: آیۃ الکرسی خالدون تک ایک بار، چاروں قل بسم اللہ کے ساتھ ایک مرتبہ۔ حروفِ تہجی بسم اللہ کے ساتھ ایک بار، اور یہ اسم ابرسا صبوسا صارسا حصارسا اللہ محمد پارسا بحق یا بدوح ایک بار پڑھ کر دائیں طرف پھونکے، پھر دوسری بار یہ سب کچھ پڑھ کر بائیں طرف، پھر تیسری بار پڑھ کر آگے پھونکے۔ چوتھی بار پڑھ کر پیچھے۔ پانچویں بار پڑھ کر اوپر کو۔ چھٹی بار پڑھ کر نیچے۔ ساتویں بار پڑھ کر اپنے سارے جسم پر پھونکے۔ پھر یہی دعا پڑھ کر شہادت کی انگلی پر پھونک مار کر تین مرتبہ پھرا کر تین تالیاں بجائے۔ خدا تعالیٰ کے فضل اور اس کلام پاک کی برکت سے حق تعالیٰ کے حفظ میں رہے گا۔ اور دعوت میں کسی طرح کی کوئی تکلیف نہ ہو گی۔

اگر سونے کے وقت شہادت کی انگلی اپنے منہ پر رکھ کر یہ دعا پڑھ کر انگلی پر دم کر کے تین مرتبہ پھرا کر تین تالیاں بجا کر سو رہے تو کوئی آفت دخل نہ کرے گی۔

حروفِ تہجی کے نصاب کی ترتیب بدھ وار کے دن تازہ وضو کر کے دوگانہ ادا کرے ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص پانچ بار پڑھے۔ سلام کے بعد حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روحِ پاک کا فاتحہ پڑھے۔

Marfat.com

اس کے بعد تمام حروف الف ب ت ث تا ی تک کو اکتالیس بار پڑھے۔ اس کے بعد ہر ایک حرف کو علیحدہ علیحدہ ہزار بار پڑھے۔ اور حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم کی روح پاک کو بخشے زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔

جمعرات کو۔ ہر ایک حرف کو پانسو پڑھ کر خلفائے اربعہ (چار یار کبار) کے ارواح کو بخشے تو فطر ادا ہو جاوے گا۔

جمعہ کو۔ ہر ایک حرف کو دو سو پچاس مرتبہ پڑھ کر خواجہ حسن بصری کی روح کو بخشے۔ عشر ادا ہو جاوے گا۔

ہفتہ کو۔ ہر ایک حرف کو ایک سو پچیس بار پڑھ کر خواجہ حبیب عجمی کی روح کو بخشے دور مدور ادا ہو جاوے گا۔

اتوار کو۔ ہر ایک حرف کو پچاس بار پڑھے۔ قبول دعوت کا بدل ادا ہو جاوے گا۔

پھر سوموار، منگل وار، بدھوار کو تینوں روز ہر ایک حرف کو ہزار بار پڑھے۔

اس کے بعد ہر روز ہر ایک حرف کو علیحدہ علیحدہ ایک سو بار پڑھا کرے۔ اس کے بعد جس اسم یا آیت یا سورۃ کو پڑھے گا تاثیر ہوگی اور اس کا عمل ہو جاوے گا۔ گویا کہ اس نے زکوٰۃ ادا کر دی ہے۔ یہ زکوٰۃ ایک ہفتہ میں تمام ہو جاوے گی۔ جلالی اور جمالی کی پرہیز رکھے۔ تبعیت تمام نصیب ہوگی۔

حروفِ تہجی کے پڑھنے کا طریقہ نوچندے پنجشنبہ کو صبح کے وقت غسل کرے۔ آیۃ الکرسی ایک بار۔ چاروں قل ایک بار پڑھ کر اپنے گرد پھونکے۔ اس کے بعد شروع کرے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ یا اللہ یا اول یا اسرافیل بحق یا اللہ یا اللہ۔ دوسرے اس طور پر یاب یات یاث تا ی تک۔

پہلے روز الف سے ی تک تمام حروف تین بار پڑھے۔ اس کے بعد مندرجہ بالا طور پر الف کو ایک سو مرتبہ۔ اس کے بعد یاب ایک سو مرتبہ۔ اسی طریقہ پر سب حروف کو ایک ایک سو بار پڑھے۔

Marfat.com

حروف تہجی کے خواص

الف ـــــ یا اللہ یا اسرافیل بحق یا الف ۔ اگر کوئی شخص ہر صبح کو آفتاب نکلنے سے پہلے ہزار بار لفظ الف الف پڑھے ۔جب ایک سو بار پڑھ لے تو یا اللہ یا اسرافیل ایک بار۔ اور لفظ اللہ ایک بار کہے ۔پڑھنے کے درمیان کسی سے کلام نہ کرے ۔ اس قدر نعمت اور دولت اس کی طرف رجوع ہوگی جو حساب میں نہ آسکے گی ۔ اور اگر ہزار الف لکھ کر اپنے پاس رکھے تو یہی فائدہ رکھتا ہے ۔

اگر اتوار کے دن کاغذ کے ہزار پرچہ پر الف لکھ کر گندم کے آٹے میں ہزار غلوز بنا کر چلتے پانی میں ڈال دیوے ۔ تو جس حاجت کی نیت سے ڈالے گا وہ پوری ہو گی ۔ چاہیے کہ شروع میں ہر حرف کے ساتھ دس بار حق تعالیٰ کا اسم اور فرشتہ موکل کا اسم پڑھ لے ۔ پھر ختم کرنے کے بعد انیس بار پڑھ لیا کرے ۔ مجرب ہے ۔

ب ـــــ یا جبرائیل یا بدوح بحق یاب ۔ ہر حاجت کے لیے اور قیدی کو خلاص کرانے کے لیے ہر روز نوسو بار یا پانسو بار پڑھے اور قیدی کو لکھ کر دے تاکہ وہ اپنے پاس رکھے فوراً رہا ہوگا

جو شخص ہزار بار لکھ کر اپنے پاس رکھے ۔ وہ خلقت کے درمیان عزیز اور محترم ہو جائیگا۔ اگر اس کو ہزار بار روزانہ پڑھا کرے تو اس پر اقبال کا دروازہ کھل جائے گا اور لوگوں کی آنکھوں میں عزیز ہو جائے گا ۔ اور اگر اسی قدر لکھ کر اپنے پاس رکھے تو یہی حکم رکھتا ہے ۔ خلقت میں محبوب اور مقبول ہو جائے گا ۔

ت ـــــ یا عزرائیل یا توات بحق یات ۔ اگر ہر روز ہزار بار پڑھے تو اس پر اقبال کا دروازہ کھل جائے گا اور لوگوں کی نظر میں عزیز ہو جائے گا ۔ اور اگر اسی قدر لکھ کر اپنے پاس رکھے تو یہی حکم رکھتا ہے ۔

ث ـــــ یا میکائیل یا باعث بحق یاث ۔ اگر کوئی شخص کسی کے نام پر اس کو ستر بار پڑھے تو ان کی آپس میں محبت پیدا ہو جاوے گی ۔ اگر اسی قدر لکھ کر گلے میں ڈال دیوے

Marfat.com

تو اس کو کوئی تکلیف نہ پہنچے گی اور نہ ہی وہ ڈرے گا۔ اگر لکھ کر مریض کو کھلا دیوے تو وہ شفا پا جاوے گا۔

ج ——— یا کلکائیل یا جمیل بحق یاج۔ اگر کوئی شخص اعتقاد درست کے ساتھ رات کو ہزار بار پڑھا کرے سات رات تک ناغہ نہ کرے۔ ساتویں رات کو حضرت پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھے گا۔

ح ——— یا تنکائیل یا حنان بحق یاح۔ اگر کوئی شخص کسی درد میں مبتلا ہو تو تین ہزار بار ہر روز پڑھ کر اس جگہ پر ہاتھ پھیر دے۔ شفا ہو جائے گی۔ اگر دو سو بار پڑھ کر مٹی پر دم کر کے دشمنوں کی طرف پھینک دے تو وہ مہربان ہو جائیں گے۔ اگر راستہ میں پیادہ چل رہا ہو تو ستر بار پڑھ کر ہاتھ پر دم کر کے اپنے رانوں اور ٹانگوں اور پاؤں کے تلوؤں پر مل دیوے تو تھکاوٹ نہ ہوگی۔

خ ——— یا میکائیل یا خالق بحق یاخ۔ اگر نماز عشاء کے بعد خلوت میں بیٹھ کر دو ہزار بار پڑھ کر غائب کی طرف پھونک دیوے غائب کی خبر آجاوے گی۔ اگر ہر رات کو ہزار بار پڑھا کرے تو غائب خود بخود آجائے گا۔ اگر سات بار لکھ کر اپنے سرہانہ کے نیچے رکھ کر سو جاوے تو غائب کو خواب میں دیکھے گا۔

د ——— یا اھرائیل یا دیان بحق یاد۔ اگر ہزار بار پڑھے تو جو شخص اس کو دیکھے گا اس کا دوست بن جائے گا۔ اگر ہر روز صبح کے وقت سورج نکلنے سے پہلے ہزار بار پڑھا کرے اس کی حاجت پوری ہوگی۔ اگر کسی شخص کے نام پر ستر بار پڑھے تو وہ شخص آجاوے گا۔

ذ ——— یا اھراطیل یا ذوالجلال بحق یاذ۔ اگر ہر روز پانسو مرتبہ اس کا ورد رکھے تو نعمت بے زوال ہاتھ میں آوے گی اور اس کی دولت کو زوال نہ ہوگا۔ اگر ستر بار پڑھ کر کھانے پر دم کر کے کسی کو کھلا دیوے تو اس کی آنکھوں میں عزیز ہو جاوے گا۔

ر ——— یا اھواکیل یا رب الرحمان بحق یار۔ اگر کوئی شخص سات سو بار پڑھ کر یا حریری کاغذ پر لکھ کر سفید مرغ کے گلے میں باندھ دیوے۔ اور سات بار اس کے کان

Marfat.com

میں پڑھ دیوے۔ اور رات کو مرغ کے اوپر سرپوش دے کر اس کو اپنے سر کے نیچے رکھ کر سو جاوے تو دفینہ کو خواب میں دیکھے گا۔

ز ——— یا شرمائیل یا نار اکی بحق یا نار۔ جو شخص ہر روز پانسو بار پڑھا کرے۔ سب لوگ اس سے خوف کھائیں گے۔ اور اگر اسی قدر لکھ کر اپنے پاس رکھے تو یہی حکم رکھتا ہے۔

س ——— یا ھموا کیل یا سمیع بحق یا س۔ جو شخص ہر روز نمازِ ظہر کے بعد ستر بار پڑھا کرے۔ مرتبہ ولایت اس پر منکشف ہو جائے گا۔ اگر اسی قدر لکھ کر بچے کے گلے میں ڈال دیوے تو وہ باتیں کرنے لگے گا۔ اگر اسی قدر لکھ کر اپنے پاس رکھے تو کوئی سختی نہ رہے گی۔ اگر اسی قدر لکھ کر بیمار کو کھلا دیوے تو شفائے کامل پا جاوے گا۔

ش ——— یا ھمرائیل یا شہید بحق یا ش۔ اگر سونے کے وقت دو سو بار یا بیس بار کسی حاملہ عورت کی نیت سے پڑھے تو خواب میں معلوم ہو جائے گا کہ اس کے پیٹ میں لڑکا ہے یا لڑکی۔ اگر کوئی عورت حاملہ نہ ہوتی ہو تو اسی قدر لکھ کر اس کو کھلا دیوے تو وہ باردار ہو جائے گی۔

ص ——— یا اھجمائیل یا صمد بحق یا ص۔ اگر منزل سے چلنے کے وقت پانسو بار پڑھے تو زمین سطے ہو جاوے گی اور دن میں ہی اپنی منزل پر پہنچ جائے گا۔ اگر تین سو بار ہر روز پڑھا کرے تو آنکھوں میں نور بڑھ جاوے گا۔

ض ——— یا عطکائیل یا قابض بحق یا ض۔ اگر ہر روز ہزار بار پڑھا کرے تو اس کا دل قوی ہو جاوے گا۔ اور اگر اسی قدر لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ اس کے دل کی کمزوری دور ہو جاوے گی۔ اگر اسی قدر ہر روز پڑھ کر دیوانہ پر دم کرے تو وہ عاقل ہو جاوے گا۔

ط ——— یا اسماعیل یا طاھر بحق یا ط۔ اگر کسی کے نام پر ہر روز ستر بار پڑھا کرے تو وہ شخص اس کی محبت میں بیقرار ہو جاوے گا اور مطیع ہو جاوے گا۔ اگر پلیتہ لکھ کر جلا دیوے تو وہ شخص بیقرار ہو جاوے گا۔

ظ ——— یا لومائیل یا ظاھر بحق یا ظ۔ اگر ہر صبح کو ستر بار کسی شخص کے لیے پڑھے تو وہ مطیع ہو جاوے گا۔ اگر نمازِ ظہر کے بعد ہزار بار پڑھے تو ظالموں کے شر سے

Marfat.com

خلاصی پائے گا۔ اگر نوسو[۹۰۰] بار لکھ کر مرگی والے کے گلے میں ڈال دیوے تو وہ شفا پاوے گا۔

ع ——— یا نوماٹیل یا عظیم بحق یاع۔ اگر کسی کے نام پر سات سو بار کستوری اور گلاب اور کیسر سے لکھے تو وہ شخص مطیع ہو جاوے گا۔ اگر اسی قدر لکھ کر اپنے پاس رکھے تو وہ بیقرار ہو جاوے گا۔ اور اگر اسی قدر پڑھ کر شکر پر دم کر کے اس کو کھلا دیوے تو وہ مطیع ہو جاوے گا۔

اگر کوئی شخص قید سخت میں ہو تو اپنی انگلی سے زمین پر ایک سو ایک[۱۰۱] بار ع لکھ کر مٹا دیوے۔ غیب سے کوئی اس کا سفارشی ظاہر ہو جاوے گا۔ اور دو تین دن میں وہ رہا ہو جاویگا۔

غ ——— یا لوخائیل یا غفور بحق یا غ۔ اگر ہر روز دشمن کی نیت سے ایک ہزار[۱۰۰۰] اور ستر مرتبہ پڑھا کرے وہ قید ہو جاوے گا۔ اگر اسی قدر حنظل کے پتے پر لکھ کر کسی کے گھر میں ڈال دیوے یا دفن کر دیوے تو اس گھر پر برق گرے گی۔

ف ——— یا رفتمائیل یا فتاح بحق یا ف۔ اگر ہر روز ایک کنکر پر ایک مرتبہ پڑھ کر دشمن کے مکان میں ڈالتا رہے وہ مکان گر پڑے گا۔

اگر اپنے نام اور اپنی والدہ کے نام پر اور اپنے مطلوب کے نام اور اس کی والدہ کے نام پر حریری کاغذ پر ایک ہزار[۱۰۰۰] بار لکھ کر فلیتہ بنائے۔ مطلوب مطیع ہو جاوے گا۔

اگر ہر روز پرانی قبر کی مٹی پر چالیس بار پڑھ کر دشمن کے گھر میں ڈالتا رہے تو اس گھر میں لڑائی پڑ جاوے گی۔

ق ——— یا عطوائیل یا قدوس بحق یا ق۔ اگر ہر روز چار سو[۴۰۰] بار پڑھے تو اس کی سب حاجتیں پوری ہو جاویں گی۔ اگر اسی قدر لکھ کر کسی شخص کی نیت سے وزنی پتھر کے نیچے رکھ دیوے تو اس کی نیند باندھی جاوے گی۔

ك ——— یا حرونزائیل یا کافی بحق یا ك۔ جو شخص ہر روز دو سو[۲۰۰] بار پڑھے۔ خدائی اسرار اس پر منکشف ہوں گے۔

اگر اسی قدر لکھ کر اپنے پاس رکھے تو لوگوں کی نظر میں عزیز ہو جاوے گا۔

ل ——— یا طاطائیل یا لطیف بحق یال۔ جو شخص ہر روز ہزار[۱۰۰۰] بار پڑھ کر اپنے اوپر پھونک دیا کرے وہ خلقت میں عزیز ہو جاوے گا۔ اگر چاہے کہ دشمن کی آنکھوں سے

Marfat.com

پوشیدہ ہوجاوے تو سات سو بار پڑھے دشمنوں کی نظر سے غائب ہوجاوے گا۔

م ——— یا رءوائیل یا مھیمن بحق یامہ۔ جو شخص ہر روز نمازِ عصر کے بعد نوّے بار پڑھا کرے۔ اس کے کسب میں برکت ہوگی۔ اگر کوئی شخص مقروض ہو تو ستّر بار پڑھے قرض سے خلاصی پاجاوے گا۔ اگر اسی قدر لکھ کر پتھر کے نیچے رکھ دے اور اس پر پانی ڈال دیوے تو لوگوں کی نظر میں عزیز ہوجاوے گا۔

ن ——— یاحولائیل یا نور بحق یان۔ جو شخص ہر روز ستّر بار پڑھے یا لکھ کر اپنے پاس رکھے وہ لوگوں کے شر سے محفوظ رہے گا۔ اگر نمازِ جمعہ کے بعد اسی قدر پڑھے تو حضرت ذوالجلال عزّ اسمہٗ کو خواب میں دیکھے گا۔ اگر دو سو بار یا ہزار بار پڑھے گا تمام جہان اس کے دل میں آجائے گا۔ اگر حرف نَ کو بے شمار مرتبہ لکھ کر کسی قبر کے اوپر رکھ دے۔ اور اس کے اوپر مٹی کا ایک ڈھیلا رکھ دے۔ تو جس گاؤں یا شہر کی نیت کرے گا وہ اس کو نظر آجاوے گا۔

و ——— یا رفتمائیل یا وھاب بحق یاو۔ اگر کسی کی زبان بندی کے واسطے ساٹھ بار پڑھے تو اس کی زبان باندھی جاوے گی۔ اگر ہلاکی دشمن کے واسطے ہر روز ہزار بار پڑھے تو دشمن ہلاک ہوجاوے گا۔ اگر کسی جگہ لوگوں کے سامنے جانے سے ڈرتا ہو تو ستّر بار پڑھ کر چلا جاوے۔ کوئی شخص اس کے مقابلہ پر نہ ہوسکے گا۔

ھ ——— یا رءوما ئیل یا ھادی بحق یاھ۔ (مولف کہتا ہے کہ بیاض مذکور سے حرف ھَ اور یَ کی تشریح کا مضمون کرم خوردہ تھا اس لیے یہاں تحریر نہیں ہوسکا)

آپ دنیا سے لاولد فوت ہوئے۔

سیّد محمد شاہؒ کی وفات بروز سوموار بیسویں ذی الحجہ سنہ ۱۱۷۰ھ کو ہوئی۔

تاریخ وفات مدفون گورستانِ نوشاہیہ۔

مادۂ تاریخ: "والی خوش اطوار"

سیّد باغ شاہؒ

آپ سیّد شیر محمد بن سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوان برخورداریؒ کے پانچویں

Marfat.com

فرزند تھے۔ خلافت و اجازت اپنے چچا بزرگوار حضرت سید محمد عظیم دھاوائی ؒ سے حاصل کیا[1]۔
آپ کی والدہ کا نام سیدہ صاحب خاتوں بنت سید عنایت اللہ زاہد ؒ تھا۔
لاولد فوت ہوئے۔ وفات ۱۱۷۵ھ

سید مراد علی ؒ

آپ سید گل محمد بن سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوان برخورداری ؒ کے فرزند اکبر تھے۔
بیعت و خلافت اپنے عم گرامی قدر حضرت سید محمد عظیم دھاوائی ؒ سے تھی[2]۔
آپ کی والدہ کا نام سیدہ عائشہ بانو بنت سید عنایت اللہ زاہد ؒ تھا۔ کوئی اولاد نہیں ہوئی۔ وفات ۱۱۸۵ھ

سید محمد علی ؒ

آپ سید گل محمد بن سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوان ؒ کے دوسرے بیٹے تھے۔
خرقۂ خلافت اپنے حقیقی چچا حضرت سید محمد عظیم ؒ سے حاصل کیا[3]۔
آپ کی والدہ کا نام سیدہ عائشہ بانو بنت سید عنایت اللہ زاہد ؒ تھا۔ لاولد انتقال کیا۔ وفات ۱۱۹۰ھ

سید دوست محمد ؒ

آپ سید گل محمد بن سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوان ؒ کے تیسرے فرزند تھے۔
بیعتِ طریقت اپنے عم عالی قدر حضرت سید محمد عظیم دھاوائی ؒ سے کی۔ سلوکِ قادریہ پورا کر کے خلافت و اجازت سے مشرف ہوئے[4]۔
والدہ کا نام سیدہ عائشہ بانو بنت سید عنایت اللہ زاہد ؒ تھا۔

---

[1] [2] [3] [4] مناقبات نوشاہیہ ۱۲ شرافت

Marfat.com

تحصیلِ علم آپ نے اپنے والد بزرگوار سید گل محمدؒ اور دیگر اساتذہ کرام سے تعلیم پائی۔ حضرت سید حافظ جمال اللہ فقیہِ اعظم برخورداریؒ سے علوم معقول و منقول حاصل کر کے سندِ فضیلت پائی۔ علمِ فقہ و حدیث و تاریخ و نجوم میں کافی دسترس تھی۔

معمولات آپ اورادِ قادریہ نوشاہیہ کے پورے پورے پابند تھے۔ کلمہ طیبہ، درود شریف ہزارہ کا وظیفہ تھا۔ نمازِ فجر کے بعد اور نمازِ عصر کے بعد مسبحات عشر پڑھا کرتے۔

مقالات

آپ نے کوئی مستقل تصنیف تو نہیں چھوڑی۔ البتہ ایک بیاض پر آپ کی تحریری یادگاریں ہیں جن میں سے بعض بطور مقالہ یہاں تحریر کی جاتی ہیں۔

مقالہ اوّل یہ آپ نے ایک تاریخی واقعہ لکھا ہے جس میں نادر شاہ کے تاراج دہلی کا واقعہ لکھا ہے۔

ورودِ سلطان نادر شاہ در ملک ہند در سنہ ۱۱۵۱ ہجری نبوی و بست و یک سال سنہ محمد شاہ بادشاہ غرہ شوال روز عید رمضان فصل خریف بونت نیل در ماہ ماہنہ بر دریائے چناب رسیدہ ملک را تاخت نمودہ بادشاہی دہلوی گرفتہ خزانہ ہا در تصرف خود نمودہ ملک را باز با محمد شاہ بخشیدہ خود روانہ بہ ایران شد۔

سلطان نادر شاہ کا ملک ہندوستان میں آنا

غرہ شوال عید رمضان کے دن ۱۱۵۱ھ سنہ ۲۱ جلوس محمد شاہ بادشاہ میں ہوا۔ فصل خریف بونت نیل ماہنگ کے مہینہ میں دریائے چناب پر پہنچا اور ملک میں لوٹ مار مچائی۔ دہلی کی بادشاہی پر قابض ہوا۔ خزانے اپنے قبضہ میں لایا اور پھر محمد شاہ کو ملک عطا کر کے ایران کو چلا گیا۔

مقالہ دوم یہ ایک تاریخی واقعہ ہے جس میں نجوم کا بھی تعلق ہے۔

یادداشت عجوبہ نو در فصل خریف تنکوز نیل سنہ ۲۶ جلوس محمد شاہ و در سنہ ۱۱۵۶ ہجری نبوی در اخیر شہر ذی حجہ ستارہ از جانب مغرب ہویدا

ایک نئے عجیب واقعہ کی یادداشت۔ فصل خریف تنکوز نیل سنہ جلوس محمد شاہی سنہ ۱۱۵۶ ہجری نبوی ماہ ذی الحجہ کے اخیر میں ایک ستارہ

Marfat.com

شد کہ شعلہ او مثل باغ آتشبازی مے برآمد
تعجب و تماشا شد قریب بیست روز مرور شہر
محرم الحرام ظاہر ماند بعد ازاں فرو رفت باز
از جانبِ مشرق پدید آمد لیکن شعلہ او قدرے کم
کج یک ہفتہ ماند و باز گم شد - دراں ایام
باراں بسیار شدند - در ماہ مانہ شروع شدند
تا پانزدہم ماہ چیتر بارش شد - ظلم حکام ہر چہار
طرف از حد شد - تہلکہ بے امنی در جہان بسیار
دیدہ بود - غلہ بموجب قدر ارزاں اما سوائے
پیسہ دانہ بدست نیامدے - بلکہ ایں حالت
در ایام ہفت چو بینہ نرخ غلہ سختی و سیاہ دلی
نشدہ بود کہ دریں ایام رو نداد شد -
من ابتدائے ماہ ساون در ملک لاہور
و سیالکوٹ و گجرات و کوہسار باراں بموجب
قدر خوب شدند - و در ملک غروب از حد
ہزارہ و از حد چنیوٹ باراں ہیچ نشد - من
ابتدائے اول ماہ بھادروں باراں در تمام
ملک از حد زیادہ شدند - خصوصاً بتاریخ
بیست و دوم ماہ بھادروں جھڑی باران بارش
دوازدہ پہر چناں شد کہ گویا قیامت رو نمودہ
بود - ہر چہار طرف دیوار ہا مے افتاد - و
مردمان مثل جان کندن کامل افتادہ از جان
دست شستہ و نا امید شدہ بودند تا بروز

مغرب کی طرف سے ظاہر ہوا کہ اس کا شعلہ
آتش بازی کے باغ کی طرح نکلتا تھا، بڑا
عجیب اور قابلِ دید تھا۔ ماہ محرم الحرام کے بیس روز
گزرنے تک وہ ظاہر رہا پھر غروب ہو گیا۔
پھر مشرق کی طرف سے ظاہر ہوا لیکن اس کا
شعلہ کچھ کم اور ٹیڑھا تھا۔ ایک ہفتہ رہا پھر گم
ہو گیا۔ ان دنوں بارشیں بہت ہوئیں -
ماہ سنگ کے مہینہ میں شروع ہو کر پندرھویں چیت
تک رہیں۔ چاروں طرف حاکموں کا ظلم بیحد
ہو گیا۔ دنیا میں بدامنی بہت پھیل گئی۔ غلہ کا نرخ
کچھ سستا تو تھا لیکن سوائے پیسہ کے دانہ ہاتھ
نہیں آتا تھا بلکہ ایسی تکلیف اور سنگدلی اس
وقت بھی واقع نہیں ہوئی تھی جن ایام میں غلہ کا
بھاؤ ساٹھ پڑوپی ہو گیا تھا۔ ماہ ساون کے
شروع سے ہی علاقہ لاہور اور سیالکوٹ اور گجرات
اور پہاڑوں میں بارشیں بہت اچھی ہوئیں۔ اور
مغربی علاقوں میں ہزارہ سے لے کر چنیوٹ کی حدود
تک کہیں بارش نہ ہوئی۔ اور ماہِ بھادروں کے
شروع سے تمام ملک میں بے شمار بارشیں ہوئیں
خصوصاً بائیسویں بھادوں کو بارش کی جھڑی ایسی
لگی کہ بارہ پہر تک متواتر رہی۔ ایسا ہوا کہ گویا
قیامت آگئی۔ چاروں طرف سے دیواریں گر رہی
تھیں اور لوگ نزع کی حالت میں جان سے ہاتھ

Marfat.com

آخر بفضل حق خیر شد۔ ہموں روز کہ روز پنجشنبہ بود سیلان آب دریا آمد بشب جمعہ کہ بیست چہارم ماہ بھادروں بود چناں سیل آمد کہ تمام شب مردمان ہاو ہو میکردند۔ وقت یک پہر باقی شب آب ایستاد و کم شد۔ مارے آرام دل شد۔ سہ روز آفتاب برآمد۔ روز چہارم باز باراں شد۔ مردمانِ عالم از دستِ باراں تنگ شدند۔ و زراعت تمام تلف شد۔ ایں ماجرا در تمام عالم رو نداده بود۔ لغایت بیست ہشتم ماہ مذکور ایں حالت گذشتہ واللہ اعلم کہ چہ خواہد شد۔"[1]

دھو کر زندگی سے نا امید ہو چکے تھے۔ تا آنکہ دن کے آخر وقت میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے خیر ہو گئی۔ اُسی روز کہ دیروار کا دن تھا۔ دریائے چناب میں بڑا سیلاب آگیا۔ جمعہ کی رات کو کہ چوبیس بھادوں کی تاریخ تھی۔ ایسا سیلاب آیا کہ ساری رات لوگ شور و فغان کرتے رہے پہر رات باقی رہتی تھی کہ پانی کا چڑھاؤ رک گیا۔ اور کچھ کم بھی ہو گیا۔ قدرے دل کو آرام آیا۔ تین روز سورج نکلتا رہا۔ چوتھے دن پھر بارش ہو گئی۔ دُنیا کے لوگ بارش کے ہاتھ سے بہت تنگ آ گئے اور فصلیں سب ضایع ہو گئیں یہ واقعہ سارے ملک میں پیش آیا۔ ماہ مذکور کی اٹھائیسویں تاریخ تک یہی حالت گزرتی رہی۔ خدا جانے آئندہ کیا کچھ ہو گا۔

مقالہ سوم یہ رباعی آپ نے نسخۂ کیمیا کے متعلق تحریر فرمائی ہے۔

رباعی

خویش گفت شمس مغرب گر کرد توتیا — زرنیخ سرب زیبق ہر یکے را بسا
با خونِ تیزہ ترکن دانگہ بنار کن — باللہ خدائے دانا این ست کیمیا[2]

رسالہ زکی نامہ اور توکل نامہ سے آپ کا دستخط یہاں درج کیا جاتا ہے،

دستخط "تمت تمام شد بید فقیر دوست محمد بہمت خاطر خود نوشتہ شد۔"

مہر آپ نے ۱۱۴۳ھ میں مُہر بنوائی، جس پر یہ سجع کندہ تھا،

---

[1] بیاض لطایف محل شاہی ۱۲ شرافت [2] ایضاً شرافت

Marfat.com

[در باغ عصمت اللہ گُل ہست دوست محمد]

اس مصرع میں تاریخی نام ہے کہ اس مصرع میں تین پشتوں کے نام آگئے ہیں۔
دادا صاحب کا نام عصمت اللہ، والد صاحب کا نام گُل محمد، اپنا نام دوست محمد۔
آپ لاولد فوت ہوئے۔ مدفون گورستانِ نوشاہیہ۔

وفات ۱۱۹۴ھ۔

سیّد محمد زمانؒ

آپ سیّد گُل محمد بن سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوان برخورداریؒ کے چوتھے بیٹے تھے۔
خرقۂ خلافت اپنے عم بزرگوار حضرت سید محمد عظیم دھمادائیؒ سے حاصل کیا[1]
آپ کی والدہ کا نام سیدہ عایشہ بانو بنت سید عنایت اللہ زاہدؒ تھا۔ لاولد انتقال کیا۔
وفات ۱۱۹۸ھ

سیّد فیض العلیؒ

بعض شجروں میں آپ کا نام فضل علی لکھا ہے۔ آپ سیّد گُل محمد بن سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوانؒ کے پانچویں فرزند تھے۔ بیعتِ طریقت اپنے چچا صاحب حضرت سیّد محمد عظیمؒ سے تھی۔ خلافت اور اجازت بھی حاصل تھی[2]
آپ کی والدہ کا نام سیّدہ عایشہ بانو بنت سید عنایت اللہ زاہدؒ تھا۔ آپ لاولد فوت ہوئے۔
وفات ۱۲۰۵ھ۔

سیّد نور علیؒ

آپ سیّد گُل محمد بن سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوانؒ کے چھٹے فرزند تھے۔ خلافت و اجازت اپنے عم عالی قدر حضرت سید محمد عظیمؒ سے تھی[3]
آپ کی والدہ کا نام سیدہ عایشہ بانو بنت سید عنایت اللہ زاہدؒ تھا۔ آپ بے اولاد چل بسے۔ وفات ۱۲۰۹ھ۔

---

[1] و [2] و [3] مناقباتِ نوشاہیہ ۱۲ شرافت

Marfat.com

سید محمد اکرمؒ

آپ حضرت سید محمد عظیم دھماوائی بن سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوان کے فرزند اکبر اور مرید و خلیفہ تھے[1]

اولاد آپ کا نکاح اپنی حقیقی پھوپھی کی بیٹی سیدہ پیرزادی بنت سید ابو سعید مرتاضؒ سے تھا ان کے بطن سے دو بیٹے پیدا ہوئے :

۱۔ سید جیون شاہؒ ۲۔ سید حسین شاہؒ

وفات سنہ ۱۲۱۹ھ۔

سید محمد مکرمؒ

آپ حضرت سید محمد عظیم دھماوائی بن سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوان برخورداریؒ کے دوسرے بیٹے اور مرید و خلیفہ تھے[2]

آپ کا نکاح اپنی پھوپھی کی بیٹی سیدہ صاحبزادی بنت سید ابو سعید مرتاضؒ سے تھا۔

نکاح لیکن کوئی اولاد نہ ہوئی۔ **وفات** سنہ ۱۲۲۳ھ۔

سید رکن الدینؒ

آپ حضرت سید محمد عظیم بن سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوانؒ کے تیسرے بیٹے اور مرید و خلیفہ تھے۔ صاحب علم و فضل و برکت و یمن تھے۔

آپ کے دو بیٹے تھے :

اولاد ۱۔ سید نور محمدؒ ۲۔ سید دین محمدؒ دونوں بچپن میں فوت ہو گئے۔

وفات سنہ ۱۲۲۵ھ

سید محکم الدینؒ

آپ حضرت سید محمد عظیم بن سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوانؒ کے چوتھے بیٹے اور مرید و

---

[1] و [2] مناقبات نوشاہیہ ۱۲ شرافت

Marfat.com

خلیفہ تھے۔

تعلیم آپ نے علوم دینیہ مروجہ کی پوری تحصیل کی۔ فنِ کتابت نستعلیق بھی سیکھا۔ علمِ تصوف کی کتابوں کا مطالعہ رکھتے۔

دستخط آپ کے ہاتھ کی لکھی ہوئی کتاب اسرار الطریقت فارسی[1] مصنفہ شاہ محمد غوث لاہوریؒ موجود ہے۔ اس پر سے آپ کا دستخط تبرکاً نقل کیا جاتا ہے:

"تمام شد رسالۂ تصوف من تصنیف قدوۃ الواصلین حضرت سید محمد غوث قدس سرہ العزیز روز شنبہ دویم شہر رمضان المبارک وقت نماز ظہر ۱۱۳۸ھ ہجری بدست خطا فقیر حقیر محکم دین برائے مطالعہ میاں نیک عالم مرقوم نمودہ شد۔"

آپ کا دنیا سے لاولد انتقال ہوا۔

تاریخ وفات سید حکم الدین[2] کی وفات بروز پنجشنبہ، اٹھائیس شوال ۱۲۲۹ھ میں ہوئی۔ موضع دھماوا علاقہ کس گنجاں ضلع میرپور میں اپنے والد صاحبؒ کے پاس دفن ہوئے۔

ماده ہائے تاریخ:

۱۔ ہادی نجتاور ۲۔ ظل رحمان

سید فیض بخش

آپ کا لقب خلیفہ صاحب تھا۔ آپ حضرت سید محمد عظیم بن سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوانؒ کے پانچویں بیٹے اور مرید و خلیفہ تھے۔

تعلیم آپ نے فارسی علم، ادب و فقہ میں کافی مہارت حاصل کی۔ علمی شوق تھا۔ اپنے بھائیوں کے ساتھ نہایت ہمدردی رکھتے۔

---

[1] یہ کتاب سید محمد شریف بن سید محمد عالمؒ کے گھر میں موجود ہے ۱۲

[2] سید حکم الدین کا کچھ ذکر شریف التواریخ کی تیسری جلد کے چوتھے حصہ میں آئے گا۔ شرافت

Marfat.com

مکتوب آپ کے بڑے بھائی سید محمد اکرم موضع دھاوا سے ساہن پال شریف کو تشریف لے گئے۔ بعد میں آپ نے ان کو ایک مکتوب بھیجا جو درج ذیل ہے:

"اخوت پناہ عطوفت و مرحمت دستگاہ حضرت اخوان صاحب جیو سلمہ اللہ تعالیٰ۔

ازیں صوب عقیدت گزیں عبودیت آئین خلیفہ فیض بخش بعد ابراز لوازم تقدیم مشہود رائے سامی باد مجاری حالات ایں جائے بعون عنایت الٰہی بہر وجوہ بخیر ست۔ صحت تندرستی آں مہربان از درگاہ قاضی الحاجات استدعائے می نمایم۔ دریں ولا صورت این ست ازاں روزے کہ آں مہرباں ازیں جائے مرخص گشتہ مراجعیت دل مبدل بہ اندوہ شدہ۔ تاحال التحریر اصلاً آمد ایشاں بظہور نرسیدہ ازیں معنی حیرانی و سرگردانی روندادہ۔ بناءً متصدعہ افزائے اوقات گرامی گردد کہ سوانحات آنجائے من وعن نوشتہ بایں جانب مبذول فرمایند۔ زیادہ آداب"

آپ لاولد فوت ہوئے۔ مدفون دھاوا۔ ضلع میرپور۔

وفات ۱۲۳۴ھ

سید فتح الدین ڈھلویؒ

اوصافِ جمیلہ آپ مخزنِ انوار ربانی، معدنِ اسرارِ یزدانی، حجۃ العارفین، امام السالکین، دلیلِ اہلِ حقیقت، شہبازِ اوجِ معرفت، صاحبِ تجرید و تفرید تھے۔ آپ حضرت سید محمد عظیم دھاوائی بن سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوانؒ کے چھوٹے فرزند اور مرید و خلیفہ تھے۔

کمالات آپ علمِ ظاہر و باطن میں بے مثل تھے۔ آپ کو طریقۂ سلوک قادریہ نوشاہیہ پورا پورا حاصل تھا۔ آپ کی زبان تیرِ قضا تھی۔ جو کچھ فرماتے وہی ہو جاتا۔ مستجاب الدعوات تھے۔ بے شمار لوگ آپ کے فیض سے مستفیض ہوئے۔

ڈھل شریف کی آبادی منقول ہے کہ جب آپ کے والد بزرگوار حضرت سید محمد عظیمؒ نے موضع دھاوا میں وفات پائی تو آپ اُن کے بعد غمزدہ اور اداس ہو کر وہاں سے چل پڑے۔ کسی جگہ دل نہیں لگتا تھا۔ چند عرصہ شہر جہلم کے پاس موضع ٹاہلیانوالہ میں قیام فرمایا۔ وہاں بھی طبیعت کو سکون حاصل نہ ہوا۔ آخر وہاں سے بھی چل دیئے۔

Marfat.com

خیال کیا کہ اپنے آبائی وطن ساہن پال شریف میں چلے جاویں۔ اُس علاقہ میں آپ کے مریدوں کا حلقہ وسیع تھا۔ جب ان کو آپ کے ارادہ کا پتہ چلا تو سب آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئے کہ ہم لوگ آپ کی جُدائی برداشت نہیں کر سکتے۔ آپ اسی علاقہ میں تشریف رکھیں۔ چنانچہ ان لوگوں نے ایک بلند جگہ پر آپ کو ایک حجرہ بنا دیا۔ آپ وہاں دن رات یادِ الٰہی میں مشغول رہتے۔ کچھ عرصہ کے بعد موضع بُتی ٹُنّن کو دریائے جہلم نے بُرد کیا تو وہاں کے باشندوں نے آ کر حضور کے آس پاس مکانات بنا لیے اور گاؤں کا نام ڈھل رکھا۔ آپ مدت العمر وہیں سکونت گزیں رہے۔

کرامات

آپ سے اکثر خوارق و کرامات ظاہر ہوتے تھے۔

عجیب درخت منقول ہے کہ آپ کے پاس گائیاں بہت ہوتی تھیں۔ آپ کے درویش باہر سے چُرا لاتے آپ نے اپنے گھر کے صحن میں بیری کا پودا لگایا۔ اس کو بجائے پانی کے گائیوں کے دودھ سے سینچا کرتے۔ وہ بڑا درخت بنا۔ اس کا پھل بہت شیریں ہوا کرتا تھا۔

ف: مؤلفِ کتاب ہذا فقیر سید شرافت عافاہ اللہ نے وہ بیری کا درخت دیکھا ہے لیکن اس پندرہ سال گزر گئے ہیں آپ کی اولاد نے وہ کاٹ دیا ہے۔

اولاد آپ کی اہلیہ محترمہ کا نام سیدہ عظمت بی بیؒ تھا۔ ان کے بطن سے آپ کا ایک صاحبزادہ سید اللہ دتہ نام پیدا ہوا۔

یارانِ طریقت آپ سے بہت لوگوں نے خلافت پائی۔

۱۔ سید خیر اللہ بن سید فتح اللہ برخورداریؒ پانڈو کے

۲۔ سید موج الدین بن سید عطاء اللہ برخورداریؒ ساہن پال شریف

۳۔ سید اللہ بخش بن شاہ تقن برخورداریؒ ۴۔ سید قادر بخش بن شاہ تقن برخورداریؒ

۵۔ سید فیض بخش بن شاہ تقن برخورداریؒ چک چوہدری

۶۔ سید خدا بخش بن شاہ تقن برخورداریؒ ساہنپال شریف

Marfat.com

۷۔ سید شرف الدین بن سید خدا بخش برخورداریؒ ساہن پال شریف
۸۔ سید فتح الدین بن سید خدا بخشؒ 〃 〃
۹۔ سید حبیب اللہ بن سید خدا بخشؒ 〃 〃
۱۰۔ سید اللہ دتہ بن سید فتح الدینؒ فرزند آنجناب ڈھل شریف
۱۱۔ سید حافظ الٰہی بخش بن سید حافظ نور اللہؒ ساہن پال شریف
۱۲۔ سید فتح محمد بن سید ضیاء اللہؒ رسولنگر ۱۳۔ سید محمد بخش بن سید ضیاء اللہؒ رسولنگر
۱۴۔ سید عبداللہ بن سید خیر اللہؒ پانڈو کے ۱۵۔ سید سلطان محمود بن سید خیر اللہؒ پانڈو کے
۱۶۔ سید علی محمد بن سید موج الدینؒ ساہن پال شریف
۱۷۔ سید شمس الدین بن سید اللہ دتہؒ نبیرہ آنجناب ڈھل شریف
۱۸۔ سید قطب الدین بن سید اللہ دتہؒ 〃 ساہن پال شریف
۱۹۔ سید احمد بخش بن سید اللہ دتہؒ 〃 〃
۲۰۔ سید علم الدین بن سید علی محمدؒ ساہن پال شریف
۲۱۔ شیخ عظمت شاہ درویشؒ فتح آباد ۲۲۔ شیخ لطف شاہ فتح آباد
۲۳۔ میاں خلیفہ ۲۴۔ پنڈت سنت رام رسول نگر

سید فتح الدینؒ کی وفات بروز پنجشنبہ، وقت نمازِ عصر، چھٹویں ماہ صفر

تاریخ وفات ۱۲۲۷ھ میں ہوئی۔ دوسرے روز جمعہ کے دن دفن ہوئے۔

آپ کا مزار پُر انوار موضع ڈھل شریف متصل سرائے عالمگیر تحصیل کھاریاں ضلع گجرات میں دریائے جہلم کے جنوبی کنارہ پر ہے۔ گاؤں سے جنوبی طرف پختہ چار دیواری بنی ہوئی ہے۔

قطعہ تاریخ

شاہبازِ وحید فتح الدین پیر روشن ضمیر شاہِ زمان

لہ حضرت سید فتح الدینؒ کا کچھ ذکر شریف التواریخ کی تیسری جلد موسوم بہ تذکرۃ النوشاہیہ کے چوتھے حصہ کا شرالاحبار نام میں لکھا جائے گا ۱۲ شرافت

Marfat.com

زاہدِ بے مثال و عارف بود　　کاشف راز ہائے کون و مکان
مرتحل گشت زیں سرائے فنا　　در بقا یافت عز و رفعت و شان
چوں خرافت بجست تاریخش　　گفت ہاتف مکینِ باغِ جنان

مادہ ہائے تاریخ :

۱۔ خسروِ دوراں　۲۔ رشکِ بہشت　۳۔ چراغِ پاک

سید محبوب شاہؒ

آپ سید ابو سعید مرتاض بن سید حافظ جمال اللہ فقیہ اعظم برخوردار یؒ کے فرزند اکبر تھے۔ آپ کی والدہ سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوانؒ کی بیٹی تھیں۔ آپ بچپن میں فوت ہو گئے۔
وفات ۱۱۵۰ھ۔

سید شیر شاہؒ

آپ سید ابو سعید مرتاض بن سید حافظ جمال اللہ فقیہِ اعظمؒ کے فرزند اصغر تھے۔ آپ کی والدہ سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوانؒ کی بیٹی تھیں۔ آپ کا صغر سنی میں ہی انتقال ہو گیا۔
وفات ۱۱۵۰ھ

سید حافظ نور اللہ فرشتہ صفاتؒ

امامِ زماں شاہِ نور اللہ است　　کہ از رازہائے خدا آگہ است

آپ مخزنِ اسرارِ الٰہی، مہبطِ انوارِ نامتناہی، سرحلقہ اولیائے کرام، سرگروہِ صوفیائے عظام، صاحبِ زہد و تقویٰ تھے۔ آپ حضرت مولانا سید حافظ محمد حیات ربانی بن سید حافظ جمال اللہ فقیہِ اعظمؒ کے فرزند اکبر اور مریدِ خلیفۂ اعظم تھے۔

آپ کی والدہ صاحبہ کا نام حضرت مہربانو بنت شیخ عنایت اللہ بن شیخ احمد مفتی بچہ چٹھہ تھا۔

علم و فضل آپ علم و فضل میں اپنے معاصرین سے فائق تھے۔ آپ کے ہاتھ مبارک کی تحریرات بہت کچھ دستیاب ہوئی ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ آپ

Marfat.com

تصوف اور فقہ اور لغت اور عملیات میں کافی دسترس رکھتے تھے۔ عبادت و ریاضت اور حسنِ اخلاق اور وعظ و تقریر میں یکتا تھے۔ اور بڑے صاحبِ تصرف و کرامات تھے۔

آپ کے حالات طبقہ اوّل میں مفصّل لکھے جا چکے ہیں۔ یہاں ترتیب نسب کے لحاظ سے مختصر تذکرہ کر دیا ہے۔ نیز میں نے آپ کی مستقل سوانحعمری بنام صحیفۂ نور لکھی ہے۔ اس میں آپ کے حالات و مقامات کو بتفصیل تمام لکھا ہے۔

ازواج

آپ کی دو اہلیہ تھیں:

۱۔ سیدہ قادرہ بانو بنت سید ابو سعید مرتاض۔ ان سے کوئی اولاد نہیں۔

۲۔ حضرت خان بی بی۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔

اولاد

آپ کے دو بیٹے تھے:

۱۔ سید حافظ الٰہی بخش مظہر حق ۲۔ سید خدا بخش

آپ کی تین بیٹیاں تھیں:

۱۔ سیدہ بخت بھری۔ منکوحہ سید عبد اللہ بن سید خیر اللہ برخورداری ساکن پانڈوکے۔

۲۔ سیدہ نور بھری۔ منکوحہ سید حبیب اللہ بن سید خدا بخش ساہنپالوی۔

۳۔ سیدہ صلاح بی بی۔ منکوحہ سید فتح محمد بن سید ضیاء اللہ رسولنگری۔

سید حافظ نور اللہ کی وفات بروز جمعہ ششم صفر ۱۲۲۹ھ میں ہوئی۔

تاریخ وفات مدفون گورستانِ نوشاہیہ۔

مادہ ہائے تاریخ: ۱۔ شیخ اعلیٰ درجہ ۲۔ ہادی فرخندہ سیر

سید ضیاء اللہ رسولنگری

زہے شاہ ضیاء اللہ مردِ نجیب — کہ در راہِ عرفان دارد نصیب

آپ حضرت سید حافظ محمد حیات ربانی بن سید حافظ جمال اللہ فقیہ اعظم کے دوسرے بیٹے اور مرید خلیفہ تھے۔ آپ کی والدہ کا نام حضرت مہر بانو بنت شیخ عنایت اللہ متی پکہ چھڑا تھا۔ تاریخ ولادت کتاب ثمرات الافکار سے ثابت ہوتا ہے کہ آپ کی ولادت ۱۱۵۰ھ میں

Marfat.com

ہوئی۔ جمعہ کا دن تھا۔ لفظ "فیض کرم" سے تاریخ پیدائش ظاہر ہوتی ہے۔

تربیت و تعلیم آپ نے تربیت و تعلیم بھی اپنے والد بزرگوار سے پائی۔ آپ بڑے زاہد، عابد، پرہیزگار، صوفی مشرب تھے۔ قصبہ رسول نگر ضلع گوجرانوالہ میں سکونت رکھتے تھے۔

تکمیلِ طریقت آپ نے فیضانِ طریقت کی تکمیل حضرت سید محمد عظیم وحمادانی بن سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوان سے کی۔ ان کی طرف سے بھی خلافت و اجازت حاصل ہوئی۔

آپ کے دو بیٹے تھے:

اولاد ۱۔ سید فتح محمدؒ ۲۔ سید محمد بخشؒ

یارانِ طریقت آپ کے خواص مریدان سے یہ افراد قوم تارڑ سے اگردیہ کے رہنے والے تھے،

۱۔ ہست بن برخوردار ۷۔ شیر بن بلوچ
۲۔ اشرف بن قادر بخش ۸۔ امام بخش بن بلوچ
۳۔ جعفر بن قادر بخش ۹۔ ساون بن براہم
۴۔ لطف بن قادر بخش ۱۰۔ تلا بن براہم
۵۔ کلیم اللہ بن محمد یار ۱۱۔ قطب بن محمد یار
۶۔ نور بن بلوچ ۱۲۔ مبارک بن شہر یار

تاریخِ وفات سید ضیاء اللہ[1]ؒ کی وفات بعمر چوراسی سال بروز سوموار، انیسویں ربیع الآخر ۱۲۳۴ھ ۴ پھاگن سمت ۱۸۷۶ ۵ فروری ۱۸۱۹ء کو ہوئی۔ مدفون گورستان نوشاہیہ۔

مادۂ تاریخ:

۱۔ آیت شریف فلا غالب لکم ۲۔ عزت خانقاہ

---

[1] حضرت سید ضیاء اللہ کا مزید ذکر شریف التواریخ کی تیسری جلد موسوم بہ تذکرۃ النوشاہیہ کے چوتھے حصہ مآثر الاحبار نام میں لکھا جائے گا۔ شرافت

Marfat.com

سید مراد اللہؒ

آپ حضرت سید حافظ محمد حیات ربانی بن سید حافظ جمال اللہ فقیہِ اعظمؒ کے تیسرے بیٹے تھے۔ آپ کی والدہ کا نام حضرت مہربانو بن شیخ عنایت اللہ بن شیخ احمد مفتی کچھوچھہ تھا۔ سید محمد عظیم کے مرید تھے۔

تاریخ ولادت آپ کی ولادت باسعادت بدھوار کی رات، نماز شام کے بعد، چوبیس ۲۴ جمادی الثانی ۱۱۵۶ھ میں ہوئی۔[1] جوانی کی عمر میں لاولد فوت ہوئے۔

وفات ۱۱۹۴ھ

سید عباد اللہؒ

آپ حضرت سید حافظ محمد حیات ربانی بن سید حافظ جمال اللہ فقیہِ اعظمؒ کے چوتھے بیٹے تھے۔ آپ کی والدہ صاحبہ کا نام حضرت مہربانو تھا، بنت شیخ عنایت اللہ بن شیخ احمد مفتی کچھوچھہ۔ آپ کی وفات شباب میں ہوگئی۔ آپ کی بیعتِ طریقت حضرت سید محمد عظیم بن شاہ عصمت اللہ سے تھی۔ آپ لاولد فوت ہوئے۔

وفات ۱۱۹۷ھ

---

[1] ثمرات الافکار ۱۲ شرافت

Marfat.com

باب ششم

اس میں ان بزرگوں کے ذکر ہیں جو حضرت نوشہ صاحبؒ سے چھٹی پشت ہیں۔

سید خیر اللہ پانڈوی والہؒ

آپ یگانۂ آفاق، برگزیدہ خلاق، صاحبِ زہد و تقویٰ تھے۔ آپ سید فتح اللہ بن سید شاہ نظام برخورداریؒ کے فرزند اکبر تھے۔ خرقۂ خلافت حضرت سید فتح الدین دہلوی بن سید محمد عظیم برخورداریؒ سے حاصل کیا۔[1]

پانڈوکے میں ورود

آپ نے طریقۂ سلوک پورا حاصل کیا۔ بایمائے غیبی آپ ساہن پال شریف سے چل کر بمقام پانڈوکے ضلع گوجرانوالہ تشریف لے گئے۔ وہاں کے ارادت مندوں نے آپ کو جگہ دی اور مکانات تیار کر دیے۔ آپ مدت العمر وہیں یادِ الٰہی میں مشغول رہے۔ علم ظاہر و باطن میں یگانہ تھے۔

اولاد آپ کے دو بیٹے تھے:

۱۔ سید عبداللہؒ ۲۔ سید سلطان محمودؒ

آپ کی ایک بیٹی سیدہ نور بی بی نام تھیں جو سید خدا بخش بن سید حافظ نور اللہ فرشتہ صفات برخورداری ساہن پالویؒ کی منکوحہ تھیں۔

تاریخِ وفات سید خیر اللہؒ کی وفات بروز منگلوار، ساتویں ربیع الاوّل ۱۲۰۵ھ میں ہوئی۔ مزار مبارک پانڈوکے ضلع گوجرانوالہ میں ہے۔

مادہ ہائے تاریخ: ۱۔ آیت شریف یطاف علیہم بصحاف من ذھب ۱۲۰۵ھ

۲۔ آیت شریف اٰتینا ال ابراھیم الکتب ۱۲۰۵ھ

---

[1] مناقباتِ نوشاہیہ ۱۲ شرافت

Marfat.com

سید موج الدینؒ

آپ سید عطاء اللہ بن سید شاہ نظام برخورداریؒ کے فرزند ارجمند تھے۔ خرقہ خلافت و اجازت حضرت سید فتح الدین دہلوی بن سید محمد عظیم دھماوائیؒ سے حاصل کیا۔[1]

آپ کا نکاح سید خدا بخش بن سید شاہ تقن برخورداریؒ کی صاحبزادی سے ہوا۔ اُن کے بطن سے ایک ہی فرزند سید علی محمدؒ پیدا ہوئے۔

اولاد

وفات ۱۲۳۵ھ

سید امام بخش بلانی والہؒ

آپ سید نور شاہ بن سید شاہ سلطان برخورداریؒ کے فرزند ارجمند اور مرید و خلیفہ تھے۔ برگزیدہ درگاہِ خدا مشایخِ وقت سے تھے۔

بلانی میں ورود

آپ بایمائے ربانی موضع ساہن پال شریف سے چل کر موضع بلانی تحصیل کھاریاں میں تشریف لے گئے اور وہاں سکونت اختیار کی۔ اکثر لوگ آپ کے فیض سے مستفید ہوئے۔

اولاد

آپ کے دو بیٹے تھے:

۱۔ سید شرف الدینؒ ۲۔ سید کرم الدینؒ

آپ کی ایک بیٹی سیدہ شرف بی بی تھیں جو سید علم الدین بن سید علی محمد ساہنپالوی کی منکوحہ تھیں۔

تاریخ وفات

سید امام بخشؒ کی وفات ۱۲۱۱ھ میں ہوئی۔ مزار شریف موضع بلانی ضلع گجرات میں ہے۔

مادہ ہائے تاریخ: ۱۔ خیرات ۲۔ تاریخ

۳۔ آیت شریف جاءو بالبینٰت والزبر والکتب

---

[1] مناقباتِ نوشاہیہ ۱۲ شرافت

Marfat.com

سیّد شرف الدینؒ

آپ سید خدا بخش بن سید شاہ تقنؒ برخورداریؒ کے فرزند اکبر تھے۔ خرقۂ خلافت حضرت سید فتح الدین ڈھلوی بن سید محمد عظیمؒ سے حاصل کیا۔[1] آپ اسم بامسمّٰی دینِ اسلام کا شرف تھے۔ لاولد فوت ہوئے۔ **وفات** ۱۲۵۴ھ۔

سیّد حسن محمدؒ

آپ سید خدا بخش بن شاہ تقنؒ کے دوسرے بیٹے تھے۔ خرقۂ خلافت وارشاد حضرت سید نیک عالم بن سید محمد نتھو برخورداریؒ سے حاصل کیا۔

نام ولقب آپ کا نام حسن محمد۔ بعض شجروں میں محمد حسن۔ لقب حسن صاحب، بوزے والا تھا۔

اخلاق وعادات

آپ منکسر المزاج، متواضع، متحمل، بُردبار تھے۔ طبیعت فقیرانہ تھی۔ خودی، تکبّر، ریاکاری، تصنّع سے بالکل صاف تھے۔ تمام عمر فقر وفاقہ اور غربت ومسکنت میں گزاری۔

جاروب کشی درگاہِ نوشاہیہ منقول ہے کہ ایک دفعہ ملک میں سخت قحط پڑا۔ غلّہ کا ملنا مشکل ہوگیا۔ تمام برادران ساداتِ برخورداریہ نے آپ کی غربت کو مدِنظر رکھ کر آپ کو درگاہِ عالیہ نوشاہیہ کا جاروب کش مقرر کر دیا تاکہ نذر ونیاز وچڑھاوا کو اپنے صرف میں لاویں۔ اور آپ کے ایام سہولت سے بسر ہوں۔ آپ نے کئی سال تک مجاورت کی خدمت انجام دی۔

ف: مزاراتِ بزرگاں کی جاروب کشی موجب حصول فیضان ہوتی ہے۔ اکثر بزرگانِ دین نے یہ خدمات انجام دی ہیں۔ چنانچہ پیر کبار بن شورہ بن خویشگی افغانؒ اپنے پیر خواجہ مودود چشتیؒ کے

---

[1] مناقباتِ نوشاہیہ ۱۲ شرافت

Marfat.com

مزار پر جاروب کش رہے[1]۔

دیانت داری

آپ زمانہ جاروب کشی کے بعد بھی برادری کی طرف سے درگاہِ عالیہ کے خزانچی مقرر رہے۔ آمدن وخرچ کا سب حساب آپ کے ہاتھ میں تھا۔ آپ بڑے امین و دیانتدار تھے۔ منقول ہے کہ ایک مرتبہ حساب کرنے میں ایک دھیلے کا فرق آگیا۔ وہ آپ کے ذمہ نکلا۔ اس سے آپ تمام عمر فکرمند رہے کہ وہ مجھ سے کہاں صَرف ہوا۔

روزینہ غیب

منقول ہے کہ آپ کے زمانہ مجاورت میں خدا تعالیٰ نے آپ کے لیے روزینہ غیب مقرر کیا تھا۔ وہ یہ کہ روزانہ صبح کے وقت آپ روضہ عالیہ حضرت نوشہ صاحبؒ کی زیارت کے لیے جب حاضر ہوتے تو آگے ایک مُرغ خبس کو اہلِ پنجاب بوزا کہتے ہیں دروازہ کے باہر تڑپتا ہوا پایا جاتا۔ آپ اس کو پکڑ کر ذبح کر لیتے اور گوشت پکا کر خود بھی کھاتے اور درویشوں کو بھی کھلاتے۔ اسی طرح ایک بوزا روزانہ مل جایا کرتا، تا آنکہ قحط کے ایام گزر گئے۔ ایک روز آپ روضہ شریف کے اندر گئے تو آگے کوئی شخص جوار کی دُنبیاں (خوشے) نذرانہ رکھ گیا تھا۔ وہ آپ نے لے کر بھون کر کھائیں۔ دُوسرے روز صبح کو وہ بوزا نہ پایا گیا۔ آپ نے عرض کیا "یا حضرت! آج میرا روزینہ نہیں ملا۔ مزار اطہر سے آواز آئی: "ہُن تیری دُنبی پک پئی اے"۔ چنانچہ اس روز کے بعد دن بدن ملک میں غلّہ کی فراوانی ہوتی گئی اور قحط دُور ہوگیا۔

ف: چونکہ آپ کو روزینہ غیب ملتا تھا اسی واسطے عوام میں مشہور ہے کہ آپ کو عرش سے بوزا آتا تھا۔ اسی مناسبت سے آپ کو بوزے والا کہتے ہیں۔ بہرکیف اس واقعہ سے ثابت ہوتا ہے کہ آپ موسوی الشرب تھے۔ اور آپ کی ولایت موسوی تھی جیسا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو غیب سے من اور سلویٰ آیا کرتا تھا۔

مقامات

مقامِ کلیمی منقول ہے کہ آپ کو خدا تعالیٰ سے ہمکلامی کا مرتبہ حاصل تھا۔ ایک چادر جتنا پردہ

---

[1] تذکرہ اولیائے ہند، ج ۲ ص ۸۰ شرافت

Marfat.com

حائل تھا۔ پردہ کے پیچھے سے کلام ہوتا تھا اور آپ سنتے تھے۔ ایک مرتبہ آپ نے اولاد کے واسطے درخواست کی تو آواز آئی کہ تمھاری قسمت میں اولاد نہیں۔

اس واقعہ سے بھی آپ کا موسوی المشرب ہونا ثابت ہوتا ہے۔

کرامات

درگاہِ نوشاہیہ میں منظوری آپ حضرت نوشہ صاحبؒ کے نہایت منظور و مقبول تھے۔ اگر کسی شخص کو زیارتِ نوشاہِ عالی جاہؒ کا اشتیاق ہوتا تو وہ آپ کی خدمت میں عرض کرتا۔ آپ اس کو گردن سے پکڑ کر روضۂ اطہر کے سامنے لے جاتے اور دروازہ کی سیڑھیوں پر اس کا سر رکھ دیتے اور التجا کرتے: "باواجی! اس مشتاقِ دیدار کو اپنا جمال دکھاؤ"۔ اسی وقت اس کو زیارت ہو جایا کرتی۔

ف: بزرگوں کی زیارت کروا دینا اولیاء اللہ کے آگے کوئی مشکل نہیں۔ چنانچہ مُلّا شاد قادریؒ جس کسی کو چاہتے دیدارِ نبویؐ اور دیدارِ صحابہؓ اور دیدارِ غوثیہؒ کروا دیا کرتے۔[1]

ایک پشاوری درویش کو زیارتِ نوشاہی کرانا منقول ہے کہ پشاور سے ایک درویش درگاہِ نوشاہیہ میں آیا اور کئی روز تک معتکف رہا۔ لیکن اس کی مراد دلی حاصل نہ ہوئی۔ جب ناکام جانے لگا تو آپ نے اس کو ایک وظیفہ بتلایا اور فرمایا: آج رات یہ پڑھ کر سو رہو۔ چنانچہ وہ پڑھ کر دربار شریف کے اندر سو رہا۔ اُسی رات خواب میں حضرت نوشہ صاحبؒ کی زیارت سے مشرف ہو گیا۔ سویرے اُس نے عرض کیا: یا حضرت! زیارت تو ہو گئی لیکن کلام نہیں ہو سکا۔ آپ نے فرمایا: آج پھر پڑھ کر سونا۔ چنانچہ رات کو زیارت بھی ہوئی اور کلام کا شرف بھی حاصل ہوا اور وہ فایز المرام ہو کر پشاور گیا۔

ایک دہلوی رئیس کو مستفیض کرنا منقول ہے کہ دہلی کے ایک رئیس خواجہ شاہ محمد نام کو

---

[1] تذکرہ اولیائے ہند، ج ۳، ص ۵۶ شرافت

Marfat.com

خواب میں حضرت نوشہ صاحبؒ کی زیارت ہوئی اور فرمایا کہ تم ساہن پال شریف میں آؤ۔ وہ بمعہ خیل و حشم سفر کرتا ہوا درگاہ شریف پر حاضر ہوا۔ سب صاحبزادگانِ ساداتِ نوشاہیہ نے اس کا خیر مقدم کیا۔ آپ سادہ لباس میں وہاں پہنچے۔ وہ رئیس دیکھتے ہی آپ کے قدموں پر گر پڑا اور کہا کہ یہی وہ صورت تھی جس نے مجھ کو زیارت کروائی۔ اور یہاں بلایا۔ چنانچہ وہ آپ کی بیعت ہو کر کاملانِ وقت سے ہو گیا۔

یارانِ طریقت آپ کے مرید تو بہت ہوں گے لیکن آپ کا سلسلہ فقر اُسی ایک درویش خواجہ شاہ محمد دہلوی المعروف شیخ چراغ علیؒ سے جاری ہوا۔ اولادِ سخی شاہ سلیمان نوریؒ اس کی مرید ہو گئی۔ اس کی قبر چاوہ ضلع سرگودھا میں ہے۔

سید حسن محمدؒ کا مزار مبارک گورستانِ نوشاہیہ میں موجود ہے۔ قبر کچی ہے۔

وفات سنہ ۱۲۶۱ھ۔

سیّد فتح الدینؒ

آپ سید خدا بخش بن سیّد شاہ تقی برخورداریؒ کے تیسرے بیٹے تھے۔ خلافتِ طریقت حضرت سیّد فتح الدین بن سید محمد عظیم دھماوائیؒ سے حاصل کی[1]۔ صاحبِ برکاتِ متکاثرہ تھے۔

آپ کی اہلیہ کا نام حضرت کریم خاتون تھا۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔

اولاد آپ کے تین بیٹے تھے: ۱۔ سیّد حاجی الہدینؒ ۲۔ سیّد فضل الدینؒ

۳۔ سیّد قطب الدینؒ

آپ کی تین بیٹیاں تھیں:

۱۔ سیّدہ اللہ جوائیؒ منکوحہ سیّد گوھر شاہ بن سید قدم الدین ہاشمی رن ملویؒ۔

۲۔ سیّدہ فضل بی بیؒ منکوحہ سید غلام قادر بن سیّد لطف الدین ہاشمی رنملویؒ۔

۳۔ سیّدہ حیات بی بیؒ۔ منکوحہ سید قدم الدین بن سید خدا بخش برخورداری ساہنپالویؒ

تاریخ وفات سیّد فتح الدینؒ کی وفات بروز وِیر وار نوین ربیع الثانی سنہ ۱۲۶۸ھ

---

[1] مناقبات شاہیہ ۱۲ شرافت

Marfat.com

میں ہوئی۔ مدفون گورستانِ نوشاہیہ۔

مادۂ تاریخ : چراغ دین

سیّد حبیب اللہؒ

آپ سید خدا بخش بن سید شاہ تقن برخورداریؒ کے چوتھے بیٹے تھے۔ بیعت طریقت اور خلافت حضرت سید فتح الدین ڈھلوی بن سید محمد عظیمؒ سے حاصل تھی[1]۔ آپ زاہد، عابد، پارسا اور پرہیزگار تھے۔

آپ کا نکاح سیّدہ نور بھری بنت سید حافظ نور اللہ فرشتہ صفاتؒ سے تھا۔ ان کے

اولاد بطن سے اولاد ہوئی۔

آپ کے دو بیٹے تھے :

۱۔ سیّد امام بخشؒ ۲۔ سیّد ایزد بخشؒ

آپ کی تین بیٹیاں تھیں :

۱۔ سیدہ حسن بی بیؒ۔ منکوحہ سیّد قُل احمد پاکذات نوشاہِ ثانی بن سید حافظ الٰہی بخش مظہر حق برخورداری ساہن پالویؒ

۲۔ دوسری بیٹی۔ منکوحہ سیّد غلام محی الدین بن سید عبداللہ پانڈوکویؒ

۳۔ تیسری بیٹی۔ منکوحہ سیّد پیر شاہ بن سید صدیق شاہ لاہوریؒ

سیّد حبیب اللہؒ کا سنہ وفات ۱۲۶۹ھ ہے۔ قبر گورستانِ نوشاہیہ میں ہے۔

سیّد صدیق شاہؒ

آپ کا نام محمد صدیق المشہور صدیق شاہؒ تھا۔ آپ سید محبوب شاہ بن سید ابن یمین برخورداریؒ کے فرزند ارجمند اور مرید و خلیفہ تھے۔ آپ مشایخ اہلِ صفوت و برکت سے تھے۔

---

[1] مناقباتِ نوشاہیہ ۱۲ شرافت

Marfat.com

آپ کا سلسلۂ پیری مریدی کافی تھا۔ خصوصاً علاقہ ملتان میں آپ کا عام فیضان تھ

سکونتِ لاہور آپ سانڈنی پر سوار ہو کر ملتان کو تشریف لے جایا کرتے۔ راستہ میں لاہور میں بھی کچھ عرصہ قیام پذیر رہتے۔ آخر ارادتمندانِ لاہور کے اصرار سے وہیں رہائش اختیار کی۔

جس وقت آپ نے لاہور میں توطن اختیار فرمایا تو اندرون موچی دروازہ

لاہور میں زمین خریدنا گذر چھجہ دیوانی، محلہ سید نظام بخاری، کٹڑہ دل شہ میں ایک مرلہ زمین بقیمت پندرہ[15] روپیہ مسمی ہری سنگھ بن بھوانی سنگھ راجپوت سے خرید کی۔ اور اس میں ایک مکان تیار کیا، جس میں مدت العمر رہے۔

بیعنامہ کی نقل اس زمین کا بیعنامہ بحروفِ ذیل تحریر ہے:

نقل مطابق اصل

[مُہر بحروف گورمکھی] ⊕ [مُہر بحروف گورمکھی]

۱۸۸۰ ب

سری اکال سہائے

امیر دار السلطنت لاہور

سمت

مبارک از ماہِ چیت

اقرار معتبر شرعی نمود طالعاً مخبراً باسم و نسبِ خود مسمی ہری سنگھ بن بھوانی سنگھ بن دل شہ قوم راجپوت پوربیہ بریں وجہ کہ من مقر مذکور بیع کردم و فروختم بہ بیع بات ثبات بدستِ مسمی محمد صدیق بن محبوب شاہ بن ابنِ یمین بن رحمت اللہ بن برخوردار بن غفران پناہ حاجی محمد نوشہ مرحوم مغفور ہمگی و تمامی یک قطعہ زمین مقدار یک منڈلہ واقع اندرون حصار بلدہ دار السلطنت لاہور درگذر چھجہ دیوانی، محلہ سید نظام بخاری، منجملہ کٹڑہ دل شہ، محدود بحدودِ اربعہ۔ شرقی آں متصل ست۔ غربی آں متصل ست۔ شمالی آں متصل ست۔ جنوبی آں متصل ست بجمیع حدود و حقوق حق و ملک موروثہ خود را بمبلغ پانزدہ[15] روپیہ جید تمام وزن رائجۃ الوقت من سکہ حالی کہ نصفہ ہفت و نیم روپیہ موصوف است و مشتری مذکور تمام محدودہ بیعہ مذکور را از من مقر مذکور بمبلغ مسطور از مال خود برائے خود شراء کردہ خرید نمود و تقابض شرعی

Marfat.com

بدلین مذکورین قدین مذکورین بشرط واقع شدہ ۔ بیعاً و شراءً و قبضاً صحیحاً شرعیاً جایزاً نافذاً تاماً لا غبن فیہ ولا تعزر صفۃً واحدۃً مشتملاً علی الایجاب والقبول جامعاً لجمیع شرائطہما و مشتری مذکور مقر مذکور را دریں اقرار مسطور تصدیق نمودہ و مسمی مرلی بن مشتاق بن گوپال از قوم اروڑہ اخبار کردند کہ تمام محدودہ مبیعہ مذکورہ حق موروثہ بایع مذکورہ بودہ و بحق غیرے مشغول نیست تا زمان ایں عقد ۔ و بر تقدیر استحقاق شرعی در مبیعہ مذکورہ ما مخبران مذکوران ضامن درک شدیم برائے مشتری مذکور و مشتری مذکور کفالہ مرقومہ را فی مجلسہما قبول نمودہ ۔ تحریر فی التاریخ دویم ماہ جمادی الاولے ۱۲۴۴ سنہ ہجری مقدس ۔ حلیہ مقر مذکور گندم رنگ الخ حلیہ مرلی مخبر مذکور گندم رنگ الخ

گواہ شد دیال داس ۔ مہر [محمد عظیم محلہ دار] مہر [بحروف گورمکھی] گواہ شد جاری دیال داس گواہ شد میر فتح علی ۔ گواہ شد قدرت اللہ معمار ۔ گواہ شد امام بخش تیلی ۔ گواہ شد محمد دین تیلی ۔ گواہ شد فورا باغبان ۔

مُہر

اکال سہائے
ابہا رچپوترہ [1]

نوشاہی تبرک

حضرت نوشہ صاحبؒ کے تبرکات میں سے ایک ٹنگی آباد اجداد سے وراثتاً آپ کو پہنچی تھی [2]

اولاد آپ کے دو بیٹے تھے، ۱۔ سید امام شاہؒ ۲۔ سید پیر شاہؒ

---

[1] بیعنامہ کا اصل کاغذ آج کل ۱۳۰۶ھ میں سید پیر ولی بن سید عارف حق کے گھر میں متصل باغ گل بیگم، مزنگ، لاہور میں ہے۔ اور وہ مکان آج کل سید حکیم احسن ولی بن سید واصل حق کے قبضہ میں ہے اور فی زمانہ اندرون موچی دروازہ، لال کھوہ، گلی لٹھ ماراں میں واقعہ ہے۔ محلہ کے پرانے نام بوجہ انقلاباتِ زمانہ تبدیل ہو گئے ہیں ۱۲

[2] یہ ٹنگی بھی اب سید حکیم احسن ولی کے پاس ہے ۱۲

شرافت

Marfat.com

آپ کی ایک بیٹی سیدہ مہر بی بیؒ تھیں۔

یارانِ طریقت آپ کے دونوں بیٹے بھی خلیفے تھے۔ ۳۔ میاں محمد بخش تارکش لاہوری اس کی قبر آپ کے پاس چاردیواری میں ہے۔

مدفن سید صدیق شاہؒ کا مزار لاہور میں بمقام مزنگ موجود ہے۔ پختہ چاردیواری ہے۔ کچھ زمین بھی قبر کے نام تھی۔ چند سال ہوئے ضبط ہوگئی ہے۔

وفات ۱۲۵۵ھ

سید جیون شاہؒ

آپ سید محمد اکرم بن سید محمد عظیم برخورداریؒ کے فرزند اکبر اور مرید و خلیفہ تھے۔ آپ کی والدہ کا نام سیدہ پیرزادی بنت سید ابوسعید مرتاض تھا۔ آپ کی کوئی اولاد باقی نہیں رہی۔

وفات ۱۲۵۹ھ

سید حسین شاہؒ

آپ سید محمد اکرم بن سید محمد عظیمؒ کے فرزند اصغر اور مرید و خلیفہ تھے۔ آپ کی والدہ کا نام سیدہ پیرزادی بنت سید ابوسعید مرتاض تھا۔

صاحبِ تحایفِ قدسیہ نے لکھا ہے کہ آپ شیخ بخت جمال جھنگی والہ کے مرید تھے۔ لیکن یہ بات تاریخی لحاظ سے غلط ہے کیونکہ شیخ بخت جمال کی وفات ۱۱۶۴ھ میں ہوئی۔ اس وقت سید حسین شاہؒ ابھی پیدا بھی نہیں ہوئے تھے۔ آپ کے جدِ بزرگوار حضرت سید محمد عظیمؒ کا انتقال ۱۱۸۴ھ میں ہوا۔ ان کی وفات سے چند سال بعد پیدا ہوئے۔

آپ دُنیا سے لاولد فوت ہوئے۔ **وفات** ۱۲۶۳ھ

سید اللہ دتہ ڈھلویؒ

آپ حضرت سید فتح الدین بن سید محمد حلیم برخورداریؒ کے فرزند ارجمند اور مرید و خلیفہ تھے۔ طریقت میں مقام بلند رکھتے تھے۔ آپ کی والدہ کا نام سیدہ عظمت بی بیؒ تھا۔

Marfat.com

اخلاق و آداب آپ کے اخلاق کریمانہ تھے۔ اور آداب تصوف سے خوب واقف تھے۔ مہمان نواز اہلِ سخاوت تھے کبھی مجذوب اور کبھی سالک ہوتے۔

کرامات

کشفی نگاہ آپ موضع ڈھلّ مضافاتِ جہلم میں سکونت رکھتے تھے۔ آپ کے بیٹے جب کبھی ساہن پال جاتے تو آپ وہیں سے ازراہ کشف دیکھ کر فرمادیا کرتے کہ اب ہمارے لڑکے فلاں کام کر رہے ہیں یا فلاں جگہ ہیں۔ حالانکہ دونوں گاؤں کے درمیان چالیس میل کا فاصلہ ہے۔

دشمنوں کا سزا پانا منقول ہے کہ آپ کے پاس ایک عمدہ گھوڑی تھی جس کو آپ نے شوق سے پالا تھا۔ مہاراجگانِ خالصہ نے آپ سے چھین لی۔ جب طویلہ میں لے گئے تو اس نے سب ملازموں کو لاتیں مار مار کر بیہوش کر دیا اور بھاگ کر آپ کے پاس آگئی۔ اور وہ سکھ سردار اُسی روز دردِ قولنج سے واصلِ جہنم ہوا۔

گٹھڑی کا سر سے اُوپر چلا جانا منقول ہے کہ ایک مرتبہ مہاراجہ رنجیت سنگھ کے سپاہیوں نے آپ کو گندم کا ایک گٹھا اٹھانے کو کہا کہ ہم کو فلاں جگہ پہنچا آؤ۔ آپ اٹھا کر ان کے پیچھے چل پڑے۔ جب تھوڑا فاصلہ چلے تو انھوں نے مُڑ کر دیکھا کہ گٹھا آپ کے سر سے دو بالشت اونچا جا رہا تھا۔ آخر وہ آپ کے قدمبوس ہوئے اور نذرانہ دے کر رخصت کیا۔

تحریرات آپ کے ہاتھ کی بعض قلمی تحریریں اولاد کے پاس موجود ہیں جن میں سے ایک فالنامہ تبرکاً بلفظہٖ یہاں درج کیا جاتا ہے۔

فالنامہ حضرت شاہ مرتضیٰ علی کرم اللہ وجہہٗ

اوّل یک بار فاتحہ و سہ بار اخلاص بخواند بعدہٗ فال بیند چنانچہ ہر مطلب کہ باشد برآید اِنشاءاللہ تعالیٰ۔

ب	ب	ا	ا	ی	ت	ت	ت	ب	ب	ب	
س	س	خ	خ	ا	ر	د	د	م	م		

Marfat.com

ی	ی	ر	ر	ع	ك	ف	ف	ط	ق
ا	ا	ش	ا	ل	ك	ی	ی	ل	ص
ر	ر	خ	ی	ی	ن	ق	ق	ب	و
خ	ب	و	ن	م	ك	ی	ن	م	د
و	د	ب	ب	د	ب	ا	ی	ی	ن
ب	ا	ا	د	د	د	ف	ا	ر	ر
س	س	س	س	ك	س	ت	ب	س	س
ت	ت	ت	ت	ن	ت	ی	ی	ی	ی

باید کہ بریں حروف ہائے انگشت شہادت بنہد وازانجائے کہ داشتہ باشد آں حرف اول بنویسد و آں حرف را گذاشتہ زیادہ بشمارد و حرفہائے بنویسد تا ہمہ حرف جمع کردہ بخواند۔ جواب خود بخود خواہد برآمد ولیکن با وضع فال خواہد انداخت ۔ رقیمہ اللہ وتا"

اولاد آپ کے تین بیٹے تھے ؛ ۱۔ سید شمس الدین ۲۔ سید قطب الدین ۳۔ سید احمد بخش

آپ نے اپنے تینوں بیٹوں کے متعلق بشارتیں فرمائی تھیں۔ ارشاد کیا کہ شمس الدین فقیر ہوگا، قطب الدین امیر ہوگا اور احمد بخش قبہ دین ہوگا۔

آپ اپنے بیٹوں کی مناسبت سے جس شخص کے تین بیٹے ہوتے اس کو بہت عزیز رکھتے۔

تاریخ وفات سید اللہ دتہ کی وفات بروز جمعہ بوقت چاشت۔ اٹھائیسویں ذی الحجہ ۱۲۵۹ھ کو ہوئی۔ آپ کی قبر موضع ڈھل شریف بر لب دریائے جہلم میں اپنے والد بزرگوار کے پاس چار دیواری میں محفوظ ہے۔

مادہ ہائے تاریخ ؛

۱۔ آیت شریف لھم البشری فی الحیوٰۃ الدنیا
۲۔ " " قیل ادخل الجنۃ
۳۔ آیت شریف وھوخیرالناصرین
۴۔ باغِ نور

Marfat.com

سیّد حافظ الٰہی بخش مظہر حقؒ

آپ عاشق ذاتِ خدا، مقبول بارگاہِ کبریا، صاحبِ علم و حکمت و تجرید و تفرید تھے۔ آپ حضرت سیّد حافظ نور اللہ فرشتہ صفات بن سیّد حافظ محمد حیات ربانی برخورداریؒ کے فرزند اکبر اور مرید و خلیفہ تھے۔

آپ کی والدہ ماجدہ کا نام حضرت خان بی بیؒ تھا۔

اخلاق و عادات آپ نے سلوک قادریہ نوشاہیہ پورا کیا۔ تعلیم ظاہری و باطنی اپنے والد بزرگوار سے پائی۔ قرآن مجید حفظ کیا۔ فنِ کتابت بھی سیکھا۔ آپ بڑے عالی قدر طبیب، مہمان نواز، غریب پرور، فیض رسان، شاہ زور، شہسوار تھے۔ کرامات و خوارق اکثر ظاہر ہوتے تھے۔

آپ کے حالات طبقہ اوّل میں مفصّل لکھے جا چکے ہیں۔ یہاں ترتیبِ نسب کے لحاظ سے مختصر تذکرہ کر دیا ہے نیز میں نے آپ کی ایک مستقل سوانحعمری بنام کلیدِ بخشش لکھی ہے جس میں آپ کے حالات و مقامات و کرامات بتفصیل لکھے ہیں۔

ازواج آپ کی دو اہلیہ تھیں:

۱۔ دخترِ مولوی محمد غوث بن مولوی محمد فاضل قوم راں ساکن چکریاں ضلع گجرات۔ ان کے بطن سے ایک بیٹا اور چار بیٹیاں ہوئیں۔

۲۔ حضرت محمد بانوؒ بنت مرزا جہان محمد مغلؒ۔ ان کے بطن سے دو بیٹے پیدا ہوئے۔

اولاد آپ کے تین بیٹے تھے:

۱۔ سیّد حافظ قل احمد پاکذات نوشاہِ ثانی ساہنپالویؒ

۲۔ سیّد غلام احمد المعروف بوٹے شاہؒ

۳۔ سیّد فیض احمد المعروف مکھن شاہ لاہوریؒ

آپ کی چار بیٹیاں تھیں:

۱۔ سیّدہ رسول بی بیؒ منکوحہ مولوی صاحب ساکن ڈھب چیمہ ضلع گوجرانوالہ

Marfat.com

۲۔ سیدہ گوہر بی بیؒ۔ منکوحہ مولوی امیر بخشؒ ساکن جلیسک ضلع گجرات۔
۳۔ سیدہ زینب بی بیؒ۔ منکوحہ حافظ کریم بخشؒ ساکن کوٹ ستار۔ ضلع گجرات۔
۴۔ سیدہ امام بی بیؒ۔ منکوحہ سید نور احمد بن سید خدا بخش برخورداری دھیرکویؒ

آپ سے بے شمار مخلوق فیضیاب ہوئی۔ آپ کے بائیؒ صوبے۔ طبقہ اوّل میں

یارانِ طریقت آپ کے یاروں کی فہرست میں لکھے جا چکے ہیں۔ یہاں آپ کے باونؔ بانوا (بونجہ بانوا) لکھے جاتے ہیں۔

۱۔ نجابت خاں بن غازیخاں ساہنپالیہ	۲۔ محمد غوث بن کریم داد تارڑ اگرویہ		
۳۔ پیر بخش بن نور احمد	۴۔ امیر بخش بن نور احمد	۵۔ پیر بخش بن بہبل	۶۔ عمر بخش بن بہبل
۷۔ چنن بن بہبل اگرویہ	۸۔ ولید ادبن کرم بخش	۹۔ قدر داد بن کرم بخش	۱۰۔ نیک محمد بن کرم بخش
۱۱۔ خدایار بن مراد بخش	۱۲۔ فتحدین بن محمد زماں	۱۳۔ نامدار بن محمد زماں اگرویؔ	۱۴۔ الہدین بن برخوردار
۱۵۔ عبداللہ بن خدایار	۱۶۔ صاحبزادہ بن عبداللہ	۱۷۔ خاشہ بن عبداللہ	۱۸۔ راجہ بن عبداللہ
۱۹۔ کھیرا بن عبداللہ اگرویہ	۲۰۔ علی بن عصمت اللہ	۲۱۔ ساہنا بن محکم	۲۲۔ امام بخش
۲۳۔ ہدایت	۲۴۔ ہاشم	۲۵۔ عزیز اللہ اگرویہ	۲۶۔ عالم
۲۷۔ میر احمد	۲۸۔ چنن	۲۹۔ فضلا	۳۰۔ کرم
۳۱۔ آبرو	۳۲۔ مہمہ اگرویہ	۳۳۔ لطف	۳۴۔ قادر بخش
۳۵۔ علی	۳۶۔ بنگس	۳۷۔ جوایا	۳۸۔ جیون
۳۹۔ مہتہ اگرویہ	۴۰۔ چنوں	۴۱۔ لنگری	۴۲۔ پیرا
۴۳۔ نانک	۴۴۔ سیدا	۴۵۔ جوایا ثانی	۴۶۔ خواجہ اگرویہ
۴۷۔ سلطان	۴۸۔ دریام	۴۹۔ حاجی	۵۰۔ دائم
۵۱۔ نتھو چکریاں	۵۲۔ بوڑھا کھتری رحمۃ اللہ علیہم۔		

تاریخ وفات سید[1] حافظ الٰہی بخشؒ کی وفات بروز ہفتہ وقت نماز ظہر۔ ساتویں رمضان ۱۲۵۲ھ کو ہوئی۔ مدفون گورستانِ نوشاہیہ۔

---

[1] حضرت سید حافظ الٰہی بخش مظہر حق کا مزید ذکر شریف التواریخ کی تیسری جلد موسوم بہ تذکرۃ النوشاہیہ کے پانچویں حصہ عوارف الانوار نام میں بھی لکھا جائے گا ۱۲ شرافت

Marfat.com

قطعہ تاریخ

از حضرت سید حافظ قُل احمد پاکذات نوشاہِ ثانیؒ

الٰہی بخش زیں تاریک طارم — فروزاں شد چو خور بر چرخ چارم
بپرسیدم من از حالش بگفتا — کہ برخوردارم دہم بختیارم
۱۲۵۳ ۱۲۵۳

مادۂ تاریخ :

آیت شریف ھو خیر الناصرین۔

سید خدا بخشؒ

آپ گنجینہ سعادت، خزینہ معرفت، صاحبِ یمن و برکت تھے۔ آپ حضرت سید حافظ نور اللہ بن سید حافظ محمد حیات ربانی برخورداریؒ کے فرزند اصغر تھے۔ خرقہ خلافت و اجازت شیخ پھلے شاہ بن شیخ فتح الدین سلیمانی رسولنگریؒ سے حاصل کیا۔

چلہ نشینی آپ اپنے پیرِ روشن ضمیر کے کمال شیدا اور عاشق تھے۔ ایک دفعہ پیر صاحب نے آپ کو درگاہِ عالیہ نوشاہیہ کے اندر چلہ بٹھایا۔ کھانا پینا ترک کروا دیا۔ جب اٹھارہ روز گزر گئے تو بھوک نے سخت غلبہ کیا۔ طبیعت مضطرب ہوگئی۔ اسی بیقراری میں اونگھ آگئی۔ اپنے پیر صاحب خواب میں ملے اور شیرینی عطا فرمائی۔ آپ نے شیرینی کھالی اور سیر ہو گئے۔ جب بیدار ہوئے تو طبیعت پُر تھی۔ چالیس روز بڑی تسکین سے گزرے۔

حضور مجلس محمدی منقول ہے کہ ایک مرتبہ آپ نے اپنے پیر صاحب شیخ پھلے شاہؒ کے حضور میں زیارتِ نبویؐ کا اشتیاق ظاہر کیا۔ انھوں نے آپ کو اپنی ایک چھڑی عنایت کی کہ یہ اپنے پاس رکھو اور جمعرات کو گھر جا کر سو رہو۔ چنانچہ اُسی رات آپ کو حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی مع خلفائے راشدین زیارت ہوگئی۔ مجلس محمدی منعقد تھی حضرت ابوبکر صدیقؓ آنحضرتؐ کے دائیں طرف بیٹھے تھے اور عثمان ذوالنورینؓ بائیں جانب۔ اور حضرت عمر فاروقؓ آنحضرتؐ کو چوری کر رہے تھے۔ حضرت شاہ ولایت علی المرتضیٰؓ نے آپ کو

Marfat.com

بازو سے پکڑ کر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے سامنے پیش کیا۔

کرامات

آپ سے خوارق وکرامات بھی ظاہر ہوتے تھے۔ مستجاب الدعوات تھے۔

چشمہ کا ظہور منقول ہے کہ ایک دفعہ باشندگانِ موضع سارنگ نے آپ کے حضور میں التماس کیا کہ ہم نے نیا کنواں تعمیر کیا ہے۔ ایک مہینہ گزر چکا ہے کہ ٹنگ نہیں آتا۔ ہم بہت تنگ آچکے ہیں۔ کہی (بیلچہ) ڈالی ہوئی ہے۔ آپ نے فرمایا: اب تمہاری مصیبت ختم ہو چکی ہے۔ صرف دو بیلچے اور لگاؤ ٹنگ آجاوے گا۔ چنانچہ واقعی ایسا ہوا۔ نیچے سے پانی کا چشمہ اُبل آیا۔

لڑکے کا پیدا ہونا منقول ہے کہ آپ کے مرید برخوردار باغبان ساکن کھوسر نے ایک مرتبہ عرض کیا کہ یا حضرت! میری پانچ لڑکیاں اور ایک لڑکا ہے۔ جب میرے کُڑم اور رشتہ دار آیا کریں گے تو ایک لڑکا کس کس کی باگ پکڑے گا اور کس کس کی خدمت کرے گا۔ آپ نے مراقبہ کیا اور فرمایا خدا تعالیٰ تجھے ایک اور لڑکا دے گا اس کا نام محمد رکھنا۔ چنانچہ آپ کی دعا سے لڑکا پیدا ہوا۔ اس کا نام محمد بخش رکھا۔

ف: فقیر سید شرافت عفا اللہ عنہ نے بابا محمد بخش باغبان مذکور کو اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے تو ۹۰ سال کی عمر پاکر فوت ہوا۔

پوتے کو تادیب منقول ہے کہ آپ کے پوتے سید غلام نبی بن سید نور احمدؒ جوانی کے زمانہ میں اپنے بازو پر چاندی کا بازو بند رکھا کرتے۔ آپ نے کئی مرتبہ ان کو سمجھایا کہ چاندی کا زیور پہننا مرد کو شرعاً حرام ہے، یہ اتار دو۔ وہ لیت ولعل ہی کرتے رہے۔ ایک دن آپ نے فرمایا کہ اگر اس کو چور لے گئے تو تم باز آؤ گے۔ چنانچہ امرِ الٰہی ایسا ہوا کہ رات کو گھر کا سارا مال واسباب چور لے گئے صبح کو خبر ہوئی تو آپ نے فرمایا، خدا کا شکر ہے کہ بازو بند تو دفع ہوا اگر فالتو مال بھی چلا گیا لیکن کچھ خوف نہیں۔

بے ادب کو سزا منقول ہے کہ ایک مرتبہ آپ نور پور چاہلاں میں تشریف فرما تھے

Marfat.com

وہاں موچیوں کے لڑکے کی شادی تھی۔ آپ سادہ طبیعت اور سادہ لباس تھے۔ روٹی کے وقت عوام الناس میں مل کر چوکی میں بیٹھ گئے۔ رات کا وقت تھا کسی نے پہچانا نہیں۔ کوئی پردیسی فقیر سمجھ کر اٹھا دیا۔ دوسری بار بیٹھے، پھر بھی اٹھا دیا۔ تیسری بار بھی ایسا ہی ہوا۔ آپ کی طبیعت میں جوش آگیا اور جلالیت سے فرمایا کہ تمہارے گھر میں کبھی اتفاق نہ ہوگا اور ہر سال کے بعد تم کو ایک مصیبت بھی پیش آیا کرے گی۔ چنانچہ واقعی ایسا ہی ہوتا رہا۔

نافرمانی کا نتیجہ

منقول ہے کہ ایک دفعہ آپ نے ترکھان کو فرمایا کہ ہمیں دروازہ کی چوکھٹ بنا دو۔ اس نے لکڑی کو دیکھ کر کہا کہ اس سے آدھی چوکھٹ بن سکتی ہے۔ آپ نے فرمایا: تم شروع کرو ساری بن جائے گی۔ وہ نہ مانا۔ اس بات پر کئی بار تکرار ہوا۔ آخر آپ نے جوش میں آکر فرمایا: اگر نہیں بناتا تو گھر جا کر مر۔ امرِ الٰہی ایسا ہوا وہ گھر جاتے ہی مر گیا۔

وفات کے بعد کرامت

پوتی کی خبر گیری

آپ کی وفات کے بعد آپ کی پوتی سیدہ عمر بی بی بنت سید قدم الدینؒ کی آنکھیں بیمار ہو گئیں۔ گھر میں مسکینی حالت تھی پیسہ پاس نہ تھا۔ جس سے کوئی علاج کرتیں آپ خواب میں ان کو ملے۔ اور فرمایا: بیٹی! گنڈا زرگر ساکن اگرو یہ ہمارے زیارت بنایا کرتا تھا اس کے ذمہ چھ آنے ہمارے رہتے ہیں وہ اس سے لے کر تین روز دودھ گھی کھنڈ ملا کر گرم کر کے پیو شفا ہو جاوے گی۔ چنانچہ انھوں نے اسی طرح کیا اور شفایاب ہو گئیں۔

مکتوب

آپ کا ایک مکتوب یہاں تبرکاً نقل کیا جاتا ہے جو آپ نے اپنے فرزند اصغر سید قدم الدینؒ کی طرف لکھا تھا:

"برخوردار سعادت اطوار قرۃ العین راحت جان میاں قدم الدین۔ ازانچہ باید مقرون و بہرچہ شاید مصئون باد۔ بعد دعائے بے ریا مزید عمر و حیات و ترقی جاہ و درجات معلوم آں بعبارتِ چشم و نظارتِ جسم باد۔" الخ

اولاد

آپ کا نکاح سیدہ نور بی بی بنت سید خیر اللہ بن سید فتح اللہ برخورداریؒ سے تھا۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔

Marfat.com

آپ کے دو بیٹے تھے :

۱۔ سید نور احمدؒ ۲۔ سید قدم الدین

آپ کی دو بیٹیاں تھیں :

۱۔ سیدہ بھاگ بھریؒ۔ منکوحہ سید احمد بخش بن سید اللہ دتہ برخورداری ڈھلویؒ

۲۔ سیدہ کرم بھریؒ۔ منکوحہ سید الہدین بن سید عبداللہ پانڈوکویؒ

یارانِ طریقت آپ کے ارادت مندوں کا حلقہ وسیع تھا۔

۱۔ سید نور احمد بن سید خدا بخشؒ فرزند آنجناب ساہن پال شریف

۲۔ سید قدم الدین بن سید خدا بخشؒ فرزند اصغر 〃

۳۔ سید غلام نبی بن سید نور احمدؒ نبیرہ آنجناب دھیر کے خورد

۴۔ سید غلام علی بن سید قدم الدینؒ 〃 ساہنپال شریف

۵۔ مولوی مہتاب دین بن خدایار امام مسجد ڈھب چیمہ

۶۔ شیخ بھرپور شاہ فقیر قوم سندھو دِلّو

۷۔ شیخ مستان شاہ فقیر خادم حضوری ساہن پال شریف

۸۔ خدا بخش بن پیر بخش تارڑ اگرویؒ ۱۸۔ شرفدین بن نمان تارڑ اگرویؒ ۲۸۔ جیون اگرویہ ۳۸۔ چنن مراثی اگرویہ

۹۔ داود بن پیر بخش 〃 ۱۹۔ شیر اگرویہ ۲۹۔ فتح دین 〃 ۳۹۔ برخوردار رنگریز 〃

۱۰۔ موجدین بن فیض بخش 〃 ۲۰۔ جھنڈا 〃 ۳۰۔ سراجدین 〃 ۴۰۔ گھنسیہ 〃

۱۱۔ عظیم بن فیض بخش 〃 ۲۱۔ داود 〃 ۳۱۔ محمد بخش 〃 ۴۱۔ برخوردار بلغان کھوسر

۱۲۔ حسن بن فیض بخش 〃 ۲۲۔ وارث 〃 ۳۲۔ خدایار 〃 ۔ سماحہم اللہ۔

۱۳۔ سید بن فیض بخش 〃 ۲۳۔ قدم دین 〃 ۳۳۔ الہداد 〃

۱۴۔ بلند بن امیر 〃 ۲۴۔ اشرف 〃 ۳۴۔ جوایا 〃

۱۵۔ عالم بن بلند 〃 ۲۵۔ پیر بخش 〃 ۳۵۔ فیض 〃

۱۶۔ فاضل بن بلند 〃 ۲۶۔ گوہر 〃 ۳۶۔ جتو 〃

۱۷۔ ذوالفقار بن نمان 〃 ۲۷۔ ودھایا 〃 ۳۷۔ محمدو 〃

Marfat.com

تبرکات آپ کی ایک چادر مبارک مولفِ کتاب ہذا فقیر سید شرافت عفا اللہ عنہ کے گھر میں موجود ہے۔ بیاہ شادیوں کے موقعہ پر لوگ لے جاکر طعام پر ڈالتے ہیں تو طعام میں برکت ہوتی ہے۔ یہ چادر مجھ کو اپنے نانا صاحب حضرت سید غلام علی بن سید قدم الدینؒ کے گھر سے حاصل ہوئی ہے۔

تاریخ وفات سید خدا بخشؒ[1] کی وفات ۱۲۷۷ھ میں ہوئی۔ مدفون گورستانِ نوشاہیہ۔

مادہ ہائے تاریخ :

۱۔ مظہر اسلام ۲۔ درویش خانقاہ

سید فتح محمد رسول نگریؒ

آپ زبدۃ الاقطاب، فرد الاجاب، فخر المشایخ والمتصوفین، راہنمائے خلق اللہ، ہادی سبیل اللہ، صاحبِ وجد و سماع و ذوق و شوق و محبت تھے۔ آپ سید ضیاء اللہ بن سید حافظ محمد حیات ربانی برخورداریؒ کے فرزند اکبر تھے۔ خرقہ خلافت و ارشاد حضرت سید فتح الدین دھلویؒ بن سید محمد عظیم دھاوائیؒ سے حاصل کیا۔

تاریخِ ولادت آپ کی ولادت ۱۱۹۶ھ میں بمقام رسول نگر ضلع گوجرانوالہ میں ہوئی۔ وہیں تربیت اور تعلیم پائی۔

مادۂ تاریخ : طوبیٰ نظیر۔

اخلاق و عادات

آپ علمِ ظاہر و باطن کے عالم تھے۔ مدارجِ فقر و مراتب سلوک پورے طے کیے۔ زہد و عبادت و ریاضت و توکل و صبر و شکر و قناعت آپ کا پیشہ تھا۔

---

[1] حضرت سید خدا بخشؒ کا کچھ ذکر شریف التواریخ کی تیسری جلد موسوم بہ تذکرۃ النوشاہیہ کے پانچویں حصہ عوارف الانوار نام میں لکھا جائے گا ۱۲ شرافت

Marfat.com

پرہیزگاری آپ نہایت متقی، ذاکر، عابد، لاسوال، فقیرکامل، عارف ربانی، محرم راز سبحانی تھے۔ کسب طیب، زراعت، پیری مریدی کرتے۔ مشتبہ طعام سے پرہیز رکھتے۔ ہاتھ کی کمائی سے کھانا مہیا کرتے۔ مونج کا بان ہاتھ سے بانٹ کر فروخت کر کے اپنی روٹی کماتے تھے۔ کسی کا سوال رد نہ کرتے۔ رحم دل، انصاف، تصور و تفکر و مراقبہ میں محو رہتے۔ آپ کے دم درود اور گٹ تعویذ میں شفا تھی۔

سماع و وجد آپ سماع کے دلدادہ تھے۔ سماع میں اکثر آپ کو وجد بھی ہو جایا کرتا تھا۔ وجد کی حالت میں آپ کا چہرہ مبارک سرخ ہو جاتا اور جوش کی حالت میں کھڑے ہو جاتے۔ اور شہادت کی انگلی سے اشارہ کر کے لفظ ھُوْ فرماتے۔ اسی وقت تمام اہلِ مجلس مع قوالاں مرغ بسمل کی طرح تڑپنے لگتے۔ ہر ایک کو وجد ہو جاتا۔

شعرخوانی آپ خواجہ حافظ شیرازیؒ کا یہ شعر پڑھا کرتے تھے:

عنقا شکارِ کس نشود دام باز چیں
کانجا ہمیشہ باد بدست ست دام را

منقول ہے کہ قوم کھوندل نے موضع باہو کو آباد کرنا چاہا لیکن باشندگانِ مانگہ اور اگرویہ نے روک دیا اور آپ کے آگے التماس کی کہ حضور دعا فرماویں کہ باہو آباد نہ ہو۔ آپ نے فرمایا، کل بتاویں گے۔ دوسرے روز فرمایا کہ آج رات ہم نے حضرت نوشہ صاحبؒ کی خدمتِ اقدس میں عرض کی تھی لیکن حضرت سیدہ سائرہ خاتون صاحبہ بنت نوشہ صاحبؒ آگے التجا کر رہی تھیں کہ باوا جی! میں باہو کو آباد کرانا چاہتی ہوں اور فتح محمد روکتا ہے۔ لہٰذا پھوپھی صاحبہ کی عرض منظور ہو گئی ہے۔ اب باہو ضرور آباد ہو کر رہے گا تم لوگ کوئی رکاوٹ نہ کرو۔ چنانچہ اس کے بعد موضع باہو آباد ہو گیا اور آج تک آباد ہے

حضرت نوشہ صاحبؒ سے ہمکلامی

کرامات

ندائے غیبی آپ کے ہاں بچہ ہو کر فوت ہو گیا۔ آپ کے چھوٹے بھائی سید محمد بخشؒ نے کہ سر آپ درگاہِ عالیہ نوشاہیہ میں اولاد کے لیے عرض کریں۔ آپ نے فرمایا

Marfat.com

عرض کیا ہے لیکن آواز آئی ہے "نہیں" اس لیے اب کوئی اولاد نہیں ہوگی۔

میاں خواجہ کو دُعا

منقول ہے کہ ایک مرتبہ میاں خواجہ ساکن پنڈی کالو نے عرض کیا کہ مجھ کو علم طب بالکل تھوڑا ہے۔ لوگ دوائیاں پوچھنے آتے ہیں۔ آپ نے فرمایا تم بلاخوف کچھ نمک مرچ بتا دیا کرو اللہ تعالیٰ شفا دیوے گا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا کرتا۔ اکثر لوگ ان کے علاج سے صحت یاب ہو جاتے۔

تصنیفات

آپ نے کوئی مستقل تصنیف نہیں چھوڑی۔ البتہ آپ کے بعض اشعار پائے جاتے ہیں جن سے تصوف و اخلاق اور مشرب توحید وجودی مترشح ہوتا ہے۔

قطعہ آپ کے برادرزادہ سید عمر بخش رسولنگری نے کتاب آب حیاتی میں آپ کا یہ قطعہ درج کیا ہے:۔

دل ز حرص و کینہ خالی کن کہ تا مومن شوی — خوک و سگ بردن بہ بیت اللہ شعارِ کافرست
کار ہر صاحبدلے بر سینہ خود خنجر زدن — سینہ دیگر را زدن ایں بخشِ کارِ جابرست
سفلہ را اسبابِ دنیا خوشتر از عقبےٰ بود — عارفاں را ایں متاع از بول و غائط بدتر ست

رباعی رسالہ بخشیش گدا میں آپ کی یہ رباعی درج ہے:۔

بارہا دیدہ ام رسولِ کریم — گفت ہر بار احمدم لا میم
فتح دیں پیرِ من چو کرد نگاہ — خود بخود بودم و نہ دیگر بیم

اولاد آپ کا نکاح اپنے عم بزرگ کی بیٹی سیدہ صلاح بی بی بنت سید حافظ نور اللہ فرشتہ صفات سے تھا۔ ان کے بطن سے صرف ایک فرزند سید پیر بخش پیدا ہوئے۔

یارانِ طریقت آپ سے اکثر مخلوقِ خدا سیراب ہوئی۔ از انجملہ

۱۔ سید بہاء الدین بن سید محمد بخش برادرزادہ آنجناب — رسول نگر
۲۔ سید عمر بخش بن سید محمد بخش — "
۳۔ سید الٰہی بخش بن سید عبدالرسول ہاشمی — رَن مل

Marfat.com

۴ - سید محمد بخش بن سید محمد جعفر ہاشمیؒ - رن مل
۵ - سید کریم بخش بن سید محمد بخش ہاشمیؒ "
۶ - سید سلطان محمود بن سید قدم الدین ہاشمیؒ "
۷ - سید شرف الدین بن سید سلطان محمد ہاشمیؒ "
۸ - سید دیدار بخش بن سید قطب الدین ہاشمیؒ "
۹ - سید غلام رسول بن شاہ مغل ہاشمیؒ "
۱۰ - سید حیات بخش بن سید نور حسن ہاشمیؒ "
۱۱ - سید فتح دین بن سید عبدالرسول ہاشمیؒ مندرانوالہ
۱۲ - میاں الہدینؒ ۱۶ - میاں صدیقؒ جھٹانوالی ۲۰ - میاں خواجہؒ پنڈی کالو
۱۳ - شیخ میاں خاں ۱۷ - میاں نور محمدؒ " ۲۱ - میاں ڈوہنگاؒ رسول نگر
۱۴ - میاں گل محمدؒ بافندہ جھٹانوالی ۱۸ - میاں ریحانؒ " ۲۲ - میاں محمد بخش فقیرؒ
۱۵ - میاں خیر محمدؒ " " ۱۹ - میاں امام بخشؒ ۲۲ - میاں پیر بخش خیاطؒ
۲۴ - میاں بلندارؒ

آپ کی تعریف میں حکیم جے سنگھ ساکن گوجرانوالہ نے ایک فارسی قصیدہ بہت عمدہ لکھا ہے۔ وہو ہذا

قصیدہ مدحیہ

قصیدہ :-

ہزار منت و احساں بدرگہِ یزداں — کہ از کرم ز عدم زد رقم بہر دو جہاں
چو خواست فخرِ جہاں در جہاں کند روشن — وجودِ فتح محمد نمود در دوراں
زہے وجود کہ از جودِ او ہزار وجود — چو شاہدانِ چمن از صبا شود خنداں
کلاہِ مرتبۂ او ز آسماں بگذشت — بصدقِ دل شدہ اقبال بندۂ درماں
مگس بسایۂ اقبال او ہما باشد — سگِ درش ز سگِ ہفت مرد نیک رواں
ہمیشہ بوسہ زند بر درش ز روئے نیاز — لبِ فلک بصد اخلاص و رتبہ کیواں
زمانہ ناز کناں بر وجودِ مسعودش — کہ چرخ اسپِ جہاں را بہ لو سپرد عناں
ہر آنکہ پیش درش بُرد مشکلِ خود را — بلطف و رحمتِ خود ساخت زود تر آساں
کشاد سایۂ طوبیٰ ز فیض چوں بزمیں — نماند نامِ ز حاتم بصورۂ دوراں

Marfat.com

ازاں بگردِ زمیں آسماں طواف گرفت — کہ تا بخاکِ درش سجدہ ہا کند چو کہاں
ہلالِ عید ازاں گشت خلق را محبوب — کہ مثلِ ناخنِ پایش بخویش داشتِ نشاں
بیک نفس بدلِ خامشش فرود آید — شریعت ست وطریقت حقیقت وعرفاں
فلک چو دید مقامش برام نگر بگفت — بخلدیاں کہ شدہ رام نگر باغِ جناں
بصد تجمل مجلس بخود چو آراید — فلک زچشمِ کواکب بآں شود نگراں
بشوقِ دیدنِ بزمش رسید حور و قصور — پری پرے زدہ گر دید صورتِ ایواں
بوقتِ رفتنِ او سوئے بارگاہ رود بد — ہمیشہ خارِ رہش حور از سرِ مژگاں
قضاد پیرِ فلک را ازاں خرد بخشید — کہ تا ثنائے کمالاتِ او نہد بزباں
اگر نماند ادریس اندریں زمانہ چہ غم — کہ صد چو او بدرِ درسِ او سبق خواناں
مقامِ غیب کہ شبلی ندید او برسید — زدرسِ او شدہ ادریس تاجِ دانایاں
حسابِ زیج و مجسطی زلوحِ او حرف ست — زمکتبش شدہ اسرارِ جفر ابجد خواں
وجودِ او بجہانِ فنا چو جاں بوجود — کلامِ او بجہاں ہمچو منطق از برہاں
زفیضِ عالمِ ارواح رازہا دارد — لبش پُر از اذکار و دلش پُر از عرفاں
زفرشش تا بسرِ عرش رفتنش یک گام — نماند رازِ ازل تا ابد باو پنہاں
طلسم و شعبہ و تکسیر نیز نیرنجات — بچشمِ ہمتِ والاش بازیِ طفلاں
ندید ہرمس و زرتشت و قطب و بطلیموس — ہرآنچہ دید ز دورِ نجوم و رازِ قراں
زحل و عقد دہد شرح من ہم تاویل — دہد چو شیر بہ تفسیر نقطۂ میزاں
دگر فصیح چو او مادرِ زمانہ نداد — ہزار چند فرود از بلاغتِ سحباں
حساب و ہندسہ و فلسفہ و نحو و نجوم — سرود و طب و صطرلاب و رمل و علمِ بیاں
بدیع و جبر و معانی و لغت و صرف و اصول — زعلمِ او ہمہ جزوے چو حکمتِ لقماں
اگر زنار کند امتحاں بجسترِ ثقیل — زمیں چو سنگ بسجد بہ پلۂ میزاں
میانِ دادِ سخن گر رود سخن زعروض — زبحرِ نوزدہ[19] باشد ہزار بحر عیاں
رود چو بحث زموجود و ممکن و واجب — بیاں کند بمقولاتِ دہ زچند چناں

Marfat.com

پئے طواف ز اخلاص روضۂ شیخ عطار — بگردِ چشمش پرکار وار شد گرداں
ہر آنکہ گشت غلامش ز ہر بُنِ مویش — بلا شعور شور ذکرِ ایزدِ سبحاں
گداخت زہرۂ شیراں ز آتشِ قہرش — ز ہیبتش شدہ لرزاں وجودِ پیلِ دماں
کمالِ بیت المعمور بر درش محتاج — سخا چو دستِ گدا پیشِ او عطا جویاں
بسوئے کویش ہر کس کہ یک قدم میرفت — ز خود گذشت و نشستہ بخلوتِ رحماں
پئے حصولِ مرادست خادمش بہ نیاز — رود دعا بخدا ہر سحر ز پیر و جواں
الٰہی از مددِ فضلِ خاص و عام کرم — مدام دار وُرا شاد و خُرم و خنداں
بایں عرض کہ شدہ در جنابِ حضرتِ حق — خدائے قادرِ مطلق قبول سازد آں
کہ تا بخاکِ درِ عمر بخش خاک شود — بگشت طالب بے سنگ بر درش قرباں

تاریخ وفات سید فتح محمدؒ کی وفات بعمر چوہتر سال قمری بروز شنبہ، پندرھویں ماہ ذیقعدہ ۱۲۶۱ھ مطابق تیسویں ماہ کاتک سمت ۱۹۰۲ب میں ہوئی۔ مدفون گورستانِ نوشاہیہ۔

مادہ ہائے تاریخ:

۱۔ آیت شریف فنادته الملٰئکة وهو قائم یصلی — ۱۲۶۱ھ
۲۔ خورشید عالم — ۱۲۶۱ھ
۳۔ رضوان مقدس — ۱۲۶۱ھ

سید محمد بخش رسولنگریؒ

آپ سید ضیاء اللہ بن سید حافظ محمد حیات ربانی برخورداریؒ کے فرزند اصغر تھے۔ خرقۂ خلافت حضرت سید فتح الدین ڈھلوی بن سید محمد عظیم دھاوائیؒ سے حاصل کیا۔[1]

تاریخِ ولادت آپ کی ولادت ماہ محرم ۱۲۰۰ھ مطابق گھر سمت ۱۸۴۳ب میں بمقام رسولنگر ہوئی۔ مادۂ تاریخ سمیع معرفت

---

[1] مناقبات نوشاہیہ ۱۲ شرافت

Marfat.com

جذبہ کمال

آپ کی طبیعت میں ذوق و مستی و جذبہ و شرم و حیا و تاثیر بحدِ کمال تھا۔ لوگوں کو آپ کی تاثیرِ نگاہ سے بہت فیض ہوتا تھا۔

ادب و حیا

منقول ہے کہ جب آپ کے بڑے بھائی سید فتح محمد رسولنگریؒ کا دنیا سے انتقال ہوا تو دفن کرنے کے وقت آپ نے فرمایا کہ آج مجھے اپنے بھائی صاحب کی زیارت کر لینے دو۔ کیونکہ جس روز سے میں نے ہوش سنبھالی ہے ادب اور شرم و حیا کی وجہ سے آج تک میں نے ان کے چہرہ مبارک کی طرف کبھی نظر اٹھا کر نہیں دیکھا۔

اولاد

آپ کے دو بیٹے تھے:

۱۔ سید بہاؤ الدینؒ ۲۔ سید عمر بخش رسولنگریؒ

آپ کی پانچ بیٹیاں تھیں:

۱۔ سیدہ فضل بی بیؒ۔ منکوحہ سید بوٹے شاہ بن سید حافظ الٰہی بخش مظہر حق برخورداریؒ

۲۔ سیدہ امیر بی بیؒ۔ منکوحہ سید محمد شفیع بن سید حافظ کل احمد پاکذات نوشاہی ثانیؒ برخورداری ساہن پالوی

۳۔ سیدہ حسن بی بیؒ۔ منکوحہ سید غلام حسن بن سید نور احمد برخورداری ساہنپالویؒ

۴۔ سیدہ گوہر بی بیؒ۔ منکوحہ سید غلام محمد بن سید حسن محمد ہاشمی رملویؒ

۵۔ سیدہ حسین بی بیؒ۔ یہ خاندانِ حافظ معموری صاحبؒ میں شادی شدہ تھیں۔

یارانِ طریقت

(۱) میاں یار محمد ماشکی (۲) میاں الٰہی بخش فقیر (۳) میاں خدا یار (۴) میاں اللہ یار (۵) میاں محمد (۶) میاں محمد بخش (۷) میاں نور محمد (۸) میاں شمس الدین (۹) میاں پیر بخش گوجر (۱۰) میاں الٰہدین (۱۱) میاں پیر بخش دیگر (۱۲) میاں حسن محمد (۱۳) میاں کرم داد (۱۴) میاں اللہ داد (۱۵) میاں محمد بخش دیگر (۱۶) میاں عبداللہ (۱۷) میاں بگھو (۱۸) میاں فیض اللہ (۱۹) سید لال شاہ (۲۰) سید ماہلے شاہ (۲۱) سید مستان شاہ (۲۲) بخشیش گدا۔ رح

(تلقین نوشاہی قلمی ق ۱۰۹ ب)

تاریخ وفات سید محمد بخشؒ کی وفات بعمر ستر سال قمری کے بروز بدھوار بستاریخ

Marfat.com

یکم محرم الحرام ۱۲۶۷ھ مطابق اکیسویں ۲۱ ماہ کاتک سمت ۱۹۰۸ ب میں ہوئی۔ مدفون گورستانِ نوشاہیہ

قطعۂ تاریخ

از حضرت مولانا سید حافظ قل احمد پاکذات نوشاہۂ ثانیؒ

محمد بخش کاں مرحوم و مغفور بروضات الجناں شد شاد و مسرور
زتاریخِ وصالش جُستم از جاں بگفتا منزلش در روضہ نور
۱۲۶۷

مادہ ہائے تاریخ:

۱۔ خدا پرست ۱۲۶۷ھ
۲۔ نور بغداد ۱۲۶۷ھ
۳۔ حوضِ جنّت ۱۲۶۷ھ

Marfat.com

باب ہفتم

اس میں ان بزرگوں کے ذکر ہیں جو حضرت نوشہ صاحب سے ساتویں پشت ہیں۔

سیّد عبداللہ پانڈوکوی

آپ اہلِ مکاشفہ و مراقبہ صاحبِ جذب و سکر و عشق و نسبت تھے۔ آپ سید خیر اللہ بن سید فتح اللہ برخورداری پانڈوکوی کے فرزند اکبر تھے۔ بیعت و خلافت حضرت سید فتح الدین دہلوی بن سید محمد عظیم دھماوائی سے تھی[1]

حُسن پسند ہونا آپ کی طبیعت حسن پسند واقع ہوئی تھی۔ بحکم اللہ جمیل و یحب الجمال حُسن و جمال کو پسند کرتے تھے۔ اور حدیث شریف النظرۃ الاولیٰ لک کے مطابق حسین و جمیل لوگوں کو دیکھا کرتے۔ اگر کوئی نئی دلہن ڈولی میں آتی تو آپ اس کو بھی دیکھتے۔ اور خدا تعالیٰ کی صنعت سے متاثر ہوتے ؎

زصنعتِ رُخِ صانع یافتہ
رُخ از ماسوی اللہ بر تافتہ

حالاتِ غیبی کا انکشاف منقول ہے کہ آپ جس دلہن کا چہرہ دیکھ لیتے تو اس کے آیندہ سب نیک و بد حالات آپ پر منکشف ہو جاتے اور اس کی اولاد ہونے والی کی تعداد بھی بیان فرما دیتے۔

منکر عورت کو سزا ملنا منقول ہے کہ ایک مرتبہ ایک نئی دلہن ڈولی میں آئی۔ آپ اس کو دیکھنے کے لیے مجذوبانہ حالت میں چلے گئے۔ اس نے چہرہ چھپا لیا اور آپ کو جھڑک دیا۔ آپ پیچھے ہٹے تو اس کی صورت مسخ ہو کر بندریا بن گئی۔ پھر اس کے شوہر اور سسرال

---

[1] مناقباتِ نوشاہیہ ۱۲ شرافت

Marfat.com

والوں نے آپ سے معذرت کی اور معافی لی۔ آپ مہربان ہوئے تو اس کی صورت صحیح انسانی ہوگئی۔

مخالفوں کا ویران ہونا منقول ہے کہ جو شخص آپ کی مخالفت کرتا اس کے گھر میں عداوت و نفاق پڑ جاتا اور وہ ویران و تباہ ہو جاتا۔

ازواج آپ کی دو اہلیہ تھیں :

۱۔ پہلی بیوی۔ سید خدا بخش بن سید شاہ بقن برخورداریؒ کی بیٹی تھیں۔ ان کے بطن سے کوئی اولاد نہیں ہوئی۔

۲۔ سیدہ بخت بھریؒ۔ بنت سید حافظ نور اللہ فرشتہ صفات برخورداریؒ۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔

اولاد آپ کے تین بیٹے تھے : ۱۔ مولانا سید غلام قادرؒ ۲۔ سید غلام محی الدینؒ ۳۔ سید الہدینؒ

سید عبداللہ کی وفات بروز دوشنبہ، اکیسویں شعبان ۱۲۵۲ھ میں ہوئی۔

تاریخ وفات آپ کی قبر موضع پانڈو کے کلاں ضلع گوجرانوالہ میں تھی۔ ۱۳۰۶ھ / ۱۸۸۹ء میں نہر لوئر چناب کی کھدائی ہوئی تو آپ کی قبر نہر کی مشرقی پٹڑی کی بھرتی کے نیچے دب گئی۔ اس وقت سے نشان قبر ناپید ہے۔ آپ کی اولاد میں کوئی ایسا لائق شخص نہیں ہو سکا جو آپ کی قبر کا نشان وہاں بنا دیتا۔

مادہ ہائے تاریخ : ۱۔ پاک نیک نظر ۲۔ باب مرغوب

سید سلطان محمودؒ

آپ سید خیر اللہ بن سید فتح اللہ برخورداری پانڈوکویؒ کے فرزند اصغر تھے۔ خرقۂ خلافت حضرت سید فتح الدین ڈھلوی بن سید محمد عظیم دھادائیؒ سے حاصل کیا۔[1]

آپ صاحب فضل و کمالات تھے۔ دنیا سے لاولد فوت ہوئے۔

وفات ۱۲۵۵ھ۔

---

[1] مناقبات نرشاہیہ ۱۲ شرافت

Marfat.com

سید علی محمدؒ

آپ سید موج الدین بن سید عطاء اللہ برخورداریؒ کے اکلوتے بیٹے تھے۔ خرقۂ خلافت حضرت سید فتح الدین دہلویؒ سے حاصل کیا[1]۔ آپ کی والدہ سید خدا بخش بن سید شاہ تقن کی بیٹی تھیں۔

آپ کی اہلیہ کا نام حضرت جان بی بیؒ تھا۔ ان کے بطن سے دو بیٹے پیدا ہوئے:

اولاد ۱۔ سید لطف الدینؒ ۲۔ سید علم الدینؒ

سید علی محمدؒ کی قبر گورستانِ نوشاہیہ میں ہے۔ وفات ۱۲۶۰ھ

سید حافظ شرف الدین میرہ والہؒ

آپ سید امام بخش بن سید نور شاہ برخورداری بلانی والہ کے فرزند اکبر تھے۔ خرقۂ خلافت شیخ ماہی شاہ بن شیخ موج الدین رن ملویؒ سے حاصل کیا۔

تاریخِ ولادت آپ کی ولادت ۱۲۰۲ھ بمقام بلانی ضلع گجرات میں ہوئی۔ مادۂ تاریخ "بخشش"۔

تعلیم آپ نو سال کے تھے کہ والد ماجد کا دنیا سے انتقال ہو گیا۔ آپ مع اپنے چھوٹے بھائی سید کرم الدینؒ کے موضع بلانی سے چل نکلے اور موضع جنڈ شریف کے درس میں جا داخل ہوئے۔ تھوڑے ہی عرصہ میں قرآن مجید حفظ کیا۔ فنِ تجوید بھی سیکھا اور چند سال میں علمِ فقہ کی کتابیں بھی پڑھیں۔

بیعت طریقت آپ جب علم سے بہرہ ور ہوئے تو اپنے استاد صاحب سے بیعت ہونے کی درخواست کی۔ انھوں نے فرمایا کہ تمہارا فیض رنمل میں شیخ ماہی شاہ سلیمانیؒ کے پاس ہے۔ چنانچہ آپ وہاں پہنچ کر ان کی بیعت سے مشرف ہوئے اور تھوڑے ہی عرصہ میں خلافت تک پہنچے۔

خلوت گزینی شیخ صاحب کی اجازت سے آپ نے موضع آہی میں جا کر ایک ٹیلہ پر ایک کٹیا بنائی اور اس میں چار چلے کیے۔ آپ کو فیضانِ کثیر حاصل ہوا۔

---

[1] مناقباتِ نوشاہیہ ۱۲ شرافت

Marfat.com

موضع میرڑہ کی آبادی

آپ چندے موضع بلانی میں قیام پذیر رہے۔ پھر وہاں سے چل کر لارموئے کے نواح میں ایک صحرا میں قیام کیا وہاں درخت ہائے چھچھرا کے جھنڈ تھے۔ ان کو کاٹ کر میدان صاف بنایا اور وہاں رہائش کے واسطے ایک مکان بنا لیا۔ آس پاس کے بعض لوگوں نے بھی آکر حضور کے پاس مکانات تعمیر کر لیے۔ رفتہ رفتہ وہ گاؤں آباد ہو گیا جس کا نام میرڑہ رکھا گیا۔ آپ ساری عمر وہیں رہے۔

کرامات

بادل کو ہٹا دینا

منقول ہے کہ ایک دفعہ ماہ چیت میں آپ ظہر کی نماز پڑھ کر مسجد سے نکل رہے تھے کہ ڈھورا بادل چڑھ آیا۔ باشندگانِ دیہہ نے عرض کیا کہ اگر یہ بادل برسا تو اولے پڑنے سے تمام فصل مارے جائیں گے۔ آپ نے عصا سے اشارہ کیا تو فوراً وہ بادل دور ہٹ گیا اور چار میل دور جا کر برسا۔

جذامی کو تندرست کرنا

منقول ہے کہ آپ کے فقیر یتیم علی نام نے پھگواڑے کی چٹنی کھائی اس پر سانپ کے زہر کا اثر تھا۔ اس کے کھانے سے اس کا جسم پھٹ گیا اور جذام ہو گیا۔ اس نے بہت علاج کیے مگر کچھ فائدہ نہ ہوا۔ ایک روز اس نے خدمت میں عرض کیا۔ آپ اس وقت حقہ پی رہے تھے۔ فرمایا، لو ہمارے جوٹھے حقہ سے ایک کش لگا کر اس کا دھواں اپنے اندر رکھو باہر نہ نکالو۔ شام کا وقت تھا اس نے حکم کی تعمیل کی۔ صبح کو امرِ الٰہی سے وہ بالکل تندرست ہو گیا۔

معترفین کمالات

آپ کی تعریف زمانہ کے مشایخ بھی کرتے تھے۔ میاں راجہ بن نظام الدین موچی ساکن جھنڈے والی سے منقول ہے کہ سید بوٹے شاہ صاحب بکھوڑے والے کہا کرتے تھے کہ سید شرف الدین ؒ اس وقت نوشاہی خاندان کے چراغ ہیں۔

اولاد

آپ کی اہلیہ موضع چک جانی کے ایک اہلِ علم خاندان سے تھیں۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔ آپ کا ایک بیٹا تھا جس کا نام شاہ مانا تھا۔

آپ کی چار بیٹیاں تھیں،

Marfat.com

۱۔ سیدہ نیاز بی بیؒ۔ منکوحہ سید قطب الدین بن سید فتح الدینؒ ساہنپالوی
۲۔ سیدہ تاج بی بیؒ۔ منکوحہ سید امام بخش بن سید حبیب اللہ ساہنپالویؒ
۳۔ سیدہ راج بی بیؒ۔ منکوحہ سید نورالدین بن سید کرم الدین چک جانی والہ
۴۔ سیدہ حشمت بی بیؒ۔ منکوحہ سید چراغ الدین بن سید فضل الدین ساہنپالویؒ

یارانِ طریقت آپ سے علاقہ گوجر اکثر مستفیض ہوا۔ ازانجملہ

۱۔ سید نورالدین بن سید کرم الدین برادرزادۂ آنجناب چکجانی
۲۔ شیخ قطب الدین کانگڑہ متصل ملوٹ ۳۔ شیخ پیراں دتہ ٹھیکے
۴۔ شیخ جمعہ گلگو منگلیا ۵۔ میاں نورالدین گوجر جھنڈے والی
۶۔ شیخ یتیم علی فقیر
۷۔ قاضی سلطان محمود قادری اوان شریف والے بھی آپ کی درگاہ سے فیض یافتہ تھے۔ یہاں سے بہت کچھ حاصل کیا۔

تاریخ وفات سید شرف الدینؒ کی وفات بعمر ایک سو سال ۱۳۰۲ھ میں ہوئی۔ آپ کی قبر موضع میرہ متصل لالہ موسیٰ ضلع گجرات میں ہے۔ گاؤں سے باہر جنوبی طرف چاردیواری بنی ہوئی ہے۔

مادہ ہائے تاریخ: ۱۔ اکسیر اعظم ۲۔ مکرم بخت

سید کرم دین چک جانی والہؒ

آپ سید امام بخش بن سید نور شاہ برخورداری بلانی والہ کے فرزند اصغر اور مرید و خلیفہ تھے۔

تعلیم آپ نے اپنے بڑے بھائی سید حافظ شرف الدینؒ کے ہمراہ موضع جنڈ شریف سے قرآن مجید پڑھا اور قدرے تعلیم پائی۔

چک جانی میں قیام آپ نے بعض ارادت مندوں کی استدعا پر بلانی سے چل کر موضع چک جانی کو اپنی رہایش سے نوازا۔ وہاں کے لوگ آپ کی بڑی قدر کرتے تھے۔

درگاہِ سلیمانیہ میں منظوری منقول ہے کہ آپ کے گھر نرینہ اولاد نہیں ہوتی تھی۔ اس

Marfat.com

مقصد کو لے کر آپ بھلوال شریف میں درگاہ حضرت سخی شاہ سلیمان نوریؒ پر حاضر ہوئے۔ رات کو مزار پر معتکف رہے۔ آدھی رات کو شیر کی دکھالی آئی۔ پھر سانپ نظر آیا۔ لیکن آپ استقامت سے بیٹھے رہے۔ پھر خود حضرت سخی بادشاہؒ سبز پیراہن پہنے، سر پر کلاہ، گلے میں یاقوت کی تسبیح درخشاں، ایک ہاتھ میں عصا، دوسرے ہاتھ میں دو بچے کلمہ طیبہ کا ذکر کرتے ہوئے قبر مبارک سے بجسدہٖ ظاہر ہوئے۔ اور فرمایا: لو تمہارے یہ دو بچے ہوں گے۔ آپ صبح کو خوش خوش چلے آئے۔

آپ کی اہلیہ کا نام حضرت فاطمہ بی بیؒ تھا جو چک جانی کے علما خاندان سے تھیں۔ ان کے

اولاد بطن سے اولاد ہوئی۔

آپ کے دو بیٹے تھے: ۱۔ سید نورالدینؒ ۲۔ سید نظام الدینؒ

آپ کی چار بیٹیاں تھیں:

۱۔ سیدہ نور بیگمؒ منکوحہ سید سلطان علی بن سید گوہر شاہ ہاشمی رملویؒ

۲۔ سیدہ زینب بی بیؒ۔ منکوحہ سید شاہ رانا بن سید شرف الدین برخورداریؒ میرٹھ والے۔

۳۔ سیدہ مہتاب بی بیؒ۔ منکوحہ مولوی خواجدین علما ہیلانی مناوریؒ

۴۔ سیدہ حیات بیگمؒ۔ منکوحہ سید علی احمد بن سید بوٹے شاہ برخورداری ساہنپالویؒ

سید کرم الدینؒ کا مزار موضع چک جانی، علاقہ گوجر، ضلع گجرات میں ہے۔

وفات ۱۲۹۱ھ۔

سید حاجی الہ دینؒ

آپ سید فتح الدین بن سید خدا بخش برخورداری ساہنپالویؒ کے فرزند اکبر اور مرید و خلیفہ تھے۔ آپ کی والدہ کا نام حضرت کریم خاتونؒ تھا۔

آپ صاحبِ علم و حلم و جود و سخاوت تھے۔ تارک الدنیا مشایخِ وقت سے تھے۔

حج حرمین الشریفین آپ کو زمانہ شباب میں زیارت حرمین الشریفین کا اشتیاق غالب ہوا۔ تو آپ زادِ سفر لے کر حج کو روانہ ہو گئے۔ حج سے مشرف ہو کر پھر پتہ نہیں چلا کہاں گئے۔ عرب شریف میں رہ گئے یا وطن آئے۔ بہرصورت واپس ساہنپال شریف

Marfat.com

نہ پہنچے[1]

منقول ہے کہ آپ کے چھوٹے بھائی سید فضل الدینؒ نے بہت علاقوں میں پھر کر آپ کو تلاش کیا لیکن آپ کہیں سے نہ ملے۔ اور نہ آپ کا کوئی سراغ ملا۔[2]

تبرکات

ایک مرتبہ آپ نے کسی آدمی کے ہاتھ ایک قرآن مجید قلمی، اور ایک بلوری نگین اپنے بھائیوں کو تحفہ بھیجا۔ نگین پر یہ حروف بخطِ نسخ کندہ تھے: "اللھم صل علیٰ محمد وعلیٰ ال محمد بعدد کل داء و دواء"

ف: یہ دونوں چیزیں آج کل ۱۳۷۶ھ میں صاحبزادہ فرمایش دین بن سید عمر الدین برخورداریؒ کے گھر میں بمقام ساہن پال شریف موجود ہیں۔ مولف بھی زیارت سے مشرف ہوا ہے۔

انتباہ

۱۳۴۶ء کا واقعہ ہے کہ ایک شخص مرزا چراغ الدین نام موضع بُولاگڑھی، علاقہ شیرگڑھ، ضلع لاہور کا رہنے والا، یہاں ساہن پال شریف میں آیا۔ اس نے دعوےٰ کیا کہ میں سید الہدینؒ کی اولاد سے ہوں۔ آپ حج کر کے واپسی کے وقت موضع بُولاگڑھی میں رہ گئے تھے۔ وہاں آپ نے نکاح کیا تھا اور آپ کی اولاد ہوئی۔ چند گھر آپ کی اولاد سے وہاں آباد ہیں۔ زمین وغیرہ ملکیت بہت ہے۔ اب ہم اپنے خاندان سادات نوشاہیہ سے میل ملاقات اور رشتہ ناطہ کرنا چاہتے ہیں۔ وہ شخص اپنا شجرہ نسب حضور سے اس طرح ملاتا تھا "مرزا چراغدین بن کرم دین بن نور محمد بن غلام محمد بن سید اللہ دین صاحب نوشاہی"۔

---

[1] سید عزیز بخش رسولنگریؒ کی ایک تحریر سے ظاہر ہوا ہے جو انھوں نے اپنی کتاب تلقین نوشاہی قلمی کے حاشیہ، ورق ۴۸ ب پر لکھی ہے کہ سید اللہ دین ۱۲۳۹ھ میں حج کو گئے واپس ہو کر ملتان سے پچیس ۲۵ کوس دور خان گڑھی کے قریب موضع کھینچی سین میں سکونت اختیار کی وہیں ایک عورت سے نکاح کیا۔ اُس سے دو بیٹے اور ایک بیٹی ہوئی۔ ۱۲۷۰ھ میں وفات پائی۔ اسی سال رسول نگر کے خوجے اس گاؤں میں تیل خریدنے کے لیے گئے۔ سید اللہ دین کے بیٹے سے وہاں ملاقات ہوئی۔ شرافت

Marfat.com

مولف کہتا ہے کہ ہم نے اس مسئلہ کی تحقیق کی۔ میرے دوست مولوی محمد حیات شرقپوری مولف کتاب گلزارِ نوشاہی نے لاہور کے دفتر سے کاغذات مال بندوبست ۱۸۶۸ء نکلوا کر اس کے شجرہ نسب کی نقل لی۔ اس کا شجرہ نسب اس طرح پر ثابت ہوا:

"مرزا چراغدین بن کرم دین بن نور محمد بن غلام محمد بن بخشو بن احمد بن بسّو گوت ارائیں سیال"۔

پس ثابت ہوگیا کہ مرزا چراغدین مذکور اپنے دعوے میں جھوٹا تھا۔ وہ قوم ارائیں گوت سیال سے ہے۔ اگر آئندہ زمانہ میں وہ شخص یا اس کی اولاد یا برادری میں سے کوئی شخص ایسا دعویٰ کرے تو اُس کو خاندان میں قطعاً شامل نہ کیا جائے۔ اور یہ ظاہر ہے کہ سید بہاؤالدینؒ کی کوئی اولاد تا حال صحیح طور پر ثابت نہیں ہوئی۔

سید فضل الدین بڑجن والہؒ

آپ سید فتح الدین بن سید خدا بخش ساہنپالویؒ کے دوسرے بیٹے تھے۔ خرقۂ خلافت و ارشاد سید شمس الدین بن سید اللہ دتہ برخورداری ڈھلویؒ سے حاصل کیا۔

آپ کی والدہ کا نام حضرت کریم خاتوں تھا۔

ولادت و تربیت آپ کی پیدائش ساہن پال شریف میں ہوئی۔ تربیت اور تعلیم بھی یہیں پائی۔ علم ظاہری مولانا سید غلام قادر بن سید عبداللہؒ سے پڑھا۔

مطالعہ کتب آپ کتابوں کا مطالعہ رکھتے۔ کتاب تحفہ نصایح فارسی منظوم مصنفہ شیخ یوسف گداچشتیؒ آپ نے حضرت سید حافظ قل احمد پاکذات نوشاہِ ثانیؒ سے لے کر مطالعہ کی۔

ریاست جموں میں ورود آپ کی شادی ریاست جموں میں ہوئی۔ آپ کے خسر میاں جان محمدؒ اولاد نرینہ نہیں رکھتے تھے۔ اس لیے وہ آپ کو اپنے پاس لے گئے اور اپنے گھر بار اور کل جائداد اور پیری مریدی کا وارث بنایا۔ آپ وہیں موضع بڑجن میں سکونت پذیر ہوئے۔

آپ کے حق میں عجیب فیصلہ منقول ہے کہ جب آپ کے خسر میاں جان محمدؒ کا انتقال

Marfat.com

ہوا۔ اور آپ اُن کے مریدوں کے وارث ہوئے۔ تو علاقہ پوٹھوہار کا ایک پیر آکر مدعی ہوا کہ ان دیہات کے لوگ میرے مرید ہیں۔ اس بات پر تنازع بڑھ گیا۔ فیصلہ کے لیے فریقین نے موضع ملوٹ کی پنچایت کو منتخب کیا۔ انھوں نے دونوں بزرگوں کو مسجد میں بٹھا کر یہ فیصلہ کیا کہ ایک خوردسال بچہ [illegible] بزرگ کی گود میں یہ بچہ خود بخود جا کر بیٹھ جاوے وہ مریدوں کی گود میں آکر بیٹھ گیا۔ اس عجیب فیصلہ کو دیکھ کر موضع ملوٹ، مواہ [illegible] سب آپ کے مرید ہو گئے اور وہ پیر سخت شرمندہ ہو کر چلا گیا۔

شیر کو کھانا دینا منقول ہے کہ ایک مرتبہ آپ پہاڑ میں چلہ نشین ہوئے۔ قرآن مجید، کلمہ طیبہ، درود شریف کا ورد کرتے تھے۔ ایک روز اثنائے تلاوت میں ایک شیر آپ کے پاس آکر کھڑا ہو گیا۔ آپ نے فرمایا: اے شیر! میں جانتا ہوں کہ تم کو بھوک لگی ہے اور آج تمھیں غذا نہیں ملی۔ تم موضع گرہون میں چلے جاؤ وہاں ہمارے مویشی ہیں ان میں سے ایک گائے کھا لینا۔ شیر چلا گیا اور جا کر گائے کھا لی۔

ف: فقیر سید شرافت عافاہ اللہ کہتا ہے کہ آپ کی اولاد میں سے سید محمد عالم بن نظام الدین رح بڑجن والہ کہا کرتے تھے کہ آج تک آپ کا یہ ارشاد صحیح ہے کہ ہر سال آپ کی اولاد کے مویشیوں میں سے ایک گائے یا بکری شیر آکر کھا جاتا ہے۔

فضائل و کمالات منقول ہے کہ آپ کے زمانہ میں ضلع میرپور ریاست جموں میں آپ کے معاصرین چار اولیاء اللہ موجود تھے:

۱۔ خود آپ یعنی سید فضل الدین مقیم بڑجن ۲۔ سید عالم شاہ سنداڑی
۳۔ شیخ کوڑا مقیم دھرال گگاں ۴۔ سید صاحب مجذوب مقیم ڈھنگروٹ

ایک مرتبہ ایک کابلی درویش صاحب جذبہ و جلالیت اس علاقہ میں آگیا۔ وہ فقیروں کے احوال سلب کر لیا کرتا تھا۔ اس نے ان چاروں بزرگوں پر نگاہِ جلالیت ڈالی۔ تین تو مسلوب الحال ہو کر مر گئے اور آپ پر کچھ اثر نہ ہوا۔ وہ درویش آپ کا معتقد اور کمالات کا معترف ہو گیا۔

کرامات

قفلوں کا خود بخود کھل جانا منقول ہے کہ آپ کے بڑے بھائی سید الہدین رح جوانی میں

Marfat.com

حج کو تشریف لے گئے۔ مگر واپس نہ آئے۔ آپ ان کی تلاش کو نکلے۔ اور بہت سارے علاقوں میں جستجو کی۔ مگر ان کا کوئی پتہ نہ چلا۔ اثنائے سفر میں آپ کو ایک روز ڈاکوؤں نے پکڑ لیا۔ اور آپ کو ساتھ کوٹھڑیوں کے اندر بند کر دیا۔ باہر سے دروازوں کو قفل لگا دیے۔ رات ہوئی تو آپ نے نکلنے کا ارادہ کیا۔ جس قفل کو اندر سے ہاتھ لگاتے وہ خود بخود کھل جاتا۔ اسی طرح آپ ساتوں دروازوں سے باہر نکل آئے۔ دوسرے قیدی جو آپ سے پہلے کے تھے وہ بھی آپ کے ساتھ قید سے خلاص ہوئے۔

ہتھکڑیوں کا ٹوٹ جانا منقول ہے کہ ایک ساہوکار کے قتل کے الزام میں آپ کے دو مرید گرفتار ہو گئے۔ تھانیدار نے دونوں کو ہتھکڑیاں لگائیں۔ آپ کو خبر ہوئی تو آپ نے جا کر اس کو کہا کہ یہ دونوں بے گناہ ہیں ان کو چھوڑ دو۔ اس نے نہ مانا۔ آپ نے نگاہ فرمائی تو دونوں کی ہتھکڑیاں ٹوٹ گئیں اور رہا ہو کر چلے آئے۔

دولت مندی اور سعادت مندی کی دعا منقول ہے کہ ایک شخص نے بارہ سال تک آپ کی خدمت کی۔ آپ نے رخصت کے وقت ایک بھیڑ اس کو عنایت کی اور فرمایا کہ اس کی نسل قیامت تک تیرے گھر میں رہے گی اور تو سعادت مند بھی ہو جائے گا۔ چنانچہ گائیوں کے ریوڑ آج تک اس کی اولاد کے پاس موجود ہیں اور جب وہ شخص فوت ہوا تو اس کے بیٹے نے چوبیس ختم قرآن مجید کر کے اس کی روح کو ایصالِ ثواب کیا۔ یعنی وہ سعادت مند بھی ہو گیا۔

مرید کو خواب میں تنبیہ کرنا ایک رات اسی گائیوں والے مرید کو چوروں نے نقب لگائی۔ وہ سویا ہوا تھا آپ خواب میں اس کو ملے اور فرمایا: اٹھ۔ وہ نہ اٹھا۔ پھر فرمایا: اٹھ۔ پھر بھی نہ اٹھا۔ تیسری دفعہ آپ نے اس کی پشت پر دو عاصے مارے۔ وہ اٹھ بیٹھا۔ اس کے بیدار ہونے سے چور بھاگ گئے اور اس کا مال و اسباب بچ گیا۔

آپ کے پڑوتے سید محمد عالم بن سید نظام الدین کہا کرتے تھے کہ میں نے دونوں عاصوں کے نشان اس کی پشت پر اپنی آنکھوں سے دیکھے ہیں جو تمام عمر اس کو موجود رہے۔

Marfat.com

پیدائش سے پہلے خچر کا حلیہ بتانا

منقول ہے کہ موضع دھرال گگاں میں ایک شخص نے گھوڑی خریدی۔ وہ باردار تھی۔ آپ نے فرمایا: یہ سفید ماتھے والا خچر جنے گی۔ چنانچہ اسی طرح ہوا۔

چوروں کا اندھا ہو جانا

منقول ہے کہ ایک دفعہ آپ کے گھر سے پانسو ۵۰۰ روپے نقد اور قیمتی کپڑے چوروں نے اٹھا لیے۔ جب مکان سے باہر نکلنے کا ارادہ کیا تو اندھے ہو گئے۔ ساری رات سرگرداں رہے۔ صبح کو اپنا قصور معاف کروایا اور ہر چیز واپس کی۔

بے ادبوں کا سزا پانا

منقول ہے کہ ایک دفعہ کسی وقوعہ پر تھانیدار موضع بڑجن میں آیا۔ گاؤں کے نمبردار نے اُس کی روٹی کے لیے آپ کے گھر سے بے اجازت آٹا لے لیا۔ آپ نے فرمایا: ہمارا آٹا تم سب کو تکلیف دے گا۔ چنانچہ جب تھانیدار نے روٹی کھائی تو رات کو دو مرتبہ چارپائی سے نیچے گرا۔ اُس نے غصہ سے سپاہیوں کو مارا۔ سپاہیوں نے نمبردار اور چوکیدار کی پٹائی کر دی کہ یہ شرارت تم نے کی ہے۔ وہاں کے سب زمینداروں نے مل کر تھانیدار کو پیٹا۔ آپ کا ارشاد بالکل ٹھیک ہوا۔

وفات کے بعد کرامات

شیر کا سلام کرنا

آپ کی قبر منور پر آج تک ہر جمعرات کو شیر آکر سلام کرتا ہے اور دُم سے جھاڑو دے کر چلا جاتا ہے۔

ف: شیر کا قبر پر سلام کرنا کچھ جائے تعجب نہیں۔ حضرت خواجہ علاؤ الدین علی احمد صابر چشتیؒ کے روضہ کا بھی شیر جھاڑو کرتا ہے[1]

اولاد

آپ کی اہلیہ کا نام حضرت شہامت بانو بنت میاں جان محمد مغل تھا۔ ان کے بطن سے آپ کے دو بیٹے متولد ہوئے:

۱۔ سید شاہ نوازؒ ۲۔ سید چراغدینؒ

---

[1] تذکرہ اولیائے ہند، ج ۲، ص ۵ شرافت

Marfat.com

آپ کے مرید تو بہت ہوں گے۔ لیکن آپ کے ایک درویش شیخ علم الدین ساکن بنڈی کا نام صرف معلوم ہو سکا ہے۔

یارِ طریقت

سید فضل الدینؒ کی وفات ماہ رجب اور بقولے ماہِ شوال ۱۲۹۰ھ میں ہوئی۔ آپ کا مزار شریف موضع بڑجن، علاقہ کس گمّاں، ضلع میرپور، ریاست جموں میں ہے۔ چاردیواری بنی ہوئی ہے۔

تاریخ وفات

مادہ ہائے تاریخ: ۱۔ شیخ فقر ۲۔ گلشن فیض

سید قطب الدینؒ

آپ سید فتح الدین بن سید خدا بخش برخورداریؒ کے تیسرے فرزند تھے۔ خرقۂ خلافت شیخ احمد شاہ بن شیخ جیون شاہ سلیمانیؒ ساکن اگرویہ سے حاصل کیا تھا۔

منقول ہے کہ آپ کی شادی کا کام شروع تھا۔ تاریخ مقرر ہو چکی تھی۔ آٹا پسا ہوا تھا کہ دریائے چناب میں سیلاب آگیا اور سب سامان اور اموال بہہ گئے۔ آٹے کو چادروں میں باندھ کر درختوں پر لٹکا دیا گیا۔ بعد میں ساہن پال دریا برد ہو گیا تو والدین نے ساہنیانوالہ میں بیٹھ کر آپ کی شادی کا کام انجام دیا۔

شادی کا واقعہ

چونکہ ساہن پال شریف ۱۲۳۷ھ میں دریا بُرد ہوا تھا اس لیے شادی کا واقعہ اسی سال میں ہوا ہوگا۔

آپ کی اہلیہ کا نام سیدہ نیاز بی بی بنت سید شرف الدین برخورداری میرپوری والہ تھا۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔

اولاد

آپ کے تین بیٹے تھے: ۱۔ سید پیراں دتہؒ ۲۔ سید اللہ دتہؒ ۳۔ سید محمدؒ

آپ کی چار بیٹیاں تھیں:

۱۔ سیدہ مہتاب بی بیؒ۔ منکوحہ سید علم الدین بن سید شاہنواز برخورداری ساکن بڑجن۔

۲۔ سیدہ نواب بی بیؒ۔ منکوحہ سید نظام الدین بن سید کرم الدین برخورداری ساکن شیخ علی پورؒ عرف سُخّی۔ ضلع گجرات۔

Marfat.com

۳۔ سیدہ صالحہ بی بیؒ۔ منکوحہ میاں علی محمد بن میاں غلام حیدر، ساکن دھنویہ خورد ضلع گوجرانوالہ۔

۴۔ سیدہ طاعہ بی بیؒ۔ یہ تارکہ مجردہ رہیں۔

تاریخ وفات سید قطب الدینؒ کی وفات ۱۲۹۱ھ میں ہوئی۔ قبر گورستان نوشاہیہ میں ہے۔

مادۂ تاریخ: ۱۔ آیت شریف یرید اللہ ان یخفف عنکم ۱۲۹۱ھ

۲۔ شیخ فقرا ۱۲۹۱ھ

سید امام بخشؒ

آپ سید حبیب اللہ بن سید خدا بخش برخورداریؒ کے فرزند اکبر تھے۔ بیعت طریقت شیخ غلام حسن بن شیخ بڈھا سلیمانیؒ سجادہ نشین درگاہ عالیہ سخی شاہ سلیمان نوری جھلوالیؒ سے تھی۔

آپ کی والدہ کا نام سیدہ نور بصری بنت سید حافظ نور اللہ فرشتہ صفات برخورداریؒ تھا۔

اخلاق آپ درویش مرد، حلیم الطبع، صاحبِ مسکنت و غربت تھے۔ ناموری اور مشہوری سے نفرت تھی۔

کرامات

دعا کا قبول ہونا منقول ہے کہ مہرا بن عالم تارڑ ساکن سارنگ نے خدمت میں عرض کیا کہ میرا ایک زمین کا مقدمہ ہے۔ آپ میرے لیے دعا فرما دیں۔ آپ نے دعا کی اور بشارت دی کہ مقدمہ کا فیصلہ تیرے حق میں ہوگا۔ اور فرمایا، آج رات تجھ کو اس کا پتہ بھی چل جاوے گا۔ چنانچہ رات کو اس نے خواب میں دیکھا کہ ساہن پال شریف سے مشرقی جانب حضرت نوشہ صاحبؒ کا دربار لگا ہے اور مقدمات کے فیصلے ہو رہے ہیں۔ انھوں نے بھی فرمایا: مہرا! زمین تجھ کو مل گئی ہے۔ چنانچہ اس کے بعد عدالتِ ظاہری سے بھی وہ زمین مل گئی۔

ایک گمشدہ نعش کی خبر دینا منقول ہے کہ چودھری تاجہ بن اللہ داد تارڑ ساہنپالیہ دریا میں ڈوب کر مر گیا۔ اس کی نعش گم ہو گئی۔ اولاد نے بہتیری

Marfat.com

جستجو کی اور دریا کے کنارہ پر دُور دُور تک تلاش کو پہنچے۔ مگر کہیں سے کوئی پتہ نہ چلا حتیٰ کہ اٹھارہ دن گزر گئے۔ ایک روز آپ نے فرمایا کہ آج مجھے تاجہ خواب میں ملا ہے اور کہا ہے کہ میں اگرویہ کے قریب ہوں۔ چنانچہ آپ کے پتہ دینے پر ایک میل کے فاصلہ سے ہی اگرویہ کے متصل سے نعش مل گئی۔

اولاد آپ کی اہلیہ کا نام سیدہ تاج بی بی بنت سید شرف الدین برخورداری ساکن میرٹھ تھا۔ ان کے بطن سے صرف ایک ہی فرزند سید الہدینؒ پیدا ہوئے۔

تاریخ وفات سید امام بخشؒ کی وفات بروز منگلوار، بائیسویں جمادی الاُولیٰ ۱۳۰۷ھ بحم ماہنگ سمت ۱۹۴۶ ب کو ہوئی۔ قبر گورستانِ نوشاہیہ میں ہے۔

مادہ ہائے تاریخ: ۱۔ شاہ امام بخش زاہد ۲۔ واقف علمِ شریعت

سید ایزد بخشؒ

بعض شجروں میں آپ کا نام عزت بخش تحریر ہے۔ آپ سید حبیب اللہ بن سید خدا بخش برخورداریؒ کے فرزند اصغر اور مرید و خلیفہ تھے۔

آپ کی والدہ کا نام سیدہ نوربھری بنتِ سید حافظ نوراللہ فرشتہ صفاتؒ تھا۔ آپ کا ایک پاؤں بچپن سے ہی لنگڑا تھا۔

درگاہ کا خزانچی ہونا آپ نہایت امین اور دیانت دار تھے۔ آپ کے زمانہ میں سب برادران ساداتِ برخورداریہ نے متفقہ طور پر درگاہِ عالیہ نوشاہیہ کے نذرانہ (چڑھاوا) کا خزانچی آپ کو مقرر کیا ہوا تھا۔

دعا کا اثر آپ کے والدین نے آپ کے واسطے سید شمس الدین بن سید اللہ دتہ ڈھلویؒ سے اُن کی لڑکی کا رشتہ طلب کیا۔ انھوں نے فرمایا کہ جو شخص ہماری لڑکیوں سے ناطہ کریگا۔ وہ دُنیا میں ابتر رہے گا۔ آپ نے جب سُنا تو فرمایا بلکہ ان کی لڑکیوں کا کوئی شخص رشتہ ہی نہ پوچھے گا ——— چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ آج تک ان کی اولاد سے بھی کوئی شخص رشتہ نہیں پُوچھتا۔

Marfat.com

آپ ساری عمر متاہل نہیں ہوئے۔ آپ کی قبر گورستانِ نوشاہیہ میں ہے۔
وفات ۱۲۰۵ھ۔

سید امام شاہؒ

آپ کا اصلی نام امام بخش المعروف امام شاہ تھا۔ آپ سید صدیق شاہ بن سید محبوب شاہ خوروازی لاہوریؒ کے فرزند اکبر اور مرید و خلیفہ تھے۔ لاہور میں سکونت رکھتے۔ ہر دم ذکر و فکر میں مشغول رہتے۔

مکتوب یہ مکتوب آپ نے سید فضل الدین بن سید فتح الدین برخورداریؒ ساکن بڑجن، ریاست جموں کے نام بھیجا تھا۔

برادر عزیز و افر تمیز بھائی فضل دین چیو سلامت۔ از جانب امام بخش بعد از سلام شوق مطالعہ باد صورت این ست کہ بمجرد دیدن خط ضرور بضرور خود را بیارند۔ دریں باب تاکید اکید دانند کہ دو سال گزشتہ کہ این خط از دست مایاں آمدہ بودند کہ حالا بخدمت شما فرستادند باید کہ بہمراہ خود ہمشیرہ صاحبہ مہربی بی را بیارند۔ والسلام۔

وفات کی اطلاع دینا آپ نے اپنی وفات سے ایک سال پہلے ہی اپنے انتقال کی خبر دے دی تھی اور اپنی اہلیہ محترمہ کو بارہ جوڑے نئے کپڑے تیار کرکے گنبہ کے رنگ میں رنگا دیے تھے کہ میرے بعد تمہاری ساری عمر کے لیے یہ کافی ہوں گے۔

آخری وقت کی خبر دینا منقول ہے کہ وفات سے ایک مہینہ پہلے آپ لاہور سے ساہن پال تشریف لے آئے۔ ایک دن جملہ برادران ہم جدی درگاہ عالیہ حضرت نوشہ گنج بخشؒ کی زیارت کو گئے اور ایک جگہ پر نشان لگا دیا کہ میری قبر اس جگہ بنانا۔ چنانچہ اسی روز آپ کی وفات ہو گئی۔ آپ فرماتے جاتے تھے کہ اب میری رُوح پاؤں سے نکل گئی ہے۔ اب سینے پر ہے۔ اب حلق میں ہے۔ یہی کہتے ہوئے جان بحق تسلیم کی۔

اولاد آپ کی اہلیہ کا نام حضرت فتح بی بیؒ بنت میاں سعادت بن میاں منور حفظانہ تھا۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔ آپ کا فرزند نرینہ نہیں تھا صرف دو بیٹیاں تھیں:

۱۔ سیدہ طاعہ بی بیؒ۔ منکوحہ سید مکھن شاہ لاہوری بن سید حافظ الٰہی بخش برخورداریؒ

Marfat.com

۲- سیدہ مہتاب بی بیؒ۔ منکوحہ سید حبیب اللہ بن سید نور حسن ہاشمی رملویؒ

تاریخ وفات سید امام شاہؒ کی وفات ۱۲۸۴ھ میں ہوئی۔ قبر گورستانِ نوشاہیہ میں ہے۔
مادۂ تاریخ ؛ توشۂ عاقبت

سید پیر شاہ لاہوریؒ

آپ کا اصلی نام پیر بخش المشہور پیر شاہ تھا۔ آپ سید صدیق شاہ بن سید محبوب شاہ برخورداری لاہوریؒ کے فرزند اصغر اور مرید و خلیفہ تھے۔ صاحبِ علم و فضل تھے۔ لاہور میں سکونت رکھتے۔

سجع مُہر آپ کی مُہر کا سجع یہ تھا: [فقیرِ پیر شاہ اولادِ نوشاہ]
آپ کی یہ مُہر تذکرہ نوشاہیہ قلمی پر ثبت ہے۔

نکاح آپ کی شادی سید حبیب اللہ بن سید خدا بخش برخورداری ساہن پالویؒ کی صاحبزادی سے ہوئی تھی۔ لیکن کوئی اولاد نہیں ہوئی۔

تاریخ وفات سید پیر شاہؒ کی وفات ۱۲۸۵ھ میں ہوئی۔ قبر لاہور میں ہے۔
مادۂ تاریخ ، غفرہٗ

سید شمس الدین۔ ڈھلوالہؒ

آپ سید اللہ دتہ بن سید فتح الدین برخورداری ڈھلوالہ کے بڑے بیٹے تھے۔ خرقہ، خلافت و اجازت اپنے جدامجد حضرت سید فتح الدین بن سید محمد عظیم دھماوائیؒ سے حاصل کیا۔

دعائے والد آپ کے حق میں آپ کے والد ماجد نے دعا فرمائی تھی کہ شمس الدین فقیر ہوگا۔ چنانچہ آپ واقعی فقیر کامل ہوئے۔

کرامات

مثالی طور پر حج میں شامل ہونا منقول ہے کہ آپ ایک مرتبہ ڈھل شریف کی مسجد میں بیٹھے تھے کہ ریاست جموں کا ایک حاجی حج کے سفر سے واپس آیا۔

Marfat.com

آپ سے ملاقات کرکے پوچھا کہ آپ حج سے کب تشریف لائے ہیں۔ حاضرین نے کہا کہ آپ تو حج کے دنوں میں یہیں تھے۔ کہیں غیر حاضر نہیں ہوئے۔ اس نے قسم اٹھا کر کہا کہ حضور نے پانچ نمازیں کعبہ شریف میں میرے ساتھ پڑھی ہیں۔ اور میں آپ سے خوب واقفیت رکھتا ہوں۔

ف: بزرگوں کا ایک وقت میں متعدد جگہوں پر موجود ہونا ممکن ہے۔ اور کئی مشائخ سے منقول ہے۔

۱۔ شیخ موہن نے فرمایا کہ میں حضرت سلطان المشائخ کو ہر شب جمعہ کو کعبہ میں ملاقات کیا کرتا ہوں۔[1]

۲۔ شیخ حسین لاہوری بظاہر لاہور میں اور بباطن مدینہ شریف میں معروف رہا کرتے تھے۔[2]

وجد و حال کا کرشمہ منقول ہے کہ آپ اپنے ایک مرید کی برات کے ساتھ عزم واد سے متصل سہرے میں تشریف لے گئے وہاں سسرال والوں کی عورتوں نے پنجاب کے دستور کے مطابق براتیوں کو گالیاں دیں اور فوشا ہی درویشوں کے وجد و حالت کا بھی تمسخر اڑایا۔ آپ نے ان کی طرف نگاہ کرکے الا اللہ کا نعرہ لگایا۔ وہ سب عورتیں پھڑک کر مکانات کی چھتوں سے نیچے گر پڑیں۔ اور وجد کرنے لگیں۔

فرزند ہونے کی دعا منقول ہے کہ سید لطف الدین بن سید علی محمد بخاری کے ہاں اولاد نہیں ہوتی تھی۔ آپ نے ان کی اہلیہ حضرت نیک بی بی کو اپنے تھیلا میں سے ایک چاول نکال کر کھلا دیا۔ اور فرمایا تم کو خدا تعالیٰ کریم لڑکا عنایت فرماوے گا۔ چنانچہ ایک سال کے بعد اُن کے ہاں سید عمر بخش پیدا ہوئے۔

کیکر کو دعا دینا منقول ہے کہ ایک مرتبہ عرس پھڑی شریف سے واپسی کے وقت دوپہر کے وقت علی پور چٹھہ کے صحرا میں ایک درخت کیکر کے نیچے آرام فرمایا۔ جب پچھلے پہر کو وہاں سے روانہ ہوئے تو فرمایا: اے درخت کیکر! تو نے ہم کو آرام پہنچایا ہے ہم نے تجھ سے فیض سے مالا مال کر دیا ہے۔ چنانچہ اس کے بعد اس میں یہ تاثیر پیدا ہوگئی کہ جو شخص تیرہ یا چوتھا کے بخار والا ہوتا۔ اس کے پتے یا پوست اپنے پاس رکھتا تو تندرست ہو جاتا۔

---

[1] تذکرہ اولیائے ہند، ج ۱، ص ۹۵ [2] تذکرہ، ج ۲، ص ۲۵ شرافت

Marfat.com

علی پور کی ایک کھترانی کو وہاں سے صحت ہوئی تو اس نے مسافروں کی سہولت اور پانی پینے کے واسطے وہاں ایک باولی بنوادی۔ آج تک لوگ اس جگہ سے فیض پا رہے ہیں۔

مضبوط گٹ کرنا

منقول ہے کہ چوغطہ بافندہ سا ہنپالیہ نے عرض کی کہ مجھے بخار رہتا ہے گٹ کر دو۔ جب آپ دھاگہ پر گرہ دے کر پھونک مارنے لگے تو اس نے کہا "مضبوط گٹ کرنا۔ آپ نے وہ دھاگہ توڑ دیا اور فرمایا کہ مضبوط تو یہی ہے کہ آج کے بعد تمام عمر تم کو کبھی بخار نہ ہوگا چنانچہ ایسا ہی ہوا۔

وفات کے بعد کرامات

آپ نے فرمایا تھا کہ سو سال تک میری ہڈیاں بھی دوا دیں گی۔ یعنی میرا فیض جاری رہے گا۔ چنانچہ وفات کے بعد بھی خوارق ظاہر ہوا کرتے تھے۔

دردِ شقیقہ کا دور ہونا

منقول ہے کہ حضرت سید محمد امین بن سید حافظ قل احمد پاکذات نورشاہِ ثانی کو دردِ شقیقہ ہوا کرتا تھا۔ کافی عرصہ تک رہا۔ بہت علاج کیے مگر کوئی فائدہ نہ ہوا۔ ایک رات خواب میں ان کو آپ کی زیارت ہوئی۔ آپ نے ان کو ایک نسوار عطا فرمائی۔ انھوں نے سونگھی تو چھینک آئی جب بیدار ہوئے تو درد کافور تھا۔ پھر تمام عمر نہ ہوا۔

ف : خواب میں مل کر بیماروں کو اچھا کرنا کئی بزرگوں سے منقول ہے۔ چنانچہ

۱۔ مولانا فخرالدین نے یار محمد صوفی کو خواب میں مل کر اچھا کیا[1]

۲۔ مولوی فضل احمد امام جامع مسجد دہلی کا لڑکا بیمار تھا۔ خواب میں دیکھا کہ شاہ غلام علی مجددیؒ نے آکر اس کو کچھ کھلایا۔ چنانچہ وہ صحت پا گیا۔

مکتوبات

آپ کے دو مکتوب یہاں تبرکاً اصل عبارت فارسی میں درج کیے جاتے ہیں۔

---

[1] تذکرہ اولیائے ہند، ج ۲، ص ۱۲۵ شرافت

Marfat.com

مکتوب اوّل یہ مکتوب آپ نے ساہن پال شریف سے اپنے چھوٹے بھائی سید قطب الدینؒ کے نام بمقام ڈھل شریف روانہ کیا تھا۔

"ھوالغنی۔ راحتِ جان بلکہ عزیز از جان میاں قطب الدین جیو۔ ہموارہ بحفظ حافظ حقیقی محفوظ باشند۔ ازیں صوب فقیر شمس الدین و احمد بخش بعد از سلام و دعوات مزید حیات واضح ضمیر باد۔ احوال فیما بین بخیریت مطلوب۔ رقیمہ خیریت ایشاں رسید و تمامی کوائف معلوم گردید۔ و در آمدن ایں جانب توقف بموجب آدھا نعلین دوزگردیدہ۔ و آں نعلین دوز مذکور را خلاص کنا یندہ است و مبلغ ہفت روپیہ روزینہ سپاہیاں مقرر گردانیدہ۔ و دریں روزہائے بندوبست مبلغہائے مذکور نمودہ انشاء اللہ رسیدہ خواہیم شد۔ و بخدمت قبلہ گاہی جیو قدمبوسی قبول باد۔ دیگر از ہمہ اقارب و معارف سلام بصد شوق قبول باد۔ و از بندہ قل احمد بندگی بصد نیاز۔"

مکتوب دوم یہ مکتوب آپ نے ڈھل شریف سے اپنے بھائی سید قطب الدینؒ اور اپنے بھتیجے حافظ غلام محمدؒ کے نام بمقام ساہن پال شریف روانہ کیا تھا۔

"برادر عزیز، واقف تمیز، خوب خصال، پسندیدہ افعال، قرۃ العین میاں قطب الدین و برخوردار غلام محمد طول عمرھا۔ از جانب فقیر شمس الدین و احمد بخش بعد از دعوات مزید حیات و ترقی عمر و درجات مشہور باد کہ احوال ایں جائے بخیر است و خیریت آں عزیزاں از درباری الٰہی شب و روز مسئالت میدارم۔ ازاں روز کہ ازیں جائے مرخص بخیر و عافیت شدید۔ خبر خیریت خویش نفرستادہ اید۔ خیریت خود قلمی سازند کہ تسلی خاطر گردد زیادہ دعا۔ برادر عزیزان لطف دین و کرم دین و قدم دین و قل احمد و بوٹہ و عزت بخش و علم دین وغیرہ را سلام واضح باد۔ و الہداد و دائم و گوہر وغیرہ را دعا و سلام واضح باد۔"

تحریر کتب آپ کے ہاتھ کی بعض تحریریں اولاد کے پاس محفوظ ہیں۔ ان میں سے تین عدد دستخط نقل کیے جاتے ہیں:

۱۔ "تمت تمام شد (دفتر نامہ) در روز پنجشنبہ وقت زوال در ماہ رمضان المبارک تاریخ ششم ست بدست خطا فقیر حقیر بندہ پُر تقصیر شمس الدین تحریر صورت یافت ۱۳۲۶ھ۔ تمت تمام شد۔"

Marfat.com

۲۔ "تمت تمام شد قصہ وجود آدمی در روز دوشنبہ بوقت ظہر بتاریخ یکم شہر شوال بدستخط فقیر حقیر بندہ پر تقصیر شمس الدین تحریر یافت باتمام رسید ۱۲۲۹ھ ہجری النبی صلعم تمام شد۔"

۳۔ "تمت تمام شد اربعین حدیث یعنی چہل حدیث نبوی علیہ الصلوٰۃ والسلام بوقت چاشت در روز چہارشنبہ فی التاریخ ہفتم شہر ربیع الاول ۱۲۳۶ھ بدست خط فقیر شمس الدین صورت اتمام یافت از اولاد اقدوۃ الواصلین عمدۃ الصالحین حضرت شیخ حاجی محمد نوشہ گنج بخش رح"

سجع مُہر آپ کی مُہر کا سجع یہ تھا:

[طلوع شمس الدین زافق فتح الدین]

معترفینِ کمالات شیخ غلام حسن بن شیخ بڈھا سلیمانی جلوالی رح کہا کرتے تھے کہ حضرت نوشہ صاحب رح کی اولاد میں سے سید شمس الدین رح خاتم الفقرا تھے۔ اور مولوی سید غلام قادر بن سید عبداللہ برخورداری خاتم العلما تھے۔

آپ کے ایک فرزند سید پیر محمد رح تھے۔

اولاد آپ کی پانچ بیٹیاں تھیں:

۱۔ سیدہ سجادہ بیگم رح۔ یہ تارکہ مجردہ رہیں۔

۲۔ سیدہ حیات بیگم رح۔ یہ بھی تارکہ مجردہ تھیں۔

۳۔ سیدہ گوہراں بیگم رح۔ منکوحہ سید غلام حسن بن سید قطب الدین برخورداری ڈھلوالہ رح۔

۴۔ سیدہ حشمت بی بی رح۔ یہ بھی تارکہ مجردہ رہیں۔

۵۔ سیدہ بیگم بی بی رح۔ یہ بھی تارکہ مجردہ رہیں۔

یارانِ طریقت آپ سے بہت لوگ مستفیض ہوئے۔ ازانجملہ

۱۔ سید فضل الدین بن سید فتح الدین برخورداری رح۔ بڑجن۔ ضلع میرپور

۲۔ سید لطف الدین بن سید علی محمد برخورداری رح ساہنپال شریف

۳۔ سید غلام حسن بن سید قطب الدین رح برادرزادہ آنجناب

Marfat.com

۴۔ میاں حمبہ بن نظام ترکھان ساہنپال شریف
۵۔ میاں صلاح بن حمبہ ترکھان متوفی ۱۳۲۰ھ "
۶۔ میاں جواہر بن حمبہ ترکھان ساہنپال
۷۔ میاں چراغ عالم منہاس دوبرجی
۸۔ میاں غلام علی منہاس "
۹۔ سائیں نعمت علی فقیر ڈھل شریف
۱۰۔ سائیں جانی فقیر ڈھل شریف
۱۱۔ سائیں صدقی فقیر راہیاں
۱۲۔ میاں برکت اللہ گوجر دریا
۱۳۔ میاں نعمت اللہ المعروف تلا درزی دعورہ
۱۴۔ میاں صاحب الدین کوٹلہ ڈتاں
۱۵۔ میاں غلام احمد حجرہ امام مسجد دھنویہ خورد۔ گوجرانوالہ
۱۶۔ میاں عثمان گلگو لاہور

سید شمس الدین[1] کی وفات بروز سوموار۔ وقت نماز عصر، ستائیسویں

تاریخ وفات ربیع الآخر ۱۲۸۵ھ میں ہوئی۔ آپ کی قبر ڈھل شریف ضلع گجرات میں اپنے باپ اور دادا صاحب کے درمیان ہے۔

مادہ ہائے تاریخ: ۱۔ ہادی خداترس ۲۔ بخشش بے حساب

سید قطب الدین ڈھلوالہؒ

آپ سید اللہ دتہ بن سید فتح الدین برخورداری ڈھلوالہؒ کے دوسرے بیٹے تھے۔

خرقۂ خلافت اپنے جدامجد سید فتح الدین بن سید محمد عظیم دھماوانیؒ سے حاصل کیا۔

دعائے والد آپ کے حق میں والد ماجد نے دعا فرمائی کہ میرا بیٹا قطب الدین امیر ہوگا۔ لہٰذا آپ بڑے باقبال و باسیاست خوب صورت نیک سیرت صاحبِ فہم و فراست تھے۔

ایک منصفانہ فیصلہ منقول ہے کہ حضرت شاہ نعمت اللہ الملقب بہ حاجی دیوان ڈوگر سہروردیؒ مدفون خانقاہِ ڈوگراں (ضلع شیخوپورہ) کے سجادہ نشین

---

[1] سید شمس الدین کا کچھ ذکر شریف التواریخ کی تیسری جلد موسوم بہ تذکرۃ النوشاہیہ کے چھٹے حصہ تحایف الاسرار نام میں لکھا جائے گا۔ شرافت

Marfat.com

صاحبزادہ نے اپنے ہم جدی برادران باشندگانِ دھنویہ (متصل حافظ آباد، ضلع گوجرانوالہ) کو دربار کے حصہ اور نذر و نیاز سے بالکل جواب دے دیا۔ انھوں نے تنازعہ شروع کیا اور اپنا منصف و ثالث حضور کو مقرر کیا۔ سجادہ نشین صاحب نے اپنا منصف حضرت داتا گنج بخش لاہوریؒ کے دربار کا مجاور منتخب کیا۔ تاریخِ جلسہ منعقد ہوئی جس پر سب لوگ حاضر ہوئے۔ آپ نے خاندان ڈوگراں کے سب شجرہ جاتِ نسب منگوا کر دیکھے۔ اور نسبی لحاظ سے سب کے حصے مقرر کیے۔ سجادہ نشین صاحب نے جب دیکھا کہ فیصلہ صحیح ہونے والا ہے تو انھوں نے ایک خفیہ پیغام آپ کو بھیجا کہ آپ اگر فیصلہ میرے حق میں کریں تو آپ کو ایک گھوڑا، ایک جوڑا کپڑے، سونے کے کڑے، پانسو ۵۰۰ روپے نقد نذرانہ دیا جاوے گا۔ آپ اس پیغام کو سن کر بڑے غصہ میں آگئے اور فرمایا میں دنیاوی مال کا خواہشمند نہیں ہوں، حقانیت پسند ہوں۔ یہ سب انعامات آپ مجاور لاہوریؒ کو دے دیویں۔ پھر آپ نے سب کو فیصلہ سنا دیا اور باشندگانِ دھنویہ کو قیامت تک دربار کے حصہ کا وارث بنا گئے۔ بعد ازاں سجادہ نشین نے وہ فیصلہ ڈپٹی کمشنر کے پیش کیا اور اس کو فسخ کرانا چاہا۔ مگر اُس نے اسی کو منظور کیا۔

آپ کا ایک مکتوب یہاں نقل کیا جاتا ہے جو آپ نے اپنے بڑے بھائی سید شمس الدینؒ کو مکتوب لکھا تھا:

"بخدمت فیضدرجت حضرت اخوان صاحب جیو سلمہٗ ربہٗ۔ ازجانب فقیر قطب الدین بعد از بندگیات فراوان مطالعہ باد احوال ایں جائے بخیرست وصحت تندرستی آں صاحب جیو مدام مطلوب۔ دریں ولا بخدمت شریف نوشتہ شد کہ مہربانی فرمودہ خبر خیریت خود بدست ہرآیندہ و روندہ ارسال دارند۔ از غلام محمد و پیرنہ و دیگر صاحبزادہ ہائے سلام۔ طرف غلام حسن برخورداری"

سجع مُہر آپ کی دو مُہریں تھیں:

۱۔ ایک پر یہ سجع کندہ تھا: [زفتح دین محمد شد ست قطب الدین]

۲۔ دوسری مُہر پر یہ الفاظ کندہ تھے: [میاں قطب الدین]

اولاد آپ کے ایک ہی فرزند سید غلام حسنؒ تھے۔

Marfat.com

یارانِ طریقت آپ کے احباب و خواص مریدین تھے:

۱۔ سید حافظ غلام محمد بن سید احمد بخش برخورداری برادر زادۂ آنجناب ساہن پالوی

۲۔ میاں غلام علی لاہوری ؒ ۳۔ میاں نبی بخش لاہوری ؒ

سید قطب الدین ؒ کی وفات بروز اتوار۔ چھٹویں محرم الحرام ۱۲۹۲ھ میں ہوئی۔

تاریخ وفات قبر مبارک اپنے آباو اجداد کے پاس گورستانِ نوشاہیہ میں ہے۔

قطعۂ تاریخ

چونکہ قطب الدیں جوانمردِ رشید — عُرف نوشاہی ز اولادِ سعید

کرد پدرود جہانِ بے ثبات — رفت رُوح او تہِ عرشِ مجید

روز یکشنبہ ششم ماہِ عاشور — از قضائے حضرتِ رب الوحید

با مزارِ حضرتِ نوشہ ولی — دفن کردندش باعزازِ شہید

بہرِ سنِ فوتِ آں مردِ ولی — گفت ہاتف بدور احوراں خرید[1]

۱ ۲ ۲ ۹ ۲ ۱۲۹۲

مادہ ہائے تاریخ:

۱۔ قدوۂ مخلوقات ۲۔ مشہورِ خلایق

سید احمد بخش ڈھلوالہ ؒ

آپ وحید العصر، فرید الزماں، صاحبِ زہد و ورع تھے۔ آپ سید اللہ دتہ بن سید فتح الدین برخورداری ڈھلوالہ ؒ کے تیسرے بیٹے تھے۔ بیعتِ طریقت و خلافت اپنے جد بزرگوار حضرت سید فتح الدین بن سید محمد عظیم ؒ سے حاصل تھی۔

عبادت و ریاضت آپ کے حق میں والد صاحب نے فرمایا تھا کہ احمد بخش قبہ دین ہوگا۔ چنانچہ آپ بڑے متشرع، اہلِ عبادت و ریاضت ہوئے۔ آپ خواہ

---

[1] اس مادۂ تاریخ کا کوئی مطلب نہیں۔ پرانی یادگار کے طور پر درج کر دیا ہے ۱۲ شرافت

Marfat.com

ساہن پال میں ہوتے یا ڈھل میں۔ رات کو دریا پر جا کر عبادتِ الٰہی کیا کرتے۔ کبھی رات کو پتی میں نکل جاتے اور ذکر جہر کلمہ طیبہ کیا کرتے۔

چلہ نشینی ایک مرتبہ آپ نے بھڑی شریف میں درگاہ حضرت شیخ عبدالرحمٰنؒ پر چلہ کیا۔ حضرت سید شاہ عصمت اللہؒ والے حجرہ میں چالیس روز معتکف رہے۔ دروازہ بند رہا۔ آپ کو بائیں ٹخنے سے لے کر گھٹنے تک دیمک لگ گئی لیکن محویت میں آپ کو کچھ محسوس نہ ہوا۔

بلندی مرتبہ آپ قوی الجذبہ تھے۔ درویشی اور اوصافِ فقر میں آپ اپنے دونوں بھائیوں سے بلند مرتبہ رکھتے تھے۔

کرامات

فتوحاتِ کثیر حاصل ہونا منقول ہے کہ آپ کے بڑے بھائیوں سید شمس الدینؒ اور سید قطب الدینؒ نے ایک مرتبہ آپ کو کہا کہ آؤ خدا تعالیٰ کے ملک کی سیر کر آویں۔ آپ ان کے ہمراہ ہو لیے۔ بہت مدت تک سفر کیا۔ دہلی تک سیر کر کے واپس پھرے۔ جب رسول پور چھٹہ میں پہنچے تو دونوں بھائیوں نے آپس میں گفتگو کی کہ آگے جب ہم سفر جاتے تھے تو بہت کچھ نذر و نیاز حاصل ہوا کرتی تھی۔ اس مرتبہ احمد بخش کو ہمراہ لیا ہے تو کسی نے کچھ بھی نہیں دیا۔ اب بال بچہ کے لیے کیا لے جائیں گے۔ آپ نے یہ بات سُن لی تو فرمایا: واہ بھائی صاحب! آپ نے تو فرمایا تھا کہ سیر کے لیے جانا ہے۔ اور سیر تو کیا اچھی ہو گئی ہے۔ اگر نذرانہ کی ضرورت تھی تو پہلے بتا دیا ہوتا خیر اب دو روز یہیں ٹھہرو سب کچھ یہیں آ جائے گا۔ آپ نے ایسا تصرف کیا کہ دہلی تک کے سب مرید وہیں آ حاضر ہوئے اور معقول نذر لے دیے۔ حتیٰ کہ مبلغات کی خچر لدوا کر ساہنپال شریف پہنچے۔

ایک مرید کو جنّوں کے شر سے بچانا منقول ہے کہ آپ کا مرید میاں میہوں ترکھان ساہنپالیہ کسی کام کے لیے موضع بھیکھو میں جا رہا تھا جب جاگو تارڑ کی سرحد میں پہنچا تو جنگل کی جھاڑیاں نیستان وغیرہ آ گیا۔ وہاں ایک عورت ظاہر ہوئی اور اس کو ساتھ لے کر ایک نشیبی جگہ میں لے گئی۔ وہاں دیکھا کہ جنّوں کا ایک شہر آباد ہے اور اسی جنیہ عورت کے بیاہ کا کام شروع ہے۔ لڑکیاں گیت گا رہی ہیں۔ شادی کے سب سامان موجود ہیں۔ دمکنے لگی

Marfat.com

کریں تو اپنے لیے شوہر لے آئی ہوں۔ مُلّا کو بلا کر نکاح کرنے لگے۔ میاں میہوں نے اُس وقت آپ کو یاد کیا۔ مُلّا نے سب کو بتایا کہ اس شخص کے پیر صاحب سید احمد بخش نوشاہی ہیں۔ اس کو چھوڑ دو تو بہتر ہوگا ورنہ وہ ہم سب کو جلا دیں گے۔ آخر انھوں نے چھوڑ دیا۔ دو روز وہ بھیکھو میں جا کر رہا۔ اس کے خوف سے بخار ہو جاتا رہا۔ جب تیسرے روز واپس آیا اور آپ کی خدمت میں سلام کے لیے حاضر ہوا تو آپ نے متبسم ہو کر خود بخود فرمایا "کیہاں ڈِٹھیاں سالیاں، کیہی ڈِٹھی نار" اور فرمایا اگر اُس وقت ہم تجھ کو نہ بچاتے تو جن تجھے ہلاک کر دیتے۔

مکتوب آپ کا ایک مکتوب یہاں درج کیا جاتا ہے جو آپ نے ڈھل شریف سے اپنے بڑے بھائی سید قطب الدینؒ کو ساہنپال شریف میں بھیجا تھا:

"اخوان صاحب مہربان، تکیہ گاہ یکسان، ینابیع الجود والاحسان، اخوان صاحب جیو سلمہ اللہ تعالیٰ۔ بندہ کمترین نیازمند فقیر احمد بخش بندگی وکورنشات سرافگندگی بجا آوردہ معروض میدارد کہ احوال ایں جانے بخیرست۔ خیریت آں صاحبان از دربار رب العزت شب و روز مسئالت میدارم۔ چوں دریں ولا نامہ بہجت شمامہ مسرت اسلوب رسید۔ ہزاراں شکر بدرگاہ پروردگار بجا آوردم۔ ؎

ہفت دریا گر بنوشم تر نگردد کامِ من
شربتِ دیدار باید تشنۂ دیدار را

میاں لطف الدین وچوہدری الہداد و دایم و دیگر حال پہناں را سلام واضح باد زیادہ خیریت۔"

تحریر کتب آپ کے ہاتھ کی لکھی ہوئی کتابیں گلستاں، یوسف زلیخا، سکندر نامہ، انشائے ہرکرن، انشائے خلیفہ، کریما، فقر نامہ آج بھی موجود ہیں۔

دستخط آپ کا ایک دستخط یہاں نقل کیا جاتا ہے۔

"الحمد للہ رب العالمین والعاقبۃ للمتقین والصلوٰۃ والسلام علیٰ رسول خیر خلقہ محمد وآلہ واصحابہ اجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین۔
تمت تمام شد کتاب مستطاب بعون الملک الوہاب مسمی زلیخا من تصنیف مقبول ایزد رحمان حضرت مولوی جامی رحمۃ اللہ علیہ من ید احقر العباد فقیر حقیر احمد بخش من نبائر قدوۃ الواصلین

Marfat.com

زبدۃ العارفین حضرت شیخ حاجی محمد نوشہ گنج بخش قادری قدس سرہ العزیز متوطن صادق پور چک ساہنپال درمکان نزہت نشان ڈھل تحریر یافت۔ روز چہارشنبہ۔ بوقت ظہر بتاریخ بیست و نہم ماہ ربیع الاوّل سنہ ۱۲۳۹ ہجری صورت اتمام یافت۔"

سجع مُہر آپ کی مُہر کا سجع یہ تھا: [عظیم فتح الٰہی بدین احمد بخش]

اس میں یہ صنعت بھی موجود ہے کہ آپ کے پڑ اوا صاحب سید محمد عظیم اور دادا صاحب سید فتح الدین اور والد صاحب سید اللہ دتہ کے ناموں کے اشارات بھی پائے جاتے ہیں۔

اولاد

آپ کا نکاح سیدہ بھاگ بھری بنت سید خدا بخش بن سید حافظ نور اللہ فرشتہ صفات برخورداری کے ساتھ ہوا تھا۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔

آپ کے ایک ہی فرزند سید حافظ غلام محمد تھے۔

آپ کی ایک بیٹی سیدہ تاج بی بی تھیں جو تارکہ مجردہ رہیں۔

یارانِ طریقت آپ کا فیض تو عام تھا۔ بعض خواص احباب کے نام لکھے جاتے ہیں:

۱۔ شیخ فرمایش دین بن شیخ رحمت علی سلیمانی	کوٹ پیجو	ضلع گجرات
۲۔ سید پیر محمد بن سید شمس الدین ڈھلوی برادر زادہ آنجناب	ڈھل شریف	"
۳۔ سید لدھے شاہ بن سید الہدین برخورداری	پانڈو کے کلاں	گوجرانوالہ
۴۔ سید عمر بخش بن سید لطف الدین برخورداری	ساہنپال شریف	گجرات
۵۔ میاں میہوں بن جمعہ ترکھان ساہنپال	۶۔ میاں مانہہ بن جمعہ ترکھان ساہنپال	"
۷۔ شیخ جواہر شاہ بھڑی شریف	۸۔ راجہ عظیم اللہ	چک نتھہ گجرات
۹۔ شمیرا بھیکھو گجرات	۱۰۔ عمر مہتم	ساندہ لاہور

سید احمد بخش[1] کی وفات بروز ہفتہ۔ وقت نمازِ ظہر، آٹھویں محرم الحرام

تاریخ وفات سنہ ۱۲۷۴ھ میں ہوئی۔ آپ کی قبر گورستانِ نوشاہیہ میں ہے۔

---

[1] سید احمد بخش کا مزید ذکر شریف التواریخ کی تیسری جلد موسوم بہ تذکرۃ النوشاہیہ کے چھٹے حصہ صحائف الاسرار نام میں لکھا جائے گا ۱۲ شرافت

Marfat.com

مادہ ہائے تاریخ :

۱۔ آیت شریف جزاھم بما صبروا جنۃً و حریراً ۱۲۷۴ھ

۲۔ آفتابِ معرفت ۱۲۷۴ھ

۳۔ سرمستِ جامِ عشق ۱۲۷۴ھ

حضرت سید حافظ قل احمد پاکذات نوشاہیؒ

آپ عارفِ ربانی، محبوبِ رحمانی، غوثِ جہان، نوشاہِ زمان، صاحبِ زہد و تقدس و علم و حلم تھے۔ آپ حضرت سید حافظ الٰہی بخش مظہر حق بن سید حافظ نور اللہ فرشتہ صفات برخورداریؒ کے فرزند اکبر اور مرید و خلیفہ تھے۔ آپ کی والدہ ماجدہ مولوی محمد غوث ساکن چکریاں کی صاحبزادی تھیں۔

اخلاق و عادات آپ مادرزاد ولی اللہ تھے۔ حضرت سخی شاہ سلیمان نوریؒ کے دربار سے آپ کو "دوم نوشہ" کا خطاب ملا تھا۔ مجاہدات و ریاضات میں سرگرم رہتے۔ نسبت غوثیہ آپ کو پوری پوری حاصل تھی۔ کوئی دم آپ کا یادِ الٰہی سے خالی نہ جاتا۔ آداب طریقت سے واقف، عالم، فاضل، کاتب، محقق، مورخ تھے۔ خوارق و کرامات بکثرت ظاہر ہوتے تھے۔

آپ کے حالات طبقہ اول میں مفصل لکھے جا چکے ہیں۔ یہاں ترتیب نسب کے لحاظ سے مختصر تذکرہ کر دیا ہے۔ نیز آپ کی مفصل سوانح حیات بنام "نوشاہِ زمان" بھی لکھی جا چکی ہے۔

اولاد آپ کا نکاح سیدہ حسن بی بی بنت سید حبیب اللہؒ سے ہوا تھا۔ ان کے بطن سے دو بیٹے پیدا ہوئے،

۱۔ سید محمد امینؒ ۲۔ سید محمد شفیعؒ

یارانِ طریقت چونکہ آپ نوشاہِ وقت تھے۔ اس لیے حضرت نوشہ صاحبؒ کی طرح آپ کا فیضِ طریقت عام تھا۔ آپ کے بائیس[۲۲] صوبے (خلفائے اکبر) باون[۵۲] بانوا (خلفائے اصغر) بہتر[۷۲] ادا (خلفائے مجاز) تھے۔ جن کے اسماءِ گرامی کتاب نوشاہ زمان میں پورے لکھے گئے ہیں۔

Marfat.com

تاریخ وفات

سید حافظ قل احمد[1] کی وفات منگلوار کی رات ۔ وقت نماز تہجد ۔ تیئیسویں ربیع الآخر ۱۲۸۶ھ میں ہوئی۔ مزار شریف گورستانِ نوشاہیہ میں، درگاہِ عالیہ سے مغربی جانب ہے۔

مادہ ہائے تاریخ ؛

۱ -	آیت شریف فقنا عذاب النار	۱۲۸۶ھ
۲ -	فاضلِ دانش پژوہ	۱۲۸۶ھ

سید بُوٹے شاہؒ

آپ کا اصلی نام غلام احمد، مشہور نام بُوٹے شاہ تھا۔ آپ حضرت سید حافظ الٰہی بخش مظہر حق بن سید حافظ نور اللہ فرشتہ صفات برخورداری کے دوسرے بیٹے تھے۔ بیعتِ طریقت و خلافت شیخ صدقی شاہ بن شیخ خان بہادر سلیمانی رسولنگریؒ سے تھی۔

آپ کی والدہ کا نام حضرت محمد بانو بنت مرزا صاحب میاں جان محمد مغل، ساکن بڑاجن ضلع میرپور، ریاست جموں تھا۔

تاریخ ولادت

آپ کی ولادت بروز چہارشنبہ، وقت نماز چاشت، بیسویں ذی الحجہ ۱۲۴۱ھ میں بمقام ساہنیانوالہ ہوئی[2] مادۂ تاریخ، سرائے عشرت

---

[1] حضرت سید حافظ قل احمد پاکذاتؒ کا کچھ ذکر شریف التواریخ کی تیسری جلد موسوم بہ تذکرۃ النوشاہیہ کے چوتھے حصہ صحایف الاسرار نام میں لکھا جائے گا۔

[2] ۱۲۴۱ھ میں موضع ساہن پال شریف کو دریائے چناب نے گرا دیا اور سب لوگ متفرق دیہات میں جا بسے تھے۔ اور ابھی نئے گاؤں کی آبادی نہیں ہوئی تھی اُس دوران میں چند سال تک حضرت سید حافظ الٰہی بخشؒ موضع ساہنیانوالہ میں جا رہے تھے۔ چنانچہ سید بُوٹے شاہؒ کی پیدائش اسی گاؤں میں ہوئی تھی۔ یہ گاؤں ساہنپال شریف کے متصل ہی شمال مغرب کی طرف ہے۔ ۱۲

ظرافت

Marfat.com

تعلیم

آپ نے ظاہری تعلیم مولوی سید غلام قادر بن سید عبداللہؒ سا ہنپالوی سے پائی۔ قرآن مجید پڑھا۔ پھر بعض درسی ادبی کتابوں پر بھی عبور کیا۔ لکھنے پڑھنے کا کچھ ملکہ حاصل ہوگیا۔

عبادت و ریاضت

آپ ریاضت و مجاہدہ میں اپنے اقران میں بڑھے ہوئے تھے۔ ابتدائے احوال میں آپ کاشتکاری کیا کرتے۔ فصل کی کٹائی کے موسم میں رمضان شریف آتا تو آپ روزہ بھی رکھتے اور گندم کی کٹائی بھی کرتے۔ رات کو درگاہِ عالیہ نوشاہیہ پر حاضر ہوکر روضہ شریف ہزارہ اور چہل کاف کی منزل کیا کرتے۔ شام کے وضو سے نمازِ فجر ادا فرمایا کرتے۔

آدابِ شناسی

آپ کا طریقہ تھا کہ آپ روضہ عالیہ حضرت نوشہ گنج بخشؒ کے اندر داخل نہیں ہوا کرتے تھے محض اس خیال سے کہ حضور کا جسمِ اطہر زمین کے اندر مدفون ہے۔ اور روضہ کا فرش اور چبوترہ بلند ہے۔ آپ دروازہ کے باہر سیڑھیوں کے آگے ہی سلام کیا کرتے، اور وہیں بیٹھ کر منزل بھی کیا کرتے۔ تین مرتبہ حضرت نوشہ صاحبؒ نے خواب میں آپ کو ارشاد فرمایا کہ بیٹا اندر آجایا کرو۔ کیونکہ اولاد والدین کی گود میں بھی بیٹھ سکتی ہے۔ آپ نے عرض کیا کہ مجھے بے ادبی کا ہر وقت خطرہ ملحوظ ہے۔ چنانچہ آپ تمام عمر روضہ شریف کے اندر کبھی داخل نہ ہوئے۔

ف : مزار روشن بخت گورگانیؒ کا طریقہ تھا کہ جب بزرگوں کے مقابر میں داخل ہوتے تو بوجہ ادب باہر کھڑے ہوکر سلام و فاتحہ پڑھتے۔[1]

درگاہِ سلیمانیہ سے تاج عطا ہونا

منقول ہے کہ ایک مرتبہ حضرت نوشہ صاحبؒ نے آپ کو حکم دیا کہ تمہارا فیض حضرت سخی شاہ سلیمان نوریؒ کے پاس ہے وہاں جاؤ۔ آپ پیادہ پاؤں روانہ ہوئے۔ جب سات کوس فاصلہ رہ گیا تو آپ نے جوڑا بھی اتار لیا اور ننگے پاؤں درگاہِ سلیمانیہ پر پہنچے۔ رات کو باوضو مرقد اطہر کے پائیں طرف بیٹھ رہے۔ سرگھی کے وقت آپ کو اونگھ آئی۔ خواب اور بیداری کے درمیان نظر آیا کہ دو نورانی شخص ظاہر ہوئے۔ ایک نے کہا: "بوٹے شاہ دستار کے لایق ہے۔" دوسرے نے کہا: "بوٹے شاہ تاج کے لایق ہے۔" آخر دونوں نے متفق ہوکر آپ کو تاج پہنایا اور ایک پراوٹھے کا

---

[1] تذکرہ اولیائے ہند، ج ۲، ص ۱۵۹ شرافت

Marfat.com

نچلا حصہ (تھلا) آپ کو عنایت کیا اور فرمایا، جتنا تم ضعیف ہوتے جاؤ گے اتنا ہی تمہارا فقر جوان ہوتا جائے گا۔

اخلاق وعادات آپ بڑے عادل ومنصف مزاج، محقق، ذاکرِ حق، عارفِ کامل، ولیِ بے نظیر، سیف اللسان تھے۔ جو کچھ منہ سے نکالتے وہ پورا ہوجاتا۔ لوگ آپ کے پاس تنازعات لاتے۔ آپ بہت منصفانہ فیصلے کیا کرتے۔

آپ کے متعلق آپ کے والد صاحب حضرت سید حافظ الٰہی بخشؒ نے فرمایا تھا کہ میرا بیٹا بوٹے شاہ پنچایت کا سردار ہوگا۔ چنانچہ آپ ہر مجلس کے سرگروہ ہوتے تھے۔

آپ کسی کو تعویذ یا دھاگہ (گنڈ) کرکے نہیں دیتے تھے۔ جو شخص کوئی عرض کرتا، اگر آپ اس سے سخت کلامی کرتے تو بیڑا پار ہوجاتا۔ اور اگر آپ خاموش ہوجاتے تو کام نہ ہوتا۔ آپ بزرگوں درویشوں کی زیارتیں بھی کیا کرتے۔

حلیہ ولباس آپ کا جسم دُبلا پتلا تھا۔ چہرہ بارعب تھا ضعیف العمر تھے۔ آخری عمر میں بینائی جاتی رہی تھی۔ لیکن پھر بھی چہرہ پر جلالیت کے اس قدر آثار تھے کہ کوئی شخص نظر بھر کر دیکھ نہ سکتا تھا۔

آپ لباس بالکل سادہ رکھتے۔ کپڑے دیسی کھدر کے ہوتے۔ سر پر ٹوپی پیالہ نما، جسم پر گودڑی اوڑھتے۔ آپ کی غذا سادہ ہوتی۔ روٹی کا ٹکڑا بقدر چار انگشت کھایا کرتے۔ پیٹ بھر کر کھانے کو پسند نہ رکھتے۔

کرامات

اقبال مندی کی دُعا مولف کے والد بزرگوار حضرت مولانا سید غلام مصطفےٰ ادام اللہ برکاتہ فرماتے ہیں کہ جب میری دستار بندی ہوئی تو آپ نے اپنے ہاتھ مبارک سے میرے سر پر دستار پہنائی اور دعائے خیر فرمائی کہ خداوند کریم تم کو عزت واقبال دیوے گا۔ چنانچہ آپ کی دعا سے مجھے اللہ کریم نے دنیا و دین میں عزت واقبال سے سرفراز فرمایا ہے۔

Marfat.com

ف : مولفِ کتاب ہذا کہتا ہے کہ اس وقت تمام خاندانِ نوشاہی میں میرے والد بزرگوار جیسا ظاہری علم وفضیلت اور باطنی مقامات ومدارج میں کوئی شخص نہیں۔ یہ سب آپ کی دعائے خیر کی برکات ہیں۔

مجذوم کو تندرست کرنا

منقول ہے کہ جلّا تارڑ اگرویہ سے آپ نے کسی ضرورت کے لیے بیل مانگے۔ اُس نے نہ دیے۔ آپ ناراض ہوکر واپس چلے آئے۔ اس نے گستاخانہ طور پر کہا کہ میں آپ کے والد صاحب کا مرید ہوں۔ آپ کی ناراضگی مجھ پر کوئی اثر نہیں کرسکتی۔ آپ نے فرمایا، اچھا دیکھا جاوے گا۔ چنانچہ چند روز کے بعد اس کو مرضِ جذام ہوگیا۔ اس کا سارا جسم خراب ہوگیا۔ پھر وہ آکر قدم بوس ہوا اور معافی مانگی۔ آپ نے فرمایا، فلاں بُوٹی (گھاس) گھوٹ کر پیو۔ اس نے اس بُوٹی کا استعمال کیا تو خدا کے فضل سے بالکل تندرست ہوگیا۔

عمر میں تصرف کرنا

منقول ہے کہ آپ کا مرید حاکم بن راجہ تارڑ اگرویہ سخت بیمار ہوگیا۔ زندگی کی امید نہ رہی۔ اس کی اہلیہ مستمات بھاگے نام آپ کے پاس آکر کہنے لگی کہ اگر میرا شوہر مرگیا تو یاد رکھنا میں گھر کا سارا کاروبار آپ سے لوں گی۔ آپ نے فرمایا، آج چلی جا۔ کل اس کی حالت سے مجھے خبر دینا۔ دوسرے دن آکر اُس نے بتایا کہ آج قدرے آرام ہے۔ آپ نے فرمایا، آج رات ہم نے حاکم کو تین مرتبہ حضرت نوشہ صاحبؒ کی خدمت میں پیش کرکے درازیِ عمر کی دُعا کروائی ہے۔ اس کی زندگی تو ختم ہوچکی تھی۔ لیکن اب اس کی عمر بڑھ گئی ہے۔ اس کی بجائے آج کوئی شخص گاؤں سے باہر کی طرف ضرور مرجائے گا۔ چنانچہ اُس دن ظہر کے وقت اروڑا نام مصلّی دیوار کے نیچے دب کر مرگیا۔ آپ کا ارشاد سچا ثابت ہوا۔ اور حاکم مذکور پندرہ سال اس کے بعد زندہ رہا۔

ایک منکر کا مسخر ہونا

منقول ہے کہ موضع اگرویہ میں آپ کا ڈیرہ صاحبیانی طعنی زوجہ گنا تارڑ کے گھر ہوتا تھا۔ چالیس سال وہاں قیام پذیر رہے۔ اُس کی ہمشیرہ احمد انگر ضلع گوجرانوالہ میں رہتی تھی۔ اس نے سنا تو اس بات کی غیرت کھائی کہ کیوں میری ہمشیرہ نے پیر کو گھر میں رکھا ہے۔ وہ نصیحت کرنے کی غرض سے اگرویہ آئی۔ جب اُس نے آپ کو دیکھا تو آپ نے ایسا تصرف کیا کہ وہ آپ کی مرید ہوگئی۔

Marfat.com

ایک شخص کی خواہش نفسانی کو معدوم کرنا منقول ہے کہ محکم تارڑ اگرویہ نے آپ کی خدمت میں عرض کیا کہ مجھ پر شہوت بہت غالب ہے بالکل فرو نہیں ہوتی۔ میں اس سے بہت تنگ آچکا ہوں۔ آپ نے اُس کی پشت پر ہاتھ پھیرا۔ اُسی وقت اس کی شہوت سرد ہوگئی۔

بھینس کا شفا پانا منقول ہے کہ الف تارڑ اگرویہ نے ایک دن عرض کیا کہ میری بھینس بیمار ہے دعا فرماویں۔ آپ نے فرمایا اگر تیرے واپس جانے تک اس میں سانس ہُوا تو بچ جائے گی۔ وہ دوڑ کر پہنچا تو ابھی سانس موجود تھا۔ پس آپ کی دعا سے اس کو شفا ہوگئی۔

فصل کا دریا سے بچ جانا منقول ہے کہ ایک روز مہرا بن تلا تارڑ اگرویہ نے عرض کیا کہ دریائے چناب نے ڈھاہ لائی ہے۔ کنارہ پر میرا جوار کا فصل ہے اگر وُہ بچ جاوے تو سب جوار آپ کو دُوں گا۔ آپ نے فرمایا، دریا نہ ڈھائے گا۔ چنانچہ وُہ زمین بچ گئی۔

دریا کے آسیب سے زمین کا بچ جانا منقول ہے کہ دریائے چناب کی ایک شاخ نے جس کو ہلکی کہتے ہیں۔ زمین کو گرانا شروع کیا۔ مہرا بن تلا تارڑ اگرویہ نے آپ کے سامنے عرض کیا کہ دریا کے کنارہ پر میری تین بیگھہ زمین ہے۔ اگر دریا نے وُہ گرادی تو میں تباہ ہوجاؤں گا۔ آپ نے دعائے خیر فرمائی اور فرمایا، زمین بچ جائے گی۔ چنانچہ صرف پانچ کنال زمین دریا بُرد ہوئی۔ باقی سب بچ گئی۔ پھر اس نے بارہ بیگھہ زمین آپ کو نذرانہ میں دی۔

ایک بے ادب کو سزا منقول ہے کہ ایک دفعہ آپ موضع اُچ میں تشریف لے گئے۔ رات کو بڑا موچی آپ کے برابر چارپائی پر سویا۔ اور دل میں خیال کیا کہ یہ بھی ہم جیسے انسان ہیں۔ ادب کا کیا مطلب۔ امرِ الٰہی سے رات کو تین دفعہ چارپائی سے نیچے گرا۔ اس کے بعد آپ کا معتقد ہوگیا۔

اپنی زندگی کی خبر دینا آپ کے بیٹے سید علی احمد سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ آپ

Marfat.com

سخت بیمار ہوگئے۔ اٹھارہ روز بخار آیا۔ علامت اخیر ہوگئی۔ سانس اُلٹ گیا، دَم کوتاہ ہو گئے۔ میں آپ کے پاس بیٹھ کر رونے لگا۔ آپ نے فرمایا: روؤ نہیں۔ میں نے دیکھا ہے کہ ایک بلوچ اس مکان میں آیا اور اُونٹ بٹھا کر مجھ کو کہا کہ سوار ہو جاؤ اور چلو۔ میں نے کہا تم جاؤ۔ میں نے ابھی تین سال تک نہیں جانا۔ اُس نے کہا اچھا رہو۔ چنانچہ وہ چلا گیا۔ لہٰذا ابھی تین سال تک میری زندگی باقی ہے۔ اس کے بعد واقعی آپ کو صحت ہوگئی اور تین برس زندہ رہے۔

وفات کے بعد کرامات

وظیفہ بتلانا آپ کی بہو سیدہ حیات بیگم اہلیہ سید علی احمد سے روایت ہے کہ جب آپ کی وفات ہوئی تو میں اُس وقت اپنے والدین کے گھر موضع چک جانی میں تھی۔ مجھے پیغام ملا تو سا ہنپال شریف پہنچی اور آپ کی نعش کے پاس بیٹھ کر رونے لگی۔ دیکھا کہ آپ کے لب مبارک ہِل رہے تھے۔ کان لگا کر سُنا تو چار دفعہ کلمہ طیبہ کی خفیف سی آواز آئی۔ پھر خاموش ہو گئے۔ آٹھ روز تک میں آپ کے فراق میں روتی رہی۔ نویں روز آپ خواب میں ملے اور مجھے بیعت کیا۔ اس وقت مجھے بڑا ذوق حاصل ہوا اور وجد سا طاری ہوگیا۔ پھر آپ نے فرمایا: حَسْبِیَ رَبِّیَ جَلَّ اللّٰہ پڑھا کرو۔

کنوئیں کا پانی بڑھ جانا منقول ہے کہ مولاداد بن لہنا تارڑ اگر دیہ کا کنواں پانی کم دیتا تھا۔ آپ اس کو خواب میں ملے اور فرمایا کہ کنوئیں میں لوہے کی نال ڈلواؤ۔ اس نے تعمیل کی تو پانی بہت زیادہ ہوگیا۔

طاعون کو دُور کرنا ایک مرتبہ ضلع سرگودھا میں طاعون کی وبا پھیل گئی۔ آپ کے فرزند سید علی احمد ان ایام میں موضع چک نمبر ۴ بلندی والہ متصل بھلوال میں سکونت رکھتے تھے۔ ان کو خواب میں نظر آیا کہ گاؤں کے مشرق کی طرف دُھواں پھیلا ہوا ہے۔ آپ نے عصا مار کر دُھوئیں کو ہٹا دیا ہے۔ صبح کو وبا دُور ہوگئی اور گاؤں محفوظ رہا۔

دستخط آپ کے ہاتھ کا لکھا ہوا ایک شجرہ شریف ہے اُس پر سے آپ کا دستخط نقل کیا جاتا ہے:

Marfat.com

"تمت تمام شد شجرہ شریف نوشتہ حاجی گنج بخش قادری طریق۔ بدستخط فقیر بوٹے شاہ نبیرہ گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ۔ برائے خواندن محمد بخش و امام الدین۔ شوق و محبت زیادہ شود۔"

مدد یا محمد بنامِ خدا
مدد یا الٰہی بنامِ محمد"

ملفوظات

۱۔ آپ کا ارشاد ہے انسان چار عناصر سے مرکب ہے آگ، ہوا، مٹی، پانی۔ جس میں آگ زیادہ ہے اُس میں غصہ زیادہ ہے۔ جس میں ہوا زیادہ ہے وہ باتیں زیادہ کرتا ہے۔ جس میں پانی زیادہ ہے اس میں حوصلہ زیادہ ہے۔ جس میں مٹی زیادہ ہے اس میں سُستی زیادہ ہے۔

۲۔ آپ کے بیٹے سیّد علی احمد سے روایت ہے کہ ایک دفعہ آپ بحالتِ خواب یہ کلام فرما رہے تھے "جب تک انسان خود بے مثال نہ ہو جاوے تب تک بے مثال کو نہیں پا سکتا۔" میں نے یہ کلام بگوشِ ظاہر سنا۔

معترفینِ کمالات میاں دولا بخش بن خدا بخش خیاط لاہوریؒ نے سوانح عمری سید چراغ علی شاہ چشتی صابری لاہوری میں ص ۱۷۳ میں لکھا ہے:

"جناب مولانا حضرت مکھن شاہ اور حضرت مولانا بوٹے شاہ اکابرانِ خاندان اور اولاد حضرت نوشہ پاک کی ہیں۔"

اولاد آپ کا نکاح سیدہ فضل بی بی بنت سید محمد بخش برخورداری رسول نگریؒ سے ۱۲۶۴ھ میں ہوا۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔

آپ کے تین بیٹے تھے:

۱۔ سیّد عطا محمدؒ ۲۔ سیّد نیاز محمدؒ ۳۔ سیّد علی محمدؒ

آپ کی دو بیٹیاں تھیں:

سیّدہ جواہر بی بیؒ اور سیّدہ نواب بی بیؒ۔ دونوں بالکل ہی فوت ہو گئیں۔

یارانِ طریقت آپ کے مریدوں کا حلقہ وسیع تھا۔ ازانجملہ

Marfat.com

۱۔ سید عطا محمدؒ۔ فرزند اکبر آنجناب — ساہن پال شاہ — ضلع گجرات
۲۔ سید علی احمدؒ۔ فرزند اصغر آنجناب — " — "
۳۔ میاں امام الدین المعروف تنبہ درزی — — لاہور
۴۔ میاں رحیم بخش درزی — لاہور۔ — ۱۶۔ امام بخش — سیکھوا — گجرات
۵۔ محمد بخش درزی — لاہور۔ — ۱۷۔ جیون — " — "
۶۔ الہ دین — " — ۱۸۔ بوٹا موچی — اسفے — "
۷۔ غلام محی الدین۔ — " — ۱۹۔ اللہ دتہ جولاہا — شاہ یوالی — "
۸۔ پیر بخش رنگریز — " — ۲۰۔ کرم دین کمانگر — " — "
۹۔ مہراں بن تلا تارڑ — اگرویہ — گجرات — ۲۱۔ میاں بدر دین خلیفہ — جاگو تارڑ — "
۱۰۔ محکم بن راجہ تارڑ — " — " — ۲۲۔ شرف دین موچی — " — "
۱۱۔ حاکم بن راجہ تارڑ — " — " — ۲۳۔ شمس دین ارائیں — " — "
۱۲۔ سجاد و بن غوث تارڑ — " — " — ۲۴۔ مائی صاحبیاں خلیفی — جگنا بن قطب تارڑ اگرویہ
۱۳۔ نامدار بن شایست تارڑ۔ — " — ۲۵۔ مائی روشناں خلیفی — جاگو تارڑ — گجرات
۱۴۔ گھنا بن قطب تارڑ — " — " — ۲۶۔ مائی فضلاں خلیفی — " — "
۱۵۔ فضلا موچی — بھکیو — " — ۲۷۔ ہری سنگھ — " — "

تبرکات آپ کی گودڑی، کنگھی اور پوشش اولاد کے پاس تبرکاً موجود ہے۔

تاریخ وفات سید بوٹے شاہ کی وفات بعمر ستتر سال سوموار کی رات گیارھویں رجب ۱۲۱۵ھ میں ہوئی۔ قبر گورستانِ نوشاہیہ میں ہے۔

مادۂ تاریخ، فروغِ ایزدی

سید مکھن شاہ لاہوریؒ

آپ سیاحِ ملکِ عرفان، غواصِ بحرِ ایقان، صاحبِ تاثیرِ خلق و محبت و عشق و ذوق و وجد و سماع تھے۔ آپ حضرت سید حافظ الٰہی بخش مظہرِ حق بن سید حافظ نور اللہ فرشتہ صفات

Marfat.com

برخورداریؒ کے تیسرے فرزند و مرید تھے۔ خرقۂ خلافت و اجازت حضرت سید عمر بخش بن سید محمد بخش برخورداری رسولنگریؒ سے حاصل کیا۔ آپ کی والدہ کا نام حضرت محمد بانو بنت میاں محمد مغل ساکن بڑجن تھا۔

نام و لقب آپ کا اصلی نام فیض احمد تھا۔ چونکہ رنگ گورا و سفید تھا اس لیے والد صاحب آپ کو پیار سے نکھن کہا کرتے۔ جو بعد میں نکھن شاہ کے اسم گرامی سے مشہور و معروف ہوئے۔

تاریخِ ولادت آپ کی ولادت باسعادت ۱۲۴۶ھ میں بمقام ساہن پال شریف ہوئی۔
ماوۂ تاریخ ؛ خوش رقم۔

تربیت و تعلیم آپ نے سات سال تک اپنے والد بزرگوار کی آغوش میں پرورش پائی۔ پھر اُن کا انتقال ہوا تو اپنے بڑے بھائی حضرت سید حافظ قل احمد پاکذات نوشاہِ ثانیؒ کے ظلِ عاطفت میں تربیت پائی۔ وہ آپ کو اپنے بچوں سے بھی زیادہ عزیز رکھتے تھے قرآن مجید اور چند ابتدائی درسی کتابیں بھی آپ کو پڑھائیں۔ اُس کے بعد آپ نے اپنے پھوپھی زاد بھائی مولوی سید غلام قادر بن سید عبداللہ برخورداریؒ سے بھی کچھ عرصہ تعلیم پائی۔ کتب خوانی کی استعداد ہوگئی۔

بیعت و خلافت جب آپ جوان ہوئے تو آپ کو راہِ حق کا شوق ہوا۔ آپ نے اپنے ہمجدی بھائی حضرت سید عمر بخش بن سید محمد بخش برخورداری رسولنگریؒ کے ہاتھ پر بیعت کی اور اس قدر اپنے مرشد کے عشق میں محو و سرشار ہوئے کہ روزانہ بلا ناغہ پانچ میل کا فاصلہ طے کر کے رسولنگر میں پیر صاحب کی زیارت کو جاتے۔ حتیٰ کہ بارہ ۱۲ سال متواتر یہ سلسلہ جاری رکھا۔ راستہ میں دریائے چناب حائل تھا۔ گھر سے جناب والدہ ماجدہ روزانہ آپ کو دو پیسے دیا کرتیں کہ ایک پیسہ کشتی پر محصول دے کر دریا سے گزر جانا اور دوسرے پیسہ کی کوئی چیز بازار سے لے کر پیر صاحب کے سامنے سبزہ لے جانا۔ آپ نے والدہ صاحبہ سے خفیہ طور پر ایک سنہاری بنا لی تھی روزانہ اس پر تیر کر دریا سے گزر جاتے اور دونوں پیسوں کے پتاسے یا کوئی پھل وغیرہ خرید کر پیر صاحب کے آگے ہدیہ لے جاتے۔ پیر صاحب نے آپ کی

Marfat.com

ان خدمات کو دیکھ کر آپ پر نگاہِ لطف فرمائی اور آپ کو خلافت سے نوازا۔

درگاہِ نوشاہیہ میں منظوری

منقول ہے کہ آپ کو پیر صاحبؒ نے درگاہِ عالیہ حضرت نوشہ گنج بخشؒ میں چلہ بٹھایا۔ ایک رات حضرت نوشہ صاحبؒ کی خواب میں زیارت ہوئی۔ آنجناب نے فرمایا یہ درود شریف پڑھو:

"بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ مِّائَۃَ اَلْفَ اَلْفِ مَرَّۃٍ۔ یَا شَیْخ عَبْدُالْقَادِرْ جِیْلَانِیْ شَیْئًا لِلّٰہ مَدَدْ کُنْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہ"

اور فرمایا: تمہارا دادا نورِ اللہ بھی یہی پڑھا کرتا تھا۔

کاشتکاری اور زبان میں تاثیر کا حصول

آپ ابتدائے احوال میں چاہِ ماچھو والہ پر کاشت کاری کیا کرتے تھے۔ سردیوں کا موسم تھا آپ کنواں چلا رہے تھے۔ آدھی رات کا وقت تھا کہ ایک درویش ننگے جسم چوبچہ میں آکر نہانے لگا۔ صبح تک وہ نہاتا رہا۔ جب وہ نکلا تو آپ نے پہچان لیا کہ وہ شیخ نتھو مجذوب تھا جو آپ کے بڑے بھائی سیّد حافظ قل احمد پاکذات نوشاہِ ثانیؒ کا مرید و خلیفہ تھا اور قصیدۂ غوثیہ کے عمل سے وہ مجذوب ہوگیا تھا اور بالکل برہنہ رہا کرتا تھا۔ آپ نے اس کو دیکھ کر فرمایا: نتھو! تم پر تو حضرتِ نوشہ صاحبؒ اور اپنے مرشد کا بڑا کرم ہوگیا ہے۔ اس نے جوش کی حالت میں کہا "نوشہ پر بھی ہمارا ہی کرم ہے۔ مرشد پر بھی ہمارا ہی کرم ہے۔" آپ نے سمجھ لیا کہ یہ اِس وقت مقامِ توحید میں مستغرق ہے۔" اس کو فرمایا کہ مجھ پہ بھی کرم کر۔ اس نے کہا منہ کھولو۔ آپ نے منہ کھولا تو اس مجذوب نے اپنا لب آپ کے منہ میں ڈالا۔ پھر بھاگ گیا۔ کسی نے وہاں نہ دیکھا تو معلوم ہوا کہ وہ محض آپ کو فیض دینے کے لیے آیا تھا۔ اس روز سے آپ کی زبان میں ایسی تاثیر پیدا ہوگئی کہ جو کچھ آپ منہ سے نکالتے فوراً پورا ہو جاتا۔ اور آپ کا کلام ہر ایک دل میں اثر کر جاتا۔

لاہور میں تشریف لے جانا

ایک روز آپ کو درگاہِ عالیہ نوشاہیہ سے حکم ہوا کہ لاہور جاؤ۔ آپ نے توقف کیا۔ دوسرے دن پھر حکم ہوا کہ

Marfat.com

لاہور جاؤ۔ آپ نہ گئے۔ تیسرے دن تاکیدی حکم ہوا کہ ضرور لاہور جاؤ۔ آپ نے عرض کیا کہ میں کاشتکاری کرتا ہوں۔ مال مویشی بہت ہے۔ اُن کو کس کے سپرد کروں۔ حضرت نوشہ صاحبؒ نے فرمایا کہ ہم ان کو سنبھال لیں گے۔ چنانچہ رات کو دریائے چناب میں سیلاب آیا اور سب مویشی بہہ گئے۔ آپ بالکل فارغ ہو کر لاہور کو روانہ ہوئے اور پیدل سفر کرتے ہوئے پانچویں ماہ صفر ۱۲۸۵ھ کو لاہور پہنچے اور اپنے سُسرال سید امام شاہ بن سید صدیق شاہ برخورداری لاہوریؒ کے مکان پر قیام کیا۔ وہ اس سے ایک سال پہلے وفات پا چکے تھے۔ چونکہ ان کی کوئی اولاد نرینہ نہیں تھی۔ اس لیے ان کی تمام جائداد و مکان آپ کے قبضہ میں آئے۔

بھائی صاحب کی نصیحتیں آپ فرمایا کرتے تھے کہ جس وقت ہم کو لاہور جانے کا حکم ہوا تو ہمارے بڑے بھائی صاحب حضرت سید حافظ قل احمد پاکذات نوشاہِ ثانیؒ نے ہم کو نصیحتیں کیں کہ دیکھو برخوردار! تم لاہور جا رہے ہو۔ وہاں کئی قسم کے لوگ ہوتے ہیں۔ نااہلوں کی مجلس سے بچنا۔ بھنگیوں، پوستیوں، شرابیوں، افیمیوں، رند فقیروں کی مجلسوں میں نہ بیٹھنا۔ صاحبِ علم اور صوفی مشرب فقیروں سے صحبت رکھنا۔ چنانچہ ہم نے ان نصایح پر عمر بھر عمل کیا ہے۔

حلقہ احباب لاہور آپ لاہور میں مندرجہ ذیل عالموں، فاضلوں، صوفیوں، بزرگوں اور شاعروں سے ملے اور ان کی مجلسیں کیں۔ یہ سب آپ کے معاصرین و اقران میں سے تھے۔

۱۔ مولوی فریدالدین عباسی المعروف فرید بخشؒ ساکن مزنگ۔
۲۔ مولوی پارس علی بن مولوی فریدالدین عباسیؒ
۳۔ مولوی مفتی غلام سرور قریشی لاہوریؒ مصنف خزینۃ الاصفیاء و تاریخ مخزن پنجاب وغیرہ۔
۴۔ سید نظام الدین بودیانوالہ گیلانی
۵۔ سید جانن امام المعروف پیر جانی شاہ بن سید نظام الدین بودیانوالہ گیلانیؒ
۶۔ سید چراغ علی شاہ سبزواری چشتی صابریؒ
۷۔ شیخ اکبر علیؒ المعروف اللہ اکبر درویش ۸۔ شیخ چراغدین اویسیؒ

Marfat.com

۹۔ شیخ چراغدین زرگرؒ
۱۰۔ شیخ چراغ علی بابوؒ
۱۱۔ شیخ محمد دین خانساماںؒ
۱۲۔ سید فضل شاہ شاعر ساکن نواں کوٹ لاہور
۱۳۔ شیخ رجب شاہ مجذوبؒ
۱۴۔ شیخ عظیم شاہ مجذوبؒ
۱۵۔ میاں پیراں دتہ آسی شاعرؒ
۱۶۔ شیخ احمد ساکنہ دھڑپنڈی
۱۷۔ بابا گنپت ہندو فقیر ساکن مزنگ

پیشگوئیاں

والد صاحب کی دُعا آپ کے والد بزرگوار نے آپ کے متعلق فرمایا تھا کہ "میرا بیٹا مکھن شاہ فقیر ہوگا۔" چنانچہ آپ واقعی فقیر کامل ہوئے۔

والدہ صاحبہ کی دُعا آپ کو والدہ ماجدہ نے دعا دی تھی اور فرمایا تھا: "بیٹا! اپنی بال کے سیکھ، کسے وتوں نہ دیکھیو۔" چنانچہ آپ واقعی اپنے نام و نشان والے ہوئے۔

معمولات

آپ روزانہ سرگھی کے وقت اُٹھ کر وضو کر کے قبلہ کی طرف منہ کر کے سورۂ مزمل شریف بعد دُعا محل اجابت گیارہ مرتبہ پڑھا کرتے۔ درود شریف ہزارہ گیارہ سو مرتبہ قبلہ رُو ہو کر پڑھتے۔ کلمہ طیبہ ایک ہزار بار مرتبہ۔ یہ آپ کا دائمی معمول تھا۔

ذکر پاس انفاس آپ کو ذکر پاس انفاس ہر وقت جاری تھا۔ ہر سانس کے ساتھ اللہ ھُوْ کا وِرد کرتے۔ یہ ذکر یہاں تک آپ کی طبیعت میں رچ گیا تھا کہ سوتے جاگتے ہر حالت میں حاضرین کو سنائی دیتا اور محسوس ہوتا تھا۔

ذکر حبس دم ابتدائے احوال میں آپ ذکر حبس بھی کیا کرتے تھے۔ پھر اندر سے خون آنا شروع ہو گیا تو پیر صاحبؒ نے آپ کو اِس ذکر سے روک دیا۔

منقول ہے کہ حبس دوران میں آپ حبس کیا کرتے تھے دو مرتبہ آپ کا سانس بیساختہ

Marfat.com

ام الدماغ میں چڑھ گیا اور آپ بے حس و حرکت ہو گئے۔ ایک مرتبہ توسا ہنپال شریف میں ایسا واقعہ ہوا تو آپ کے بڑے بھائی سید بوٹے شاہؒ نے تدارک کر کے اس کو اتارا۔ دوسری مرتبہ جنڈیالہ شیر خاں میں یہ واقعہ ہوا تو اتفاقاً کوئی صاحبِ دل درویش وہاں موجود تھا اس نے اتارا۔

اس کے بعد آپ نے اپنے مریدوں کو روک دیا کہ آئندہ کوئی ذکرِ حبس نہ کرے کیونکہ بالعموم لوگوں کی استعدادیں کمزور ہو گئی ہیں اس لیے اس کو کما حقہٗ برداشت نہیں کر سکتے۔

مشربِ توحید آپ کا مشرب وحدت الوجود تھا، ہمہ اوست کے قائل تھے۔ ہر رنگ میں ذاتِ حقیقی کو ہی دیکھتے۔ آپ کا گفت و کلام سارا اسی مشرب پر ہوتا تھا۔ آپ اگر کبھی اکیلے بیٹھے ہوتے اور کوئی شخص عرض کرتا کہ آپ آج اکیلے بیٹھے ہیں تو فرمایا کرتے: نہیں، بلکہ وفی انفسکم افلا تبصرون (وہ ذات تمہاری جانوں کے اندر ہے کیا تم نہیں دیکھتے)۔ اور فرماتے، وھو معکم این ما کنتم (اور وہ ذات تمہارے ساتھ ہے جہاں بھی تم ہو)

صحو و سُکر آپ ارباب تلوین میں سے تھے۔ کبھی مرتبہ صحو میں ہوتے کبھی سُکر میں۔ جب صحو میں ہوتے تو قرآن مجید کی تلاوت بھی کیا کرتے۔ اور نماز پنجگانہ حضرت سید حافظ محمد شاہ بن سید محمد امین برخورداریؒ کے پیچھے پڑھا کرتے۔ اور جب منزل سُکر میں ہوتے تو ظاہری نماز ادا نہیں کرتے تھے۔

ف : فقیر سید شرافت عافاہ اللہ کہتا ہے کہ مشایخ اہل اللہ کے مشرب حسبِ مراتب جداگانہ ہوتے ہیں۔ بعض صرف ظاہری احکام پر عمل کرنے پر اکتفا کرتے ہیں مثل نقشبندیہ کے، اور بعض ظاہر و باطن دونوں کی پرداخت کرتے ہیں مثل قادریہ و چشتیہ کے۔ اور بعض محض باطن کی صفائی اور قلب کو غیر اللہ سے پاک کرنے کو ملحوظ رکھتے ہیں۔ اور ظاہری احکام پر چنداں ملتفت نہیں ہوتے۔ مثل قلندریہ کے۔ الغرض یہ جو بعض اولیاء اللہ سے نقل کیا گیا ہے کہ وہ نماز نہیں پڑھتے تھے۔ ان کے متعلق یہ بھی منقول ہے کہ وہ از راہِ کرامت کعبہ شریف میں جا کر ادا کرتے تھے اور یہاں کے دیکھنے والوں کی نگاہ میں وہ تارکِ نماز سمجھے جاتے تھے۔

۱۔ مفتی غلام سرور لاہوریؒ "خزینۃ الاصفیا"، ج ۱، ص ۱۰۱ پر لکھتے ہیں:

"مردمان از طرف قضیب البان بخدمت حضرت حضرت غوث الاعظمؒ کے آگے لوگوں نے

Marfat.com

غوث الاعظمؒ شکایت کردند کہ دے درگذارد نماز توقف میکند۔ فرمود کہ ہمیشہ سر او بر در خانہ کعبہ در سجود ست۔"

شکایت کی کہ شیخ قضیب البان موصلیؒ نماز نہیں پڑھتے۔ انھوں نے فرمایا کہ ان کا سر خانہ کعبہ کے دروازہ پر ہمیشہ سجدہ میں ہے۔

۲۔ اور بعض نے یہ بھی لکھا ہے کہ جب مرتبہ وصول حاصل ہو جائے تو نماز کے پڑھنے یا نہ پڑھنے کا اختیار دیا جاتا ہے۔ چنانچہ مولوی حافظ غلام محمد امام مسجد وزیر خاں لاہور نے کتاب شمس التوحید میں لکھا ہے:

"بدانکہ نماز شش اند۔ پنج وقت ظاہر و یک نمازِ باطن ادا شود و میسر آید اگر نماز ظاہر ادا کند و یا نکند مختار ست چنانچہ حضرت محبوب سبحانیؒ در کتاب مکتوباتِ خود نوشتہ اند کہ مارا قدم بر قدم شریعتِ نبوی حضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم ست و اِلّا نہ مارا حاجت بنماز ظاہری نیست و نیز برائے خلق اللہ کہ تا گمراہ نشوند واعبد ربك حتّٰی یاتیك الیقین۔ اگرچہ علمایانِ دین یقین را بمنزلہ موت نسبت دادہ اند و اِلّا نہ یقین بمعنی واصل شدن ست چنانکہ حضرت جنید رحمۃ اللہ علیہ فرمودہ من اراد العبادۃ بعد الوصول فقد اشرك باللہ و من ترك العبادۃ قبل الوصول فقد اشرك باللہ یعنی ہر کس بعد از شناخت و معرفت حق عبادت کند پس تحقیق شرک آوردہ است بہ پروردگار خود و ہر کس کہ پیش از معرفت حق عبادت ترک کند پس او نیز شرک

"جان لو کہ نمازیں چھ ہیں۔ پانچ وقت ظاہری اور ایک نماز باطنی۔ اگر کسی کو نمازِ باطن کا ادا کرنا حاصل ہو جاوے تو وہ مختار ہے کہ نماز ظاہری ادا کرے یا نہ کرے۔ جیسا کہ حضرت محبوب سبحانیؒ نے اپنے مکتوبات میں لکھا ہے کہ ہمارا قدم شریعت میں حضرت نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قدم پر ہے ورنہ ہم کو ظاہری نماز کی حاجت نہیں نیز اس لیے بھی ادا کرتے ہیں کہ خلق اللہ گمراہ نہ ہو جائے (اور اپنے پروردگار کی عبادت یقین آنے تک کرو) اگرچہ علمائے دین نے یقین کو موت سے نسبت دی ہے لیکن یقین کا مطلب خدا سے واصل ہونا ہے۔ جیسا کہ حضرت جنید رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے جس شخص نے خدا تعالیٰ کی معرفت حاصل ہونے کے بعد عبادت کی۔ پس اُس نے اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک کیا اور جس شخص نے معرفتِ الٰہی حاصل ہونے سے پہلے عبادت کو

Marfat.com

آوردہ است بہ پروردگار خود و ایں قول موافق آیت کریمہ کہ بالاگفتہ شد واعبد ربك یعنی اہل اللہ را موتے ست قبل ازیں موت بموجب حدیث موتوا قبل ان تموتوا ایشاں پیش از مرگ بمیرند و بہستیِ حق زندہ میشوند یعنی واصل میشوند" بلفظہٖ

ترک کر دیا۔ پس اس نے بھی اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک کیا۔ اور یہ قول آیت شریف مذکور واعبد ربك کے موافق ہے۔ یعنی اہل اللہ کو اس موت سے پہلے بھی ایک موت ہے بموجب حدیث شریف (مرنے سے پہلے مرو) وہ مرنے سے پہلے مرجاتے ہیں۔ اور ہستی حق کے ساتھ زندہ ہوتے ہیں۔ یعنی واصل ہو جاتے ہیں۔

۲۔ حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ نے اخبار الاخیار میں ایسے لوگوں کے بارے میں فرمایا ہے:۔

اگر عاشق بمسجد در نیامد
دلِ عاشق ہمیشہ در نماز ست

اخلاق و عادات

آپ کے اخلاق بڑے بلند تھے۔ متواضع، منکسر المزاج تھے۔ تکبر و غرور بالکل نہیں تھا۔

شریعت کا پاس

آپ نمازیوں اور روزہ داروں کا احترام کرتے۔ کئی روزہ داروں کو افطار کے وقت بازار سے دودھ منگا کر دیتے۔

آدابِ طریقت

ایک درویش شیخ اکبر علی لاہوریؒ اپنے آپ کو اللہ اکبر کہلاتا تھا۔ اور اس کے معتقدین اس کو اسی طرح کہتے تھے۔ آپ نے اس کو فرمایا کہ اگر تم افغانستان میں جاکر امیر حبیب اللہ خاں شاہِ کابل کے سامنے اللہ اکبر کہلاؤ تو ہم جانیں کہ تم سچے ہو۔ اگر وہ تمہارا سر قلم کرا دیویں تو سمجھ لینا کہ تم جھوٹے ہو۔ کیونکہ وہاں شریعت کا زور ہے۔

آپ طریقت کے آداب سے خوب واقف تھے۔ حفظِ مراتب کا خیال رکھتے۔ آپ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو "سرورِ کائنات" کے لفظ سے یاد فرماتے۔ اور حضرت پیرانِ پیر شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کو "غوثِ اعظم پیر"

Marfat.com

کہا کرتے اور اپنے شیخِ طریقت سید عمر بخش رسولنگری ؒ کو "سائیں صاحب" کہا کرتے۔

اپنے شیخ کا ادب

آپ کو اپنے پیر صاحبؒ کا ادب یہاں تک ملحوظ تھا کہ اگر کسی شخص کا نام عمر بخش ہوتا تو آپ اس کا نام نہ بلاتے۔ اُس کو "سوہنے نام والا" فرمایا کرتے۔

سید قربان علی رسولنگری ؒ بیان کرتے ہیں کہ آپ ساہن پال شریف میں تشریف فرما تھے مجلس منعقد تھی۔ میں بچہ تھا کبھی کھیلتا ہوا پاس سے اُدھر گزر جاتا کبھی اس طرف آ جاتا۔ باوجود ضعیف العمر ہونے کے آپ بار بار کھڑے ہو جاتے۔ لوگوں نے پوچھا آپ بار بار کیوں اٹھتے ہیں؟ آپ نے فرمایا، یہ ہمارے سائیں صاحبؒ کا پوتا ہے۔ جب پاس سے گزرتا ہے تو ہم ادب کیلئے کھڑے ہو جاتے ہیں۔

صبر و تحمل

آپ کے سینہ پر ایک پھوڑا تھا۔ اس کا درد و تکلیف ہمیشہ برداشت کرتے۔ اور کبھی شکوہ زبان پر نہ لاتے۔ کئی مرتبہ ڈاکٹروں سے اپریشن بھی کروایا لیکن وہ ٹھیک نہ ہوا۔ اپریشن کے وقت ڈاکٹر چاہتے کہ آپ کو کلوروفارم سنگھائیں۔ مگر آپ فرماتے کہ مجھ کو اس کی ضرورت نہیں تم اپنا کام کرو۔ آپ اس وقت تصورِ شیخ میں اس قدر محو و منہمک ہو جاتے کہ آپ کو اپریشن کی خبر بھی نہ ہوتی اور برقرار بیٹھے رہتے اور جسم میں ذرہ بھر بھی جنبش نہ ہوتی۔

ایک مرتبہ اس پھوڑے کے زخم میں کیڑے پڑ گئے۔ ایک کیڑا زخم سے گر پڑا تو آپ نے اٹھا کر زخم میں رکھ دیا اور فرمایا: تمہاری تو یہ خوراک ہے تم کیوں بھوکے مرتے ہو۔

ف: آپ کا یہ فعل صبرِ حضرت ایوب علیہ السلام کے مطابق تھا۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ آپ کی ولایت ایوبی تھی اور آپ زیرِ قدم حضرت ایوب علیہ السلام تھے۔

سماع و وجد

آپ سماع کے بہت دلدادہ تھے۔ اکثر سُنا کرتے۔ سماع کی حالت میں جس شخص پر آپ کی نظر پڑتی فوراً اس کو وجد ہو جاتا۔ حتیٰ کہ قوالوں تک تڑپنے لگے۔ ایک مرتبہ اپنے پوتے سید افضل ولی پر نگاہ پڑی جو اس وقت بچہ تھے تو تڑپنے لگے۔ اور دیر تک بے تاب رہے۔ چنانچہ آج تک جب کبھی ان کو وجد ہوتا ہے تو وہی حالت عود کر آتی ہے۔ اور گھنٹوں تک بیدم و مضطرب رہتے ہیں۔

Marfat.com

حضور کو بسا اوقات خود بھی وجد ہو جایا کرتا تھا۔ اس وقت چہرہ مبارک سُرخ ہو جاتا۔ اور زبان سے یہ کلماتِ توحید بے ساختہ ظاہر ہوتے۔ انا الموجود واحد۔

اشعار خوانی آپ کو بزرگوں کا کلام بہت یاد تھا۔ مجلس میں آپ فارسی، اردو۔ پنجابی اشعار بکثرت پڑھا کرتے۔ آپ زیادہ تر اِن بزرگوں کا کلام پڑھتے،

حضرت غوث الاعظمؒ، خواجہ حافظ شیرازیؒ، شاہ شمس تبریزیؒ، شاہ شرف قلندرؒ، شیخ احمد جامؒ، امیر خسروؒ، سلطان باہوؒ، ظفرؒ، نظیرؒ، نیازؒ، قادریؒ، بابا فریدؒ، بُلھے شاہؒ، سخی امام شاہؒ، رُکناں جوگی، بھگت کبیر، چھجو بھگت، سُتھرا، تُلسی۔

فارسی اشعار

احمد جام

منزلِ عشق از مکانِ دیگر ست — مردِ ایں راہ را نشانِ دیگر ست
روح خورد زخمے ز دیدہ خوں چکد — ایں چنیں تیر از کمانِ دیگر ست
عقل کے داند کہ روزی از کجاست — ایں حکایت را زبانِ دیگر ست
ایں فقیرانے کہ ایں راہ میروند — ہر یکے صاحب قرانِ دیگر ست
کشتگانِ خنجرِ تسلیم را — ہر زماں از غیب جانِ دیگر ست
بر سرِ بازارِ صرافانِ عشق — زیرِ ہر دارے دکانِ دیگر ست
عشق را در مدرسہ تعلیم نیست — ایں چنیں علم از بیانِ دیگر ست
ساقیا خونِ جگر در کاسہ کن — ایں شراب از بہرِ جانِ دیگر ست
احمدا تا گم نگردی ہوش دار — ایں جرس را کاروانِ دیگر ست

ولہٗ

امروز شاہِ شاہاں مہماں شدست ما را — جبریل با ملائک دربان شدست ما را
در خلوتِ گدایاں مرسل کجا بگنجد — بے برگ و بے نوائی سامان شدست ما را
در بارگاہِ وحدت کثرت چہ سیر دارد — ہژدہ ہزار عالم یکساں شدست ما را
بُتخانۂ جہاں را بسیار سیر کردم — ایں جملہ بُت پرستی ایماں شدست ما را

Marfat.com

بیمارِ عشق گشتم جز تو شفا ندارم　　دیدارِ خوبرویاں درماں شدست مارا
احمد بہشت و دوزخ بر عاشقاں حرامست　　ہر دم رضائے جاناں ضواں شدست مارا

امیر خسروؒ

کافرِ عشقم مسلمانی مرا درکار نیست　　ہر رگِ من تار گشتہ حاجتِ زنار نیست
ما اسیراں را تماشائے چمن درکار نیست　　داغہائے سینۂ من کمتر از گلزار نیست
عاشقاں را روزِ محشر باقیامت کار نیست　　کارِ عاشق جز تماشائے جمالِ یار نیست
از سر بالینِ من برخیز اے ناداں طبیب　　دردمندِ عشق را دارو بجز دیدار نیست
شاد باش ایدل کہ فردا بر سرِ بازار عشق　　مژدہ اقبال ست گرچہ وعدۂ دیدار نیست
ناخدا در کشتی ما گر نباشد گو مباش　　ما خدا داریم ما را ناخدا درکار نیست
خلق میگوید کہ خسرو بت پرستی میکند　　آرے آرے میکنم با خلقِ عالم کار نیست

سلطانِ باہوؒ

یقیں دانم دریں عالم کہ لامعبود الّا ھو　　ولا موجود فی الکونین لا مقصود الّا ھو
بیکے گویم بیکے جویم بیکے در دل چو گل رویم　　ہموں یک را بیک بینم نہ بینم غیر الّا ھو
ھو الھو ھو الحق ھو　　ندانم غیر الّا ھو　　ھو الھو ھو الحق ھو　　نخوانم غیر الّا ھو

غوث اعظمؒ

شکر للہ کہ نمردیم رسیدیم بدوست　　آفریں باد بریں ہمتِ مردانۂ ما

اُردو اشعار

نیاز

عشق میں تیرے کوہِ غم سر پہ لیا جو ہو سو ہو　　عیش و نشاطِ زندگی چھوڑ دیا جو ہو سو ہو
عقل کے مدرسے سے اُٹھ عشق کے میکدہ میں آ　　جامِ شرابِ بیخودی اب تو پیا جو ہو سو ہو
ہستی کی جو سرائے میں رات کی رات بس چلے　　صبحِ عدم ہوئی نمود پاؤں اٹھا جو ہو سو ہو
اس مریض کو طبیب ہاتھ تو اپنا مست لگا　　اس کو رضا پہ چھوڑ دے بہرِ خدا جو ہو سو ہو
لاکی آگ لگ گئی پنبہ کی طرح جل گیا　　رختِ وجود جان و تن کچھ نہ بچا جو ہو سو ہو
دنیا کے نیک و بد سے کام ہم کو نیاز کچھ نہیں　　آپ سے جو گزر گیا پھر اُسے کیا جو ہو سو ہو

Marfat.com

ولہٗ

نیستی ہستی ہے یارو اور ہستی کچھ نہیں　　بیخودی مستی ہے یارو اور مستی کچھ نہیں
لامکاں کی منزلت پاتا ہے کب کون ومکاں　　ہُو کے ویرانہ کے آگے ہے کی بستی کچھ نہیں
کچھ نہیں سب کچھ ہے یارو اور سب کچھ کچھ نہیں　　غیر اس کے معنوی رمزِ الستی کچھ نہیں
یہ جو ہونا ہے جسے کہتے ہیں پستی اے میاں　　فقر میں پستی یہی ہے اور پستی کچھ نہیں
بندگی اور حق پرستی کچھ نہ ہونا ہے نیاز　　کچھ نہ ہونے کے سوا یہ حق پرستی کچھ نہیں

نظیر

دریا سے حباب کہے یہ سدا تو اور نہیں میں اور نہیں
مجھ کو نہ سمجھ اپنے سے جدا تو اور نہیں مَیں اور نہیں
آئینہ مقابل جب سے رکھا تب کہنے لگا یہ عکس اس کا
کیوں دیکھ کے حیراں یار ہوا تو اور نہیں میں اور نہیں
مجنوں نے کہا ہوں تجھ سے ملا جوں شیشہ سایہ سے کبھی جدا
یک جان دو قالب ہوں لیلیٰ تو اور نہیں میں اور نہیں
خرمن کو دانہ نے کہا چپ رہ نہیں جا چُون وچرا
کثرت میں ہے وحدت جلوہ نما تو اور نہیں میں اور نہیں
ہے تیری ذات سے میری بقا ہو جاؤں گا میں بھی تجھ میں فنا
اوں بندہ تیرا ہوں بارِ الٰہ تو اور نہیں میں اور نہیں
گر اصل تو ہے میں عین فرع بس آگے نظیر اب کیا کہیے
کچھ گفت شنید کی ہے نہیں جا تو اور نہیں میں اور نہیں

ولہٗ

زلف سیہ فام میں خال کا دانا ہوگا　　پھنس جاوے گا مگر کیسا کہ دانا ہوگا
دل کو لائے تئیں مژگاں کی صف دکھلانے　　یہ نہ سمجھا کہ یہ تیروں کا نشانا ہوگا
دیکھ لے اس چمن کو دل بھر کے نظیر　　پھر تیرا اس دنیا میں کہے کو آنا ہوگا

Marfat.com

خبرِ تحیرِ عشق سُن نہ جنوں رہا نہ پری رہی
نہ تو تو رہا نہ تو میں رہا جو رہی سو بیخبری رہی
شہِ بیخودی نے عطا کیا مجھے جب لباسِ برہنگی
نہ خرد کی بخیہ گری رہی نہ جنوں کی پردہ دری رہی
نگہِ تغافلِ یار کا گلہ کس زباں سے ادا کروں
کہ شرابِ صدقہ آرزو خمِ دل میں تھی سو بھری رہی
وہ عجیب گھڑی تھی جس گھڑی لیا درس نسخہ عشق کا
کہ کتابِ عقل کی طاق پر جو دھری تھی واں ہی دھری رہی
چلی غیب سے اک عجب ہوا یہ چمن امید کا جل گیا
مگر ایک شاخِ نہالِ غم جسے دیکھی تھی سو ہری رہی

قطعہ

مدرسے میں عاشقوں کے جس کی بسم اللہ ہو — اس کا پہلا ہی سبق یارو فنا فی اللہ ہو
حضرتِ عشق آپ ہوئیں گر مدرس چند روز — پھر تو علمِ فقر کی تحصیل خاطر خواہ ہو

مولوی پارس علیؒ

کھو گئے ایسے تلاشِ یار میں — اب تو اپنا بھی پتہ ملتا نہیں

پنجابی اشعار

سخی امام شاہؒ

ث ثابت کر کھاں آپ آپ توں کون ہیں — آتش ہیں یا پانی مٹی پون ہیں
جے جاتا ناہیں خود نوں خود توں کون ہیں — تاں آون جاون تیرا اداگون ہیں
سنبھل شاہ امام توں عرشی جانور
د دیکھیا لوڑیں جے دیدار خدائیدا — آکریں جمال فقیرہے بے پرواہ دا
او اسم بقا ہمیشہ جسم فناہ دا — لاھو الا انا غیرشاہدا
شاہ امام معجون بنائی نوش کر

Marfat.com

ي یادِ خدا دی کہہ کھاں کِسنوں آکھدے — اِک پڑھدے وِرد نمازاں روزے راکھدے
بن ثابت کیتے صاحب کیں دُل جھاکھدے — تنہاں سلام قبولیا جِہڑے شوہ نوں بھاکھدے

اوّل اکھیں ویکھ امام تے فیر سجود کر
رُکناں جوگی

پریم نگر کے سنیو لوکو ہم جوگی سنیاسی رے — وطن ہمارا پُربا نگری بھیکھ اُداسی رے
چڑھ لنکا تے نادوجایو گوپیاں کے سن راسی رے — چوہدیں طبقیں سیر ہمارا جوں بھوندو بیل کھراسی رے
جو کوئی سانوں کافر آکھے اور تھا جرم گواسی رے — شاہ لطیف میں سنگور پایا رکن چرناں کے داسی رے

بُلھے شاہ

حق حقیقت مائی ہے — شرع شریعت دائی ہے
لوکاں نوں مائی دی خبر نہ کائی ہے — ساتھوں دائی دا ادب کرایائی

چھجو بھگت

جیوں جیوں ویکھن اکھیاں تیوں تیوں منگے چِت — چھجو مَن منگے بادشاہیاں میں کتھوں دُیاں نِت

متفرق ابیات

خودی تکبر اکھیں ڈٹھا کُتھیں کھبیں جاندا — پانی رُڑھ نوانیں آیا ٹبہ رہیا گُرلاندا

ہیں جاتا دُکھ مینوں دکھ ہر گھر سیاں — سر سر جانبڑ بھڑکیا سب پِنڈیاں گئیاں

نِت اُڈیکاں تیریاں کدی آ کر پھیرا — چشماں چھیج وچھانی آں دل کرنی ہاں ویہڑا

ہسنا رونا ایک ہے مت کوئی جانے دو — کسی نے پایا ہس کے کسی نے پایا رو

حلیہ مبارک آپ کا قد درمیانہ، رنگ سفید سُرخی مائل نہایت گورا، خوبصورت، سر کے بال کانوں تک، لیکن سر کے درمیان سے سب بال گھس گئے تھے۔ رخسار چمکدار، داڑھی مبارک دراز متوسط، سر کو اور داڑھی کو مہندی لگاتے تھے۔ چہرہ رعب دار تھا۔

Marfat.com

آپ کے پاؤں کی ایڑیاں اور تلوے اس قدر نرم اور سُرخ ہوتے تھے جیسے معشوقوں کے رخسار ہوتے ہیں۔

لباس آپ گلے میں کُرتہ، اس کے اوپر واسکٹ پہنتے کبھی کبھی دھاری دار رکھتے۔ سر کے اُوپر سُرخ رنگ بانات کی ٹوپی پہنتے تھے۔

کرامات

آپ سے اکثر کرامتیں ظاہر ہوا کرتی تھیں۔

کشف کونی آپ کے فرزند خورد سید فضل حق سے روایت ہے کہ آپ فرمایا کرتے تھے کہ ہم جس بزرگ یا عاشق کا ذکر کرتے ہیں اس کی صورت سامنے آجاتی ہے۔ جتنے پیغمبر یا اولیا گزرے ہیں سب کی صورتیں ہمیں نظر آتی ہیں۔

مولف کو ترقیِ علم کی دُعا فقیر سید شرافت عافاہ اللہ کہتا ہے کہ جب میں بچہ تھا اور ابھی تیسرا سیپارہ پڑھتا تھا اُن دنوں کا ذکر ہے کہ آپ اپنے ننھیال شریف اپنے مکان کے صحن میں چارپائی پر رونق افروز تھے۔ میرے جد بزرگوار حضرت سید حافظ محمد شاہؒ اور دیگر بزرگان سید علی احمد اور سید شیر علی وغیرہ بھی مجلس میں موجود تھے۔ آپ نے اثنائے کلام میں یہ آیت شریف پڑھی وتعز من تشاء و تذل من تشاء۔ میں بھی پاس کھڑا سُن رہا تھا میں دوڑ کر اپنے گھر چلا آیا اور اپنا تیسرا سیپارہ لے کر یہ آیت شریف نکال کر آپ کے سامنے چارپائی پر رکھ دی اور عرض کیا: باوا جی! آپ نے یہ آیت پڑھی تھی۔ آپ دیکھ کر بہت خوش ہوئے۔ اور میرے حق میں ترقی علم کی دعا فرمائی۔

مولف کو علمی فتح کی دُعا فقیر سید شرافت عفا اللہ عنہ کہتا ہے کہ میری عمر اس وقت چھ سات سال کی تھی۔ میں اپنے جد بزرگوار حضرت سید حافظ محمد شاہؒ سے کریما، نام حق، شیخ عطار پڑھا کرتا تھا اور مجھے میرے دادا صاحبؒ نے بیت بحثی کی مشق کروائی ہوئی تھی اور مجھے اس میں خاصی استعداد ہوگئی تھی۔ ایک رات شام کا کھانا کھانے کے بعد کا واقعہ ہے کہ آپ کے سارے ہجدی بھتیجے اور پوتے آپ کی مجلس میں

Marfat.com

بیٹھے تھے۔ آپ چارپائی پر تھے اور دُوسرے سب نیچے صحت پر تھے۔ میں اپنے دادا صاحبؒ کی گود میں تھا۔ اور سید شبیر علی بن سید محمد شفیعؒ بھی مجلس میں تھے۔ حضور والا نے مجھ کو ارشاد فرمایا: بیٹا! شبیر علی کے ساتھ بیت بحثی کرو۔ میں بچہ تھا، کچھ جھجکا۔ آپ نے فرمایا، تم فتح پاؤ گے۔ چنانچہ میں ہوشیار ہوگیا۔ اُدھر سید شبیر علیؒ فخریہ طور پر مجھے کہنے لگے کہ سُن لڑکے۔ میں نے تیرے دادا کے ساتھ بھی بیت بحثی کی پھر تیرے والد صاحب کے ساتھ بھی کی آج تجھ کو بھی کھڑا لیتے ہیں۔ ان کو اپنی یادداشت پر ناز تھا۔ اُنھوں نے متفرق اشعار بہت یاد کیے ہوئے تھے اس لیے ان کو یقین تھا کہ وُہ فتح پائیں گے۔ مجھے یاد ہے کہ پہلے میں نے یہ شعر پڑھ کر آغاز کیا: ؎

ہست کلیدِ درِ گنجِ حکیم　　بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سید شبیر علیؒ نے میم کا یہ شعر پڑھا: ؎

میا موز جز علم گر عاقلی　　کہ بے علم بودن بود غافلی

پھر میں نے یٓ کا یہ شعر پڑھا: ؎

یکے مرغ دیدم نہ پاؤ نہ پر　　نہ از شکمِ مادر نہ پشتِ پدر

بہرکیف مجھے یاد ہے کہ میں زیادہ تر وہ اشعار پڑھتا جو س پر ختم ہوں۔ چار پانچ شعر تو سید شبیر علیؒ نے پڑھے آخر ان کے اشعار کا سرمایہ ختم ہوگیا اور اُن کے حافظہ میں کوئی شعر ایسا نہ رہا جو س سے شروع ہوتا ہو۔ ناچار وہ خاموش ہوگئے۔ اور مجھے بیت بحثی میں فتح حاصل ہوئی۔ حضور والا متبسم ہوئے اور ان کو مخاطب ہوکر فرمایا: شبیر علی! لڑکے کو کھڑا لیا ہے، اچھا کھڑایا ہے۔ وہ سخت نادم ہوئے۔ آپ نے میرے سر اور پُشت پر ہاتھ پھیرا۔ آپ کی دُعا سے اُس وقت سے مجھے فتح ہوئی اور آج تک جہاں کہیں علمی مناظرہ یا مکالمہ پیش آیا ہے آپ کی دُعا کی تاثیر سے خدا تعالیٰ نے مجھے فتح ہی دی ہے۔

مولف کو اقبال مندی کی دعا

فقیر سید شرافت کفاہ اللہ کہتا ہے کہ میری عمر اُس وقت نو سال تھی۔ جب آپ کا دنیا سے انتقال ہوا ہے۔ جب میں آپ کو سلام کرتا یا دوڑتا ہوا پاس سے گزرتا تو آپ مجھے دیکھ کر خوش ہوا کرتے اور فرمایا کرتے "یہ بانکا صاحبزادہ ہوگا"۔ آپ کی دُعا سے خدا تعالیٰ نے مجھے ہر طرح کے اقبال سے

Marfat.com

سرفراز فرمایا ہے۔

پوتے کا روزینہ لگانا آپ کے پوتے سید پیر ولی لاہوریؒ بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ میرے والد سید عارف حقؒ نے آپ کی خدمت میں عرض کیا کہ میرے بھائی سید واصل حق کے چار بیٹے ہیں اور چاروں برسرِ روزگار ہو جائیں گے تو ان کو کافی وسعت حاصل ہوگی۔ میرا بیٹا صرف اکیلا ہے۔ اس کے متعلق دُعا فرمادیں۔ آپ نے فرمایا: کوئی غم نہ کرو۔ ہم نے اس کا ساٹھ روپیہ روزینہ مقرر کر دیا ہے۔ اس کو ملتا رہے گا۔ چنانچہ واقعی آج تک مجھے یہ روزینہ مل رہا ہے اور میری آمدن کی اوسط یہی ہوتی ہے۔

چار لڑکوں کی بشارت دینا ایک مرتبہ سید شیر علی بن سید محمد شفیع برخورداریؒ نے آپ کی خدمت میں عرض کیا کہ میرے گھر پہلوٹھی لڑکی پیدا ہوئی ہے۔ خیال تھا کہ خدا لڑکا دے گا لیکن میری امید کامیاب نہیں ہوئی۔ آپ نے فرمایا: شیر علی! کوئی غم نہ کرو۔ حق تعالیٰ تمھیں چار لڑکے دیوے گا جن کے نام یہ ہوں گے: عاشق علی، معشوق علی، مشتاق علی، اشتیاق علی۔ چنانچہ آپ کے حسب الارشاد یہ چاروں صاحبزادے یکے بعد دیگرے متواتر پیدا ہوئے۔ چنانچہ مولوی محمد سلام اللہ شائق حنفیؒ ساکن چک عمر علاقہ لالہ مُوسےٰ نے صاحبزادگان کی تاریخِ ولادت کے فارسی اشعار بنائے تو اس کرامت کو بتصریح بیان کیا ہے۔

ع

از کرامات پیر مکھن شاہ — ہر یکے مرد و زن شدہ آگاہ
ہر چہ فرمود حق نمود قبول — دل پاکش خدا نکرد ملول
بود عیسیٰ نفس پئے گمراہ — بہر مستر شدین پشت پناہ
داد مژدہ بشاہ شیر علی — کہ دریں وقت ہست مردِ جلی

ف: اربابِ کشف اولیاء اللہ کے واسطے یہ کوئی مشکل امر نہیں۔ چنانچہ شیخ عبدالعزیز علی بن حمیدالدین صوفیؒ نے بھی قبل از ولادت اپنے لڑکوں کے نام بتائے تھے کہ وحید، فرید، نجیب ہوں گے[1]

لڑکے پیدا ہونے کی دُعا چودھری رحمت خاں بن الٰہی بخش وڑائچ ساکن ونوٹیا نوالی

[1] تذکرہ اولیائے ہند، ج ۱، ص ۱۴۲ شرافت

Marfat.com

ضلع شیخوپورہ بیان کرتا ہے کہ میرے گھر لڑکیاں پیدا ہوتی تھیں۔ اور میں اولادِ نرینہ سے مایوس ہو چکا تھا۔ ایک مرتبہ عرسِ بھڑی شریف پر گیا۔ میرے مرشد صاحب حضرت سید حافظ محمد شاہؒ کا ڈیرہ درگاہِ رحمانیہ کی مسجد میں ہوتا تھا۔ وہیں ٹھہرا۔ پیر صاحب مجھ کو ہمراہ لے کر حضور والا کی خدمت میں لے گئے۔ آپ کا ڈیرہ حضرت پاک صاحبؒ کے چبوترہ پر مغربی جانب ہوتا تھا، جا کر سلام و آداب کیا۔ پیر صاحب نے میرے متعلق عرض کیا، باوا جی! اس شخص کے گھر لڑکیاں ہی پیدا ہوتی ہیں۔ آپ نے بلا تاخیر برجستہ فرمایا: اِس سے آگے لڑکے ہی ہوتے جائیں گے۔ چنانچہ اس کے بعد چار لڑکے عبداللہ، حاکم علی، سردار خاں، محمد نذیر پیدا ہوئے۔ اس سے پہلے میرا فقیروں پر خالص اعتقاد نہ تھا اس روز سے یقین محکم ہو گیا کہ زبانِ فقیر تیرِ قدیر ہوتی ہے۔

ایک سکھ کا لطیفہ قلب جاری ہونا

آپ کا ارشاد تھا کہ جو شخص آٹھ روز تک ہماری خدمت میں رہے تو اس کا لطیفہ قلب جاری کر دیتے ہیں۔

ایک مرتبہ آپ موضع واہگرے مضافاتِ لاہور میں تشریف فرما تھے سنت سنگھ نامی دُکاندار سے شربت کرنے کے لیے کھنڈ، شکر وغیرہ طلب کی۔ اُس نے اس خیال سے کہ شاید آپ کو مفت دینا پڑے انکار کر دیا کہ میرے پاس کوئی نہیں۔ آپ اس کی بدضمیری سے آگاہ ہوئے اور اس کی طرف دیکھ کر اِلّا اللہ کا نعرہ لگایا۔ اسی وقت اس کی زبان پر کلمہ طیبہ جاری ہو گیا۔ ہر چند سکھوں نے کوشش کی کہ اس کا کلمہ بند ہو جاوے مگر وہ بند نہ ہو سکا۔ چند روز پاگل خانہ میں بھی دے دیا گیا مگر اس کی زبان ذکر سے خاموش نہ ہوتی تھی آخر وہ حضور کی خدمت میں آ کر معافی کا خواستگار ہوا۔ آپ نے فرمایا، اب تیری زبان خاموش ہو گی اور دل ذاکر ہو گا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔

مولف نے سنت سنگھ مذکور کو دیکھا ہے۔

بادل کا سایہ کرنا

سائیں ماہلے شاہ وڑائچ ہیگریؒ بیان کرتا تھا کہ ایک مرتبہ آپ عُرسِ بھڑی شریف پر جا رہے تھے۔ دریائے چناب پر کشتی پر سوار ہوئے، دوپہر کا وقت تھا، دھوپ سخت تھی، میں نے چھتری کھول کر آپ کے سر پر سایہ کیا۔ آپ نے

Marfat.com

فرمایا، چھتری اتار دو۔ خدا تعالیٰ خود ہم پر سایہ کرے گا۔ چنانچہ اسی وقت بادل کا ایک قطعہ نمودار ہوا۔ اور کشتی پر سایہ کر دیا۔

سلب مرض کرنا

آپ کے ایک مرید کا بیٹا بخار شدید سے بیمار ہو گیا۔ آپ اس کی عیادت کو تشریف لے گئے۔ اس کے والدین نے شفا کے لیے التجا کی۔ آپ نے اس کو اٹھا کر اپنے سینے سے لگایا۔ اسی وقت اس کا بخار آپ نے کھینچ لیا۔ وہ اسی وقت تندرست ہو گیا اور آپ بیمار ہو گئے۔ دو روز کے بعد تندرست ہو گئے۔

ف: سلب مرض کرنا بزرگوں میں متعارف ہے اور اولیاء اللہ سے منقول ہے۔ چنانچہ

۱۔ قاضی محی الدین کاشانیؒ نزع کی حالت میں تھے۔ حضرت سلطان المشایخؒ نے اُن کے چہرہ پر ہاتھ پھیرا تو وہ صحت یاب ہو گئے اور مدت تک زندہ رہے۔[1]

۲۔ شہزادہ سلیم بیمار ہوا تو شیخ پیارا چشتیؒ نے اس کا مرض سلب کر لیا۔[2]

آپ کے الفاظ میں تاثیر

میاں شہاب الدین خلیفہؒ سے منقول ہے کہ ایک مرتبہ آپ ہمارے گاؤں نور پور چاہلاں میں تشریف فرما تھے۔ دوسرے صاحبزادگان بھی ہمراہ تھے۔ مولوی سراج الدین ساکن چاہل خدمت میں آئے اور عرض کیا کہ میری اہلیہ صالحہ نام میرے پاس نہیں رہتی۔ اپنے والدین کے گھر رہتی ہے۔ کوئی ایسا نقش کر دو کہ وہ میرے پاس آباد رہے۔ آپ نے حضرت سید حافظ محمد شاہ (مولف کے دادا صاحب) کو فرمایا کہ مولوی صاحب کو تعویذ لکھ دو۔ انھوں نے قلم دوات ہاتھ میں لے کر پوچھا، باوا جی! کون سا تعویذ لکھوں۔ آپ نے برجستہ فرمایا، لکھو "یہ بھڑوا دو سانداکیوں نہیں تے اوہ بھیٹو وسدی کیوں نہیں"۔ انھوں نے یہی الفاظ لکھ کر مولوی صاحب کو دے دیے۔ چنانچہ اُسی روز اُن کی زوجہ ان کے پاس آ گئی۔ اور کبھی جانے کا نام نہ لیا۔

آپ کے فیصلہ کی غیبی تصدیق

ایک مرتبہ حضرت شاہ فرید نوشاہی لاہوریؒ کی گدی نشینی کا جھگڑا پڑ گیا۔ ان کا مزار ڈھولنوال میں ہے۔ دو

---

[1] تذکرہ اولیائے ہند، ج ۱، ص ۹۷ [2] تذکرہ، ج ۲، ص ۲۷ شرافت

Marfat.com

درویش مدعی تھے۔ ایک خوجہ قوم کا، اور دُوسرا زرگر قوم کا۔ ان کے عرس کے موقعہ پر وہ تنازعہ آپ کے پیش ہُوا۔ آپ نے زرگر کے حق میں فیصلہ کیا۔ خوجہ نے اور اس کی پارٹی نے تسلیم نہ کیا۔ آپ نے فرمایا کہ اگر ہمارا فیصلہ تم کو نامنظور ہے تو تم دونوں روضۂ شاہ فریدؒ میں داخل ہو جاؤ۔ جب وہ داخل ہوئے تو مزار شریف سے یہ آواز آئی کہ زرگر درویش میری گدی کا مالک ہے۔ پھر سب کو تسکین ہوئی۔

مثالی صورت میں مدد کرنا

مولوی عمر بخش چشتی نظامی ستارکوٹیؒ سے منقول ہے کہ ہمارے والد میاں غلام علیؒ کو ایک مرتبہ کسی نکاح کے متعلق تھانیدار کے رُوبرو جا کر بیان دینا پڑا۔ ان کو سخت فکر تھا۔ راستہ میں متفکر جا رہے تھے کہ حضور والا مثالی صورت میں سامنے جلوہ گر ہوئے اور فرمایا: کیوں خوف کرتے ہو خیر مہر ہے۔ چنانچہ ان کو تھانیدار کی طرف سے کوئی ایذا نہ پہنچی۔

مقدمہ سے بَری کروانا

مولوی عمر بخشؒ موصوف بیان کرتے تھے کہ میں لاہور میں بابو غلام مصطفےٰ کے ہاں منشی مقرر تھا۔ وہاں تحریر مصارف بہی جات کے متعلق مجھ پر مقدمہ دائر ہو گیا۔ میں نہایت تشویش میں رہتا۔ ایک رات آپ مجھ کو خواب میں ملے اور فرمایا تو کیوں خوف کرتا ہے، تیرا انھوں نے کیا لینا ہے۔ چنانچہ تھوڑے ہی دنوں میں وہ مقدمہ رفع دفع ہو گیا۔

ایک مرید کے گھر کو طاعون سے بچانا

ایک مرتبہ پنجاب میں طاعون[1] بکثرت پھیل گئی۔ کئی گھر اور محلے موت نے ویران کر دیے۔ آپ ان دنوں لاہور سے واپس روانہ ہوئے۔ راستہ میں وزیر آباد اپنے مرید بابو عنایت اللہ کے مکان پر ٹھہرے۔ رات کو اس نے سردی سے بچاؤ کے لیے آپؒ کو کمبل دیا۔ آپ جب صبح کو روانہ ہوئے تو وہ کمبل اپنے گرد اوڑھ لیا اور ساہن پال شریف چلے آئے۔ یہاں سے اس کو نوازش نامہ ارسال کیا۔ بابو عنایت اللہ! تم پر واضح ہو کہ شاید تم کو خیال ہو کہ میرا کمبل بغیر پوچھے لے گئے ہیں۔ تم

---

[1] یہ طاعون والا واقعہ ۱۹۰۱ء کا ہے ۱۲ شرافت

Marfat.com

یاد رکھو کہ تمہارے گھر کی بیماری و تکلیف اِس کمبل میں لپیٹ کر میں ہمراہ لے آیا ہوں اور آتی دفعہ دریائے چناب میں ڈال آیا ہوں۔ اس طاعون وبا کے ایام میں تمہارے گھر کا کوئی آدمی بیمار نہ ہوگا اور نہ مرے گا، نہ ہی اس کا بال بیکا ہوگا۔ جب بابو صاحب کو یہ مکتوب ملا تو وہ بڑے خوش ہوئے کہ ایک کمبل کے بدلے سارے کنبہ کی حفاظت ہوگئی۔ چنانچہ واقعی اس طاعون میں اُن کا کچھ نقصان نہ ہوا۔ سچ ہے، ؎

گفتۂ او گفتۂ اللہ بود
گرچہ از حلقوم عبداللہ بود

ایک عیاش کو ہدایت کرنا منقول ہے کہ ایک مرتبہ لاہور میں کسی عرس کی تقریب پر محفلِ سماع منعقد تھی۔ فقرا کو ذوق و وجد ہو رہے تھے۔ ایک عیاش گستاخ جس کا نام گاماں کُبّ مشہور تھا اس نے کہا کہ اگر مجھ کو وجد ہو تو جانوں۔ آپ نے اس پر نگاہ کی تو وہ تڑپنے لگا۔ دیر تک وجد کرتا رہا۔ جب ہوش آئی تو آپ کی بیعت ہوگیا۔ آپ اس کو کچھ تلقین کرنے لگے۔ تو اس نے عرض کیا کہ میں اس قدر عیاش ہوں کہ دُنیا میں کُبّ مشہور ہوں، گناہ مجھ سے ترک نہیں ہوسکیں گے۔ یہ میری طبیعت میں رچ گئے ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ میں تجھے گناہ کی اجازت دیتا ہوں کہ جو چاہے کر، لیکن اس قدر خیال رکھنا کہ میرے سامنے میری موجودگی میں کوئی گناہ نہ کرنا۔ اس نے کہا کہ یہ شرط منظور ہے۔ اور میں ایسا کم بخت تو نہیں کہ آپ کے سامنے گناہ کروں۔ خیر وہ چلا گیا۔ جب دُوسرے روز شراب خانہ میں گیا تو دیکھا کہ آپ دروازہ پر کھڑے ہیں۔ شرمندہ ہوکر وہاں سے کھسکا۔ پھر ٹبّی بازار میں کنجری کے پاس گیا۔ دیکھا تو آپ وہاں سیڑھیوں سے نیچے اُتر رہے ہیں۔ بہت نادم ہوا اور حضور کی خدمت میں آکر توبہ کی اور کہا، مرشد ہو تو ایسا ہو، گناہ سے جبراً روک دیا ہے۔ اس کے بعد وہ گاماں درویش ہوگیا۔

ف : وجد کا ہونا اولیاء اللہ کے سامنے کوئی مشکل نہیں۔ چنانچہ مولانا فخر الدین چشتی دہلوی کی مجلسِ سماع میں دو بدمعاش منکروں کو وجد ہوگیا تھا۔[1]

---

[1] تذکرہ اولیائے ہند، ج ۲، ص ۱۲۵

Marfat.com

اور بزرگوں کا مثالی صورت میں موجود ہو کر مریدوں کو گناہ سے بچانا بھی کتابوں میں منقول ہے۔ چنانچہ شمس الدین بزاز شراب پینے لگا تو حضرت سلطان المشایخ رح کو بچشم ظاہر دیکھا کہ سامنے انگلی سے کھڑے اشارہ فرما رہے ہیں کہ نہ پی[1]

ایک مرید کو شراب خانہ سے بچانا

آپ کا مرید بابا کرم بخش لاہوری بیان کرتا ہے کہ نوجوانی میں میں شراب خانہ میں ملازم تھا، مجھے دس روپے روزانہ وہاں سے ملتے تھے۔ ایک روز آپ میرے پاس وہاں تشریف لے گئے اور مجھے نصیحت کی کہ شراب خانہ کی ملازمت چھوڑ دو۔ میں نے کچھ عذر معذرت کی۔ آپ نے جب زیادہ تاکیداً منع فرمایا تو میں نے کہہ دیا کہ مجھ سے یہ کام نہیں چھوٹ سکتا۔ آپ نے فرمایا: تم کیا، یہ تو تمہارا باپ بھی چھوڑ دے گا۔ چنانچہ شام کو جب میں گھر آیا تو مجھے بخار ہو گیا۔ اور تین چار روز متواتر بخار رہا۔ جب کچھ افاقہ ہوا تو میں شراب خانہ میں گیا۔ انھوں نے جاتے ہی مجھے جواب دے دیا کہ ہم نے دو تین روز تمہارا انتظار کیا تم نہیں آئے تو ہم نے دوسرا شخص ملازم رکھ لیا ہے۔ اب چلے جاؤ۔

ایک مرید کو زنا کاری سے بچانا

بابا کرم بخش موصوف سے منقول ہے کہ میں نوجوان خوب صورت تھا۔ ایک کنجری اللہ دتی نام مجھ پر عاشق و شیدا تھی روزانہ دو روپیہ مجھ کو دیا کرتی۔ میں اُس کے پاس جایا کرتا۔ کچھ عرصہ اس طرح گزر گیا۔ میرے والدین نے حضور والا کے آگے التماس کی کہ آپ اس کو نصیحت کریں۔ آپ ایک روز میری دُکان پر تشریف لے آئے۔ اتفاقاً وہ کنجری اُس وقت میرے پاس آکر بیٹھی تھی وہ تو آپ کو دیکھ کر چلتی بنی۔ میں نے آپ کو چارپائی پر بستر ڈال کر بٹھایا۔ آپ نے پُوچھا، یہ عورت کون تھی؟ میں نے کہا میری ہمسایہ تھی۔ پُوچھا تیرے پاس کیوں آئی تھی؟ میں نے کہا آپ کے ہمسائے بھی تو آپ کے پاس آ کر بیٹھا ہی کرتے ہیں۔ خیر آپ خاموش ہو گئے۔ تھوڑی دیر کے بعد پھر پُوچھا کہ کیا تیرا اِس عورت سے کچھ تعلق ہے؟ میں نے کہا نہیں۔ آپ

---

[1] تذکرہ، ج ۱، ص ۹، شرافت

Marfat.com

نے تین مرتبہ پُوچھا۔ میں نے ہر بار "نہیں" کہا۔ آپ نے فرمایا: اچھا' نہیں تو نہ سہی۔ آپ جب تشریف لے گئے تو میں کنجری کے پاس گیا تو وہ مجھ سے اس قدر بیزار نظر آئی کہ خدا کی پناہ۔ پہلے تو وہ میری عاشق تھی۔ آپ نے ایسا تصرف کیا کہ وہ میری بلاوجہ خود بخود دشمن بن گئی۔ آخر ناکام ہو کر مجھے توبہ کرنی پڑی۔

ایک مرید کو عذاب نزع سے بچانا منقول ہے کہ آپ کا ایک مرید عذابِ نزع میں گرفتار تھا، جان نہیں نکلتی تھی۔ آپ اس کے پاس پہنچے۔ اس کے متعلقین نے عرض کیا کہ آپ دعا فرماویں کہ اس کی مشکل آسان ہو۔ آپ نے اس کے سینہ پر ہاتھ رکھ کر اوپر مُنہ تک پھیرا۔ اُسی وقت اس کی رُوح پرواز کر گئی۔

ایک منکر کی موت ایک بار آپ نورپور چاہلاں میں سخت بیمار ہو گئے۔ ایک سِکھ نہال سنگھ نامی جو بڑا منکرِ فقرا تھا کہنے لگا کہ "مسلمانوں کا اولیا اِس جگہ مرنے لگا ہے"۔ کسی شخص نے آپ کے سامنے یہ بات بیان کر دی۔ آپ نے فرمایا کہ میں تو اِس بیماری سے بچ جاؤں گا۔ لیکن نہال سنگھ اب جلدی ہی مر جائے گا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ تھوڑے ہی دنوں میں وہ ختم ہو گیا۔

ایک رافضی کو سزا ایک مرتبہ لاہور میں کسی مرید نے آپ کی دعوت کی۔ آپ وہاں روٹی کھا رہے تھے کہ دروازہ پر کسی سائل نے آکر حضرت غوث اعظمؒ کی مدح پڑھنا شروع کی۔ اس نے یہ مصرع پڑھا: ع

میراں رب دے وچ حضور ہویا

پاس ہی ایک رافضی کھڑا تھا اس نے میراں کے نام کا تمسخر اڑایا اور کہا "دیکھو جی میراں چکی پیسنے آگئی ہے"۔ آپ کو یہ الفاظ سخت ناگوار گزرے۔ اس کو بلا کر اپنا جُوٹھا ایک لقمہ عطا فرمایا۔ اس نے کھا لیا۔ اسی وقت وہ زمین پر تڑپنے اور لوٹ پوٹ ہونے لگا۔ دیر کے بعد اس کے باپ کے ہاتھ پر شیعہ عقاید سے تائب ہوا۔

ایک زمیندار کو بددعا دینا ایک شخص راجہ بن احمد تارڑ ساہنپالیہ کے گھر آپ کسی کام کے لیے میلہ بن کر گئے۔ اُس نے نہ مانا، بلکہ مسکرا کر کہا کہ

Marfat.com

"دیکھو یہ اولیا میرے پاس میلہ بن کر آیا ہے میں کبھی نہ مانوں گا" آپ ناراض ہو کر اُٹھ آئے۔ اور اس کو فرمایا: آج کے بعد کسی میدان میں تم کو فتح نہ ہوگی۔

آپ کا ارشاد بالکل صحیح ہوا، آج تک کہ ۱۲۷۶ھ ہے وہ شخص زندہ ہے اور بیسیوں مرتبہ برادری کے ساتھ اس کی لڑائیاں اور مقدمات ہوئے ہیں۔ وہ شخص جس پارٹی کے ساتھ ہو اس کو ہر حالت میں ناکامی رہتی ہے اور اس کا فریق مخالف فتح یاب ہوتا ہے۔

وفات کے بعد کرامات

آپ کی وفات کے بعد بھی آپ سے خوارق ظاہر ہوتے ہیں۔

بیٹے کو نماز میں لگانا آپ کے فرزندِ ثانی سید واصل حق لاہوریؒ سے منقول ہے کہ آپ کے انتقال کے بعد درگاہِ نوشاہیہ پر چلہ نشین ہوا۔ اُس وقت میں نماز نہیں پڑھا کرتا تھا۔ ایک روز آپ خواب میں ملے اور فرمایا: "واصل حق! تو کیسے کا سنکر ہے"۔ جب میں بیدار ہوا تو میرا دل ڈر گیا۔ اس کے بعد نماز پنجگانہ پابندی سے شروع کی۔ اور زیارتِ بزرگان سے مشرف ہُوا۔ اور متعدد چلّوں میں کامیاب ہوگیا۔

ختم شریف کرنے کی ترغیب دینا آپ کے بیٹے سید واصل حقؒ سے منقول ہے کہ میں آپ کا ختم شریف کیا کرتا اور دال گوشت ملا کر پکایا کرتا تھا۔ ایک رات آپ خواب میں ملے اور فرمایا: میں دال روٹی نہیں کھاتا، میں گوشت روٹی کھایا کرتا ہوں۔ اُس روز سے میں نے گوشت روٹی پر ختم دلانا شروع کیا ہے۔

مثالی صورت میں ملنا سیدہ جواہر بی بی بنت سید اقبال علی برخورداریؒ سے منقول ہے کہ جب آپ کی وفات کو چھ مہینے گزر چکے تھے تو جمعرات کو عصر کے وقت میں درگاہِ نوشاہیہ پر سلام کے لیے حاضر ہوئی، دیکھا کہ آپ کے سر پر سُرخ ٹوپی، ہاتھ میں عصا ہے۔ روضہ شریف کی سیڑھیوں کے آگے سے گزر کر مشرق کو جا رہے ہیں۔ میں نے سلام کیا۔ آپ نے میرے سر پر ہاتھ پھیرا، کلام نہیں کیا۔ جب میں روضہ شریف کے اندر داخل ہوئی کہ مجھے یاد آگیا کہ آپ تو وفات پا چکے تھے زندہ کس طرح ہو گئے۔ میں دوڑ کر

Marfat.com

باہر نکلی۔ پھر کہیں آپ کا نشان نہ ملا۔ آپ غائب ہو گئے۔

کلاہ تبرک عطا کرنا

مولف کے والد بزرگوار اعلیٰ حضرت سید غلام مصطفیٰ ادام اللہ برکاتہ فرماتے ہیں کہ ایک دن ہم مسجد ساہن پال شریف میں نمازِ شام کی جماعت کروا رہے تھے ہم نے دیکھا کہ آپ شمالی صورت میں بجبدہ ہمارے سامنے سے آئے اور مصلّا پر اپنی ٹوپی رکھ کر تشریف لے گئے۔ ہم کو کلاہِ تبرک عطا فرمائی۔

مولف کو پراوٹھے کا تبرک عطا کرنا

مولف کتاب ہذا فقیر سید شرافت عفا اللہ عنہ کہتا ہے کہ ایک مرتبہ مجھے خواب آیا کہ بھڑی شریف کا عرس ہے، آپ درگاہِ رحمانیہ کے چبوترے پر بیٹھے ہیں۔ میں نے آپ کو سلام و آداب کیا۔ اُس وقت محمد شفیع بن لدھا جوگی نورپوری بھی پاس ہے۔ آپ نے دُو عدد پراوٹھے مجھ کو تبرک عنایت فرمایا ہے۔ محمد شفیع کہتا ہے کہ میں یہ پراوٹھے نہیں لوں گا۔ آپ فرماتے ہیں کہ میں تجھ کو کب دیتا ہُوں۔ میں تو یہ شریف احمد کو دے رہا ہُوں۔ میں نے بڑی محبت اور عقیدت سے وُہ قبول کر لیے ہیں۔

میں کہتا ہُوں کہ آپ کے عطیہ و تبرک کی برکات میرے شاملِ حال ہیں اور مجھے رزق روٹی میں خدا تعالیٰ نے وسعت و فراخی عطا فرمائی ہے۔

صندوق کے تنگ ہونے کی خبر دینا

آپ اپنی وفات سے دُو سال گزر جانے کے بعد اپنے چھوٹے بیٹے سید فضل حق کی اہلیہ سیدہ رحمت بی بی بنت سید امام الدین ہاشمی رملوی کو تین مرتبہ خواب میں ملے اور فرمایا کہ میرا صندوق تنگ ہے۔ میں جب عبادت کے لیے بیٹھتا ہوں تو مجھ سے بیٹھا نہیں جاتا۔ انھوں نے یہ خواب بیان کیا تو آپ کے فرزندوں نے قبر کو کھول دیا۔ اور نیا تابوت بنا کر اس میں دفن کیا۔

ف: کئی اولیاء اللہ خواب میں مل کر اپنے حالات سے آگاہ کر دیتے ہیں۔ چنانچہ منقول ہے کہ شاہ اعلیٰ چشتی کے مزار پر چبوترہ بن رہا تھا آپ اُستانی جی کو خواب میں ملے اور فرمایا: میرا صندوق شکستہ ہو گیا ہے اور ایک اینٹ میرے زانو پر پڑی ہے۔ جب کھ دیکھا تو ایسا ہی تھا[1]

---

[1] تذکرہ اولیائے ہند، ج ۱، ص ۹۱۔

Marfat.com

نعش کا صحیح وسالم ہونا

جس وقت آپ کا صندوق کھولا گیا تو آپ کا جسم اطہر بالکل صحیح وسالم تھا۔ البتہ کفن کا رنگ خاکستری ہو چکا تھا اور جسم کے ساتھ یک جان ہو گیا تھا۔ بارہ۱۲ روز تک زیارت ہوتی رہی۔ دُور دُور سے مخلوق آ کر زیارت سے مشرف ہوئی۔

ف : مولف کہتا ہے کہ اس وقت ہاڑ سمت ۱۹۷۵ ب کا مہینہ تھا عُرس شریف کے ایام تھے۔ ہزاروں لوگوں نے زیارت کی، میں بھی زیارت سے روزانہ مشرف ہوتا تھا۔ میری عمر اس وقت گیارہ۱۱ سال تھی۔ بزرگوں کا جسم صحیح ومحفوظ رہنا کچھ جائے تعجب نہیں۔ یہ خالص سونا ہوتے ہیں سونے کو مٹی نہیں لگتی۔ چنانچہ شیخ علی متقیؒ کی قبر کو بارہ۱۲ برس کے بعد ان کے بھتیجے کو دفن کرنے کے واسطے کھولا گیا تو وہ امن وامان نکلے [1]

جسدِ اطہر سے خوشبو کا آنا

بارہ۱۲ دن تک آپ کی زیارت ہوتی رہی تو نعشِ مبارک سے بہشت کی خوشبو آتی تھی جو تقریباً ایک فرلانگ تک اِردگرد پھیلی ہُوئی تھی اور وہ خوشبو دنیا کے عطریات سے بڑھ کر تھی۔ جب آپ کے مریدان لاہور سے آئے تو بڑے قیمتی عطر اور سینٹ کی شیشیاں ہمراہ لائے۔ جب آپ کے جسمِ اطہر پہ چھڑکا تو حقیقی خوشبو کے سامنے یہ خوشبو بالکل ماند پڑ گئی۔ آخر عطر ڈالنا بند کر دیا گیا۔

ف : میں نے خود اس خوشبو کو پایا ہے۔ بزرگوں کی قبروں سے جنت کی خوشبو آنا کچھ محلِ تعجب نہیں۔ چنانچہ شیخ جمال قطب ہانسویؒ کی قبر کھلی تو اس میں سے بُوئے بہشت آتی تھی [2]

جسم پاک کو پسینہ آنا

آپ کے پوتے سید شاہ ولی بن سید واصل حقؒ ان ایام میں کلکتہ میں ملازم تھے۔ وہ بھی زیارت کے شوق سے آئے۔ لیکن ان کے پہنچنے سے پہلے آپ کو دفن کیا جا چکا تھا۔ ان کے لیے دوبارہ قدموں کی طرف سے قبر کو کھولا گیا۔ پھر صندوق کو کھول کر ان کو زیارت کرائی گئی۔ دیکھا تو حضور کے جسم پاک کو پسینہ آیا ہوا تھا۔

---

[1] تذکرہ اولیائے ہند، ج ۲، ص ۰۰ [2] تذکرہ، ج ۱، ص ۸۰

Marfat.com

ف : پسینہ کا آنا زندہ جسم کی علامت سے ہے۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ اولیاء اللہ زندہ ہوتے ہیں بعینہٖ اسی طرح سید محمد نور گیلانیؒ کا واقعہ ہے کہ وہ اپنے والد سید بہاول شیر گیلانیؒ کی وفات کے وقت حاضر نہ تھے۔ بعد میں آکر قبر کھول کر زیارت کی [1]

تصنیفات

آپ نے مستقل تصنیف کوئی نہیں کی۔ البتہ دو تین چیزیں آپ کی یادگار ہیں۔ ازانجملہ منقول ہے کہ ایک مرتبہ آپ کتاب یوسف زلیخا پنجابی منظوم مصنفہ مولوی عبدالحکیم اوچیؒ پڑھ رہے تھے۔ اثنائے مطالعہ میں یہ شعر آیا: ؎

اشعار

زلیخا آکھدی یوسف نوں رو کے　　خدا دے واسطے گل سُن کھلو کے

اس شعر کی لذت نے آپ کو ایسا سرشار کیا کہ خود بخود آپ کی زبان سے یہ اشعار بن گئے ؎

زلیخا یوسف و یوسف زلیخا　　انا احمد بلا میمٌ لکھا ہا

مینوں اک جام بھر دیں جھول دیہو　　منتھے کھا اپنے توں گھول دیہو

میں پیواں پی کے ہو جاواں مستی　　مینوں ہیں تھیں خودی دی جاوے ہستی

نہ دِسے دوسرا کوئی باہجھ تیرے　　جدھر ویکھاں اُدھر توہیں چوفیرے

مکتوب

آپ نے ایک دفعہ اپنے پیر صاحب حضرت سید عمر بخش رسولنگری ؒ کو خط لکھا جس میں صرف یہی شعر تحریر کیا، ؎

ہتی موں لیکھا نہیں پتے نہیں دام　　دینے موں رہتا نہیں ایسا مورارام

فتویٰ متعلقہ کلاہِ درویشی

آپ کے زمانہ میں بعض فقرائے معاصرین متعصبین نے آپ کی کلاہ پوشی پر اعتراض کیا۔ اور یہ بھی کہا کہ نوشاہی فقیروں کو ٹوپی اور خرقہ پہننا جائز نہیں۔ آپ نے ایک فتویٰ تحریر فرمایا اور اس پر علماء و صوفیا کی مُہریں لگوائیں اور تصدیق کروادیا کہ فقرائے نوشاہی کو ٹوپی اور خرقہ پہننا جائز ہے۔ اصل فتویٰ کی عبارت یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بعد حمدِ خدا اور نعتِ رسولِ مجتبیٰ تاج پوشانِ فقر غنا سیرت و خرقہ زیبانِ غنا فقر صورت

---

[1] تذکرہ اولیائے ہند ج ۳ ص ۲۷ شرافت

Marfat.com

مخفی و محتجب نہ رہے کہ حسبِ نوشت کتاب فایض الرشاد جو کتب احادیث اور تصوف سے منتخب ہے اور سوا اس کے بزرگوں نے لکھا ہے کہ امام برحق ناطق جناب امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں کہ جناب رسول کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم شبِ معراج مکانِ لامکان میں رونق افروز ہوئے تو بعد از کلام ما لا کلام جناب واحد حقیقی میں عرض کی کہ ملکا بادشاہا! آپ کو تمام کائنات میں سے کون عزیز ہے۔ حکم ہوا اَنْتَ۔ یعنی تو۔ پھر التماس پرداز ہوئے تو امر ہُوا یا محمد کلهم یطلبون رضائی وانا اطلب رضاءك پھر ملتمس ہوئے تو ارشاد ہوا الفقراء احبائی یعنی میرے دوست فقیر ہیں۔ تو جناب شہنشاہِ کونین نے فقر قبولا اور تاج فقیری کا زیب تارک مبارک فرمایا ؎

بحکم قادرِ غفار خالقِ اکبر　　رسید تاجِ معلّٰی بہ احمدِ سرور

اور کلاہ جو خود بھی تاج ہے۔ خصوصاً چار ترک جو اس کے پہننے سے چار چیز کی ترک واجبات ہے۔ یعنی ترکِ چشم یعنی نادیدنی چیز نہ دیکھے۔ اور ترکِ گوش، ناشنیدنی نہ سنے۔ ترکِ زبان، ناگفتنی نہ کہے۔ ترکِ پا۔ نارفتنی جگہ نہ جانا۔ ایک بزرگ اور فرماتے ہیں: ؎

سر برہنہ نیستم دارم کلاہِ چار ترک
ترکِ دنیا ترکِ عقبیٰ ترکِ مولا ترکِ ترک

اور جب جناب کبریائے الٰہی سے خرقہ متبرکہ کہ جناب رسولِ کریمؐ کو مرحمت ہوا تو جناب نے حضرت ابوبکرؓ سے پوچھا اگر یہ خرقہ تمھیں دیں تو تم کیا کرو۔ آپ نے عرض کی صدق زیادہ کروں۔ پھر جناب عمر خطاب کو کہا کہ آپ کیا کریں۔ التماس کیا کہ عدل زیادہ کروں۔ پھر حضرت عثمان کو حکم ہوا کہ آپ کیا کریں۔ ملتمس ہوئے کہ حیا زیادہ کروں۔ پھر جناب علی کو ارشاد ہوا تم کیا کرو۔ آپ نے بصد صدق و نیاز کہا کہ ستاری اور حلم کروں۔ حضرت نے حسب الارشادِ الٰہی خرقہ انھیں عطا فرمایا اور کہا الخرقه صورة الفقر وكسوة الفقراء ولباس الصلحاء وزينة الاولياء وهي خير ثبات۔ پھر ان سے حضرت علی اسد اللہ غالب ابن ابی طالب کو پہنچا اور ان سے سبط نبی کریم زمن امام حسن کو۔ اور ان سے حضرت خواجہ بصری کو۔ اور بعض فرماتے ہیں حسن بصری کو بلا واسطہ احدے حضرت علی مرتضیٰ سے [illegible] فقیر صاحب کو تاج یا کلاہ

Marfat.com

پہننا منظور ہو تو چار چیزوں مرقومہ بالا سے ترک کرے۔ نہیں تو اسے پہننا حرام ہے۔ اور جو فقیر صاحب ستاری اور حلم اختیار کرے خرقہ پہنے۔ والّا اسے حرام ہے۔ اور علیٰ ہذا القیاس کفنی۔ اس کا ثبوت آیت یہ ہے انک میت وانھم میتون جب کفنی میت کے واسطے ہے تو میت کو ہوائے نفسانی اور خواہش دنیاوی متروک ہوگئی اور بدون ترک کیے ان چیزوں کے کفنی پہننی حرام ہے۔

پس اب یہ خاکپائے فقرائے اہل اللہ فقیر محسن شاہ نوشاہی ہمچو ان حضرت سرگروہان چاروں خانوادہ کی خدمت بابرکت میں جو ہر ایک ثمرہ شاخ نخل مصطفوی اور میوہ غصن شجر مرتضوی سے ہے۔ التماس گزار ہے کہ جب پہننا تاج مبارک کا ہر ایک گروہ میں منحصر ہے چار ترک مرقومۃ الصدر پر۔ اور پوشش خرقہ کی موقوف ہے ستاری اور حلم پر۔ اور اوڑھنا کفنی کا ملتوی ہے موتوا قبل ان تموتوا یعنی میت ہونے پر اور ترک ہوس دنیاوی اور ترک خواہش نفسانی پر تو فقرائے فی زمانا کا حال معہ اس خاکپا کے ہر ایک سرگروہ باشکوہ پر واضح و لایح ہے۔ اگرچہ اس فدوی حقیر کی نگاہ میں ادنیٰ سے اعلیٰ تک جس بزرگ کے سر پر تاج نام فقر کا زیب فرما ہے۔ وہ افعال حمیدہ اور اقوال پسندیدہ سے مانوس اور کردار ذمیمہ اور گفتار مکروہہ سے مایوس ہے۔ اور ہوگا۔ تاج اور خرقہ اور کفنی پہننی حسب الارشاد رسول مقبولؐ اسے مباح ہے۔ فکیف کہ کوئی صاحب واسطے گروہ نوشاہی جن کا سلسلہ بذریعہ جناب عبدالقادر پاک قدس سرہ العزیز جناب مرتضیٰ و مصطفیٰ صلوٰۃ اللہ علیہما تک پہنچتا ہے۔ اور بسبب مشہوری جناب نوشاہ صاحب کے جو کئی خوارق عادات ان سے ظہور میں آئیں۔ نوشاہی مشہور ہوگیا۔ یہ کلمہ زبان پر لاوے کہ تاج و خرقہ و کفنی پہننا انھیں حرام ہے سبحان اللہ جس عبدالقادر پاک کے جد کے واسطے تاج اترا ہو۔ اسی کے گرد پھرنا حرام العیاذ باللہ اب اس بزرگ کو کیا کہنا ؎

باصد چراغ میطلبم عیب ہائے خویش — کو فرصتے کہ فرق کنم خوب و زشت خلق

جس حالت میں جناب سرور کائنات کہ سرگروہ کل سرگروہوں کے ہیں فرماویں کہ تاج و خرقہ وغیرہ پوشش واسطے فقرا اور صلحا کے ہے تو کیا یہ گروہ و باشکوہ صالحین سے بھی گیا گزرا۔

؎

بمیر تا برہی اے حسود کایں رنجے ست — کہ از مشقت او جز بمرگ نتواں رست

Marfat.com

اپنے اعتقاد میں تو یہ ہے، ؎

ہر کہ را جامہ پارسا بینی پارسا دان و نیک مرد انگار
و رندانی کہ در نہانش چیست محتسب را درون خانہ چہ کار

اب جو بزرگوار سرگروہ صاحب یا فقیر صاحب جو انصاف حضور از اعتساف دُور ہے۔ ان کلمات خیر پر نظر فرما کر مہربانی از روئے مہربانی ثبت فرمادیں تا عنداللہ ماجور و عندالناس مشکور ہوں۔ العبد۔ فقیر حقیر فریدالدین عباسی چشتی۔ ھکذا سمعت و رأیت فی کتب الفقراء الصوفیہ کلھم۔ مُہر

[فقیر فریدالدین عباسی]

دستخط۔ مسکین سید چراغ علی شاہ رضوی المشہور فقیر چشتیا مُہر [بخشیش گدا]

بسم مُہر [دنیا ہمہ دوغ ست محمد مکمن]

ملفوظات

آپ جب کبھی مجلس میں گفتگو کرتے تو عشق و عرفان کا سمندر موجیں مارتا ہوا نظر آتا۔ رموز و اسرار تصوف کا تذکرہ کرتے تو طالبوں کو درد و سوز حاصل ہوتا۔ آپ کا کلام عاشقانہ اور واصلانہ ہوتا۔ جو عام صوفیوں کی انتہائی منزل ہوتی وہ آپ کا ابتدا ہوتا تھا۔ عوام فقرا کا کلام ہجر و فراق والا ہوتا ہے۔ آپ کا کلام وصول الی اللہ اور بقا باللہ کے مضمون والا ہوتا تھا۔ آیات کلام اللہ اور احادیثِ رسول اللہ اور اقوالِ اولیاء اللہ آپ کو بہت یاد تھے۔

ملفوظ آپ اکثر یہ آیت شریف پڑھا کرتے: قل اللھم مالک الملک تؤتی الملک من تشاء و تنزع الملک ممن تشاء و تعز من تشاء و تذل من تشاء بیدک الخیر انک علیٰ کل شیء قدیر۔

ملفوظ آپ یہ حدیث بھی پڑھا کرتے تلاوۃ الوجیہ خیر من تلاوۃ القرآن۔ یہ تصور شیخ کے متعلق ارشاد فرمایا کرتے۔

ملفوظ۔ فرمایا: "وُہی وُہی نہ دوجا کوئی"۔

ملفوظ۔ فرمایا: خدا کے راستہ میں جتنا دو گے اتنا ہی لوگے۔ اور جو دینا ہے سب لینا ہی ہے۔

Marfat.com

ملفوظ مولوی عمر بخش چشتی نظامی ستارکوٹی سے منقول ہے کہ ایک مرتبہ آپ ہمارے ہاں کوٹ ستار ضلع گجرات میں رونق افروز تھے۔ عید کا دن آیا۔ آپ نماز عید کے لیے میرے ہمراہ چلے۔ راستہ میں مجھے فرمایا: بھائی سوہنے نام والے، تم نے خطبہ پڑھنا اور وعظ کرنا ہے، اسم کو رحمتِ الٰہی کا وعظ سنانا، عذابوں کا تذکرہ نہ سنانا۔ جب مسجد میں پہنچے تو آپ نے بجائے وضو کے تیمم کر لیا اور نمازِ عید ادا کی۔ جب واپس گھر آئے تو میں نے عرض کیا: باواجی! پانی کی موجودگی میں آپ نے تیمم کیوں کیا ہے؟ اس طرح تو نماز نہیں ہو سکتی۔ آپ نے فرمایا کہ یہ نماز بھی تو مجازی ہی تھی حقیقی نماز اور ہے۔

ملفوظ حافظ غلام محمد امام مسجد چھنی ساہن پال سے روایت ہے کہ میں نے ایک روز آپ کی خدمت میں عرض کیا کہ قیامت کا بڑا خوف ہے۔ آپ نے فرمایا: حافظ جی! کوئی خطرہ نہیں، بے خوف رہو، خدا تعالیٰ غفور رحیم ہے۔

ملفوظ سائیں نورالدین فقیر برقندازی ساکن گاگھڑہ کلاں سے روایت ہے کہ میں نے ایک دن خدمت میں عرض کیا کہ میاں عبدالستار فقیر بڑے چلے کاٹتا ہے۔ آپ نے فرمایا، یہ کمال نہیں بلکہ کسب ہے۔

ملفوظ ایک شخص نے عرض کیا: یا حضرت! اگر درویش پر ہر وقت ذوق و شوق غالب رہے تو کیا ہی بہتر ہو۔ آپ نے فرمایا: حال دائمی نہیں رہ سکتا۔ ایک حال پر قیام تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی نہ تھا۔ فرمایا ہے لی مع اللہ وقت یعنی میرا بھی اللہ تعالیٰ کے ساتھ ایک خاص وقت ہوتا ہے۔

ملفوظ ایک درویش نے عرض کیا کہ اپنے مرشد کو کیا سمجھنا چاہیے۔ آپ نے فرمایا شہباز نے اچھا کہا ہے: ؎

جو بچائے پختہ دل ہو رہنما کو ذاتِ حق
وہ کبھی ہوتا نہیں گمراہ پیم کے راہ سے

ملفوظ ایک شخص نے یہ شعر پڑھا: ؎

چندیں ہزار عالم تُوں کیہڑی ایں گڑھے امباں ہیٹھ کھلوتیے تینوں کنڈے پئے

Marfat.com

اور پُوچھا، امب اور کنڈے سے کیا مراد ہے؟

آپ نے فرمایا: امب سے مراد جذباتِ الٰہی اور کنڈے سے مراد خواہشاتِ نفسانی۔

ملفوظ ایک شخص نے مجلس میں یہ مصرع پڑھا اور اس کا مطلب پُوچھا، ع

نَونگ پنجاں دا پُورا ڈنڈیاں گھٹ کر دے

آپ نے فرمایا کہ یہ وصول الی اللہ کا طریقہ بتلایا گیا ہے دو طور پر:

اوّل، نَونگ سے مراد جسم انسانی، پنجاں دا پُورا سے مراد آگ، ہوا، پانی، مٹی، روح۔ یعنی پانچ چیزوں کا مرکب پتلا ہے۔ ڈنڈیاں سے مراد خواہشاتِ نفسانی۔ گھٹ کر دے سے مراد ان کو اپنے جسم سے نکال دیوے۔ تب خدا کو پا سکتا ہے۔

دوم، نَونگ سے مراد دین اسلام۔ پنجاں دا پُورا سے مراد کلمہ، نماز، روزہ، زکوٰۃ، حج۔ یعنی پانچ بنا سے مکمل ہے۔ ڈنڈیاں سے مراد کفر، شرک، بدعت۔ گھٹ کر دے سے مراد، یعنی ان بُرائیوں سے توبہ کرے تو خدا کو پا سکتا ہے۔

ملفوظ۔ فرمایا کسی درویش کا مقولہ ہے "آپ گندہ اوروں کو سنوارے"، یہ صفت پیاز میں دیکھی۔ بندہ ہو کر شاہوں کا شاہ ہوا۔ یہ صفت ایاز میں دیکھی۔ ظاہر سجود حاصل بے سود، یہ صفت نماز میں دیکھی۔

ف: یہ قول ریائی نماز کے متعلق ہے جس کے متعلق حق تعالیٰ کا ارشاد ہے: فویل للمصلین الذین ھم عن صلوٰتھم ساھون الذین ھم یراءون۔ (الماعون) ایسے نمازیوں کی خرابی ہے جو نماز کی طرف سے غافل رہتے ہیں جو ریاکاری کرتے ہیں۔

شیخ سعدیؒ نے فرمایا ہے: ؎

کلیدِ درِ دوزخ ست آں نماز — کہ در چشمِ مردم گذاری دراز

معترفینِ کمالات

آپ کی مدح و توصیف بہت سارے بزرگوں نے کی ہے۔

۱۔ میاں دولا بخش خیاط لاہوری۔ کتاب سوانحعمری سید چراغ علی شاہ چشتی صابری

Marfat.com

لاہوریؒ ہیں۔ اس وقت کے مشایخ لاہور کا تذکرہ کرتے ہوئے ص ۱۷۳ پر لکھتے ہیں:

"مولانا واصل باللہ حضرت مکھن شاہ صاحب کی ذات عالی صفات اِس وقت لاہور کے اِس گروہ پُرشکوہ نوشاہی میں ایک اعلیٰ رکن ہیں۔ آپ کا اخلاقِ محمدی ایسا غالب ہے کہ جوق جوق طالبانِ راہِ خدا آپ کی خدمت میں حاضر ہوکر طالب ہوتے ہیں۔ سچ تو یوں ہے کہ جب سے آپ لاہور میں تشریف لائے ہیں آپ کے فیض عام سے صدہا فیضیاب ہوئے ہیں"۔ بلفظہٖ

۲۔ مولوی عبدالحمیدؒ سے منقول ہے کہ ایک بار ہمارے پیر صاحب حضرت قاری قمرالدین قادری سروری اُویسی ساکن اَلوَرڈی شریف ضلع منٹگمری جو مرتبہ اوتاد رکھتے تھے ہمارے علاقہ میں تشریف لائے۔ جب سفر کرکے واپس جانے لگے تو ہم سب مریدوں نے لاہور تک مشایعت کی۔ رات کو موچی دروازہ میں حضور کے دولت خانہ پر گئے۔ عشا کا وقت تھا۔ دروازہ پر دستک دی۔ آپ نے بالاخانہ سے آواز دی کہ نیچے کے کمرہ میں ڈیرہ کرو اور کھانا وبستر وغیرہ اوپر سے بھجوا دیے خود نیچے نہ آئے۔ اور نہ ہی ہمارے پیر صاحب سے ملاقات کی۔ جب ہم صبح کو وہاں سے رخصت ہوئے تو ہمارے حضرت قاری صاحبؒ نے فرمایا کہ ہم جس روز سے اِس علاقہ میں آئے ہیں کوئی صاحبِ کمال درویش نہیں دیکھا سوائے اِس بزرگ لاہوری کے۔

مولوی عبدالحمید صاحب راوی کہتے کہ باوجودیکہ حضرت قاری صاحبؒ نے سید مکھن شاہؒ کو ظاہری آنکھوں سے نہیں دیکھا مگر کشفی طور پر ان کے عالی مراتب ہونے کی شہادت دی۔

۳۔ مولوی عمر بخش چشتی نظامیؒ سے روایت ہے کہ ایک بار آپ ہمارے گاؤں کوٹ ستار میں تشریف فرما تھے کہ روز مولوی عبدالحمید قادری سروریؒ جو مولانا محمد شیخ احمد نقشبندی مجددی دھریکویؒ کے فرزند تھے اور پنڈی لالہ میں سکونت رکھتے تھے آپ کی خدمت میں آئے۔ محفل اقدس میں صوفیانہ گفتگو شروع تھی۔ آپ نے یہ اشعار پڑھے:

تجلّی تیری ذات کا سو لبسو ہے — جدھر دیکھتا ہوں اُدھر تُو ہی تُو ہے
جدھر جا کے دیکھا جدھر جا کے سُنیا — تیری گفتگو اور تیری جستجو ہے

مولوی صاحبؒ فرمایا کرتے کہ حضرت باواجی صاحب کامل واکمل ہیں۔

Marfat.com

۴۔ مولوی عمر بخش موصوف ستارکوٹی" بیان کرتے تھے کہ میری بیعت چشتیہ سلسلہ میں حضرت مولوی محمد امین چکوڑی والہؒ سے تھی اور ان کے فرمودہ وظایف پہ بلا ناغہ مواظبت رکھتا تھا۔ ایک مرتبہ حضور والا نے میری وظایف خوانی اور ذکر لسانی کو مدِ نظر رکھ کر فرمایا :

"میاں سوہنے نام والیا ! ہر ویلے ہڑباں دا بھیڑ کر دا رہنائیں اپنے پیر کولوں کوئی اصلی گل یکھ"

حدیث شریف میں آتا ہے ذکر اللسان لقلقۃ و ذکر القلب وسوسۃ ذکر الروح سراحۃ۔ میں یہ حدیث سُن کر دل میں خیال کیا کرتا کہ علم ظاہری تو چنداں آپ کو ہے نہیں۔ کسی سے سُنی سنائی عربی عبارت یاد کر رکھی ہے اور اس کو حدیث بنا دیا ہے۔ کچھ عرصہ کے بعد میں ایک روز کتاب کشکولِ کلیمی مطالعہ کر رہا تھا جو ہمارے سلسلہ کے شیخ خواجہ کلیم اللہ جہان آبادیؒ کی تصنیف سے ہے۔ اس میں بعینہٖ یہی حدیث درج تھی۔ اس روز سے میں آپ کا معتقد ہو گیا اور سمجھ لیا کہ آپ جو بات کرتے ہیں پتے کی کرتے ہیں۔

۵۔ حافظ غلام محمد امام مسجد چھنی ساہن پال کہا کرتے تھے کہ سید پیر مکھن شاہؒ کے ولی اللہ ہونے کی ایک نشانی میں نے معلوم کی ہے وہ یہ کہ آپ کے سینہ پر جو پھوڑا تھا اور ہمیشہ آپ کو تنگ رکھتا تھا آپ نے کبھی اس کا شکوہ نہ کیا۔ آپ صبر کرتے رہے اور ہر دم ذکر اللہ میں مشغول رہتے۔

۶۔ چودھری خوشی محمد بن کبیر تارڑ ساہنپالیہ کہا کرتا تھا کہ آپ جب سوتے تھے تو آپ کے قلب سے اَللّٰہ اَللّٰہ کی آواز سنائی دیتی تھی۔

۷۔ بدھوار کی رات انیسویں محرم ۱۳۵۹ھ کو فقیر سید شرافت عفی عنہ وظایف پڑھ رہا تھا کہ مجھے القا ہوا، بدیں الفاظ "بابا مکھن شاہ لاہوری پر تجھے ذاتی وانگی تھا۔

اولاد آپ کا نکاح بیدہ طالعربی بی بنت سید امام شاہ برخورداری لاہوریؒ سے تھا۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔ آپ کے چار بیٹے تھے،

آپ کے چار بیٹے تھے، ۱۔ سید عارف حقؒ ۲۔ سید واصل حقؒ
۳۔ سید فضل حق ۴۔ سید فضل مولاؒ۔ یہ بچپن میں فوت ہوئے۔

Marfat.com

آپ کی ایک بیٹی تھی سیدہ بیگم بی بیؒ، منکوحہ سید نیاز محمد بن سید بوٹے شاہ برخورداری ساہن پالویؒ۔

یارانِ طریقت

آپ سے اکثر مخلوقِ خدا مستفیض ہوئی۔ آپ مریدوں کو "صاحب دا نام لیوا" فرمایا کرتے۔

۱۔ سید نیاز محمد بن سید بوٹے شاہؒ برادر زادہ آنجناب	ساہنپال شریف ضلع گجرات	
۲۔ سید فضل حق بن سید مکمن شاہؒ فرزند آنجناب	باغ گل بیگم	لاہور
۳۔ سید حافظ محمد شاہ بن سید محمد امین برخورداریؒ	ساہنپال شریف	گجرات
۴۔ سید شیر علی بن سید محمد شفیع برخورداریؒ	"	"
۵۔ سید حاکم شاہ بن سید عطا محمدؒ۔	"	"
۶۔ سید عبدالحق بن سید نیاز محمدؒ نواسہ آنجناب کوچہ پوربیاں	موچی دروازہ	لاہور
۷۔ سید نور حق بن سید نیاز محمدؒ " " محلہ حنفیاں	دستن پورہ	"
۸۔ سید پیر ولی بن سید عارف حقؒ نبیرہ آنجناب	باغ گل بیگم	"
۹۔ سید شاہ ولی بن سید واصل حقؒ "	دل محمد روڈ	"
۱۰۔ سید شیر علی بن سید عطر الدین ہاشمی رسلویؒ	صالح پور	شیخوپورہ
۱۱۔ مستری نبی بخش ترکھان	گلی ڈوگراں	لاہور
۱۲۔ مستری غلام حسین بن نبی بخش ترکھان	"	"
۱۳۔ اللہ دتہ زرگر	یکی دروازہ	"
۱۴۔ دین محمد جٹ	"	"
۱۵۔ سائیں محمد بخش ڈاچی والا	"	"
۱۶۔ چراغ دانگر	اکبری منڈی	"
۱۷۔ عزیز دین درزی	لوہاری منڈی	"

Marfat.com

۱۸- میاں غلام محمد عرف گاماں کچ لوہار منڈی لاہور
۱۹- کریم بخش پٹولی " "
۲۰- رحیم بخش رنگریز چونی منڈی "
۲۱- چراغ داروگر شاہ عالمی دروازہ "
۲۲- شیخ دین محمد چوبی پتھرانوالی موچی دروازہ "
۲۳- ابراہیم درزی گلی لٹھاراں " "
۲۴- شادی تیلی " "
۲۵- کریم خاں پٹھان ٹھیکیدار سرانوالہ بازار "
۲۶- حاجی خاں بن کریم خاں پٹھان " "
۲۷- رمضان شیر فروش " "
۲۸- شیخ کرم بخش مصری شاہ "
۲۹- مولوی حاجی میراں بخش منہاس دو برجی والہ "
۳۰- سائیں بدھو تیلی مزنگ "
۳۱- کرم بخش بلوچ " "
۳۲- سائیں ننھے شاہ رنگڑ راجپوت "
متوفی جمادی الاخریٰ ۱۳۴۸ھ مزنگ "
۳۳- مرزا چراغ مغل " "
۳۴- اللہ جوایا شیخ بھرائی نواں کوٹ "
۳۵- مہتاب دین وھوبی " "
۳۶- سائیں فتحدین طور چوہنگ "
۳۷- نوردین طور " "
۳۸- امام دین موچی " "
۳۹- کاٹو بافندہ چنبہ

۴۰- قائم دین شیخ اٹاری شام سنگھ امرتسر
۴۱- مہنگا شیخ " "
۴۲- فتح دین چاہل پتوکے
۴۳- الٰہی بخش ارائیں بینسی نگر
۴۴- سائیں نواب بن الٰہی بخش ارائیں بینسی نگر
۴۵- وہاب بن الٰہی بخش "
۴۶- سائیں حسن ارائیں واہگرے
۴۷- عبداللہ ارائیں "
۴۸- خدایار گلگو "
۴۹- نواب ارائیں بگھیاڑوالہ
۵۰- محمد دین چرنگ فیروزپور
۵۱- میاں غلام علی بھلا
۵۲- میاں احمد یار سوہی نکہ ڈھمی
۵۳- سائیں میراں بخش مراثی دانا آباد
۵۴- سائیں بہلو شاہ مراثی
۵۵- مستری شہاب دین ترکھان ٹھٹھہ کھرلاں گوجرانوالہ
۵۶- بابو عنایت اللہ وزیر آباد "
۵۷- میاں لدھا درزی نورپور چاہلاں "
۵۸- عبداللہ درزی " "
۵۹- اعتبار بن شایست خاں تارڑ اگرویہ گجرات
۶۰- امیر ابن اعتبار تارڑ " "
۶۱- صاحبزادہ بن غوث تارڑ " "
۶۲- لہنا بن قطب تارڑ " "

Marfat.com

۶۳۔عطر ابن نیک تارڑ اگرویہ گجرات ۶۴۔گاماں کشمیری اگرویہ گجرات

مستورات میں سے

۶۵۔ بی بی کریم النسا المعروف مائی کریمہ زوجہ پیر خاں ٹانگے والہ لاہور

۶۶۔ مائی حرمت دایہ لاہور ۶۷۔ مراد بی بی لوہاری لاہور

۶۸۔ مائی سرداراں فقیرنی اعوانی شاہدرہ شیخوپورہ

۶۹۔ مہتاب بی بی زوجہ میاں عبدالغنی منہاس کوٹ ستار گجرات

غیر مسلموں میں سے

۷۰۔ سنت سنگھ دکاندار واہگرے ۷۱۔ کاکو چوہڑا واہگرے

۷۲۔ شادی چوہڑا "

تبرکات آپ کی ٹوپی مبارک سرخ بانات کی، واسکٹ اور لنگی آپ کی اولاد کے پاس موجود ہے۔

واقعہ وفات

آپ عرس بھڑی شریف پر تشریف لائے۔ وہاں سے مستری شہاب دین ترکھان آپ کو اپنے ہمراہ ٹھٹھہ کھرلاں، متصل حافظ آباد میں لے گیا۔ ایک مہینہ اپنے پاس رکھا اور ہر طرح کی خدمات انجام دیں۔ آپ کے چھوٹے صاحبزادہ سید فضل حق ؒ ہمراہ تھے۔ چند روز ٹھہر کر انھوں نے ساہن پال شریف آنے کے لیے رخصت طلب کی۔ آپ نے اجازت دے دی اور فرمایا کہ منگلوار کو ضرور آجانا۔ تین مرتبہ فرمایا۔ لیکن بعض وجوہات کی بنا پر وہ پہنچ نہ سکے۔ آپ اس روز منگلوار چاشت کے وقت چہرہ مبارک پر دوپٹہ اوڑھ کر چارپائی پر استراحت فرما ہوئے۔ شہاب الدین کی بہو چاشت کا کھانا پکا کر آپ کو کھلانے کے لیے کوٹھے پر چڑھی۔ آپ کو بلایا۔ آپ نہ بولے۔ دیکھا تو آپ جنت الفردوس میں جا بسے تھے۔

تجہیز و تکفین مستری شہاب دین نے صندوق تیار کر کے آپ کا جسدِ اطہر اُس میں داخل کر کے اپنے گاؤں میں دفن کرنے کا ارادہ کیا۔ قبر کھودی گئی۔ زمینداروں نے قبر کے

Marfat.com

نام ایک قطعۂ زمین بھی دے دیا۔ اُدھر لاہور میں بذریعہ تار خبر گئی۔ چنانچہ آپ کے پوتے سید شاہ و
بن سید واصل حق فوراً بذریعہ ریل حافظ آباد اتر کر سٹہ کھرلاں میں پہنچے۔ آگے حضور کا صندوق
مبارک قبر میں رکھ کر اوپر ڈاٹ لگانے کو تیار تھے۔ انھوں نے کہا کہ حضور کی وصیت تھی کہ مجھے
ساہنپال شریف میں پہنچانا۔ لیکن مریدوں نے مزاحمت کی اور کہا کہ ہم حضور کو یہیں دفن کریں گے
گفت وکلام کے بعد آخر سید شاہ ولی اللہ کامیاب ہو گئے اور آپ کا صندوق وہاں سے اٹھوا
ساہنپال شریف لے آئے۔

تاریخ وفات سید مکھن شاہ[1] کی وفات بعمر اٹھاسی سال بروز چہارشنبہ وقت چاشت
انیسویں[19] شعبان ۱۳۳۴ھ مطابق اٹھویں[8] مارچ ۱۹۱۶ء میں ہوئی۔

آپ کی قبر موضع ساہن پال شریف، گورستان نوشاہیہ میں مغربی جانب ہے۔ دو
سال کے بعد آپ کی قبر اولاد نے پختہ بنوائی۔ سنگِ مرمر لگوایا۔ اس پر یہ کتبہ تحریر ہے۔ سطر بسطر
درج ہے:

"بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

اللھم صل علیٰ محمد وعلیٰ آل محمد بعدد کل ذرۃ

مائۃ الف الف مرّۃ

یا شیخ عبدالقادر جیلانی شیئاً للہ

تاریخ وفات جناب حضرت مکھن شاہ صاحبؒ

قطب زمان رحمۃ اللہ علیہ ۱۹ شعبان ۱۳۳۴ھ"

سید نور احمدؒ

آپ سید خدا بخش بن سید حافظ نور اللہؒ فرشتہ صفات برخورداری کے فرزند اکبر اور

---

[1] حضرت پیر مکھن شاہ لاہوری رح کا کچھ ذکر شریف التواریخ کی تیسری جلد موسوم بہ تذکرۃ النوشاہیہ کے چھٹے حصہ صحایف الاسرار نام میں لکھا جائے گا۔ شرافت

Marfat.com

وخلیفہ تھے۔ آپ کی والدہ کا نام سیدہ نور بی بی بنت سید خیر اللہ ساکن پانڈو کے تھا۔

ائیہ اشعار جب آپ کی ولادت ہوئی تو آپ کے والد بزرگوار نے یہ اشعار دعائیہ آپ کے متعلق نظم کیے ؎

نور احمد بجہاں برابرِ من　　دیدہ از دیدنش شود روشن
قرۃ العین بلک راحتِ جاں　　ہرزماں میشود بحفظ و اماں
یا الٰہی بحق پیغمبر　　بخت او میکنی چو اسکندر
علم بسیار بخت او بیدار　　دشمن او ہمہ شوند خوار

ق وعادات آپ بڑے حسین وجمیل تھے۔ علم ظاہر و باطن میں یگانہ تھے۔ صاحبِ لطف وکرم وادب وصبر وشکر، حلیم الطبع، اہل ذوق وشوق تھے۔

ع ووجد آپ کی پوتی مائی سید بیگم بنت سید غلام نبی سے روایت ہے۔ وہ مائی مَتّی بلوچنی سے روایت کرتی تھیں کہ ایک بار درگاہِ عالیہ نوشاہیہ میں محفلِ ی ہو رہی تھی آپ کو وجد ہو گیا اور بوہڑ پر نشان کر دیے گئے۔ وجد نہیں کھلتا تھا۔ آخر ں نے یہ کافی پڑھی تو آپ کا وجد کھلا اور ہوش میں آئے:

کافی

آ ویس میہنگلیا وے۔ نوشہ رہے اجو کی رات
جھڑ کر بدلیے نی۔ نوشہ رہے اجو کی رات
نوشہ میرا جی کوئی سترِ الٰہی　　ہادی میرا جی کوئی سترِ الٰہی
آ ویس میہنگلیا وے
جھول نوشہ میری تاہنگ اُتھائیں　　دُھوڑ قدماں دی مَتّے نوں لائیں
آ ویس میہنگلیا وے
نوشہ میرا جی کوئی وانگ پتنگاں　　اک لشکن اِکناں نوں پائیاں میں لشکاں
آ ویس میہنگلیا وے

انی آپ گاہ بگاہ یہ اشعار پڑھا کرتے: ؎

Marfat.com

در شریعت نفس را ناسوت نام　　در طریقت دل بود ملکوت نام
در حقیقت روح را جبروت گو　　معرفت آں سر را لاہوت گو

ناسوت متعلقہ جبرئیلؑ، ملکوت متعلقہ میکائیلؑ، جبروت متعلقہ اسرافیلؑ، لاہوت متعلقہ عزرائیلؑ۔

مکتوب

آپ کا ایک مکتوب یہاں درج کیا جاتا ہے جو آپ نے اپنے چھوٹے بھائی سید قدم الدینؒ کے نام لکھا تھا:

"برادر عزیز وافر تمیز خوب خصال، پسندیدہ افعال، فیض آگین، میاں قدم الدین اطال اللہ عمرہٗ۔ بعد دعائے عزید حیات و ترقی درجات واضح رائے باد کہ دریں جا خیریت ست و بجہت درازی عمر و اقبال آں حمیدہ خصال فی الغدو والآصال دست بدعا ست الخ"

نصیحت

حضرت سید مکھن شاہؒ لاہوری بیان کرتے تھے کہ میں کلین میں ضد کیا کرتا تھا کہ ایک روز بھائی صاحب سید نور احمدؒ نے مجھے ڈانٹا اور ضد کرنے سے منع کیا۔ آپ کی نصیحت ایسی کارگر ہوئی کہ پھر تمام عمر میں نے کبھی ضد نہیں کی۔

اولاد

آپ کا نکاح اپنے عم بزرگ کی بیٹی سیدہ امام بی بی بنت سید حافظ الٰہی بخش مظہر حق برخورداریؒ سے تھا۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔

آپ کے تین بیٹے تھے:

۱۔ سید غلام نبی دھیر کے والہ　　۲۔ سید غلام حسن ساہنیالویؒ

۳۔ سید غلام حسین حوالدار چنھلیؒ

آپ کی دو بیٹیاں تھیں:

۱۔ سیدہ مہتاب بی بیؒ۔ منکوحہ سید عمر بخش بن سید محمد بخش برخورداری رسولنگریؒ

۲۔ سیدہ حسین بی بیؒ۔ منکوحہ مولوی قطب الدین بھیسکیؒ

آپ کا ایک دوست فقیر یادگار نام تھا۔ اس نے ایک ہندی دوہڑہ آپ کی مدحیہ دوہڑہ توصیف میں لکھا ہے۔

الف　　اک اساڈا اے یار جانی اوس نال میں بہت پیار میاں
نوٹ: صاحب دوہڑہ اوہ بین اوس باجھ نہ میرا قرار میاں

Marfat.com

اساں جان جہان تھیں وَدھ جاتا خوش ہونا ہاں دیکھ دیدار میاں
اوہدے اُتے ہے کرم کریم والا وچ فقر دے اوہ سردار میاں

سیّد نور احمدؒ کی وفات جوانی میں اپنے والد صاحب کی زندگی میں ۱۲۶۷ھ

تاریخ وفات میں ہوئی۔ قبر گورستانِ نوشاہیہ میں ہے۔

تاریخ

از حضرت سیّد حافظ قل احمد پاکذات نوشاہِ ثانیؒ

در رہِ توحید طاعت پیش وے دادند سر غازیان و راکعان و ساجدان و زاہداں

یعنی غ ر س ز ۔ ۱۲۶۷ھ

مادہ ہائے تاریخ:

۱۔ نعمتِ بہشت ۲۔ مُرغِ طُوبےٰ

سیّد قدم الدینؒ

آپ سیّد خدا بخش بن سیّد حافظ نور اللہ فرشتہ صفاتؒ کے فرزند اصغر اور مرید و خلیفہ تھے۔ آپ کی والدہ کا نام سیّدہ نور بی بی بنت سیّد خیر اللہ برخورداری ساکن پانڈوکے تھا۔

عبادت و ریاضت آپ شب بیدار تھے۔ ہر وقت اوراد و وظایف میں مشغول رہتے۔ ہزار دانہ کی تسبیح رکھتے۔ کلمہ طیبہ اور درود شریف کی منزل رکھتے۔ ہر رات کو سونے کے وقت شش کلمہ اور صفاتِ ایمان مجمل و مفصل پڑھ کر سوتے اور حاضرین کو فرماتے کہ میرے ایمان کے گواہ رہنا شاید میں صبح کو زندہ نہ اُٹھوں۔

زیارتِ نبوی چودھری احمد بخش بن صوبہ نمبردار ساہنپالیہ سے منقول ہے کہ آپ فرماتے تھے کہ ایک رات میں مسجد میں وظائف کر کے سو گیا۔ خواب میں دیکھا کہ تین سوار تشریف لائے۔ ایک حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تھے اور دُوسرے دُو سوار ہمراہ تھے۔ آنحضرتؐ نے میری طرف اشارہ کر کے فرمایا کہ "اِس شخص کی زیارت کرنی چاہیے۔" دوسرے نے عرض کیا قبلہ عالم! یہ شخص حقہ پیتا ہے۔ اسی اثنا میں میری آنکھ کھل گئی۔ اس کے بعد میں نے

Marfat.com

حقہ پینا ترک کر دیا۔

اخلاق و عادات آپ صاحبِ شریعت و طریقت، اور سالکِ راہِ حقیقت و معرفت تھے۔ علمِ ظاہر و باطن میں کمالیت رکھتے تھے۔ صوفی مزاج تھے۔ خوفِ الٰہی سے اکثر رویا کرتے۔ اگر کسی کو قرآن مجید پڑھتے سنتے تو زار زار روتے۔ نماز پنجگانہ باجماعت پڑھنے کی کوشش کرتے۔ عموماً نماز کی جماعت خود کروایا کرتے۔ بڑے خوش مزاج تھے۔

رقتِ قلب مولوی میراں بخش امام مسجد ساہن پال شریف سے روایت ہے کہ جب کبھی میاں دل محمدؒ پھالیہ والے آپ کی ملاقات کو آتے تو آپ ان کو فرمایا کرتے قرآن مجید سناؤ۔ وہ سورۂ یوسف سنایا کرتے۔ آپ سُن کر زار و قطار رویا کرتے۔

وجد آپ کو قرآن مجید سننے سے، اور ہانڈی پکنے کی آواز، اور چکی پھرنے کی آواز، اور کنواں چلنے کی آواز سے بھی وجد ہو جایا کرتا تھا۔

شعر خوانی آپ اکثر یہ قطعہ پڑھا کرتے:

اے کریمے کہ از خزانۂ غیب — گبر و ترسا وظیفہ خور داری
دوستاں را کجا کنی محروم — تو کہ با دشمناں نظر داری

حلیہ مبارک آپ شاہ قد، قوی ہیکل، طاقتور تھے، باوجودیکہ آپ کی عمر سو سال کے قریب تھی۔ اگر کسی جوان کو بازو سے پکڑ لیتے تو اس کی ہڈیاں کڑکڑاتی تھیں۔

مقامات

نوشاہی مرتبہ ایک مرتبہ سید عبداللہ شاہ درویش فقیر نوشاہی نے آپ کو بوجہ کبر سن کاندھوں پر اٹھایا ہوا تھا۔ اثنائے کلام میں اس کو پوچھا کہ تم کو کبھی حضرت نوشہ گنج بخشؒ کا دیدار بھی ہوا ہے یا نہیں۔ اس نے عرض کیا، کئی مرتبہ۔ آپ نے ازراہِ ادب فرمایا کہ پھر مجھ کو کاندھوں سے اتار دو۔ اُس نے اتار کر زمین پر بٹھا دیا۔ آپ نے دریافت کیا کہ تم کو کس طرح دیدار ہوا تھا۔ اس نے آپ کو ہاتھ لگا کر کہا کہ "بس یہی تو حضرت نوشہ صاحب ہیں۔" آپ اس کی عقیدت مندی دیکھ کر بڑے خوش ہوئے اور اس کے حق میں دعائے خیر کی۔

Marfat.com

کرامات

آپ مستجاب الدعوات ،صاحبِ کرامت تھے۔

فتحمندی کی دعا

چوہدری امیر بن عزت بخش تارڑ سانپالیہ بیان کرتا تھا کہ ایک مرتبہ آپ نمازِ فجر ادا کر کے ابھی مصلے پر بیٹھے تھے کہ محکم بن عالم تارڑ ساکن اگر دیہ آگیا اور خدمت میں عرض کیا کہ میرے شریک بھائیوں نے مجھے بہت تنگ کیا ہُوا ہے اور میں کمزور ہوں۔ وہ طاقتور ہیں۔ آپ نے اپنے مصلے سے ایک تنکا پکڑ کر اس کی طرف کیا کہ لو کھا لو۔ میں بھی پاس بیٹھا تھا۔ وہ تنکا میں نے پکڑ کر اپنے منہ میں ڈال لیا اور کھا گیا۔ آپ نے پُوچھا: یہ کیا۔ میں نے عرض کیا کہ میرے بھی دشمن کافی ہیں۔ مجھے بھی اس چیز کی ضرورت تھی۔ آپ نے دعا فرمائی کہ دُنیا میں تا زندگی تیری عزت روز بروز زیادہ ہوتی جائے گی اور کوئی شخص تیرا پَر وہ نہ پھاڑ سکے گا۔ تیرا لنگ رہے گا۔ چنانچہ اُس روز سے میں ہمیشہ دشمنوں پر فتح یاب ہوتا ہوں۔

ف: ہم نے دیکھا ہے کہ کئی مرتبہ چوہدری امیر تارڑ پر دشمنوں نے حملہ کیا اور کئی مرتبہ آپس میں ان کی لڑائیاں ہوئیں۔ ہر بار خدا کے فضل سے اسی کو فتح ہوا کرتی تھی اور سارے گاؤں میں اس کو حق تعالیٰ نے سرداری دی ہوئی تھی۔

کنویں سے پانی کا جوش مارنا

موضع کرلیانوالہ کے زمینداروں نے کنواں کھودا۔ بہت گہرا لے گئے مگر نیچے سے پانی نہ آیا۔ آخر وہ مایوس ہو گئے۔ اتفاقاً آپ ایک دن وہاں تشریف لے گئے اور اپنے ہاتھ مبارک سے ایک اینٹ اُوپر سے کنویں میں پھینکی۔ اسی وقت پانی جوش مار کر زمین سے نکل آیا۔ پھر کبھی پانی کم نہ ہوا۔

اولاد پیدا ہونے کی دعائیں

آپ کی دعائے باصفا سے کئی بے اولادوں کو اولادیں ہوئیں۔

۱۔ میاں محمود لوہار چنڈالوی سے منقول ہے کہ میرے دادا میاں کرم دین کے ہاں اولاد نہیں ہوتی تھی۔ ایک مرتبہ آپ موضع چنڈالہ میں قوم گوجر کسانہ کے گھر تشریف لائے۔ میرے دادا نے عرض کی۔ آپ نے دُعا فرمائی اور تعویذ بھی دے دیا۔ تو میرا والد میاں محمد پیدا ہوا۔

Marfat.com

اُس روز سے میرے دادا نے آپ کا ڈیرہ اپنے گھر کروا دیا۔ جب کبھی تشریف لاتے تو اسی گھر رونق افروز ہوتے۔

۲۔ میاں محمود مذکور سے منقول ہے کہ قاذو گوجر چنڈالوی کے ہاں اولاد نہیں ہوتی تھی اس نے آپ کے آگے عرض کیا تو آپ نے دُعا فرمائی۔ اس کا بیٹا فضلا نام پیدا ہوا۔

۳۔ موضع نور پور چاہلاں میں محمد یار موچی کے ہاں اولاد نہیں تھی۔ اس کی والدہ نے التماس کی۔ آپ نے دعائے خیر فرمائی تو خدا تعالیٰ نے اس کو لڑکا عطا فرمایا۔

فیض سلب کرنا

سائیں غلام فقیر سے منقول ہے کہ میرا چچا کریم بخش موچی ساکن اگرویہ آپ کا مرید ہوا۔ آپ نے اس کو وظایفِ نوشاہیہ کی اجازت عطا فرمائی اس کو بہت فیض حاصل ہوا۔ غیبی باتوں کا اظہار اور مشاہدات کا انکشاف کرنے لگا۔ آپ نے اس کو افشائے راز سے منع کیا مگر وہ رہ نہ سکا۔ آخر آپ نے اس کا تمام فیض سلب کر لیا۔

مخالفوں کا سزا پانا

چوہدری تاجہ بن حسن تارڑ ساکن اگرویہ سے منقول ہے کہ پسران عبداللہ تارڑ آپ کے مرید تھے۔ لیکن بدبختی کے باعث وہ آپ سے منحرف ہو گئے۔ امرِ خدا ایسا ہوا کہ ان کی گائے بھینس شیر دار کافی تھیں لیکن گھی نکلنا قطعاً بند ہو گیا۔ آخر انھوں نے توبہ کی اور معافی مانگی اور ارادت میں پختہ ہو گئے۔

وفات کے بعد کرامات

وفات کے بعد ذکر کرنا

جب آپ کی وفات ہوئی تو مستورات آپ کی نعش پاک کے پاس بیٹھی تھیں۔ دیکھا تو آپ کی زبان جنبش کر رہی ہے۔ کان لگا کر سنا تو آپ ذکرِ حق فرما رہے تھے اور زبان پر ذکرِ الٰہی جاری تھا۔ سب حاضرین نے بگوش ظاہر سنا۔

جسم پاک کا مکہ مکرمہ میں چلا جانا

دفن کرنے کے بعد آپ کی قبر میں سوراخ ہو گیا۔ روزانہ بند کیا جاتا۔ مگر پھر ہو جاتا۔ آخر خیال کیا گیا کہ آپ کو دنیا کی ہوا اچھی لگتی ہے۔ بعض بزرگوں نے فرمایا کہ آپ کا جسم پاک مکہ مکرمہ کے قبرستان جنت المعلیٰ میں منتقل کیا گیا ہے۔

Marfat.com

مکتوبات

آپ کے بعض مکاتیب دستیاب ہوئے ہیں جو تحریر کیے جاتے ہیں۔

مکتوب اول یہ مکتوب آپ نے اپنے والد بزرگوار سید خدا بخش ؒ کے نام لکھا تھا۔

" ایزدِ متعال ذات عدیم المثال آں قبلہ ذوالمکرم والافضال را تا دیر گاہ برمفارق بہ گستر دارد۔ فدویت گزین فقیر قدم الدین آداب کورنشات بندگی کہ سعادتِ دارین در پردۂ آں منزوی ست بجا آوردہ خود را فرایاد ضمیر کہ آئینہ جہاں نمائے کفایت ازان ست میدہد۔ احوال ایں جائے بفضلِ الٰہی کما ہی بخیر ست وخیریت مزاج وہاج از جناب ایزدِ متعال فی الغدو والآصال مطلوب دارد۔"

مکتوب دوم یہ بھی والد بزرگوار کے نام لکھا تھا۔

" اللہ تعالیٰ آں صاحب مرشد راہ نمائے حقیقت ومجاز را ہموارہ برجادہ ہدایت مدام مستدام دارد فدوی خاکسار عقیدت آگین فقیر قدم الدین الف قامتِ خود را نون ساختہ بحاشیہ قدم بوسان آستانِ فیض نشان عرض میدارد۔ احوال فقیر بفضل قادر قدیر تا حال تحریر بخیر ست وصحت سلامتی ذات مصدرِ فیوضات از درگاہِ قاضی الحاجات مسالت میدارد۔"

مکتوب سوم یہ مکتوب اپنے عم بزرگ حضرت سید حافظ الٰہی بخش مظہر حق ؒ کے نام لکھا۔

" اودرم صاحب مہربان منبع الجود والاحسان حضرت اودرم صاحب جیو۔ فقیر قدم الدین مراسم کورنشات وتسلیمات بجا آوردہ معروض میدارد۔ مجاری احوال ایں حدود بفضل رب المعبود بنہج بہبود گذران ست وسلامتی ذاتِ عالی درجات شب و روز ازدرگاہِ بخشندہ مرادات خواستہ مے آید۔"

مکتوب چہارم یہ مکتوب اپنے پھوپھی زاد بھائی سید غلام قادر بن سید عبداللہ ؒ کے نام لکھا۔

" اخوان صاحب عطوفت نشان۔ مشکل کشائے نیازمندان حضرت اخویم صاحب غلام قادر جیو۔ از مشتاق اللقائے فقیر قدم الدین بعد تقدیم مراسم تسلیمات نیازمندی

Marfat.com

کہ طریقہ فدویان ست مشہود ضمیر منیر فیض تخمیر سخنجل نظیر میگرداند۔ مجاری حالات ایں فدویت سمات بہر طوریکہ میگذرد موجب شکر ایزدی ست و تندرستی آں مقصی المرام خاص و عوام از درگاہ ملک العلام علی الدوام مطلوب۔"

آپ کا نکاح سیدہ حیات بی بی بنت سید فتح الدین بن سید خدا بخش برخورداریؒ سے تھا۔

اولاد ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔

آپ کے دو بیٹے تھے: ۱۔ سید غلام علیؒ ۲۔ سید غلام احمدؒ

آپ کی ایک بیٹی تھی سیدہ عمر بی بیؒ منکوحہ سید غلام حسین بن سید نور احمد چنبھلیؒ۔

یارانِ طریقت آپ سے بہت لوگ فیضیاب ہوئے۔

۱۔ سید شاہ نواز بن سید فضل الدین برخورداریؒ	بڑجن	ضلع	میرپور
۲۔ سائیں فضل علی بن سائیں بھرپور شاہ فقیر	دِلّو		گجرات
۳۔ سائیں سلطان علی بن سائیں فضل علی فقیر	〃		〃
۴۔ سائیں مردان علی بن سائیں فضل علی فقیر	〃		〃
۵۔ میاں محمد بن کرم دین لوہار	چنڈالہ، گجرات		
۶۔ فضلا بن قادو گوجر	〃	〃	
۷۔ سکندر بن موجدین تارڑ	اگرویہ	〃	
۸۔ امیر بن موج الدین تارڑ	〃	〃	
۹۔ قادر بن عظیم تارڑ	〃	〃	
۱۰۔ گھنا بن عظیم تارڑ	〃	〃	
۱۱۔ تاجہ بن حسن تارڑ	〃	〃	
۱۲۔ ماہلا بن سید تارڑ متوفی ۱۴ رجب ۱۳۵۲ھ	مدفون رائکے	اگرویہ	گجرات
۱۳۔ فضلا بن سید تارڑ	〃	〃	
۱۴۔ قطب بن سید تارڑ	اگرویہ		گجرات
۱۵۔ مہرا بن غلام تارڑ	〃	〃	
۱۶۔ مولو بن غلام تارڑ	〃	〃	
۱۷۔ مہرا بن ذوالفقار تارڑ	〃	〃	
۱۸۔ ساہنا بن شرفدین تارڑ	〃	〃	
۱۹۔ لہنا تارڑ	〃	〃	
۲۰۔ گھنا تارڑ	〃	〃	
۲۱۔ کریم بخش موچی	〃	〃	
۲۲۔ راجہ بن حسن تارڑ	اگرویہ	بھڑی چیڑھ	〃
۲۳۔ محمد یار موچی	نورپور چاہلاں		〃

تبرکات آپ کی تسبیح ہزار دانہ، اور کپڑے موضع سے گھر میں موجود ہیں۔ مجھے یہ اپنے نانا صاحب

Marfat.com

حضرت سید غلام علیؒ کے دولت خانہ سے ملے۔

تاریخ وفات سید قدم الدین کی وفات بروز اتوار ۲۱ جمادی الاولیٰ ۱۳۶۵ھ مطابق انتیسویں پوہ سمت ۱۹۴۶ب میں ہوئی۔ قبر رسولنگر نوشاہیہ میں ہے۔

مادہ ہائے تاریخ:

۱۔ شیخ قدم الدین نجم دین ۲۔ مشمولِ فیض ۳۔ سنت علی ستاب

سید پیر بخش رسولنگریؒ

آپ حضرت سید فتح محمد بن سید ضیاء اللہ برخورداری رسولنگریؒ کے کلوتے بیٹے تھے۔ والدہ کا نام سیدہ صلاح بی بی تھا جو حضرت سید حافظ نور الدین قدس سرہ کی پوتی تھیں۔

آپ بچپن میں ہی وفات پا گئے۔ **وفات** ۱۱۳۵ھ۔

سید بہاء الدین رسولنگریؒ

آپ سید محمد بخش بن سید ضیاء اللہ برخورداری رسولنگریؒ کے فرزند اکبر تھے۔ بیعت طریقت اپنے عم بزرگ حضرت سید فتح محمد رسولنگریؒ سے تھی۔ (مناقبات نوشاہیہ)

آپ جوانی میں لاولد فوت ہوئے۔ **وفات** ۱۱۵۳ھ۔

سید عمر بخش رسولنگریؒ

آپ امام العاشقین، قطب العارفین، سرورِ مقبولانِ الٰہی، خلاصۂ خاندانِ نوشاہی، صاحبِ حسنِ خلق و وجد و سماع، اہلِ طریقت و حقیقت تھے۔ آپ سید محمد بخش بن سید ضیاء اللہ برخورداری رسولنگریؒ کے فرزند اصغر تھے۔ خرقۂ خلافت و اجازت اپنے عم بزرگ حضرت سید فتح محمد بن ضیاء اللہؒ سے حاصل کیا۔

تاریخِ ولادت آپ کی ولادت باسعادت تاریخ بیسویں ذی الحجہ ۱۱۲۶ھ میں بمقام رسولنگر ضلع گوجرانوالہ میں ہوئی۔ مادۂ تاریخ، ضوفشاں۔

Marfat.com

تعلیم آپ نے فارسی علم ادب وفقہ وتصوّف کی تعلیم پائی۔
کتب خوانی کا ملکہ حاصل ہوا۔

اوراد واذکار آپ کو تصورِ شیخ، اور شغل پاس انفاس کا ہر دم اشتغال تھا۔ سوتے جاگتے، چلتے پھرتے، کلام کرتے۔ خاموشی۔ ہر ایک حالت میں ذکر قلبی اور ذکر رُوحی جاری تھا۔

مطالعہ کتب آپ کتب تصوّف کا اکثر مطالعہ رکھتے۔ مثنوی مولانا رومؒ، دیوانِ حافظ، دیوانِ راجہ، مکتوبات یحییٰ منیریؒ، الہامات غوثیہ وغیرہ زیرِ نظر رہتیں۔ سیّد بُلّھے شاہ قصوریؒ، سلطان باہُو قادریؒ، سیّد بھیکھ چشتیؒ، شیخ بہلولؒ، شیخ عطارؒ کی تصانیف کو اکثر پسند فرماتے۔

تقویٰ وپاکبازی میاں غلام محمد موچی ساہن پالویؒ سے منقول ہے کہ ایک مرتبہ آپ کو والد بزرگوار سیّد محمد بخشؒ نے موضع چاہڑکی بھیجا کہ وہاں اپنی زمین میں کنواں لگوائیں۔ آپ نے کنواں لگوایا۔ وہاں ایک عورت آپ پر عاشق ہوگئی۔ وہ اپنی حاجت طلب کرتی۔ آپ اس کو "بھین جی" کہہ دیتے۔ اور اس سے پورا پورا اجتناب رکھتے۔ آخر آپ کو والد صاحب نے واپس رسلنگر بلا لیا اور فرمایا: بیٹا! کبھی چاہڑکی نہ جانا۔ چنانچہ آپ تادمِ آخر کبھی وہاں نہ گئے۔ وہاں کے لوگوں نے بڑا چارہ لگایا کہ آپ وہاں چلیں۔ مگر آپ والد صاحب کے حکم کے مطابق وہاں نہ گئے۔

حلیہ اقدس آپ کا قد لمبا، جسم بھارا، بینی بلند، سر کے بال گھنگریالے، اور کانوں کی لو تک، داڑھی پُرانبوہ، اس کو وسمہ لگاتے تھے۔

لباس آپ کا لباس سادہ ہوتا تھا۔ دستار سبز رکھتے۔ دوپٹہ بادامی رنگ یا کیسری رنگ ہوتا تھا۔ بعض لوگ آپ کو "باوا جی کیسر یا نوالہ" کہا کرتے۔

کرامات

تاثیرِ نگاہ آپ نہایت گرم تاثیر تھے۔ وجد وحال کا ہو جانا آپ کی نظر اکسیر کا ادنیٰ کرشمہ تھا۔

Marfat.com

آپ جس کو بیعت کرتے اس پر ایسی توجہ کرتے کہ اس کو وجد ہو جاتا۔ پھر اس کو درخت پر نشان کر دیتے۔[1]

سلوک طے کروانا سید فضل حق بن سید مکھن شاہؒ لاہوری سے منقول ہے کہ آپ فرمایا کرتے تھے کہ جو شخص طالبِ حق چالیس روز تک ہمارے پاس رہے، اس کو ذکر شغل کے سب طریقے سمجھا کر مراتبِ سلوک طے کروا دیتے ہیں اور طالب جلدی ہی منزل مقصود کو پہنچ جاتا ہے۔

ذکر قلب جاری کرانا سید فضل حق لاہوریؒ سے منقول ہے کہ ایک مرتبہ ہمارے والد بزرگوار حضرت سید مکھن شاہؒ نے آپ کی خدمت میں عرض کیا کہ فلاں بافندہ اور فلاں زرگر کا لطیفہ قلب جاری ہے اور ہر وقت ذکر ھُو مسموع ہوتا ہے۔ آپ نے توجہ فرمائی تو ان کا قلب بھی ذاکر ہو گیا جو تا دمِ اخیر جاری رہا۔

کعبہ شریف کی زیارت کرانا مسمی حاکم تارڑ ساکن مانگہ نے ایک روز خدمت میں عرض کیا کہ مجھ کو زیارتِ کعبہ شریف کا اشتیاق ہے۔ آپ نے فرمایا: رسول نگر آنا۔ وہ حاضر ہوا اور کچھ عرصہ تک آپ کی گھوڑی کو گھاس ڈالتا رہا۔ ایک دن آپ نے فرمایا: ہمارے مکان کے چھجہ کی طرف دیکھ۔ اس نے دیکھا تو کعبہ شریف نظر آ گیا۔

سورج کا توقف کرنا منقول ہے کہ آپ نے ایک دفعہ رسول نگر میں مکانات تعمیر کروائے۔ عصر کے وقت معماروں نے کام چھوڑ دیا کہ اب وقت تنگ ہے، کل کام ختم کر دیں گے۔ آپ نے فرمایا: تم کام شروع رکھو آج ہی ختم ہو جائے گا۔ آپ سیڑھیوں کا رستہ پکڑ کر کھڑے ہو گئے۔ جب تک معمار کام کرتے رہے عصر کا وقت ہی معلوم ہوتا تھا۔ جب کام ختم ہو گیا تو آپ نے رستہ چھوڑ دیا۔ اسی وقت سورج غروب ہو گیا۔

ایک قاتل کو رہا کروانا آپ کے بیٹے سید حسن عالم المعروف سائیں کوٹھے والا سے منقول ہے کہ غلام تارڑ ساکن مانگہ نے موضع اگرویہ کا ایک آدمی قتل کر دیا اور

---

[1] نوشاہی فقیروں کی اصطلاح میں نشان کرنا سے مراد اُلٹا لٹکانا ہے۔ شرافت

Marfat.com

خود گرفتار ہوگیا۔ اس کے متعلقین نے مقتول کے وارثوں کو کہا کہ قاتل کی تمام جائداد لے لو اور مقدمہ کا راضی نامہ دے دو۔ انھوں نے نہ مانا۔ آخر قاتل کے والد نے آپ کی خدمت میں التجا کی۔ آپ نے دعائے خیر فرمائی۔ آپ رات کو خواب میں غلام مذکور کو جیل خانہ میں ملے اور فرمایا تیری قید بیس سال ہے۔ اس نے عرض کیا: یہ زیادہ ہے۔ آپ نے فرمایا: دس سال۔ آخر بتقاضائے تمام آپ نے فرمایا: تم کو ایک مہینہ قید ہوگی۔ چنانچہ صبح افسر کے پیش ہوئے تو اس نے ایک مہینہ قید سنائی۔

دنیا سے آخرت کو منتقل کرنا

منقول ہے کہ آپ ایک دن سا ہنپال میں تشریف لائے آپ کے خواہرزادہ سید حافظ اکبر علی بن سید محمد شفیع برخورداری نے عرض کیا: ماموں صاحب! میں نابینا و مفلوج ہوں۔ اب تک میری والدہ صاحبہ میری حفاظت کرتی تھیں۔ اب وہ ضعیف ہو چکی ہیں۔ اب میں چاہتا ہوں کہ دار البقا کو چلا جاؤں۔ آپ نے فرمایا: اچھا اسی طرح ہوگا۔ چنانچہ آپ اگروہہ میں تشریف لے گئے۔ حافظ صاحب اسی وقت بیمار ہوگئے اور آٹھ پہر کے بعد جان بحق تسلیم کی اور جنت الفردوس کو چل بسے۔

نوشہرہ میانہ کا دریا برد ہونا

آپ کے بیٹے سید حسن عالم سے منقول ہے کہ آپ بمعہ درویشاں ایک مرتبہ عرس نوشہرہ شریف پر گئے۔ اس وقت میاں میراں بخش بن سلطان بالا سجادہ نشین درگاہ سچیاریہ تھے۔ آپ نے سیدا تارڑ اگروہہ والے کو بھنڈارہ لینے کے واسطے بھیجا۔ میاں صاحب نوشہروی نے حقارت آمیز لہجہ میں کہا کہ نئے نئے صاحبزادے آتے ہیں ہم کو کیا خبر کہ یہ کون ہیں! سیدا نے یہ ساری گفتگو آپ کی خدمت میں عرض کی۔ آپ نے اسی وقت وہاں سے کوچ کا حکم دے دیا اور چلے آئے۔ تھوڑے ہی دن گزرے تھے کہ دریائے چناب نے نوشہرہ میانہ کو دریا برد کر دیا اور حضرت سچیار صاحبؒ کا روضہ اور قبرستان بھی منہدم ہوگیا۔ رات کا وقت تھا، مکانات متواتر گر رہے تھے۔ لوگوں نے دیکھا کہ آپ رومال ہاتھ میں پکڑے ہوئے دریا کے کنارہ پر پھر رہے ہیں اور زبان سے یہ فرما رہے ہیں: "نوشہ کے نام کا لحاظ ہے ورنہ قیامت تک اُن کا کوئی نام نہ لے۔" چنانچہ سارا گاؤں برد ہوگیا۔ پھر عدالت گڑھ کے پاس بنیاد رکھی گئی۔

ف: نوشہرہ میانہ کے دریا برد ہونے کا واقعہ ۱۲۱۱ھ میں پیش آیا۔

Marfat.com

شیخ غلام حسن سے مقابلہ

سید حسن عالمؒ سے منقول ہے کہ ایک مرتبہ شیخ غلام حسن بن شیخ بڈھارؒ سجادہ نشین بھلوال شریف کا کسی امر کے متعلق ساداتِ نوشاہیہ ہاشمیہ رملویہ سے تنازع ہوگیا۔ انھوں نے اپنے مرید مولوی الٰہی بخش شاعرِ گنڈلوی کو کہہ کر نوشاہیوں کی ہجو نظم کروائی۔ اتفاقاً شیخ صاحب رَن مل میں آئے۔ آپ مع چند مریدوں کے ان کی ملاقات کو گئے۔ اثنائے کلام میں انھوں نے مولوی صاحب کو کہا کہ ذرا وہ اپنے اشعار اِن کو بھی سناؤ۔ مولوی صاحب نے وہ ہجو سنائی۔ شیخ صاحب کو خیال تھا کہ یہ اپنے فریقِ ثانی کی ہجو سن کر خوش ہوں گے۔ لیکن بخلاف زعم ان کے آپ کی رگِ غیرت جنبش میں آئی۔ اور پُرجوش لہجہ میں فرمایا، شیخ جی! تم نے میراثیوں والا کام کیا ہے۔ آؤ تم سخی بنو۔ اور میں نوشہ بنتا ہوں۔ اور آپس میں بٹ لیں گے۔ شیخ صاحب آپ کے غیظ و غضب کی تاب نہ لا سکے۔ فوراً ہاتھ باندھ کر کھڑے ہوگئے اور معافی چاہی۔ اسی وقت وہ ہجو والا کاغذ پھاڑ دیا۔ اور مولوی صاحب کو کہا کہ اس کے کفارہ میں حضراتِ نوشاہیہ کی مدح لکھو۔ چنانچہ اُنھوں نے اُسی وقت یہ شجرہ شریف پنجابی مخمس تیار کیا جس کا ہر پانچواں مصرع یہ ہے:

برکت پیراں نوشاہیاں دی شوق شراب پلا دے

وفات کے بعد کرامت

خواب میں وجد کروانا

سید واصل حق بن سید مکھن شاہ لاہوریؒ سے منقول ہے کہ ایک رات خواب میں مجھ کو آپ کی زیارت ہوئی تو مجھ کو دیدار کرتے ہی وجد طاری ہوگیا اور ھُو ھُو کرنے لگا۔ اہلِ خانہ نے مجھ کو بیدار کر دیا کہ یہ کیا حالت ہے!

تصنیفات

آپ کو تصنیف و تالیف کا بھی شوق تھا۔ ہر وقت کچھ نہ کچھ تحریر کرتے رہتے۔ متعدد تصانیف آپ کی یادگار باقی ہیں۔

۱۔ دیوان فارسی یہ غزلیات کا مجموعہ ہے۔ دیوان کا پہلا شعر یہ ہے۔

Marfat.com

الا اے یار یاور شوکر تا قسربان کنم خود را
بجز تو نیستم فاعل کہ چوں قسربان کنم خود را

۲۔ آب حیاتی تصنیف ۱۲۷۶ھ ۔ یہ پنجابی نظم ہے۔ رموز تصوف کا بیان ہے۔ اس کا شروع اس طرح پر ہے ؎

ظاہر باطن سچ خدا ہر بندے تھیں نہیں جدا
کوئی شے نہیں اُس تھیں خالی اوہو بخشنہار ادالی
نور اپنے تھیں پاک رسول کیتوس پیدا کر مقبول
پنج تن پاک تے اہلِ بیت دل تھیں منیں ہو سو چیت

۳۔ رد الخلاف یہ پنجابی نظم ہے اس میں امر و نہی کا بیان ہے۔ ابتدا اس طرح پر ہے۔

؎

صفت ثنا خدائیدی جیسندا نام غفار بہت درود رسول نوں جو نبیاں دا سردار
پختن پاک تے حرماں حضرت آل نالے اولاد سب اصحاب چونہ یاراں تائیں سب پیغمبر شاد
چار پیر چودان خنوائے باراں امام معصوم سب کو ختم درود بھیج رباتوں معلوم
چار امام جو مذہب سنئے سبھناں بھیج درود جے کو پیر فقیر ہے دم دم رب سجود

۴۔ مغز القرآن یہ تصوف میں ہے۔

۵۔ بخشش گدا یہ فارسی نثر ہے۔ تصوف کے رموز و اشارات میں ہے بزرگانِ طریقت کا موحدانہ کلام اس میں درج ہے۔

۶۔ مناقبات نوشاہیہ یہ پنجابی نظم ہے۔ ضخامت اچھی ہے۔ اس میں حضرت نوشہ صاحبؒ اور ان کے خاندان کے حالات ہیں۔

اس کے علاوہ آپ نے کئی کافیاں، دوہڑے، شجرے، سی حرفیاں نظم کی ہیں۔ آپکا کلام سوائے آب حیاتی اور رد الخلاف کے سب غیر مطبوعہ ہے۔ یہاں آپ کا ایک وحدت نامہ درج کیا جاتا ہے۔

۷۔ وحدت نامہ اس نام کی کئی نظمیں لکھی ہیں، ایک یہ ہے ؎

Marfat.com

احد احمد وچ فرق نہ کوئی کی جانن نفسانی رے — ایہ نکتہ سانوں پیر پڑھایا روشن دوہیں جہانی رے
حضرت فتح محمد سائیں ظاہر قطب ربانی رے — باہجو تساں نہ میرا کوئی واقف دل دا جانی رے
انا احمد لا میم جو کہیا حضرت آپ زبانی رے — احمد وچوں میم نکالو مشکل تھیں آسانی رے
احد احمد توں دو سنجھاتن ایہو کم شیطانی رے — جے ملاں سانوں دوڈ کر دیسیں بھٹھ پلی مسلمانی رے
برقع ایہ محمدی بنیا ظاہر تن انسانی رے — اس برقعے وچ ہور نہ کوئی باہجوں رب رحمانی رے
لم یلد ولم یولد آیا حکم قرآنی رے — یعنی ظاہر کیا میں اپنے تائیں ہور نہ کسے نشانی رے
آپے عرش تے آپے کرسی آپے لوح تے کانی رے — چوواں طبق بھی آپے تارے سورج چن اسمانی رے
جنت دوزخ حوراں نہراں آپے ہی ملکانی رے — آپ نیارا ہر شے وچوں ہر جا آپ مکانی رے
آپے آدم آپے حوا آپے نوح طوفانی رے — آپے قایم آپے دایم آپے دنیا فانی رے
آپے یوسف مصر زلیخا آپے شاہ کنعانی رے — آپے مومن آپے کافر آپ مقیم سیلانی رے
آپے احمد نام دھرایا آپے پیر جیلانی رے — آپے نوشہ صاحب ہادی طالب شاہ سلیمانی رے

شاہنشاہ دا پلنھ نیارا ہر جا لامکانی رے
صفتاں دا کجھ اوڑک نائیں بس کرایہ کہانی رے

آپ کی تمام عمر نوشاہی خاندان کی خدمت میں گزری۔ آپ نے اس خاندانِ عالی شان کے متعلق بہت کچھ تاریخی تحریری سرمایہ چھوڑا۔ بزرگوں کی تاریخہائے ولادت و وفات، اور شجرے نسب، اور ضروری یادداشتیں متفرق کاغذوں پر، بیاضوں پر، یا بعض قلمی کتابوں کے حاشیوں پر لکھتے رہے۔ کتب ذیل بھی آپ کی تصنیف ہیں۔

۸۔ **تلقین نوشاہی** اس میں حضرت نوشاہِ عالی جاہ کی مفصل سوانح حیات پنجابی میں نظم کی ہے جو یکم رمضان ۱۲۹۶ھ کو شروع کی اور چار سال ایک ماہ میں ۱۲ رمضان ۱۳۰۰ھ میں ختم کی۔ اس کے کل اوراق ۱۴۰ ہیں اور سطور فی صفحہ ۱۲ ہیں۔

۹۔ انصاف نامہ۔ پنجابی منظوم۔

۱۰۔ مختار نامہ۔ یہ بھی پنجابی شعروں میں ہے۔

۱۱۔ قصہ حکیم بوقت بایزید۔ اس میں حضرت بایزید بسطامیؒ کے وقت کے ایک حکیم کا واقعہ

Marfat.com

نظم کیا ہے۔

۱۲۔ بیڑو گھوڑی کی شادی کا واقعہ پنجابی میں نظم کیا ہے جو علاقہ ساندربار میں بمقام متیکے ہوئی تھی۔

اس میں حضرت نوشہ صاحبؒ کے فرزند اکبر حضرت سید حافظ برخوردار بحر العشقؒ

ملفوظات

آپ کا کلام مشربِ توحید کے متعلق ہوتا تھا۔

ملفوظ۔ آپ کے خواہرزادہ سید شیر علی بن سید محمد شفیع ساہنپالویؒ سے منقول ہے کہ ایک آدمی نے آپ سے سوال کیا: توحید کیا ہے؟ اس وقت آپ کے قریب دو ترکھان لکڑی چیر رہے تھے۔ آپ نے فرمایا دیکھو:

۱۔ انسان کا جسم اسم اللہ کا مظہر ہے۔ دو بازو اور ایک جسم مل کر اسم اللہ کی شکل ہوئے۔

۲۔ ہاتھوں کے پنجے بھی اسم اللہ کی شکل ہیں۔

۳۔ یہ دونوں ترکھان آس پاس اور درمیان کھڑی ہوئی لکڑی بھی اسم اللہ کی شکل ہے۔

۴۔ آرہ کے دندانے بھی اسم اللہ کی شکل ہیں۔

۵۔ اڈا، جس میں لکڑی پھنسا کر چیرتے ہیں یہ بھی اسم اللہ کی شکل ہے۔

غرضیکہ ہر ایک چیز میں جلوہ توحید ہے اور تمام اشیاء مظہر حق ہیں۔

ملفوظ۔ سید واصل حق لاہوریؒ سے منقول ہے کہ آپ نے میرے والد بزرگوار حضرت سید مکھن شاہؒ کو نصیحت فرمائی کہ خودی، تکبر اور ریا سے پرہیز رکھنا۔

ملفوظ۔ آپ نے ایک شعر میں فرمایا ہے کہ جسمِ انسان محمد کے اسم شریف کی شکل پر ہے۔

سر میم ہے موہڈے حے دو جا میم ہے لک
پیر دال بنائے اللہ اسم محمد پک

آپ کا نکاح سیدہ مہتاب بی بی بنت سید نور احمد بن سید خدا بخش برخورداریؒ سے تھا۔ اولاد ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔

Marfat.com

آپ کے پانچ بیٹے تھے:

۱۔ سید شیر عالمؒ
۲۔ سید نور عالمؒ اگرویہ والے
۳۔ سید فضل عالمؒ
۴۔ سید حسن عالمؒ
۵۔ سید پیر عالمؒ

آپ کی دو بیٹیاں تھیں:

۱۔ سیدہ حیات بیگمؒ منکوحہ سید سلطان محمود بن سید غلام نبی برخورداریؒ ساکن دھیر کے خورد، ضلع گجرات۔
۲۔ سیدہ نور بیگمؒ منکوحہ سید رحیم اللہ بن سید قاسم علی برخورداری ساکن پانڈو کے، ضلع گوجرانوالہ۔

یارانِ طریقت آپ سے کافی مخلوق فیضیاب ہوئی۔ بعض خواص یاروں کے نام یہ ہیں:

۱۔ سید مکھن شاہ لاہوری بن سید حافظ الٰہی بخش برخورداریؒ	ساہنپال شریف	ضلع گجرات
۲۔ سید عارف حق بن سید مکھن شاہؒ	باغ گل بیگم	لاہور
۳۔ سید واصل حق بن سید مکھن شاہؒ	موچی دروازہ	〃
۴۔ سید غلام حسین بن سید نور احمدؒ	چنبل	شیخوپورہ
۵۔ سید شیر عالم بن سید عمر بخشؒ فرزند آنجناب	رسول نگر	گوجرانوالہ
۶۔ سید نور عالم بن سید عمر بخشؒ	اگرویہ	گجرات
۷۔ سید فضل عالم بن سید عمر بخشؒ	رسول نگر	گوجرانوالہ
۸۔ سید حسن عالم بن سید عمر بخشؒ	〃	〃
۹۔ سید پیر عالم بن سید عمر بخشؒ	〃	〃
۱۰۔ سید اقبال علی بن سید غلام محی الدین برخورداریؒ	ساہنپال شریف	گجرات
۱۱۔ سید حافظ اکبر علی بن سید محمد شفیعؒ خواہرزادہ آنجناب	〃	〃
۱۲۔ سید نواب علی مجذوب بن سید شیر عالم نبیرہ آنجناب	رسول نگر	گوجرانوالہ
۱۳۔ سید رحیم اللہ بن سید قاسم علیؒ داماد آنجناب	پانڈو کے	〃

Marfat.com

۱۴۔ سید کریم اللہ بن سید اقبال علیؒ — ساہنپال شریف — گجرات
۱۵۔ سید حسیب اللہ بن سید اقبال علیؒ — 〃 — 〃
۱۶۔ سید اللہ دتہ بن سید غلام محمد ہاشمی رملوی خواہرزادہ آنجناب — چک سواری — میرپور
۱۷۔ سید احمد الدین بن سید غلام محمد ہاشمی رن ملوی — 〃 — 〃
۱۸۔ سید چھجو شاہ بن سید حسین شاہ صالحیؒ — چک سادہ — گجرات
۱۹۔ میاں جیون شاہ قریشیؒ بن میاں کریم شاہ — بگہ بانیہ — 〃
۲۰۔ میاں عمر بخش المعروف سائیں داس شاعر — رسول نگر — گوجرانوالہ
۲۱۔ سائیں سُندر ترکھان — کوٹلی خانو — سیالکوٹ
۲۲۔ سائیں بوٹا فقیر — دھبولہ — گجرات
۲۳۔ سائیں گلاب شاہ خادم حضوری — رسول نگر — گوجرانوالہ
۲۴۔ بابا عالم تارڑ — اگرویہ — گجرات
۲۵۔ بابا حاجی تارڑ — 〃 — 〃
۲۶۔ حبیدا تارڑ — 〃 — 〃
۲۷۔ سیدا تارڑ — 〃 — 〃
۲۸۔ خواجہ بن شانا گوندل — 〃 — 〃
۲۹۔ چودھری کرم بخش ذیلدار قوم چٹھہ — ٹوبیں والہ — گوجرانوالہ
۳۰۔ بڈھا بن گوہر مراثی — 〃 — 〃

۳۱۔ میاں حسن ۳۲۔ میاں محمد ۳۳۔ میاں عمر ۳۴۔ میاں نور احمد شیخ ۳۵۔ میاں فیض ۳۶۔ میاں طالب ۳۷۔ میاں نور عالم ۳۸۔ سید محمد شاہ ۳۹۔ سید رنگ شاہ

۴۰۔ پیر سید شاہ (از تلقین نوشاہی)

۴۱۔ حکیم جے سنگھ شاعر شہر گوجرانوالہ

آپ کے مرید راسخ الاعتقاد حکیم جے سنگھ نے آپ کی تعریف میں ایک قصیدہ اور ایک مناقب لکھا ہے۔ وہو ہذا۔

Marfat.com

قصیدہ

بعد حمدِ ہادیِ مطلق پناہِ بے کساں ۔ ہے مناقب پاک مرشد کا میرا مقصودِ جاں
نام نامی ہے میرے مرشد کا سید عمر بخش ہو جنھوں کی مہر سے حاصل حیاتِ جاوداں
فخر ہے آدم کو ان سے مصطفٰے کو ناز ہے مرتضٰے ممتاز ہے اُن سے میاں کا ملاں
عالمِ بالا سے بالا اُن کے در کا ہے غبار ان کی رحمت سے ہو زمت دو جہاں کی تبشاں ۔
لیکے کیواں سے قمر تک اور ثوابت بے شمار کرتے ہیں طواف گرد آپ کے گھر کے عیاں
ہر دو عالم ان کے در پر ہیں کھڑے محتاج ہو ہیں ہمہ دل سے ثنا خواں آپ کے پیر و جواں
آپ تو کیا آپ کے جو ہیں غلامانِ غلام سرنگوں ہیں پیش ان کے عجز سے کرو بیاں
دو جہاں کی بادشاہت کو کرے کب وہ پسند ان کے در سے جو ہوا ہے ایک دن گدیا ستاں
طفل مکتب آپ کے ہیں حسن و رابعہ بایزید صد چو شیخ عطار و شبلی آپ سے ہیں درخواں
ایک سے تا سو تک مقاماتِ تصوف یک بیک ہوں مریدِ آپ کو دم میں میسر بے زباں
شرع سے تا معرفت ناسوت سے لاہوت تک رات دن ہیں مثلِ خادم ان کے در پر پاسباں
سر سے کرتے ہیں ہمیشہ آپ کے گھر کا طواف عرش و کرسی و ثوابت ہفت اختر آسماں
پاک ہیں وہ آپ کے در پر جو کُلی خاک ہیں خاک ہیں جو آپ کے در پر نہیں ہیں جانفشاں
کیمیا و سیمیا و ریمیا و ہیمیا پیش خادم ان کے ہیں بازیچۂ بازیگراں
نیست و نابود و بیخود لا ہے صادق آپ کا لامکاں ہو آپ کے خادم کا اول دم مکاں
ہو توجہ آپ سے بالِ مگس بالِ ہما خاک سے ہو لعل سگ سے ہو ولی اندر زماں
کون ہے جو ایک دم حاضر ہوا ان کے حضور اور نہیں واصل ہوا پھر با خدائے ذوالمناں
ہے ہلالِ عید کا محبوبِ عالم اِس لیے ہے نشانِ نعل گھوڑے آپ کا اس میں عیاں
خار راہِ آپ کے نوکِ مژہ سے دم بدم صاف کرتے ہیں ملک غلماں پری حورِ جناں
عقلِ اوّل تختۂ محفوظ کی باصد ادب مثلِ طفلاں ان کے مکتب میں الف با تا کناں
جو مشرف ہو چکا آدم زیارت آپ سے آگِ دوزخ سے نہیں جلتے کبھی پر اس کے جاں
آپ کی درگاہ میں حاضر ہوا جو ایک بار اس کے حق میں ہیں ملائک ہر زباں تحسیں کناں

Marfat.com

لے ازل سے تا ابد رمزِ نہان و سترِ غیب
یک بیک ہوں ان کے صادق کو بہ اوّل دم عیاں

خاک کوچہ آپ کی ہے سرمۂ چشمِ کمال
ہے منوّر دو جہاں میں جس سے چشمِ عارفاں

کون ہے انساں کرے تعریف جو ان کی تمام
تا قیامت کر نہیں سکتے ملائک بھی عیاں

ایک دن پوچھا کسی نے پیرِ گیلاں سے سوال
باادب ہو سرنگوں کاسے شاہِ شاہانِ جہاں

لے کے آدم سے مسیحا تک ہوئے ہیں جو نبی
کیوں مقامِ مصطفےٰ ہے سب سے عالی بیگماں

آدم و شیثِ مقدس حضرتِ ادریس و نوح
ہود و صالح خضر و ابراہیم و اسمٰعیل خواں

لوط و یعقوبِ معلّٰے یوسف و صابر کلیم
پاک داؤد و سلیماں یونس و عیسےٰ بداں

شعیا و الیاس ہم زرتشت و لقمان زکریا
ہے نہیں شانِ محمد کی برابر ان کے شاں

حرمِ کعبہ کو بھی ہے بیت المقدس پر شرف
اس لیے جو ہے محمد کا تولد اُس مکاں

کلمۂ لولاک بھی ہے شانِ احمد میں نزول
سیّد الکونین بھی اور خاتمِ پیغمبراں

قوم احمد کی بھی ہے دیندار و صالح حق شناس
عالم و فاضل محقق فلسفی و رازداں

قیس علیٰ ھٰذا تمہارا شان بھی ہے بس بلند
دو جہاں میں ہیں تمہارے اولیا زیرِ اماں

غوث و قطب و اہلِ دل مرتاض ابدال جملی
ہیں تمہارے رُو برو حاضر ہمیشہ چوں کہاں

بایزید و شبلی و عطار و رابعہ و حسن
حسن خرقانی اویس و شمس نورِ لامکاں

سری و داؤد و ابراہیم و صنعان و جنید
اور باقی اصفیا و اولیائے بے کراں

جبرئیل و میکائیل و اسرافیل و عزرائیل
رکھتے ہیں دایم تمہاری صفت کو وردِ زباں

ہیں تمہارے رو برو حاضر ہمیشہ با نیاز
ایک جوہر دو جہاں سہ روح چار ارکاں بداں

پنج حواس و شش جہت ہفت آسماں آٹھوں بہشت
نہ عرض دہ عقل گیارہ بارہ برج خواں

پیر جی نے کہہ دیا یہ سب بدولت عمر بخش
ہے چراغِ خاندانِ نوشۂ شاہِ شہاں

خاندانِ قادری اور دینِ احمد کے میاں
مثلِ گل در بوستاں مثلِ قمر بر آسماں

آپ کے ایجاد سے ہے خود قضا کو فخر و ناز
قدر ہے قنّاز ان سے درمیانِ سروراں

نام سُن سجدہ کیا سائل نے اور کہنے لگا
وہ جنابِ عمر بخشِ تاجدارِ دو جہاں

تاکہ ہوں ان کی عنایت سے دو عالم میں قبول
ان کے در پر کتریں جے سنگھ ہے مثلِ سگاں

Marfat.com

مناقب

ہے ہمتِ بلند اگر آسمان میں ہے عرش سر بلند اگر دو جہان میں
گر آبِ جاں عزیز ہے کون و مکان میں تیرے ہی لطف سے ہے سبھی عز و شان میں
عیسےٰ کو جب فلک نے کیا آسماں سوار دیکھا فلک کا سجدہ زمیں کو ہے بار بار
پوچھا فلک سے کس کو تیرا سجدہ آشکار بولا کہ عبدِ بخش کے کوچہ پہ ہوں نثار
تیری ہی ذات پاک سے ہے نورِ اولیا جبریل ترے کوچہ پہ ہے دل سے مبتلا
رکھتے ہیں تیرے سجدہ کو کونین سر جھکا باشندگانِ عرش ہیں تری خاک پر فدا
مہتاب اور شمس ہیں تیرے کوچہ کے چراغ آٹھوں بہشت تیری نظر سے ہیں باغ باغ
بدخواہ تیرے نام کا ہے سینہ داغ داغ فرِ ہما غضب سے تیرے شان بوم راغ
اوتاد و قطب و غوث و قلندر و اولیا کرتے ہیں ہر سحر کو ترے دل سے یہ دعا
اے پاک بے نیاز دو عالم کے خود خدا ہم کو بھی عبدِ بخش کے کوچہ کا راہ دکھا
ہر وقت جبرئیل ہے تیرے در پہ پاسباں طواف تیرے کوچہ کا ہے سرسے آسماں
تیری لبوں سے آبِ حیاتی کا ہے رواں نورِ فلک چمکتا ہے تیرے نور سے عیاں
خورشید کو بھی نور ہے تیرے ہی نور سے اہلِ فلک کو عیش ہے تیرے سرور سے
کونین کا ظہور ہے تیرے ظہور سے طوفانِ نوح کا جوش ہے تیرے تنور سے
تیری رضا سے کام قضا کا ہے سر بسر ہوتی ہے قدر تیری اشارت سے کارگر
عیسیٰ کے دم میں تیرے ہی دم سے یہ تھا اثر یوسف کو تیری مہر نے چاہ سے کیا بدر
اعجاز اور کرامت اور کشف کے مقام پیدا ہیں تیرے ایک اشارہ سے یہ تمام
حاضر ہیں تیرے در پہ دو کونین صبح و شام پیکِ قمر ہے آپ کی خدمت میں تیز گام
ذرہ ہے تیرے نور سے خورشید کا ظہور ملکانِ آسماں کے ہیں ساجد تیرے حضور
اک حرف تیرے لوح سے فرقان اور زبور جلوہ تیرے چراغ سے تھا نورِ کوہِ طور

Marfat.com

روزِ ازل خدا نے کیے جبکہ دو جہاں — آٹھوں بہشت و دوزخ و دنیا و آسماں
جن و پری و دیو و ملائک کے جسم و جاں — سجدہ تیرے کے واسطے ہوئے تھے سب بیاں
کونین کو بھی فخر ہے تیرے وجود سے — آدم ہوا خنیف تمہارے نمود سے
ہر وقت تم پہ عرض ہے چرخِ کبود سے — ہوا ہوں سربلند تمہارے سجود سے
محتاج تیرے در پہ جو آتے ہیں دلِ دو نیم — کرتا ہے بامراد انہیں قادرِ کریم
شایق ہے تیری عرض کا دل سے خدا رحیم — در پر ترے اجابت حق کی سدا مقیم
احمد کو کیوں نہ اپنی اُمت کا ناز ہو — اُمت میں اس کی آپ سا جو سرفراز ہو
آتا ہے تیرے آگے فلک بانیاز ہو — ظاہر ہے آگے آپ کے گر لاکھ راز ہو
جمشید کیقباد و سکندر کے عز و شاں — روزِ ازل سے تا بہ ابد لطفِ دو جہاں
خادم جو تیرے نام پہ ہوتا ہے جانفشاں — تیری نظر سے اس کو یہ حاصل ہے بیگماں
آتا ہے تیرے در پہ جو امیدوار ہو — بیٹھے اگر وہ دل سے تیرے پر نثار ہو
جاتا ہے تیری مہر سے اک سے ہزار ہو — تخت الثریٰ کو چھوڑ فلک پر سوار ہو
خود عقل کل بھی آپ کے در پر غلام ہے — ساجد تیرے حضور کا عالی مقام ہے
آٹھوں فلک کو آپ کے در پر سلام ہے — دو نو جہاں کا آپ کی رحمت سے کام ہے
ہرگز نہیں ہے ان کو کبھی دو جہاں میں ڈر — آیا جو ایک بار محبت سے تیرے در
بھیجا ہے خود خدا نے تجھے یہ قرار کر — طالب تیرا ہے دو نو جہاں میں بلا خطر
محتاج تیرے در پہ ہے عالم بصد نیاز — کیا ہے لطف تیرے نے گردوں کو سرفراز
تیرے مرید عرش کے میداں کے یکہ تاز — تیرا کرم ہے ہر دلِ خستہ کا دل نواز
میری بھی عرض مان لے اے شاہِ سربلند — بیٹھا ہوں تیرے کوچہ پہ مدت سے دردمند
رکھتا ہوں اپنے دل پہ دو کونین سے گزند — مرہم اپنے لطف سے رکھو گے تا بچند
بیٹھا ہوں تیرے کوچہ پہ مدت سے منتظر — بہرِ خدا کرم سے کرو میرے پہ نظر
ہوں دردمند بہت زلیخا کے طور پر — یوسف مراد میری کا چاہ غم سے باہر کر

Marfat.com

جے سنگھ تیرے لطف کا امیدوار ہے — مدت سے اس کو آپ کے در پہ قرار ہے
تیرے قدم کی خاک کا جاں سے نثار ہے — مثلِ زلیخا عمر سے وہ انتظار ہے[۱۴]

سید عمر بخش رح کی وفات بعمر چوہتر سال بروز یکشنبہ تیرھویں[۱۳] ربیع الاوّل
تاریخ وفات سنہ ۱۳۱۱ھ مطابق پندرھویں[۱۵] بھادوں سمت ۱۹۵۰ ب میں ہوئی۔ قبر گورستان نوشاہیہ میں ہے۔

قطعہ تاریخ

غرق ہو[۱۳۱۱]، در ذاتِ ہو شد الوداع — رہنمائے صوفیاں شد الوداع
در طریقت در حقیقت معرفت — پیشوائے بود کامل الوداع

مادۂ تاریخ: چراغ مسجد

---

[۱] مشہور یہی تاریخ ہے لیکن تقویم ہجری و عیسوی کی رُو سے قمری تاریخ کے نویں اسوج کی تاریخ تھی ۱۲ شرافت

Marfat.com

باب ہشتم

اس میں ان بزرگوں کے ذکر ہیں جو حضرت نوشہ صاحبؒ سے آٹھویں پشت ہیں۔

مولانا سید غلام قادرؒ

آپ اہلِ شریعت، حامیِ سنّت، ماحیِ بدعت، عالم بے مثال، زاہد باکمال۔ خدا تعالیٰ کے مقبول بندوں سے تھے۔ آپ سید عبداللہ بن سید خیراللہ برخورداری پانڈوکوئیؒ کے فرزند اکبر تھے۔ خرقۂ خلافت وارشاد اپنے حقیقی نانا صاحب حضرت سید حافظ نوراللہ فرشتہ صفات بن سید حافظ محمد حیات ربانیؒ سے پایا۔ آپ کی والدہ کا نام سیدہ بخت بھری بنت سید حافظ نوراللہؒ تھا۔

تاریخِ ولادت آپ کی ولادت ۱۲۰۳ھ میں بمقام پانڈو کے کلاں ضلع گوجرانوالہ میں ہوئی۔ آپ نے اس گاؤں کے متعلق فرمایا ہے:؎

جدی سی اوہ میرا تھاں پانڈو کے ہے اس داناں

مادہ ہائے تاریخ: (۱) آیت شریف یذکرون اللہ قیماً (۲) آفتابِ طریقت (۳) ارغب (۴) آپ اپنی تاریخ لفظ غربا سے ظاہر کیا کرتے۔

تحصیل علوم آپ ابتدا میں اپنے نانا صاحب حضرت سید حافظ نوراللہؒ سے پڑھتے رہے۔ قرآن مجید پڑھا۔ پھر فقہ وحدیث پر بھی عبور کیا۔ اس کے بعد جوکالیاں میں مولوی محمد مکرمؒ سے بھی علم حاصل کیا۔ منقول ہے کہ آپ کی والدہ ماجدہ جو ضعیفہ تھیں ایک دن جوکالیاں گئیں اور مولوی صاحب کو بدیں الفاظ آپ کے سپرد کیا اور علم پڑھانے کی تاکید فرمائی۔

"وے مکرما! میرے لڑکے نوں ہچھا پڑھائیں۔" چنانچہ واقعی انھوں نے آپ کی تعلیم میں بڑی محنت اور جانفشانی سے کام لیا۔

Marfat.com

کشفِ علوم اس کے بعد دلاور چیمہ ضلع گوجرانوالہ کے درس میں داخل ہوئے۔ فارسی علم و ادب کی کتابیں وہاں سے پڑھیں۔ سکندر نامہ پڑھتے تھے کہ ایک شعر کا مطلب استاد صاحب کو نہ آیا۔ آپ بھی مذبذب ہو گئے۔ رات کو خواب میں مولانا نظامی گنجویؒ مصنفِ سکندر نامہ کی زیارت ہوئی۔ انھوں نے آپ کو اس کا صحیح مطلب سمجھایا اور ترقی علم کی دعا فرمائی۔ چنانچہ اس کے بعد آپ پر علوم کے دروازے کھل گئے۔

علم ادب مولوی حافظ غلام مرتضےٰ دھریکویؒ سے منقول ہے کہ آپ کو فارسی علم ادب کی کتابیں کریما، نامِ حق، پندنامہ شیخ عطار، گلستاں، بوستاں، یوسف زلیخا جامی، سکندر نامہ، بہار دانش، دیوان حافظ سب نوکِ زبان حفظ تھیں۔

ادبی ذوق آپ کے ماموں زاد بھائی سید مکھن شاہ لاہوریؒ سے منقول ہے کہ ایک روز آپ اور ہمارے بڑے بھائی صاحب سید حافظ قُل احمد پاکذات نوشاہِ ثانیؒ دونوں صاحب بیٹھے ہوئے زلیخائے جامیؒ کا یہ شعر پڑھ رہے تھے اور اس کے ذوق سے جھوم رہے تھے۔ ؎

زلیخا از زلیخائی رمیدہ
وزیں صورت بمعنی آرمیدہ

علم انساب آپ علمِ انساب میں ایسے کامل تھے کہ جس کسی پیغمبر یا ولی اللہ یا بادشاہ کا ذکرِ مجلس میں ہوتا آپ اس کا نسب نامہ حضرت آدم علیہ السلام تک زبانی پڑھ دیا کرتے۔ آپ بڑے نساب تھے۔

علم تعبیر خواب آپ علم تعبیر خواب میں کمال مہارت رکھتے تھے۔ اگر کوئی شخص آپ کے حضور میں خواب بیان کرتا تو آپ بالکل صحیح تعبیر بتا دیتے اور آپ خود فرماتے تھے کہ میں علم تعبیر خواب میں نائبِ یوسف ہوں۔

علمِ طب آپ علمِ طب میں بھی کافی دسترس رکھتے تھے۔ اگر کوئی شخص نسخہ پوچھتا تو آپ زبانی ہی مع اوزان بتا دیا کرتے اور بالعموم نسخہ کم قیمت بتاتے۔ خدا تعالیٰ اُسی سے شفا کر دیتا۔

Marfat.com

علمِ شعر آپ کو شاعری کا بھی ملکہ تھا۔ بعض اوقات فارسی یا پنجابی میں شعر کہہ لیا کرتے۔

فنِ کتابت آپ نے فنِ کتابت نستعلیق سیکھا تھا۔ کتابت کرتے تھے۔ منقول ہے کہ آپ یہاں تک زُود نویس تھے کہ اگر کوئی شاگرد کہتا کہ مجھے واحد باری چاہیے۔ تو آپ اتنے وقت میں لکھ دیتے جتنے وقت میں ساہن پال شریف سے چل کر درگاہِ حضرت نوشہ صاحبؒ تک پہنچا جا سکتا ہے۔

ملکہ تاریخ گوئی آپ مادہ تاریخ بنانے میں ذکی الفہم تھے۔ مولوی عبدالغفور صاحبؒ امام مسجد کوٹ نورا سے منقول ہے کہ ایک بار آپ ہمارے گاؤں میں تشریف لائے۔ تاریخ گوئی کے متعلق تذکرہ شروع ہوا تو آپ نے مجھے فرمایا کہ اگر تمہارے نام غفور سے صرف و کو نکال دیا جائے تو تمہاری تاریخ پیدائش سنہ ۱۲۸۰ھ ظاہر ہوتی ہے۔

فنِ شناوری آپ فنِ شناوری میں خاص کمالیت رکھتے تھے۔ اس قدر تیراک تھے کہ رات ہو یا دن، دریا سے تیر کر گزر جاتے۔ اور سینہ سے اُوپر جسم کو پانی میں بھیگنے نہ دیتے۔

تدریس ابتدا میں آپ نے موضع بھاگت میں سلسلۂ تدریس جاری کیا۔ وہاں کے سادات مشہدی سب آپ سے علم دینی پڑھے۔ پھر چند سال کے بعد درگاہِ عالیہ حضرت نوشہ صاحبؒ کی مسجد مبارک میں تدریس شروع کی۔ دُور دُور سے آکر لوگوں نے علم حاصل کیا۔ کہا جاتا ہے کہ دہلی سے آکر کئی طلبا آپ سے علوم پڑھے۔ مسلمانوں کے علاوہ ہندو لوگ بھی آپ سے فارسی پڑھتے تھے۔ پنڈی کالونکے کھتری آپ سے ہی علم ادب پڑھے۔ اسّی سال تک مشغلۂ درس جاری رکھا۔ آپ کو استاذ الکل کہا جاتا تھا۔ بڑے بڑے علمائے نامدار اور اولیائے کبار آپ کے شاگردوں سے تھے۔

سکندر نامہ کا جشن نوشاہ مولوی عبدالغفور موصوف بیان کرتے تھے کہ ایک بار آپ کوٹ نورا میں تشریف لائے، میں آپ کی خدمت میں جا بیٹھا۔ آپ نے مجھ سے پُوچھا کیا پڑھتے ہو؟ میں نے عرض کیا کہ پانچویں جماعت میں پڑھتا ہوں اور سکندر نامہ نظامی مولوی غلام رسول عادل گڑھی سے پڑھتا ہوں۔

Marfat.com

آپ نے فرمایا مجھ کو یقین نہیں کہ وہ پڑھا سکتے ہوں۔ پھر آپ نے جشنِ نوشاہ دو دن میں مجھے پڑھایا۔ اس کے بعد مجھے فارسی زبان آسان ہو گئی۔ آپ نے مجھ سے پوچھا تمہارا نام کیا ہے؟ میں نے عرض کیا: عبدالغفور۔ آپ نے مولانا جامیؒ کا یہ شعر پڑھا:

آں را کہ فہم و دانش مرغِ بود شکاری
شہباز[1] اوجِ وحدت عبدالغفور لاری

سنہ ۱۳۴۱ھ کا واقعہ ہے کہ مولف کتاب ہذا فقیر سید شرافت عافاہ اللہ عادنگڑھ

قادر باری پڑھانا ضلع گوجرانوالہ میں مولوی محمد حسین مبارک رقم سے فنِ کتابت حاصل کرتا تھا ایک دن میں رخصت لے کر واپس روانہ ہوا۔ میرے استاد صاحب نے اپنے خسر و استاد مولوی محمد عبداللہ وارث کوٹی کے ساتھ مجھ کو ہمراہ کیا۔ انھوں نے کیلیاں والہ میں جانا تھا۔ ہم ایک رات موضع حسن کٹھوہڑ میں مولوی محمد فاضل خوشنویس کے ہاں رہے۔ صبح کو ہم منصور والی کے سٹیشن سے ریل پر سوار ہوئے اور اکال گڑھ (علی پور چٹھہ) اُترے۔ مولوی صاحب تو کیلیانوالہ کو تشریف لے گئے اور میں براستہ رسول نگر ساہن پال چلا گیا۔ راستہ میں مولوی صاحب نے مجھ سے میرا مقام پوچھا۔ میں نے بتایا ساہن پال۔ مولوی صاحب نے پوچھا: وہاں ایک بزرگ مولوی سید غلام قادر ہوا کرتے تھے۔ میں نے عرض کیا کہ وہ میری جدہ محترمہ کے دادا صاحب تھے۔ مولوی صاحبؒ نے فرمایا، وہ بڑے عالم و فاضل تھے اور میرے استاد تھے ایک مرتبہ آپ وارث کوٹ میں تشریف لائے۔ میں ابھی بچہ ہی تھا مجھ کو آپ نے رسالہ قادر باری پڑھایا۔ آپ کی دعا سے مجھے علم آگیا۔

صفاتِ ایمان پڑھانا میاں غلام محمد بن بھولا موچی ساہنپالویؒ بیان کرتا تھا کہ میں بچہ تھا کہ ایک روز آپ چاہِ مڈھلا پھلاہیں والہ پر بیٹھے تھے مجھے صفاتِ ایمان کا سبق دیا۔ فرمایا، پڑھ اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ منیاں میں اللہ تعالیٰ نوں۔

وسعتِ دماغی منقول ہے کہ آپ اس قدر عالی دماغ رکھتے تھے کہ ایک روز آپ

---

[1] عام کتابوں میں یہ مصرع اس طرح پایا جاتا ہے، بازے ست تیز پرواز عبدالغفور لاری ۱۲ شرافت

Marfat.com

درس دے رہے تھے۔ مختلف شاگردوں کے سبق علٰحدہ علٰحدہ تھے۔ ہر ایک کو بتاتے جاتے۔ اور ایک شخص پاس بیٹھا گا رہا تھا۔ اس کے راگ کی غلطیاں بھی بتاتے جاتے اور کتابت بھی کر رہے تھے۔ اس میں بھی کوئی غلطی نہ ہوتی۔

معمولات آپ نماز پنجگانہ اور نوافلِ تہجد پر مواظبت رکھتے۔ قرآن مجید کی تلاوت میں ناغہ نہ کرتے۔ دینی اور دنیاوی امور میں شریعت کا پاس رکھتے۔ وعظ و نصیحت عجیب پیرایہ میں کیا کرتے۔ اگر کوئی شخص مسئلہ پوچھتا تو مفصل تشریح فرماتے۔

زیارتِ نوشاہِ عالی جاہؒ آپ حضرت نوشہ گنج بخشؒ کے حضوری تھے۔ آپ کو اکثر آں جناب کی زیارت ہوا کرتی۔

اخلاق و عادات

پرہیز گاری آپ حد درجہ کے متقی اور پرہیز گار تھے۔ وضو کے لیے دریا کا پانی یا چلتے کنوئیں کا پانی منگوایا کرتے۔ گاؤں کے درمیان جو کنویں ہوتے ہیں ان کا پانی استعمال کرنے سے اجتناب رکھتے۔

طہارت پسندی آپ جسم اور کپڑوں کی پاکیزگی کا بڑا خیال رکھتے بلکہ یہ دعا کیا کرتے کہ یا اللہ پاک! مجھ کو مویشی نہ دینا کہ ان کے بول و براز سے کپڑے ناپاک ہو جاتے ہیں اور نمازوں کے وقتوں میں دُھونا پڑتا ہے۔

گناہ سے اجتناب مولوی حافظ غلام مرتضےٰ دھریکویؒ سے منقول ہے کہ آپ فرماتے تھے کہ میں تمام عمر خدا تعالیٰ کے فضل سے کبیرہ گناہوں سے بچا رہا ہوں۔ ایک بار زمانہ شباب میں طالب علمی کے دوران میں جو کالیاں کی ایک ہندو عورت مجھ پر فریفتہ ہو گئی۔ اس نے اپنے دام میں مجھے پھنسانا چاہا۔ مجھے کسی بہانے سے مکان کے اندر لے گئی اور اپنی حاجت پیش کی۔ میں نے انکار کیا اور خدا سے امداد چاہی۔ تائید غیبی سے میرا تمام بدن پسینہ پسینہ ہو گیا اور قوائے شہوانی زائل ہو گئے اور میں اس کبیرہ سے بچ گیا۔ وہ جب ناکام رہی تو اس نے میرا نام رکھ دیا "بھیدانہ"۔ میں نے کہا مجھے یہ کہلانا

Marfat.com

منظور ہے۔ لیکن گناہ کرنا منظور نہیں۔

سادہ مزاجی آپ کا مزاج بالکل سادہ تھا۔ منقول ہے کہ ایک مرتبہ ایامِ طالب علمی میں کسی شخص نے آپ کو محمد شاہی روپیہ دیا۔ آپ ساہن پال شریف کی طرف روانہ ہوئے تھوڑا سا فاصلہ چلتے۔ تو پھر اس کو کھول کر دیکھ لیتے۔

شکرگزاری آپ خدا کی عطا کردہ نعمتوں کا از حد شکریہ ادا کرتے اور ہر ایک چیز کے فوائد شمار کیا کرتے۔ فرماتے، صرف دودھ میں اتنی لذتیں ہیں کہ کچی لسی کی لذت علٰحدہ، پکی لسی، دہی، دودھ، ادھ رڑھکہ، مکھن، گھی وغیرہ ہر ایک کی لذت علٰحدہ ہے، حالانکہ یہ صرف ایک دودھ کی مختلف حالتیں ہیں۔

اور فرماتے: گوشت سب کھانوں سے اچھا ہے اور یہ ایک ایسی چیز ہے کہ پہلے اس کو آدمی کھاتے ہیں پھر اس کی ہڈی کو کتے کھاتے ہیں اور پھر اس کے بقیہ کو چیونٹیاں کھاتی ہیں۔

اسلامی تبلیغ آپ اسلام کی ترویج میں کوشاں رہتے۔ ایک کافر کو مسلمان کر کے اس کا نام عبداللہ رکھا۔ لوگوں میں اس کا نام "رنگریٹا" مشہور ہوا۔

اشعار خوانی آپ بعض اوقات یہ اشعار پڑھا کرتے،

ع

جب تلک مطلب تھا تب لگ آشنا　　جب ہوا مطلب تو لقوہ مرض ہے

ع

نمازاں تیریاں ہائے ہائے کردیاں روزے مارن ڈھائیں
جے اک دل نہ راضی کیتوئی لنگھیں کیہڑی راہیں

ع

دلم خواہد کہ کھائیے نان وڑیاں　　کسی شاگرد کے گھر ہون پڑیاں

حلیہ و لباس آپ کا قد درمیانہ، رنگ گندم گوں، سر بڑا، داڑھی سفید تھی۔ لباس سادہ اور سفید رنگ رکھا کرتے۔

غذا آپ نے درگاہِ الٰہی میں دعا مانگی تھی کہ یا الٰہ العلمین! دو پراٹھے اور شکر اور دودھ

Marfat.com

اور گھی میرے نصیب میں کرنا۔ چنانچہ حق تعالیٰ نے یہ دُعا قبول فرمائی اور آپ کو ہمیشہ یہ غذا ملتی رہی۔

اوائل حال میں آپ گھی نہیں کھایا کرتے تھے۔ ایک مرتبہ کسی شخص نے سیویاں پکا کر اُس پر گھی ڈال کر آپ کو کھلایا اور اس کے کئی فوائد بیان کیے۔ اس کے بعد آپ نے گھی کا استعمال شروع کر دیا۔ روزانہ ایک پیالہ دودھ، گھی، شکر ڈال کر سُرکیاں لگا کر پی لیا کرتے پھر تدریس میں شروع ہوتے۔

آپ ہمیشہ موضع مُرالہ علاقہ بار سے گھی منگا کر کھایا کرتے اور فرماتے۔ ہمارے علاقہ کا گھی مثل پانی کے ہے اور علاقہ بار کا پانی طاقت میں مثل گھی کے ہے۔ چہ جائیکہ وہاں کا گھی ہو۔

آپ گنّا اور مُولی سے پرہیز رکھتے اور فرماتے کہ گنّا چُوسنے سے منہ سے پانی بہتا ہے اور مُولی کھانے سے بدبُو آتی ہے۔

قوتِ جسمانی آپ باوجود ضعیف العمر ہونے کے اس قدر قوی الجثہ تھے کہ اپنے شاگردوں سے پتھر کے وٹوں سے پشت کُٹایا کرتے۔ ایک دن ایک نوجوان نے عمداً ایک وَٹہ زور سے پشت پر لگایا۔ تو آپ نے فرمایا کہ اسی طرح سب لوگ وٹے مارا کرو۔

کرامات

آپ سے کرامتوں کا ظہور بھی ہوا ہے۔

کشفِ واقعات آپ صاحبِ کشف تھے۔ آپ جب کبھی پانڈوکے میں تشریف لے جاتے تو مولوی امیرالدین آئندہ سال میں ہونے والے واقعات آپ سے دریافت کر کے لکھ لیا کرتے اور اُسی طرح واقعات ظہور پذیر ہُوا کرتے۔

دعا کا قبول ہونا منقول ہے کہ آپ کے بیٹے سیّد فضل الٰہی کے گھر اولاد نہیں ہوتی تھی۔ آپ نے ایک دن دُعا کی کہ یا اللہ پاک! اگر لڑکا نہیں تو لڑکی ہی دے دے، اگر صحیح البدن نہیں تو گونگی، بہری، اندھی ہی دے دے۔ چنانچہ واقعی لڑکی پیدا ہوئی، جس کا نام سیّدہ رسول بی بی رکھا گیا۔ وہ صمّ بکم عمی تھیں۔

Marfat.com

ضعیف ہو کر فوت ہوئیں۔ مولف نے بھی ان کی زیارت کی ہے۔

مرید کا امتحان

منقول ہے کہ ایک زمیندار دھالا نام نے آپ سے چلہ کشی کی اجازت لی۔ آپ نے دریائے چناب پر اُسے چلہ بٹھایا۔ ابھی چند یوم ہی گزرے تھے کہ ایک رات ایک اژدہا اُس کے سامنے آیا۔ اُس نے آنکھیں بند کر لیں اور بیٹھا رہا۔ دُوسری رات شیر ببر اُس کے سامنے آیا۔ وہ اُس کے ڈر سے بھاگ گیا۔ صبح آپ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے متبسم ہو کر فرمایا کہ اگر تو اِس مرتبہ بیٹھا رہتا تو کامیاب ہو جاتا۔

عملیات

رفع بارش کے واسطے

حضرت سید حافظ محمد شاہؒ سے منقول ہے کہ آپ فرماتے تھے کہ اگر کبھی سفر میں یا راستہ میں بارش یا آندھی یا اولے پڑنے کی تکلیف محسوس ہو تو یہ دُعا پڑھنی چاہیے:

اَللّٰھُمَّ حَوَالَیْنَا وَلَا عَلَیْنَا۔ اللہ تعالیٰ بارش سے محفوظ رکھتا ہے۔

گم شدہ کے واسطے

مولوی میراں بخش امام مسجد ساہنپال شریف سے منقول ہے کہ اگر کوئی چیز گم ہو جاتی تو آپ وہاں اذان دینے کا حکم فرماتے۔ اذان کہنے سے گم شدہ چیز مل جاتی۔

تصنیفات

آپ نے ساری عمر تدریس میں ہی گزاری۔ کوئی کتاب تصنیف نہیں۔ لیکن ایک قلمی بیاض آپ کی یادگار ہے جس میں عربی، فارسی، اردو، پنجابی کے ادبی، تاریخی، صوفیانہ اشعار، نظموں کا کافی سرمایہ آپ نے جمع کیا ہے۔ فقیر سید شرافت نوشاہی عافاہ اللہ نے اس کو "بیاضِ قادری" کے نام سے موسوم کیا ہے۔

مرکز تحقیقاتِ فارسی ایران و پاکستان اسلام آباد میں آپ کی ایک تصنیف قادر باری قلمی کتاب خانہ گنج بخش میں موجود ہے۔

Marfat.com

اسی کا ایک دوسرا قلمی نسخہ کتاب خانہ مولوی محمد رمضان محلہ اکال گڑھ راولپنڈی میں موجود ہے۔

مکتوبات

آپ کے دو مکتوب دستیاب ہوئے ہیں وہ یہاں نقل کیے جاتے ہیں۔

مکتوب اوّل یہ مکتوب آپ نے اپنے ماموں زاد بھائی حضرت سید حافظ قُل احمد پاکذات نوشاہِ ثانیؒ کے نام لکھا تھا۔ وہ عمر میں آپ سے چھوٹے تھے۔

"اللہ تعالیٰ برادر عزیز وافر تمیز نیک کردار میاں قُل احمد جیو را سلامت دارد۔ از فقیر غلام قادر بعد از السلام علیکم کہ بسم اللہ سورۂ اخلاص و فاتحہ ابوابِ اختصاص ست واضح رائے سامی باد کہ فقیر بجہتِ ملاقات فرحت آیات آں مجمع حسنات متردد شدہ بودہ۔ امّا از زبانی ماموں صاحب جیو استماع یافتہ کہ آں برادر بکسے جانی بکار دنیاوی کہ شتابندگانِ عرصہ خاک را ازاں گزیر نیست روانہ شدہ۔ بنابراں ایں فقیر از قصبہ رسول نگر باز پس بخانہ خود آمدہ حالا نسخہ نجات المسلمین بدست میاں حبیب اللہ نزدِ ایشاں فرستادہ ازو بگیرند۔ و فرہنگِ بوستاں بکسے آیندہ روندہ ارسال دارند ضرور۔ و بخدمتِ بزرگاں سلام۔"

مکتوب دوم یہ مکتوب آپ نے اپنے مرید میاں محمد بخش گاذر کے نام لکھا تھا۔

"راسخ الاعتقاد واثق الانتقاد میاں محمد بخش گاذر۔ ازیں صوب فقیر غلام قادر بعد از سلام مسنون و دعوات برخورداری واضح باد کہ ایں جائے خیرست و خیریتِ ایشاں مطلوب۔ دریں ولا گوہر بی بی میراسن نزدِ ایشاں فرستادہ آنچہ کتاب بدستِ لنا پیشِ ایشاں فرستادہ است و ایشاں اقرار کردہ بودند کہ ہمراہ خود خواہم آورد بدستِ میراسن مذکور فرستند کہ ضرور درکار ست ہیچ تاخیر نسازند۔ تاکید اکید ست والدعا۔"

تحریر کتب آپ کے ہاتھ کی لکھی ہوئی کتابیں بوستاں، سکندر نامہ، تحفہ نصایح، دُرِّ مجالس، نجات المسلمین، بیاض قادری، فقیر سید شرافت عافاہ اللہ کے کتب خانہ میں موجود ہیں۔ آپ کا کتب خانہ تو کافی تھا جو دانوں کی بے علمی اور کم توجہی سے ضائع ہو گیا۔

Marfat.com

دستخط آپ کی مکتوبہ کتابوں سے تین دستخط یہاں نقل کیے جاتے ہیں۔

۱۔ "تمام شد کتاب سکندر نامہ من تصنیف حضرت شیخ نظام الدین گنجوی بدستخط فقیر حقیر اضعف من عباد اللہ الصمد غلام قادر ولد میاں عبداللہ نبیرہ قدوۃ الواصلین حضرت نوشہ گنج بخش قادری قدس سرہ العزیز متوطن موضع پانڈو کے عملہ پرگنہ بچہ چیمہ چھٹہ تحریر یافت سنہ ۱۲۳۲ ہجری النبی الامی الطاہر۔

ے کاتبِ ایں غلام قادر داں　　قادر او را بملک کرد عیاں
روز سہ شنبہ و بوقتِ سحر　　من نوشتم اگر تو داری خبر"

۲۔ "باتمام رسید نسخہ معظمہ مکرمہ تحفہ نصایح من تصنیف حضرت یوسف گدا روز چہارشنبہ بدست خط فقیر غلام قادر نوشاہی ولد میاں عبداللہ ساکن پانڈو کے پرگنہ بچہ چیمہ چھٹہ بتاریخ بیستم ماہ محرم سنہ ۱۲۳۵ ہجرۃ النبی الامی"۔

۳۔ "باتمام رسید نسخہ متبرکہ نجات المسلمین بروز پنجشنبہ بوقتِ زوال بدست خط فقیر غلام قادر نوشاہی متوطن موضع پانڈو کے بتاریخ بیست سیوم ماہ ذی الحجہ مطابق سنہ ۱۲۳۷ ہجری"۔

ملفوظات

آپ کے چند اقوال وارشادات یہاں درج کیے جاتے ہیں۔

ملفوظ۔ فرمایا: جو بات اس جہان میں ہے وہ اُس جہان میں نہیں۔ آج کل غیر شرع فقیر بدعتی عوام الناس کو مرید کرتے پھرتے ہیں حالانکہ ان کو شیخ اور مرید کے حقوق وفرائض کی کوئی پہچان نہیں ہوتی۔ لوگوں کو فریب اور دھوکا دے کر اپنے دام میں پھنسا لیتے ہیں۔ قیامت کے دن ان کو پتہ لگے گا جس وقت تابع اور متبوع آپس میں ایک دوسرے سے بیزار ہوں گے۔

اس پر آپ تفسیر حسینی کا یہ حوالہ پیش کیا کرتے:

وَاِذْ تَبَرَّءَ یاد کن اے محمدؐ آں ہنگام را　　یاد کر اے محمدؐ اس وقت کو کہ بیزار ہو جاویں گے
کہ بیزاری کنند الَّذِیْنَ اتُّبِعُوْا آنانکہ جمعے　　وہ لوگ جن کی پیروی کی گئی ہے اس گروہ سے

Marfat.com

پیروی ایشاں کردہ اند مِنَ الَّذِیْنَ اتَّبَعُوْا از ہماں جمع کہ متابعت ایشاں نمودہ اند یعنی پیشوایانِ عرصہ شرک از ضعفا و سفلہ کہ امروز تابع ایشانند بیزار شوند وَرَاَوُا الْعَذَابَ و بینند عذاب را ہم تابعاں و ہم متبوعاں وتَقَطَّعَتْ و بریدہ شود بِهِمُ الْاَسْبَابُ از ایشاں سبب ہا و واسطہ ہا کہ در دنیا داشتند از عہود و مواثیق و خویشی و دوستی و صحبت وَقَالَ الَّذِیْنَ اتَّبَعُوْا و گویند آنہا کہ متابعت کردہ بودند مر گمراہ کنندگانِ خود را یعنی تابعاں چوں بیزاری متبوعاں از خود مشاہدہ کنند گویند لَوْ اَنَّ لَنَا كَرَّةً کاشکے ایشاں را باز گشتنی باشد بدنیا فَنَتَبَرَّاَ مِنْهُمْ تا ما بیزاری کنیم از ایشاں آنجا کَمَا تَبَرَّءُوْا مِنَّا ہم چنانکہ ایشاں بیزار گشتند از ما۔"

جنھوں نے ان کی پیروی کی ہے۔ یعنی شرک والے پیشوا ان مفلسوں اور بے وقوفوں سے بیزار ہو جائیں گے۔ جو لوگ آج ان کی تابعداری کر رہے ہیں اور تابعداری کرنے والے اور کرانے والے سب لوگ عذاب کو دیکھ لیں گے۔ اور ان کے سارے سبب اور وسیلے جو دنیا میں رکھتے تھے اور خویشی اور دوستی اور صحبت کے پختہ عہد جو کرتے تھے سب ٹوٹ جائیں گے، جن لوگوں نے پیروی کی ہے وہ اپنے گمراہ کرنے والوں کو کہیں گے یعنی تابعداری کرنے والے جب اپنے پیشواؤں کی اپنے سے بیزاری ملاحظہ کریں گے۔ تو کہیں گے کہ کاش اب ہم دنیا میں واپس جاتے تو ہم وہاں جا کر ان لوگوں سے ایسی ہی بیزاری کرتے جیسا کہ یہ ہم سے بیزار ہیں۔

فرمایا: من حفظ قرّ و من کتب قرّ۔ یعنی جس شخص نے کرئی مضمون یاد کیا وہ اس سے بھاگ گیا اور جس شخص نے لکھ لیا اس نے برقرار رکھا۔

فرمایا: العلم وحشی لا یقید الا بالتکرار۔ یعنی علم وحشی جانور کی مثل ہے۔ سوائے بار بار پڑھنے کے قید نہیں ہو سکتا۔

فرمایا: عورت، مرد کا ایمان ہوتی ہے۔ اگر آدمی کو یقین ہو کہ ایک دن بھی میری زندگی باقی ہے تو ضرور نکاح کر لینا چاہیے۔

فرمایا: پنجابی مثل ہے "گندی بھی کھانا تے وٹدی بھی کھانا"

Marfat.com

معترفین کمالات

آپ کی تعریف میں چند بزرگوں کے احوال لکھے جاتے ہیں:

۱۔ شیخ غلام حسن بن شیخ بڈھا سلیمانیؒ بھلوالی کہا کرتے تھے کہ اولادِ حضرت نوشہ صاحبؒ میں سے سید شمس الدین ڈھل والہؒ فوت ہوئے تو فقیری ختم ہوگئی۔ اور مولوی سید غلام قادرؒ کی وفات ہوئی تو علم ختم ہوگیا۔

۲۔ مولوی محمد شیخ احمد حنفی نقشبندی مجددی دھریکویؒ کہا کرتے تھے کہ سید غلام قادرؒ کو دیوان حافظ زبانی یاد تھا۔

۳۔ مولوی حافظ غلام مرتضےٰ نقشبندی دھریکویؒ کہا کرتے تھے کہ سید غلام قادرؒ بڑے علامہ فہامہ قوی حافظہ والے تھے۔ اپنے زمانہ میں علم میں لاثانی تھے۔ علاقہ کے تمام علماء آپ کے شاگرد تھے۔ آپ استاذ الکل تھے۔ ہماری تین پشتیں آپ کی شاگرد ہیں۔

۴۔ مولوی محمد اسحاق امام مسجد ٹھٹھہ کدھی والہ کہا کرتے تھے کہ سید غلام قادرؒ ایک بار اثنائے سفر میں موضع حاصلانوالہ کے دائرہ میں بیٹھے تھے۔ مسجد میں ایک مُلّا اپنے شاگرد کو بہار دانش کا سبق پڑھا رہا تھا۔ اس کو مطلب بتانے میں رُکاوٹ پیدا ہوگئی۔ آپ نے دُور سے سُن کر مطلب بتا دیا۔ وہ مُلّا خفا ہو کر کہنے لگا کہ تجھے کچھ علم بھی ہے؟ آپ نے وہاں سے شروع کر کے کتنے صفحات بہار دانش کے زبانی سنا دیے۔ وہ شاگرد و استاد دونوں آپ کے مطیع ہو گئے۔

۵۔ مولوی عبدالغفور امام مسجد کوٹ نورا کہا کرتے کہ سید غلام قادرؒ سے جو مسئلہ پوچھا جاتا۔ آپ نے کبھی یہ نہ کہا کہ مجھے یاد نہیں۔ ہر ایک کا جواب باصواب دیتے۔ مجھے اس بات کا سخت افسوس ہے کہ میں نے اُس وقت کیوں نہ بہت سارے مسائل دریافت کر لیے۔

۶۔ شیخ حیات حسین سلیمانی المعروف سائیں حیاتیاں والہ رسولنگر کہا کرتے تھے کہ میں نے اپنے بچپن کے زمانہ میں سید غلام قادرؒ کو دیکھا ہے کہ آپ رسول نگر سے کئی

Marfat.com

مرتبہ پار اُتار گزرتے تھے۔ کچھ کتابوں کا بستہ ضرور آپ کے پاس ہوتا تھا۔ کبھی کتابوں کے بغیر نہیں دیکھے گئے۔

۷۔ سید محمد حسین بن سید بنے شاہ ہاشمی رملوی کہا کرتے تھے کہ میں نے اپنی طفولیت میں سید غلام قادرؒ کو دیکھا ہے آپ کی صورت مولویانہ و عالمانہ تھی۔

آپ کے ایک ہی فرزند سید فضل الٰہیؒ تھے۔

اولاد آپ کی دو بیٹیاں تھیں:

۱۔ سیدہ عمر بی بی۔ منکوحہ مولوی قُل احمد بن میاں پیر بخش حفظانہؒ۔

۲۔ سیدہ بیگم بی بی۔ منکوحہ مولوی نظام الدین بن مولوی برخوردار بھٹیؒ ساکن درگاہی والہ ضلع گوجرانوالہ۔

تلامذہ کرام

آپ کے درس سے اکثر لوگ ظاہری علم سے سرفراز ہوئے۔ آپ کے مشہور شاگردوں کے نام یہ ہیں:

۱۔ شیخ غلام حسن بن شیخ بڈھا سلیمانی سجادہ نشین	سہلوال شریف	ضلع سرگودھا
۲۔ شیخ گوہر شاہ بن شیخ ماہی شاہ سلیمانیؒ	رن مل	گجرات
۳۔ سید حافظ قُل احمد پاکذات نوشاہِ ثانی برخورداریؒ	ساہن پال شریف	〃
۴۔ سید بُڑے شاہ بن سید حافظ الٰہی بخشؒ	〃	〃
۵۔ سید مکھن شاہ بن سید حافظ الٰہی بخشؒ	〃	〃
۶۔ سید غلام حسن بن سید قطب الدین ڈھلوالےؒ	〃	〃
۷۔ سید محمد امین بن سید حافظ قُل احمدؒ	〃	〃
۸۔ سید محمد شفیع بن سید حافظ قل احمدؒ	〃	〃
۹۔ سید غلام حسن بن سید نور احمدؒ	〃	〃
۱۰۔ سید غلام حسین بن سید نور احمدؒ	〃	〃

Marfat.com

۱۱ - سید غلام علی بن سید قدم الدین	برخورداری	ساہن پال شریف گجرات
۱۲ - سید عمر بخش بن سید لطف الدین	〃	〃 〃
۱۳ - سید فضل الٰہی بن سید غلام قادرؒ	فرزند آنجناب	〃 〃
۱۴ - سید قاسم علی بن سید غلام محی الدینؒ	برادر زادہ آنجناب	پانڈو کے گوجرانوالہ
۱۵ - سید اقبال علی بن سید غلام محی الدینؒ	〃	ساہن پال شریف گجرات
۱۶ - سید محمد علی بن سید غلام محی الدینؒ	〃	پانڈو کے گوجرانوالہ
۱۷ - سید لدھے شاہ بن سید الٰہدینؒ	〃	〃 〃
۱۸ - سید حافظ رُوح اللہ بن سید محمد امینؒ	برخورداریؒ	〃 〃
۱۹ - سید فاضل شاہ بن سید محمد امینؒ	〃	〃 〃
۲۰ - سید حافظ محمد شاہ بن سید محمد امینؒ	〃	〃 〃
۲۱ - سید رحیم اللہ بن سید قاسم علیؒ	〃	〃 〃
۲۲ - سید کریم اللہ بن سید اقبال علیؒ	〃	ساہنپال شریف گجرات
۲۳ - سید بنے شاہ بن سید شیر شاہ ہاشمیؒ		رن مل 〃
۲۴ - سید سلطان علی بن سید گوہر شاہؒ	〃	〃 〃
۲۵ - سید سلطان عالم بن سید نظام الدینؒ	〃	〃 〃
۲۶ - سید فضل عالم بن سید نظام الدینؒ	〃	〃 〃
۲۷ - سید گامے شاہ بن سید ناصر الدینؒ	〃	〃 〃
۲۸ - سید غلام رسول بن سید کریم بخشؒ	〃	〃 〃
۲۹ - سید پیر محمد بن سید فضل عالمؒ	〃	〃 〃
۳۰ - مولوی حسن محمد سپرا حنفیؒ متوفی ۱۲۸۳ھ		دھرکیاں 〃
۳۱ - مولوی محمد شیخ احمد بن حسن محمد سپراؒ متوفی ۱۳۲۸ھ		〃 〃
۳۲ - مولوی حافظ غلام مصطفےٰ بن مولوی محمد شیخ احمد سپراؒ		〃 〃
۳۳ - مولوی حافظ غلام مرتضےٰ بن مولوی محمد شیخ احمد سپراؒ		〃 〃

Marfat.com

۳۴- مولوی محمد ابراہیمؒ — جوکالیاں — گجرات
۳۵- مولوی محمد اسحاق کاتب وجلد سازؒ — ٹھٹھہ کدھی والہ — 〃
۳۶- مولوی محمد عبداللہ حنفی خوشنویسؒ — وارث کوٹ — گوجرانوالہ
۳۷- مولوی عبدالغفور حنفیؒ — کوٹ نورا — 〃

ان کے علاوہ آپ کے معاصرین تمام اولاد حضرت سخی بادشاہؒ اور تمام اولادِ حضرت نوشہ صاحبؒ اور مواضعات گردونواح کے علما سب آپ کے شاگرد تھے۔

یارانِ طریقت

آپ باوجود صاحبِ کمال ہونے کے لوگوں کو بہت کم مرید بناتے تھے۔ آپ کے مرید صرف چند کس تھے وہ بھی نام معلوم نہیں ہوسکے۔ ازانجملہ

۱- میاں بڈھا گلگو ساکن کوٹ نورا — ۲- دھالا زمیندار
۳- میاں محمد بخش گاذر — ۴- شیخ عبداللہ نومسلم

تبرکات آپ کے ہاتھ کا ایک پنکھا مولفِ کتاب ہذا فقیر سید شرافت عافاہ اللہ کے گھر میں موجود ہے۔

تاریخ وفات

سید غلام قادر[1] کی وفات بعمر ایک سو تین سال قمری کے بروز سوموار چوبیسؒ ذیقعد سنہ ۱۳۰۶ھ مطابق آٹھویں ساون سمت ۱۹۴۶ب میں ہوئی۔ قبر گورستانِ نوشاہیہ میں ہے۔

مادہ ہائے تاریخ:

۱- حافظ وقاری — ۲- لعل خوشرنگ

سید غلام محی الدینؒ

آپ سید عبداللہ بن سید خیراللہ برخورداری پانڈوکویؒ کے دوسرے فرزند اور مرید و

---

[1] حضرت مولانا سید غلام قادرؒ کا مزید ذکر شریف التواریخ کی تیسری جلد موسوم بہ تذکرۃ النوشاہیہ کے ساتویں حصہ مناہج الآثار نام میں لکھا جائے گا۔ شرافت

Marfat.com

خلیفہ تھے۔ آپ کی والدہ کا نام سیدہ بخت بھریؒ بنت سید حافظ نوراللہ فرشتہ صفاتؒ تھا۔

ذکرِ الٰہی آپ زہد و عبادت میں لاثانی تھے۔ تمام رات بیدار رہتے اور ذکر اسم ذات اللہ اللہ میں مشغول رہتے۔ جب آپ کی عبادت کا عام شہرہ ہوا تو حکومت خالصہ نے سرکاری دھرم ارتھ سے آپ کا روزینہ مقرر کر دیا۔

معمول آپ کا طریقہ تھا کہ روزانہ چاشت سے لے کر ظہر تک کتابت کیا کرتے۔ اس کے بعد خانگی کاروبار کے لیے ادھر ادھر چلے جاتے۔ آپ کبھی ساہن پال شریف اور کبھی پانڈوکے میں سکونت رکھتے۔

کرامات

غلہ کا بڑھ جانا موضع منچر چھڑ کا ایک زمیندار بہت مقروض اور غریب آدمی تھا۔ اس کا غلہ گندم کا بوہل بیٹھا۔ عوام کی نظروں میں وہ غلہ دو مانی کے قریب معلوم ہوتا تھا وہ شخص آپ کے آگے ملتجی ہوا۔ آپ نے فرمایا: اس کو خود ماپ۔ اور ماپنے کے وقت کلام نہ کرنا۔ اللہ تعالیٰ برکت کرے گا۔ چنانچہ وہ غلہ پندرہ مانی ہو گیا اور سب کا قرضہ اُتر گیا۔

پانی کا خشک ہو جانا ایک دن آپ کوٹ بھاگا میں تشریف لے گئے۔ ایک شخص سے کوئی چیز مانگی۔ اُس نے دینے سے انکار کیا۔ وہ کنواں چلا رہا تھا۔ آپ نے ایسی توجہ کی کہ کنویں کا پانی کھیتی تک نہیں پہنچتا تھا، راستہ میں ہی خشک ہو جاتا تھا۔

ویلناں کا ٹوٹ جانا منقول ہے کہ آپ نے ایک بار ایک زمیندار سے رَوہ (گنے کا رس) طلب کیا۔ اُس نے نہ دیا۔ آپ جب واپس ہوئے تو اسی وقت اس کا ویلناں ٹوٹ گیا۔ پھر اُس نے معافی لی۔

کوّے کا گر پڑنا ایک روز آپ کنویں پر غسل کرنے لگے۔ آپ کا صابن کوا اٹھا کر لے گیا۔ آپ نے کنکر پر کچھ پڑھ کر اس کی طرف پھینکا۔ اسی وقت کوا زمین پر گر پڑا۔ آپ نے صابن لے لیا اور کوّے کو اڑا دیا۔

Marfat.com

تحریر کتب آپ کے ہاتھ کی لکھی ہوئی بہت کتابیں اولاد کے پاس موجود ہیں۔ ان میں سے جو مولف نے دیکھی ہیں وہ یہ ہیں :

۱۔ گلستانِ شیخ سعدیؒ — مکتوبہ ۱۲ ذی الحجہ ۱۲۴۴ھ
۲۔ قرآن مجید مترجم بترجمہ فارسی — مکتوبہ ۱۲۶۵ھ
۳۔ قرآن مجید معرا — مکتوبہ ۱۲۷۴ھ
۴۔ قصص الانبیا — مکتوبہ چہار شنبہ ۶ صفر ۱۲۷۵ھ
۵۔ ستی پنوں — مکتوبہ ۲۵ بہادروں ۱۲۷۵ھ
۶۔ گلزار فقہ — مکتوبہ ۱۸ محرم ۱۲۸۰ھ
۷۔ مناقبِ نوشاہیہ — مکتوبہ ۱۲۸۰ھ
۸۔ دعائے سریانی — مکتوبہ ۱۲۸۱ھ
۹۔ دعائے گنج العرش — مکتوبہ ۱۲۸۳ھ
۱۰۔ نجات المومنین — مکتوبہ ۱۲۸۵ھ
۱۱۔ رازق باری — مکتوبہ ۱۲۸۵ھ
۱۲۔ آمدنامہ — مکتوبہ ۱۲۸۵ھ
۱۳۔ یوسف زلیخا — مکتوبہ پنجشنبہ ۲۱ ذیقعدہ ۱۲۸۵ھ
۱۴۔ واحد باری
۱۵۔ فارسی نامہ
۱۶۔ وفات نامہ

دستخط آپ کے تین عدد دستخط یہاں نقل کیے جاتے ہیں :

۱۔ "تمام شد نسخہ متبرکہ گلستان بعون اللہ المستعان من تصنیف مولائے زمان مصلح الدین سعدی شیرازی رحمۃ اللہ علیہ بروز دلفروز آدینہ سیزدہم ماہ ذی الحجہ ۱۲۴۴ ہجری النبی بجہت پاسخاطر اللہ دین دستخط فقیر غلام محی الدین ابن شاہ عبداللہ نبیرہ حضرت محمد حاجی گنج بخش قادری قدس اللہ سرہٗ ... ساکن پانڈو کے وطن قدیم از آباو اجداد در چک صادقپور ساہنپال

Marfat.com

رقم پذیرفت بمنہ وکرمہ۔

سہ روز آدینہ و بوقتِ زوال — وطنِ ماہست چکہ ساہن پال
نوشہ حاجی بگورِ تو نالم — از سرِ لطف بسنگری منہ
از یدِ خلق آیدم رنجے — تو زفقرائے خود وہم گنجے
تو زبانِ مرا چو سیف بساز — دشمنِ ما ز بیخ بر انداز
نام تو مخ بخش گنجم بخش — تا رہائی ز رنج و راحت بخش
کس نیاید بمددگاریٔ ما — تو بیاؤ بکن تو یاریٔ ما
بخت بیدار کن بنامِ خدا — ذوق و شوقم بدہ بنامِ خدا
تا عزیزی کنند خلق مرا — تو نظر کن برحم بر سرِ ما

۲۔ مناقب نوشاہیہ کا دستخطیہ ہے :سہ

غلام محی الدین مناقب لکھیا — تحفہ کرکے گھر وچ رکھیا
برکت اسدی دور ہو جاوے — درد پیڑ دشواری دا
غلام قاسم محمد علی — اقبال علی ہے رب دا ولی
امام الدین جو اس نوں پڑھسی — کریم اللہ کرم ستاری دا
باراں سے ہے اسی سن — دین محمد دل وچ من
روز حشر دے کرے شفاعت — اوکھی منزل بھاری دا

۳۔ غلام محی الدین ہے کاتب اسدا — پانڈوکیاں دے وچ ہے وسدا
واسطے پڑھنے کریم اللہ — اسدا کرے نصیب اللہ
باراں سے پچاسی سن — ہجر نبی دا سن کر کن

اولاد

آپ کا نکاح سید حبیب اللہ بن سید خدا بخش بن سید شاہ تقن برخورداریؒ کی صاحبزادی سے ہوا تھا۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔ آپ کے تین بیٹے تھے،

۱۔ سید غلام قاسم المعروف قاسم علیؒ — ۲۔ سید اقبال علیؒ
۳۔ سید محمد علیؒ

Marfat.com

آپ کی ایک بیٹی تھی جو مولوی قُل احمد بن پیر بخش حقطانہ کی منکوحہ تھی۔

تاریخ وفات

سید غلام محی الدین[1] کی وفات بروز سوموار، انیسویں ربیع الثانی ۱۲۹۰ھ میں ہوئی۔ قبر مبارک گورستان نوشاہیہ میں ہے۔

مادۂ تاریخ : شیخ ہادی عصر۔

سیّد اللہ دین پانڈوکوی

آپ سید عبداللہ بن سید خیر اللہ برخورداری پانڈوکوی کے تیسرے بیٹے تھے۔ بیعت و اجازت شیخ صدقی شاہ بن شیخ خان بہادر سلیمانی رسولنگری سے تھی۔ اپنے پیر کے نہایت عاشق و شیدا تھے۔

آپ کی والدہ کا نام سیدہ بخت بھری بنت سید حافظ نور اللہ فرشتہ صفات تھا۔

تعلیم

آپ کو فارسی علم ادب کی کافی مہارت تھی۔ گلستانِ شیخ سعدی کا بالعموم مطالعہ رکھتے اور اس کے اشعار و حکایات سے محفوظ ہوا کرتے۔

عجیب وظیفہ

فقیر سید شرافت عافاہ اللہ کے سامنے سید حبیب اللہ بن سید اقبال علی نے بیان کیا۔ وہ میرے نانا صاحب سید غلام علی بن سید قدم الدین سے روایت کرتے تھے کہ ہم ایک دفعہ کسی تقریب پر پانڈو کی گئے۔ وہاں دیکھا کہ نمازِ فجر کے بعد تسبیح پر آپ یہ وظیفہ پڑھ رہے تھے :

"یا بی بی فضلاں ، یا بی بی فضلاں"

ہم نے متعجب ہو کر پوچھا یہ کیسا وظیفہ ہے۔ نہ کلمہ شریف نہ درود شریف۔ آپ نے فرمایا : جس زمانہ میں ہم بیعت ہوتے ہمارے پیر صاحب شیخ صدقی شاہ ایک عورت بی بی فضلاں نام قصاب پر عاشق تھے۔ تو انھوں نے اسی محبوبہ کا نام ہم کو وظیفہ بتلا دیا۔ اُس روز سے ہم اسی

---

[1] سید غلام محی الدین کا کچھ ذکر شریف التواریخ کی تیسری جلد موسوم بہ تذکرۃ النوشاہیہ کے ساتویں حصہ مناہج الآثار نام میں لکھا جائے گا۔ شرافت

Marfat.com

وظیفہ میں مشغول ہیں۔
ف : مولف کہتا ہے کہ فضل کے نام میں یہ راز بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ کا اسم پاک ہے ۔ وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْم ۔

کرامت

ایک بے ادب کا سزا پانا چوہدری محمد خاں چھٹہ ساکن پانڈو کے بیان کرتا تھا کہ ایک دفعہ آپ نے ہمارے کھاد سے چند گنے (نیشکر) لیے۔ میں نے آپ سے غضب کر لیے۔ اسی وقت مجھے بخار چڑھ گیا۔ چار پہر تک بیہوش پڑا رہا۔ آخر میرے والدین نے آپ سے معافی لی تو میں تندرست ہوا۔

اولاد آپ کا نکاح سولھویں جمادی الاولیٰ ۱۲۵۹ھ کو اپنے حقیقی ماموں کی بیٹی سیدہ کرم بھری بنت سید خدا بخش بن سید حافظ نور اللہ فرشتہ صفاتؒ سے ہوا تھا۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔

آپ کے چار بیٹے تھے:

۱۔ سید فیض اللہ المعروف پیر لدھے شاہؒ
۲۔ سید امان اللہؒ
۳۔ سید رزق اللہؒ
۴۔ سید کلیم اللہؒ

آپ کی ایک بیٹی تھی سیدہ عمر بی بیؒ۔ منکوحہ سید عمر بخش بن سید لطف الدین برخورداری ساہنپالویؒ۔

واقعہ وفات آپ کی نواسی سیدہ اللہ جوائی بنت سید عمر بخش ساہن پالویؒ سے منقول ہے کہ آپ بالکل تندرست تھے۔ اپنی بہو سکینہ بی بی زوجہ لدھے شاہ کو فرمایا بیٹی! آج غلہ سکا کر پیس لو۔ کل تمہارے ہاں مہمان آنے والے ہیں۔ تم کو تکلیف نہ ہو گی۔ اور خود پاس بیٹھ کر غلہ سوکھاتے رہے۔ اور حجام کو ساہن پال شریف میں بھیجا کہ میری لڑکی عمر بی بی کو جا کر لے آؤ۔ عصر کے وقت فرمایا کہ میری لڑکی کی میرے ساتھ ملاقات نہیں ہو سکے گی۔ چنانچہ شام کے وقت میتھوں والی روٹی کھائی۔ نصف روٹی کھا چکے تھے کہ آپ کی روح قفسِ عنصری سے پرواز کر گئی۔

Marfat.com

تاریخ وفات سید اللہ دین کی وفات بروز پنجشنبہ ساتویں ربیع الاوّل ۱۲۹۷ھ میں ہوئی۔ قبر پانڈو کے ضلع گوجرانوالہ میں اپنے آباو اجداد کے پاس ہوئی۔ لیکن اب نشانِ قبر ناپید ہے۔

مادہ ہائے تاریخ:

۱۔ نجم فیض رسان ۲۔ چراغ ملک

سید لطف الدینؒ

آپ سید علی محمد بن سید موج الدین برخورداری ساہنپالویؒ کے فرزند اکبر تھے خلافت و اجازت سید شمس الدین بن سید اللہ دتہ ڈھلوالہؒ سے حاصل کیا۔

آپ کی والدہ کا نام حضرت جان بی بیؒ تھا۔

اخلاق وعادات آپ ادب وخلق وحلم میں کمال تھے۔ اپنے پیر صاحب کے پورے پورے مؤدب وعاشق وشیدا تھے۔

پیر صاحب کی خدمات منقول ہے کہ ایک مرتبہ آپ کے پیر صاحب سید شمس الدینؒ نے فرمایا کہ تم ہمارے ساتھ سفر میں چلو۔ چنانچہ آپ ہمراہ ہولیے اور دہلی تک سفر کیا۔ سب خدمات انجام دیتے رہے۔ پیر صاحب حقہ پیتے تھے۔ آپ نے ایک ٹنڈ میں آگ بند کر کے ہاتھ میں لٹکالی۔ جہاں ضرورت پڑتی وہاں سے آگ نکال کر ہوکہ پر رکھ دیتے۔ اسی طرح چھ ماہ تک یعنی واپس آنے تک وہ آگ بجھنے نہ دی۔

ف: کئی بزرگوں نے اپنے پیرانِ طریقت کی ایسی خدمات کی ہیں۔ چنانچہ

۱۔ شیخ جلال الدین تبریزیؒ اپنے پیر شیخ شہاب الدین سہروردیؒ کے واسطے اپنے سر پر دیگدان رکھتے۔ اور جس وقت ضرورت ہوتی گرم کھانا ان کو دیتے[1]

۲۔ شیخ علاء الدین علاء الحق بنگالیؒ اپنے مرشد اخی سراج الدین کے ہمراہ کھانے کی

---

[1] تذکرہ اولیائے ہند، ج ۱، ص ۵۴

Marfat.com

گرم دیگ اٹھا کر سفر کرتے تھے۔[1]

آپ کی زندگی کا اکثر حصہ غربت و تنگدستی میں گزرا۔ ایک دن آپ نے

اقبال کا بلند ہونا پیر صاحب سید شمس الدین ڈھلوالہؒ کے آگے عرض کیا کہ ہمارے ہم جدی چچا جان حضرت سید حافظ قل احمد پاکذات نوشاہِ ثانیؒ بڑے با اقبال ہیں۔ بڑی مخلوق اُن سے بیعت کر رہی ہے۔ موضع شادیوال کے اکثر باشندے ان کے مرید ہیں۔ پیر صاحب نے فرمایا: جاؤ کٹھالہ کے لوگ تمہارے مطیع و مسخر ہو جائیں گے۔ چنانچہ وہاں کے اکثر آدمی آپ کے مرید اور معتقد ہو گئے۔

کرامت

ایک فریب کار کو سزا ملنا ایک دفعہ آپ موضع چک دادن میں تشریف فرما تھے۔ ایک روز ایک جاٹ نے آکر عرض کیا کہ فلاں گلگو روزانہ رات کو میرے کھیت سے آپ کے لیے تربوز لایا کرتا ہے۔ آپ نے سمجھ لیا کہ وہ گلگو حیلہ اور فریب سے تربوز لاتا ہے اور ہمارا نام کرتا ہے۔ فرمایا، جاؤ، آج کے بعد وہ ایسی جرأت نہیں کر سکے گا۔ چنانچہ اس کو رعشہ ہو گیا اور تمام عمر اس مرض میں مبتلا رہا۔

عملیات

عجیب عمل منقول ہے کہ جب آپ اپنے پیر صاحب کے ہمراہ دہلی سے واپس آئے تو انھوں نے آپ کے بال بچہ کے خرچ کے واسطے کچھ مبلغات آپ کو دینے چاہے۔ آپ نے عرض کیا کہ یہ روپے ختم ہو جانے والی چیز ہے۔ آپ ایسی چیز عنایت فرماویں جو کبھی ختم نہ ہو۔ انھوں نے فرمایا کہ فلاں تعویذ لکھ دیا کرو۔ آپ نے عرض کیا میں اَن پڑھ ہوں لکھنا پڑھنا نہیں جانتا۔ تو انھوں نے فرمایا اچھا جس کام والا تمہارے پاس آوے تو تم

---

[1] تذکرہ اولیائے ہند، ج ۱، ص ۴۳

Marfat.com

"شیرینہ بکری" لکھ دیا کرو۔ اللہ تعالیٰ فضل کر دیا کرے گا۔

ف : مولف کہتا ہے کہ "شیرینہ بکری" ایک کھیل کا نام ہے جو چھوٹے بچے گاٹیوں سے کھیلا کرتے ہیں آج تک آپ کی اولاد میں بھی یہ تعویذ جاری ہے اس کی شکل یہ ہے۔



اولاد آپ کی اہلیہ کا نام حضرت نیک بی بی تھا جو میاں کرم دین علما ساکن دھنویہ خورد ضلع گوجرانوالہ کی بیٹی تھیں۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔ آپ کا ایک ہی بیٹا سید عمر بخش نام تھا۔

آپ کی تین بیٹیاں تھیں:

۱۔ سیدہ عزیز بی بیؒ۔ منکوحہ سید محمد امین بن سید حافظ قل احمد پاکذات نوشاہِ ثانیؒ

۲۔ سیدہ حسین بی بیؒ۔ منکوحہ میاں غلام حیدر۔ ساکن دھنویہ خورد ضلع گوجرانوالہ

۳۔ سیدہ راج بی بیؒ۔ منکوحہ سید قاسم علی بن سید غلام محی الدینؒ ساکن پانڈوکے۔

یارانِ طریقت ۱۔ میاں احمد یار ملاح ساہنپالویؒ متوفی ۱۳۲۵ھ

۲۔ بوٹا ماچھی ساہنپالوی

تاریخ وفات سید لطف الدین کی وفات ۱۲۹۴ھ میں ہوئی۔ قبر گورستانِ نوشاہیہ میں ہے۔

مادۂ تاریخ : وے سخی خوب

سید علم الدینؒ

آپ سید علی محمد بن سید موج الدینؒ کے فرزند اصغر تھے۔ بیعتِ طریقت بچپن میں حضرت سید فتح الدین ڈھلوالہ بن سید محمد عظیم دھمادیؒ سے کی تھی۔ ان کے بعد تربیت و تکمیل ان کے پوتے سید شمس الدین ڈھلوالہؒ سے پائی۔

آپ کی والدہ کا نام حضرت جان بی بیؒ تھا۔

اولاد آپ کا نکاح سیدہ شرف بی بی بنت سید امام بخش بن سید نور شاہ برخورداری ساکن

Marfat.com

بلاتی ضلع گجرات سے ہوا تھا۔ ان کے بطن سے اولاد نرینہ نہیں ہوئی۔ صرف تین بیٹیاں تھیں:

۱۔ سیدہ امیر بی بیؒ۔ منکوحہ سید کرم الٰہی بن سید حیدر شاہ ہاشمی رملویؒ

۲۔ سیدہ بیگم بی بیؒ۔ منکوحہ سید فضل الٰہی بن سید غلام قادر برخورداری ساہنپالویؒ

۳۔ سیدہ گوہر بی بیؒ۔ منکوحہ سید اقبال علی بن سید غلام محی الدین ساہنپالویؒ

آپ کی قبر گورستانِ نوشاہیہ میں ہے۔ **وفات** ۱۲۰۵ھ۔

سید شاہ رانا میردہ والہؒ

آپ سید شرف الدین بن سید امام بخش بن سید نور شاہ برخورداری ساکن میردہؒ کے اکلوتے بیٹے تھے۔ بیعت و خلافت شیخ گوہر شاہ بن شیخ ماہی شاہ سلیمانی رملویؒ سے تھی۔ آپ کی والدہ موضع چک جبانی کی علماء زادی تھیں۔

ولادت کا واقعہ منقول ہے کہ آپ دو سال تک والدہ کے شکم میں رہے۔ ایک سیرانی فقیر آیا۔ اس نے پانی دم کر کے آپ کی والدہ صاحبہ کو پلایا تو آپ پیدا ہوئے۔ آپ فقیر صورت درویش سیرت تھے۔

ازواج آپ کی دو اہلیہ تھیں:

۱۔ سیدہ زینب بی بی بنت کرم الدین برخورداریؒ۔ یہ آپ کے حقیقی چچا کی بیٹی تھیں۔ ان کے بطن سے دو بڑے بیٹے، اور ایک چوتھا بیٹا، اور دو بڑی بیٹیاں پیدا ہوئیں۔

۲۔ مسمات نواب بی بیؒ۔ یہ کشمیری قوم سے تھیں۔ ان کے بطن سے ایک تیسرا بیٹا اور تین چھوٹی بیٹیاں پیدا ہوئیں۔

اولاد آپ کے چار بیٹے تھے:

۱۔ سید محمد الدینؒ ۲۔ سید احمد الدینؒ

۳۔ سید صدر الدینؒ ۴۔ سید چراغ الدین

آپ کی پانچ بیٹیاں تھیں:

۱۔ سیدہ محمد بی بیؒ۔ پہلے سید علی احمد بن سید علم الدین برخورداریؒ ساکن بڑا جن

Marfat.com

ضلع میرپور کی منکوحہ تھیں۔ ان کی وفات کے بعد سید نبی بخش بن سید غلام رسول ہاشمی ساکن رملی سے نکاح کیا۔

۲۔ سیدہ رسول بی بیؒ۔ پہلے سید بدوح شاہ بن سید محمد علی برخورداری ساکن پانڈوکے کی منکوحہ تھیں۔ انھوں نے طلاق دے دی تو پھر موضع بوہت ضلع گجرات میں ایک علما سے نکاح کیا۔

۳۔ سیدہ حیات بی بی۔ منکوحہ سید حیدر شاہ بن سید عطا محمد برخورداری ساہنپالوی۔

۴۔ سیدہ روشن بی بی۔ بعمر دو سال انتقال کیا۔

۵۔ سیدہ فضل بیگم۔ بعمر دس سال وفات پائی۔

یارِ طریقت آپ کا ایک درویش ساتھی جھنڈا بہلول پوری تھا۔

تاریخ وفات شاہ رانا کی وفات بروز بدھوار، بتاریخ آٹھویں جمادی الاولےٰ سنہ ۱۲۴۴ھ میں ہوئی۔ آپ کی قبر موضع میردہ علاقہ لالہ موسےٰ ضلع گجرات میں اپنے والد صاحب کے پاس ہے۔

مادہ ہائے تاریخ:

۱۔ آیت شریف واتقوا اللہ لعلکم تفلحون۔

۲۔ عابد خدا پرست

سید نورالدین چک جانی والہؒ

آپ سید کرم الدین بن سید امام بخش بن سید نور شاہ برخورداریؒ کے فرزند اکبر تھے۔ بیعتِ طریقت و خلافت اپنے عم بزرگ سید حافظ شرف الدین بن سید امام بخش میردہ والہؒ سے تھی۔

آپ کی والدہ کا نام حضرت فاطمہ بی بی تھا، جو چک جانی کے علما خاندان سے تھیں۔

چلہ نشینی آپ کے برادر زادہ سید حسن محمد بن سید نظام الدین برخورداری شیخ علی پوری سے منقول ہے کہ آپ نے ابتدائے احوال میں موضع آہی میں ایک چلہ کیا۔ جس روز چلہ ختم ہوا۔ اُس روز محفلِ سماع شروع ہوئی۔ آپ کو وجد ہو گیا۔ موضع اوان کے قاضی

Marfat.com

سلطان محمودؒ آئے اور کہنے لگے۔ اُن کی دُبر میں شیطان انگشت دیتا ہے۔ اس لیے وجد کرتے ہیں آپ کو بہت غصہ آیا اور فرمایا کرتم بھی مُردوں کی دُبر میں انگشت دیا کرو گے۔ چنانچہ اس کے بعد قاضی صاحب فقیر ہو گئے۔ اور قبر والوں سے فیض لیا کرتے۔

اولاد آپ کا نکاح اپنے چچا صاحب کی بیٹی سیدہ راج بی بی بنت سید حافظ شرف الدین بن سید امام بخشؒ ساکن میرڈہ سے تھا۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔

آپ کے دو بیٹے تھے:

۱۔ سید ابراہیمؒ ۲۔ سید غلام رسولؒ

آپ کی دو بیٹیاں تھیں:

۱۔ سیدہ حسین بی بیؒ۔ منکوحہ سید شیر علی بن سید محمد شفیع ساہن پالویؒ

۲۔ سیدہ سردار بیگمؒ۔ منکوحہ مولوی غلام احمد منہاس از دوبرجی۔

آپ کی قبر موضع چک جانی ضلع گجرات میں ہے۔ **وفات** ۱۳۳۳ھ

سید نظام الدین شیخعلی پوریؒ

آپ سید کرم الدین بن سید امام بخش بن سید نور شاہ برخورداریؒ کے فرزند اصغر تھے۔

خلافت و اجازت شیخ گوہر شاہ بن شیخ ماہی شاہ سلیمانی رنملویؒ سے حاصل کیا۔

آپ کی والدہ کا نام حضرت فاطمہ بی بی تھا، جو چک جانی کے علما خاندان سے تھیں۔

معمولات آپ بڑے صابر، خدایاد، بے سوال، حال پوش، درویش مرد تھے۔ ہر روز سرِ شام کے وقت اُٹھ کر باوضو پہلے کلمہ طیبہ پانسو مرتبہ ذکر کرتے۔ اس کے بعد سورۂ مزمل شریف پانچ مرتبہ وِرد کرتے۔

ذکرِ قلب آپ کے بیٹے سید حسن محمدؒ بیان کرتے تھے کہ ایک مرتبہ آپ موضع آہی میں تشریف لے گئے۔ مجھے فرمایا میرے قلب پر کان دھر کر سُنو۔ جب میں نے کان لگایا تو لا الٰہ الا اللہ کی آواز سنائی دیتی تھی۔

چہل کاف بامؤکل آپ کو چہل کاف بامؤکل کی اجازت شیخ غلام حسن بن شیخ بڈھا

Marfat.com

سلیمانی بھلوالیؒ سے حاصل تھی۔ روزانہ قطب کی طرف منہ کرکے پانچ مرتبہ پڑھا کرتے۔ چہل کاف یہ ہیں:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اللھم سخرلی قلوب الجن والانس بحق ابرصا صبرصا صارصا صعیصا اخنوصا خنصاصا بنصاصا یاموہ نصرمن اللہ وفتح قریب وبشر المؤمنین فاللہ خیرحافظا وھوارحم الراحمین۔ المنور باسماء اللہ اللہ کافی قصرت الکافی وجدت الکافی لکل کافی کفانی الکافی ونعم الکافی وللہ الحمد بحق کفاک ربک کم یکفیک واکفہ کھکافھاکمین کان من کلکا تکرکرا لکرا لکرفی کبدی تحکی مشکشکۃ کلکلک الکلکا کفاک ما بی کفاک الکافت کربتہ یا کوکبا کان تحکی کوکب الفلکا۔ بحق یا اللہ یا اللہ یا اللہ قطب ربانی محبوب سبحانی شاھنشاہ عبد القادرجیلانی یاشیخ عبد القادرجیلانی شیئا للہ بحق حاضرمدد کن یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اغثنی اغثنی اغثنی یاعبد اللہ باذن اللہ بحق محمد بن عبد اللہ یاحافظ یارقیب یاوکیل یاناصر یانصیر یارب یامقسط حسبی حسق حرزکردم لا الہ حصارکردم الاّ اللہ نگاہ داری محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یامعین یارقیب یاوکیل یااللہ یااللہ یااللہ جل جلالہ جل شانہٗ وعزبرھانہ اجب یاجبرائیل یادردائیل یارفتائیل یاتنکافیل احضروا للمسخرات قلب المخلوقات لی مع الفتوحات اھجرت بحق یابدوح یابدوح یابدوم یااللہ یااللہ یااللہ جمیع حاجاتی ومرادانی ای خالق پرنور ھرحاجت روا کن بحرمۃ رسول صلی اللہ علیہ وسلم بکل حاجات یامنان بحق صاحب القرآن برحمتک یا ارحم الراحمین۔

کرامات

بیمار کا تندرست ہونا منقول ہے کہ آپ کا مرید سائیں قطب الدین فالج سے بیمار

Marfat.com

ہوگیا۔ ہرچند علاج کیے مگر کچھ فائدہ نہ ہوا۔ ایک رات آپ خواب میں اس کو ملے اور فرمایا: فکر دُور کرو اب تم تندرست ہوجاؤ گے۔ چنانچہ حکیم کو اس نے رخصت کر دیا اور آپ کے ارشاد کے مطابق صحت پاگیا۔

نظرِ عنایت سائیں قطب الدین مذکور بیان کرتا تھا کہ آپ نے مجھ پر ایسی نگاہِ عنایت فرمائی کہ میری فراست بڑھ گئی۔ حضرت نوشہ صاحبؒ کی اولاد کو جہاں دیکھوں پہچان لیتا ہُوں۔ اگرچہ ان کو کبھی دیکھا نہ ہو۔

اپنی وفات کی خبر دینا سیّد حسن محمدؒ سے منقول ہے کہ آپ نے اپنی وفات سے پینتیس ۳۵ روز پہلے فرما دیا تھا کہ اب ہمارے پیر صاحب نے ہم کو اپنے پاس بلایا ہے۔ ہم ان کے پاس جانے کو تیار ہیں۔ چنانچہ آپ کی وفات ہوگئی۔

وفات کے بعد کرامت

غسل کا حکم دینا سیّد حسن محمدؒ سے منقول ہے کہ وفات کے بعد پانچویں دن آپ خواب میں مجھے ملے اور فرمایا: مجھے غسل دو۔ میں نے غسل دیا۔ دوسرے دن پھر ملے اور فرمایا: غسل دو۔ میں نے نہلایا۔ تیسری بار پھر ملے اور فرمایا: مجھے ظاہری نجاست نہیں کچھ پڑھ کر مجھے بخشو۔ چنانچہ صبح کو میں نے مجلس قایم کر کے قرآن مجید کا ختم کروادیا اور آپ کی رُوح کو ایصالِ ثواب کیا۔ اس رات پھر خواب میں ملے اور فرمایا: اب میرا غسل ہوگیا ہے۔

ملفوظ۔ آپ فرمایا کرتے۔ اگر درویش کا قلب ذاکر نہ ہو تو زبان کا کیا کلمہ؛ اور فقر کا کیا ثبوت؛ اور برکت کس طرح ہوتی ہے۔

اولاد آپ کا نکاح سیدہ نواب بی بی بنت سید قطب الدین بن سید فتح الدین ساہن پالوی سے تھا۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔

آپ کے دو بیٹے تھے: (۱) سیّد غلام محمدؒ (۲) سیّد حسن محمدؒ

آپ کی ایک بیٹی سیدہ عائشہ بی بی ہے۔ منکوحہ سید امام الدین بن سید پیر اندتہ ساہنپالویؒ۔

Marfat.com

یارانِ طریقت آپ کے خواص مرید یہ تھے:

۱۔ سید حسن محمد فرزند آنجنابؒ — شیخ علی پور — ضلع گجرات

۲۔ سائیں قطب الدین — آہی — "

۳۔ سائیں احمد علی — " — "

تاریخ وفات سید نظام الدین کی وفات بروز زیر وار سوئم ربیع الثانی ۱۲۳۶ھ میں ہوئی۔ آپ کی قبر موضع شیخ علی پور عرف سُنّی ضلع گجرات میں ہے۔

مادۂ تاریخ: میر نظام الدین

سید شاہنواز بڑجن والہؒ

آپ سید فضل الدین بن سید فتح الدین برخورداری بڑجن والہؒ کے فرزند اکبر تھے۔ خرقہ خلافت وارشاد سید قدم الدین بن سید خدا بخش بن سید حافظ نور اللہؒ سے حاصل کیا۔ تربیت و تکمیل شیخ احمد شاہ بن شیخ جیون شاہ سلیمانی اگرویہ والہؒ سے پائی۔

آپ کی والدہ کا نام حضرت شہامت بانو بنت میاں جان محمد مغل تھا۔

تاریخ ولادت آپ کی ولادت بروز جمعہ دسویں شوال ۱۲۰۲ھ میں ہوئی۔

مادۂ تاریخ "بخشش" ہے۔

ناناصاحب کی وراثت آپ اپنے نانا صاحب میاں جان محمد کے گھر میں بمقام بڑجن ضلع میرپور متولی وجانشین ہوئے۔ منقول ہے کہ آپ کے خالہ زاد بھائیوں سید بوٹے شاہ و سید مکھن شاہ فرزندان سید حافظ الٰہی بخش مظہر حق برخورداری ساہن پالویؒ نے اپنے نانا صاحب کی وراثت کے متعلق آپ سے تنازع کیا۔ لیکن چونکہ نانا صاحب آپ کو وراثت دے گئے تھے اس لیے وہ دونوں ناکام رہے۔

اوراد و وظائف آپ بڑے پارسا خدا یاد تھے۔ قرآن مجید کی تلاوت کیا کرتے تھے۔ ذکرِ کلمہ طیبہ اور درود شریف آپ کا شغل تھا۔

Marfat.com

کرامات

آپ سے بہت خوارق وکرامات ظاہر ہوتے تھے۔

کشف قلوب

منقول ہے کہ مسمی قادر بخش ساکن برجاہ نے اپنے دل میں منت مانی کہ اگر میرا فلاں کام ہو جاوے تو میں چار سیر گھی آپ کو نذر کروں گا۔ جب اس کا کام ہوگیا تو وہ دل میں منحرف ہوگیا کہ آپ کو تو خبر ہے نہیں، میں کیوں دوں۔ ایک دن وہ آپ سے گھوڑی مانگنے آیا۔ آپ نے فرمایا کہ گھوڑی تو تجھے یاد ہے لیکن ہمارا گھی تجھے بھول گیا ہے۔ یہ سُن کر وہ سخت شرمندہ ہوا اور آپ کو نذر معیّن سے زیادہ لاکر ادا کیا اور مرید بھی ہوگیا۔

گائے کا تندرست ہونا

منقول ہے کہ آپ کی گائے پہاڑ میں چرنے گئی وہاں اس کی ٹانگ ٹوٹ گئی۔ وہ جگہ سے ہل نہیں سکتی تھی۔ آپ کو دودھ کا فاقہ آیا۔ دوسرے روز بیٹوں کو فرمایا کہ جاکر گائے کو کہو کہ گھر آجائے۔ جب انھوں نے جاکر کہا تو اسی وقت گائے اٹھ کر چل پڑی اور گھر آگئی۔

کپڑے کو غیبی رنگ چڑھانا

منقول ہے کہ آپ نے ایک کپڑا رنگ ساز کو رنگنے کے لیے دیا۔ اُس نے روز بروز وعدے کرکے پورا مہینہ گزار دیا اور رنگ نہ کیا۔ آپ نے اس سے سفید کپڑا لے کر تالاب میں ڈبو دیا، جب باہر نکالا تو ایسا رنگ چڑھا جو بہت عجیب اور خوشنما تھا۔ یہ کرامت دیکھ کر وہ آپ کا مُرید ہوگیا۔

تولیدِ فرزند

منقول ہے کہ ایک مرتبہ آپ میرپور میں تشریف لے گئے۔ سب لوگوں نے اُٹھ کر تعظیم کی۔ ایک معمار محمد بخش نام کنواں تعمیر کر رہا تھا۔ وہ نہ اٹھا بلکہ کہنے لگا کہ میں بہت فقیر دیکھ چکا ہوں۔ کسی میں کچھ تاثیر نہیں۔ میرے گھر اولاد نہیں ہوتی۔ اگر کسی میں کچھ تاثیر ہے تو دکھائے۔ آپ نے فرمایا جاؤ ایک سال کے بعد تمہارے ہاں لڑکا پیدا ہوگا جو مجذوب اطوار ہوگا۔ اس کا نام رحیم بخش رکھنا۔ چنانچہ واقعی ایسا ہی ہوا۔ اس کے بعد وہ معمار مرید ہوگیا۔

ایک غریب کو سرداری دینا

منقول ہے کہ موضع مواہ میں ایک خاندانی شخص پیر بخش نامی

Marfat.com

کو آپ نے سرداری کی دستار عنایت کی۔ چنانچہ وہ نمبردار ہوگیا اور آپ کو نذرانہ میں ایک گائے دی
آپ وہ گائے لے کر موضع کنیلی سے گزر رہے تھے وہاں کا نمبردار متکبر و مغرور شخص تھا۔ وہ
کہنے لگا کہ اگر تم لوگوں کو نمبردار کر سکتے ہو تو ہمارے گاؤں میں فیض محمد کو کر جاؤ۔ وہ شخص نہایت
مفلس اور غریب تھا۔ آپ اس کے گھر تشریف لے گئے اور دو رات رہے۔ اس کو بھی دستار
پہنائی اور فرمایا: عدالت میں نمبرداری کی درخواست کرو۔ اس نے تعمیلِ ارشاد کی۔ کچہری میں
حاضر ہوا تو اس کو نمبرداری مل گئی اور وہ مغرور و متکبر نمبردار بے دخل ہوگیا۔ اس کے بعد
فیض محمد نے آپ کو نذرانہ میں بھینس دی۔

مسروقہ گھوڑی کا واپس آنا منقول ہے کہ میرپور کے ایک شخص کی گھوڑی چوری ہوگئی۔ تین سال تک کچھ پتہ نہ چلا۔ ایک دفعہ آپ وہاں تشریف لے گئے۔ اس نے خدمت میں عرض کی۔ آپ نے فرمایا، جاؤ آجاوے گی۔ چنانچہ تیسرے دن وہ گھوڑی مع بچیری کے خود بخود گھر میں آگئی۔ وہ شخص مرید بن گیا اور گھوڑی بھی نذرانہ میں دی۔

منکروں کو بددعا دینا منقول ہے کہ ایک مرتبہ آپ موضع گوپال میں تشریف لے گئے۔ چند منکروں نے آپ کے متعلق ناجائز کلمات کہے۔ آپ جلالیت میں آگئے اور فرمایا تم کوڑھے ہو جاؤ گے۔ جب آپ واپس آئے تو راستہ میں والد بزرگوار یعنی سید فضل الدینؒ کی ملاقات ہوئی۔ اُن کے سامنے ساری سرگزشت بیان کی۔ انہوں نے فرمایا: فقیر کو ایسا نہیں ہونا چاہیے سب کو بددعا دینی مناسب نہ تھی۔ صرف ایک شخص ان میں سے کوڑھا ہو جاوے گا۔ چنانچہ آج تک ان کی نسل میں جذام چلا آتا ہے۔

کھتری کو بددعا منقول ہے کہ ایک کھتری کو آپ نے گھوڑی نصف حصہ پر پرورش کے لیے دی۔ اس نے بچہ جنا۔ جب تقسیم کا وقت آیا تو آپ نے فرمایا بچہ ہم کو دے دو اور گھوڑی تم رکھو۔ اس نے کہا کہ اگر تم دعوٰی بھی کرو تو میں بچہ نہیں دوں گا۔ آپ نے فرمایا، میرا دعوٰی تو اپنے پیر صاحب کے آگے ہے۔ اور اس کو فرمایا: یہی بچہ تم کو کھا جاوے گی۔ چنانچہ اسی وقت اسے درد ذات الجنب اٹھا اور واصلِ جہنم ہوا۔

Marfat.com

منقول ہے کہ آپ خوب صورت اور شہسوار تھے۔ اس لیے موضع ڈنہ ضلع میرپور کے مغلوں نے اپنی بیٹی حضرت فضل بی بیؒ کا نکاح آپ سے کر دیا۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔

اولاد

آپ کے تین بیٹے تھے:

۱۔ سید علم الدینؒ
۲۔ سید شمس الدینؒ
۳۔ سید نظام الدینؒ

آپ کی چار بیٹیاں تھیں:

۱۔ سیدہ شمس بی بیؒ۔ منکوحہ سید غلام علی بن سید قدم الدین ساہن پالویؒ
۲۔ سیدہ حسین بی بیؒ۔ منکوحہ سید پیراں دتہ بن سید قطب الدین ساہن پالویؒ
۳۔ سیدہ امام بی بیؒ۔ منکوحہ سید اللہ دتہ بن سید قطب الدین ساہن پالویؒ
۴۔ سیدہ نواب بی بیؒ۔ یہ تارکہ مجردہ رہیں۔

یارانِ طریقت آپ کے بعض مریدوں کے نام یہ ہیں:

۱۔ پیر بخش ۲۔ اجمیر ۳۔ وزیر محمد ۴۔ نیاز محمد سکنائے بڑجن
۵۔ قادر بخش ساکن برجاہ ۶۔ فیض محمد نمبردار ساکن کنیلی ۷۔ محمد بخش معمار ساکن میرپور
۸۔ رحیم بخش بن محمد بخش معمار میرپوری

تاریخ وفات سید شاہنوازؒ کی وفات بعمر ترانوے ۹۳ سال بروز جمعرات گیارھویں صفر ۱۲۹۵ھ میں ہوئی۔ قبر موضع بڑجن علاقہ گس گماں ضلع میرپور میں ہے۔

مادۂ تاریخ، چراغ کامل

سید چراغ دین بڑجن والےؒ

آپ سید فضل الدین بن سید فتح الدین برخورداری بڑجن والہ کے فرزند اصغر اور مرید و خلیفہ تھے۔ آپ کی والدہ کا نام حضرت شہامت بانو بنت میاں جان محمد مغل تھا۔

مخالف کا سزا پانا منقول ہے کہ آپ زراعت پیشہ کرتے تھے۔ ایک بار آپ کا کھاد کا ڈھیر مسمی بجیر ابن عزت بخش تارڑ ساہنپالیہ نے رات کو

Marfat.com

چوری ڈھوکر اپنے کھیت میں ڈال لیا۔ آپ کو خبر ہوئی تو فرمایا کہ جب تک ہماری کھاد کا اثر رہے گا اس قطعہ زمین میں کچھ بھی پیدا نہ ہوگا۔ چنانچہ دس سال تک اس کھیت میں بالکل کچھ پیدا نہ ہوا، حالانکہ وہ زمین بہت اچھی اور زرخیز تھی اور اس میں کھاد بھی ڈالی گئی تھی۔

آپ کا نکاح سیدہ حشمت بی بی بنت سید حافظ شرف الدین برخورداریؒ ساکن میروہ علاقہ لالہ موسیٰ سے ہوا تھا۔ لیکن ان کے بطن سے کوئی اولاد نہیں ہوئی۔

اہلیہ محترمہ

آپ دنیا سے لاولد فوت ہوئے۔ وفات ۱۳۰۲ھ

آپ کی قبر ساہن پال شریف گورستانِ نوشاہیہ میں ہے۔

سید پیراں دتہؒ

آپ سید قطب الدین بن سید فتح الدین برخورداری ساہنپالویؒ کے بڑے بیٹے تھے۔ ارادت و بیعت شیخ احمد شاہ بن شیخ جیون شاہ سلیمانیؒ ساکن اگرویہ سے تھی۔

آپ کی والدہ کا نام سیدہ نیاز بی بی بنت سید حافظ شرف الدین برخورداریؒ ساکن میروہ علاقہ لالہ موسیٰ تھا۔ آپ سادہ مزاج تھے۔ تمام عمر پیشہ کاشتکاری کیا۔

آپ کے بڑے بیٹے سید امام الدین بیان کرتے تھے کہ آپ کی وفات کے بعد کا واقعہ ہے کہ ایک رات خواب میں آپ مجھ کو ملے اور فرمایا تمہارے کپاہ کے کھیت میں صاحبزادہ حسین ہاشمی رن مل والہ اپنے مویشی چرا رہا ہے۔ میں بیدار ہوا اور کھیت کی طرف چلا گیا۔ دیکھا تو واقعی حسین وہاں مویشی چھوڑ کر بیٹھا ہوا ہے۔ میں نے اس کو سرزنش کی۔

خواب میں متنبہ کرنا

سید شیر علی بن سید محمد شفیع برخورداریؒ سے منقول ہے کہ آپ فرمایا کرتے تھے کہ دنیا کے سب جھگڑے اور فسادات تین چیزوں سے پیدا ہوتے ہیں، زرؔ، زنؔ، زمینؔ۔ ان کے علاوہ کوئی چیز تنازع کا موجب نہیں۔

ملفوظ

آپ کے چار بیٹے ہوئے (۱) سید بڈھے شاہؒ (۲) سید امام الدینؒ (۳) سید علم الدینؒ یہ تینوں فوت ہو چکے ہیں۔

اولاد

Marfat.com

۴۔ سید روشن دین سلمہ اللہ تعالیٰ متولد ۱۳۱۵ھ۔ اس وقت ۱۳۷۶ھ میں بعمر اکسٹھ سال زندہ ہیں۔ زراعت پیشہ کرتے ہیں۔ ان کا نکاح ۱۳۴۱ھ میں سیدہ چنن بی بی بنت سید نظام الدین بن سید شاہ نواز بڑجن والے سے ہوا۔ ان کے بطن سے دو بیٹے اور پانچ بیٹیاں ہیں۔

بیٹے یہ ہیں:

۱۔ صاحبزادہ مبارکدین متولد ۱۲۵۳ھ ۲۔ صاحبزادہ احمد الدین متولد ۱۳۵۵ھ۔

دونوں اس وقت موجود ہیں۔ سلمہما اللہ تعالیٰ

بیٹیاں یہ ہیں:

۱۔ سیدہ برکت بی بی۔ منکوحہ سید محمد الدین بن سید بڈھے شاہ ساہنپالوی۔ اس کی وفات کے بعد منکوحہ سید محمد شریف بن سید محمد عالم ڈھل والہ۔

۲۔ سیدہ زینب بی بی۔ منکوحہ صاحبزادہ طالب حسین بن سید محمد عالم بڑجن والہ۔

۳۔ سیدہ فاطمہ بی بی۔ منکوحہ صاحبزادہ منظور حسین بن سید محمد عالم بڑجن والہ۔ اس کی وفات کے بعد منکوحہ صاحبزادہ محمد اشرف بن سید محمد عالم بڑجن والہ۔

۴۔ سیدہ خورشید بیگم
۵۔ سیدہ عنایت بیگم
} یہ دونوں ابھی کنواریاں ہیں

سید پیراں دتہؒ کی دو بیٹیاں تھیں:

۱۔ سیدہ عمر بی بیؒ۔ منکوحہ سید شیر عالم بن سید شمس الدین ساکن بڑجن۔

۲۔ سیدہ ریشم بی بیؒ۔ منکوحہ سید محمد عالم بن سید نظام الدین ساکن بڑجن۔

تاریخ وفات سید پیراں دتہؒ کی وفات بروز منگلوار، آٹھویں ذیقعدہ ۱۳۴۰ھ میں ہوئی۔ قبر گورستانِ نوشاہیہ میں ہے۔

مادۂ تاریخ: فروغِ جان

سید اللہ دتہؒ

آپ سید قطب الدین بن سید فتح الدین ساہنپالویؒ کے دوسرے بیٹے تھے۔ خلافت و

Marfat.com

اجازت شیخ احمد شاہ بن شیخ جیون شاہ سلیمانی ساکن اگروئیہ سے حاصل تھی۔

آپ کی والدہ کا نام سیدہ نیاز بی بی بنت سید حافظ شرف الدین ساکن میرووہ تھا۔

تاریخ ولادت آپ کی ولادت ۱۲۸۲ھ میں بمقام ساہن پال شریف ہوئی۔ الفاظ "افتخار" اور "محمد ظریف" سے تاریخ ظاہر ہوتی ہے۔

اخلاق و عادات آپ کے اخلاق درویشانہ تھے۔ خودی و غرور و تکبر آپ میں ہرگز نہ تھا آپ کاشت کاری کرتے۔ دیانت دار اور امین اس قدر تھے کہ سادات برخورداریہ نے اپنی طرف سے درگاہِ نوشہ پیر کا کلید بردار آپ کو مقرر کیا ہوا تھا اور خزانہ آپ کی تحویل میں ہوتا تھا۔ طبیعت سادہ تھی۔ چہرہ پر چیچک کے داغ تھے۔ لباس بھی کھدر کا سادہ ہوتا تھا۔ برادری کے لوگ آپ سے خوش طبعیاں کرتے۔ لیکن آپ ناراض نہ ہوتے۔

کرامت

بیٹا پیدا ہونے کی بشارت دینا سائیں مہر دین قوم چٹھہ ساکن نوئیں والہ ضلع گوجرانوالہ جو نوشاہی خاندان کے ایک مشہور درویش تھے، اسّی سال کے قریب عمر تھی، اولاد نرینہ سے مایوس ہو چکے تھے، اہلیہ بھی فوت ہو گئی تھی، ایک سال عرس حضرت نوشہ صاحبؒ پر مع درویشاں آئے ہوئے تھے۔ روضہ منیر نوشاہ عالیجاہؒ کے اندر سلام کے لیے داخل ہوئے۔ تو سید اللہ دتہ، اندر مزار کے پائیں طرف بیٹھے تھے آپ نے فرمایا، سائیں مہر دین! جب تمہارے ہاں لڑکا پیدا ہو تو اس کا نام گوٹا رکھنا۔ سائیں صاحب متبسم ہوئے اور کہا: حضرت جی! میرے پاس تو کوئی اہلیہ ہی نہیں اور خود سن رسیدہ ہوں۔ اب بیٹا ہونا کیسا؟ آپ نے فرمایا: میں نے اپنی طرف سے نہیں کہا بلکہ حضرت نوشہ صاحبؒ کے امر سے ایسا کہا ہے۔ چنانچہ آپ کے حسب بشارت سائیں صاحب کو نکاح کا سبب بن گیا اور خدا تعالیٰ نے لڑکا بھی دے دیا، جس کا نام محمد گوٹا رکھا گیا۔ آپ کی بشارت پوری ہو گئی۔

اہلیہ آپ کا نکاح سیدہ امام بی بی بنت سید شاہنواز بڑجن والہ سے تھا۔ لیکن اُن کے

Marfat.com

بطن سے کوئی اولاد نہیں ہوئی۔ آپ لاولد ہی دنیا سے رخصت ہوئے۔

یارانِ طریقت آپ کے بعض احباب کے نام یہ ہیں:

۱۔ سید شیر عالم بن سید شمس الدین برخورداریؒ — بڑجن ضلع میرپور
۲۔ سید محبوب عالم المعروف رحمت علی بن سید نظام الدین برخورداری — 〃
۳۔ سید امام الدین بن سید پیر اندتہ برادر زادہ آنجنابؒ — ساہنپال شریف گجرات
۴۔ سید روشن دین بن سید پیراں دتہ — 〃 〃
۵۔ احمد الدین سپرا — مُرالہ 〃

تاریخ وفات سید اللہ دتہؒ کی وفات بعمر اٹھاسی سال، سوموار کی رات، تیرھویں ربیع الثانی سنہ ۱۲۶۰ھ میں ہوئی۔ قبر گورستان نوشاہیہ میں ہے۔

مادہ ہائے تاریخ:

۱۔ آیت شریف فَیَغْفِرُ — ۲۔ سلطان مظفر

سید محمدؒ

آپ سید قطب الدین بن سید فتح الدین برخورداریؒ کے تیسرے بیٹے تھے۔ آپ کی والدہ کا نام سیدہ نیاز بی بی بنت سید حافظ شرف الدین ساکن میردہ تھا۔ آپ بچپن میں فوت ہو گئے۔ **وفات** سنہ ۱۲۹۵

سید الہدینؒ

آپ سید امام بخش بن سید حبیب اللہ برخورداریؒ کے اکلوتے بیٹے تھے۔ ارادت و بیعت آپ کی شیخ غلام حسن بن شیخ بڈھا سلیمانی بھلوالیؒ سے تھی۔

آپ کی والدہ کا نام سیدہ تاج بی بی بنت سید حافظ شرف الدینؒ ساکن میردہ تھا۔

اخلاق و اوصاف آپ قلت الکلام، قلت الطعام، قلت المنام کے اوصاف سے موصوف تھے۔ لالچ، بے سوال، سادہ مزاج، بے ریا، وفادار،

Marfat.com

صاحبِ شرم وحیا، دیانت دار، متوکل، اہل خلق وحلم درویش مرد تھے۔ صبر وشکر آپ کا شیوہ تھا۔

رضائے الٰہی پر شاکر ہونا منقول ہے کہ آپ اِس درجہ صابر تھے کہ جب آپ کے اکلوتے فرزند سید فیض احمدؒ جوانی میں آپ کے سامنے فوت ہو گئے۔ تو آپ بالکل نہ روئے۔ نہ آنسو چھوٹے۔ "رضائے مولیٰ از ہمہ اولیٰ" پر عامل رہے۔

لوگوں کا فیض یاب ہونا آپ کے پاس دردِ ریح اور آسیب اور نظر بد اور اٹھرا کا عمل اکسیر اعظم تھا۔ ان بیماریوں والا جو شخص بھی آپ کے پاس آتا شفا پا جاتا۔

اخفائے احوال آپ اخفا پسند تھے۔ تمام عمر غربت اور مسکینی میں گزاری۔ جو تن سے پہنے کھدر کا لباس رکھتے۔ ہاتھ میں ہر وقت کلہاڑی رکھتے۔ درگاہِ نوشاہیہ کے چڑھاوا میں ساداتِ برخورداریہ کے حصّہ میں سے آپ پورے دسویں حصّے کے مالک تھے۔

کرامت

دعائے خیر کا عجیب منظر ۱۹۱۴ء میں گورنمنٹ برطانیہ کی جنگ شاہِ جرمن سے شروع ہوئی جس کو جنگِ عظیم کہا جاتا تھا۔ اس وقت حکومت کے کاردار عام پبلک کو جبراً پکڑ کر فوج میں بھرتی کرتے تھے۔ رات کو دیہات میں چھاپے مارتے اور لوگوں کو پکڑ کر لے جاتے۔ ان دنوں میں آپ کا ڈیرا موضع سارنگ میں ساون بن فتح دین ماچھی کے ہاں ہوتا تھا۔ ایک رات افسرانِ سرکاری تھانیدار، ذیلدار اور سفید پوش مع عملہ کے اس گاؤں پر چھاپہ زن ہوئے۔ وہاں کے سب خوردہ کلاں دعا کے واسطے آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے آپ نے فرمایا، تم ان کا مقابلہ کرو اور خوف مت کھاؤ۔ اللہ تعالیٰ تمہیں فتح دے گا۔ چنانچہ لوگوں نے ڈٹ کر مقابلہ کیا۔ افسروں کو بھگا دیا۔ بعد میں گورنمنٹ کی طرف سے ان لوگوں پر مقدمہ دائر ہوا۔ لیکن آپ کی دعائے باصفا سے سب قید وجرمانہ سے محفوظ رہے۔ اور امن وامان بچ رہے۔ اُس روز سے باشندگانِ سارنگ نے ہر بیاہ شادی کے موقعہ پہ آپ کا نذرانہ مقرر کر دیا۔

Marfat.com

آپ کا نکاح ۱۲۸۶ھ میں سیدہ اللہ جوائی بنت سید قاسم علی برخورداریؒ ساکن پانڈو کے

اولاد سے ہوا۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔ آپ کے ایک ہی فرزند سید فیض احمد نام تھے۔

آپ کی تین بیٹیاں تھیں:

۱۔ سیدہ جنت بی بیؒ۔ منکوحہ سید مہتاب دین بن سید امام الدین پانڈوکویؒ

۲۔ سیدہ عائشہ بی بیؒ۔ منکوحہ سید حسن محمد بن سید نظام الدین شیخعلیپوریؒ

۳۔ سیدہ رابعہ بی بیؒ۔ منکوحہ سید غلام محمد بن سید نظام الدین شیخعل پوریؒ

ف: چونکہ سید الہ دینؒ کی اولاد نرینہ ختم ہوگئی۔ اس لیے آپ نے اپنی ملکیت زمین جو چاہِ ظاہر وال واقع رقبہ سارنگ پر تھی اپنی بیٹیوں کے نام لگوادی اور حصہ آمدن درگاہِ نوشاہیہ بھی دے دیا۔ آپ کی وفات کے بعد آپ کے ہم جدی برادران سید اللہ دتہ بن سید قطب الدینؒ اور سید امام الدین وغیرہ پسران سید پیراں دتہؒ نے عدالت میں وراثت کا دعویٰ دائر کر دیا۔ چنانچہ عدالت کی طرف سے حصہ درگاہ تو ان کو مل گیا اور زمین بیٹیوں کے نام انتقال ہوگئی۔ چنانچہ آپ کے مکانات اور زمین اب آپ کے نواسوں کے قبضہ و تصرف میں ہیں۔

واقعہ وفات آپ کی نواسی سیدہ حسین بی بی بنت سید غلام محمد بیان کرتی ہے کہ آپ کی زندگی میں آپ کی خالہ زاد ہمشیرہ طالعہ بی بی بنت سید قطب الدین جو نہایت سخت طبیعت تھیں۔ آپ کے مخالف رہا کرتیں اور بارہا کہا کرتیں کہ "الہ دین! تم بھونک کر مرو گے"۔ چنانچہ جب آپ کی وفات کا وقت آیا، آپ بیمار تھے، سرگھی کا وقت تھا۔ حالت سکرات طاری ہوئی۔ بہت سے لوگ پاس بیٹھے تھے۔ آپ نے فرمایا: جاؤ طالعہ بی بی کو بلالاؤ۔ ان کو بلایا گیا۔ وہ آگئیں اور پوچھا: سناؤ بھائی! کیا حال ہے؟ آپ نے فرمایا: میری بہن! تم کہا کرتی تھیں کہ "تم بھونک کر مرو گے"۔ اب میرا وقت اخیر ہے اس لیے تم کو بلایا ہے کہ تم میرا خاتمہ دیکھ لو۔ پھر آپ نے فرمایا کہ تم میرے کلمہ طیبہ کی گواہ رہو۔ یہ کہہ کر آپ نے بلند آواز سے کلمہ طیبہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھا۔ اور اپنی چادر کا مُنہ اسا کر لیا، اور اُسی وقت جان بحق تسلیم کی۔

تاریخ وفات سید الہ دینؒ کی وفات بروز اتوار، پندرھویں رمضان ۱۳۴۵ھ میں ہوئی۔

Marfat.com

قبر گورستانِ نوشاہیہ میں ہے۔
مادۂ تاریخ : شجرۃ العارفین

سیّد پیر محمد ڈھلوالہؒ

آپ سید شمس الدین بن سید اللہ دتہ برخورداری ڈھلوالہؒ کے اکلوتے بیٹے تھے۔
بیعت وخلافت اپنے حقیقی چچا سید احمد بخش بن سید اللہ دتہؒ سے حاصل تھی۔

علم لدنی منقول ہے کہ بچپن میں آپ کو والدین سبق پڑھنے کے لیے مسجد میں بھیجتے۔ لیکن آپ نہ جاتے۔ ایک دن انھوں نے بڑی زجر وتوبیخ کی تو آپ قرآن مجید سامنے رکھ کر خود بخود پڑھنے لگے۔ یہ دیکھ کر والدین خاموش ہو گئے۔ پھر کبھی نہ جھڑکا۔

جذبہ وسلوک آپ ابتدا ہی سے مجذوب اطوار تھے۔ دنیاداری کے امور سے اکثر بے تعلق رہتے۔ کبھی کبھی سالک بھی ہوتے تھے۔

حلیہ ولباس آپ کا رنگ سانولا، سر کے بال مونڈھوں تک، ریش سیاہ بقدر ایک قبضہ، سر پر کھدر سفید کی دستار، کمر میں لنگی، گلے میں سادہ کُرتہ پہنتے۔ کانوں میں سونے کی مُرکیاں رکھتے۔

کرامات

جلنے سے محفوظ رہنا آپ کے بیٹے سیّد محمد عالمؒ سے منقول ہے کہ ایک مرتبہ آپ رسول پور چٹھہ میں عُمر ماچھی کے گھر تشریف فرما تھے۔ عصر کے وقت سیر کو باہر نکلے۔ آگے بُوٹا باورہ آتھرا میں گرم گڑ ڈال کر ہلا رہا تھا۔ آپ اس میں ہاتھ ڈال کر ہلانے لگے مگر آپ کو کچھ ایذا نہ پہنچی۔

ف : بزرگانِ دین کو آگ پر تصرف حاصل ہوتا ہے اور وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی طرح آگ سے محفوظ رہ سکتے ہیں۔ چنانچہ :

۱۔ شیخ سوندھا چشتیؒ ایک پہر تک آگ میں بیٹھے رہے آپ کا کچھ نہ جلا[1]

---

[1] تذکرہ اولیائے ہند، ج ۲، ص ۱۰۲

Marfat.com

۲۔ خواجہ بہاریؒ آگ میں بیٹھے رہے اور سلامت رہے[1]

غیبی کشتی کا ظاہر ہونا

سیّد محمد عالمؒ سے منقول ہے کہ آپ مع شیخ رحیم بخش برہان پوری کے موضع رڑیالہ میں کسی شادی کی تقریب پر شمولیت کے لیے جا رہے تھے راستہ میں دریائے جہلم واقع تھا، کشتی پر سوار ہوئے۔ امرِ الٰہی سے سخت آندھی آگئی اور وہ کشتی اُلٹ گئی۔ سب لوگ غرق ہو گئے۔ آپ کے لیے اسی وقت غیب سے کشتی نمودار ہوئی جس پر آپ بمعہ درویش سوار ہو کر سلامت پار گزر گئے۔

لڑکے کا پیدا ہونا

آپ ایک مرتبہ لاہور میں عثمان گلگو کے ہاں تشریف فرما تھے۔ اس کے ہاں اولادِ نرینہ نہ تھی۔ اس کی بیوی نے ڈیڑھ کھبّڑ تمباکو آپ کو دے دیا۔ آپ بڑے خوش ہوئے اور فرمایا: خدا تعالیٰ تجھے ڈیڑھ لڑکا عطا فرماوے گا۔ چنانچہ ان کے ہاں ایک لڑکا خدا یار نام پیدا ہوا۔ دُوسرا لڑکا پیدا ہوتے ہی مر گیا۔

غیرت کا اثر

آپ کو تمباکو سے بہت رغبت تھی منقول ہے کہ آپ کے گھر لڑکا پیدا ہوا جس کا نام چن پیرؒ رکھا گیا۔ ایک روز ایک ہندو عورت آپ کے گھر سے تمباکو لے کر نکلی۔ آپ نے پُوچھا: کہاں سے لائی ہے؟ اس نے کہا آپ کی اہلیہ نے دیا ہے۔ آپ نے فرمایا: اس کو بھی لڑکے کا فخر اور ناز ہے اس کو نہ کھلائے گی۔ چنانچہ اسی وقت وُہ لڑکا فوت ہو گیا۔

اولاد

آپ کا نکاح سیّدہ حسین بی بی بنت سیّد بُوٹے شاہ بن سیّد فتح الدین ہاشمیؒ ساکن مندران والہ ضلع سیالکوٹ سے ہوا تھا۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔

آپ کے دو بیٹے تھے:

۱۔ سیّد چن پیرؒ ۲۔ سیّد پیر محمد عالمؒ

آپ کی ایک بیٹی تھی سیّدہ سردار بیگمؒ جو تارکہ مجردہ رہیں۔

---

[1] تذکرہ اولیائے ہند، ج ۳، ص ۵۲

Marfat.com

یارانِ طریقت آپ کے خواص مریدیہ تھے :
۱۔ خدایار بن عثمان گلگو۔ لاہور ۲۔ مولاداد بادرہ رسولپور چٹھہ۔ گوجرانوالہ
۳۔ عبداللہ موچی جبّرِ ورکاں۔ گوجرانوالہ

تاریخ وفات سیّد پیر محمدؒ کی وفات ۱۲۹۹ھ میں ہوئی۔ قبر ڈھل شریف متصل سرائے عالمگیر ضلع گجرات میں اپنے آباو اجداد کے پاس ہے۔

مادۂ تاریخ : مروج احکامِ شریعت

سیّد غلام حسن ڈھل والہؒ

آپ سیّد قطب الدین بن سیّد اللہ دتہؒ برخورداری ڈھل والہؒ کے اکلوتے بیٹے تھے۔ خرقۂ خلافت اپنے عمِ بزرگ سیّد شمس الدین بن سید اللہ دتہؒ سے حاصل کیا۔

چلہ نشینی آپ نے ابتدائے حال میں قصبہ رہتاس ضلع جہلم میں حضرت نوشہ صاحبؒ کے خلیفہ ارجمند سیّد شاہ محمد شہید بھاکھریؒ کی درگاہِ عالیہ پر ایک حجرہ میں چلّہ کشی کی۔ چالیس دانہ جَو افطار کے لیے اور ایک کوزہ پانی لے کر اندر داخل ہوئے اور دروازہ بند کر دیا۔ چالیس روز عبادت میں مشغول رہے۔ جب چلّہ سے نکلے تو جسم نہایت لاغر و ناتواں ہو چکا تھا۔ لیکن عبادت میں نوجوانوں کی طرح سرگرم تھے۔

ف : تھوڑی غذا پر زیادہ وقت گزار دینا اولیاءاللہ کا معمول رہا ہے۔ چنانچہ سیّد الہ بخش لاہوریؒ خلیفہ خواجہ نظام بلخیؒ ایک مٹھی بھر کھیلوں سے آٹھ روز تک افطار کرتے رہے[1]

تسخیرِ جنّات منقول ہے کہ تسخیرِ جنّات کا آپ نے عمل کیا تھا۔ اس لیے جن آپ کے مسخر تھے۔ آپ اُن سے کاروبارِ خانگی کروا لیتے۔ رات کو وہ آپ کے پاؤں بھی دباتے۔ کئی آسیب زدہ آپ کے عمل و تعویذوں سے شفایاب ہو گئے۔ جنّوں کے متعلق آپ سے کئی واقعات منقول ہیں۔

---

[1] تذکرہ اولیائے ہند، ج ۲، ص ۶۴ شرافت

Marfat.com

کرامات

چوروں کا اندھا ہونا

منقول ہے کہ ایک مرتبہ چوروں نے آپ کے گھر میں نقب لگائی۔ جب اندر داخل ہوئے تو اندھے ہو گئے۔ پھر تائب ہوئے تو بینا ہو گئے۔

ف: چوروں کا اندھا ہو جانا بزرگوں کی کرامات سے ہے۔ چنانچہ شیخ یحییٰ بن عبدالکریم لاہوریؒ کے مکان کو خیرو چور نے نقب لگائی تو وہ اندھا ہو گیا۔[1]

اولاد کی دعا دینا

موضع رنمل کا ایک زمیندار راجہ بن جوایا نام آپ کے آگے اولاد کے واسطے التماس گزار ہوا۔ آپ نے فرمایا: تمہاری پشت میں دو بیٹے نظر آرہے ہیں تم اور نکاح کرو۔ اس نے نکاح کیا تو خدا تعالیٰ نے دو فرزند اس کو عنایت کیے۔

ازواج

آپ کی تین بیویاں تھیں:

۱۔ سیدہ گوہراں بیگمؒ بنت سید شمس الدین برخورداری ڈھلوالہؒ۔ ان کے بطن سے آپ کے دو بڑے لڑکے پیدا ہوئے۔

۲۔ مسمات سید بیگمؒ۔ اس کے بطن سے ایک بیٹی پیدا ہوئی۔

۳۔ مسمات بہشتاں ساکن کالرہ۔ اس کے بطن سے آپ کا چھوٹا لڑکا پیدا ہوا۔ پھر آپ نے اُس عورت کو طلاق دے دی۔

اولاد

آپ کے تین بیٹے تھے:

۱۔ سید سردار شاہؒ ۲۔ سید لدھوؒ ۳۔ سید پیر فضل حسینؒ

آپ کی ایک بیٹی تھی سیدہ فضل بیگمؒ جو کنواری ہی فوت ہو گئی۔

یارانِ طریقت آپ کے خواص مریدیہ تھے:

۱۔ سید پیر محمد عالم بن سید پیر محمد مجذوب ڈھلوالہ	ساہنپال شریف	گجرات
۲۔ سید پیر فضل حسین بن سید غلام حسنؒ فرزند آنجناب	〃	〃

---

[1] تذکرہ اولیائے ہند، ج ۲، ص ۶۹ شرافت

Marfat.com

۳۔ میاں خیرالدین بن میاں عمر بخش رحمانیؒ — بھڑی شریف گوجرانوالہ
۴۔ میاں چنن شاہ بن میاں خدا بخش رحمانیؒ — 〃 〃
۵۔ سائیں لال شاہ فقیر — جاگووالہ 〃
۶۔ سائیں جواہر
۷۔ حاجی نور محمد کھوکھر — غلام حسین شتاب گڑھ ملتان
۸۔ میاں دایم لوہار — اگرویہ گجرات
۹۔ سائیں پہلوان شاعر

تاریخ وفات سید غلام حسنؒ کی وفات بروز اتوار انتیسویں ربیع الاول ۱۳۲۳ھ میں ہوئی۔ قبر گورستانِ نوشاہیہ میں اپنے آباواجداد کے پاس ہے۔

قطعاتِ تاریخ

از مولوی قاضی محمد سلام اللہ شایق ساکن چک عسکر علاقہ لالہ موسے

چیست یارب آنچہ بینم در جہاں — ہر طرف برخاستہ شور و فغاں
ہائے حضرت پیر نوشاہی حسن — صاحبِ حلم و حیا شیریں زباں
بست و نہ ماہ ربیع الاولیں — روز یک شنبہ بجنت شد رواں
بود سجادہ نشیں در سہنپال — در شریعت بود قایم جاوداں
مسند آرائے طریقت در کمال — در حقیقت مقتدائے کاملاں
بود حق آگاہ اندر معرفت — بابِ او مفتوح بہرِ سائلاں
گشت ہر یک از وفاتش دردمند — نیلگوں گردید بلکہ آسماں
خرقۂ تجرید پارہ پارہ گشت — رشتۂ تسبیح شد نالہ کناں
شد معطل از وفاتش سرنگوں — کوزہ شد بے آب و خانہ نیم جاں
بیکس و تنہا شدہ فضل حسین — آنکہ در عالم ازو ماندہ نشاں
شد محمد پیرِ عالم سوگوار — مخلصِ من مشفقِ من مہرباں

Marfat.com

چوں بہ بینم حالتِ آں خستہ دل — اشکِ خُونیں میکند چشم رواں
کس نہ بیند یا الٰہی رنج و غم — آنچہ بینم از مصیبت در جہاں
گفت خالق صبر بہتر اے عزیز — در کلامِ حق بروز و شب بخواں
از پئے تعمیل حکمِ یار غار — سالِ تاریخش بگویم اے جواں
سالِ ہجری چوں بجستم از دلم — شد ندا افسوس شمعِ خاندان

منہ

چہ گویم من شائقِ دردمند — کہ وقتِ نوشتن بلرزد قلم
جنابِ غلامِ حسن با کمال — کہ در خاندان بود زاہلِ حشم
فقیرِ خدا دوست پاکیزہ دل — ز اولادِ نوشاہ کانِ کرم
چو ابرِ بہاری و بادِ سحر — رواں بود فیضش بجود و نعم
ز درگاہِ او طالبان مستفید — ز فیضش مریداں مصوں از الم
بہ یک شنبہ ولبست[۲۳] سہ ماہ جلیٹھ — ز دنیا رواں شد بملکِ عدم
ز چشمِ عزیزان و واماندگاں — رواں ست سیلابِ خوں دمبدم
بہ تعمیلِ فرمانِ غمخوارِ خویش — کہ ہمراز و ہمعمر و ہست ہمقدم
بہشتی جنابِ غلامِ حسن — بتاریخ بکری نمودم رقم

منہ

غلامِ حسن پیرِ فرخ تبار — ز دار الفنا شد بدار القرار
ز مرگش شدہ آسماں نیلگوں — بہر چار سو خاست گرد و غبار
ز خش بود مہرِ سپہرِ حیا — بفقر و سخا در جہاں نامدار
الٰہی بگورش ز فضل و کرم — ہمہ روز و شب ابرِ رحمت ببار

بسالِ مسیحی تامل کناں
بگفتم غلامِ حسن شہریار
۱۹۰۵ء

Marfat.com

قطعہ تاریخ

از چودھری مہرداد بن دائم تارڑ ساہنپالیہ ساکن چھوہرانوالہ ضلع گجرات
ز اولادِ نوشہ غلامِ حسن پسر قطب دیں بود صاحب کرم
ہمہ خادماں را پناہ داشتے کہ کانِ حیا و سخا و شرم
بلطفِ خدا در جہاں عز یافت نماندے ہمیشہ بجز درد و غم
بہر نعمت و کربتے بود خوش بخدام تلقین کردے اتم
ز دارالفنا شد بدار البقا خراماں خراماں بسوئے ارم
مریدان زن و مرد زاری کنند کہ شد زندگی آں جنابِ ختم
بماندہ ازاں بعد فضلِ حسین بحالت پریشانگی دمبدم
غلامِ حسن صاحبِ پاکباز بتاریخِ وصلش نمودم رقم

مادۂ تاریخ : نظیر الاسلام

سید حافظ غلام محمد ڈھل والہؒ

آپ سید احمد بخش بن سید اللہ دتہ برخورداری ڈھل والہؒ کے اکلوتے فرزند تھے۔ بیعتِ طریقت اپنے حقیقی عم بزرگ سید قطب الدین بن سید اللہ دتہ سے تھی۔

آپ کی والدہ کا نام سیدہ بھاگ بھری بنت سید خدا بخش بن سید حافظ نور اللہ فرشتہ صفاتؒ تھا۔

تعلیم آپ نے فارسی علم ادب کی خاصی تعلیم پائی۔ قرآن مجید بھی حفظ کیا۔ فنِ کتابت نستعلیق بھی سیکھا۔ کتابوں کو تحریر کرتے رہتے۔

دستخط آپ کے ہاتھ کی لکھی ہوئی کتاب انشائے نور اللہ موجود ہے جو حضرت سید حافظ نور اللہ بن سید حافظ محمد حیات ربانی برخورداریؒ کی تصنیف سے ہے۔ اس پر سے آپ کا دستخط نقل کیا جاتا ہے۔

"الحمد للہ رب العالمین و العاقبۃ للمتقین والصلوٰۃ والسلام علیٰ رسولہ محمد

Marfat.com

وآلہٖ واصحابہٖ اجمعین۔ تمام شد کتاب انشائے نوراللہ بتاریخ دوئم ماہ شعبان ۱۲۷۴ھ ہجری النبی
بدستخط فقیر حقیر غلام محمد ساکن موضع چک ساہنپال۔

تاریخ وفات

سید حافظ غلام محمدؒ بعمر نوجوانی لاولد دنیا سے سدھارے۔ آپ کی وفات ۱۲۷۶ھ میں ہوئی۔ قبر گورستانِ نوشاہیہ میں ہے۔

مادہ ہائے تاریخ:

۱۔ آیت شریف والذین اٰمنوا اشد حباللہ
۲۔ آفتابِ معرفت
۳۔ قامع الشرک والبدعات
۴۔ خورشید دین محمد

حضرت مولانا سیّد محمّد امین مختارؒ

آپ غریقِ بحرِ توحید، سائرِ میدانِ تجرید، صاحبِ فنا و بقا، مرکزِ دائرہ تسلیم و رضا، صاحبِ عبادت و ریاضت تھے۔ آپ حضرت مولانا سید حافظ قل احمد پاکذات نوشاہِ ثانی بن سید حافظ الٰہی بخش مظہرِ حق برخورداریؒ کے فرزند اکبر اور مرید و خلیفہ تھے۔

آپ کی والدہ ماجدہ کا نام سیدہ حسن بی بی بنت سید حبیب اللہ برخورداریؒ تھا۔

تاریخ ولادت

آپ کی ولادت باسعادت پچیسویں ذیقعدہ ۱۲۴۱ھ میں ہوئی۔
مادہ تاریخ: ہوشیار طریقت۔

اخلاق و عادات

آپ اخلاقِ کریمانہ رکھتے تھے۔ مخلوقِ خدا کو فائدہ پہنچاتے۔ یتیموں، غریبوں مسکینوں کی خبر گیری کرتے۔ بیماروں کی عیادت اور دوستوں کی ملاقات کرتے خوش کلام باتاثیر تھے۔ آپ کی قرایت نہایت متاثر ہوتی تھی۔ یادِ الٰہی میں ہر دم اشتغال رکھتے۔ کرامات و خوارق آپ سے بہت صادر ہوئے۔

آپ کے حالات طبقہ اوّل میں مفصل لکھے جا چکے ہیں نیز آپ کی سوانحعمری بنام

لہ سید حافظ غلام محمد کا کچھ ذکر شریف التواریخ کی تیسری جلد موسوم بہ تذکرۃ النوشاہیہ کے ساتویں حصہ مناہج الآثار میں لکھا جائے گا۔ شرافت

Marfat.com

مرأۃ الامین بھی لکھی گئی ہے۔ یہاں ترتیب نسب کے لحاظ سے مختصر تذکرہ کر دیا ہے۔

ازواج آپ کی دو اہلیہ تھیں :

أ۔ سیدہ عزیز بی بیؒ بنت سید لطف الدین برخورداری ساہنپالویؒ۔ ان کے بطن سے ایک بڑا لڑکا اور دو بڑی لڑکیاں پیدا ہوئیں۔

۲۔ حضرت گوہر بی بی بنت میاں خدا بخش عرف خیجوعہ۔ ساکن دھنویہ خورد۔ ضلع گوجرانوالہ۔ ان کے بطن سے دو چھوٹے بیٹے اور دو چھوٹی بیٹیاں پیدا ہوئیں۔

اولاد آپ کے تین بیٹے تھے : ۱۔ سید حافظ روح اللہؒ ۲۔ سید پیر فاضل شاہؒ
۳۔ مولانا سید حافظ محمد شاہ نیک اخترؒ

آپ کی چار بیٹیاں تھیں :

۱۔ سیدہ صالحہ بی بیؒ منکوحہ سیّد محمد علی بن سید غلام محی الدین پانڈوکویؒ
۲۔ سیدہ عایشہ بی بیؒ بعمر ایک سال فوت ہوگئی۔
۳۔ سیدہ محمد بی بیؒ تمام عمر تارکہ مجردہ رہیں۔
۴۔ سیدہ روشن بی بیؒ منکوحہ سید واصل حق بن سید مکھن شاہ لاہوریؒ

یارانِ طریقت آپ کے ارادت مندوں کا سلسلہ وسیع تھا۔ پوری تفصیل طبقہ اول میں گزر چکی ہے۔

تاریخِ وفات سید محمد امینؒ[1] کی وفات بعمر انہتر سال شب یک شنبہ اٹھارھویں جمادی الاخریٰ سنہ ۱۲۱۰ھ میں ہوئی۔ قبر گورستانِ نوشاہیہ میں ہے۔

مادۂ تاریخ : غفور جاوید

سیّد محمد شفیعؒ

آپ حضرت سید حافظ قل احمد پاکذات نوشاہِ ثانی بن سید حافظ الٰہی بخش مظہر حق

---

[1] حضرت سید محمد امین مختار السالکین کا کچھ تذکرہ شریعت التواریخ کی تیسری جلد موسوم بہ تذکرۃ النوشاہیہ کے ساتویں حصہ مناہج الآثار نام میں لکھا جائے گا۔ شرافت

Marfat.com

برخورداریؒ کے فرزند اصغر اور مرید و خلیفہ تھے۔

آپ کی والدہ کا نام سیدہ حسن بی بی بنت سید حبیب اللہ برخورداریؒ تھا۔

تاریخ ولادت آپ کی ولادت بروز پنجشنبہ، وقت نماز ظہر، پچیسویں ماہ رجب ۱۱۴۴ھ میں بمقام ساہن پال شریف ہوئی۔ آپ کے والد بزرگوار نے یہ تاریخ لکھی۔

۱ھ ولادت سعادت محمد شفیع گلِ نو شگفتہ چو باغِ ارم
۱۲ ۴ ۴

۲ع خداوند بخش روشن چراغم
۱۲ ۴ ۴

تعلیم آپ نے علم ظاہری کی تعلیم اپنے والد ماجد اور مولوی سید غلام قادر بن سید عبداللہ برخورداریؒ سے پائی۔ علم فقہ و تفسیر و ادب میں کافی عبور کیا۔

معمولات

اذکار و اشغال آپ سرگھی کے وقت بیدار ہو کر نوافل تہجد ادا فرماتے۔ اس کے بعد ذکر نفی اثبات اور اسم ذات میں مشغول ہوتے۔ صبح تک وظائف خاندان شاہیہ کو پورا فرماتے۔ روزانہ تلاوتِ قرآن مجید بھی بلاناغہ کرتے۔

نفلی نمازیں اور روزے آپ روزانہ نماز پنجگانہ کے علاوہ اشراق، ضحیٰ، اوابین کے نوافل بھی ادا فرمایا کرتے۔ جب مسجد میں تشریف لے جاتے تو اتنعداد نوافل ادا کیا کرتے۔ ہر جمعہ کو روزہ رکھتے اور ایامِ بیض کے روزے بھی ضرور رکھا کرتے۔

نماز میں کی پابندی آپ نماز کے سخت پابند تھے۔ کسی حالت میں فوت نہ ہونے دیتے۔ منقول ہے کہ ایک دفعہ آپ مرضِ اسہال سے سخت کمزور ہو گئے یہاں تک کہ اکثر غشی ہو جاتی تھی۔ اس حالت میں جب ہوش آئی تو اپنے بھتیجا حضرت سید حافظ محمد شاہؒ کو فرمایا کہ میرا تیمم کراؤ۔ انھوں نے کروا دیا۔ تو آپ نے پیچھے تکیہ رکھ کر نماز ادا کر لی۔

جماعت کروانا آپ نماز کی جماعت کروایا کرتے اور قرابت میں عموماً یہ رکوعات پڑھا کرتے:

۱۔ وتلك حجتنا آتيناها ابراهيم (۶/۸۴)

۲۔ ولما جاء موسىٰ لميقاتنا۔ (۷/۱۴۳)

Marfat.com

۳۔ و من اٰیٰته ان خلقکم من ترابٍ۔ (۳۰/۲۰)

اخلاق و عادات

آپ سادہ طبیعت اور سادگی پسند تھے۔ غریبوں، مسکینوں سے محبت رکھنا آپ کا شیوہ تھا۔

اخفا پسندی آپ اخفائے احوال میں نہایت کوشش فرماتے۔ عوام کی طرح سادہ لباس رکھتے۔ پیشہ کاشتکاری کیا کرتے۔ اس کی مصروفیت کے باوجود عبادت میں سرِ مُو فرق نہ آنے دیتے۔ حمائل شریف پاس رکھتے۔ ہل چلاتے ہوئے بھی منزل پڑھ لیتے۔

شکرگزاری آپ کے برادرزادہ حضرت سید حافظ محمد شاہ بن سید محمد امینؒ سے منقول ہے کہ ایک جگہ دعوت تھی۔ آپ کے ساتھ جو شخص کھانے میں شریک ہوا وہ ریاکار مغرور تھا۔ ہر لقمہ کے ساتھ لفظ بسم اللہ کہتا۔ آپ ہر لقمہ کے ساتھ پوری بسم اللہ شریف پڑھتے اور ہر لقمہ کے بعد الحمد للہ کہتے۔ وہ اپنے فعل کے غرور سے تائب ہوا۔

پرہیزگاری کا اثر حیوانات پر منقول ہے کہ آپ اپنے بیلوں کو باہر چرنے کے لیے چھوڑتے تو وہ کسی کی کھیتی کو نہ چیڑتے۔ جوہڑ کے کناروں پر گھاس اور باتھو وغیرہ کھا کر سیر ہو جاتے اور دوسرے لوگوں کے مویشیوں سے تازہ اور موٹے ہوتے۔

غذا آپ رُوکھی سوکھی غذا کو پسند فرماتے۔ نفس کو لذت نہ لینے دیتے۔ اگر کبھی گوشت کا شوربہ یا کوئی اور سالن زیادہ لذیذ ہوتا تو آپ اس میں پانی ملا لیا کرتے۔ آپ کمنب اور پھپھوڑا کے سالن کو بہت پسند فرماتے۔ اس کو لحم الارض فرمایا کرتے یعنی زمین کا گوشت۔ اور اس کو بڑی رغبت سے کھاتے۔ ایک بار آپ ستوؤں کی بجائے سہواً لانا کی خاکستر گھول کر پی گئے لیکن آپ کو کچھ محسوس نہ ہوا۔

خوش مزاجی میاں غلام محمد بن بھولا موچی ساہنپالویؒ سے منقول ہے کہ ایک مرتبہ آپ مویشی چرا رہے تھے اور خود پاس بیٹھ کر حمائل شریف پر تلاوت کر رہے تھے۔ میں آپ کے پاس سے گزرا۔ اُس وقت میں فارسی کی کتابیں پڑھا کرتا تھا۔ آپ نے فارسی میں مجھے

Marfat.com

پوچھا" تو کجا میروی" یعنی تو کہاں جا رہا ہے۔

کرامات

آپ کی نصیحت کا گھوڑی پر اثر چودھری رُلدو خاں سے منقول ہے کہ ایک دفعہ آپ ہمارے گاؤں کٹھیالہ گنھاں میں تشریف لائے۔ اپنی گھوڑی ایک بنی پر چرنے کے لیے چھوڑی آس پاس زراعت تھی فرمایا کہ اِدھر اُدھر نہ ہونا۔ چنانچہ گھوڑی بنی پر ہی رہی زراعت کو نہ چھیڑا۔

ایک بے ادب کو سزا ملنا میاں بڈھا امام مسجد گھٹے والہ سے منقول ہے کہ ایک مرتبہ آپ ہمارے گاؤں میں ایک زمیندار کے ہاں تشریف لائے۔ صحن میں گھوڑا باندھا۔ اس نے پیشاب کر دیا۔ عورت صاحب خانہ ناراض ہوئی اور گھوڑا کھلوا دیا آپ نے بددعا کی۔ اُس روز سے وہ بالکل مفلس اور نادار ہو گئے۔

چور کا سزا پانا آپ کے بیٹے سید شیر علیؒ سے منقول ہے کہ ایک مرتبہ عمر ابن قاسم تارڑ ساہنپالیہ نے آپ کی درانتی چُرا لی۔ آپ نے مانگی تو اُس نے انکار کر دیا۔ آپ نے فرمایا ہماری درانتی کے جتنے دندانے ہیں اتنے ہی روپے تم کو چٹی دینی پڑے گی۔ چنانچہ انھیں ایام میں ایک مقدمہ میں وہ گرفتار ہو گیا اور اتنے ہی روپے اس کو دینے پڑے۔

سجع مُہر آپ کی مُہر کا سجع یہ تھا، بروز قیامت محمد شفیع

ملفوظات

فرمایا: اگر قیامت کے روز ہم کو کسی گناہ کا مواخذہ نہ ہو اور صرف نمازوں کا ہی حساب ہو یعنی جو نمازیں ہم ادا کرتے ہیں اور کما حقہٗ ادا نہیں ہوتیں۔ کوئی بے حضورِ قلب ہے کوئی ریائی ہے۔ ہمارے دوزخ میں پہنچانے کے لیے یہی کافی ہیں۔

فرمایا: ہمارے زمانہ میں سید فضل شاہ لاہوریؒ ملک الشعرا ہیں۔

فرمایا: نفس کو کھانا سیر کر کے کھلاؤ اور اِس خبیث کو بھر کے مارو۔

Marfat.com

فرمایا: آلو محض مغز ہوتے ہیں۔

معترفین کمالات

آپ کی تعریف اکثر لوگوں نے کی ہے۔ از انجملہ

۱۔ آپ کے علم عالی قدر سید مکھن شاہ لاہوری ؒ فرمایا کرتے کہ سید محمد شفیع نے خودی اور تکبر کی جڑ اکھاڑ کر آسمان پر پھینک دی ہوئی ہے۔

۲۔ آپ کے بھتیجے سید حافظ محمد شاہ نیک اختر ؒ فرمایا کرتے کہ ہم تفسیر حسینی کی عبارت بڑی تیزی سے پڑھ کر آپ کو سنایا کرتے تھے آپ سمجھتے جاتے۔ جہاں کہیں عبارت میں غلطی ہو جاتی آپ فوراً بتلا دیتے اور عبارت کی تصحیح کر دیتے۔

۳۔ ایک شخص کو خواب میں حضرت نوشہ صاحب ؒ کی اولاد میں سے چند گزشتہ بزرگوں کی زیارت ہوئی اس نے حالات پرسی کی۔ سب نے کہا کہ ہم اچھے ہیں لیکن سید محمد شفیع صاحب ؒ سب سے زیادہ فرحت اور آرام میں ہیں کیونکہ وہ نوافل بکثرت پڑھا کرتے تھے۔

آپ کا نکاح ۱۲۶۴ھ میں سیدہ امیر بی بی بنت سید محمد بخش رسولنگری ؒ سے ہوا تھا۔

اولاد ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔

آپ کے چار بیٹے تھے: (۱) سید احمد علی ؒ (۲) سید مبارک علی ؒ (۳) سید حافظ اکبر علی ؒ (۴) سید شیر علی ؒ۔

آپ کی ایک بیٹی تھی سیدہ عائشہ بی بی ؒ منکوحہ میاں محمد الدین بن میاں چراغ عالم ساکن دوبرجی متصل ہیلاں ضلع گجرات۔

یارانِ طریقت آپ کے خواص مریدین یہ تھے:

۱	میاں ہاشم علی بن میاں محمد بخش اولاد میاں محمد پناہ گھلوٹی ؒ	چک باہو ضلع گوجرانوالہ	
۲	میاں قاسم علی بن میاں محمد بخش ؒ	″	″
۳	محمد بخش بن ساہنا تارڑ	اگرویہ	گجرات
۴	سگھر بن خدا یار تارڑ	″	″

Marfat.com

آپ علاقہ سیالکوٹ میں سفر گئے ہوئے تھے کہ بیگووالہ میں سخت بیمار ہوگئے۔

واقعہ وفات حالت کمزور ہوگئی۔ آپ کے برادر زادہ سید فضل شاہ بن سید محمد امینؒ نے کوشش کی اور آپ کی چارپائی اٹھوا کر واپس ساہن پال شریف لائے۔ آپ نے گھر پہنچتے ہی جان بحق تسلیم کی۔

تاریخ وفات سید محمد شفیعؒ کی وفات بعمر ستر سال انیسویں جمادی الاخریٰ ۱۳۱۱ھ میں بوقتِ عشا ہوئی۔ قبر گورستان نوشاہیہ میں ہے۔

مادہ ہائے تاریخ:

۱۔ آیت شریف اولئک لھم اجرھم عند ربھم ان اللہ سریع الحساب[1]۔

۲۔ شریعت شکوہ

سید عطا محمد

آپ سید غلام احمد المعروف پیر بوٹے شاہ بن سید حافظ الٰہی بخش مکہر حق برخورداریؒ کے فرزند اکبر اور مرید و خلیفہ تھے۔

آپ کی والدہ کا نام سیدہ فضل بی بی بنت سید محمد بخش رسولنگریؒ تھا۔

تاریخ ولادت آپ کی ولادت ۱۲۷۲ھ میں بمقام ساہن پال شریف ہوئی۔

مادۂ تاریخ: عاشق ذوالجلال۔

اخلاق حسنہ آپ زراعت پیشہ تھے۔ کسی کا نقصان نہ کرتے۔ دنیاوی چالبازیوں سے نفور تھے۔ مزاج نہایت سادہ درویشانہ تھا۔

چہل کاف کی دعوت ابتدائے احوال میں آپ نے چہل کاف کی دعوت کی۔ لیکن کسی بدپرہیزی کی وجہ سے رجعت ہوگئی اور اس کے عمل میں ناکام رہے۔ اس لیے تمام عمر مسکینی و غریبی و افلاس میں گزری۔ اور بالعموم تکالیف و مصائب پیش

---

[1] اس میں ایک عدد زیادہ ہے۔ اگر پرانے رسم الخط کے مطابق الحسب پڑھا جائے تو اعداد پورے ہوتے ہیں ۱۲ شرافت

Marfat.com

آتی رہتیں۔ چہل کاف یہ ہیں: ؎

كَفَاكَ رَبُّكَ كَمْ يَكْفِيكَ وَاكِفَةٌ ۔۔۔ كِفَكَافُهَا كَكِفَيْنِ كَانَ مِنْ كَلِكَ

تَكَرُّكَرًّا كَكَرِّ الْكَرِّ فِي كَبَدٍ ۔۔۔ تَحْكِي مُشَكْشَكَةً كَلُكُلُكِ لَصَكَكَ

كَفَاكَ مَا بِي كَفَاكَ الْكَافِ كُرْبَتَهُ ۔۔۔ يَا كَوْكَبًا كُنْتَ تَحْكِي كَوْكَبَ الْفَلَكِ

صبر و شکر اخیر عمر میں آپ کی ناک میں ایک ورم ہو گیا اور وہ خراب ہو گیا۔ اس میں کیڑے پڑ گئے۔ اور ناک بیٹھ گئی۔ باوجود سخت تکلیف کے آپ صبر و شکر میں رہتے۔ کبھی بے صبری کا اظہار نہ کیا۔

اولاد آپ کا نکاح سیدہ سید بیگم بنت سید غلام نبی بن سید نور احمد برخورداری ساکن دھیر کے خورد متصل گجرات سے ہوا۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔ آپ کے دو بیٹے ہوئے:

۱۔ سید حاکم شاہؒ۔ ان کے حالات آگے نویں باب میں آئیں گے۔

۲۔ سید حیدر شاہ سلمہ اللہ تعالیٰ۔ متولد ۱۳۰۳ھ۔ موضع ۱۹۴۲ء۔ اس وقت ۱۳۷۶ھ میں ان کی عمر ۷۳ سال ہے۔ ساہن پال شریف میں سکونت رکھتے ہیں۔ ان کا نکاح ۱۱ شعبان ۱۳۲۶ھ کو سیدہ حیات بیگم بنت سید شاہ رانا برخوداری میروہ والہ سے ہوا۔ ان کے بطن سے چار بیٹے اور چار بیٹیاں ہوئی ہیں۔ بیٹوں کے نام یہ ہیں:

۱۔ صاحبزادہ غلام عباس۔ متولد ہفتہ کی رات ۱۲ شعبان ۱۳۳۱ھ میٹرک تک تعلیم ہے۔ جنگ عالمگیر کے دوران میں ملٹری میں ملازم رہا۔ آج کل لاہور میں اومنی بس کی ڈرائیوری کرتا ہے اس کا نکاح سیدہ سکینہ بیگم بنت سید نور حق لاہوریؒ سے ہے۔ اس کے بطن سے ایک لڑکا مظفر اقبال اور چار لڑکیاں حفظ بیگم اور سعیدہ بیگم اور محمودہ بیگم اور مسعودہ بیگم موجود ہیں۔

۲۔ صاحبزادہ غلام الیاس۔ متولد سوموار کی رات ۲۲ جمادی الاولیٰ ۱۳۳۴ھ۔ میٹرک تک تعلیم ہے۔ آج کل ریلوے پولیس میں حوالدار ہے۔ اس کی دو شادیاں ہوئیں۔ پہلی سیدہ عائشہ بی بی بنت سید پیر عالم رسول نگریؒ سے۔ اس کے بطن سے کوئی اولاد نہ ہوئی۔ دوسری سیدہ فضل بیگم بنت سید گیلانی بخش ساکن چک ۱۴ بلندیوالہ سے۔ اس کے بطن سے دو لڑکے محمد اعظم اور محمد اعجاز اور ایک لڑکی مسرت نام ہے۔

Marfat.com

۲۔ صاحبزادہ غلام اسحاق۔ متولد جمعہ ۲۷ جمادی الاخریٰ ۱۳۴۳ھ۔ مڈل تک تعلیم ہے۔ آجکل ریلوے پولیس میں کنسٹیبل ہے۔ اس کا نکاح سیدہ خان بیگم بنت سید گیلانی بخش مذکور سے ہے۔ اس کے بطن سے ایک لڑکا عابد محمود اور ایک لڑکی عذرا بیگم ہے۔

۴۔ صاحبزادہ غلام رزاق۔ متولد پنجشنبہ۔ ۸ صفر ۱۳۵۵ھ۔ آج کل ماڈل ہائی سکول لالہ موسے ضلع گجرات میں دسویں جماعت میں تعلیم پاتا ہے۔

سید حیدر شاہ کی بیٹیوں کے نام یہ ہیں:

۱۔ سیدہ نذیر بیگم۔ منکوحہ صاحبزادہ محمد محفوظ بن سید فیروز علی رسولنگری۔

۲۔ سیدہ عزیز بیگم۔ منکوحہ صاحبزادہ رؤف احمد سلیم بن سید عبدالحق لاہوری۔

۳۔ سیدہ رشیدہ بیگم۔ منکوحہ صاحبزادہ ریاض حسین بن سید محمد علی دھیرکوی۔

۴۔ سیدہ بشیر بیگم۔ منکوحہ صاحبزادہ نذر موسے بن سید میراں بخش سابنپالویؒ۔

سید عطا محمدؒ کی تین بیٹیاں تھیں:

۱۔ سیدہ زینب بی بیؒ۔ منکوحہ سید پیر عالم بن سید عمر بخش رسولنگریؒ

۲۔ سیدہ عائشہ بی بیؒ۔ منکوحہ سید فضل حق بن سید مکھن شاہ لاہوریؒ

۳۔ سیدہ کرم بی بیؒ۔ منکوحہ سید محمد علی بن سید سلطان احمد دھیرکویؒ

تاریخ وفات سید عطا محمدؒ کی وفات بعمر ستر سال بروز جمعہ چھبیسویں جمادی الاولے ۱۳۴۲ھ میں ہوئی۔ قبر گورستان نوشاہیہ میں ہے۔

مادۂ تاریخ: پاک و پُر تاثیر

سید نیاز محمدؒ

آپ سید غلام احمد المعروف پیر بوٹے شاہ بن سید حافظ الٰہی بخش مظہر حق برخورداریؒ کے دوسرے بیٹے تھے۔ بیعتِ طریقت اپنے حقیقی چچا سید مکھن شاہ لاہوریؒ سے تھی۔

آپ کی والدہ کا نام سیدہ فضل بی بیؒ بنت سید محمد بخش رسولنگریؒ تھا۔

تاریخ ولادت آپ کی ولادت ۱۲۸۰ھ میں ہوئی۔ مادۂ تاریخ: فرزندِ فرخندہ۔

Marfat.com

اخلاق واوصاف آپ بڑے دقیقہ شناس، بدیہہ قیاس، فریس مدبر تھے۔ دانائی اور عقل کامل رکھتے۔ متنازعہ فیہ مقدمات میں لوگ آپ کو حکم مقرر کرتے۔ آپ ان کا نہایت منصفانہ فیصلہ فرمایا کرتے اور بسا اوقات جانبین متخاصمین میں صلح کرا دیتے۔ کلامِ فقیرانہ اور رموزِ متصوفانہ میں یکتا تھے۔ طبیعت میں ظرافت بھی تھی۔ اخلاق پسندیدہ تھے۔

مولف کتاب ہذا کے جدِ بزرگوار حضرت سید حافظ محمد شاہؒ کے ساتھ آپ کی بڑی محبت تھی اور دونوں آپس میں ہم عمر اور رفیقِ طریق اور ہم جلیس تھے۔

وجد ہونا ایک مرتبہ آپ کے برادر زادہ سید حاکم شاہ بن سید عطا محمدؒ نے قصہ سوہنی مہینوال کا یہ شعر پڑھا تو آپ کو سن کر وجد ہو گیا ؎

یار یار کر دی اوڑک ہو گئی برباد اللہ برباد اللہ
فضل شاہ میاں سوہنی ڈُب موئی فریاد اللہ فریاد اللہ

حضرت علی مرتضیٰؓ سے عقیدت آپ کو حضرت امام علی المرتضیٰؓ سے بہت عقیدت تھی۔ اگر ان کا نام لیتے تو "یا شاہ" کا لفظ بولا کرتے۔

اشعار خوانی آپ سید فضل شاہ لاہوریؒ کا کلام پسند فرمایا کرتے۔ اُن کا قصہ ہیر رانجھا کے یہ اشعار گاہ بگاہ پڑھا کرتے ؎

آکھے لال کتاب جے آکھدی اے اک جٹ صاحب اقبال ہیرے
آہا نام موجو اوہدا پُت دھیدو رانجھا ذات واسی خورد سال ہیرے
مویا باپ کر دے ویر ویر ہویا رہنا تخت ہزارے محال ہیرے
نالے بھابیاں بولیاں مار کیہا جاہ ویاہ لیاویں ہیر سیال ہیرے
اک روز وچ کھیت دے کھیت ہویا سُفنے ویکھیا تُدھ جمال ہیرے
بیڑی وچ بیڑی توں ہی ڈوب ڈینی پایا اوس ماہی ماہی جال ہیرے
چند روز فراق تے سوز اندر ایویں رہے طرفین دے حال ہیرے
اوڑک دیس بھلائیکے دیس تیرے تن گھات پوہتا چال چال ہیرے

Marfat.com

قسمت نال نصیب دے میل ہوئے وچ بنگلے وصل وصال ہیرے
آئیو لہر دریا آئی قسماں کیتیوں نی را نجھے نال ہیرے

آپ کا نکاح ستائیسویں رجب ۱۲۹۶ھ میں اپنے چچا کی بیٹی سیدہ بیگم بی بی بنت سید مکھن شاہ لاہوریؒ سے ہوا تھا۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔

اولاد

آپ کے پانچ بیٹے ہوئے :

۱۔ سید عبدالحق مرحوم۔ ان کے حالات آگے نویں باب میں آئیں گے۔

۲۔ سید نورحق سلمہ اللہ تعالیٰ۔ متولد ۱۳۰۵ھ۔ ۱۲ ہاڑ سمت ۱۹۴۵ ب ریلوے کارخانہ لوکوشاپ لاہور میں ورک مین رہے۔ اب ریٹائر ہیں۔ لاہور، وسن پورہ، محلہ حنفیاں میں سکونت رکھتے ہیں۔ ان کا نکاح سیدہ امیر بیگم بنت سید عارف حق لاہوری سے ہوا۔ ان کے بطن سے چار بیٹے ہوئے :

(۱) صاحبزادہ فقیر احمد سلمہ اللہ۔ متولد ہفتہ ۱۱ محرم ۱۳۲۷ھ دادا صاحب نے پیدائش کے وقت ان کو دیکھا تو فرمایا کہ اس کی آنکھیں عاشقوں کی طرح ہیں۔ میٹرک تک تعلیم ہے۔ ریلوے کارخانہ کیرج شاپ لاہور میں اچھے عہدہ پر فائز ہیں۔ ایک مرتبہ پنجاب کے سارے ٹائپسٹوں کا مقابلہ دہلی میں ہوا تھا تو سب میں سے فسٹ رہے۔ ان کا نکاح سیدہ فاطمہ بی بی بنت سید حاکم شاہ ساہنپالویؒ سے ہوا۔ ان کے بطن سے چار لڑکے پیدا ہوئے :

۱۔ رشید الحسن متولد اتوار کی رات۔ ۱۴ ربیع الاول ۱۳۵۴ھ ۲۔ مجید الحسن
۳۔ امجد محمود ۴۔ ارشد محمود یہ سارے صاحبزادگان اس وقت ۱۳۷۶ھ میں موجود ہیں۔

(۲) صاحبزادہ لطیف احمد سلمہ اللہ متولد اتوار ۲۶ ربیع الثانی ۱۳۳۰ھ۔ مڈل تک تعلیم ہے۔ کارخانہ کیرج شاپ لاہور میں گاڑیوں کی رنگ سازی کا کام کرتا ہے۔ اس کی تین اہلیہ ہوئیں :

پہلی سیدہ نواب بی بی بنت سید حاکم شاہ ساہن پالویؒ
دوسری سیدہ فاطمہ بی بی بنت سید حسن محمد شیخ علی پوریؒ

Marfat.com

تیسری سیدہ وزیر بیگم بنت سید عمر الدین ساہنپالوی
اس کے تین بیٹے ہوئے :

۱۔ صاحبزادہ فرید الحسن مدعمرہٗ ۔ متولد اتوار ۳ جمادی الاخریٰ ۱۳۴۹ھ ۔ اس کی شادی سیدہ ارشاد بیگم بنت سید بہاء الحق لاہوری کے ساتھ ہو چکی ہے ۔ اس کی ایک لڑکی راحت افزا نام موجود ہے ۔

۲۔ سعید الحسن سلمہ اللہ ۔

۳۔ تیسرا لڑکا فوت ہو چکا ہے ۔

صاحبزادہ لطیف احمد کی دو لڑکیاں زاہدہ پروین اور طاہرہ پروین نام ہیں ۔

(۳) صاحبزادہ مسعود احمد سلمہ اللہ ۔ متولد ہفتہ ۲۸ ربیع الاول ۱۳۴۱ھ ۔ پرائمری تک تعلیم ہے ۔ اس کا نکاح سیدہ حمیدہ بیگم بنت سید پیر ولی لاہوری کے ساتھ ہے ۔ اس کے بطن سے ایک لڑکا مستحسن جاوید ہے ۔

(۴) صاحبزادہ نذیر احمد مرحوم ۔ متولد اتوار ۔ ۲۷ ربیع الثانی ۱۳۴۴ھ ۔ اس نے بعمر ڈیڑھ سال ماہِ ذیقعدہ ۱۳۴۵ھ میں انتقال کیا ۔

سید نور حق کی ایک بیٹی ہے سیدہ سکینہ بیگم ۔ منکوحہ سید غلام عباس بن حیدر شاہ ۔

۲۔ سید بہاء الحق مرحوم
۴۔ سید محبوب حق مرحوم
} دونوں کے حالات نویں باب میں آئیں گے ۔

۵ ۔ سید سلطان حق سلمہ اللہ ۔ متولد ۱۳۱۸ھ ۱۲ پھگن سمت ۱۹۵۸ ب ۔ ریلوے کارخانہ کیرج شاپ لاہور میں ملازم ہیں ۔ ان کا نکاح مسمات زینب بی بی ساکن چک نتھو کے ساتھ ہوا ۔ اس کے بطن سے ایک لڑکا صاحبزادہ معروف احمد نام ، اور چار لڑکیاں پیدا ہوئیں :

۱۔ سیدہ انتظار بیگم ۔ بچپن میں مر گئی ۔
۲۔ سیدہ سردار بیگم ۔ منکوحہ سید فرمان علی بن سید نور عالم ساکن اگرویہ
۳۔ سیدہ مختار بیگم
۴۔ سیدہ عزیز بیگم

سید نیاز محمد صاحبِ ذکر ہذا کی تین بیٹیاں ہوئیں :

Marfat.com

۱۔ سیدہ نور بیگم کبریٰ ؒ۔ بچپن میں فوت ہوگئی۔
۲۔ سیدہ نور بیگم صغریٰ۔ یہ بھی بچپن میں فوت ہوگئی۔
۳۔ سیدہ خان بیگم۔ منکوحہ سید حسن ولی بن سید واصل حق لاہوری ؒ

تبرکات آپ کی دستار اور پاپوش آپ کے پوتے صاحبزادہ رؤف احمد سلیم کے گھر میں موجود ہیں۔

تاریخ وفات سید نیاز محمد ؒ بعارضہ طاعون پانچ روز بیمار رہے۔ آپ کی وفات اتوار کی رات، وقت نماز تہجد، اٹھائیسویں ۲۸ صفر ۱۳۳۰ھ میں ہوئی۔ قبر گورستان نوشاہیہ میں ہے۔

مادہ ہائے تاریخ:

۱۔ آیت الذین استجابوا للہ ۲۔ افتخارِ اولیا

سید علی احمد ؒ

آپ سید غلام احمد المعروف پیر بوٹے شاہ بن سید حافظ الٰہی بخش مظہر حق برخورداری ؒ کے تیسرے بیٹے اور مرید و خلیفہ تھے۔

آپ کی والدہ کا نام سیدہ فضل بی بی بنت سید محمد بخش رسولنگری ؒ تھا۔

تاریخ ولادت آپ کی ولادت ۱۲۸۴ھ میں ہوئی۔ تاریخی نام "مظہر الحق"

اخلاق آپ درویشانہ گفتگو کا مذاق رکھتے تھے۔ طریقت والوں کا کلام پسند کرتے۔ اپنے بزرگوں سے آپ کو خاصی عقیدت تھی۔

فراست ایک دفعہ عرس بھڑی شریف پر آپ نے شیخ سکندر شاہ نورپوری ؒ کو دیکھا۔ اور دیکھتے ہی کہہ دیا کہ اس کی اپنی صورت نہیں یہ کسی دوسری صورت میں محو ہے۔ چنانچہ معمر لوگوں نے بتایا کہ یہ اپنے مرشد کی صورت میں فنا ہے۔ اور مرتبہ فنا فی الشیخ اس کو حاصل ہے۔ یعنی بعینہٖ اپنے پیر صاحب حضرت سید حافظ قل احمد پاکذات نوشاہِ ثانی ؒ کی صورت پر ہو چکا ہے۔ آپ کی فراست کی تصدیق ہوگئی۔

Marfat.com

ابتدا سے ہی پیشہ زراعت اختیار کیا۔ اخیر عمر میں موضع چک ۴۲
ک ۔ الہ متصل بھلوال ضلع سرگودھا میں چلے گئے۔ وہیں سکونت اختیار کی۔
ال ۱۲۹۹ھ میں سیدہ حیات بیگم بنت سید کرم الدین برخورداریؒ
اولاد ۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔

آپ کے ۲ بیٹے ہیں:

۱۔ سید میراں بخش سلمہ اللہ۔ متولد ۱۳۰۵ھ۔ ان کے معتقدین علاقہ بھلوال میں بہت ہیں۔ ان کا نکاح پنجشنبہ ۲۶ جمادی الاخریٰ ۱۳۲۷ھ کو سیدہ نیک بی بی بنت سید سلطان علی بن سید گوہر شاہ ہاشمی رملویؒ سے ہوا۔ ان کے بطن سے ایک لڑکا محمد صادق نام پیدا ہوا جو بچپن میں فوت ہوگیا۔ اور دو لڑکیاں ہوئیں:

۱۔ سیدہ برکت بی بی۔ منکوحہ سید بہاوالحق بن سید نیاز محمدؒ

۲۔ سیدہ حاکم بی بی۔ منکوحہ صاحبزادہ ولایت حسین بن سید گیلانی بخش

۲۔ سید گیلانی بخش سلمہ اللہ۔ متولد ۱۳۱۵ھ۔ یہ موضع چک ۴۲ بلندے والہ میں کاشت کاری کرتے ہیں۔ ان کا نکاح ۲۹ شعبان ۱۳۳۱ھ میں سیدہ رسول بی بی بنت سید علی احمد ساکن بڑاجن ضلع میرپور سے ہوا۔ ان کے بطن سے ایک لڑکا اور چار لڑکیاں پیدا ہوئیں۔ لڑکے کا نام صاحبزادہ ولایت حسین ہے جو ۱۳۳۲ھ میں پیدا ہوا۔ محکمہ پولیس میں آج کل قصبہ حافظ آباد میں کنسٹبل ہے۔ اس کا نکاح اپنے عم بزرگ کی بیٹی سیدہ حاکم بی بی بنت سید میراں بخش سے ہوا۔ اس کے بطن سے ایک لڑکی انور بیگم بعمر تین سالہ فوت ہو چکی ہے۔ اور دوسری لڑکی بنام بلقیس بیگم زندہ ہے۔

سید گیلانی بخش کی لڑکیوں کے نام یہ ہیں:

۱۔ سیدہ شاہ بیگم۔ منکوحہ صاحبزادہ تصدق حسین بن سید محمد علی برخورداری دھیرکوی۔

۲۔ سیدہ فضل بیگم۔ منکوحہ سید غلام الیاس بن سید حیدر شاہ ساہنپالوی۔

۳۔ سیدہ خان بیگم۔ منکوحہ صاحبزادہ غلام اسحاق بن سید حیدر شاہ ساہنپالوی۔

۴۔ سیدہ عنایت بیگم۔ منکوحہ صاحبزادہ محمد فاضل بن سید نواب شاہ ہاشمی ساکن کالرہ عالم

Marfat.com

سید علی احمد صاحبِ ذکر ہذا کی ایک بیٹی سیدہ برکت بی بی تھی جو کنواری فوت ہوگئی۔

تاریخ وفات

سیّد علی احمدؒ کی وفات بعمر نوّے سال ۹ روز ہفتہ۔ چوتھی محرم ۱۳۷۴ھ میں بمقام چک مدّا بلندی والا ہوئی، جو متصل بھلوال شریف ایک گاؤں ہے۔ وہاں سے آپ کے بیٹوں نے آپ کی نعش کو ٹرک پر اٹھوا کر ساہن پال شریف پہنچایا اور دوسرے دن بروز اتوار گورستانِ نوشاہیہ میں مدفون ہوئے۔

مادۂ تاریخ : نوشاہی بخت

سیّد عارف حق لاہوری

آپ حضرت سیّد فیض احمد المعروف پیر مکھن شاہ لاہوریؒ کے فرزند اکبر تھے۔ بیعتِ طریقت وخلافت حضرت سیّد عمر بخش بن سید محمد بخش رسولنگریؒ سے تھی۔

آپ کی والدہ کا نام سیّدہ طالعہ بی بی بنت سید امام شاہ برخورداری لاہوریؒ تھا۔

تاریخ ولادت

آپ کی ولادت ۱۲۵۵ھ میں بمقام لاہور ہوئی۔

تاریخی نام : منصور بخش

بلند اقبال ہونا

آپ ابھی نوجوان ہی تھے کہ آپ کو فالج ہوگیا۔ آپ کے ہاتھ اور پاؤں بالکل شل اور بے حس وحرکت ہو گئے۔ ہر چند یونانی اور ڈاکٹری علاج کیے گئے۔ مگر آپ صحت یاب نہ ہوئے۔ اور تمام عمر تقریباً پچاس سال چارپائی پر بیٹھے گزار دی۔ اپنے ہاتھوں سے نہ روٹی کھا سکتے تھے نہ کپڑا پہن سکتے تھے نہ کروٹ بدل سکتے تھے۔

آپ کے والد بزرگوار حضرت سیّد مکھن شاہؒ فرمایا کرتے کہ میں نے اپنے بیٹے عارف حق کے واسطے درگاہِ عالیہ نوشاہیہ میں بارہا التجا کی کہ یہ تندرست ہو جاوے۔ مگر وہ دعا منظور نہ ہوئی۔ البتہ یہ حکم ہوا کہ اس کا اقبال بلند ہوگا اور اس کی زندگی عزت سے گزر جاوے گی۔

مولف کہتا ہے کہ آپ کا اقبال اس قدر بلند ہوا کہ ہر وقت آپ کے پاس لوگوں کا ہجوم رہتا۔ روپے اور پیسے آپ کی چارپائی پر کافی آتے رہتے۔ کنجریاں اور قوال آپ کے پاس آکر چوکیاں کرتے۔ حاجت مند اور معتقدین دُور دُور سے آکر آپ کی چارپائی بطور پالکی اٹھا کر

Marfat.com

اپنے دیہات میں لے جاتے اور آپ سے مستفیض ہوتے۔

اشغالِ نوشاہیہ سے واقفیت

آپ رسالہ گنج الاسرار (رمز العباد۔ گیان لہر) مصنفہ حضرت نوشہ صاحبؒ کو زبانی پڑھا کرتے اور اُس کے اشغال کی تشریح کیا کرتے۔

راگ سے دلچسپی

ابتدائے عمر میں آپ کو گانے کا شوق تھا۔ علم موسیقی سے واقفیت رکھتے تھے۔ خود بڑے ذوق سے گایا کرتے۔ بعد میں گانا چھوڑ دیا۔ اور کہا کرتے خود گانے سے اس قدر لذت نہیں آتی جس قدر کہ کسی سے سننے میں آتی ہے۔

علمی صنعتوں سے محظوظ ہونا

میرے والد صاحب اعلیٰ حضرت سید غلام مصطفےٰ نوشاہی ادام اللہ برکاتہ، فرماتے ہیں کہ ہمارے بچپن کے زمانہ میں ایک بار آپ ساہن پال شریف آئے۔ مجلس میں آپ صنعتوں والے اشعار پڑھتے۔ ہم سے پوچھا، اِس شعر کا مطلب بتاؤ ؎

لاکھ ٹکے کی سیر بکاوے کہو دمڑی کی کتنی آوے

یہ ذو معنی کلام تھا ہم نے اس کی تشریح کی تو آپ خوش ہوئے۔

ارشادِ صدیقی سے خوش ہونا

مولوی محمد حیات شرقپوریؒ بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ آپ کی مجلس میں معرفتِ الٰہی کا ذکر ہو رہا تھا، میں نے کہا حضرت ابوبکر صدیق رضؓ کا ارشاد ہے: اَلْعَجْزُ عَنْ دَرْكِ الْاِدْرَاكِ اِدْرَاكٌ۔ یعنی خدا تعالیٰ کی حقیقت پانے سے عاجز ہو جانا یہی اُس کا پا لینا ہے۔ آپ یہ مقولہ سُن کر بہت خوش ہوئے۔

درود شریف بتلانا

سید عمر حیات بن سید غلام حسین جنجعلی بیان کرتے ہیں کہ میں نے آپ سے کوئی وظیفہ پُوچھا تو آپ نے مجھے درود شریف ہزارہ پڑھنے کی اجازت دی۔

مقولے

آپ کے برادر زادہ سید شاہ ولی بن سید واصل حق لاہوری بیان کرتے ہیں کہ آپ کبھی کبھی یہ مقولہ کہا کرتے تھے:

Marfat.com

ے

۱۔ "پوتی بھئی سب تھوتھی پنڈت جیا نہ کو
اکو انچھر پریم دا پڑھے تے پنڈت ہو

کبھی یہ بھی فرماتے:

۲۔ کدھی وہن نہ ڈھاہ۔ وہن تداہیں رَوں کرنے جت وَل سائیں دی رضا

آپ کی اہلیہ کا نام حضرت نواب بی بیؒ تھا۔ جو موضع چک نتھو کے علما خاندان سے تھیں۔

اولاد ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔ آپ کے تین بیٹے ہوئے:

۱۔ سید نور ولیؒ ۲۔ سید ظہور ولیؒ ان کے ذکر باب نہم میں آئیں گے۔

۳۔ سید پیر ولی سلمہ اللہ۔ متولد ۱۳۱۱ھ۔ میٹرک تک تعلیم ہے۔ پہلے ٹائپ کی دکان رکھی پھر سیمنٹ کمپنی میں ملازم رہے۔ پھر چھاؤنی لاہور کے گودام میں ملازمت کی۔ پھر ضلع ملتان میں ٹیوب ویل لگانے کا کام جاری رکھا۔ اب سلسلہ پیری مریدی شروع کیا ہے۔ ان کا نکاح مسمات ریشم بی بی بنت نبی بخش حفظانہ کے ساتھ ہوا۔ ان کے بطن سے چار بیٹے پیدا ہوئے:

۱۔ صاحبزادہ مظہر الحق سلمہ اللہ۔ متولد بدھوار۔ ۷ ذی قعد ۱۳۳۴ھ۔ سات جماعت تک تعلیم ہے۔ ویلڈنگ کا کام، خراد کا کام، بجلی کا کام سیکھا ہے۔ اس کی دو بیویاں ہیں:۔

پہلی سیدہ محبوب بیگم بنت سید فضل حق لاہوریؒ۔ اس کی کوئی اولاد نہیں ہوئی۔

دوسری معین فاطمہ، جو زُبیری خاندان سے ہے۔ اس کے بطن سے دو لڑکے ہوئے، (۱) بیدار بخت۔ متولد پنجشنبہ۔ ۵ ربیع الاول ۱۳۶۰ھ۔ یہ بچہ ہی فوت ہو گیا۔

(۲) معین جاوید۔ یہ موجود ہے۔ ایک لڑکی بھی موجود ہے۔

۲۔ صاحبزادہ ابصار الحق سلمہ اللہ۔ متولد سوموار۔ ۱۹ ربیع الاول ۱۳۴۲ھ۔ میٹرک تک تعلیم ہے۔ شادی شدہ ہے۔

۳۔ صاحبزادہ مرغوب الحق سلمہ اللہ۔ متولد منگل وار۔ ۹ شوال ۱۳۴۳ھ۔ میٹرک

Marfat.com

تک تعلیم ہے۔

۴۔ صاحبزادہ نصرت الحق سلمہ اللہ۔ متولد ۱۳۵۳ھ۔ زیرِ تعلیم ہے۔

——— سیّد پیر ولیؒ کی تین لڑکیاں ہیں:

۱۔ سیدہ نذیر بیگم۔ منکوحہ صاحبزادہ فضل اعظم بن سید شیر علی بن سید عطر الدین ہاشمی رملوی۔ ساکن صالح پور۔ ضلع شیخوپورہ۔

۲۔ سیدہ حمیدہ بیگم۔ منکوحہ صاحبزادہ مسعود احمد بن سید نور حق لاہوری

۳۔ سیدہ فہمیدہ بیگم۔ باکرہ ہے۔

سیّد عارف حق صاحبِ ذکر ہذا کی ایک بیٹی ہے۔ سیدہ امیر بیگم منکوحہ سیّد نور حق بن سید نیاز محمدؒ۔

یارانِ طریقت آپ کے مرید تو بہت تھے۔ ان میں سے سائیں شیر مرزا صاحبِ سلسلہ درویش تھا۔ اس کی قبر گورستانِ میانی لاہور میں ہے۔

تاریخِ وفات سیّد عارف حقؒ کی وفات بعمر انہتر سال۔ جمعرات۔ تیسویں جمادی الاولیٰ ۱۳۵۷ھ میں بمقام لاہور ہوئی۔ آپ کی نعش بذریعہ لاری لاہور سے ساہنپال شریف پہنچائی گئی اور ہفتہ کے روز گورستانِ نوشاہیہ میں مدفون ہوئے۔

مادہ ہائے تاریخ:

۱۔ عبد غفار ۲۔ چراغ محی الدین

واصل حق لاہوریؒ

آپ حضرت سیّد فیض احمد المعروف پیر مکھن شاہ لاہوریؒ کے دوسرے بیٹے تھے۔

خرقۂ خلافت و اجازت حضرت سیّد عمر بخش بن سید محمد بخش رسولنگریؒ سے حاصل کیا۔

آپ کی والدہ کا نام سیدہ طالعہ بی بی بنت سید امام شاہ برخورداری لاہوریؒ تھا۔

تاریخ ولادت آپ کی ولادت ۱۲۹۱ھ میں ہوئی۔ تاریخی نام "اصغر"

چلہ نشینی آپ نے درگاہ عالیہ نوشاہیہ پر ایک چلہ کیا۔ اس میں آپ کو اپنے والد بزرگوار

Marfat.com

حضرت سید مکھن شاہؒ ملے۔ اور نماز پڑھنے کی تلقین فرمائی۔ اس سے پہلے آپ نماز نہیں پڑھتے تھے۔ اُس روز سے نماز کے پابند ہو گئے۔

زیارتِ بزرگاں

آپ نے متواتر پانچ چلے کئے۔ ان میں آپ کیا کرتے کہ مجھ کو خواب میں حضرت نوشہ صاحبؒ کا دیدار، حضرت غوث الاعظمؒ کا دیدار، حضرت امام علی الرتضیٰؓ کا دیدار، حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا دیدار، کعبہ مکرمہ کا دیدار، عرش معلیٰ کا دیدار اور خداوند تعالیٰ کا دیدار نصیب ہوا۔

شیرِ خدا کی زیارت

آپ فرماتے تھے کہ مجھے عرش معلیٰ کی زیارت ہوئی تو اس پر ایک شیر نظر آیا جس کے ماتھے پر بسم اللہ شریف اور کلمہ طیبہ لکھا تھا۔ غیب سے ندا آئی کہ یہ شیرِ خدا مشکل کشا مولا مرتضیٰؓ علی کرم اللہ وجہہٗ ہے۔

وظایف و اوراد

آپ کلمہ طیبہ اور درود شریف ہزارہ کا ورد رکھتے تھے۔ اسی کا آپ کو فیضان تھا۔

مشایخ کی محبت

آپ کو اپنے والد صاحب سے قلبی تعلق تھا۔ ہر وقت انہیں کی باتیں کرتے رہتے۔ جس قدر ہو سکتا اُن کے سالانہ عُرس پر بڑے اہتمام اور محبت سے خرچ کیا کرتے۔ پیر سید جانن امام المعروف پیر جانی شاہ بن سید نظام الدین بودیانوالہ گیلانی لاہوریؒ سے بھی آپ کو عقیدت تھی اور اُن کے ہمشیرہ زادہ پیر سید اصغر علی شاہ کے کمالات کے بھی معترف تھے۔

سکونت

آپ کی سکونت لاہور میں موچی دروازہ کے اندر گلی لٹھ ماراں میں اپنے آبائی مکان میں تھی۔ آخری سالوں میں کوچہ پوربیاں کلاں میں رہائش پذیر ہوئے۔

شعرخوانی

آپ کبھی یہ شعر پڑھا کرتے:

پیسہ ہو جن کے پاس وہ نقشِ نگین ہیں
پیسہ نہ جن کے پاس ہو کوڑی کے تین ہیں

اولاد

آپ کا نکاح سیدہ روشن بی بی بنت سید محمد امین مختار برخورداری ساہنپالوی سے ہوا تھا۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔ آپ کے چار بیٹے ہیں۔

Marfat.com

۱ــــ سید شاہ ولی الملقب بہ سائیں صاحب سلمہ اللہ۔ متولد ۲۲۔ ربیع الاول ۱۳۱۲ھ۔ مڈل تک تعلیم پائی۔ پہلے لوکو شاپ لاہور میں ورک مین رہے۔ وہاں سے ریٹائر ہوئے۔ آج کل عباسی ٹیکسٹائل ملز ورکشاپ رحیم یار خاں میں ملازم ہیں۔ ان کی صورتی مشابہت اپنے دادا صاحب سے ہے۔ ان کا نکاح مسمات حسین بی بی بنت میاں محمد حسین سے ہے اس کے بطن سے دو لڑکے ہوئے:

۱۔ صاحبزادہ امداد الحق۔ جو بچپن میں۔ پنجشنبہ۔ ۵ ارشوال ۱۳۴۴ھ کو فوت ہوگیا۔

۲۔ صاحبزادہ محسن اختر سلمہ اللہ۔ متولد ۱۳۵۹ھ۔ یہ نام تاریخی میں نے ہی رکھا تھا۔

سید شاہ ولی کی پانچ لڑکیاں ہیں:

۱۔ سیدہ سردار بیگم۔ منکوحہ میاں امداد اللہ بن مولوی میراں بخش دوبرجی والہ۔

۲۔ سیدہ ارشاد بیگم۔ منکوحہ صاحبزادہ محبوب شاہ بن سید ہادی حسین ہاشمی سنگھوئی والہ۔

۳۔ سیدہ ممتاز بیگم۔ یہ کنواری ہے۔

۴۔ سیدہ انور سلطان۔ منکوحہ میاں محمد شریف بن میاں اکبر علی ساکن دھنوہ خورد۔

۵۔ سیدہ اشرف سلطان۔ یہ بھی کنواری ہے۔

۲ــــ سید حسن ولی سلمہ اللہ۔ متولد منگلوار۔ ۲۲ صفر ۱۳۱۶ھ۔ مڈل تک تعلیم ہے۔ لاہور ریلوے ایجنٹ کے دفتر میں ٹائپسٹ رہے۔ اب ریٹائر ہیں۔ ان کا نکاح اپنی پھوپھی کی بیٹی سیدہ خان بیگم بنت سید نیاز محمد ساہنپالوی سے ہے۔ اس کے بطن سے دو لڑکے پیدا ہوئے:

(۱) صاحبزادہ دیدار الحق سلمہ اللہ۔ متولد ہفتہ۔ ۲ محرم ۱۳۴۴ھ۔ ایف۔ اے تک تعلیم رکھتا ہے۔ ڈاکٹری فن سے بھی واقف ہے۔ ریلوے دفتر میں ملازم ہے۔ اس کی شادی اپنے ماموں کی بیٹی سیدہ اقبال بیگم بنت سید عبد الحق لاہوری سے ہوئی۔ اس کے بطن سے تین لڑکیاں شاہدہ نسیم، انجم افشا اور روبینہ یاسمین نام ہیں۔ اور ایک لڑکا انوار الحق نام ہے جو ۲۰ دسمبر ۱۹۵۵ء مطابق ہفتہ ۸ جمادی الاخریٰ ۱۳۷۵ھ کو پیدا ہوا۔

Marfat.com

(۲) صاحبزادہ انوار الحق ۔ یہ بچپن میں فوت ہوگیا۔

سید حسن ولی کی پانچ لڑکیاں ہیں:

۱۔ سیدہ اقبال بیگم ۲۔ سیدہ شاہ بیگم ۳۔ سیدہ بادشاہ بیگم
۴۔ سیدہ سرفراز بیگم ۵۔ سیدہ نسرین شہزادی

پانچوں ابھی باکرہ ہیں۔

۳ ـــــ سید حکیم احسن ولی سلمہ اللہ۔ متولد جمعہ ۲۰ شعبان ۱۳۲۰ھ ۔ میٹرک تک تعلیم ہے۔ ریلوے دفتر میں کلرک ہیں۔ اپنے مکان اندرون کوچہ لٹھ ماراں میں شفا خانہ یونانی بھی کھول رکھا ہے۔ ان کا نکاح سیدہ بیگم بی بی بنت سید فضل احمد ہاشمی ساکن بلوارا ضلع میرپور سے ہے۔ اس کے بطن سے دو لڑکے ہوئے:

۱۔ صاحبزادہ عظیم الرحمٰن سلمہ اللہ۔ متولد سوموار کی رات ۲۰ ذی قعدہ ۱۳۴۵ھ ۔ یہ تاریخی نام میں نے رکھا تھا۔ ایف اے تک تعلیم ہے۔

۲۔ صاحبزادہ محمد سلیم۔ یہ سکول میں پڑھتا ہے۔

سید احسن ولی کی دو لڑکیاں ہیں:

۱۔ سیدہ شاد سلطان بیگم ۲۔ سیدہ شاہجہان بیگم

دونوں ابھی باکرہ ہیں۔

۴ ـــــ سید افضل ولی سلمہ اللہ۔ متولد منگلوار ۔ ۱۷ ربیع الاول ۱۳۲۳ھ ۔ میٹرک تک تعلیم ہے۔ ریلوے دفتر لوکوشاپ میں اعلیٰ ٹائپسٹ ہیں۔ شطرنج کے نامور شاطروں سے ہیں۔ پنجاب کے اکتیس شاطروں کا میچ ہوا جس میں تمام پنجاب میں یہ فسٹ آئے آنکھیں بند کرکے بھی کھیل سکتے ہیں۔ اپنے والد صاحب کی خدمات اخیر دم تک انھوں نے انجام دیں۔ لاہور موچی دروازہ کے اندر کوچہ پوربیاں میں رہتے ہیں۔ ان کا نکاح ۱۳۴۶ھ میں سیدہ فاطمہ بی بی بنت سید بدوح شاہ پانڈوکوی سے ہوا۔ اس کے بطن سے چھ لڑکے ہوئے:

۱۔ صاحبزادہ امتیاز الحق تاج سلمہ اللہ۔ متولد اتوار کی رات ۔ ۹ شعبان

Marfat.com

۱۳۵۰ھ۔ منشی فاضل اور ایف اے تک تعلیم ہے۔ فنِ مصوری میں ماسٹر اللہ بخش لاہوری کا شاگرد ہے۔ انگریزی رسالوں میں اس کی دستی تصویروں کے فوٹو شائع ہوتے رہتے ہیں اس وقت ۲۶ سال عمر ہے۔

۲۔ صاحبزادہ افتخار الحق منیر سلمہ اللہ۔ متولد جمعہ ۲۰ رمضان ۱۳۵۳ھ۔ ایف اے تک تعلیم ہے۔ تجارتی کاروبار شروع ہے۔ فنِ شعر میں بھی مہارت رکھتا ہے۔ چنانچہ روزنامہ آزاد لاہور، جلد ۱۲، نمبر ۹۸، پرچہ سوموار، ۷ جنوری ۱۹۵۷ء، ۵ جمادی الثانی ۱۳۷۶ھ ۲۴ پوہ سمت ۲۰۱۳ صفحہ ۲، کالم ۶ میں اس کی غزل بدیں طور شائع ہوئی ہے۔

"صاحبزادہ افتخار الحق منیر نوشاہی

میرا ناشاد ہے خاطر اسے ناشاد رہنے دے — بس اتنی مہربانی کر مجھے برباد رہنے دے
یہ ممکن ہی نہیں دل سے بھلا دوں یاد کو تیری — مجھے تو یاد ہے ہر دم خدارا یاد رہنے دے
ہوئے اب خشک آنسو بھی نگاہیں جم گئیں میری — گلہ کوئی نہیں میرا بس اک فریاد رہنے دے
نہ کر کوئی شکایت اے منیر ان دنیا والوں سے — بہت ہی بیوفا ہیں یہ انہیں ناشاد رہنے دے"

۳۔ صاحبزادہ ارشاد الحق
۴۔ صاحبزادہ اعجاز الحق
} یہ دونوں توام پیدا ہوئے اور بچے ہی فوت ہو گئے۔

۵۔ صاحبزادہ محمد اشفاق مدعرہٗ۔ زیرِ تعلیم ہے۔

۶۔ صاحبزادہ محمد ذوالقرنین مدعرہٗ۔ متولد ۱۳۶۶ھ۔ میں نے اس کا تاریخی نام "جاوید عالم اختر" رکھا تھا۔ سکول میں پڑھتا ہے۔

سید افضل ولی کی دو لڑکیاں ہیں۔ سیدہ شہزادہ بیگم اور سیدہ عابدہ کلثوم۔ دونوں باکرہ ہیں۔

آپ کے بعض مریدوں کے نام یہ ہیں:

یارانِ طریقت
۱۔ سید افضل ولی فرزند اصغر آنجناب موچی دروازہ لاہور
۲۔ سائیں خدا بخش شیخ لاہور
۳۔ غلام قادر بن امیر بن اعتبار تارڑ اگروپہ گجرات
۴۔ غلام حیدر بن غلام قادر تارڑ اگروپہ گجرات
۵۔ نادر خاں بن غلام قادر تارڑ " "

Marfat.com

۶۔ بابو محمد خاں بن غلام قادر تارڑ اگرویہ گجرات ۷۔ مسٹر غلام نبی بن غلام قادر تارڑ۔ اگرویہ۔ گجرات

تاریخ وفات سیّد واصل حقؒ کی وفات بعمر بیاسی سال چوتھی رجب ۱۳۷۳ھ میں بمقام لاہور ہوئی۔ آپ کی نعش بذریعہ لاری ساہن پال شریف پہنچائی گئی۔ اور گورستان نوشاہیہ میں دفن ہوئے۔

مادہ ہائے تاریخ: ۱۔ ظہیر انوار ۲۔ نوشاہِ اعظم

سید فضل حق لاہوریؒ

آپ حضرت سید فیض احمد المعروف پیر مکھن شاہ لاہوریؒ کے تیسرے فرزند اور مرید و خلیفہ تھے۔ آپ کی والدہ کا نام سیدہ طالعہ بی بی بنت سید امام شاہ برخورداری لاہوریؒ تھا۔

تاریخ ولادت آپ کی ولادت ۱۲۹۴ھ میں ہوئی۔

تاریخی نام "مختار احمد" ہے۔

آپ کبھی لاہور میں رہتے اور زیادہ تر ساہنپال شریف میں سکونت رکھتے۔ تھوڑی سی تعلیم بھی پائی تھی۔

ازواج و اولاد آپ کی دو اہلیہ تھیں:

۱۔ سیدہ عائشہ بی بی بنت سید عطا محمد برخورداری ساہن پالویؒ۔ ان کے بطن سے ایک بڑا لڑکا پیدا ہوا۔

۲۔ سیدہ رحمت بی بی بنت سید امام الدین ہاشمی رن ملویؒ۔ ان کے بطن سے ایک لڑکا اور ایک لڑکی پیدا ہوئی۔

آپ کے دو بیٹے تھے (۱) سید رشید حقؒ (۲) سید رشید احمدؒ

آپ کی ایک بیٹی ہے سیدہ محبوب بیگم منکوحہ صاحبزادہ مظہر الحق بن سید پیر دلی برخورداری لاہوری۔

تاریخ وفات سید فضل حقؒ کی وفات بعمر انہتر ۶۹ سال بروز جمعہ دسویں ۱۰ شوال ۱۳۶۳ھ میں بمقام لاہور ہوئی۔ قبر گورستان میانی میں ہے۔ مادۂ تاریخ: عابد غفور۔

Marfat.com

سید غلام نبی دھیرکویؒ

آپ سید نور احمد بن سید خدا بخش برخورداریؒ کے فرزند اکبر تھے۔ خرقۂ خلافت و اجازت اپنے جد امجد سید خدا بخش بن سید حافظ نور اللہ فرشتہ صفاتؒ سے بلا واسطہ حاصل کیا اور روحانی تعلیم پائی۔

آپ کی والدہ کا نام سیدہ امام بی بی بنت سید حافظ الٰہی بخش مظہر حق برخورداریؒ تھا۔

تاریخ ولادت آپ کی ولادت ۱۲۴۰ھ میں بمقام دھیر کے خورد متصل گجرات ہوئی۔

آپ کے ماموں صاحب حضرت سید حافظ قل احمد پاکذات نوشاہِ ثانیؒ نے آپ کی تاریخ لفظ "مرغ" سے نکالی۔ مولف نے اس آیت شریف سے استخراج کیا:

کان حنیفا مسلماً وما کان من المشرکین۔

رعب و اقبال آپ فقیر کامل اور درویش اکمل تھے۔ شریعت و طریقت کے متبع، چہرہ بارعب تھا۔ اقبال کے آثار نمایاں تھے۔ کسی شخص کو سامنے ہونے کی جرأت نہ ہو سکتی تھی۔

کرامات

ایک مرید کو نمبردار بنانا منقول ہے کہ آپ کے ایک مرید کو منصب نمبرداری کے متعلق شرکا برادری سے مقابلہ تھا۔ عدالت میں مقدمہ چل رہا تھا۔ تاریخ مقررہ پر آپ نے فرمایا، جاؤ، آج فیصلہ تمہارے حق میں ہوگا۔ چنانچہ حاضر ہوتے ہی اس کو نمبرداری کا حکم ہوگیا۔

ایک مفرور عورت کو واپس لانا منقول ہے کہ ایک مرید نے آکر خدمت میں عرض کیا کہ میری عورت ناراض ہو کر بھاگ کر اپنے میکے چلی گئی ہے۔ آپ نے فرمایا، آج شام کو آجاوے گی۔ چنانچہ وہ آگئی اور کہنے لگی، میرے جسم کو آگ لگی ہوئی ہے۔ وہ شخص اس کو آپ کے حضور میں لے آیا۔ آپ نے اس کے سر پر ہاتھ پھیرا تو اس کی

Marfat.com

طبیعت کو سکون ہوگیا۔

ایک گستاخ عورت کو سزا

منقول ہے کہ ایک دن آپ دھیر کے کلاں میں گوہر تیلی کے گھر بیٹھے ہوئے تھے۔ مُولا دیوی کھترانی نے عرض کیا کہ میرے گھر اولاد نہیں ہوتی۔ آپ نے اس کو فلفل سیاہ دَم کر دیں اس نے استعمال کیں تو وہ خدا کے فضل سے بار ور ہوگئی۔ وہ ہر ماہ کے بعد آپ کو ایک روپیہ نذرانہ دیا کرتی۔ سات ماہ تک اس نے یہ طریقہ جاری رکھا۔ آٹھویں ماہ کسی کے ورغلانے سے اُس نے کہا کہ مجھے تو اپنے مذہب کے فلاں سادھو کی دعا سے حمل ہوا ہے۔ آپ سُن کر ناراض ہوئے اور فرمایا: تُو نے کفرانِ نعمت کیا ہے۔ تمہارا ایک پاؤں دروازہ کے اندر اور ایک پاؤں باہر ہوگا کہ تمہارا حمل ساقط ہو جائے گا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔

اولاد

آپ کا نکاح اپنی حقیقی خالہ کی بیٹی حضرت عالم بی بی بنت محمد یارؒ ساکن ڈھب چیمہ سے ہوا۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔

آپ کے تین بیٹے تھے:

۱۔ سیّد جمال الدینؒ ۲۔ سیّد سلطان محمودؒ ۳۔ سیّد سلطان احمدؒ

آپ کی دو بیٹیاں تھیں:

۱۔ سیّدہ سید بیگمؒ۔ منکوحہ سید عطا محمد بن سیّد بُوٹے شاہ ساہن پالویؒ

۲۔ سیّدہ حیات بیگمؒ۔ منکوحہ سید فاضل شاہ بن سیّد محمد امین ساہن پالویؒ

یارانِ طریقت

آپ کے خواص مرید یہ تھے:

۱۔ سید سلطان احمد فرزندِ اصغر آنجنابؒ دھیر کے خورد ضلع گجرات

۲۔ سائیں مستانہ فقیر خادم حضوریؒ دھیر کے خورد ۳۔ مراد علی موچی داؤ "

۴۔ کرم لوہار داؤ گجرات ۵۔ الٰہی بخش ماچھی " "

تاریخ وفات

سیّد غلام نبیؒ کی وفات بعمر اڑسٹھ سال انتیسویں کتک سمت ۱۹۴۷ ب مطابق یکم ربیع الآخر ۱۳۰۶ھ میں ہوئی۔ قبر دھیر کے خورد ضلع گجرات میں ہے۔ مادۂ تاریخ: "مظہر الاسلام"

Marfat.com

سید غلام حسنؒ

آپ سید نور احمد بن سید خدا بخش برخورداریؒ کے دوسرے بیٹے تھے۔ بیعتِ خلافت شیخ جیون شاہ بن شیخ عبداللہ شاہ سلیمانیؒ ساکن مانگرول ضلع گجرات سے حاصل تھی۔

آپ کی والدہ کا نام سیدہ امام بی بی بنت سید حافظ الٰہی بخش مظہر حقؒ تھا۔

تعلیم آپ نے ظاہری تعلیم مولانا سید غلام قادر بن سید عبداللہ برخورداری سے پائی۔ کچھ کتب خوانی کا ملکہ ہو گیا۔

پہلوانی کا شوق

آپ کو ابتدائے احوال میں پہلوانی کا شوق تھا۔ آپ کی بہادری کے واقعات بہت مشہور ہیں۔

جسمانی ورزش آپ جوانی حالت میں جسمانی ورزش بہت کرتے۔ مگدر اٹھاتے اور منگلی پھیرتے اور کشتی کرتے تھے۔

حیدری طاقت ایک بار عرس بھڑی شریف کے موقعہ پر پہلوانوں کے اکھاڑہ میں بارہ من پتھر بھار اٹھا لیا۔ سب لوگوں نے تحسین و آفرین کے نعرے لگائے۔

اونٹ کو اٹھا لینا ایک بار بیلہ میں کسی کا اونٹ بیمار ہو گیا۔ آپ نے سر پر اٹھا کر دریائے ہلکی سے گزار کر نصف میل کا فاصلہ اٹھا کر ساہن پال شریف میں لا رکھا۔

نصف مانی غلہ کو اٹھانا بابا موج دین بن مہوں ترکھان ساہنپالوی بیان کرتا تھا کہ ایک دفعہ ماہ جیٹھ میں ہمارا گندم کا بوہل باہر پڑا تھا۔ ہم گٹھڑیاں باندھنے لگے کہ اتفاقیہ آپ وہاں آ گئے۔ آپ نے سارے دانے اکٹھے باندھ کر ایک ہاتھ سے اٹھا کر اپنی پشت پر ڈال لیے اور ہمارے گھر پہنچا دیے۔ جب ہم نے پیمانہ سے ماپ کیا تو نصف مانی غلہ ہوا۔

Marfat.com

شکرا پہلوان پر غالب آنا

منقول ہے کہ آپ کے زمانہ میں ایک بازی گر شکرا نام پہلوان پنجاب میں مشہور تھا۔ اس کی دینی کبھی کسی نے نہ چھڑائی تھی۔ ایک مرتبہ اس کا ڈیرہ ساہن پال شریف کے قریب آ اترا۔ آپ بمعہ احباب اُس کے دیکھنے کو گئے۔ وہاں اس کے ساتھ مقابلہ ہوگیا۔ آپ نے اُس کی دینی پکڑی تو وہ چھڑا نہ سکا۔ پھر اُس نے آپ کی دینی پکڑی تو آپ نے "یا گنج بخش" کا نعرہ لگایا اور دینی چھڑالی اس وقت ایسا معلوم ہوا کہ جیسا ناڑا ٹوٹتا ہے۔ کہتے ہیں کہ اس کے بعد شکرا مذکور نے دینی پکڑنے کی قسم ڈال دی تھی۔

طعام کھانا

جس طرح آپ کی طاقت کے واقعات مشہور ہیں اسی طرح آپ کے کھانے کے متعلق بھی بہت روایات منقول ہیں۔ آپ طعام کثیر کھا جاتے تھے اور آپ کو کوئی تکلیف نہ ہوتی تھی۔ از انجملہ

چار سیر گھی پی جانا

منقول ہے کہ آپ ایک دفعہ کسی برات کے ساتھ موضع درگا ہی والہ میں گئے۔ وہاں کھنڈ چاول کی روٹی تھی۔ اور اس پر گھی ڈال کر کھاتے تھے۔ آپ نے وہاں لاکڑی سے گھی والا برتن پکڑ لیا اور زانوؤں پر رکھ کر پی گئے۔ اس میں چار سیر گھی تھا۔

آٹھ ٹوپے آٹا کھا جانا

منقول ہے کہ آپ زراعت کرتے تھے۔ بیلہ سے جھاڑیاں اکھاڑتے تھے اور زمین کو بیلچہ سے ہموار اور قابلِ کاشت بناتے تھے۔ اس کام میں ایک روز آٹھ ٹوپے آٹا پکا کر سب روٹیاں کھا گئے اور پھر ایک ہفتہ تک کچھ نہ کھایا اور برابر کام کرتے رہے۔

آٹھ سیر حلوا کھا جانا

منقول ہے کہ ایک دفعہ آپ سید عمر بخش بن سید لطف الدین ساہنپالوی کے فصل گندم کی کٹائی گئے۔ وہاں کافی لوگ بطور "منگ" جمع تھے۔ رات کی روٹی حلوا کی تھی۔ آپ نے کٹائی کا کام بھی خوب کیا اور کھانے کے وقت تقریباً چھ سیر حلوا کھا گئے۔ اس وقت عمر احجام نے پوچھا، کچھ اور بھی لیتے ہو۔ آپ نے کہا صرف دو سیر کا قدر اور حلوا تھال میں ڈال دو۔ چنانچہ اس نے دے دیا آپ وہ بھی کھا گئے۔

Marfat.com

آٹھ سیر سیویاں کھا جانا منقول ہے کہ آپ کے چھوٹے بھائی سید غلام حسین چنبیلیؒ تھانہ خانقاہ ڈوگراں میں حوالدار پولیس تھے۔ ایک مرتبہ آپ کو ملنے کے واسطے وہ ساہن پال شریف آئے۔ آپ نے ان کی دعوت کے لیے آٹھ سیر سیویاں پکا کر پرات میں ڈال دیں۔ اور ان پر کھنڈ اور گھی ڈال دیا۔ ان کو کہا کہ کھاؤ۔ وہ دیکھ کر سخت ناراض ہوئے کہ میں تو اکیلا آدمی ہوں اس قدر کھانا کون کھائے گا۔ آپ نے کہا تم کو جس قدر ضرورت ہے کھا لو، باقی کا کوئی فکر نہ کرو۔ چنانچہ انھوں نے تھوڑا سا کھا لیا باقی سب سیویاں آپ کھا گئے۔

اشعار خوانی آپ کو درویشانہ ملفوظات اور متصوفانہ اشعار کے پڑھنے اور سننے کا بہت شوق ہوتا تھا۔ آپ کو سید بلھے شاہ قصوریؒ کی کافیاں، اور قاضی علی حیدر سندھیؒ کے ابیات، اور سخی امام شاہ وزیر آبادیؒ کی سی حرفیاں، اور فقیر سائیں داس رسولنگریؒ کے اشعار بہت یاد تھے۔ ان کو پڑھ کر خوش ہوتے۔

ف: مولف کہتا ہے کہ صوفیوں کی اصطلاح میں بزرگوں کے خلافِ شرع کلام کو "شطحہ" کہتے ہیں جیسا کہ شہزادہ داراشکوہ گورگانیؒ نے کتاب حسنات العارفین میں مشایخ کے شطحیات جمع کیے ہیں۔ شطحہ کا مطلب ہے بکواس۔ اسی طرح آپ بھی کہا کرتے تھے "بلھے شاہ کا بکواس اس طرح ہے۔"

حلیہ و لباس آپ شاہ قد، جسیم لحیم، تنومند، بہادر تھے۔ نقش اچھے تھے۔ آپ کی پسلیاں بقدر چار انگشت چوڑی تھیں۔ ضعیف العمر تھے۔ اس حالت میں بھی اگر کسی نوجوان کا ہاتھ پکڑ لیتے تو اس کی جان شکنجہ میں آجاتی۔ ہاتھ میں عصا رکھتے۔ فقیر سید شرافت عافاہ اللہ کی عمر اس وقت تیرہ ۱۳ سال تھی۔ میں آپ کو "باوا جی سوٹی والے" کہا کرتا تھا۔ آپ میرے نانا صاحب سید غلام علیؒ کے چچازاد بھائی تھے۔ اس لیے میرے نانا لگتے تھے۔

آپ کا لباس سادہ ہوتا تھا۔ چونے پینسے کھدر کے کپڑے پہنتے۔ اخیر عمر میں آپ کی نظر بند ہوگئی۔ آپ نے وزیر آباد کے ایک ڈاکٹر سے آنکھیں بنوائیں۔ جب پٹی لگوائی تو دردِ چشم سخت شروع ہوگیا۔ ایک رات خواب میں حضرت نوشہ صاحبؒ کی زیارت ہوئی،

Marfat.com

انھوں نے فرمایا: بیٹا! کھچڑی کھاؤ، تندرست ہوجاؤ گے۔ آپ نے تعمیل کی تو شفا پا گئے۔

کرامات

منقول ہے کہ آپ کا مرید الٰہی بخش بن خاشہ تارڑ ساکن اگرویہ اپنے

ڈوبتے کو بچانا سسرال کوٹ بھاگا سے واپس آرہا تھا۔ دریائے چناب سے سناہی پر پیر کر گزرنے لگا، دریا کے درمیان آکر سناہی پھٹ گئی وہ ڈوبنے لگا۔ اس وقت آہ و فغاں بہت کیا۔ اور آپ کا نام لے کر فریاد کی کہ یا مرشد بچائیو۔ اُسی وقت زمین پر پاؤں لگ گئے اور کھڑا ہوگیا۔ اور ساہن پال کے لوگوں نے اس کو پکڑ کر نکال لیا۔

منقول ہے کہ الٰہی بخش مذکور چوری کیا کرتا تھا۔ آپ اس کو منع کرتے۔

چوری سے توبہ کروانا لیکن وہ باز نہ آتا۔ ایک دن پوچھا کہ تو کس لیے چوری ترک نہیں کرتا۔ اس نے عرض کیا، اگر چوری چھوڑ دوں تو بھوکا مروں۔ آپ نے کہا کہ اگر تو سچی توبہ کر دے تو تجھے دال روٹی آسودگی سے ملے گی۔ چنانچہ اُس نے چوری ترک کر دی۔ اور آسودہ حال ہوگیا۔ اس کا پوتا رحمت بن جلال کہتا ہے کہ آپ کی دُعا سے آج تک ہم غنی اور دولت مند چلے آتے ہیں۔

تباہ شدہ کھیت سے غلہ پیدا ہونا غلام بن جلال بن الٰہی بخش مذکور بیان کرتا تھا کہ ایک بار ہمارا گندم کا کھیت جو پک گیا تھا۔ تقریباً چھ کنال، رات کو دشمنوں نے اُوپر سے لاپَر (کاٹ) لیا۔ میں آپ کے آگے بہت رویا۔ آپ نے کہا، رو نہیں۔ اِس فصل کو کاٹ کر علیحدہ گاہ لے۔ میں نے اسی طرح کیا تو سب لوگوں سے زیادہ غلہ اُس سے برآمد ہوا، حالانکہ اُوپر سے خوشے کاٹے گئے تھے۔

آپ کی دو اہلیہ تھیں،

ازواج و اولاد ۱۔ سیدہ حسن بی بی بنت سید محمد بخش برخورداری رسول نگری۔ ان کے بطن سے دو لڑکیاں پیدا ہوئیں جو بچپن میں ہی انتقال کر گئیں۔

۲۔ حضرت گوہر بی بی بنت میاں سید محمد بن میاں اللہ بخش حفظاہ۔ ان کے بطن سے

Marfat.com

اولاد ہوئی۔ ایک بیٹا تھا سیّد فیض احمد نام۔ اور دو بیٹیاں تھیں:

۱۔ سیّدہ اللہ جوائی صاحبہؒ۔ منکوحہ سید سردار عالم بن سید سلطان محمود برخورداریؒ ساکن دھیر کے خورد۔ اس نے طلاق دے دی تو پھر کوٹلی قاضی میں دوسرا نکاح کیا۔

۲۔ سیّدہ رسول بی بیؒ۔ منکوحہ سید محمد حسین بن سید بنے شاہ ہاشمی رنملویؒ

یارانِ طریقت آپ کے خواص مرید یہ تھے:

۱۔ سائیں دسوندھی فقیر خادم حاضر باش ساہنپال شریف ضلع گجرات

۲۔ الٰہی بخش بن خاشہ تارڑ اگرویہ گجرات ۳۔ محکم بن عالم تارڑ اگرویہ گجرات

تاریخ وفات سیّد غلام حسنؒ کی وفات بروز پنجشنبہ، چوبیس ربیع الاول ۱۳۳۵ھ میں ہوئی۔ قبر گورستان نوشاہیہ میں ہے۔

مادۂ تاریخ: "زاہدِ غمگسار"

سید غلام حسین چنبلیؒ

آپ سیّد نور احمد بن سید خدا بخش برخورداریؒ کے تیسرے بیٹے تھے۔ بیعت وخلافت حضرت سید عمر بخش بن سید محمد بخش رسول نگریؒ سے تھی۔

آپ کی والدہ کا نام سیّدہ امام بی بی بنت سیّد حافظ الٰہی بخش مظہر حقؒ تھا۔

تعلیم آپ نے قرآن مجید اور علمِ ادب کی فارسی کتابیں مولانا سیّد غلام قادر بن سید عبداللہ برخورداریؒ سے پڑھیں۔ سکول میں بھی چند سے تعلیم پائی۔ آپ ذہین وفطین تھے۔

ملازمت پولیس آپ نے تعلیم ظاہری کے بعد ملازمت کا خیال کیا۔ تھانہ خانقاہ ڈوگراں (ضلع شیخوپورہ) میں پولیس کے حوالدار لگ گئے۔ آپ فرمایا کرتے تھے کہ میں بابا جگو شاہ مجذوبؒ کی دعا سے ملازم ہوا ہوں۔ آپ پچیس سال حوالدار رہے۔ پھر پنشنر ہو گئے۔

چنبل میں رہائش آپ نے علاقہ ساندربار مضافات خانقاہ ڈوگراں میں موضع چنبل میں دو مربع زمین خرید لی اور اسی جگہ رہائش اختیار کی اور مدت العمر

Marfat.com

وہیں سکونت اختیار رکھی۔

منقول ہے کہ ملازمت کے دوران میں ایک ملزم آپ کے ہاتھ سے مرگیا۔ تھانیدار آپ کا مخالف تھا۔ وہ آپ کا چالان لکھنے لگا۔ آپ تلوار نکال کر اس کے سر پر کھڑے ہو گئے کہ اگر تو قتل میرے نام لکھے گا تو میں تجھے بھی قتل کر دوں گا۔ اس نے اپنی جان کے خطرہ سے لکھ دیا کہ ملزم ہیضہ سے مرگیا ہے۔ اس طرح آپ اس وقوعہ سے بری ہو گئے۔ بعدازاں تائب ہوئے اور تمام عمر استغفار کرتے رہے۔

عبادت

آپ نماز پنجگانہ پر مواظبت رکھتے بلکہ فجر کے وقت اپنے فرزندوں کو بالجبر جگاتے اور نماز پڑھنے کی تاکید کرتے۔ آپ مرض الموت میں بھی اشارے سے نماز پڑھتے رہے تلاوتِ قرآن مجید بھی کیا کرتے۔ رمضان شریف کے روزے بھی پابندی سے رکھتے۔

کرامات

طاعون کا دُور ہونا

منقول ہے کہ آپ ایک مرتبہ طاعون سے سخت بیمار ہو گئے۔ ہر چند علاج کیے مگر فائدہ نہ ہوا۔ ایک رات خواب میں بابا جنگو شاہ مجذوبؒ کی زیارت ہوئی۔ انھوں نے فرمایا کہ تم سورۂ ملک باوضو پڑھو تندرست ہو جاؤ گے۔ چنانچہ آپ نے چند روز اس پر مواظبت فرمائی تو بالکل صحت یاب ہو گئے۔ پھر آپ نے یہی سورہ پڑھ کر تمام گاؤں میں پھونکی تو وبا بالکل جاتی رہی۔

چوری شدہ گھوڑیوں کا واپس آجانا

آپ کے بیٹے سید عمر حیات بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ آپ کی سات عدد گھوڑیاں چور لے گئے۔ اور وہ چور مندرجہ ذیل سات اشخاص تھے:

۱۔ علی ادھی ساکن سوہل ۲۔ وَدُو ٹُہرا ساکن پھمّاں ۳۔ تاجُو لودی کا
۴۔ سدا چیمہ ساکن خنجر ۵۔ گاجی ساکن سیرو کے ۶۔ دُولا سنگھ ساکن ٹھٹھہ مانک
۷۔ باوا پُوران ساکن نُچّے

جب وہ دُو کوس کے فاصلہ پر گئے تو آگے سے ایک شخص سفید گھوڑے پر سوار،

Marfat.com

ہاتھ میں نیزہ سامنے سے نمودار ہوا۔ اور اس اکیلے نے ان سب کو چاروں طرف سے گھیر لیا۔ ناچار وہ گھوڑیاں چھوڑ کر بھاگ گئے۔ گھوڑیاں صبح کو گھر آ گئیں۔

سید عمر حیات کہتے ہیں کہ یہ سوار والا واقعہ میاں علی اور تاجو مذکور نے خود اپنی زبان سے ہمارے سامنے بیان کیا۔

عملیات

برائے دفع وبا آپ وبا کے دنوں میں وظیفہ ذیل لکھ کر گھروں میں لٹکاتے اور اولاد کو پڑھاتے ؎

لی خمسة اطفی بہا حرّ الوباء الحاطمه

المصطفیٰ والمرتضیٰ وابناهما والفاطمه

برائے درد دنداں اگر کسی کو دردِ دانت ہوتا تو آپ یہ نقش تین مرتبہ لکھتے تو اسی وقت درد رفع ہو جاتا۔

مکتوب

آپ کے بڑے بھائی سید غلام حسن کی پھپھلگ لڑکی مسمات حسین بی بی جو ان کی اہلیہ گوہر بی بی حفظانہ کی بیٹی تھی۔ اُس کا نکاح میاں محمد حسین ولد رکن دین ہیلانی سے کیا گیا۔ اس کے ہاں ایک لڑکی حیات بیگم نام پیدا ہوئی۔ آپ نے اپنے بیٹے سید محمد حیات کے لیے اس لڑکی کا رشتہ طلب کیا۔ انھوں نے آپ کو رشتہ دے دیا۔ ان کے ہم جدی برادران میاں عبدالغنی تھانیدار وغیرہ اصحاب ہیلانیہ نے میاں محمد حسین مذکور کو اپنی برادری سے الگ کر دیا کہ تو نے نوشاہی خاندان میں کیوں ناطہ کیا ہے۔ جب آپ کو اس بات کی اطلاع ہوئی کہ ہیلانی فریق ہمارے ناطہ سے ناراض ہیں تو آپ نے چند سوالات تحریر کر کے ایک مکتوب ان کو بھیجا۔ چنانچہ اس مکتوب کے جواب سے وہ عہدہ برآ نہ ہو سکے۔ مکتوب یہ ہے

"بسم اللہ الرحمٰن الرحیم"

بعد حمد خداوند تعالیٰ ونعت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میاں صاحب عبدالغنی

Marfat.com

دیگر مہربان صاحبان سکنائے موضع ہیلاں دام ظلکم - ازجانب بندہ غلام حسین ولد شاہ نور احمد نوشاہی نمبردار حضرت جناب گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ ساکن ساہن پال حالوارد موضع چھجل علاقہ خانقاہ ڈوگراں ضلع گوجرانوالہ۔ واضح ہووے کہ عرصہ دراز یعنی زمانہ سابق عہد جناب گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ سے حال تک بزرگانِ ما و شما میں سلسلہ یگانگی و یکجہتی چلا آیا اور باہم رشتہ داری کا طریقہ بھی حال تک قائم رہا۔ کوئی نقص کسی قسم کا ظاہر نہیں ہوا۔ چونکہ بزرگان عالی تبار فریقین حق سپرد ہوئے۔ اس قدر رشتہ داری باہمی فریقین ہوتی رہیں جملہ صاحبان کو معلوم ہوں گی۔ اب زمانہ حال میں جب سے آپ صاحبان سجادہ نشین ہوئے ہیں کچھ کسی قدر سننے میں آتا ہے کہ نفاق کی صورت پیدا کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ واجب یہ تھا کہ اپنے بزرگان یعنی باپ دادا سے اس معاملہ میں اصلاح طلب ہوتے۔ جو کچھ کروہ رائے ظاہر کرتے اس پر عملدرآمد کرنا آپ کو واجب اور لازم تھا چونکہ بزرگان گزشتہ تمام عمر خاندان نوشاہی کو اچھا سمجھتے رہے اور برتاؤ دیگانگی میں سرمو بھی فرق نہ لائے تھے۔ اب برخلاف راہ و رسم بزرگان کے آپ صاحبان نے عناد باہمی پیدا کیا ہے۔ اگر کسی قسم کا نقص تھا تو ان کے روبرو یہ فیصلہ کر کے ان کی طرف سے سند حاصل کر لینی تھی تاکہ ہم لوگوں کو بھی تسکین ہوتی۔ آپ لوگوں کا جو خیال آج کل ہو رہا ہے اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ آپ کی عقل کے مطابق ان کو عقل یا لیاقت نہیں تھی اس لیے کہ ان سے اس قسم کی حرکت یا کارروائی نہیں ہوئی۔ آپ لوگ اپنے آپ کو زیادہ عقلمند سمجھتے ہیں۔ کیونکہ اس قسم کی حرکت یا شرارت زمانہ سابق میں پیدا نہیں ہوتی تھیں جو اب پیدا ہوتی ہیں۔ نورچشمی حسین بی بی دختر ہماری جس کو پرورش کیا گیا۔ اور شادی اس کی ہمراہ محمد حسین ولد رکن دین ہیلانی کی گئی۔ اب قضا عند اللہ اُس کے گھر لڑکیاں پیدا ہوئیں۔ چونکہ مذکورین نے اس خیال پر کہ کوئی ہمدرد نہیں ہے واسطے قایم کرنے ہمدردی کے ناطہ دخترِ خود اِس احقر کی طرف کیا۔ اور محکم دین، رکن دین، محمد دین، غلام رسول، نبی بخش، جوان کے برادران وہم مشرب تھے۔ ان کی رضامندی اور اصلاح سے یہ ناطہ ہونے کا ارادہ ہوا تھا۔ اب سنا گیا ہے کہ اس ناطہ کے ہونے میں آپ ناراض ہیں۔ یہ ناطہ ہونے کا موقف[1]۔ حشمت تھا کہ حسین بی بی کا کوئی عالی موالی نہیں ہے۔ اس کی

[1] اصل مکتوب میں اسی طرح تحریر ہے۔ صحیح لفظ اعالی موالی ہونا چاہیے ۱۲ سید شرافت

Marfat.com

آمد رفت کا سلسلہ سابق دستور سے اس جگہ رہتا کیونکہ ہم نے اس کی اولاد کی طرح پرورش وغیرہ کا حق ادا کیا تھا۔ اب آپ صاحبان نے محمد حسین کو رنج ناطہ کرنے کے باعث علٰحدہ کر دیا ہے آپ کو چاہیے تھا کہ جن کی مصلحت اور اصلاح سے یہ ناطہ ہوا تھا۔ یعنی محکم دین وغیرہ ۔ بعد تحقیقات کرنے کے ان کو بھی علٰحدہ کیا جاتا۔ محمد حسین اکیلے کو علٰحدہ کرنا ناواجب تھا۔ اب آپ کو مناسب ہے کہ باعث ناراضگی کا مفصل حال سے مطلع فرماویں کہ اس نقص کے سبب سے رشتہ کرنا جائز نہیں تھا۔ نہایت افسوس کی بات ہے کہ رشتہ ہونے کے سبب سے محمد حسین قبیلہ سے علٰحدہ کیا گیا ہے سخت بدنامی فریقین کی صورت ہے۔

خلاصۂ التماس

۱۔ آپ صاحبان پر بتلا دیں کہ اولادِ حضرت گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ میں یہ نقص ہے اس لیے جدید رابطہ داری نہیں کرنی چاہیے۔

۲۔ پہلے حسب نسب کا حال آپ کا ہم کو معلوم ہے اور ہمارا آپ کو معلوم ہے۔ نسب خود جو آجکل زیادہ ہوگیا ہے اُس کی بابت بھی ریمارک دیویں کہ اس باعث سے ناطہ نہیں کیا جاتا۔

۳۔ اگر نسب اعلیٰ درجہ کا آپ کا ہوتا تو بزرگان آپ کے کیوں ایسا کیا کرتے۔

۴۔ اگر آپ کے نسب کی فضیلت پہلے سے زیادہ ظاہر ہوئی ہے تو مع شجرہ نسب کے تحریر کریں تاکہ ہماری تسلی ہو کہ ضرور ہم ان کے درجہ کے نہیں ہیں۔

۵۔ خاندان جناب گنج بخش رح کے بابت کوئی امر نسب و حسب کے دیکھنے کی ضرورت ہو تو اوّل تو تمام عالم یعنی مخلوقات ہندو مسلمان سے تصدیق ہو سکتا ہے۔ اگر تحریری دیکھنا ہو تو تاریخ فرشتہ[1] اور کنز رحمت کتبہائے معتبر سے اور نیز مناقبات ہندی فارسی دیکھ لیویں۔

۶۔ اپنے خاندان کے حسب نسب کا حال بحوالہ کتب ہائے معتبر ہمچوں مثال بالا مندرجہ فقرہ ۵ ظاہر کریں کہ اس وجہ سے آج کل ہمارے میں فضیلت زیادہ ہوگئی ہے۔ اس لیے خاندان نوشاہی کے ساتھ ناطہ کرنا منع ہوگیا ہے۔

---

[1] تاریخ فرشتہ میں نوشاہی خاندان کا کوئی ذکر نہیں ۱۲ شرافت

Marfat.com

۷۔ صاحبان ممدوح کی خدمت میں التجا کی جاتی ہے کہ سوالات مندرجہ بالا کی بابت جواب سے بہت جلدی مشکور کریں تاکہ ہم نسبِ خود کی بابت وزن کر کے خاموش رہیں۔

۸۔ قدیم الایام سے سنا جاتا ہے کہ قبیلہ علمایانِ موضع ہیلاں بہت لائق اور علم شرع و اصول سے واقف، اور حکمِ خدا و رسول پر قایم، اور علمِ ابدان میں ماہر، بہت خلیق اور حلیم چلتے آئے ہیں۔ آج کل اس کے برخلاف کارروائی شروع ہوگئی ہے۔ اگر سجادہ نشینانِ رسول مقبول کا یہ حال ہے تو دوسری مخلوق کی کیا شکایت۔ اس قدر تکبر اور عجب بڑھانا مردمانِ اہل علم کو درست نہیں ہے بلکہ خلق اور ہمدردی اور راہِ راست پر چلنے کی ہدایت کرنی چاہیے۔ خود پسندی حد سے زیادہ ہو جاوے تو اندیشہ کفر اور جہل کا ہو سکتا ہے۔ اہلِ اسلام میں یہ کارروائی نہیں ہونی چاہیے۔

جواب امورات مندرجہ بالا کا مکمل ممبران تجویز کر کے باصواب تحریر فرماویں۔ ایسا نہ ہو کہ چند کلمہ التماس ہذا پائمال رہیں۔ زیادہ والسلام

الراقم تابعدار آپ کا بندہ احقر غلام حسین از چھبل"

تحریرات آپ کا خط فطری طور پر خوشخط تھا۔ آپ شکستہ بہت اچھا لکھتے۔ آپ کے تحریر کردہ چالان ملزمان اور دیگر تحریرات قانونی و کتاب ہائے قانون سرکار انگریزی وغیرہ آپ کی اولاد کے پاس موجود ہیں۔

ازواج آپ کی چار بیویاں تھیں:

۱۔ سیدہ عربی بی بنت سید قدم الدین سامنپالوی۔ ان کے بطن سے کوئی اولاد نہیں ہوئی۔

۲۔ بی بی ہندوستانن۔ یہ قوم برہمن سے تھی۔ مسلمان ہو کر آپ سے نکاح کیا۔ اس سے کوئی اولاد نہیں ہوئی۔

۳۔ مسمات عربی بی بنت الٰہ دین قوم بافندہ ساکن گوجرانوالہ۔ اس کے بطن سے تین بیٹیاں پیدا ہوئیں۔

۴۔ مسمات حسین بی بی بنت چودھری کرم ڈھلو، ساکن ببر ضلع گوجرانوالہ۔ اس کے

Marfat.com

بطن سے پانچ بیٹے پیدا ہوئے۔

آپ کے پانچ بیٹے پیدا ہوئے:

اولاد ۱۔ سید فضل حسینؒ ۲۔ سید محمد حیاتؒ ۳۔ سید عمر حیات سلمہ اللہ

۴۔ سید کرم حیاتؒ ۵۔ سید بخت حیاتؒ

ان میں سے سید عمر حیات متولد ۱۳۱۰ھ اس وقت موجود ہیں۔ علم موسیقی میں اچھی مہارت رکھتے ہیں۔ لوگوں کے مقدمات فیصل کرتے ہیں۔ ان کی مجلس میں مردمانِ اہلِ حاجت کا اجتماع رہتا ہے۔ ان کی دو بیویاں ہوئیں:

۱۔ سیدہ صالحہ بی بی بنت سید غلام علی ساہن پالویؒ۔ ان کے بطن سے دو لڑکے اور ایک لڑکی ہوئی۔

۲۔ سیدہ ایمنہ بی بی بنت سید فضل حسین ہاشمی رملویؒ۔ ان کے بطن سے ایک لڑکی پیدا ہوئی۔

لڑکوں کے نام یہ ہیں:

۱۔ صاحبزادہ عبدالکریم سلمہ اللہ ۲۔ صاحبزادہ فضل کریم۔ بچپن میں فوت ہوا۔

لڑکیوں کے نام یہ ہیں:

۱۔ سیدہ فضل بیگم۔ بچپن میں فوت ہوئی ۲۔ سیدہ ارشاد بیگم۔ یہ موجود ہے۔

—— صاحبزادہ عبدالکریم المتخلص بہ عباسی سلمہ اللہ تعالیٰ۔ متولد پنجشنبہ ۱۳ رمضان ۱۳۳۲ھ یہ مولف فقیر سید شرافت عافاہ اللہ کا خالہ زاد بھائی اور مرید و خلیفہ ہے۔ صاحبِ علم و عقل و دانش ہے۔ علم موسیقی کا واقف ہے۔ فنِ شاعری پنجابی میں بھی خاصی مہارت رکھتا ہے۔ کئی سی حرفیاں، دوہڑے، نعتیں، کافیاں بناتی ہیں جو نہایت پُرلذت ہیں۔ سلسلۂ پیری مریدی بھی جاری ہے۔ اکثر لوگ اس کی بیعت ہوتے ہیں۔
ایک کافی یہاں درج کی جاتی ہے:

Marfat.com

کافی

در یار دا خانہ کعبہ اے اساں ہور دوارہ کی کرنا
رکھ قدماں تے سر اکواری پھر سجدہ دوبارہ کی کرنا

جیہڑے سبق عشق دا لیندے نیں سچ کہنوں مول نہ رہندے نیں
چڑھ سولی تے پئے کہندے نیں نک نک کے نظارہ کی کرنا

جدھے دل وچ شوق نظارے دا اوہ صدقوں کدے نہ ہارے دا
رکھے مصحف یاد پیارے دا اُس حفظ سیپارہ کی کرنا

جے عاشق ہیں دلدار دا توں لے جھوٹھ پہلے وار دا توں
کر سر نذرانہ یار دا توں اِس جند نوں پیارا کی کرنا

موتوا قبل حرف پکا پہلے دربار دے سیس کٹا پہلے
ایہ عباسی جان گوا پہلے مرنے تھیں کنارہ کی کرنا

اس کی دو بیویاں ہیں:

۱۔ سیدہ رضیہ بیگم بنت حضرت سید غلام مصطفےٰ برخورداری ساہنپالوی مدظلہ۔ اس کے بطن سے ایک لڑکا خضر حیات متولد سوموار ۲۰ رجب ۱۳۵۱ھ۔ اور ایک لڑکی زکیہ بیگم موجود ہے۔

۲۔ سیدہ صغریٰ بیگم بنت سید کرم حیات چنبھل۔ اس کے بطن سے ایک لڑکی زاہدہ پروین نام ہے۔

سید غلام حسین صاحبِ ذکر ہذا کی تین بیٹیاں تھیں:

۱۔ سیدہ بخت روشن ۲۔ سیدہ محمد بی بی ۳۔ سیدہ بیگم بی بی۔ تینوں بچپن میں فوت ہوگئیں۔

یارِ طریقت آپ کسی کو مرید نہیں بناتے تھے۔ صرف ایک شخص شیر محمد نام گگو ساکن چنبھل کو مرید بنایا۔

تاریخِ وفات سید غلام حسین کی وفات بروز بدھوار، پانچویں جمادی الاخریٰ ۱۳۲۵ھ

Marfat.com

میں ہوئی ۔ قبر موضع چنبیل علاقہ خانقاہ ڈوگراں ضلع شیخوپورہ میں ہے ۔

مادہ ہائے تاریخ ؛

۱۔ محبوبِ خدا پرست ۲۔ باغ کامرانی

حضرت سید غلام علیؒ

آپ برگزیدہ درگاہِ سبحانی ، مقبولِ درگاہِ رحمانی ، واقفِ رموزِ طریقت و حقیقت تھے ۔ آپ سید قدم الدین بن سید خدا بخش کے فرزند اکبر تھے ۔ بیعت و خلافت اپنے جد امجد سید خدا بخش بن سید حافظ نور اللہ فرشتہ صفاتؒ سے حاصل تھی ۔

آپ کی والدہ کا نام سیدہ حیات بی بی بنت سید فتح الدین بن سید خدا بخش برخورداری تھا۔

واقعہ ولادت منقول ہے کہ آپ جب پیدا ہوئے تو آپ کے جسم کا دایاں حصہ مادرزاد کمزور تھا آپ کو جد بزرگوار سید خدا بخشؒ کے سامنے کیا گیا اور عرض کیا گیا کہ یہ بچہ تو ہوا ہے لیکن اس کا جسم سالم نہیں ۔ انھوں نے فرمایا تم کوئی غم نہ کرو اس کا رعب شیروں پر بھی غالب ہوگا اس کی جھال شیر بھی نہ جھیل سکیں گے ۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ آپ کا رعب و جلال ہر ایک پر غالب تھا۔

تعلیم آپ نے قرآن مجید اور درسی کتابوں کی تعلیم مولانا سید غلام قادر بن سید عبد اللہؒ سے پائی ۔ لکھنا بھی سیکھا ۔ بائیں ہاتھ سے لکھ لیا کرتے تھے ۔

معمولات

اوراد و اشغال آپ کو بچپن سے ہی راہِ حق کا شوق تھا ۔ وظائف قادریہ نوشاہیہ کے پورے پابند تھے ۔ نماز پنجگانہ ، منزل قرآن مجید ، درود شریف مستغاث ، درود شریف اکبر ، دعائے کنج العرش ، دعائے حزب البحر ، قصیدہ غوثیہ ، شجرہ شریف نوشاہیہ مصنفہ مولوی محمد اشرف فاروقیؒ روزانہ پڑھا کرتے ۔ مناجات غوثیہ خمس ، جس کا پانچواں مصرع یہ آتا ہے ؛

"یا محی الدین ! تجھ بن کون لے میری خبر"

یہ بھی روزانہ پڑھتے ۔

Marfat.com

شب بیداری

میاں شہاب الدین خلیفہ نورپوری سے منقول ہے کہ آپ جب کبھی نورپور چاہلاں میں تشریف لاتے۔ تو بہت تجربہ کیا گیا کہ آپ رات کو بالکل نہ سوتے ساری رات کلمہ طیبہ اور درود شریف کے وظایف میں گزار دیتے

ایک پاؤں پر کھڑا ہونا

آپ کو کئی مرتبہ دیکھا گیا کہ رات کو ایک پاؤں پہ کھڑے ہو کر عبادت کر رہے ہیں۔

ف : ایک پاؤں پر کھڑے ہو کر عبادت کرنا بزرگوں کا معمول رہا ہے۔ چنانچہ مخدوم عبداللہ ایک پاؤں پر کھڑے ہو کر عبادت کیا کرتے تھے[1]

چلہ نشینی

آپ نے ابتدائے احوال میں دریائے چناب پہ ایک چلہ بھی کیا تھا۔ اس میں آپ کو کافی فیض حاصل ہوا، اور درگاہِ الٰہی میں مقبولیت پائی۔

سفر کا معمول

آپ جب سفر میں تشریف لے جاتے تو آپ کا معمول تھا کہ ساہن پال شریف کی سرحد پر کھڑے ہو کر درگاہِ عالیہ نوشاہیہ کی طرف متوجہ ہو کر قصیدہ غوثیہ پڑھتے اور بزرگانِ نوشاہیہ کا ختم شریف پڑھ کر ایصالِ ثواب کرتے روانہ ہوتے۔ چاروں طرف روانگی کے وقت آپ کا یہی معمول تھا۔ اگر گھوڑی پر سوار ہوتے تو اسی طرح سواری کی حالت میں ہی کھڑے ہو کر پڑھ لیا کرتے۔

اخلاقِ حسنہ

آپ کے اخلاق درویشانہ تھے۔ فقیرانہ زندگی بسر کرتے۔

رعب و جلال

قدرت نے آپ کے چہرہ پر اس قدر جلالیت کے آثار ظاہر کیے تھے کہ کسی شخص کو سامنے ہونے کی جرأت نہیں ہو سکتی تھی۔ مہر دین میلو گوجر دولت نگری سے منقول ہے کہ جب آپ کبھی ہمارے ہاں تشریف لاتے اور آپ کا ارادہ روانگی کا پختہ ہو جاتا تو ہم آپ کا ارادہ فسخ کرنے کی کوئی جرأت نہ ہو سکتی تھی حالانکہ ہماری محبت

---

[1] تذکرہ اولیائے ہند، ج ۲، ص ۵۸

Marfat.com

اس بات کی مقتضی ہوتی تھی کہ آپ ابھی تشریف رکھیں۔

تعویذ کا مفت دینا آپ صاحبِ حاجات کو تعویذ اور دَم مفت کیا کرتے تھے۔ اور عام پیروں کی طرح اُجرت لینے کو اچھا نہ سمجھتے تھے۔ اگر کسی کا کام ہو جاوے اور وہ نذرانہ دے تو قبول کر لیتے۔

میرے والد بزرگوار اعلیٰ حضرت سید غلام مصطفےٰ ادام اللہ برکاتہٗ فرماتے ہیں کہ ہمارے سامنے کا واقعہ ہے کہ قصبہ کنجاہ کے ایک معمار نے مبلغ پانچ روپے آپ کو دینے چاہے اور بڑی کوشش کی مگر آپ نے نہ لیے اور فرمایا: جب تمہارا کام ہو جاوے گا اس کے بعد لیں گے۔

جنّوں کی ملاقات ایک بار آپ صوبہ اسے ایمن آباد ضلع گوجرانوالہ میں گھوڑی پر سوار جا رہے تھے وہاں ایک جن پہلے چیل کی شکل میں، پھر بزغالہ، پھر کتا، پھر انسانی صورت میں آپ کو ملا اور آپ کو اپنے ہمراہ ایک نشیبی جگہ میں لے گیا وہاں ان کی شادی تھی۔ گیت ہو رہے تھے۔ سب جنات نے آپ کو سلام و آداب کیے اور عرض کیا کہ ہم آپ کے بزرگوں یعنی حضرت ابو سعید مُرتاض بن سید حافظ جمال اللہ فقیہ اعظمؒ کے مریدوں سے ہیں۔ پھر آپ کو رخصت کیا۔

گھوڑی کی جَھدیں گُندجانا میری والدہ صاحبہ دامت عصمتہا بیان فرماتی ہیں کہ حضور کے پاس ایک گھوڑی سفید رنگ تھی۔ روزانہ صبح کو اُس کی جَھدوں کے بال گُندے ہوئے تھے۔ جنات گوندجاتے تھے۔

ف: طائفہ جنات کا بزرگوں کو اپنے ہاں لے جانا کئی کتابوں میں منقول ہے۔

۱۔ شیخ صدرالدین حکیم (خلیفہ چراغ دہلیؒ) کو پریاں اٹھا کر لے گئیں۔[1]

۲۔ شیخ عبدالغفور مانو اعظم پوریؒ کو جن اٹھا کر لے گئے تھے۔[2]

کمالاتِ ولایت منقول ہے کہ سید غلام حسن بن سید قطب الدین دہلویؒ نے تمام اولادِ حضرت نوشہ صاحبؒ فریقِ برخوردار یہ اور فریقِ ہاشمیہ پر اکٹھا

---

[1] تذکرہ اولیائے ہند، ج ۱، ص ۱۳۴ [2] ایضاً، ج ۲، ص ۵۳۔ شرافت

Marfat.com

دعوٰی کر دیا کہ درگاہِ عالیہ نوشاہیہ کے چڑھاوا اور نذر و نیاز لینے کا میں اکیلا حقدار ہوں۔ دوسرے سب صاحبزادگان حصۂ درگاہ سے خارج ہیں۔ چنانچہ فریق برخورداریہ کی طرف سے آپ یعنی سید غلام علیؒ ذکر ہذا والے۔ اور فریق ہاشمیہ کی طرف سے سید گامے شاہ بن سید ناصر الدین رن ملویؒ مختارِ کار تھے۔ مقدمہ عدالت میں دائر تھا۔ سید غلام حسنؒ نے اثنائے مقدمہ میں حضرت داتا گنج بخش لاہوریؒ کا سجادہ نشیں بطور منصف اور حکم مدعو کیا کہ جو فیصلہ وہ کرے ہم کو منظور ہے۔ چنانچہ فریقین کا اجتماع ہوا۔ سجادہ نشین صاحبِ بصیرت تھا۔ اس نے بنظر کشف ہر ایک صاحبزادہ کے حالات کا معائنہ کیا۔ آخر وہ حضور کے کمالاتِ ولایت کو ملاحظہ کر کے آپ کا معتقد ہو گیا۔ اور کہا کہ آپ تمام ساداتِ نوشاہیہ میں سے فضل و معرفت کے کمالات میں بلند مقام رکھتے ہیں۔ اُس نے فیصلہ آپ کے حق میں کیا۔ اس کے بعد مجسٹریٹ کی عدالت سے بھی فیصلہ آپ کے حق میں ہوا، اور سید غلام حسنؒ کا دعوٰی خارج ہو گیا۔ حکم سنایا گیا کہ بموجب ملاحظہ شجرہ جاتِ نسب نصف حصہ کے فریق ہاشمیہ حقدار ہیں۔ اور نصف حصہ کے برخورداریہ، اور فریق ثانی کے حصہ میں سے صرف پانچویں حصے کا مالک سید غلام حسنؒ ہے۔

حلیہ اقدس آپ کا قد درمیانہ، رنگ گندم گوں، دایاں ہاتھ اور دایاں پاؤں کمزور، ریش مبارک بقدر ایک قبضہ، سر کے بال کانوں تک، دماغ پر سے بال جھڑ گئے تھے، بالوں کو وسمہ لگایا کرتے، سر پر ٹوپی سفید رنگ رکھتے۔ مولف کتاب ہذا فقیر سید شرافت عافاہ اللہ کی عمر اُس وقت گیارہ سال تھی۔ آپ میرے حقیقی نانا صاحب تھے۔ میں آپ کو "باواجی ٹوپی والے" کہا کرتا تھا۔

سماع سُننا آپ کو سماع سے بھی رغبت تھی۔ سماع کو بلا مزامیر سننا پسند فرماتے۔ جب کبھی موضع رائکے میں جاتے تو اپنے مرید میاں کرم الٰہی بافندہ سے کتاب سُنا کرتے۔ اور اگر کبھی موضع داڈ میں جاتے تو میاں محمود گوجر سے کتاب سنا کرتے، اور اس کو سلطان محمود کہہ کر بلایا کرتے۔

عطیات

بعض مریدوں نے حصولِ مرادات کے ہدیہ میں آپ کو قطعاتِ زمین بطور عطیہ

Marfat.com

دیے ہوئے تھے۔ جو آپ کی زندگی تک آپ کے تصرف میں رہے۔

۱۔ مسمیان حاکم و محکم و شرفا و فضلا پسران تاجو تارڑ ساہنپالیہ کا اپنی برادری کے ساتھ زمین کا ایک مقدمہ تھا۔ آپ کی دُعا سے ان کے حق میں فیصلہ ہوا تو انھوں نے آٹھ کنال زمین آپ کو ہدیہ میں دی۔

مولف کہتا ہے کہ ۱۳۶۶ھ میں رقبہ ساہن پال میں اشتمالِ اراضی ہوا۔ اس میں یہ قطعہ زمین ایک کیلہ حضور کی وراثت میں آپ کی بیٹی حضرت سیدہ حسین بی بی دامت حشمتہا کے نام کاغذات سرکاری میں انتقال درج ہوگیا ہے۔ یہ میری والدہ محترمہ ہیں اور ابھی ۱۳۷۹ھ میں حیات بابرکات ہیں۔

۲۔ مہر قطب الدین نمبردار سیروجیدا متصل کنجاہ کے ہاں اولاد نہیں ہوتی تھی۔ آپ کی دعا سے اُس کے ہاں فرزند اللہ دتہ نام تولد ہوا۔ اُس نے آٹھ کنال زمین آپ کو نذرانہ میں دی۔

یہ قطعہ زمین آج تک مولف کے قبضہ میں ہے۔

۳۔ رحم دین گوجر ساکن سیروجیدا کے ہاں آپ کی دعا سے فرزند ہوا تو اس نے دو کنال زمین آپ کو نذرانہ میں دی۔ یہ زمین بھی آج کل میرے قبضہ میں ہے۔

۴۔ مسمی دائم وڑائچ ساکن بھاگت کے ہاں آپ کی دُعا سے خدا تعالیٰ نے بیٹا خوشی محمد نام عطا کیا تو اس نے پانچ کنال زمین نذرانہ میں دی۔ یہ زمین بھی آج کل میرے تصرف میں ہے۔

۵۔ مسمی سلطان احمد بن صاحب دین گوجر ساکن جاجووال متصل لالہ موسیٰ کے ہاں اولادِ نرینہ نہیں تھی۔ اُس کے بھائی رحم دین نے خدمت میں التماس کی۔ آپ نے دُعا فرمائی تو اس کے ہاں بیٹا محمد دین نام پیدا ہوا۔ انھوں نے چار کنال زمین نذرانہ میں دی۔ یہ زمین بھی آج کل میرے پاس ہے۔

۶۔ مسمی کرم بن نوازش گوجر ساکن چنڈالہ متصل لالہ موسیٰ کی اہلیہ کے نام کچھ زمین تھی جو اس کو اپنے والد کو اولاد نرینہ سے لاولد ہو جانے کی صورت میں ملی تھی۔ اس کے قریبی وارثوں نے اس زمین کا مقدمہ کر دیا۔ کرم مذکور نے آپ کی خدمت میں دعا کی التماس کی۔ آپ نے دعائے خیر فرمائی تو مدعیوں کا مقدمہ خارج ہوگیا اور زمین اہلیہ کرم کے نام برقرار رہی۔

Marfat.com

انھوں نے چار کنال زمین آپ کو نذرانہ میں دی۔

۷۔ مہر خواجہ گوجر چنڈالوی کے ہاں اولاد نہیں تھی۔ آپ کی دُعا سے اس کو بیٹا تولد ہوا تو اس نے چھ کنال زمین آپ کو نذرانہ میں دی۔

۸۔ بخشہ گوجر چنڈالوی کے ہاں بھی کوئی بیٹا نہ تھا۔ آپ کی دُعا سے حق تعالیٰ نے اس کو فرزند عطا فرمایا۔ تو اس نے چھ کنال زمین آپ کو ہدیۃً دی۔

۹۔ مائی جنت گوجری چنڈالوی کو بھی آپ کی دعا سے لڑکا تولد ہوا تو اس نے آٹھ کنال زمین آپ کو نذرانہ میں دی۔

۱۰۔ مسمی فضلو بن موجو گوجر ساکن داؤ متصل لالہ موسیٰ کا اپنے برادران ہم جدی سے زمین کا مقدمہ تھا۔ آپ کی دعا سے اس کے حق میں فیصلہ ہوا۔ تو اس نے دو کنال زمین آپ کو نذرانہ میں دی۔

کرامات

آپ سے خوارق و کرامات بکثرت ظاہر ہوتے تھے۔ کئی مجرد منفرد آپ کی دعا سے عیالدار ہوئے۔ کئی بے اولاد صاحبِ اولاد ہوئے۔ کئی بیمار شفایاب ہوئے۔ کئی مخالف سزا پا گئے۔ ان میں سے بعض واقعات یہاں تحریر کیے جاتے ہیں۔

وجد کردانا میاں شہاب الدین خلیفہ نورپوریؒ سے منقول ہے کہ آپ ہمارے گاؤں نورپور چاہلاں میں تشریف لائے۔ ایک روز میں آپ کی مجلس میں قصہ سوہنی مہینوال پڑھ رہا تھا۔ پاس ہی محمد یار موچی بیٹھا ہوا جوتی سی رہا تھا۔ آپ نے اپنی انگلی سے اس کی طرف اشارہ کیا۔ اس کو وجد ہو گیا اور زمین پر تڑپنے لگا۔

ایک مرید کو غائبانہ تنبیہ آپ کے برادر زادہ سید عمر حیات چنبھلی بیان کرتے ہیں کہ حضور کے مرید سائیں مراد علی حجام ساکن چک جانو کلاں نے آپ کی بغیر اجازت بطورِ خود کھانا ترک کر دیا۔ تمام لوگوں میں مشہور ہو گیا کہ اس نے کھانا چھوڑ دیا ہے۔ چوتھے روز اس کو بھوک نے تنگ کر لیا۔ مجبور ہو کر دنیا کی بدنامی سے ڈرتے ہوئے مکان کے دروازے

Marfat.com

بند کر کے اندر جا کر سیویاں پکائیں۔ جب تھال میں ڈال کر کھانے لگا تو آپ غائبانہ طور پر وہاں موجود ہو گئے۔ اور اس کو ڈانٹا۔ اسی وقت وہ کھانے سے رُک گیا اور آپ کی خدمت میں حاضر ہوا۔

کھانا ترک کروانا راوی موصوف سے منقول ہے کہ پھر سائیں مراد علی مذکور کو آپ نے فرمایا کہ اب ترکِ طعام کر لو تم کو روزہ کی توفیق عطا ہو گی۔ چنانچہ اس کے بعد اس نے اناج کا کھانا ترک کر دیا اور متواتر سات سال تک روزہ رکھا۔

بادل کا سایہ کرنا سائیں قاسم علی فقیر ساکن دِتو متصل قصبہ کھاریاں سے منقول ہے کہ ایک بار میں آپ کے ساتھ موضع دُھنی (متصل دھوریہ) میں گیا۔ وہاں سے کوٹ اخلاص کو روانہ ہوئے۔ جیٹھ کا مہینہ تھا۔ دوپہر کا وقت تھا۔ سخت گرمی پڑ رہی تھی۔ آپ گھوڑی پر سوار تھے، سر پر چھتری لگائی ہوئی تھی۔ میں نے عرض کیا کہ آپ نے تو سایہ کیا ہوا ہے اور میں دھوپ میں مر رہا ہوں۔ آپ نے فرمایا، کچھ خوف نہ کرو اسی وقت تم پر بھی سایہ ہو جاتا ہے۔ آپ نے دل میں چند الفاظ پڑھے۔ اُس وقت آسمان بالکل صاف تھا موضع برنالی کے قریب پہنچے تو بادل کا ایک قطعہ نمودار ہوا، اس نے ہمارے سر پر سایہ کر دیا اور تھوڑے تھوڑے قطرات بھی گرنے لگے۔ ہم ٹھنڈک میں آسانی سے کوٹ اخلاص پہنچ گئے۔

آم کو پھل لگنا منقول ہے کہ ایک مرتبہ آپ چنڈالہ میں تشریف لے گئے۔ ایک زمیندار نے عرض کیا کہ میں نے آم کا درخت لگایا تھا۔ چند سال گزر گئے ہیں اس کو پھل نہیں لگتا۔ آپ نے تعویذ کر دیا کہ اُس کی شاخ سے باندھ دو۔ ایسا کرنے سے اس کو پھل لگنا شروع ہو گیا اور آج تک اس آم کو پھل بکثرت لگتا ہے۔

غلّہ کا بڑھ جانا میاں شہاب الدین خلیفہ نورپوری سے منقول ہے کہ میرے لڑکے محمد بخش کی شادی کا کام شروع تھا۔ میں نے عرض کیا جناب غلّہ بہت تھوڑا ہے۔ آپ نے تعویذ لکھ دیا اور فرمایا اس کو آٹے والے بھڑولہ میں ڈال دو۔ اللہ کریم برکت دے گا۔ چنانچہ ایسا ہی کیا۔ اس میں سات من آٹا تھا۔ بیاہ بھی کشادہ خاطر ہو گیا اور دو مہینے تک بعد میں بھی کھاتے رہے۔ ایک روز میری بیوی نے بھڑولہ کا منہ کھول کر دیکھا تو ابھی تھوڑا سا آٹا موجود تھا۔ آپ نے فرمایا، اگر تم نہ دیکھتے تو کبھی ختم نہ ہوتا۔

Marfat.com

ف : کھانے کا یا غلّہ کا بڑھ جانا بزرگوں کے تصرفات میں سے ہے۔ چنانچہ :

۱۔ شیخ محمد عارف چشتی رُدولوی نے ایک بُڑھیا کو غلّہ دیا جو تمام عمر ختم نہ ہوا۔[1]

۲۔ سید علیم الدین حسینی نے مولوی عبدالحکیم سیالکوٹی کو ایک روپیہ عطا کیا۔ وہ کئی سال تک ان کی جیب میں رہا۔[2]

قیدیوں کو رہا کروانا

منقول ہے کہ ایک مرتبہ آپ کے مریدان کرم الٰہی و بلند ا پسران بوٹا ماچھی ساہنپالیہ چوری کے جُرم میں گرفتار ہو گئے۔ ایک روز بلند ا نے جیلخانہ میں کہا کہ ہم بڑی تکلیف میں ہیں۔ کرم الٰہی نے کہا کہ اگر ہمارا مرشد کامل ہے تو ہماری امداد کرے گا۔ چنانچہ اُسی رات آپ ان کو خواب میں ملے اور ان کی ہتھکڑیاں کھول دیں۔ جب وہ بیدار ہوئے تو کڑیاں کھلی تھیں۔ صبح کو حکم کی تاریخ تھی۔ سپاہیوں نے نئی ہتھکڑیاں لگا کر مجسٹریٹ کے پیش کیا۔ جاتے ہی اس نے رہا کر دیا۔

بیمار بچّے کا شفا پانا

منقول ہے کہ ایک روز آپ اگرویہ میں گئے وہاں ایک عورت نے عرض کیا کہ میرا بچّہ ہر وقت پاخانہ پھرتا رہتا ہے۔ اس کو اسہال جاری ہیں بند نہیں ہوتے۔ آپ نے فرمایا : بند ہو جاویں گے چنانچہ اس کے بعد تین روز تک وہ بالکل بند ہو گئے۔ پھر اس کی والدہ نے آکر عرض کیا کہ اب تو بالکل ہی بند ہو گئے۔ آپ نے فرمایا : اب تندرست ہو جاوے گا۔ اس کے بعد وہ بالکل شفا پا گیا۔

مُردہ کو زندہ کرنا

منقول ہے کہ سید غلام احمد بن سید فاضل شاہؒ جب ایک سالہ عُمر کے تھے تو مرضِ اسہال سے فوت ہو گئے۔ ان کو غسل دے دیا گیا اور دفن کرنے لیجانے کو تیار تھے کہ آپ تشریف لے آئے۔ دیکھ کر اُن کی والدہ جو آپ کی بھتیجی تھی فرمایا : حیات بیگم ! اگر یہ لڑکا زندہ ہو جاوے تو کیا نذرانہ دو گی ؟ اُنھوں نے عرض کیا : پانچ روپے۔ آپ نے ان کو دم کیا اور تعویذ لکھ کر اُن کے گلے میں ڈال دیا۔ اسی وقت اُنھوں نے آنکھیں کھول دیں، اور زندہ ہو گئے اور سب اقارب کو بڑی خوشی ہوئی۔

---

[1] تذکرہ اولیائے ہند، ج ۲، ص ۴۰ [2] ایضاً، ج ۳، ص ۱۰۹

Marfat.com

ف : مولفِ کتاب ہذا فقیر سید شرافت نوشاہی عفا اللہ عنہ کہتا ہے کہ یہ واقعہ بالکل صحیح ہے۔ اِس کو سیدہ حیات بیگم خود، اُن کے صاحبزادے سید کرم الٰہیؒ، سید نور الٰہیؒ اور سید غلام احمدؒ بالاتفاق اپنی زبان سے بیان کیا کرتے تھے۔

مُردہ کا زندہ ہونا اولیاء اللہ کے تصرفات اور ممکنات میں سے ہے۔ چنانچہ شاہ بلاول قادریؒ نے اپنے ایک سات سالہ رفیق لڑکے کو، جو مر گیا تھا، زندہ کر دیا تھا۔[1]

دل کی گھبراہٹ دُور کرنا مہر دین گوجر میلو دولت نگری کی والدہ سے منقول ہے کہ مجھ کو دل کی گھبراہٹ کی بیماری تھی۔ بڑے علاج کیے، کچھ فائدہ نہ ہوا۔ آپ تشریف لائے تو میں نے بیماری کے متعلق عرض کیا۔ آپ نے پیالہ میں نقش لکھ دیا اور فرمایا: اکیسؔ روز اس میں پانی پینا۔ چنانچہ اکیسؔ دنوں میں میں بالکل شفا پا گئی۔

خود بخود رشتہ ملنا میاں شہاب الدین خلیفہ نورپوریؒ سے منقول ہے کہ میرے لڑکے محمد بخش کے رشتہ کا مجھ کو جواب ہو گیا۔ میں نے آپ کے سامنے سرگزشت بیان کی۔ آپ نے فرمایا کہ تم کوئی فکر نہ کرو آٹھ روز سے پہلے وہ خود چل کر تمہارے پاس آویں گے اور معافی بھی مانگیں گے اور رشتہ بھی دیں گے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔

مفت رشتہ ملنا منقول ہے کہ ایک بار آپ نورپور چاہلاں میں تشریف فرما تھے۔ ہری سنگھ چاہل دودھ کا کٹورا لے کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ موضع ڈیوڈھی میں ایک عورت ہے اُس کے متعلقین چھ سَو روپے مانگتے ہیں، مجھ میں اتنی استطاعت نہیں۔ آپ مہربان ہو گئے اور فرمایا کہ اگر کل آدمی ناظر کرنے کے لیے وہاں سے آگیا تو جان لینا کہ ہماری دُعا سے ہے۔ چنانچہ دُوسرے روز اُس کا کام مفت ہی بن گیا۔

تین روز میں نکاح ہونا منقول ہے کہ محمد بن کرم الدین چنڈالوی نے آپ کی خدمت میں عرض کیا کہ میری بیوی فوت ہو گئی ہے۔ اور اب چکی خود پیستا ہُوں اور مصیبت میں مبتلا ہُوں۔ اور فلاں عورت بیوہ ہے اگر نکاح کر لے تو میرا خانہ آباد ہو سکتا ہے آپ نے اس کو نمک دم کر دیا کہ اس کو کھلا دے۔ نمک کھلانے سے وُہ تین روز کے بعد خود بخود آ گئی اور محمد سے نکاح کر لیا۔

---

[1] تذکرہ اولیائے ہند ج ۳ ص ۴۸ شرافت

Marfat.com

فوری طور پر نکاح ہونا

منقول ہے کہ علاقہ گوجر کا ایک آدمی آپ کو اپنی پشت پر اٹھا کر نالہ بھنبر سے پار کرنے لگا۔ جب پانی کے درمیان گیا تو نیچے بیٹھنے لگا۔ آپ نے پوچھا: کیا بات ہے؟ اُس نے کہا آپ کو ڈبونے لگا ہوں۔ فرمایا: کیوں؟ کہا فلاں عورت پر میں مبتلا ہوں، وہ میرے ساتھ نکاح نہیں کرتی۔ آپ کی موجودگی میں سرگردان پھر رہا ہوں۔ آپ نے فرمایا: جاؤ، آج ہی وہ نکاح کرلے گی۔ چنانچہ وہ شخص آپ کو بھنبر سے پار کرکے جب واپس گھر گیا تو وہ عورت اُسی روز اُس کے پاس آگئی اور نکاح کرلیا۔

جلد ہی نکاح ہونا

منقول ہے کہ گوجرپور کے ایک شخص نے خدمت میں عرض کیا کہ میں نے ہر چند کوشش کی ہے فلاں عورت مجھ سے نکاح نہیں کرتی۔ آپ نے اس کو قند سیاہ دم کردیا۔ جب اُس نے کھلایا تو بہت جلدی اُس عورت نے اس سے نکاح کرلیا۔

توام لڑکے پیدا ہونا

منقول ہے کہ موضع جمن علاقہ لالہ موسے کی ایک عورت نے عرض کیا کہ میرے گھر اولاد نہیں ہوتی۔ آپ نے اس کو چار عدد تعویذ دیے۔ اور فرمایا: اللہ تعالیٰ تم کو چار لڑکے عطا فرماوے گا۔ اس نے دو تعویذ ایک دن اور دو دوسرے دن نوش کیے۔ اس کو دو مرتبہ جوڑا جوڑا لڑکے (توام) پیدا ہوئے۔

آپ کی دعا سے کئی بچوں کا پیدا ہونا

آپ کی دعائے باصفا سے بے شمار بچے متولد ہوئے، جن میں سے چند ایک لکھے جاتے ہیں:

۱۔ معین الدین پور کے ایک خوارزمی سید کے ہاں سات ماہ بچے پیدا ہوتے تھے۔ آپ نے ریشم ہفت رنگ کا گٹ بنا دیا۔ حق تعالیٰ نے اس کو صحیح و سالم پورے نو ماہ کے بعد لڑکا عنایت کیا۔

۲۔ چودھری پیر بخش وڑائچ نمبردار گوجرپوری کے ہاں اولاد ہو کر مر جاتی تھی۔ آپ نے تعویذ کر دیا۔ اس کے ہاں فرزند میراں بخش نام پیدا ہوا جو معمر ہو کر فوت ہوا۔

۳۔ اللہ بخش وڑائچ گوجرپوری کے ہاں اولاد نہ ہوتی تھی۔ آپ کی دعا سے نتھو نام فرزند پیدا ہوا جو ابھی بعمر ستر سال زندہ ہے۔

Marfat.com

۴۔ مصندو وڑائچ گوجرپوری کے ہاں اولاد نہیں تھی۔ اس کو تعویذ کر دیا تو اس کے گھر لڑکی پیدا ہوئی جس کا نام بُڈھی ہے اور ابھی بعمر پچھتر سال زندہ ہے۔

۵۔ ہاشم موچی گوجرپوری کے ہاں آپ کی دُعا سے لڑکی پیدا ہوئی جس کا نام زینب بی بی ہے اب بعمر اڑسٹھ سال زندہ ہے۔

۶۔ خوشی بن میاں خاں موچی ساہنپالیہ کے بال بچے سب طاعون میں فوت ہو گئے۔ اور وہ دونوں میاں بیوی باقی رہ گئے۔ آپ نے اس کو تعویذ بنا دیے تو خدا تعالیٰ نے اس کی ضعیفی حالت میں اُس کو لڑکا عنایت فرمایا جس کا نام بُوٹا ہے۔ وہ ابھی بعمر پچاس سال زندہ ہے۔

نافرمان کو سزا ملنا

منقول ہے کہ آپ نور پور جاہلاں میں تشریف فرما تھے۔ گنیش سنگھ زمیندار نے خدمتِ سامی میں عرض کیا کہ میری عورت کو اٹھرا کی شکایت ہے اُس کا حمل ساقط ہو جایا کرتا ہے۔ آپ نے فرمایا کہ تم قبلہ کی طرف منہ کر کے پیشاب نہ کرنا اور قبلہ و قطب و درگاہِ نوشاہیہ کی طرف پاؤں دراز نہ کرنا، جھٹکا نہ کھانا، شراب نہ پینا، زنا نہ کرنا۔ اگر تم اِن نصیحتوں پر عمل کرو گے تو اسقاطِ حمل نہ ہوگا۔ اس نے نصائح پر عمل شروع کیا تو اس کی عورت کو حمل ٹھہر گیا۔ تین ماہ بخوبی گزر گئے پھر ان کا گورُو آ گیا اس نے اس کو بڑی ملامت کی کہ تُو سکھ ہو کر مسلمان درویش کے پاس کیوں گیا۔ آخر اس نے گنیش سنگھ کو شراب پلا دی۔ اِدھر اُس نے شراب پی اُدھر اُسی وقت اُس عورت کا حمل ضائع ہو گیا۔

ایک گستاخ عورت کی نسل منقطع ہو جانا

منقول ہے کہ ایک مرتبہ آپ قصبہ شاہ پور اراں میں تشریف لے گئے۔ صاحب خانہ کی عورت نے آپ کو بنظرِ حقارت دیکھا اور کہا یہ مشٹنڈا بھی ہمیشہ آ جاتا ہے۔ آپ نے سن کر فرمایا اگر میں مشٹنڈا ہوں تو تُو بھی مشٹنڈی ہو جائے گی۔ چنانچہ اس کی تمام اولاد مر گئی اور اس کی نسل قطع ہو گئی۔

ایک منکر عورت کی اولاد کا مفلوج ہو جانا

منقول ہے کہ ایک عورت نے اولاد کے واسطے آپ سے تعویذ لیے۔ اس کے ہاں لڑکا تولد ہوا۔ پھر وہ عورت آپ سے منکر ہو گئی۔ آپ کی بیعت سے وہ لڑکا مفلوج ہو گیا۔

Marfat.com

اس کے بعد بچے پیدا ہوئے سب مفلوج ہوتے رہے۔

ایک منکر کے بچے کا لُولا ہو جانا

میاں نبی بخش اولادِ میاں میہوں شیخوپوریؒ (خلیفہ حضرت سچیار صاحبؒ) اور تمام مردمانِ گوجر پور سے روایت ہے کہ حسن محمد وڑائچ گوجرپوری نے عرض کیا کہ اگر خدا تعالیٰ مجھے لڑکا دیوے تو میں اس کو درگاہ میں گھوڑا دوں گا۔ آپ نے دعا فرمائی اور تعویذ بھی کر دیے۔ اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے اس کے ہاں لڑکا پیدا ہوا جس کا نام دیدار بخش رکھا گیا۔ آپ نے نذرانہ طلب کیا تو حسن محمد منکر ہو گیا۔ آپ نے ایسا توجہ کیا کہ وہ لڑکا اسی وقت لُولا ہو گیا اور مدت العمر لولا رہا۔ اپنے آپ قطعاً نہ چل سکتا تھا۔

ایک بے احتیاط عورت کے بچوں کا جل مرنا

سائیں قاسم علی فقیر ساکن دتو سے منقول ہے کہ مسمات بھاگن ماچھن دولت نگری نے آپ سے اولاد کے لیے تعویذ لیے۔ آپ نے نصیحت فرمائی کہ ان تعویذوں کو بچوں کے گلے میں محفوظ رکھنا تمہارا کام تنور بھٹی کا ہوتا ہے ایسا نہ ہو کہ تعویذ جل جاویں۔ اگر تعویذ جل گئے تو بچے بھی جل جاویں گے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ کچھ عرصہ کے بعد اس کی بے احتیاطی سے تعویذ جل گئے۔ تو اس کے دو بچے اور ایک بچی بھی اتفاقیہ تنور میں گر پڑے اور جل کر مر گئے۔

ف بزرگوں کی زبان سے جو بات نکل جاوے وہ پوری ہو کر رہتی ہے۔ اسی طرح غوث بہاء الحق والدین ملتانیؒ نے شیخ صدرالدین کرخیؒ کو فرمایا کہ کتابوں کو جلا دو اور طریقہ فقر میں مشغول ہو جاؤ۔ انہوں نے کچھ تاخیر کی۔ امرِ الٰہی سے رات کو ان کی کتابیں خود بخود جل گئیں[1]

ایک خیانت کرنے والے کا ہلاک ہونا

میاں محمود لوہار چنڈالوی سے منقول ہے کہ ایک بار آپ نے اپنا غلّہ گندم ایک زمیندار کے ہاں امانت رکھا۔ اس نے ایک پنڈ (پچاس ٹوپے) غلہ اس سے خیانت کر کے نکال لیا۔ آپ کو پتہ چلا تو فرمایا: تُو نے ہمارے دانے کھائے ہیں خدا تعالیٰ نے اپنے خزانہ سے تیرے دانے ختم کر دیے ہیں۔ چنانچہ وہ شخص بعد خستہ حالی مفلس ہو کر ہلاک ہوا۔

---

[1] تذکرہ اولیائے ہند، ج ۲، ص ۱۲۷ شرافت

Marfat.com

نگاہ میں برقی اثر نبی بخش بن سلطان موچی ساکن داؤ سے منقول ہے کہ ایک مرتبہ میاں محمود لوہار چنڈالوی کسی شخص کے گھر آپ کو بطور میلاد لے گیا۔ اُس نے نہ مانا۔ آپ کی طبیعت میں بہت جلالیت آئی اور جوش میں اُٹھ کھڑے ہوئے۔ اور اپنے ڈیرہ پر آکر اپنی گھوڑی کی بچھیری پر نگاہ کی۔ وہ اسی وقت گر پڑی اور مر گئی۔ آپ نے فرمایا کہ میرا ارادہ ہوا تھا کہ یہ نگاہ اُس منکر شخص پر ڈالوں مگر پھر خیال آیا کہ اس کا بال بچہ یتیم ہو جاوے گا۔ آخر "قہرِ درویش برجانِ درویش" کے مطابق اپنے پر ہی وہ غصہ ڈالا۔

نگاہِ غیب منقول ہے کہ آپ کے ایک مرید کی بیٹی اُس کے کسی دشمن نے اغوا کر لی۔ وہ آپ کے آگے ملتجی ہُوا۔ آپ نے فرمایا کہ تم روپے لے کر ان کو طلاق دے دو۔ اس نے تعمیلِ ارشاد کی۔ سات سو روپیہ لے کر اس کو طلاق دے دی۔ آپ نے فرمایا، اب قدرتِ الٰہی کا نظارہ دیکھو۔ وہ دشمن بڑا خوش تھا کہ میں کامیاب ہو گیا ہوں۔ جس روز طلاق ہوئی رات کو آپ درگاہِ غوثیہ محبوبیہ میں عرض گزار ہُوئے۔ اُسی رات اُس عورت مر گئی۔ وہ دشمن خائب و خاسر رہ گیا۔

وفات کے بعد کرامات

ایک مرید کو دشمنوں سے بچانا سلطان بن کرم الٰہی ماچھی ساہن پاوی سے منقول ہے کہ ایک روز میں دشمنوں کے نرغہ میں پھنس گیا۔ اُس وقت آپ کو یاد کیا تو دشمنوں پر ایسا خوف طاری ہُوا کہ وُہ زمین پر لیٹ گئے اور میں سلامت نکل آیا۔

ایک مرید کی مدد کو پہنچنا سلطان ماچھی مذکور سے منقول ہے کہ کسی کا زیور چوری ہو گیا انھوں نے مجھ پر الزام لگایا حالانکہ میں اس سے بری الذمہ تھا۔ میرا کوئی حامی و مددگار نہ تھا۔ میں نے آپ کو پکارا، یا مرشد! مدد کیجیو۔ رات کو خواب میں آپ کی زیارت ہوئی آپ نے فرمایا: "تو حیران نہ ہو تجھ کو کوئی نہ پوچھے گا۔" صبح کو میرے ایک رشتہ دار نے میری صفائی دے دی اور میں بالکل بچ گیا۔

مولف کو وظائف بتانا بمقام سید شرافت کفاہ اللہ کو خواب میں آپ کی زیارت کا

Marfat.com

شرف حاصل ہوا۔ میں نے عرض کیا کہ آپ مجھے کوئی وظیفہ ارشاد فرماویں۔ آپ نے فرمایا: روزانہ سات پاؤ قرآن مجید اور چار مرتبہ درود اکبر شریف پڑھا کرو۔ میں نے یہ پڑھنا شروع کیا تو آپ کے برکات انفاس شریف سے بہت فیضان حاصل ہوا۔ اور کشود کار و فتوحات ظاہری و باطنی کے دروازے کھل گئے۔ الحمد للہ علیٰ کل حال۔

عملیات

آپ عامل کامل تھے۔ آپ کے عملیات سریع التاثیر ہوا کرتے تھے۔ دم تعویذ کرانے والوں کا آپ کے پاس ہجوم رہتا تھا۔ آپ کے مسیحائی دم سے لوگ شفا پا جاتے۔ عوام الناس کے علاوہ مشایخ سلیمانیہ اور ساداتِ نوشاہیہ برخورداریہ و ہاشمیہ سب آپ سے دم درود کروایا کرتے۔ آپ کے پاس عمل اٹھرا، چندری، رسولی، موہری، ترکی، آشوبِ چشم، رتانجن، لوت، کھرالی، دردِ پستان، زہر باد، سرخ باد، نظرِ بد، ڈبہ اطفال، کژدم گزیدہ، آسیب، دردِ سر، دردِ شقیقہ، دردِ دنداں، دردِ ریح، حب، عدد، وبائے مویشیاں وغیرہ نہایت مجرب تھے۔

دردِ شقیقہ کے واسطے میاں چنن دین ترکھان سارنگوی سے منقول ہے کہ ایک دفعہ آپ نے مجھے اجازت فرمائی کہ اگر کسی کو دردِ شقیقہ ہو تو لفظ "وَلَا شَرْقِيَّةَ" پڑھ کر دم کیا کرو۔

تکالیف دور کرنے کے واسطے چودھری حسن محمد بن محکم چٹھہ ساکن پانڈوکے سے منقول ہے کہ آپ نے مجھے فرمایا تھا کہ اگر تم کو کبھی تکلیف پیش آیا کرے تو اس وقت یہ وظیفہ پڑھا کرو اللہ تعالیٰ تکلیف رفع کر دے گا۔ یہ ہے: "یَا سَلَامُ یَا سَلَامُ یَا لَطِیْفُ یَا لَطِیْفُ"۔

بیداری شب کے واسطے میاں شہاب الدین خلیفہ نورپوری سے منقول ہے کہ آپ نے فرمایا کہ اگر رات کو بیدار رہ کر عبادت کرنا چاہو اور غلبہ نیند کو رفع کرنا مقصود ہو تو یہ وظیفہ پڑھا کرو، اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مُصِیْبَتِیْ فَاخْلُفْنِیْ

Marfat.com

خَیْرًا مِّنْهَا۔

ہوا چلنے کے واسطے سیدہ سَید بیگم بنت سید غلام نبی دھیرکوئی سے منقول ہے کہ اگر کبھی گرمیوں کے موسم میں ہوا کا چلنا بند ہوجاتا اور طبیعت دل تنگ ہوجاتی تو آپ یہ الفاظ چند مرتبہ پڑھا کرتے تو ہوا چلنی شروع ہوجاتی "یا حیدر کرار، بیاؤ واؤ دے شبکار"

مکتوبات

آپ کے دو مکتوب یہاں درج کیے جاتے ہیں۔

مکتوب اوّل یہ مکتوب آپ نے سفر سے اپنے والد بزرگوار سید قدم الدین بن سید خدا بخش کے نام ارسال کیا تھا:

"بخدمت ابوی صاحب فیاض زمان قبلہ ام دام اقبالہٗ۔ از فدوی فرزند غلام علی بعداز ادائے آداب واضح باد کہ ایں جا خیریت ست وصحت تندرستی آں صاحب از جناب پاک پروردگار شب و روز خواہاں وجویائیم۔ عرض این ست کہ ازاں روز یکہ مرخص شدہ ایم بخیر و عافیت در موضع نورپور رسیدہ ایم۔ باز بعد شادی برخوردار محمد یار نعلین دوز در موضع نوشہرہ رفتہ بودیم۔ و چند روز آنجا رفتہ باز حال در نورپور ہستیم۔ راضی وخوش ہستیم۔ بخدمت خواہر عمر بی بی آداب برسد۔ بخدمت پھوپھی صاحبہ سلام۔ بخدمت ماسی صاحبہ و عمر بی بی و مریم بی بی آداب۔ و بخدمت عمر بخش و فضل الٰہی و غلام حسن و حافظ رُوح اللہ سلام۔ و بخدمت استاد صاحب و ماموں صاحب قطب الدین و الہ دین و چراغدین و میاں حسن محمد و محمد امین و عطا محمد سلام۔ و بخدمت مرشد صاحب آداب۔ و محمد بخش و کبیر و احمد دین و دتو کاسبی و فضلا ترکھان و بُوٹا ماچھی و پیر بخش زمیندار و کریماں را سلام۔ و بطرف خوردان دُعا۔ و بخدمت کلاں آداب۔"

"رقیمہ غلام علی از نورپور چاہلاں"

مکتوب دوم یہ آپ نے اپنے خواہرزادہ کی طرف لکھا تھا۔

"خواہرزادہ[1] سلامت۔ از جانب فدوی غلام علی۔ واضح ہو کہ یہاں پر خیریت ہے

---

[1] آپ کا حقیقی خواہرزادہ تو کوئی نہیں تھا، یہ کوئی رشتہ داروں میں خواہرزادہ ہوگا ۱۲ شرافت

Marfat.com

اور اُس طرف کی خیریت مدام مطلوب صورت یہ ہے کہ جو گھوڑی قضائے الٰہی سے مرگئی ہے ۔ وُہ خبر مجھ کو پہنچ گئی ہے ۔ خوردان و دختران کے سر پر پیار دینا ۔ فضل الٰہی و محمد بخش زمیندار و محمد میاں و عمر بخش و علی احمد و غلام حسن و چراغدین و کریم اللہ حضرت نوشاہ صاحب کی اولاد کو دعا و سلام برسد ۔ حاکم و محمد بخش و کرم داد و امیر بخش و کرم دین و کرم الٰہی و خواجہ و دتا ماچھی سب خورد و کلان کو دعائے وسلام برسد ۔ و بوٹا شاہ و نیاز محمد و بوٹا و رسول بخش ۔ و کاکو بی بی و حسین بی بی و صالحہ بی بی کے سر پر پیار ۔ اور شہاب الدین و صدرالدین و امیر بخش و شمیر او وہ بایا کی طرف سے سلام برسد ۔"

"رقیمہ غلام علی از نور پور رجا ہلاں"

ملفوظات

آپ کے ارشادات مفصل نہیں مل سکے ۔ چند نصایح آپ کے یہ ہیں ؛

فرمایا ؛ پیروں کے طبقہ سے بوجہ خودی و تکبر تین ثواب والے کام جاتے رہتے ہیں ۔ آدمی کو راستہ بتلانا ، مسافروں کو پانی پلانا ، راستہ سے کانٹا دُور کرنا ۔

فرمایا ؛ تعویذ لکھنا ہو تو موٹے کاغذ پر لکھو ۔

فرمایا ؛ اگر کسی مرید سے کوئی مویشی وغیرہ نذرانہ ملے تو اس سے لے لو ۔ اگر کسی جگہ رکھنا ہو تو اس کے گھر سے لے کر دُوسری جگہ رکھو ۔ اُس کے گھر میں نہ رکھو ۔

فرمایا ؛ اگر کسی گاؤں میں تمہارے رشتہ دار بھی ہوں اور مرید بھی رہتے ہوں تو اگر رشتہ داروں کے گھر میں رہو گے تو وہ تم پر اپنی خدمت کا احسان جتائیں گے ۔ اور اگر مریدوں کے گھر میں رہو گے تو وہ خدمت بھی کریں گے اور وہ خدمت بے لوث ہوگی ۔ بلکہ وہ تمہارا احسان سمجھیں گے ۔

ازواج آپ کی دُو اہلیہ تھیں ؛

۱۔ سیدہ شمس بی بی بنت سید شاہنواز برخورداریؒ ساکن بڑجن ضلع میرپور ۔ ان کے ساتھ آپ کا نکاح ۱۲۹۰ھ ماہ ہاڑ سمت ۱۹۳۰ ب میں ہوا ۔ ان کے بطن سے ایک فرزند یعنی بڑا بیٹا اور چھ بیٹیاں پیدا ہوئیں ۔

Marfat.com

۲ - سیدہ ایمنہ بی بی بنت سید فضل الٰہی برخورداری ساہنپالوی - ان کے بطن سے ایک بیٹا اور ایک بیٹی پیدا ہوئی۔

اولاد آپ کے دو بیٹے تھے ؛

۱۔ سید نور الٰہی

۲۔ سید محمد علی

آپ کی سات بیٹیاں ہوئیں ؛

۱ - سیدہ سجادہ بیگم المعروف کاکو بی بی متولدہ ۱۲۹۱ھ - یہ تارکہ مجردہ رہیں - دن رات عبادت میں رہتیں۔ اپنے والد صاحب کی تمام اجازتوں سے مشرف تھیں۔ صاحبِ خلافت تھیں۔ چونکہ ان کے بھائی بچپن میں فوت ہو گئے تھے اس لیے اپنے والد صاحب کے بعد ان کی جانشین رہیں۔ اکثر مخلوقِ خدا ان سے فیضیاب ہوئی۔ مولفِ کتاب ہذا سید شرافت عافاہ اللہ کی حقیقی خالہ صاحبہ تھیں۔ مجھ کو بھی اپنے وظایف و عملیات کی اجازتیں عطا فرمائیں۔ ان کی وفات منگلوار ۴ شوال ۱۳۵۲ھ کو ہوئی۔

۲ - سیدہ زینب بی بی کبریٰ - یہ بچپن میں فوت ہو گئیں۔

۳ - سیدہ زینب بی بی صغریٰ - منکوحہ سید محمد عالم بن سید پیر محمد مجذوب برخورداری ڈھل والہ۔

۴ - سیدہ حسین بی بی کبریٰ - یہ بھی بچپن میں فوت ہو گئیں۔

۵ - سیدہ حسین بی بی صغریٰ - منکوحہ اعلیٰ حضرت مولانا سید غلام مصطفےٰ نوشاہی ابن حضرت سید حافظ محمد شاہ برخورداری ساہنپالوی۔

یہ ۱۳۰۲ھ میں پیدا ہوئیں۔ یہ فقیر سید شرافت عفا اللہ عنہ کی والدہ ماجدہ ہیں۔ نہایت پاکباز، عارفہ کاملہ، صابرہ، شاکرہ، نیک نہاد صاحبِ عبادت ہیں۔ تلاوتِ قرآن مجید چشمہ لگا کر کیا کرتی ہیں۔ اِس وقت ۱۳۷۶ھ میں بعمر تہتّر سال زندہ موجود ہیں۔ ان کے برکات سے اللہ کریم ہم کو دیر تک متمتع رکھے۔ آمین

۶ - سیدہ صالحہ بی بی - منکوحہ سید عرجیات بن سید غلام حسین حوالدار برخورداری ساکن چنبھل ضلع شیخوپورہ۔ (متوفیہ بدھوار - ۲۲ محرم ۱۳۳۷ھ)

Marfat.com

۷۔ یہ بیٹی دُوسری اہلیہ سے ہوئی اور پیدا ہوتے ہی فوت ہوگئی۔

یارانِ طریقت

آپ سے بے شمار مخلوق سیراب ہوئی حضرت نوشہ صاحب کے یاروں کی تعیین یوں ہے۔
آپ کے بائی صُوبے۔ بونجہ بانوا، بہتر اُمرا۔ یہاں درج کیے جاتے ہیں۔

بائیس ۲۲ صوبے

۱۔ سید محبوب حق بن سید نیاز محمد برخورداری رح	سانبن پال شریف	ضلع گجرات
۲۔ سید کرم حیات بن سید غلام حسین برخورداریؒ	چھچھل	شیخوپورہ
۳۔ سید کرم الٰہی بن سید لدھے شاہ برخورداریؒ	پانڈوسے کے بن	گوجرانوالہ
۴۔ سید نیک عالم بن سید نظام الدین برخورداریؒ	[illegible]	میرپور
۵۔ سید محمد علی بن سید سلطان احمد برخورداریؒ	دھیرکے خورد	گجرات
۶۔ شیخ قایم الدین بن شیخ احمد شاہ سلیمانیؒ	سانبانوالہ شریف	〃
۷۔ شیخ جملے شاہ بن شیخ فضل الدین سلیمانیؒ	اگرویہ	〃
۸۔ میاں امام الدین حجام المعروف سائیں مراد علیؒ	چک جانو کلاں	〃
۹۔ سائیں جمعہ شاہ مصلّی درویش	ٹھٹھہ دریام	〃
۱۰۔ میاں کریم بخش موچی اولادِ شیخ راجو ولیؒ	کوڑے کرم شاہ	〃
۱۱۔ میاں امام الدین شاعرؒ	〃	〃
۱۲۔ میاں کرم الٰہی بافندہ	رانکے	〃
۱۳۔ میاں کرم بن رمضان موچی م ۲۶ رجب	داؤ	〃
۱۴۔ میاں غلام محمد بن کرموں موچی	جاجووال	〃
۱۵۔ میاں محمود لوہار	چنڈالہ	〃
۱۶۔ میاں شہاب الدین خلیفہ (متوفی شب سہ شنبہ ۱۵ صفر ۱۲۵۶ھ)	نورپور چاہلاں	گوجرانوالہ

Marfat.com

۱۷۔ میاں محمد بخش بن شہاب الدین خلیفہ — نور پور چنا بلاں — گوجرانوالہ
۱۸۔ میاں جلال الدین خلیفہ — 〃 — 〃
۱۹۔ میاں مکھن موچی — 〃 — 〃

مستورات میں سے

۲۰۔ سیدہ کاکو بی بی دختر آنجناب — ساہنپال شریف — گجرات
۲۱۔ سیدہ حسین بی بی دختر آنجناب ۔ والدہ سید شرافت — 〃 — 〃
۲۲۔ مسمات برکت بی بی بنت جان محمد چیمہ نورا کوٹی زوجہ سید بوٹے شاہ بن سید بخش ساہنپال — 〃 — 〃

بونجہ بانوا ۵۲

۱۔ محمود بن محکم تارڑ اولاد چوہدری ساہنپال تارڑ — ساہنپال شریف۔ گجرات
۲۔ سکھا بن امیرا تارڑ — 〃 — 〃
۳۔ کرم الٰہی بن بوٹا ماچھی — 〃 — 〃
۴۔ بلندا بن بوٹا ماچھی — 〃 — 〃
۵۔ شادی بن مکھن مراثی — 〃 — 〃
۶۔ ماہلا بن الہداد تارڑ — 〃 — 〃
اولاد چوہدری ساہنپال تارڑ — 〃 — 〃
۷۔ جلال بن گاماں تارڑ — 〃 — 〃
اولاد چوہدری ساہنپال تارڑ — 〃 — 〃
۸۔ ولی بن گاماں تارڑ — 〃 — 〃
اولاد چوہدری ساہنپال تارڑ — 〃 — 〃
۹۔ علی بن گاماں تارڑ — 〃 — 〃
اولاد چوہدری ساہنپال تارڑ — 〃 — 〃

۱۰۔ عمر دین موچی — چھنی ساہنپال۔ گجرات
۱۱۔ سکھا بن سکندر تارڑ۔ اولاد چوہدری محب علی تارڑ۔ اگرویہ — ساہنپال شریف۔ گجرات
۱۲۔ سردارا بن قادر تارڑ — 〃 — 〃
۱۳۔ خان بن گھنا تارڑ — 〃 — 〃
۱۴۔ محمد بن تاجہ تارڑ — 〃 — 〃
۱۵۔ محرم بن قطبا تارڑ — 〃 — 〃
۱۶۔ راجہ بن صرا تارڑ — 〃
۱۷۔ بڈھا بن محکم تارڑ — 〃
۱۸۔ غلام احمد بن علی تارڑ نمبردار — مانگہ گجرات
۱۹۔ اللہ دتہ نمبردار — چھنی نمک — 〃
۲۰۔ محمد بخش المعروف بنکا حجام — چک مانو کلاں — 〃
۲۱۔ اللہ دتہ مصلی گونگا — سرلہ کلاں — 〃
۲۲۔ صرا ابن ماہلا تارڑ اگرویہ — راٹکے — 〃
۲۳۔ ولی محمد موچی — 〃 — 〃

Marfat.com

۲۴- پلوز زمیندار پانڈووال گجرات
۲۵- خوشی بن چوغطہ باندہ ساہنپالیہ بوسال مسوہ ″
۲۶- محمد بخش بن برخوردار ارائیں کھوسہ ″
۲۷- پیر بخش وڑائچ نمبردار گوجر پور ″
۲۸- نبی بخش بن چوغطہ موچی ″ ″
۲۹- بخشا موچی کوٹ غلام ″
۳۰- پیراندتہ موچی کٹھالہ ″
۳۱- محمد دین موچی میکن ″
۳۲- نبی بخش بن سلطان موچی داؤ ″
۳۳- راجہ کشمیری جمن ″
۳۴- محمد دین بن سلطان احمد گوجر چوہان جاجوال ″
۳۵- کرم دین ″ ″
۳۶- سائیں غلام علی بن فضل علی فقیر دلو ″
۳۷- سائیں قاسم علی بن فضل علی فقیر ″ ″
۳۸- سائیں برکت علی بن سلطان علی فقیر کھاریاں ″

۳۹- مہر قطب الدین نمبردار سیرو جیدا گجرات
۴۰- سکندر بن خادم تارڑ ساہنپالیہ گیلیانوالہ گوجرانوالہ
۴۱- الفا بن راجہ تارڑ اگرویہ بھڑی چھٹہ ″
۴۲- میاں لہدین بن شہاب الدین خلیفہ
م ۳ جمادی الاولیٰ ۱۳۳۹ھ نورپور چاہلاں
۴۳- رحیم بخش موچی نورپور چاہلاں گوجرانوالہ
۴۴- محمد حسین بن غلام رسول گگو چتہ چیمہ ″
۴۵- سعید بن کرم دین گگو احمد انگر ″
۴۶- کرم دین بن محمد بخش لوہار (متوفی ۱۳۳۰ھ) باوے ″
۴۷- عمر بخش بن عظیم رنگریز چوڑا گوجرانوالہ
۴۸- رکن دین چیمہ چک عزیز ″
۴۹- میاں فضل بن امیر بخش بن برخوردار
رنگریز بیگووالہ سیالکوٹ
۵۰- فضل بن کرم داد رنگریز وائیں ″
۵۱- نتھو شیخ ۵۲- اللہ یار موچی چک زید شیخوپورہ

بہتر امراء

۱- سلطان احمد بن ماہلا تارڑ اولاد چودھری ساہنپال تارڑ چھنی ساہنپال گجرات
۲- احمد بن ماہلا تارڑ ″ ″ ″ ″
۳- شاہ محمد بن سکھا تارڑ اگرویہ گجرات ۷- محمد بن قطبا تارڑ اگرویہ گجرات
۴- محمد بخش بن امیر تارڑ ″ ″ ۸- جلال بن مہرا تارڑ ″ ″
۵- خوشی محمد بن قادر تارڑ ″ ″ ۹- محمد بخش بن مہرا تارڑ ″ ″
۶- جلا بن گھنا تارڑ ″ ″ ۱۰- بڈھا بن مولو تارڑ ″ ″

Marfat.com

۱۱۔ مرزا بن مولو تارڑ	اگرویہ	گجرات	۳۴۔ سردارا بن قطب الدین گوجر	سیروجیدا	گجرات
۱۲۔ شاہ محمد بن محمد بخش تارڑ	〃	〃	۳۵۔ رحم دین گوجر	〃	〃
۱۳۔ تاجہ بن مہرا تارڑ	〃	〃	۳۶۔ مہندا بن کرم بخش وڑائچ	گوجرپور	〃
۱۴۔ خواجہ بن مہرا تارڑ	〃	〃	۳۷۔ اخلاص بن کرم بخش وڑائچ	〃	〃
۱۵۔ فضلا بن دینا تارڑ	〃	〃	۳۸۔ لہنا بن کرم بخش وڑائچ	〃	〃
۱۶۔ جیون گلگو	〃	〃	۳۹۔ کرم دین بن اللہ دتہ موچی	〃	〃
۱۷۔ ناصر بن فضلا تارڑ	اگرویہ رائکے	〃	۴۰۔ شمس دین بن اللہ دتہ موچی	〃	〃
۱۸۔ رحماں بن ماہلا تارڑ	〃	〃	۴۱۔ مولاداد بن شمس دین موچی	〃	〃
۱۹۔ گاماں بن ماہلا تارڑ	〃	〃	۴۲۔ سردارا بن پیراندتہ موچی	کھٹالہ	〃
۲۰۔ خوشی بن ماہلا تارڑ	〃	〃	۴۳۔ سلطان بن پیراندتہ موچی	〃	〃
۲۱۔ علی بن ماہلا تارڑ	〃	〃	۴۴۔ رحماں بن پیراندتہ موچی	〃	〃
۲۲۔ قاسم بن رکن تارڑ	〃	〃	۴۵۔ کرم دین موچی	میکن	〃
۲۳۔ کرم الٰہی اعوان	〃	〃	۴۶۔ پیر بخش موچی	〃	〃
۲۴۔ کرم بخش موچی	〃	〃	۴۷۔ لہنا موچی	〃	〃
۲۵۔ دایم وڑائچ	بھاگت	〃	۴۸۔ فضل دین گوجر میلو	دولت نگر	〃
۲۶۔ بلندا لک	چھنی نک	〃	۴۹۔ مہر دین گوجر میلو	〃	〃
۲۷۔ شاہ محمد رک	سرلہ کلاں	〃	۵۰۔ فضلو بن موجو گوجر	داؤ	〃
۲۸۔ جیون بن لہنا ماچھی م ۱۲۸۰ھ	چک جانو کلاں	〃	۵۱۔ سلطان بن محمد بخش موچی	〃	〃
۲۹۔ احمد دین بن محمد بخش ارائیں	کھوسر	〃	۵۲۔ رمضان بن محمد بخش موچی	〃	〃
۳۰۔ عبدالغنی ارائیں	〃	〃	۵۳۔ اللہ دتہ بن سلطان موچی	〃	〃
۳۱۔ فضل دین بافندہ	کھوکھر	〃	۵۴۔ محمد اگوجر	〃	〃
۳۲۔ اللہ دتہ بافندہ	〃	〃	۵۵۔ حسن محمد مصلی	〃	〃
۳۳۔ اللہ دتہ بن قطب الدین گوجر	سیروجیدا	〃	۵۶۔ اللہ دتہ بن حسن محمد مصلی متولد ۱۳۲۵ھ	داؤ	〃

Marfat.com

۵۷۔عبداللہ بن حسن محمد مصلی
۵۸۔اللہ لوک موچی
۵۹۔عبداللہ برکٹ
۶۰۔کرم دین مصلی
۶۱۔رحمت لوہار
۶۲۔کرم بن نوازش گوجر
۶۳۔مہر خواجہ گوجر
۶۴۔بخشا گوجر

۶۵۔خوشی بن راجہ تارڑ اگروٹیہ بھڑی چھٹہ "
۶۶۔مولو بن راجہ تارڑ اگروٹیہ " "
۶۷۔پیراں دتہ لوہار نورپوری قلعہ دیدار سنگھ "
۶۸۔حیات بن نبی بخش بن رحیم بخش رنگریز ماجرا "
۶۹۔نبی بخش بن اللہ یار چک زید شیخوپورہ
۷۰۔نواب ترکھان " "
۷۱۔بوٹا بن ودھایا موچی " "
۷۲۔امام دین بن ودھایا موچی " "

عوام مریدان ان کے علاوہ آپ کے مرید بکثرت تھے۔چند اسما جو معلوم ہوئے ہیں لکھے جاتے ہیں۔

۱۔عمر اتیلی اگروٹیہ گجرات
۲۔محمد دین مراثی " "
۳۔پیراں دتہ مراثی " "
۴۔راجہ بن خانوں مصلی " "
۵۔جمعہ مصلی سارنگ "
۶۔مرزا بن ماہلا تارڑ اگروٹیہ رائکے "
۷۔امام بخش موچی " "
۸۔کرم دین حجام مانگہ "
۹۔خوشی بن دائم وڑائچ جاگت "
۱۰۔کرم دین ترکھان کھوسر "
۱۱۔حسین بن رمضان ارائیں " "
۱۲۔غلام محمد ارائیں " "

۱۳۔پیر بخش زمیندار رتی پنڈی گجرات
۱۴۔خوشی بن راجہ " "
۱۵۔حسن محمد وڑائچ گوجرپور "
۱۶۔نتھو وڑائچ " "
۱۷۔جلو بن راجہ تارڑ اگروٹیہ بھڑی چھٹہ گوجرانوالہ
۱۸۔حاکم بن راجہ تارڑ اگروٹیہ " "
۱۹۔بہادل بن راجہ تارڑ اگروٹیہ " "
۲۰۔محمد علی بن جمال گلگو دیول "
۲۱۔نور بن کرم دین گلگو احمد انگر "
۲۲۔کرم داد بن محمد دین گلگو چتہ چیمہ "
۲۳۔نور محمد گلگو " "

مستورات میں سے

۲۴۔مائی بیگم زوجہ پیر بخش نمبردار گوجرپور گجرات ۲۵۔مائی بڈھی بنت ٹھنڈو وڑائچ گوجرپور گجرات

Marfat.com

۲۶۔مائی مریاں گوجری چنڈالہ گجرات ۲۸۔مائی بیگم کالسیانی چنڈالہ گجرات
۲۷۔مائی جنت گوجری 〃 〃

غیر مسلموں میں سے

۲۹۔اللہ دتہ عیسائی مبارک پارک لاہور ۳۰۔ہری سنگھ چاہل نورپور چاہلاں گوجرانوالہ

تبرکات آپ کی تین عدد ٹوپیاں اور تسبیح، اور کرتہ تبرک فقیر سید شرافت عافاہ اللہ کے گھر میں موجود ہیں۔

مدح شریف

آپ کے مرید میاں امام الدین شاعر ساکن کوڑے کرم شاہ متصل قادرآباد ضلع گجرات نے ایک پنجابی نظم لکھی ہے جس میں آپ کی تعریف اور آپ کے مرید میاں کریم بخش موچی کا واقعہ بیعت لکھا ہے۔ اس کے چند اشعار لکھے جاتے ہیں: ؎

اول حمد رب تے نوں آکھاں جو حمداں دا والی — کُن فیکون آوازے تھیں جس ساری خلق سمھالی
مکہ درود رسول اللہ نوں جس دا فیض کمالی — حسن حسین شہادت والے واہ واحسن جمالی
یارھویں پیڑی پیدا ہویا نور نبی دا عالی — ملک مقرب درجہ منے تے رہن ہمیش سوالی
حضرت پیراں تیریاں ڈھیریاں کریو دور دھیراں — دوہیں جہانی فیض رسانی مینوں تیریاں ڈھیراں
غوث قطب کُل ولی پیغمبر اللہ پیدا کیتے — حضرت حسن حسین ہوراں نے کیا کیا درجے لیتے
اس تھیں پچھے آکھ سناواں سنیو یار سوالی — اربعہ عناصر دے وچ ویکھو کھڑی چنبے دی ڈالی
ایہ دنیا دن چار دہاڑے نہ بلبل نہ مالی — رہن دے فضل کرم تھیں ناہیں جہاں گرکوئی خالی
اِس تھیں پچھے آکھ سناواں حال حقیقت ساری — کوڑے نام اک پنڈ چنگیرا خلقت دستن ہاری
کوڑیاں دے وچ رہندا ہے اک بندہ نیک خدا دا — نام کریم بخش ہے اُسدا ذاتوں موچی زادا
باراں برساں دا جد ہویا بخش کریم رنگیلا — دل وچ شوق ہویا سی اُسنوں پکڑاں کوئی وسیلا
وسیلہ معنی مرشد سمجھو مرشد پکڑن ہارا — حب دلے وچ اُسدے ہوئی کجھ دن کرے گذارا
ساہنپال دے وچ آہا اک بندہ نیک خدا دا — نوشہ گنج بخش دی نسلوں اوہ بزرگ زیادا

Marfat.com

نام غلام علی سی اُسدا چشمہ فیضاں والا
بہت بزرگی بخشی اُس نوں صاحب حق تعالےٰ

فیض الٰہی والا چشمہ واہ وا رب بنایا
آون لکھ سوالی درتے اللہ شان ودھایا

خلقت اوگنہاری درتے رہندی نت سوالی
اُس صاحب دے درتے اُتوں کوئی نہ آیا خالی

شاہ غلام علی صاحب دیاں دُھماں وچ جہاناں
کریم بخش نے سُنیا آہا ایسا شاہ شہاناں

دل دے وچ ارادہ کیتوس کیسے سبوں جاواں
شاہ غلام علی صاحب دے درتے سیس نواواں

کیوں نہ جاوے ایسا جس نے سُنیا پیر حقانی
پیر حقانی اُتوں طالب جان کرے قربانی

قصہ کوتاہ ساہنپال دے وچ جا سیس نوایا
سیس نوایا فیض سوایا پایہ عالی پایا

شاہ غلام علی صاحب دی نظر کرم دی ہوئی
کریم بخش رنگیلے والا دفتر صاف کیتوئی

ایویں دفتر صاف کراویں میرا پیر حقانی
شاہ غلام علی صاحب جی توں دوست ربانی

فضلاں والا عشق پیالہ پُر کر دیہو شتابی
وقت حساب کتاباں میری ٹُرے زبان کشادی

امام الدین توں آکھ سنائیں کلمہ پاک زبانی
فانی خلقت فانی فوجاں فانی بادشہانی

واقعہ وفات آپ اپنی وفات سے پہلے بارہ[۱۲] دن بالکل خاموش ہوگئے، بیمار نہیں تھے، ہوش وحواس بالکل صحیح تھے۔ لیکن کسی سے کلام نہیں فرماتے تھے۔ عبادت میں اُسی طرح سرگرم رہے۔ یہ درود شریف ہر وقت پڑھتے رہتے۔ اس کی آواز حاضرین کو مسموع ہوتی تھی۔

"اللھم صل وسلم علیٰ سیدنا ومولٰنا محمد وعلیٰ اٰل سیدنا و مولٰنا محمد صلوٰۃً تبسط علینا بہا من نعمك ورزقك"۔

آخر یہی وِرد فرماتے ہوئے بارھویں روز دنیا سے انتقال فرماگئے۔

ف: آپ کا قبل از وفات چُپ کر جانا، اور دنیاوی کلام نہ کرنا محویت اور استغراق فی اللہ کا نشان ہے۔ کئی بزرگوں کو یہ مقام حاصل ہوتا ہے۔ چنانچہ شیخ عبدالقدوس گنگوہیؒ وفات سے تین سال پہلے سکوت میں رہے۔ یعنی ہمیشہ مراقبہ احدیت میں مستغرق رہتے تھے[۱]

[۱] تذکرہ اولیائے ہند، ج ۲، ص ۵۲ شرافت

Marfat.com

تاریخ وفات سید غلام علی کی وفات شبِ جمعہ وقت نمازِ عشا، بیسویں ربیع الاول ۱۳۳۶ھ مطابق ۴ جنوری ۱۹۱۸ء، ۲۱ پوہ سمت ۱۹۷۴ب میں ہوئی۔ قبر گورستانِ نوشاہیہ میں اپنے والد صاحب کے قدموں میں بنی ہے۔ رحمۃ اللہ علیہ

مادہ ہائے تاریخ:

۱۔ چراغ اسلام ۲۔ مغفوری

سیّد غلام احمدؒ

آپ سیّد قدم الدین بن سید خدا بخش برخورداریؒ کے فرزند اصغر تھے۔ آپ کی والدہ کا نام سیّدہ حیات بی بی بنت سید فتح الدین بن سیّد خدا بخش برخورداریؒ تھا۔ آپ بچپن میں فوت ہو گئے۔ وفات ۱۲۸۰ھ

سیّد شیر عالم رسولنگریؒ

آپ حضرت سیّد عمر بخش بن سید محمد بخش برخورداری رسولنگریؒ کے بڑے بیٹے اور مرید و خلیفہ تھے۔ آپ کی والدہ کا نام سیّدہ مہتاب بی بی بنت سید نور احمد بن سید خدا بخش ساکن دھیر کے خورد تھا۔

تاریخ ولادت آپ کی ولادت ۱۲۷۳ھ میں بمقام رسولنگر ہوئی۔ نام شیر عالم اور لقب لال شاہ عرف تاریخی نام، مظفر احمد۔

اخلاق و عادات آپ صاحبِ خلق و حلیم الطبع اور اہلِ سخاوت تھے۔ درویشی کے رموز سے واقف تھے۔ فنِ شہسواری اور موسیقی میں کافی مہارت رکھتے۔ راگ سننے کا بہت شوق رکھتے تھے۔ چونکہ افیون کھاتے تھے۔ اس لیے مریدوں میں آپ کا نام "افیم والے صاحب" مشہور ہو گیا۔

اشعار سُننا آپ کو میاں محمد بخش قادری مقیم شاہی ساکن کھڑی شریف کے کلام سے دلچسپی تھی۔ سیف الملوک کے یہ اشعار بڑی رغبت سے سُنا کرتے تھے

Marfat.com

سدا سوکھالے اوہو بھائی عشق جنہاں گھٹ آیا
مرہم پھٹ اولہاندے بھانے اِکو جیہا سکھایا

تاج تخت سلطانی چھڈ کے ٹھوٹھا پھڑن گدائی
رکھ امید سجن دے درتے کٹن جوبن آئی

دَم دَم پین شراب غماں دے دَم نہ مارن مُولے
وَٹ جھلن وَٹ پان نہ مَتھے واہ تنہاں دے رُولے

مِٹھا نشہ شراباں والا پَر وچ تروٹک پھکی
بلبل نوں خوش صحبت گُل دی بُری کنڈے دی بَرکی

کر کر یاد سجن نوں کھاندے بھُن بھُن جگر نوالے
شربت وانگ پیادے ہتھوں پیون زہر پیالے

پھیر خلاصی منگدے ناہیں جو قیدی دلبر دے
پھاہی تھیں گل کڈھن ناہیں ہوئے شکار اِس گھر دے

جتن بھار ملامت والے عشقے دے متوارے
بُجھکھا اُٹھ ہویا مستانہ بھار اٹھا دے بھارے

ازواج آپ کی دو بیویاں تھیں:

۱۔ مسمات رسول بی بی بنت قطب الدین بن میاں امام بخش حفظانہ رسولنگریؒ۔ ان سے اولاد ہوئی۔

۲۔ مسمات بھاگن قوم گِل۔ ساکن ٹھیڑی گِلاں متصل پھلوکے۔ ضلع گوجرانوالہ۔ اس سے کوئی اولاد نہیں ہوئی۔

اولاد آپ کے دو بیٹے تھے:

۱۔ سید نواب علی مجذوبؒ ۲۔ سید شان علیؒ

آپ کی ایک بیٹی سیدہ شاہ بیگم نام تھی جو ایک ہاشمی صاحبزادہ ساکن رَن مل سے شادی شدہ تھی۔

یارانِ طریقت آپ کے بعض مریدوں کے نام یہ ہیں:

۱۔ سید زمان علی بن سید حسن عالم۔ برادرزادۂ آنجناب	رسولنگر ضلع	گوجرانوالہ
۲۔ سید قربان علی بن سید پیر عالم	〃	〃
۳۔ سید میراں بخش بن سید کریم اللہؒ	ساہنپال شریف	گجرات
۴۔ مولا بخش ارائیں المعروف جگت۔	رسولنگر	گوجرانوالہ
۵۔ مہر داد بن کرم چیٹھہ ذیلدار	نوئیں والہ	〃
۶۔ مولا داد بن کرم چیٹھہ ذیلدار		〃
۷۔ اللہ بخش مراثی قوال		〃

Marfat.com

۸۔ سردار علی ماچھی نور پور چاہلاں گوجرانوالہ ۱۲۔ گل محمد بن سندر ترکھان کوٹلی خانو سیالکوٹ
۹۔ محمد شفیع بن لدھا جوگی " " ۱۳۔ نظام الدین بن سندر ترکھان " "
۱۰۔ خدا بخش ماچھی عادل گڑھ شیخوپورہ ۱۴۔ فتح بی بی زوجہ مہر داد بن کرم ذیلدار نوئیں والہ گوجرانوالہ
۱۱۔ میراں بخش چیمہ " " ۱۵۔ برکت بی بی زوجہ حیات مراثی " "

تاریخ وفات سید شیر عالمؒ کی وفات بعمر انہتر ۷۱ سال بروز منگلوار، سترھویں رمضان المبارک ۱۳۴۲ھ میں ہوئی۔ آپ کی نعش رسولنگر سے لاکر ساہنپال شریف گورستانِ نوشاہیہ میں دفن کی گئی۔ آپ کی قبر آپ کے والد صاحب کے قدموں میں ہے۔

مادۂ تاریخ : شیر عالم خاص

سید نور عالم رسولنگریؒ۔ اگرویہ والہ

آپ حضرت سید عمر بخش بن سید محمد بخش رسولنگریؒ کے دوسرے بیٹے اور مرید و خلیفہ تھے۔ آپ کی والدہ کا نام سیدہ مہتاب بی بی بنت سید نور احمد بن سید خدا بخش برخورداریؒ تھا۔

تاریخ ولادت آپ کی ولادت ۱۲۷۵ھ میں بمقام رسول نگر ہوئی۔
تاریخی نام یاقوت علی خاں

اخلاق و عادات آپ جوان مرد، دلیر، شجاعت والے، لاتخف تھے۔ مجلس میں بے دھڑک گفتگو کرتے۔ ایک دن آپ درگاہ عالیہ نوشاہیہ کے دیوان خانہ میں بیٹھے تھے۔ ایک شیعہ نے بجائے السلام علیکم کے کہا یا علی مدد۔ آپ نے کہا "علی نے اپنے بیٹوں کو کیا مدد پہنچائی؟" وہ شیعہ لاجواب ہو کر خاموش ہو گیا۔
والد بزرگوار آپ کو گوہلے شاہ کے لقب سے ملقب کیا کرتے تھے۔

اگرویہ کی سکونت آپ نے رسول نگر سے اپنی رہائش منتقل کی اور موضع اگرویہ میں سکونت اختیار کی۔ چونکہ وہ گاؤں دریائے چناب سے اس طرف ہے اس لیے اُس طرف کے مرید لوگ آپ کو "پار والے صاحب" کہا کرتے۔

اپنی عمر کے متعلق اطلاع دینا آپ کئی مرتبہ کہا کرتے تھے کہ میری [illegible] سال ہوگی۔

Marfat.com

چنانچہ واقعی آپ نے نوّے سال کی عمر میں انتقال کیا۔

ازواج آپ کی دو بیویاں تھیں:

۱۔ مسمات سلطان بیگم بنت بخت تارڑ ساکن اگرویہ۔ اس کے بطن سے ایک بڑا بیٹا اور دو بڑی بیٹیاں پیدا ہوئیں۔

۲۔ مسمات حیات بیگم۔ اس کے بطن سے دو چھوٹے بیٹے اور ایک چھوٹی بیٹی پیدا ہوئی۔

اولاد آپ کے تین بیٹے ہوئے:

۱۔ سید محبوب علی المعروف سلطان صوبہ۔ ان کا ذکر آگے نویں باب میں آئے گا۔

۲۔ صاحبزادہ فرمان علی سلمہ اللہ۔ متولد سوموار ۱۴ رمضان ۱۳۴۴ھ۔ صاحبِ علم ہے۔ فن کتابت بھی سیکھا ہے۔ علم موسیقی کا بھی خوب واقف ہے۔ اس کی دو شادیاں ہوئیں:

پہلی شادی سیدہ عنایت بیگم بنت سید چراغ علی رسولنگری سے۔

دوسری سیدہ سردار بیگم بنت سید سلطان حق لاہوری سے۔ اس سے ایک لڑکی بشریٰ نسیم نام ہے۔

۳۔ صاحبزادہ نشان علی سلمہ اللہ۔ اردو کی کچھ تعلیم رکھتا ہے۔ اس کی شادی سیدہ رشیدہ بیگم بنت سید فیروز علی رسولنگری سے ہوئی۔ اس کا ایک لڑکا افتخار احمد نام ہے۔ متذکرہ

آپ کی تین بیٹیاں ہوئیں:

۱۔ سیدہ نواب بیگم کبریٰ منکوحہ سید نواب علی بن سید شیر عالم رسول نگری

۲۔ سیدہ ریشم بی بی۔ منکوحہ سید فیروز علی بن سید حسن عالم رسولنگری

۳۔ سیدہ نواب بیگم صغریٰ۔ منکوحہ صاحبزادہ محمد مسعود بن سید چراغ علی رسولنگری

یارانِ طریقت آپ کے خواص احباب یہ تھے:

۱۔ صاحبزادہ نشان علی۔ فرزند اصغر آنجناب	اگرویہ	ضلع گجرات
۲۔ سید پیر محمد بن سید غلام رسول برخورداری	ساہنپال شریف	〃
۳۔ صاحبزادہ منظور حسین بن سید بوٹے شاہ برخورداری	پانڈو کے کلاں	گوجرانوالہ
۴۔ میاں عبدالغنی بن میاں عبداللہ علما	〃	〃

Marfat.com

۵۔ ولی محمد موچی پانڈو کے کلاں گوجرانوالہ ۱۰۔ بڈھا بن اللہ بخش رنگریز اگرویہ گجرات
۶۔ اللہ دتہ بن شمس الدین کشمیری " ۱۱۔ احمد دین بن اللہ دتہ بافندہ " "
۷۔ مستری امام الدین ترکھان کلاب گڑھ " ۱۲۔ سائیں شاہ محمد فقیر قوم موچی دھولہ "
۸۔ رحمان الملقب جاناں ارائیں سکھیکے " ۱۳۔ اللہ دتہ رنگریز رسولنگری جُملانے "
۹۔ رحماں بن بہاول تارڑ اگرویہ گجرات

تاریخ وفات سید نور عالم کی وفات بعمر نوے سال ہفتہ کی رات، پندرھویں ربیع الاول ۱۳۶۸ھ میں ہوئی۔ قبر گورستانِ نوشاہیہ میں ہلاں والی سڑک سے مغربی طرف ہے۔

مادہ ہائے تاریخ:

۱۔ آیت شریف ان المتقین فی جنات وعیون

۲۔ آیت شریف واغفر لنا۔

سید فضل عالم رسولنگریؒ

آپ حضرت سید عمر بخش بن سید محمد بخش برخورداری رسولنگریؒ کے تیسرے بیٹے اور مرید و خلیفہ تھے۔ آپ کی والدہ کا نام سیدہ مہتاب بی بی بنت سید نور احمد بن سید خدا بخشؒ تھا۔

تاریخ ولادت آپ کی ولادت ۱۲۸۴ھ میں بمقام رسول نگر ہوئی۔
مادۂ تاریخ "اعظم الامرا"

اخلاق وعادات آپ نے خاصی تعلیم پائی۔ ملکہ کتب خوانی حاصل ہوا۔ ادب وعقل میں کامل تھے خوب صورت، نیک سیرت، فقیر خیال، صاحبِ فہم و فراست تھے۔ والد صاحب آپ کو مستان شاہ کے لقب سے ملقب کرتے تھے۔

اولاد آپ کا نکاح سیدہ زینب بی بی بنت سید اقبال علی ساہنپالویؒ سے ہوا۔ ان کے بطن سے صرف ایک لڑکا سید مراد علی نام پیدا ہوا۔

یارِ طریقت آپ کے مریدوں میں سے آپ کے بھتیجے سید محبوب علی المعروف سلطان صوبہ

Marfat.com

بن سید نور عالم قابلِ ذکر تھے۔

سید فضل عالمؒ کی وفات بعمر اکیس سال چند ماہ۔ اتوار کی رات نویں محرم

تاریخ وفات ۱۳۰۶ھ میں ہوئی۔ آپ کی قبر قصبہ رسول نگر ضلع گوجرانوالہ میں گورستانِ شیخ پھلے شاہ سلیمانی میں ہے۔

مادۂ تاریخ : شیخِ معروف

سید حسن عالم رسولنگریؒ

آپ حضرت سید عمر بخش بن سید محمد بخش رسول نگریؒ کے چوتھے بیٹے اور مرید و خلیفہ تھے آپ کی والدہ کا نام سیدہ مہتاب بی بی بنت سید نور احمد بن سید خدا بخشؒ تھا۔

آپ کی ولادت ۱۲۸۶ھ میں بمقام رسولنگر ہوئی۔

تاریخ ولادت مادۂ تاریخ : بلند اختر

آپ بڑے دانا، حاضر جواب، صاحبِ عقل و دماغ تھے۔ آپ کا ذہن بڑا

اخلاق و عادات رسا تھا۔ آپ کا کلام لذیذ و پسندیدہ ہوتا تھا۔ اگر کسی سے بات کرتے تو اُس کا دل چاہتا کہ آپ میرے ساتھ ہی کلام کریں۔ آپ کو مولف کتاب ہذا فقیر سید شرافت علی عفی عنہ کے ساتھ بہت الفت و محبت تھی۔ اگر میں کسی مجلس میں کلام کرتا ہوتا تو اس کی قدر کرتے۔ اور جب کبھی ساہنپال تشریف لاتے تو مجھے اپنی مجلس میں بُلا لیا کرتے۔

آپ کو والد صاحب دیوان شاہ کے خطاب سے مخاطب کیا کرتے۔ اور مریدوں میں آپ "کوٹھے والے صاحب" کے نام سے مشہور تھے کیونکہ آپ کی نانکی سکونت چوبارہ پر تھی۔

مولوی محمد حیات شرقپوری مولف کتاب گلزارِ نوشاہی کہا کرتے ہیں کہ سید حسن عالم کا کلام حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے کلام انا النبی لا کذب۔ انا ابن عبد المطلب۔ کی طرح مسجع و مقفےٰ ہوا کرتا تھا۔

آپ کو علمِ موسیقی میں کمال حاصل تھا۔ بڑے بڑے کلاونت اور قوال

راگ سے شغف آپ کی مجلس میں آتے اور اپنی غلطیاں صحیح کرواتے۔ آپ خوش آواز تھے

Marfat.com

خود بھی گانے کا بہت شوق تھا۔ اپنے فرزندوں اور مریدوں کا حلقہ قایم کر کے راگ کی مجلس منعقد کر یا کرتے اور سب کو راگ سکھا دیا ہوا تھا۔

میں نے بارہا آپ کی زبان سے سنا ہے کہ کہا کرتے تھے "گانا ہمارا ایمان ہے"۔

وجد و ذوق

آپ کو خود بھی وجد ہو جاتا تھا اور آپ کی مجلس سماع میں ارادت مندوں اور صاحبزادوں کو بھی وجد ہوتا تھا اور پاؤں میں رسہ ڈال کر درخت پر نشان کر دیا کرتے تھے۔

اعراس کی شمولیت

عرس حضرت نوشہ صاحب بمقام ساہن پال شریف، اور عرس بھڑی شاہ رحمان پر مع مریدوں اور قوالوں کے نہایت تزک و احتشام سے حاضری دیا کرتے۔ اور قوالی کی محفلیں گرم رہا کرتیں۔ اپنے والد بزرگوار حضرت شیدہ "بخش" کا عرس شریف اُن کے شمسی یوم وفات پر پندرھویں بھادوں کو ہر سال کیا کرتے۔

مختلف فنون سے آگاہی

آپ نوجوانی کے زمانہ میں پہلوانی اور ورزشِ جسمانی بھی کرتے رہے۔ گھوڑوں کے شہسوار تھے۔ گھوڑا خواہ کس قدر سرکش ہوتا آپ کے نیچے رام ہو جاتا تھا۔ گھوڑا دوڑانا، نیزہ بازی کرنا آپ کے سامنے معمولی بات تھی۔ دریا میں تیراک اس قدر تھے کہ تیرنے میں، سینہ کے اوپر جسم کا حصہ پانی میں نہیں بھیگتا تھا۔ اپنا دستخط کرتے تو بخطِ طغرا چڑیا کی تصویر بنا دیتے۔ علمِ طب میں بھی خاصی دسترس رکھتے تھے۔ امراض مخصوصہ مردانہ و زنانہ کے نسخے آپ کے پاس مجرب تھے۔

عشق نوشاہ عالی جاہ

آپ کو اپنے جدامجد حضرت نوشہ گنج بخش" کا عشق بحد کمال تھا۔ ان کی مدح سرائی میں مشغول رہتے۔ اخیر عمر میں درگاہِ نوشاہیہ کے پاس مغربی طرف اپنی ملکیت زمین میں ڈیرہ تعمیر کر لیا اور چند سال اس میں رہے اور وہیں انتقال کیا۔

کرامت

خشک درخت کا سبز ہو جانا

باشندگانِ موضع اگروہ نے اپنے داڑہ میں بڑ کا درخت لگایا۔ چند روز کے بعد وہ خشک ہو گیا۔ ایک دن لوگوں نے

Marfat.com

آپ کے سامنے عرض کیا۔ آپ نے تعویذ کر دیا۔ وہ اُس کی شاخ پر باندھا گیا۔ خدا تعالیٰ کے حکم سے وہ سرسبز ہوگیا۔ آج کل ۱۳۷۶ھ میں وہ عظیم الشان درخت موجود ہے۔

عملیات

آپ کے پاس عملیات بہت تھے۔ منجملہ ان کے بادلا کُتا کے کاٹے کا عمل آپ کے پاس اکسیر تھا۔ اٹھرا والی عورتیں بھی شفا پاتیں۔

اشعار خوانی

آپ کبھی کبھی بطور معما یہ ذو معنی شعر پڑھا کرتے:

ع

اوہ بڑے کمذات جنھاں تیرا نام دھیایا
اونہاں ماری جھکھ جنھاں تیرا درسن پایا

ف: مرتب کہتا ہے کہ لفظ کمذات بمعنی کم یاب ہے۔ اور لفظ درسن پایا اصل میں "درس نہ پایا" ہے۔

شاعری

آپ فارسی اور پنجابی میں شعر بھی کہا کرتے۔ ان میں عشقیہ اور توحیدیہ مضمون ہوتا تھا۔ تخلص دیوانہ رکھا تھا۔ فارسی کلام کا نمونہ یہ ہے۔

غزل

حاضر شدم دربار یا نوشاہ بندہ پُر گناہ — کن عفو للہ گناہ دربار عالی جا بجاہ
صدقہ شاہِ سلیماں شاہ معروفِ جناب — سیدِ شاہِ مبارک صاحبِ پشتِ پناہ
یا طفیلِ پاک رحماں بندہ بخشیش گدا — از کرم لطفے نگاہے از کرم لطفے نگاہ
من ندارم جز تو این و آں جہاں تکیہ — نیستم من نیستم من نیستم تو خود بقاہ
کن عفو للہ گناہ یا پیشوا اے پیشوا — دیوانہ از شوق دل حاضر وے در بارگاہ

اولاد

آپ کا نکاح اپنی بیوہ بھاوج سیدہ زینب بی بی بنت سید اقبال علی برخوردار ی سے ہوا۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔

آپ کے دو بیٹے ہیں جو آج ۱۳۷۶ھ میں زندہ موجود ہیں۔

۱۔ سید فیروز علی المعروف "عینک والے صاحب" سلمہ اللہ۔ متولد ۱۳۱۱ھ۔ یہ رسولنگر سے منتقل ہو کر موضع اگرویہ ضلع گجرات میں چلے آئے ہیں۔ ان کی دو شادیاں ہوئیں،

Marfat.com

پہلی سیدہ ریشم بی بی بنت سید نور عالمؒ سے ہوئی۔ اس کے بطن سے دو لڑکے تولد ہوئے:

اوّل صاحبزادہ محمد محفوظ اکبر متولد ۲۲ جیٹھ سمت ۱۹ ب متوفی بعمر ڈیڑھ سال سوموار ۲۶ ذیحجہ ۱۳۳۲ھ۔

دوم صاحبزادہ محمد محفوظ اصغر سلمہ اللہ۔ متولد پنجشنبہ ۱۰ ربیع الثانی ۱۳۳۳ھ اس کا نکاح سیدہ نذیر بیگم بنت سید حیدر شاہ ساہنپالوی سے ہوا۔ اس کے بطن سے ایک لڑکا نصیر احمد متولد ۱۳۶۹ھ بچپن میں فوت ہوگیا۔

دوسری شادی سیدہ بخت روشن بنت سید پیر عالمؒ سے ہوئی۔ اس کے بطن سے تین لڑکیاں پیدا ہوئیں:

۱۔ سیدہ عزیز بیگم زوجہ صاحبزادہ محمد مقصود بن سید چراغ علی رسولنگریؒ۔

۲۔ سیدہ رشید بیگم زوجہ صاحبزادہ نشان علی بن سید نور عالم اگرویہ والا۔

۳۔ سیدہ حمیدہ بیگم۔ یہ ابھی کنواری ہے۔

۲۔ سید زمان علی المعروف کھٹی چادر والے سلمہ اللہ۔ عموماً اودھڑ ونجہ کا لباس رکھتے ہیں۔ سکونت رسول نگر میں ہے۔ ان کی دو شادیاں ہوئیں۔

پہلی شادی سیدہ حلیمہ بی بی بنت سید حبیب اللہ ساہنپالویؒ سے ہوئی۔ اس کے بطن سے ایک لڑکا صاحبزادہ محمد منظور ہوا جس کا نکاح سیدہ برکت بی بی بنت سید نور حسین ساکن پانڈوکے سے ہے۔ اس کا ایک لڑکا سرفراز احمد اور ایک لڑکی بلقیس بیگم ہے۔

دوسری شادی مسمات اللہ رکھی قوم رنگریز ساکن رسول نگر سے کی۔ اس سے کوئی اولاد نہیں ہوئی۔

یارانِ طریقت آپ کے ارادت مندوں کا حلقہ کافی تھا۔ بعض خواص احباب یہ ہیں:

۱۔ سید حیدر شاہ بن سید عطا محمد برخورداری	ساہنپال شریف ضلع گجرات
۲۔ سید فرمان علی بن سید نور عالم برادرزادہ آنجناب	اگرویہ "

Marfat.com

۳- سید برکت علی بن سید سلطان محمود - ہمشیرہ زادہ آنجناب — دھیرکے خورد — گجرات

۴- صاحبزادہ محمد محفوظ بن سید فیروز علی - نبیرہ آنجناب — اگرویہ — "

۵- سید نور حسین بن سید رحیم اللہ - ہمشیرہ زادہ آنجناب — پانڈو کے کلاں — گوجرانوالہ

۶- سید نبی بخش بن سید کریم اللہ " — ساہنپال شریف — گجرات

۷- سید بوٹے شاہ بن سید کرم الٰہی " — پانڈو کے کلاں — گوجرانوالہ

۸- سید مولا بخش بن سید بوٹے شاہ — ساہنپال شریف — گجرات

۹- صاحبزادہ نذر مولیٰ بن سید میراں بخش — " — "

۱۰- خان محمد بن ولی تارڑ — اگرویہ — گجرات

۱۱- شاہ محمد بن خوشی تارڑ — " — "

۱۲- حسن محمد بن خوشی تارڑ — " — "

۱۳- رحماں بن خوشی موچی — " — "

۱۴- امام الدین بن فینلاں موچی — " — "

۱۵- مولوی عبدالعزیز — ہرسے والہ — "

۱۶- فضلا وڑائچ — شیخ پور — "

۱۷- لدھا وڑائچ — کوٹ نکہ — "

۱۸- میراں بخش کشمیری — " — "

۱۹- فقیر محمد بھٹہ — پیو دنبلی — "

۲۰- سائیں نواب کشمیری مجاور خانقاہ آنجناب — " — "

۲۱- جلال سلہری — چک چٹھہ — گوجرانوالہ

۲۲- غلام بن شہاب الدین خلیفہ — نورپور چابلاں — "

۲۳- امام الدین بن پیر بخش درزی — نوشہرہ — "

۲۴- تاجہ زرینہ - — — گجرات

۲۵- خان محمد ورک — رتالی ورکاں — "

۲۶- چودھری محمد خاں — چک ۲۲ — شیخوپورہ

مستورات میں سے

۲۷- سیدہ بخت روشن بنت سیدہ پیر عالمؒ زوجہ سید فیروز علی فرزند آنجناب — رسول نگر — گوجرانوالہ

۲۸- سیدہ رابعہ بی بی بنت سید حاکم شاہؒ زوجہ سید قربان علی بن سید پیر عالم — " — "

۲۹- مسمات حسین بی بی علاوئی — کوٹ نکہ — گجرات

غیر مسلموں میں سے

۳۰- پنڈت پرس رام — کوٹ نکہ — گجرات

۳۱- پنڈت سوہنا — ہرسے والہ — "

Marfat.com

سید حسن عالمؒ کی وفات بعمر چوہتر سال شب جمعہ ۱۲ بارھویں محرم الحرام
تاریخ وفات ۱۳۶۱ھ میں ہوئی۔ قبر ساہنپال شریف گورستانِ نوشاہیہ میں مغربی جانب
ہیلاں جانے والی سڑک کے مغربی کنارہ پر ہے۔ اولاد نے آپ کے مزار پر چھوٹی سی پختہ تعمیر
کر دی ہے۔

مادہ ہائے تاریخ:

۱۔ افتخار الاولیا ۲۔ افتخارِ عہد

سید پیر عالم رسولنگریؒ

آپ حضرت سید عمر بخش بن سید محمد بخش برخورداری رسولنگریؒ کے پانچویں فرزند اور مرید و خلیفہ تھے۔ آپ کی والدہ کا نام سیدہ مہتاب بی بی بنت سید نور احمد بن سید خدا بخش تھا۔

آپ کی ولادت ۱۹ بیساکھ سمت ۱۹۳۲ ب مطابق ہفتہ ۲۵ ربیع الاوّل
تاریخِ ولادت ۱۲۹۲ھ میں ہوئی۔ مادۂ تاریخ ارمغان۔

آپ نے سکول میں کچھ تعلیم پائی تھی۔ اپنے سب بھائیوں سے زیادہ علم رکھتے تھے۔
تعلیم اپنی خاندانی کتابوں کا مطالعہ کیا کرتے۔ خصوصاً اپنے والد بزرگوارؒ کی تصانیف کا
مطالعہ رکھتے۔

آپ کی طبیعت سخت اور جوشیلی تھی۔ راگ گانے اور سننے کے شائق تھے۔
اخلاق و عادات علم موسیقی کے پورے پورے ماہر تھے۔ تمام آلاتِ لہو اپنے گھر میں رکھے
ہوئے تھے جب کبھی شوق اُٹھتا خود ہی بمعہ اعزہ و اقارب مجلسِ سماع منعقد کر لیا کرتے۔ گھوڑوں
کے سوار بھی تھے۔ شطرنج کھیلنے میں بھی خاصی مہارت تھی۔

صاحبزادہ عبدالکریم عباسی بن سید عمر حیات چنبلی بیان کرتے ہیں کہ ایک
راگ کی محبت روز موضع اگرویہ میں میں آپ کی ملاقات کے لیے گیا۔ آپ ضعیف العمر تھے۔
بینائی اور شنوائی کم ہو گئی تھی۔ اثنائے کلام میں آپ نے مجھے کہا کچھ سناؤ۔ میں نے ایک
نعت شریف سنائی۔ آپ چشم پُرآب ہوئے اور نہایت حسرت آمیز لہجہ میں کہا: عبدالکریم!

Marfat.com

اب ہمارے گھر سے راگ رخصت ہوگیا ہے۔" اگرچہ آپ کے بیٹے بھتیجے پوتے سب راگ سے خوب ماہر ہیں۔ مگر چونکہ آپ اِس فن میں کامل تھے۔ اس لیے اس کو ختم ہونے کے مرادف سمجھا۔

حلیہ ولباس آپ کا قد پست، جسم بھارا، شکم توندیلا، سر کے بال کانوں تک، داڑھی سفید، لباس امیرانہ رکھتے، سر پر دستار ہوتی۔ بجائے تہبند کے کبھی کبھی شلوار بھی پہنتے۔ مریدوں میں آپ کا نام "سلوار والے صاحب" مشہور ہوا۔

ازدواج آپ کا نکاح سیدہ زینب بی بی بنت سید عطا محمد ساہنپالوی سے ہوا تھا۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔

اولاد آپ کے چار بیٹے ہوئے: ۱۔ سید چراغ علی مرحوم ۲۔ سید قربان علی اکبر مرحوم ۳۔ سید قربان علی اصغر ۴۔ سید رحمت علی مرحوم

ان میں سے تیسرے صاحبزادہ سید قربان علی اصغر سلمہ اللہ اِس وقت ۱۳۷۶ھ میں بعمر اکسٹھ سال موجود ہیں۔ ان کی تاریخ پیدائش سوموار ۲ ذی الحجہ ۱۳۱۵ھ ہے۔ ان کا نکاح اپنے ماموں کی بیٹی سیدہ رابعہ بی بی بنت سید حاکم شاہ ساہنپالوی سے ہوا۔ اس کے بطن سے ایک لڑکا صاحبزادہ محمد مقبول نام موجود ہے۔ اور چار لڑکیاں، اقبال بیگم کبریٰ، اقبال بیگم صغریٰ، تقیہ بیگم، زکیہ بیگم بچپن میں ہی فوت ہو چکی ہیں۔

سید پیر عالم صاحب ذکر ہذا کی چار بیٹیاں تھیں:

۱۔ سیدہ بخت روشن کبریٰ۔ یہ بچپن میں فوت ہوگئی۔
۲۔ سیدہ بخت روشن صغریٰ۔ منکوحہ سید فیروز علی بن سید حسن عالم رسولنگری
۳۔ سیدہ فاطمہ بی بی۔ یہ کنواری فوت ہوگئی۔
۴۔ سیدہ عائشہ بی بی۔ منکوحہ صاحبزادہ غلام الیاس بن سید حیدر شاہ ساہنپالوی

یارانِ طریقت آپ کے خواص مریدان یہ تھے:

۱۔ سید عرحیات بن سید غلام حسین برخورداری — چنبل ضلع شیخوپورہ
۲۔ صاحبزادہ مسعود احمد بن سید نور حق — محلہ حنفیاں۔ وسن پورہ لاہور

Marfat.com

۳۔ سید سردار عالم بن سید سلطان محمود خواہرزادہ — دھیر کے خورد — گجرات
۴۔ صاحبزادہ محمد ظہور بن سید چراغ علی۔ نبیرہ — رسول نگر — گوجرانوالہ
۵۔ صاحبزادہ محمد مقبول بن سید قربان علی۔ نبیرہ — 〃 — 〃
۶۔ صاحبزادہ ارشد محمود بن سید فقیر احمد — دستن پورہ — لاہور
۷۔ گاماں بن خوشی تارڑ — اگرویہ — گجرات
۸۔ احماں بن خوشی تارڑ — 〃 — 〃
۹۔ کبیرا بن امیرا تارڑ — 〃 — 〃
۱۰۔ محکم بن حاجی تارڑ — 〃 — 〃
۱۱۔ راجہ بن محمد بخش تارڑ — 〃 — 〃
۱۲۔ حیدر بن خواجہ گوندل — 〃 — 〃
۱۳۔ سائیں سلطانی فقیر موچی دھبولہ — 〃 — 〃
۱۴۔ سردارا ماچھی — کوٹ رحم شاہ — 〃
۱۵۔ لدھا بھگت موچی — نوئیں والہ — گوجرانوالہ
۱۶۔ بہاول موچی — کوٹ دیول — 〃
۱۷۔ نواب جٹ — کوٹ لالہ — 〃
۱۸۔ عبداللہ فقیر — ملکہ — 〃
۱۹۔ غلام لوہار — کھیالی — 〃
۲۰۔ عطاء اللہ بن گل محمد ترکھان — کوٹلی خانو — سیالکوٹ
۲۱۔ اللہ جوائی مراثن — مانگہ — گجرات

تاریخ وفات سید پیر عالمؒ کی وفات بعمر بیاسی سال بروز منگل وار، دوئم جمادی الاولیٰ ۱۳۷۴ھ میں ہوئی۔ آپ کی قبر گورستانِ نوشاہیہ میں اپنے بڑے بھائی سید حسن عالمؒ کی پالکی سے مشرقی جانب پختہ بنی ہوئی ہے۔

مادہ ہائے تاریخ:

۱۔ مبارک ظہور ۲۔ سکندر بختِ والا

Marfat.com

باب نہم

اس میں اُن بزرگوں کے ذکر ہیں جو حضرت نوشہ صاحبؒ سے نویں پشت ہیں۔

سید فضل الٰہیؒ

آپ مولانا سید غلام قادر بن سید عبداللہ برخورداری ساہنپالویؒ کے اکلوتے بیٹے تھے۔

بیعتِ طریقت وخلافت شیخ گوہر شاہ بن شیخ ماہی شاہ سلیمانی زملویؒ سے حاصل کی۔

آپ کی ولادت ۱۲۴۳ھ میں ہوئی۔ حضرت حافظ قُل احمد پاکذات نوشاہِ ثانی

تاریخ ولادت نے آپ کی تاریخ لفظ مرغاب سے نکالی۔

آپ نے علم ادب وفقہ کی تعلیم اپنے والد بزرگوار سے پائی۔ کافی ملکہ حاصل کیا۔ کتاب

تعلیم دُرِ مجالس آپ کے لیے ۱۲۶۱ھ میں لکھی گئی۔ اس کا دستخط اِس طرح پر ہے۔

"تمام شد کتاب دُرِ مجالس بروز پنجشنبہ بوقتِ ظہر اوّل ماہِ شعبان برائے خواندن برخوردار اقبال آثار سعادت اطوار فضل الٰہی ولد شاہ غلام قادر نبیرہ حضرت گنج بخش قدس سرہٗ تحریر یافت ۱۲۶۲ھ ہجری۔"

آپ شریعت کے کمال پابند تھے۔ نماز پنجگانہ اور نوافل وغیرہ پر مواظبت رکھتے متشرع

عبادت لوگوں سے محبت رکھتے۔

آپ زراعت پیشہ کرتے تھے۔ اس کام میں بھی نماز روزہ کی پوری پوری

روزہ کی پابندی کوشش کرتے۔ فصل ربیع کا موسم تھا۔ رمضان شریف کا مہینہ سخت گرمی کے دنوں میں آیا۔ آپ باقاعدہ روزے رکھتے رہے۔ ایک روز عصر تک گندم گاہنے میں مصروف رہے۔ عصر کے وقت آپ پر غشی کی حالت طاری ہوگئی۔ متعلقین نے پانی پلا دینا چاہا۔ مگر آپ نے سر پھیرا۔ اور روزہ کو شام تک پہنچایا۔

Marfat.com

اخلاق و عادات

آپ نہایت حلیم الطبع، برادری پر احسان کرنے والے، اتفاق پسند تھے۔

برادری پر احسان

منقول ہے کہ آپ کے جد بزرگوار سید عبداللہ بن سید خیر اللہؒ کو موضع پانڈو کے میں زمینداران قوم چٹھہ نے بارہ ۱۲ بیگھہ زمین نذرانہ میں دی تھی۔ انھوں نے اس میں کنواں بھی لگوا دیا تھا۔ جب بحکم گورنمنٹ برطانیہ نہر لوئر چناب کھودی گئی تو جن لوگوں کی زمین اُس میں آگئی۔ ان کو سرکار نے قیمت ادا کر دی۔ وہ کنواں بھی نہر میں آگیا جب قیمت لینے کا وقت آیا تو زمینداروں نے کہا کہ یہ کنواں ہمارا ہے اور زمین بھی ہماری ہے۔ ہمارا ایک دادا عبداللہ نام قوم چٹھہ تھا اُس نے یہ کنواں لگوایا تھا۔ جب تنازع نے طول کھینچا تو آپ کے برادران ہمجدی نے آپ کو ساہنپال شریف سے بلایا آپ پہنچ گئے۔ آپ نے کنواں کی عمارت میں نصب شدہ ایک اینٹ اکھاڑ کر نکالی جس پر "عبداللہ نوشاہی" کے الفاظ کندہ تھے۔ یہ دیکھ کر افسر نے زمین کی قیمت صاحبزادگان کو دے دی۔ اور وہ زمیندار ناکام رہے۔

اشعار خوانی

آپ لوگوں کو احسان سے پیش آیا کرتے اور اس کے متعلق شیخ سعدیؒ کا یہ شعر پڑھا کرتے: ؎

برآوردنِ کامِ اُمیدوار
بہ از قید بندی شکستن ہزار

کرامات

بارش کی اطلاع دینا

آپ صاحبِ کشف تھے۔ پہلے فرما دیا کرتے کہ فلاں روز بارش ہوگی اور آپ کی توجہ سے غلہ میں برکت ہوتی تھی۔ علی محمد بن موجدین ترکھان ساہنپالوی سے منقول ہے کہ ایک دن میرا والد موجدین اور میرا بڑا بھائی مولاداد جھٹہ سے کھیت میں پانی ڈال رہے تھے آپ پنڈی کالوے سے تشریف لا رہے تھے۔ دیکھ کر فرمایا، تم اتنی تکلیف کیوں اٹھا رہے ہو آج رات کو اللہ تعالیٰ کے کرم و فضل سے مینہ

Marfat.com

برسے گا۔ چنانچہ فی الواقعہ اُس رات کو کافی بارش ہوگئی۔

غلّہ کا بڑھ جانا

علی محمد بن موجدین ترکھان سے منقول ہے کہ ایک دفعہ کاشتکاری میں ہمارا آپ کے ساتھ سیر (اشتراک) تھا۔ پچیس بھروٹے (گٹھے) گندم ہوئی۔ جب اس کا بوجھ تیار ہوا تو رات کو آپ نے اُس کے پاس قرآن کریم کی کچھ آیات پڑھیں۔ صبح کو جب غلّہ ماپا تو سولہ من ہوا جو خلافِ توقع تھا۔

نواسے کو دعائے خیر

آپ کے انتقال کے وقت آپ کی بیٹی حضرت سیدہ فاطمہ بی بیؒ نے عرض کیا کہ میرا ایک ہی لڑکا غلام مصطفےٰ ہے اس کے حق میں دعا فرماویں۔ آپ نے دعا فرمائی کہ تمام اولادِ حضرت نوشہ صاحبؒ یعنی فریقِ برخورداریہ اور فریقِ ہاشمیہ میں اِس کا کوئی ثانی نہ ہوگا۔ یہ سب سے افضل ہوگا۔

مولفِ کتاب ہذا فقیر سید شرافت عفا اللہ عنہ کہتا ہے کہ اعلیٰ حضرت سید غلام مصطفےٰ نوشاہی ادام اللہ برکاتہ، میرے والد بزرگوار ہیں اور آپ کے نواسہ ہیں۔ آپ کی دعا مستجاب ہوئی۔ اور آپ واقعی زمانہ حاضرہ میں تمام خاندان نوشاہیہ میں علم و فضل و فقر و ولایت و مراتب میں سب سے اعلیٰ اور افضل ہیں۔

ازواج و اولاد آپ کی دو اہلیہ تھیں:

۱۔ پہلا نکاح ۱۵ ربیع الاول ۱۲۷۶ھ کو سیدہ بیگم بی بی بنت سید علم الدین بن سید علی محمد برخورداری ساہنپالویؒ سے ہوا۔ ان کے بطن سے کوئی اولاد نہ ہوئی۔

۲۔ دوسرا نکاح حضرت حسن بی بیؒ سے ہوا۔ یہ درگاہی والہ کی علماء زادی تھیں۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔

آپ کے ایک فرزند سید غلام رسول تھے۔

آپ کی پانچ بیٹیاں تھیں:

۱۔ سیدہ رسول بی بیؒ۔ یہ گونگی، بہری اور نابینا تھیں۔ تاحیات مجردہ رہیں۔

۲۔ سیدہ فاطمہ بی بیؒ۔ منکوحہ حضرت سید حافظ محمد شاہ بن سید محمد امین ساہنپالویؒ

۳۔ سیدہ عائشہ بی بیؒ۔ منکوحہ سید کرم الٰہی بن سید لعل شاہ پانڈوکویؒ

Marfat.com

۴- سیدہ ایمنہ بی بیؒ۔ منکوحہ سید غلام علی بن سید قدم الدین ساہنپالویؒ
۵- سیدہ رابعہ بی بیؒ۔ منکوحہ سید محبوب علی المعروف سلطان صوبہ بن سید نور عالم ساکن اگرویہ

سید فضل الٰہیؒ کی وفات بعمر چوراسی سال ۱۳۲۷ھ میں ہوئی۔ قبر

تاریخ وفات گورستانِ نوشاہیہ میں ہے۔

قطعہ تاریخ

از کتاب الفوائد مصنفہ سید حافظ محمد شاہ رحمہ اللہ

ازیں محنت سرائے دارِ فانی مرخص گشت شاہ فضلِ الٰہی
تبرا کرد از دو چیز در عمر یکے از شرک دیگر کفر و واہی
ہر آں مومن کزیں ہر دو گریزد کند دائم بجنت بادشاہی
تفکر شد بدل تاریخ سالش شدہ الہام از جانب الٰہی
بتفریقِ دو عدد از نام پاکش باالصاقِ عدد ہائے نوشاہی
کہ بعد از سیزدہ صد بست و ہفتم سنِ فوتش ازیں روشن چہ خواہی

یعنی "فضل الٰہی نوشاہی" کے اعداد سے دو عدد تفریق کردیں تو سالِ وفات ۱۳۲۷ھ ظاہر ہوتا ہے۔

مادہ ہائے تاریخ:

۱- آیت شریفہ ورفعنا لک ذکرک۔ ۲- ولی نیک اختر

سید قاسم علی پانڈوکویؒ

آپ کا نام غلام قاسم تھا۔ مشہور قاسم علی ہے۔ آپ سید غلام محی الدین بن سید عبداللہ برخورداری پانڈوکویؒ کے فرزند اکبر اور مرید و خلیفہ تھے۔

آپ کی والدہ صاحبہ سید حبیب اللہ بن سید خدا بخش بن سید شاہ تن کی بیٹی تھیں۔

تعلیم و اعمال آپ نے ظاہری علم کی تعلیم اپنے عم بزرگ مولانا سید غلام قادر بن سید

Marfat.com

عبداللہؒ سے پائی۔ فنِ کتابت بھی سیکھا۔ آپ صاحبِ شریعت و طریقت و زہد و ریاضت تھے۔

تحریر کتب

آپ قرآن مجید اور کتابیں قلمی لکھ کر فروخت کر کے اپنا اور اپنے اہل و عیال کا خرچ مہیا کرتے تھے۔ آپ کے ہاتھ کی دو تحریریں میرے ملاحظہ سے گزری ہیں۔ قصہ شیریں فرہاد، اور مدح حضرت نوشہ صاحبؒ۔ اُن کے خاتمہ سے آپ کے دستخط نقل کیے جاتے ہیں۔

۱۔ "تمت تمام شد کتاب قصہ شیریں فرہاد برائے پاسخاطر برخوردار اقبال علی بدستخط فقیر غلام قاسم ۱۲۶۷ھ۔"

۲۔ "تمت تمام شد کتاب نسخہ مدح حضرت نوشاہِ حاجی رحمۃ اللہ علیہ برائے خواندن خود غلام قاسم ۱۲۸۲ھ۔"

آپ کا نکاح سیدہ راج بی بی بنت سید لطف الدین برخورداری ساہنپالویؒ سے ہوا تھا۔

اولاد

ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔

آپ کے دو بیٹے تھے:

۱۔ سید امام الدینؒ ۲۔ سید رحیم اللہؒ

آپ کی دو بیٹیاں تھیں:

۱۔ سیدہ اللہ جوائیؒ۔ منکوحہ سید الہدین بن سید امام بخش ساہنپالویؒ

۲۔ سیدہ سید بی بیؒ۔ منکوحہ سید کریم اللہ بن سید اقبال علی ساہنپالویؒ

واقعہ اور تاریخ وفات

سید قاسم علیؒ علاقہ سیالکوٹ میں کتابیں فروخت کرنے کے لیے گئے ہوئے تھے کہ وہاں بیمار ہو گئے۔ چند روز کی علالت کے بعد ۱۲۸۵ھ میں وہیں انتقال کیا۔ ایک سال تک وہیں دفن رہے۔ پھر آپ کے برادران سید اقبال علی اور سید محمد علی وہاں گئے اور آپ کی نعش کو وہاں سے نکال کر واپس لائے اور بمقام پانڈوکے کلاں ضلع گوجرانوالہ میں اپنے آباؤ اجداد کے پاس دفن کیا۔

مادۂ تاریخ،

وسیلہ مخلوقات

Marfat.com

سید اقبال علیؒ

آپ سید غلام محی الدین بن سید عبداللہ برخورداری پانڈوکویؒ کے دوسرے بیٹے تھے۔

بیعت وخلافت حضرت سید عمر بخش بن سید محمد بخش رسولنگریؒ سے رکھتے تھے۔

آپ کی والدہ صاحبہ سید حبیب اللہ بن سید خدا بخش بن سید ثناء اللہ برخورداری نقشبندیہ تھیں۔

تعلیم آپ نے ظاہری علم ادب وفقہ فارسی وپنجابی اپنے عم بزرگ مولوی سید غلام قادر بن سید عبداللہؒ سے حاصل کیا۔ فنِ کتابت بھی سیکھا۔ آپ کے دونوں خط نسخ اور نستعلیق بہترین تھے۔

اخلاق وعادات آپ مسکین حالت اور فقیرانہ صورت تھے۔ خودی وتکبر سے بالکل مبرا تھے۔ ہر وقت ذکر وفکر میں مشغول رہتے۔ تلاوتِ قرآن مجید بلاناغہ کرتے۔ اکثر قصص الانبیا اور گلزارِ فقہ کا مطالعہ رکھتے۔ قصیدہ غوثیہ کا ورد بھی رکھتے تھے۔

تحریر کتب آپ کی اوقات فنِ کتابت پر تھی۔ آپ کے ہاتھ کی لکھی ہوئی چند کتابیں اولاد کے پاس موجود ہیں۔ مثلاً:

عملیات ۱۔ مناقبِ نوشاہی ۲۔ شجرہ شریف نوشاہی ۳۔ مدح نوشاہی ۴۔ کتاب تعویذات و ۵۔ درود شریف ۶۔ نورنامہ ۷۔ قصیدہ غوثیہ ۸۔ باراں ماہ فرد فقیر ۹۔ دعائے سریانی

دستخط آپ کے تین دستخط یہاں نقل کیے جاتے ہیں،

۱۔ "تمت تمام شد متبرک قصیدہ غوثیہ بدست خط فقیر حقیر اقبال علی ابن غلام محی الدین نوشاہی برائے خواندن خود وکریم اللہ تحریر یافت ۱۲۷۶ھ"

۲۔ "تمت تمام شد دعا سریانی دستخط فقیر اقبال علی نوشاہی ابن شاہ غلام محی الدین در موضع سہنپال ۱۲۵۳ھ ہجری النبوی صلی اللہ علیہ وسلم تحریر یافت۔ لاالٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔"

۔۔ "تمام شد درود شریف پاسخاطر میاں کریم اللہ وعظیم اللہ نصیب کند بدستخط فقیر

Marfat.com

اقبال علی نوشاہی ابن شاہ غلام محی الدین در موضع سنبھال تحریر یافت لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ ۔"

اولاد آپ کا نکاح سیدہ گوہر بی بی بنت سید علم الدین بن سید علی محمد برخورداری ساہنپالوی سے تھا۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔

آپ کے دو بیٹے تھے،

۱۔ سید کریم اللہ ۲۔ سید عظیم اللہ المعروف حبیب اللہ

آپ کی تین بیٹیاں تھیں:

۱۔ سیدہ زینب بی بی۔ پہلے سید فضل عالم بن سید عمر بخش رسولنگری سے نکاح ہوا تھا۔ ان کی وفات کے بعد ان کے چھوٹے بھائی سید حسن عالم سے نکاح کیا۔

۲۔ سیدہ حسین بی بی۔ منکوحہ سید بدوح شاہ بن سید محمد علی پانڈوکوی

۳۔ سیدہ جواہر بی بی۔ منکوحہ سید بوٹے شاہ بن سید عمر بخش ساہنپالوی۔ انھوں نے طلاق دے دی تو پھر نکاح ثانی سید شیر علی بن سید سلطان علی ہاشمی رسلوی سے کیا۔

تاریخ وفات سید اقبال علی کی وفات بروز پنجشنبہ ۔ ۲۶ شوال ۱۳۲۴ھ میں ہوئی۔ قبر گورستانِ نوشاہیہ میں ہے۔

مادۂ تاریخ : اولیا غریب نواز

سید محمد علی پانڈوکوی

آپ سید غلام محی الدین بن سید عبداللہ برخورداری پانڈوکوی کے تیسرے بیٹے اور مرید و خلیفہ تھے۔ آپ کی والدہ صاحبہ سید حبیب اللہ بن سید خدا بخش بن سید شاہ تعن کی بیٹی تھیں۔

اخلاقِ حمیدہ آپ نے قرآن مجید اور درسی کتابیں اپنے عم بزرگ مولانا سید غلام قادر بن سید عبداللہ سے پڑھیں۔ آپ نہایت سادہ مزاج، درویش سیرت تھے۔ دنیاوی چالبازیوں سے پاک تھے۔ اپنے مولا کے سوا کسی سے سروکار نہ تھا۔

Marfat.com

پیشہ کاشتکاری کیا کرتے۔

اوراد و وظائف آپ دعائے گنج العرش، درود اکبر، اسماء الحسنیٰ یعنی باری تعالےٰ کے ننانوے نام، نودنہ اسمائے نبویؐ، دعائے سریانی، دعائے نادعلی کا ورد رکھتے تھے۔ سکونت پانڈوکے میں تھی۔

کرامت

بے ادب کا سزا پانا منقول ہے کہ ایک دن آپ مرزا نام زمیندار کی زراعت سے چونا نکالنے گئے۔ اُس نے آکر چونا چھین لیا۔ اور گستاخانہ کلام کیا۔ رات کو چارپائی پر سویا تو نیچے گر پڑا۔ تین چار دفعہ ایسا ہی ہوا۔ صبح خدمتِ اقدس میں آکر معافی لی۔

اولاد آپ کا نکاح سیدہ صالحہ بی بی بنت سید محمد امین مختار ساہنپالویؒ سے ہوا تھا۔ اُن کے بطن سے اولاد ہوئی۔

آپ کے چار بیٹے تھے:

۱۔ سید چراغ دین المعروف بدوح شاہؒ ۲۔ سید سراج الدین شہیدؒ
۳۔ سید جلال الدینؒ ۴۔ سید نور الدینؒ

تاریخ وفات سید محمد علیؒ کی وفات بروز منگل وار، بوقت شام، چوتھی محرم الحرام ۱۳۲۲ھ میں ہوئی۔ آپ کی قبر موضع پانڈوکے نو، ضلع گوجرانوالہ میں، گاؤں سے شمالی طرف گورستانِ جھاڑ انوالہ میں ہے۔

مادۂ تاریخ: چراغ حسن

سید لدھے شاہ پانڈوکویؒ

آپ کا اصل نام فیض اللہ، مشہور نام لدھے شاہ تھا۔ آپ سید الدین بن سید عبداللہ برخورداری پانڈوکویؒ کے فرزند اکبر تھے۔ بیعت و خلافت سید احمد بخش بن سید اللہ دتہ

Marfat.com

ڈھلوالہ سے تھی۔

آپ کی والدہ کا نام سیدہ کرم بھری بنت سید خدا بخش بن سید حافظ نور اللہؒ تھا۔

تعلیم آپ نے علوم دینیہ کی تعلیم اپنے عم بزرگ مولوی سید غلام قادر بن سید عبداللہؒ سے پائی۔ فارسی علم ادب میں کافی مہارت تھی۔ فنِ کتابت بھی سیکھا۔ پانڈوکے میں سکونت رکھتے۔

دعائے والدہ آپ کو اپنی والدہ ماجدہ کی دُعا تھی۔ وہ آپ کے متعلق فرمایا کرتیں،

"ہٹ میرا اُچاپت تیری۔ رہی روز قیامت تائیں"

اخلاق آپ بڑے پارسا، خدایاد، عارف، درویش تھے۔ حال فقیرانہ رکھتے۔ سر پر ٹوپی پہنتے۔ چہرہ بارعب تھا۔ آپ کو سماع سننے کے وقت وجد بھی ہو جایا کرتا تھا۔ اور درخت پر نشان کر دیئے جاتے تھے۔

اشعار خوانی آپ کلام درویشانہ کو پسند فرمایا کرتے۔ خواجہ حافظ شیرازیؒ اور شیخ سعدی شیرازیؒ اور شیخ شرف الدین بوعلی قلندر پانی پتیؒ کے اشعار پڑھا کرتے۔ مثلاً،

شاہ شرفؒ

غیرت از چشم برم روئے تو دیدن ندہم — گوش را نیز حدیثِ تو شنیدن ندہم
گر شبے دست دہد وصلِ تو از غایتِ شوق — تا قیامت نشود صبح دمیدن ندہم
گر بیاید ملک الموت کہ جانم ببرد — تا نہ بینم رُخِ تو روح رمیدن ندہم
ہدیۂ روئے تو گر ملکِ دو عالم بدہند — یعلو اللہ کہ سرِ موئے تو دیدن ندہم
گر بدامِ دلِ من افتد آں عنقا یار — گرچہ صد حیلہ کند باز رمیدن ندہم

شرف گر باد دو زد تار ز موئے تو برد
باد را نیز دریں دیر و دیدن ندہم

سعدیؒ

چو دخلت نیست خرج آہستہ تر کن — کہ میگویند ملاحاں سرودے
اگر باراں بکوہستاں نبارد — بسالے دجلہ گردد خشک رودے

Marfat.com

حافظؒ

ہمہ کارم بخود کامی ببدنامی کشید آخر نہاں گے ماند آں رازے کزو سازند محفلہا

ے

سیہ بختی میں کب کوئی کسی کا ساتھ دیتا ہے کہ تاریکی مین سایہ بھی جدا انساں سے رہتا ہے

کرامت

چوروں کا تائب ہونا ایک مرتبہ چوروں نے آپ کی بھینس چرا لی۔ آپ کہیں تلاش کو نکلے۔ لوگ کہتے تو آپ فرماتے کہ اگر ہماری ہے تو یہیں آجائے گی۔ چنانچہ آٹھویں روز چور خود حاضر ہو کر آپ کے قدموں پر گرے اور گناہ سے توبہ کی اور معافی لی۔ اور بیان کیا کہ جب ہم چلتے تھے تو راستہ بھول جاتے تھے۔

تحریر کتب آپ کے ہاتھ کے لکھے ہوئے (۱) مناقب نوشاہی (۲) شجرہ جات نوشاہی (۲) دھونکل نامہ آپ کی یادگار اولاد کے پاس محفوظ ہیں۔

اولاد آپ کا نکاح ۱۹ ہاڑ ۱۹۱۳ بکرمی مطابق ۱۲۷۲ھ کو حضرت سکینہ بی بیؒ بنتِ میاں نظام الدین عرف بھٹی ساکن درگاہی والہ ضلع گوجرانوالہ کے ساتھ ہوا تھا۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔

آپ کے دو بیٹے تھے:

۱۔ سید کرم الٰہیؒ ۲۔ سید محمد حسینؒ

آپ کی ایک بیٹی تھی:

سیدہ حسین بی بیؒ۔ منکوحہ سید فیض احمد بن سید الہ دین بن سید امام بخش ساہنپانوی

یارِ طریقت آپ کے ایک ہی خلیفہ سید سلطان محمود بن سید غلام نبی برخورداری دھیرکوی تھے۔

تاریخ وفات سید لدھے شاہؒ کی وفات بروز جمعہ سترہویں شوال ۱۳۱۵ھ میں ہوئی۔

قبر پانڈو کے کلاں ضلع گوجرانوالہ میں ہے۔

مادہ تاریخ، فروغِ ایزدی۔

Marfat.com

سید لمان اللہ پانڈوکویؒ

آپ سید الہ دین بن سید عبداللہ پانڈوکویؒ کے دوسرے بیٹے تھے۔ آپ کی والدہ کا نام سیدہ کرم بھری بنت سید خدا بخش بن سید حافظ نوراللہ فرشتہ صفات تھا۔ آپ بچپن میں فوت ہو گئے۔ وفات ۱۳۰۴ھ

سید رزق اللہ پانڈوکویؒ

آپ سید الہ دین بن سید عبداللہ پانڈوکویؒ کے تیسرے بیٹے تھے۔ آپ کی والدہ کا نام سیدہ کرم بھری بنت سید خدا بخش بن سید حافظ نوراللہؒ تھا۔ آپ کا انتقال طفولیت میں ہو گیا۔ وفات ۱۳۰۵ھ۔

سید کلیم اللہ پانڈوکویؒ

آپ سید الہ دین بن سید عبداللہ پانڈوکویؒ کے چوتھے بیٹے تھے۔ آپ کی والدہ کا نام سیدہ کرم بھری بنت سید خدا بخش موصوف تھا۔ آپ نے صغر سنی میں وفات پائی۔ وفات ۱۳۰۶ھ۔

سید عمر بخشؒ

آپ سید لطف الدین بن سید علی محمد ساہنپالویؒ کے اکلوتے بیٹے تھے۔ بیعتِ طریقت سید احمد بخش بن سید اللہ دتہ مجذوب ڈھلوالویؒ سے تھی۔ لیکن وہ وفات کے وقت آپ کی سپرد اپنے بڑے بھائی سید قطب الدینؒ کو کر گئے تھے۔ آپ نے تربیت و تکمیل انھیں سے پا کر خرقۂ خلافت حاصل کیا۔

آپ کی والدہ کا نام حضرت نیک بی بی تھا، جو میاں کرم الدین ملا ساکن دھنویہ خورد ضلع گوجرانوالہ کی بیٹی تھیں۔

تعلیم آپ نے چندے تعلیم مولوی سید غلام قادر بن سید عبداللہؒ سے پائی۔

Marfat.com

آداب شناسی آپ ادب وحیا وخلق کا مجسم نمونہ تھے۔ اگر درگاہِ عالیہ نوشاہیہ پر زیارت کے لیے حاضر ہوتے تو ادب کی وجہ سے روضہ کے اندر داخل نہ ہوتے۔ دروازہ کی سیڑھیوں کے نیچے ہی رہتے۔ فقر وطریقت کے رموز واسرار سے واقف تھے۔

زیارتِ نوشاہی آپ کو ایک مرتبہ خواب میں حضرت نوشہ گنج بخشؒ کی زیارت فیض بشارت ہوئی، دیکھا کہ حضور پلنگ پر بیٹھے ہیں۔

اشعارخوانی آپ گاہ بگاہ یہ اشعار پڑھا کرتے تھے:

حافظؒ

بے سجادہ رنگیں کن گرت پیرِ مغاں گوید — کہ سالک بے خبر نبود ز راہ ورسم منزلہا

غزل

سیف ہو جس کی زباں شمشیر کی حاجت نہیں — صاف ہو جس کی نظر پھر تیر کی حاجت نہیں
جب تصور بندھ گیا تصویر کی حاجت نہیں — زلف کے پابند کو زنجیر کی حاجت نہیں
سجدہ گاہِ عاشقاں ہے دلبروں کا صاف دل — یہ وہ کعبہ ہے جسے تعمیر کی حاجت نہیں

کرامات

ایک ہندو کو وجد کرانا آپ ایک دفعہ عادل گڑھ چک ۲۷ ضلع شیخوپورہ میں میراں بخش ماچھی کے ہاں تشریف فرما تھے۔ مجلس میں سماع اور وجد ہو رہا تھا۔ ایک ہندو کھتری کوٹھے پر بیٹھا حقہ پی رہا تھا۔ اُس نے کہا، مسلمان جھوٹا سر مارتے ہیں۔ آپ نے اس کی طرف دیکھا۔ وہ نعرہ مار کر نیچے گر پڑا اور دیر تک حال کرتا رہا۔

خشک درخت کا سبز ہو جانا آپ ایک دفعہ گھوئیں کے ضلع سیالکوٹ میں تشریف لے گئے۔ وہاں ماچھی کی والدہ نے عرض کیا کہ ہمارے گھر میں بیری کا درخت بہت سایہ دار تھا۔ وہ خشک ہو گیا ہے۔ آپ نے تعویذ بنا دیا اور فرمایا اس کے نیچے دفن کر دو۔ چنانچہ وہ ایسا کرنے سے دوبارہ سبز ہو گیا اور پھل دینے لگا۔

ایک نافرمان کا مفلس ہو جانا ایک مرتبہ آپ چک داون میں گئے وہاں مستی کرم داد بھیڑ کو

Marfat.com

اپنے پاس بلوایا۔ وہ اس خطرہ سے چھپ گیا کہ کہیں میرا مکان حسین نہ اپنے کو نہ دلا دیویں۔ آپ کو معلوم ہوا تو فرمایا کہ وہ ہم سے چھپ گیا ہے۔ دنیاوی دولت اس سے چھپ گئی ہے۔ چنانچہ وہ مفلس و نادار ہو گیا اور اولاد سے بھی محروم رہا۔

عملیات

آپ نے فرمایا ہے کہ اگر فراخیِ رزق کی ضرورت ہو تو یَا رَزَّاقُ کا

فراخیِ رزق کے واسطے وظیفہ کیا کرو۔ رزق کشادہ ہو جائے گا۔

آپ نے فرمایا ہے کہ اگر کسی آدمی کو مسخر و مطیع کرنا ہو تو یَا وَدُوْدُ کا

محبت کے واسطے وظیفہ کیا کرو۔ اِن شاء اللہ وہ مسخر ہو جاوے گا۔

ملفوظات

آپ فقیروں کے کلمات بہت یاد رکھتے تھے۔ آپ کی زبان کے چند ارشادات و نصائح یہاں لکھے جاتے ہیں۔

ملفوظ۔ آپ نے فرمایا: جس درویش کو چار کلمے۔ اور چار مقام۔ اور چار رنگ۔ اور چار لذت۔ اور چار فرشتے۔ اور چار سلام کی خبر نہ ہو۔ اس پر لقمہ فقیری حرام ہے۔

—— چار کلمے یہ ہیں:

اوّل کلمہ شریعت۔ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔

دوم کلمہ طریقت۔ لا الٰہ الا اللہ بعظمتہٖ محمد رسول اللہ خلیفتہ۔

سوم کلمہ حقیقت۔ لا الٰہ الا اللہ بید قدرتہٖ محمد رسول اللہ برسالتہٖ۔

چہارم کلمہ معرفت۔ لا الٰہ الا اللہ حقًّا حقًّا محمد رسول اللہ صَفًّا صَفًّا۔

—— چار مقام یہ ہیں:

۱۔ ناسوت ۲۔ ملکوت ۳۔ جبروت ۴۔ لاہوت۔ یہ چار فرشتوں کے مقام ہیں۔

—— چار رنگ یہ ہیں:

Marfat.com

۱۔سرخ ۲۔سفید ۳۔سبز ۴۔سیاہ ۔ یہ چار مقاموں کے رنگ ہیں۔

—— چار لذت یہ ہیں :

۱۔ترش ۲۔تلخ ۳۔میٹھی ۴۔شیریں ۔ یہ چار مقاموں کی لذتیں ہیں۔

—— چار فرشتے یہ ہیں :

۱۔جبرائیل ۲۔میکائیل ۳۔اسرافیل ۴۔عزرائیل

—— چار سلام یہ ہیں :

سلامِ شریعت ۔ السلامُ علیکم جواب وعلیکم السلام

سلامِ طریقت ۔ یا علی مدد جواب پیر مولا علی مدد

سلامِ حقیقت ۔ صفائے مردو جواب دیداروں کا نفع

سلامِ معرفت ۔ عشق ذات حق اللہ جمالِ فقرا جواب صبح پختن مولا مشکل کشا شیرِ خدا

ملفوظ ۔ فرمایا ۔ مقولہ فقرا ہے ۔

"کلا پر زمین ۔ زمین پر سجدہ ۔ پیر من محمد ۔ مرشد من اللہ ۔

ملفوظ ۔ فرمایا ۔ فقیروں کے آپس میں سوال جواب ہوتے ہیں جن میں سے چند یہ ہیں ،

۱ ۔ سوال : کون تمہارا مرشد ہے ۔ کون تمہارا پیر ۔ مسلمان ہیں کہ فقیر ۔

جواب : اللہ ہمارا مرشد ہے ۔ محمد ہمارا پیر ۔ شرع دا مسلمان ہاں قول دا فقیر ۔

۲ ۔ سوال : پہلے سجدہ کس نیا ؟

جواب : زمین نیا ۔

۳ ۔ سوال : زبان پلید ہے اس کا غسل کر کے بولو ۔

جواب : چلتی زبان ۔ نام تیرا سیف الرحمان ۔ اتر غسل ایس فرمان لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ ۔

۴ ۔ سوال : کس کو نہیں کلنک کوئی ۔ کون آسن نہیں ڈولیا ۔ کون ہے چم رکھ عورت دیکھ نہیں بھولیا ۔

جواب : کلے کو نہیں کلنک کوئی ۔ قطب آسن نہیں ڈولیا ۔ پانی ہے چم رکھ عورت دیکھ نہیں بھولیا ۔

Marfat.com

آپ نے یہ چند نصایح آداب مجلس و فقر کے متعلق فرمائی ہیں۔

نصایح فرمایا : مرید کے اسلام سے پیر کا کفر بہتر ہے۔

فرمایا : یار کی یاری کی طرف دیکھنا چاہیے، یار کے عیبوں کو نہ دیکھنا چاہیے۔

فرمایا : اگر بلی کے شکار کو جانا ہو تو شیر کے شکار جتنا سامان تیار کرو۔

فرمایا : اگر تم کسی دوسرے آدمی کے ساتھ کھانا کھانے بیٹھو تو باری سے لقمہ اٹھاؤ۔

فرمایا : اگر تم کسی کے ساتھ سالن کھا رہے ہو اور تمہارے سامنے گوشت کا سالن ہو تو اس میں زیادہ اپنا طمع نہ کرو بلکہ جس وقت دوسرا ساتھی دو بوٹیاں کھا لے تو تم ایک بوٹی کھاؤ۔

اولاد آپ کا نکاح سیدہ عمر بی بی بنت سید الہ دین بن سید عبداللہ ساکن پانڈوکے کے ساتھ ہوا تھا۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔

آپ کے دو بیٹے تھے :

۱۔ سید نبی بخشؒ ۲۔ سید بوٹے شاہؒ

آپ کی ایک ہی بیٹی تھی سیدہ اللہ جوائی منکوحہ سید سراج الدین شہید بن سید محمد علی برخورداری پانڈوکوی۔

یارانِ طریقت آپ کے مرید بہت تھے۔ ازانجملہ بعض خواص احباب یہ ہیں :

۱۔ سید بوٹے شاہ فرزند آنجناب	ساہنپال شریف ضلع گجرات	
۲۔ سید مہتاب دین بن سید امام الدین برخورداریؒ	پانڈو کے کلاں	گوجرانوالہ
۳۔ سائیں مبارک دین فقیر قوم موچی	چک دادن	؍؍
۴۔ سائیں احمد دین فقیر ؍؍	؍؍	؍؍
۵۔ محمد بخش بن پیر بخش تارڑ ساہنپالیہ متوفی ۱۳۴۲ھ	عادل گڑھ	؍؍
۶۔ محمد یار بافندہ متوفی ۱۳۴۲ھ	؍؍	؍؍
۷۔ فضل موچی	؍؍	؍؍
۸۔ صوبہ بن عالم کشمیری	عادل گڑھ چک ۲۷	؍؍

Marfat.com

تبرک آپ کی دستار سفید رنگ اولاد کے پاس موجود ہے۔

تاریخِ وفات سید عمر بخش ؒ کی وفات بروز پنجشنبہ ۔ آٹھویں جمادی الثانی ۱۳۲۲ھ میں ہوئی۔ دُوسرے دن جمعہ کو دفن ہوئے۔ قبر گورستانِ نوشاہیہ میں مشرقی حلقہ میں ہے۔

مادۂ تاریخ : اولیا شیریں سخن

سید محمد الدین میرڈہ والہ ؒ

آپ سید شاہ رانا بن سید شرف الدین برخورداری میرڈہ والہ ؒ کے فرزند اکبر تھے۔ بیعتِ طریقت پیر محمد شاہ سلیمانی رنملوی سے تھی۔ وہ مرید اپنے والد شیخ گوہر شاہ بن شیخ مابی شاہ سلیمانی رَن ملوی ؒ کے ہیں۔

آپ کی والدہ کا نام سیدہ زینب بی بی بنت سید کرم الدین برخورداری ساکن چکھانی تھا۔

تاریخ ولادت آپ کی ولادت ۱۲۸۵ھ میں بمقام میرڈہ علاقہ لالہ مُوسے میں ہوئی۔

آپ صاحبِ جذب وجلالیت تھے۔ جسم طاقتور، چہرہ با رعب تھا۔

اخلاق وعادات گاہ بگاہ درگاہِ عالیہ نوشاہیہ پر آتے رہتے۔ اپنی برادری سے میل ملاقات رکھتے۔

شادی آپ کا نکاح مسمات شمس بی بی بنت میاں روشن قریشی اسدی ساکن لہڑی ضلع گجرات سے ہوا تھا۔ لیکن کوئی اولاد نہیں ہوئی۔ آپ نے دنیا سے لاولد انتقال کیا۔

سید محمد الدین ؒ کی وفات بعمر بیاسی سال۔ پچیسویں صفر ۱۳۶۵ھ میں ہوئی۔

تاریخ وفات قبر موضع میرڈہ ضلع گجرات میں اپنے دادا کے پاس ہے۔

مادۂ تاریخ :

فضیلتِ اولیا۔

Marfat.com

سید احمد الدین میرہ والہؒ

آپ سید شاہ رانا بن سید شرف الدین برخورداری میرہ والہؒ کے دوسرے بیٹے تھے۔
بیعتِ طریقت شیخ شاہ محمد بن شیخ شرف الدین بن شیخ ناصر الدین سلیمانی ساہنپالویؒ سے تھی۔
آپ کی والدہ کا نام سیدہ زینب بی بی بنت سید کرم الدین برخورداری ساکن چک جانی تھا۔
تاریخ ولادت آپ کی ولادت ۱۲۹۵ھ میں بمقام میرہ ہوئی۔
مادۂ تاریخ "چراغ کامل" ہے۔

سادہ مزاجی آپ بالکل سادہ مزاج تھے۔ بود و باش اور ظاہری صورت و لباس سے بالکل زمیندار معلوم ہوتے تھے۔

مولف کتاب ہذا کہتا ہے کہ میں کئی دفعہ لالہ موسیٰ سٹیشن پر ریل سے اُتر کر جھنڈے والی جایا کرتا۔ راستہ میں آپ کا گاؤں پڑتا تھا آپ وہیں کھیتوں یا بنجر جگہوں میں گھاس کھودتے مل جاتے۔

سید احمد الدین ساری عمر تارک مجرد ہی رہے۔ نکاح نہیں کیا اور بعمر
تاریخ وفات ستتر سال دسویں رمضان ۱۳۷۲ھ کو علاقہ سیالکوٹ میں بعالم سفر ہی انتقال کیا۔

آپ کی قبر موضع میانی اعواناں ضلع سیالکوٹ میں ہے۔
مادۂ تاریخ، نوشہ اعظم

سید صدر الدین میرہ والہؒ

آپ سید شاہ رانا بن سید شرف الدین برخورداری میرہ والہ کے تیسرے فرزند تھے۔
بیعتِ طریقت سائیں فتح محمد فقیر نوشاہی ساکن پنڈی اعواناں ضلع گجرات۔ مدفون دھامہ متصل لالہ موسیٰ سے تھی۔ جن کا ذکر اس کتاب کی تیسری جلد موسوم بہ تذکرۃ النوشاہیہ میں آئے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

Marfat.com

آپ کی والدہ کا نام مسمات نواب بی بی تھا جو قوم کشمیری سے تھیں۔

تاریخِ ولادت آپ کی ولادت ۱۳۰۵ھ میں ہوئی۔
مادۂ تاریخ "برخوردار محمد" ہے۔

اخلاق وعادات آپ نیک اطوار، درویش خصلت انسان تھے۔ کسی کو کبھی اذیت نہیں پہنچائی۔ آپ اپنے سب بھائیوں سے اخیر گزرے۔ چونکہ اولاد نہیں رکھتے تھے اس لیے اپنی سب جائداد ومکانات اپنی حقیقی ہمشیرہ سیدہ حیات بیگم کے نام ہبہ کر دی جو سید حیدر شاہ بن سید عطا محمد برخورداری ساہنپالوی کی اہلیہ ہیں۔ اور اُن کو اپنی زندگی میں ہی قبضہ دے دیا۔

شادی آپ کا نکاح سیدہ حاکم بی بی بنت سید حسن محمد بن سید نظام الدین برخورداری شیخ علی پوری سے ہوا، لیکن اولاد نہیں ہوئی۔

تاریخ وفات سید صدرالدین کی وفات بعمر ستر سال بروز بدھ وار، وقت چاشت، ستائیسویں رمضان ۱۳۷۵ھ میں ہوئی۔ قبر میرڑہ علاقہ لالہ موسے میں اپنے باپ دادا کے پاس ہے۔

مادہ ہائے تاریخ

۱۔ حضور نوشہ ۲۔ واصل مرغوب

سید چراغدین میرڑہ والہؒ

آپ سید شاہ رانا بن سید شرف الدین میرڑہ والہ کے چوتھے بیٹے تھے۔ بیعت طریقت اپنے بڑے بھائی سید محمد الدینؒ سے تھی۔ والدہ کا نام سیدہ زینب بی بی بنت سید کرم دین ساکن چک جانی تھا۔

تاریخِ ولادت آپ کی پیدائش ۱۳۱۵ھ میں ہوئی۔ آپ والدین کے تابعدار و مودب تھے۔ صغائر وکبائر سے مجتنب رہتے۔

تاریخ وفات سید چراغدین کنوارے بعمر چوبیس سال، جمعرات، ۲۶ رمضان ۱۳۴۲ھ کو بعارضہ طاعون فوت ہوئے۔ قبر میرڑہ میں ہے۔

Marfat.com

مادۂ تاریخ " فخرِ مکتب "

سیّد ابراہیم چک جانی والہؒ

آپ سیّد نورالدین بن سیّد کرم الدین برخورداری ساکن چک جانی کے فرزند اکبر تھے۔ بیعتِ طریقت شیخ غلام حسین موتیاں والہ بن شیخ غلام حسن سلیمانی بھلوالیؒ سے تھی۔

آپ کی والدہ کا نام سیّدہ راج بی بی بنت سیّد حافظ شرف الدین ساکن میرٹھ تھا۔

اولاد آپ کا نکاح سیّدہ فضل بیگم بنت سیّد سلطان علی بن سیّد گوہر شاہ ہاشمی رنلوی سے ہوا تھا۔ ان سے صرف ایک بیٹا سیّد ولی محمد نام پیدا ہوا۔

تاریخ وفات سیّد ابراہیم کی وفات سنہ ۱۳۴۰ھ میں ہوئی۔ قبر موضع چک جانی ضلع گجرات میں ہے۔ مادۂ تاریخ : حافظِ قرآن

سیّد غلام رسول چک جانی والہؒ

آپ سیّد نورالدین بن سیّد کرم الدین چک جانی والہ کے فرزند اصغر تھے۔ بیعتِ طریقت شیخ عمرالدین بن شیخ شرف الدین سلیمانی ساہنپالویؒ سے تھی۔

آپ کی والدہ کا نام سیّدہ راج بی بی بنت سیّد حافظ شرف الدین ساکن میرٹھ تھا۔

اخلاق آپ صاحبِ شرم وحیا و توکل تھے۔ مجردانہ زندگی بسر کی۔ نکاح نہیں کیا۔ معمر بزرگ تھے۔ عبادت گزار۔ متوکل علی اللہ تھے۔ فقیرانہ لباس پہنتے۔ سر پر ٹوپی ہوتی تھی۔ آپ کی ہمشیرہ سیّدہ حسین بی بی ساہن پال شریف میں سیّد شیر علی بن سیّد محمد شفیعؒ سے بیاہی ہوئی تھیں۔ اُن کے پاس آیا جایا کرتے۔

تاریخ وفات سیّد غلام رسولؒ کی وفات سنہ ۱۳۵۵ھ میں ہوئی۔ قبر چک جانی ضلع گجرات میں ہے۔

مادۂ تاریخ : قاضی الحاجات

Marfat.com

سید غلام محمد شیخلیپوریؒ

آپ سید نظام الدین بن سید کرم الدین برخورداری شیخلیپوریؒ کے فرزند اکبر تھے۔

بیعت پیر محمد شاہ سلیمانی رنملوی سے تھی۔ وہ مرید اپنے والد شیخ گوہر شاہ سلیمانی رن ملوی کے ہیں۔

تعلیم آپ کی والدہ کا نام سیدہ نواب بی بی بنت سید قطب الدین بن سید فتح الدین تھا۔ آپ نے موضع دھیر کے متصل گجرات سے قرآن مجید پڑھا اور چند اردو پنجابی کی کتابیں بھی سبقاً پڑھیں۔

اخلاق آپ نیک اطوار، سادہ مزاج تھے۔ زراعت پیشہ کیا کرتے۔ دنیاوی کاموں میں چنداں دخل نہیں دیتے تھے۔ پسندیدہ خصلتوں والے تھے۔

اولاد آپ کا نکاح سیدہ رابعہ بی بی بنت سید الہدین بن سید امام بخش ساہنپالویؒ سے ہوا۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔

آپ کے دو بیٹے ہوئے:

۱۔ صاحبزادہ نور حسین سلمہ اللہ۔ متولد ذی الحجہ ۱۳۳۴ھ۔ اپنے نانا سید الہ دین ساہنپالویؒ کے گھر کا وارث بنا ہے۔ اس کا نکاح اپنے چچا کی بیٹی سیدہ فضل بیگم بنت سید حسن محمد شیخلیپوری سے ہے۔ اس کے بطن سے دو لڑکے محمد بشیر و محمد مالک نام۔ اور دو لڑکیاں رضیہ بیگم و صفیہ بیگم اِس وقت ۱۳۷۶ھ میں موجود ہیں۔

۲۔ صاحبزادہ نذر محمد مرحوم

آپ کی ایک بیٹی ہے سیدہ حسین بی بی۔ منکوحہ صاحبزادہ فضل حسین بن سید حسن محمد شیخ علی پوریؒ۔

تاریخ وفات سید غلام محمدؒ کی وفات بروز بدھوار۔ ۱۶ محرم ۱۳۳۵ھ میں ہوئی۔ قبر موضع شیخ علی پور المعروف شیخلی ضلع گجرات میں ہے۔

مادۂ تاریخ: اسکندر بخت

Marfat.com

سید حسن محمد شیخ علی پوریؒ

آپ سید نظام الدین بن سید کرم الدین برخوردار شیخعلیپوریؒ کے فرزند اصغر اور مرید و خلیفہ تھے۔ آپ کی والدہ کا نام سیدہ نواب بی بی بن سید قطب الدین بن سید فتح الدین برخورداری ساہنپالویؒ تھا۔

عادات و اخلاق آپ پابندِ شریعت نیک اطوار تھے۔ درویشی کی محبت آپ کے دل میں جاگزین تھی۔ اوراد و وظایف پابندی سے کیا کرتے۔ مسجد شیخ علی پور (مُغلی) کی امامت بھی آپ کے متعلق تھی۔

آپ کا نکاح سیدہ عائشہ بی بی بنت سید الہ دین بن سید امام بخش ساہنپالویؒ سے ہوا۔

اولاد ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔

آپ کے چار بیٹے ہوئے:

۱۔ صاحبزادہ فضل حسین مرحوم ۲۔ صاحبزادہ محمد حسین سلمہ اللہ

۳۔ صاحبزادہ سید احمد مرحوم ۴۔ صاحبزادہ فیض احمد مرحوم

ان میں سے صاحبزادہ محمد حسین سلمہ اللہ اس وقت موجود ہے اور موضع شیخ علیپور میں سکونت رکھتا ہے۔ اس کا نکاح مسمات عزیز بیگم بنت میاں فضل الٰہی علما ساکن چک جانی سے ہوا۔ اس کے بطن سے دو لڑکے محمد اقبال و محمد گلزار موجود ہیں اور تین لڑکیاں ہیں۔

۱۔ سیدہ حلیہ بیگم منکوحہ میاں محمد نذیر ساکن کوٹلی قاضی ضلع گجرات۔

۲۔ سیدہ ثریا بیگم ۲۔ سیدہ قمر النسا یہ دونوں ابھی باکرہ ہیں۔

سید حسن محمد صاحبِ ذکر ہذا کی چار بیٹیاں ہیں:

۱۔ سیدہ حسن بی بی۔ منکوحہ میاں محمد صادق بن میاں فضل الٰہی امام مسجد چک جانی۔

۲۔ سیدہ فضل بیگم۔ منکوحہ صاحبزادہ نور حسین بن سید غلام محمد برخورداری ساہنپالویؒ

۳۔ سیدہ حاکم بی بی۔ منکوحہ سید محمد عالم بن سید ولی محمد برخورداری ساکن چک جانی۔

ان کی وفات کے بعد سید صدر الدین بن سید شاہ رانا برخورداری

Marfat.com

ساکن میرٹھ سے نکاح کیا۔

۴۔ سیدہ فاطمہ بی بی۔ منکوحہ صاحبزادہ لطیف احمد بن سید نور حق برخورداری لاہوری۔

آپ نے وفات کے وقت کہا کہ میرا اسلام میرے بھائی صاحب حضرت

واقعہ وفات سید غلام مصطفےٰ نوشاہی ساہنپالوی کو پہنچا دینا۔ چنانچہ آپ کی وفات کے بعد آپ کی بھتیجی سیدہ حسین بی بی بنت سید غلام محمد نے وہ سلام ساہن پال شریف میں اعلیٰحضرت قبلہ کو پہنچایا۔

سید حسن محمدؒ کی وفات بروز منگلوار، ۲۹ رمضان ۱۳۶۵ھ میں ہوئی۔

تاریخ وفات قبر شیخ علی پور المعروف سخنی ضلع گجرات میں ہے۔

مادہ تاریخ: صاحب غربا نواز

سید علم الدین بڑجن والہؒ

آپ سید شاہ نواز بن سید فضل الدین برخورداریؒ ساکن بڑجن کے فرزند اکبر تھے۔

بیعت آپ کی شیخ احمد شاہ بن شیخ جیون شاہ سلیمانیؒ ساکن اگرویہ سے تھی۔

آپ کی والدہ کا نام حضرت فضل بی بی تھا جو قوم مغل ساکن ڈنہ ضلع میرپور سے تھیں۔

تاریخ ولادت آپ کی ولادت بروز بدھوار۔ بارھویں رجب ۱۲۳۴ھ میں ہوئی۔ تاریخی نام اظہر حسین تھا۔ آپ کی طبیعت میں جلالیت غالب تھی۔

کرامات

کنوئیں کا بیکار ہو جانا منقول ہے کہ آپ ایک دفعہ موضع گرہون میں تشریف لے گئے۔ وہاں ایک کنواں نیا تعمیر ہو رہا تھا۔ آپ نے دیکھ کر فرمایا کہ اس میں فلاں نقص ہے۔ مالک چاہ نے گستاخانہ کہا کہ تم کو کیا خبر ہے؟ آپ نے فرمایا اگر مجھے خبر نہیں تو مجھے یہ خبر تو ضرور ہے کہ تیرے کنوئیں کا پانی کوئی شخص نہ پیئے گا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ وہ کنواں عموماً پلید ہی رہتا ہے۔

Marfat.com

آم کے پھل کا خراب ہو جانا

منقول ہے کہ ایک مرتبہ آپ دھرال گگاں میں تشریف لے گئے وہاں ایک آم کے درخت سے آپ نے پھل توڑ کر کھا لیا۔ اُس کا مالک خفا ہُوا۔ آپ نے فرمایا، اگر تُو فقیر کے کھانے سے ناراض ہوتا ہے، تو اِس آم کا پھل کوئی نہ کھائے گا۔ چنانچہ اس کے بعد اس آم میں کیڑے پڑ گئے۔ اور آج تک اُسی طرح چلے آتے ہیں۔

آپ کا نکاح سیدہ مہتاب بی بی بنت سید قطب الدین بن سید فتح الدین برخورداری اولاد ساہنپالویؒ سے ہُوا تھا۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔

آپ کے دو بیٹے تھے:

۱۔ سید علی احمدؒ ۲۔ پیر سید احمدؒ

آپ کی پانچ بیٹیاں تھیں:

۱۔ سیدہ بیگم بی بیؒ۔ منکوحہ میاں سلطان محمد اولادِ دیوان صاحب ساکن گوڑہ بینسی ضلع میرپور۔

۲۔ سیدہ کرم بی بیؒ۔ منکوحہ سائیں اکبر علی قوم مغل۔ ساکن نچن پلالہ۔ ضلع میرپور۔

۳۔ سیدہ نور بیگمؒ۔ منکوحہ میاں فتح محمد قوم مغل۔ ساکن ڈنہ کتھیالا۔ ضلع میرپور۔

۴۔ سیدہ کاکو بی بیؒ۔ منکوحہ سید گلاب دین بن سید اللہ جوایا ہاشمی ساکن ٹھیکریاں۔ علاقہ راجوری۔ ضلع ریاسی۔ ریاست کشمیر۔

۵۔ سیدہ مریم بی بیؒ۔ منکوحہ سید غوث محمد بن سید اللہ جوایا ہاشمی ساکن ٹھیکریاں۔

تاریخ وفات

سید علم الدینؒ کی وفات بعمر باسٹھ سال۔ بروز سوموار۔ نویں شوال ۱۲۹۶ھ میں ہُوئی۔

آپ کی قبر موضع ڈنہ کتھیالہ۔ ضلع میرپور۔ ریاست جموں و کشمیر میں ایک بلند ٹیلہ کے اوپر پختہ بنی ہوئی ہے۔

مادہ ہائے تاریخ: ۱۔ چراغِ محمد

۲۔ ولی و ماعذار

Marfat.com

سید شمس الدین بڑجن والہؒ

آپ سید شاہنواز بن سید فضل الدین برخورداریؒ ساکن بڑجن کے دوسرے بیٹے تھے بیعت وخلافت شیخ احمد شاہ بن شیخ جیون شاہ سلیمانیؒ ساکن اگروپہ سے تھی۔
آپ کی والدہ کا نام حضرت فضل بی بیؒ تھا، جو قوم مغل سے تھیں۔ اور ڈنہ ضلع میرپور سے تھیں۔

تاریخ ولادت آپ کی ولادت بروز اتوار، انیسویں شوال ۱۲۳۷ھ میں ہوئی۔ آپ صاحبِ زہد وریاضت تھے۔

سفرِ اجمیر شریف ایک مرتبہ آپ پاؤں پیادہ اجمیر شریف کو تشریف لے گئے۔ ایک ریگستان میں راستہ بھول گئے۔ بغداد شریف کی طرف متوجہ ہو کر ندا کی۔ اُسی وقت ایک شتربان ظاہر ہوا اُس نے راستہ بتایا۔ آپ زیارت خواجہ بزرگ حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ سے مشرف ہوئے۔

کرامات

گم شدہ اونٹ کا پتہ دینا منقول ہے کہ اثنائے سفر اجمیر شریف میں ایک بلوچ آپ کے سامنے عرض گزار ہوا کہ میرا اُونٹ گم ہو گیا ہے۔ آپ درویش معلوم ہوتے ہیں۔ میرے اُونٹ کا پتہ بتاؤ۔ آپ نے بنگاہِ باطن دیکھ کر فرمایا کہ اِس وقت تیرا اُونٹ پھر گلا میں چر رہا ہے۔ وہ گیا تو اُس کو اُونٹ مل گیا۔

ایک شخص کو نمبرداری عطا کرنا آپ کا مرید حشمت علی نام نوشہرہ کا نمبردار تھا۔ مخالف برادران نے مقدمہ کر کے اُس کا نام کٹوا دیا۔ وہ بہت فقیروں کے پاس گیا۔ مگر کسی سے مطلب حاصل نہ ہوا۔ آخر مایوس ہو کر آپ کے پاس حاضر ہوا۔ آپ نے اپنی تسبیح اس کو دی اور فرمایا: جاؤ، تم کو نمبرداری مل جاوے گی۔ چنانچہ واپس جاتے ہی اس کو نئے سرے نمبرداری مل گئی ہے۔

Marfat.com

فرزند نرینہ کی دعا منقول ہے کہ حشمت علی نبیرہ کے ہاں اولاد نہیں ہوتی تھی۔ اُس نے متواتر سات عورتوں سے نکاح کیا۔ مگر اولاد سے محروم رہا۔ آخر آپ نے اس کو تعویذ کر دیا۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کی دعا سے اس کو لڑکا عطا کیا۔

وفات کے بعد کرامت

مقدمہ سے رہا کروانا آپ کی وفات کے بعد آپ کے مرید شوہدا نام پر مقدمہ بن گیا۔ وہ گرفتار ہو گیا۔ اُس نے چاہا کہ افسر کو رشوت دے کر بری ہو جاوے۔ رات کو خواب میں آپ اس کو ملے اور فرمایا کسی کو کچھ نہ دینا صبح کو دشمن خود بخود تجھ سے صلح کریں گے۔ چنانچہ واقعی اُنھوں نے صلح کر لی اور شوہدا رہا ہو گیا۔

اولاد آپ کا نکاح سیدہ فتح قلیہ المعروف فتح بی بی قوم قریشی بشندوری ساکن گربون ضلع میرپور سے ہوا تھا۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔

آپ کے چار بیٹے ہوئے:

۱۔ سید نور عالمؒ ۲۔ سید شیر عالمؒ

۳۔ سید سلطان عالمؒ ۴۔ سید الہدینؒ

ان میں سے سید سلطان عالم سلمہ اللہ اِس وقت ۱۳۷۶ھ میں بقیدِ حیات ہیں۔ ان کی دو شادیاں ہوئیں۔ پہلی شادی سیدہ عائشہ بی بی بنت سید نظام الدین بن سید شاہنواز بڑجن والہ سے ہوئی۔ ان کے بطن سے کوئی اولاد نہیں ہوئی۔

دوسری سیدہ حاکم بی بی بنت سید محمد عالم بن سید نظام الدین بڑجن والہ سے کی۔ اس کے بطن سے اولاد ہوئی۔

ان کے چھ لڑکے ہیں:

۱۔ صاحبزادہ نبی حسین سلمہ اللہ۔ متولد ۱۳۵۱ھ

۲۔ صاحبزادہ تصدق حسین۔ متولد ۱۳۵۶ھ۔ اس کی شادی سیدہ عنایت بیگم بنت سید روشن دین بن سید پیراں دتہ برفروداری ساہنپالوی سے ہوئی ہے۔

Marfat.com

۳۔ صاحبزادہ اعظم حسین ۔ متولد ۱۳۶۰ھ ۔ سلمہ اللہ
۴۔ صاحبزادہ عنایت حسین ۔ متولد ۱۳۶۳ھ ۔ سلمہ اللہ
۵۔ صاحبزادہ صابر حسین ۔ متولد ۱۳۶۶ھ ۔ سلمہ اللہ
۶۔ صاحبزادہ وارث حسین ۔ متولد ۱۳۷۲ھ ۔ سلمہ اللہ

ان کی تین لڑکیاں ہیں ؛

۱۔ سیدہ رضیہ بیگم ۔ منکوحہ سید مبارک الدین بن سید زوشندین بن سید پیر اندتہ ساہنپالویؒ۔
۲۔ سیدہ سید بیگم ۳۔ سیدہ خورشید بیگم یہ دونوں ابھی باکرہ ہیں۔

سید شمس الدین صاحبِ ذکر ہذا کی تین بیٹیاں ہوئیں ؛

۱۔ سیدہ عالم بی بی ۔ یہ تارکہ مجردہ رہیں۔
۲۔ سیدہ راج بیگم ۔ پہلے سید بڈھے شاہ بن سید پیراں دتہ ساہنپالویؒ کی منکوحہ تھیں۔ ان کی وفات کے بعد ان کے چھوٹے بھائی سید عمر الدینؒ سے نکاح کیا۔
۳۔ سیدہ مریم بی بی ۔ پہلے اپنے چچا زاد سید محمد عالم بن سید نظام الدین برجن والہ کی منکوحہ تھیں۔ انہوں نے طلاق دے دی تو پھر اپنے عم بزرگ کے بیٹے پیر سید احمد بن سید علم الدین برجن والہ سے نکاح کیا۔

یار طریقت آپ کے ایک ہی مرید و خلیفہ آپ کے خواہر زادہ سید بڈھے شاہ بن سید پیر اندتہ ساہنپالویؒ تھے۔

تاریخ وفات سید شمس الدین کی وفات بعمر پچاسی سال ۔ بروز بدھوار چھبیسویں ۲۶ محرم ۱۳۲۲ ہجری میں ہوئی۔

آپ کی قبر گورستانِ نوشاہیہ میں ہے۔
مادۂ تاریخ "باغ شہید"

سید نظام الدین برجن والہ

آپ سید شاہ نواز بن سید فضل الدین برخوداری ساکن برجن کے تیسرے بیٹے تھے۔ بیعت

Marfat.com

طریقت و خلافت شیخ احمد شاہ بن شیخ جیون شاہ سلیمان رح ساکن اگرویہ سے تھی۔
آپ کی والدہ کا نام حضرت فضل بی بی قوم مغل ساکن ڈنہ ضلع میرپور تھا۔

تاریخ ولادت سید نظام الدین کی ولادت بروز سوموار بائیسویں رجب ۱۲۴۱ھ میں ہوئی۔
مادۂ تاریخ مظہر نیکوئی ہے۔ آپ صاحب تاثیر و ذوق و شوق تھے۔

کرامات

ایک شخص کو دشمنوں سے بچانا آپ کے صاحبزادہ محمد عالم رح سے منقول ہے کہ ایک مرتبہ آپ موضع گرہون میں اپنے مرید فقیر محمد زمیندار کے گھر بیٹھے تھے۔ اُس نے ایک اغوا اپنے گھر میں رکھا تھا۔ فریق مخالف تھانیدار کو لے آئے، اور اس کے گھر کو قفل لگا دیا۔ وہ آپ کے قدموں پر گر پڑا کہ اگر آج عزت رہ جائے تو میں تائب ہو جاؤں گا۔ آپ نے توجہ کی اور فرمایا کچھ خوف نہ کرو۔ چنانچہ جب اندر کی تلاشی ہوئی، تو وہ عورت اندر سے نہ ملی۔ آخر وہ چلے گئے۔ یہ کرامت دیکھ کر بہت لوگ آپ کے مرید ہو گئے۔

قیدی کو رہا کروانا منقول ہے کہ آپ کا ایک مرید تین سال جموں میں قید ہو گیا۔ اس کا باپ دعا کرانے کے لئے آپ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ نے فرمایا پیدل چل کر جموں کو جاؤ۔ تمہارے پہنچنے پر وہ رہا ہو جاوے گا۔ چنانچہ وہ اپنے گاؤں میرپور سے نوے میل کا سفر پیادہ کر کے جموں پہنچا۔ دوسرے روز اپیل کی تاریخ تھی۔ وہ منظور ہو گئی، اور وہ بری ہو گیا۔ اُس قیدی نے بتلایا کہ آپ قید میں مجھے ملے ہیں، اور آپ نے میری کڑی کھول دی۔ اس لئے میں رہا ہو گیا ہوں۔

اولاد آپ کا نکاح سیدہ حیات بیگم بنت سید اللہ جوایا ہاشمی رح ساکن ٹھیکریاں علاقہ راجوری سے ہوا تھا۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔
آپ کے تین بیٹے ہوئے۔
۱۔ سید محمد عالم مرحوم۔ ان کے حالات آگے دسویں باب میں آئیں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔
۲۔ سید نیک عالم سلمہ اللہ۔ متولد ۱۳۱۶ھ۔ یہ میرے نانا حضرت سید غلام علی بن سید قدم الدین

Marfat.com

سابنپالوی رح کے مرید ہیں۔ ان کی دو شادیاں ہوئیں۔

اوّل : سیدہ سردار بیگم بنت سید شیر عالم بن سید شمس الدین بڑجن والہ سے۔ اس کے بطن سے کوئی اولاد نہیں ہوئی۔

دوم : سیدہ زینب بی بی بنت سید گلاب دین ہاشمی ساکن ٹھیکریاں سے۔ اس کے بطن سے ایک لڑکا عزیز احمد اور دو لڑکیاں عزیز فاطمہ اور رشید فاطمہ ہوئیں۔ چھوٹی فوت ہو چکی ہے۔

۳۔ سید محبوب عالم المعروف رحمت علی سلمہ اللہ۔ متولد ۱۳۲۱ھ۔ ان کی دو شادیاں ہوئیں۔

اوّل : سیدہ زینب بی بی بنت سید گلاب دین بن سید اللہ جوایا ہاشمی ساکن ٹھیکریاں سے۔ اس کے بطن سے دو لڑکے اور ایک لڑکی پیدا ہوئی۔ پھر اس کو طلاق دے دی۔

دوم : مسمات بیگم جان جٹی۔ ساکن کنیلی علاقہ میرپور سے۔ اس کے بطن سے ایک لڑکی ہوئی۔ ان کے دو لڑکے ہیں۔

۱۔ صاحبزادہ عبدالغنی۔ مدعمرہ درویش خیال ہے۔ فقیر سید شرافت عفا اللہ عنہ کا مرید ہے۔ اس سال ۱۳۷۶ھ میں اس کا نکاح سیدہ صفیہ بیگم بنت سید نور عالم بن سید شمس الدین بڑجن والہ سے ہوا ہے۔

۲۔ صاحبزادہ عبدالکریم۔ یہ بچپن میں فوت ہو چکا ہے۔

ان کی دو لڑکیاں ہیں۔

پہلی : سیدہ نذیر بیگم مرحومہ۔

دوسری : سیدہ وزیر بیگم۔ منکوحہ صاحبزادہ محمد عظیم بن سید نور عالم بن سید شمس الدین بڑجن والہ۔

سید نظام الدین ذکر ہذا کی چار بیٹیاں ہیں۔

۱۔ سیدہ سجادہ بیگم۔ منکوحہ سید نور عالم بن سید شمس الدین۔ ساکن بڑجن۔

۲۔ سیدہ قاسم بی بی۔ منکوحہ سید عمر الدین بن سید پیر اندتہ۔ ساکن ساہن پال شریف۔

Marfat.com

۲۔ سیدہ عائشہ بی بی۔ منکوحہ سید سلطان عالم بن سید شمس الدین ساکن بڑجن۔
۴۔ سیدہ چنن بی بی۔ منکوحہ سید روشن دین بن سید پیر اندتہ۔ ساکن ساہن پال۔

یارانِ طریقت آپ کے خواص احباب یہ تھے۔
۱۔ سید عمر الدین بن سید پیر اندتہ برخورداری ساہنپالوی۔ ہمشیرہ زادہ۔
۲۔ سائیں سخی محمد مجذوب متوفی ۱۳۴۸ھ۔ ۳۔ بابا فقیر محمد زمیندار ساکن گرہون۔

مدحِ مبارک آپ کے کسی معتقد ارادتمند نے آپ کے لئے کتاب کنز الرحمت مصنفہ مولوی محمد اشرف فاروقی رح نقل کی۔ اُس کے خاتمہ پر اُس نے آپ کی مدح و توصیف میں یہ غزل فارسی نظم کر کے لکھی ہے۔

غزل

کنز رحمت نوشتہ ام فی الحال — روز سہ شنبہ و بوقتِ زوال
پاستخاطر شہِ نظام الدین — مخزنِ فیض و منبعِ افضال
سرگردہ خانوادۂ نوشاہ — پیشوا سالکانِ راہِ کمال
مصدرِ فیض ہائے یزدانی — مہبطِ راز ہائے حق تعال
اخترِ برجِ حشمت و شوکت — نیرِ اوجِ دولت و اقبال
آفتابِ سپہرِ علم و عمل — ماہتابِ عروجِ جاہ و جلال
معدنِ دین و مخزنِ اسلام — منبعِ لطف و مجمعِ افضال
واقفِ راز ہائے روزِ ازل — کاشفِ سترِ عقدہ ہائے محال
سرِ دفترِ صحیفۂ عرفان — بحرِ متوانِ عشق مالا مال
نظرش کیمیاست چوں نگرد — زر کند مس و جود را در حال
روز و شب مشتغل بیادِ الٰہ — بستہ از غیرِ حق زبانِ مقال
چوں سکندر ہمیشہ ستیارست — زیرِ فرمانِ او جنوب و شمال
زبدۂ عارفانِ مست الست — قدوۂ سالکانِ راہِ جلال

Marfat.com

رہنمائے جہاں بصدق و صفا — ساقیِ جامِ تشنگانِ وصال
صفتِ شاں در بیاں نمے آید — گر نویسم بعمرِ تا صد سال
اوز اولادِ پاکِ نوشہ داں — مسکنش از قدیم ساہن پال

تاریخ وفات سیّد نظام الدین کی وفات بعمر چوراسی سال بروز جمعرات۔ ساتویں محرم الحرام ۱۳۲۵ھ میں ہوئی۔ آپ کی قبر موضع بڑجن۔ علاقہ کس گنواں ضلع میرپور میں ہے۔

مادہ ہاشمے تاریخ

۱۔ عابد مرغوب ۲۔ عادلِ مظفر

سیّد بڈھے شاہ

آپ سیّد پیرانڈتہ بن سیّد قطب الدین برخورداری ساہنپالویؒ کے بڑے بیٹے تھے۔ ارادت و بیعت[1] آپ کی اپنے حقیقی ماموں سیّد شمس الدین بن سیّد شاہ نوازؒ ساکن بڑجن سے تھی۔

آپ کی والدہ کا نام سیّدہ حسین بی بی بنت سیّد شاہ نواز بڑجن والہ تھا۔

تاریخ ولادت آپ کی ولادت ۱۲۹۷ھ میں بمقام ساہن پال شریف ہوئی۔ مادہ تاریخ "فیوضات" ہے۔

موضع دھنویہ کی سکونت آپ اپنی پھوپھی سیّدہ صالحہ بی بی زوجہ میاں علی محمد کے پاس موضع دھنویہ خورد۔ علاقہ حافظ آباد ضلع گوجرانوالہ میں چلے گئے۔ وہاں کاشت کاری کرتے۔ مدت العمر وہیں رہے۔

---

[1] آپ کو بچپن میں والدین نے ماموں کا مرید کرایا تھا۔ آپ کی عمر ایک سال کی تھی کہ ماموں صاحب کا انتقال ہوگیا۔ آپ مدت العمر اسی ارادت پر قائم رہے۔ شرافت۔

Marfat.com

اولاد آپ کا نکاح سیدہ راج بیگم بنت سیّد شمس الدین بن سید شاہ نواز رح ساکن برجن کے ساتھ ہوا۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔

آپ کا ایک بیٹا سید محمد الدین نام تھا۔

آپ کی ایک بیٹی ہے۔ سیّدہ رابعہ بی بی۔ منکوحہ صاحبزادہ نواب علی بن سید بڈھے شاہ ہاشمی رن ملوی۔

تاریخ وفات سید بڈھے شاہ کی وفات بعمر انتالیس ۴۹ سال۔ ماہ صفر ۱۳۳۶ھ میں ہوئی۔ قبر گورستانِ نوشاہیہ میں ہے۔

مادہ ہائے تاریخ

۱۔ "سکندر بخت"۔ ۲۔ "رخصتِ ولی"۔

سیّد امام الدین رح

آپ سید پیر اندتہ بن سیّد قطب الدین ساہنپالوی رح کے دوسرے بیٹے تھے۔ بیعتِ طریقت اپنے حقیقی چچا سید اللہ دتہ بن سید قطب الدین رح سے تھی۔

آپ کی والدہ کا نام سیدہ حسین بی بی بنت سید شاہ نواز ساکن برجن تھا۔

تاریخ ولادت آپ کی پیدائش ۱۲۹۹ھ میں ہوئی۔

مادہ تاریخ "مروج احکام شریعت" ہے۔

اخلاق و عادات آپ زراعت پیشہ کرتے تھے۔ کسی کا نقصان نہ کرتے۔ دلیر اور بہادر و شجاع تھے۔ جسمانی قوت بھی خاصی تھی۔ کسی مخالف کو سامنے ہونے کی جرأت نہ ہوتی تھی۔ ایک مرتبہ راجہ بن احمو نمبردار ساہنپالیہ نے آپ کے لڑکے کو طمانچہ مارا۔ آپ نے سُنا تو لاٹھی لے کر اس کے گھر جا کر اس کو مارا۔

طاقت کی تعریف سیّد محمد عالم بن سید پیر محمد ڈھلوالہ فرمایا کرتے کہ "تمام اولادِ حضرت نوشہ رح میں تین شخص تین وصفوں میں ممتاز ہیں۔ اوّل۔ سیّد شریف احمد شرافت بن سید غلام مصطفےٰ (یعنی مولفِ کتاب ہذا) علم میں۔ دوئم۔ سید کرم الٰہی

Marfat.com

بن سید فاضل شاہ گفتگو میں۔ سوّم سید امام الدین بن سید پیر اندتہ طاقتوری میں۔ ان تینوں کا ہمارے خاندان کو بہت آرام ہے۔

اولاد آپ کا نکاح سیّدہ عائشہ بی بی بنت سید نظام الدین بن سید کرم الدین برخورداری شیخ علی پوری سے ہوا۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔ آپ کے دو بیٹے ہیں۔

۱۔ صاحبزادہ محمد حسین سلمہ اللہ۔ متولد ۱۳۲۹ھ۔ زراعت پیشہ کرتا ہے۔ اس کی شادی اپنے چچا کی بیٹی سیّدہ بیگم بی بی بنت سید عمر الدین سے ہے۔ اس کے بطن سے دو لڑکے منظور حسین اور فضل حسین ہوئے ہیں۔ اور چار لڑکیاں ہوئیں۔ اوّل رضیہ بیگم۔ دوّم حاکم بی بی کبریٰ یہ مر گئی ہے۔ سوّم صفیہ بیگم یہ بھی فوت ہو چکی ہے۔ چہارم حاکم بی بی صغریٰ یہ زندہ ہے۔

۲۔ صاحبزادہ نور حسین سلمہ اللہ۔ متولد ۱۳۳۰ھ شریف الطبع ہے۔ اس کی شادی اپنی عم زاد سیّدہ اللہ جوائی بنت سید عمر الدین سے ہے۔ اس کے بطن سے تا حال ۱۳۷۶ھ تک کوئی اولاد نہیں ہوئی۔ اور دونوں میاں بیوی زندہ موجود ہیں۔

سید امام الدین ذکر ہذا کی تین بیٹیاں ہیں:۔

۱۔ سیّدہ سردار بیگم۔ منکوحہ میاں اکبر علی بن میاں فضل الٰہی جنجوعہ امام مسجد دھنویہ خورد۔ علاقہ حافظ آباد۔

۲۔ سیّدہ حاکم بی بی۔ منکوحہ صاحبزادہ محمد الدین بن سید بڈھے شاہ برخورداری ساہنپالویؒ۔

۳۔ سیّدہ فاطمہ بی بی۔ یہ کنواری فوت ہو گئی۔

تاریخ وفات سید امام الدین کی وفات بعمر چونسٹھ سال ۱۳۶۳ھ میں ہوئی۔ قبر گورستان نوشاہیہ میں ہے۔

مادۂ تاریخ۔ نوشہ بخت"

سیّد عمر الدین

آپ سید پیر اندتہ بن سید قطب الدین برخورداری ساہنپالویؒ کے تیسرے بیٹے تھے۔

Marfat.com

بیعت طریقت اپنے ماموں سید نظام الدین بن سید شاہ نواز برخورداری ساکن بڑجن سے تھی۔
آپ کی والدہ کا نام سیدہ حسین بی بی بنت سید شاہ نواز بڑجن والا تھا۔

تاریخ ولادت آپ کی ولادت ۱۳۰۵ھ میں ہوئی۔
مادہ تاریخ "فیروز بخت"

اخلاق و عادات آپ کاروبار زراعت میں مشغول رہتے، مال مویشی رکھتے۔ خویش و اقارب سے میل جول رکھتے۔

ازواج آپ کی دو ازواج تھیں۔
۱۔ سیدہ قاسم بی بی بنت سید نظام الدین بن سید شاہ نواز ساکن بڑجن۔ اس کے بطن سے ایک بیٹا اور دو بڑی بیٹیاں پیدا ہوئیں۔
۲۔ سیدہ راج بیگم۔ بنت سید شمس الدین بن سید شاہ نواز ساکن بڑجن۔ اس کے بطن سے ایک بیٹی پیدا ہوئی جو سب سے چھوٹی ہے۔

اولاد آپ کا ایک بیٹا صاحبزادہ فرمائش دین ہے۔ سلمہ اللہ۔ تاریخ ولادت سوموار ۲۲ جمادی الاولیٰ ۱۳۳۴ھ۔ یہ ابھی بچہ تھا کہ میرے جد امجد حضرت سید حافظ محمد شاہ بن سید محمد امین رح ان کے گھر تشریف لے گئے۔ اس کو اٹھا کر سینہ سے لگا لیا اور اس کے والد سید عمر الدین کو بشارت دی کہ یہ تیرا لڑکا صالح ہوگا۔ چنانچہ ان کی دعا کے مستجاب کا یہ اثر ہے کہ یہ میرے چھوٹے بھائی سید بشیر احمد بشارت سے قرآن مجید پڑھ گیا۔ اس کے بعد اپنے ماموں سید محمد عالم بن سید نظام الدین بڑجن والا کی بیعت ہو گیا، اور بارہ سال تک اس نے روزہ رکھا ہے۔ ریاضت و عبادت میں مصروف رہتا ہے شریعت کا پابند ہے۔ موجودہ وقت میں بہت اچھا ہے۔ اس وقت ۱۳۷۶ھ میں بعمر بیالیس ۴۲ سال زندہ موجود ہے۔ اس کی دو شادیاں ہوئیں۔

اوّل: سیدہ سید بیگم بنت سید نور عالم بن سید شمس الدین بڑجن والا۔ اس کے بطن سے دو لڑکیاں عزیز بیگم اور رشید بیگم ہوئیں، جو زندہ ہیں۔

دوم: سیدہ فاطمہ بی بی بنت سید محمد عالم بن سید نظام الدین بڑجن والا سے۔ اس

Marfat.com

کے بطن سے پانچ لڑکے ہوئے۔
رخسار احمد و مختار احمد و رؤف احمد و امتیاز احمد۔ یہ فوت ہو چکے ہیں اور پانچواں لڑکا عمر حیات زندہ ہے۔ مدعہٗ۔
سیّد عمر الدین صاحبؒ کی تین بیٹیاں ہیں۔
۱۔ سیّدہ بیگم بی بی۔ منکوحہ صاحبزادہ محمد حسین بن سید امام الدین ساہنپالوی۔
۲۔ سیّدہ وزیر بیگم۔ منکوحہ صاحبزادہ لطیف احمد بن سیّد نور حق لاہوری۔
۳۔ سیّدہ اللہ جوائی۔ منکوحہ صاحبزادہ نور حسین بن سید امام الدین ساہنپالوی۔

تاریخ وفات سیّد عمر الدین کی وفات بعمر چھیانوے سال۔ شب جمعہ۔ بوقت نصف رات۔ ستارہویں ذیقعد ۱۳۶۱ھ میں ہوئی۔ آپ کی قبر گورستانِ نوشاہیہ میں ہے۔

مادہ ہائے تاریخ

۱۔ تقی اختر ۲۔ مظفر عالم

سیّد فیض احمدؒ

آپ سیّد الہدین بن سیّد امام بخش بن سیّد حبیب اللہ ساہنپالویؒ کے اکلوتے بیٹے اور مرید و خلیفہ تھے۔ آپ کی والدہ کا نام سیّد اللہ جوائی بنت سیّد قاسم علی برخوداری پانڈوکوی تھا۔

اخلاق و عادات آپ نماز پنجگانہ کے پابند، خدا یاد، خاموشی گزین، صالح آدمی تھے۔ اطاعتِ والدین میں نہایت کمربستہ رہتے۔ قلت الکلام، قلت الطعام، قلت المنام کے اوصاف سے موصوف تھے۔ روزانہ درگاہِ عالیہ نوشاہیہ کی زیارت کو جایا کرتے۔

صبر و شکر مولوی میراں بخش بن پیر اندتہ امام مسجد ساہنپال شریف سے منقول ہے کہ ایک مرتبہ میں نے آپ سے پوچھا کہ آپ کاشت کاری کرتے ہیں۔ اپنا گزارہ کیسا ہے؟۔ آپ نے فرمایا: وقت اچھا گذر رہا ہے۔ خدا تعالیٰ کی مہربانی سے ہمارے پاس چودہ مویشی تھے۔ ان میں سے ایک مرجاتا ہے تو ہم اس کا چمڑا بیچ کر خرچ چلاتے ہیں۔

Marfat.com

جب وہ ختم ہو جاتا ہے تو دوسرا مویشی مرجاتا ہے۔ اسی طرح تیرہ مر چکے ہیں۔ اب ایک زندہ ہے۔ اس حال میں بھی خدا تعالیٰ کا شکر ہے۔

حضرت نوشہؒ کی زیارت منقول ہے کہ غربت کے زمانہ میں ایک مرتبہ آپ آٹھ پہر بھوکے رہے۔ دوپہر کے وقت اپنے چاہ ظاہر والہ پر بیٹھے تھے کہ بیداری میں اپنے دادا سید امام بخش بن سید حبیب اللہ اور حضرت نوشہ گنج بخشؒ کو دیکھا کہ سڑک پر چلے آرہے ہیں۔ آپ نے آگے بڑھ کر سلام کیا۔ حضرت نوشہؒ نے آپ کی پشت پر ہاتھ پھیرا اور فرمایا: "بیٹا تم کو کوئی خطرہ نہیں" یہ کہہ کر دونوں بزرگ غائب ہو گئے۔

حضرت سخی بادشاہؒ کی زیارت سید کرم الٰہی بن سید فاضل شاہ برخورداریؒ سے منقول ہے کہ ایک مرتبہ میں اور فیض احمد دونوں زیارتِ درگاہ سلیمانیہ کی خاطر بھلوال شریف کو روانہ ہوئے۔ راستہ میں ایک جگہ رات رہے۔ صبح مجھ کو کہنے لگے کہ اب صرف تمہاری خاطر میں نے بھلوال شریف جانا ہے۔ ورنہ آج رات مجھ کو حضرت سخی شاہ سلیمان نوریؒ کی زیارت ہو گئی ہے۔ اور انہوں نے مجھ کو واپس جانے کی اجازت بھی عطا فرما دی ہے۔

اولاد آپ کا نکاح ۱۶ اسوج ۱۹۶۱ب کو سیدہ حسین بی بی بنت سید لدھے شاہ برخورداری ساکن پانڈوکے سے ہوا تھا۔ ان کے بطن سے صرف ایک بیٹی سیدہ فضل بیگم نام پیدا ہوئی۔ جو بکر ہی فوت ہو گئی۔

واقعہ وفات منقول ہے کہ آپ جوانی میں فوت ہو گئے۔ وفات کے وقت اپنے والد سید الہدین کو کہا کہ میں آپ کا اکلوتا بیٹا ہوں اور آپ کے سامنے فوت ہو رہا ہوں۔ میرے مرنے پر صبر کرنا، رونا بالکل نہیں۔ آپ داڑھی کو وسمہ لگایا کرتے ہیں، یہ اسی طرح لگایا کرنا۔ ترک نہ کرنا۔

تاریخ وفات سید فیض احمد کی وفات سنہ ۱۳۳۰ھ میں ہوئی۔ قبر گورستان نوشاہیہ میں ہے۔

مادہ "تاریخ"

"شہید اعظم"

Marfat.com

سیّد چن پیر ڈھلوالہ رح

خلف اکبر سیّد پیر محمد بن سیّد شمس الدین برخوداری ڈھلوالہ۔ والدہ کا نام سیّدہ حسین بی بی بنت سیّد بوٹے شاہ بن سیّد فتح الدین ہاشمیؒ ساکن مندرانوالہ ضلع سیالکوٹ تھا۔ شیرخوارگی میں فوت ہوئے۔ وفات ۱۲۹۲ھ۔

سیّد پیر محمد عالم ڈھلوالہ رح

آپ سیّد پیر محمد مجذوب بن سیّد شمس الدین ڈھلوالہؒ کے فرزند اصغر تھے۔ خلافت و اجازت سیّد غلام حسن بن سیّد قطب الدین ڈھلوالہ سے رکھتے تھے۔

آپ کی والدہ کا نام سیّدہ حسین بی بی بنت سیّد بوٹے شاہ بن سیّد فتح الدین ہاشمیؒ ساکن مندرانوالہ ضلع سیالکوٹ تھا۔

تاریخ ولادت آپ کی ولادت ۱۲۹۷ھ میں ہوئی۔
مادہ تاریخ "مباحث روشن نفس" ہے۔

تعلیم آپ نے موضع قعبہ متصل سرائے عالمگیر میں چندے تعلیم پائی۔ پھر مؤلف کے جدِ امجد حضرت سیّد حافظ محمد شاہ نیک اختر قدس سرہٗ سے فارسی کی درسی کتابیں پڑھیں۔ لکھنے پڑھنے کا ملکہ اچھا ہو گیا۔ آپ نماز کے پابند تھے۔ جماعت بھی کروا لیا کرتے۔

اخلاق و عادات آپ حلیم الطبع، خوش اخلاق، مہمان نواز، خندہ پیشانی تھے۔ اپنی تمام برادری کو محبت و رسوخ سے پیش آتے۔ باوجودیکہ آپ صاحبِ عزت و اقبال تھے۔ غریب برادروں کے گھروں میں جانا عار نہ سمجھتے تھے۔ جو کوئی آپ کے گھر میں آتا، اس کی قدر کرتے۔

برادرانِ خاندان کے ساتھ اتحاد آپ کے عم بزرگ سیّد غلام حسن بن سیّد قطب الدینؒ کی طبیعت بہت سخت واقع ہوئی تھی۔ اس لیے سادات برخوردار یہ کی اور ان کی آپس میں نہ بنتی تھی۔ ان کا زمانہ اسی طرح گزر گیا۔

Marfat.com

برادری میں انتشار رہا۔ آپ نے اپنے زمانہ میں اپنے برادران ہمجدی کے ساتھ سلوک و اتفاق پیدا کیا اور محبّت و الفت سے تمام کے دلوں کو مسخر کر لیا اور یہاں تک اتفاق کا جذبہ پیدا کیا کہ سب برادران آپ کے پاس آکر مجلس میں بیٹھا کرتے۔ آپ حفظ مراتب کا بہت خیال رکھتے تھے۔

فقرائے خاندان کے ساتھ محبّت

آپ کو نوشاہی سلسلہ کے فقیروں سے بہت اُنس تھا۔ میں نے اکثر درویشوں کو دیکھا ہے کہ وہ آپ کے دولت خانہ میں آکر ٹھہرا کرتے تھے۔ مثلاً سید بہادر شاہ بن سید سردار شاہ لاہوری اور سائیں چنن دین بن جواہر شاہ لاہوری اور سائیں غلام حسین خواصپوری، اور میاں غلام قادر سجادہ نشین درگاہِ سخی روشن دین ابھریروی اور سائیں نتھو محمد نہر انوالہ مصنف کشکول نوشاہیہ سب آپ کے پاس آیا جایا کرتے۔

عُلمائے کے ساتھ مُحبّت

آپ صاحبِ علم لوگوں سے محبت رکھتے۔ چنانچہ قاضی مولوی محمد سلام اللہ شائق رح ساکن چک عمر علاقہ لالہ موسےٰ کے ساتھ آپ کی بڑی محبت تھی۔ مولوی صاحبؒ کو زمانہ طالب علمی سے آپ کے ساتھ تعشق تھا۔ اور اخیر عمر تک وہ رابطہ عشق و محبت قائم رہا۔ مولوی صاحبؒ کی وہ خط و کتابت[1] جو زمانہ شباب سے لے کر اخیر تک آپ سے کی ہے۔ اگر اس کو ملاحظہ کیا جائے تو اس کی عبارات و اشعار سے اس قدر عشق مترشح و ظاہر ہوتا ہے، جس کا بیان متعذر ہے۔ ایک خط میں مولوی صاحبؒ آپ کو لکھتے ہیں ؎

رات کو جب یاد تیری بات آوے اے سجن — نیند کس کافر کو ساری رات آوے اے سجن

مؤلف کے ساتھ شفقت

آپ کو مؤلف کتاب ہذا فقیر سید شرافت عفا اللہ عنہ کے ساتھ بہت الفت تھی اور مجھ پر بہت شفقت

---

[1] مولوی صاحب کے وہ تمام مکاتیب صاحبزادہ محمد شریف بن سید محمد عالم صاحب کے گھر میں بمقام ڈھل محفوظ ہیں۔ ۱۲ شرافت

Marfat.com

رکھا کرتے تھے۔ اپنے تمام خطوط جو احباب اور ارادتمندوں کو لکھنے ہوتے، وہ مجھ سے ہی لکھوایا کرتے۔ اور میری علمیت پر بہت خوش ہوا کرتے اور میری اس کتاب کی تالیف میں میری کافی امداد فرماتے۔ اپنا سارا کتب خانہ اور کاغذات ملاحظہ کروائے اور اُن سے استفادہ کرنے کی اجازت دی۔

عُرس مٹھڑی شریف پر شمولیت آپ ہر سال عُرس مٹھڑی شریف پر جایا کرتے۔ مریدوں اور قوالوں کا گروہ آپ کے ہمراہ ہوتا۔ آٹھویں بیٹھ کی شام کو دربار حضرت شیخ عبدالرحمٰن پاکؒ پر پہنچتے۔ بہت سارے فقراء آگے سے استقبال کو آیا کرتے۔ آپ کا ڈیرہ درگاہ شریف کے سامنے حجرہ حضرت سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوانؒ میں ہوا کرتا۔

حلیہ و لباس آپ کا رنگ سفید سُرخی مائل، قد درمیانہ، بلند بینی، روشن رخسار، خوبصورت وحسین تھے، پیشانی فراخ تھی۔ لباس صاف و سفید رنگ رکھتے۔ سر پہ دستار بغیر کُلاہ کے رکھتے۔

ملفوظات

آپ کے بعض ارشادات یہ ہیں :-

فرمایا : دنیا میں صاحبِ اقبال اُس شخص کو کہا جاتا ہے۔ جس کا حکم لوگ مان لیں، اور جس کے لوگ مطیع فرمان ہوں۔

فرمایا : اولادِ حضرت غوث پاکؓ میں اس وقت تین شخص تین وصفوں میں ممتاز ہیں۔ اوّل صاحبزادہ شریف احمد شرافت علم میں۔ دوم صاحبزادہ کرم الٰہی بن سید فاضل شاہ گفتگو میں۔ سوم صاحبزادہ امام الدین بن سید پیر اندتہ طاقتوری میں۔ اِن تینوں کا ہمارے خاندان کو بہت آرام ہے۔

فرمایا : مقولہ "او ہو موئی فقیہ نی جس دا مویا فقیر"

—— میاں چنن دین ترکھان سازنگوی سے منقول ہے کہ آپ نے مجھ کو فرمایا کہ یہ

Marfat.com

درود شریف ہر نماز کے بعد سات مرتبہ پڑھا کرو۔ اللّٰھم صل علیٰ سیّدنا محمد عدد ما فی علم اللہ صلوۃً دائمۃً بدوام ملک اللہ اور سات مرتبہ آیت کریمہ پڑھا کرو لا الٰہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین۔

ازدواج آپ کی دو بیبیاں تھیں۔

اوّل۔ سیدہ زینب بی بی بنت غلام علی بن سید قدم الدین برخورداری ساہنپالوی۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔

دوئم۔ سیدہ فتح بی بی۔ یہ سادات ہاشمیہ کالرہ سے تھی۔ اس کے بطن سے کوئی اولاد نہ ہوئی۔ تھوڑے ہی عرصہ کے بعد اس کو طلاق دے دی۔

اولاد آپ کے تین بیٹے ہوئے۔ ۱۔ صاحبزادہ محمد اشرفؒ۔ ۲۔ صاحبزادہ محمد شریف سلمہ اللہ تعالےٰ۔ ۳۔ صاحبزادہ محمد اسلم مرحوم۔

صاحبزادہ محمد شریف سلمہ اللہ۔ متولد ۱۳۲۲ھ مڈل تک تعلیم ہے۔ مؤلف کے خالہ زاد بھائی ہیں۔ موضع ساہنپال شریف اور ڈھل شریف میں سکونت رکھتے ہیں۔ ان کی تین شادیاں ہوئیں۔

پہلی: سیدہ برکت بی بی بنت سید حاکم شاہ بن سید عطا محمد برخورداری سے ۱۳۴۴ھ میں ہوئی۔ مولوی محمد سلام اللہ شائق نے یہ قطعہ تاریخ شادی کہا۔

ع

شد سزاوار جملہ حمد و ثنا — آنکہ اورا رسد شہنشائی
صد مبارک بخیر و خوبی شد — کار شادی رسید آگاہی
بہر سالِ احتمال گفتم سال — شد نکاحِ شریف نوشاہی

۱۳ ۴۴ ھ

اس کے بطن سے کوئی اولاد نہیں ہوئی۔

دوسری: اپنی بیوہ بھاوج سیدہ فاطمہ بی بی بنت سید خوشی محمد بن سید محمد علی ہاشمی رن نلوی سے۔ اس کے بطن سے ایک بڑا لڑکا پیدا ہوا۔ پھر اس کو طلاق دے دی۔

Marfat.com

تیسری : سیدہ برکت بی بی بنت سید روشن دین بن سید پیرانتہ برخورداری ساہنپالوی
سے۔ اس کے بطن سے دو بیٹے اور ایک بیٹی پیدا ہوئی ہے۔

بیٹوں کے نام یہ ہیں۔

۱۔ صاحبزادہ محمد سلیم مدظلہٗ۔ متولد لیلۃ القدر کی رات ۲۲ محرم ۱۳۵۹ھ۔ امسال یعنی ۱۳۷۶ھ میں دسویں جماعت میں پڑھتا ہے۔

۲۔ صاحبزادہ محمد کلیم مدظلہٗ۔

۳۔ صاحبزادہ محمد نعیم۔ مدظلہٗ۔

بیٹی کا نام یہ ہے۔ سیدہ فردوس آسیہ خانم

سید محمد عالم صاحب مذکور ہذا کی دو بیٹیاں ہیں۔

۱۔ سیدہ سرور بیگم۔ یہ صاحبِ علم تارکہ مجردہ ہیں۔

۲۔ سیدہ غلام فاطمہ۔ یہ بچپن میں فوت ہو گئی۔

یارانِ طریقت

آپ کے ارادتمندوں کا سلسلہ کافی ہے۔
ازاں جملہ :-

۱۔ میاں عبداللہ بن میاں علم دین رحمانی	بھڑی شریف	ضلع گوجرانوالہ
۲۔ میاں امام الدین بن میاں علی محمد رحمانی	〃	〃
۳۔ میاں کرم الدین بن میاں خدا بخش رحمانی		〃
۴۔ میاں عمر الدین بن میاں غلام محمد رحمانی	〃	〃
۵۔ میاں سردار شاہ بن میاں اللہ بخش رحمانی	〃	〃
۶۔ میاں محمد الدین۔ بھڑی شریف۔ ضلع گوجرانوالہ۔	۷۔ میاں جلال الدین۔ کوٹ کیسو	ضلع گوجرانوالہ
۸۔ میاں حیات محمد موچی۔ کوٹ کیسو	〃	۹۔ سائیں ستان علی فقیر ہندوستانی نت بوتالہ 〃
۱۰۔ سائیں نواب فقیر۔ نت بوتالہ	〃	۱۱۔ میاں علی محمد بن محمد علی۔ گکھڑ گولہ 〃
۱۲۔ میاں امام الدین بن کرم الدین گگلو۔	میرالی والہ	ضلع گوجرانوالہ
۱۳۔ میاں خدا بخش بن بدر الدین ترکھان۔	ساہنپال شریف	ضلع گوجرانوالہ

Marfat.com

۱۴۔ غلام محمد بن محکم تارڑ ساہنپال شریف ضلع گجرات

۱۵۔ میاں چنن دین ترکھان ساہنگ " "

تاریخ وفات پیر محمد عالم وفات سے انیس روز تک خاموش رہے۔ کوئی کلام نہ کیا۔ آپ کی وفات بعمر چون سال بروز جمعہ بوقت ضحیٰ۔ تیرہویں محرم ۱۳۵۱ھ مطابق آٹھویں جیٹھ سمت ۱۹۸۹ ب میں میلہ بھڑی شریف والے دن، ساہنپال شریف میں ہوئی۔ دوسرے دن ہفتہ کے روز گورستانِ نوشاہیہ میں مشرقی حلقہ میں دفن ہوئے۔

مرثیہ

از مولوی قاضی محمد سلام اللہ شائق حنفی ساکن چک عمر
علاقہ لالہ موسیٰ ضلع گجرات

میرا دوست محمد پیر عالم — کیا دنیا سے جب اس نے کنارا
فلک پر چھا گئی یک دم سیاہی — ہوا آنسو فشاں ہر اک ستارا
در و دیوار میں ہل چل پڑی ہے — پڑا ہے ہر طرف شور و ککارا
نہ ایسا مہرباں ہو گا جہاں میں — اگرچہ ڈھونڈئے بلخ و بخارا
نہ دیکھو گے کہیں ایسا وفا خو — پھرو پنجاب تا ملکِ ہزارا
نہ آتا ہے گھڑی آرام مجھ کو — نہ آتا ہے کبھی دل کو سہارا
نہ آئے چین میرے دل کو ہرگز — ہوا چیناب میں غرقاب سارا
میرے دو نین ہیں دن رات جاری — جویں ہلکی و پلکھو کا نظارا
گھڑی اک جدائی کی ہے مشکل — جدائی میں نہیں ہوتا گذارا
دکھا وہ چاند سا چہرہ خدارا — دچھوڑے سے ہوا دل پارہ پارا

عہ دریائے چناب سے دو نالے الگ ہوتے ہیں جو دائیں طرف ہے۔ اس کو ہلکی کہتے ہیں، اور جو بائیں طرف ہے اس کو پلکھو بولتے ہیں۔ شرافت۔

Marfat.com

ملے گر خواب میں وہ پاک صورت — سناؤں اُس کو پھر احوال سارا
نہ چھوڑوں ہاتھ میں اُس کا الٰہی — نہ آئے جب تلک دل کو سہارا
جُدائی کی کروں ساری شکایت — ملے گرچہ شکایت سے خسارا
نہ تھا ہرگز مناسب یہ طریقہ — نہ لائق کام تھا یہ غمگسارا
اکیلا چھوڑ جانا مجھ کو یکدم — وفاداری نہیں ہے ہوشیارا
کبھی اسلم[1] کو آ دیکھو پیارے — بہت کمزور ہے بچہ پیارا
شریف[2]۔ الطاف[3] کی جلدی خبر لو — کبھی سردار[4] کو آ دیکھ یارا
کبھی بی بی[5]۔ کبھی زینب[6] سے بولو — عزیزوں سے نہیں کرنا کنارا
کبھی گودڑ[7] سے پوچھو حال گھر کا — ملازم باپ دادا سے تمہارا
ہمیشہ چاہیئے ڈیرہ نہ دربار — کہ آخر سہن پال ہے گھر پیارا
کبھی ڈھل چاہیئے جانا ضروری — وہاں برباد ہے گھر بار سارا
کبھی مسجد میں جا کر سجدہ کرنا — زیارت کا پھرے مشتاق دارا
حویلی میں کبھی مجلس لگاؤ — سراسر ڈھل ہے خدمتگار سارا
مبارک قدم کو اِک بار پاؤ — ہووے آباد پھر یہ گھر تمہارا
میری اس بات کو نہ بھول جانا — میرا دل چاہتا ہے اک نظارا
خدا رحمت کرے تم پر ہمیشہ — خدا کا فضل اور احساں ہے ہمارا
کبھی چک عمر میں تشریف لاؤ — نہ اس کو بھول جانا یار غمارا
بلانا چاہیئے مجھ کو شتابی — کہ ہے آزردہ دل شایق تمہارا

۱۔ محمد اسلم فرزند ثالث۔ ۲۔ محمد شریف فرزند ثانی۔ ۳۔ الطاف حسین برادر زادہ۔
۴۔ سردار بیگم ہمشیرہ۔ ۵۔ بی بی سرور بیگم دختر۔ ۶۔ زینب بی بی اہلیہ۔ ۷۔ گودڑ خادم ملازم باشی۔
شرافت۔

Marfat.com

مرثیہ پنجابی

اکھیں دسدا غائب ہو یا سجن محرم دل دا
جیونکر ڈبن اکھیں دِسدے سورج چن آسمانی

ہے ہے واہ نہ چلے کوئی نہ کوئی چلے چارہ
حیلہ پیش نہ جاوے کوئی کی گل کراں زبانی

پہلاں فضل حسین پیارے کیتی بے پرواہی
دو جی دار محمد عالم چا پائی حیرانی

چھوڑ دتا گھر بار شتابی فضل حسین پیارے
چا الطاف یتیم بنایا سخت ہوئی نادانی

گھر باہر دے کم تمامی بھائی لُتّے پائے
بھائی بھی اج رخصت ہویا اللہ بات بھانی

پیر محمد عالم صاحب کوچ کیتا اج ڈیرہ
چہرہ اُس دا چن برابر جیہکے نور نشانی

وانگ سرو دے قد مبارک متھا لاٹاں ملے
وال تمامی چٹے ہوئے گذریا وقت جوانی

سخت قضیئے سر تے جھلے ہو یا درد رنجانا
سختی دے دن پورے ہوئے دُور ہوئی پریشانی

سختی نال مقابل ہونا کیا بندے دی طاقت
سختی نال برابر ہونا کم نہیں انسانی

اللہ صاحب اُس نوں بخشے فضلوں اجر مصیبت
بندہ عاجز منگن ہارا ذات تیری رحمانی

ہر کم اُس دے اندر برکت برکت والا بندہ
دو ہیں جہانیں برکت اُس نوں بخشی رب نشانی

جدھر منہ مبارک کر دا خلقت کرے غلامی
تابعداری کرے اُنہاندی ہر اک مرد زنانی

بازو اُتے نام نبی دا لکھیا قدرت والے
نام نبی دی برکت اُس نوں بخشی رب نشانی

خلق نبی دا اُس نوں اللہ ظاہر باطن دِتا
دشمن دوست تابع اُس دی کرن نہ بے فرمانی

بدبختی نے پھیرا پایا وقت جُدائی آیا
کالی رات غماں دی آئی سینے لگی کمانی

بچے چھوٹے مردے اُتے ڈِگا پہاڑ غماں دا
صبر شکیب انہانوں دیوے دکھین نہ حیرانی

شادی[2] دی بربادی ہوئی دُکھاں گھیرا پایا
ہسدا ہسدا حسنا[3] رُنّا روندیاں رات وہانی

سنگی ساتھی سجن دشمن ہنجو بھر بھر روندے
نکے وڈے صاحبزادے تیری کہن کہانی

۱۔ فضل حسین بہادر عرف ناد جو پانکھنڈا بھوٹ فوت ہوئے ۲۔ شادی بن لکھو مراثی خادم حضوری
۳۔ حسنا کشمیری خادم۔ ۱۲ خرافت۔

Marfat.com

کنیں راٹھ تمامی سارے درد فراق ستائے
کہ کر یاد تساڈیاں گلاں ڈُبے وچ حیرانی

صبر سہارا اللہ دیوے بخشے آپ تسلی
یاراں تیجھے جیون منڈا بھٹھ پئی زندگانی

وقت فجر تے روز جمعہ دا اٹھویں جیٹھ مہینہ
تیراں سو اکونجہ ہجری سال وصال بچھانی

روح اُسدا وچ باغ بہشتاں ہر دم خوشیاں مانے
قبر اُسدی تے یارب برسے رحمت والا پانی

بیٹے اُسدے باپ اپنے دی جاگہ ہون مقیمی
ہر اک باپ اپنے تھیں ہووے ودھ لئے لاثانی

صبر دیوے رب میرے دل نوں آپ کرے غمخواری
ہوسی دُور نہ داغ سمن واجد تک ہے زندگانی

قطعہ تاریخ

مخلصِ من مونسِ من دوستِ من باوفا
مہربانے رازدانے یار نمازِ خوش خصال

ہائے نوشاہی محمد پیر عالم یارِ من
در سخاوت گنج بخش و در شجاعت بیمثال

گوہرِ رخشاں زکانِ شاہِ برخوردار بود
بود از بُستانِ حضرت گنج بخش ایں نونہال

نگلبنِ گلزارِ حضرت عصمت اللہ مردِ حق
نور بخش چشمِ شمس الدین قطبِ باکمال

میوۂ باغِ مروّت سرو قد و گلعذار
شمعِ ایوانِ ہدایت برگزیدہ از رجال

در جوانی کرد عجلت بست سامانِ سفر
در محرم روزِ آدینہ بفرمود انتقال

نے دوائے شد موثر نے دعائے شد قبول
از قضائے آسمانی گشت نازل ایں وبال

از لبِ دریائے جہلم تا لبِ دریائے مین
از مقامِ ڈھل راسیاں تا مقامِ سہن پال

شورِ ماتم گشت قائم عین محشر شد بپا
کس نہ بیند یا الٰہی آنچہ دیدم از ملال

نے میسر شد جنازہ نے زیارت شد نصیب
پیشتر از رفتنِ من رفت نزدِ ذوالجلال

دوستدارا ایں چہ کردی ایں وفاداری نبود
تو شدی چوں درِ مکنوں من بماندم چوں سفال

جانِ خود بر جانِ پاکت دادمے لے کاشکے
گر خبر بودے مرا از مرگِ آں شیریں مقال

آں چہ بینم در فراقش کس نہ بیند در جہاں
ساعتش چوں ماہ باشد ماہ باشد ہمچو سال

خواہم از درگاہِ حضرت خالقِ ارض و سما
خاکِ پاکِ مرقدش باشد خنک زابرِ نوال

آں عزیز از جان اسلم و آں شریف بیقرار
باد ہر یک جانشینِ والدِ خود نیک فال

Marfat.com

بار دیگر بے پدر شد ہائے الطاف حسین
بر سرشاں ہمچو طرب باد ظلِ لایزال

باہزاراں رنج و حسرت شایقِ اندوہگیں
آہ محمد بہ بالیگشت مدفون گفت سال

۱۳ ھ ۵۱

منہ

چہ گویم من از درد افسانہ
چہ افسانہ درد گویم ترا

بنزدیکِ من موت بہتر ازیں
کہ از یار غمخوار گردد جدا

نباشد چنیں زندگانی عزیز
نباشد ازیں ہیچ بدتر بلا

جدا شد رفیقِ دل و غمگسار
جداگشت فریس غم خوارِ ما

بہ پہلوئے سید غلام حسن
نمودست آرام آں باصفا

چناں خفت نزدیک فضل حسین
کہ یادش نیاید ازیں بے نوا

بایشاں خدا پاک رحمت کند
شود شاد ازیشاں بدانہ بسزا

بہ آدینہ و ہشتمیں ماہِ جیٹھ
ز دنیا رواں شد بدارالبقا

چو جستم ز دل بہر سال او
غم مخلصِ بہ ہفدہم شد ندا

بگفتم۔ خدا پاک رحمت کناد
بتاریخِ ہجری آں ماہ لقا

۱۳۵۱ ھ

مادہ ہائے تاریخ

۱۔ غفرہ اللہ ۲۔ مخزن البرکات ۳۔ مختار عالم

ع۔ سید پیر محمد عالمؒ کا مزید ذکر شریف التواریخ کی تیسری جلد موسوم بہ تذکرۃ النوشاہیہ کے آٹھویں حصہ شواہد الافکار نام میں بھی لکھا جائے گا۔

شرافت

Marfat.com

صاحبزادہ سردار شاہ ڈھلوالہؒ

آپ سیّد غلام حسن بن سیّد قطب الدین ڈھلوالہؒ کے فرزند اکبر تھے۔ والدہ کا نام سیّدہ گوہر بی بی بنت سیّد شمس الدین ڈھلوالہؒ تھا۔ آپ بچپن میں فوت ہو گئے۔

وفات سنہ ۱۳۰۸ھ

صاحبزادہ لدھو ڈھلوالہؒ

آپ سیّد غلام حسن بن سیّد قطب الدین ڈھلوالہؒ کے دوسرے بیٹے تھے۔ والدہ کا نام سیّدہ گوہر بی بی بنت سیّد شمس الدین ڈھلوالہؒ تھا۔ طفولیت میں انتقال کیا۔

وفات سنہ ۱۳۱۱ھ

سیّد پیر فضل حسین ڈھلوالہؒ

آپ سیّد غلام حسن بن سیّد قطب الدین برخوردار ی ڈھلوالہؒ کے تیسرے بیٹے اور مرید و خلیفہ تھے۔ آپ کی والدہ کا نام سیّدہ بہشت بی بی تھا جو سادات ہاشمیہ ساکن کالرہ میں سے تھیں۔

تاریخ ولادت آپ کی ولادت سنہ ۱۲۱۴ھ میں ہوئی۔
مادہ تاریخ "کامران بخت" ہے۔

تعلیم آپ نے سکول پڑھی کالو میں پرائمری تک تعلیم پائی۔ بعد ازاں قصبہ متصل سرائے عالمگیر کے مولوی صاحب سے بھی کچھ کتابیں پڑھیں۔ اردو میں بخوبی لکھ پڑھ سکتے تھے۔

اخلاق و عادات آپ کے چہرہ پر لیاقت کے نشان ظاہر تھے۔ عقل و دانش میں بے نظیر تھے۔ ہر ایک سے خلق و محبت کرتے۔ چہرہ بارعب تھا۔ لیکن طبیعت سلیم تھی۔

مؤلف کے ساتھ محبت آپ کو فقیر سیّد شرافت عافاہ اللہ کے ساتھ بہت محبت و الفت تھی۔ ایک مرتبہ ہمارے سب برادران سادات برخوردار یہ

Marfat.com

موضع دھنورہ خورد علاقہ حافظ آباد میں میاں اکبر علی بن میاں فضل الٰہی جنجوعہ کی شادی پر گئے ہوئے تھے۔ وہاں مولوی محمد حسین ساکن بھڑی شریف جو مرزائی مذہب رکھتا ہے آیا ہوا تھا۔ اور وہ اپنے مذہب کی تبلیغ کر رہا تھا۔ میں اُس وقت ابھی خورد سال ہی تھا۔ میں اس کے ساتھ مناظرہ کرنے شروع ہو گیا۔ جس وقت وہ میری بات کا جواب دینے سے عاجز ہو جاتا۔ تو میری طرف غصہ سے لال پیلی آنکھیں کر کے دیکھتا۔ میں مرعوب ہو کر اپنی آنکھیں نیچی کر لیتا۔ آپ میری پُشت کے پیچھے بیٹھے تھے۔ آپ نے بلایت سے اُس کو فرمایا "مولوی صاحب! دیکھو۔ اگر تم نے مناظرہ کرنا ہے تو اِس لڑکے سے کرو۔ یہ تمہارے ساتھ کرے گا۔ اور ہر بات کا تم کو جواب دے گا۔ اور اگر تم نے گھڑکیاں دیکھنا ہے تو ہماری طرف دیکھو۔ ہم پیچھے بیٹھے ہیں"۔ چنانچہ وہ آپ کے اِس کلام سے اس قدر خائف ہوا کہ میدان چھوڑ کر بھاگ گیا

کتاب تالیف کرنے کی ترغیب

آپ نے فقیر سید شرافت عافاہ اللہ کو فرمایا۔ کہ ہمارے سلسلہ کے حالات میں کتابیں بہت کم پائی جاتی ہیں۔ اِس لئے تم ایک کتاب تالیف کرو۔ جس میں سارے خاندان نوشاہیہ کے بزرگوں کے حالات ہوں۔ چنانچہ آپ کے ارشاد کے مطابق میں نے کتاب ہذا شریف التواریخ کو آپ کی زندگی میں تالیف کرنا شروع کیا۔ آپ نے اپنے آباء و اجداد کے حالات حضرت شاہ عصمت اللہ رحمہ سے لے کر اپنے والد صاحب تک خود اپنے قلم سے لکھ کر مجھ کو عنایت فرمائے۔ اور میں نے وہ داخل کتاب کئے۔ آپ بارہا مجھے فرمایا کرتے کہ "بڑی ضخیم کتاب بنانا کیونکہ بڑی کتاب کو حفاظت سے رکھا جاتا ہے اور چھوٹے رسالوں کی کوئی قدر نہیں ہوتی"۔ یہ آپ کا ارشاد اس قدر صحیح ثابت ہوا کہ یہ کتاب کئی ہزار صفحات تک پہنچ چکی ہے۔ یہ آپ کی کرامت ہے۔

مؤلف کہتا ہے کہ آپ زمانہ تالیف کے آغاز میں ہی انتقال فرما گئے اور میری اس قومی، خاندانی اور ملی خدمت کو دیکھ نہ سکے۔ اگر آپ اِس وقت زندہ ہوتے، تو اس کی بے بہا قدر کرتے۔

Marfat.com

کرامت

وجد کروانا آپ کا سماع سنا کرتے تھے۔ مؤلف کا چشم دید واقعہ ہے کہ ایک مرتبہ آپ کے والد بزرگوار کے عُرس کی تقریب پر محمد و بافندہ کے صحن میں محفلِ سماع شروع تھی۔ لوگوں کو وجد و حال ہو رہا تھا۔ اتفاقاً حافظ غلام محمد امام مسجد چھنی ساہن پال پاس سے گزرے اور کہا کہ اگر وجد ہم کو ہو تو جانیں۔ آپ نے فرمایا، ذرا بیٹھ تو جاؤ۔ چنانچہ وہ بیٹھ گئے۔ تھوڑی دیر کے بعد ان کو ایسا وجد و ذوق حاصل ہوا کہ تڑپنے لگے، اور دیر تک حال میں رہے۔

فائدہ بزرگوں کی توجہ سے وجد کا ہونا کوئی مشکل امر نہیں۔ چنانچہ مولانا فخرالدین چشتی دہلوی کی مجلس میں ایک دکنی مولوی کو وجد ہوا۔ [1]

وفات کے بعد کرامات

اپنی حالت کی خبر دینا وفات کے بعد آپ کو مؤلف نے خواب میں دیکھا کہ آپ سفید لباس پہنے ہوئے ہیں۔ میں نے سلام کیا اور پوچھا کہ آپ پر کیا حالت گذری؟ آپ نے فرمایا کہ کام تو مشکل معلوم ہوتا تھا۔ مگر ایک رات میں سب کام ٹھیک ہو گیا۔ اور یہ مصرعہ پڑھا۔ ؎

بس ایک ہی جلوے میں ہم بن گئے سودائی

حضرت نوشہؒ کی معیت سائیں خدا بخش فقیر ساکن وڑائچ والہ ضلع گجرات (مرید اعلیٰحضرت سید غلام مصطفےٰ نوشاہی ادام اللہ برکاتہٗ) سے منقول ہے کہ ایک مرتبہ میں نے آپ کو خواب میں دیکھا کہ آپ چارپائی پر بیٹھے ہیں، اور آپ کے قریب ہی ایک بہت بڑے پلنگ پر ایک متبرک ضعیف العمر بارعب بزرگ بیٹھے

---

[1] تذکرہ اولیائے ہند۔ جلد ۲ صفحہ ۱۲۷۔ شرافت۔

Marfat.com

ہیں۔ میں نے آپ کو سلام کیا۔ آپ نے فرمایا کہ ان حضرت صاحب کو بھی سلام کرو۔ "یہ نوشہ بھورے والہ ہیں"۔ اور میں ان کی خدمت میں رہتا ہوں۔

روحانی زندگی سردار ابن گہنا تارڑ ساہنپالیہ (مرید شرافت) بیان کرتا ہے کہ ایک مرتبہ خواب میں مجھ کو آپ کی ملاقات ہوئی۔ تو آپ نے فرمایا۔ ہم کو مردہ نہ سمجھنا۔ ہم زندہ ہیں۔ اور تمہاری مدد کرنے والے ہیں۔

نماز کی تلقین کرنا آپ کے مرید سائیں احمد الدین بن پیر بخش لوہار ساکن اگرویہ سے منقول ہے کہ ایک مرتبہ مجھے خیال آیا کہ بعض درویش نماز نہیں پڑھتے۔ شاید نماز کا درویشی کے ساتھ کوئی تعلق نہیں۔ رات کو خواب میں آپ کی زیارت ہوئی۔ درگاہ شریف نوشاہیہ پر موجود ہیں۔ اور پاس سب بزرگوں کے مزارات ہیں۔ آپ اپنے ہاتھ سے ان قبروں کی طرف اشارہ کر کے فرماتے ہیں کہ یہ سب بزرگ نماز پڑھا کرتے تھے۔ اس روز سے میں نماز کا پابند ہو گیا۔

مکتوب

مولوی محمد حیات شرقپوری نے ۱۳۲۵ھ میں کتاب گلزار نوشاہی تالیف کر کے چھپوائی۔ جس میں خلفائے حضرت نوشہؒ کی فہرست میں آنجناب کے فرزند اکبر حضرت سید حافظ محمد برخوردارؒ کے نام کے ساتھ لکھا "خلیفہ اعظم حاجی کعبہ"۔ جب وہ کتاب شائع ہو گئی تو بعض مخالفین برخورداریہ نے ان کو ڈانٹا کہ تم نے ان کو خلیفہ اعظم کیوں لکھا ہے۔ ؟ مولوی صاحب مرعوب ہو گئے۔ چونکہ اس کتاب کی کتابت فقیر سید شریف احمد شرافت عفا اللہ عنہ سے کروائی تھی۔ اس لئے مولوی صاحب نے معترضین سے اپنی جان بچانے کے لئے وہ الزام مجھ پر تھوپ دیا کہ یہ لفظ انہوں نے لکھ دیا ہے۔ چنانچہ معترضین کے سامنے ایک خط میرے نام لکھ کر بھیج دیا۔ جب وہ خط ساہنپال شریف میں پہنچا، تو حضرات برخورداریہ کو سخت ناگوار گذرا۔ ان سب میں سے سید پیر فضل حسین ڈھلوالہؒ نے مولوی صاحب کو اپنی طرف سے یہ مکتوب لکھا۔

Marfat.com

"محب الفقراء مولوی حیات محمد صاحب !

السلام علیکم !

تمہارا خط عزیز القدر صاحبزادہ شریف احمد کے نام آیا۔ ہم نے پڑھا جس میں تم نے تحریر کیا ہے "آپ نے ناحق اختلاف ڈال کر بندہ کو نقصان پہنچایا ہے"۔ اس کتاب میں کیا وجہ اختلاف اور تمہارے نقصان کی عزیز نے درج کی ہے۔ ذرا پورا پورا پتہ دو۔ عزیز نے تو تمہارے مسوّدہ کی لفظ بلفظ عبارت کتابت کی۔ اب اس کو موردِ الزام بنانا کیا مطلب ؟ اگر خلیفہ اعظم حضرت محمد برخوردار رحمۃ اللہ علیہ کے لفظ سے کوئی شخص تم کو تکلیف دے تو اُس مردود کو ہمارے سامنے کرو۔ تاکہ ہم رُوبرو اس کی تسلی کریں۔ یہ تو فیصلہ شدہ بات ہے، جس کا تنازعہ تین سال رہ کر اُس مقدمہ کا فیصلہ دربار فلک آثار حضرت گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ پر ہو چکا ہے۔ وہاں جملہ اشخاص اولادِ صوبہ ساہنپال، اور اولادِ صوبہ محب علی ساکن اگرویہ، اولادِ صوبہ حضرت عبدالرحمٰن ساکن بھڑی وغیرہ نے اس فیصلہ کو تسلیم کر لیا ہے، تو پھر اب کسی کو اس لفظ کے انکار کرنے سے کیا حاصل ہے۔ ایسے اشخاص صرف اپنی ایمانداری کو ظاہر کر رہے ہیں۔ ہمیں بھی کچھ شریر لوگ نظر تو آرہے ہیں۔ مگر اب تک ایسا کوئی اتفاق نہیں ہوا کہ وہ ہمارے سامنے آئیں۔ تم دانا ہو کر بے ادب الفاظ تحریر کرتے ہو۔ افسوس ! کیا تمہارے لئے یہ مناسب تھا کہ حضرت سرکار گنج بخش نوریؒ کے فرزند اکبر کے نام سے نفرت کرتے ہو۔ کیا یہ باعثِ غیرت نہ ہوگا۔ جو لوگ حضرت محمدؐ برخوردارؒ کو خلیفہ لکھنے کا حسد کر رہے ہیں۔ وہ انشاء اللہ تعالیٰ مردودِ طریقت ہو کر درگاہِ سرکار گنج بخش نوریؒ سے دُور ہو جاویں گے۔ اور امید ہے کہ قیامت کو بھی وہ فقرائے نوشاہی سے خارج کئے جاویں گے۔ آپ فکر نہ کریں جو شخص ایسے بزرگ سے جن کی بابت کتابوں میں بڑے فضائل و کرامات و عبادات درج ہیں، نفرت کرے، تو کیا وجہ ہے کہ ان کے والد بزرگوار اس کو غیرت کی نگاہ سے نہ دیکھیں۔ جو آدمی تم کو حضرت محمدؐ برخوردار خلیفہ اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے الفاظ لکھنے سے روکتا اور تنگ کرتا ہے۔ اس کی بابت ضرور اطلاع دو۔ ہم خود اس کے ساتھ خط و کتابت کر کے

Marfat.com

اس کو سمجھا لیں گے تم اپنے ایمان کو اوروں کے کہنے پر نہ چھوڑو۔ زیادہ خیریت"
فقیر فضل حسین از ساہنپال ۱۳۴۵ھ

سجع مُہر آپ کی مُہر پہ یہ الفاظ کندہ تھے:۔
"فقیر فضل حسین"

اولاد آپ کا نکاح سیدہ شاہ بیگم بنت سید محمد علی بن سید فضل الدین ہاشمی رن ملوی سے ہوا۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔

آپ کے پانچ بیٹے ہوئے۔ (۱) صاحبزادہ محمد اکرم مرحوم (۲) صاحبزادہ الطاف حسین (۳) صاحبزادہ یامین حسین مرحوم (۴) صاحبزادہ تصدق حسین مرحوم (۵) صاحبزادہ ارشاد حسین مرحوم۔ یہ سب بچپن میں انتقال کر گئے۔ ان میں سے

صاحبزادہ الطاف حسین مدعمرہٗ متولد ۱۳۳۸ھ اس وقت بعمر اٹھتیس سال موجود ہے۔ مؤلف کتاب ہذا کا شاگرد ہے۔ اس کی دو شادیاں ہوئیں۔

پہلی۔ سیدہ عنایت بیگم بنت سید فتح محمد بن سید حسین شاہ ہاشمی ساکن ساہن تحصیل کھاریاں ضلع گجرات سے۔ اس کے بطن سے کوئی اولاد نہیں ہوئی۔ اور وہ فوت ہو گئی۔

دوسری۔ اس کی ہمشیرہ سیدہ خورشید بیگم بنت سید فتح محمد مذکور سے۔ اس کے بطن سے ایک لڑکا اعجاز حسین متولد جمعہ ۲۷ جمادی الثانی ۱۳۷۵ھ اور ایک لڑکی کنیز فاطمہ نام ہے۔

یارانِ طریقت آپ کے خواص احباب یہ تھے:۔
(۱) میاں علی احمد بن میاں ابراہیم رحمانی بھڑلوالہؒ (۲) میاں محمد علی بن خوشی محمد موچی ساہنپالویؒ (۳) سائیں احمد الدین بن پیر بخش لوہار اگرویہ والا۔

تاریخ وفات پیر فضل حسین کی وفات بعارضہ سِل بعمر بتیس سال۔ منگلوار کی رات بوقت شب نصف۔ ستارہویں جمادی الثانی ۱۳۴۶ھ میں ہوئی۔ آپ وفات سے تین روز پہلے سے عالم بیہوشی میں خالص اردو فصیح بولتے رہے۔

آپ کا صندوق تیسرے روز جمعرات کے دن دفن کیا گیا۔ مزار گورستانِ نوشاہیہ

Marfat.com

میں روضہ مبارک حضرت نوشاہ عالیجاہؒ کے بالکل متصل مشرقی جانب ہے۔

مرثیہ و تاریخ

از مولوی قاضی محمد سلام اللہ شائق ساکن چک عمر

ہائے ہائے نوجوان فضلِ حسین — مہرباں شیریں زباں فضلِ حسین
خوبصورت مہ جبیں سیمیں بدن — بود چوں سروِ رواں فضلِ حسین
از برائے مفلساں چوں گنجِ زر — مرہم خستہ دلاں فضلِ حسین
بر درش ہر کس کہ گشتے لقمہ جو — بر کفش بنہاد ناں فضلِ حسین
آہ صد افسوس در وقتِ شباب — کرد رحلت ناگہاں فضلِ حسین
شد دلم از مرگِ او اندوہگیں — دیدہ اشکِ غم فشاں فضلِ حسین
حسرتا دردا دریغا شد بپا — شورِ محشر درمیاں فضلِ حسین
شد زمیں از سوزِ غم آتش فشاں — نیلگوں شد آسماں فضلِ حسین
پارہ پارہ گشت دامانِ شکیب — بیقراری شد عیاں فضلِ حسین
ایں چہ کردی در جوانی اے عزیز — گشتہ از ما نہاں فضلِ حسین
گوشۂ چشمے کشا زودی ببیں — حالتِ پسماندگان فضلِ حسین
بیں بحالِ پیر عالم سوگوار — دردمند و ناتواں فضلِ حسین
جانبِ حالِ یتیماں کن نظر — جانبِ صفِ زناں فضلِ حسین
صد ہزاراں رفت کوشش در علاج — تا تو مانی در امان فضلِ حسین
لیک در تقدیر تدبیرے نرفت — بود حکمش آنچناں فضلِ حسین
شد تہی جام و صراحی از نشاط — رفت ساقی از میاں فضلِ حسین
عندلیب اندر ہزاراں رنج و غم — در بہار آمد خزاں فضلِ حسین
چشم گریاں سینہ بریاں خاندان — ہر یکے خورد و کلاں فضلِ حسین
جملہ اولادِ جنابِ گنج بخش — نعرہ مسرت زناں فضلِ حسین

Marfat.com

شد منغص عیشِ جملہ دوستاں — شمعِ مجلس شد نہاں فضلِ حسین
بلکہ جملہ ساکنانِ سہنپال — در مصیبت بیگماں فضلِ حسین
ہر یکے در صفِ ماتم شد شریک — ہر یکے نالہ کناں فضلِ حسین
سینہ کوبی خاکروبی کردہ شد — حاصلے ہرگز نہ زاں فضلِ حسین
آمدہ الصبر مفتاح الفرج — صبر بہتر بیگماں فضلِ حسین
بارشِ بارانِ رحمت بیحساب — بر مزارش جاوداں فضلِ حسین
ہفدہم ماہ جمادی الآخرین — جانب حق شد رواں فضلِ حسین
نیم شب بودست وقت رحلتش — روز سہ شنبہ بداں فضلِ حسین
روز دیگر چار شنبہ شد غروب — آفتابِ آسماں فضلِ حسین
سال مرگش چوں بپرسیدم زدل — گفت شائق ۔ درجناں فضلِ حسین
بار دیگر ۔ فضل باداشش جہات — عیسوی سالش بداں فضلِ حسین
ختم سازم بر دعا ایں مرثیہ — بر فضلِ مستعاں فضلِ حسین

قطعہ تاریخ

از مولانا شائق مرحوم

چوں بحکم خدائے کون و مکاں — شد بفردوس میاں فضلِ حسین
دلِ غمگیں بسالِ تاریخش — گفت ۔ افسوس میاں فضلِ حسین

مادہ ہائے تاریخ

۱۔ انہ یغفر ۲۔ افتخار دین ۳۔ چراغ کاملاں

سیّد حافظ روح اللہ رح

آپ حضرت سید محمد امین مختار برخورداری ساہنپالوی رح کے فرزند اکبر تھے۔ خرقہ طریقت و ارشاد اپنے جدِ بزرگوار حضرت مولانا سید حافظ قل احمد پاک ذات

Marfat.com

نوشاہِ ثانی بن سید حافظ الٰہی بخش مظہرِ حق برخورداری سے حاصل کیا۔

آپ کی والدہ کا نام سیدہ عزیز بی بی المعروف اجی بیوی بنت سید شرف الدین بن سید علی محمد ساہنپالوی تھا۔

تاریخ ولادت آپ کی ولادت بروز جمعہ۔ وقت نماز اشراق۔ یکم جمادی الاولیٰ ۱۲۶۹ھ میں بمقام ساہنپال شریف ہوئی۔ تاریخی نام "حافظ روح اللہ" رکھا گیا۔

مادہ ہائے تاریخی

۱۔ سرو باغ۔ ۲۔ انوار بغداد۔ ۳۔ مطلع خورشید۔ ۴۔ مصدر فہم و خرد۔ ۵۔ شہزادۂ ثابت قدم۔

سنتِ عقیقہ آپ ایک ہفتہ کے ہوئے، تو جد بزرگوار نے آپ کا عقیقہ کیا اور اپنے تمام خویش و اقارب کو دعوت دی۔

تربیت و تعلیم آپ نے اپنے دادا صاحب اور والد صاحب کی آغوش میں تربیت پائی۔ آپ کی عمر ایک سال تھی کہ والدہ ماجدہ کا انتقال ہو گیا۔ آپ یتیم رہ گئے۔ اس لیے جدِ امجد آپ کی تربیت کو زیادہ ملحوظ رکھتے۔ آپ نے قرآن مجید اپنے جدِ بزرگوار سے حفظ کیا، اور علم ادب فارسی کی تعلیم مولوی غلام قادر بن سید عبداللہ ساہن پالوی سے پائی۔

بیعت طریقت آپ نے آغاز طفولیت میں ہی اپنے جد بزرگوار کے ہاتھ مبارک پر بیعت کی اور اُن کی تعلیم باطنی سے بہرہ اندوز ہوئے۔

فیض باطنی کا حصول دس سال کی عمر میں آپ کی شادی ہوئی۔ جب آپ حسبِ رواج اہلِ پنجاب کھارہ چڑھے۔ یعنی چوکی پر بیٹھ کر غسل کیا۔ تو حضرت جد بزرگوار نے کھارہ لبائی کے طور پر فرمایا۔ "بیٹا کچھ مانگ لو"۔ آپ نے عرض کیا۔ "اگر دینا ہے تو اپنے خزانہ باطنی سے حصہ عنایت کرو۔ حضرت نوشاہِ ثانی نے آپ کو سینہ سے لگا لیا اور فیوضِ باطنی سے مالا مال کر دیا اور اس کے بعد بھی ہر وقت آپ

Marfat.com

پر نظرِ شفقت رکھتے۔

عطائے خلافت آپ کے برادر زادہ سید کرم الٰہی بن سید فاضل شاہؒ سے منقول ہے کہ مولوی غلام رسول بن مولوی غلام النبی فاروقیؒ بیان کرتے تھے، کہ ایک مرتبہ ہمارے پیر روشن ضمیر حضرت سید حافظ قل احمد پاکذات نوشاہِ ثانیؒ ہمارے گاؤں لدھے والہ جیمیاں میں تشریف لائے۔ آپ کے پوتے سید حافظ رُوح اللہ بھی ہمراہ تھے۔ ایک روز حضور والا نے مجھ کو پانچ روپے پاس سے دیئے اور فرمایا کہ جا کر کسی سُنار سے سونے کی انگشتری بنوالاؤ۔ میں نے عرض کیا کہ اگر سونے کی انگشتری میں فیروزہ کا نگین ہو تو بہت سجتا ہے۔ حضور انور نے فرمایا کہ "تم دولتمند شخص ہو۔ یہ اپنے پاس سے جڑوالانا"۔ چنانچہ میں نے اُسی روز انگشتری بنوا کر اُس میں سات روپیہ کا فیروزہ جڑوایا، اور آپ کی خدمت میں لا حاضر کی۔ آپ نے اُسی روز ایک جوڑا نئے کپڑے درزی سے سلوائے اور تمام حلقہ مریداں میں اپنے پوتے سید حافظ رُوح اللہؒ کو کپڑے اور انگشتری پہنائی، اور اپنے سینہ سے لگا کر اور روحانی فیض سے معمور کر کے دستارِ خلافت عطا فرمائی۔ اور تمام مریدوں کو فرمایا کہ اس فرزند کو میری جا بجا سمجھنا۔

فائدہ مؤلف کہتا ہے کہ چاندی کی انگشتری پہننا تو مسنون ہے۔ بعض حالات کے ماتحت بعض بزرگوں سے سونے کی انگشتری پہننا بھی منقول ہے جو معرضِ طعن نہیں ہو سکتی۔ چنانچہ مولانا خواجہ فخر الدین فخر جہان چشتی دہلویؒ جو اکابر علمائے وقت اور مشائخ عہد سے تھے۔ ان کی داڑھی خشخاشی ہوتی تھی اور سونے کی انگشتری بھی پہنتے تھے[1]

چلہ نشینی منقول ہے کہ آپ نے مولوی حکیم کرم الٰہی بن مولوی غلام النبی فاروقیؒ ساکن بیگووالہ ضلع سیالکوٹ کی اجازت سے اپنے دادا حضرت نوشاہِ ثانیؒ کے مزار اطہر پر چلہ شروع کیا۔ روزانہ رات کو قبر شریف کے بالمقابل بیٹھ کر گیارہ مرتبہ سورۂ مزمل شریف پڑھا کرتے۔ چند روز تک یہ وظیفہ کیا۔ ایک رات مرقدِ منور سے ندا آئی۔ "بیٹا تم

---

[1] تذکرہ اولیائے ہند۔ جلد ۲ صفحہ ۱۲۷۔ ۱۲۔ شرافت

Marfat.com

آرام سے گھر جاکر بیٹھو۔ یہاں تم کو مچھر میں تکلیف ہوتی ہے۔ ہم نے تمہارے لیے بہت کچھ محنت کی ہوئی ہے۔ تمہارے سب کاروبار اچھے ہوں گے۔

فائدہ بزرگوں کی قبروں سے فیض ہونا متواتر اکابر مشائخ سے منقول ہے۔ چنانچہ شیخ علی متقی رح کنز العمال کی وفات کے بعد شیخ عبدالوہاب متقی رح نے ان کی قبر پہ کچھ عرض کیا۔ وہ خواب میں ملے اور فرمایا "میں نے تیری عرض سن لی ہے۔ مطمئن رہو۔ تمہارے سب مقصود حاصل ہوں گے۔ عہ

رُعب و اقبال آپ بڑے بارعب اور صاحب سطوت و اقبال تھے۔ منقول ہے کہ ایک مرتبہ آپ گھوڑے پر سوار ایک کھیت میں سے گذرے۔ آپ کے بعد آپ کے والد بزرگوار حضرت سید محمد امین بھی وہاں سے گذرنے لگے تو زمینداروں نے روکا۔ اور کہا، اے بزرگوار راستہ راستہ جاؤ۔ انہوں نے فرمایا کہ وہ سوار جو پہلے گذر گیا ہے۔ اس کو تم نے کیوں نہیں روکا۔ زمینداروں نے کہا کہ وہ تو کوئی افسر تھا اس کو کیسے روکتے۔

شہزادہ کی مثل بننا منقول ہے کہ ایک مرتبہ ایک شہزادہ ساہن پال کے پاس سے گذرا۔ گجرات کی طرف سے آیا اور بھالیہ کو چلا گیا۔ اس کی سواری کو دیکھنے کے واسطے سڑک پر مخلوق کا کافی ہجوم تھا۔ مستورات نے کہا کہ ہم بھی شہزادہ دیکھنا چاہتی ہیں۔ آپ نے فرمایا، تم باہر نہ جاؤ۔ میں تم کو شہزادہ یہیں دکھا دوں گا۔ چنانچہ آپ نکلی تام گھوڑی پر سوار ہوئے، تو آپ کا رعب و شان و شوکت اس طرح معلوم ہوتا تھا جیسے شہزادہ ہے۔ سب لوگ دیکھ کر بجان فدا ہوئے۔

سماع و وجد مولوی حاجی محمد شریف فاروقی رح ساکن لدھے والہ چیمیاں بیان کرتے تھے کہ ایک مرتبہ میں نے آپ کی مجلس میں قصہ ہیر وانجھا مصنفہ سید فضل شاہ لاہوری رح کے یہ اشعار پڑھے۔

عہ تذکرہ اولیائے ہند۔ جلد ۲ صفحہ ۔ شرافت

Marfat.com

الفوں اک خدا تے اک رانجھا اک قول تے اک اقرار قاضی
بیوں باہجھ رانجھے دکھ درد سانجھے ناہیں ہور میرا غمخوار قاضی
تیوں تیر سریر نوں چیر گئے لئی ہیر تقدیر وچار قاضی
تیوں ثابتی تھیں پیر پیر پکڑے جیوں جان میں جان نثار قاضی
جیوں حرف حکایتاں چھوڑ سبھے بیٹھی نام رانجھا دلوں دھار قاضی
خیوں خوف رجا تھیں نگھ گذرے والوں درد ذالوں وق یار قاضی

اس پانچویں مصرعہ پر آپ کو وجد ہو گیا اور تقریباً ڈیڑھ گھنٹہ تک آپ بیدم رہے۔ جب افاقہ ہوا تو آپ نے بہت ساری لسی نوش فرمائی۔ جب کبھی وہ سوز فرد ہوا۔

اشعار خوانی آپ کی عمر سترہ سال کی تھی کہ آپ کے جد بزرگوار حضرت نوشاہِ ثانی رح دنیا سے رحلت فرما گئے۔ آپ اُن کے ہجر و فراق میں بہت رویا کرتے، اور ان کی قبر شریف کے پاس بیٹھ کر میاں محمد رح چھوہر انوالیہ کے یہ اشعار پڑھا کرتے۔

لام لا سکے عشق دی چوٹ مینوں روندی چھڈ گیوں وچ جنگلے دے
میں تے عشقے دی سار کی جاندی ساں بیٹھی کتدی ساں وچ بنگلے دے
راوی لنگھ کے منوں وسار گیوں آکھے لگ گیوں کسے کنبلے دے
محمد پچھ رہیاں راہ ہادی والا کوئی کھوج دسو جانی رنگلے دے
میم مت ہوئی سوہنے یار ملیاں پتھر چت ہوئے تنہاں ہیلیاں دے
مینوں چھڈ کے گئے اکیلی نوں بیٹھی روندی ہاں وچ حویلیاں دے
نشتر مار دیکھو لہو سک گیا مجادیں پیڑ دیکھو کوہلو تیلیاں دے
محمد آپ میلی میرا ولیس میلا سوہے سادے نی رنگ سہیلیاں دے

حلیہ و لباس آپ خوبصورت، نہایت حسین و جمیل، نازک اندام، رنگ گندمی، بلند بینی، روشن رخسار، فراخ پیشانی، میانہ قد، سیاہ ریش تھے۔ مزاج امیرانہ اور طبع شاہانہ رکھتے تھے۔ کپڑے قیمتی ہوتے، سُرخ بانات کا کوٹ (قبا) ہوتا۔ پاؤں میں طلادار جوڑا پہنتے، صفائی پسند تھے، گلے میں تسبیح سیاہ رنگ رکھتے۔

Marfat.com

نزاکت طبع منقول ہے کہ آپ کی نزاکت اس حد تک تھی کہ جس وقت آپ کو پیاس لگتی، تو آپ کی انگلی سے انگشتری خود بخود گر پڑتی، اور جب پانی پی لیتے تو پھر پوری ہو جاتی۔

آپ شہسوار بھی تھے، گھوڑی دوڑاتے، نیزہ بازی کرتے۔ جس وقت آپ لکھی نام گھوڑی پر سوار ہوتے تو ایسا معلوم ہوتا جیسا کوئی شاہنشاہ آ رہا ہے۔ لوگ آپ کا حسن و جمال اور رعب و اقبال دیکھ کر دنگ رہ جاتے۔

شطرنج کا شوق منقول ہے کہ آپ کو شطرنج کا بہت شوق تھا۔ مؤلف کے نانا حضرت سید غلام علی بن سید قدم الدین برخورداریؒ کے ساتھ شطرنج کھیلا کرتے اور بوقت انقباض اس طرح اپنی طبیعت کو بہلایا کرتے۔

مسئلہ اباحت شطرنج شطرنج کے بارہ میں علماء کو بہت اختلاف ہے۔ بعض فقہاء اس کی حرمت کے قائل ہیں۔ لیکن علمائے محققین نے اس کی اباحت کو ثابت کیا ہے۔ اس لئے یہاں چند اقوال علمائے کرام اور فقہائے عظام کے لکھے جاتے ہیں۔ جس سے شطرنج کا جواز ثابت ہوتا ہے اور صحابہ و تابعین و آئمہ مجتہدین کا کھیلنا ظاہر ہوتا ہے۔

کتاب نفائس الفنون میں لکھا ہے کہ شطرنج کا واضع صقہ بن وہر ہے۔ جو حکمائے ہندوستان سے تھا، اور اس کا اظہار اس کے بیٹے لجلاج نے کیا۔

۱۔ امام شیخ شہاب الدین قلیوبیؒ متوفی سنہ ۱۰۶۰ھ نے نوادر میں لکھا ہے۔

" روی الصعلوکی تجویزہ عن امیر المؤمنین عمر ابن الخطاب وابی الیسر والحسن البصری والقاسم بن محمد وابی قلابۃ وعطا والزھری والزناد و روی الصولی فی جزء قد جمعہ فی الشطرنج ان ابا ھریرۃ	روایت کیا ہے صعلوکی نے شطرنج کا جواز امیر المؤمنین عمر بن خطاب اور ابی الیسر اور حسن بصری اور قاسم بن محمد اور ابوقلابہ اور عطا اور زہری اور زناد سے۔ اور روایت کیا صولی نے ایک جزء میں جو اس نے شطرنج کے متعلق جمع کیا ہے کہ تحقیق

Marfat.com

وعلی بن الحسین وسعید بن المسیب والاعمش وناجیہ وعکرمۃ وابا اسحٰق وابراھیم بن طلحۃ کانوا یلعبون بالشطرنج ولم یثبت عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم نھی صحیح عن اللعب بہ"

ابوہریرہ اور امام زین العابدین اور سعید بن المسیب اور اعمش اور ناجیہ اور عکرمہ اور ابواسحاق اور ابراہیم بن طلحہ شطرنج کھیلا کرتے تھے اور اس کھیل کے منع ہونے میں حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ صحیح طور پر ثابت نہیں ہوا۔

۲۔ علامہ شیخ نظام الدین نیشاپوری رح تفسیر غرائب القرآن المعروف تفسیر نیشاپوری میں لکھتے ہیں :-

"ویحکی اللعب بہ عن ابن الزبیر و ابی ھریرۃ وکثیر من السلف"

اور حکایت کیا گیا ہے شطرنج کا کھیلنا عبداللہ بن زبیر اور ابوہریرہ اور سلف کے بہت سارے بزرگوں سے۔

۳۔ قاضی محمد بن علی یمنی شوکانی رح نے نیل الاوطار میں لکھا ہے :-

"حکی فی ضوء النھار عن ابن عباس و ابی ھریرۃ وھشام بن عروۃ و سعید بن المسیب و ابن جبیر انھم اباحوہ"

حکایت کیا گیا ہے ضوء النہار میں عبداللہ بن عباس اور ابوہریرہ اور ہشام بن عروہ اور سعید بن المسیب اور سعید بن جبیر سے کہ بیشک انہوں نے شطرنج کو مباح رکھا ہے۔

۴۔ مولانا ابوالحسنات محمد عبدالحی لکھنوی رح نے موطا امام محمد کے حاشیہ صـ۳۸۱ پر لکھا ہے :-

"وذکر الدمیری فی حیوٰۃ الحیوان ان تجویزہ مروی عن عمر و ابی ھریرۃ و ابی الیسر والحسن البصری والقاسم بن محمد وسعید بن جبیر وغیرھم"

علامہ دمیری نے حیوٰۃ الحیوان میں ذکر کیا ہے کہ تحقیق شطرنج کا جواز مروی ہے، حضرت عمر اور ابوہریرہ اور ابوالیسر اور حسن بصری اور قاسم بن محمد اور سعید بن جبیر اور ان کے سوا اور لوگوں سے بھی۔

۵۔ امام شیخ شہاب الدین قلیوبی رح نے نوادر میں لکھا ہے :-

Marfat.com

"وروی ان محمد بن سیرین و هشام بن عروۃ بن الزبیر وبھر بن حکیم والشعبی وسعید بن جبیر کانوا یلعبون بالشطرنج وقال الشافعی کان سعید بن جبیر یلعب بالشطرنج استد باذا من وراء ظھرہ"

روایت کیا گیا ہے کہ بیشک محمد بن سیرین اور ہشام بن عروہ بن زبیر اور بہر بن حکیم اور شعبی اور سعید بن جبیر شطرنج کھیلا کرتے تھے۔ اور امام شافعی نے کہا کہ سعید بن جبیر کو اس قدر مہارت تھی کہ وہ اپنی پشت کے پیچھے رکھ کر شطرنج کھیل لیا کرتے تھے۔

۶۔ قاضی ابن خلکان وفیات الاعیان ص۲۹۱ پر لکھتے ہیں :-

"ابو محمد سعید بن جبیر بن ھشام الاسدی احد اعلام التابعین اخذ العلم من عبداللہ بن عباس وابن عمر واکثر روایۃ عنھما وحکی الشیخ ابو اسحاق الرازی فی کتابہ المھذب ان سعید بن جبیر کان یلعب بالشطرنج استد بادا"

ابو محمد سعید بن جبیر بن ہشام اسدی بہت بڑے تابعین میں سے یگانہ ہیں۔ عبداللہ بن عباس اور عبداللہ بن عمر سے علم سیکھا۔ اور اُن سے بہت ساری روایتیں کیں اور شیخ ابو اسحاق رازی نے اپنی کتاب مہذب میں حکایت کیا ہے کہ تحقیق سعید بن جبیر اپنی پشت کے پیچھے شطرنج کھیل لیا کرتے تھے۔

۷۔ علامہ طحطاوی رح نے دُرِ مختار کے حاشیہ پر لکھا ہے :-

"قال مالك والشافعی باباحتہ وھو مروی عن الشافعی و اختارھا ابن الشحنہ"

امام مالک اور امام شافعی نے شطرنج کی اباحت میں کہا ہے اور وہ روایت ہے شافعی سے اور اختیار کیا ہے اس کو ابن الشحنہ نے۔

۸۔ مولوی خرم علی نے غایۃ الاوطار جلد چہارم ص۲۳۳ میں لکھا ہے :-

"و اباحہ الشافعی و ابو یوسف فی روایۃ ونظمھا شارح الوھبانیہ فقال۔ شعر"

اور مباح کیا ہے اس کو شافعی نے، اور ابو یوسف نے ایک روایت میں۔ اور نظم کیا ہے اس کو شارح وہبانیہ نے۔ پس

Marfat.com

ولا باس بالشطرنج وهی روایة
عن الحبر قاضی الشرق والغرب
وهذا اذا لم یقامر ولم یداوم
ولم یخل بواجب والا فحرام
بالاجماع"۔

کہا ہے۔ شطرنج میں کوئی خوف نہیں اور یہ ایک بہت بڑے حبر (عالم) مشرق و مغرب کے قاضی کی روایت ہے۔ اور یہ جواز تب ہے جب اس سے جوا نہ کھیلے اور اس پر مداومت نہ کرے، اور اس سے واجب میں خلل نہ ہو ورنہ بالاجماع حرام ہے۔

۹۔ قاضی ابن خلکان نے وفیات الاعیان میں لکھا ہے:

"ابوبکر محمد بن یحیی بن عبد الله
بن العباس الصولی کان احد العلماء
الفضلاء المشاهیر روی عنه ابو
العباس الدارقطنی وابو عبد الله
المرزبانی ندیم الراضی وکان اولا
یعلمه ثم ندیم المقتدر ونادمه
المکتفی نبله وکان ینادم الخلفاء و
کان حسن الاعتقاد جمیل الطریقة
مقبول القول وکان احد وقته فی
لعب الشطرنج لم یکن مثله
فی عصره"۔

ابوبکر محمد بن یحیی بن عبد اللہ بن عباس الصولی بڑے مشاہیر عالموں فاضلوں سے ہے۔ ابوالعباس دارقطنی اور ابوعبد اللہ مرزبانی نے ان سے روایت کی ہے۔ خلیفہ راضی باللہ کے ندیم رہے۔ اور اس کو علم پڑھایا۔ پھر خلیفہ مقتدر باللہ کے ندیم رہے۔ اور اس سے پہلے خلیفہ مکتفی بامر اللہ کے بھی ندیم رہے۔ خلفاء کی ندامت کرتے رہے۔ بڑے اچھے اعتقاد والے نیک طریقہ والے، مقبول کلام والے تھے۔ اپنے وقت میں شطرنج کھیلنے میں یکتا تھے۔ اس زمانہ میں ان کی مثل کوئی نہ تھا۔

۱۰۔ علامہ سید فاضل بن علی بن نور الدین المکی الحسینی الموسوی نے کتاب "نزہۃ المجالس" میں لکھا ہے:۔

"قال الصفدی رایت انا بالدیار
المصریة شخصا معتمدا یعرف

صفدی نے کہا ہے کہ میں نے دیار مصر میں ایک معتبر شخص کو دیکھا جو علاؤ الدین

Marfat.com

بعلاؤالدین ابن قیران یلعب بالشطرنج مع العوالی وعنه رأیت بدمشق سنة احدی وثلثین وسبعمائة شخصًا یعرف بالنظام العجمی وهو یلعب بالشطرنج غائبًا فی مجلس الصاحب شمس الدین و اول ما رأیته لعب مع الشیخ امین الدین سلیمان رئیس الاطباء"

ابن قیران کے نام سے مشہور تھا۔ وہ عوالی کے ساتھ شطرنج کھیلتا تھا۔ اور اُسی سے روایت ہے کہ میں نے ۷۳۱ھ میں ایک شخص کو دمشق میں دیکھا جو نظام عجمی کے نام سے مشہور تھا۔ وہ صاحب شمس الدین کی مجلس میں غائبانہ شطرنج کھیلتا تھا۔ اور جب میں نے پہلے پہل اُسے دیکھا۔ اُس وقت اُس نے رئیس الاطباء شیخ امین الدین سلیمان کے ساتھ شطرنج کھیلا تھا۔

۱۱۔ مولانا ابوالحسنات محمد عبدالحی لکھنوی رح کتاب فوائد البہیہ فی تراجم الحنفیہ صفحہ ۵۳ میں لکھتے ہیں :۔

"محمد بن محمد بن ابی عبد اللہ قطب الدین الرازی قال الامام میرزن فی المعقولات اشتہر اسمہ دورن الی دمشق فوجدناہ اماما فی المنطق والحکمۃ عالما بالتفسیر والمعانی والبیان قال ابن کثیر کان احد المتکلمین العالمین وکان یجید لعب الشطرنج وکان من بحور العلم واذکیاء العالم"

محمد بن محمد بن ابی عبد اللہ قطب الدین رازی۔ کہا امام میرزنے کہ ان کا نام معقولات میں مشہور ہے۔ ایک دفعہ وہ دمشق میں وارد ہوئے تو ہم نے ان کو منطق وحکمت میں امام پایا، اور تفسیر اور معانی اور بیان میں عالم پایا۔ اور ابن کثیر نے کہا ہے کہ وہ متکلمین عالموں میں یگانہ تھے اور وہ بڑے اعلیٰ پیمانہ پر شطرنج کھیلا کرتے تھے۔ حالانکہ وہ علم کے سمندروں اور جہان کے پاکیزہ لوگوں میں سے تھے۔

۱۲۔ علامہ شیخ سراج الدین حنفی نے فتاوٰے سراجیہ صفحہ ۲۷۶ میں لکھا ہے :۔

"من یلعب بالشطرنج ولا یقید"

جو شخص شطرنج کھیلے اور اس کے ساتھ

Marfat.com

القمار ویحفظ الصلوٰۃ ویتورع عن شہادۃ الزور جائزۃ "

جوئے کا ارادہ نہ کرے اور نماز کی پابندی رکھے اور جھوٹی گواہی سے بچے تو کھیلنا جائز ہے۔

۱۳۔ علامہ شیخ مجد الدین الموصلی الحنفی رحمتوفی ۶۸۲ھ کتاب اختیار شرح المختار، کتاب شہادت میں لکھتے ہیں :۔

"نفس اللعب بالشطرنج لا تسقط العدالۃ الا ان تفوتہ الصلوٰۃ "

محض شطرنج کھیلنا عدالت کو ساقط نہیں کرتا جب تک کہ اس سے نماز نہ فوت ہو جائے۔

۱۴۔ مولانا مولوی احمد مکرم عباسی چڑیا کوٹی نے اباحتِ شطرنج میں ایک مستقل رسالہ لکھا ہے، جس کا نام ہے " رسالہ شطرنج " اس میں واضح کیا ہے کہ کھیلیں دو قسم کی ہیں ایک اضطراری۔ جیسے پانسہ، چوسر وغیرہ یہ حرام ہیں۔ دوسری اختیاری جیسے شطرنج وغیرہ یہ مباح ہیں، اور اس میں مفصل دلائل سے ثابت کیا ہے کہ شطرنج کھیلنا جائز ہے۔

اس رسالہ کی تصدیق و تصحیح پر بڑے بڑے نامی گرامی علماء نے مہریں ثبت فرمائی ہیں جن کے اسماء یہ ہیں :۔

۱۔ مولوی عنایت رسول عباسی چڑیا کوٹی
۲۔ مولوی احمد مختار عباسی چڑیا کوٹی
۳۔ مولوی محمد ماجد صدیقی چڑیا کوٹی
۴۔ مولوی محمد منیر صدیقی حنفی چڑیا کوٹی
۵۔ مولوی مشید الفضلاء چڑیا کوٹی
۶۔ مولوی محمد قریش بازید پوری
۷۔ مولوی عبید اللہ خاں مولوی فاضل حیدرآبادی
۸۔ مولوی عبد الستار حیدرآبادی
۹۔ مولوی عبد الوہاب بہارتی تلمیذ مولینا عبد الحق لکھنوی۔
۱۰۔ مولوی غلام رسول حنفی عادل گڑھی۔

کرامات

سید حافظ روح اللہ رح سے اکثر خوارق و کرامات ظاہر ہوئے :۔

Marfat.com

دولتمندی کی دعا منقول ہے کہ آپ نے اپنے چھوٹے بھائی سید فاضل شاہؒ کو دعا فرمائی کہ تم کو دنیا میں دال روٹی بہت ملے گی۔ کوئی غم نہ کرنا۔ چنانچہ واقعی ان کے ایام حیات آسودگی میں گذرے۔

لڑکے کی بشارت دینا منقول ہے کہ آپ نے سید فاضل شاہؒ کو فرمایا کہ میری وفات کے بعد خدا تعالےٰ تجھے لڑکا عطا فرمادے گا۔ میری بیٹی سیدہ کرم بی بی کا نکاح اُس سے کر دینا۔ چنانچہ آپ کی بشارت کے مطابق ان کے ہاں سید کرم الٰہی پیدا ہوئے۔ آپ کی وفات سے اڑھائی سال بعد یہ پیش گوئی پوری ہوئی۔

سفید رنگ لڑکا پیدا ہونا منقول ہے کہ ایک مرتبہ زوجہ ساہنا تارڑ ساکن اگرویہ نے خدمت میں عرض کیا کہ میرے لڑکے محمد بخش کے ہاں اولاد نہیں ہوتی۔ آپ نے گڑ دم کر دیا۔ محمد بخش کی بیوی نے دیکھ کر کہا کہ یہ گڑ تو سیاہ ہے۔ آپ نے فرمایا کہ تم کوئی فکر نہ کرو۔ یہ کھالو۔ جو لڑکا پیدا ہو گا وہ سفید رنگ ہوگا۔ چنانچہ اُس کے ہاں غلام محمد پیدا ہوا جس کا رنگ سفید گورا تھا۔

مذبوحہ چڑیوں کا زندہ ہو جانا منقول ہے کہ ایام طفولیت میں ہی آپ سے خوارق ظاہر ہوتے تھے۔ چنانچہ ایک دفعہ آپ اپنے جد بزرگوار کے ہمراہ جھام والہ میں تشریف فرما تھے۔ برسات کا موسم تھا۔ آپ کھیلتے ہوئے کوٹھے پر چڑھ گئے، اور چڑیوں کا شکار کرنے لگے۔ جو چڑیا پکڑتے اُس کو ذبح کر کے پاس رکھتے جاتے۔ اسی طرح کئی چڑیاں ذبح کر ڈالیں۔ صاحب خانہ کی عورت نے دیکھا تو کہا صاحبزادہ صاحب! "یہ کام نہ کرو۔"

آپ نے مذبوحہ چڑیوں کی طرف مخاطب ہو کر فرمایا "چڑیو اڑ جاؤ"۔ وہ بحکم خدا زندہ ہو کر اُڑ گئیں۔

فائدہ مُردوں کا زندہ ہو جانا اولیاء اللہ کی کرامات میں داخل ہے۔ چنانچہ :-

Marfat.com

۱۔ میاں نتھا قادریؒ نے ایک مُردہ چُوہا کو زندہ کر دیا۔ عـ۱ـہ
۲۔ ایک فاختہ کو شکاری نے مار ڈالا اور حضرت میاں میر قادری لاہوریؒ نے اُس کو ہاتھ پھیر کر زندہ کر دیا۔ عـ۲ـہ

کشف عطا کرنا مولوی حکیم محبوب عالم فاروقی ساکن بگیو والہ سے منقول ہے کہ ایک بار آپ کی مجلس میں ذکر ہوا کہ جو درویش مراقبہ کرتے ہیں، اور دل کو دیکھتے ہیں۔ ان کو کیا نظر آتا ہے ؟۔ آپ نے میرے والد مولوی حکیم کرم الٰہیؒ پر توجہ فرمائی۔ اور فرمایا "اپنے دل کی طرف دیکھو" انہوں نے نگاہ کی تو مثل پتھر کے نظر آیا۔ پھر اس میں نور کا ایک شعلہ نمودار ہوا، اور بتدریج بڑھنے لگا، حتیٰ کہ تمام قلب مثل شیشہ کی صاف شفاف ہو گیا۔ اس وقت غیبی حالات منکشف ہونے شروع ہو گئے۔ کشف کونی پورا پورا حاصل ہو گیا۔ یہاں تک کہ ان کا ایک بیلچہ گم ہو گیا ہوا تھا۔ وہ مصلیوں کے گھر میں کوٹھیوں کے نیچے پڑا ہوا نظر آ گیا۔

لطائف قلوب ذاکر کر دینا منقول ہے کہ ایک مرتبہ آپ لدھے والہ چیمیاں ضلع گوجرانوالہ میں تشریف فرما تھے۔ اثنائے کلام میں کسی شخص نے عرض کیا کہ "انسان کا قلب کس طرح ذاکر ہو سکتا ہے"۔؟ آپ نے کلمہ طیبہ کی ایک ضرب لگائی تو تمام حاضرین مجلس کے قلوب ذاکر ہو گئے۔ مجلس میں دو ہندو نذگر موجود تھے۔ ان کے دل بھی ذاکر ہو گئے، بلکہ ان کی زبان پر بھی کلمہ طیبہ جاری ہو گیا۔

آسیب دُور کرنا منقول ہے کہ کسی آسیب زدہ کو آپ کے حضور میں پیش کیا گیا۔ آپ چونکہ اِس قسم کے عامل نہیں تھے۔ اس لئے کچھ دل میں خائف ہوئے۔ اور بوجہ خوف کے دوگانہ نفل طویل شروع کر دیا۔ جب نماز سے فارغ ہوئے تو آسیب زدہ کے منہ سے جنّ بولا "کہ قبلہ عالم! آپ خوف نہ کریں۔ میں آپ کے جد بزرگوار حضرت سید

عـ۱ـہ تذکرہ اولیائے ہند جلد ۳ صفحہ ۳۹
عـ۲ـہ ایضاً صفحہ ۴۳ شرافت

Marfat.com

حافظ قُل احمد پاکذات نوشاہِ ثانیؒ کا مریدِ ہوں۔ آپ اِن سے نذرانہ لیں تو میں چلا جاؤں گا۔ چنانچہ آپ نے نذرانہ لیا تو وہ جن فوراً چلا گیا اور وہ بیمار اچھا ہوگیا۔

دستِ غیب منقول ہے کہ ایک مرتبہ آپ موضع اجنکے ضلع گوجرانوالہ کافی دنوں تک رہے۔ کچھ فتوحات نہ ہوئی۔ ایک دن کسی شخص نے بطورِ امتحان آپ کو کہا کہ مجھے ایک روپیہ کا پرچون دو۔ آپ نے اُسی وقت اپنے رومال سے سفید دوانیاں چوانیاں نکال کر دیں۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ ابھی ٹکسال سے بن کر آئی ہیں۔ پھر وہ شخص آپ کے کمالات کا معتقد ہوگیا۔

دو روپیہ روزینہ جاری کرنا سراج الدین بروالہ ساکن اجنکے سے منقول ہے کہ ایک مرتبہ میں نے آپ کو نہلایا۔ آپ بہت خوش ہوئے اور فرمایا "اگر کوئی حاجت ہے تو طلب کرو"۔ میں نے عرض کیا کہ "افلاس نے بہت تنگ کیا ہوا ہے۔ غریب الحال ہوں"۔ آپ نے فرمایا "آج کے بعد تم کو دو روپیہ روزانہ مِل جایا کریں گے"۔ چنانچہ اُس کے بعد میرا دو روپیہ روزینہ جاری ہوگیا۔

چور کا پکڑا جانا منقول ہے کہ ایک مرتبہ آپ جھام والہ میں تشریف فرما تھے کہ مولاداد چٹھہ کے گھر سے زیورات چوری ہوگئے۔ اُس نے آپ کے آگے التجا کی۔ آپ چہرہِ انور پر نقاب ڈال کر مراقبہ میں بیٹھ گئے۔ ابھی چند منٹ ہی گذرے تھے کہ خبر آگئی۔ چور پکڑا گیا ہے اور سب زیورات مِل گئے ہیں۔

ملفوظ آپ نے ٹیکو نام چور کو نصیحت فرمائی کہ جس کا نمک کھائیے، اُس کا بُرا نہ مانگئے۔

فضیلت مولوی حکیم محبوب عالم فاروقیؒ ساکن بگیو والہ کہا کرتے تھے کہ حضرت سید حافظ روح اللہؒ اپنے وقت میں امام الاصفیا تھے۔

اولاد آپ کا نکاح ۱۲۷۹ھ میں حضرت ستار بی بی قوم جنجوعہ ساکن دھنویہ خورد ضلع گوجرانوالہ سے ہوا۔ ان کے بطن سے کوئی اولاد نرینہ نہیں ہوئی۔ صرف ایک صاحبزادی سیدہ کرم بی بی نام متولد ہوئیں۔ جن کا نکاح آپ کے حسبِ وصیت سید کرم الٰہی بن سید

Marfat.com

فاضل شاہؒ سے ہوا۔

یارانِ طریقت آپ کے خواص مریدان یہ تھے :-

۱۔ سید فاضل شاہ بن سید محمد امین مختار۔ برادر آنجناب۔ ساہنیال شریف ضلع گجرات

۲۔ سید چراغ دین المعروف بدوح شاہ بن سید محمد علی برخورداری خواہرزادہ۔ پانڈوکے نو گوجرانوالہ

۳۔ مولوی عمر الدین بن مولوی میراں بخش فاروقی خوشنویس اجتکے "

۴۔ چوہدری مولاداد وڑائچ چک ظاہر گجرات

تبرکات آپ کے جسم اطہر کا پوشیدنی کوٹ سُرخ بانات کا۔ اور طلا دار پاپوش اِس وقت ۱۳۷۶ھ میں صاحبزادہ ممتاز احمد بن سید کرم الٰہی برخورداری ساہن پالوی کے گھر میں موجود ہے۔

واقعہ وفات منقول ہے کہ آپ نے درگاہِ عالیہ نوشاہیہ میں چلہ کیا۔ وہاں سے آپ کو حکم ہوا کہ تمہاری عمر ایک سال باقی ہے۔ چنانچہ آپ نے بعمر پچیس سال بعارضہ خنازیہ (ہنجیراں) انتقال فرمایا۔

تاریخ وفات سید حافظ روح اللہ کی وفات شب جمعہ۔ وقت نمازِ تہجد۔ سولہویں صفر المظفر ۱۲۹۴ھ مطابق بائیس چگن ۱۹۳۴ب میں ہوئی۔ قبر گورستانِ نوشاہیہ میں اپنے دادا صاحب کے ساتھ مشرقی جانب ہے۔

قطعہ تاریخ

از مولانا غلام قادر بن مولوی شیخ احمد فاروقی رحنفی
ساکن رسول نگر ضلع گوجرانوالہ

دریغ آں حافظ روح اللہ امشب — ازیں عالم بعقبیٰ روئے بنہاد
بدردِ ماتمش خویشاں بنالہ — بسوزِ فرقتش اقراں بفریاد
نخوردہ برز باغ زندگانی — نبردہ جز قلیل از عیشِ او زاد
زہے سرو ریاض علم و اخلاص — بباغِ نوشہی نورستہ شمشاد

Marfat.com

بخوردی پیر شد بہر مریداں — عجب مقبولِ خلق آمد بہ ارشاد
بحفظش ہفت سُبعِ جملہ قرآں — برہم یک امامِ حفص منقاد
نماندش یادگارے از عقب کاں — کند اثبات را اثبات بنیاد
سنینِ عمر او کاج[۲۴] ست افسوس — چہار و بست[۲۴] سال آمد بکن یاد
وداعش شانزدہ[۱۶] ماہِ صفر بود — شبِ آدینہ شد از جاں تن آزاد
الٰہی رحم کن برحالِ زارش — بفردوسِ بریں آں را کن آباد
چو تفریقش ز جمعِ دوستاں شد — فراق از فوتِ او سرزد در امجاد
بگفتا بلبلے سالش بتفریق — گلِ زیبا۔ ز۔ باغِ نوشہ[۱۳۶۴] افتاد

یعنی گلِ زیبا کے اعداد ۷۰، باغ نوشہ کے اعداد ۱۳۶۴ سے تفریق کرنے سے آپ کا سنہ وفات ۱۲۹۴ھ ظاہر ہوتا ہے۔

مادہ ہائے تاریخ!

۱۔ آیت شریف نَجَّيْنٰكَ مِنَ الْغَمِّ — ۲۔ مصرعہ۔ جَزَاكَ اللّٰهُ فِی الدارین خیرا
۳۔ نجمِ فیض رساں — ۲۔ چمنِ آخرت

سیّد فاضل شاہؒ

آپ حضرت سیّد محمد امین مختار بن سیّد حافظ قل احمد پاکذات نوشاہِ ثانیؒ کے دوسرے بیٹے تھے۔ خرقہ خلافت و اجازت اپنے بڑے بھائی سیّد حافظ رُوح اللہ بن سیّد محمد امینؒ سے حاصل کیا۔

آپ کی والدہ کا نام حضرت گوہر بی بی بنت میاں خدا بخش قوم جنجوعہ ساکن دھنویہ خورد ضلع گوجرانوالہ تھا۔

تاریخ ولادت آپ کی ولادت ۱۲۷۱ھ میں ہوئی۔ جد امجد حضرت نوشاہِ ثانیؒ نے آپ کو گرمتی دی۔ آپ کی تاریخ لفظ "فضل نوشہ" سے نکالی۔ ذیل کے مادہ ہائے تاریخ مؤلف نے استخراج کئے ہیں:۔

Marfat.com

۱۔ فاضلِ عصر۔ ۲۔ نیرِ اعظم۔ ۳۔ فیاضِ فقر۔ ۴۔ شیریں گفتار۔ ۵۔ شمع نورِ خدا۔

تعلیم آپ نے قرآن مجید کی تعلیم اپنے دادا صاحب سے پائی۔ چند درسی ابتدائی کتابیں اپنے والد صاحب اور مولوی سید غلام قادر بن سید عبداللہ برخورداریؒ سے پڑھیں۔

اوراد و وظائف آپ سرگی کے وقت اٹھتے، اور نوافل تہجد ادا کر کے وظائف میں مشغول ہوتے۔ کلمہ طیبہ اور درود شریف ہزارہ آپ کا معمول تھا۔ چاشت تک وہیں اشتغال رکھتے۔ نماز شام کے بعد روزانہ صلوٰۃ الاسرار بھی پڑھا کرتے۔ اور گیارہ قدم بغداد شریف کی طرف چلتے اور استمداد کیا کرتے۔

اخلاق و عادات

آپ بڑے صاحبِ ذوق و شوق و جذب و سماع و وجد تھے۔ عابد و زاہد، سخی جواد تھے۔ سوائے خدا کے کسی سے خوف نہ رکھتے۔ طبیعت قدرے جوشیلی تھی۔ ہر کسی کو آپ کے ساتھ تاب گفتگو نہ ہوتی تھی۔

غریب پروری منقول ہے کہ ایک مرتبہ آپ پنڈی لوہاراں میں تشریف فرما تھے۔ امام الدین موچی ایک گائے ذبح کرنے کے واسطے لایا۔ آپ نے پوچھا، کس قیمت سے لایا ہے"؟ اُس نے کہا" پندرہ روپیہ سے" آپ نے اُس کو اپنی گرہ سے پندرہ روپیہ دے دیئے۔ اور فرمایا" اس کو چھوڑ دے۔ اس کا دودھ پیا کرنا۔ چنانچہ ایک سال تک اُس نے دودھ پیا۔

توکل علی اللہ آپ کے بیٹے سید کرم الٰہی سے منقول ہے کہ جب ۱۹۵۶ء میں ملک پنجاب میں قحط عظیم نمودار ہوا۔ تو اکثر لوگ بھوک کی شدت سے جاں بلب ہو گئے۔ آپ کے گھر میں بھی افلاس غالب ہو گئی۔ ایک دن ہماری والدہ صاحبہ نے آپ کو کہا کہ آپ کسی ساہوکار سے جا کر غلہ ہی لے آویں۔ بال بچے بھوک کی تکلیف میں ہے۔ آپ نے فرمایا" بیوی! ہمارا ساہوکار تو اللہ ہی ہے" چنانچہ آپ صبر و توکل سے گھر میں ہی بیٹھے

Marfat.com

رہے۔ شام کو ایک شخص آپ کی خدمت میں آیا۔ اُس نے بیس روپیہ آپ کو نذرانہ دیا۔ آپ نے فرمایا" دیکھا بیوی، ہمارا ساہوکار کیسا ہے۔ بیٹھے بٹھائے رزق بھیجتا ہے۔

حفظ مراتب کی تلقین

آپ حفظ مراتب کی تلقین فرمایا کرتے۔ منقول ہے کہ ایک بار عُرس نوشہرہ شریف پر تشریف لے گئے۔ میاں میراں بخش بن میاں سلطان بالا سچیاری سجادہ نشین نوشہروی نے آپ کے آگے آٹھ آنے نذرانہ رکھا۔ آپ دیکھ کر سخت ناراض ہوئے اور فرمایا" اس سے زیادہ تو چوہڑے نذرانہ دے دیتے ہیں۔ تم نے اپنی قدر اور ہماری قدر نہیں پہچانی۔ چنانچہ آپ نذرانہ چھوڑ کر چلے آئے۔

آداب شناسی

آپ اپنے پیرِ طریقت برادر بزرگ سید حافظ رُوح اللہ کا بہت ادب کیا کرتے بلکہ ان کی بیٹی سیدہ کرم بی بی جو آپ کے بیٹے سید کرم الٰہی کی منکوحہ تھیں اور آپ کی بہو تھیں۔ اُن کا بھی ادب کرتے اور اپنے پوتے صاحبزادہ صوبے شاہ بن سید کرم الٰہی جو حافظ صاحب کے نواسے تھے، ان کا بھی ادب کرتے، اور ان سے کبھی کوئی خدمت نہ لیتے۔

عُرس حافظ صاحب

آپ اپنے شیخ سید حافظ رُوح اللہ کا عُرس ہر سال بتاریخ بائیس پھگن کو کیا کرتے، بلکہ اولاد کو وصیت فرمائی تھی کہ میرا عُرس کرنا یا نہ کرنا۔ مگر میرے حافظ صاحب کا عُرس ترک نہ کرنا۔ چنانچہ آپ کے بعد آپ کے فرزند اکبر سید کرم الٰہی کرتے رہے اور اب ان کا لڑکا صاحبزادہ ممتاز احمد ہر سال یہ عُرس کیا کرتا ہے۔

سماع و وجد

مولوی حاجی محمد شریف فاروقی ساکن لدھے والہ چیمیاں سے منقول ہے کہ ایک مرتبہ میں نے آپ کی مجلس میں ہیر سید فضل شاہ لاہوری کے یہ اشعار پڑھے:۔

چڑھیا چیت اچنت نوں جنت لگی جھولا جھُل پیا اچن چیت رانجھا
اوہدر کھیت پُھٹے ایدھر کھیت ہوئی بندی ہیر ہوئی کھیت کھیت رانجھا
بھوجن جوں جیوں جنہ دی ہیر تیری بھوجاں پئی تتی ریت رانجھا

Marfat.com

کم زور دشمن کم زور دشمن دونویں ہتھ مولا ہار جیت رانجھ

آپ کو سن کر وجد ہو گیا۔ جب افاقہ ہوا تو آپ نے ان اشعار کی بڑی عمدہ تشریح فرمائی۔

مغنیہ کی آواز سے وجد آپ کے فرزند اصغر سید غلام احمد کاتبؒ سے منقول ہے کہ ایک بار آپ کسی شہر کے بازار میں سے گذر رہے تھے کہ ایک مغنیہ طوائف اپنے مکان میں گا رہی تھی۔ اُس وقت یہ کہہ رہی تھی "اکھ وچ نا ہیں کجھ پچدا تے پچدائے یار تمامی" آپ نے سن کر نعرہ مارا اور وجد کی حالت میں بے ہوش ہو کر گر پڑے۔

سوزِ عشق منقول ہے کہ جب آپ کو وجد ہوا کرتا تو آپ کو اس قدر حرارتِ عشق غالب ہو جاتی کہ اُس کی بھڑک سوائے پانی پینے کے نہ بجھتی۔ چنانچہ

۱۔ ایک مرتبہ آپ کو لدھے والہ میں وجد ہو گیا۔ پوہ کی رات تھی۔ آپ دو گھڑے پانی پی گئے۔ وہ سب اندر ہی جذب ہو گیا۔

۲۔ اسی طرح ایک بار دھنویہ خورد میں آپ کو وجد ہوا تو ایک گھڑا پانی نوش فرمایا۔

اشعار خوانی آپ گاہ بگاہ یہ اشعار پڑھا کرتے۔

۱۔ باہجھ امامے اپنے بستہ کھولے جو پکڑے اوہ امام جے دوہاں فاسد ہو

فائدہ مؤلف کہتا ہے کہ یہ ایک شرعی مسئلہ ہے کہ جب امام قرأت پڑھنے میں رُک جاوے، تو اگر مقتدی کے علاوہ کوئی اور منفرد نمازی اُس کو لقمہ دیوے اور امام اس کو قبول کرے، تو دونوں کی نماز فاسد ہو جاتی ہے۔ امام کی نماز بھی اور اُس لقمہ دینے والے کی نماز بھی۔

۲۔ جاہل دی درویشڑی اُتے دھاگہ جو جاں وٹ نیڑے ڈھوئے اگوں پھنڈ کھلو

فائدہ مؤلف کہتا ہے کہ اس کا یہ مطلب ہے کہ جاہل درویش کی مثال اون کے دھاگہ کی طرح ہے۔ جب اُس کو مروڑ کر سوئی میں ڈالنا چاہیں تو قریب نگوکے جا کر

Marfat.com

پھر وہ پھنڈ جاتا ہے، اور نکمہ میں داخل نہیں ہو سکتا۔ اسی طرح جاہل فقیر جب عبادات و ریاضات سے وصول الی اللہ کے قریب ہوتا ہے، تو اپنی جہالت سے کوئی ایسی غلطی کر بیٹھتا ہے کہ وصال سے محروم ہو جاتا ہے۔

حلیہ اقدس آپ میانہ قد، متوسط اندام تھے، رنگ گندم گون، داڑھی دو قبضہ کے برابر، مہندی لگایا کرتے، سر کے بال کانوں تک۔

مؤلف آپ کی زیارت سے مشرف ہوا ہے۔ میری عمر اُس وقت بارہ سال تھی۔ آپ میرے دادا صاحب کے بڑے بھائی تھے۔ میری پیدائش ہوئی تو آپ نے ہی مجھ کو گھٹی دی تھی۔ آپ کے برکات ہر وقت میرے شاملِ حال ہیں۔

عطیہ زمین آپ کے مریدان مسمیان کرم داد و مہرداد قوم ملہی سکنائے ڈوگر یانوالہ ضلع سیالکوٹ نے آپ کو موازی تین کنال زمین چاہی واقعہ رقبہ موضع کوپرہ ضلع سیالکوٹ نذرانہ میں دی تھی۔ جو آج تک آپ کی اولاد کے پاس موجود ہے۔

کرامات

آپ سے خوارق بہت ظاہر ہوتے تھے۔ ازانجملہ :۔

ایک وقت میں دو جگہ پر موجود ہونا آپ کے مرید حسن محمد بن نظام الدین ماچھی سے منقول ہے کہ ایک مرتبہ آپ ہمارے پاس لوکڑی ملّاں میں تشریف لائے۔ رات کو میں آپ کے پاؤں دباتا رہا، اور دل میں خیال کیا کہ سردی کا موسم ہے۔ جب تہجد کے لئے آپ مسجد میں جاویں گے۔ تو سرد پانی کے استعمال سے آپ کو تکلیف ہوگی۔ چنانچہ سرگی کے وقت میں مسجد میں چلا گیا تاکہ آپ کے لئے تازہ پانی نکالوں۔ آگے دیکھا کہ آپ مسجد کے اندر ذکرِ جہر کر رہے ہیں۔ میں سخت متعجب ہوا۔ جب واپس آیا تو آپ ابھی چارپائی پر استراحت فرماتے تھے۔ دوسری دفعہ پھر مسجد میں گیا تو آپ قطب کی طرف متوجہ ہو کر معروفِ وظائف تھے۔ دوبارہ واپس آیا تو ابھی اُسی جگہ پر تھے۔ پھر آپ نے فرمایا: "اس راز کو ظاہر نہ کرنا"

Marfat.com

روزینہ غیب جاری کرنا آپ کی مریدہ مائی سیداں زوجہ سائیں صدرالدین جوگی نورپوری سے منقول ہے کہ آپ نے مجھ کو ایک وظیفہ ارشاد فرمایا۔ میں نے پچیس روز تک بلاناغہ کیا۔ سولہ روز تک ایسا ہوا کہ میں جب گاؤں سے باہر کھیتوں پر پانی لینے جاتی۔ تو مجھے دو روپیہ راستہ میں پڑے مل جاتے۔ مجھ سے یہ راز فاش ہو گیا، تو وہ روزینہ بند ہو گیا۔ اب بھی آپ کی توجہ سے میری یہ حالت ہے کہ گائے بھینس کے شکم میں جو بچہ ہو، وہ مجھے بنظر باطن معلوم ہو جاتا ہے۔

برکت والا روپیہ دینا محمد موچی عالم گڑھی سے منقول ہے کہ آپ پنڈی لوہاراں میں امام الدین موچی کے گھر تشریف لے گئے۔ اور اس کی غربت و افلاس کو مدِنظر رکھ کر ایک روپیہ عطا فرمایا کہ اس کو کسی برتن میں رکھ دو۔ اور روزانہ اس میں سے ایک روپیہ لے لیا کرنا۔ جب صبح کو وہ دیکھتا تو دو روپیہ پڑے ہوتے۔ وہ ایک لے لیا کرتا۔ اسی طرح متواتر ایک سال تک وہ آتے رہے۔ ایک دن زیادہ ضرورت کی وجہ سے اس نے دو نو روپے لے لئے۔ اس کے بعد وہ آنا بند ہو گئے۔

فصل میں برکت ہونا مولاداد بن الٰہی بخش تارڑ سارنگوی سے منقول ہے کہ ایک بار آپ نے مویشیوں کے واسطے مجھ سے چارہ طلب کیا۔ میں نے چارہ دے دیا۔ اور عرض کیا کہ آپ کے بزرگانِ سلف تو بڑے کامل تھے۔ آپ اُن کی اولاد ہیں۔ دعا فرماویں کہ خدا تعالےٰ فصل میں برکت کرے۔ آپ نے دعائے خیر فرمائی۔ چنانچہ ہماری ایک کنال مکئی تھی۔ جب کاٹی تو کمیوں کو بھی کافی دی۔ اور کوٹنے سے گیارہ من غلہ اس میں سے برآمد ہوا۔ حالانکہ ٹانڈے تھوڑے تھے۔

چوروں کا پتہ دینا منقول ہے کہ آپ مسمات سیداں زوجہ کونہ کشمیری ساکن پنڈوری کو خواب میں ملے اور فرمایا کہ تم اپنی کمائی سے دسواں حصہ ہماری نذر کیا کرتے تھے۔ اس سال تم نے ہمارا حصہ نہیں دیا۔ اس لئے تمہارے دو بیل چور لے گئے ہیں۔ جب وہ بیدار ہوئی تو معلوم ہوا کہ واقعی دو بیل چوری ہو گئے ہیں۔ پھر انہوں نے توبہ کی، اور حساب کر کے مبلغ چودہ روپیہ آپ کی نذر کئے۔ اس کے بعد

Marfat.com

آپ کی دعا سے وہ دونوں بیل واپس آ گئے۔

چوروں سے آگاہ کرنا

منقول ہے کہ سمات سیداں کشمیرن مذکور کو آپ خواب میں ملے اور فرمایا کہ جلدی بیدار ہو۔ تمہارے گھر کو چور نقب لگا رہے ہیں۔ جب وہ اٹھی تو واقعی ایسا ہی دیکھا۔ اُس کی آواز سن کر چور بھاگ گئے۔ اس کا سب مال و اسباب بچ گیا۔

فائدہ

خواب میں آگاہ کرنا بزرگوں سے منقول ہے۔ چنانچہ سید آدم بنوری مجددیؒ نے اپنے مرید شیخ محمد شریف کو خواب میں کہا کہ اُٹھ تیرے گھر میں چور آیا ہے۔ وہ اٹھا تو چور بھاگ گیا۔ [1]

مقدمہ سے رہا کروانا

چوہدری حسن محمد بن محکم چٹھہ ساکن پانڈو کے نوَ سے منقول ہے کہ ایک مقدمہ میں مجھ پر دو حرفی کا الزام آ گیا۔ مجھے قید ہو جانے کا سخت خطرہ تھا۔ رات کو خواب میں دیکھا کہ کچہری لگی ہے۔ آپ وہاں موجود ہیں، اور مجسٹریٹ کو فرما رہے ہیں کہ اس کو چھوڑ دو۔ یہ بے قصور ہے۔ چنانچہ صبح کو اُس نے مجھے رہا کر دیا۔

مرید کی تکلیف کو خود برداشت کرنا

منقول ہے کہ ایک مرتبہ آپ موضع نورا مہڑیالہ میں تھے۔ امام الدین موچی پنڈی لوہاراں سے رات کو آپ کی ملاقات کے واسطے روانہ ہوا۔ راستہ میں اُس کو پانچ مہیب آدمی نظر آئیں۔ اور اس کو ایک طمانچہ بھی پشت پر مارا۔ جب وہ آپ کی خدمت میں پہنچا تو آپ نے فرمایا تو اِس وقت اندھیرے میں کیوں آیا ہے۔ دیکھو! جو طمانچہ تم کو لگا ہے، وہ ہم نے برداشت کیا ہے۔

مار گزیدہ کا شفا پانا

مولوی حاجی محمد شریف فاروقیؒ سے منقول ہے کہ ایک دفعہ حضور ہمارے پاس لدھے والہ چیمیاں میں تشریف لائے ہوئے

---

[1] تذکرہ اولیائے ہند۔ جلد ۳۔ صفحہ ۱۰۴ شرافت

Marfat.com

تھے کہ میری اہلیہ کو سانپ کاٹ گیا۔ آپ نے دم کیا تو فوراً شفا ہو گئی۔

بخار کا دُور ہونا فتح الدین بن محمد خان چٹھہ سکنہ پاکوٹ سے منقول ہے کہ آپ ہمارے کوہ پر تشریف لائے۔ میرے عرض کرنے پر بخار نہیں چھوڑتا۔ آپ نے فرمایا کہ ٹاہلی کے پتے رات کو پانی میں بھگو دیں کو وہ پیو۔ چنانچہ میں نے ایسا ہی کیا۔ دو روز کے بعد مجھے صحت ہو گئی۔

سرکش بیل کا رام ہونا خوش محمد چیمہ شیخوپوری سے منقول ہے کہ ہمارا ایک بیل بڑا تند خو اور مریل تھا۔ ہم نے اس کو دُہ واگہ پایا ہوا تھا۔ آپ تشریف لائے۔ دیکھ کر فرمایا: اس کو کیوں تنگ کر رکھا ہے۔" ہم نے عرض کیا کہ یہ نا قابل ہے۔ آپ نے اس کے کان میں کہا کہ "یہ لوگ تجھ کو چارہ ڈالتے ہیں اور خدمت کرتے ہیں اور تو ان کو مارتا ہے۔ بس آپ کے کہنے کی دیر تھی کہ وہ بالکل اصیل ہو گیا اور پھر کبھی کسی کو نہ مارا۔

فوری طور پر بارش ہونا سید کرم الٰہی سے منقول ہے کہ آپ ایک مرتبہ کوٹلی شہباز میں شیخ محمد بخش قادری و شاہی خلیفہ سید حافظ الٰہی بخش مظہر حق برخورداری کے عرس پر تشریف لے گئے۔ میں بھی بچہ تھا اور آپ کے ہمراہ تھا روٹی کھانے کے وقت میں نے پانی مانگا۔ ایک درویش نے کہا: پانی بادلوں میں ہے۔ آپ نے جب یہ بات سنی تو فوراً اوپر دیکھا۔ امر الٰہی سے ایک قطعۂ ابر نمودار ہوا۔ اور فوراً بارش شروع ہو گئی۔

بزرگوں کی زیارت کروانا منقول ہے کہ جب آپ نے مکانات کی تعمیر کی تو آپ کے خادم سائیں سالم شاہ درویش نے بڑی جانفشانی سے کام کروایا۔ بڑا گہرا جوہڑ (چھپڑ) تھا۔ اُس نے اکیلے مٹی ڈال کر زمین سے ہموار کیا۔ اُس پر مکان تیار ہوئے۔ ایک دن کہنے لگا کہ اگر یہ کام میں کسی بادشاہ کا کرتا تو بڑی مزدوری پاتا۔" آپ نے فرمایا: "آج رات تم کو ہماری اُجرت کا پتہ لگ جائے گا۔ چنانچہ اُس رات کو اُسے حضرت نوشہ گنج بخش کی زیارت ہوئی۔ انہوں نے اُس کا ہاتھ شاہ نعمت اللہ الملقب بہ حاجی دیوان ڈوگر سہروردی کے ہاتھ میں پکڑایا۔ صبح کو آپ نے سائیں سالم شاہ کو خانقاہ ڈوگراں (ضلع شیخوپورہ)

Marfat.com

میں بھیج دیا۔ جب کبھی اُس کی ضرورت پڑتی، خواب میں اُس کو بُلا لیتے۔

فاختہ کا پکڑا جانا

حکیم محمد افضل بن حکیم محبوب عالم فاروقی ساکن بیگووالہ کہتے ہیں کہ میرے بھائی ماسٹر محمود بن مولوی عبدالحکیمؒ بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ آپ ہمارے ہاں تشریف فرما تھے۔ تم ابھی بچہ تھے۔ میں نے تم کو اٹھایا ہوا تھا اور بہلا رہا تھا۔ سامنے درخت پر ایک فاختہ بیٹھی تھی۔ تم کہتے کہ وہ فاختہ مجھے پکڑ دو۔ میں کہتا کہ وہ کس طرح پکڑی جا سکتی ہے۔ آپ نے ہم کو فرمایا "محمود۔ پکڑ لو۔ پکڑی جائے گی۔ چنانچہ میں نے پکڑ لی۔ اُس نے ذرہ بھر جنبش نہ کی۔

برادر زادہ کو دعائے خیر

آپ نے اپنی وفات کے وقت فرمایا "عزیز غلام مصطفےٰ میرے بھائی کا اکلوتا بیٹا ہے۔ حق تعالےٰ اس کے سب کام خود بخود کیا کرے گا۔" دو تین مرتبہ یہ لفظ دُہرائے۔

مؤلف کتاب ہذا فقیر سید شرافت عافاہ اللہ کہتا ہے کہ حضور کی دعا میرے والد بزرگوار اللحضرت سید غلام مصطفےٰ ادام اللہ برکاتہ، کے حق میں بالکل مستجاب ہے۔ آج تک ان کے سب کام خدا کے فضل سے خود بخود ہو رہے ہیں۔ ان کو کسی قسم کی تکلیف لاحق نہیں ہوئی۔ اور نہ ہی کسی کا احسانمند ہونا پڑا ہے۔ سچ ہے۔

گفتۂ او گفتۂ اللہ بود ؛ گرچہ از حلقوم عبداللہ بود

ملفوظات

آپ کے بعض ارشادات یہ ہیں:-

۱۔ ایک مرتبہ نور پور چابلاں میں سنجانہ سائیں صدر الدین جوگی مجلس سماع ہو رہی تھی۔ بعض لوگوں پر وجد طاری تھا۔ کرم دین ترکھان پاس سے گذرا اور بنظرِ تحقیر دیکھ کر کہنے لگا کہ یہ سب سرود سننے والے، اور سنانے والے دوزخ میں جائیں گے۔ آپ نے سن کر نہایت نرمی سے ارشاد فرمایا "بھائی، دوزخ بھی تو خدا تعالےٰ کی ایک مخلوق ہے۔ اس کو تو نے بہت ہی

Marfat.com

حقیر سمجھ رکھا ہے۔ یہ کلام سننے ہی اس کو ایسی تاثیر ہوئی کہ وہ مرید ہی ہو کر رہا۔

٭ فقر کے دو فرض ہیں۔ ادب اور خدمت۔ ان کے بغیر درویش کو کمال حاصل نہیں ہو سکتا۔

اولاد آپ کا نکاح پندرہویں رجب ۱۲۸۹ھ کو سیدہ حیات بیگم بنت سید غلام نبی بن سید نور احمد برخورداریؒ ساکن دھیر کے خورد سے ہوا۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔

آپ کے چار بیٹے تھے :-

(۱) سید کرم الٰہیؒ (۲) سید نور الٰہیؒ (۳) سید غلام احمدؒ کاتب (۴) سید فیض احمدؒ

آپ کی ایک بیٹی تھی۔ سیدہ نواب بی بی۔ منکوحہ سید جلال الدین بن سید محمد علی پانڈوکویؒ۔

یارانِ طریقت آپ کے خواص احباب طریقت یہ تھے :-

۱۔ سید کرم الٰہی۔ فرزند اکبر آنجناب۔ ساہن پال شریف ضلع گجرات

۲۔ سید نور الٰہی۔ فرزند ثانی " " "

۳۔ سید غلام احمد۔ کاتب۔ فرزند ثالث " " "

۴۔ سائیں سالم شاہ فقیر قوم رانجھہ خانوالی " "

۵۔ میاں حسین بخش طور پنڈی لوہاراں " "

۶۔ میاں احمد الدین طور " " "

۷۔ میاں امام الدین موچی رسیدا " "

۸۔ میاں احمد الدین بن عبد اللہ گلگو ٹھٹہ امیر رانجھہ " "

۹۔ حسن محمد بن نظام الدین ماچھی لوکڑی ملتاں " "

۱۰۔ خان محمد بن کرم دین تارڑ اگرویہ " "

۱۱۔ جلال بن کرم دین تارڑ " " "

۱۲۔ حکیم محمد عالم بن مولوی غلام رسول فاروقی لدھیوالہ چیمیاں " گوجرانوالہ

۱۳۔ مولوی سید عالم بن مولوی غلام رسول فاروقی " " "

۱۴۔ مولوی حاجی محمد شریف فاروقی " " "

Marfat.com

۱۵۔ میاں نظام الدین رنگریز	میاں رحیما	ضلع	گوجرانوالہ
۱۶۔ میاں رنگ الٰہی جوئیہ	〃	〃	〃
۱۷۔ کرم داد ملہی	ڈوگر یانوالہ	〃	سیالکوٹ
۱۸۔ مہر داد ملہی	〃	〃	〃
۱۹۔ حاجی نواب خان ملہی	〃	〃	〃
۲۰۔ مائی سیداں زوجہ سائیں صدرالدین جوگی	نورپور چاہلاں	〃	گوجرانوالہ
۲۱۔ مائی سیداں زوجہ کونہ کشمیری	پنڈوریاں کلاں	〃	〃
۲۲۔ مائی بیگم بی بی المعروف سائیں بیگم علی	سوہل	〃	گجرات

تبرکات | آپ کی تسبیح مبارک اولاد کے پاس موجود ہے۔

تاریخ وفات | سیّد فاضل شاہ کی وفات بعمر چھیاسٹھ سال۔ شب جمعہ۔ وقت نمازِ تہجد۔ بتاریخ نویں صفر ۱۳۳۷ھ مطابق ۲۹ کاتک سمت ۱۹۷۵ ب کو ہوئی۔ قبر گورستانِ نوشاہیہ میں ہے۔

مادہ ہائے تاریخ

۱۔ چراغِ سبطِ نبی ۲۔ فروغِ مجدّد

حضرت مولٰینا سیّد حافظ محمّد شاہ نیک اختر

آپ عاشق ذاتِ خدا، محبوبِ حضرتِ کبریا، عمدۃ الاقطاب زمان، امام الاوتادِ جہان، ظاہر بشریعت آراستہ، باطن بطریقت پیراستہ تھے۔ آپ حضرت سیّد محمّد امین مختار بن سیّد حافظ قتل احمد پاکذات نوشاہِ ثانی رح کے فرزندِ اصغر اور مرید و خلیفہ تھے۔

آپ کی والدہ کا نام حضرت گوہر بی بی بنت مولانا خدا بخش قوم جنجوعہ ساکن دھنوریہ خورد ضلع گوجرانوالہ تھا۔

تاریخ ولادت | آپ کی ولادت باسعادت ۱۲۸۱ھ میں ہوئی۔ جد بزرگوار نے

Marfat.com

گڑھتی دی ۔ مادہ تاریخ ہے خزانہ خوبی

اخلاق و عادات آپ بڑے علامہ فہامہ، صاحبِ فہم و فراست، صاحبِ مکاشفہ و مراقبہ و محاسبہ تھے۔ سنتِ نبویؐ کے کمال پابند اور سلف صالحین کے طریقہ پر کاربند تھے۔ جو شخص آپ کو دیکھتا، اُس کو معلوم ہو جاتا کہ آپ نورِ مجسم ہیں۔ حضرت رسول اکرم سرورِ عالم صلے اللہ علیہ وسلم کے حضوری تھے۔ اٹھائیس علوم کے عالم تھے۔

اوراد و اذکار آپ قرآن مجید کے عاشق اور شیدا تھے۔ تلاوتِ کلام اللہ شریف بکثرت کرتے۔ اور نوافل آپ کی روحانی غذا تھی۔ کلمہ طیبہ، درود شریف ہزارہ، آیت کریمہ کا ورد رکھتے۔ صاحبِ خوارق و کرامات تھے۔ نسبت نوشاہیہ کے پورے پورے وارث تھے۔

آپ کے حالات و مقامات و کرامات و ملفوظات اِسی جلد کے طبقہ اول میں گذر چکے ہیں۔ یہاں بلحاظ ترتیب نسب مختصر تذکرہ کر دیا ہے۔ ؎

اولاد آپ کا نکاح ساتویں ربیع الآخر ۱۲۹۰ھ کو سیّدہ فاطمہ بی بی بنت سید فضل الٰہی بن مولوی سید غلام قادر برخورداری ساہنپالویؒ سے ہوا تھا۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔ آپ کے دو بیٹے ہوئے۔

۱۔ سید سردار عالم مرحوم

۲۔ اعلیٰحضرت مولانا سید غلام مصطفیٰ المتخلص بہ نوشاہی۔ ادام اللہ برکاتہٗ۔ یہ اِس وقت ۱۳۷۶ھ میں بعمر اُنہتر سال حیات بابرکات ہیں اور یہ مؤلف کتاب ہذا کے والد بزرگوار ہیں۔ سلمہ اللہ تعالیٰ و ادام اللہ ظلالہ۔

آپ کی ایک بیٹی سیدہ سردار بیگم نام تھی جو بچپن میں فوت ہوگئی۔

؎ آپ کی ایک مفصل سوانح حیات بنام تذکرہ محمدؐ شاہی مؤلف نے تالیف کی ہے جو تقریباً ہزار (۱۰۰۰) صفحہ مسودہ ہے۔ ۱۲ شرافت

Marfat.com

یارانِ طریقت آپ کے مریدوں کا شمار سینکڑوں تک تھا۔ بعض خواص کی فہرست طبقہ اوّل میں لکھی گئی ہے۔

تاریخ وفات سیّد حافظ محمد شاہ کی وفات بعمر چھپن سال۔ منگلوار کی رات، وقت نماز تہجد۔ بائیسویں محرم الحرام ۱۳۳۷ھ مطابق ۱۲ نانک سمت ۱۹۷۵ ب کو ہوئی۔ قبر گورستانِ نوشاہیہ میں ہے۔

مادہ ہائے تاریخ

۱۔ فخرِ جہاں محمد شاہ ۲۔ معلم العلوم شریعت

صاحبزادہ احمد علیؒ

آپ سیّد محمد شفیع بن سیّد حافظ قُل احمد پاکذات نوشاہِ ثانیؒ کے بڑے بیٹے تھے۔ والدہ کا نام سیّدہ امیر بی بی بنت سیّد محمد بخش برخوردار رسول نگری تھا۔ آپ بچپن میں فوت ہو گئے۔ وفات ۱۲۷۰ھ

سیّد حافظ اکبر علیؒ

آپ سیّد محمد شفیع بن سیّد حافظ قُل احمد پاکذات نوشاہِ ثانیؒ کے تیسرے بیٹے تھے۔ بیعت و خلافت اپنے حقیقی ماموں حضرت سیّد عمر بخش بن سیّد محمد بخش برخورداری رسول نگری سے تھی۔

آپ کی والدہ کا نام سیّدہ امیر بی بی بنت سیّد محمد بخش رسول نگریؒ تھا۔

تاریخ ولادت آپ کی ولادت بروز اتوار، وقت نماز چاشت، ساتویں ماہِ چیت سمت ۱۹۱۱ ب مطابق سنہ ۱۲۷۰ھ میں ہوئی۔ تاریخی فقرے۔ ابر سخاوت اور فیض فقر ہیں۔

ف سیّد محمد شاہ کا کچھ ذکر شریف التواریخ کی تیسری جلد کے آٹھویں حصہ میں بھی درج ہوگا۔ شرافت

Marfat.com

تربیت و تعلیم آپ چھ ماہ کے بچہ تھے کہ بعارضہ بخار شدید آپ کی ٹانگیں بالکل کمزور اور بے حس ہو گئیں۔ آپ چل پھر نہیں سکتے تھے۔ اور چار سال کی عمر میں چیچک کی وجہ سے آنکھیں بھی بیکار ہو گئیں۔ آپ کو جد بزرگوار حضرت نوشاہِ ثانیؒ نے نہایت محبت و شفقت سے پرورش کیا اور قرآن مجید حفظ کروایا۔ اور فارسی علم و ادب کی کتابیں بھی پڑھائیں۔

معمولات منقول ہے کہ آپ ایک دن میں دو ختم قرآن مجید کر سکتے تھے۔ منزل کلام اللہ اور درود شریف ہزارہ کے بڑے پابند تھے۔ درویشانہ رموز و ارشادات میں کمال تھے۔ اگر کسی کو فقر کے مسئلہ میں کوئی عقدہ ہوتا تو آپ آیات کلام اللہ اور احادیثِ رسول اللہؐ اور اقوال اولیاء اللہؒ سے اس کی تسلی کرتے۔ آپ کی مجلس میں اکثر درد و سوز ہوتا تھا۔

اخلاق و عادات آپ پیار و محبت کا مجسمہ تھے۔ آپ باوجود نابینا ہونے کے رُتبہ ایسا پختہ بَٹ لیا کرتے کہ اگر اس کو کھڑا کیا جاتا تو عصا کی طرح کھڑا رہتا۔ آپ کے مجلس نشین لوگ نکتہ ہائے تصوف سے خوب واقف تھے۔

تاثیر و ذوق آپ کے چھوٹے بھائی سیّد شیر علیؒ سے منقول ہے کہ ایک مصرعہ ہے

ع آ ویکھ اناں وچ ویہڑے دے شوہ آیا تخت ہزارے دا

میں ابھی خورد سال تھا۔ ترجمہ سے واقف نہ تھا۔ میں نے یہ مصرعہ اس طرح پڑھا۔

ع اَہ دیکھ اناں دے وچ ویہڑے دے شوہ آیا تخت ہزارے دا

"آہ دیکھ" کا مطلب تھا "یہ دیکھو" آپ چونکہ وحدت وجود کا مشرب رکھتے تھے۔ سن کر بہت محظوظ ہوئے اور آپ کو ذوق حاصل ہوا۔

تاریخ گوئی آپ کو تاریخ کہنے کی خاصی مہارت تھی۔ مادہ تاریخ نکالنے میں ذکی الطبع تھے۔ آپ نے چند تاریخیں نکالیں۔

۱۔ اپنے چھوٹے بھائی سیّد شیر علیؒ کی تاریخ ولادت بنائی۔ والیِ باغِ ارم ۱۲۹۱ھ

Marfat.com

۲۔ سیّد کرم الٰہی بن سیّد فاضل شاہؒ کی تاریخ ولادت بنائی۔ حافظ کرم الٰہی ۹۵ ۱۲ھ

۳۔ سیّدہ سردار بیگم بنت سیّد حافظ محمّد شاہؒ کی تاریخ ولادت بنائی۔ دختر از ۱۳ ۴۰ محمّدھ

۴۔ سیّد حافظ محمّد شاہ بن سیّد محمّد امینؒ نے اپنے صحن میں درخت کیکر لگایا تو اس کی تاریخ بنائی۔ درخت ۱۳ ۴۰ از محمّدھ

ملفوظ آپ ارشاد فرمایا کرتے کہ کسی مرید نے اپنے پیرِ طریقت سے پوچھا کہ پارس کس طرح ہوتا ہے؟ اور اس کی کیا خاصیت ہے؟ پیر نے کہا تمہارے گھر میں لوہے کا ایک پنجرہ ہے، وہ اٹھا لاؤ۔" وہ لے آیا۔ پیر نے پنجرہ کھولا۔ اس میں کاغذ کی ایک پڑیہ تھی، وہ نکالی۔ اس کو کھولا۔ اس میں پارس لپیٹ کر رکھا تھا۔ وہ نکال کر پنجرہ کو لگایا تو فوراً وہ خالص سونا بن گیا۔

آپ یہ حکایت بیان کر کے فرمایا کرتے کہ پارس پہلے بھی پنجرہ کے اندر موجود تھا۔ لیکن چونکہ پنجرہ کے اور اس کے درمیان کاغذ کا پردہ تھا۔ اس لیے اس کی کچھ خاصیت ظاہر نہ ہوتی تھی۔ جب پیر نے وہ پردہ دُور کر دیا تو اُسی وقت لوہے کا پنجرہ زرِ خالص بن گیا۔ اسی طرح انسان اور خدا کے درمیان ذرا سا حجاب ہے۔ جس وقت شیخ کامل وہ حجاب دور کر دیتا ہے، تو انسان کو خدا کا وصول ہو جاتا ہے۔

؎ حجاب از مُو برخ معبود گشت ست وگرنہ عبد و معبود ست یکذات

آپ نے کوئی نکاح نہیں کیا اور نہ اولاد ہوئی۔

یارِ طریقت آپ کا ایک مرید عمر ابن قاسم تارڑ ساہن پالیہ تھا۔ جو رموز تصوف سے خوب آشنا تھا۔

تاریخ وفات حافظ اکبر علی کی وفات بعمر چالیس سال سوموار کی رات، وقت نمازِ تہجد، اٹھائیسویں جمادی الاولیٰ سنہ ۱۳۱۰ھ میں ہوئی۔ قبر گورستان نوشاہیہ میں ہے

قطعہ تاریخ

از حضرت سیّد عمر بخش بن سیّد محمّد بخش برخورداری رسول نگریؒ

Marfat.com

غریب او عاجزے خود شاہِ اکبر ۱۰ ۱۳ فنا گشتہ بقا شد شاہِ اکبر
ہمہ ہر جائے ذاتِ حق قائم بذات محو خود شد شاہِ اکبر

مادہ ہائے تاریخ

۱۔ غفور جاوید ۲۔ تفضل

سید شیر علیؒ

آپ سید محمد شفیع بن سید حافظ قل احمد یا کذات نوشاہِ ثانیؒ کے چوتھے بیٹے تھے۔ خلافت و اجازت حضرت سید فیض احمد المعروف پیر مکھن شاہ لاہوری سے پائی۔

آپ کی والدہ کا نام سیدہ امیر بی بی بنت سید محمد بخش برخورداری رسول نگریؒ تھا۔

تاریخ ولادت آپ کی ولادت ۱۲۹۱ھ میں ہوئی۔ آپ کے بڑے بھائی سید حافظ اکبر علیؒ نے مادۂ تاریخ بنایا۔ "والی باغِ ارم"

تعلیم آپ نے ابتدائی سبق اپنے بھائی سید حافظ اکبر علیؒ سے پڑھے۔ پھر قرآن کریم اور فارسی درسی کتابیں اپنے برادر عم زاد حضرت سید حافظ محمد شاہ نیک اختر بن سید محمد امین مختار سے پڑھیں۔

مشاعرہ کا شوق آپ کو باہم مشاعرہ کا بہت شوق تھا۔ فارسی، اردو، پنجابی اشعار کافی یاد ہے۔ ہم سبقوں سے بیت بحثی کیا کرتے۔ اکثر آپ نے وہ اشعار یاد کئے ہوئے تھے، جو حرف یٓ پر ختم ہوں تاکہ فریق ثانی کے اشعار کا ذخیرہ جو حرف یٓ سے شروع ہوتا ہے جلد ختم ہو جائے اور وہ ہار جائے۔

معمولات

آپ نماز پنجگانہ کے پابند تھے۔ درود شریف ہزارہ بعد اسم اعظم غوثیہ، اور درود تاج، اور درود حاضری بصیغہ ندائیہ پڑھا کرتے اور کلمہ طیبہ کا ذکر جہر کیا کرتے۔ نماز کی جماعت خود کروا لیا کرتے۔ جمعہ کی نماز کبھی فوت نہونے دیتے۔

Marfat.com

ختم شریف

آپ بزرگوں کے عرسوں میں ضرور شامل ہوا کرتے اور ختم شریف پڑھنے کا آپ کو ازحد شوق تھا۔ اور ایصالِ ثواب کا جو طریقہ آپ کو یاد تھا وہ کم ہی کسی کو نصیب ہوگا۔ جب آپ ختم پڑھا کرتے تو ایسا معلوم ہوتا کہ ثواب مکمل طور پر پہنچ گیا ہے، آپ کا ختم شریف یہ ہوتا تھا:۔

(۱) سورۂ ملک ایک مرتبہ (۲) سورۂ کافرون ایک مرتبہ (۳) سورۂ اخلاص تین مرتبہ (۴) سورۂ الفلق ایک مرتبہ (۵) سورۂ الناس ایک مرتبہ (۶) سورۂ الفاتحہ ایک مرتبہ (۷) ابتدائے سورۂ بقرہ از الٓمٓ تا مفلحون ایک مرتبہ۔ اس کے بعد آیاتِ ذیل:۔

ما کان محمد ابا احدٍ من رجالکم ولکن رسول اللہ وخاتم النبیین وکان اللہ بکل شیءٍ علیما۔ ان اللہ وملٰئکتہٗ یصلون علی النبی یاایھا الذین اٰمنوا صلوا علیہ وسلموا تسلیما۔ سبحٰن ربک رب العزۃ عما یصفون ۔ وسلام علی المرسلین : والحمد للہ رب العٰلمین ۔ دعوٰنھم فیھا سبحٰنک اللھم وتحیتھم فیھا سلٰم واٰخر دعوٰنھم ان الحمد للہ رب العٰلمین۔ ان رحمۃ اللہ قریب من المحسنین ۔ وما ارسلنٰک الا رحمۃ للعٰلمین ۔

اس کے بعد درود تاج پڑھا کرتے۔ پھر یہ اشاراتی الفاظ پڑھا کرتے۔

۱۔ اُجَجَسْ نُوْنِ تُقَقٍ رَسَقْ ۔

۲۔ نُضَتٍّ تُقَتٍ لُقَتٍّ جَمَسْ ۔

۳۔ رُوَنٍّ تُبَتٍّ تُسَتٍّ دَدَا

۴۔ مَسْلَۃُ الْبِیْرِ جُحِطْ ۔

۵۔ مَسْلَۃُ الْبِیْرِ دَتِجْ ۔

۶۔ دَمِعْ خُذْ کَعْ ۔

پھر اس سب کلام کا ثواب، اور طعامِ حاضر کا ثواب بروحِ اموات یا عرس والے بزرگ، اور جمیع مومنین و مومنات کو ایصال کرتے، اور اختتامِ دعا پر یہ اشعار پڑھا کرتے۔

Marfat.com

چاچیاں مامیاں ماسیاں پھوپھیاں نسبی اتے ضلع ہور جنہاندا حق میں لُتے یا چنگیائی کا
جنہاں حق اساڈا آیا یا ساڈے حقدار سبھناں تائیں بھیج توں تیرا نام غفار
ماپے تے استاد مربی میں پر حق جنہاندے رحمت بخشش مہر اللہ دی ہووے حق تنہاندے

فائدہ مؤلف کتاب عفا اللہ عنہ کہتا ہے کہ اشاراتی الفاظ جو مذکور ہوئے ہیں۔ یہ نماز کے فرائض، واجبات سنن، اور مسائل چاہ کے اشارات ہیں۔

قدم مبارک نبوی کا احترام حضرت سید حافظ الٰہی بخش بن سید حافظ نور اللہ رح کے زمانہ سے ایک پتھر کی سل جس پر حضرت رسول اکرم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نقش قدم مبارک نصب ہے، ہمارے خاندان میں چلا آتا ہے چنانچہ وہ حصص وراثت کے طور پر آپ کے گھر میں پہنچا۔ آپ عیدین کے روز مونڈھوں پر اٹھا کر عیدگاہ میں لے جایا کرتے اور تمام لوگوں کو زیارت سے مشرف کیا کرتے۔

اخلاق وعادات

آپ درویشوں اور عالموں سے محبت رکھتے۔ علمی مجلسوں میں افادہ واستفادہ کیا کرتے۔ نوشاہی فقرا کے ساتھ آپ کو بہت اُنس تھا۔ علاقہ دوآبہ اور مانجھ کے فقیروں کے میلوں اور بھنڈاروں پر جایا کرتے، لاتکلف تھے۔ کسی مجلس میں بات کرنے سے نہ ڈرتے تھے۔ اگر کسی بات سے ہنستے تو قہقہہ نہ لگاتے۔ بلکہ ہونٹ بند کر کے تبسم کرتے۔ کبھی کبھی اپنی ملکیت زمین چاہِ ظاہر والہ پر کاشتکاری بھی کر لیا کرتے۔ اگر کسی کو ملاقی ہوتے تو سلام دینے میں سبقت کیا کرتے تھے۔

بزرگوں کی زیارتیں آپ کو بزرگوں کے مزارات کی زیارت کا بہت شوق تھا۔ اس لئے دُور دراز شہروں میں سیر وسیاحت کی۔ بمبئی، دہلی، اجمیر، اپلیٹہ، ہوشیار پور، جالندھر، لاہور وغیرہ بہت سارے شہروں کی سیر کی اور مزارات حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری اور حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی اور حضرت خواجہ فرید الدین گنج شکر اجودھنی۔ حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء دہلوی، حضرت خواجہ

Marfat.com

علاؤالدین علی احمد صابر کلیریؒ، حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندیؒ، حضرت سلطان باہو قادریؒ اور حضرت داتا گنج بخش لاہوریؒ وغیرہ سے مشرف ہوئے۔

احسان مندی

صاحبزادہ فضل حسین بن سید بوٹے شاہ بن سید عمر بخش ساہن پالوی رح بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں قاسم پور میں تھا۔ معلوم ہوا کہ موضع شمسہ شریف میں سخی بہادر شاہ فقیر نوشاہی رح کا عرس ہے۔ میں چند خادموں کو لے کر وہاں پہنچا۔ آگے دیکھا کہ باوا جی شیر علی رح وہاں تشریف رکھتے ہیں۔ مجھے دیکھ کر بہت خوش ہوئے اور صاحبانِ عرس درویشوں کو میرا تعارف کروایا اور میرا بہت احترام و ادب کروایا۔ خود بھی میری عزت و ادب کرتے۔ حالانکہ میں آپ کے بیٹوں کی مثل تھا۔

کتابوں سے دلچسپی

آپ کو نوشاہی خاندان کے کتب و رسائل سے بہت دلچسپی تھی۔ کتاب کنز الرحمت فارسی مصنفہ مولوی محمد اشرف فاروقیؒ سفر میں اپنے پاس رکھتے۔ اگر کبھی سفر میں کوئی نئی کتاب یا رسالہ ملتا تو اس کے دو نسخے حاصل کرتے تاکہ دونوں بیٹے ایک ایک نسخہ لے لیویں، بلکہ بسا اوقات زیادہ نسخے لے آتے اور ان میں سے بعض مؤلف کتاب ہذا کو بھی دے دیا کرتے۔ چنانچہ مولوی محمد اعظم نوشاہی برقندازی میرووالی کے رسالے، اور اُن کے مرید بابو محمد یوسف مردانوی کے رسالے آپ نے ہی مجھ کو لاکر دیئے تھے۔

اذان کا شوق

آپ کو اذان دینے کا بہت شوق تھا۔ آواز بلند تھی اور نہایت آرام سے اذان دیا کرتے۔ سید بوٹے شاہ بن سید عمر بخش ساہن پالویؒ کہا کرتے تھے کہ جس وقت بھائی شیر علی اذان دیتے ہیں، تو مجھے ایسا معلوم ہوتا کہ اسرافیل فرشتہ صور پھونک رہا ہے۔

آپ کہا کرتے تھے کہ چار کاموں میں تمام اولادِ حضرت نوشہؒ سے میں اوّل رہا ہوں۔

اوّل:۔ اذان دینے میں کہ جتنی مختلف مسجدوں میں یا جتنی مرتبہ تمام عمر میں میں نے اذان دی ہے، اتنی جگہ اور اتنی مرتبہ کسی نے نہ دی ہوگی۔

دوم:۔ سلام دینے میں کہ جتنی دفعہ اور جتنے مختلف محفلوں اور جلسوں میں میں نے سلام

Marfat.com

دیا ہے۔ اتنا کسی نے نہ دیا ہوگا۔

سوم:۔ جتنی مرتبہ میں نے ختم شریف پڑھا ہے*، اور جتنی مختلف جگہوں پر پڑھا ہے، اس قدر کسی نے نہ پڑھا ہوگا۔

چہارم:۔ جتنے مزاراتِ بزرگان اور زندہ مشائخ اور علماء کی میں نے زیارت کی ہے، اس قدر کسی نے نہ کی ہوگی۔

کانگرس کی مخالفت

میاں انعام اللہ کھوکھر رسول نگری سے منقول ہے کہ ایک مرتبہ رسول نگر میں کانگرس کا جلسہ ہوا۔ آپ بھی اتفاقاً وہاں پہنچ گئے۔ شہری عمائدین نے آپ کو حضرت نوشہؒ کی اولاد ہونے کے اعزاز میں صدارت کی کرسی پر بٹھا دیا۔ ہندو اور مسلم لیڈران تقریریں کرتے رہے۔ اختتام جلسہ پر آپ کھڑے ہوئے اور ان کے مخالف تقریر شروع کر دی کہ یہ سب داڑھی منڈے بے نماز بے دین لوگ ہیں۔ ان کی تقریروں پر کوئی اعتماد نہ کرو۔ بس دینِ اسلام ہی سچا ہے۔ پھر چند اشعار کتاب سیف الملوک مصنفہ میاں محمد بخش قادری رح کے پڑھے اور چند مذہبی کلمہ طیبہ کی لگائیں اور بیٹھ گئے۔ جلسہ کا تمام اثر آپ نے ملیامیٹ کر دیا۔

جلسہ سیالکوٹ میں شمولیت

ایک مرتبہ شہر سیالکوٹ میں اہل سنت جماعت کا عظیم الشان جلسہ تھا۔ جس پر بڑے بڑے مشائخ و علماء مثل سید حافظ محمد حسین شاہ بن سید حافظ جماعت علی شاہ محدث علی پوری اور مولانا حشمت علی لکھنوی وغیرہ آئے ہوئے تھے۔ میں بھی بمعہ اپنے خادم میاں امام الدین بن جلال کشمیری ساکن چک جانو کلاں کے وہاں موجود تھا۔ آپ بھی وہاں پہنچ گئے۔ مجھے کہا:

"شریف احمد: مجھے کوئی ایسا مسئلہ بتاؤ جو میں ان علماء سے پوچھوں اور جس کا جواب ان کو نہ آسکے۔ اور یہ تمام پبلک میں شرمسار ہوں" مجھے کئی ایسے مسائل تو یاد تھے جو پیچیدہ اور لاینحل ہیں۔ مگر میں نے بتانے سے اس لئے احتراز کیا کہ آپ نے پوچھنے سے رکنا نہیں اور علماء کا لاجواب ہونا درحقیقت ہم سب کی شرمساری کا موجب ہوگا اور غیر مذاہب والے لوگ اس سے خوش ہوں گے۔ میں نے کہا "باواجی! آپ ان مولویوں اور پیروں کے

Marfat.com

درمیان سٹیج کے اوپر کرسی پہ بیٹھ کر دکھا دیویں تو میں سمجھ جاؤں گا کہ آپ مسئلہ بھی پوچھ سکتے ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ یہ کونسی بڑی بات ہے۔ آپ بلا دھڑک چلے گئے اور سٹیج کے اوپر چڑھ کر السلام علیکم کہا، اور بلا خوف وخطر کرسی پہ بیٹھ گئے۔ نہ صدر سے اجازت چاہی اور نہ ہی کسی اور سے پوچھا۔ حالانکہ آپ کا لباس بالکل سادہ تھا۔ مگر کسی شخص کو آپ کو روکنے کی جرأت نہ ہوئی، تا اختتام جلسہ آپ وہیں کرسی پر بیٹھے رہے۔

کلام کی خوبیاں

آپ کلام کرنے میں صنعت کو بڑا ملحوظ رکھتے۔ پنجابی کلام مسجع مقفیٰ بولتے یا تجنیس کا خیال رکھتے۔ بعض باتیں ان میں سے درج کی جاتی ہیں :-

۱۔ ایک مرتبہ آپ دھوپ میں جا رہے تھے۔ راستہ میں بادل کا قطعہ نمودار ہوا اور بارش شروع ہو گئی۔ آپ بھیگتے ہوئے دوڑ کر ایک مکان میں داخل ہوئے۔ کسی نے پوچھا: "آپ کس طرح آ گئے۔"؟ تو فرمایا: "بھج بھج بھج کے آیا ہوں"۔

۲۔ ایک لڑکے کے رخساروں پر داغ تھے۔ کسی نے پوچھا: "یہ داغ کیسے ہیں"؟ آپ نے کہا: "اس کا چہرہ پھٹ پھٹ پھٹ گیا ہے"۔

۳۔ ایک مفلس کے حق میں کہا کہ "وہ تھڑا ہوا تھڑا ہوا ہے"۔

۴۔ ایک شخص نے پوچھا کہ "آپ کب سفر کو روانہ ہوں گے"؟ آپ نے فرمایا: "جب ملکاں نے ملکاں لینے کے واسطے ملکاں ول گھلیا"۔ یعنی جب مؤکلین (ملائکہ) نے مملوکہ چیزوں کے لینے کے واسطے ممالک کی طرف بھیجا۔

۵۔ ایک شخص نے پوچھا: "آپ کی بھینس کس دا ہے"؟ آپ نے فرمایا: "اس کے چار دا ہیں۔ وگدی بھی ہے اور وگدی بھی ہے۔ جو بھی لے اور چو بھی لے"۔

یعنی ہل بھی چلاتی ہے، اور حاملہ بھی ہے۔ اور اس کو جوت کر بھی دیکھ لے اور دودھ بھی دوہ کر ملاحظہ کر لے۔

۶۔ ایک دن مؤلف نے آپ سے پوچھا: "آپ کا لڑکا عاشق علی آج کہاں ہے"؟ آپ

Marfat.com

نے بتایا: "اوس بال نوں بیلے گھلیائے جے بالن تے بوہکراں تے بیر باہلے باہلے لیاوے"۔
اس عبارت میں آپ نے سات دفعہ حرف "ب" کا تکرار کیا ہے۔ مطلب یہ کہ اُس اپنے بچے کو ہم نے جنگل میں بھیجا ہے کہ ایندھن اور جھاڑو اور بیر زیادہ زیادہ کہیں سے لے آوے۔

۷۔ ایک مرتبہ آپ کا لڑکا معشوق علی کہیں بھاگ گیا۔ معلوم ہوا کہ وہ شہر کالکا میں ہے۔ آپ نے ایک روز ان الفاظ سے دعا مانگی: "یا اللہ مالکا، خالقا، رازقا، کالکا والے نوں لیا"۔

۸۔ ایک مرتبہ دریائے چناب میں سخت طغیانی آئی۔ ساہن پال شریف کی آبادی میں پانی بھر گیا۔ اپنی گلی کے دہانہ پر بند لگا کر آپ اس پر حفاظت کے لئے بیٹھے تھے کہ کہیں ٹوٹ نہ جائے۔ مائی سیدہ حیات بیگم زوجہ سید علی احمد نے پوچھا: "وے شیر علی! کجھ پانی لہندا جاندا ای"۔ یعنی پانی کچھ اُتر رہا ہے۔ آپ نے جواب دیا: "چاچی جی! اجے پانی لہندے جاندا اے"۔ یعنی ابھی تو مغرب کی طرف جا رہا ہے۔

۹۔ ایک مرتبہ فقیر سید شرافت عافاہ اللہ کا آپ کے ساتھ کوئی کام تھا۔ ابھی اُسی کرنے کرانے میں تھے کہ آپ کو کہیں جانا پڑ گیا۔ آپ جب روانہ ہونے لگے تو میں نے اشارتاً کہا: "ہُن مڑ"۔ یعنی اب کیا کرنا چاہیئے۔ آپ نے جواب میں وہی لفظ دُہرا دیا: "ہُن مڑ"۔ یعنی اب پھر کسی وقت ہو سکے گا۔

۱۰۔ آپ جب کبھی دعا مانگتے تو اِس طرح کہا کرتے: "یا اللہ پاک ہمارے فرض، غرض، قرض، پورے کر"۔

۱۱۔ یہ بھی دعا مانگا کرتے "یا اللہ پاک جو جو ہم کو چاہیئے دے اور جتنا جتنا چاہیئے دے اور جدوں جدوں چاہیئے دے، اور جائز جائز دے اور جلدی جلدی دے، جاں جاں جیوے دے اور جیوں جانماں دے"۔

حاضر جوابیاں

آپ بہت حاضر جواب تھے۔ جب کوئی شخص بات کرتا جھٹ جواب دیتے اور اس

Marfat.com

میں ظرافت کا پہلو نمایاں ہوتا۔

۱۔ ایک شخص نے آپ کے سامنے کچھ نذرانہ رکھا۔ اور کہا: "میں آپ کی خدمت میں تَن۔ مَن۔ دَھن لے کر آیا ہوں"۔ آپ نے فرمایا: "تَن گندہ، مَن پُرندہ، دَھن بے وفا ہے۔ کوئی اچھی چیز لاؤ"۔

۲۔ ایک شخص نے کہا: "ہر ایک سوال کا جواب "ہاں یا نہ" میں ختم ہو جاتا ہے"۔ آپ نے فرمایا: "بعض باتیں ایسی ہوتی ہیں کہ ان کے جواب میں کچھ تقریر کر کے سمجھانا پڑتا ہے "ہاں یا نہ" پر جواب ختم نہیں ہوتا"۔ اس نے کہا: "یہ غلط ہے"۔ آپ نے فرمایا "اچھا میں تجھ سے سوال کرتا ہوں۔ اس کا جواب "ہاں یا نہ" میں دینا"۔ اس نے کہا "بہتر"۔ آپ نے فرمایا: "تم جو اپنی والدہ کو روزانہ جوتیاں لگایا کرتے تھے، ابھی بس کی ہے یا نہیں"۔ یہ سوال سُن کر وہ خاموش ہو گیا۔ اگر وہ "ہاں" کہتا تو سننے والے سمجھ جاتے کہ واقعی وہ والدہ کو جوتیاں مارا کرتا تھا۔ اور اگر وہ "نہ" کہتا تو سمجھا جاتا کہ ابھی تک وہ مارا کرتا ہے۔

۳۔ ایک مرتبہ آپ نے کاشتکاری کا ارادہ کیا تو میرے جد بزرگوار حضرت سیّد حافظ محمد شاہ بن سیّد محمد امینؒ نے آپ کو منع فرمایا کہ "تم درویشوں کے پاس جایا کرتے ہو، اور نذر و نیاز کی آمدن سے تمہارے اہل و عیال کا خرچ چل رہا ہے۔ زراعت کا کام مشکل ہے۔ تم سے نبھایا نہ جائے گا"۔ آپ نے نہ مانا اور کاشتکاری شروع کر دی۔ ایک سال کام کیا، فصل بھی اچھا نہ ہوا۔ دو سَو روپیہ قرضہ بھی ہو گیا اور کام کی مصروفیت میں سال بھر کہیں جا بھی نہ سکے۔ ایک دن کسی شخص نے پوچھا: "آپ کو واہی سے کیا کچھ حاصل ہوا؟" آپ نے فرمایا: "بھائی سیّد محمد شاہؒ نے ہم کو ایک سال قید اور دو سَو روپے جرمانہ کر دیا ہے"۔

اشعار خوانی آپ عموماً اشعار بھی وہی پڑھا کرتے جن میں کوئی صنعت ہوتی، یا نصیحت آمیز قصہ جات منظوم پڑھا کرتے۔ مثلاً قصہ قند، قصہ چرخہ، قصہ گربہ دموش، قصہ کپڑا وغیرہ آپ کو یاد تھے۔

بعض اشعار یہ ہیں:۔

Marfat.com

حافظا مصحف بسوز و آتش اندر کعبہ زن ساجدِ بُت خانہ باش و مردم آزاری مکن

ے

اندر طلبِ یار کئی بار گئے ہم ہم آپ ہی تھے جس کے طلبگار گئے ہم
آسان سے حاصل ہوئی تب عشق کی بازی جب اپنی متاعِ ہستی کی سب ہار گئے ہم

ے

مصوّر کھینچ وہ صورت کہ جس میں یہ رسائی ہو سجن کے ہاتھ خنجر ہو میری گردن جھکائی ہو

ے

ترچھی نظر سوں دیکھیو مت عاشق دلگیر کو تم کیسے تیر انداز ہو سیدھا تو کر لو تیر کو
میرا دل پیر کے در پر بشکلِ تیر جاتا ہے بہتیرا قید رکھتا ہو بعہ زنجیر جاتا ہے

ے

ہوکے مانس تے ایتنا مان کرنائیں وچوں جائے نقطہ خالی ماس ہوجا
جیہڑے سواس دی نت توں آس رکھیں جدوں والگے دسواس ہوجا
اڑیا آس تائیں نہ پریت لائیں لاکے وال ہراک دا داس ہوجا
کرم سنگھ یہ آس نہ راس جانیں جدوں نون آوے ایہدا ناس ہوجا

ے

سا۔ راستا راستہ بُھل گیوں تیرے ترکلے نوں پیا وَل یارا
وَل کڈھنے دا تینوں وَل ناہیں جاہ وَل اُس دے جس نوں وَل یارا
دلی وَل کڈھائے کے وَل ہوئے توں تے وَل وچ پایا وَل یارا
فضل شاہ میاں وَل وَل ہوسی جدوں رب ہوسی تیرے وَل یارا

ے

رنج پئی ڈولی ڈاواں ڈول ڈولی ڈولی ڈولی ڈولی بَنیسی والیا وے
مارے سس بولی موہوں نا نہہ بولی کنوں ہوئی بولی بَنیسی والیا وے

ے

Marfat.com

شب محفل میں مطرب نے کہا دُرتَن دُرتَن تَنَنَا تَنَنَا
فی انفسکم ہے حکم خدا دُرتَن دُرتَن تَنَنَا تَنَنَا

مسلمانی کہندے کس تائیں جو نہ رنجاے کسے تائیں

طریقہ اخراج اسم محمدؐ

نام لیو جس انچھر کا کریو چوگن تا دُو ملاؤ پانچ گُن بانٹو بیس بنا
باقی رہے سو نو گن دُو کو اور ملا اِس بدھ ہر کے نام کو محمدؐ لیو بنا

مصرعہ محمدؐ - علی - ہمسفر ہو تو - رب - ملتا ہے
۲۰۲ ۲۰۲ ۹۲ ۱۱۰

مصرعہ ویلے کُن دے تیرے کُن دے کُن کوکاں ماریاں

حلیہ ولباس

آپ کا قد درمیانہ، جسم بھارا، رنگ سانولا، سر کی زلفیں دراز سینہ تک، داڑھی سفید، آنکھیں باریک اور اَبرُو اندر کو دھسی ہوئیں۔ نظر قدرے کمزور۔
آپ لباس درویشانہ رکھتے، سر پر سفید رنگ بلند ٹوپی جس کو نوشاہی تاج کہا جاتا ہے۔ اوپر گودڑی رکھتے۔ ہاتھ میں آبنوس کا عصا ہوتا۔ گلے میں تسبیح ڈالتے۔ عیدین کے روز قبا بھی پہنتے۔

کرامات

اولاد پیدا ہونے کی دعاء

محمد شریف بن سلطان مرانی سے منقول ہے کہ ایک بار آپ نور پور پاہلاں میں آئے ہوئے تھے۔ حاکم سنگھ وِرک نے اولاد کے لئے عرض کی۔ آپ نے تعویذ کر دیئے اور فرمایا تیری اولاد میری شکل پر ہوگی۔ چنانچہ اس کے ہاں چار لڑکے اور دو لڑکیاں ہوئیں۔ اس کی آنکھیں چھوٹی تھیں۔

اپنی وفات کی خبر دینا

آپ کی زندگی میں کتاب شریف التواریخ کی پہلی جلد موسوم بہ تاریخ الاقطاب مکمل ہو چکی تھی۔ اور اِس دوسری جلد

Marfat.com

طبقات النوشاہیہ کی تالیف شروع ہو چکی تھی۔ بعض مسودات لکھے جا چکے تھے۔ ایک روز آپ سادات برخوردار یہ درگاہ عالیہ نوشاہیہ کی زیارت کر کے اپنے [illegible] پال کی طرف آ رہے تھے۔ راستہ میں میری تالیف کا ذکر ہوا۔ آپ نے مجھے [illegible] حالات کتاب میں درج کر دو"۔ میں نے عرض کیا کہ "میں [illegible] لکھتا ہوں، زندوں کے نہیں لکھتا"۔ آپ نے کہا "مجھے [illegible] دو"۔ میں نے عرض کیا کہ "میں متوفی کا سنہ وفات بھی لکھا کرتا ہوں"۔ آپ نے فرمایا "میرا بھی یہی سنہ وفات لکھ دو"۔ خیر انہیں باتوں میں سب حضرات [illegible] آ گئے۔ قدرت الٰہی اور اتفاق حسنہ ایسا ہوا کہ واقعی آپ نے اسی سنہ میں انتقال فرمایا اور مجھے آپ کے حالات لکھنے پڑے۔

وفات کے بعد کرامات

مثالی صورت میں ملنا

بعض واقعات سے آپ کا بعد وفات ملنا پایا جاتا ہے:۔

۱۔ آپ اپنی وفات سے تیس روز بعد انتالیسویں رمضان ۱۳۵۸ھ کو میاں شاہ محمد بن میاں مردان علی سجادہ نشین نوشہرہ کو [illegible] پر ملے۔ انہوں نے سلام کیا اور پوچھا کہ آپ کہاں جا رہے ہیں۔ آپ نے فرمایا "میں نوشہرہ شریف میں میاں نواب علی سجادہ نشین کے فاتحہ کے لیے جا رہا ہوں۔ پھر وہیں غائب ہو گئے۔ یہ واقعہ میاں شاہ محمد نے اپنی زبان سے مؤلف کے روبرو سنایا۔

۲۔ میاں علی احمد بن محمد بخش خلیفہ نورپوری سے منقول ہے کہ آپ مجھ کو بعد از وفات قلعہ دیدار سنگھ کے بازار میں زندہ ملے۔ میں نے سلام کیا اور احوال پرسی کی۔

۳۔ آپ کی وفات سے تین روز بعد بروز بدھوار ۲۶ شعبان ۱۳۵۸ھ کو مولف کتاب ہذا بعد از نماز فجر اعتکاف میں مشغول تھا کہ آپ کی صورت سامنے نظر آئی اور یہ شعر پڑھا۔

شعر

ہور کسے نہیں ڈٹھا مینوں ڈٹھا کرم الٰہی — چل کھاں چل کے ویکھو مینوں دین دُنی دا شاہی

Marfat.com

عشق و محبت کی تلقین میرے والد بزرگوار اعلیٰ حضرت سید غلام مصطفےٰ ادام اللہ برکاتہ فرماتے ہیں کہ ایک بار ہم کو خواب میں آپ کی ملاقات ہوئی۔ آپ نے فرمایا "عشق و محبت"

شعر سنانا میرے برادر عزیز صاحبزادہ سید بشیر احمد بشارت کا بیان ہے کہ ایک بار آپ مجھ کو خواب میں ملے اور قصہ سیف الملوک کا یہ شعر پڑھا اور فرمایا کہ میں شریف احمد کو بھی یہ کہا کرتا تھا۔

اول تے کجھ شوق نہ کسے کون سخن اج سُنڑا جے سُنسی تاں اُتلا قعہ کوئی نہ رمزاں پیندا

نماز کی ترغیب آپ کا بیٹا معشوق علی کہتا ہے کہ میں نماز نہیں پڑھتا تھا۔ ایک بار آپ خواب میں ملے اور مجھ سے پوچھا "بے نمازی کی کونسی آیت ہے"؟

مکالمات

کئی لوگوں سے آپ کی جھڑپ ہو جایا کرتی تھی۔ آپ کا گفت و کلام اور مقابلہ و مکالمہ قابل شنید ہوتا تھا۔ چند مکالمے درج کئے جاتے ہیں۔

شیخ فیض احمد سلیمانی سے گفتگو ایک مرتبہ شیخ فیض احمد بن شیخ غلام حسن سلیمانی ساکن بھلوال شریف کو کہا کہ "ہم نوشاہی خاندان کے افراد ہمیشہ سے آپ حضرات سلیمانیہ کی خدمت کرتے اور نذر و نیاز دیا کرتے ہیں۔ آپ کے بزرگان بھی ہمارے خاندان کے مرید ہوئے ہیں۔ آپ کو بھی چاہیئے کہ ہماری کچھ خدمت کیا کرو"۔ انہوں نے پوچھا کہ کیا خدمت کریں"۔ آپ نے کہا کہ اپنے گھوڑوں میں سے ایک گھوڑا سواری کے لئے مجھے دے دو"۔ شیخ صاحب چونکہ گالیاں بکثرت دیا کرتے تھے اُسی اپنی روش پر کہہ دیا "ہور کا..... دیں گے"۔ ابھی وہ یہ کہہ ہی رہے تھے کہ آپ نے کہا کہ "شیخ صاحب! یہ اپنے منہ میں ہی رکھیں"۔ بعد میں کہہ دیا "لفظ"۔ آپس میں خوب ہنسی مذاق ہوا۔

Marfat.com

پیر محمد شاہ رَن ملوی سے گفتگو

پیر محمد شاہ بن شیخ گوہر شاہ سلیمانی ساکن رَن مل نے ایک قرآن مجید مترجم اور حاشیہ پر تفسیر جلی قلم مبلغ چونسٹھ روپیہ سے خرید لیا اور کبھی اُس پر تلاوت نہ کی۔ ایک مرتبہ انہوں نے اپنے والد صاحب کے عُرس پہ ۲۵ بیٹھ کو عین ختم شریف کے موقعہ پہ مریدوں کو ڈانٹ کر کہا کہ قرآن مجید کی تلاوت کیا کرو، اور ایصالِ ثواب کے واسطے ختم کر کے لایا کرو۔ آپ بھی مجلس میں موجود تھے۔ بے دھڑک بول اٹھے اور کہا "پیر صاحب! آپ لوگوں کو تو ختم قرآن کرنے کی تلقین کرتے ہیں، لیکن وہ قرآن جو چونسٹھ روپیہ کا خرید کر گھر میں رکھا ہے اُس پر سے کوئی ختم یہاں نہیں آیا۔ پیر صاحب کو بہت ندامت ہوئی اور خاموش ہو گئے۔

سیّد واصل حق لاہوری سے گفتگو

آپ کے چاروں بیٹوں کے متعلق ان کی ولادت سے پہلے حضرت سید پیر مکھن شاہ صاحب لاہوری نے بشارت دی تھی۔ جب وہ لڑکے جوان ہوئے تو ان کو کوئی رشتہ نہیں ملتا تھا۔ آپ نے ایک دن سید واصل حق رح کو مجبور کیا کہ تمہارے والد صاحب نے میرے بیٹوں کے نام پیدائش سے پہلے ہی رکھ دیئے تھے۔ اب تم میرے بیٹوں کی بیویوں کے نام بتاؤ کہ وہ کون کون اور کہاں کہاں ہوں گی"۔

سیّد پیر عالم رسول نگری سے گفتگو

ایک روز اثنائے گفتگو میں سید پیر عالم بن سید عمر بخش رسول نگری نے آپ کے ساتھ کوئی طعن آمیز گفتگو کی۔ آپ نے کہا "بھائی صاحب! میں بھی آپ کے ساتھ گفتگو تو کرتا مگر مجھ کو آپ کے کئی لحاظ ہوئے"۔ انہوں نے پوچھا "کونسے لحاظ؟" فرمایا "کسی طرح کے لحاظ ہوئے۔ ہوئے۔ ہوئے۔ جو ہوئے"۔

فائدہ مؤلف کہتا ہے کہ یہ آپ کا دو معنی کلام تھا۔ پنجاب میں "ہوئے ہوئے" کا لفظ بہت بڑا طعن اور ہتک سمجھا جاتا ہے۔

سیّد پیر ولی لاہوری سے گفتگو

سید پیر ولی بن سید عارف حق لاہوری۔ انگریزی تہذیب و طرز کے مطابق ابتدائے شباب

Marfat.com

پس داڑھی مونچھ مُنڈایا کرتے تھے۔ایک مرتبہ ساہن پال شریف میں آئے۔تو آپ نے بطور خوش طبعی ان کو کہا "صاحبزادہ صاحب! ابروؤں کے اور سر کے بال باقی رکھنے کا کیا فائدہ ہے"؟

صاحبزادہ سلیم لاہوری سے گفتگو

صاحبزادہ رؤف احمد سلیم بن سید عبدالحق لاہوری جس زمانہ میں ایف اے کے کلاس میں پڑھتے تھے۔گرمیوں کی تعطیلات میں ساہن پال شریف آئے۔ایک روز ہستی باری تعالیٰ کے متعلق گفتگو ہوئی۔آپ نے فرمایا کہ "خدا کی ہستی کی یہ دلیل ہے کہ اُس نے کائنات پیدا کی۔زمین و آسمان بنائے"۔صاحبزادہ صاحب نے کہا "ممکن ہے کہ یہ کسی اور نے بنائے ہوں"۔آپ نے فرمایا "خدا تعالیٰ نے تو یہ بنائے ہیں۔اگر کوئی اور ایسی قدرت والی ہستی ہے تو اس کو کہو کہ زمین و آسمان کو مٹا کر ہم کو دکھائے"۔

مؤلف سے گفتگو

فقیر سید شرافت عفا اللہ عنہ کے ساتھ تو آپ کی ہر وقت مجلس رہا کرتی تھی۔آپ ہمارے دیوان خانہ میں آجایا کرتے، اور سارا سارا دن وہیں گذار دیتے۔ان گفتگوؤں کا جو ہمارے درمیان ہوا کرتی تھیں، کچھ شمار نہیں۔

ایک روز میں نے آپ کو کہا کہ "آپ میں اور تو سب خوبیاں ہیں، ایک عیب بھی ہے"۔ پوچھا "وہ کیا"؟ میں نے کہا "وہ یہ کہ آپ ہر ایک شخص کو کچھ نہ کچھ سوال کر دیتے ہیں۔ حالانکہ سوال کرنا، کسی سے کچھ مانگنا بڑا معیوب ہے"۔آپ نے فرمایا "تم بتاؤ کہ سوال، عرض اور حکم میں کیا فرق ہے"؟

مطلب یہ کہ اگر کسی سے کچھ طلب کریں تو یہ سوال ہے۔اگر کسی افسر یا آقا سے عرض کریں کہ میری فلاں درخواست منظور کرو تو یہ بھی سوال ہے۔اور اگر کوئی سردار یا حاکم کسی نوکر کو کہے کہ میرا فلاں کام کرو تو یہ بھی سوال ہے۔

سید علی احمد ہاشمی سے گفتگو

ایک مرتبہ نوشہرہ شریف میں میاں شاہ بخش بن میاں میراں بخش سپچیاری کے بیٹوں کی شادیاں تھیں۔ سادات ہاشمیہ رُن ملویہ میں سے سید علی احمد بن گامے شاہؒ اور سید شیر علی بن سید سلطان علیؒ

Marfat.com

بھی وہاں پہنچ گئے ہوئے تھے۔ آپ بھی وہاں تشریف لے گئے۔ ایک روز محفل میں مسائل کا تذکرہ شروع ہوا۔ میاں نواب علی سجادہ نشین مرحوم کو علمی گفتگو سے دلچسپی ہوتی تھی۔ آپ نے پوچھا کہ سب حضرات بتاؤ۔ اِس مصرعہ کا کیا مطلب ہے۔

ع — اُجَحَّسُ نُوَقٍ تُقَقٍ رَسَتْ

کسی کو جواب نہ آیا، اور نہ کوئی اس کو حل کر سکا۔ سید علی احمد ہاشمی نے کہا کہ ہم اس قدر علم سے آشنا نہیں۔ ہم تو زراعت پیشہ کرتے ہیں۔ ہم سے کوئی واہی کا مسئلہ پوچھ لو۔ ہم وہ بتا دیں گے۔ آپ نے پوچھا، اچھا یہ ہی بتا دو؟ "اَنّھی گوڈی کس فصل کو دی جاتی ہے۔ اور کس وَتر میں دی جاتی ہے" وہ اِس کے جواب سے بھی عُہدہ برآ نہ ہو سکے۔

صاحبزادہ محمد امین نوشہروی سے گفتگو

ایک مرتبہ صاحبزادہ محمد امین بن میاں محمد فاضل سچیاری نوشہروی ہمارے ہاں ساہن پال شریف میں آئے ہوئے تھے۔ اور میرے ہاں مقیم تھے۔ ہم دونوں آپس میں علمی مسائل کا تذکرہ کر رہے تھے۔ آپ بھی وہاں ہمارے دیوان خانہ میں چلے آئے، اور ہماری باتیں دیر تک سنتے رہے۔ آخر آپ نے صاحبزادہ صاحب کو کہا کہ دوسرے مسائل چھوڑو۔ اور مجھے یہ بتاؤ کہ خدا کو تلاش کرنا ہو تو کس جگہ سے ڈھونڈیں۔ صاحبزادہ نے کہا قرآن مجید میں سے۔ آپ نے برجستہ کہا کہ قلمی قرآن میں تلاش کریں یا مطبوعہ میں۔ بمبئی یا دہلی یا لاہور میں چھپے ہوئے نسخوں میں کونسے نسخہ سے تلاش کریں۔ صاحبزادہ صاحب خاموش ہو گئے۔

سید فضل شاہ جلالپوری سے گفتگو

ایک مرتبہ سید ابو البرکات فضل شاہ بخاری چشتی نظامی سجادہ نشین جلال پور شریف موضع وڑائچ والہ میں تشریف لائے۔ انہوں نے تحریک حزب اللہ جاری کی ہوئی تھی اور جابجا اُس کے تبلیغی جلسے کرتے تھے۔ اپنے آپ کو امیر حزب اللہ کہتے۔ وہاں جلسہ میں تقریر کر چکنے کے بعد انہوں نے بطور نتیجہ کہا کہ ہمارے حزب اللہ کے دو ہی مقصد ہیں۔ "ایک ہو جاؤ اور نیک ہو جاؤ"۔ آپ بھی اُس جلسہ میں شامل تھے۔ تقریر کو غور سے سُنتے رہے۔ اختتام جلسہ پر پیر صاحب کا پروگرام موضع جنڈ میں جانے کا تھا۔ وہ بعد اپنے چند

Marfat.com

خواص کے کار میں بیٹھ گئے۔ اور باقی سب اخلاص مند لوگ ہمراہ جانے کو پیدل روانہ ہوئے۔ آپ بھی پیدل لوگوں میں شامل تھے۔ آگے سے ہاتھ دے کر کار کو ٹھہرا لیا۔ پیر صاحب نے پوچھا "کیا مطلب ہے؟" آپ نے فرمایا "میں بھی جنڈ جانا چاہتا ہوں۔ مجھے اپنے ساتھ کار میں بٹھا لو" پیر صاحب نے کہا کہ سب لوگوں کے ہمراہ پیدل چلو" آپ نے فرمایا "آپ نے تقریر میں حزب اللہ کے مقاصد میں کہا تھا کہ "ایک ہو جاؤ اور نیک ہو جاؤ" میں تو ایک ہونے کی غرض سے کار میں بیٹھنا چاہتا ہوں"۔ انہوں نے کہا کہ "کار میں کوئی جگہ نہیں"۔ آپ نے فرمایا "تو پھر نیچے اتر کر ہمارے ہمراہ پیدل چلو کہ یہاں جگہ کافی ہے۔ ہم تو محض ایک ہونا چاہتے ہیں۔ خواہ کار میں ہوں یا زمین پر" پیر صاحب نے خاموش ہو کر کار چلا لی۔ آپ نے بلند آواز سے کہہ دیا کہ "پیر صاحب آپ جیسے ایک ہوئے ہیں، ویسے ہی نیک بھی ہوں گے"۔

سید ذاکر حسین شیر گڑھی سے گفتگو

ایک مرتبہ سید ذاکر حسین بن سید خادم حسین کرمانی شیر گڑھی موضع اگرویہ میں آئے ہوئے تھے۔ مؤلف اُن کی ملاقات کے لئے وہاں گیا۔ آپ بھی ساتھ ہو لئے۔ دائرہ میں پیر صاحب کا ڈیرہ تھا۔ وہاں جا ملے۔ آپ کو ان دنوں میں ایک بیماری تھی کہ پیشاب جلدی جلدی آتا۔ اور سوزش سے آتا تھا۔ آپ تھوڑی دیر کے بعد پیشاب کے لئے اٹھتے۔ پیر صاحب نے پوچھا کہ آپ بار بار کیوں اٹھتے ہیں"؟ فرمایا "مجھے کچھ مَردوں والی بیماری ہے"۔ پیر صاحب اور سب حاضرین ہنس پڑے اور پوچھا "یہ کیا مطلب"؟ آپ نے فرمایا "اگر عورتوں سے مخصوص امراض کے متعلق پوچھیں تو وہ کہہ دیتی ہیں کہ مجھے کچھ عورتوں والی بیماری ہے۔ اسی طرح ہم نے کہہ دیا کہ مجھے مَردوں والی بیماری ہے"

مولوی عبدالحق چشتی سے گفتگو

ایک مرتبہ آپ ہرلانوالی ضلع گوجرانوالہ میں شیخ برخوردار ہرلؒ خلیفہ حضرت شیخ عبدالرحمٰن پاک پٹڑیالہؒ کے عرس پر تشریف لے گئے ہوئے تھے۔ وہاں مولوی عبدالحق چشتی نظامیؒ سے بھی ملاقات کی۔ اثنائے گفتگو میں پیری مریدی کا تذکرہ ہوا۔ مولوی صاحبؒ نے کہا کہ

Marfat.com

ہمارے خواجگانِ چشت میں فلاں بزرگ تھے۔ جنہوں نے بارہ سال تک اپنے پیر کی خدمت کی۔ بارہ سال کے بعد اُن کو پیر نے خلافت دی۔ اور فرمایا کہ جاؤ میں تمہارے ساتھ ہوں۔ اس کے بعد انہوں نے لوگوں کو مرید بنانا شروع کیا۔ اِدھر نوشاہی فقیروں کی عجب حالت ہے کہ اس طرف اپنے پیر کی بیعت ہوتے ہیں اور اُس طرف جھٹ مرید بنانا شروع کر دیتے ہیں۔ آپ نے اُن کا یہ کلام سُن کر فرمایا: "مولوی صاحب! تمہارے چشتی بزرگ کو تو بارہ سال کے بعد پیر نے فرمایا کہ میں تمہارے ساتھ ہوں۔ اور ہم نوشاہی درویشوں کو پہلے ہی روز خدا تعالےٰ فرما دیتا ہے: ھو معکم اینما کنتم یعنی تم جہاں بھی ہو گے میں تمہارے ساتھ ہوں گا۔ مولوی صاحب چُپ ہو گئے۔

مولوی محمد صدیق وہابی سے گفتگو

ایک مرتبہ آپ موضع چھنی گھلا ضلع گوجرانوالہ میں تشریف لے گئے۔ وہاں مولوی محمد صدیق باہری والہ جو وہابی المذہب تھے، آئے ہوئے تھے۔ مسجد میں انہوں نے وعظ کیا۔ آپ بھی اُس مجمع میں موجود تھے۔ انہوں نے فقیروں کی توہین میں کوئی کسر نہ چھوڑی۔ یہاں تک کہا کہ ہم نے بہت سارے فقیروں کو دیکھا ہے کہ اُن کی سواری میں جو گھوڑے عمر بھر رہتے ہیں۔ وہ گھوڑے ہی رہتے ہیں۔ کبھی اُن کی برکت یا کرامت سے انسان نہیں بن گئے۔ ایسے لوگوں کو نہیں ماننا چاہیئے بلکہ عالموں کی تعظیم و تکریم کرنی چاہیئے، ان کی بڑی شان ہے — ان کے منہ سے کلام ربّانی ظاہر ہوتی ہے۔ آپ اُسی وقت کھڑے ہو گئے، اور پوچھا: "مولوی صاحب! فقیروں کے گھوڑے تو واقعی ساری عمر گھوڑے ہی رہتے ہیں۔ جن علماء کی آپ نے بڑی تعریف کی ہے، اُن کی سواری کے گھوڑے کتنے عرصہ کے بعد انسان بن جاتے ہیں۔ ذرا قرآن و حدیث یا مشاہدہ سے جواب دیں۔" مولوی صاحب مبہوت ہو گئے۔ اور اپنی خفت کو مٹانے کے واسطے کہا "اے فقیر! تو اِس بات کو نہیں جانتا۔" آپ نے فرمایا "ہاں صاحب! اسی لئے تو پوچھتا ہوں کہ میں نہیں جانتا۔" بس وہ خاموش ہو گئے۔

پیر اسماعیل شاہ النقشبندی سے گفتگو

ایک مرتبہ آپ کرموں والہ ضلع فیروز پور [illegible] میاں پیر اسماعیل شاہ کانیانیا

Marfat.com

شہرہ تھا، جو میاں شیر محمد نقشبندی مجددی شرقپوریؒ کے خلیفوں میں سے ہیں۔ آپ اُن کی مسجد میں گئے۔ اور بوجہ سفر کی تھکاوٹ کے لیٹ گئے۔ روٹی کا وقت ہوا تو اُن کا ایک درویش مسجد میں آیا، اور پاؤں کی ٹھوکر مار کر آپ کو اٹھایا کہ اٹھو روٹی کھاؤ۔ آپ اُٹھے، اور پیر صاحب کے پاس جا کر پوچھا "پیر صاحب: یہ مسئلہ بیان کرو کہ اگر کوئی مسافر پردیسی مسجد میں لیٹا ہُوا ہو تو پاؤں سے ٹھوکر (ٹھڈّا) مار کر اس کو اٹھانا فرض ہے یا واجب ہے یا سنت ہے یا مستحب ہے"۔ پیر صاحب لاجواب ہو کر چُپ رہے۔

قاضی قطبی ملتانی سے گفتگو

ایک مرتبہ موضع بوہت تحصیل پھالیہ میں اہل سنت جماعت کا تبلیغی جلسہ تھا۔ وہاں مولوی قاضی محمد اکرم قطبی سہروردی ملتانی تقریر کے لئے آئے ہوئے تھے۔ ہم بھی وہاں پہنچے۔ آپ بھی ہمراہ تھے۔ جلسہ سے پہلے مولوی صاحب سے مسجد میں ملاقات کی۔ عام مخلوق مولوی صاحب کے ساتھ سلام و مصافحے کر رہی تھی۔ مولوی صاحب نے از راہِ انکسار کہا کہ میری مثال تو گیدڑ کی طرح ہے۔ اس کو سب شکاری جانتے ہیں۔ مگر وہ کسی کو نہیں پہچانتا۔ اسی طرح تم سب برادران اسلام مجھ کو پہچانتے ہو۔ لیکن میں کسی بھائی کو نہیں پہچانتا۔ آپ نے سُن کر فرمایا "مولوی صاحب! اپنے آپ کو حلال مال سے تشبیہ دو۔ حرام مال سے تشبیہ نہ دو"۔ مولوی صاحب نے پھر از راہِ کسر نفسی کہا کہ "میں گنہگار ہوں"۔ آپ نے فرمایا "ہم تو آپ کو گناں گار سمجھتے ہیں"۔ یعنی بہت سارے گنوں والے۔

مولوی ہیلانی سے گفتگو

ایک بار آپ نے قصبہ ہیلاں (ضلع گجرات) میں نماز جمعہ ادا کی۔ وہاں مولوی صاحب نے آیت شریف وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا کی تفسیر میں وعظ کیا اور خدا تعالیٰ کی نعمتوں کو بتفصیل بیان کیا اور کہا "اے لوگو! خدا تعالیٰ نے تم کو زمین پر ان دیئے۔ آنکھیں دیں، بیویاں دیں، اولادیں دیں، گھوڑیاں، بھینسیں، گائیں، اونٹ، ہاتھی، پالکیاں، نمبرداریاں، ذیلداریاں، سفید پوشیاں، جاگیرداریاں، وزارتیں، حکومتیں سب کچھ دیا ہے۔ اُس ذات کا شکر کیا کرو۔ آپ نے سُن کر فرمایا "مولوی صاحب! سنو،

Marfat.com

خدا تعالےٰ نے مجھ کو جو تن پران دیئے ہیں، یہ کمزور ہیں۔ آنکھیں دی ہیں جن میں نظر کم ہے۔ بیوی مر چکی ہے۔ اولاد بیفرمان دی ہے۔ گھوڑی بالکل نہیں ہے اس لیے پیدل سفر کرتا ہوں۔ بھینس اور گائے بھی نہیں دی کہ دودھ پیوں۔ اونٹ اور ہاتھی اور پالکی پر بیٹھنا کبھی نصیب نہیں ہوا۔ باقی جتنے عہدے تم نے شمار کئے ہیں۔ ان میں سے مجھے ایک بھی تیسر نہیں ہوا۔ اب تم بتاؤ کہ تمہاری شمار کردہ چیزوں میں سے میں کس چیز کا شکریہ ادا کروں۔" خدا کے نہ دینے کا شکریہ ادا کروں کہ اُس نے مجھے اِن نعمتوں سے محفوظ رکھا ہے یا دوسرے لوگوں کو نعمتیں دینے کا میں شکریہ ادا کروں"۔

مولوی جوکالوی سے گفتگو

ایک مرتبہ جوکالیاں میں ایک جلسہ پر ایک مولوی صاحب نے تقریر کی۔ اور اثنائے وعظ میں ایک تمثیل شروع کر دی۔ جب تمثیل ختم ہوئی تو اُن کو وہ واقعہ یاد سے اُتر گیا۔ جس پر تمثیل کو مطابق کرنا تھا۔ حاضرینِ جلسہ سے پوچھا کہ کسی صاحب کو یاد ہے کہ میں کیا مسئلہ بیان کر رہا تھا۔ چند لوگوں نے بتایا کہ فلاں مسئلہ شروع تھا۔ مولوی صاحب خوش ہوئے اور کہا خدا کا شکر ہے کہ مجلس میں کچھ سُننے والے صاحب بھی بیٹھے ہیں۔ آپ بھی سامعینِ جلسہ میں موجود تھے۔ بلند آواز سے کہا "مولوی صاحب! صرف سننے والے لوگ ہی نہیں، بلکہ کچھ سمجھنے والے اصحاب بھی موجود ہیں"۔ مطلب یہ تھا کہ مولوی صاحب کا مبلغ علم اور قوتِ حافظہ کو ہم سمجھ چکے ہیں۔

ایک مُلّا سے گفتگو

آپ ایک جگہ ایک مُلّا کے پاس گئے۔ اُس نے روٹی پانی کی خدمت سے پہلو تہی کی۔ آپ نے فرمایا: "مُلّا صاحب! تمہاری فطرت ہی ایسی ہوتی ہے"۔ کسی نے کہا ہے ۔ ؎

بَرد دُور شو اے سگِ نامراد کہ مُلّا بروزِ سخاوت نژاد

سائیں عیدے شاہ سے گفتگو

ایک مرتبہ آپ کڑیال ضلع لاہور میں تشریف لے گئے۔ وہاں درویشوں کے مجمع میں تصورِ شیخ کا مسئلہ شروع ہوا۔ سائیں عیدے شاہ سجادہ نشین نے کہا کہ تصور میں اپنے مُرشد کا چہرہ اپنے سامنے رکھنا چاہیئے۔ آپ نے فرمایا، دوسرے کا چہرہ دیکھنا کفر ہے۔ تصور یہ ہے کہ

Marfat.com

اپنے آپ کو مرشد میں فنا کرے۔ دُوئی کو دُور کرے۔ کتاب آبِ حیاتی میں ہے ؎

اپنا منہ وچ شیشے دِسّے　　شیشے باہجھ نہ ڈٹھا کِسّے
مرشد شیشہ سُچّا صاف　　بِن مُرشد ہے سب خلاف
انسان دا شیشہ ہے انسان　　الانسان مرآۃ الرحمان

حکیم محمّد حیات سے گفتگو

ایک مرتبہ آپ عُرس بھڑی شریف پر مسجد درگاہِ رحمانیہ میں کلمہ طیّبہ کی ضربیں لگا رہے تھے۔ حکیم محمد حیات جَرّاح ساکن دایاں والی چک ۲۷ ضلع شیخوپورہ (مرید شرافت) وہاں آیا ہوا تھا۔ اُس نے کہا کہ آپ کی ضربوں کا کسی دل پر اثر نہیں ہوتا۔ آپ نے فرمایا "تم اثر والی ضربیں لگا کر دکھا دو"۔

بابا علی وڑائچ سے گفتگو

ایک روز بابا علی بن حسنا وڑائچ ساکن چک جانو کلاں جو صاحب علم اور مثنوی مولانا روم رح کا شائق تھا۔ ہمارے دیوان خانہ میں فقیر سیّد شرافت عفا اللہ عنہ کے پاس آیا۔ آپ بھی وہاں موجود تھے۔ آپ کا لباس درویشی تھا۔ سر پہ ٹوپی تھی۔ چند ضربیں کلمہ طیّبہ کی لگائیں۔ چونکہ آپ کا جسم فربہ تھا۔ بابا علی نے کہا "تم بالکل فقیر نہیں ہو، صرف لباس فقیرانہ ہے۔ اگر تم فقیر ہوتے تو اس قدر فربہ نہ ہوتے۔ فقیر وہ ہوتے ہیں جن کا جسم ریاضات و مجاہدات سے دُبلا ہو چکا ہے۔ آپ نے فرمایا "سنو، فقیر وہ ہوتا ہے جو مُوتُوا قَبْلَ اَنْ تَمُوتُوا ہو۔ یعنی مرنے سے پہلے مر چکا ہو۔ اور یاد رکھو کہ قبر میں مُردہ کی دو ہی حالتیں ہوتی ہیں۔ یا سُجتا پھولتا ہے یا سُکڑتا ہے۔ ہم ابھی سوجنے پھولنے کی حالت میں ہیں"۔ بابا علی مذکور ہنس پڑا۔

چوہدری غلام قادر ذیلدار سے گفتگو

ایک مرتبہ آپ موضع بُرج چھٹہ میں چوہدری غلام قادر ذیلدار کے پاس گئے۔ دن دوپہر کو روانہ ہوئے۔ شام تک دُھوپ برداشت کی۔ سورج غروب ہوا تو اندھیرے میں چلتے چلتے عشاء کے بعد وہاں پہنچے۔ چونکہ سب لوگ سو چکے تھے۔ اس لئے روٹی بھی نہ ملی۔ صبح چوہدری کو ملے اور فرمایا "چوہدری صاحب! تمہاری خدمات میں سے آج مجھے یہ کچھ موصول ہوا ہے "دو پہر دھوپ، ایک پہر اندھیرا، تین پہر دھکے، آٹھ پہر فاقہ"۔

Marfat.com

ہمہ اوست والوں سے گفتگو

ایک مرتبہ ضلع امرتسر میں ایک عُرس پر فقیروں کا کافی مجمع تھا۔ سب ہمہ اوست کا مشرب رکھتے تھے۔ ہر ایک درویش کو اُس کے عقیدتمند خدا ہی سمجھتے تھے۔ چونکہ وہ محض صاحبِ قال ہی تھے۔ حال سے آشنا نہ تھے۔ آپ نے وہاں درختِ وَن سے ایک پتّہ توڑا اور فرمایا: "او ہمہ اوست والو! اپنی باتوں میں اپنی زبان سے تم سب خدا بنے بیٹھے ہو۔ دیکھو، خدائے واحد لاشریک خالق لایزال نے لاکھوں، کروڑوں درخت پیدا کئے ہیں۔ آؤ تم سب خدا مل کر اِس ایک پتّہ کو درخت کے ساتھ جوڑ دو اور اپنی مجموعی طاقت و کرامت کو خرچ کر لو۔" سب سُن کر شرمسار ہوئے۔

فضلا شیخوپوری سے گفتگو

ایک مرتبہ موضع اگرویہ میں کسی شادی کی تقریب پر سب سادات نوشاہیہ اکٹھے تھے۔ دائرہ میں ڈیرہ تھا۔ وہاں سیّد حسن عالم بن سیّد عمر بخش رسول نگری کا ایک مخلص مرید فضلا ڈرائیور شیخوپورہ والا آگیا۔ ہم سب وہاں موجود تھے۔ اُس نے آپ کو سلام کیا۔ آپ کی نظر کچھ کم تھی۔ اِس لئے بتکلف پہچانا اور کہا "کیا تو وہ ہے"؟ اس نے کہا: "کون"؟ فرمایا: "وُہ"! اُس نے کہا: "کون"؟ فرمایا: "وُہ"! اُس نے کہا: "ہاں وہی جس کو تم نے سجدہ کیا تھا"! آپ نے فرمایا: "نہیں۔ بلکہ وہ جس نے سجدہ سے انکار کیا تھا"! سب اہلِ مجلس آپ کی حاضر جوابی پر خوش ہوئے۔

بخت بافندہ سے گفتگو

ایک روز آپ موضع سارنگ میں گئے۔ بخت بافندہ سے آپ نے کوئی چیز طلب کرنی تھی۔ تین چار مرتبہ اُس کو مخاطب کیا: "او نیک بخت! او نیک بخت"! وہ چڑ گیا۔ اور کہا: "بار بار نیک بخت کہنے کا کیا مطلب"؟ آپ نے فرمایا: "اچھا اگر یہ پسند نہیں تو او بدبخت! او بدبخت"! پھر وہ شرمندہ ہوا۔

شاہی مسجد والوں سے گفتگو

ایک مرتبہ آپ لاہور گئے۔ میں بھی ہمراہ تھا۔ شاہی مسجد کو دیکھنے کے واسطے۔ منارہ مسجد

Marfat.com

پر چڑھنے کے لئے آگے بڑھے ۔ دربانوں نے روکا کہ دو آنہ چندہ دے کر جاؤ ۔ سب لوگ چندہ دے کر چڑھ رہے تھے ۔ آپ نے کہا کہ یہ مسجد اور مینار مسلمان بادشاہوں نے اپنے خزانے خرچ کر کے بنوائے اور ہم لوگوں کے واسطے ہی بنوائے کہ ہم لوگ ان پر چڑھ کر سیر کریں ۔ تمہاری کیا رقم اس پر خرچ آئی ہے کہ تم چندہ مانگتے ہو" وہ لاجواب ہو گئے اور آپ منارہ پر مُفت ہی چڑھے ۔

زوجہ بہاول ملاح سے گفتگو

مسمی بہاول ملاح ساکن مانگہ بڑے متمول رئیسوں سے تھا ۔ اس کے ساتھ ایک عورت قوم کنگرہ سے اغوا ہو کر آگئی ۔ ایک روز آپ مانگہ میں گئے اور اُن کے گھر سے کوئی چیز طلب کی اور جلدی جلدی لینے کا ارادہ ظاہر کیا ۔ وہ عورت کنگری ناراض ہو کر کہنے لگی کہ: "تم بڑے جلد باز ہو کہ ذرہ بھر بھی حوصلہ نہیں کرتے ۔" آپ نے فرمایا "مجھ سے تو تم بڑھ کر جلد باز ہو کہ ایک بار ہی بہاول کو دیکھنے سے سب گھر بار کو خیرباد کہہ کر اس کے پیچھے چلی آئی ہو ۔ ذرہ بھر بھی حوصلہ نہ کیا ۔

دُڑوہ والوں سے گفتگو

ایک بار آپ نوشہرہ شریف میں گئے ۔ وہاں اولادِ حضرت سچیار رحؒ نے آپ کی خدمت مدارات نہ کی ۔ آپ ناراض ہو کر دُڑوہ (اکبر آباد) میں چلے گئے ۔ وہاں کے صاحبزادوں نے پوچھا "آج آپ کہاں سے تشریف لائے ہیں" ۔ فرمایا "منکر مریدوں کے پاس سے"

شعر گوئی

ایک مرتبہ پیر محمد شاہ رُن ملوی سے آپ نے کچھ قرضہ مانگا ۔ انہوں نے دینے کا وعدہ کیا ۔ جب آپ لینے کے واسطے گئے تو انہوں نے انکار کر دیا ۔ اور وعدہ ایفا نہ کیا ۔ آپ نے اُن کے متعلق یہ شعر بنایا ۔

بھیڑے جھوٹھے تے بے اقرارے اکھیں جا کے ڈٹھے اُتوں کالے دِلوں کالے کدی نہ ہوندے چٹے

ملفوظات

— مسمی کرم الٰہی حنیف نے آپ سے پوچھا کہ درویش کو کیا کرنا چاہیئے ۔؟

Marfat.com

فرمایا: "اللہ اللہ"۔

فرمایا: "حبس الدم کرنے سے سردی رفع ہوجاتی ہے اور مزاج گرم ہوجاتا ہے"۔

فرمایا: "سوالیوں کے تین ہر ہوتے ہیں۔ ہر وقت مانگنا، ہر کسی سے مانگنا اور ہر شے مانگنا۔ ہم نے ایک چوتھا ہر بھی اس میں شامل کیا ہے یعنی "مانگنا نہیں"۔

اولاد آپ کا نکاح سیدہ حسین بی بی بنت سید نورالدین بن سید کرم الدین برخوردار ساکن چک جانی، ضلع گجرات سے ہوا تھا۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔

آپ کے چار بیٹے ہوئے:۔

۱۔ صاحبزادہ عاشق علی سلمہ اللہ عنہ متولد پنجشنبہ ۱۴ ربیع الثانی ۱۳۲۴ھ۔ مولوی محمد سلام اللہ شائق حنفی ساکن چک عمر نے یہ تاریخ لکھی:۔

بارِ اول لطف فرمودہ خدا　　آشکارا گشت امیدِ دلی
شد دعائے پیرِ مکمن شاہ قبول　　بود آں مردِ خدا کامل دلی
از دل و جاں صد مبارکباد باد　　در جنابِ حضرتِ شیرِ علی
شائقِ مسکیں نویسد سالِ او　　تا کہ باشد یادگارِ ما جلی
گفت ہاتف نام و تاریخ عزیز　　گو، حصولِ راحتِ عاشق ملی

پرائمری تک تعلیم ہے۔ قرآن مجید حافظ غلام محمد امام مسجد چینی ساہن پال سے پڑھا۔ بعض درسی کتابیں مولوی نبی بخش لاہوری اور پیر عبدالغفار شاہ عامی اشاعت درود شریف محلہ سادھواں لاہور، اور دیگر علماء سے پڑھیں۔ کتابت بھی سیکھی ہوئی ہے۔ اس کا نکاح مسمات معروف بیگم بنت میاں اسماعیل ساکن کاٹرہ متصل لالہ موسیٰ سے ہوا لیکن ناسازی کی وجہ سے طلاق دے دی۔ اس سے کوئی اولاد نہیں ہوئی۔ اس وقت بعمر باون سال زندہ موجود ہے۔

۲۔ صاحبزادہ معشوق علی۔ متولد ۱۳۲۷ھ۔ مولانا شائق نے یہ تاریخ لکھی:۔

بحمد اللہ کہ شد فضلِ الٰہی　　کہ ذاتِ پاکِ او بس مہربان ست

Marfat.com

دگر بارہ تولد گشت فرزند رُخش تابندہ ماہِ آسمان ست
جنابِ پیر مکمن شاہ صاحب دعا فرمود تاثیرش ہمان ست
شہِ شیر علی مردِ خدا را مبارکباد پیروں از بیان ست
بفرمانش نوشتم سالِ ہجری کہ در دنیا ز ما ہر دم نشان ست
بتاریخِ ولادت گفت ہاتف کہ معشوقِ علی خطِ امان ست

اس کا نکاح مسمات فاروق بیگم بنت میاں اسماعیل ساکن کاٹرہ متصل لالہ موسےٰ سے ہوا۔ اس کے بطن سے تین لڑکے اور پانچ لڑکیاں ہوئی ہیں۔

لڑکوں کے نام یہ ہیں :-

۱۔ صاحبزادہ منظور محسن سلمہ اللہ ۔ یہ تاریخی نام ہے ۔ متولد ہفتہ کی رات ۲۶ ذیحجہ ۱۳۵۴ھ ۔ اس کی شادی سیدہ شاہ بیگم بنت سید فقیر محمد بن سید نور الٰہی برخوداری سے ہوئی۔

۲۔ صاحبزادہ ظہور محسن ۔ مدعمرہٗ ۔ متولد پنجشنبہ ۱۷ رجب ۱۳۷۲ھ۔

۳۔ صاحبزادہ مقصود محسن مدعمرہٗ ۔ متولد منگوار ۲۵ رجمادی الاولیٰ ۱۳۷۵ھ۔

لڑکیوں کے نام یہ ہیں :-

(۱) صغریٰ بیگم اولیٰ ۔ فوت ہوگئی ۔ (۲) زہرہ بیگم (۳) سائرہ بیگم (۴) ہاجرہ بیگم (۵) صغریٰ بیگم ثانیہ ۔ یہ چاروں خورد سال بچیاں موجود ہیں ۔

۳۔ صاحبزادہ مشتاق علی مرحوم
۴۔ صاحبزادہ اشتیاق علی مرحوم
} ان دونوں کے حالات آگے دسویں باب میں آئیں گے۔

سید شیر علی ذکرہٗ کی تین بیٹیاں ہوئیں ۔

۱۔ سیدہ فضیلت بی بی ۔ یہ بچپن میں فوت ہوگئی۔

۲۔ سیدہ سکینہ بی بی ۔ منکوحہ صاحبزادہ فقیر محمد بن سید نور الٰہی برخورداری۔ ساکن شہر کراچی ۔

۳۔ سیدہ حلیمہ بی بی ۔ منکوحہ میاں محمد اکرم بن میاں اسماعیل ساکن کاٹرہ علاقہ لالہ موسےٰ ۔

Marfat.com

یارانِ طریقت آپ کے خواص مریدین تھے :

۱۔ صاحبزادہ عاشق علی فرزند آنجناب ساہن پانی

۲۔ سائیں جعفر قوم سُدھن۔ میرپوری ۳۔ محمد بن محمد بخش تارڑ۔ اگرویہ والا

۴۔ مولا داد کشمیری۔ اگرویہ والا۔

تبرکات آپ کی ٹوپی اور تسبیح اور کپڑے وغیرہ اولاد کے پاس موجود و محفوظ ہیں۔

واقعہ وفات وفات سے چند روز پہلے آپ کو اسہال شروع ہو گئے۔ مرض کے دوران میں کفن کے لئے لٹھہ کا چونسہ کپڑا بتیوں سے دھلایا اور صابن اور عرقِ گلاب بھی پہلے منگوا رکھا۔ قرآن کا ختم بھی اپنے پاس کروایا۔

تاریخ وفات سید شیر علی کی وفات بعمر ستاسٹھ سال بروز اتوار وقت عصر ۲۳ شعبان ۱۳۵۸ھ میں ہوئی۔ قبر گورستان نوشاہیہ میں ہے۔

مادہ ہائے تاریخ

۱۔ حاجی نوشہ گنج بخش ۲۔ غفار یزدان

سید حاکم شاہؒ

آپ سید عطا محمد بن سید بوٹے شاہ برخورداریؒ کے بڑے بیٹے تھے۔ بیعت طریقت حضرت سید مکمن شاہ لاہوریؒ سے تھی۔

آپ کی والدہ کا نام سیدہ سید بیگم بنت سید غلام نبی برخورداری۔ ساکن دھیر کے خورد تھا۔

تاریخ ولادت آپ کی ولادت پچیسویں ماہ بیساکھ سمت ۱۹۳۸ ب مطابق ۱۲۹۸ھ میں ہوئی۔ مادہ تاریخ منور بخت۔

تعلیم آپ نے قرآن مجید اور چند درسی کتابیں میرے جد بزرگوار حضرت سید حافظ محمد شاہ بن سید محمد امین برخورداری سے پڑھیں۔

Marfat.com

اخلاق وعادات

آپ کا ذہن رسا تھا۔ صاحب فہم و فراست اور عشق و کیاست تھے۔ درویشی کے رموز و اشارات سے دلچسپی رکھتے۔ جب کسی بزرگ کا کلام سنتے تو اس کا مطلب صوفیانہ بیان کرتے۔ زراعت پیشہ کیا کرتے۔ عمر پچیس سال تک چک ۴ بلندیوالہ متصل جلوال شریف میں رہے۔

مؤلف کے ساتھ محبّت

آپ کو مؤلف کتاب ہذا فقیر سید شرافت اللہ عنہ کے ساتھ بہت محبت تھی۔ آپ کی جوانی میں موتیا سیاہ اُترنے کی وجہ سے آنکھیں بند ہو گئیں۔ نابینا ہونے کے باوجود آپ روزانہ ایک دفعہ ہمارے دیوان خانہ میں میرے پاس تشریف لے آیا کرتے۔ اور میرے ساتھ بزرگوں کے کلام کے متعلق باتیں کیا کرتے اور محظوظ ہوا کرتے۔ کئی مرتبہ ایسا ہوتا کہ آپ کوئی بات مجھ سے سُن کر زار و قطار رونے لگ جاتے۔

رقتِ قلب

آپ رقیق القلب تھے۔ جب کبھی میرے جد بزرگوار کا نام لیتے، تو پہلے بسم اللہ شریف پڑھ کر ایصالِ ثواب کر لیتے۔ پھر کہا کرتے کہ "میرے بھائی حضرت محمد شاہ، اس طرح فرمایا کرتے تھے"۔ اور آپ ان کا نام لے کر رو پڑا کرتے۔"

والدہ صاحبہ کا ادب

آپ کی والدہ محترمہ نہایت ضعیف تھیں اور شیخ فانی کے مرتبہ کو پہنچی ہوئی تھیں۔ نظر بند تھی۔ حواس بھی بجا نہ رہے تھے۔ لیکن آپ باوجود بوڑھاپے اور معذوری نظر کے پھر بھی ان کی خدمت کیا کرتے۔ ایک مرتبہ رات کے وقت میں سُن رہا تھا کہ والدہ صاحبہ آپ کو بار بار بلاتی تھیں "وے حاکم شاہ"، "وے حاکم شاہ"۔ آپ ہر بار جواب میں "جی"، "جی" کہتے جاتے تھے۔ تا آنکہ تیس چالیس مرتبہ انہوں نے بلایا۔ آپ ہر بار "جی" کہتے گئے اور تنگدل نہ ہوئے۔

اشعار خوانی

آپ خوش آواز تھے۔ قصہ سیف الملوک بڑی ٹھاٹ سے پڑھا کرتے۔ آپ کی آواز میں تاثیر تھی۔ سُننے والوں کو بڑا ذوق حاصل ہوتا۔ قصہ ہیر رانجھا مصنفہ سید وارث شاہ بھی گاہ بگاہ پڑھا کرتے۔ آپ ایک روز کسی کا

Marfat.com

یہ شعر پڑھ کر خوش ہو رہے تھے۔

سوال:۔ ہیر رانجھے دا وصل جے ہویا مُڑ کے پچھوں تانی کیوں

جواب:۔ گذری دا افسوس لگو سو رانجھے باہجھ وِہانی کیوں

اوہو میل دیاہاں والا اوہو میل موکانی اوہو تُو نبہ گُہڑتی والا اوسے تو بنے پانی

کرامات

سلامتی کی دعا

جنگ عالمگیر کے زمانہ میں آپ کا برادزادہ غلام عباس بن سید حیدر شاہ ملٹری میں بھرتی ہو گیا۔ اور فوج کے ہمراہ بحری جہازوں پر سوار ہو کر یورپ میں چلا گیا۔ اُن دنوں یہ خبریں عام شائع ہوتی تھیں کہ شاہِ جرمن ہرٹلر نے فلاں جگہ آبدوز کشتیوں کے حملہ سے جہاز غرق کر دیئے۔ ایک دن غلام عباس کا خط آیا، جس پر یہ لفظ تحریر تھے "میں نے جہاں پہنچنا تھا، پہنچ گیا ہوں" یہ الفاظ پڑھ کر گھر کے سب آدمی رونے لگے کہ شاید جہاز غرق ہونے کے وقت اُس نے یہ الفاظ لکھے ہوں گے۔ آپ نے اُس وقت سب کو دلاسہ دیا۔ اور کہا کہ کوئی فکر نہ کرو۔ اللہ تعالےٰ اس کو خیریت سے واپس لاوے گا۔ چنانچہ واقعی اختتام جنگ پر غلام عباس بخیریت واپس آیا لیکن آپ اُس کے آنے سے پہلے دنیا سے رحلت کر چکے تھے۔ آپ کی ملاقات اُس سے نہ ہو سکی۔

مکتوب

یہ مکتوب آپ نے سید عمر حیات بن سید غلام حسین برخورداری پنجھلی کے نام بھیجا۔ اُن کے بھتیجے صاحبزادہ اکبر علی بن سید کرم حیات کی ولادت کی خوشی میں بطور مبارکباد ارسال کیا۔

ھو

اول حمد ثنا الٰہی باہر حد بیانوں پھیر درود رسول اللہ دے بھیجاں ایں زبانوں

Marfat.com

اس تھیں بعد سلام علیکم رستہ جو اسلامی
رحمت برکت رب سچے دی شامل حال مدامی

لکھ لکھ ہووے مبارک تینوں عمر حیات جواناں
کرم حیات دے اُپر اللہ کیتا فضل نگاناں

اللہ صاحب اُس نوں دِتا ہے فرزند نریناں
عمر حیاتی والا ہووے روشن وچ زمیناں

جس دن سُنیا خط تساڈا بہت مسرت ہوئی
خوشیاں دا دروازہ کھلا غم نور مُول نہ ڈھوئی

وچ دربار نوشاہی جا کے منگیاں بہت دعائیں
یارب حرمت ایس ولی دی کرنا فضل ورائیں

لمی عمر تے نیک نصیبہ دیوے اس نوں مولا
جو کُرسی سو اللہ کُرسی باقی ایویں رولا

ہر اِک تائیں میری طرفوں ہووے مبارکبادی
اللہ پاک تساڈے دل وچ دائم رکھے شادی

اِس تھیں پچھے بھین تساڈی امیر بیگم[1] ہے کہندی
بعد مبارک بعد سلاموں ایہ تسانوں کہندی

پکا قول قرار تساں سی کیتا نال اساڈے
اسیں لاہور چراغاں میلے جاساں کول تساڈے

اوس جگہ میں جا کے رکھی بہت اڈیک تمہاری
خبر نہیں کیا باعث ہویا کیا ہوئی لاچاری

انتظار تساڈی رکھی ہر دم شام سویرے
ہرگز تسیں لاہور نہ آئے دل وچ فکر گھیرے

حالت اپنی جلد بتاؤ کیا کجھ حال تساندا
اللہ صاحب بخشش کُرسی مالک ہے فضلاں دا

حاکم شاہ ہن بس کر قصہ ناں کر طول کہانی
منگ دعا جے عمر حیات نو[2] دیوے رب زنانی

فائدہ سید حاکم شاہ شاعر نہ تھے۔ یہ خط اپنے خالہ زاد بھائی سیّد غلام احمد بن سید فاضل شاہؒ سے نظم کروایا اور اپنی طرف سے بھیجا۔ اس لئے میں نے آپ کے ذکر میں لکھ دیا ہے۔

ملفوظات

کہا کرتے۔ حضرت سید حافظ الٰہی بخش بن سید حافظ نور اللہ برخورداریؒ کے تینوں بیٹے سیّد حافظ قل احمد پاک ذات نوشاہِ ثانیؒ اور سید غلام احمد المعروف بوٹے شاہ

---

[1] امیر بیگم بنت سید عارف حق لاہوری۔ زوجہ سید نور حق بن نیاز محمد لاہوری۔ (شرافت)
[2] یہ بطور خوش طبعی ہے۔ ۱۲۔ شرافت۔

Marfat.com

اور سید فیض احمد العروف مکھن شاہؒ تینوں کامل اولیاء اللہ سے تھے۔
کہا کرتے۔ میرے بھائی صاحب سید محمد شاہ بن سید محمد امینؒ جیسا تمام اولادِ حضرت نوشہؒ میں کوئی شخص صاحبِ کمال نہ تھا۔

اولاد آپ کا نکاح سیدہ سردار بیگم بنت سلطان محمود برخورداری ساکن دھیر کے خورد متصل گجرات سے ہوا تھا۔ اس کے بطن سے اولاد ہوئی۔ فرزند نرینہ تو کوئی نہیں تھا۔ پانچ بیٹیاں ہوئیں :-

۱۔ سیدہ برکت بی بی۔ منکوحہ صاحبزادہ محمد شریف بن سید محمد عالم۔ ڈھوالہ۔
۲۔ سیدہ رابعہ بی بی۔ منکوحہ سید قربان علی بن سید پیر عالم۔ رسول نگری۔
۳۔ سیدہ حسین بی بی۔ یہ بچپن میں فوت ہوگئی۔
۴۔ سیدہ فاطمہ بی بی۔ منکوحہ صاحبزادہ فقیر احمد بن سید نور حق۔ لاہوری۔
۵۔ سیدہ نواب بی بی۔ منکوحہ صاحبزادہ لطیف احمد بن سید نور حق۔ لاہوری۔

یارانِ طریقت آپ کے خواص مرید یہ تھے :-

۱۔ صاحبزادہ غلام عباس بن سید حیدر شاہ۔ برادر زادہ ساہن پال شریف ضلع گجرات
۲۔ صاحبزادہ تصدق حسین بن سید محمد علی۔ خواہرزادہ دھیر کے خورد " "
۳۔ سیدہ امیر بیگم بنت سید عارف حق۔ وسن پورہ لاہور

تاریخ وفات سید حاکم شاہ کی وفات بعمر باسٹھ ۶۲ سال۔ بدھوار کی رات۔ ۲ رمضان سنہ ۱۳۶۰ھ میں ہوئی۔ قبر گورستانِ نوشاہیہ میں ہے۔

ماده تاریخ ذی احترام

سید عبدالحق لاہوری

آپ سید نیاز محمد بن سید غلام احمد العروف پیر بوٹے شاہ ساہن پالوی کے بڑے بیٹے تھے۔ بیعت طریقت و اجازت اپنے نانا صاحب حضرت سید فیض احمد العروف

Marfat.com

پیر مکھن شاہ لاہوریؒ سے تھی۔

آپ کی والدہ کا نام سیّدہ بیگم بی بی بنت سید مکھن شاہ لاہوری تھا۔

مادہ تاریخ " بختِ منیر"

تاریخ ولادت

آپ کی ولادت آٹھویں بیساکھ سمت ۱۹۴۲ بکرمی۔ مطابق سنہ ۱۳۰۲ھ میں بمقام ساہن پال شریف ہوئی۔ مادہ تاریخ "بختِ منیر"

تعلیم و تربیت

آپ کی تعلیم اَپر مڈل تک تھی۔ آپ کی تربیت والدین نے اچھے طریقہ پر کی۔ اردو، انگریزی میں کافی ملکہ حاصل کیا۔

ملازمت و معاشرت

آپ ملازمت کے سلسلہ میں تین سال تک افریقہ میں رہے وہاں سے کافی سرمایہ حاصل ہوا۔ واپس آکر قصبہ قادرآباد کے پاس موضع جاگو تارڑاں ضلع گجرات میں زمین خریدی۔ کئی سال تک اُس میں کاشت کاری کرواتے رہے۔ پھر اُس کو فروخت کر دیا اور موضع اگرویہ میں زمین بیع لی اور اُس میں کنواں بھی لگوایا۔ چند سال تک وہاں سے بھی مالی فائدہ اٹھایا۔

لاہور میں بھی رہائش

آپ نے افریقہ سے واپس آکر لاہور میں ملازمت کر لی اور ریلوے کارخانہ لوکو شاپ میں پہلے مستری پھر چارج مین کے عہدہ پر رہے اور خانگی رہائش لاہور میں رکھی۔ موچی دروازہ، کرڑہ پوربیاں میں مکان خرید لیا۔ اولاد کی تعلیم و تربیت کا خاص خیال رکھتے۔ اپنے تمام بھائیوں سے زیادہ قابلیت و لیاقت رکھتے تھے۔

مہمان نوازی

آپ ازحد مہمان نواز تھے۔ شہری لوگ عموماً تنگ دل ہوتے ہیں، مگر آپ لاہور میں رہ کر فراخ مشرب تھے۔ دیہاتی لوگ بالعموم آپ کے پاس جاتے اور آپ ان کی خدمت و مدارات کھلے دل سے کرتے۔ موضع اگرویہ کے اکثر لوگ شیرگڑھ جاتے اور آتے ہوئے آپ کے ہاں ہی ٹھہرا کرتے۔

شاعری

آپ گاہ بگاہ پنجابی میں شعر کہا کرتے تھے اور اپنا تخلص سائیں رکھا تھا۔ آپ کے بعض اشعار یہ ہیں۔ ؎

Marfat.com

ب بتاں دے عشق وچ پیار پا کے کھا کھا ٹھوکراں جان ظہیر ہو گئی
پھراں رات دن جنگلاں وچ ہوندا حالت مجنوں جیہی دامنگیر ہو گئی
دِسے مدتاں دا یار خفا ہویا دِلا خبرے کی ایڈی تقصیر ہو گئی
سائیں رہیا جے ہجر وچ حال ایویں اک دن دیکھ لئیں جان اخیر ہو گئی

ع عاشق بن کے پچھاں ہٹ ناہیں ہو جا بکرے دا نگ حلال اے دل
ایہ معشوق نے وانگ قصائیاں دے سو سو ظلم کرے عاشق نال اے دل
کاہنوں آہ فغان تے کریں نالے اس نوں ذرا نہیں خواب خیال اے دل
سائیں کہیا اے سچ سیانیاں نے ہے کمال نوں آخر زوال اے دل

ع عشق والی جس نوں مرض لگی اوہ نہ رہیا بندہ کسے کم دا اے
توبہ توبہ پوکار دی پئی خلقت جدوں حال ویکھن چشم نم دا اے
غم دے عشق تندور دی لاٹ نکلی پتھر دیہ جانی کسے سم دا اے
کوئی گھڑی میلا ایس جگ دے وچ سائیں کی بھروا سڑا دم دا اے

حلیہ آپ کا قد لمبا، جسم متوسط، رنگ گندم پختہ، سر کے بال خشخاشی، نہایت گنجان گھنگر والے، داڑھی مقرص، اوپر والے ہونٹ پر پیدائشی طور پر چاند گرہن کا نشان تھا۔

ملفوظ آپ کہا کرتے تھے کہ جس شخص نے پہلے سائیکل ایجاد کیا ہے۔ اُس نے پیادہ چلنے والوں پر بہت بڑا احسان کیا ہے۔

اولاد آپ کا نکاح مسمات حاکم بی بی سے ہوا۔ جو خاندان منہاس علمائے ہیلاں میں سے ہیں۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔

آپ کے چار بیٹے ہوئے :-

۱۔ صاحبزادہ رؤف احمد سلیم سلمہ اللہ۔ متولد۔ جمعہ ۱۸ محرم ۱۳۳۹ھ۔ ایف اے تک تعلیم ہے۔ اردو، عربی، انگریزی، تاریخ، جغرافیہ، اقتصادیات، دینیات وغیرہ پڑھے ہیں۔ اکاؤنٹ کا کام بھی سیکھا ہے۔ ریلوے دفتر لاہور میں ملازم ہیں۔ مؤلف

Marfat.com

کے ساتھ خط و کتابت جاری رہی۔ جس کو بنام المراسلۃ العظیم بین الشرافۃ والسلیم جمع کر دیا گیا ہے۔ اردو زبان میں نظمیں بھی کرتے ہیں۔ سلیم تخلص ہے۔
یہ شعر ان کا ہے۔

رات تاریک ہے گرداب ہے طوفان بھی ہے ناؤ اس بحر میں ہے جس کا کنارہ ہی نہیں

ان کی شادی سیّدہ عزیز بیگم بنت سید حیدر شاہ ساہن پالوی سے ہے۔ اس کے بطن سے دو لڑکے ہیں اور چار لڑکیاں ہیں۔

۱۔ آصف محمود۔ متولد جمعرات یکم جمادی الاولیٰ ۱۳۷۰ھ
۲۔ واصف محمود۔ متولد بدھوار۔ وقت سحر۔ ۱۳ اگست ۱۹۵۸ء۔ ۲۶ محرم ۱۳۷۸ھ

لڑکیوں کے نام یہ ہیں۔
(۱) زہت جبین (۲) فرحت نسیم (۳) نگہت شمیم (۴) بشریٰ

۲۔ صاحبزادہ ریاض احمد مرحوم
۳۔ صاحبزادہ مختار احمد سلمہ اللہ۔ متولد منگلوار ۲۸ ربیع الاوّل ۱۳۴۳ھ۔ ایف اے تک تعلیم ہے۔ اس کا نکاح مسمات انور سلطانہ دختر میاں عبدالرحیم منہاس وزیر آبادی سے ہوا۔ اس کے بطن سے ایک لڑکا شاہد محمود۔ متولد ۱۲ شعبان ۱۳۷۵ھ۔ اور تین لڑکیاں عصمت، فراست اور سرشار نام پیدا ہوئیں۔
۴۔ صاحبزادہ افتخار احمد مرحوم۔

سیّد عبدالحق لاہوری ذکرِ ہذا کی دو بیٹیاں ہوئیں۔
۱۔ سیّدہ گلزار بیگم۔ یہ باکرہ ہی فوت ہو گئی۔
۲۔ سیّدہ اقبال بیگم۔ منکوحہ صاحبزادہ دیدار الحق بن سیّد حسن دلی لاہوری۔

یارانِ طریقت

آپ کے مرید چند کس تھے۔
ازاں جملہ :۔

۱۔ سیّد بہاء الحق بن سیّد نیاز محمد۔	برادرِ خورد	باغ گل بیگم مزنگ	لاہور
۲۔ غلام محمد بن کیسر ترکھان	×		״

Marfat.com

۳۔	کرم بن فضلا تارڑ	اگرویہ	گجرات
۴۔	سردارا بن کرم تارڑ	〃	〃
۵۔	رحمت بن محمد دین دیندار	〃	〃

تاریخ وفات سید عبدالحق کی وفات بعمر اٹھاسٹھ سال۔ سوموار کی رات۔ وقت نمازِ تہجد۔ ۲۰ ربیع الثانی ۱۳۷۰ھ میں ہوئی۔ قبر لاہور گورستانِ میانی میں۔ روضہ پیر بودیانوالہ کے قریب ہے۔ اولاد نے قبر پختہ سنگِ مرمر سے بنوادی ہے۔

مادہ تاریخ "انشراح خاطر"

سید بہاء الحق لاہوری

آپ سید نیاز محمد بن سید غلام احمد المعروف بوٹے شاہ برخورداری ساہن پالوی کے تیسرے بیٹے تھے۔ بیعتِ طریقت اپنے بڑے بھائی سید عبدالحق بن سید نیاز محمدؒ سے تھی۔

آپ کی والدہ کا نام سیدہ بیگم بی بی بنت سید مکھن شاہ لاہوریؒ تھا۔

تاریخ ولادت آپ کی ولادت بارہویں جمادوں ۱۹۴۸ء ب مطابق ۱۳۰۸ھ میں بمقام ساہن پال شریف ہوئی۔ "تاریخی نام ظفر حسین"

لاہور میں جانا آپ ابتدا میں اپنے گاؤں ساہن پال میں ہی رہتے تھے۔ اور پیشہ کاشت کاری کرتے۔ میں اُس وقت خورد سال تھا۔ بھینس کا دودھ دوہنے کا طریقہ آپ نے ہی مجھے سکھایا تھا۔ پھر آپ لاہور چلے گئے اور ریلوے کارخانہ کیرج شاپ میں ملازمت کرلی۔ ورک مین رہے۔ خانگی سکونت محلہ نوشاہی گنج متصل باغ گل بیگم مزنگ میں تھی۔

اولاد آپ کا نکاح سیدہ برکت بی بی بنت سید میراں بخش بن سید علی احمد برخورداریؒ ساکن چک مہ بلندیوالہ ضلع سرگودھا سے ہوا۔ اس کے بطن سے اولاد ہوئی۔

——— آپ کا ایک لڑکا صاحبزادہ عمر دراز نام ہے۔ جو اتوار ۱۷ ربیع الثانی ۱۳۶۴ھ کو پیدا ہوا۔ اب سکول میں تعلیم پاتا ہے۔

آپ کی چار بیٹیاں ہیں :۔

Marfat.com

۱۔ سیّدہ ارشاد بیگم ۔ منکوحہ صاحبزادہ فرید الحسن بن لطیف احمد لاہوری۔
۲۔ سیّدہ ممتاز بیگم ۔ منکوحہ صاحبزادہ محمد نذیر بن سیّد نبی بخش ساہن پالوی۔
۳۔ سیّدہ شمشاد بیگم
۴۔ سیّدہ گلزار بیگم
} یہ دونوں ابھی کنواریاں ہیں۔

تاریخ وفات سیّد بہاد الحق کی وفات بعمر ستاسٹھ سال ۱۳۷۵ھ میں ہوئی۔ قبر لاہور گورستان میانی میں ہے۔

مادہ ہائے تاریخ

۱۔ حضور نوشہ ۲۔ واصل مرغوب

سیّد محبوب حقؒ

آپ سیّد نیاز محمد بن سیّد غلام احمد المعروف بوٹے شاہ برخورداری ساہن پالوی کے چوتھے بیٹے تھے۔ بیعتِ طریقت حضرت سیّد غلام علی بن سیّد قدم الدینؒ سے تھی۔
آپ کی والدہ کا نام سیّدہ بیگم بی بی بنت سیّد مکھن شاہ لاہوریؒ تھا۔

تاریخ ولادت آپ کی ولادت بارہویں چگن سمت ۱۹۵۴ ب۔ سوموار ۲۹ رمضان ۱۳۱۵ھ میں ہوئی۔ تاریخی نام۔ حاضر شاہ۔

پیر کی محبت آپ روزانہ عشاء کے بعد اپنے پیرِ طریقت سیّد غلام علیؒ کی خدمت میں حاضر ہوا کرتے۔ ان کے پاؤں دباتے اور نصیحتیں سنتے اور فائدہ اٹھاتے۔

تاریخ وفات سیّد محبوب حق نے بعمر پندرہ سال کنوارے ہی بعارضہ طاعون ۲۸ صفر ۱۳۳۱ھ انتقال کیا۔ اُسی وقت آپ کے والد صاحب فوت ہوئے۔ گورستانِ نوشاہیہ میں مدفون ہوئے۔ مادہ تاریخ "فروغِ حبیب ایزد"

صاحبزادہ نور ولی لاہوریؒ

خلف اکبر سیّد عارف حق بن سیّد مکھن شاہ لاہوریؒ والدہ کا نام نواب بی بی ساکن

Marfat.com

چک نتھہ تھا۔ بچپن میں فوت ہوگیا۔ وفات ۱۳۰۵ھ

صاحبزادہ ظہور ولی لاہوریؒ

خلفِ ثانی سید عارف حق لاہوری۔ والدہ کا نام نواب بی بی ساکن چک نتھہ۔ بچپن میں انتقال ہوگیا۔ وفات ۱۳۰۶ھ۔

صاحبزادہ رشید حق لاہوریؒ

خلف اکبر سید فضل حق بن سید مکھن شاہ لاہوریؒ۔ والدہ کا نام سیدہ عائشہ بی بی بنت سید عطا محمد برخورداری ساہن پالویؒ تھا۔ طفولیت میں گذر گیا۔ قبر لاہور میں ہوئی۔
وفات ۱۳۱۲ھ۔

صاحبزادہ رشید احمد لاہوریؒ

خلفِ اصغر سید فضل حق بن سید مکھن شاہ لاہوریؒ۔ والدہ کا نام سیدہ رحمت بی بی بنت سید امام الدین بن سید نواب الدین ہاشمی رن ملوی تھا۔ بچپن میں فوت ہوا۔
وفات ۱۳۰۲۵ھ۔

صاحبزادہ جمال الدین دھیرکویؒ

فرزند اکبر سید غلام نبی بن سید نور احمد برخورداری دھیرکویؒ۔ والدہ کا نام حضرت عالم بی بی تھا۔ جو ڈھب چیمہ ضلع گوجرانوالہ سے تھیں۔ بچپن میں فوت ہوا۔ وفات ۱۲۸۹ھ

سیّد سلطان محمود دھیرکویؒ

آپ سید غلام علی بن سید نور احمد دھیرکویؒ کے دوسرے بیٹے تھے۔
بیعت طریقت سید فیض اللہ المعروف لدھے شاہ بن سید الہدین برخورداری پانڈوکویؒ سے تھی۔
آپ کی والدہ کا نام حضرت عالم بی بی ساکن ڈھب چیمہ تھا۔

Marfat.com

فیضان آپ فقیر صورت درویش سیرت تھے۔ لوگوں کو آپ کے دم و تعویز سے فیض حاصل ہوتا تھا۔ علاقہ گوجر میں عموماً آپ کی پیری مریدی تھی۔

اولاد آپ کا نکاح سیدہ حیات بیگم بنت سید عمر بخش رسول نگری سے ہوا تھا۔ اُن کے بطن سے اولاد ہوئی۔

آپ کے دو بیٹے تھے :۔

۱۔ سید سردار عالم مرحوم۔

۲۔ سید برکت علی سلمہ اللہ۔ ان کی آمد رفت علاقہ گوجر میں بہت ہے۔ آج کل بعمر ضعیف موجود ہیں۔

ان کی دو بیویاں تھیں۔

اوّل :۔ مسمات جنت بی بی دختر عمر بخش گلگو ساکن جاجووال ضلع گجرات۔ اس نے اپنے شوہر عبداللہ بن کریم بخش گلگو سے طلاق لے کر ان سے نکاح کیا تھا۔ چند سال کے بعد اس کو طلاق دے دی، تو پھر اس نے پہلے شوہر عبداللہ سے نکاح کر لیا۔ ۱۳۷۳ھ میں لالہ موسیٰ میں مر گئی۔ اس کے بطن سے ایک لڑکا نادر حسین[1] نام پیدا ہوا۔

دوم :۔ مسمات حاکم بی بی گونگی علمازلوی ساکن چک غازی۔ اس کے بطن سے ایک لڑکا اور ایک لڑکی ہے۔ لڑکے کا نام صاحبزادہ عنایت اللہ ہے۔ اس کی شادی سیدہ خورشید بیگم بنت سید لوٹے شاہ بن سید کرم الٰہی ساکن پانڈو کے کلاں سے ہوئی۔ اس کا ایک لڑکا محمد ارشد نام ہے۔

لڑکی کا نام سیدہ عنایت بیگم ہے۔ منکوحہ صاحبزادہ محمد ظہور بن سید چراغ علی رسول نگری۔

سید سلطان محمود ذکر ہذا کی دو بیٹیاں ہوئیں۔

---

[1] نادر حسین بن سید برکت علی کے چھ بیٹے ہیں :۔

محمد نذیر۔ محمد بشیر۔ محمد نصیر۔ محمد شبیر۔ محمد منیر اور محمد نثار۔

Marfat.com

۱۔ سیّدہ سردار بیگم۔ منکوحہ سیّد حاکم شاہ بن سیّد عطا محمد ساہن پالوی رح
۲۔ سیّدہ حاکم بی بی۔ منکوحہ سیّد چراغ علی بن سیّد پیر عالم رسول نگری رح۔

تاریخ وفات سیّد سلطان محمود کی وفات بروز منگوار ۶ ذی الحجہ ۱۳۲۹ھ میں ہوئی۔ قبر دھیر کے غورد۔ ضلع گجرات میں ہے۔

مادۂ تاریخ "مددِ غفار"

سیّد سلطان احمد دھیر کوی رح

آپ سیّد غلام نبی بن سیّد نور احمد برخورداری دھیر کوی رح کے تیسرے بیٹے اور مرید حنیف تھے۔ آپ کی والدہ کا نام حضرت عالم بی بی ساکن ڈھب چیمہ تھا۔

واقعہ ولادت منقول ہے کہ آپ ابھی شکم والدہ میں تھے کہ آپ کی والدہ ماجدہ کو خواب میں سیّد احمد بخش بن سیّد اللہ دتہ ڈھلوالہ کی زیارت ہوئی انہوں نے فرمایا: خدا تعالےٰ تم کو لڑکا دیوے گا، اس کا نام رکھنا احمد بلا میم۔ احمد بلا میم۔ احمد بلا میم۔ چنانچہ جب آپ پیدا ہوئے تو آپ کا نام اُس بشارت کے مطابق احمد رکھا گیا۔ جو بعد میں سلطان احمد مشہور ہوا۔

فائدہ ولادت سے پہلے بشارت دینا بزرگوں سے منقول ہے۔ چنانچہ شیخ رکن الدین ابوالفتح ملتانی رح شیخ عبدالحی کو خواب میں ملے اور فرمایا "تیرے گھر لڑکا پیدا ہوگا، اس کا نام ابوالفتح رکھنا۔ عہ

کتاب خوانی آپ نے بچپن میں قدرے اردو تعلیم پائی۔ آواز خوش تھا۔ اس لئے کتاب قصہ ہیر رانجھا مصنفہ سیّد وارث شاہ ——— اور سیف الملوک مصنفہ میاں محمد بخش رح بڑے شوق سے پڑھا کرتے۔ سامعین تاثیر سے محظوظ ہوا کرتے۔

عہ تذکرہ اولیائے ہند۔ جلد ۲۔ صفحہ ۳۳ شرافت

Marfat.com

زندہ دلی آپ بڑے زندہ دل اور خوش مزاج تھے۔ جس مجلس میں آپ ہوتے غم و اندیشہ کافور ہو جاتا۔ آپ کی خوش طبعیاں مشہور ہیں۔ از انجملہ۔

۱۔ ایک مرتبہ آپ گندم کی بوری گدھی پر لاد کر ساہن پال شریف میں اپنی ہمشیرہ سیدہ سید بیگمؒ کے واسطے لے گئے۔ سردیوں کا موسم تھا۔ عشاء کا وقت ہو گیا۔ آپ چہرہ پر نقاب ڈال کر اُن کے گھر چلے گئے اور کہا "بھائی! میں مسافر ہوں۔ رات گذارنی چاہتا ہوں" اُن کے بہنوئی سید عطا محمد بن سید بوٹے شاہؒ نے کہا "یہاں کوئی جگہ نہیں۔ کسی اور گھر جا کر رہو"۔ آپ نے ان کو بازوؤں سے پکڑ کر سخت جھنجھوڑا اور پیچھے ہٹا دیا۔ اور کہا "میں تو اسی گھر میں رہوں گا"۔ اور گدھی کو مکان کے اندر داخل کر دیا۔ انہوں نے شور و غوغا مچا دیا "دیکھو کوئی مسافر جبراً ہمارے گھر میں داخل ہو گیا ہے"۔ جب محلہ کے سب حضرات اکٹھے ہو گئے۔ آپ نے چہرہ سے نقاب اتار دیا اور سب کو سلام کیا۔ سب دیکھ کر ہنسنے لگے۔

۲۔ ایک مرتبہ آپ لاہور گئے۔ موچی دروازہ میں سید داصل حقؒ کے مکان کے دروازہ پر کھڑے ہو کر سوالیوں کی طرح گانا شروع کر دیا۔ جب وہ خیر دینے کے لئے باہر آئے، تو آپ نے السلام علیکم کہہ کر ان کو دروازہ سے باہر کھینچ لیا۔ اور آپس میں خوب ہنسی مذاق ہوا۔

کرامات

سانپ پکڑ لینا آپ بچپن میں سکول جایا کرتے تھے۔ ایک دن راستہ میں ایک چھپڑی سے سانپ پکڑ کر گھر لے آئے اور والدہ صاحبہ کو کہا کہ میں یہ مچھلی لایا ہوں۔ اس کو پکاؤ۔ جب انہوں نے دیکھا تو وہ سانپ تھا۔ انہوں نے ہاتھ سے چھڑایا۔

ایک لڑکی کا مر جانا آپ کا بچپن کا زمانہ تھا۔ ایک دن کسی عورت نے آپ کو کہا کہ اگر میری یہ گود والی لڑکی مر جاوے، تو میں آپ کو پانچ پیسے دوں گی۔ آپ خاموش ہو رہے۔ امر الٰہی سے اُسی روز عصر کے وقت

Marfat.com

ہ لڑکی گذر گئی۔

لزلہ سے محفوظ رہنا

ایک روز آپ سوہدرہ میں اپنے مرید مستری برکت علی کے گھر بیٹھے تھے کہ سخت زلزلہ آیا۔ اُس کی والدہ نے کہا "یا حضرت! بھونچال بڑا سخت ہے" آپ نے فرمایا "کچھ خوف نہ کرو۔ تمہارے گھر کا کچھ نقصان نہ ہوگا" چنانچہ دوسرے کئی لوگوں کے مکانات گر پڑے اور برتن وغیرہ ٹوٹ گئے مگر ان کا کچھ نقصان نہ ہوا۔

یویاں

آپ کی تین اہلیہ تھیں۔

۱۔ مسمات عمر بی بی بنت میاں قطب الدین منہاس جیسکی۔ اس کے بطن سے ایک بیٹی پیدا ہوئی۔

۲۔ مسمات جیونی نومسلمہ بنتِ پنڈت رام کشن برہمن۔ ساکن دھیر کے۔ اس کے بطن سے دو بیٹے پیدا ہوئے۔

۳۔ مسمات فضل بی بی۔ یہ سوہدرہ سے تھی۔ اس کو طلاق دے دی۔ اس کے بطن سے کوئی اولاد نہ ہوئی۔

ولاد

آپ کے دو بیٹے ہوئے:۔

۱۔ صاحبزادہ شاہ ولی مرحوم

۲۔ صاحبزادہ سید محمد علی سلمہ اللہ۔ متولد ۱۳۱۶ھ۔ تعلیم یافتہ خوش مزاج ہیں۔ میرے نانا حضرت سید غلام علی بن سید قدم الدین ساہن پالوی رح کے مرید ہیں۔ مولوی نور عالم نقشبندی مجددی وزیر آبادی سے تعلیم پائی ہے۔ اب لاہور میں ملازمت کرتے ہیں۔ ان کا نکاح سیدہ کرم بی بی بنت سید عطا محمد ساہن پالوی سے ہوا تھا۔ ان کے بطن سے دو بیٹے، اور تین بیٹیاں ہوئیں۔ بیٹے یہ ہیں:۔

۱۔ صاحبزادہ تصدق حسین سلمہ اللہ۔ متولد ۲۸ ذی الحجہ ۱۳۴۰ھ اپنے گاؤں میں کریانہ کی دکان رکھی ہے۔ اس کی شادی سیدہ شاہ بیگم بنت سید گیلانی بخش ساکن چک ۴۷ بلندیوالہ سے ہے۔ اس کے بطن سے ایک لڑکا فیاض احمد۔ اور

Marfat.com

چار لڑکیاں حمیدہ بیگم و فہمیدہ بیگم و زبیدہ بیگم و رضیہ بیگم نام ہیں۔

۲۔ صاحبزادہ ریاض حسین سلمہ اللہ۔ یہ آجکل ریلوے پولیس لاہور میں سپاہی ہے۔ اس کی شادی سیدہ رشید بیگم بنت سید حیدر شاہ ساہن پالوی سے ہے۔ اس کے بطن سے ایک لڑکی نصرت بیگم نام ہے۔

سید محمد علی کی بیٹیوں کے نام یہ ہیں۔ (۱) سیدہ ارشاد بیگم (۲) سیدہ ممتاز بیگم (۳) سیدہ انتظار بیگم۔ تینوں ابھی ۱۳۷۶ھ میں کنواریاں ہیں۔

سید سلطان احمد صاحب ذکر ہذا کی صرف ایک بیٹی تھی۔ سیدہ حاکم بی بی۔ منکوحہ سید محمد حیات بن سید غلام حسین چنبھلی رح

تاریخ وفات

سید سلطان احمد کی وفات بروز سوموار۔ پانچویں ربیع الاول ۱۳۲۴ھ میں ہوئی۔ قبر موضع دھیر کے خورد ضلع گجرات میں ہے۔

مادہ تاریخ " پاکدل خدا پرست"

سید فیض احمد رح

خلف الرشید سید غلام حسن بن سید نور احمد برخورداری ساہن پالوی رح۔ والدہ کا نام مسمات گوہر بی بی بنت سید محمد بن میاں اللہ بخش حقانہ تھا۔ آپ جوانی میں کنوارے ہی اپنے والد کی زندگی میں فوت ہو گئے۔ وفات ۱۳۱۲ھ۔

صاحبزادہ فضل حسین رح

خلف اکبر سید غلام حسین حوالدار چنبھلی بن سید نور احمد برخورداری دھیر کوی رح۔ والدہ کا نام مسمات حسین بی بی بنت چوہدری کرم ڈھلو۔ ساکن ببر ضلع گوجرانوالہ تھا۔ طفولیت میں فوت ہو گیا۔ وفات ۱۲۹۵ھ۔

سید محمد حیات چنبھلی رح

آپ سید غلام حسین حوالدار چنبھلی بن سید نور احمد دھیر کوی رح کے دوسرے بیٹے

Marfat.com

تھے۔ آپ کی والدہ کا نام حضرت حسین بی بی بنت چوہدری کرم دِھلو ساکن ٹبیر تھا۔

تاریخ ولادت آپ کی پیدائش سنہ ۱۳۱۰ھ میں ہوئی۔
تاریخی نام "عنایت حسین خان"

موسیقی کا شوق آپ کو گانے کا بہت شوق تھا۔ راگ سے واقف تھے۔
قصہ مرزا صاحباں پڑھا کرتے۔

اولاد آپ کا نکاح سیّدہ حاکم بی بی بنت سیّد سلطان احمد دھیرکوئی سے ہوا۔
اس سے ایک بیٹا صاحبزادہ پیر محمد نام پیدا ہوا۔

تاریخ وفات سیّد محمد حیات کی وفات بعمر بائیس سال بعارضہ طاعون سات روز بیمار رہ کر بروز منگلوار۔ بوقت ظہر۔ پچیسویں جمادی الاول سنہ ۱۳۳۲ھ میں ہوئی۔ قبر موضع چنبھل ضلع شیخوپورہ میں ہے۔

مادہ تاریخ: آیت شریف "ان فی ذلک لآیۃ"

سیّد کرم حیات چنبھلیؒ

آپ سیّد غلام حسین حوالدار چنبھلی بن سیّد نور احمدؒ کے چوتھے بیٹے تھے۔ بیعت و خلافت حضرت سیّد غلام علی بن سیّد قدم الدین ساہن پالویؒ سے تھی۔

آپ کی والدہ کا نام حضرت حسین بی بی بنت کرم دِھلو ساکن ٹبیر تھا۔

تاریخ ولادت آپ کی ولادت سنہ ۱۳۱۵ھ میں ہوئی۔
تاریخی نام "معتمد علی خان"

تعلیم آپ نے سکول میں چندے تعلیم پائی۔ اردو اور پنجابی اچھی طرح پڑھ سکتے تھے۔ مطالعہ کا شوق تھا۔ کئی کتابیں رکھی ہوئی تھیں۔

چلہ نشینی آپ نے سولہ سال کی عمر میں بیعت کی اور اپنے پیر صاحب کے فرمان کے مطابق چار چلے کئے۔ جس سے آپ کو کافی فیضان حاصل ہوا۔

Marfat.com

اوراد و اذکار آپ نماز پنجگانہ پر مواظبت رکھتے۔ کلمہ طیبہ پانچ سو بار، درود ہزارہ ایک ہزار بار، نماز فجر سے پہلے پڑھا کرتے تھے۔ فجر کے بعد کلمہ تمجید سو بار پڑھتے۔ دن کو تلاوت کلام اللہ شریف بھی کرتے۔ نماز شام کے بعد کلمہ تمجید سو بار، نماز عشاء کے بعد درود خضری ایک ہزار بار پڑھتے۔ سونے سے پہلے سورۃ منزل شریف اور سورۃ والضحیٰ اور سورۃ القدر کا وظیفہ کیا کرتے۔ ذکر پاس انفاس کا بھی معمول تھا۔

اخلاق و عادات آپ خوبصورت، نیک سیرت، خوش آواز، بلند اطوار، شہسوار تھے، طبیعت حلیم تھی، زراعت پیشہ کرتے، مسکینوں کی خدمت کرتے، خدا کی یاد کرتے، کسی سے غصہ و کینہ نہ رکھتے، درویشوں سے محبت رکھتے، فقیروں کا کلام پسند کرتے، اپنے بڑے بھائی سید عمر حیات کا بڑا عزت و احترام کرتے۔

درویشوں کی خدمت آپ کے پاس درویشوں کی کافی آمد و رفت رہتی۔ آپ ان کی خدمت و مدارات کیا کرتے۔ چنانچہ سید امیر علی شاہ چشتی گڑھ شنکری، اور سائیں دلا چشتی المعروف بھورے والا کئی مرتبہ آپ کے پاس آ کر ٹھہرا کرتے۔

اشعار خوانی آپ کبھی کبھی میاں محمد ساکن چھوہر انوالہ ضلع گجرات کے یہ اشعار پڑھا کرتے۔

ت تک رہیاں کھلی تمک پیاں چند تک آئی تاہیں بولیاں میں
تیرے تھاں گراں مکان اُتوں لکھ وار پیار یا گھولیاں میں
کرو کرم یتیم غریب اُتے مولا جانے قدیم دی گولیاں میں
پنجتن دا واسطہ من میراں جب آ محمدا ڈولیاں میں

ذ ذکر تیرا نت فکر مینوں ہور کم جہان دے یاد ناہیں
تیرے نام دا جیہا سواد میراں کھنڈ مصری دے وچ سواد ناہیں
اکھیں لوکاں دیاں جگ آباد دِتے اکھیں میریاں وچ آباد ناہیں
محمد کم میرے وچ دِلبر پے گئی غوث پاک بھاویں بغداد ناہیں

Marfat.com

کرامت

منکروں کا آسیب زدہ ہوجانا

آپ کے بھتیجا صاحبزادہ عبدالکریم عباسی سے منقول ہے کہ ایک دفعہ موضع چک جیندو کے زمینداروں نے آپ سے تمسخر کیا۔ آپ نے ایسا تصرف کیا کہ اُس سارے ڈیرہ والوں کو آسیب کی شکایت ہوگئی۔ مرد اور عورت، بچے اور جوان سب مجنونوں کی طرح ناچنے کودنے، بڑے بڑے عالمین وہاں آئے۔ مگر کسی سے اُن کا تدارک نہ ہوسکا۔ آخر وہ آپ کے پاؤں پر آگرے اور معافی مانگی۔ آپ کے وہاں پہنچنے کی دیر تھی کہ سب ڈیرہ والے ٹھیک ہوگئے۔

عملیات

آپ کے پاس عمل حُب، اسطرا، آسیب، جادو، نظربد، خنازیر وغیرہ بہت مجرب تھے۔ کئی لوگوں نے فائدے اٹھائے اور کئی بیماروں نے شفا پائی۔

شعرگوئی

آپ بعض اوقات پنجابی میں شعر کہا کرتے۔ چنانچہ آپ کے کچھ اشعار یہاں لکھے جاتے ہیں۔

صفت روضہ حضرت نوشہؒ

اوّل حمد خدا نوں جو سب عیباں تھیں پاک — اُس پیدا کیتا خلق نوں چن تارے افلاک
وت درود رسول نوں حق جس دے لولاک — کرم حیات فقیر دا دل ہویا غمناک

آہے یار رسول دے ابابکر عمر عثمان — چوتھا یار پچھان توں شاہ علی مردان
حیدر صفدر شیر دا کر دی ورد زبان — جس خیبر کوٹ گرائیا لاکے بہت تران
اندر دنیا دین دے جھولن لال نشان — کرم حیات فقیر نوں اوسے دا ہے مان

Marfat.com

حسن حسین امام دا وِرد کراں ہر دم — پاک نبی دے لاڈلے نور جنہاں دا جم
ہوئے شہید وچ کربلا نال کٹاری سم — کرم حیات فقیر تے کر سن آپ کرم

غوث الاعظم پیر تے عرض کراں ہتھ جوڑ — اوہ ڈوبے بیڑے تار دا قطب بنا ذا چور
اوہ ٹالے کم قلم دے لکھی دیندا موڑ — کرم حیات فقیر دی دینی کھول مروڑ

غوث الاعظم پیر دا وِرد کراں ہر جا — جدھا نانا پاک رسول ہے دادا شیر خدا
حل کریندے مشکلاں بادشہاں دے شاہ — کرم حیات فقیر تے کر سن آپ نگاہ

روضہ نوشہ پیر دا ہویا نور و نور — سانوں ایویں جاپدا موسے والا طور
کعبہ وچ زمین دے اوہ آہا بیت معمور — جنہاں منیا نال یقین دے پہنچے وچ حضور
سانوں تاہنگ رہے وچ ولید دے جانا اساں ضرور — اوہنوں جام عشق والہدا جیوں پیتا منصور
جو منکر نوشہ پیر دا ہوندا چکنا چور — کرم حیات فقیر نوں صاحبا کر منظور

روضہ نوشہ پیر دا چڑھیا چن فلک — عاشق دا لگ چکور دے رہندے ناں اٹک
دوالے روضے پیر دے کرن طواف ملک — ہوئے مست بیہوش اوہ جنہوں دیہن جھلک
شاہ سلیماں دا لاڈلا اِس وچ کوئی نہ شک — کرم حیات فقیر دا کھولیں چا دَرک

روضہ نوشہ پیر دا سوہا ساوا رنگ — عاشق اس نوں ویکھ کے جلدے دا لگ پتنگ
چھڈ دنیا دے وہم نوں ہوئے کئی ملنگ — کرم حیات فقیر نوں آپ رلائے سنگ

روضے نوشہ پیر دے برسے نور الٰہ — اوتھے بولن خمرے بطلقاں کردے ذکر الٰہ
اوہ واصل کر دا حق دا جس تے کرے نگاہ — کرم حیات فقیر دا بادشہاں دا شاہ

Marfat.com

روضہ نوشہ پیر دا سچا وانگ بلور — اندر سارے ملک دے ثانی نہ کوئی ہور
اوتھے بولن خمرے خمریاں نالے مور لٹھور — کرم حیات فقیر دا تدھ بن ناں کوئی ہور

مدح حضرت نوشہ گنج بخشؒ

اوّل حمد خداوند عالی — در تیرے دا میں سوالی
خیر پاؤ جا میری تھالی — حضرت نوشہ گنج بخش

عرض کراں میں تیرے دل — کن دھر سُنیں میری گل
مشکل میری ہووے حل — حضرت نوشہ گنج بخش

توں محبوب الٰہی تارا — کر دا میں سوال بے چارا
میرے نال نہ کریہو لارا — حضرت نوشہ گنج بخش

عرض کراں میں اٹھ سویلے — میرے کم کرو ہر ویلے
مدد کرنی مشکل ویلے — حضرت نوشہ گنج بخش

باقیؔ اتے بُنجہ جیہڑے — اوہ بھی سارے خادم تیرے
میں بھی عرض کراں ہونیڑے — حضرت نوشہ گنج بخش

بہتر ہور امرا پیارے — جنہاں چاہڑی پیہنگ اولارے
اوہ بھی نور الٰہی تارے — حضرت نوشہ گنج بخش

Marfat.com

ساہن پال سی عرض گذاری رو رو کر دا بوہتی زاری
نام رہے تدھ کیتی یاری حضرت نوشہ گنج بخش

کی گل لکھاں وچ شمار جو کوئی آوے اس دربار
بیڑا ہووے اس دا پار حضرت نوشہ گنج بخش

کرم حیات سوالی تیرا ہر دم چاہندا ہے دل میرا
کرو مہر دا میں وَل پھیرا حضرت نوشہ گنج بخش

کرم حیات کریندا عرضاں دُور ہٹاؤ ساریاں مرضاں
مدد کرو یا شاہِ مرداں حضرت نوشہ گنج بخش

شجرہ شریف قادری نوشاہی

پہلے صفت خداوند والی ذات مبارک پاک کمالی
ایتھوں مُول نہ جاواں خالی یا حضرت نوشہ گنج بخش

بعد درود نبی سرور ہاشمیاں دا عالی گھر
شافع ہو سی روز حشر یا حضرت نوشہ گنج بخش

صلوات نبی دے چار سے یار آکھاں دل دے نال پیار
دین نبی دے ہین مختار یا حضرت نوشہ گنج بخش

Marfat.com

حیدر صفدر شیر خدا — دتا خیبر کوٹ گرا
مشکل میری کر دے کشا — یا حضرت نوشہ گنج بخش

حسن بصری ہے پیر کمالاں — جسدیاں چودآں بلن مثالاں
میریاں سُن لے قیلاں قالاں — یا حضرت نوشہ گنج بخش

حضرت شیخ حبیب عجم — دین دنی دا توں ہیں تھم
ہر مشکل وچ آوے کم — یا حضرت نوشہ گنج بخش

حضرت داؤد طائیؒ دی گولی — بخشو چنگا مندا بولی
خیر پاؤ جا میری جھولی — یا حضرت نوشہ گنج بخش

معروف کرخی سُنی پوکاراں — آلے میں کملی دیاں ساراں
ڈھونڈدی پھردی جنگل باراں — یا حضرت نوشہ گنج بخش

الخ

دستخط آپ کا ایک دستخط شجرہ شریف سے لکھا جاتا ہے :-

"تمت یہ شجرہ سائیں دسوندھی فقیر نوشاہی قادری از چنبہل تحصیل و ڈاک خانہ خانقاہ ڈوگراں ضلع شیخوپورہ ۔ بقلم خود کرم حیات ولد شاہ غلام حسین نوشاہی فقیر از چنبہل ۔

قلم شکستہ خراب سیاہی کاغذ بہت پرانا — تحریر کرنے والا یار دا کرم حیات انجانا"

اولاد آپ کا نکاح سیدہ امینہ بی بی بنت سید فضل حسین بن سید بنے شاہ ہاشمی رن علی سے ہوا ۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی ۔

آپ کے تین بیٹے تھے ۔ (۱) صاحبزادہ نذیر حسین (۲) صاحبزادہ اکبر علی (۳) صاحبزادہ

Marfat.com

خضر حیات ۔

آپ کی پانچ بیٹیاں ، رہیں :۔

۱۔ سیدہ نور بیگم ۔ ایک ماہ کی ہو کر فوت ہو گئی ۔

۲۔ سیدہ نذیر بیگم ۔ بعمر دو سال انتقال کیا ۔

۳۔ سیدہ بشیر بیگم ۔ سوا مہینہ کی عمر میں وفات پائی ۔

۴۔ سیدہ سکینہ بیگم ۔ منکوحہ مولوی سید ابوالرضا بشیر احمد بشارت بن اعلیٰ حضرت مولانا سید غلام مصطفےٰ نوشاہی برخورداری ساہن پالوی مدظلہ العالی ۔

۵۔ سیدہ صغریٰ بیگم ۔ منکوحہ صاحبزادہ عبدالکریم عباسی بن سید عمر حیات چنبھلی ۔

یارانِ طریقت

آپ کے بعض مریدوں کے یہ نام ہیں :۔

۱۔ سید صاحب	دانا آباد ۔ ضلع شیخوپورہ	مستورات میں سے
۲۔ جہاناں بن سوہنا درک	چنبھل ضلع شیخوپورہ	۱۱۔ بھری بنت روشن موچی اعوان دار زوجہ گامون موچی ۔ چنبھل ضلع شیخوپورہ
۳۔ دریام بن جہاناں	〃 〃 〃	
۴۔ سلطان	〃 〃 〃	
۵۔ سائیں محمد الدین بافندہ	〃 〃	غیر مسلموں میں سے
۶۔ عنایت بن امام الدین مراثی	〃 〃	۱۲۔ رحمان بن بگو عیسائی 〃 〃
۷۔ بخشا	گجیانہ 〃	۱۳۔ جمّاں بن ہیرا عیسائی 〃 〃
۸۔ امام الدین بن مہندا ولکھ	فتحپوری 〃	۱۴۔ صادق بن گاماں عیسائی 〃 〃
۹۔ حسین	نور پور گوجرانوالہ	۱۵۔ دوست محمد بن رحماں عیسائی 〃 〃
۱۰۔ فتح محمد بن سردار ابن بوٹا تارڑ	رن مل گجرات	

واقعہ وفات

سید کرم حیات نے بعمر اکتالیس سال انتقال کیا ۔ وفات کے وقت اپنے بڑے بھائی سید عمر حیات کا ہاتھ پکڑا اور ان کی ہتھیلی پر اپنی انگلی سے یہ مفرد حروف لکھے " ا ۔ و ۔ ل ۔ ب ۔ ع ۔ د " اس کے بعد انتقال کیا ۔ واللہ اعلم اس میں کیا راز تھا ۔

Marfat.com

تاریخ وفات سید کرم حیات کی وفات بعارضہ تپ محرقہ گیارہ یوم بروز پنجشنبہ۔ دوسری ربیع الاوّل ۱۳۵۶ھ ۔ ۱۲ مئی ۱۹۳۷ء ۔ ۳۱ بیساکھ سمت ۱۹۹۴ ب میں ہوئی۔ آپ کی قبر موضع چنبھل ضلع شیخوپورہ میں ہے۔

مادہ ہائے تاریخ ہجری

۱۔ ہادی نوشہ گنج بخش ۲۔ مظہر داود ۳۔ مومن مظفر ۴۔ اشاراتِ جنت

صاحبزادہ بخت حیات چنبھلیؒ

فرزند پنجم سید غلام حسین حوالدار چنبھلی بن سید نور احمد دھیرکویؒ۔ والدہ کا نام حضرت حسین بی بی بنت کرم دِھلو ساکن بتبر تھا۔ بچپن میں وفات پائی۔ وفات ۱۳۱۵ھ۔

صاحبزادہ نور الٰہیؒ

فرزند اکبر حضرت سید غلام علی بن سید قدم الدین برخورداری ساہن پالویؒ۔ والدہ کا نام سیدہ شمس بی بی بنت سید شاہ نواز برخورداری ساکن بڑجن تھا۔

یہ مؤلف کتاب ہذا کے حقیقی ماموں تھے۔ بچپن میں انتقال کیا۔

وفات ۱۲۹۴ھ

صاحبزادہ محمد علیؒ

فرزند اصغر حضرت سید غلام علی بن سید قدم الدینؒ۔ والدہ کا نام سیدہ ایمنہ بی بی بنت سید فضل الٰہی برخورداری ساہن پالویؒ تھا۔

تاریخ ولادت آپ کی ولادت ۱۲۹۸ھ میں ہوئی۔ آپ بھی مؤلف کے ماموں تھے۔

مادہ تاریخ "عشرت دکھرانی"

تاریخ وفات محمد علی کی وفات بعمر دو سال۔ چوتھی مگھر سمت ۱۹۳۸ بکرمی، مطابق، محرم ۱۳۰۰ھ میں ہوئی۔ قبر گورستانِ نوشاہیہ میں ہوئی۔

مادہ ہائے تاریخ ۱۔ چشمہ فیض نبی ۲۔ غلام مصطفےٰ

Marfat.com

سیّد نواب علی مجذوب رسول نگریؒ

آپ سیّد شیر عالم بن سیّد عمر بخش رسول نگریؒ کے بڑے بیٹے تھے۔ بیعتِ طریقت اپنے جد بزرگوار حضرت سیّد عمر بخش بن سیّد محمد بخشؒ سے تھی۔

آپ کی والدہ کا نام مسمات رسول بی بی بنت میاں قطب الدین بن میاں امام بخش حنفا نہ رسول نگری تھا۔

تاریخ ولادت آپ کی پیدائش پانچویں ربیع الاوّل ۱۲۹۹ھ میں بمقام رسول نگر ہوئی۔ مادہ تاریخ "مرغوب مزاج"

مجذوب ہونا آپ کے ساتھ جد امجد کی بڑی محبت تھی۔ بچپن میں ہی آپ کو فیض سے نوازا۔ آپ کی استعداد چونکہ ابھی اس قدر نہ تھی۔ آپ ان کی توجہ کو برداشت نہ کر سکے۔ اس لیے حالت جذب و مستی آپ پر وارد ہو گئی۔ اور مجذوب ہو گئے اور مدت العمر مجذوب رہے۔

مستی میں امیری آپ باوجودیکہ مستوار تھے۔ لیکن طبیعت میں امارت تھی۔ تہبند و دستار خود اپنے ہاتھوں سے نہیں باندھتے تھے۔ حاضرین ہی اپنے ہاتھوں سے کپڑے پہناتے۔ ویسے آپ دستار کلاہ پر باندھتے، کپڑے صاف ستھرے رکھتے۔ ذرا سا میلا داغ کہیں دیکھتے تو کپڑا اتار پھینکتے۔ اگر کھانا میں یا دودھ لسی میں کہیں مکھی گر پڑتی تو آپ بالکل اُس کھانا وغیرہ کو استعمال نہ کرتے۔

گالیاں دینا آپ بالعموم سفر میں رہتے۔ اپنے دادا کے مریدوں پر چلے جاتے۔ سب لوگ آپ کی خدمت مدارات بہت کرتے۔ آپ گالیاں بہت دیا کرتے تھے۔ اس لئے مرید لوگ آپ کو "گالیاں والے پیر صاحب" کہا کرتے۔ جو کچھ منہ سے نکلتے وہ پورا ہو جاتا۔ کئی بے اولادوں کو آپ کی دعا سے اولاد ہوئی۔

غیر مفہوم الفاظ آپ مجذوبانہ طور پر بعض اوقات ایسے الفاظ بولا کرتے، جن کا کوئی مطلب سمجھ میں نہ آتا۔ مثلاً "تیری جنگ لڑی، تیری شنگ

Marfat.com

لڑی، تیری مَنک لڑی۔" وغیرہ۔

اہلیہ کا نام آپ کا نکاح سیدہ نواب بیگم کبریٰ بنت سید نور عالم ساکن اگرویہ سے ہوا، لیکن کوئی اولاد نہیں ہوئی۔

یارِ طریقت آپ کے مریدوں میں سے صاحبزادہ محمد منظور بن سید زمان علی رسول نگری ہیں۔

تاریخ وفات سید نواب علی کی وفات بعمر پینسٹھ سال بروز پنجشنبہ۔ پچیسویں جمادی الاُخریٰ ۱۳۶۴ھ میں ہوئی۔ مزار گورستان نوشاہیہ میں ہے۔ مادۂ تاریخ "باغِ نوشہ"

صاحبزادہ نشان علی رسول نگری

فرزند اصغر سید شیر عالم بن سید عمر بخش رسول نگری۔ والدہ کا نام مسمات رسول بی بی بنت میاں قطب الدین حفظانہ رسول نگری تھا۔ بچپن میں فوت ہوا۔ **وفات** ۱۳۰۵ھ

سیّد محبوب علی رسول نگریؒ

آپ سید نور عالم بن سید عمر بخش برخوردار رسول نگریؒ کے فرزندِ اکبر تھے۔ بیعت و اجازت اپنے چچا سید فضل عالم بن سید عمر بخشؒ سے تھی۔

آپ کی والدہ کا نام مسمات سلطان بیگم بنت بخت تارڑ ساکن اگرویہ تھا۔

نام ولقب آپ کا نام محبوب علی۔ لقب سلطان صوبہ۔ مشہور نام صوبہ شاہی اور صوبے شاہ تھا۔

تعلیم آپ نے اردو اور فارسی کی اچھی تعلیم پائی۔ شیخ سعدی کی کتابیں گلستان اور بوستان سبقاً پڑھیں۔ طبیعت ذہین تھی۔ نظم و نثر لکھنے میں اچھی مہارت رکھتے تھے۔ مؤلف کے جد بزرگوار حضرت سید حافظ محمد شاہؒ سے مطالعہ کے واسطے کتابیں لے جایا کرتے تھے۔

Marfat.com

کرامت

وفات سے پہلے اپنی تاریخ بنانا

آپ کے چچا سید حسن عالم بن سید عمر بخش رح رسول نگری سے منقول ہے کہ آپ نے وفات سے آٹھ روز پہلے اپنی تاریخ کا ایک شعر بنا کر اپنے سرہانہ کے نیچے رکھ دیا تھا۔ بعد وفات کے ظاہر ہوا، جو ذکر کے خاتمہ پر لکھا جائے گا۔

فائدہ

کئی بزرگوں نے از راہِ کشف وفات سے پہلے اپنے انتقال کی خبر دی ہے۔ چنانچہ حاجی عبدالجلیل چشتی لکھنوی نے اپنی تالیفات میں پہلے ہی لکھ دیا تھا کہ میری وفات سنہ ۱۰۴۳ھ میں ہوگی۔ عہ

شعر گوئی

آپ بعض اوقات شعر کہا کرتے تھے۔ آپ کی ایک فارسی غزل دستیاب ہوئی ہے۔ اگرچہ اس کا قافیہ کوئی نہیں، اور عروضی لحاظ سے بھی ٹھیک نہیں، مگر آپ کی یادگار کے طور پر تحریر کر دی جاتی ہے۔

غزل

خوش بیا در مجلسِ دیرینہ ما دیرینہ ما — جز تو مے سوزد فراقت روز شد ایں جانِ ما
استخوانم روز و شب در زیرِ تابِ عشقِ تو — چوں شمع افروز ہر شب میشود ایں جانِ ما
ہمچناں سوزاں شود چوں دانۂ اسپندِ جاں — روئقِ جسم مرا شد دود چوں ایں جانِ ما
دُود شد ایں جانِ ما بر آتشِ اسپند وار — گشتِ ویراں حالِ ما افسوس شد ایں جانِ ما
چوں سمک بے آب میرم بر کنارِ خشک ایم — ہمچو پروانہ نگردد شمع سوزاں جانِ ما
اے شاہ کردی تباہ بر حال ما را نظر کن — عاجزے را رحم افگن نظر کن بر جانِ ما
جلوہ ہائے لایزالی بر غریباں نظر کن — تا بہ برہد از عذابِ عشقِ تو ایں جانِ ما

عہ تذکرہ اولیائے ہند۔ جلد ۲ صفحہ ۹۵۔ اشرافی۔

Marfat.com

بے سروسامان گشتہ بندہ آمد بردرت　　ابر باراں بار برمن امن یا بد جان ما
حضرتا عالی نگاہا مدد بر محبوب کن　　حرمتِ سردارِ عالم بخش کن ایں جانِ ما

دستخط آپ کی تحریرات میں سے آپ کا ایک دستخط یہاں نقل کیا جاتا ہے۔
"تمام شد قصہ کپڑا لعون اللہ تعالےٰ بوقتِ شام تحریر یافت ۱۷ ربعادون ۱۸۹۸ء
بقلم خود محبوب علی فقیر نوشاہی سکنہ رسول نگر"

اہلیہ کا نام آپ کا نکاح ۲۹ ربیع الاوّل ۱۳۱۹ھ کو سیدہ رابعہ بی بی بنت سید فضل الٰہی بن سید غلام قادر برخورداری سابن پالوی سے ہوا تھا۔ لیکن کوئی اولاد نہ ہوئی۔ اس لئے آپ دنیا سے لاولد ہی سدھارے۔

یارانِ طریقت آپ کے خواص مریدوں کے نام یہ ہیں :-
۱۔ سید فیروز علی بن سید حسن عالم رسول نگری۔ برادر عم زاد۔
۲۔ سید چراغ علی بن سید پیر عالم رسول نگری۔ برادر عم زاد۔

تاریخ وفات سید محبوب علی کی وفات اپنے والد کی زندگی میں بعالم شباب۔ بروز اتوار۔ چودھویں ربیع الاوّل ۱۳۲۵ھ میں ہوئی۔ قبر قصبہ رسول نگر۔ ضلع گوجرانوالہ میں شہر سے مغربی طرف گورستان شیخ پھلے شاہ سلیمانی میں ہے۔

تاریخی شعر

خود سید محبوب علی نے قبل از وفات بنایا۔

بسروش بگفت کہ از سنِ آں میگوی تو اے دانائے جہاں　　بسروش بگفت کہ رضواں را بشتاب بیا۔ آباغ کشا
۱۳　۲۵

مادہ ہائے تاریخ

۱۔ جوانِ خدا ترس　　۲۔ بندہ بیدار مغز

صاحبزادہ مراد علی رسول نگری

خلف الصدق سید فضل عالم بن سید عمر بخش برخورداری رسول نگری اپنے والد کا اکلوتا

Marfat.com

بیٹا تھا۔ والدہ کا نام سیدہ زینب بی بی بنت سید اقبال علی ساہن پالوی تھا۔

نام ولقب آپ کا نام مراد علی۔
لقب مراد انوالا رکھا گیا۔

تاریخ ولادت پیدائش بروز جمعہ۔ وقت ظہر۔ بارہویں شعبان ۱۳۰۵ھ کو بمقام رسول نگر ہوئی۔ جد بزرگوار نے لفظ "مختار دین" سے تاریخ نکالی۔

تولد نامہ یہ ابھی بچہ ہی تھا کہ اس کے والد صاحب کا انتقال ہو گیا۔ جدِ امجد حضرت سید عمر بخش رح نے اس کے متعلق ایک نظم پنجابی موسوم بہ تولد نامہ لکھی۔ جس میں اس کی پیدائش اور سید فضل عالم کی وفات کا مضمون بیان کیا۔

تولد نامہ

بندہ سو جو رب نبی توں ہر دم پیا سمہالے دا
دینہ سوناتے راتیں جاگن کم مراداں والے دا

بارہویں ماہ شعبانوں جانو تالے پنجاں ماہ دِساکھ — چوتیہ ماہ اپریل پچھانو روز جمعہ پیشی بدھ ساکھ
تیراں سے پنج ہجری، عیسے اٹھاراں سے اٹھاسی آکھ — اُنی سے پنجتالی سمت یاد ہمیشہ ہندی راکھ

سید فضل عالم گھر جمیاں پُوتا بھورے والے دا
دینہ سوناتے راتیں جاگن کم مراداں والے دا

اللہ پنجتن پاک دی بخشش کُل اصحاب تے دوست چار — چار پیر چودواں خنوارے باراں امام معصوم غفار
حضرت غوث الاعظم صاحب وچ بغداد بھاری سرکار — کُل ولی تے شاہ سلیماں تیرے ہر دم مددگار

مدد نوشہ صاحب ہووی سکنہ ساہن پالے دا
دینہ سوناتے راتیں جاگن کم مراداں والے دا

پاک رحمان تے میاں صاحب محمد عظیم تے فتح الدین — حضرت فتح محمد رہبر عمر ہمیشہ صدق یقین

عہ میاں صاحب سے مراد شاہ رحمت اللہ ہیں۔ شرافت۔

Marfat.com

برکت پاک نبی دی اللہ چاہے روشن کردے دین — محمد الدین۔ تاریخ تولد صاحب چاہے کرے متین

اتم مراد دی چادھر یا فضل ہے فضلاں والے دا
دینہ سوناتے راتیں جاگن کم مُراداں والے دا

قدرت اللہ صاحب نندی جندی پاک ہمیشہ ذات — باپ تیرے نے پہلی اسوں نانویں عاشورے پاکی وفات
چاہے گاتے تیرے اُتے اپنے کرموں پاسی جھات — بخشش رب دی باجھوں یارا ہور نہ کوئی دوجی بات

اپنی بخشش سیتی صاحب چاہے تینوں پالے دا
دینہ سوناتے راتیں جاگن کم مُراداں والے دا

اکی روز نے پہلے مہینے عمر تیری ہے ایس وقت — نانویں شب عاشورے سندی پہلی اسوں ایس وقت
تیراں سے چھ ہجری سنوں رات آیت دیلی ایس وقت — وقت شام دے رحلت کیتی باپ تیرے خود ایس وقت

چاہے گاتے اللہ صاحب تینوں علم سکھالے دا
دینہ سوناتے راتیں جاگن کم مُراداں والے دا

اکی سال ہے عمر تمامی باپ تیرے دی ہوئی گل — اک دم منگیا دے نہ کوئی لکھ کروڑ کو دیوے مل
عقل علم تے صورت سیرت دھن فقر نہیں اس دے تل — دیکھ کے سب کو راضی ہوندا ایسا عجب عجائب گل

ماؤ تائیں ایسا پُتر کب فِر رب دکھالے دا
دینہ سوناتے راتیں جاگن کم مُراداں والے دا

عمر تمامی ماتیری تے اللہ بخشش کرے مدام — دین دُنی تے شرم حیا دی بخشش کردے اپنی عام
علم فقر تے عمر حیاتی بخشے رب تینوں انعام — برکت پاک نبی صاحب دی برکت پاک قرآن کلام

برکت پیر پیغمبر سبھناں آئی آفت ٹالے دا
دینہ سوناتے راتیں جاگن کم مُراداں والے دا

تاریخ وفات امر الٰہی ایسا ہی ہوا کہ صاحبزادہ مراد علی بعالم شیر خوارگی ۱۳۰۶ھ میں اپنے والد صاحبؒ کے بعد جلد ہی داعیٔ اجل کو لبیک کہہ گیا اور اپنے دادا

ف شمسی تاریخ کے مطابق عمر کا حساب لکھا ہے۔ ۱۲۔ شرافت۔

Marfat.com

صاحب اور والدہ صاحبہ بلکہ اپنے سب کنبہ دادک، نانک کو داغِ مفارقت دے کر اپنے والد کا صدمہ تازہ کر گیا اور اُن کے سلسلہ نسب کو ختم کر گیا۔

مادۂ تاریخ "مُرغِ بے جان"

سیّد چراغ علی رسول نگری رحؒ

آپ سیّد پیر عالم بن سیّد عمر بخش رسول نگریؒ کے بڑے بیٹے تھے۔ بیعت طریقت اپنے چچازاد بھائی سیّد محبوب علی بن سیّد نور عالمؒ سے تھی۔

آپ کی والدہ کا نام سیّدہ زینب بی بی بنت سیّد عطا محمد ساہن پالویؒ تھا۔

تاریخ ولادت

آپ کی پیدائش ۱۳۱۴ھ میں ہوئی۔

آپ کا نام تاریخی رکھا گیا "چراغ علی"

اخلاق

آپ سادہ مزاج، خودی تکبر سے محترز، صوم و صلوٰۃ کے پابند تھے۔ علم کم تھا، لیکن اخلاق اچھے تھے۔ خوش گو و خوش کلام تھے۔

اولاد

آپ کا نکاح سیّدہ حاکم بی بی بنت سیّد سلطان محمود برخوردار دھیر کوئیؒ سے ہوا۔ اس کے بطن سے اولاد ہوئی۔

آپ کے چار بیٹے ہوئے:۔

۱۔ صاحبزادہ محمد ظہور سلمہ اللہ تعلیم یافتہ ہے۔ اس کی شادی سیّدہ عنایت بیگم بنت سیّد برکت علی دھیر کوی سے ہوئی۔ اس سے دو لڑکے شہزاد احمد اور دلشاد احمد۔ اور ایک لڑکی بنام شمیم فردوس ہے۔

۲۔ صاحبزادہ محمد مقصود سلمہ اللہ لاہور میں ملازمت کرتا ہے۔ اس کی شادی سیّدہ عزیز بیگم بنت سیّد فیروز علی رسول نگری سے ہے۔

۳۔ صاحبزادہ محمد مسعود۔ سلمہ اللہ۔ یہ بھی لاہور میں ملازم ہے۔ اس کی شادی سیّدہ نواب بیگم صغریٰ بنت سیّد نور عالم رسول نگری اگرڈوی سے ہے۔ اس کا ایک لڑکا شمشاد احمد۔ اور ایک لڑکی کوثر نسیم ہے۔

Marfat.com

۴۔ صاحبزادہ محمد غفور۔ مرحوم۔ بچہ فوت ہوگیا۔

سید چراغ علی صاحب ذکر ہذا کی تین بیٹیاں ہیں :۔

۱۔ سیدہ نذیر بیگم۔ منکوحہ نادر حسین ساکن دھیر کے۔

۲۔ سیدہ عنایت بیگم۔ منکوحہ صاحبزادہ فرمان علی بن سید نور عالم۔ سوات گرگن۔ ساکن اکروبہ۔

۳۔ سیدہ منیر بیگم۔ یہ کنواری فوت ہوگئی۔

یارانِ طریقت

آپ کے خواص مرید یہ تھے :۔

۱۔ مہر بن مولا بخش ارائیں — ریاں نگر — ضلع گوجرانوالہ

۲۔ حسین ارائیں — " — "

۳۔ احمد اللہ بن بن کرم چٹھہ ذیلدار — نوشہرہ کلاں — "

۴۔ غلام رسول بن اللہ داد چٹھہ — " — "

۵۔ رحمت بن مولا داد چٹھہ — " — "

۶۔ غلام بن لدھا موچی — " — "

۷۔ نورا سراج — " — "

۸۔ محمد حنیف بن لدھا جوگی نورپوری — " — "

۹۔ محمد الدین بافندہ — " — "

۱۰۔ مہتاب بافندہ نورپوری — " — "

تاریخ وفات

سید چراغ علی کی وفات اپنے والد کی زندگی میں بعمر اٹھتیس سال منگلوار کی رات چوبیسویں ماہ رجب المرجب ۱۳۵۲ھ میں ہوئی۔

آپ کی قبر ساہن پال شریف گورستانِ نوشاہیہ میں ہے۔

مادہ ہائے تاریخ

۱۔ فیض نوشہ صاحب — ۲۔ خورشید پیکر

Marfat.com

باب دہم

اس میں اُن بزرگوں کے ذکر ہیں جو حضرت نوشہؒ صاحب سے دسویں پشت ہیں۔

سیّد غلام رسولؒ

آپ سیّد فضل الٰہی بن مولانا سیّد غلام قادر برخورداری ساہن پالوی کے اکلوتے فرزند تھے۔ بیعت طریقت اپنے بہنوئی حضرت سیّد حافظ محمد شاہ بن سیّد محمد امین مختار ساہن پالوی سے تھی۔ آپ کی والدہ کا نام حضرت حسن بی بی تھا۔ جو درگاہی والا ضلع گوجرانوالہ کے قوم بھٹی علماء کے خاندان سے تھیں۔

تاریخ ولادت آپ کی ولادت پچیسویں شوال ۱۲۹۰ھ میں ہوئی۔ عادہ تاریخ ہے۔ "بچہ شیریں سخن"

تعلیم آپ نے ابتدائی واحد باری اور کریا حضرت سیّد حافظ محمد شاہؒ سے پڑھا۔ پھر ایک جماعت سکول گھنیاں ضلع گجرات میں۔ اور تین جماعت سکول بڑالہ ضلع گوجرانوالہ میں پڑھیں۔

اوراد وظائف اپنے مرشد کے ارشاد کے مطابق آپ ذکر کلمہ طیبہ اور درود شریف ہزارہ پر مواظبت رکھتے اور وظیفہ حسبنا اللہ ونعم الوکیل نعم المولیٰ ونعم النصیر بھی پڑھا کرتے۔ نماز باجماعت پڑھا کرتے۔ اپنے دادا صاحب حضرت سیّد غلام قادرؒ کو بھی دیکھا تھا۔

اخلاق و عادات چاہ ماچھو والا واقعہ رقبہ ساہنیانوالہ میں چار بیگہ زمین آپ کی ملکیت تھی۔ اس میں زراعت کیا کرتے۔ روزی حلال کماتے۔ تمام

Marfat.com

عمر غربت اور مسکنت میں گذاری۔ پاک طینت، راست باز تھے۔ کبھی کسی کو ایذا نہیں پہنچائی۔ آپ کی پانچ ہمشیرہ تھیں، سب کی خدمت کیا کرتے۔

پیر صاحب کی خدمات

اپنے پیر طریقت حضرت سید حافظ محمد شاہ نیک اختر رح کے کمال معتقد و مؤدب تھے۔ عرس بھڑی شریف جانے کے موقعہ پر سالانہ ایک وقت کا بھنڈارہ اُن کو دیا کرتے۔

وفات کے بعد کرامت

آپ کے ہمشیرہ زادہ اعلیٰ حضرت سید غلام مصطفےٰ نوشاہی ادام اللہ برکاتہ بیان فرماتے ہیں کہ جب آپ کی وفات کو تین ماہ گذر گئے تو ایک روز مرگی کے وقت ہم درود شریف پڑھ رہے تھے۔ مکاشفہ میں آپ کی ملاقات ہوئی۔ آپ نے ہمارے ساتھ مصافحہ کیا، اور خوش بخوش نظر آئے۔

اولاد

آپ کا نکاح دسویں ذیقعد ۱۲۹۹ھ کو حضرت رحمت بی بی المعروف بیگم بی بی قوم بھٹی ساکن درگاہی والہ ضلع گوجرانوالہ سے ہوا تھا۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔

آپ کے دو بیٹے ہوئے :۔ (۱) سید پیر محمد (۲) صاحبزادہ غلام محمد مرحوم

سید پیر محمد سلمہ اللہ تعالےٰ۔ متولد ۱۳۱۵ھ نیک اطوار مسکین طبیعت ہیں۔ ان کی شادی مسمات فاطمہ بی بی بنت میاں عبدالعزیز بھٹی ساکن درگاہی والہ سے ہوئی۔ ان کا ایک لڑکا صاحبزادہ محمد انور نام ہے جو میرے والد اعلیٰ حضرت سید غلام مصطفےٰ مدظلہ کا مرید ہے۔ اور پانچ لڑکیاں ہیں۔

۱۔ سیدہ ممتاز بیگم، منکوحہ صاحبزادہ منظور حسین بن سید بوٹے شاہ بن سید کرم الٰہی ساکن پانڈو کے کلاں۔ اس نے طلاق دے دی تو پھر میاں غلام نبی بن میاں غلام احمد بھٹی ساکن حسن والی ضلع گوجرانوالہ سے نکاح کیا۔

۲۔ سیدہ ارشاد بیگم ۳۔ سیدہ ثریا بیگم ۴۔ سیدہ فہمیدہ بیگم ۵۔ سیدہ رشید بیگم۔

Marfat.com

یہ سب ابھی کنواریاں ہیں، اور اب ۱۳۷۶ھ میں موجود ہیں۔
سیّد غلام رسول صاحب ذکر ہذا کی دو بیٹیاں ہیں۔
۱۔ سیّدہ سردار بیگم: منکوحہ میاں غلام رسول بن میاں علی احمد ساکن چکریاں ضلع گجرات۔
۲۔ سیّدہ فضل بیگم: منکوحہ صاحبزادہ بوٹے شاہ بن سیّد کرم الٰہی برخورداری ساکن یانڈو کے کلاں۔ ضلع گوجرانوالہ۔

واقعہ وفات آپ کی بیٹی سیّدہ سردار بیگم سے منقول ہے کہ آپ نے اپنے آخری وقت میں فرمایا "چارپائی لاؤ۔ میرے مرشد سیّد محمد شاہ تشریف لا رہے ہیں" پھر فرمایا "جناب بیٹھ جاؤ۔ میں نیچے بیٹھنے سے معذور ہوں۔ اپنے لڑکے غلام مصطفےٰ کو کہاں چھوڑ آئے ہو" اس کے بعد آپ نے کلمہ طیبہ پڑھا اور جان بحق تسلیم کی۔

تاریخ وفات سیّد غلام رسول کی وفات[1] بعمر اٹھتر سال ۱۳۶۸ھ میں ہوئی۔ قبر گورستانِ نوشاہیہ میں ہے۔

مادہ تاریخ "ولی ترقی خواہ"

سید امام الدین پانڈوکویؒ

آپ سیّد قاسم علی بن سیّد غلام محی الدین پانڈوکویؒ کے فرزند اکبر اور مرید تھے۔ آپ کی والدہ کا نام سیّدہ راج بی بی بنت سیّد لطف الدین بن سیّد علی محمد برخورداری ساہن پالوی تھا۔

تعلیم آپ نے حضرت سیّد غلام قادر بن سیّد عبداللہ برخورداری سے قرآن مجید اور فارسی درسی کتابوں کی تعلیم پائی۔ آپ کے دادا سیّد غلام محی الدین بن سیّد عبداللہؒ نے قرآن مجید، اور گلزار فقہ، اور وظائف، اور قصص الانبیاء اور زلیخائے جامی آپ کے مطالعہ کے واسطے قلمی تحریر فرمائیں۔

---

[1] سیّد غلام رسول کا کچھ ذکر شریف التواریخ کی تیسری جلد موسوم بہ تذکرۃ النوشاہیہ کے نویں حصہ فوائد الاذکار نام میں بھی لکھا جائے گا۔ شرافت۔

Marfat.com

اولاد آپ کا نکاح چوتھی اسوج سمت ۱۹۲۱ بکرمی مطابق ۱۶ ربیع الآخر ۱۲۸۱ھ میں حضرت فضل بی بی بنت میاں غلام حیدر جنجوعہ ساکن دھنویہ خورد ضلع گوجرانوالہ سے ہوا۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔

آپ کا ایک بیٹا سید مہتاب دین نام تھا۔

آپ کی ایک بیٹی تھی۔ سیدہ حیات بی بی منکوحہ سید نور الٰہی بن سید فاضل شاہ ساہن پالویؒ۔

تاریخ وفات سید امام الدین کی وفات ۱۳۲۰ھ میں ہوئی۔ قبر پانڈو کے کلاں ضلع گوجرانوالہ میں ہے۔

مادۂ تاریخ "فضیلت"

سید رحیم اللہ پانڈوکویؒ

آپ سید قاسم علی بن سید غلام محی الدین پانڈوکویؒ کے فرزند اصغر تھے۔ بیعت طریقت حضرت سید عمر بخش بن سید محمد بخش رسول نگریؒ سے تھی۔

آپ کی والدہ کا نام سیدہ راج بی بی بنت سید لطف الدین ساہن پالویؒ تھا۔

اخلاق آپ سید غلام قادر بن سید عبداللہ برخورداریؒ کے شاگرد تھے۔ پانڈو کے بیں سکونت رکھتے۔ طبیعت نرم تھی، خصائل اور اخلاق درویشانہ تھے۔ آپ دنیا داروں سے کم اختلاط رکھتے۔

اوراد وظائف آپ کے واسطے آپ کے دادا سید غلام محی الدین بن سید عبداللہؒ نے ایک وظائف تحریر کیا تھا۔ جس میں اسماء الحسنیٰ، اسماء النبی، دعائے سریانی، دعائے گنج العرش، نادِ علی، درود اکبر، درود ہزارہ تھے۔ وہ ۱۲۹۳ھ کی تحریر موجود ہے۔

اولاد آپ کا نکاح چوبیسویں شعبان ۱۲۸۰ھ کو سیدہ نور بیگم بنت سید عمر بخش رسول نگریؒ سے ہوا۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔

آپ کا ایک بیٹا ہے۔ سید نور حسین سلمہ اللہ۔ یہ ضعیف العمر ہیں۔ تقریباً ستر سال کی

Marfat.com

عمر میں اس وقت موجود ہیں۔ ان کی شادی ۲۲ شوال ۱۳۳۲ھ کو سیدہ حاکم بی بی بنت سید حسیب اللہ ساہن پالوی سے ہوئی۔ اس سے بیٹا کوئی نہیں ہوا۔ دو لڑکیاں ہوئیں۔

۱۔ سیدہ نواب بی بی :۔ منکوحہ صاحبزادہ نذر مولیٰ بن سید میراں بخش ساہن پالوی۔ اس نے طلاق دے دی تو پھر صاحبزادہ فقیر محمد بن سید نور الٰہی ساہن پالوی حال ساکن کراچی سے نکاح کیا۔

۲۔ سیدہ برکت بی بی :۔ منکوحہ صاحبزادہ محمد منظور بن سید زمان علی رسول نگری۔

سید رحیم اللہ صاحبِ ذکر ہذا کی تین بیٹیاں تھیں۔

۱۔ سیدہ سردار بیگم :۔ یہ کنواری فوت ہو گئی۔

۲۔ سیدہ رابعہ بی بی :۔ منکوحہ سید جلال الدین بن سید محمد علی برخورداری پانڈوکوی۔

۳۔ سیدہ برکت بی بی :۔ منکوحہ سید نبی بخش بن سید کریم اللہ ساہن پالوی۔

تاریخ وفات سید رحیم اللہ کی وفات بروز اتوار، دوسری ماہِ صفر ۱۳۳۳ھ میں ہوئی۔ قبر پانڈو کے کلاں ضلع گوجرانوالہ میں ہے۔

مادۂ تاریخ "فضیلت یاب"

سید کریم اللہؒ

آپ سید اقبال علی بن سید غلام محی الدین برخورداری ساہن پالوی کے بڑے بیٹے تھے۔ بیعتِ طریقت حضرت سید عمر بخش بن سید محمد بخش رسول نگریؒ سے تھی۔

آپ کی والدہ کا نام سیدہ گوہر بی بی بنت سید علم الدین بن سید علی محمد ساہنپالویؒ تھا۔

تعلیم آپ نے قرآن مجید اور چند درسی کتابیں مولوی سید غلام قادر بن سید عبداللہ برخورداریؒ سے پڑھیں۔ آپ کے جد بزرگوار سید غلام محی الدین بن سید عبداللہؒ نے جو وظائف قلمی لکھا ہے، اُس پر آپ کا نام بھی تحریر ہے کہ اُن کے پاس خاطر کے لئے لکھ رہا ہوں۔

اخلاق و عادات آپ خوش طبع، شیریں کلام، صاحب شرم و حیا تھے۔ کسبِ حلال یعنی کاشت کاری کا اشتغال رکھتے، خوش آواز تھے۔ مؤلف کے دادا

Marfat.com

حضرت سید حافظ محمد شاہ نیک اخترؒ کے ساتھ بہت محبت اور موانست رکھتے تھے۔

اشعار خوانی آپ موسیقی کے واقف تھے۔ قصہ سیف الملوک مصنفہ میاں محمد بخش قادریؒ بڑے شوق سے پڑھا کرتے اور قصہ سوہنی مہینوال مصنفہ سید فضل شاہ لاہوریؒ کی یہ ردیف عموماً آپ پڑھتے تھے۔

اک رات سوہنی چلی یار ونّے سوہنا بار سنگار لگا بیلی
سُتی پئی ننان نوں جاگ آئی اوہ بھی مگر چلی کر دھا بیلی

سوہنی نکل دروازلیوں رواں ہوئی دھر یا منہ جھناں دے دا بیلی
کھوج چور سند اکھو جی پکڑ لیا ایہہ چور نوں خبر نہ سکا بیلی

گھڑا چالیندی اوتھاں بوٹیاں تھیں جتھے آوندی نت لکا بیلی
بہتے نبھ دا ہل رب یاد کر کے سوہنی ٹھل پئی دریا بیلی

مل کے یار نوں نگھ اُرار آوے رکھے گھڑے نوں ہیر چھپا بیلی
اوہلے بیٹھ ننان نے سب ڈٹھا ایہہ اُٹھ گئی غصہ کھا بیلی

اگے سوہنی تھیں گھر جا ستی الفوں لے تاکر گل پا بیلی
جدوں فجر ہوئی اوہو قہر ہو گئی طرف دکان سدھا بیلی

فیر طرف جھناں روان ہوئی کچا گھڑا دکان تھیں چا بیلی
جتھے سوہنی گھڑا ٹکائیا سی جا پہنچیا اوس تکا بیلی

کچا بوٹیاں وچ لکا رکھے پکے گھڑے دے نال وٹا بیلی
کچی کچ کیتا دھروں سچ آہا کیہڑا لکھیا لیکھ مٹا بیلی

گھریں آپو ہتی خونن عاشقاں دی دیوے ماں نوں گل سنا بیلی
اُس دی ماں بھی مارنا لوڑ دی سی دتی آس خدا پوچا بیلی

آئی قہر تے غضب دی رات مُڑ کے کالا ماتمی بھیس وٹا بیلی
ادھی رات گئی سوہنی یار ونّے ٹری پیر فقیر منا بیلی

Marfat.com

اک رات اندھیڑی وا دوجی پٹ سٹدی رکھ اُٹھا بیلی
بجلی بدلاں تھیں کڑک مار پوندی دیندی طبق زمین ہلا بیلی
اجل پئی پوکاردی سوہنی نوں میتھے آ بیلی میتھے آ بیلی
جیوں جیوں سوہنی نوں سد پئین یار دتیوں تیوں جاوندی پیر اٹھا بیلی
دیو دانگ اس جنڈ کریر وسن دیندے رت سریر سکا بیلی
غول چار چو فیر آواز کر دے ہور لکھ کروڑ بلا بیلی
اوس رات ہزار آفات آہی کھول وات . میٹھے اژدہا بیلی
پیریں پڑن سولاں سولاں والڑی نوں آہی جا ۔ پیر دھرا بیلی
اوڑک جھاگ مصیبتاں جا پوہتی جتھے آوندی گھڑا لکا بیلی
اونہاں بوٹیاں تھیں گھڑا چالیندی کر کے یاد رسول خدا بیلی
گھڑا پکڑنے تھیں کچا نظر آیا رو رو کوکدی گھت کہا بیلی
ایویں پئی پکاردی رب اگے جویں صاحبا تدھ رضا بیلی
میرا پچیوں کتیوئی چا کچا کہڑا دے تقدیر ہٹا بیلی
جیکر آپ رکھیں مارے کون سایاں موئی ہوئی بھی دیں جوا بیلی
کئی لکھ ستار واں رہڑ دیاں نوں دیویں فضل تھیں پار لنگھا بیلی
جیکر مڑاں تے عشق نوں لاج لگے مڑن عاشقاں نہیں روا بیلی ،
رات یار والی اُج مجھ اُتے مڑیاں دین ایمان تھیں جا بیلی
جیکر پچھاں جاواں جھوٹھی یار وتوں پچھاں جان دے وچ خطا بیلی
جے میں سنگ رکھی کیکر سنگ رلساں سنگ والڑے سنگ گوا بیلی
پچھاں مڑن کہیا جے میں پیر موڑاں شالا دوزخیں ملے سزا بیلی
سوہنی تاں ہووا جے میں اُج بلاں نہیں تے کوہجڑی نام رکھا بیلی
ملیتھوں کدی نہ مول قضا ہوسی جو کجھ آئیاں لیکھ لکھا بیلی

Marfat.com

جیکر پچھاں مڑاں کافر ہو مراں دوزخ کل کفار دی جا بیلی
مہینوال تائیں کعبہ جانیا میں کہڑا کعبیوں مُکھ بھوا بیلی
سچا عشق تاہیں جے میں اَج ملاں دیاں جان نوں گھول گھُما بیلی
اِکے یار دا جا دیدار کیتا اِکے جہان ہو گئی فدا بیلی
باجھ یار دلدار غبار دِسے مہینوال والا مینوں چا بیلی
گھڑا ایکڑ کے ہور وان ٹُری نال صدق یقین صفا بیلی
اک یار دا پیار درکار جاتا چل غیر دی پیت چکا بیلی
پوہتی جا سوہنی اوپر کنڈھ ڑے دے موہوں منگدی گئی دعا بیلی
سر تے بنھ دا اہل کلمہ یاد کر کے ٹری یار دا لین تھا بیلی
فضل جان کے جان و نجان عاشق دے عشق نوں لاج نہ لا بیلی

اولاد آپ کا نکاح چوبیسویں[۲۴] شوال ۱۲۹۹ھ میں سیدہ سید بی بی بنت سید قاسم علی بن سید غلام محی الدین برخورداری پانڈوکوی سے ہوا تھا۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔

آپ کے چار بیٹے ہوئے :-

(۱) صاحبزادہ فقیر اللہ (۲) صاحبزادہ کرم الٰہی (۳) سید نبی بخش (۴) سید میراں بخش

ان میں سے تیسرے صاحبزادے سید نبی بخش اس وقت ۱۳۷۶ھ میں زندہ موجود ہیں۔ چاہ ماچھو والہ پر کاشت کاری کرتے ہیں۔ ان کی دو شادیاں ہوئیں۔

پہلی شادی سیدہ برکت بی بی بنت سید رحیم اللہ پانڈوکوی سے اس کے بطن سے ایک لڑکا محمد شریف نام پیدا ہوا جو بچپن میں فوت ہو گیا۔

دوسری شادی سیدہ فاطمہ بی بی بنت سید مہتاب دین پانڈوکوی سے ہوئی۔ اس کے بطن سے چار لڑکے اور تین لڑکیاں ہوئیں۔

لڑکوں کے نام یہ ہیں :-

۱۔ صاحبزادہ ناظر حسین۔ بچپن میں فوت ہو گیا۔
۲۔ صاحبزادہ محمد حیات۔ یہ بھی طفولیت میں مر گیا۔

Marfat.com

۳۔ صاحبزادہ محمد نذیر سلمہ اللہ۔ تعلیم یافتہ ہے۔ لاہور میں ملازم ہے۔ اس کی شادی سیدہ ممتاز بیگم بنت سید بہاوالحق لاہوریؒ سے ہوئی ہے۔ تاریخ ولادت ۲۹ جمادی الثانی ۱۳۵۵ھ ہے۔

۴۔ صاحبزادہ محمد رشید۔ میٹرک تک تعلیم رکھتا ہے۔ ۱۴ اگست ۱۹۴۴ء کو تولد ہوا۔ مطابق ۲۴ شعبان ۱۳۶۳ھ۔

لڑکیوں کے نام یہ ہیں:۔

(۱) سیدہ حاکم بی بی۔ ابھی باکرہ ہے (۲) رشید بیگم (۳) سکینہ بی بی۔ یہ دونوں صغرسنی میں ہی مر گئیں۔

سید کریم اللہ صاحب ذکر ہذا کی صرف ایک بیٹی تھی جس کا نام سیدہ کرم بی بی تھا۔ وہ کنواری فوت ہو گئی تھی۔

تاریخ وفات

سید کریم اللہ کی وفات بروز منگلوار۔ دسویں شوال ۱۳۲۹ھ میں ہوئی۔ قبر گورستان نوشاہیہ میں ہے۔

مادہ تاریخ "جوانِ بیدار مغز"

سیّد حبیب اللہؒ

آپ کا نام حبیب اللہ اور بعض شجروں میں عظیم اللہ اور مشہور نام حسیب اللہ تھا۔ آپ سید اقبال علی بن سید غلام محی الدین برخورداری ساہن پالویؒ کے چھوٹے بیٹے تھے۔ بیعت و اجازت حضرت سید عمر بخش بن سید محمد بخش رسول نگریؒ سے تھی۔

آپ کی والدہ کا نام سیدہ گوہر بی بی بنت سید علم الدین بن سید علی محمدؒ تھا۔

تعلیم

آپ نے قرآن مجید اور چند اردو، پنجابی کی کتابیں حضرت سید حافظ محمد شاہ نیک اختر سے پڑھیں۔

حصول فیض

آپ کی عقیدت حضرت سید غلام علی بن سید قدم الدین برخورداری ساہن پالویؒ سے بہت تھی۔ آپ روزانہ رات کو اُن کی خدمت میں

Marfat.com

دو گھنٹے مجلس نشین ہوتے۔ اُن کے پاؤں دباتے۔ اور ہر طرح کی خدمت و آداب بجا لایا کرتے۔ وِرد و وظائف اور عملیات ان کی جناب سے حاصل کئے اور فیض پایا۔

اخلاق کریمانہ آپ نہایت مؤدب، مہذب اخلاق تھے۔ غربت و مسکنت کا دورہ تھا۔ کبھی کسی کو ایذا و تکلیف نہ پہنچاتے۔ ہر کسی سے حسن سلوک کرتے۔ پیار و محبت کا مجسمہ تھے۔ اپنے خاندان کے بزرگوں کی روایات بہت کچھ آپ کو زبانی یاد تھیں۔

اشعار خوانی آپ کو مولانا محمد اشرف فاروقی منیری کا مناقب نوشاہی اور اُن کی دونوں سیحرفیاں موسوم بنام اشرفی اور شجرے وغیرہ یاد تھے۔ ان کو پڑھا کرتے۔

کرامت

ایک مخالف کو سزا ملنا ایک مرتبہ مسمی دلی بن احمو تارڑ ساہن پالیہ نے آپ کو طمانچہ مارا۔ اسی رات کو اس کا بیٹا حسین نامی جو خوردسال تھا گم ہو گیا۔ کوئی کہتا کہ وہ دریا میں ڈوب گیا ہے۔ کوئی کہتا کہ کنوئیں میں گر پڑا ہے۔ بہرکیف ساری رات اُس کو تلاش کرتے رہے اور سب چھوٹے بڑے روتے پیٹتے رہے۔ شور و واویلا کرتے رہے۔ مگر وہ کہیں سے نہ ملا۔ صبح کو انہوں نے معافی دی تو وہ لڑکا بیلہ سے مل گیا۔

اولاد آپ کا نکاح ۲ ساون سمت ۱۹۵۳ بکرمی۔ مطابق ۶ صفر ۱۳۱۴ھ کو سیدہ حسن بی بی بنت سید کرم الٰہی بن سید حیدر شاہ ہاشمی رُن ملوی سے ہوا تھا۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔

آپ کے تین بیٹے تھے:۔

(۱) صاحبزادہ برکت علی (۲) صاحبزادہ عمر حیات (۳) صاحبزادہ محمد حیات۔

آپ کی تین بیٹیاں تھیں:۔

Marfat.com

۱۔ سیّدہ علیمہ بی بی ۔ منکوحہ سیّد زمان علی بن سیّد حسن عالم برخورداری رسول نگری رح
۲۔ سیّدہ حاکم بی بی ۔ منکوحہ سیّد نور حسین بن سیّد رحیم اللہ برخورداری پانڈوکوی رح
۳۔ سیّدہ فاطمہ بی بی ۔ منکوحہ سیّد میراں بخش بن سیّد کریم اللہ برخورداری ساہن پالوی رح
ان کی وفات کے بعد صاحبزادہ نور حسین بن سیّد محمد حیات ہاشمی ساکن
مندرانوالہ متصل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ سے نکاح کیا۔

یارانِ طریقت

آپ کے خواص مریدان یہ تھے۔
۱۔ صاحبزادہ نور حسین بن سیّد غلام محمد برخورداری ساہنپال شریف ضلع گجرات

۲۔ مولا داد گلگو	ساہنپال شریف ضلع گجرات	۸۔ شاہ محمد موچی	گڈھو 〃
۳۔ مستری علی محمد لوہار	〃 〃	۹۔ خان محمد مصلی	〃 〃
۴۔ رحماں بن صاحبزادہ تارڑ	چھنی ساہنپال 〃	۱۰۔ شاہ محمد مصلی	〃 〃
۵۔ محمد حسین بن جلال تارڑ	〃 〃	۱۱۔ راجہ ماچھی	سیدا سگھر 〃
۶۔ دَولُو گلگو	رَن مل 〃	۱۲۔ رحماں مصلی	چک حسین 〃
۷۔ احمد دین گوندل	گڈھو 〃		

تاریخ وفات

سیّد حبیب اللہ کی وفات سوموار کی رات انیسویں شعبان ۱۳۶۴ھ میں ہوئی۔ آپ کی قبر گورستانِ نوشاہیہ میں ہے۔
مادۂ تاریخ "انعامِ بخشش"

سیّد بدّوح شاہ پانڈوکوی رح

آپ سیّد محمد علی بن سیّد غلام محی الدین برخورداری پانڈوکوی رح کے فرزند اکبر تھے بیعت و خلافت اپنے ماموں حضرت سیّد حافظ روح اللہ بن سیّد محمد امین مختار ساہن پالوی رح سے تھی۔ آپ کی والدہ کا نام سیّدہ صالحہ بی بی بنت سیّد محمد امین رح تھا۔

نام و لقب

آپ کا اصل نام چراغ دین۔ لقب بدّوح شاہ تھا۔ اسی نام سے مشہور ہوئے۔

Marfat.com

تاریخ ولادت آپ کی پیدائش ۱۲۸۹ھ میں ہوئی۔
مادۂ تاریخ "چراغ دلاں" ہے۔

عبادت آپ پانڈو کے نوٗ میں سکونت رکھتے تھے۔ روزانہ رات کو نہر لوئر چناب کے کنارہ پر بیٹھ کر عبادت کیا کرتے۔ آٹھ سال تک یہ سلسلہ جاری رکھا۔ کلمہ تمجید کا اکثر وِرد ہوتا۔ حتیٰ کہ فیض سے مالا مال ہوئے۔

اخلاق حمیدہ آپ کے خصائل اچھے تھے۔ پیار و سلوک کی گفتگو کرتے۔ فقر و درویشی کی محبت دل میں جاگزیں تھی۔ پیشہ کاشت کاری کیا کرتے۔ شیر دار بھینسیں رکھی ہوئی تھیں۔ مال مویشی اکثر پالتے۔

جنّت اور دوزخ کا مشاہدہ آپ کو ایک بار آپ کے ماموں حضرت سیّد حافظ محمد شاہ بن سیّد محمد امین رحؒ کی توجہ سے جنت اور دوزخ کا مشاہدہ ہوا۔ درخت طوبےٰ کا دیدار بھی بچشم ظاہر ہوا۔

سماع اشعار آپ بزرگوں کا کلام سُن کر متاثر ہوا کرتے تھے اور قصہ ہیر رانجھا مصنفہ سیّد وارث شاہؒ کا یہ بیان آپ بڑے شوق سے سُنا کرتے۔

معرفت شدن رانجھا بخدمت بالناتھ

ٹُلے جا کے جوگی تے ہتھ جوڑے سانوں اپنا کرو فقیر سائیں
تیرے درس دیدار دے دیکھنے نوں آیا دیس پردیس وچ پھیر سائیں
صدق دھار کے نال یقین آیا اسیں چیڑے تے تُسیں پیر سائیں
بادشاہ سچا رب عالماں دا فقر اوسدے، ہین وزیر سائیں
نیوں کے جوڑ کے ہتھ سلام کردا کہندا ہو کے بہت ظہیر سائیں
بناں مرشداں راہ نہ ہتھ آوے دُوہدراں باہجھ نہ رِجھ دی کھیر سائیں
یاد حق دی صبر تسلیم نہچہ تُساں جگ دسے نال کی سیر سائیں
فقر کل جہان دا آسرا اے تابع فقر دی پیر امیر سائیں

Marfat.com

میرا ماں نہ باپ نہ بھین بھائی چاچا تایا تے ساک نہ ویر سائیں
دنیا وچ ہاں بہت اداس ہویا پیروں ساڈیوں لاہ زنجیر سائیں
تُساں جگت نوائیا ہیٹھ آسن نظر آؤنائیں ظاہرا پیر سائیں
تینوں چھڈ کے جاں میں ہور کتھے وارث شاہ دی بخش تقصیر سائیں

کرامات

رئیسوں کا مطیع ہونا

جنگ عظیم ۱۹۱۴ء کے زمانہ میں گورنمنٹ برطانیہ کے کارندے لوگوں کو جبراً بھرتی کرتے تھے۔ حکومت کے اعیان راستوں اور پلوں پر بیٹھ جاتے اور مسافروں کو پکڑ کر فوج میں بھرتی کرتے۔ رات کو چھاپے مارتے۔ چنانچہ ایکدن چوہدری سردار خان ذیلدار کوٹ ہرا اور چوہدری غلام قادر ذیلدار کوٹ بھاگا بمعہ ملازموں کے آپ کو پکڑنے کے واسطے آپ کے کھوہ پر آگئے۔ آپ نے ان پر ایسی نگاہ کی کہ اُسی وقت وہ مطیع ہو گئے اور آپ سے معافی مانگ کر واپس چلے گئے۔

ایک درویش کو عورتوں کے شر سے بچانا

ایک مرتبہ ایک درویش آپ کی خدمت میں آیا اور عرض کیا کہ میں سائیں کرم الٰہی مجذوب قادری گجراتی المعروف کانواں والہ کا فقیر ہوں۔ دو عورتیں میرے پیچھے پڑ گئی ہیں اور مجھے بدفعلی پر مجبور کرتی ہیں، میں کیا کروں۔ آپ نے اُس کو ایک وظیفہ بتایا۔ اُس نے پڑھنا شروع کیا تو وہ عورتیں اُس سے کنارہ کش ہو گئیں اور وہ گناہ سے محفوظ رہا۔

ایک مخالف کو چٹی پڑنا

مولو بن عمر اچھہ ساکن پانڈو کے نے ایک سپاہی کو کہہ کر آپ سے ایک روپیہ ناحق وصول کروایا۔ آپ نے فرمایا کہ تم کو اس ایک روپیہ کی بجائے ایک سو روپیہ چٹی پڑے گی۔ چنانچہ دوسرے روز نہر لوئر چناب کے کنارے درخت کاٹنے کے جرم میں اُس کو ایک سو روپیہ چٹی ادا کرنی پڑی۔

ایک نقصان کرنے والے کا سزا پانا

حسنا بن عمر اچھہ نے آپ کے کھیت میں جوگ مویشیوں کی چھوڑ دی۔ انہوں

Marfat.com

نے آپ کے فصل کو کافی نقصان کیا۔ امرالٰہی سے اُس کا اب بھیقتاً اسی ٹڈی دل گیا۔ پھر آکر اُس نے معافی لی۔

ایک منکر کو کیڑے پڑنا ایک شخص نے آپ کو ایذا پہنچائی۔ آپ کے منہ سے نکلا تم کو کیڑے پڑیں گے۔ چنانچہ اُس کی دُبر میں کیڑے پڑ گئے۔

ایک موذی کا بھونک کر مرنا ایک شخص نے آپ کو ناسزا بولا۔ آپ نے فرمایا کہ تو بھونک کر مرے گا۔ چنانچہ واقعی وہ بھونک کر مرا۔

بیویاں

آپ کی تین اہلیہ تھیں :-

۱۔ سیدہ حسین بی بی :- بنت سید اقبال علی برخورداری ساہن پالویؒ۔ ان سے آپ کا نکاح چوبیسویں ذیقعد ۱۲۹۹ھ کو ہوا۔ ان کے بطن سے کوئی اولاد نہ ہوئی۔

۲۔ سیدہ رسول بی بی بنت سید شاہ رانا برخورداریؒ ساکن میرہ وہ علاقہ لالہ موسے۔ ان سے آپ کا نکاح گیارہویں ذیقعد ۱۳۱۴ھ میں ہوا۔ ان کے بطن سے بھی کوئی اولاد نہ ہوئی۔ ان کو آپ نے طلاق دے دی۔

۳۔ مسمات حسین بی بی قوم فقیہ ساکن مہڑیالہ متصل رسول نگر۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔

اولاد آپ کا ایک بیٹا صاحبزادہ محمد حیات نام پیدا ہوا۔

آپ کی تین بیٹیاں ہوئیں۔

۱۔ سیدہ سردار بیگم: منکوحہ سید سردار شاہ بن سید نور علی ہاشمی رانا ولویؒ

۲۔ سیدہ فاطمہ بی بی: منکوحہ سید افضل ولی بن سید واصل حق برخورداری بجھالاہوریؒ۔

۳۔ سیدہ شاہ بیگم: منکوحہ صاحبزادہ رحمت علی بن سید جلال الدین برخورداری پانڈوکویؒ۔

یارانِ طریقت آپ کے خواص احباب یہ تھے :-

۱۔ گہنا چیمہ پانڈو کے تو۔ ضلع گوجرانوالہ

Marfat.com

۲۔ جلال چٹھہ ۔ پانڈو کے نو ضلع گوجرانوالہ ۳۔ محمد تارڑ۔ مہڑیالہ ضلع گوجرانوالہ۔
۴۔ فضل ورک ۔ چک ورکاں "

تاریخ وفات سید بدھ شاہ کی وفات بعمر بہتر سال بروز منگلوار۔ آٹھویں صفر ۱۳۶۱ھ میں ہوئی۔ قبر پانڈو کے نو ضلع گوجرانوالہ میں ہے۔

مادہ ہائے تاریخ

(۱) نفع متکاثر (۲) فخر اہل ہمت

سیّد سراج الدّین شہید پانڈوکویؒ

آپ سید محمد علی بن سید غلام محی الدین برخورداری پانڈوکویؒ کے دوسرے بیٹے تھے۔ آپ کی والدہ ماجدہ کا نام سیّدہ صالحہ بی بی بنت سید محمد امین مختار برخورداری ساہن پالویؒ تھا

تاریخ ولادت آپ کی ولادت ۱۲۹۲ھ میں ہوئی۔

شادی آپ کی شادی بعمر چار سال۔ پندرہویں شوال ۱۲۹۶ھ کو سیّدہ اللہ جوائی بنت سید عمر بخش بن سید لطف الدین برخورداری ساہن پالویؒ سے ہوئی۔ لیکن کوئی اولاد نہ ہوئی۔

واقعہ شہادت آپ بعمر سولہ سال بڑی خوشی و مسرت سے اپنے سسرال میں بمقام ساہن پال شریف آئے۔ آتے ہی رات کو دشمنوں کے ورغلانے میں آکر آپ کی جورو اللہ جوائی بنت سید عمر بخش نے آپ کو زہر دے دیا۔ صبح آپ شہید ہو گئے۔

تاریخ شہادت سید سراج الدین کا سال شہادت ۱۳۰۸ھ ہے۔ قبر گورستان نوشاہیہ میں ہوئی۔ مادہ ہائے تاریخ (۱) ایزد غفور (۲) جانِ پیغمبر

سیّد جلال الدّین پانڈوکویؒ

آپ کا نام سید جلال الدین المشہور جلال شاہ تھا۔ آپ سید محمد علی بن سید غلام محی الدین

Marfat.com

برخورداری پانڈوکوی کے تیسرے بیٹے تھے۔ بیعت طریقت اپنے نانا حضرت سید حافظ محمد شاہ نیک اختر بن سید محمد امین مختار برخورداری سامان پالوی سے تھی۔

آپ کی والدہ کا نام سیدہ صالحہ بی بی بنت سید فخر الدین سامان پالوی تھا۔

تاریخ ولادت

آپ کی ولادت ۱۲۹۵ھ میں ہوئی۔

مادہ تاریخ "چراغ کاظم" ہے۔

اخلاق وعادات

آپ بڑے مؤدب اور حلیم الطبع تھے کسی سے سوال نہ کرتے۔ خودی وتکبر وچاپلوسی وریاکاری سے بہت بچتے تھے۔ قناعت وصبر وشکر ورضا وفا وحیا وسخاوت وعبادت وہدایت کے اوصاف سے موصوف تھے۔ مہمان نواز تھے۔ آئندہ روندہ مہمانوں کی خدمت وتواضع بہت کرتے۔ زراعت کا پیشہ کرتے۔ شب بیدار تھے۔ لباس اور کھانا سادہ ہوتا تھا۔

بزرگوں سے عقیدت

مؤلف کتاب ہذا فقیر سید شرافت عفا اللہ عنہ کے آپ نانا تھے۔ میں جب آپ کے ہاں موضع پانڈوکے جایا کرتا تو آپ مجھ سے حضرت سخی شاہ سلیمان زری، حضرت نوشہ گنج بخش اور حضرت شیخ عبدالرحمن پاک کے حالات ضرور پوچھتے اور شوق سے سنا کرتے۔

جنوں کا نظارہ کرنا

ایک بار آپ مویشی چرا رہے تھے۔ دیکھا کہ میں دوپہر کے وقت جنوں کی برات جا رہی ہے۔ آپ دیر تک ان کو دیکھتے رہے۔

کرامات

چوری شدہ مال کا مل جانا

غلام حیدر بن فضل چٹھہ سے منقول ہے کہ ایک مرتبہ ہماری تین ڈاچیاں چور لے گئے۔ میں نے آپ کے آگے عرض کیا۔ آپ نے فرمایا کہ مل جائیں گی۔ کوئی فکر نہ کرو۔ چنانچہ تین روز کے بعد موضع کوٹلہ سے مل گئیں۔

Marfat.com

مُقدّمہ سے بَری کروانا

بہادل بن حسن محمد چیٹھہ سے منقول ہے کہ ہم کو ایک مقدمہ میں قید ہونے کا خطرہ تھا۔ ایک برس میں چھتیس تاریخیں ہم کو وزیر آباد جانا پڑا۔ ایک دن آپ نے ہم کو بشارت دی کہ تم بری ہو جاؤ گے۔ چنانچہ ہم آپ کی دعا سے رہا ہو گئے۔

فتح مندی کی دعا

حسن محمد بن محکم چیٹھہ سے منقول ہے کہ میں نے جب کسی متعدد کی تاریخ پر جانا ہوتا تو آپ کو سلام کر کے جاتا، تو مجھے فتح ہو جایا کرتی۔

مخالفوں کا سزا پانا

ایک مرتبہ آپ بعالم شباب ساہن پال شریف میں آئے۔ وہاں ایک دن اولادِ رحمان علی تارڑ نے سید بن امیر تارڑ کے اشتباہ پر شکار کے وقت غلطی سے آپ کو لاٹھیوں سے بہت مارا۔ جب ان کو پتہ چلا تو انہوں نے بہت افسوس کیا اور آپ سے معافی مانگی۔ آپ نے معاف تو کر دیا لیکن امرِ الٰہی ایسا ہوا کہ اُن کے ہاتھوں سے مولا داد ولد نتھو ساکن کوٹھہ بھولا قتل ہو گیا۔ اُس کی سزا میں وہی لوگ سات سات سال قید ہو گئے۔

گائے کا آپ کی مدد کرنا

ایک مرتبہ حسنا چیٹھہ نے آپ سے لڑائی کی۔ آپ کی گائے نے خود بخود اُس کو سینگوں سے مارنا شروع کیا اور مار مار کر بھگا دیا۔

ایک بے ادب کو کیڑے پڑنا

ایک مرتبہ عمر اچیٹھہ نے آپ سے مقابلہ کیا۔ آپ کی بد دعا سے اُس کو کیڑے پڑ گئے۔

بیویاں

آپ کی دو اہلیہ تھیں :-

۱۔ سیدہ نواب بی بی۔ بنت سید فاضل شاہ برخورداری ساہن پالوی۔ ان سے آپ کا نکاح ۱۶ بھادوں سمت ۱۹۵۱ بکرمی، ۲۸ صفر ۱۳۱۲ھ کو ہوا۔ ان کے بطن سے صرف

Marfat.com

ایک بیٹی پیدا ہوئی۔

۲۔ سیدہ رابعہ بی بی۔ بنت سید رحیم اللہ برخورداری پانڈوکوی۔ ان سے آپ کا نکاح ۴ جمادی الاولیٰ ۱۳۲۴ھ میں ہوا۔ ان کے بطن سے ایک بیٹا اور دو بیٹیاں پیدا ہوئیں۔

اولاد آپ کا ایک بیٹا ہے۔ صاحبزادہ رحمت علی سلمہ اللہ۔ متولد ۱۳۳۰ھ۔ تاریخی نام "بخشش حسین"۔

یہ میرے والد بزرگوار اعلیٰ حضرت سید غلام مصطفیٰ نوشاہی دام برکاتہ کا مرید ہے۔ صوم و صلوٰۃ کا پابند ہے۔ نیک اوصاف رکھتا ہے۔ اس کے ساتھ ایک عجیب واقعہ پیش آیا ہے۔ وہ یہ کہ بروز ہفتہ سولہویں ذیقعد ۱۳۷۳ھ ۱۷ جولائی ۱۹۵۴ء کو ۱۱ بجے دن نہر لوئر چناب پر یہ غسل کر رہا تھا کہ اس کو مگرمچھ نکل گیا۔ امر الٰہی سے گیارہ گھنٹہ کے بعد گیارہ میل دور جا کر جھٹا نوالی کے قریب دس بجے رات کے زندہ اور صحیح و سلامت باہر نکلا۔ یہ واقعہ اخبارات میں بھی شائع ہوا۔ آجکل بعمر چھیالیس سال موجود ہے۔

اس کی شادی سیدہ شاہ بیگم بنت سید بدوح شاہ پانڈوکوی سے ہوئی ہے۔ اس کے بطن سے پانچ لڑکے اور دو لڑکیاں ہوئی ہیں۔ لڑکوں کے نام یہ ہیں۔

۱۔ صاحبزادہ احمد علی۔ متولد شعبان ۱۳۴۸ھ۔ بچپن میں فوت ہوگیا۔

۲۔ صاحبزادہ منظور احمد۔ متولد ۱۳۵۰ھ۔ بعمر دو سال ۱۳۵۲ھ میں فوت ہوا۔

۳۔ صاحبزادہ خضر علی۔ متولد سبعہ ۲۳ شعبان ۱۳۵۶ھ۔ تاریخی نام "مرغوب حق" ہے۔ مڈل تک تعلیم رکھتا ہے۔ اس وقت بعمر بیس سال موجود ہے۔

۴۔ صاحبزادہ مظہر باری۔ متولد ۱۳۵۸ھ۔ یہ تاریخی نام ہے۔ شیر خوارگی میں فوت ہوا۔

۵۔ صاحبزادہ خورشید علی۔ متولد ۱۳۶۴ھ۔ مادۂ تاریخ "باغ نوشہ" یہ اس وقت پرائمری سکول علی پور چٹھہ (اکال گڑھ) میں پڑھتا ہے۔

لڑکیوں کے نام یہ ہیں:-

۱۔ سیدہ نسیم اختر ۲۔ سیدہ الماس بتول۔ دونوں ابھی کنواریاں ہیں۔

سید جلال الدین صاحب ذکر ہذا کی تین بیٹیاں ہوئیں۔

Marfat.com

۱۔ سیّدہ رابعہ بی بی ۔ یہ بچپن میں فوت ہوگئی ۔

۲۔ سیّدہ رحمت بی بی ۔ یہ بالغہ ہو کر کنواری فوت ہوگئی ۔

۳۔ سیّدہ فضل بیگم ۔ منکوحہ مؤلف کتاب ہذا فقیر سیّد شریف احمد شرافت بن اعلیٰ حضرت سیّد غلام مصطفےٰ نوشاہی برخورداری ساہن پالوی مدظلہ ۔

تاریخ وفات سیّد جلال الدین کی وفات بعمر اکہتر سال بروز بدھوار ۔ وقت ضحیٰ ۔ پندرہویں ذیقعد ۱۳۶۶ھ مطابق یکم اکتوبر ۱۹۴۷ء ، ۱۵ر اسوج سمت ۲۰۰۴ ب کو آٹھ پہر دردِ شکم سے بیمار رہنے کے عارضہ سے ہوئی ۔ شام کو دفن ہوئے ۔ قبر پانڈو کے نو ضلع گوجرانوالہ میں ہے ۔

مادہ تاریخ "چراغ سالکان"

سیّد نور الدّین پانڈوکویؒ

آپ سیّد محمّد علی بن سیّد غلام محی الدین برخورداری پانڈوکویؒ کے چوتھے بیٹے تھے ۔ آپ کی والدہ کا نام سیّدہ صالحہ بی بی بنت سیّد محمّد امین مختار برخورداری ساہن پالویؒ تھا ۔

تاریخ ولادت آپ کی پیدائش ۱۲۹۸ھ میں ہوئی ۔

مادہ تاریخ "محب مرغوب"

والدین کی اطاعت آپ اپنے والدین کے بہت خدمت گار اور مؤدب تھے ۔ کبھی بے فرمانی نہ کرتے ۔

تاریخ وفات سیّد نور الدین کی وفات بعمر پندرہ سال ۱۳۱۳ھ میں ہوئی ۔ کنوارے ہی فوت ہوئے ۔ آپ کی قبر موضع پانڈو کے نو ضلع گوجرانوالہ میں ہے ۔

مادہ ہائے تاریخ ۱۔ رحمت خداوند ۲۔ آفتاب طریقت علی

سیّد کرم الٰہی پانڈوکویؒ

آپ سیّد فیض اللہ المعروف لدھے شاہ بن سیّد الٰہدین بن سیّد عبداللہ برخورداری پانڈوکویؒ

Marfat.com

کے بڑے بیٹے تھے۔ بیعت و خلافت حضرت سید غلام علی بن سید قدم الدین برخورداری ساہنپالویؒ سے تھی۔ آپ کی والدہ کا نام حضرت سکینہ بی بی بنت میاں نظام الدین بھٹی ساکن درگاہی والہ ضلع گجرات تھا۔

تاریخ ولادت

آپ کی ولادت سنہ ۱۲۹۰ھ میں ہوئی۔
مادہ تاریخ "فلک نظیر"

قطعہ تاریخ

از مولوی نجم الدین ساکن لدھے والہ وڑائچاں ضلع گوجرانوالہ

ز زائیدنِ طفلِ فرخندہ فال — بسے غنچہ آرزو ہا شگفت
ز گلزار دل ہائے خویش و تبار — ہوائے خوشی گردِ کلفت برفت
بجست از خرد نجم دیں سال او — بسا بخت بیدار با وا ۔ بگفت

اخلاق و عادات

آپ کی طبیعت مسکین اطوار تھی۔ خاموشی پسند تھے۔ اپنے پیر طریقت کے دل و جان سے مطیع و خدمت گار تھے۔ پانڈو کے کلاں میں سکونت رکھتے۔

اولاد

آپ کا نکاح دسویں ذیقعد سنہ ۱۲۹۹ھ کو سیدہ عائشہ بی بی بنت سید فضل الٰہی بن سید غلام قادر ساہن پالویؒ سے ہوا۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔

آپ کا ایک ہی بیٹا ہے۔ صاحبزادہ عطاء اللہ المعروف بوٹے شاہ سلمہ اللہ۔ اس کی پیدائش اپنے والد کی وفات سے چار ماہ بعد ماہ جمادی الاخریٰ سنہ ۱۳۲۵ھ میں ہوئی۔ مؤلف کا ہم عمر ہے۔ اس کی شادی اپنے ماموں کی بیٹی سیدہ فضل بیگم بنت سید غلام رسول بن سید فضل الٰہی ساہن پالویؒ سے ہوئی۔ اس سے ایک لڑکا اور ایک لڑکی پیدا ہوئی۔

——— لڑکے کا نام صاحبزادہ منظور حسین ہے۔ متولد سوموار ۱۱ شعبان سنہ ۱۳۴۵ھ اس کی شادی اپنے ماموں کی بیٹی سیدہ ممتاز بیگم بنت سید پیر محمد بن سید غلام رسول ساہن پالوی سے ہوئی۔ مگر اس نے چند سال کے بعد اس کو

Marfat.com

طلاق دے دی۔

——— لڑکی کا نام سیدہ خورشید بیگم ہے۔ منکوحہ صاحبزادہ عنایت اللہ بن سید برکت علی برخورداری ساکن دھیر کے خورد ضلع گجرات۔

سید کرم الٰہی صاحب ذکر ہذا کی ایک بیٹی تھی۔ سیدہ عالم بی بی۔ منکوحہ سید سردار عالم بن سید سلطان محمود برخورداری دھیر کوی رح۔

تاریخ وفات سید کرم الٰہی کی وفات بعمر پنتیس سال بروز اتوار۔ تیسویں ماہ صفر ۱۳۲۵ھ میں ہوئی۔ قبر پانڈو کے کلاں ضلع گوجرانوالہ میں ہے۔

مادۂ تاریخ۔ آیت شریف فاینما تولوا فثم وجہ اللہ۔

صاحبزادہ محمد حسین پانڈوکوی رح

خلف اصغر سید فیض اللہ المعروف لدھے شاہ بن سید الہدین بن سید عبداللہ پانڈوکوی۔ والدہ کا نام حضرت سکینہ بی بی بنت میاں نظام الدین بھٹی۔ ساکن درگاہی والہ۔ یہ بچپن میں فوت ہو گیا۔ **وفات ۱۲۹۹ھ**

صاحبزادہ نبی بخش رح

فرزند اکبر سید عمر بخش بن سید لطف الدین ساہن پالوی رح۔ والدہ کا نام سیدہ عمر بی بی بنت سید الہدین بن سید عبداللہ پانڈوکوی رح تھا۔

تاریخ ولادت اس کی پیدائش ۱۲۷۹ھ میں ہوئی۔

مادۂ تاریخ "المرغوب" ہے۔

تاریخ وفات بعمر آٹھ سالہ ۱۲۸۷ھ میں فوت ہو گیا۔ اور گورستان نوشاہیہ میں مدفون ہوا۔

مادہ تاریخ

"فخر دربار"

Marfat.com

سید بوٹے شاہؒ

آپ سید عمر بخش بن سید لطف الدین برخوردار سی سابن پالویؒ کے چھوٹے بیٹے اور مرید و خلیفہ تھے۔ آپ کی والدہ کا نام سیدہ عمر بی بی بنت سید الہدین بن سید عبد اللہ پانڈوکویؒ تھا۔

واقعہ اور تاریخ ولادت

آپ کے والد صاحب کو خواب میں شیخ جوائے شاہ بن شیخ فتح الدین سلیمانی رسول نگریؒ کی زیارت ہوئی۔ انہوں نے فرمایا "عمر بخش! ہم نے تیرا بوٹا لگا دیا ہے"۔

چنانچہ اس کے بعد یکم اسوج سمت ۱۹۳۲ بکرمی ۱۵ شعبان ۱۲۹۲ھ کو آپ پیدا ہوئے۔ اور اسی ارشاد کے مطابق آپ کا نام بوٹے شاہ رکھا گیا۔ مادہ تاریخ "ارمغان"

تعلیم

آپ نے اردو کی تعلیم پرائمری سکول جوکالیاں میں پائی اور قرآن مجید اور فارسی کی چند کتابیں میرے دادا حضرت سید حافظ محمد شاہ بن سید محمد امین مختارؒ سے پڑھیں۔ استعداد مطالعہ ہوگئی۔ میرے والد بزرگوار اعلیٰ حضرت سید غلام مصطفیٰ نوشاہی دام برکاتہٗ کے ارشاد کے مطابق آپ نے کتاب کشف المحجوب مصنفہ حضرت داتا گنج بخشؒ اور کتاب فتوح الغیب مصنفہ حضرت غوث اعظمؒ منگوائی تھیں۔ ادرگاہ بگاہ ان کو زیر نظر رکھتے تھے۔

اوراد و عبادات

آپ ابتدا میں صرف فجر کی نماز پڑھا کرتے تھے۔ بعد میں نماز پنجگانہ کے پابند ہوگئے۔ ایک دن فقیر سید شرافت عافاہ اللہ نے پوچھا کہ آپ تو ایک نماز پڑھا کرتے تھے۔ اب کیسے پانچوں کے پابند ہوگئے۔ کہا کہ میرا ایک مرید فوت ہو رہا تھا۔ نزع کے وقت میں اس کے پاس پہنچا۔ وہ نہایت مایوسی کی حالت میں کہہ رہا تھا کہ "یا اللہ پاک اگر تو اب مجھے مہلت دے تو آئندہ کے لئے ہمیشہ میں پانچوں وقت کی نمازیں پڑھا کروں گا"۔ اس وقت میں دل میں بہت ڈر گیا کہ یہ وقت تو مجھ پر بھی آنے والا ہے اور اس وقت مجھے بھی اسی طرح حسرت و ندامت ہوگی۔ لہٰذا اس دن سے میں پانچوں نمازیں پوری پڑھتا ہوں۔

Marfat.com

اخلاق و عادات

آپ خوش مزاج، لطیفہ سنج، بذلہ گو تھے۔ جس مجلس میں آپ بیٹھے ہوتے، غم و اندیشہ دُور ہو جاتا۔ مراثیوں اور بافندوں اور مولویوں کے بے شمار لطیفے آپ کو یاد تھے۔ آپ کی طبیعت امیرانہ تھی۔ عمدہ لباس رکھتے۔ دستار کلاہِ طلا دار پر پہنتے۔ گھوڑی اچھی رکھتے۔ شکاری کُتّے پالنے کا بھی شوق تھا۔ طبیعت نڈر تھی۔ کسی مجلس میں مرعوب نہ ہوتے۔ کئی سیّدوں، فقیروں، وہابیوں شیعوں سے مناظرے کئے۔ ہر ایک کو باتوں میں خاموش کر دیتے۔

آپ کہا کرتے کہ باوجود امارت کے میں نے کبھی عطر اور رومال اور چھڑی اپنے پاس نہیں رکھی۔

موسیقی کا شوق

آپ کو گانے کا بہت شوق تھا۔ راگ کے پورے پورے واقف تھے۔ جوگ، بہاگ، تلنگ، پہاڑی، ضلع وغیرہ سب راگ آپ جانتے تھے۔ قصہ سیف الملوک اور غزلیں اور نعتیں پڑھا کرتے۔ قوالی کے دلدادہ تھے۔ بھڑی شریف کے عُرس پر جاتے تو قوالوں کو ہمراہ لے جاتے۔

مُولف کے حق میں دعا

فقیر سید شرافت عافاہ اللہ کہتا ہے کہ میں نے ابتدا میں جب فن کتابت سیکھا تو عربی اور فارسی کتابیں لکھا کرتا تھا اور تاجرانِ کتب لاہور کا کام کرتا اور تنخواہ پاتا تھا۔ آپ جب کبھی ہمارے دیوان خانہ میں آتے تو مجھے کہتے کہ تم کو خدا تعالےٰ نے علم اور عقل اور شکل دیا ہے۔ تم یہ کام چھوڑو۔ اور اپنے بزرگوں کی طرح ملکِ الٰہی کا سیر کرو اور پیری مریدی کا سلسلہ بڑھاؤ۔ کاتبوں کے حق میں تو داناؤں کا مقولہ ہے "کاتب بے گناہ در شکنجہ" تم ہر وقت زانو جوڑ کر بیٹھے رہتے ہو۔ تم آزادانہ سفر کیا کرو۔ چنانچہ میں نے آپ کے کہنے کے مطابق سیر و سفر شروع کیا۔ خدا تعالےٰ نے آپ کی دعا سے مجھ کو عزت و اقبال بہت دیا ہے اور میرا سلسلہ مریدان بھی اپنے تمام معاصرین سے زیادہ ہے۔

Marfat.com

ایک آدمی کو پابند کرنا مسمات اللہ رکھی زوجہ اللہ دتہ لوہار ساکن بادرے کہتی ہے کہ میرا والد آپ کا مرید تھا۔ وہ گھر میں نہ ٹھہرتا۔ آزادانہ طور پر فضول چکر لگاتا پھرتا۔ میرے دادا نے آپ کی خدمت میں عرض کیا آپ نے تعویذ بنا دیا۔ اُس دن سے وہ آخری دم تک ایسا پابند ہو کر رہا کہ پھر کہیں گھر سے نکل کر نہیں گیا۔

بچوں کا محفوظ رہنا سلطان احمد موچی ساکن تلونڈی موسے خان بیان کرتا ہے کہ میرے شیر خوار بچے کھیلتے ہوئے کوٹھے سے نیچے گر پڑتے ہیں اور پختہ فرش پر پڑتے ہیں۔ لیکن آپ کی دعا سے ضرب اور چوٹ سے بالکل محفوظ رہتے ہیں۔ کئی مرتبہ ایسا ہوا ہے۔

اشعار خوانی آپ عموماً عاشقانہ اور فقیرانہ غزلیں پڑھا کرتے تھے۔

از انجملہ :-

سعدیؒ

اگر روزی بدانش برفزودے — زناداں تنگ تر روزی نبودے
بناداں آنچناں روزی رساند — کہ دانا اندراں حیراں بماند

ضامن

دکھا دے مجھ کو جمال اپنا میں جاں بلب ہوں یہ ٹال کیا ہے
یہ خاکساروں سے رنج کیسا یہ بیکسوں سے ملال کیا ہے
کمانِ ابرو ہے تیغ خونی قضا ہے قبضہ میں تیرے قاتل
تمہارے ابرو کے آگے مہر فلک پہ روشن ہلال کیا ہے
لگا ہے جنجال میری جاں کو میں پیچ کھاتا ہوں مثل سنبل
کہ قید کرنے کو مرغ دل کے تمہاری زلفوں کا جال کیا ہے

Marfat.com

تمہارے قدموں میں دم نکل جائے یہی تمنا ہے غمزدوں کی
جو بادشاہوں کا دھیان چاہے فقیر مسکیں مجال کیا ہے

تمہارے در سے تو اپنے ہم کو میں تیرا عاشق ہوں جان سے گذرا
نہ چھوڑ جاؤں گا تیرے در کو تمہارے دل میں خیال کیا ہے

تمہارا رخسار حق نما ہے یہ آئینہ ہے جمالِ حق کا
کہ جس نے دیکھا ہے تم کو صاحب خدا کا ملنا محال کیا ہے

یہ میٹھی باتیں ادا کی چتون رسیلی آنکھوں نے ہم کو مارا
جو تیغ بُراں سے ہم کو مارو تو آپ کا کچھ کمال کیا ہے

اسی تمنا میں عمر گذری کہ یار ہم سے تو آملے گا
نہ ہم نے جانا کہ وصل کیا ہے نہ ہم نے دیکھا وصال کیا ہے

تمہارے بسمل کا رقص دیکھا فلک پہ زہرہ کا حال بگڑا
تو ہاتھ مَل مَل کے بولے صوفی یہ وجد کیسا یہ حال کیا ہے

چلا مکاں سے نکل کے اپنے وہ لبکی رفتار نازنیں سے
ہے کس کی طاقت زباں پہ لائے یہ کیا کیا ہے مجال کیا ہے

یہ دل میں حسرت ہیں لے چلے ہم زباں پہ اپنی یہ ہے شکایت
کبھی نہ پوچھا کہ تیرا ضامن ہمارے فرقت میں حال کیا ہے

نعت شریف

موج میں جب آ گئے قطرہ سے دریا کر دیا
پڑ گئی جس پر نظر بندے سے مولا کر دیا

غوث و ابدال و قطب انساں کا رتبہ ایک ہے
مرتبہ اس خاک کے پتلے کا کیا کیا کر دیا

کوئی کہتا ہے خدا اور کوئی محبوب خدا
نور ہی جب ایک تھا پھر کیوں یہ جھگڑا کر دیا

آپ کا خود خیال تھا مجھ کو محمد ہی کہیں
میم کا اس واسطے خالق نے پردہ کر دیا

Marfat.com

کافی

کامل پیر مکمل کولوں مخفی رمز پچھاتی میں
صُمٌّ بُکمٌ عُمیٌ پڑھ کے ہویاں چُپ چوپاتی میں
چڑھ جہاز مجازی والے پڑھی پریم دی پاتی میں
درتن درتن دَراں دَراں تے ذات خدا پچھاتی میں
سنگ احد وے احمد لیا اکو صورت جاتی میں
رمز حقانی حق پچھاتی ذاتی ہو صفاتی میں
نحن اقرب رمز پچھاتی عقلوں گئی گواتی میں
کُن فیکون آوازہ سُنیا پائی تدوں حیاتی میں
قُل ھُواللہ صفت پیادی لم یلد کہلاتی میں
صورت یار جمال دسیوے جتُ دا پاواں جھاتی میں

رکن حکم ایمان دے جانے ناں جے کو سبھ عبادت ذبح بھی تُولے درست نہ ہو

دستخط مولوی حسن الدین حکیم ساکن مہرانہ سندھواں ضلع سیالکوٹ نے کتاب گلدستہ صوفیاں المعروف قصہ مرزا صاحباں۔ پنجابی میں نظم کیا۔ تو تصدیق کے واسطے آپ کے بھی پیش کیا۔ آپ نے اُس کے خاتمہ (صـ۱۰۲) پر اُس کی تصدیق کی۔ وہ عبارت بمعہ دستخط یہ ہے "یہ کتاب گلدستہ صوفیاں قصہ میاں مرزا صاحباں تصنیف میاں محمد حسن الدین حکیم ساکن مہرانہ کا پڑھا۔ توحید میں کامل پایا۔ ہر ایک صوفی سمجھ کر پڑھے فائدہ اٹھائے گا" بقلم خود صاحبزادہ بوٹا شاہ ولد صاحبزادہ صاحب عمر شاہ ساکن ساہن پال سجادہ نشین برگدی حضرت لوشوہ صاحب صوفی"

ملفوظ آپ کہا کرتے تھے۔ تین شخصوں کی اپنے گھر میں کوئی قدر نہیں ہوتی۔ اوّل پیر کی۔ دوم خوبصورت کی۔ سوم بندوق والے کی"

Marfat.com

بیویاں

آپ کی دو اہلیہ تھیں :-

۱- سیدہ جواہر بی بی بنت سید اقبال علی بن سید غلام محی الدین صاحب ساہن پالوی۔ اس کے بطن سے ایک بیٹا ہوا جو بڑا ہے۔ پھر اس کو طلاق دے دی۔

۲- مسمات امام بی بی المعروف برکت بی بی بنت چوہدری جان محمد چیمہ ساکن کوٹ نورا ضلع گوجرانوالہ۔ اس کے بطن سے تین بیٹے اور دو بیٹیاں ہوئیں۔

اولاد

آپ کے چار بیٹے ہوئے :-

۱- صاحبزادہ مولا بخش سلمہ اللہ۔ متولد ماہِ ذی الحجہ ۱۳۱۹ھ یہ صورت اور قد و قامت میں اپنے والد کے مشابہ ہے۔ جب اس کے والد نے اس کی والدہ سیدہ جواہر بی بی کو طلاق دی تو اِس کی عمر اُس وقت ڈیڑھ سال تھی۔ اس کو بھی ساتھ ہی لکھ دیا اور اپنی ملکیت و جائیداد سے بالکل بے دخل کر دیا اور اپنی تمام جائیداد کا وارث اپنے چھوٹے بیٹے فضل حسین کو بنایا۔ جب والد کا انتقال ہو گیا تو صاحبزادہ مولا بخش نے مقدمہ کر دیا۔ چنانچہ بعد ملاحظہ طلاق نامہ و نسب نامہ و شہادتِ نمبرداران عدالتِ منڈی بہاوالدین نے فیصلہ اس کے حق میں دیا اور آدھی زمین و جائیداد اس کے نام کر دی۔ اس کے بعد صاحبزادہ فضل حسین نے سیشن جج کی عدالت میں اپیل کر دی۔ وہاں سے ساری زمین و جائیداد اس کو مل گئی اور مقدمہ اس کے حق میں ہو گیا۔ اس کے بعد صاحبزادہ مولا بخش نے عدالتِ عالیہ ہائی کورٹ لاہور میں اپیل کر دی۔ اور ابھی سال تالیف کتاب ھذا ۱۳۷۶ھ میں مقدمہ شروع ہے۔ تا حال اپیل دائر ہے۔ فیصلہ نہیں ہوا۔ [۱۱]

۲- صاحبزادہ منظور حسین۔ متولد منگلوار کی رات ۱۳ جمادی الاخریٰ ۱۳۲۰ھ

---

[۱۱] ۱۳۸۰ھ میں عدالت ہائی کورٹ لاہور سے فیصلہ صاحبزادہ مولا بخش کے حق میں صادر ہو گیا ہے۔ اور اب اس کو والد صاحب کی ملکیت زمین اور جائیداد سے نصف حصہ مل گیا ہے۔ ۱۲- شرافت

Marfat.com

میٹرک تک تعلیم تھی۔ اس کا نکاح مسمات فضل بیگم دختر سید شیر علی بن سید سلطان علی صاحب ہاشمی رُن ملوی سے ہوا۔ اس کے بطن سے ایک بچی پیدا ہو کر مر گئی۔ خود اس کی وفات بعمر چھبیس سال ۱۲ ذیقعد ۱۳۴۶ھ کو ہوئی۔

۳۔ صاحبزادہ فضل حسین۔ سلمہ اللہ تعالےٰ۔ متولد ہفتہ چودھویں ربیع الاوّل ۱۳۲۳ھ ہوا۔ کے گھرانہ سے تعلیم پائی ہے۔ آجکل اپنے والد صاحب کا جانشین ہے۔ اس کی تین شادیاں ہوئیں:۔

پہلی شادی:۔ مسمات حسین بی بی بنت غلام قادر بن جان محمد جیمہ ساکن کوٹ نورا سے۔ یہ اس کے ماموں کی بیٹی تھی۔ اس سے کوئی اولاد نہ ہوئی۔

دوسری شادی مسمات اقبال بیگم بنت صوبے خان وڑائچ کنجاہی سے۔ اس کے بطن سے ایک لڑکی شہزادہ بیگم نام پیدا ہوئی جو خورد سال ہی مر گئی۔ اس بیوی کو طلاق دے دی۔

تیسری شادی مسمات ثریا بیگم بنت محمد صادق باجوہ ساکن رُن والہ چک نمبر ۱۴۵ ضلع لائل پور۔ اس کے بطن سے ایک لڑکا اور دو لڑکیاں پیدا ہوئیں۔ لڑکے کا نام غلام دستگیر ہے۔ اس وقت سکول میں پڑھتا ہے۔ مدعمرہ۔ لڑکیوں کے نام غلام فاطمہ اور حفیظہ خانم ہیں۔ ابھی دونوں خورد سال ہیں۔

۴۔ صاحبزادہ منظور حسن مرحوم۔ بچپن میں انتقال کر دیا۔

سید بوٹے شاہ صاحب ذکر ہذا کی دو بیٹیاں تھیں۔

۱۔ سیدہ منظور فاطمہ۔ یہ تارکہ مجردہ رہی۔

۲۔ سیدہ غلام فاطمہ۔ یہ بچپن میں فوت ہوئی۔

یارانِ طریقت

آپ کے خواص مریدین تھے۔

۱۔ صاحبزادہ فضل حسین۔ فرزند آنجناب ساہن پال شریف ضلع گجرات

۲۔ نور محمد بن فیض احمد تارڑ۔ ساہن پال شریف ضلع گجرات۔ ۳۔ مرزا بن سکھا تارڑ " "

۴۔ سائیں گھڑی منگ " " ۵۔ سائیں رحمت موچی۔ کوٹ کیکے شاہ "

Marfat.com

۶۔ سائیں خوشی محمد گگو المعروف اللہ لوک فقیر	مانگٹ	ضلع گجرات
۷۔ حسین چٹھہ۔	منجر چٹھہ	" گوجرانوالہ
۸۔ چوہدری جلال الدین سب انسپکٹر پولیس	چک دادن	" "
۹۔ سائیں وحدت علی فقیر	چک سان	" "
۱۰۔ سلطان احمد موچی المعروف صوبیدار۔	تلونڈی موسے خان	" "
۱۱۔ چوہدری محمد حسین نمبردار قوم طور واداں	وایا نوالی	" شیخوپورہ
۱۲۔ لال خان بن مولا داد تارڑ	"	" "
۱۳۔ چوہدری پیر محمد نمبردار قوم چیمہ	عادل گڑھ	" "

تاریخ وفات سید بوٹے شاہ کی وفات بعمر ستتر (۷۷) سال بروز پنجشنبہ۔ وقت ظہر۔ اکیسویں شعبان ۱۳۶۹ھ میں ہوئی۔ دوسرے روز جمعہ کے دن تابوت میں ڈال کر گورستانِ نوشاہیہ میں دفن ہوئے۔

مادہ تاریخ "زیب مسیخت"

سیّد ولی محمد چک جانی والہؒ

آپ سید ابراہیم بن سیّد نورالدین برخورداری چک جانی والہ کے اکلوتے بیٹے تھے۔ آپ کی بیعت اپنے نانا سیّد سلطان علی بن سیّد گوہر شاہ ہاشمی رَن ملوی سے تھی۔

آپ کی والدہ کا نام سیّدہ فضل بیگم بنت سیّد سلطان علی ہاشمی رَن ملوی تھا۔

اولاد آپ کا نکاح اپنے ماموں کی بیٹی سیّدہ وزیر بیگم بنت سیّد شیر علی بن سیّد سلطان علی ہاشمی رَن ملوی سے ہوا۔ اس کے بطن سے ایک بیٹا صاحبزادہ محمد عالم نام پیدا ہوا۔

تاریخ وفات سیّد ولی محمد کی وفات بعمر نوجوانی اپنے والد صاحب کی زندگی میں ۱۳۳۹ھ میں ہوئی۔ گورستان نوشاہیہ میں دفن ہوئے۔

مادہ تاریخ "فضیلت پائیہ"

Marfat.com

صاحبزادہ نذر محمد شیخ علی پوری

فرزند دوم سیّد غلام محمد بن سید نظام الدین شیخ علی پوری ۔ والدہ کا نام سیّدہ رابعہ بی بی بنت سید آلہدین بن سید امام بخش ساہن پالوی ۔

تاریخ ولادت اس کی پیدائش اپنے والد کی وفات سے سات ماہ بعد شعبان ۱۳۳۷ھ میں ہوئی ۔ تاریخی نام ذاکر علی شاہ ۔

تاریخ وفات صاحبزادہ نذر محمد کی وفات بعمر چالیس روز ۔ ماہِ شوال ۱۳۳۷ھ میں ہوئی ۔

مادہ تاریخ " فروغ آمود "

صاحبزادہ فضل حسین شیخ علی پوری

فرزند اکبر سیّد حسن محمد بن سیّد نظام الدین برخوردار شیخ علی پوری ۔ والدہ کا نام سیّدہ عائشہ بی بی بنت سیّد آلہدین بن سیّد امام بخش برخوردار ساہن پالوی تھا ۔

اہلیہ کا نام اس کا نکاح اپنے عم بزرگ کی بیٹی سیدہ حسین بی بی بنت سیّد غلام محمد شیخ علی پوری سے ہوا لیکن کوئی اولاد نہیں ہوئی ۔

تاریخ وفات صاحبزادہ فضل حسین کی وفات بروز بدھوار ۔ ستائیسویں ذیقعد ۱۳۵۵ھ میں ہوئی ۔ قبر شیخ علی پور (پسنجلی) ضلع گجرات میں اپنے آباواجداد کے پاس ہے ۔ مصرعہ تاریخ " الٰہی بخش دے اپنے کرم سے "

صاحبزادہ سید احمد شیخ علی پوری

فرزند سوم سیّد حسن محمد بن سیّد نظام الدین شیخ علی پوری ۔ والدہ کا نام سیّدہ عائشہ بی بی بنت سیّد آلہدین بن سیّد امام بخش ساہن پالوی تھا ۔ بچپن میں فوت ہو گیا ۔ وفات ۱۳۳۳ھ ۔

Marfat.com

صاحبزادہ فیض احمد شیخ علی پوری

فرزند چہارم سیّد حسن محمد بن سیّد نظام الدین شیخ علی پوری۔ والدہ کا نام سیّدہ عائشہ بی بی بنت سیّد آلہدین بن سیّد امام بخش ساہن پالوی تھا۔ صغرسنی میں انتقال کیا۔

وفات سنہ ۱۳۳۵ھ

سیّد علی احمد بڑجن والہ

آپ سیّد علم الدین بن سیّد شاہ نواز برخورداریؒ ساکن بڑجن کے بڑے بیٹے تھے۔ والدہ کا نام سیّدہ مہتاب بی بی بنت سید قطب الدین بن سیّد فتح الدین ساہن پالوی تھا۔

اولاد آپ کا نکاح سیّدہ محمد بی بی بنت سیّد شاہ رانا برخورداریؒ ساکن میروہ علاقہ لالہ موسے سے تھا۔ اولاد نرینہ کوئی نہیں ہوئی۔ صرف ایک بیٹی تولد ہوئی جس کا نام سیّدہ رسول بی بی تھا۔ جو سیّد گیلانی بخش بن سید علی احمد بن سیّد بوٹے شاہ برخورداریؒ ساکن چک نمبر ۴ بلندیوالہ متصل بھلوال شریف ضلع سرگودھا کی منکوحہ تھی۔

مدفن سیّد علی احمد کی قبر موضع دھنویہ خورد۔ علاقہ حافظ آباد ضلع گوجرانوالہ میں ہے۔ وفات سنہ ۱۳۳۹ھ

پیر سیّد احمد بڑجن والہ

آپ سیّد علم الدین بن سید شاہ نواز بڑجن والہ کے چھوٹے بیٹے اور مرید وخلیفہ تھے۔ آپکی والدہ کا نام سیدہ مہتاب بی بی بنت سید قطب الدین بن سید فتح الدین برخورداری ساہن پالویؒ تھا

کرامات

باپ بیٹے کا مقابلہ آپ جب نوجوان تھے۔ ایک دن والد بزرگوار نے فرمایا "بل چلاؤ"۔ آپ نے کہا "جن بیلوں کو میں نے جگرانا ہے وہ مرجائیں گے"۔ چنانچہ اُسی روز ایک بیل پہاڑ کی ڈنڈی سے گر کر مرگیا اور دوسرے کو

Marfat.com

سانپ نے کاٹا وہ بھی مرگیا۔ چنانچہ جب والد صاحب نے آپ کی بد دعا کا یہ اثر دیکھا تو وہ ناراض ہوئے اور فرمایا: تُو نے کام سے جی چرایا ہے۔ تو یہاں سے نکل جائے گا۔ اور کبھی واپس نہ آئے گا۔ آپ نے بھی جوش سے کہا کہ ابّا جان! آپ کی قبر بھی یہاں باپ دادا کی خانقاہ میں نہ بنے گی۔ چنانچہ واقعی ایسا ہی ہوا کہ وہ بڑھن سے موضع ڈنہ کتھیالہ میں مریدوں کے ہاں گئے ہوئے تھے کہ وہاں ہی انتقال ہو گیا اور وہیں آپ کی قبر ہوئی۔

گرم دیگ میں ہاتھ ڈالنا

ایک مرتبہ آپ موضع پٹی بناہ میں گئے۔ وہاں کسی کی شادی تھی۔ دیگوں میں گوشت پک رہا تھا۔ آپ نے روٹی مانگی۔ چار شخصوں نے آپ کو پکڑ لیا اور مجبور کیا کہ اگر آپ فقیر ہیں تو اِس دیگ میں ہاتھ ڈالیں۔ آپ نے پکتی دیگ میں ہاتھ ڈال کر گوشت نکالا اور کچھ تکلیف نہ ہوئی۔ یہ کرامت دیکھ کر بہت سارے لوگ آپ کے مطیع ہو گئے۔

جن چار شخصوں نے آپ کو مجبور کیا تھا ایک کو ہیضہ ہوا وہ مرگیا، دوسرے کو سانپ نے ڈسا وہ بھی مرگیا، تیسرا بعارضہ بخار دو ماہ بیمار رہ کر مرگیا اور چوتھے نے معافی مانگی اور وہ خدا کے فضل سے بچ رہا۔

تکلیف دینے والے کو سزا

آپ کا جسم فربہ تھا۔ ایک شخص نے ہنسی مخول کے طور پر آپ کے جسم کو خوب دبایا۔ آپ کو تکلیف ہوئی۔ آپ نے کہا تو نے مجھے دُکھ دیا ہے۔ خدا تجھے درد کرے گا۔ چنانچہ اس کے جسم میں دردیں شروع ہو گئیں۔

زبان کا فرمودہ پورا ہونا

آپ جو کچھ منہ سے نکالتے پورا ہو جاتا۔ ایک دن ایک عورت دودھ رِڑک رہی تھی۔ آپ نے مکھن مانگا۔

اُس عورت نے مکھن دینے سے انکار کیا تو آپ نے کہا تو رِڑکتی ہی رہے گی۔ مکھن کہاں سے لے گی۔ چنانچہ سارا دن مکھن نہ آیا۔

Marfat.com

بیویاں آپ کی دو اہلیہ تھیں :-
۱۔ مسمات سخی بیگم قوم مغل ساکن پٹی بناہ۔
۲۔ سیدہ مریم بی بی بنت سید شمس الدین برخورداری ساکن بڑجن۔
دونوں کے بطن سے کوئی اولاد نہیں ہوئی۔

تاریخ وفات پیر سید احمد کی وفات ۱۳۴۰ھ میں ہوئی۔ قبر موضع پٹی بناہ تحصیل کوٹلی۔ ضلع میرپور۔ ریاست جموں میں ہے۔
مادہ تاریخ "خلیل سیرت"

سیّد نور عالم بڑجن والہؒ

آپ سید شمس الدین بن سید شاہ نواز ساکن بڑجن کے فرزند اکبر اور مرید و خلیفہ تھے۔ آپ کی والدہ کا نام سیدہ فتح قلیہ المعروف فتح بی بی قوم قریشی بشندوری۔ ساکن گرہون۔ ضلع میرپور تھا۔

تاریخ ولادت آپ کی پیدائش ۱۲۹۱ھ میں ہوئی۔
مادہ تاریخ "جہانگیر بخت"

بیویاں آپ کی دو اہلیہ تھیں :-
۱۔ سیدہ عائشہ بی بی بنت سید اللہ جوایا ہاشمی ساکن ٹھیکریاں۔ علاقہ راجوری۔ اس کے بطن سے کوئی اولاد نہیں ہوئی۔
۲۔ سیدہ سجادہ بیگم بنت سید نظام الدین برخورداری بڑجن والہ۔ اس کے بطن سے اولاد ہوئی۔

اولاد آپ کے تین بیٹے ہیں۔ تینوں اس وقت ۱۳۷۶ھ میں زندہ موجود ہیں۔
۱۔ صاحبزادہ محمد حسین سلمہ اللہ۔ اس کی شادی سیدہ زینب بی بی بنت سید محمد عالم بن سید نظام الدین بڑجنوی سے ہے۔
۲۔ صاحبزادہ محمد شفیع سلمہ اللہ۔ اس کی شادی رضیہ بیگم بنت سید نواب الدین بن

Marfat.com

سید غوث محمد ہاشمی راجوری والہ سے ہے۔

۳۔ صاحبزادہ محمد عظیم رحمہ اللہ۔ اس کی شادی سیدہ وزیر بیگم بنت سید محبوب عالم بن سید نظام الدین برخورداری بڑجنوی سے ہے۔

آپ کی تین بیٹیاں ہوئیں :۔

۱۔ سیدہ سید بیگم۔ منکوحہ صاحبزادہ فرمائش دین بن سید عماد الدین برخورداری ساہن پالوی۔

۲۔ سیدہ گلزار بیگم۔ منکوحہ سید نواب الدین بن سید غوث محمد ہاشمی راجوری والہ۔

۳۔ سیدہ صفیہ بیگم۔ منکوحہ صاحبزادہ عبدالغنی بن سید محبوب عالم برخورداری ساکن بڑجن۔

تاریخ وفات سید نور عالم کی وفات ۱۲۶۸ھ میں ہوئی۔ قبر بڑجن ضلع میرپور میں ہے۔

مادہ تاریخ "سرور بخش"

سید شیر عالم بڑجن والہ رح

آپ سید شمس الدین بن سید شاہ نواز برخورداری ساکن بڑجن کے دوسرے بیٹے تھے۔ ارادت و بیعت سید اللہ دتہ بن سید قطب الدین ساہن پالوی سے تھی۔

آپ کی والدہ کا نام سیدہ فتح قلیہ المعروف فتح بی بی قوم قریشی بشندوری ساکن گرہون ضلع میرپور تھا۔

کاروبار آپ عموماً ساہن پال شریف میں رہتے۔ اور زراعت کا کام کیا کرتے۔ برادری کے ساتھ آپ کے اچھے تعلقات تھے۔ صلح منش، سادہ طبیعت تھے۔

اولاد آپ کا نکاح سیدہ عمر بی بی بنت سید پیر اللہ دتہ بن سید قطب الدین برخورداری ساہن پالوی رح سے ہوا۔ اس کے بطن سے صرف ایک بیٹی ہوئی۔

بیٹی کا نام سیدہ سردار بیگم تھا جو سید نیک عالم بن سید نظام الدین بڑجن والہ کے نکاح میں تھی۔

Marfat.com

تاریخ وفات سید شیر عالم کی وفات بروز پنجشنبہ چوتھی رمضان ۱۳۲۰ھ میں ہوئی۔ دوسرے دن جمعہ کے روز دفن ہوئے۔ قبر گورستان نوشاہیہ میں ہے۔ مادہ تاریخ "خورشید صبح وصال"

صاحبزادہ آلہدین بڑجن والہ

فرزند چہارم سید شمس الدین بن سید شاہ نواز۔ ساکن بڑجن ۔ والدہ کا نام سیدہ فتح قلیہ المعروف فتح بی بی قوم قریشی بشندوری۔ ساکن گرہون ضلع میرپور تھا۔ یہ طفولیت میں انتقال کر گیا۔

وفات ۱۳۰۵ھ۔

سید محمد عالم بڑجن والہ

آپ سید نظام الدین بن سید شاہ نواز برخورداری ساکن بڑجن کے فرزند اکبر تھے۔ خرقہ خلافت و اجازت اپنے ماموں سید گلاب دین بن سید اللہ جوایا ہاشمی ساکن علاقہ راجوری سے پایا۔ آپ کی والدہ کا نام سیدہ حیات بیگم بنت سید اللہ جوایا ہاشمی راجوری تھا۔

تاریخ ولادت آپ کی ولادت ۱۳۰۶ھ میں ہوئی۔
تاریخی نام "فیض علی شاہ" تھا۔

اخلاق وعادات آپ تعلیم یافتہ، صاحب عزت و اقبال تھے۔ علاقہ پہاڑ ضلع میرپور میں آپ کا فیض عام تھا۔ جدھر جاتے لوگ اطاعت کرتے۔ اپنے بزرگوں کے شیدا اور دلدادہ تھے۔ فقیر سید شرافت عفا اللہ عنہ کو اپنے آباو اجداد کے حالات قلمبند کر کے دیئے اور آپ کی تحریر کے مشابہ میں نے کتاب ہذا میں درج کئے۔ افسوس کہ آپ کتاب کی تکمیل سے پہلے ہی انتقال کر گئے۔ آپ کی زبان میں تاثیر تھی۔ آپ کی دعا سے اکثر حاجت مندوں کی حاجتیں خدا تعالےٰ کے فضل سے پوری ہوتیں۔

کرامت

ایک گستاخ کو سزا ایک مرتبہ آپ چکوٹ ضلع میرپور میں گئے۔ ایک لڑکی نے سلام کیا۔ آپ نے اس کے سر پہ ہاتھ پھیرا۔ اس کے شوہر نے اندھا گستاخی

Marfat.com

کہا کہ غیر محرم کا ہاتھ لگنے سے نکاح ٹوٹ جاتا ہے اور اپنی عورت کو مارا۔ آپ نے جوش میں آکر فرمایا: تو نے ہمارے ہاتھ پھیرنے سے غیرت کھائی ہے۔ تیرا نکاح جناب الٰہی سے ٹوٹ چکا ہے۔ چنانچہ اس سے چوتھے روز بعد وہ لڑکی مرگئی۔ اور تین ماہ کے بعد وہ خود بھی مرگیا۔

بیویاں آپ کی دو بیبیاں تھیں:۔

۱۔ سیدہ مریم بی بی بنت سید شمس الدین بن سید شاہ نواز برخورداری برلبجن والہ۔ اس کے بطن سے کوئی اولاد نہیں ہوئی۔ اس کو طلاق دے دی۔

۲۔ سیدہ رحیم بی بی بنت سید پیر اندتہ بن سید قطب الدین برخورداری ساہن پالوی۔ اس کے بطن سے اولاد ہوئی۔

اولاد آپ کے چار بیٹے ہوئے:۔

۱۔ صاحبزادہ طالب حسین سلمہ اللہ۔ متولد جمعہ ۶ صفر ۱۳۳۸ھ۔ یہ تعلیم یافتہ، خوش اخلاق ہے۔ اس کی دو شادیاں ہوئیں:۔

پہلی شادی سیدہ زینب بی بی بنت سید روشن دین ساہن پالوی سے۔ اس کے بطن سے ایک بیٹا اور دو لڑکیاں ہوئیں جو بچپن میں فوت ہوگئیں۔ ان میں سے ایک کا نام صفیہ بیگم تھا۔

دوسری شادی سیدہ عزیز بیگم بنت سید فیض الحسن بن سید فضل احمد ہاشمی ساکن بلوارا سے۔ اس کے بطن سے دو لڑکے مختار احمد اور امتیاز احمد اور ایک لڑکی رفاقت بی بی موجود ہیں۔

۲۔ صاحبزادہ منظور حسین مرحوم۔ متولد سوموار۔ ۲ ذیقعد ۱۳۴۱ھ۔ اس کی شادی سیدہ فاطمہ بی بی بنت سید روشن دین ساہن پالوی سے ہوئی۔

۳۔ صاحبزادہ محمد اشرف سلمہ اللہ۔ اس کی شادی اپنے بھائی منظور حسین کی وفات کے بعد اس کی بیوی سیدہ فاطمہ بی بی بنت سید روشن دین برخورداری ساہن پالوی سے ہوئی

۴۔ صاحبزادہ محمد اسلم سلمہ اللہ۔ اس کی شادی سیدہ کنیز بیگم بنت سید فیض الحسن ہاشمی

Marfat.com

ساکن بلورا سے ہے ۔ اس کے تین بیٹے رخسار احمد ، افتخار احمد اور الیاس احمد ہیں۔
سیّد محمد عالم صاحب ذکر ہذا کی تین بیٹیاں ہوئیں ۔

۱۔ سیّدہ حاکم بی بی ۔ منکوحہ سیّد سلطان عالم بن سیّد شمس الدین بڑجن والہ۔
۲۔ سیّدہ زینب بی بی ۔ منکوحہ صاحبزادہ محمد حسین بن سیّد نور عالم بڑجن والہ۔
۳۔ سیّدہ فاطمہ بی بی ۔ منکوحہ صاحبزادہ فرمائش دین بن سیّد عمر الدین ساہن پالوی۔

یارانِ طریقت

آپ کے خواص احباب یہ تھے :۔
۱۔ سیّد سلطان عالم بن سیّد شمس الدین بڑجن والہ ۔
۲۔ صاحبزادہ فرمائش دین بن سیّد عمر الدین برخورداری ساہن پالوی ۔

تاریخ وفات

سیّد محمد عالم کی وفات بعمر باسٹھ سال ۱۳۶۵ھ میں ہوئی قبر بڑجن ضلع میرپور میں ہے ۔
مادہ تاریخ " صاحب کاشانہ فیض "

صاحبزادہ محمد الدینؒ

خلف یگانہ سیّد بڈھے شاہ بن سیّد پیراندتہ برخورداری ساہن پالویؒ۔ والدہ کا نام سیّدہ راج بیگم بنت سیّد شمس الدین بن سیّد شاہ نواز برخورداری ساکن بڑجن تھا۔

تاریخ ولادت

اس کی پیدائش ۱۳۳۴ھ میں ہوئی ۔
تاریخی نام " غلام ربانی "

عادات واطوار

نیک اطوار تھا۔ پیشہ زراعت کرتا۔ ابھی بچہ ہی تھا کہ والد صاحب کا انتقال ہو گیا۔ پھر اس کے چچا سیّد عمر الدین بن سیّد پیراندتہ نے پرورش کی ۔

بیویاں

اس کی دو بیویاں تھیں :۔
۱۔ سیّدہ حاکم بی بی بنت سیّد امام الدین بن سیّد پیراں دتہ برخورداری ساہن پالوی ۔

Marfat.com

۲۔ سیدہ برکت بی بی بنت سید روشن دین بن سید پیر اندتہ۔
دونوں بیویوں سے کوئی اولاد نہیں ہوئی۔

تاریخ وفات صاحبزادہ محمد الدین کی وفات بعمر چوبیس سال۔ سوموار کی رات انتیسویں شوال ۱۳۵۸ھ میں ہوئی۔ قبر گورستان نوشاہیہ میں ہے۔

مادہ تاریخ "انتخاب شد"

سیّد محمّد اشرف ڈھلوالہؒ

آپ سیّد محمد عالم بن سیّد پیر محمد مجذوب برخورداری ڈھلوالہؒ کے فرزند اکبر تھے۔ آپ کی والدہ کا نام سیّدہ زینب بی بی بنت سیّد غلام علی بن سیّد قدم الدین برخورداری ساہن پالوی تھا۔

آپ مؤلف کتاب ہذا کے حقیقی خالہ زاد بھائی تھے۔ تاریخی نام "ظفر الحق"

تاریخ ولادت آپ کی پیدائش ۱۳۱۹ھ میں ہوئی۔

قطعہ تاریخ

از مولانا مولوی محمد سلام اللہ شائق حنفی ساکن چک عمر
منقول از سراج الاخبار جہلم مطبوعہ مورخہ ۲۵ نومبر ۱۹۰۱ء

چہ باشم من زبانم راچہ یارا — کہ گویم بہر حق حمد و ثنا را
مساکین و یتامےٰ را مربی — بہ تنگی دستگیرے بے نوا را
بخوانِ جودِ او امیدوارے — مسلمان و یہودی و نصارا
گوزن و گرگ و روبہ شیر و آہو — وحوش و مور و مرغ و اژدہا را
فرستادہ بعالم شمسِ تاباں — حبیب خویش شاہِ دوسرا را
گرامی گوہرے از سلکِ آدم — شفیع المذنبین یوم الجزا را
ہمیشہ رحمتِ حق باد نازل — کہ شد مسند نشیں اُمّ القرا را

Marfat.com

چہ باشد گر بمحشر امتی گو — بیارد سوئے شائق گاہ پارا
وزیں پس شکر رب العالمین ست — کہ نورِ اوست ہر جا آشکارا
ز لطفِ خود دریں فرخندہ ایام — سرافرازی و بہجت داد مارا
ز فیضِ سرمدی بر تشنہ کاماں — بہ بخشیدہ زلالِ خوش گوارا
بفرقِ ما ز ابرِ رحمتِ خویش — نمودہ بارشِ جود و سخا را
دلِ پژمردہ ام بشگفت چوں گل — شنیدم چوں ز قاصد ایں ندارا
بمشکوئے محمد پیرِ عالم — کہ بخشد سیم و زر نامِ خدارا
رفیقے دلبرے شیریں زبانے — پسندیدہ خصائل محفل آرا
رخش رخشاں ترا ز بدرِ منیر ست — کلامش جاں فزائے ہر فدارا
جوانِ سرو قامت شہد گفتار — سہی سرو آمدہ باغِ دلا را
بگلزارِ محبت باغبانے — کہ آمد گلبنِ باغِ وفا را
بمسکیناں دہد ہر دم صلائے — بمہماناں دہد حلوا پلا را
بافضالِ کمالِ لایزالش — تولد گشت فرزندِ دلا را
نہ فرزندے کہ تاباں آفتابے — نہ سروِ ہست بستانِ وفا را
بجملہ خاندانِ شاہِ نوشہ — کہ بودہ پیشوائے اتقیا را
سرودِ فرحتِ صوتِ مبارک — پدید آمد چہ گویم ماجرا را
سعادت مند برخوردار باشد — ز اربابِ فضائل باد یارا
دلِ یارانِ او چوں گل شگفتہ — دلِ بدخواہِ او چوں سنگِ خارا
نگاہ بادا بعالم از مصائب — ز جان و دل بگویم ایں دعا را
بگفتم سال تولیدے سعیدے — کہ آمد غنچۂ بادِ صفا را
برائے آنکہ در شادی واندوہ — موالات و مواخات ست مارا
اگرچہ نیستم شاعر و لیکن — ز شوقِ یار گفتم بیتہا را
اگر سالِ ولادت را بپرسی — بگویم من جنیبا غمگسارا

Marfat.com

بگو۔ واہ واہ گل دولت شگفتہ ۱۳۱۹ھ — بسالِ زادنِ او یار غارا
گلِ فرخندہ طالع باد یارب — بگویم من بسال او دوبارا
الٰہی کن بحقِ شاہِ لولاک ۱۳۱۹ھ — سرا عدائے شائق پارہ پارا
بنامِ چار یار و پنج تن پاک — بہ تنگی و مصیبت ساز چارا

تعلیم آپ نے میٹرک تک تعلیم پائی۔ صاحبِ فہم و فراست، زیرک و ذہین تھے۔ خوبصورت، حسین و جمیل تھے۔ بعالم شباب کنوارے ہی فوت ہوگئے۔

تاریخ وفات سید محمد اشرف کی وفات بعمر بیس سال بعارضہ سِل شب آخری جمعہ رمضان ۱۳۳۹ھ میں ہوئی۔ قبر موضع ڈھل شریف ضلع گجرات میں ہے۔

قطعہ تاریخ

از مولوی محمد سلام اللہ شائق ساکن چک عمر

از دل و جاں عزیز اشرفِ من — کرد خالی مکان و گشت رواں
آہ خالی مکانِ اشرف ہست — سالِ مرگِ عزیز از دل و جاں
۱۳۳۹ھ
مادہ تاریخ "خدا کی قدرت"

صاحبزادہ محمد اسلم قمر ڈھلوالہؒ

خلفِ اصغر سید محمد عالم بن سید پیر محمد مجذوب ڈھلوالہؒ۔ والدہ کا نام سیدہ زینب بی بی بنت سید غلام علی بن سید قدم الدین برخورداری ساہن پالوی تھا۔
یہ بھی مؤلف کتاب ہذا کا حقیقی خالہ زاد بھائی تھا۔

تاریخ ولادت اس کی پیدائش ۱۳۳۵ھ میں ہوئی۔
تاریخی نام "افتخار احمد"

تعلیم و اخلاق میٹرک تک تعلیم پائی۔ صورت و سیرت میں دوسرے بھائیوں سے فائق تھا۔ طبیعت نیک تھی نمازِ پنجگانہ اور اعمالِ صالحہ

Marfat.com

پر راغب تھا۔

شعر گوئی شعر کرنے کا شوق رکھتا تھا۔ تخلص قمر تھا۔ شعر میں فقیر سید شرافت عفا اللہ عنہ سے اصلاح لیا کرتا تھا۔ چنانچہ یہ غزل اس کی یادگار ہے۔

غزل

مہتاب سے بھی خوب ہے دلدار کی صورت
رکھتی ہے بڑا حُسن میرے یار کی صورت

مٹی کو ملائک نے نہیں ہاتھ لگایا
جس وقت بنائی ہے میرے یار کی صورت

ہے کانپتا سورج بھی جو چڑھتا ہے سویرے
جب سامنے دیکھے ہے میرے یار کی صورت

ہیں شرم کی ماری وہ پسِ پردہ جہاں سے
پریوں نے جو دیکھی ہے میرے یار کی صورت

ہرگز نہیں بھاتا ہے مجھے جلوۂ مہتاب
آئی ہے نظر جب سے مجھے یار کی صورت

مانگیں گے سبھی حشر کو جنت کے نعیمات
مطلوب ہے واں بھی مجھے اس یار کی صورت

یوسف کو فدا کرتی زلیخا بھی کئی بار
گر دیکھتی اک بار میرے یار کی صورت

آئینہ بھی ہے رشک سے اب سرنگریباں
اِس قدر مصفا ہے میرے یار کی صورت

جب محفل خوباں میں وہ ہوتا ہے دلارام
آتا ہے نظر سب کو وہ سردار کی صورت

رہتا ہے قمر فرقتِ دلدار میں مضطر
اور نقش ہے دل پر میرے اُس یار کی صورت

شادی اِس کا نکاح سیدہ فاطمہ بی بی بنت سید خوشی محمد بن سید محمد علی ہاشمی رَن علویؒ سے ہوا۔ لیکن کوئی اولاد نہیں ہوئی۔

تاریخ وفات صاحبزادہ محمد اسلم کی وفات بعمر بائیس سال ۱۲ جمادی الاخرہ ۱۳۵۷ھ میں ہوئی۔ قبر ڈھل شریف ضلع گجرات میں ہے۔ مادہ تاریخ "باغ دلکش"

صاحبزادہ محمد اکرم ڈھلوالہؒ

فرزند اکبر سید فضل حسین بن سید غلام حسن بن سید قطب الدین ڈھلوالہ۔ والدہ

Marfat.com

کا نام سیدہ شاہ بیگم بنت سیّد محمد علی بن سیّد فضل الدین ہاشمی رُن ملوی۔
اس کی پیدائش پر سیّد غلام احمد بن سیّد فاضل شاہ برخورداری ساہن پالوی نے
ایک پنجابی نظم بطورِ مبارکباد لکھی تھی۔
یہ شیر خوارگی میں ہی فوت ہو گیا۔ وفات ۱۳۳۷ھ

صاحبزادہ ریاض حسین ڈھلوالہؒ

فرزند سوّم سیّد فضل حسین بن سیّد غلام حسن برخورداری ڈھلوالہ۔ والدہ کا نام سیدہ
شاہ بیگم بنت سیّد محمد علی ہاشمی رُن ملوی۔
بچپن میں رحلت گزیں ہوا۔ وفات ۱۳۴۰ھ

صاحبزادہ تصدق حسین ڈھلوالہؒ

فرزند چہارم سیّد فضل حسین بن سیّد غلام حسن ڈھلوالہ۔ ساکن ساہن پال شریف۔
والدہ کا نام سیدہ شاہ بیگم بنت سیّد محمد علی ہاشمی رُن ملوی۔
اس کی ولادت ۱۳۴۲ھ میں ہوئی۔ بچپن میں ہی فوت ہو گیا۔
مادہ تاریخ "ناصر بخت"

صاحبزادہ ارشاد حسین ڈھلوالہؒ

فرزند پنجم سیّد فضل حسین بن سیّد غلام حسن بن سیّد قطب الدین ڈھلوالہؒ۔ والدہ کا نام
سیدہ شاہ بیگم بنت سید محمد علی ہاشمی رُن ملوی۔
یہ طفولیت میں ہی انتقال کر گیا۔ وفات ۱۳۴۱ھ

سیّد کرم الٰہی

آپ سیّد فاضل شاہ بن سیّد محمد امین مختار برخورداری ساہن پالویؒ کے فرزند اکبر

Marfat.com

اور مرید و خلیفہ تھے۔ آپ کی والدہ کا نام سیدہ حیات بیگم بنت سید غلام نبی بن نور احمد برخورداری ساکن دھیر کے خورد تھا۔

تاریخ ولادت آپ کی ولادت ماہِ بیساکھ سمت ۱۹۳۶ ب مطابق جمادی الاولیٰ ۱۲۹۶ھ میں ہوئی۔ آپ کے عم عالی قدر حضرت سید محمد شاہ نیک اخترؒ نے آپ کا تاریخی نام رکھا "حافظ کرم الٰہی"۔

تعلیم آپ نے قرآن مجید میاں غلام حسین امام مسجد ساہن پال شریف سے پڑھا۔ پھر سید بہادر شاہ ساکن کوٹ نکّا سے بھی چندے تعلیم پائی۔ اس کے بعد مولوی حسن محمد کے پاس پنڈی دھوتھڑاں میں چند عرصہ پڑھتے رہے۔ بعد ازاں اپنے چچا حضرت سید حافظ محمد شاہ نیک اخترؒ سے پند نامہ کریما۔ پند نامہ شیخ عطار۔ نام حق۔ گلستاں وغیرہ پڑھیں۔

چلہ نشینی آپ کو والد بزرگوار نے اپنی بیعت سے نوازا۔ اور درگاہِ عالیہ حضرت نوشہ صاحبؒ پر چلہ بٹھایا۔ آپ نے اکیس روز تک وہاں ریاضت و مجاہدہ کیا۔ حضرت نوشاہِ عالیجاہؒ کی زیارت فیض بشارت ہوئی۔ انہوں نے فرمایا: "یہ لڑکا اچھا ہو گا"

زیارت نبویؐ ایک دفعہ آپ کو حضرت رسولِ اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوئی۔ دیکھا کہ گھوڑے پر سوار ہوا پر جا رہے ہیں۔ صحابہ کرام بھی ہمراہ ہیں۔

معمولات

آپ نامِ خدا کا ہر دم وِرد کرتے۔ سوئے ہوتے تو کروٹیں بدلتے ہوئے اسم اللہ کا ذکر کرتے ہوئے مسموع ہوتے۔ وظائفِ نوشاہیہ پر مواظبت رکھتے۔ نماز پنجگانہ پابندی سے پڑھتے۔ حمائل شریف مترجم بترجمہ شاہ رفیع الدین محدث دہلویؒ پر تلاوت کیا کرتے اور اس کے حاشیہ پر فوائد تفسیر موضح القرآن کا مطالعہ کیا کرتے۔ مشرب آپ

Marfat.com

کا سُنّی، حنفی، قادری، نوشاہی تھا۔ اپنے عم بزرگ حضرت سید حافظ روح اللہ برخورداریؒ کا ہر سال بائیسویں پھگن کو عُرس کیا کرتے۔

اوراد و وظائف آپ روزانہ نوافل تہجد، نماز پنجگانہ اور تلاوت قرآن مجید ایک سیپارہ کرتے۔ اوراد و اذکار آپ کے یہ تھے:۔

۱۔ درود شریف ہزارہ بمعہ اسم اعظم غوثیہ ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ۔

۲۔ کلمہ طیبہ کا ذکر تین ہزار (۳۰۰۰) مرتبہ۔

۳۔ لا الٰہ اِلّا اللہ محمّد رسولُ اللہ ایک سو (۱۰۰) مرتبہ۔

۴۔ لا الٰہ اِلّا اللہ دو سو (۲۰۰) مرتبہ۔

۵۔ اِلّا اللہ چار سو (۴۰۰) مرتبہ۔

۶۔ اللہ آٹھ سو (۸۰۰) مرتبہ۔

۷۔ ھُوْ ھُوْ سولہ سو (۱۶۰۰) مرتبہ۔

۸۔ نمازِ فجر کے بعد نادِ علی ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ۔ وہ یہ ہے:۔ نادِ علیاً مظہر العجائب تجدہٗ عوناً لک فی النوائب کل ھمّ وغمّ سینجلی بعظمتک یا اللہ یا اللہ یا اللہ وبنبوتک یا محمّد یا محمّد یا محمّد وبولایتک یا علی یا علی یا علی۔

۹۔ نمازِ عصر کے بعد استغفار ایک سو گیارہ (۱۱۱) مرتبہ۔

۱۰۔ نماز شام کے بعد یا حیّ یا قیّوم بحق لا الٰہ الّا انت سبحانک انی کنت من الظّٰلمین ایک سو گیارہ (۱۱۱) مرتبہ۔

۱۱۔ نماز فجر اور نمازِ شام کے بعد ایک مرتبہ سیّد الاستغفار پڑھتے۔ وہ یہ ہے:۔ اللّٰھمّ انت ربی لا الٰہ الّا انت خلقتنی وَ انا عبدک وانا علٰی عھدک ووعدک ما استطعتُ اعوذ بک من شرّ ما صنعتُ ابوءُ لک بنعمتک علیّ ابوءُ بذنبی فاغفر لی فانہٗ لا یغفر الذّنوب الّا انت۔

Marfat.com

۱۲۔ نماز فجر و شام کے بعد روزانہ ختم مشائخ قادریہ نوشاہیہ بھی پڑھا کرتے۔
۱۳۔ سونے کے وقت کلمہ تمجید ایک مرتبہ پڑھ کر سوتے۔

پابندی شریعت آپ شریعت کی پابندی کا خاص خیال رکھتے۔ اگر کسی مجلس درویشانہ میں کوئی فقیر غیر شرع کلمات بولتا، تو آپ اُس کو روک دیتے۔ ایک مرتبہ سائیں مالن شاہ قلندر فقیر نوشاہی بمعہ اپنے ملنگوں کے درگاہِ عالیہ نوشاہیہ پر حاضر ہوا۔ وہاں مشرقی بوھڑ کے نیچے ڈیرہ لگایا اور بھنگ گھوٹنے لگا۔ رمضان شریف کا مہینہ تھا۔ دوپہر کے وقت حلوا اور دال روٹی کا بھنڈارہ تقسیم کرنے لگا۔ آپ وہاں پہنچ گئے۔ فقیر سید شرافت عفا اللہ عنہ بھی ہمراہ تھا۔ آپ نے رمضان کی حرمت اور درگاہِ نوشاہیہ کی عزت کو ملحوظ رکھتے ہوئے اس کو خوب ڈانٹا اور وہ کھانا مکان کے اندر رکھوا کر قفل لگوا دیا۔ اور سائیں یقین علی مجاورِ درگاہ کو فرمایا کہ شام کے وقت افطار کے بعد ان کو کھانا دینا اور بھنگ کے متعلق فرمایا کہ حدودِ درگاہ شریف کے اندر ہم کسی حرام چیز کا استعمال نہیں کرنے دیں گے۔

مؤلف سے محبّت آپ مؤلف کتاب ہذا فقیر سید شرافت عافاہ اللہ کے ساتھ بہت محبت رکھتے تھے۔ میں جس مجلس میں گفتگو کرتا ہوتا، آپ میرے کلام کی تائید کیا کرتے اور کسی مسئلہ میں اختلاف ہوتا تو آپ کو میرے جواب پر تسکین ہوا کرتی اور میرے مسئلہ پر آپ متفق ہوا کرتے۔

اخلاق و عادات

آپ دانا، حاضر جواب، معاملات دنیاوی میں نہایت دقیقہ شناس، لوگوں کے مقدمات آپ کے پاس آیا کرتے، آپ اچھا فیصلہ فرمایا کرتے، غریب پرور، شریعت پسند، طریقت گزین تھے۔ فن شہسواری اور علم موسیقی کے بھی واقف تھے۔ لوگ آپ کو اپنے بیاہ شادیوں اور خوشی و غمی کے کاموں میں مدعو کرتے اور آپ سے صلاح و مشورہ کرتے۔ آپ بڑا اچھا مشورہ دیتے۔ صائب الرائے تھے۔ دینی، دنیاوی، درویشی،

Marfat.com

سیاسی ، اخلاقی ، ادبی کاموں میں ماہر تھے۔

صدقہ وخیرات آپ نے اپنے اوپر یہ لازم کیا ہوا تھا کہ اپنی آمدن وفتوحات میں سے ایک پیسہ[1] فی روپیہ خیرات کیا کرتے۔

سماع و وجد آپ سماع سنتے تھے اور وجد بھی ہوتا تھا۔ ایک مرتبہ عُرس حضرت نوشہ صاحبؒ کے موقعہ پر مؤلف کے دیوان خانہ میں مسمیان الٰہدین گلگو، اور علی محمد بن نوردین موچی ، روشن ماچھی ساکنانِ گاکھڑہ اور احمد دین بن خوشی گلگو ساکن ڈھوک شہانی (مریدانِ شرافت) کنگ کے ساتھ گا رہے تھے۔ جب انہوں نے یہ شعر پڑھا۔

آں حضور کھلے شہزادے سورج چن فلک دے ۔۔۔ تابش کون لیاوے حُسنوں سوہنی چال لٹکدے

آپ کو سُن کر وجد ہوگیا اور ٹاہلی کی شاخ پکڑ کر کھڑے ہوگئے۔ جب آپ وجد کرتے تو ٹاہلی کا سارا درخت ہِل جاتا اور آپ کے ہاتھ سے شاخ نہ چھوٹی اور افاقہ کے بعد جس جس شخص کو گلے لگایا اس کو بھی وجد ہوگیا۔

اشعار خوانی آپ گاہ بگاہ یہ اشعار پڑھا کرتے۔

سعدیؒ

بلغ العُلےٰ بکمالہٖ ۔۔۔ کشف الدُّجےٰ بجمالہٖ

حسنت جمیع خصالہٖ ۔۔۔ صلّوا علیہ وآلہٖ

بنی آدم از علم یا بد کمال ۔۔۔ نہ از حشمت و جاہ و مال و منال

حافظؒ

بے سجادہ رنگیں کُن گرت پیرِ مغاں گوید ۔۔۔ کہ سالک بے خبر نبود زراہ و رسمِ منزلہا

---

[1] اس وقت روپیہ کی قیمت چونسٹھ (۶۴) پیسہ تھی۔ ۱۲۔ شرافت۔

Marfat.com

جامیؒ

الٰہی غنچہ امید بکشا گلِ از روضۂ جاوید بنما

رُومیؒ

ہم خدا خواہی و ہم دنیائے دُوں ایں خیال ست و محال ست و جنوں

حسینؒ

شد مست شراب خراب سمسی در خواب ز جورِ جہاں غافل
سرشار خمار غبار پنوں ز شرارتِ اخواں لا یعقل
برجست عمر بربست کمر پئے قتلِ دو عاشق بے حاصل
بگذاشت سمسی را در خلوت انداخت پنوں را در محمل

شاہِ جہان

ہم جو آئے مثلِ شبنم سیرِ گلشن کر چلے آہ حسرت دل بھری اور چشم تر نم کر چلے
دیکھ لے اے باغباں اپنا چمن ہم گھر چلے کو نجاوے اس طرح سوں جسطرح سوں ہم چلے
یہ چمن یونہی رہے گا اور ہزاروں جانور اپنی اپنی بولیاں سب بول کر اڑ جائیں گے
جاگنا ہے جاگ لے افلاک کے سایہ تلے حشر تک سوتا رہے گا خاک کے سایہ تلے

مُلیہ ولباس

آپ بلند قامت، جسم بھارا، چہرہ بارعب و پُرہیبت، رنگ گندم گون قدرے سانولا، سر کے بال کانوں تک، داڑھی کو وسمہ لگایا کرتے۔ ہاتھ میں بید کا کھونڈا ہوتا تھا۔ لباس مصفا رکھتے۔ عموماً سب کپڑے سفید ہوتے تھے۔
گھوڑی کی سواری کرتے تھے۔

Marfat.com

کرامات

آپ کے دم و درود سے کئی بیماروں کو شفا ہو جاتی ۔ کئی بے اولادوں کو خدا نے صاحبِ اولاد کر دیا ۔

بیمار بچے کا شفا پانا

چوھدری کبیرا بن عزت بخش تارڑ ساہن پالیہ کے تین بچے مرض ڈبہہ سے مر گئے ۔ اس کے ہاں علی محمد تولد ہوا ۔ اس کو بھی ڈبہہ ہو گیا ۔ انہوں نے آپ سے دم کروایا ۔ اللہ تعالےٰ نے اس کو شفا دے دی ۔

چوہدری کبیرا نے چھ کنال زمین واقعہ رقبہ ساہن پال جو بیلہ میں بنام بیبانوالی مشہور ہے ۔ آپ کو نذرانہ میں دی ۔ جو تاحینِ حیات آپ کے پاس رہی ۔

تصانیف

آپ نے تمام عمر میں کوئی شعر و شاعری نہیں کی ۔ آپ کے آخری چند سالوں میں آپ کے چھوٹے بھائی سید غلام احمد کاتبؒ گجرات کاٹھیاواڑ کے شہر احمد آباد میں چلے گئے ۔ ان کے ہجر و فراق میں آپ شعر کہنے لگ گئے ۔ چنانچہ اب آپ کی مندرجہ ذیل تصانیف یادگار ہیں :۔

۱ ۔ قصہ سسی پنوں ۔ دوہڑہ جات میں ۔
۲ ۔ سیحرفیاں ۔ پانچ عدد ۔
۳ ۔ باراں ماہ ۔ پانچ قسم ۔
۴ ۔ چند مکتوبات منظوم ۔
۵ ۔ چند نعتیں و غزلیں و کافیاں و دوہڑے ۔

آپ کے سب اشعار کو میرے بھائی صاحبزادہ سیّد بشیر احمد بشارت نے بنام کلیاتِ کرم الٰہی جمع کر دیا ہے ۔

Marfat.com

مکتوب

آپ کا ایک مکتوب منظوم یہاں درج کیا جاتا ہے۔ جو آپ نے اپنے بیٹے صاحبزادہ ممتاز احمد کے نام لکھا تھا۔

سبھے صفتاں لائق اس نوں جو صفتاں دا سائیں
ہر دم حکم اوسے دا جاری اندر دوہیں سرائیں
کُن فیکُون کہیو سو آپے کیتے ایڈ پسارے
زمیں آسمان بنائے آپے سورج چن سارے
جون ہزار اٹھارہ کر کے پیدا کر دکھلائی
روزی دیندا ہر اک تائیں فرق نہ پاندا رائی
نوری ناری خاکی کر کے عجب بہار بنائی
سبھناں دے وچ دکھو دکھری خوبی پا دکھلائی
اکناں دا دِل عشقے بھریا دیندے پھرن دوہائیاں
اکناں خبر نہ پائی عشقوں کتے نہ جھوکاں لایاں
دم مارن دی جا نہ اوتھے جو چاہے سو کر دا
جس تے کرم الٰہی ہووے تابع ہووے ہر دا
فیر درود رسول اللہ نوں آکھاں لکھ لکھ واری
حشر دِہاڑے اوہا کرسی اُمت دی غمخواری
چارے یار نبی سرورؐ دے شان برابر آیا
ہر اک تائیں اکو جیہا رب نے چاؤڈیایا
غوث الاعظم پیر اساڈا اُچے رُتبے والا
غوثاں قطباں ولیاں اُتے اُسدا بول نرالا
یاد کرے جو بھیڑ پیاں وچ پوہنچن آشتابی
تُرت مراد پوچاون اُسدی ہووے دُور بیتابی

Marfat.com

کرم الٰہی عاصی بیٹھا آس دے وچ دھرکے
جے کر رحم پیراں دِل آیا بنے لاسن پھڑکے
بعد اس تھیں ہن گل سُناواں کیتی تور، برخوردارا
سدا سوکھالا رکھے سائیں دز میرے دا پاوا

سر تھیں ٹھنڈا رہیں ہمیشہ خوشی خراواں پاویں
احمد دی گھر برکت ہووی کدے نہیں غم کھاویں
نسل تیری اس دنیا دے وچ رہے قیامت تائیں
غم دا جھولا کدے نہ آوے دکھن نت صبائیں
دشمن تیرے رہن دوراڈے ذلت کدی نہ آوے
سجن رہن ہمیشہ نیڑے عزت پھیرا پاوے

قرضوں فارغ رکھے تینوں آپ سچا فوند سائیں
دنیا دے وچ تازہ ہوئے دتیں پائیں چائیں
غیراں دتّوں دیکھیں ناہیں نظر اُچیری کر کے
بھلن ہارا بندہ ہر دم وقت لنگھائیں جر کے
ایہ دنیا ہے تلکن ویہڑا ثابت ہو کے رہنا
چار دہاڑے ہے بسیرا ایتھے کسے نہ بہنا

جھوٹھی ناں گواہی دیویں ترک حراموں پائیں
ٹھگی دغا فریب نہ کرنا رزق حلالوں کھائیں
خویشاں واکدے بُرا نہ کرنا ہوئی خدمت کرنی
نیت اپنی قائم کر کے گھڑی غضب دی جرنی
فضلوں آس رکھیں ہر ویلے خودی نہ اُسنوں بھاوے
دوئی دُور کریں سب دل تھیں مت جانی گل لاوے

Marfat.com

پنجے وقت نماز گذاریں کریں تہجد پوری
نفی اثباتوں ذکر پکائیں دل دے نال حضوری

چونہہ یاراں دی تابعداری اکو جیہی کرنی
مذہب حنفی پکا رکھیں مت کوئی آوے بھرنی

مَت نصیحت جہڑی لکھی بچیا تیرے تائیں
یاد رکھیں ایہ چھڈیں ناہیں ملسن نیک جزائیں

کاروبار گھرے دا جہڑا چک لے برخوردارا
وقت بڈھیپا آیا میں تے وگے پیا نکارا

اس سفرے وچ نت اُداسی ہر دم رہندی تینوں
باہر گیاں بن گذرے ناہیں سب کجھ معلم تینوں

تَن کمزورا پیر پیادہ کیتا سفر لمیرا
تسیں وسوسا لا ہر دم قائم مولا کرسی پھیرا

گڈیاں اُتے چڑھن نہ ہووے ٹریا مول نہ جاوے
ہر پاسوں ہُن مشکل دِسدی سائیں کرم کماوے

تینوں سو کھیاں ہر دم رکھے آپ خداوند سائیں
میرا بھی ہے راکھا اوہا منگاں نت دعائیں

ختم ہویا ہن نامہ ایتھے نال خدا دی یاری
پڑھنے سُننے والیاں تائیں ہووے فضل غفاری

ہفتہ وار دیہاڑا ہے اَج اَٹھ ذی الحجہ مہینے
تیراں سو تریٹھ ہجری سن توں یار نگینے ۱۳۶۳

کرم الٰہی لکھن والا بھریا نال گناہاں
ہر دم آس اللہ دے دردی دیوے آپ پناہاں

Marfat.com

ملفوظ آپ فرمایا کرتے، دشمنوں کے درمیان اس طرح گذارہ کرنا چاہیئے جیسے زبان دانتوں میں گذارہ کرتی ہے۔ یعنی نرمی و ملائمت سے۔

تعریف سید محمد عالم بن سید پیر محمد مجذوب ڈھلوالہ فرمایا کرتے تھے کہ تمام اولاد حضرت نوشہ صاحبؒ میں سے اِس وقت تین شخص تین وصفوں میں ممتاز ہیں۔

اوّل :۔ صاحبزادہ شریف احمد شرافت علم میں۔
دوم :۔ صاحبزادہ کرم الٰہی بن سید فاضل شاہ گفتگو میں۔
سوم :۔ صاحبزادہ امام الدین بن سید پیر اندتہ طاقتوری میں۔
ان تینوں کا ہمارے خاندان کو بہت آرام ہے۔

بیویاں

آپ کی دو اہلیہ تھیں :۔

۱۔ سیدہ کرم بی بی بنت سید حافظ روح اللہ برخورداری ساہن پالویؒ۔ یہ آپ کے عم بزرگ کی بیٹی تھیں۔ ان کے بطن سے ایک لڑکا پیدا ہوا جو سب سے بڑا تھا۔

۲۔ مسمات رضیہ بیگم المعروف ولایت بیگم قوم چیمہ راجپوت ساکن رینگ بانگ ضلع جہلم۔ ان کے بطن سے دو بیٹے اور تین بیٹیاں ہوئیں۔

اولاد آپ کے تین بیٹے ہوئے :۔

۱۔ صاحبزادہ محمد شریف المعروف صوبے شاہ مرحوم۔

۲۔ صاحبزادہ عزیز احمد مرحوم۔

۳۔ صاحبزادہ ممتاز احمد سلمہ اللہ۔ متولد اتوار۔ تیسری صفر ۱۳۳۹ھ تعلیم تھوڑی رکھتا ہے۔ نماز روزہ کا پابند ہے۔ اس کی شادی مؤلف کی ہمشیرہ سیدہ صفیہ بیگم بنت اعلیٰحضرت سید غلام مصطفےٰ نوشاہی دام برکاتہٗ سے ہے۔ اس کے بطن سے تین لڑکے اور ایک لڑکی ہوئی۔

Marfat.com

لڑکوں کے نام یہ ہیں :-

۱۔ صاحبزادہ مختار حسن۔ موسوم باسم تاریخی۔ متولد ہفتہ ۱۳ر محرم ۱۳۵۹ھ بعمر ایک سال۔ بعارضہ اسہال بروز منگلوار یکم ربیع الثانی ۱۳۶۰ھ کو فوت ہو گیا۔

۲۔ صاحبزادہ سرفراز احمد۔ متولد جمعہ۔ ۱۰ر ذیقعد ۱۳۶۱ھ۔ بڑا ہوشیار و زیرک تھا۔ سکول پڑھنے جایا کرتا تھا۔ امر الٰہی سے بعمر سات سال بعارضہ ورم جگر بروز جمعہ ۲۷ر ذی الحجہ ۱۳۶۸ھ کو انتقال کر گیا۔

۳۔ صاحبزادہ دل نواز احمد۔ مدعمرہٗ متولد جمعہ ۱۶ر شوال ۱۳۶۸ھ یہ بڑا تیز فہم اور چست طبیعت ہے۔ الحال بعمر آٹھ سالہ پرائمری سکول رُن مَل میں پڑھتا ہے۔ سلمہ اللہ تعالےٰ۔

—— لڑکی کا نام ہے سیدہ بلقیس خانم۔ یہ ابھی قرآن مجید سبقاً پڑھتی ہے۔

سید کرم الٰہی صاحب ذکرہذا کی تین بیٹیاں تھیں :-

۱۔ سیدہ بشیر بیگم۔ منکوحہ صاحبزادہ سید بشیر احمد بشارت بن اعلحضرت سید غلام مصطفےٰ نوشاہی ساہن پالوی ادام اللہ برکاتہٗ۔

۲۔ سیدہ رشید بیگم
۳۔ سیدہ رابعہ بی بی
} یہ دونوں بچپن میں فوت ہو گئیں۔

یارانِ طریقت

آپ کے خواص مرید یہ تھے :-

۱۔ صاحبزادہ ممتاز احمد۔ فرزند آنجناب۔ ساہن پال شریف ضلع گجرات
۲۔ صاحبزادہ منور حسین بن سید غلام احمدؒ۔ برادر زادہ 〃 〃
۳۔ صاحبزادہ مظفر حسین بن سید غلام احمدؒ۔ 〃 〃 〃
۴۔ صوفی محمد عالم بن سائیں اللہ رکھا گوجر بجاڑ جنڈ 〃
۵۔ محمد دین گوجر۔ جنڈ ضلع گجرات ۶۔ شاہ محمد بانیاں 〃 〃
۷۔ غلام محمد گوجر۔ بانیاں 〃

Marfat.com

۸۔ سائیں محمد بخش بافندہ المعروف مستانہ فقیر — پنڈی لوہاراں ضلع گجرات
۹۔ اللہ دتہ ہنجرا بوڑے والی ضلع گوجرانوالہ۔ ۱۰۔ مہر داد چٹھہ اجتکے ضلع گوجرانوالہ
۱۱۔ الہدین باغبان عادل گڑھ 〃

مستورات میں سے

۱۲۔ عائشہ مراسن سوہاوہ ضلع گجرات ۱۳۔ رحمت بی بی حجام سوہاوہ ضلع گجرات
۱۴۔ نور بیگم گوجری جنڈ 〃 ۱۵۔ فضل بی بی چیمی اجتکے گوجرانوالہ

تبرکات آپ کا کرتہ ململ، فتوحی و چادر و تہبند کھدر کے۔ اور پاپوش اولاد کے پاس محفوظ ہیں۔

تاریخ وفات سید کرم الٰہی کی وفات بعمر اکہتر (۷۱) سال منگلوار کی رات، وقت نمازِ تہجد۔ اکیسویں ۲۱ ماہ ربیع الاوّل ۱۳۶۷ھ میں ہوئی۔ قبر گورستانِ نوشاہیہ میں مغربی حلقہ میں پختہ بنی ہوئی ہے۔

مادہ تاریخ

۱۔ آیت شریف ان المتقین فی جنّٰت وّعیون

سید نور الٰہی

آپ سید فاضل شاہ بن سید محمد امین مختار برخورداری ساہن پالویؒ کے دوسرے بیٹے اور مرید و خلیفہ تھے۔ آپ کی والدہ کا نام سیدہ حیات بیگم بنت سید غلام نبی بن سید نور احمد برخورداری دھیرکویؒ تھا۔

تاریخ ولادت آپ کی پیدائش ۱۳۰۳ھ میں ہوئی۔
تاریخی نام "غلام کبیر"

تعلیم آپ نے قرآن مجید کے ابتدائی سیپارے سید عبداللہ شاہ درویش سے پڑھے اور درمیانی حصہ اپنی پھوپھی سیدہ محمد بی بی بنت سید محمد امین مختارؒ سے پڑھا اور آخری سیپارے اپنے چچا حضرت سید حافظ محمد شاہ نیک اخترؒ سے

Marfat.com

پڑھ کر ختم کیا۔ پھر پکی روٹی اور نجات المؤمنین پنجابی اور کنز الرحمت فارسی اپنے برادر عم زاد حضرت سیّد غلام مصطفےٰ نوشاہی دام برکاتہ سے پڑھیں۔

منظوری کا نشان آپ نے اپنے والد صاحب کی وفات سے دو سال پہلے ان سے بیعت کی۔ پھر اُن کے بعد آپ روتے رہتے اور خیال رہتا کہ شاید میں منظور ہوا ہوں یا نہیں۔ ایک مرتبہ آپ سلطان پور ضلع سرگودھا میں گئے ہوئے تھے کہ رات کو خواب میں دیکھا کہ حضرت غوث الاعظمؒ اور حضرت سخی بادشاہؒ اور حضرت نوشہ گنج بخشؒ اور حضرت پاک صاحب بھڑیوالہؒ اور حضرت سیّد حافظ قل احمد پاکذات نوشاہِ ثانیؒ اور اپنے والد سیّد فاضل شاہؒ ایک صف میں کھڑے ہیں۔ حضرت غوث پاکؒ نے ایک چھری حضرت سخی بادشاہؒ کو دی۔ اسی طرح وہ سب بزرگوں میں منتقل ہوتی ہوئی آپ کے والد صاحب کو پہنچی اور حکم دیا کہ نورِ الٰہی کو ذبح کرو۔ انہوں نے آپ کو زمین پر لٹا کر گلے پر چھری چلا دی۔ اُس وقت آپ نے کلمہ شریف پڑھا، اور ذبح ہو گئے۔ صبح کو جب بیدار ہوئے تو طبیعت میں سکون تھا۔

زیاراتِ بزرگاں آپ عموماً کلمہ طیّبہ اور درود شریف ہزارہ بمعہ اسم اعظم غوثیہ کا وِرد رکھتے تھے اور اس کے برکات سے متمتع تھے۔ ایک رات خواب میں حضرت رسولِ اکرم صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور حضرت سیّدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کا دیدار فیض آثار ہوا۔

اخلاق وعادات

آپ خوش خلق راستباز، درویشی خیال تھے۔ شریعت کے پابند، بارعب، خدا یاد تھے۔ فقیر سیّد شرافت عافاہ اللہ سے بزرگوں کے حالات سُنا کرتے اور خوش ہوا کرتے۔ آپ کو شطرنج کی بھی خاصی مہارت تھی۔ رَن مَل میں سیّد محمد حسین بن سیّد بنے شاہ ہاشمیؒ کے ساتھ اور لاہور میں سیّد افضل ولی بن سیّد واصل حق برخورداریؒ کے ساتھ شطرنج کھیلا کرتے۔

Marfat.com

سیر و سیاحت آپ عموماً لاہور جایا کرتے اور بزرگانِ لاہور کی زیارت سے مشرف ہوا کرتے۔ ایک مرتبہ اپنے پھوپھی زاد بھائی سیّد حسن ولی بن سیّد واصل حق لاہوریؒ کے ہمراہ کراچی میں بھی تشریف لے گئے، اور وہاں کی سیر کی۔

صدقہ و خیرات آپ نے مقرر کیا ہوا تھا کہ اپنی آمدن میں اکیسواں حصّہ فی سبیل اللہ دیا کرتے۔ اپنے دروازہ سے سائلوں کو خالی نہ جانے دیتے۔

فیضان کا ظہور آپ زیادہ تر علاقہ گوجرانوالہ اور علاقہ سیالکوٹ میں جایا کرتے۔ وہاں کے لوگ اکثر آپ کے ارادت مندوں میں سے تھے۔ آپ کے دَم درود سے لوگوں کو فوائد پہنچتے۔ کئی مایوسوں کو آپ کی دُعا سے اولاد ہوئی۔

اشعار خوانی آپ کو میاں محمد بخش قادریؒ کھڑی والے کے کلام سے بہت اُنس تھا۔ قصہ سیف الملوک خود بھی پڑھتے اور لوگوں سے بھی سنتے اور اپنے دوست حافظ خیر الدین رَن ملوی کی سیحرفی کے اشعار اور اس کی حاضر جوابیاں پڑھ کر محظوظ ہوا کرتے۔ یہ اشعار گاہ بگاہ پڑھا کرتے۔

الف اگ فراق دی بھڑک اُٹھی عقل فکر میرے سڑ کے سواہ ہوگئے
جلیاں ہڈیاں جگر کباب ہویا نالے صبر آرام تباہ ہوگئے
جتھے نیت سی توڑ پریت چڑھ سی ہتھو ہتھ اوہ یار بدخواہ ہوگئے
خیر دین کی حال رعیتاں دا جدوں ظلم اُتے بادشاہ ہوگئے
دال دلے دی دلّی اجاڑ ساڈی کدے فیر بھی وُسدی لوڑنی سی
گڈی چاہڑ کے تیز ہوا اندر ہتھوں جان کے ڈور نہ چھوڑنی سی
کشتی آس امید دی شوہ پا کے اڑیا اُدھ وِچکار نہ بوڑنی سی
ہویاں مٹاں سکدیاں خیر دینا کدی طرف ساڈی واگ موڑنی سی

Marfat.com

یے یار توں جان قربان کرساں جنڈ دکھڑے سہے نہ سہے بھاویں
ڈرساں مول نہ بولیاں طعنیاں توں عزت جگ وچ رہے نہ رہے بھاویں
کوئی لوڑ نہیں رونقاں محفلاں دی بندہ کول کوئی ہے نہ ہے بھاویں
خیر دین کرساں پوجا ٹھاکراں دی مسلمان کوئی کہے نہ کہے بھاویں

اولاد آپ کا نکاح سیدہ حیات بی بی بنت سید امام الدین بن سید قاسم علی برخورداری پانڈوکوی سے ہوا تھا۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی۔

آپ کے پانچ بیٹے ہوئے :-

۱۔ صاحبزادہ نذر محمد مرحوم۔
۲۔ صاحبزادہ نذیر محمد مرحوم
۳۔ صاحبزادہ وزیر محمد اکبر مرحوم۔
۴۔ صاحبزادہ وزیر محمد اصغر سلمہ اللہ۔ متولد منگلوار ۱۵ جمادی الاولیٰ ۱۳۳۶ھ۔ تعلیم پرائمری تک ہے۔ اب لاہور۔ کارخانہ کیرج شاپ میں بعہدہ مستری ملازم ہے۔ اس کی شادی سیدہ سکینہ بی بی بنت سید حسن محمد بن سید رکن عالم ہاشمی رن ملوی سے ہوئی۔ اس سے دو لڑکے اور دو لڑکیاں ہیں۔ لڑکوں کے نام یہ ہیں :-
۱۔ صاحبزادہ اعجاز احمد مدعمرہٗ۔ متولد ۱۳۶۷ھ۔ یہ اب پرائمری سکول رن مل میں پڑھتا ہے۔
۲۔ صاحبزادہ آفتاب احمد مدعمرہٗ۔ متولد ۱۳۶۹ھ۔ یہ اسی سال تالیف کتاب میں پیدا ہوا ہے۔

لڑکیوں کے نام یہ ہیں :- سیدہ شہزادہ بیگم اور سیدہ روبینہ پروین۔

۵۔ صاحبزادہ فقیر محمد سلمہ اللہ۔ متولد پنجشنبہ۔ ساتویں ربیع الثانی ۱۳۴۰ھ ورنیکلر فائنل تک تعلیم ہے۔ فہم و فراست میں اپنے تمام برادران میں سے فائق ہے۔ ابتدا سے ہی اسے تجارت کا شوق ہے۔ پہلے اپنے گاؤں ساہن پال شریف میں کریانہ کی دکان رکھی۔ پھر چک مانو میں آٹا پیسنے کی مشین لگوائی۔ اس کے بعد کراچی میں چلا گیا۔

Marfat.com

آجکل کراچی میں آدمجی رام روڈ۔ حقانی چوک میں سبزی کی دکان کرتا ہے۔ کام اچھے پیمانہ پر ہے۔ اس کی دو بیویاں ہیں:۔

پہلی، سیدہ سکینہ بی بی بنت سید شیر علی بن سید محمد شفیع ساہن پالویؒ۔ اس سے دو لڑکے اور دو لڑکیاں ہوئیں۔

دوسری: سیدہ نواب بی بی بنت سید نور حسین بن سید رحیم اللہ پانڈوکویؒ۔ اس سے ایک لڑکا اور ایک لڑکی ہے۔

لڑکوں کے نام یہ ہیں:۔

۱۔ صاحبزادہ محمد اعظم۔ متولد سوموار ۱۷ جمادی الثانی ۱۳۶۲ھ۔ متوفی صفر ۱۳۶۲ھ۔

۲۔ صاحبزادہ جمشید اختر مدعمرہٗ۔ متولد ہفتہ ۱۹ محرم ۱۳۶۶ھ۔ یہ اب سکول میں تعلیم پاتا ہے۔

۳۔ صاحبزادہ جاوید اختر مدعمرہٗ۔ متولد جمعہ ۷ جمادی الاوّل ۱۳۷۵ھ۔ یہ ابھی شیر خوار ہے۔

لڑکیوں کے نام یہ ہیں:۔

۱۔ سیدہ شاہ بیگم۔ منکوحہ صاحبزادہ منظور محسن بن معشوق علی برخورداری ساہنپالوی

۲۔ سیدہ زیب النساء بیگم
۳۔ سیدہ فخر النساء بیگم
} یہ دونوں ابھی خورد سال ہیں۔

یاران طریقت

آپ کے خواص احباب یہ تھے:۔

۱۔ صاحبزادہ فقیر محمد۔ فرزند اصغر السنجاب۔ حال کراچی شہر ساہن پال شریف ضلع گجرات
۲۔ سلطان کشمیری پنڈوریاں ضلع گوجرانوالہ ۳۔ محمد ماچھی میاں رحیما " گوجرانوالہ
۴۔ اللہ رکھا ترکھان میاں رحیما " " ۵۔ مٹھا چنڑ " " "
۶۔ خان محمد مصلی " " " ۷۔ موسے ڈونگھڑا " " "

Marfat.com

۸۔ شیرا جھالا باہومان ضلع شیخوپورہ ۹۔ فیروز مالی لاہور

۱۰۔ عزیز مالی لاہور

تاریخ وفات سید نور الٰہی کی وفات بعمر چھیاسٹھ سال بروز بدھوار۔ تیسویں (۳۰) جمادی الثانی ۱۳۶۹ھ میں ہوئی۔ قبر گورستان نوشاہیہ میں ہے۔

مادہ ہائے تاریخ

۱۔ امامِ بلند اختر ۲۔ کافِ حشمت

سیّد غلام احمد کاتبؒ

آپ سید فاضل شاہ بن سیّد محمد امین مختار برخورداری ساہن پالویؒ کے تیسرے بیٹے اور مرید و خلیفہ تھے۔ آپ کی والدہ کا نام سیّدہ حیات بیگم بنت سید غلام نبی بن سید نور احمد برخورداری دھیرکویؒ تھا۔

تاریخ ولادت آپ کی ولادت سنہ ۱۳۱۰ھ میں ہوئی۔
تاریخی نام محمد رشید احمد خان ہے۔

تعلیم آپ نے ابتدا میں قرآن مجید اپنی پھوپھی سیّدہ محمد بی بی بنت سیّد محمد امین مختار سے پڑھا۔ پھر تین جماعت سکول پنڈی کالو میں پڑھیں۔ پند نامہ کریما اپنے برادر عم زاد اعلیٰحضرت سیّد غلام مصطفےٰ نوشاہی مدظلہ سے پڑھا۔ اس کے بعد والد بزرگوار آپ کو وزیر آباد میں مولوی قمر الدین حنفیؒ کے پاس چھوڑ آئے۔ پند نامہ شیخ عطار۔ بدائع منظوم۔ نام حق۔ گلستان۔ بوستان۔ سکندر نامہ اُن سے پڑھے۔ کتاب مالا بدمنہ فارسی مولوی نور عالم مجددی وزیر آبادیؒ سے پڑھی۔ آٹھ سال متواتر وزیر آباد میں رہے۔

خوشنویسی آپ نے فنِ کتابت نسخ اور نستعلیق مولوی قمر الدین وزیر آبادیؒ سے سیکھا، اور نقاشی مولوی محمد حسین مبارک رقم عادل گڑھی

Marfat.com

سے حاصل کی ۔

وزیر آباد میں کتابت آپ نے ایک سال وزیر آباد میں رہ کر کتابت کی ۔ اپنے استاد صاحب کی معرفت کام کرتے رہے ۔ اس دوران میں آپ پیر وسندھی شاہ مجددی آلو مہاری ؒ کی زیارت سے بھی مشرف ہوئے ۔

جھنگ میں کتابت اس کے بعد آپ نے ایک سال شہر جھنگ میں گذارا۔ اخبار "للنـــور" ہفتہ وار کی کتابت کرتے رہے ۔ جس کے ایڈیٹر مولوی غلام حسین شاعر ساکن کیلیانوالہ تھے۔ اُس دوران میں آپ مائی عزت بی بی المعروف بی بی ہیر معشوقہ رانجھا کے روضہ کی زیارت بھی کرتے رہے۔

قادیان میں کتابت پھر آپ نے دو ماہ تک قادیان ضلع گورداسپور میں مرزائیوں کے اخبار "الفضل" ہفتہ وار کی کتابت کی۔ اور مرزائیوں کے مکائد سے واقفیت حاصل کی ۔ مرزا غلام احمد مدعی مسیحیت و مہدویت و نبوت کی اولاد و اصحاب کو دیکھا۔ خدا تعالےٰ کے فضل او ۔ بزرگوں کی دعا سے اُن کے شر سے محفوظ رہے ۔

آپ ایک پُر لطف واقعہ بیان کیا کرتے تھے ۔ کہ جن دنوں ہم قادیان میں تھے پنجاب کے دوسرے اضلاع اور بلاد سے طاعون پھیلنے کی خبریں اخباروں میں شائع ہونے لگیں ۔ مرزائی کہتے تھے کہ خواہ کس قدر طاعون پھیل جائے لیکن قادیان ضرور اس سے محفوظ رہے گا۔ کیونکہ یہ پیغمبر کی بستی ہے ۔ اور دارالامان ہے ۔ چنانچہ چند ہی روز گذرے تھے کہ قادیان میں طاعون آ گئی ۔ اور موتیں ہونے لگیں ۔ ہم نے پوچھا کہ یہ کیا وجہ ہوئی ؟ خلیفتہ المسیح نے کہا کہ دارالامان دراصل مرزا صاحب والا ہے ۔ سارا شہر اس سے مراد نہیں ۔ ہفتہ کے اندر اندر اِس محلہ میں بھی طاعون پہنچ گئی ۔ ہم نے پوچھا یہ کیا بات ہے ؟ انہوں نے تاویل کی کہ حقیقت میں مرزا صاحب کی حویلی کو دارالامان کہا جاتا ہے ۔ سارا محلہ مراد نہیں ۔ دو تین روز میں حویلی کے

Marfat.com

افراد بھی مرنے لگے، اور کئی لوگ مفرور ہو گئے۔ پھر ہم نے پوچھا تو سوائے خاموشی کے کچھ بن نہ پڑا، اور سارا جھوٹ ظاہر ہو گیا۔

جلال پور جٹاں میں کتابت

آپ نے چھ ماہ تک جلال پور جٹاں ضلع گجرات میں شیعوں کے رسائل اور اخبار "سیف" کی کتابت کی۔ جو سید سیف علی شاہ بخاری اور ان کے بیٹے حافظ ذوالفقار علی شاہ کی ادارت و اہتمام سے شائع ہوتی تھیں۔ اس دوران میں آپ شیعوں کے عقائد و مسائل سے آگاہ ہو گئے۔

لاہور میں کتابت

پھر آپ نے چھبیس سال پورے لاہور میں کتابت کی۔ اخبارات زمیندار۔ سیاست۔ انقلاب۔ ملاپ۔ ویر بھارت۔ پرتاپ۔ سورج وغیرہ کے دفتروں میں کام کرتے رہے۔ تاجران کتب سے ملک دین محمد کشمیری بازار اور شیخ غلام علی مینجر شہید یہ بک ایجنسی وغیرہ کا کام کرتے رہے۔

آپ کا ڈیرہ کبھی بیٹھک کاتباں میں، کبھی ادارۂ کتابت چوک دالگراں میں، کبھی لوہاری دروازہ کوچہ سرکی بنداں میں، کبھی موچی دروازہ کوچہ لٹھ ماراں میں ہوا کرتا تھا۔

کاتبوں میں سے مولوی ابراہیم و مولوی اسمٰعیل بھٹی بھنگو والے، اور قاضی ظہور الدین رسول نگری اور قاضی محبوب عالم جنڈیالوی اور سید عزیز علی شاہ ثابت وارث کوٹی اور میاں فضل حسین ہیرانوالیہ اور میاں محمد شفیع مہاراجی آپ کے دوست و ہم نشین تھے۔

ایام رہائش لاہور میں آپ مقابر و زیارات اولیاء اللہ سے بہت مشرف ہوتے رہے۔

احمد آباد میں کتابت

آپ ملک کاٹھیاواڑ گجرات دکن کے شہر احمد آباد میں دو سال تک حاجی بدرالدین نظامی کا کام کرتے رہے۔ وہ خواجہ حسن نظامی دہلوی کے مرید تھے۔ ان کا اپنا کتب خانہ تھا۔ آپ اس دوران

Marfat.com

میں حضرت سیّد نور قطب عالم بخاری رح اور حضرت شاہ موسے سوہاگ سہروردی رح اور دوسرے مشائخ احمد آباد کے مقابر کی زیارت سے مشرف ہوتے رہے۔

شریعت کی پابندی

آپ احکام شریعت کی پابندی کا خاص لحاظ رکھتے۔ شرع لوگوں سے محبت رکھتے۔ غیر شرع پیروں فقیروں سے نفرت کرتے۔ اسلام کے دلدادہ تھے۔ ایک دفعہ موضع رُن مَل میں ایک سکھ فقیر بابا دیپ سنگھ نام آیا۔ بڑا صاحب مکاشفہ تھا۔ جو شخص ملنے کے واسطے جاتا۔ اس کے دِل کے رموز و اسرار بیان کر دیتا۔ چنانچہ میں نے بھی ایک روز جاکر اُس کا تجربہ کیا۔ دوسرے روز آپ بھی میرے ہمراہ اُس کے پاس گئے۔ اُس نے آپ کے گذشتہ واقعات سب لفظ بلفظ سنا دیئے۔ جب ہم واپس ہوئے، تو آپ نے کہا، اگرچہ یہ صاحبِ کشف ہے۔ لیکن چونکہ غیر مسلم ہے۔ میں اس کو قطعاً نہیں مانتا، اور اِس کو کافر جانتا ہوں۔ اور اس کے کشف کو استدراج جانتا ہوں۔

سجدہ تعظیمی سے انکار

آپ جب بچہ تھے ایک دن درگاہِ حضرت نوشہ رح میں سجدہ تعظیم کر دیا۔ میرے جد بزرگوار حضرت سیّد حافظ محمد شاہ نیک اختر رح نے آپ کو منع فرمایا کہ بیٹا! سجدہ سوائے حق تعالیٰ کے کسی کو نہ کرنا چاہیئے۔ اُس روز سے آپ کے دل میں یہ بات کالنقش فی الحجر ہوگئی اور کبھی کسی بزرگ زندہ یا فوت شدہ کو سجدہ نہیں کیا۔ ایک مرتبہ آپ کو درگاہِ عالیہ نوشاہیہ کے دیوان خانہ میں اجتماعِ کثیر میں سیّد شیر عالم بن سیّد عمر بخش رسول نگری رح نے سجدہ تعظیم کرنے پر گفتگو میں مجبور کر دیا اور کہا کہ تمہارے والد سیّد فاضل شاہ رح سجدہ کرتے تھے۔ تم کیوں انکار کرتے ہو۔ آپ نے فرمایا: وہ علم شریعت چنداں نہیں رکھتے تھے، اس لئے اُن کا فعل حجت نہیں۔ اِس مسئلہ میں میں اپنے چچا سیّد محمد شاہ رحمۃ اللہ علیہ کا پیرو اور تبع ہوں۔ کیونکہ وہ عالم جید اور دین کے مُتبع تھے۔

Marfat.com

معمولات

آپ نماز پنجگانہ اور نوافل تہجد آٹھ رکعت کے پورے پورے پابند تھے۔ تلاوت قرآن مجید ایک سیپارہ روزانہ آپ کا معمول تھا۔ ہر جمعہ کے روز سورہ کہف بھی ایک دفعہ پڑھا کرتے۔

اوراد و وظائف آپ تہجد کے بعد کلمہ طیبہ اور درود شریف ہزارہ پڑھا کرتے۔ اس کے بعد آیت کریمہ ایک سو گیارہ (۱۱۱) بار پڑھتے۔

نماز فجر کے بعد درود اکسیر اعظم، درود کبریت احمر، درود مستغاث، مسبعات عشر بلا ناغہ پڑھتے۔

نماز عصر کے بعد استغفار ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ۔ مسبعات عشر ایک دفعہ۔

نماز عشاء کے بعد سورہ مزمل شریف تین محل اجابت کے ساتھ گیارہ (۱۱) مرتبہ پڑھا کرتے۔

فائدہ مؤلف کتاب ہذا فقیر سید شرافت عفا اللہ عنہ کہتا ہے کہ مسبعاتِ عشر کی اجازت آپ نے مجھ سے لی تھی۔ اور پھر مدت العمر اس کو چھوڑا نہیں۔

زیارتِ نبویؐ ایک مرتبہ آپ کو خواب میں حضرت رسول اکرم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت ہوئی۔ لوگوں نے کہا "یہ سرورِ عالم ہیں"۔

زیارتِ غوثیہ ایک مرتبہ آپ نے خواب میں دیکھا کہ حضرت غوث الاعظمؒ ایک قلعہ کے اندر تشریف فرما ہیں۔

اخلاق و عادات

آپ بہترین اوصاف و اخلاق رکھتے تھے۔ غصہ، کینہ، حسد، بغض، تکبر، خودی، غرور جیسے بُرے اوصاف سے آپ کو بڑی نفرت تھی۔ بچوں پر شفقت کرتے اور کہتے کہ یہ گناہ سے پاک ہیں۔

Marfat.com

بزرگوں کی خدمات

آپ اپنے سے بڑوں کی تعظیم [illegible] آپ کے استاد مولوی قمرالدین [illegible] ان کی خدمات بجالاتے رہے۔ اپنے بڑے بھائی سید کرم الٰہی آپ [illegible] ہر وقت جاتے رہتے "او غلام احمد! فلاں کام کر آؤ" آپ بالکل دیر نہ کرتے۔ فوراً اٹھ کھڑے ہوتے۔ اگر کھانا کھاتے ہوتے تو بھی چھوڑ کر اٹھ بیٹھتے۔ اور [illegible] یہ کہا کرتے کہ بھائی صاحب کو یہ معلوم نہیں کہ اب غلام احمد بھی بوڑھا ہو چکا ہے۔ یہ ویسے ہی بچوں کی طرح سمجھتے ہیں اور بے دھڑک کام بتا دیا کرتے ہیں اور کئی بار یہ بھی کہا کرتے۔ دانا وں کا مقولہ ہے "سگ باش و برادرِ خورد مباش"

اعراس میں شمولیت

آپ کو عرسوں میں شامل ہونے کا بہت شوق ہوتا تھا۔ عُرس جھڑی شریف اور عُرس مہر منیرہ شریف پر جایا کرتے۔ اگر کبھی آپ کو معلوم ہو جاتا کہ امسال صاحبزادوں میں سے کوئی نہ کوئی عُرس پر جانے کو تیار ہے اور ہم کو گھر پر رہنا پڑے گا، تو آپ پہلے ہی دس پندرہ دن گھر سے سفر کو روانہ ہو جاتے اور سفر سے عُرس پر پہنچ جایا کرتے۔

سخاوت

آپ کو سخاوت کی بڑی عادت تھی۔ اگرچہ آپ کا زمانہ غربت و مسکنت میں گذرا۔ لیکن جو چیز پاس ہوتی۔ وہ سائل کو دینے سے دریغ نہ کرتے اپنی کمائی سے سولہواں حصہ خدا تعالےٰ کی راہ میں دیا کرتے اور یہ فرمایا کرتے کہ سخاوت سب عبادتوں سے افضل ہے۔

حُسن پسندی

ابتدائے شعور سے آپ کی طبیعت حُسن پسند تھی۔ خوبصورت و حسین لوگوں سے محبت کرتے۔ مزاج عاشقانہ تھا۔ عاشقانِ سلف کے بہت واقعات یاد تھے۔ وفا کا جذبہ آپ میں کافی تھا۔ بے وفائی کو بہت بڑا جرم سمجھتے۔

خوش طبعی

آپ بڑے خوش طبع و لطیفہ گو تھے۔ آپ جس مجلس میں ہوتے اس میں سے غم و اندیشہ کافور ہو جاتا۔ جو بات کرتے حاضرین کو بے ساختہ ہنسی آجاتی۔ آپ کا کھانسنا، بیٹھنا، اٹھنا سب میں ظرافت کا پہلو نمایاں ہوتا۔ آپ

Marfat.com

کی طبع میں تحمل و بردباری کا جذبہ بہت تھا۔ آپ سے بعض لوگ تمسخر کرتے تو آپ بالکل ناراض نہ ہوتے۔ ہم آپ کو کہا کرتے کہ آپ جب دنیا سے گذر جائیں گے تو ہماری عیش منغص ہو جائے گی۔

درگاہِ نوشاہِ عالیجاہؒ کی تعمیری خدمت

۱۳۶۳ھ میں درگاہِ عالیہ نوشاہیہ کی تعمیر شروع ہوئی۔ روضہ کی بنیادیں رکھی گئیں۔ آپ کو بڑی خوشی تھی۔ ایک مہینہ آپ نے وہاں حاضر رہ کر مستریوں، معماروں اور مزدوروں سے کام کروایا۔

مؤلف سے محبت

آپ کو شروع سے ہی فقیر سید شرافت گناہ اللہ کے ساتھ نہایت محبت تھی۔ جب کبھی کسی درویش یا بزرگ سے ملتے تو میرے لئے دعائے خیر کروایا کرتے اور کہتے کہ "میرا ایک بھتیجا شریف احمد نام ہے۔ خدا تعالےٰ اس کو علم و عزت و اقبال دیوے" اور اگر کسی ولی اللہ کے مزار پر جاتے تو بھی میرے لئے دعا کیا کرتے۔ یہ سب کچھ آپ کی دعاؤں کا نتیجہ ہے کہ خدا تعالےٰ نے مجھے وہ کچھ عطا فرمایا ہے جو دوسروں کو نہیں دیا۔

اگرچہ آپ میرے ہم بدی چچا تھے اور مجھ سے عمر میں پندرہ سال بڑے تھے۔ لیکن ہماری محبت اور الفت آپس میں دوستوں کی طرح تھی۔ آپ کو میرے بیان کردہ مسائل پر پورا پورا اعتماد ہوتا تھا۔ آپ ہر طرح کے مسائل مجھ سے پوچھا کرتے۔

مؤلف کے فرزندوں پر شفقت

آپ میرے فرزندوں کو اپنے بیٹوں سے بھی عزیز سمجھتے۔ میرے لڑکے صاحبزادہ ریاض الحسن و سعید الظفر دونوں ہائی سکول، کمال گڑھ (علی پور چٹھہ) ضلع گوجرانوالہ میں پڑھا کرتے تھے۔ آپ جب کبھی دریائے چناب سے پار گذرتے۔ تو آپ نے مقرر کیا ہوا تھا کہ ایک آنہ سعید الظفر کو دیں گے۔ چنانچہ ہمیشہ دیا کرتے۔

اشعار خوانی

آپ اکثر ڈاکٹر اقبال لاہوری اور حفیظ جالندھری کے اشعار پڑھا کرتے۔

Marfat.com

تیری محفل بھی گئی چاہنے والے بھی گئے
شب کی آہیں بھی گئیں صبح کے نالے بھی گئے

دل تجھے دے بھی گئے اپنا صلہ لے بھی گئے
آکے بیٹھے بھی نہ تھے اور نکالے بھی گئے

آئے عشاق گئے وعدۂ فردا لے کر
اب انہیں ڈھونڈ چراغِ رُخِ زیبا لے کر

(شکوہ)

پینی ہے جتنی پی لے برسے گا ابرِ رحمت
بارش کے چار حرف ہیں ملتے شراب سے

لاکھوں ہی میل بڑھ گیا پیادہ سوار سے
ہے دوش پر جنازہ ملکِ عدم میں روح

کرامت

کھیت سیراب ہونے کی خبر دینا

سائیں بہاول فقیر گوجر فقیر نوشاہی سے منقول ہے کہ آپ ایک دفعہ میرے پاس موضع ٹوپہ عثمان میں گئے۔ رات کو میرے پاس رہے۔ صبح اُٹھ کر فرمایا "سائیں! تیرا کھیت پانی سے سیراب ہوگیا ہے" جب جاکر دیکھا تو واقعی لبالب ہوا تھا۔

عملیات

آپ کے پاس عملیات مجرب بہت تھے۔

اٹھرا کے واسطے

جن عورتوں کو اٹھرا ہوتا اُن کو بسم اللہ شریف کا تعویذ رکھنے کے لئے اور اسم ودود کا تعویذ پینے کے لئے دیتے اور کھانے کے لئے گولیاں بھی دیا کرتے۔ اللہ تعالےٰ شفا کر دیتا۔

حُبّ کے واسطے

محبت کے لئے کئی عمل آپ کے پاس تھے۔ ان میں سے ایک یہ تھا۔ گیارہ روز تک عشاء کے بعد باوضو مطلوب کی طرف منہ کر کے گیارہ مرتبہ سورۃ مزمل شریف پڑھیں اور اس کا تصور حاضر رکھیں۔

Marfat.com

اور فَاتَّخِذْهُ وَكِيلًا کے بعد یَا وَكِيلُ اکتالیس مرتبہ پڑھیں اور غَفُورٌ رَّحِيمٌ کے بعد یَا اَللّٰهُ یَا غَفُورُ یَا رَحِيمُ اکتالیس مرتبہ پڑھیں۔ اوّل و آخر وظیفہ کے درود شریف ہزارہ ایک سو (۱۰۰۱) مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالےٰ مطلوب مسخر ہوگا۔

تسخیر حکّام کے واسطے آپ فرماتے اگر کسی حاکم یا افسر کے پاس جانا ہو تو كٓهٰيٰعٓصٓ کہہ کر اپنے دائیں ہاتھ کی انگلیاں خنصر سے لے کر انگوٹھے تک ہر ایک حرف پر ایک ایک عقد کرے۔ پھر کہے كِفَايَتُنَا اسی طرح حٰمٓ عٓسٓقٓ کہہ کر بائیں ہاتھ کی انگلیاں عقد کرے اور کہے حِمَايَتُنَا اور یہ عقد کر کے حاکم کے سامنے ہو۔ سلام کرنے میں ہاتھ کھول دے۔ انشاء اللہ وہ مہربان ہوگا۔

بواسیر کے واسطے آپ فرماتے: جس کو بواسیر ہو وہ عشاء کے بعد وتروں کی پہلی رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۂ الفیل پڑھے اور دوسری رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۂ القریش پڑھے اور تیسری رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص پڑھے۔ اس پر مداومت کرے، تو اس کی بواسیر جاتی رہے گی۔

فائدہ اس عمل کی اجازت آپ کو حاجی بدر الدین نظامی احمد آبادی سے تھی اور ان کو خواجہ حسن نظامی دہلویؒ سے تھی۔

تصانیف

آپ کو شروع سے شعر کہنے کا مذاق تھا۔ اردو اور پنجابی میں شعر کہا کرتے۔ آپ نے اپنا کوئی مستقل تخلص نہیں رکھا۔ ابن الوقت تھے۔ وقت پر جو بھی مناسب معلوم ہو جاتا تخلص بنا لیا کرتے۔ ہر ایک نظم میں آپ کے علیحدہ تخلص پائے جاتے ہیں۔ مثلاً :—

Marfat.com

۱۔ کشمیری ۔ اپنے ایک دوست مسمی ابراہیم کشمیری حلوائی وزیر آبادی کی محبت کیوجہ سے۔
۲۔ غمزدہ ۔ مصائب کے وقت۔ ۳۔ مسافر ۔ سفر کی حالت میں۔
۴۔ بے وطن ۔ دور دراز ملکوں میں جانے کی حالت میں ۔
۵۔ بندیوان ۔ اسیر ہونے کی حالت میں۔ ۶۔ سادھو ۔ جوگیہ رنگ لباس پہننے کی حالت میں۔
۷۔ کاتب ۔ خوشنویسی کے زمانہ میں۔ ۸۔ منشی ۔ اخبار نویسی کے دوران میں۔
۹۔ دیوانہ ۔ عاشقی کے زمانہ میں۔ ۱۰۔ شوخ ۔ معشوقی کے زمانہ میں۔
۱۱۔ جالب ۔ خاندانی مناسبت سے۔ ۱۲۔ پیر ۔ بزرگی خاندان کے لحاظ سے۔
۱۳۔ غلامی ۔ انکسارانہ طور پہ۔ ۱۴۔ غلام احمد۔ سادہ نویسی کے وقت۔

مندرجہ ذیل افادات آپ کی تصنیف سے یادگار موجود ہیں۔

۱۔ صداقت نوشاہی۔ یہ ایک سیحرفی ہے۔ اس میں حضرت سیّد حافظ محمد برخوردار بحر العشق رح کی نیابت و سجادہ نشینی کے دلائل ہیں، اور یہ سیحرفی بشارت نوشاہی کا ردّ ہے جو حکیم نظام الدین ساکن ڈھوک للہال ضلع راولپنڈی نے نظم کی تھی۔
۲۔ قصہ جیل ۔ اس میں جیل خانہ کی تکالیف کا بیان ہے۔
۳۔ شجرہ شریف قادری نوشاہی۔ یہ بطور مسدس ہے، اور چھپ چکا ہے۔
۴۔ باراں ماہ ۔ یہ دو قسم ہیں۔ قمری اور انگریزی مہینوں کے مطابق ۔
۵۔ چند مکتوبات منظوم ۔
۶۔ متفرق نظمیں، مناجاتیں، نعتیں، غزلیں، کافیاں، دوہڑے وغیرہ۔

ان سب کو میرے چھوٹے بھائی مولوی صاحبزادہ سید ابوالرضا بشیر احمد بشارت نوشاہی برخورداری ساہن بالوی نے اکٹھا کر کے بنام کلیات کاتب موسوم کر دیا ہے۔

مکتوب آپ کا ایک مکتوب منظوم یہاں درج کیا جاتا ہے جو آپ نے احمد آباد سے اپنے بڑے بھائی سید کرم الٰہی رح کے نام بھیجا تھا۔

Marfat.com

اوّل حمد ثنا خدا تائیں جہڑا کل دنیا پالن ہار بھائی
فیر لکھ درود رسولؐ تائیں جہڑا وچ نبیاں مختار بھائی
اس تھیں بعد سلام مسنون حضرت کرو اعرض عاجز خدمتگار بھائی
لکھیا آپ دا اچیا ادب سیتی پئی ٹھنڈ سینے پڑھدیاں سار بھائی
کرے رب گناہ معاف میرے بھل گیا اگے بھلنہار بھائی
توبہ کرے قبول اوہ رب سچا میری لکھ توبہ استغفار بھائی
فطرت جن انسان دی بھلنا ہے اَیہہ ذات غفور ستار بھائی
چاہیئے قائم ہونا ہر انسان تائیں امر نہی سند او اقفکار بھائی
توڑے وچ پردیس دے ہے بندہ چھڈاں ناں توحید اذکار بھائی
پئی کن آواز میں جمدیاں دے واحد ذات ہے رب جبار بھائی
جدوں خبر نا ہی اپنے آپ والی تدوں سنی توحید پوکار بھائی
لیا جرم میں گھر اولیاء اللہ توڑے لکھ ہاں میں خطاوار بھائی
عملاں میریاں ہے بدنام کیتا بھل گیا ہاں وچ سنسار بھائی
میری شرم آ قا کملی والڑے نوں وڈی سب توں اوہ سرکار بھائی
میرے جد امجد عالم ولی سارے آپ جیہے میرے غمخوار بھائی
کشتی بحر گناہ وچ ڈولدی اے نال دعا تیری لگسی پار بھائی
شرمسار ہاں میں شرمسار ہاں میں طاقت ہے نہ مول گفتار بھائی
دوس کسے نوں دیونا کی سادھو بیٹھا من رضا غفار بھائی
دسّاں کی جو بیت دی ہجر اندر دل رہے کردا آہ وزار بھائی
شاید آہ دے وچ تاثیر ناہیں ہو یا زم نہ دل دلدار بھائی
میرے جیڈ نہ بدنصیب کوئی سرحد ملے وے وچ سرشار بھائی
خاکسار خاص اولاد دی دیس چھڈیا رہن ایہ ناہیں قرضدار بھائی

Marfat.com

لکھاں شکر الحمد خدا سندا دتا کرم سیتی روزگار بھائی
دینا قرض سندا بابل ماں منداوہ بھی ہووندے نت بیزار بھائی
مہلت رہی قلیل طویل گذری گذر جان گے دن شمار بھائی
جیوں جیوں وقت قریب ملاپ آوے دل شوق اندر بیقرار بھائی
پڑھنی جانماز عشار تراویح مسجد وچ ہوگئی پوکار بھائی
سادھو عاجزی بینتی رب اگے میلے بچڑے تے سب یار بھائی

(رمضان ۱۳۵۶ھ)

بیویاں آپ کی دو اہلیہ تھیں :-

۱۔ مسمات نور بیگم بنت مرزا روئیل خان مغل سب انسپکٹر پولیس لاہور ساس کے بطن سے اولاد ہوئی۔

۲۔ مسمات عائشہ بی بی ارائن ساکن جلیٹھی کے ضلع سیالکوٹ۔ اس کے بطن سے کوئی اولاد نہ ہوئی۔ تھوڑے ہی عرصہ کے بعد اس کو طلاق دے دی۔

اولاد آپ کے چار بیٹے ہوئے :-

۱۔ صاحبزادہ منور حسین۔ سلمہ اللہ۔ متولد ۱۳۴۱ھ قدرے تعلیم یافتہ ہے۔ اس کی شادی مسمات حمیدہ بیگم بنت میاں سراج الدین قوم جنجوعہ ساکن دھنوہ خورد سے ہوئی سسرال کے ہاں چلا گیا ہے اور وہاں کاشت کاری کرتا ہے۔ اس کا ایک لڑکا مرغوب حسین ہے جو اسی سال ۱۳۷۶ھ میں پیدا ہوا ہے۔

۲۔ صاحبزادہ حکیم مظفر حسین ظفر۔ سلمہ اللہ۔ متولد ۱۳۴۲ھ تعلیم یافتہ ہے۔ طبی تجربات حکیم سید عزیز علی شاہ ثابت بخاری وارث کوٹی مقیم لاہور سے حاصل کئے۔ تجارتی کاموں کی رغبت رکھتا ہے۔ اپنے گاؤں میں کریانہ کی دکان رکھی ہے۔ اس کی شادی مؤلف کی ہمشیرہ سیدہ رشیدہ بیگم بنتِ اعلیٰحضرت سید غلام مصطفےٰ نوشاہی دام برکاتہٗ

عہ یہ نام تاریخی ہے۔ میں نے ہی رکھا۔ ۱۲۔ شرافت۔

Marfat.com

سے ہے۔اس کے دو لڑکے اور دو لڑکیاں ہوئیں۔لڑکوں کے نام یہ ہیں:۔

۱۔ صاحبزادہ محمد سبطین۔ متولد ہفتہ ۹ رجب ۱۳۶۶ھ۔ متوفی ہفتہ ۳۰ صفر ۱۳۶۸ھ۔

۲۔ صاحبزادہ شفیق الرحمٰن مدعمرہٗ۔ متولد جمعہ ۱۳ محرم ۱۳۷۲ھ۔ ۴ اکتوبر ۱۹۵۲ء۔ یہ اب چار سالہ ہے۔

لڑکیوں کے نام زبیدہ بیگم اور صداقت سلطانہ ہیں۔ دونوں ابھی خورد سال ہیں۔

۳۔ صاحبزادہ مدثر حسین۔ سلمہ اللہ۔ متولد بدھوار ۱۲ رمضان ۱۳۴۶ھ ۱۲ مارچ ۱۹۲۷ء پرائمری تک تعلیم رکھتا ہے۔ موضع دھنویہ خورد علاقہ حافظ آباد میں سیم نالہ پر میٹ لگا ہوا ہے۔ اس کی شادی مسمات فاطمہ بی بی بنت سائیں سالم شاہ فقیر قوم رانجھہ سے ہے۔ اس کی ایک لڑکی نسرین اقبال نام ابھی خورد سال ہے۔

۴۔ صاحبزادہ خلیل احمد مرحوم۔

یاران طریقت

آپ کے خاص احباب یہ ہیں:۔

۱۔ صاحبزادہ وزیر محمد بن سید نور الٰہی۔ برادرزادہ ساہنپال شریف ضلع گجرات

۲۔ صاحبزادہ مدثر حسین۔ فرزند اصغر۔ 〃 〃 〃

۳۔ علی محمد مرچی ڈھولا ضلع گجرات ۲۔ شاہ محمد گوندل سلطان پور 〃 سرگودھا

۵۔ محمد علی ارائیں ڈوگریانوالہ 〃 سیالکوٹ ۶۔ محمد شفیع حجام ڈوگریانوالہ 〃 سیالکوٹ

۷۔ فضل رانجھہ بہاولپور

واقعہ وفات

ایک روز میں کتاب ہذا شریف التواریخ کے مسودات لکھ رہا تھا۔ آپ میرے پاس دیوان خانہ میں آکر بیٹھے۔ میں نے کہا کہ آپ کی تاریخ ولادت دیکھنے سے ظاہر ہوتا ہے کہ اب آپ کی عمر تریسٹھ سال ہو چکی ہے، اور اسی قدر حضور سرور عالم صلے اللہ علیہ وسلم کی عمر تھی کہ حضورؐ کا دنیا سے انتقال ہو گیا تھا۔ آپ یہ سن کر کہنے لگے کہ میں تو کہا کرتا تھا کہ میری عمر اسی (۸۰) سال ہو گی۔ لیکن

Marfat.com

آج مجھے یہ شوق پیدا ہوگیا ہے کہ اگر میں اِسی سال میں چلا جاؤں تو میری عمر بھی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام جتنی ہو۔ ایک دو مرتبہ اِس بات کو دُھرایا۔ امرِ الٰہی ایسا ہوا کہ اِس واقعہ سے دس روز بعد آپ کو بخار ہوگیا۔ چار دن رہا۔ تین روز بول نہ سکے۔ ویسے حواس قائم تھے۔ اشاروں سے بات چیت کرتے تھے۔ چوتھے روز جان بحق تسلیم کی۔

آپ زندگی میں کہا کرتے تھے کہ میری رُوح خدا تعالےٰ نے بغیر ذریعہ ملک الموت کے اپنے قبضہ قدرت سے نکالنی ہے۔ چنانچہ ویسا ہی معلوم ہوا کہ آپ نے چارپائی پر اپنے آپ بیٹھ کر چند لقمے کھانا کھایا، اسی وقت لیٹ گئے۔ اور رُوح قفسِ عنصری سے پرواز کر گئی۔ میں اُس وقت پاس کھڑا درود کبریت احمر پڑھ رہا تھا اور دوسرے حاضرین نے سورۂ یٰسٓ پڑھی۔

یہ بات آپ اس لئے کہا کرتے تھے کہ جو شخص مسبعات عشر پڑھتا ہے۔ بزرگوں کا قول ہے کہ اس کی رُوح خدا تعالےٰ خود قبض کرتا ہے اور آپ کا یہ دائمی وظیفہ تھا۔

تاریخ وفات سید غلام احمد کی وفات جمعرات، وقت عشاء، یکم ذیقعدہ ۱۳۶۳ھ میں ہوئی۔ جمعہ کے روز گورستانِ نوشاہیہ میں دفن ہوئے۔ دفن کرنے سے پہلے آپ کی وصیت کے مطابق ستر (۷۰) مرتبہ سورہ یٰسٓ پڑھ کر آپ کو بخشی گئی۔

آپ کی قبر آپ کے بڑے بھائی سید نور الٰہی ؒ کے قدموں میں ہے۔

مادہ تاریخ " بہترینِ خاندان"

صاحبزادہ فیض احمد

فرزند چہارم سید فاضل شاہ بن سید محمد امین مختار ساہن پالوی (رحمتہ اللہ علیہ) والدہ کا نام سیدہ حیات بیگم بنت سید غلام نبی بن سید نور احمد بخورداری دھیرکوی ؒ۔ یہ بچپن میں فوت ہوگیا۔ وفات ۱۳۱۹ھ۔

Marfat.com

صاحبزادہ سردار عالم

فرزند اکبر حضرت سیّد حافظ محمد شاہ نیک اختر بن سیّد محمد امین ساہن پالویؒ۔ والدہ کا نام سیّدہ فاطمہ بی بی بنت سیّد فضل الٰہی بن سیّد غلام قادر برخوردار ساہن پالویؒ۔ بعمر ایک ہفتہ انتقال کیا۔ یہ مؤلف کا حقیقی چچا تھا۔ **وفات** ۱۳۰۲ھ

فائدہ

مؤلف کتاب ہذا فقیر سیّد شرافت عافاہ اللہ کہتا ہے کہ میرا یہ طریقہ ہے کہ علیحدہ عنوان کے ماتحت صرف فوت شدہ بزرگوں کے حالات لکھتا ہوں۔ اور اگر کسی زندہ شخص کے حالات لکھنے ہوں تو وہ ضمناً لکھ دیتا ہوں۔ لیکن یہاں اپنے والد بزرگوار اعلیحضرت قبلہ نوشاہی مدفیوضہٗ کے حالات علیحدہ عنوان کے ماتحت لکھ رہا ہوں۔ اگرچہ آپ کے مفصل حالات طبقہ اوّل میں لکھے جا چکے ہیں۔ مگر یہاں ترتیب نسب کے لحاظ سے دوبارہ مختصراً چند سطور تیمناً و تبرکاً ہدیہ احباب کی جاتی ہیں۔

اعلیحضرت مولانا سیّد غلام مصطفےٰ قبلہ نوشاہی مدفیوضہٗ

غلامِ مصطفےٰ رہبر کمال ست — بزرگ و پیرِ کامل بے مثال ست
نبیرہ پیرِ نوشہ در زمانہ — معظم قادریہ خوش جمال ست
ملقب پیر نوشاہی شدہ بس — ظفر حاضر شدہ باخستہ حال ست

اوصافِ جمیلہ آپ صاحب العزو العلا، اہل المجد والتقا، سلطانِ کملائے زمانہ، برہانِ عرفائے یگانہ، وارث الاولیاء، امام الاصفیا، صاحبِ توحید و تفرید و عشق و محبت ہیں۔

آپ حضرت سیّد حافظ محمد شاہ خلف الرشید سیّد محمد امین مختار نوشاہی برخورداری ساہن پالویؒ کے فرزندِ اصغر اور مرید و خلیفہ ہیں۔

Marfat.com

تاریخ ولادت آپ کی ولادت بروز منگلوار۔ وقت ظہر بستائیسویں جمادی الاخریٰ سنہ ۱۳۰۷ھ میں ہوئی۔

مادہ ہائے تاریخ "طوطیِ پری رخسار" ریاض رسول۔

تعلیم آپ نے پنڈی کالو کے سکول میں پرائمری تک تعلیم پائی۔ دینی تعلیم اپنے والد بزرگوار حضرت سیّد حافظ محمد شاہ اور مولوی محمد شیخ احمد حنفی نقشبندی ساکن دھریکاں اور حافظ عالم الدین ؒ ساکن اگرویہ اور مولوی قاضی محمد امین حنفی نقشبندی ساکن بھکھڑیانوالی سے پائی۔

فضل و کمال آپ زمانہ حاضرہ میں تمام اولاد حضرت نوشہ صاحبؒ میں علم و عمل و حال میں لاثانی ہیں۔ آپ کے اخلاق و عادات اور فضائل و کمالات اور کشف و کرامات بزرگانِ سلف سے مطابقت رکھتے ہیں۔

اولاد آپ کا نکاح حضرت سیدہ حسین بی بی بنت سیّد غلام علی بن سیّد قدم الدین برخورداری ساہن پالویؒ سے ہوا۔ ان کے بطن سے اولاد ہوئی ہے۔

آپ کے دو بیٹے ہوئے :۔

۱۔ مولف کتاب ہذا فقیر سیّد ابوالظفر شریف احمد شرافت عافاہ اللہ تعالےٰ۔

۲۔ صاحبزادہ مولوی سیّد ابوالرضا بشیر احمد بشارت مرحوم۔

آپ کی پانچ بیٹیاں ہوئیں :۔

۱۔ سیّدہ نذیر بیگم۔ یہ تارکہ مجردہ ہے۔

۲۔ سیّدہ رضیہ بیگم کبریٰ۔ چند ماہ کی عمر میں فوت ہو گئی۔

۳۔ سیّدہ رضیہ بیگم صغریٰ۔ منکوحہ صاحبزادہ عبدالکریم عباسی بن سیّد عمر حیات چنبیلی۔

۴۔ سیّدہ صفیہ بیگم۔ منکوحہ صاحبزادہ ممتاز احمد بن سیّد کرم الٰہی ساہن پالویؒ۔

۵۔ سیّدہ رشیدہ بیگم۔ منکوحہ صاحبزادہ حکیم مظفر حسین بن سیّد غلام احمد کاتب ساہن پالویؒ۔

یارانِ طریقت آپ کے مرید ہزاروں کی تعداد میں ہیں۔ پہلے طبقہ میں آپ کے بائیس ۲۲ صوبے، باون (۵۲) بانوا اور بہتر (۷۲) امراء کے اسماء گرامی

Marfat.com

لکھے جا چکے ہیں۔

مدحیات آپ کی توصیف میں فارسی، اردو، پنجابی زبان میں شاعروں نے بہت کچھ لکھا ہے۔ یہاں صرف تین نظمیں لکھی جاتی ہیں:۔

(۱)

از فقیر سید شرافت عفا اللہ عنہ

زہے درگاہِ آں عالی جنابے — کہ از وے نور یابد آفتابے
خجے آں مہبطِ اسرارِ اعظم — مقدس نام وے مشہورِ عالم
جنابِ مظہرِ انوارِ سبحاں — دلیلِ عارفاں محبوبِ یزداں
سرو سالارِ اشرافِ زمانہ — بملکِ عشق سلطانِ یگانہ
چراغِ خاندانِ قادریہ — امامِ عاشقانِ نوشہیہ
زہے شاہِ غلامِ مصطفےٰ نام! — بباغِ نوشہ غنچہ نیک فرجام
بحق دارد مکمل آشنائی — ز نورش دل بگیرد روشنائی
علومِ معرفت از بر نمودہ — برد اسرارِ وحدت حق کشودہ
شدہ مخصوص اورا تاجِ اقبال — بتختِ منقبت بنشستہ ہر حال
مجیدِ وقت و معروفِ زمان ست — محی الدینِ ثانی در جہان ست
بہ اسرارِ لدنّی شاہدِ پاک — زمیں از بہرِ پابوسش شدہ خاک
فلک گردِ سرش طائف مدام ست — ز فخرِ ذاتِ وے عالی مقام ست
چو در عالم ندائے فیضِ او شد — ہجومِ خلق ہر دم گرد او شد
مشائخ وقت نزدش فیض جویاں — رسیدہ نعرۂ الحمد گویاں
جمال و حسن وے ظاہر چناں ست — کہ یوسف دستِ حیرت در دہاں ست
بوصفِ روئے او نغمہ سرا حور — صفائے چہرہ اش نورٌ علیٰ نور
کند گر نظرِ رحمت بر گدائے — بتختِ فقر گردد بادشاہے
چنیں سیلابِ فیضش عام باشد — کہ ہر تشنہ از و پُر جام باشد

Marfat.com

ہر آنکو بر درِ شاہے رسیدہ — خیال از ہستیِ خود برکشیدہ.
بہ ساہن پال سجادہ نشین ست — زسر تا پا شریعت اہلِ دین ست
بخدمت ہر کہ آمد مخلصانہ — زفیضش گشت زندہ جاودانہ
ہزاراں در ہزاراں خلق آیند — زبحرِ جودِ او قطرہ ربائند
نہد مرہم بزخمِ دلفگاراں — کند سرسبز چوں ابر بہاراں
شہا از بس دلِ پُر درد دارم — زعشق دلربا رُخ زرد دارم
جگر از عشق حق شد پارہ پارہ — بجز درگاہ پاکت نیست چارہ
بنظرِ لطف بنگر سوئے عالم — زجورِ عشقِ جاناں پائمالم
توئی ملجائے من ذرہ نوازا — بجز تو نیست کس اے چارہ سازا
کنی گر یک نگہ برحالِ زارم — سزد گر بگذرد از چرخ کارم
ثنا افت جاں فدا کن بر درِ پیر — بصد شوق و ارادت دامنش گیر
ازیں درگہ بیابی ہرچہ خواہی — کنی در ملک معنی بادشاہی

(۳)

از میاں رحمت علی ظفر ساکن الّا نوالی کڑیال چک ۱۹
ضلع شیخوپورہ

رازدانِ اولیاء حضرت غلام مصطفےٰ — کاملوں کے رہنما حضرت غلام مصطفےٰ
فیض بارش کی طرح ہر سو ہی دیکھا عام ہے — مظہرِ نورِ خدا حضرت غلام مصطفےٰ
ماہِ انور چرخ پیری پر جو ہے جلوہ فروز — برزمیں ماہِ لقا حضرت غلام مصطفےٰ
دردمندوں کے لئے دیکھا درِ الوار ہے — آستانِ پارسا حضرت غلام مصطفےٰ
بحرِ عشقِ پیر نوشہ کا خزینہ خاص ہے — وہ بھی ہے تیری رضا حضرت غلام مصطفےٰ
ازطفیلِ پیر نوشہ کر نگاہِ باطنی — دیکھ لوں میں بھی لقا حضرت غلام مصطفےٰ
اک نگاہِ لطف سے عاصی کا بیڑا پار کر — ہے ظفر کی التجا حضرت غلام مصطفےٰ

Marfat.com

(۳)

از کتاب نغمہ عشق مصنفہ شہزادہ شاہد رضا شرافتی
ساکن لوڑکی ضلع گوجرانوالہ

آ ساقی کر مدد میری دیہ شراب چنگیری
جا ادب دی آئی اگوں ہوش رہے تھاں میری
مت بے ادبی ہووے کوئی کم علمی دے پاروں
صاحب سچا کڈھے مینوں مار دھکے دربارون
اوہ ہے دادا مرشد میرا نائب شاہ لولا کی
جس دی اردل دے وچ رہندے ملک سبھے افلاکی
بھکھے تکے درتے لکھاں لنگر رہندا جاری
نوشہ والی شان مبارک بخش کیتی رب باری
نام لیاں ہووے حل مشکل وہ وہ مرد الٰہی
حضرت شاہ غلام مصطفےٰ صاحب سوہنا لقب نوشاہی
نظر برابر کیمیا اس دی سایہ وانگ ہمادے
چھڈ دنیا نوں لائی یاری سوہنے نال خدا دے
منزل وچ بقا دے ٹر یا گھوڑا تیز چلاندا
نال سینے پھڑ لا دے جس نوں جنت سیر کراندا
پلٹ دیوے تقدیراں ہادی لیا شرف الاہوں
ولیاں دی سرداری اس نوں بخش ہوئی درگاہوں
بھکے باغ ہوون گلزاراں جس دم نظر اٹھاون
بحر حقیقت اندر وڑکے عشقوں "باریاں لاون
شاہ ملکاں دے قدمیں جھڑ دے دیکھ جمال نورانی
صفت ثنا اس مرد اللہ دی ہوندی نہیں زبانی

Marfat.com

خدمت وچ تساندی حضرت آون لوک ہزاراں
روندے آون ہمدے جاون کر کر عیش بہاراں
اوتر آون سوتر جاون وہ وہ جاگ لگاویں
کوہڑے آون خیریں جاون جاں توں کرم کماویں
رُہڑ دے بیڑے بنے لاویں نفر کریں اِکواری
قدرت قلم آئی ہتھ تیرے ہر شئے دی مختاری
ہیں بھی در تیرے تے ڈھٹھا تیرا شان اُچیرا
طوق گناہاں گل وچ میرے لاہنا ہے کم تیرا
نہیں مجال کنگال بندے دی عرض کراں در تیرے
توں شاہاں دا شاہ سداویں عیب چھپاویں میرے
کی ہویا جے لکھاں پچھے اک عاجز نوں تاریں
جھلے کوئی نہ پاسا شاہ دے توں یار وساریں

اعلیٰحضرت[1] قبلہ ادام اللہ برکاتہ

اس وقت سال تحریر طبقہ ہذا ۱۳۷۶ھ میں بعمر اسّی (۸۰) سال زندہ موجود ہیں۔ اور ساہن پال شریف ضلع گجرات میں مسند آرائے طریقت ہیں :۔ متع اللہ المستفیدین بطول بقائہٖ۔

صاحبزادہ مشتاق علیؒ

خلف سوم سید شیر علی بن سید محمد شفیع ساہن پالویؒ۔ والدہ کا نام سید حسین بی بی

---

[1] اعلیٰ حضرت سید غلام مصطفےٰ نوشاہی کا مزید و مفصل ذکر شریف التواریخ کی تیسری جلد موسوم بہ تذکرۃ النوشاہیہ کے نوویں (۹) حصہ فوائد الاذکار نام میں لکھا جائے گا۔ شرافت۔

Marfat.com

بنت سیّد نورالدین بن سیّد کرم الدین برخورداری رح۔ ساکن چک جانی تھا۔

تاریخ ولادت | اس کی پیدائش ماہِ شعبان ۱۳۲۵ھ میں ہوئی۔
تاریخی نام " افضال علی شاہ "

قطعہ تاریخ

از مولوی محمد سلام اللہ شائق ساکن چک عمر

از عنایاتِ خاص ذاتِ آلہ — حسبِ فرمانِ پیر مکھن شاہ
سوئے بلد حضرتِ مشتاق — روئے بنمود چوں ہلال از طاق
بود سالِ ولادتش بکمال — بست و ہشت و ہزار و سہ صد سال

تعلیم | اس نے حافظ غلام محمد امام مسجد چھنی ساہن پال سے قرآن مجید اور چند دینی رسائل پڑھے۔ سکول پنڈی لالہ میں بھی دو جماعت پڑھیں۔ کتب خوانی کی استعداد ہو گئی۔ پھر اپنے والد صاحب کے ہمراہ کاشت کاری کی۔

تاریخ وفات | مشتاق علی کی وفات بعمر چودہ (۱۴) سال بعارضہ طاعون بروز پنجشنبہ۔ بائیسویں رجب ۱۳۴۲ھ میں ہوئی۔ قبر گورستان نوشاہیہ میں ہے۔

مادہ تاریخ ہے " شبِ غم "

صاحبزادہ اشتیاق علی رح

خلفِ چہارم سیّد شیر علی بن سیّد محمد شفیع ساہن پالوی۔ والدہ کا نام سیّدہ حسین بی بی بنت سیّد نورالدین بن سیّد کرم الدین برخورداری رح ساکن چک جانی تھا۔

تاریخ ولادت | اس کی تاریخ پیدائش ۱۳۲۰ھ ہے۔
تاریخی نام " مظفر علی "

Marfat.com

قطعہ تاریخ

از مولوی محمد سلام اللہ شائق ساکن چک عمر

چار میں بار رحمتِ غفار — شد ز پردہ برون چو چہرۂ یار
اشتیاقِ علی ولادت یافت — بہرۂ کامل از سعادت یافت
بود سالِ ولادتش بہ عیاں — سہ صد و یک ہزار و سی بجہاں

تاریخ وفات | اشتیاق علی کی وفات بعمر آٹھ ماہ ۱۳۳۱ھ میں ہوئی۔ قبر گورستانِ نوشاہیہ میں ہے۔

قطعہ تاریخ

از مولانا شائق مرحوم

ہست افسوس در طفولیت — کرد رحلت چو بافبولیت
رحمتِ حق بروحِ ایشاں باد — دشمنِ بدگہر پریشاں باد
سال فوتش بگوئم از اقوال — سی و یک ہست سیزدہ صد سال

مادہ ہائے تاریخ ۱۔ طفیل غریب ۲۔ غفران

صاحبزادہ ریاض احمد لاہوریؒ

فرزند دوم سید عبدالحق بن سید نیاز محمد لاہوریؒ والدہ کا نام مسمات حاکم بی بی جو قصبہ ہیلاں کے متہاس خاندان سے ہیں۔

تاریخ ولادت | اس کی پیدائش بروز ہفتہ۔ پانچویں شعبان ۱۳۴۱ھ میں ہوئی۔ تاریخی نام "ریاض الرحمان"

تاریخ وفات | اس نے بعمر چند ماہ ۱۳۴۲ھ میں انتقال کیا اور لاہور گورستان میانی میں دفن ہوا۔ مادہ تاریخ ہے "فروغ بزم ابد"

Marfat.com

صاحبزادہ افتخار احمد لاہوریؒ

فرزند چہارم سید عبدالحق بن سید نیاز محمد برخورداری لاہوریؒ۔ والدہ کا نام مسمات حاکم بی بی ہیلانی۔ اس نے بچپن میں انتقال کیا۔ مدفون لاہور۔
وفات ۱۳۴۴ھ۔

سید سردار عالم دھیرکویؒ

آپ سید سلطان محمود بن سید غلام نبی برخورداری دھیرکویؒ کے بڑے بیٹے تھے۔ بیعتِ طریقت آپ کی اپنے ماموں سید پیر عالم بن سید عمر بخش رسولنگریؒ سے تھی۔

آپ کی والدہ کا نام سیدہ حیات بیگم بنت سید عمر بخش برخورداری رسولنگریؒ تھا۔

بیویاں آپ کی دو اہلیہ تھیں:۔

۱۔ سیدہ اللہ جوائی بنت سید غلام حسن بن سید نور احمد برخورداریؒ۔ اس کو طلاق دے دی۔

۲۔ سیدہ حاکم بی بی بنت سید کرم الٰہی بن سید لدھے شاہ برخورداری پانڈوکویؒ۔

دونوں بیویوں کے بطن سے کوئی اولاد نہیں ہوئی۔

تاریخ وفات سید سردار عالم کی وفات بعالم شباب یکم شعبان ۱۳۳۶ھ میں ہوئی۔ قبر دھیر کے خود متصل گجرات ہے۔

مادۂ تاریخ "چراغ مجلس"

صاحبزادہ شاہ ولی دھیرکویؒ

خلفِ اکبر سید سلطان احمد بن سید غلام نبی برخورداری دھیرکویؒ۔ والدہ کا نام مسمات بیونی نومسلمہ بنت پنڈت رام کشن برہمن دھیرکویؒ۔ بچپن میں ہی فوت ہو گیا۔ وفات ۱۳۱۵ھ

Marfat.com

صاحبزادہ پیر محمدؐ چنبھلیؒ

فرزند سیّد محمد حیات بن سیّد غلام حسین برخورداری چنبھلیؒ۔ والدہ کا نام سیّدہ حاکم بی بی بنت سیّد سلطان احمد برخورداری دھیرکویؒ طفولیت میں انتقال کر گیا۔
وفات ۱۳۳۰ھ۔

صاحبزادہ نذیر حسین چنبھلیؒ

فرزند اکبر سیّد کرم حیات بن سیّد غلام حسین چنبھلیؒ والدہ کا نام سیدہ امینہ بی بی بنت سیّد فضل حسین بن سیّد بنے شاہ ہاشمی رَن ملویؒ۔

تاریخ ولادت اس کی پیدائش ماہِ ربیع الثانی ۱۳۴۲ھ میں ہوئی۔
تاریخی نام "محمد ظہور الحق"

تاریخ وفات صاحبزادہ نذیر حسین کی وفات بعمر گیارہ ماہ خناق سے سات روز بیمار رہ کر بروز جمعہ تیسری ربیع الاوّل ۱۳۴۲ھ میں ہوئی۔ مادہ تاریخ "فیض موہبت"

صاحبزادہ اکبر علی چنبھلیؒ

فرزند دوم سیّد کرم حیات بن سیّد غلام حسین چنبھلیؒ۔ والدہ کا نام سیّدہ امینہ بی بی بنت سیّد فضل حسین بن سیّد بنے شاہ ہاشمی رَن ملویؒ۔

تاریخ ولادت اس کی پیدائش بروز منگوار۔ ستارہویں ذیقعد ۱۳۵۲ھ میں ہوئی۔
تاریخی نام "محضر شاہ"

تاریخ وفات صاحبزادہ اکبر علی پچیس روز کا ہو کر ہفتہ بارہویں ذی الحجہ ۱۳۵۲ھ میں رحلت کر گیا۔
مادہ تاریخ "لالہ خستہ جگر"

Marfat.com

صاحبزادہ خضر حیات چنبھلیؒ

فرزند سوم سیّد کرم حیات بن سیّد غلام حسین برخوردار چنبھلیؒ۔ والدہ کا نام سیّدہ امینہ بی بی بنت سیّد فضل حسین بن سیّد بنے شاہ ہاشمی رَن مَلوی ؒ

تاریخ ولادت اس کی پیدائش منگوار۔ پانچویں محرم ۱۳۵۷ھ میں ہوئی۔
تاریخی نام "محمّد اختیار احمد"

تاریخ وفات صاحبزادہ خضر حیات کی وفات بعمر ساڑھے نو ماہ۔ بروز منگوار۔ بیسویں شوال ۱۳۵۷ھ میں ہوئی۔
مادۂ تاریخ "عفو تقصیرات"

Marfat.com

باب یازدہم

اس میں ان بزرگوں کے ذکر ہیں جو حضرت نوشہ صاحبؒ سے گیارہویں پشت ہیں۔

صاحبزادہ غلام محمدؒ

فرزند دوم سیّد غلام رسول بن سیّد فضل الٰہی برخورداری ساہن پالویؒ۔ والدہ کا مسمات رحمت بی بی المعروف بیگم بی بی قوم بھٹی۔ ساکن درگاہی والہ۔ شیرخوارگی میں انتقال کیا۔ وفات ۱۳۲۱ھ

سیّد مہتاب دین پانڈوکویؒ

آپ سیّد امام الدین بن سیّد قاسم علی برخورداری پانڈوکویؒ کے اکلوتے بیٹے تھے۔ بیعت طریقت سیّد عمر بخش بن سیّد لطف الدین ساہن پالویؒ سے تھی۔

آپ کی والدہ کا نام حضرت فضل بی بی بنت میاں غلام حیدر جنجوعہ۔ ساکن دھنویہ خورد تھا۔

اخلاق وعادات آپ نیک اطوار۔ کم گو تھے۔ اکثر خاموش رہتے۔ موضع پانڈو کے کلان میں سکونت رکھتے۔ نہر لوئر چناب پر مچھوا (کشتی خود) چلانے پر ملازم تھے۔

اولاد آپ کا نکاح جمعہ سولہویں ربیع الثانی ۱۳۱۹ھ میں سیدہ جنت بی بی بنت سیّد الٰہدین بن سیّد امام بخش برخورداری ساہن پالویؒ سے ہوا۔ اس کے بطن سے اولاد ہوئی۔

Marfat.com

آپ کا ایک ہی بیٹا صاحبزادہ پیر محمّد نام تھا۔ جو جوانی میں آپ کی زندگی میں اکیسویں رجب ۱۳۴۲ھ میں کنوارا ہی فوت ہو گیا۔

آپ کی ایک بیٹی ہے۔ سیّدہ فاطمہ بی بی۔ یہ سیّد نبی بخش بن سیّد کریم اللہ برخورداری ساہن پالوی رح کی منکوحہ ہے۔

تاریخ وفات سیّد مہتاب دین کی وفات بروز جمعہ۔ چودھویں شعبان ۱۳۵۰ھ میں ہوئی۔ قبر گورستانِ نوشاہیہ میں ہے۔

مادۂ تاریخ "بحسرت رفت"

صاحبزادہ فقیر اللہ رح

خلفِ اکبر سیّد کریم اللہ بن سیّد اقبال علی ساہن پالوی رح۔ والدہ کا نام سیّدہ سَید بی بی بنت سیّد قاسم علی برخورداری پانڈوکوی رح۔ بعالم شیر خوارگی انتقال کیا۔ وفات ۱۳۱۴ھ

صاحبزادہ کرم الٰہی رح

خلفِ دوم سیّد کریم اللہ بن سیّد اقبال علی ساہن پالوی رح۔ والدہ کا نام سیّدہ سَید بی بی بنت سیّد قاسم علی پانڈوکوی رح۔ بچپن میں فوت ہوا۔ وفات ۱۳۱۶ھ

سیّد میراں بخش رح

فرزند چہارم سیّد کریم اللہ بن سیّد اقبال علی ساہن پالوی رح۔ آپ کی بیعتِ طریقت سیّد شیر عالم بن سید عمر بخش رسولنگری رح سے تھی۔

آپ کی والدہ کا نام سیّدہ سَید بی بی بنت سیّد قاسم علی تھا۔

تعلیم آپ نے قرآن مجید اور چند درسی کتابوں کی تعلیم حافظ غلام محمد امام مسجد چھنی ساہن پال سے پائی۔ کتابیں روانی سے پڑھ لیا کرتے تھے۔

Marfat.com

اخلاقی آپ مسکین طبیعت تھے، مزاج میں حلیمی تھی، خوش آواز تھے، موسیقی کے واقف تھے۔ قرآن مجید اور نعتیں اور کافیاں خوش الحانی سے پڑھا کرتے۔ اکثر قصہ سیف الملوک راگ ٹلنگ میں پڑھا کرتے۔ بڑی تاثیر ہوا کرتی۔ آپ کا دایاں پاؤں لنگ تھا۔

معمولات آپ نماز کے پابند تھے۔ جماعت کروا لیا کرتے۔ نماز عشاء کے بعد اکثر درگاہِ عالیہ نوشاہیہ پر چلے جایا کرتے اور تمام رات وہیں گذارتے۔

اولاد آپ کا نکاح دسویں ربیع الثانی ۱۳۴۵ھ کو اپنے چچا کی بیٹی سیدہ فاطمہ بی بی بنت سیّد حبیب اللہؒ سے ہوا۔ اس کے بطن سے صرف ایک بیٹا ہوا۔

آپ کا بیٹا صاحبزادہ نذر محمد المعروف نذر مولیٰ نام موجود ہے۔ متولد ۱۳۴۷ھ اردو کی تعلیم رکھتا ہے۔ نعتیں کافیاں پڑھنے کا شوقین ہے۔ اس کی دو شادیاں ہوئیں۔

پہلی شادی:۔ سیدہ نواب بی بی بنت سیّد نور حسین بن سیّد رحیم اللہ برخورداری پانڈوکویؒ سے۔ اس کو طلاق دے دی ہے۔

دوسری شادی:۔ سیدہ بشیر بیگم بنت سید حیدر شاہ بن سیّد عطا محمد ساہن پالوی سے۔

واقعہ وفات آپ بعارضہ بخار بیمار تھے۔ مؤلف آپ کی عیادت کے واسطے پاس بیٹھا تھا۔ آپ پر حالت نزع طاری ہوئی۔ بلند آواز سے کلمہ طیبہ پڑھا اور تین بار کہا یانوشہ۔ یانوشہ۔ یانوشہ۔ اور وجد کی حالت میں جان بحق تسلیم کی۔

تاریخ وفات سیّد میراں بخش کی وفات بعمر جوانی۔ بروز پنجشنبہ گیارہویں جمادی الثانی ۱۳۴۸ھ میں ہوئی۔ قبر گورستانِ نوشاہیہ میں ہے۔

مادۂ تاریخ "سکانِ تواضع"

Marfat.com

صاحبزادہ برکت علیؒ

فرزند اکبر سیّد حسیب اللہ بن سیّد اقبال علی ساہن پالوی۔ والدہ کا نام سیّدہ حسن بی بی بنت سیّد کرم الٰہی بن سیّد حیدر شاہ ہاشمی رُن ملوی ؒ

تاریخ وفات صاحبزادہ برکت علی کی وفات لڑکپن میں۔ بروز منگوار یکم ذی الحجہ ۱۳۳۰ھ میں ہوئی۔

مادۂ تاریخ "سراغ دین نبی"

صاحبزادہ عمر حیاتؒ

فرزندِ دوم سیّد حسیب اللہ بن سیّد اقبال علی برخورداری ساہن پالوی۔ والدہ کا نام سیّدہ حسن بی بی بنت سیّد کرم الٰہی ہاشمی رُن ملوی۔

صاحبزادہ عمر حیات کی وفات بچپن میں ہی ہو گئی۔ **وفات ۱۳۴۰ھ**

صاحبزادہ محمّد حیاتؒ

فرزند سوم سیّد حسیب اللہ بن سیّد اقبال علیؒ۔ والدہ کا نام سیّدہ حسن بی بی بنت سیّد کرم الٰہی بن سیّد حیدر شاہ ہاشمی رُن ملویؒ

اس کی پیدائش حضرت سیّد غلام علی بن سیّد قدم الدین ساہن پالویؒ کی دُعا سے ہوئی تھی۔ اُن کے فرمودہ کے مطابق اس کا پاؤں کمزور تھا۔ چلنے میں لنگ تھا۔ لڑکپن میں ہی اپنے والد کی زندگی میں دنیا سے چل بسا۔ **وفات ۱۳۴۵ھ**

صاحبزادہ محمد حیات پانڈوکویؒ

فرزند سید چراغ دین المعروف بُدوح شاہ بن سید محمد علی برخورداری پانڈوکویؒ۔ والدہ کا نام مسمات حسین بی بی قوم فقیر ساکن مہڑیالہ مضافات رسولنگر ضلع گوجرانوالہ۔

Marfat.com

تاریخ ولادت اس کی پیدائش بروز اتوار۔ دسویں جمادی الاولیٰ ۱۳۲۲ھ میں ہوئی۔ تاریخی نام " چراغ حسن "

تاریخ وفات صاحبزادہ محمد حیات پانڈوکوی کی وفات بعمر پانچ سال اپنے والد کی زندگی میں ماہ جمادی الاخریٰ ۱۳۲۷ھ میں ہوئی۔ پانڈوکے میں مدفون ہوا۔

مادۂ تاریخ " نورِ عارض "

صاحبزادہ منظور حسن رح

خلفِ چہارم سید بوٹے شاہ بن سیّد عمر بخش برخورداری ساہن پالوی رح۔ والدہ کا نام مسمات امام بی بی المعروف برکت بی بی بنتِ چوہدری جان محمد چیمہ۔ ساکن کوٹ نورا متصل گکھڑ ضلع گوجرانوالہ۔

یہ طفولیت میں ہی انتقال کر گیا۔ وفات ۱۳۳۳ھ

صاحبزادہ محمد عالم چک جانی والہ رح

فرزند سیّد ولی محمد بن سیّد ابراہیم برخورداری رح۔ ساکن چک جانی۔ والدہ کا نام سیّدہ وزیر بیگم بنت سیّد شیر علی بن سیّد سلطان علی ہاشمی رُن ملوی۔

اولاد اس کا نکاح سیّدہ حاکم بی بی بنت سیّد حسن محمد بن سیّد نظام الدین برخورداری رح۔ ساکن شیخ علی پور متصل ہیلاں سے ہوا۔ اس کے بطن سے اولاد ہوئی۔

اس کے دو بیٹے ہیں :-

۱۔ صاحبزادہ فضل احمد
۲۔ صاحبزادہ نذیر احمد۔ } دونوں اس وقت موجود ہیں۔

اس کی ایک بیٹی ہے۔ سیّدہ سکینہ بی بی۔ ابھی کنواری ہے۔

Marfat.com

تاریخ وفات سیّد محمّد عالم کی وفات ۱۳۶۸ھ میں ہوئی۔ قبر چک جانی ضلع گجرات میں ہے۔

مادہ تاریخ "مشیخت پایہ"

صاحبزادہ منظور حسین بڑجن والہؒ

خلف سیّد محمّد عالم بن سیّد نظام الدین بن سیّد شاہ نواز برخورداری ساکن بڑجن۔ ضلع میرپور۔ والدہ کا نام سیّدہ رشیم بی بی بنت سیّد پیراں دتہ بن سیّد قطب الدین ساہن پالویؒ۔

تاریخ ولادت اس کی پیدائش بروز سوموار تیسری ذیقعد ۱۳۴۱ھ میں ہوئی۔ تاریخی نام "اعظم الرحمان"

شادی اس کی شادی سیّدہ فاطمہ بی بی بنت سیّد روشن دین بن سیّد پیرانداتہ ساہن پالویؒ سے ہوئی۔ اس کا انتقال بعالم شباب ہوگیا۔

وفات ۱۳۶۲ھ

صاحبزادہ صوبے شاہؒ

آپ کا نام محمّد شریف المعروف صوبے شاہ۔ آپ سیّد کرم الٰہی بن سیّد فاضل شاہ ساہن پالویؒ کے بڑے بیٹے تھے۔ آپ کی والدہ کا نام سیّدہ کرم بی بی بنت سیّد حافظ روح اللہ بن سیّد محمّد امین تھا۔ آپ کے نانا صاحب اور دادا صاحب دونوں بھائی تھے۔

تاریخ ولادت آپ کی پیدائش، سوموار کی رات، وقت نماز تہجد، پانچویں ربیع الثانی ۱۳۱۹ھ میں ہوئی۔ تاریخی نام "حسن اختر"۔

تعلیم آپ نے چند عرصہ پرائمری سکول پنڈی کالو میں تعلیم پائی۔ پھر عادل گڑھ ضلع گوجرانوالہ میں مولوی عبدالعزیز خوشنویس امام مسجد مغربی کے پاس کچھ ایام رہے۔ وہاں سے اردو، دینیات کی کچھ کتابیں پڑھیں۔

Marfat.com

ملازمت ایک مرتبہ منڈی علی پور چٹھہ میں آپ ایک مشین پر ملازم رہے۔ جنگِ عظیم کے دوران میں بھرتی کرنے والے افسروں نے آپ کو جبراً پکڑ لیا جب گوجرانوالہ لے گئے تو انہوں نے خود بخود چھوڑ دیا۔

تاریخ وفات صوبے شاہ کی وفات بعمر اٹھارہ سال کنوارے ہی، بدھوار کی رات، وقت نماز تہجد ۲۳ محرم ۱۳۴۷ھ میں ہوئی۔ قبر گورستانِ نوشاہیہ میں ہے۔

مادۂ تاریخ "فرد رفت دوام"

صاحبزادہ عزیز احمدؒ

فرزند دوم سید کرم الٰہی بن سید فاضل شاہ برخورداری ساہن پالویؒ۔ والدہ کا نام مسمات رضیہ بیگم المعروف ولایت بیگم قوم چبھہ راجپوت۔ ساکن رینگ بانگ ضلع جہلم۔

اس کی بیعت طریقت اعلحضرت سید غلام مصطفےٰ نوشاہی ادام اللہ برکاتہ سے تھی۔

تاریخ ولادت اس کی پیدائش بروز اتوار بوقت دوپہر پانچویں ربیع الاوّل ۱۳۳۲ھ میں ہوئی۔ تاریخی نام "چراغ حسین"

تعلیم اس نے قرآن مجید حضرت سیدہ محمد بی بی بنت سید محمد امین مختار ساہن پالویؒ سے پڑھا۔ اور پرائمری تک سکول رن مل میں تعلیم پائی۔ کتاب کریما، تمام حق، پند نامہ شیخ عطار۔ مؤلف کتاب ہذا فقیر سید شرافت عفا اللہ عنہ سے پڑھیں۔ ابھی گلستان پڑھتا تھا کہ دنیا سے کوچ کر گیا۔

صورت و سیرت اس کی صورت پسندیدہ و مرغوب تھی۔ نقش اچھے تھے۔ ایک درویش سائیں سردار علی لاہوری نے اس کو دیکھا تو متعجب ہوا اور مجھے کہنے لگا کہ میں سمجھتا تھا کہ شہروں کے لوگ بہ نسبت دیہات کے حسین ہوتے ہیں۔ لیکن اس لڑکے نے میرا خیال غلط ثابت کر دیا۔ اس کے اخلاق بھی اچھے تھے۔

Marfat.com

تاریخ وفات عزیز احمد[1] کی وفات کنوارے ہونے کی حالت میں بعمر پندرہ سال بعارضہ سرسام بروز بدھوار۔ وقتِ عصر ۲۳ر جمادی الاولیٰ ۱۳۲۶ھ میں ہوئی۔ قبر گورستانِ نوشاہیہ میں ہے۔

مادۂ تاریخ "منظور دو عالم"

صاحبزادہ نذر محمدؒ

خلف اکبر سید نور الٰہی بن سید فاضل شاہ برخوردار ساہن پالویؒ والدہ کا نام سیدہ حیات بی بی بنت سید امام الدین بن سید قاسم علی برخوردار پانڈوکویؒ

تاریخ ولادت اس کی پیدائش ماہِ شوال ۱۳۲۶ھ میں ہوئی۔
تاریخی نام "عظیم شاہ"

فراست یہ مادر زاد گونگا اور بہرا تھا۔ ایک آنکھ میں بھی سفیدی تھی۔ لیکن باوجود معذور ہونے کے عقلمند تھا۔ بچپن میں سوئی دھاگہ سے بہت عمدہ بٹوے بُن لیا کرتا ــــ بڑے چھوٹے کی خوب پہچان تھی۔

کرامت

ایک ایذا دینے والے کا بیمار ہو جانا ایک روز یہ اپنے مویشیوں کے واسطے چارہ لینے گیا۔ بیلہ میں کھیتوں میں سے گھاس کھود رہا تھا۔ جلّا بن جواہر تارڑ ساہن پالیہ نے جو اس کا ہم عمر تھا اس کو طمانچہ مارا کہ ہمارے کھیت سے کیوں گھاس لیا ہے۔ جب وہ اپنے گھر پہنچا تو اس کو سخت بخار ہو گیا۔ حتیٰ کہ تین روز تک بے ہوش پڑا رہا۔ جب اس کے والدین کو پتہ

---

[1] سید عزیز احمد کا کچھ ذکر شریف التواریخ کی تیسری جلد موسوم بہ تذکرۃ النوشاہیہ کے دسویں حصہ عمائد الادوار نام میں بھی لکھا جائے گا۔ شرافت

Marfat.com

چلا تو انہوں نے آکر نذر محمد سے معافی لی اور ایک دھڑکی نذرانہ میں دے کر اس کو خوش کیا۔ اس نے جا کر ہاتھ پھیرا تو جلا کا بخار اتر گیا۔

تاریخ وفات نذر محمد کی وفات بحالتِ تجرید بعارضہ فالج بعمر اکیس سال ۱۳۴۷ھ میں ہوئی۔ قبر گورستان نوشاہیہ میں ہے۔

مادہ تاریخ "فضیلت آگاہ"

صاحبزادہ نذیر محمدؒ

خلف دوم سید نور الٰہی بن سید فاضل شاہ ساہن پالویؒ۔ والدہ کا نام سیدہ حیات بی بی بنت سید امام الدین بن سید قاسم علی پانڈوکویؒ۔

تاریخ ولادت اس کی پیدائش ماہِ شوال ۱۳۲۸ھ میں ہوئی۔
تاریخی نام "افضال علی شاہ"

تعلیم یہ بچپن میں مدرسہ رَن مَل میں پڑھنے جایا کرتا تھا۔ ابھی بچہ ہی تھا کہ فوت ہو گیا۔

تاریخ وفات نذیر محمد کی وفات بعمر نو (۹) سال بروز منگلوار۔ نوویں (۹) محرم ۱۳۳۷ھ میں ہوئی۔ قبر گورستانِ نوشاہیہ میں ہے۔

مادہ تاریخ "غالب فہد"

صاحبزادہ وزیر محمد۔ اکبرؒ

خلفِ سوم سید نور الٰہی بن سید فاضل شاہ ساہن پالویؒ۔ والدہ کا نام سیدہ حیات بی بی بنت سید امام الدین بن سید قاسم علی برخورداری پانڈوکویؒ۔

تاریخ ولادت اس کی پیدائش بروز ہفتہ ۲۹ جمادی الاخرے ۱۳۳۰ھ میں ہوئی۔ تاریخی نام "خیرات احسن"

فـ:۔ چونکہ یہ بچہ ہی فوت ہو گیا۔ اس کے بعد جو لڑکا پیدا ہوا۔ تو والدین نے

Marfat.com

اس کا نام بھی وزیر محمد رکھ دیا۔ اِس لئے اِس کو وزیر محمد اکبر لکھا گیا ہے اور دوسرا لڑکا جو وزیر محمد اصغر ہے۔ وہ اب سالِ تالیف کتاب میں بعمر چالیس سال زندہ موجود ہے۔

تاریخ وفات صاحبزادہ وزیر محمد اکبر بعمر تین سال ۱۳۲۳ھ میں انتقال کر گیا۔ مدفون گورستان نوشاہیہ۔

مادۂ تاریخ " مغفور باد "

صاحبزادہ خلیل احمدؒ

فرزند چہارم سیّد غلام احمد کاتب بن سید فاضل شاہ ساہن پالوی۔ والدہ کا نام مسمات نور بیگم دختر مرزا رحیل خان مغل سب انسپکٹر پولیس لاہور۔

تاریخ ولادت اس کی پیدائش ۲۹ صفر ۱۳۴۸ھ ۱۱ ساون سمت ۱۹۸۷ ب میں ہوئی۔ تاریخی نام " بلیغ شاہ "

تاریخ وفات صاحبزادہ خلیل احمد کی وفات بعمر سات ماہ۔ رمضان المبارک ۱۳۴۸ھ میں ہوئی۔ قبر گورستانِ نوشاہیہ میں ہے۔

مادۂ تاریخ

"رحمۃ اللہ وبرکاتہ"

انتباہ

یہ طبقہ دوم نوشاہیہ برخورداریہ ۱۳۷۶ھ میں مکمل ہو گیا تھا اور صاحبزادہ خلیل احمد کے ذکر پر ختم کر دیا گیا تھا۔ اس کے بعد مؤلف کے چھوٹے بھائی صاحبزادہ سید بشیر احمد بشارتؒ قضائے الٰہی سے ۱۳۸۱ھ میں دنیا سے رحلت کر گئے۔ چونکہ وہ حضرت نوشاہِ عالیجاہؒ سے گیارہویں پشت تھے اور یہ گیارہواں باب ہی ختم ہوا تھا۔ اس لئے میں نے مناسب سمجھا کہ اُن کے حالات یہاں درج کر دیئے جاویں تاکہ یہ طبقہ ایک بہترین شخصیت کے حالات پر ختم ہو۔

Marfat.com

حضرت مولانا صاحبزادہ سیّد بشیر احمد بشارتؒ

آپ مخزنِ علومِ شرعیہ، معدنِ اسرارِ لدنیہ، زیبِ محفلِ ولایت، گنجینۂ رموزِ ہدایت، صاحبِ علم و حلم و شکر و حیا تھے۔ اعلیٰحضرت مولانا سیّد غلام مصطفیٰ التخلص بہ نوشاہی۔ ابنِ سیّد محمّد شاہ نیک اختر برخوردار ساہن پالویؒ کے فرزند اصغر اور مرید و خلیفہ تھے۔

آپ کی والدہ کا نام حضرت سیدہ حسین بی بی بنت سیّد غلام علی بن سیّد قدم الدین برخورداری ساہن پالویؒ تھا۔

آپ کی نانی کا نام حضرت سیّدہ شمس بی بی بنت سید شاہ نواز بن سید فضل الدین برخورداریؒ ساکن بڑجن تھا۔

نام و لقب آپ کا اسم شریف بشیر احمد، کُنیت ابو الرضا، ابو الافضال، تخلص بشارت، لقب مسکین سائیں تھا۔ سولہویں ذی الحجہ ۱۳۷۶ھ کو والد صاحب نے آپ کو شمس الاولیاء کے خطاب سے نوازش کیا۔

تاریخ ولادت آپ کے جد بزرگوار نے کتاب الفوائد میں آپ کی تاریخ پیدائش

۱۔ اتوار کی رات، وقت نماز عشا، اٹھارہویں شوال ۱۳۲۸ھ

۲۔ مطابق تیئیسویں (۲۳) اکتوبر ۱۹۱۰ء۔

۳۔ موافق ساتویں (۷) کتک سمت ۱۹۶۷ب تحریر فرمائی ہے۔

قطعہ تاریخ

از اعلیٰحضرت مولانا سیّد غلام مصطفیٰ نوشاہی

ادام اللہ برکاتہٗ

بشیر احمد ہوا پیدا مکرم — بفضلِ حق خداوندِ معظم
جو نوشاہی نے ڈھونڈا سال اُس کا — بشیر احمد خلیقِ پاک ۔ لکھا

Marfat.com

مادہ ہائے تاریخ

آپ کے مادہ ہائے تاریخ ہجری و عیسوی و بکرمی بہت ہیں۔ ان میں سے چند لکھے جاتے ہیں :-

سنہ ہجری۔ از جد بزرگوار قبلہ رح

۱۔ بشیر احمد فقیر نوشاہی ۱۳۲۸ھ

از والد ماجد قبلہ مدظلہ

۲۔ عارض النور ۱۳۲۸ھ

از فقیر سید شرافت عافاہ اللہ

۳۔ آیت شریف۔ یؤتی الحکمۃ من یشاء ۱۳۲۸ھ

۴۔ حاجی سید بشیر احمد العلوی العباسی القادری ۱۳۲۸ھ

۵۔ مولوی سید بشیر احمد علوی عباسی قادری طیب ۱۳۲۸ھ

۶۔ مولوی سید بشیر احمد شاہ علوی العباسی ۱۳۲۸ھ

سنہ عیسوی۔ از جد بزرگوار قبلہ

۷۔ بشیر احمد ہر غلام مصطفےٰ ۱۹۱۰ء

از سید شرافت

۸۔ السید شاہ بشیر احمد البشارت ۱۹۱۰ء

۹۔ سید شاہ بشیر احمد بشارت حمید ۱۹۱۰ء

سنہ بکرمی۔ از جد بزرگوار مرحوم

۱۰۔ بشیر احمد ن بن غلام مصطفےٰ ۱۹۶۷ب

تربیت آپ نے اپنے جد بزرگوار حضرت مولانا سید حافظ محمد شاہؒ کے آغوش میں تربیت پائی۔ وہ آپ کے متعلق فرمایا کرتے "بشیر احمد میرا چوہدری پتر ہے"۔ چنانچہ آپ واقعی ایسے ہی ہوئے۔ طبیعت اور صورت میں رُعب و

Marfat.com

وقار چوہدریوں کی طرح تھا۔ والدین، نانی صاحبہ اور خالہ صاحبان سب کی گود میں آپ نے پرورش پائی۔

تعلیم ظاہری

جب آپ کی عمر چار سال چار ماہ اور چار دن ہوئی تو حضرت جدامجد نے آپ کو پہلے روز سبق شروع کرایا۔ قاعدہ عربی اپنے دستِ مبارک سے لکھ کر دیا اور خود ہی پڑھایا۔ پہلا سیپارہ بھی خود ہی پڑھایا۔ بعدازاں قرآن مجید اختتام تک اپنے جد بزرگوار کی ہمشیرہ سیّدہ محمدبی بی سے پڑھا۔

پھر فارسی علم ادب کی درسی کتابیں پند نامہ کریما، پند نامہ شیخ عطار، فارسی نامہ، نام حق، قاضی قطب، محمود نامہ، گلستاں، بوستاں، زلیخائے جامی، مثنوی نیرنگِ عشق وغیرہ اپنے والد ماجد مدظلہ سے پڑھیں۔ قرآن مجید کا ترجمہ مؤلف کتاب ہذا فقیر سیّد شرافت عافاہ اللہ سے پڑھا۔

فن کتابت

فن خوش خطی سکھلانے کے واسطے جناب والد صاحب مدظلہ آپ کو بمقام عادل گڑھ ضلع گوجرانوالہ حضرت مولوی محمد حسین مبارک رقم کے پاس چھوڑ آئے۔ دو سال وہاں رہ کر آپ نے خط نسخ اور نستعلیق سیکھے۔ اگرچہ خط کو کمال تک نہ پہنچا سکے، تاہم آپ کا خط بہتر تھا اور پرانی قلمی کتابیں خاندانی لکھ کر نئی تیار کر دیں اور میری تالیفات کو بھی تحریر کر کے دو دو نسخے بنا دیئے۔ جو اچھی کتاب دیکھتے نقل کر لیتے۔

چنانچہ آپ نے اپنی تحریرات کا کافی سرمایہ اپنی یادگار چھوڑا ہے۔ جو اولاد و احباب کے واسطے روشن چراغ کا کام دے گا۔

بیعت و خلافت

آپ نے عرس شریف جد بزرگوار قدس سرہٗ کے روز اپنے والد ماجد محبوبِ کبریا، مقبولِ بارگاہِ خدا اعلیٰ حضرت مولانا سیّد غلام مصطفیٰ نوشاہی دام برکاتہٗ کے دست حق پرست پر بیعتِ طریقت کی۔ اور اوراد و وظائف خاندانِ قادری نوشاہی کی تلقین پائی اور تھوڑے عرصہ میں کمالات حاصل کر کے خلافت ارشاد و اجازت پائی۔

Marfat.com

معمولات

آپ اپنے اوقات کو عبادت اور وظائف سے معمور رکھتے۔ کچھ اوراد آپ کے روزانہ بلا ناغہ معمول تھے اور کچھ اوراد آپ گاہ بگاہ تبرکاً پڑھ لیا کرتے تھے۔

ہر روزہ وظائف

آپ سرگی کو اٹھ کر نوافل تہجد بارہ رکعت پڑھتے۔ پھر

۱۔ سورۂ مزمل شریف۔ گیارہ (۱۱) مرتبہ۔

۲۔ استغفار۔ دو سو (۲۰۰) مرتبہ۔

۳۔ کلمہ طیبہ۔ گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ۔

۴۔ درود شریف ہزارہ۔ گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ۔

۵۔ درود مبارک۔ ایک سو (۱۰۰) مرتبہ۔

۶۔ درود خضری۔ ایک سو (۱۰۰) مرتبہ

۷۔ آیتِ کریمہ۔ ایک سو (۱۰۰) مرتبہ۔

۸۔ اللہ الصمد۔ ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ۔

۹۔ حَسْبُنَا اللّٰہ ونعم الوکیل۔ نعم المولیٰ ونعم النصیر۔ ایک سو (۱۰۰) مرتبہ۔

۱۰۔ الدھر الرفیق الاعلیٰ۔ ایک سو (۱۰۰) مرتبہ۔

۱۱۔ یاکریم یارحیم۔ ایک سو (۱۰۰) مرتبہ۔

۱۲۔ یاودود۔ ایک سو (۱۰۰) مرتبہ۔

۱۳۔ یاوھاب۔ ایک سو (۱۰۰) مرتبہ۔

۱۴۔ یامغنی۔ ایک سو (۱۰۰) مرتبہ۔

۱۵۔ یاواسع۔ ایک سو (۱۰۰) مرتبہ۔

۱۶۔ یارزاق۔ ایک سو (۱۰۰) مرتبہ۔

۱۷۔ یانور۔ ایک سو (۱۰۰) مرتبہ۔

۱۸۔ اسم غوثیہ۔ یاشیخ عبدالقادر جیلانی شیئاً للّٰہ۔ ایک سو (۱۰۰) مرتبہ۔

۱۹۔ فجر کی سنت اور فرض کے درمیان سورۂ فاتحہ اکتالیس (۴۱) مرتبہ۔ یہ باجازت شیخ صحرائی بہاولپوری پڑھا کرتے تھے۔

۲۰۔ نماز فجر کے بعد دعائے سریانی کا یہ شعر اکتالیس (۴۱) بار پڑھتے۔

انا الموجود فاطلبنی تجدنی فان تطلب سوائی لم تجدنی

۲۱۔ اپنی بیماری کے دوران میں اسم شریف یاحی حین لاحی فی دیمومۃ ملکہ وبقائہ۔ دو سو (۲۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھا کرتے۔

۲۲۔ اسماء الحسنیٰ یعنی نوے (۹۹) نام باری تعالےٰ ایک (۱) مرتبہ۔

Marfat.com

۲۳۔ ہر ایک نماز کے بعد آیۃ الکرسی۔ ایک (۱) مرتبہ۔
۲۴۔ شجرہ شریف خاندانِ قادری نوشاہی۔ ایک (۱) مرتبہ۔

گاہ بگاہ وظائف

نوافل میں سے آپ :۔
۱۔ تہجد بارہ رکعت، اشراق چار رکعت، چھ بارہ رکعت، اوابین چھ رکعت، تحیۃ المسجد دو رکعت، تحیۃ الوضو دو رکعت، چاشت چار رکعت۔ گاہ بگاہ پڑھا کرتے۔
۲۔ درود کبریت احمر، درود اکسیر اعظم، درود مستغاث، درود تاج، دلائل الخیرات، اسبوع شریف بھی کبھی کبھی شوق سے پڑھا کرتے۔

قصائد میں سے :۔
۳۔ قصیدہ غنیہ۔ جس کا پہلا شعر یہ ہے :۔ ؎

غُرُوْشِ مَرغُوْشِ خِرَاشَا شَغْلُوْشِ قَرْحَ طِرَاشَا

۴۔ قصیدہ امام اعظم ابو حنیفہ کوفی رح۔ جس کا پہلا شعر یہ ہے۔ ؎

یاسید السادات جئتک قاصدًا ارجو رضاک و احتمی بجنابک

۵۔ قصیدہ خمریہ محبوبیہ غوثیہ۔ جس کا پہلا شعر یہ ہے۔ ؎

سقانی الحب کاسات الوصالی نقلت لخمرتی نحوی تعالی

۶۔ قصیدہ بُردی جس کا پہلا شعر یہ ہے ؎

شھدت بان اللہ والی ولایتی وقدمن بالتعریف فی کل حالتی

۷۔ قصیدہ بُردہ۔ جس کا پہلا شعر یہ ہے ؎

امن تذکر جیران بذی سلم مزجت دمعًا جری من مقلۃ بدم

یہ تمام قصیدے پُورے بتمام و کمال ایک ایک مرتبہ کبھی کبھی پڑھ لیا کرتے۔

سلسلہ شریف

آپ کو خاندان قادری نوشاہی کے متعدد شجرے یاد تھے۔ ان میں سے جو چاہتے روزانہ پڑھ لیا کرتے۔

Marfat.com

۱۔ عربی شجرہ۔ جو مولوی حکیم عبدالحق چشتی نظامیؒ ساکن ہرلانوالی ضلع گوجرانوالہ نے بطرزِ قصیدہ غوثیہ منظوم کیا ہے جس کا پہلا شعر یہ ہے۔ ؎

الٰھی انت ربی ذوتعالی رحیمٌ قادرٌ مولی الموالی

۲۔ اردو شجرہ میرا (سیّد شرافت کا) منظوم شدہ۔ جس کا پہلا شعر یہ ہے۔ ؎

یا الٰہی ذاتِ پاکِ کبریا کے واسطے اور اسماؤ شیوناتِ بقا کے واسطے

۳۔ پنجابی شجرہ۔ حضرت مولوی محمد اشرف فاروقی منجریؒ کا منظوم کردہ۔ جس کا شروع اس طرح پر ہے۔ ؎

رب دا ایہ اسم ذاتی وِرد رکھاں دنے راتی
اک دم غافل نہ تھیواں رہاں نت چتار دا

۴۔ پنجابی شجرہ۔ خمسہ۔ مولوی الٰہی بخش ساکن کنڈل ضلع جہلم کا بنایا ہوا۔ جو اس طرح پر شروع ہوتا ہے ؎

فضل کنندہ کل نالے توہیں رب غفارا مجرم سارے در تیرے تے رو رو کرن پکارا
توہیں چریں وچھناں تائیں میں کراون ہارا جو کچھ پردے دوری والے لطفوں سبھ اٹھا دے

برکت پیراں نوشاہیاں دی شوق شراب پلا دے

تلاوتِ قرآن مجید

آپ قرآن مجید کی تلاوت بلاناغہ کرتے تھے۔ اور بکثرت پڑھا کرتے تھے۔ جب تک آپ تندرست رہے، ایک منزل سے کم نہیں پڑھتے تھے۔ ہفتہ میں باقاعدہ فی بشوق ختم کیا کرتے، اور جب بیمار ہوئے تو پھر دو سیپارہ پڑھا کرتے۔ قرآن شریف آپ کی روحانی غذا تھی۔

قرآن مجید کو آپ بڑا تیز پڑھا کرتے تھے۔ ایک مرتبہ ستائیسویں رمضان ۱۳۴۹ھ کو یعنی لیلۃ القدر کو آپ نے ایک رات میں سارا قرآن مجید سورۂ فاتحہ سے شروع کر کے والناس تک ختم کیا۔ عشاء کی نماز پڑھ کر شروع کیا اور سرگی سے پہلے ختم کیا۔

Marfat.com

حفظ سورت ہائے قرآن

آپ کو پورا قرآن تو حفظ نہیں تھا لیکن کئی سورتیں اور رکوع یاد تھے۔ مثلاً سورۂ بقرہ کے پہلے پانچ رکوع، اور آخری ایک رکوع۔ سورۂ یوسف، رعد، ابراہیم، نحل، مریم، سجدہ، یٰسٓ، زخرف، قٓ، الرحمٰن، واقعہ، جمعہ، تغابن، مُلک، نوح، مزمل، دہر، مرسلات، النبا، طارق، شمس، لیل، ضحیٰ، انشراح، تین، علق، قدر، بیّنہ، زلزال، عادیات، قارعہ، تکاثر، عصر، ھمزہ، فیل، قریش، ماعون، کوثر، کافرون، نصر، لہب، اخلاص، فلق، ناس۔

ان کے علاوہ کئی رکوع مثلاً تبارک الذی جعل فی السماء بروجا اور وسیق الذین کفروا الیٰ جہنم زمرا۔ وغیرہ آپ کو حفظ تھے۔ اور آپ بطورِ وظائف ان کو وقتاً فوقتاً پڑھا کرتے تھے۔

قرآن مجید سے تعشق

آپ کو قرآن مجید سے بیحد کمال شغف و عشق تھا۔ آپ مدت العمر تلاوت بلاناغہ کرتے رہے۔ اپنے آخری ایام حیات میں جب بستر علالت پر تھے، تو کمزوری کی وجہ سے ہاتھ پاؤں کا ہلانا دشوار ہو گیا تھا۔ تو آپ اپنی بہنوں اور بھائیوں کو جو پاس ہوتے فرما دیتے کہ قرآن مجید کھول کر میرے سامنے رکھو۔ چنانچہ آپ ایک دو صفحہ تلاوت کر لیتے اور آخری دن تک کرتے رہے۔ اور فرماتے کہ قرآن شریف یہ نہ کہے کہ مرتی دفعہ مجھے چھوڑ گیا۔

وظائف پر مواظبت

آپ بیماری کے ایام میں اگرچہ وظائف کو پوری تعداد میں ادا نہیں کر سکتے تھے۔ تاہم حسب استعداد وظائف پر مواظبت رکھتے تھے۔ ترک نہیں کیا۔ چارپائی پر ایک تسبیح دائیں طرف ہوتی اور ایک بائیں طرف۔ جب دائیں کروٹ لیٹتے تو وہ تسبیح لے کر اس پر وظیفہ کر لیتے۔ اور جب بائیں کروٹ لیٹتے تو اس طرف والی تسبیح پر پڑھ لیا کرتے۔

اسم شریف اللہ الصمد کا فیضان

آپ نے ابتدائے جوانی میں اسم شریف اللہ الصمد کی دعوت کی اور اس کو

Marfat.com

ایک کروڑ کی تعداد میں پورا کیا۔ کئی سال آپ کے اِس پر صُرف ہوئے۔ آپ باوضو بطہارت کاملہ اس کا وظیفہ کرتے رہے۔ بعد از دعوت ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھا کرتے۔ اس کے فوائد وخواص سے آپ متمتع تھے۔ اللہ تعالےٰ نے کمالات صمدیت سے آپ کو سرفراز فرمایا تھا۔ سوائے ذات حق تعالےٰ کے کسی غیر کی احتیاج آپ کو نہ رہی۔ اپنے ڈیرہ پر سکونت رکھتے تھے۔ بغیر کسی دنیاوی کاروبار کے آپ کا وقتِ عزیز بخوبی گذرتا رہا۔

بزرگوں کو ایصالِ ثواب کرنا

آپ کا طریقہ تھا کہ قرآن مجید بکثرت پڑھا کرتے تھے۔ جہاں تک مجھ کو معلوم ہو سکا ہے، آپ نے پانچ سو (۵۰۰) سے زیادہ ختم قرآن مجید کے کئے ہیں۔ آپ ختم کر کے زیادہ تر بزرگوں کو ایصالِ ثواب کر دیا کرتے تھے۔ آپ نے تاریخوار ایک فہرست مرتب کی ہوئی تھی۔ جس تاریخ کو قرآن ختم کرتے، تو کسی بزرگ کو اُس کا ثواب بخش دیتے۔ اور وہ تاریخ بطورِ یادداشت لکھ لیا کرتے۔ سلسلہ قادریہ نوشاہیہ برخورداریہ اور رحمانیہ کے تمام مشائخ اور ازواجِ مطہرات نبویؐ، اولادِ نبویؐ، آبائے نبویؐ، خلفائے راشدین، ائمہ اثنا عشر، ائمہ اربعہ، آبائے غوثیہ، خلفائے نوشاہیہ، اپنے آباء جدی و مادری سب کو آپ نے نام بنام علیحدہ علیحدہ قرآن کریم کے ختم شریف بخشے ہیں۔

آپ کی تاریخوار فہرستوں سے جن بزرگوں کے نام مجھے ملے ہیں۔ ان کو یہاں اپنی ترتیب کے مطابق درج کیا جاتا ہے۔ وہ یہ ہے:-

۱۔ حضرت عبد مناف کو	ایک ختم
۲۔ حضرت ہاشم کو	〃
۳۔ حضرت عبدالمطلب کو	〃
۴۔ حضرت عبداللہ کو	〃
۵۔ حضرت سیدہ آمنہؓ کو	ایک ختم
۶۔ حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ گرامی کو	بلا تعداد
۷۔ حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ کو	ایک ختم

Marfat.com

۸۔ حضرت سودہ رضؓ کو ایک ختم
۹۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضؓ کو "
۱۰۔ حضرت حفصہ رضؓ کو "
۱۱۔ حضرت زینب ام المساکین رضؓ کو "
۱۲۔ حضرت ام سلمہ رضؓ کو "
۱۳۔ حضرت زینب رضؓ کو "
۱۴۔ حضرت جویریہ رضؓ کو "
۱۵۔ حضرت ام حبیبہ رضؓ کو "
۱۶۔ حضرت میمونہ رضؓ کو "
۱۷۔ حضرت صفیہ رضؓ کو "
۱۸۔ حضرت زینب رضؓ بنت رسول اللہ کو "
۱۹۔ حضرت رقیہ رضؓ کو "
۲۰۔ حضرت ام کلثوم رضؓ کو "
۲۱۔ حضرت فاطمۃ الزہرا رضؓ کو "
۲۲۔ حضرت قاسم بن رسول اللہ کو "
۲۳۔ حضرت ابراہیم " کو "
۲۴۔ حضرت ابوبکر صدیق رضؓ کو "
۲۵۔ حضرت عمر فاروق رضؓ کو "
۲۶۔ حضرت عثمان غنی رضؓ کو "
۲۷۔ حضرت علی المرتضیٰ رضؓ کو "
۲۸۔ حضرت امام حسن مجتبیٰ رضؓ کو "
۲۹۔ حضرت امام حسین رضؓ کو نو ختم
۳۰۔ حضرت امام زین العابدین رضؓ کو ایک ختم

۳۱۔ حضرت امام باقر رضؓ کو ایک ختم
۳۲۔ حضرت امام جعفر صادق رضؓ کو "
۳۳۔ حضرت امام موسیٰ کاظم رضؓ کو "
۳۴۔ حضرت امام علی رضا رضؓ کو "
۳۵۔ حضرت امام محمد تقی رضؓ کو "
۳۶۔ حضرت امام علی نقی رضؓ کو "
۳۷۔ حضرت امام حسن عسکری رضؓ کو "
۳۸۔ حضرت امام محمد مہدی رضؓ کو "
۳۹۔ حضرت حسن مثنیٰ رضؓ کو "
۴۰۔ حضرت عبداللہ محض رضؓ کو "
۴۱۔ حضرت موسیٰ الجون رضؓ کو "
۴۲۔ حضرت عبداللہ ثانی رضؓ کو "
۴۳۔ حضرت موسیٰ ثانی رضؓ کو "
۴۴۔ حضرت داؤد امیر رضؓ کو "
۴۵۔ حضرت محمد رومی رضؓ کو "
۴۶۔ حضرت یحییٰ زاہد رضؓ کو "
۴۷۔ حضرت عبداللہ ثالث رضؓ کو "
۴۸۔ حضرت ابوصالح موسیٰ رضؓ کو "
۴۹۔ حضرت امام اعظم رضؓ کو "
۵۰۔ حضرت امام مالک رضؓ کو "
۵۱۔ حضرت امام شافعی رضؓ کو "
۵۲۔ حضرت امام احمد بن حنبل رضؓ کو "
۵۳۔ حضرت خواجہ حسن بصری رضؓ کو "

Marfat.com

۵۴۔ حضرت شیخ حبیب عجمی رح کو ایک ختم
۵۵۔ حضرت شیخ داؤد طائی رح ″
۵۶۔ حضرت شیخ معروف کرخی رح ″
۵۷۔ حضرت شیخ سری سقطی رح ″
۵۸۔ حضرت شیخ جنید بغدادی رح ″
۵۹۔ حضرت شیخ ابوبکر شبلی رح ″
۶۰۔ حضرت شیخ عبدالواحد تمیمی رح ″
۶۱۔ حضرت شیخ ابوالفرح طرطوسی رح ″
۶۲۔ حضرت شیخ ابوالحسن ہکاری رح ″
۶۳۔ حضرت شیخ ابوسعید مخزمی رح ″
۶۴۔ حضرت غوث اعظم سید عبدالقادر جیلانی رح دو ختم
۶۵۔ حضرت سید عبدالوہاب رح ایک ختم
۶۶۔ حضرت سید ابونصر صالح رح ″
۶۷۔ حضرت سید صفی الدین صوفی رح ″
۶۸۔ حضرت سید احمد رح ″
۶۹۔ حضرت سید مسعود رح ″
۷۰۔ حضرت سید علی رح ″
۷۱۔ حضرت سید شاہ میر رح ″
۷۲۔ حضرت سید شمس الدین رح ″
۷۳۔ حضرت سید محمد غوث اوچی رح ″
۷۴۔ حضرت سید مبارک حقانی رح ″
۷۵۔ حضرت شاہ معروف خوشابی رح ″
۷۶۔ حضرت سخی شاہ سلیمان نوری رح کو ایک ختم
۷۷۔ حضرت نوشہ گنج بخش علوی رح انیس ختم
۷۸۔ حضرت سید حافظ محمد برخوردار رح ایک ختم
۷۹۔ حضرت سید حافظ جمال اللہ رح ″
۸۰۔ حضرت سید حافظ محمد حیات رح ″
۸۱۔ حضرت سید حافظ نور اللہ رح ″
۸۲۔ حضرت سید حافظ الٰہی بخش رح ″
۸۳۔ حضرت سید حافظ قل احمد رح چھ ختم
۸۴۔ حضرت سید محمد امین رح چار ختم
۸۵۔ حضرت سید حافظ محمد شاہ رح اٹھتر ختم

ف تاریخوار جو ختم لکھے ہیں وہ اٹھتر (۷۸) ہیں۔ خود بشارت مرحوم نے اپنی زبانی مجھے بتایا تھا۔ نیز اُن کی تحریر میں بھی ہے کہ میں نے اپنے دادا صاحب کو ایک سو (۱۰۰) سے زیادہ ختم شریف اور ایک ہزار (۱۰۰۰) سے زیادہ متفرق سیپارے پڑھ کر بخشے ہیں۔ ۱۲

۸۶۔ حضرت سید علاؤالدین علوی رح ایک ختم
۸۷۔ حضرت سید محمد ہاشم دریادل رح ″
۸۸۔ شیخ رحیم داد سلیمانی رح ″
۸۹۔ شیخ تاج محمود سلیمانی رح ″
۹۰۔ شیخ پیر محمد سپیار نوشہروی رح ″

Marfat.com

۹۱۔ شیخ عبدالرحمٰن پاکؒ کو ایک ختم
۹۲۔ شیخ صالح محمد۔ چک سادہ والہؒ ″
۹۳۔ خواجہ فضیل کابلیؒ ″
۹۴۔ حافظ معمور ہیلانیؒ ″
۹۵۔ شیخ صدرالدین رُکھ والہؒ ″
۹۶۔ قاضی رضی الدین کنجاہیؒ ″
۹۷۔ قاضی خوشی محمد کنجاہیؒ ″
۹۸۔ شیخ نور محمد سیالکوٹیؒ ″
۹۹۔ شیخ اسماعیل کوٹلویؒ ″
۱۰۰۔ شیخ فتح محمد ساگریوالہؒ ″
۱۰۱۔ شیخ عبدالحمید گوجرؒ ″
۱۰۲۔ شیخ آکہ داد بھڑیوالہؒ ″
۱۰۳۔ شیخ محمد تقی مجذوبؒ ″
۱۰۴۔ شیخ نانک مجذوبؒ ″
۱۰۵۔ سیّد عبداللہ مجذوبؒ ″
۱۰۶۔ سیّد شاہ محمد شہید رُہتاسیؒ ″
۱۰۷۔ میاں شادی رُہتاسیؒ ″
۱۰۸۔ شیخ محمد محسن رُہتاسیؒ ″
۱۰۹۔ سیّد شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوان ″
۱۱۰۔ سیّد محمد عظیم دھمادیؒ ″
۱۱۱۔ سیّد فتح الدین دُھلویؒ ″
۱۱۲۔ سیّد فتح محمد رسولنگریؒ ″
۱۱۳۔ سیّد عمر بخش رسولنگریؒ ″
۱۱۴۔ سیّد محسن شاہ لاہوریؒ کو ایک ختم
۱۱۵۔ سیّد قدم الدین ساہن پالویؒ ″
۱۱۶۔ سیّد غلام علی شاہؒ (نانا صاحب) پینتیس ختم

ف۔ بشارت صاحب نے زبانی مجھے بتایا تھا کہ میں نے اپنے نانا صاحب کو تقریباً ایک سو (۱۰۰) ختم شریف بخشتے ہوئے ہیں۔ یہ پینتیس ختم شریف تاریخوں کی فہرست سے ظاہر ہوئے ہیں۔ ۱۲

۱۱۷۔ سیّدہ شمس بی بیؒ (نانی صاحبہ) نو ختم
۱۱۸۔ سیّدہ عمر بی بیؒ (نانا کی ہمشیرہ) تین ختم
۱۱۹۔ سیّدہ کاکو بی بیؒ (خالہ کبریٰ) نو ختم
۱۲۰۔ سیّدہ زینب بی بیؒ (خالہ ثانیہ) ایک ختم
۱۲۱۔ سیّدہ صالحہ بی بیؒ (خالہ ثالثہ) ″
۱۲۲۔ سیّد کرم حیات چنبھلیؒ (خسر ثانی) ″
۱۲۳۔ سیّد حافظ روح اللہؒ سولہ ختم
۱۲۴۔ سیّد فاضل شاہؒ ایک ختم
۱۲۵۔ سیّدہ محمد بی بیؒ (دادا کی ہمشیرہ) دس ختم
۱۲۶۔ سیّد شیر علی بن محمد شفیعؒ ایک ختم
۱۲۷۔ سیّد بدّوح شاہ پانڈوکی والہؒ ″
۱۲۸۔ سیّد غلام احمد کاتبؒ دو ختم

Marfat.com

۱۲۹۔ سیّدہ بشیر بیگم بنت سیّد کرم الٰہیؒ ایک سو نو ختم
(اپنی پہلی اہلیہ)
۱۳۰۔ سائیں فرمان علی خیر کتویؒ ایک ختم
۱۳۱۔ سائیں ماہے شاہ ہیگریؒ 〃
۱۳۲۔ میاں احمد یار ڈھیویؒ 〃
۱۳۳۔ سردار خان وڑائچ جیورانوالیؒ ایک ختم
۱۳۴۔ محمد علی بن خوشی موچی ساہن پالویؒ 〃
۱۳۵۔ قائد اعظم محمد علی جناح گورنر جنرل پاکستان کو 〃

ان کے علاوہ جن بزرگوں کے عُرسوں یا ختموں میں شامل ہوتے تو اُن کو آپ ختم شریف کامل یا چند سیپارے ضرور بخشا کرتے۔

ختم شریف آپ کا طریقہ تھا کہ نماز فجر یا مغرب کے چند سورتیں پڑھ کر اپنے مشائخ طریقت اور دیگر احباب وفات یافتہ کا ختم پڑھا کرتے۔ ہر ایک بزرگ اور دوست اور مرید اور شاگرد اور ہمسایہ اور استاد اور مرشدِ طریقت کا نام لے کر ان کو ایصالِ ثواب کیا کرتے۔ جو لوگ ایسے فوت ہوگئے ہیں جن کا کوئی عقب نہیں۔ لاولد اور لاوارث تھے، ان کو بھی باقاعدہ ثواب بخشا کرتے۔ جو غریب مسکین لوگ فوت ہوئے ہیں جو کسی کے شمار میں بھی نہیں تھے۔ زندگی میں بھی ان کو کوئی اہمیت نہ تھی، اور مرنے کے بعد تو وہ کسی کی یاد میں آ ہی نہیں سکتے۔ جیسے ساہن پال میں راجہ قصابانہ، گکھڑی جولاہ، احمو جولاہ وغیرہ۔ آپ ان لوگوں کو بھی نام لے کر ایصالِ ثواب کیا کرتے تھے۔ غرضیکہ آپ ہمہ تن مجسّم خوبی اور نیکی تھے۔

مناجات آپ کا معمول تھا کہ سرگی کے وقت نہایت عاجزی سے درگاہِ باری تعالےٰ میں استغفار کرتے، اور بزرگوں کے کلام سے مناجات پڑھا کرتے۔ چنانچہ:-

(۱)

بادشاہا جرمِ ما را درگذار — ما گنہ گاریم و تو آمرزگار
تو نکو کاری و ما بد کردہ ایم — جرم بے اندازہ بے حد کردہ ایم
سالہا در بندِ عصیاں گشتہ ایم — آخر از کردہ پشیماں گشتہ ایم
روز و شب اندر معاصی بودہ ایم — غافل از امر و نواہی بودہ ایم

Marfat.com

دانما در فسق و عصیاں ماندہ ایم — ہمقرینِ نفس و شیطاں ماندہ ایم
بے گنہ نگذشت بر ما ساعتے — با حضورِ دل نکردم طاعتے
بر در آمد بندۂ بگریختہ — آبروئے خود ز عصیاں ریختہ
مغفرت دارد امید از لطفِ تو — زانکہ خود فرمودۂ لا تقنطوا
بحرِ الطافِ تو بے پایاں بود — نا امید از رحمت شیطان بود
نفس و شیطاں زد کریما راہِ من — رحمت باشد شفاعت خواہِ من
چشم دارم کز گناہ پاکم کنی — پیش ازاں کاندر لحد خاکم کنی
اندراں دم کز بدن جانم بری — از جہاں با نورِ ایمانم بری

(۲)

کریما بہ بخشائے بر حالِ ما — کہ ہستم اسیرِ کمندِ ہوا
نداریم غیر از تو فریاد رس — توئی عاصیاں را خطا بخش و بس
نگہدار ما را ز راہِ خطا — خطا در گذار و صوابم نما

التجا بدرگاہِ نبویؐ

آپ کو حضرت رسالت مآب صلے اللہ علیہ وسلم سے کمال محبت تھی۔ درگاہِ نبویؐ میں عاجزانہ التجا کیا کرتے۔

(۱)

یا حبیب الاله خذ بیدی — ما لعجزی سواك مستندی
غیر عروالك لیس فی الدارین — لعلیلِ ذلیل معتمدی
اعتصامی سوی جنابك لی — لیس یا سیدی الی احدی
کن رحیما لذلتی واشفع — یا شفیع الوری الی الصمدی
صلواتی علیك فی الحالین — کان متجاوزا عن العددی

(۲)

از اعلیحضرت مولانا سید غلام مصطفےٰ نوشاہی برخوردار دام برکاتہ،

مدینے پاک وچ مینوں بلانا یا رسول اللہ — رخِ انور تھیں پردہ چا اٹھانا یا رسول اللہ

Marfat.com

کدی وچ خواب دے دیہو تھا اپنا پیا میرے
طفیلِ فاطمہ زیارت کرانا یارسول اللہ

جو ہودن پر اُڈاری مار جاواں وچ مدینے دے
مینوں بلند روضہ جا دکھانا یارسول اللہ

ہیں مژگاں نال جھاڑو کر اٹھاواں فیضِ مصطفوی
طوافِ روضۂ اقدس کرانا یارسول اللہ

کدی پنجاب وچ تشریف لے آ لِوَجْہِ اللہِ
ایہ بستی اُجڑی نوں چاوسانا یارسول اللہ

تسیں رحمت دا بدل ہو جاؤ سوختک کھیتی پر
جو عاصی امتی نوں نا بھلانا یارسول اللہ

اگرچہ سہنپال اندر ہے نوشاہی تیرا عاشق
قبر میری مدینے وچ بنانا یارسول اللہ

زیاراتِ بزرگاں

آپ کو بزرگوں کی زیارت کا بہت شوق تھا۔ حضرت نوشہؒ کی اولاد امجاد میں سے اکثر بزرگوں کو آپ نے دیکھا تھا۔

سادات برخوردایہ میں سے

۱۔ حضرت سید محسن شاہ لاہوریؒ
۲۔ حضرت سید غلام علی شاہؒ
۳۔ حضرت سید حافظ محمد شاہؒ
۴۔ حضرت سید فاضل شاہؒ
۵۔ حضرت سید غلام حسن بن نور احمدؒ

سادات ہاشمیہ میں سے

۶۔ حضرت سید غلام رسول بن کریم بخشؒ
۷۔ حضرت سیدہ سجادہ بیگم اہلیہ سید فضل عالمؒ

دیگر بزرگوں میں سے

۸۔ سائیں کرم الٰہی مجذوب گجراتیؒ
۹۔ بابا گوراندتہ مجذوب ملتانیؒ
۱۰۔ حضرت پیر حافظ جماعت علی شاہ محدث علی پوریؒ

حضرت نوشاہِ عالیجاہؒ کی اولاد میں سے جتنے بزرگ ۱۳۳۵ھ سے بعد فوت ہوئے ہیں اُن سب کو آپ نے دیکھا تھا۔ ایسا ہی حضرت سخی شاہ سلیمان نوریؒ کی اولاد کے بزرگوں کو بھی آپ نے دیکھا تھا جو سنہ مذکور کے بعد دار البقاء کو سدھارے ہیں۔

زیارتِ مزاراتِ اولیاء اللہ

آپ نے بہت سارے اولیاء اللہ کے مقابر کی زیارتیں کیں ان سے

Marfat.com

روحانی فائدے اٹھائے ۔ چند ایک ان میں سے تحریر کئے جاتے ہیں۔

۱۔ حضرت داتا گنج بخش لاہوریؒ
۲۔ حضرت شیخ ابوالمعالی لاہوریؒ
۳۔ حضرت میاں میر قادری لاہوریؒ
۴۔ حضرت شاہ محمد غوث قادری لاہوریؒ
۵۔ حضرت سید نظام الدین بودیانوالہ لاہوریؒ
۶۔ حضرت سخی شاہ سلیمان نوریؒ ۔ معہ مزاراتِ صاحبزادگان و اولاد رحمہم اللہ
۷۔ حضرت نوشہ گنج بخشؒ معہ مزاراتِ اولاد۔
۸۔ حضرت شیخ پیر محمد سچیار نوشہرویؒ معہ مزاراتِ اولاد
۹۔ حضرت شیخ عبدالرحمٰن پکھا صاحبؒ معہ مزاراتِ اولاد
۱۰۔ حضرت شیخ صالح محمد چک سادہ۔ معہ مزاراتِ اولاد۔
۱۱۔ حضرت قاضی خوشی محمد کنجاہیؒ
۱۲۔ حضرت مولانا محمد اکرم غنیمت کنجاہیؒ
۱۳۔ حضرت میر شاہ سلطان بگا شیر بکھنوالیؒ۔
۱۴۔ حضرت میاں میہوں شیخپوریؒ
۱۵۔ حضرت شیخ برخوردار ہرلؒ
۱۶۔ حضرت شاہ غریب گاجر گولیہؒ
۱۷۔ حضرت شیخ عجائب چنبلیؒ
۱۸۔ حضرت حاجی دیوان ڈوگر سہروردیؒ
۱۹۔ حضرت شاہ ابوالخیر نوکھ بزاری شاہ کوٹیؒ
۲۰۔ حضرت شاہ دولا ولی گجراتیؒ
۲۱۔ حضرت بابا کلاب شاہ رسولنگریؒ۔

اخلاق و عادات

آپ کے اخلاق بڑے بلند تھے ۔ درویشی کے اوصاف سے پورے طور پر موصوف تھے ۔ آپ خوش اخلاق ، نیک اطوار ، اوصافِ حمیدہ رکھنے والے تھے ۔ مہمان نواز بحد کمال تھے ۔ آپ کا مزاج حلیم تھا ۔ کبھی کسی پر ناراض نہیں ہوتے تھے ۔ متحمل مزاج ، بردبار ، پُرحوصلہ تھے ۔ برادری کے تنازعات میں کبھی دخل نہ دیتے ۔ ہر ایک فرد آپ سے راضی رہتا ۔ اور کسی دھڑا بندی میں کبھی شریک نہیں ہوئے ۔

طیب الکلام ہونا آپ ہمیشہ پسندیدہ کلام کرتے تھے ۔ مزاح شگفتہ تھا مجلسوں میں لطائف و ظرائف سے خوش ہوتے ۔ قلت الکلام ،

Marfat.com

قلت الطعام، قلت المنام کے اوصاف سے موصوف تھے۔ کم گوئی تو آپ کا خاصہ تھا۔

پرہیزگاری آپ صاحبِ تقویٰ و ورع تھے۔ مدت العمر کسی کبیرہ کا ارتکاب آپ سے وقوع میں نہیں آیا۔ اور صغائر سے بھی پورا پورا اجتناب رکھتے تھے۔ کبھی کوئی ایسی فاش غلطی آپ سے سرزد نہیں ہو۔ جو موردِ طعن و ملامت ہو۔

نظافت پسندی آپ بڑے صفائی پسند تھے۔ جسم مصفا، لباس مصفا، جگہ صاف، بستر صاف ہوتا، ہر ایک چیز میں صفائی کو بڑا ملحوظ رکھتے۔ تھوڑی سے نقص والی چیز کو بھی پسند نہ کرتے۔ ذرا سا داغ کسی کپڑے پر معلوم ہوتا تو جب تک اس کو دھو نہ لیتے آرام نہ کرتے۔ مرض الموت میں اگرچہ طبیعت نہایت کمزور ہو چکی تھی۔ آخری دس ایام میں خود ہل بھی نہیں سکتے تھے۔ تاہم روزانہ چار مرتبہ دن میں غسل کرتے رہے۔

مہمان نوازی آپ از حد مہمان نواز تھے۔ اکثر اپنے ڈیرہ پر رہتے۔ اور ہر آئندہ روندہ کی خدمت و مدارت بجا لاتے۔ سب احباب آپ کی اس صفت کے مداح تھے۔ صوفی محمد افضل طور قریشی۔ بی اے۔ منشی فاضل۔ ایک مرتبہ میری عدم موجودگی میں ساہن پال شریف آئے۔ آپ نے اس قدر ان کی خدمت کی کہ وہ کہتے ہیں کہ میں نے وصف مہمان نوازی آپ میں کمال پایا ہے۔

مقبولیتِ عامہ آپ چونکہ طویل عرصہ بستر علالت پر رہے۔ اس لئے زیادہ اپنے دولت خانہ پر ہی تشریف رکھتے۔ باہر سفر میں کم جایا کرتے۔ حق تعالیٰ نے آپ کی محبوبیت و مقبولیت لوگوں کے دلوں میں اس قدر ڈالی ہوئی تھی کہ آپ کے پاس لوگ اپنی حاجتیں لایا کرتے اور آپ سے دعا کے خواستگار ہوتے۔ بلکہ اپنی برادری کے حضرات بھی اپنے بال بچوں کو دم کرانے کے واسطے آپ کی خدمت میں لایا کرتے۔

سخاوت آپ سخی مرد تھے۔ کسی سائل کو خالی نہ جانے دیتے۔ روپے، پیسے کپڑے حسب توفیق دے دیا کرتے۔ اگر مسجد میں کوئی مسافر

Marfat.com

شب باش ہوتا تو آپ ضرور اپنے گھر سے روٹی اس کو پہنچایا کرتے۔

بزرگوں کا احترام آپ اپنے والدین کے حد درجہ مؤدب و خدمتگار تھے۔ کبھی کوئی کام خلافِ امر نہ کرتے۔ والدین آپ پر دل و جان سے خوش و راضی ہیں۔ اولادِ حضرت سخی بادشاہؒ اور اولادِ حضرت نوشہ صاحبؒ کا بہت ادب و احترام کرتے۔

میں (مؤلف) آپ کا بڑا بھائی ہوں۔ تمام عمر کبھی میرے سامنے مقابلہ میں کلام نہیں کیا اور ہر لحاظ سے میرا ادب و خدمت و تعظیم ملحوظ رکھتے۔ چنانچہ آخری دن، جس روز شام کو آپ کا انتقال ہوتا ہے، عصر کے وقت نماز کے لئے میں وضو کرنے لگا، تو آپ کی نگاہ مجھ پر پڑی کہ میں زمین پر بیٹھ کر وضو کر رہا ہوں تو آپ نے ہمشیرہ صاحبہ کو فرمایا، بھائی صاحب کو پیڑھی دو، وہ نیچے بیٹھ کر وضو کر رہے ہیں۔ چنانچہ انہوں نے مجھے پیڑھی دے دی۔

یہ تھا آپ کا ادب جو اخیر تک آپ نے نبھایا۔ اللہ تبارک و تعالیٰ آپ کو نیک جزا دیوے۔

بچوں پر شفقت آپ بچوں پر بہت شفقت کرتے۔ آپ کے بھتیجے صاحبزادہ ریاض الحسن و سعید الظفر۔ جو میرے (مؤلف کے) لڑکے ہیں۔ ان سے آپ کو بہت پیار تھا۔ جب یہ دونوں لڑکے ہائی سکول اکال گڑھ (علی پور) ضلع گوجرانوالہ میں تعلیم پاتے تھے، تو آپ ہفتہ بہفتہ اور ماہ بماہ خبر گیری کے واسطے ساہن پال سے چل کر دھا، جایا کرتے اور اُن کا خرچ اور فیس پہنچایا کرتے تھے۔

اپنے بچوں قدوس اختر، رضاء اللہ شاہ اور افضال اسبطین شاہ کے ساتھ بہت پیار تھا۔ عزیز رضاء اللہ شاہ کو جج صاحب کہا کرتے۔ جب دونوں بچے سکول ٹرین مل سے پڑھ کر گھر آتے تو سیدھے دیوان خانہ میں پہلے آپ کی خدمت میں حاضر ہوتے۔ آپ چونکہ بیمار تھے اور بستر پر ہی رہتے تھے۔ دونوں کے آنے

Marfat.com

پر آپ مزدوران کو کوئی چیز کھانے کے واسطے عطا فرمایا کرتے۔ جیسا موسم ہوتا ویسا فروٹ تیار رکھتے۔ مالٹا، سنگترہ، امرود، انگور وغیرہ میں سے جو کچھ مل جاتا، چھابڑی والوں سے لے رکھتے۔ اگر کوئی چیز نہ ہوتی تو ان کو کھنڈ ہی دے دیتے یا پیسے دے دیتے۔ کبھی ناغہ نہ ہونے دیتے۔ اس سے بچوں کو پڑھائی کی رغبت ہوتی تھی اور شوق بڑھتا تھا

قلمی فیضان آپ جب تک تندرست رہے، کتابوں کو تحریر کرنے کا مشغلہ تھا۔ قلمی پرانی کتابوں کو نئی لکھ لیتے۔ بیماری کے سالوں میں بھی آپ نے کتابت کے شغل کو ترک نہیں کیا۔ شجرے، سیحرفیاں، نعتیں، کافیاں لکھ کر اربابِ شوق کو دے دیا کرتے۔ چنانچہ اپنے لڑکے قدوس اختر اور اپنے ہمشیرہ زادوں دلنواز احمد فرزندِ صفیہ بیگم، خضر حیات فرزندِ رضیہ بیگم اور شفیق الرحمٰن فرزندِ رشید بیگم کو الگ الگ کاپیاں لکھ کر دی تھیں جو ان سب کے پاس موجود ہیں اور سب پڑھ کر محظوظ ہوتے ہیں۔

علماء سے محبت آپ کو صاحبِ علم لوگوں سے محبت تھی۔ وعظ و تقریریں بڑی محبت سے سنتے۔ اگر کہیں تبلیغی جلسہ ہوتا، تو آپ ضرور وہاں پہنچ کر شمولیت فرمایا کرتے۔ ہمارے علاقہ میں پیر محبوب شاہ قریشی ساکن پنڈی گاگو گاہ بگاہ جلسے کرایا کرتا تھا۔ جس پر علمائے کرام مولوی سید نور شاہ بخاری رح ساکن بھوپال والہ چک بانگا ضلع لائل پور، مولوی قاضی محمد اکرم سہروردی ملتانی، مولوی سید ولایت شاہ ترمذی گجراتی وغیرہ آیا کرتے تھے۔ آپ ضرور وہاں حاضر ہوا کرتے۔ کئی شہروں میں جلسوں پر جایا کرتے اور علماء و فضلاء کی مجلسیں کرتے۔

درویشوں کی محبت آپ کو فقیروں، درویشوں سے بھی محبت تھی۔ درگاہِ حضرت نوشہ صاحبؒ پر جو فقراء زیارت کے لئے حاضر ہوتے، ان میں اکثر لوگ آپ کے پاس بھی آتے اور آپ سے مستفیض ہوتے۔ آپ ان کے ساتھ بہت محبت و شفقت کیا کرتے۔

Marfat.com

حضرت سید محمد حسین شاہ چشتی نظامی اجمیری المعروف شیخ صحرائی جو اکابر مشائخ وقت سے ہیں اور آجکل بہاول پور میں سکونت رکھتے ہیں۔ ایک مرتبہ درگاہِ عالیہ نوشاہیہ پر اعتکاف کے واسطے حاضر ہوئے اور اپنا خیمہ علیحدہ نصب کیا۔ چالیس روز تک اُسی میں رہے۔ آپ روزانہ اُن کی خدمت میں جاتے اور چائے کے واسطے دو وقت دُودھ ان کو پہنچایا کرتے، وہ بھی تمام ساداتِ نوشاہیہ میں سے آپ پر زیادہ مہربان ہوئے اور آپ پر بہت مہربانیاں کیں۔

خانگی کاروبار جب تک آپ تندرست رہے۔ گھر کے سارے کاروبار کا انتظام آپ کے متعلق ہوتا تھا۔ ہم دونوں بھائی باوجود عیالدار ہونے کے اپنے والدین کے ساتھ اکٹھے رہے۔ پینتیس سال تک علیحدہ نہیں ہوئے۔ سب بیویوں بچوں کے ضروریات کو مہیا کرنے اور گھر کا سودا سلف لانے کا اہتمام آپ کے ذمہ ہوتا تھا۔ آپ اس کو خوب نبھاتے۔ طبیعت میں تساہل نہ تھا۔ جو کام کرنا فوراً کر دیتے۔ آج کا کام کل پر نہ ڈالتے۔ گھر میں جو مویشی، بھینسیں، گائیں، گھوڑیاں وغیرہ ہوتیں، سب کو چارہ ڈالنا اور اُن کی حفاظت وغیرہ کی خدمات بھی آپ ہی انجام دیتے اور درویشوں مردوں سے سارا کام کروا لیتے۔

تحمل آپ بڑے متحمل مزاج تھے۔ میں آپ کا بڑا بھائی تھا۔ اگر کسی کام میں میں آپ کو ناراض ہوتا، تو آپ اُس کو برداشت کرتے اور تحمل سے کام لیتے۔ کبھی میرے ساتھ درشت کلامی نہیں کی۔ بلکہ کوئی اور شخص بھی آپ سے سخت لہجہ میں گفتگو کرتا تو آپ خاموش ہو رہتے۔ واذا خاطبھم الجاھلون قالوا سلاماً پر عمل پیرا ہو جاتے۔

انکسار آپ کی طبیعت نہایت منکسر تھی۔ تواضع و انکسار آپ کا شیوہ تھا کبھی آپ کو کسی کام میں فخر اور غرور و تکبر کرتے نہیں دیکھا۔ اپنے احوال کو حتی الوسع مخفی رکھتے۔ مزاج اخفا پسند تھا۔ آپ نے اپنی باطنی اسرار و رموز کو کبھی ظاہر نہیں کیا۔

Marfat.com

صبر و شکر آپ قریب دس سال تک بیمار رہے۔ جس میں سے پہلے سات سال تو بخوبی چلتے پھرتے رہے اور تین سال تک صاحبِ فراش رہے۔ مگر صبر و شکر میں آپ راسخ رہے۔ باوجودیکہ آپ کو کھانسی اور دمہ کی سخت تکلیف تھی اور ساری راتیں بھی بیدار رہ کر بیٹھ کر گذار دیتے تھے۔ لیکن بے صبری کا کوئی کلمہ آپ کی زبان سے نہیں نکلا اور نہ کبھی کوئی شکوہ زبان پر آیا۔ جس وقت تکلیف زیادہ ہو جاتی، تو ہر دم کے ساتھ لفظ "توبہ" کہا کرتے، اور راضی برضائے حق رہتے تھے۔

نظر بر قدم آپ جب راستہ میں چلتے تو ہمیشہ نظر بر قدم رہتے۔ بزرگوں کا قول ہے۔

رسم سگان ست بہر سو نگاہ ٭ شیر سر افگندہ خراند براہ

آپ کا اس پر پورا پورا عمل تھا۔ اپنے سامنے نظر رکھ کر چلتے تھے۔ اِدھر اُدھر کبھی نہیں دیکھا۔

اہلِ دنیا سے اجتناب آپ کو دنیا داروں کی مجلس میں بیٹھنے سے سخت نفرت تھی۔ آپ کی بیٹھک کے بالکل متصل زمینداروں کی حویلیاں تھیں، اور سب زمیندار خوب مجلسیں لگا کر بیٹھتے، اور دنیاوی باتیں، لڑائیوں، قتلوں، چوریوں وغیرہ کے متعلق گفتگوئیں کرتے۔ آپ کو ان باتوں سے قطعاً کوئی لگاؤ نہ تھا۔ ان کے پاس سے گذر جاتے اور اپنے دیوان خانہ پر سب سے الگ تھلگ بیٹھتے اور اپنے پاکیزہ خیالات میں منہمک رہتے۔

درگاہِ نوشاہیہ سے عقیدت آپ کا دائمی معمول تھا کہ بوقتِ عصر درگاہِ عالیہ حضرت نوشہ گنج بخشؒ پر حاضری دیا کرتے۔ جب تک آپ تندرست رہے۔ کبھی ناغہ نہیں کیا اور جب بسترِ علالت پر پڑے تو اس حالت میں بھی گاہ بگاہ درگاہ شریف تک آہستہ آہستہ پہنچ جایا کرتے۔ آپ کو حضرت نوشہ صاحبؒ سے کمال عقیدت تھی۔

Marfat.com

قرآن مجید کا احترام

آپ قرآن مجید کی تلاوت ہمیشہ کرتے اور باوضو کیا کرتے۔ کبھی قرآن کریم کو بلا وضو مس نہیں کیا۔ چوہدری لال خان بن مولاداد تارڑ ساکن دایانوالی چک ۲۷ ضلع شیخوپورہ بیان کرتا ہے کہ ایک مرتبہ میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ سے کوئی مسئلہ دریافت کیا۔ آپ نے اُٹھ کر تازہ غسل اور وضو کیا۔ پھر قرآن مجید کھولا۔ اُس میں سے آیت شریف کھول کر آپ نے دکھائی اور مسئلہ کا جواب دیا۔ پھر اس کے مطابق ایک حدیث شریف کا حوالہ بھی دیا۔

شریف التواریخ کی تالیف میں امداد

۱۳۴۵ھ میں شریف التواریخ کی تالیف میں شروع ہوا اور آج تک عرصہ چھتیس سال گذر چکا ہے۔ اس کی ترتیب و تکمیل میں لگا رہتا ہوں۔ آپ نے اس کی تالیف میں میری بہت مدد فرمائی ہے۔ چونکہ آپ مجھ سے عمر میں تین سال چھوٹے تھے۔ اس لئے میری فرمانبرداری اور اطاعت و احترام بہت کیا کرتے۔ کتب خانہ سے کتابیں تلاش کر کے میرے پاس رکھنا، سامان کتابت مہیا کر کے دینا، واقعات کی ترمیم تنسیخ میں مدد کرنا، مضمونوں کی نظر ثانی میں اعانت کرنا آپ کا شیوہ تھا۔ آپ کو اِس کتاب کے مکمل ہونے اور شائع ہونے کا بہت شوق تھا مگر افسوس کہ آپ کی عمر نے وفا نہ کی اور آپ جلد ثانی کی تکمیل سے پہلے ہی دارِ فانی سے رحلت فرما گئے۔ اور آج آپ کے حالات اِس حصہ کے دوسرے طبقہ کے خاتمہ پر تحریر کرنے کی ضرورت پیش آگئی

قطعات نویسی

آپ کو قطعے لکھنے کا بہت شوق تھا۔ جلی قلم سے اسم اللہ اور اسم محمد اور اسم نوشہ گنج بخش رح لکھ کر شائقین کو دے دیا کرتے۔ کبھی کاغذ کی زمین سیاہ اور حروف سفید لکھا کرتے۔ کبھی خطِ گلزار میں قطعے لکھتے۔ اپنے بچوں قدوس اختر، رضاء اللہ شاہ اور افضال السبطین شاہ اور اپنے بھانجوں دلنواز اور شفیق الرحمٰن کو اُن کے نام جلی قلم سے خوشخط لکھ کر

Marfat.com

دیا کرتے ۔ وہ بطورِ قطعہ کے اپنے گھروں میں چسپاں کرتے ۔

مطالعہ کتب

آپ اکثر اوقات کتابوں کے مطالعہ میں مصروف رہتے۔ شریعت و تصوف و تاریخ کی کتابوں سے بڑا لگاؤ تھا۔ آپ نے جو کتابیں مطالعہ کیں، سب کا تو شمار نہیں ہو سکتا۔ البتہ بعض کے نام لکھے جاتے ہیں۔

کتب تفسیر میں سے

۱۔ تفسیر حسینی الموسوم بہ مواہب العلیہ۔ از تصنیف ملا حسین الواعظ الکاشفی الہروی رح
۲۔ تفسیر قادری ترجمہ اردو۔ تفسیر حسینی۔ مولانا فخر الدین رح
۳۔ تفسیر عزیزی الموسوم بہ فتح العزیز۔ شاہ عبد العزیز محدث دہلوی رح
۴۔ تفسیر موضح القرآن۔ شاہ عبد القادر محدث دہلوی رح
۵۔ تفسیر حقانی۔ مولانا عبد الحق حقانی دہلوی رح
۶۔ تفسیر نعیمی الموسوم بہ اشرف التفاسیر۔ مولانا مفتی احمد یار خاں حنفی بدایونی گجراتی۔
۷۔ تفسیر محمدی پنجابی منظوم۔ مولوی حافظ محمد لکھوی رح اہلحدیث
۸۔ تفسیر نعمانی الموسوم بہ حبیب التفاسیر مولوی محمد حبیب اللہ حنفی قادری رح
۹۔ تفسیر امینی پنجابی۔
۱۰۔ تفسیر فیروزی۔
۱۱۔ خلاصۃ التفاسیر۔

تراجم قرآن مجید میں سے

۱۲۔ ترجمہ فارسی۔ شیخ مصلح الدین سعدی شیرازی رح
۱۳۔ ترجمہ فارسی۔ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رح
۱۴۔ ترجمہ اردو۔ شاہ رفیع الدین محدث دہلوی رح
۱۵۔ ترجمہ اردو۔ شاہ عبد القادر محدث دہلوی۔
۱۶۔ ترجمہ اردو۔ مولانا احمد رضا خان قادری برکاتی بریلوی رح
۱۷۔ ترجمہ اردو۔ مولانا اشرف علی تھانوی رح

Marfat.com

۱۸۔ ترجمہ اردو ۔ مولوی حافظ نذیر احمد دہلوی رح

۱۹۔ ترجمہ اردو ۔ مولوی عاشق الٰہی میرٹھی رح

۲۰۔ ترجمہ اردو۔ مولوی محمود الحسن دیوبندی رح

۲۱۔ ترجمہ اردو۔ مولوی شبیر احمد عثمانی رح

کتب علم حدیث میں سے

۲۲۔ جامع صحیح بخاری۔ امام محمد بن اسماعیل بخاری رح

۲۳۔ سنن ابی داؤد۔ امام ابوداؤد محدث رح

۲۴۔ مشکوٰۃ المصابیح۔ امام ولی الدین الخطیب التبریزی رح

۲۵۔ بلوغ المرام من ادلۃ الکلام۔ امام ابن حجر عسقلانی رح

۲۶۔ تلخیص الصحاح۔

۲۷۔ تجرید البخاری۔

۲۸ مظاہر حق شرح مشکوٰۃ۔ نواب قطب الدین خان محدث دہلوی رح

۲۹۔ البلاغ المبین فی اتباع خاتم النبیین۔ مولوی محی الدین نومسلم علی پوری۔ اہلحدیث

۳۰۔ الفتح المبین فی کشف مکائد غیر المقلدین۔ مولانا محمد منصور علی خان حنفی مراد آبادی رح

کتب فقہ میں سے

۳۱۔ نورالہدایہ ترجمہ شرح وقایہ۔

۳۲۔ قدوری۔

۳۳۔ منیۃ المصلی۔

۳۴۔ فتاویٰ عالمگیری۔ مولوی رشید احمد گنگوہی رح

۳۵۔ فتاویٰ رشیدیہ۔ مولانا محمد عبدالحی لکھنوی رح

۳۶۔ مجموعۃ الفتاویٰ۔ مولوی محمد نظام الدین قادری ملتانی وزیر آبادی رح

۳۷۔ فتاوائے نظامیہ۔

Marfat.com

۳۸۔ مالا بدامنہ ۔	قاضی ثناء اللہ پانی پتی رح
۳۹۔ انواع العلوم ۔	مولانا عبداللہ لاہوری رح
۴۰۔ الانواع ۔	حافظ برخوردار رانجھ رح
۴۱۔ الانواع ۔	مولوی محمد بارک اللہ حنفی رح
۴۲۔ شرح الانواع عبداللہ ۔	حافظ محمد مخدوم رح
۴۳۔ زاد الآخرۃ ۔	مولانا محمد اشرف علی تھانوی رح
۴۴۔ بہشتی زیور ۔	
۴۵۔ خزائن العرفان ۔	مولوی غلام قادر بھیروی لاہوری رح
۴۶۔ کتب اسلام ۔	مولوی رحیم بخش لاہوری رح
۴۷۔ کتب اسلام ۔	مولوی محمد صالح رح
۴۸۔ کتب اسلام ۔	

کتب لغت میں سے

۴۹۔ منتخب اللغات شاہجہانی	مولانا عبدالرشید رح
۵۰۔ غیاث اللغات	مولانا غیاث الدین رام پوری رح
۵۱۔ لغات کشوری	مولوی سید تصدق حسین رضوی رح

کتب سیرت و تاریخ میں سے

۵۲۔ قصص الانبیاء	مولانا شیخ عبدالحق محدث دہلوی رح
۵۳۔ مدارج النبوۃ فی درجات الفتوۃ	علامہ شبلی نعمانی رح و سید سلیمان ندوی رح
۵۴۔ سیرۃ النبی	قاضی محمد سلیمان منصور پوری رح
۵۵۔ رحمۃ للعالمین	شیخ فرید الدین عطار رح
۵۶۔ تذکرۃ الاولیاء	مولانا نورالدین عبدالرحمٰن جامی رح
۵۷۔ نفحات الانس من حضرات القدس	شیخ عبدالحق محدث دہلوی رح
۵۸۔ اخبار الاخیار من اسرار الابرار	

Marfat.com

۵۹۔ رسالہ الاعجاز	مرزا احمد بیگ لاہوری رح
۶۰۔ سکینۃ الاولیاء	شہزادہ محمد دارا شکوہ قادری رح
۶۱۔ سفینۃ الاولیاء	شہزادہ محمد دارا شکوہ قادری رح
۶۲۔ تذکرہ نوشاہیہ	مولانا سید حافظ محمد حیات ربانی نوشاہی رح
۶۳۔ ثواقب المناقب	علامہ شیخ محمد ماہ صداقت کنجاہی رح
۶۴۔ تحائف قدسیہ	شیخ پیر کمال لاہوری رح
۶۵۔ کنز الرحمت	مولانا حکیم محمد اشرف فاروقی منجھری رح
۶۶۔ خزینۃ الاصفیا	مفتی غلام سرور لاہوری رح
۶۷۔ تحفۃ الابرار	مرزا نواب بیگ عرف آفتاب بیگ چغتی رح
۶۸۔ تذکرۃ الواصلین (مسالک السالکین)	مرزا عبدالستار بیگ سہسرامی رح
۶۹۔ تذکرہ اولیائے ہند	مرزا احمد اختر کیرانوی رح
۷۰۔ خزینۃ الفقرا	حافظ نور الدین گنجوی رح
۷۱۔ شریف التواریخ (جلد اوّل)	راقم الحروف فقیر سید شریف احمد شرافت نوشاہی عافاہ اللہ
۷۲۔ تاریخ عباسی	" فقیر سید شرافت
۷۳۔ مسودات (فیض محمد شاہی)	اعلیحضرت مولانا سید غلام مصطفےٰ دام برکاتہ

کتب تصوف و اخلاق میں سے

۷۴۔ کشف المحجوب	حضرت داتا گنج بخش لاہوری رح
۷۵۔ فتوح الغیب	حضرت غوث الاعظم سید عبدالقادر جیلانی رح
۷۶۔ غنیۃ الطالبین	حضرت غوث الاعظم رح
۷۷۔ اکسیر ہدایت ترجمہ کیمیائے سعادت	حضرت امام محمد غزالی طوسی رح
۷۸۔ مذاق العارفین ترجمہ احیاء علوم الدین	حضرت امام غزالی رح
۷۹۔ مثنوی معنوی	حضرت مولانا جلال الدین محمد رومی رح

Marfat.com

۸۰۔ دیوانِ حافظ — حضرت خواجہ شمس الدین حافظ شیرازی رح

۸۱۔ دقائق الاخبار — حضرت امام غزالی رح

۸۲۔ چہار بہار (ملفوظاتِ حضرت نوشہ رح) — مرتبہ حضرت مولانا محمد ہاشم تھرپالوی رح

۸۳۔ مکتوباتِ امام ربانی۔ — حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی رح

۸۴۔ گلدستہ کرامات — مفتی غلام سرور لاہوری رح

۸۵۔ دیوانِ اثر — مولانا حکیم غلام قادر شاہ اثر جالندھری رح

۸۶۔ انوار السیات — راقم الحروف فقیر سید شرافت عافاہ ربہٗ

حُلیہ آپ کا رنگ گندم گون، قد درمیانہ، سر متوسط، سر کے بال گنجان کانوں تک، سیدھے تھے پیچدار نہ تھے، پیشانی فراخ، ابرو کماندار، بینی بلند، داڑھی بقدر نصف قبضہ، سر اور داڑھی کے بال سفید زیادہ اور سیاہ کم تھے، لب باریک، دانت سفید اور چمکیلے، جب متبسم ہوتے تو دانتوں سے چمکارے نکلتے، سینہ چوڑا اور اُس پر بال، بازو متوسط، آپ کی رفتار تیز تھی، جب کبھی سفر کرنا پڑتا تو جلدی سے مسافت طے کر جاتے، روزانہ مسواک کرتے تھے، آنکھیں بڑی اور نظر تیز تھی، بغیر عینک کے قرآن مجید اور کتابیں پڑھتے تھے۔

آپ کا چہرہ خوبصورت تھا۔ آپ کا فوٹو بطور یادگار موجود ہے۔

لباس آپ سفید رنگ لباس پسند کرتے تھے۔ دستار کلاہ پر باندھتے۔ جب بسترِ علالت پر پڑے تو پھر کبھی دستار نہ پہنی۔ صرف رومال سر پر لپیٹ لیتے جو عمدہ قیمتی منقش ہوا کرتا۔ دستار ململ کی بقدر پانچ گز ہوتی، کلاہ طلادار ہوتا، قمیض عمدہ کپڑے کی پہنتے، کبھی کپڑا سفید، کبھی رنگدار، کبھی دھاریدار ہوتا۔ تہبند ہمیشہ نشہ کا پہنتے۔ گرمیوں میں ململ کا کرتہ پہنتے۔ سردیوں میں سوئیٹر بھی زیب تن کرتے۔ بیماری کے ایام میں سردی سے بچنے کے واسطے دو سوئیٹر پہنا کرتے، جو بالعموم رنگین ہوتے، کبھی سبز، کبھی گلنارہ، کبھی عنابی رنگ کرواتے۔ سردیوں میں کوٹ فراق یا شیروانی بھی استعمال کرتے۔ لوئی عموماً سیاہ رنگ رکھتے۔ پاؤں میں

Marfat.com

پوٹھوہاری قطع کی جوتی یا گرگابی پہنتے۔

قمیص یا کرتہ کے نیچے بنین بھی ضروری رکھتے تاکہ پسینہ سے کپڑے محفوظ رہیں۔ آپ اپنے لئے دو یا تین جوڑے ضرور مہیا رکھتے۔ طبیعت میں صفائی اور امارت بہت تھی۔ خوشبو کا استعمال بھی کرتے۔ اچھی اچھی قسم کے عطریات پاس رکھتے۔ ہاتھ میں عصا بھی رکھتے۔ پہلے نہیں رکھتے تھے۔ بیماری کی وجہ سے رکھنا شروع کیا۔

فضائل

آپ کے متعلق آپ کے جد بزرگوار حضرت مولانا سید حافظ محمد شاہ "نیک اختر" نے اپنے مکتوبات شریف میں چند دعائیہ جملے لکھے ہیں۔ جس سے اُن کی محبت و شفقت آپ پر ظاہر ہوتی ہے۔ یہاں چند عبارتیں ان میں سے لکھی جاتی ہیں:

۱۔ "لخت جگر بشیر احمد۔ اللہ تعالےٰ تم کو اپنے فضل و کرم سے بلیات دارین سے محفوظ و ارادو"

۲۔ "لخت جگر بشیر احمد۔ زیادہ کرے اللہ تعالیٰ حیاتی تمہاری اور اقبال تمہارا"

۳۔ "عزیز بشیر احمد۔ سلامت رکھے تم کو اللہ پاک بمعہ متعلقین کے"

۴۔ "روشنائی چشم سرورِ سینہ عزیز بشیر احمد مدحیاتہ و زاد اقبالہ، چاہیئے کہ اپنے اللہ پاک کی یاد میں حسب طاقت ہر وقت خیال رکھیں کہ یہ دنیا گذرنے والی ہے، نہ ہمیشہ رہنے والی"

۵۔ "نورِ نظر میاں بشیر احمد مدعمرہٗ۔ صانہ اللہ تعالیٰ فی الدارین"

۶۔ "عزیز بشیر احمد۔ زاد اللہ عمرہٗ وحسناتہٗ"

۷۔ "عزیز بشیر احمد۔ اللہ تعالےٰ تمہارا نگہبان ہو"

۱۔ مکتوبات محمد شاہی مکتوب ۱۲۵۔ (۱) مکتوب ۱۲۱۔ (۲) مکتوب ۱۲۲۔ (۳) مکتوب ۱۲۶۔ (۵) مکتوب ۱۲۷۔ (۶) مکتوب ۱۲۹۔ (۷) مکتوب ۱۳۰۔ شرافت ۱۲

Marfat.com

۸۔ "لختِ جگر بشیر احمد۔ سلامت۔ اور اتفاق سے اپنے گھر گذارہ کریں اور نماز روزہ اور منزل قرآن مجید کی بھی ہماری طرف سے وصیت ہے"۔

۹۔ "عزیز بشیر احمد۔ زیادہ کرے اللہ تعالےٰ حیاتی تیری اور ہدایت اور علم"۔

۱۰۔ "عزیز بشیر احمد۔ زاد عمرہٗ وھدایتہٗ"۔

۱۱۔ "عزیز بشیر احمد۔ دراز کرے اللہ تعالےٰ حیاتی تمہاری، اور اقبال بھی تم کو نصیب ہو۔ اللہ تعالےٰ اپنا رحم فرماوے"۔

خوارق و کرامات

آپ سے خوارق و کرامات کا ظہور بھی ہوتا تھا۔ آپ مستجاب الدعوات تھے۔ اکثر لوگ آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر اپنی حاجات کے لئے دعائے خیر کرواتے اور ان کی حاجتیں پوری ہوتیں۔ کئی مریض شفا پاتے۔ کئی مجردوں کے خانے آباد ہوئے، کئی بے اولادوں کو اولاد ہوئی۔ کئی قیدیوں نے رہائی پائی۔ کئی مخالفوں نے سزائیں پائیں۔ سب کا بیان موجب طوالت ہے۔

اجابتِ دُعا

صاحبزادہ حکیم سید مظفر حسین خلف الرشید سید غلام احمد کاتب برخورداری رح کہتے ہیں کہ میں حضرت بھائی سید بشیر احمد رح کو دیکھا کرتا تھا کہ جو کچھ زبان سے فرما دیتے ہیں، اُسی طرح ہو جاتا ہے۔ اس لیے میں ان کی بد دعا سے بہت خائف رہتا تھا۔ جو کچھ امر فرماویں فوراً بجا لاتا تاکہ کوئی ایسا کلمہ نہ آپ کی زبان سے نکل جاوے کہ میں پشیمانی اٹھاؤں۔ میں چونکہ دکان کر یانہ رکھتا ہوں۔ آپ اگر کسی آدمی کے ساتھ سودا منگواتے تو میں آپ کے پیغام پر ہی دے دیا کرتا تھا

قفل کا خود بخود کھل جانا

سائیں محمد نذیر بن بڈھا بن محکم تارڑ ساکن اگرویہ بیان کرتا ہے کہ میں ہر جمعرات کو اپنے گاؤں سے

---

(۸) مکتوب ۱۲۱۔ (۹) مکتوب ۱۳۲۔ (۱۰) مکتوب ۱۱۸۔ (۱۱) مکتوب ۱۰۹۔ شرافت

Marfat.com

چل کر درگاہِ حضرت نوشہ گنج بخش رح پر حاضری دیا کرتا تھا۔ پھر آپ کے درِ دولت پر حاضر ہو کر رات گذارا کرتا تھا۔ ایک بار میں عشاء کے بعد آیا۔ سیّد بشارت رح گھر چلے گئے تھے۔ میں دیوان خانہ میں داخل ہوا۔ سردیوں کا موسم تھا۔ میں اندر سے دروازہ کی زنجیر لگا کر صف پر لیٹ رہا۔ دل میں دو خیال گئے۔ ایک یہ کہ اگر حضرت سیّد بشیر احمد ولی اللہ ہیں تو آتے ہی میرا نام لے کر مجھے بلا دیں گے۔ دوسرا یہ کہ زنجیر خود بخود کھل جاوے گی۔ چنانچہ میں سو گیا، تو کافی رات گذرنے پر آپ گھر سے تشریف لائے اور آتے ہی آواز دی "محمد نذیر، جاگتا ہے"۔ پھر دروازہ کو ہاتھ لگایا تو وہ خود بخود کھل گیا۔ حالانکہ میرے وہاں آنے کا بظاہر آپ کو کوئی علم نہ تھا۔ آپ کا مجھ کو بلانا از راہِ کشف تھا اور زنجیر کا خود بخود کھل جانا آپ کا تصرف تھا۔ اس کے بعد میں آپ کے کمالاتِ ولایت کا معترف ہو گیا۔

وفات کے بعد خواب میں ملنا

آپ کے انتقال کے بعد بہت لوگوں نے آپ کو خواب میں دیکھا اور عمدہ حالت میں پایا۔ بعض خوابوں کا بیان یہاں کیا جاتا ہے :-

(۱)

حضرت سیّد غلام مصطفیٰ رح کے خواب

۱۔ آپ کے والد بزرگوار اعلیٰ حضرت مولانا سیّد غلام مصطفیٰ رح نوشاہی دام برکاتہٗ فرماتے ہیں کہ عزیز بشیر احمد مرحوم اپنی وفات سے ایک مہینہ بعد ہم کو خواب میں ملا۔ دیکھا کہ ہم اور اُس کی والدہ اور عزیز مرحوم تینوں اپنی حویلی میں کھڑے ہیں اور عزیز اپنی والدہ کو سلام کر کے ادب سے اُس کے زانوؤں کو بوسہ دے رہا ہے۔

۲۔ اعلیٰ حضرت قبلہ دام برکاتہٗ فرماتے ہیں کہ بدھوار کی رات ۱۲ جمادی الاولیٰ ۱۳۹۱ھ کو سرگی کے وقت اپنی بیٹھک میں ہم درود شریف ہزارہ کا وظیفہ کر رہے تھے کہ

Marfat.com

عین بیداری میں اپنا لڑکا عزیز بشیر احمد مرحوم نظر آیا کہ ہاتھ میں قرآن مجید ہے اور تلاوت کر رہا ہے۔

(۲)

سیّد شرافت کو ملنا

۱۔ مؤلف کتاب ہذا فقیر سیّد شرافت عافاہ اللہ نے جمعرات ۱۲ر صفر ۱۳۸۱ھ کو خواب میں دیکھا کہ میرے چھوٹے بھائی صاحبزادہ سیّد بشیر احمد مرحوم بیٹھے ہیں اور بالکل تندرست اور توانا ہیں۔

۲۔ میں نے ہفتہ کی رات ۱۱ر صفر ۱۳۸۱ھ کو خواب میں دیکھا کہ ایک مکان گرا پڑا ہے۔ اُس کے پاس عزیز سیّد بشیر احمدؒ چارپائی پر بیٹھے ہیں۔ میں ان کو کہتا ہوں کہ اچھا ہوا کہ آپ اس کے صدمہ سے بچ گئے ہیں۔

یہ خواب صبح کو میں نے اپنے والد اعلیٰ حضرت قبلہ ادام اللہ برکاتہٗ کو سُنایا تو انہوں نے فرمایا کہ دنیا ویران خانہ ہے، اِس سے وہ بچ گیا ہے۔

۳۔ میں نے ہفتہ کی رات ۱۱ر صفر ۱۳۸۱ھ کو دوسری مرتبہ خواب میں دیکھا کہ اپنے دیوان خانہ کے صحن بیچ ایک صف بچھی ہوئی ہے اور عزیز بشیر احمدؒ اُس پر کھڑے ہو کر نماز پڑھ رہے ہیں۔

۴۔ میں نے سوموار کی رات ۱۵ر ربیع الاوّل ۱۳۸۱ھ کو خواب میں دیکھا کہ عزیز سیّد بشیر احمدؒ اپنے دیوان خانہ میں کھڑے ہیں اور ہشاش بشاش ہیں۔

۵۔ میں نے منگلوار کی رات ۱۹ر جمادی الثانی ۱۳۸۱ھ کو خواب میں دیکھا کہ عزیز سیّد بشیر احمدؒ بڑا فاخرہ لباس پہنے ہیں۔ سر پر دستار سفید کلاہ پر باندھی ہے، اور اُس کا طرہ بلند رعب دار ہے۔ اور دستار میں سے نور کے چمکارے نکلتے ہیں، اور آپ ساہن پال شریف کی مسجد کے دروازے سے مشرق کی طرف کوچہ میں جا رہے ہیں اور طبیعت بڑی خوش ہے۔

Marfat.com

(۳)

سیّدہ نذیر بیگم کے خواب

۱۔ آپ کی ہمشیرہ سیّدہ نذیر بیگم کہتی ہیں کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ بھائی، سید بشیر احمدؒ اپنی بیٹھک میں بستر پر لیٹے ہوئے ہیں۔

۲۔ سیّدہ نذیر بیگم کہتی ہیں کہ منگلوار کی رات ۱۲ جمادی الاوّل ۱۳۸۱ھ کو میں نے خواب میں دیکھا کہ بھائی سیّد بشیر احمدؒ اپنی بیٹھک میں قرآن مجید پڑھ رہے ہیں۔ پھر پڑھ کر غلاف میں بند کر دیا ہے اور گھر کی طرف چلے آ رہے ہیں۔ میں سمجھی سے میں جا رہی ہوں۔ آپ مجھ کو فرماتے ہیں کہ گھر چلو۔ میں تو گھر کو آ رہا ہوں۔

(۴)

سیّدہ رضیہ بیگم کے خواب

۱۔ آپ کی ہمشیرہ ثانیہ سیّدہ رضیہ بیگم بیان کرتی ہے کہ منگلوار کی رات ۱۰ صفر ۱۳۸۱ھ کو میں نے خواب میں دیکھا کہ ایک فراخ میدان میں سبز گھاس کا ایک قطعہ ہے۔ اُس پر ایک چارپائی بچھی ہے۔ اُس کے اوپر بھائی سید بشیر احمدؒ بیٹھے ہیں اور چارپائی کے آس پاس ایک خورد سال لڑکی پھر رہی ہے۔ میں نے آپ کو سلام کیا، اور پوچھا "یہ لڑکی کون ہے"؟ آپ نے فرمایا "یہ لڑکی میری خدمت کرتی ہے"۔

۲۔ سیّدہ رضیہ بیگم کہتی ہے کہ منگلوار کی رات ۲۲ ربیع الثانی ۱۳۸۱ھ کو میں نے خواب میں دیکھا کہ بھائی سیّد بشیر احمدؒ اپنی والدہ صاحبہ کے پاس بیٹھے ہوئے ہیں۔ میں نے کہا کہ آپ تو فوت ہو چکے تھے۔ آپ نے فرمایا کہ جناب والدہ صاحبہ ہر وقت مجھ کو یاد کرتی رہتی ہیں۔ اس لئے ان کے پاس آ گیا ہوں۔

۳۔ سیّدہ رضیہ بیگم کہتی ہے کہ بدھوار کی رات ۲۳ ربیع الثانی ۱۳۸۱ھ کو میں نے خواب میں دیکھا کہ بھائی سیّد بشیر احمدؒ اپنے گھر میں بیٹھے ہیں اور فرماتے ہیں کہ

Marfat.com

حسنا چھپی کا لڑکا فوت ہوگیا ہے، اس کے واسطے آیا ہوں۔ پھر آپ درود شریف تاج پڑھنے لگ گئے ہیں۔ یہ الفاظ آپ کی زبان سے مجھے یاد رہ گئے ہیں۔ شَفِیْعِ الْاُمَمِ صَاحِبِ الْجُوْدِ وَ الْکَرَمِ۔

۴۔ سیّدہ رضیہ بیگم کہتی ہے کہ جمعرات ۹ جمادی الاوّل ۱۳۸۱ھ کو میں نے خواب میں دیکھا کہ بھائی سیّد بشیر احمدؒ اپنے گھر میں تشریف فرما ہیں اور اپنے لڑکے عزیز قدوس اختر کو گود میں لے کر بیٹھے ہیں اور فرماتے ہیں "اس کا مجھ کو بڑا فکر رہتا ہے۔ اللہ تعالیٰ فضل کرے گا"۔

(۵)

سیّدہ صفیہ بیگم کے خواب

۱۔ آپ کی ہمشیرہ ثالثہ سیّدہ صفیہ بیگم کہتی ہے کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ حکیم سیّد مظفر حسین، بھائی سیّد بشیر احمدؒ کو نہلا رہا ہے۔ جب غسل کر کے چارپائی پر بیٹھ گئے ہیں۔ میں نے آپ کو سلام کیا۔ آپ نے میرے سر پر ہاتھ پھیرا ہے۔ پھر عزیزہ رفعت سلطانہ دختر مظفر حسین کو بلا رہے ہیں۔ پھر میں اپنی ہمشیرہ رشیدہ بیگم کو بلانے گئی ہوں کہ بھائی صاحب آگئے ہیں، ان کو آکر مل لو۔ جب ہم دونوں بہنیں آئی ہیں تو میری آنکھ کھل گئی۔

۲۔ سیّدہ صفیہ بیگم کہتی ہے کہ سوموار کی رات ۲۸ ربیع الثانی ۱۳۸۱ھ کو میں نے خواب میں دیکھا کہ بھائی سیّد بشیر احمدؒ دربار شریف حضرت نوشہؒ کی طرف جا رہے ہیں۔ پھر دیکھا کہ اپنے والد اعلیٰ حضرت دام اللہ برکاتہٗ کے پاس چارپائی پر بیٹھے ہیں۔ دونوں باپ بیٹا کا منہ قبلہ کی طرف ہے۔ میں اور رشید بیگم دونوں بہنیں پاس ہی نیچے بیٹھی ہیں۔ ہم دونوں نے سلام کیا۔ آپ نے دونوں کے سر پر ہاتھ پھیرا۔ ہم نے پوچھا "آپ تندرست ہیں"۔ آپ نے فرمایا "میں تندرست ہوں"۔ پھر آپ نے دوبارہ ہم سے پوچھا "تم بھی خیریت ہو"۔ ہم نے کہا "باقی تو خیریت ہے مگر آپ کی

Marfat.com

لڑکی حفیظہ بیمار ہے۔ پھر آپ چارپائی سے اُتر کر پیڑھی پر بیٹھ گئے ہیں اور ہاتھ میں قرآن مجید ہے اور جناب والد صاحب پاس کھڑے ہیں، ان کے ہاتھ میں بھی قرآن ہے۔

(۶)

سیّدہ رشید بیگم کے خواب

۱۔ آپ کی چھوٹی ہمشیرہ سیّدہ رشید بیگم کہتی ہے کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ میں دیوان خانہ کے قریب ٹوکری میں گارا ڈال رہی ہوں۔ بھائی سیّد بشیر احمدؒ پاس آگئے ہیں اور پوچھتے ہیں: "یہ مٹی کس لیے ہے"؟ میں نے کہا: "یہ مٹی آپ کی بیٹھک کے واسطے ہے۔ اندر سے لپائی کرنی ہے"۔ آپ فرماتے ہیں: "اسی قدر کافی ہے"۔

۲۔ سیّدہ رشید بیگم کہتی ہے کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ بھائی سیّد بشیر احمدؒ اپنی بیٹھک میں چارپائی پر لیٹے ہوئے ہیں۔ جناب والدہ صاحبہ فرماتی ہیں کہ دریائے چناب کے سیلاب کا پانی یہاں آگیا ہے۔ تم گھر چلو۔ بھائی صاحب کہتے ہیں، ہم یہیں رہیں گے۔ کوئی خطرہ نہیں۔

۳۔ سیّدہ رشید بیگم کہتی ہے کہ جمعرات ۲۸ ربیع الثانی ۱۳۸۱ھ کو میں نے خواب میں دیکھا کہ بھائی سیّد بشیر احمدؒ اپنے گھر کے پسار میں چارپائی پر بیٹھے ہوئے قرآن مجید پڑھ رہے ہیں۔ آپ کے پاس سلور کی ایک گڈوی ہے۔ فرماتے ہیں کہ جو ایک سو (۱۰۰) ختم قرآن مجید پڑھ کر تم نے مجھ کو بخشے ہیں، وہ اس گڈوی میں پھونکو۔ میں نے اور حفیظہ نے گڈوی میں پھونک دیا ہے۔ آپ ہنس کر کلام کرتے ہیں۔

۴۔ سیّدہ رشید بیگم کہتی ہے کہ شب یکشنبہ ۱۰ جمادی الاوّل ۱۳۸۱ھ مطابق ۱۲ اکتوبر ۱۹۶۱ء بروز عرس مبارک بابا بزرگوار حضرت سیّد حافظ محمد شاہؒ میں نے عشاء کے وقت بیداری میں اپنے بھائی سیّد بشیر احمدؒ کو دیکھا کہ فرماتے ہیں: "راہ وِہلا کر دیں باہر نکلنا ایں"۔ چنانچہ باہر تشریف لے گئے۔

Marfat.com

(۷)

سیّدہ سکینہ بیگم کے خواب

۱۔ آپ کی اہلیہ سیدہ سکینہ بیگم دختر سید کرم حیات چنیٹی رح کہتی ہے کہ سوموار کی رات ۸ ربیع الاوّل ۱۳۸۱ھ کو میں نے خواب میں دیکھا کہ میرے شوہر حضرت سیّد بشیر احمد رح گھر میں تشریف لائے ہیں۔ اور فرماتے ہیں کہ آج جمعہ کا روز ہے۔ میرا دل چاہتا ہے کہ آج نہالوں۔ میں نے کہا نہا لو۔

۲۔ سیّدہ سکینہ بیگم کہتی ہے کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ سید شریف احمد شرافت (مؤلف کتاب ہذا) ایک دیوار بنوا رہے ہیں۔ اتنے میں میرے شوہر سید بشیر احمد رح تشریف لے آئے ہیں۔ اور فرماتے ہیں کہ میں نے سنا تھا کہ آپ اکیلے کام کر رہے ہیں۔ آپ کی امداد کے واسطے آیا ہوں۔ پھر آپ نے اپنے پسار میں بیٹھ کر کھانا کھایا ہے۔ پھر میں نے آپ سے پوچھا کہ آپ کا کیا حال ہے؟ آپ فرماتے ہیں کہ وہاں ایک باغ ہے اور ہر وقت اُس جگہ پر میلہ لگا رہتا ہے اور میں اب تندرست ہوں۔

۳۔ سیّدہ سکینہ بیگم کہتی ہے کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ حضرت سیّد بشیر احمد رح اپنے صاحبزادہ رضاء اللہ شاہ المعروف جج صاحب کو فرماتے ہیں "جج میں تمہارے ساتھ رہوں گا۔"

۴۔ سیّدہ سکینہ بیگم کہتی ہے کہ منگلوار کی رات ۶ رجمادی الاوّل ۱۳۸۱ھ کو میں نے خواب میں دیکھا کہ حضرت سید بشیر احمد رح فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص میری لڑکی حفیظہ کو ناراض ہوا تو اس کو میں اپنے پاس لے جاؤں گا اور اگر کوئی شخص تم سے ناراض ہوگا تو میں اس کو خواب میں کبھی نہیں ملوں گا۔

۵۔ سیّدہ سکینہ بیگم کہتی ہے کہ اتوار کی رات ۱۸ رجمادی الاوّل ۱۳۸۱ھ ہجری ۱۲ ر اکتوبر ۱۹۶۱ء بروز عُرس مبارک حضرت سیّد محمد شاہ رح میں نے خواب میں دیکھا کہ حضرت سیّد بشیر احمد رح اپنے گھر میں پلنگ پر بیٹھے ہیں اور اپنے چھوٹے لڑکے

Marfat.com

افضال المبطین شاہ کو اپنے پاس بٹھایا ہے۔ آپ اس کو کہتے ہیں۔ پڑھ اللہ۔ وہ چونکہ بچہ ہے صحیح لفظ نہیں بول سکتا اور کہتا ہے اَدّاہ۔ آپ بار بار اس کو اَللّٰہ پڑھاتے ہیں، وہ اَدّاہ کہتا ہے اور آپ اس کو سن کر بڑے خوش ہوتے ہیں۔

۶۔ سیدہ سکینہ بیگم کہتی ہے کہ بدھ کی رات ۲۱ جمادی الاوّل ۱۳۶۱ھ کو میں نے خواب میں دیکھا کہ حضرت سید بشیر احمدؒ اپنے گھر میں پلنگ پر بیٹھے ہیں اور آپ کی والدہ صاحبہ اور سب بہنیں، بیٹیاں، بیٹے اور اہل و عیال سب پاس ہیں۔ آپ کا چہرہ بڑا نورانی ہے۔ میں نے پوچھا آپ کا کیا حال ہے اور آپ کس جگہ۔ بتلائیے ہیں۔ آپ فرماتے ہیں کہ "ہم کو بتانے کا حکم نہیں"۔ میں نے دوبارہ پوچھا تو آپ نے فرمایا کہ "میرے پاس تین گائیں ہیں، ان کی خدمت میں ہوں"۔

۷۔ سیدہ سکینہ بیگم کہتی ہے کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ درگاہِ حضرت نوشہؒ پر حاضر ہوئی ہوں۔ وہاں بہت سارے بزرگ سفید ریش چبوترہ درگاہ شریف پر بیٹھے ہیں۔ حضرت سید بشیر احمدؒ بھی ان میں موجود ہیں۔ میں نے آپ کو کہا کہ آپ اپنے گھر کو تشریف لے چلیں۔ آپ نے فرمایا کہ "میں گھر کو تو چلا جاؤں لیکن پھر ان بزرگوں کا سنگ (ساتھ) چھوٹ جاتا ہے، اس لئے میں نہیں جاتا"۔

(۸)

حکیم مظفر حسین کے خواب

۱۔ حکیم سید مظفر حسین بیان کرتے ہیں کہ منگلوار کی رات ۱۰ صفر ۱۳۸۱ھ کو میں نے خواب میں دیکھا کہ ایک بڑا عالی شان محل ہے جس کی نظیر دنیا میں نہیں دیکھی۔ میں اس کے پاس سے گذر رہا ہوں۔ کیا دیکھتا ہوں کہ بھائی سید بشیر احمدؒ اس محل میں تشریف فرما ہیں۔ میں آپ کو دیکھ کر اندر چلا گیا ہوں۔ آپ مجھے دیکھ کر فرماتے ہیں: "آ حکیم تُو کدھر آ گیا ہے"؟ میں نے کہا: "ویسے ہی آ گیا

Marfat.com

ہوں۔ آپ نے مجھے ایک سٹول پر بیٹھنے کا حکم دیا۔ میں سٹول پر بیٹھ گیا۔ اُس کے پیچھے کرسی کی طرح تکیہ ہے۔ میں اس سے پشت لگا کر بیٹھ گیا ہوں۔ آپ اندر جا کر الماری سے ایک کتاب غلاف میں لپٹی ہوئی لے آئے ہیں اور مجھے دے کر فرماتے ہیں "لے اس کو پڑھا کر"۔ اس کے بعد میری آنکھ کھل گئی۔ یہ یاد نہیں رہا کہ وہ کونسی کتاب تھی۔

۲۔ حکیم سید مظفر حسین کہتے ہیں کہ ماہِ جمادی الآخر ۱۳۹۱ھ میں ایک رات میں نے خواب میں دیکھا کہ بھائی سید بشیر احمدؒ ہمارے گھر تشریف لائے ہیں اور سورۂ یوسف زبانی پڑھ رہے ہیں۔ ہم نے آپ سے کوئی کلام کرنا چاہا ہے تو آپ ذرا بلند آواز سے پڑھنے لگ گئے ہیں تاکہ ہم کو پتہ چل جاوے کہ آپ پڑھ رہے ہیں اور ہم باتیں کرنے سے خاموش رہیں۔

(۹)

سید ریاض الحسن کے خواب

۱۔ آپ کا بھتیجا صاحبزادہ سید ریاض الحسن کہتا ہے کہ دیروار ۱۲ر صفر ۱۳۹۱ھ کو میں نے خواب میں دیکھا کہ چچا حضرت سید بشیر احمدؒ اپنے دیوان خانہ کے صحن میں درخت کیکر کے نیچے چارپائی پر بیٹھے ہیں اور بالکل تندرست و توانا ہیں۔ میں نے پوچھا "چچا جی! آپ اتنے روز کہاں رہے ہیں"؟ فرمایا "میں تو آسمانوں پر رہتا ہوں"۔ پھر فرمایا "میں تو چوتھے آسمان پر ہوتا ہوں۔ اتنے میں موضع چینی ساہپال کے کچھ اشخاص ایک بیمار آدمی کو چارپائی پر اٹھا کر آپ کے سامنے لے آئے ہیں۔ آپ نے اس کو دَم کیا ہے۔ وہ اُسی وقت تندرست ہو کر پیدل چلا گیا ہے۔

۲۔ صاحبزادہ سید ریاض الحسن کہتا ہے کہ بدھوار کی رات ۱۲ر جمادی الاوّل ۱۳۹۱ھ کو میں نے خواب میں دیکھا کہ میرے والد سید شریف احمد شرافت (مؤلف کتاب ہذا) سفر سے واپس آئے ہیں، اور حضرت چچا سید بشیر احمدؒ بھی سفید

Marfat.com

لباس پہنے ہوئے ساتھ ہی آئے ہیں۔ شمال کی طرف سے دونوں آئے ہیں اور نہر کے بند سے اکٹھے ہی اُترے ہیں اور بیٹھک میں پہلے چچا صاحب پہنچے ہیں۔ میں نے پوچھا "چچا جی۔ ! آپ کہاں تھے ؟" فرماتے ہیں "میں مریدوں پر گیا ہوا تھا۔

(۱۰)

سیّدہ صدیقہ الکبریٰ کے خواب

۱۔ آپ کی بھتیجی عزیزہ سیّدہ صدیقہ الکبریٰ کہتی ہے کہ بدھوار کی رات ۱۱ صفر ۱۳۸۱ھ کو میں نے خواب میں دیکھا کہ ایک بڑا مصفّا مکان ہے۔ جنوب کی طرف اس کا دروازہ ہے۔ اُس کے طاق تختے شیشے کے ہیں اور سارا کمرہ سفید چونہ گچ ہے۔ اُس میں ایک پلنگ شمالاً جنوباً بچھا ہوا ہے، اُس کے اوپر جناب چچا بشیر احمدؒ قبلہ کی طرف منہ کر کے بیٹھے ہیں۔ بڑا سفید لباس پہنے ہوئے ہیں۔ بستر بھی سفید ہے۔ آپ کے ہاتھ میں ایک تسبیح ہے۔ اُس پر کچھ وظیفہ پڑھ رہے ہیں اور آپ کے پلنگ کے سرہانے والے شمال مغربی پایہ کے پاس ایک خورد سال لڑکی پایہ پکڑ کر کھڑی ہے۔

۲۔ سیّدہ صدیقہ الکبریٰ بیان کرتی ہے کہ ہفتہ کی رات ۱۲ صفر ۱۳۸۱ھ کو میں نے خواب میں دیکھا کہ سبز گھاس کا ایک قطعہ ہے۔ اس پر شمالاً جنوباً ایک چارپائی بچھی ہے۔ اُس کے اوپر چچا حضرت سیّد بشیر احمدؒ شمال کی طرف منہ کر کے بیٹھے ہیں اور قرآن مجید پڑھ رہے ہیں۔ پھر پڑھ کر غلاف میں بند کر رہے ہیں اور فرماتے ہیں کہ جناب والدہ صاحبہ کے واسطے میرا دل بہت اداس ہے۔

۳۔ سیّدہ صدیقہ الکبریٰ بیان کرتی ہے کہ سوموار کی رات یکم ربیع الاوّل ۱۳۸۱ھ کو میں نے خواب میں دیکھا کہ درگاہِ حضرت نوشہ گنج بخشؒ میں بڑی عالی شان مسجد ہے۔ وہاں چچا حضرت سیّد بشیر احمدؒ نماز کی جماعت کروا رہے ہیں۔ آپ کے پیچھے پانچ صفیں نمازیوں کی ہیں۔ آپ نماز پڑھا کر بعد میں شجرہ شریف پڑھ رہے

Marfat.com

ہیں - ایک بار پڑھ کر فرماتے ہیں کہ اس میں سے ایک نام ترک ہو گیا ہے - پھر دوبارہ شجرہ پڑھتے ہیں - پھر فرماتے ہیں کہ اس میں سے ایک اسم رہ گیا ہے اور وہ حضرت ابو الفرح طرطوسی کا نام ہے -

(۱۱)

سیّدہ فہمیدہ خانم کا خواب

آپ کی بھتیجی عزیزہ سیّدہ فہمیدہ خانم عرف حمیدہ بیگم کہتی ہے کہ ایک رات میں نے خواب میں دیکھا کہ چچا حضرت سیّد بشیر احمدؒ اپنی بیٹھک میں تشریف لائے ہیں - میں اور پھوپھی سیّدہ صفیہ بیگم دونوں سلام کے واسطے حاضر ہوئی ہیں - پھوپھی صاحبہ اُن سے پوچھتی ہیں کہ آپ تو وفات پا گئے تھے - اب کس طرح آ گئے ہیں - فرماتے ہیں کہ میں اب چھٹی لے کر آیا ہوں -

(۱۲)

سیّدہ زکیہ بیگم کے خواب

۱- آپ کی ہمشیرہ زادی عزیزہ سیّدہ زکیہ بیگم دختر سیّد عبد الکریم عباسی منبھلی اور اہلیہ سیّد سعید الظفر مدّ عمرہٗ بیان کرتی ہے کہ منگلوار کی رات ۱۶ ربیع الاوّل ۱۳۹۱ھ کو میں نے خواب میں دیکھا کہ ماموں حضرت سیّد بشیر احمدؒ اپنے گھر میں تشریف لائے ہیں - پرانے مکانات کا نقشہ ہے - اپنے پسار میں آ کر پلنگ پر بیٹھ گئے ہیں اور فرماتے ہیں کہ میں نے ایک ختم قرآن مجید بخشنے کا وعدہ کیا تھا - پھر اپنے بچوں، حفیظہ نانم، قدوس اختر، رضاء اللہ شاہ اور افضال السبطین شاہ کو ایک ایک روپیہ دیا ہے اور اپنی والدہ صاحبہ کو سلام کر کے کہتے ہیں کہ لو اب میں اپنے گھر جاتا ہوں - پھر اُٹھ کر چلے گئے ہیں -

۲- سیّدہ زکیہ بیگم کہتی ہے کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ کسی عُرس کی تقریب

Marfat.com

ہے۔ زردہ اور گوشت کی دیگیں پک رہی ہیں۔ میرے ماموں حضرت سیّد بشیر احمدؒ تشریف لائے ہیں۔ میں نے آپ کے آگے گوشت روٹی رکھا ہے، آپ نے زردہ طلب کیا۔ میں نے وہ بھی آگے رکھا۔ آپ جب کھانا کھا چکے ہیں، تو گوشت کا ایک کٹورا اپنے سر پر رکھ لیا ہے اور اٹھ کر چلے گئے ہیں۔

۳۔ سیّدہ زکیہ بیگم کہتی ہے کہ منگلوار کی رات ۲۹ ربیع الثانی ۱۳۸۱ھ کو میں نے خواب میں دیکھا کہ ماموں حضرت سیّد بشیر احمدؒ اپنے گھر میں چارپائی پر بیٹھے ہیں۔ مجھ کو بخار چڑھا ہوا ہے۔ آپ نے مجھ کو دَم کیا۔ پھر فرمایا: "تو میرے دَم سے تندرست نہیں ہوتی، تو سیّد شرافت سے دم کرائے تو تندرست ہو جائے گی۔

۴۔ سیّدہ زکیہ بیگم کہتی ہے کہ میں لاہور میں تھی۔ میں نے خواب میں دیکھا کہ تین بزرگ ہمارے گھر میں بمقام شالامار ٹاؤن لاہور تشریف لائے ہیں۔ ایک ماموں سیّد بشیر احمدؒ اور دوسرے سیّد غلام احمد کاتبؒ، تیسرے بزرگ کو میں نہیں پہچانتی تھی۔ ماموں صاحب فرماتے ہیں کہ یہ حضرت نوشہ گنج بخشؒ ہیں۔ ہم سب کو کھیر کھلاؤ۔ چنانچہ میں نے کھیر پکا کر کھلائی ہے۔ پھر آپ فرماتے ہیں کہ میرے آئندہ ختم تک میں نے تم سے دس ختم قرآن مجید کے لینے ہیں۔

(۱۳)

سیّدہ حفیظہ خانم کا خواب

آپ کی بیٹی عزیزہ سیّدہ حفیظہ خانم کہتی ہے کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ میرے والد حضرت سیّد بشیر احمدؒ اپنی بیٹھک میں چارپائی پر قبلہ رُخ لیٹے ہوئے ہیں۔

میں نے پوچھا: "آپ کی نئی جُوتی جو سُرخ رنگ ہے، وہ آپ کے پاس ہے؟"
آپ نے فرمایا: "ہاں ہمارے پاس ہے"۔

Marfat.com

(۱۴)

سیّد قدوس اختر کا خواب

آپ کے بڑے صاحبزادہ سیّد قدوس اختر مدعمرہٗ نے بیان کیا ہے کہ ویر دار کی رات ۲۶ر صفر ۱۳۸۱ھ کو میں نے خواب میں دیکھا کہ میرے والد حضرت سیّد بشیر احمدؒ اپنے گھر تشریف لائے ہیں اور صحن میں درختِ دھریک کے نیچے چارپائی بچھی ہے۔ اُس پر بیٹھ گئے، اور ہم چاروں بہن بھائیوں (حفیظ، قدوس، رضاء اللہ، افضال) کو ایک ایک آنہ عطا فرمایا ہے۔

(۱۵)

سیّد رضاء اللہ شاہ کے خواب

۱۔ آپ کا دوسرا صاحبزادہ عزیز سیّد رضاء اللہ شاہ المعروف حج صاحب بیان کرتا ہے کہ ہفتہ کی رات ۱۲ر ربیع الاوّل ۱۳۸۱ھ کو میں نے خواب میں دیکھا کہ صحنِ حویلی میں نلکا کے قریب چارپائی پر میرے ابا جی حضرت سیّد بشیر احمدؒ قبلہ کی طرف منہ کر کے بیٹھے ہیں اور قرآن مجید پڑھ رہے ہیں۔ مَیں نے اور بھائی قدوس اختر نے آپ کو سلام کیا ہے۔ آپ فرماتے ہیں "جا کر گھر سے دودھ لے آؤ"۔ ہم جا کر دودھ لے آئے ہیں اور بیٹھک کی الماری سے کھنڈ نکال کر اُس میں ڈالی ہے۔ آپ نے وہ دودھ نوش فرمایا ہے۔ پھر ہم دونوں کو بھی تھوڑا تھوڑا دیا ہے۔ ہم پی کر آپ کے پاس چارپائی پر بیٹھ گئے ہیں۔

۲۔ سیّد رضاء اللہ شاہ کہتا ہے کہ بدھوار کی رات ۱۷ر ربیع الاوّل ۱۳۸۱ھ کو میں نے خواب میں دیکھا کہ میرے ابا جی حضرت سیّد بشیر احمدؒ اپنے گھر میں تشریف لائے ہیں اور چبوترہ والی بیٹھک کے پاس کھڑے ہیں اور مجھے کچھ پیسے دیے ہیں۔ پھر باہر چلے گئے ہیں۔

Marfat.com

۲۔ سیّد رضاء اللہ شاہ کہتا ہے کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ میرے والد حضرت سیّد بشیر احمدؒ دیوان خانہ سے گھر آتے ہیں اور ہم دونوں بھائیوں (قدوس ، رضاء اللہ) کو چار آنے دیے ہیں۔

(۱۶)

سیّد خضر حیات کا خواب

آپ کا ہمشیرہ زادہ صاحبزادہ سیّد خضر حیات بن سیّد عبدالکریم عباسی چنبھلی کہتا ہے کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ میں سکول سے نکلا ہوں۔ دیکھا کہ میرے ماموں سیّد بشیر احمدؒ تانگہ پر سوار ہو کر وہاں آ گئے ہیں۔ جب تانگہ سے اترے ہیں، تو میں نے پوچھا "ماموں صاحب! آپ کب آئے ہیں"؟ تو فرمایا: میں قدوس اختر کے ملنے کے واسطے آیا تھا۔ پھر خیال آیا کہ چنبھل میں جا کر خضر حیات کو بھی مل آؤں"۔

(۱۷)

سیّدہ زبیدہ بیگم کے خواب

۱۔ آپ کی ہمشیرہ زادی عزیزہ سیّدہ زبیدہ بیگم دختر حکیم سیّد مظفر حسین کہتی ہے کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ میرے ماموں حضرت سیّد بشیر احمد (رحمۃ اللہ علیہ) اپنے گھر کے پسار میں بیٹھے ہیں۔

میں نے کہا "ماموں صاحب سلام اے"

آپ نے اپنی چھڑی سے میرے سر پہ پیار بھیرا۔

۲۔ سیّدہ زبیدہ بیگم کہتی ہے کہ میں نے خواب میں اپنے ماموں حضرت سیّد بشیر احمدؒ کو دیکھا تو آپ کو سلام کیا۔ آپ فرماتے ہیں "ہاں جی کو سلام کر"۔

Marfat.com

(۱۸)

میاں خدا بخش کا خواب

میاں خدا بخش بن بدرالدین ترکھان ساکن ساہن پال شریف بیان کرتا ہے کہ منگلوار کی رات ۲۴ صفر ۱۳۹۱ھ کو میں نے خواب میں دیکھا کہ ایک وسیع دسترخوان بچھا ہوا ہے اور اس پر بے شمار کھانے طشتریوں میں چُنے دھرے ہیں۔ اور صاحبزادہ سیّد بشیر احمدؒ ختم شریف پڑھ رہے ہیں۔ مجلس میں کافی لوگ جمع ہیں۔ میں ان میں سے اُٹھ کر جانے لگا ہوں تو آپ مجھے فرماتے ہیں "خدا بخش! آج روٹی یہیں سے کھانا"۔ میں کہتا ہوں کہ "مویشیوں کے واسطے چارہ لانے کے لئے میں بیلہ کو جا رہا ہوں"۔ آپ فرماتے ہیں کہ "اگر بیلہ کو جانا ہے تو آتی دفعہ ایک تربوز لیتے آنا"۔

(۱۹)

سیّد رسول شاہ کا خواب

سیّد رسول شاہ خلف الرشید سیّد حسن شاہ بخاری قادری نوشاہی ساکن چک وسادا ضلع گجرات کہتے ہیں کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ حضرت صاحبزادہ سیّد بشیر احمدؒ اپنے دیوان خانہ میں بیٹھک کے چبوترہ پر بیٹھے ہیں۔ مجھ کو فرماتے ہیں کہ "میری چارپائی کیکر کے نیچے کر دو"۔

میں نے چارپائی کیکر کے سایہ میں کر دی۔ پھر مجھے فرمایا کہ "پانی لاؤ"۔ میں نے پانی حاضر کر دیا۔

آپ نے اس سے وضو کیا۔ پھر مجھے فرماتے ہیں کہ "قرآن مجید لاؤ"۔ میں نے قرآن مجید لا کر دیا۔

آپ چارپائی پر بیٹھ کر تلاوت میں مشغول ہو گئے۔

Marfat.com

(۲۰)

غلام رسول کا خواب

غلام رسول بن محمد خان بن حسن تارڑ ساہن پالوی کہتا ہے کہ جمعرات ۱۶ر جمادی الاوّل ۱۳۸۱ھ کو میں نے خواب میں دیکھا کہ حضرت سیّد بشیر احمدؒ کچھ علیل ہیں۔ میں آپ کا سر دباتا رہا۔ پھر آپ کے سارے جسم کو دبایا یعنی مٹھیں بھرتا رہا۔ آپ نے میری پشت پر تھاپڑا لگایا اور فرمایا "جاہ بچّو! تم کو کوئی ڈر نہیں"!

(۲۱)

احمد الدین کا خواب

احمد الدین بن راجہ بن ہاشم تارڑ سارنگوی بیان کرتا ہے کہ ایک رات میں نے خواب میں دیکھا کہ صاحبزادہ سیّد بشیر احمدؒ میرے پاس تشریف لائے ہیں۔ میں نے اٹھ کر سلام کیا اور آپ کے گرد اپنے دونوں ہاتھوں کا حلقہ بنا کر آپ کو اس میں بطورِ معانقہ لپیٹ لیا ہے۔ جب دیکھا تو حلقہ اُسی طرح قائم ہے۔ مگر آپ اس سے باہر کھڑے ہیں۔ پھر آپ کو دوبارہ حلقہ میں لیا ہے۔ آپ پھر باہر کھڑے ہیں۔ متعدد مرتبہ ایسا کیا۔ ہاتھوں کا حلقہ اُسی طرح بندھا رہتا ہے، لیکن آپ باہر ہو جاتے ہیں اور میرے قابو میں نہ آنے سے خوب ہنستے ہیں۔

(۲۲)

نسیم اختر کا خواب

نسیم اختر دختر سلطان احمد بن کرم الٰہی موچی ساہن پالوی کہتی ہے کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ حضرت سیّد بشیر احمدؒ ہمارے گھر میں تشریف لائے ہیں،

Marfat.com

اور ہمارے پسار میں چارپائی پر بیٹھ کر قرآن مجید کی تلاوت کر رہے ہیں۔ آپ کی گود میں ایک بچہ ہے۔ میں نے آپ کو سلام کیا۔ آپ نے فرمایا: "بھلا ہو دی" اور میرے سر پر ہاتھ پھیرا۔

(۲۳)

رابعہ کا خواب

مسمات رابعہ زوجہ مرزا وڑائچ ساکن اگرویہ بیان کرتی ہے کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ حضرت سید بشیر احمدؒ ہمارے گھر میں تشریف لائے ہیں اور چارپائی پر بیٹھ گئے ہیں۔ میں نے عرض کیا: "یا حضرت! آپ تو وفات پا گئے ہیں" آپ نے فرمایا: "ہم صرف دنیا سے غائب ہو گئے ہیں، لیکن زندہ ہیں"۔ میں نے دودھ کا ایک گلاس آپ کے سامنے لا حاضر کیا، تو میری نیند کھل گئی۔

(۲۴)

عزیز بیگم کا خواب

مسمات عزیز بیگم زوجہ علی محمد ارائیں ساکن وایانوالی چک نمبر ۲۷۔ ضلع شیخوپورہ بیان کرتی ہے کہ مجھ کو خواب میں حضرت سید پیر بشیر احمد رحمۃ اللہ علیہ کی زیارت ہوئی۔ آپ نے مجھ کو فرمایا کہ "میرا ختم شریف کراؤ۔ اور اس پر نعت خوان بھی بلاؤ"۔

عملیات

آپ کو عملیات میں بھی دسترس تھی۔ اپنے بزرگوں کے تمام عملیات آپ کا معمول تھے۔ ان کے علاوہ بھی جس بزرگ ہستی سے کچھ پا جانا حاصل کر لیتے۔ چنانچہ آپ کے چند عملیات یہاں لکھے جاتے ہیں:-

Marfat.com

محبت کے واسطے

اگر کوئی شخص مطلوب کو اپنی محبت میں فریفتہ کرنا چاہے تو ان عملوں میں سے جو چاہے کرے۔ انشاءاللہ تعالےٰ مطلوب مسخر ہو جائے گا :۔

۱۔ سورۃ القدر باموکل پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھے۔ بدیں طور :۔

اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِیْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا لَیْلَةُ الْقَدْرِ (یَاجِبْرَائِیْلُ) لَیْلَةُ الْقَدْرِ خَیْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ (یَامِیْکَائِیْلُ) تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِکَةُ وَالرُّوْحُ فِیْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ مِّنْ کُلِّ اَمْرٍ سَلٰمٌ هِیَ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ ۝

۲۔ آیت شریف قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا۔ پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ پڑھے۔ اوّل و آخر درود شریف گیارہ (۱۱) مرتبہ۔

۳۔ اسم شریف یَاحَنَّانُ یَامَنَّانُ۔ گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ روزانہ کسی ولی اللہ کے مزار شریف پر پڑھے۔ اوّل و آخر درود شریف گیارہ (۱۱) مرتبہ۔ اکیس (۲۱) روز کا چلہ کرے۔ اس کے بعد روزانہ ایک سو بیس (۱۲۰) مرتبہ پڑھ لیا کرے۔

۴۔ اسم شریف۔ یَادَوْدُ یَاعَزِیْزُ مِنْ کُلِّ عَزِیْزٍ بِحَقِّ یَاعَزِیْزُ۔ روزانہ ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ پڑھے۔ اوّل و آخر درود شریف اکتالیس (۴۱) مرتبہ۔ چودہ (۱۴) روز تک یہ عمل کرے۔

۵۔ کلمہ طیبہ پانچ سو مرتبہ (۵۰۰) روزانہ اس طرح پڑھے لَآ اِلٰهَ زیر کر اِلَّا اللّٰهُ زبر کر مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ فلاں بن فلاں کو حاضر کر یَالَطِیْفُ۔

۶۔ کلمہ تمجید روزانہ دو ہزار (۲۰۰۰) مرتبہ پڑھا کرے۔ یہ ہے :۔ "سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ"۔

۷۔ ملائکہ مقربین کے اسماء ذیل اکتالیس (۴۱) مرتبہ روزانہ پڑھے۔ اوّل و آخر درود شریف گیارہ (۱۱) مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ اسماء یہ ہیں" : یَاجِبْرَائِیْلُ

Marfat.com

یَامِیْکَائِیْلُ یَااِسْرَافِیْلُ یَاعِزْرَائِیْلُ یَاشَمْشَائِیْلُ"

۸۔ یہ نقش بھی حب کے لئے بہتر ہے :۔

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

۹۔ یہ نقش بھی مفید ہے ۔ یہ دوسری روش پر ہے :۔

۷۸۶

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

فائدہ ان نوعملوں کی اجازت آپ کو بروز بدھوار ۶ر شوال ۱۳۷۸ھ ۳ر بیساکھ سمت ۲۰۱۶ ب کو سائیں حافظ فضل الٰہی قادری نوشاہی روشن شاہی۔ اولاد حضرت شاہ عنایت ولی قادری لاہوری رح مجاور درگاہِ حضرت مادھولال حسین قادری رح باغبانپورہ لاہور سے حاصل ہوئی ۔

۱۰۔ اپنے پاس پانی کا ایک پیالہ رکھ کر اس میں مطلوب کا تصوّر کرے اور یہ عمل نمازِ عشاء کے بعد اکتالیس (۴۱) مرتبہ پڑھا کرے اور اکتالیس (۴۱) روز تک ناغہ نہ کرے۔ مطلوب انشاء اللہ حاضر ہو جائے گا۔

"یَاھَمْزَاتُ لِلّٰہِ مُسَخِّرَاتُ بِحَقِّ یَابُدُّوْحُ" اوّل و آخر یہ درود شریف گیارہ (۱۱) مرتبہ پڑھے ۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ ۔

نامردی کے واسطے اگر کسی شخص کو کمزوری یا طاقت مردمی نہ ہو تو یہ اسمائے الٰہی پیالہ میں لکھ کر اس کو پلایا کریں "کٓھٰیٰعٓصٓ

Marfat.com

یَاحَیُّ یَافَیُّوْمُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَافَرْدُ یَا وِتْرُ ۔

امراض لاعلاج کے واسطے اگر کسی بیماری کے علاج سے اطبّاء اور ڈاکٹر عاجز آ گئے ہوں تو یہ اسم شریف روزانہ دو سو (۲۰۰) مرتبہ پڑھے ۔ اوّل آخر درود شریف چھ (۶) بار ۔ یہ ہے ؛

یَاحَیُّ حِیْنَ لَاحَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَةِ مُلْکِہٖ وَبَقَائِہٖ یَاحَیُّ ۔

تالیفات

آپ نے مستقل طور پر کوئی کتاب تصنیف نہیں کی ۔ البتہ چند مسودات آپ کی یادگار ہیں :۔

۱ ۔ اپنے جد امجد حضرت مولانا سیّد حافظ محمد شاہ رح کے مکتوبات شریف کو جو متفرقات میں سے تھے ۔ آپ نے کوشش سے مہیا کر کے بتعداد ایک سو اکہتر (۱۷۱) جمع کر کے بنام مکتوبات محمد شاہی موسوم کیا تھا ۔ جزاہ اللہ تعالیٰ ۔

۲ ۔ اپنے والد ماجد اعلیٰ حضرت مولانا سیّد غلام مصطفےٰ نوشاہی ادام اللہ برکاتہٗ کے ملفوظات کو مختصر رسالہ میں بنام کنز الفوائد ۱۳۵۲ھ میں جمع کیا ۔ اس کی تاریخ تالیف میں فقیر سیّد شرافت نے یہ قطعہ لکھا :۔

قطعہ تاریخ

حضرتِ سیّد بشیر احمد جناب — کرد تالیف ایں کتابِ مستطاب
در طریقِ سلسلہ نوشاہیاں — کرد ملفوظاتِ نوشاہی بیاں
نامِ او کنز الفوائد خوب ہست — طالباں را ہادیِ مرغوب ہست
نسخۂ بس لاجواب آمد تمام — گشتہ مُرطلّابِ حق را فیضِ عام
حرفِ او ہستند چوں دُرِّ عدن — لفظِ او روشن ز نورِ ذوالمنن
چونکہ صاحبزادۂ عالی تبار — یافتہ اجرِ عظیم از کردگار

Marfat.com

زاں شرافت گفت از قرآں کریم نام وسالش۔ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِیْمٌ
۵۳ ۱۳ھ

۳۔ آپ کے چند بیاض موجود ہیں۔ جن میں کئی وظائف، مدحیات، عملیات، تواریخ، نعتیں، کافیاں، اشعار وغیرہ جمع ہیں۔

۴۔ رسالہ ختمات القرآن۔ اس میں قرآن مجید کے ختموں کی تاریخ لکھ دیا کرتے، اور جس بزرگ کو ایصالِ ثواب کرتے۔ اس کا نام تحریر کر دیتے۔

۵۔ رسالہ صد ختم کلام اللہ شریف۔ اِس میں اُن ختموں کی تاریخیں لکھی ہیں، جو اپنی اہلیہ اولیٰ سیّدہ بشیر بیگم کو ثواب بخشا تھا۔

یہ دونوں رسالے آپ کی وفات کے بعد میں نے مرتب کئے ہیں۔

شعر گوئی

آپ بعض اوقات شعر بھی کہا کرتے تھے۔ چنانچہ یہ مدح شریف آپ کے طبع مبارک کا نتیجہ ہے۔

مدح سخی شاہ سلیمان نوریؒ

مالکِ ملکِ شریعت ہم حقیقت معرفت در طریقت شاہِ شاہاں شاہ سلیمانِ سخی
در سخاوت گنج بخش و در شجاعت چوں عمر افتخارِ اولیا داں شاہ سلیمانِ سخی
جانشینِ غوثِ اعظم قبلہ، اہلِ صفا چشمۂ فیضانِ رحماں شاہ سلیمانِ سخی
زبدۂ اربابِ باطن قطبِ اقطابِ زماں سرورِ اصحابِ عرفاں شاہ سلیمانِ سخی
آفتابِ اوجِ وحدت ماہتابِ برجِ عشق در فصاحت ہم چو سحباں شاہ سلیمانِ سخی
از بشیر احمد چہ آید وصفِ آں عالیجناب ملجا و ماوا غریباں شاہ سلیمانِ سخی

ے

اے سخی شاہِ سلیماں کر مدد بہرِ خدا تیرے در پر ہوں میں آیا التجا کے واسطے

ے

حضرت شاہ سلیماں صاحب عالی تیرا پایا میں عاجز تے فضل کماؤ ہووے عشق سوایا

Marfat.com

مکتوبات

آپ نے جو مکاتیب و خطوط اپنے والد بزرگوار اور برادران اور مریدوں کی طرف لکھے، وہ کثیر التعداد ہیں۔ اگر خدا تعالےٰ نے توفیق دی اور فرصت مِل گئی تو شاید جمع کر دیئے جاویں گے۔ یہاں صرف ایک مکتوب آپ کا درج کیا جاتا ہے جو آپ نے اپنے والد بزرگوار اعلیٰ حضرت مولانا سیّد غلام مصطفےٰ کی طرف لکھا تھا۔ وہ اُس وقت دایانوالی چک نمبر ۲۷ ضلع شیخوپورہ میں گئے ہوئے تھے۔ اِس خط میں آپ نے صنعتِ واسع الشفتین کو ملحوظ رکھا ہے۔ یعنی اس کے پڑھنے سے دونوں ہونٹ آپس میں نہیں ملتے۔

مکتوب واسع الشفتین

خزینۂ اسرارِ الٰہی، زینتِ خاندانِ نوشاہی حضرت جی۔ زاد عنایتہٗ

نیاز۔ گذارش ہے کہ خاکسار سیر و سیاحت کر کے تین روز ہوئے گھر آیا ہے۔ آگے آنحضور کا خط غیر نقط آیا ہوا تھا۔ دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں کا نور حاصل ہوا، اور کُل حالات سے آگاہی ہوئی۔ حضور کی زیارت کے لئے خاکسار نے ہی آنا تھا۔ لیکن آنحضرت نے تحریر کیا ہے کہ شرافت جی آئیں۔ کیونکہ ان کے دوست ان کو یاد کرتے ہیں۔ اس لئے خاکسار نہیں آسکا۔

حضور نے ارشاد کیا تھا کہ روزینہ کے لئے سورۂ زُخرف یاد کرو۔ چنانچہ سورہ تو یاد کر لی ہے۔ آئندہ جس طرح ارشاد ہو، اُس طور شغل اختیار کروں۔ جلدی آگاہ کریں۔ تاکید شدید ہے۔

نیز روزانہ درگاہِ حضرت نوشاہِ عالیجاہ رح کو زیارت کے لئے جایا کرتا ہوں۔ دعا کریں کہ اللہ تعالےٰ عشق، ذوق، شوق، درد عطا کرے اور دونوں جہان کے شر و رسے آزاد رکھے۔

Marfat.com

لال خاں ، اللہ لوک ، علی ، حیات ، سردار ، جہاناں دیگر کل دوستوں کو دعا"

(مرسلہ :- سید بشیر احمد بشارت نوشاہی از ساہن پال شریف۔
مورخہ ۲۰ ذیحجہ ۱۳۵۸ھ)

تحریر کتب

آپ نے اپنے سلسلہ عالیہ نوشاہیہ کی بہت کتابیں اور رسالے تحریر کئے۔ جب تک تندرست رہے کبھی لکھنے سے فارغ نہیں رہتے تھے۔ بیماری کے دوران میں بھی کچھ نہ کچھ لکھتے ہی رہتے۔ آپ کی مکتوبہ کتابیں بہت ہیں۔ آنجملہ۔

۱۔ رسالہ احمد بیگ۔ دو نسخے۔ مصنفہ مرزا احمد بیگ لاہوری رح
۲۔ ثواقب المناقب[1]۔ مصنفہ علامہ شیخ محمد ماہ صداقت کنجاہی رح
۳۔ تحائف قدسیہ۔ مصنفہ شیخ پیر کمال لاہوری رح
۴۔ کتاب الفوائد (تعویذات)۔ از سید حافظ محمد شاہ رح
۵۔ مناقبات نوشاہی نامکمل۔ از سید عمر بخش رسولنگری رح
۶۔ آب حیاتی۔ 〃
۷۔ ضیاء العارفین (مجالس نوشاہی)۔ از سید شرافت عافاہ ربہ
۸۔ ہدایۃ السالکین (معمولات نوشاہی)۔ 〃
۹۔ ضیافۃ الاحباب (سفرنامہ خوشاب شریف) 〃

---

[1] یہ نسخہ قاضی فضل حق پروفیسر گورنمنٹ کالج لاہور نے مطالعہ کے واسطے فقیر سید شرافت سے عاریۃً لیا تھا۔ مگر واپس نہ کیا اور فوت ہوگئے۔ اب یہ نسخہ ان کے بیٹے قاضی بدل حق کے کتب خانہ میں ہے۔ خدا تعالےٰ ان کو توفیق اور ہدایت دے کہ وہ نسخہ واپس کرکے اپنے والد صاحب کے سر سے یہ بوجھ اتار کر ان کی دعاؤں کا استحقاق حاصل کریں۔ ۱۲ سید شرافت

Marfat.com

۱۰۔ انوارِ نوشاہیہ ۔ از سیّد شرافت عافاہ ربّہٗ ۔
۱۱۔ مجمع البحرین ۔ از شہزادہ داراشکوہ قادری ۔
۱۲۔ تفنگِ عشق (قصہ مرزا صاحباں) از مولوی عبدالحق چشتی نظامی رح
۱۳۔ مامر میداں ″
۱۴۔ کلیات سیّد کرم الٰہی ۔ از سیّد کرم الٰہی بن سیّد فاضل شاہ نوشاہی رح
۱۵۔ کلیات سیّد غلام احمد کاتب ۔ از سیّد غلام احمد بن سیّد فاضل شاہ رح

دستخط آپ کا طریقہ تھا کہ جو کتاب یا رسالہ یا مضمون تحریر کرتے ۔ اُس پر ضرور اپنا دستخط معہ تاریخ و سنہ وغیرہ درج کرتے ۔ یہاں آپ کا ایک دستخط کتاب رسالہ احمد بیگ کے خاتمہ سے لکھا جاتا ہے ۔

"تمام شد رسالہ اعجاز مقالہ المشہور رسالہ احمد بیگ از تصنیفِ لطیف و تالیفِ منیف ، واقفِ اسرارِ توحید ، سائرِ میدانِ تجرید ، عاشقِ ذاتِ قادریہ ہشتاقِ جمالِ نوشاہیہ ، در مجلسِ محمدی مدام حضوری ۔ حضرت مرزا احمد بیگ قاقشال لاہوری طاب اللہ ثراہ وجعل الجنتہ مثواہ ، بدست خط احقر من عباد اللہ الصمد فقیر سیّد بشیر احمد عفی عنہ ابن جامع الکمالات مخزنِ الحسنات حضرت سیّد شاہ غلام مصطفےٰ نوشاہی ادام اللہ فیوضہٗ و برکاتہٗ از اولادِ قطب الاقطاب فرد الاحباب زبدۃ العاشقین ، سید العارفین حضرت شاہ حافظ حاجی محمد نوشہ گنج بخش علوی عباسی قادری قدس اللہ سرہ العزیز ، ساکن ساہن پال شریف ضلع گجرات ۔ بروز دوشنبہ بوقت دوپہر بتاریخ چہاردہم (۱۴) رجب المرجب سنہ ۱۳۶۰ھ "

ملفوظات

آپ کے ارشادات تو بہت نصیحت آمیز اور مفید ہوتے تھے لیکن افسوس کہ وہ محفوظ نہیں رہ سکے ۔ چند ایک یہ ہیں :۔

۱۔ آپ فرمایا کرتے ۔ حدیث شریف میں آتا ہے نَوْمُ الْعَالِمِ اَفْضَلُ

Marfat.com

مِنْ عِبَادَةِ الْجَاهِلِ ۔ یعنی عالمِ ربّانی کا سو رہنا، جاہل کے عبادت کرنے سے زیادہ فضیلت رکھتا ہے۔

۲۔ اگر کوئی شخص آپ سے کتاب طلب کرتا تو یہ رباعی پڑھ کر سنایا کرتے۔

اَلَا یَا مُسْتَعِیْرَ الْکُتُبِ دَعْنِیْ ۔۔۔ لِاَنَّ اِعَارَۃَ الْمَعْشُوْقِ عَارٌ

وَمَعْشُوْقِیْ مِنَ الدُّنْیَا کِتَابٌ ۔۔۔ فَھَلْ اَبْصَرْتَ مَعْشُوْقًا یُعَارُ

یعنی اے کتاب کو عاریتہً (اُدھار) مانگنے والے، تم جان لو کہ اپنے معشوق کو عاریتہً دینا تو بڑا عیب ہے۔ اور اِس دنیا میں میرا معشوق کتاب ہے اور تم نے کبھی دیکھا کہ اپنا معشوق کوئی شخص اُدھار دے سکتا ہے۔

۳۔ فرمایا کرتے، درود شریف کا پڑھنا تمام عمر میں ایک بار فرض ہے۔

معترفینِ کمالات

آپ کے وجودِ شریف میں اِس قسم کے اوصاف پائے جاتے تھے کہ جس شخص نے آپ کو دیکھا، یا آپ کی مجلس میں بیٹھا، وہ آپ کی تعریف کئے بغیر نہیں رہ سکا۔ آپ کے متعلق چند احباب کے اقوال لکھے جاتے ہیں:۔

۱۔ میاں نبی بخش بن پیر اندتہ امام مسجد ساہن پال شریف بیان کرتا ہے کہ ۱۳۵۷ھ میں مجھے خواب میں حضرت سیّد حافظ محمّد شاہؒ کی زیارت ہوئی۔ میں نے عرض کیا "آپ کا پوتا صاحبزادہ بشیر احمدؒ ہر وقت قرآن مجید پڑھتا رہتا ہے"۔ انہوں نے فرمایا "اُس کو یاد جو ہوا"۔

۲۔ اعلیٰ حضرت مولانا سیّد غلام مصطفےٰ نوشاہی ادام اللہ برکاتہٗ فرماتے ہیں کہ عزیز بشیر احمد پورا پورا عالم اور درویش تھا۔

۳۔ حکیم سیّد احسن ولی نوشاہی لاہوری کہتے ہیں کہ صاحبزادہ بشیر احمد بڑا پاکباز انسان تھا۔

۴۔ صاحبزادہ سیّد رؤف احمد سلیم نوشاہی برخوردار لاہوری کہتے ہیں کہ بھائی

Marfat.com

سید بشیر احمد نے بڑی پاکیزہ زندگی گذاری ہے۔ آپ نے کبھی کسی دنیاوی کام میں دخل نہیں دیا۔ آپ کی زندگی قابل رشک تھی۔

۵۔ صاحبزادہ حکیم سید مظفر حسین نوشاہی برخوردار ساہن پالوی کہتے ہیں کہ بھائی سید بشیر احمد بڑے مستجاب الدعوات تھے۔ میں ہمیشہ آپ کی بددعا سے ڈرتا رہتا تھا۔ جو بات آپ منہ سے فرمادیں، میں بہت جلدی اس کی تعمیل کرتا تھا۔

۶۔ صاحبزادہ سید محمد حسین بن سید تنویر علی نوشاہی ہاشمی رن ملوی کہتے ہیں کہ بھائی سید بشیر احمد بڑے شریف الطبع تھے۔ ہر ایک شخص کو محبت اور پیار سے ملتے۔ آپ اپنے ڈیرہ پر بیٹھے رہتے۔ ہر آنے والے کی خدمت و مدارات کیا کرتے۔ اپنی طویل بیماری میں بڑے صبر و تحمل و حوصلہ سے کام لیا۔ ہم نے بے صبری کا کوئی لفظ کبھی آپ کی زبان سے نہیں سنا۔

۷۔ سید مراد علی شاہ ساکن ٹھٹھہ عالیہ کہتے ہیں کہ حضرت سید بشیر احمد بڑے درویش اور شریف آدمی تھے۔

۸۔ میاں غلام محمد بن بھولا موچی ساہن پالوی مرحوم کہا کرتے تھے کہ صاحبزادہ بشیر احمد تجرد شعار ہیں۔

۹۔ صوفی محمد افضل طور قریشی قادری نوشاہی، بی اے، منشی فاضل، ادیب فاضل ساکن گوندلانوالہ ضلع گوجرانوالہ کہتے ہیں کہ حضرت سید بشارت رح مہمانوں کی خدمت کرنے میں یکتا تھے۔ مہمان نوازی کی صفت آپ میں بدرجہ کمال تھی۔

۱۰۔ چوہدری میاں خان و بہادر خان پسران جلال تارڈ رن ملوی کہتے ہیں کہ صاحبزادہ سید بشیر احمد صبح و شام دونوں وقت درگاہ عالیہ حضرت نوشہ رح کے سلام و زیارت کے واسطے جایا کرتے تھے۔ راستہ میں ہمارے چاہ دھریک والہ کے پاس سے گذرتے ہم نے دیکھا کہ ہمیشہ نیچی نگاہ سے گذرتے تھے۔ کبھی آس پاس نہیں دیکھا۔ ہم لوگ آپس میں کہا کرتے تھے کہ اگر خدانخواستہ راستہ کے دائیں بائیں طرف کوئی لڑائی فساد ہو جاوے اور آپ پاس سے گذر رہے ہوں۔ اگر کوئی افسر آپ سے پوچھے کہ یہ واقعہ کیسے گذرا

Marfat.com

ہے، تو آپ یہی کہہ دیں گے کہ مجھے کوئی خبر نہیں۔ کیونکہ آپ ہرگز آس پاس دیکھتے ہی نہ تھے۔

۱۱۔ چوہدری میراں بخش بن بہادل وڑائچ گوجرپوری کہتا ہے کہ حضرت سید بشیر احمد بڑے شریف انسان تھے۔

۱۲۔ مستری صدرالدین ترکھان ڈھبوی کہتا ہے کہ صاحبزادہ سید بشیر احمد بڑے درویش مرد تھے۔

۱۳۔ مستری خوشی محمد بن میاں احمد یار ترکھان ڈھبوی کہتا ہے کہ صاحبزادہ سید بشیر احمد بڑے بزرگ آدمی تھے۔ فقیری میں آپ بہت بلند مرتبہ رکھتے تھے۔

۱۴۔ مسمات کرم بی بی زوجہ مستری خوشی محمد ترکھان ڈھبوی کہتی ہے کہ صاحبزادہ سید بشیر احمد بڑے بزرگ آدمی تھے اور بڑی نیک صفتوں والے تھے۔

بیویاں

آپ کی دو شادیاں ہوئیں:۔

پہلی شادی بروز ہفتہ ۱۱ر شعبان ۱۳۵۲ھ کو سیدہ بشیر بیگم بنت سید کرم الٰہی بن سید فاضل شاہ برخورداری رح سے بمقام ساہن پال شریف ہوئی۔ اس کے بطن سے ایک بیٹی ہوئی۔

سیدہ بشیر بیگم بعمر انیس سالہ بروز سوموار۔ ۱۸ر محرم ۱۳۵۸ھ کو انتقال کر گئی۔

دوسری شادی بروز پنجشنبہ ۱۲ر شوال ۱۳۶۲ھ کو سیدہ سکینہ بیگم بنت سید کرم حیات بن سید غلام حسین برخورداری رح سے بمقام چھبل ضلع شیخوپورہ ہوئی۔ اس کے بطن سے تین بیٹے اور ایک بیٹی تولد ہوئی۔

اولاد

آپ کے تین بیٹے ہوئے:۔

Marfat.com

اوّل :۔ صاحبزادہ سید قدوس اختر مدظلہٗ ۔ یہ بروز پنجشنبہ ۔ دوم جمادی الثانی سنہ ۱۳۷۱ھ مطابق ۲۸ فروری سنہ ۱۹۵۲ء موافق ۱۸ پھگن سمت ۲۰۰۸ ب کو پیدا ہوا۔ اس کا تاریخی نام مؤلف نے قدوس اختر رکھا۔ دیگر تاریخی نام اور مادے یہ ہیں :۔
(۱) معین اختر (۲) سلطان ہادی اختر (۳) غلام منیر (۴) غلام مکرم (۵) فیض النصیر (۶) میر اعظم علی (۷) میاں ظہور الحسین (۸) ملک غفار (۹) اعظم عسکری (۱۰) رافع عظیم ۔

قطعہ تاریخ

از اعلیٰحضرت مولانا سید غلام مصطفےٰ دام برکاتہٗ

فضلِ حق گشت بر بشیر احمد — شد تولد پسر عجیب نشاں
کرد ایزد بقائے نسل ازوے — شکرِ منّانِ پاک در ہر آں
عمرِ الیاس بخشدش ایزد — علم اکثر بمذہبِ نعماں
گلِ احسن بشاخِ نوشاہی — خادمِ خاص جد با دل و جاں
غوثِ اعظم نصیرِ او ہمدم — باد از رنج و درد در دو جہاں
عیش و عشرت نصیبِ او باشد — رزق بسیار علم ہم عرفاں
چوں ز خاطر بجست نوشاہی — نام و نامش نعیم اختر داں

۱۳۷۱ھ

تہنیت نامہ

از نتیجہ طبع صوفی محمد افضل عود قریشی بی اے

منشی فاضل، ادیب فاضل ۔ ساکن گوندلانوالہ ضلع گوجرانوالہ

صبحدم ابن مژدہ در مصرعہ تر آمدہ — ز آسمانِ نوشاہی قدوس اختر آمدہ
حاملِ خلقِ عظیم و حسنِ بہتر آمدہ — نیک و فرخندہ پے و فرخندہ اختر آمدہ
سیدِ شاہِ بشیر احمد بشارت را پسر — پاک دل پاکیزہ خو و پاک گوہر آمدہ

Marfat.com

رونق و سرمایۂ حضرتِ غلامِ مصطفےٰ — افتخارِ خاندانِ آلِ حیدر آمدہ
شاہِ اقلیمِ سخن سلطانِ حسنِ عالمے — بہترش گویم کہ او باشانِ دیگر آمدہ
تیرِ برجِ سعادت ماہتابِ اوجِ شرف — عزتِ عباسیان و زیبِ افسر آمدہ
او مجسّم احتشام و او مجسّم انبساط — کامگارِ کامگارانِ ہنر در آمدہ
زیبِ اورنگِ دلاوزینتِ تختِ سخا — نوبہارِ گلشنِ بختِ سکندر آمدہ
حافظِ گلزارِ نوشہ وارثِ فقرِ امین — شانہ کارِ گیسوئے دینِ پیمبر آمدہ
فیض را فیضے ست از نظرِ فیوض اثرِ بہار — جود یا بد بہرۂ جودش تو نگر آمدہ
افقِ انوارِ بشارت شفقِ اسرارِ نہاں — ماہِ انور آمدہ مہرِ منوّر آمدہ
کوہِ دانش بحرِ بینش کانِ حشمت جانِ حلم — بہرِ دریائے تصوف موجِ کوثر آمدہ
از برائے دوستاں او مرکزِ اشفاق و مہر — از برائے دشمناں تیغِ سبک سر آمدہ
خوش خصال و خوش نگاہ و خوش جمال و خوش سیر — خوب رو و خوب خو و خوب منظر آمدہ
پاک دل پاکیزہ خاطر پاک باطن پاک طین — پاک بین و پاکباز و پاک و طاہر آمدہ
ناظمِ نظمِ عطا و خازنِ درجِ سخا — حجتِ دینِ نبی را خوب مظہر آمدہ
فارسِ میدانِ فقر و قائمِ صوم و صلوٰۃ — واقفِ رمزِ خفی و اتقائے بہتر آمدہ
در جبینش اہتمامِ نظمِ دوراں آشکار — مستنیرِ نورِ عرفاں فیضِ یکسر آمدہ
فضل و حکمت شان و شوکت سطوت و جبروت و حشم — خادم و حلقہ بگوش و چاکر و چاکر آمدہ
اہتمام و التزام و انصرام و القیام — بہرِ این نو بادۂ گلزارِ اکبر آمدہ
ابتہاج و انبساط و ارتسام و اقتباس — بہرِ پابوسیِ این عالی سخنور آمدہ
اشہبِ فکرش کمند اندازِ عرشِ ذاتِ حق — فیض یاب و فیض پرور فیض گستر آمدہ

گرچہ این مولودِ مسعودِ بشارت آمدست
از برائے طوسی ہم افضال داور آمدہ

جد بزرگوار اعلیٰ حضرت قبلہ مدظلہ العالی نے ۱۰ ذی الحجہ ۱۳۷۶ھ کو اس کو قمر الشرفاء کا خطاب دیا۔ اور اس کے نام کا سجع بنایا:۔

Marfat.com

ع بفلکِ نوشہی قدوس اختر

عزیز قدوس اختر بڑا ذہین اور عالی دماغ ہے۔ اب ۱۳۸۱ھ میں پرائمری سکول رُن مَل ضلع گجرات میں پانچویں جماعت پڑھتا ہے۔ آثار رشد و ہدایت اس کے چہرہ سے درخشاں ہیں۔ پڑھنے اور لکھنے کی بڑی محبت رکھتا ہے۔ نعت خوانی کا بھی شائق ہے۔ اپنے ماموں سید عباسی منبھلی کی نعتیں اور کافیاں خوش الحانی سے پڑھا کرتا ہے۔ اس وقت بعمر دس سال موجود ہے ——— سلمہ اللہ تعالیٰ۔

دوم۔ صاحبزادہ رضاء اللہ شاہ مدعمرہٗ۔ تاریخ پیدائش اتوار کی رات وقتِ عشاء۔ دوئم شعبان ۱۳۷۴ھ مطابق ۲۷ مارچ ۱۹۵۵ء موافق ۱۴ چیت سمت ۲۰۱۲ ب اس کا تاریخی نام میں نے رضاء اللہ شاہ رکھا۔ دوسرے تاریخی نام اور فقرے یہ ہیں:۔

(۱) یونس مرغوب (۲) مظہر مصطفےٰ (۳) غلام باقر (۴) رضاء الناصر (۵) نوشاہی بخت (۶) محمد افتخار (۷) مبارک ظہور (۸) خلیل احمد خاں (۹) صداقت حسین خاں (۱۰) میر حضور علی۔

قطعہ تاریخ

از اعلیٰ حضرت قبلہ نوشاہی مدظلہ العالی

برِ بشیر احمد چو رحمت کرد رب — طفلِ ثانی شد عطا والا نسب
ہم چو ماہِ چار دہ روشن جبیں — دوستدارِ رحمت للعالمین
عمر و دولت حق ورا بخشد فزوں — حاسدش بادا ہمیشہ سرنگوں
گفت نوشاہی سنینِ آں جلی — سالِ تولیدست۔ باغِ نوشہی ۱۳۷۴ھ

مبارک باد و تاریخ از شرافت

شکر للہ کہ شد طلوعِ قمر — ز آسمانِ امیں مبارک باد

Marfat.com

شاہدِ خوب رُو تولد شد — بفلک ہم زمیں مبارک باد
اسمِ پاک ست شاہ رضا اللہ — ہست تاریخ ایں مبارک باد
در جنابِ شہِ بشیر احمد — ہدیۂ بہترین مبارک باد
گشت سنبلِ مراد رُو سرسبز — خادمِ محی دیں مبارک باد
اخترِ برجِ پیرِ نوشاہ است — خاندانِ مہیں مبارک باد
غنچۂ نو شگفتہ در گلشن — گلبنِ یاسمیں مبارک باد
روشن از دے دو دیدۂ مہ و مہر — پیشِ اہلِ یقیں مبارک باد
نور و نور ست عَنْ اُباجَدٍ — بچۂ نازنیں مبارک باد
پدرش نور ہم پسر نور ست — جدِّ او فخرِ دیں مبارک باد
دمبدم از خدا دعا خواہم — یارب از من چنیں مبارک باد
بخت اسکندری و عمرِ خضر — بعزیزِ بہیں مبارک باد
مظہرِ مصطفیٰ ۔ است تاریخش — از شرافت ہمیں مبارک باد

اعلیٰ حضرت قبلہ مدفیوضہٗ نے اس کو بتاریخ ۱۱ ذی الحجہ ۱۳۷۶ھ ہجری نجم الاتقیاء کا خطاب دیا۔ اب یہ عزیز دوسری جماعت میں پڑھتا ہے۔ اس قدر صاحبِ فہم و ذکا ہے کہ اگر اس کی پشت پر اُنگلی سے کوئی لفظ یا ہندسہ لکھ دیں تو پڑھ لیتا ہے۔ بڑے قوی حافظہ والا ہونہار ہے۔ اس وقت بعمر سات سال موجود ہے۔ سلّمہ اللہ تعالیٰ۔

سوم :۔ صاحبزادہ سید افضال السبطین شاہ مدعمرہٗ۔ تاریخ پیدائش بروز جمعہ وقتِ پاشت۔ ۲۶ محرم ۱۳۸۰ھ مطابق ۱۲ جولائی ۱۹۶۰ء موافق ۲ ساون سمت ۲۰۱۷ ب اس کا تاریخی نام میں نے افضال السبطین شاہ رکھا۔ باقی تاریخی نام اور فقرے یہ ہیں:۔

(۱) افتخار محمود (۲) افتخار زمان (۳) مختار الحق (۴) محمد نظیر حسین (۵) گلعذار احمد شاہ (۶) ذاکر محی الدین شاہ (۷) مرغوب الامین (۸) نفیس ظفر (۹) محمد عزیز رضا (۱۰) بخشش حسنین۔

Marfat.com

تاریخ از اعلیٰ حضرت نوشاہی مدظلہٗ

(۱)

ولادت کا مصرعہ سنو جانِ جاں غلامِ سلیمانِ مہدی جہاں ۱۳۸۰ھ

(۲)

کہ نوشاہی سنینِ باصفا سال پیدائش۔ چراغِ مہ لقا ۱۳۸۰ھ

قطعہ تاریخ از شرافت

بوقتِ مبارک بروزِ سعید تولد شدست ایں ولیدِ حمید
خداوند را حمد صد بار ہا کہ دادست ایں نعمتِ بے بہا
بسید بشارت مبارک ہزار کہ فرزندِ او شد بصد افتخار
ز اولادِ نوشاہِ عالی مقام بفرخندہ ساعت شدہ انضمام
ز تاریخ و نامش بفضلِ آلہٖ بداں پیر۔ افضال السبطین شاہ ۱۳۸۰ھ
زہاتف دگر اسم گشتہ پدید جنابِ۔ محمد شجاعت رشید ۱۳۸۰ھ
دگر بار جستم چو تاریخ او خرد گفت۔ مرغوب اسلام۔ گو ۱۳۸۰ھ

شرافت کند ہر زماں ایں دعا
بعمرِ خضر باشد او ہم نوا

اب یہ عزیز بعمر ایک سال شیر خوار ہے۔ سلمہ اللہ تعالیٰ۔

سید بشارت کی دو بیٹیاں ہوئیں۔

۱۔ سیدہ بلقیس خانم۔ متولد اتوار ۲۵ ذی الحجہ ۱۳۵۶ھ۔ متوفیہ بدھوار ۳ ربیع الاول ۱۳۵۷ھ۔

۲۔ سیدہ حفیظ خانم۔ متولد منگلوار۔ ۲۴ ربیع الاول ۱۳۶۹ھ۔ اس کی عمر اس وقت تیرہ سال ہے۔ قرآن مجید اور کتابیں پڑھ گئی ہے۔

Marfat.com

شاگردانِ رشید

آپ عموماً اپنے دیوان خانہ میں ڈیرہ رکھتے۔ سفر کم کرتے تھے۔ اس لئے آپ تدریس کا مشغلہ بھی رکھتے تھے۔ قرآن مجید اور کتابوں کا سبق دیا کرتے۔ جن لوگوں نے آپ سے تعلیم پائی ہے، اُن میں سے بعض کے نام یہ ہیں :-

۱۔ صاحبزادہ وزیر محمد بن سیّد نور الٰہی برخوردار یؒ۔ ساہن پال شریف ضلع گجرات
۲۔ صاحبزادہ ممتاز احمد بن سیّد کرم الٰہی برخوردار یؒ۔ 〃 〃
۳۔ صاحبزادہ سعید اللطف بن سیّد شریف احمد شرافت۔ 〃 〃
۴۔ غلام محمد بن اللہ دتہ بن بوٹا تارڑ۔ 〃 〃
۵۔ جلال بن جواہر بن وزیرا تارڑ۔ 〃 〃
۶۔ یار محمد بن روشن بن ساہنا تارڑ۔ 〃 〃
۷۔ محمد علی بن خوشی بن نتھو موچی۔ 〃 〃
۸۔ حافظ محمد نذیر بن نور الٰہی بن اللہ جوایا موچی۔ 〃 〃
۹۔ میاں نور حسین بن میاں احمد الدین بن میاں فضل الٰہی امام مسجد۔ سارنگ 〃
۱۰۔ غلام مصطفےٰ بن بڈھا بن محکم تارڑ۔ اگر دیہ 〃
۱۱۔ محمد روشن بن اللہ دتہ موچی۔ رَن مَل 〃
۱۲۔ غلام علی بن الہدین بن کرم دین موچی۔ گاگھڑہ کلاں 〃

اَحبابِ خاص

بعض دوستوں سے آپ محبت فی اللہ کرتے تھے اور جو نوشاہی درویش درگاہِ شریف نوشاہیہ پر زیارت کے واسطے آتے، وہ ضرور آپ کی خدمت میں بھی حاضر ہوتے اور آپ سے فائدہ اُٹھاتے۔ آپ اُن سے بے لوث محبت کیا کرتے۔ ازانجملہ :-

۱۔ سائیں مقبول حسین بن جمال حسین۔ اولاد شاہ عنایت ولی قادری لاہوری ؒ

Marfat.com

ساکن چک نمبر ۲۱۳ - پیپل کالونی ضلع لائل پور۔
۲۔ سائیں حافظ فضل الٰہی فقیر نوشاہی روشن شاہی - اولادِ شاہ عنایت ولی قادری لاہوری ؒ مجاور درگاہ مادھولال حسین قادری - باغبانپورہ لاہور۔

یارانِ طریقت

آپ بہت کم مرید بناتے تھے۔ جو آدمی آپ کے پاس بیعت کے واسطے حاضر ہوتا، اس کو یا تو اپنے والد بزرگوار کی بیعت کروا دیتے، یا میری (شرافت کی) بیعت کے لئے اس کو فرما دیتے۔ صرف چند اشخاص کو اپنی بیعت سے نوازا۔ جن کے نام یہ ہیں:-

۱۔	صاحبزادہ قدوس اختر۔ فرزند اکبر۔	ساہن پال شریف ضلع گجرات
۲۔	صاحبزادہ رضاء اللہ شاہ۔ فرزند ثانی۔	〃 〃
۳۔	میاں نور حسین بن میاں نبی بخش۔ امام مسجد۔	〃 〃
۴۔	چوہدری امام الدین بن راجہ بن ہاشم تارڑ۔	سارنگ 〃
۵۔	چوہدری شاہ محمد بن قائم بن مکھن چیمہ۔	〃 〃
۶۔	احمد الدین بن غلام محمد بن حاجی بن ساون بن رحمت بن قطبا بن شرفا مصلی قوم بھٹی۔	چک جانو کلاں 〃
۷۔	محمد علی بن لہنا کشمیری۔	〃 〃
۸۔	مولاداد مصلی۔	لکھیہ 〃
۹۔	محمد دین بن مڈھا گلگو۔	مگھو پنڈی 〃
۱۰۔	چوہدری شاناں بن لالہ راں۔	مانگٹ 〃
۱۱۔	نور محمد بن الٰہی بخش کنبو مہاجر نامہ۔	〃 〃
۱۲۔	چوہدری متی بن عالم بن خنجر گوندل۔	رکن شرقی 〃
۱۳۔	شاناں بن خوشی محمد بن چوغطہ بافندہ ساہن پالیہ۔	بوسال مسور 〃

Marfat.com

۱۴۔ سید بوٹے شاہ بن سید احمد شاہ نقوی بخاری۔ چک نمبر ۴۵ ضلع گجرات
۱۵۔ سلطان بن مہرداد تیلی۔ دلیانوالی چک نمبر ۲ شیخوپورہ
۱۶۔ قاضی عبدالقدوس۔ محلہ ملاں فصیح۔ علاقہ ڈبگری۔ پشاور شہر
۱۷۔ میاں نبی بخش بن میاں لال شاہ پتراڑی۔ ساکن لڑوکا۔ تحصیل بھمبر۔ ضلع میرپور
۱۸۔ حسن محمد بن سائیں امیر بخش گوجر کسانہ۔ ساکن موہڑہ ٹھنڈی بان۔ منجاکوٹ۔
تحصیل راجوری۔ ریاسی۔

(یہ شخص ۲ ربیع سنہ ۲۰۰۶ ب کو روضہ حضرت نوشہؒ کے اندر آپ کی بیعت ہوا)

تبرکات

آپ کی وفات کے بعد مندرجہ ذیل اشیاء آپ کے تبرکات گھر میں محفوظ رکھے گئے ہیں۔
(۱) دستار ململ سفید رنگ (۲) کلاہ (۳) قمیص (۴) تہبند (۵) لوئی (کمبل)
سیاہ رنگ (۶) نعلین بقطع پوٹھوہاری (۷) گرگابی سیاہ رنگ (۸) عصا (۹) مسواک
(۱۰) کنگھی (۱۱) شیشہ۔

مدحیات

آپ کی توصیف و تعریف میں بہت احباب نے نظمیں و اشعار لکھے ہیں۔ ان میں
سے بعض یہاں لکھے جاتے ہیں۔ (۱)

از قلم صوفی محمد افضل طور قریشی قادری نوشاہی۔ بی اے۔
منشی فاضل۔ ادیب فاضل۔ ساکن گوندانوالہ۔ ضلع گوجرانوالہ

قصیدہ

نگارش بہ پیشگاہِ عالیجاہ۔ تاجدارِ ولایتِ فقوت۔ جہاندارِ اقلیم مودت
جہانگیرِ ملکِ مروت۔ شاہجہانِ دولتِ نجابت۔ اورنگ زیبِ گنجینہ شرافت

Marfat.com

حضرت صاحبزادہ سید بشیر احمد بشارت علوی عباسی خلفِ اصغر فخرِ آئمہ
اطہار۔ افتخارِ سیّد الابرار۔ مخزنِ فیوضِ عرفان۔ معدنِ علومِ یزدان
ہمائے اوجِ سعادت۔ دبیرِ افلاکِ نجابت۔ سالارِ لشکرِ ولایت حضرت
سیّد شاہ غلام مصطفےٰ قادری نوشاہی برخورداری سابن پالی ادام اللہ برکاتہٗ

مرا چوں جستجوئے مصرعۂ تر شد ندا آمد — بشیر احمد بشارت فخرِ حضرت مصطفےٰ آمد
عروسِ خلق را نظرِ سخا اثرش بیاراید — سراسر حالِ اوصافِ احمد مجتبےٰ آمد
باو گلزارِ نوشاہی مزیّن میشود حقّاً — بجدِ پاک نوشہ ایں جواں چہ خوش لقا آمد
دریں گنجائشِ شک نیست ہرگز من گرش خوانم — نقیبِ اولیا و اسخیاؤ اتقیا آمد
نظر عالی دلِ پاک و نگہ پاکیزہ تر دارد — مجسم صورتِ اخلاص و تسلیم و رضا آمد
بہ بحرِ ذوق و شوق و عشق پیوستہ ہمے ماند — امیرِ کاروانِ فقر و سالارِ غنا آمد
حلیم الطبع متواضع کریم النفس ہم قاری — ز سر تا پا شبیہِ شیوۂ صدق و صفا آمد
محبت کیش الفت مذہبش ایماں بود انسش — تعالی اللہ چہ خوش بخت و سعادت انتما آمد
جمالش غیرتِ ماہ و جلالش رشکِ مہر ست — جبینش خطِ تقدیر و رخش صفحِ ولا آمد
بتحریرش بتقریرش بتدبیرش چہ خوش گویم — خجل شبلی و دل حیران و مومن ہا نما آمد
قرارِ بے قراران و امیدِ دوستاں باشد — عزیزِ خود آمد گوہرِ عالی بہا آمد

(۲)

از شہزادہ شاہد رضا شرافتی ساکن لوڑکی ضلع گوجرانوالہ

الف۔ اج دی رات برات والی نوشہ پیر سوہنے گل لایا اے
سوہنی شان کمال بشیر احمد رتبہ بدر منیر دا پایا اے
سوہنا نام عزیز قدوس اختر حسن یوسفی دون سوایا اے
ہودے مجھ تے فضل کمال شاہد در نوشہ دے سیس نوایا اے

---

۱ ۲ ۳ شبلی نعمانی۔ دل۔ مومن شاعروں کے نام ہیں۔ شرافت

Marfat.com

(۳)

حضرت شاہ بشیر احمد نوں حاصل ہوئی بشارت — چھوڑ قضیے دنیا والے پائی خوب صدارت
کیتا ضبط عشق نوں ایسا نکلے ناں حرارت — اچا بول نہ بولن موہوں رہندے وچ حیائے
حرمت پیر شرافت صاحب مشکل حل کرا دے

واقعہ وفات

آپ بتایا کرتے تھے کہ میری بیماری کی ابتدا اس طرح پر ہوئی کہ میں اپنے والد صاحب مدظلہٗ کے ہمراہ سفر میں گیا۔ جب کوٹلی میسے ضلع گوجرانوالہ میں پہنچے تو رات کا کھانا کھانے کے بعد میری طبیعت نے چاہا کہ میں گڑ (قند سیاہ) کھاؤں۔ لیکن میں نے کسی سے مانگنا پسند نہ کیا اور بوجہ شرم وحیا کے طلب نہ کر سکا۔ صبح کو مجھے کھانسی شروع ہو گئی۔

آپ بڑے متحمل مزاج اور صابر و شاکر اور کم گو تھے۔ آپ نے پورا ایک سال کسی کو جتلایا تک نہیں کہ میں بیمار ہوں یا مجھے کھانسی ہوتی ہے۔ اس کو معمولی سمجھ کر ویسے ہی وقت گذارتے رہے۔ ایک سال کے بعد آپ نے بتایا کہ مجھے کھانسی کی تکلیف ہے۔ نیز آپ کو ساتھ ہی ضیق النفس بھی شامل ہو گیا۔ خیر!۔ آپ کا علاج شروع کیا گیا۔ کبھی افاقہ ہو جاتا، کبھی پھر مرض کا دورہ ہو جاتا۔ تا آنکہ عرصہ دس سال تک آپ بیمار رہے۔ اس طویل عرصہ میں بہت سارے حکیموں، ڈاکٹروں کے علاج کئے۔ مگر دیرپا فائدہ کسی سے وقوع میں نہیں آیا۔ جن اطباء کے علاج کئے گئے، اُن کے نام یہ ہیں:۔

۱۔ حکیم سید مظفر حسین ظفر نوشاہی برخوردار ی۔ ساکن ساہن پال شریف۔
۲۔ حکیم سید الطاف حسین خلف الرشید سید محمد انور ہاشمی۔ ساکن رُن مل۔
۳۔ ڈاکٹر سید فیروز علی شاہ خلف الرشید ہڈے شاہ ہاشمی۔ ساکن رُن مل۔
۴۔ حکیم احمد الدین امام مسجد مانگہ خورد۔

Marfat.com

۵۔ حکیم سائیں چُپ ساکن ٹھٹہ عالیہ ضلع گجرات۔
۶۔ حکیم قاضی طالب حسین عباسی ساکن جوکالیاں ضلع گجرات۔
۷۔ ڈاکٹر محمد اسلم انچارج گورنمنٹ ہسپتال جوکالیاں۔
۸۔ حکیم سید حاجی فضل حسین خلف الرشید حکیم سید شاہ محمد ہاشمی ساکن پنڈ عزیز ضلع گجرات۔
۹۔ حکیم ملک سلطان پشاور۔
۱۰۔ حکیم محمد بخش ساکن شادی وال ضلع گجرات۔
۱۱۔ حکیم مولوی میراں بخش قادری نوشاہی۔ ساکن ہُبو نانوالی ضلع [illegible]
۱۲۔ حکیم مولوی تاج محمد خطیب جامعہ مدن چک ضلع گوجرانوالہ۔
۱۳۔ حکیم مولوی حاجی صوفی نیک محمد قادری نوشاہی سجادہ نشین شرقپور ضلع شیخوپورہ۔
۱۴۔ حکیم ڈاکٹر غلام یٰسین قادری نوشاہی شرقپوری۔ مقیم مزنگ لاہور۔
۱۵۔ ڈاکٹر حکیم محمد احسن فاروقی ساکن بیگووالہ ضلع سیالکوٹ۔
۱۶۔ ڈاکٹر عبدالرزاق۔ باغبانپورہ لاہور۔
۱۷۔ ڈاکٹر صاحب۔ گورنمنٹ ٹی بی ہسپتال سرگودھا۔
۱۸۔ حکیم سید شاہ شرف نافع نقشبندی مجددی پسروری۔ مقیم گجرات۔

ان سب میں سے ڈاکٹر عبدالرزاق باغبانپورہ والے کے علاج سے آپ کو افاقہ ہوجاتا رہا۔ ایک ماہ تک لاہور میں رہ کر آپ نے علاج کروایا، اور بالکل تندرست ہوکر واپس آئے۔ چند روز تک طبیعت ٹھیک رہی۔ پھر مرض شروع ہو گیا۔ دوبارہ پھر لاہور گئے تو پھر ڈاکٹر صاحب کے معالجہ سے فائدہ ہوگیا، لیکن وہ فائدہ وقتی تھا۔ دیرپا نہیں تھا۔

حکیم محمد احسن فاروقی کے علاج سے بھی آپ کی طبیعت کو کچھ سکون رہتا تھا۔ وہ مفرحات اور مقوی دوایاں استعمال کراتے تھے، جو بطور پہاڑا بن گئی تھیں۔

ستمبر ۱۹۶۰ء میں آپ کو گورنمنٹ ٹی بی ہسپتال سرگودھا میں لے گئے۔ وہاں

Marfat.com

آپ کا ایکس رے لیا گیا اور آپ کو ملاحظہ کر کے ڈاکٹر صاحب نے کچھ ٹیکے اور گولیاں تجویز کیں۔ واپس آ کر وہ شروع کئے، تو تقریباً دو ماہ تک آپ کی طبیعت کو کچھ افاقہ ہو گیا۔ اور چلنے پھرنے لگ پڑے۔ آخر پھر دورہ شروع ہو گیا، اور کمزور ہو گئے۔

جولائی ۱۹۶۱ء میں آپ کو گجرات پہنچایا۔ حکیم سید شاہ شرف پسروری کا علاج شروع کیا۔ انہوں نے کچھ گولیاں، خمیرہ، شربت وغیرہ کا استعمال کروایا۔ لیکن طبیعت چوتھے روز ہی زیادہ گھٹنی شروع ہو گئی۔ آپ نے وہاں فرما دیا کہ اب میرا وقت دیر ہو گیا ہے۔ اب مجھے گھر لے چلو۔ چنانچہ ایک ہفتہ گجرات رہنے کے بعد ہم آپ کو واپس لے آئے اور گھر آ کر دس روز آپ زندہ رہے۔

آخری ایام

آپ کی طبیعت میں قوتِ برداشت بہت تھی۔ عرصہ دس سال کی طویل بیماری میں آپ نے شدتِ تکلیف سے سینکڑوں راتیں بیٹھ کر گزاریں۔ مگر ہمت نہیں ہاری۔ اگر دوسرے لوگ آپ کی بیماری کی تکلیف کو دیکھ کر آپ سے ہمدردی کا اظہار کرتے تو آپ فرماتے "خیر مہر ہے۔ ابھی میں مرتا نہیں"۔ لیکن وفات سے بارہ روز پہلے جب کہ آپ گجرات میں زیرِ علاج تھے، تو سٹیشن گجرات سے ریل کے انجن نے روانگی کا وِسل دیا تو آپ اس کی آواز سن کر فرمانے لگے "اے ریل تو روانہ ہو چلی ہے، ہم بھی تیرے پیچھے روانہ ہونے کو تیار ہیں"!

آپ کو جب گجرات سے واپس لے آئے تو پورے دس روز آپ چارپائی پر بیٹھے رہے۔ لیٹنے سے کھانسی شدید شروع ہو جاتی تھی۔ اس لئے آپ نے متواتر دس روز بیٹھ کر گزارے۔ سارے اہل خانہ، والدین، برادران، ہمشیرگان، برادرزگان، ہمجدی برادران، اپنی اہلیہ، اولاد، دن رات آپ کے پاس رہے۔ سب نے راتیں بیٹھ کر گذاریں۔ جو غیر حاضر تھے ان کو آدمی بھیج کر بلا لیا گیا۔ مثلاً عزیز سید ریاض الحسن و سید سعید اللطف دونوں بھائی لاہور میں تھے، وہ بھی آ گئے۔ عزیزہ صدیقۃ الکبریٰ

Marfat.com

بمعہ اپنے دیور محمد کلیم کے ڈھل شریف سے آگئی ۔عزیزہ ارشاد بیگم زوجہ سیّد ریاض الحسن دھیر کے خورد سے آگئی ۔ سیّد عبدالکریم عباسی اور سیّد عمر حیات ۔ سیّدہ ایمنہ بی بی و صغریٰ بیگم و زکیہ بیگم چنبھل سے آگئیں ۔ سیّدہ شاہ بیگم زوجہ سیّد رحمت علی پانڈو کے سے آگئی ۔

غرضیکہ آپ کے سارے متعلقین پہنچ گئے ۔آپ کی سب سے ملاقات ہو گئی ۔ اور سب نے آپ کی آخری خدمات کا شرف حاصل کر لیا ۔ آپ کی بہنوں سیّدہ نذیر بیگم، سیّدہ رضیہ بیگم ، سیّدہ صغیہ بیگم ، سیّدہ رشید بیگم اور آپ کی بھتیجیاں عزیزہ صدیقۃ الکبریٰ اور فہمیدہ خانم ، اور آپ کی ہمشیرہ زادی زکیہ بیگم اور آپ کی اہلیہ سیّدہ سکینہ بیگم نے آپ کی بہت خدمت کی اور دن رات آپ کو پنکھا ہلاتی رہیں۔ اور آپ کو اپنی گود میں لے کر سینہ سے لگا کر یکے بعد دیگرے سب نے بیٹھ کر وقت گزارا۔

آپ آخری دس روز اپنے دیوان خانہ میں ہی رہے ۔ وہیں ڈیرہ رکھا ۔ ہر چند سب نے کوشش کی کہ آپ گھر چلیں ، لیکن آپ فرماتے کہ میں یہیں رہوں گا۔ اِس جگہ مجھے آرام ہے ۔

پانچ روز پہلے کا واقعہ ہے کہ جناب والدہ صاحبہ نے اور میں نے کہا کہ آپ کے بچے ابھی چھوٹے ہیں ۔ ان کے متعلق کچھ کہہ دو ۔ تو آپ نے فرمایا "! مجھے ان کا کوئی فکر نہیں ۔ اس سے پہلے بھی تمہیں نے سنبھالے ہوئے ہیں اور آئندہ بھی تمہیں نے سنبھالنے ہیں اور ان کی پرورش کرنی ہے ۔

چار روز پہلے کا واقعہ ہے کہ جناب والدہ صاحبہ آپ کی ضعف حالت کو دیکھ کر رو پڑیں ۔ آپ نے فرمایا "! ماں جی ! میں نے بہتیرا عرصہ زندہ رہ لیا ہے ، دنیا کو بہتیرا دیکھ لیا ہے "۔

اسی روز آپ نے یہ مصرعہ پڑھا۔ ع

"اِک جمُدیاں سرے دا تاج تیرا اک سہکدیاں تیریاں جتیاں نوں"

تین روز پہلے آپ نے مجھے بلایا ۔ بھائی جی ۔ میں جب سامنے ہوا تو آپ نے

Marfat.com

اپنے سرہانے کے نیچے سے ایک کاپی نکال کر مجھے دی۔ جب میں اُس کو دیکھا تو یہ وہ کاپی تھی، جس پر قرآن مجید کے ختم کرکے کسی بزرگ کو ایصالِ ثواب کیا کرتے تھے۔ تو وہ تاریخ لکھ لیا کرتے تھے۔ پھر مجھے وصیت کی کہ شجرہ شریف اور عہد نامہ لکھ کر میرے ساتھ قبر میں رکھنا اور مکہ مکرمہ سے آئی ہوئی ایک تسبیح میرے قلمدان میں پڑی ہے، اس کا دھاگا ٹوٹا ہوا ہے، دانے متفرق ہیں اس کو پرو کر میرے ساتھ رکھنا۔ اُس روز آپ کے پاس قرآن مجید کا ختم بھی کیا گیا۔ اُس روز آپ نے غلام رسول حجام سے حجامت بھی بنوائی۔

دو روز پہلے کا واقعہ ہے کہ ظہر کے وقت آپ نے مثنوی مولانا رُوم کے اشعار پڑھنے شروع کیے اور چند اشعار پڑھے۔ افسوس کہ مجھ کو ان میں سے کوئی شعر یاد نہیں رہا اور اس وقت مجھ سے یہ غلطی ہوئی کہ وہ تحریر نہ کرلئے۔

اس کے بعد آپ نے فرمایا "شعروں کا کیا پڑھنا ہے، قرآن مجید پڑھیں جس کا کچھ فائدہ ہے۔ پھر آپ نے انبیائے کرام کی دعاؤں والی آیات پڑھیں، مثلاً:-

۱۔ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۔

۲۔ رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ۔

ایک روز پہلے کا واقعہ ہے کہ میں آپ کے پاس چارپائی پر بیٹھا ہوا تھا۔ آپ کے پاؤں دبانے لگا۔ آپ نے میرا ادب کرتے ہوئے فرمایا "آپ چھوڑ دیں، پاؤں کو ہاتھ نہ لگائیں۔ دوسرے آدمی بہت ہیں جو پاؤں دبانے والے ہیں"۔ میں نے اُس وقت آپ کے ہاتھوں کو اور آپ کے بازوؤں کو بوسہ دیا اور میرے آنسو جاری ہو گئے۔ میں نے کہا "میرے بھائی جیسا مودب اور فرمانبردار بھائی کسی کا نہ ہوگا"۔ آپ نے میرے حق میں کہا "نہیں بلکہ میرے بھائی صاحب جیسا محسن اور مربّی بھائی

ے اُسی کاپی کو میں نے مرتب کرکے رسالہ ختمات القرآن اور رسالہ صد ختم کلام اللہ شریف جمع کیے ہیں۔ ۱۲ شرافت

Marfat.com

کسی کا نہ ہوگا، جس نے میرا اور میری اولاد کا بوجھ اٹھایا ہوا ہے"

اُسی روز کا واقعہ ہے کہ ظہر کے وقت آپ نے حضرت سیدہ رضی اللہ عنہا کو فرمایا کہ میرا تیمم کرو۔ اُس نے اپنے ہاتھ سے تیمم کروایا۔ اُس وقت آپ کا منہ مشرق کی طرف تھا۔ فرمایا "فانما توفوا فثم وجہ اللہ" ایسے وقتوں کے واسطے ہی آیا ہے"

اُسی روز شام کو آپ کے بیٹوں قدوس اختر اور رضا اللہ شاہ کو ہم نے آپ کی بیعت کروایا۔ آپ نے اُن کو کلمہ طیبہ پڑھایا۔ پھر مجھ کو کہا کہ "آپ ان کو وظائف بتلا دینا"

وفات والے روز کا واقعہ ہے کہ بہت سارے لوگ اطراف و جوانب سے خبر گیری کے واسطے آتے تھے اور میں اُن کی خدمت و مدارات کے واسطے بیٹھک کے مغربی کمرہ میں تھا اور آپ مشرقی کمرہ میں تھے۔ اہل خانہ مستورات وغیرہ سب آپ کی تیمارداری میں مصروف تھیں۔ آپ نے ان کو کہا "بھائی صاحب کو بلاؤ" انہوں نے مجھ کو بلایا۔ جب میں آپ کے پاس گیا تو آپ نے کہا "میں نے کسی کام کے لئے نہیں بلایا۔ ویسے ہی بلایا ہے" اسی طرح دن میں دو تین مرتبہ بلایا۔ جب میں پاس جاتا تو فرماتے کہ کوئی کام نہیں ویسے ہی بلاتا ہوں۔ جس سے ثابت ہوا کہ آپ اپنے آخری دن میں بار بار ملاقات کے واسطے بلاتے تھے کہ آج کا دن ایک دوسرے کو دیکھ لیں۔

اُس روز عزیز صاحبزادہ ریاض الحسن گجرات جا کر وہاں سے لال شربت فرانسیسی کی ایک شیشی لایا۔ آپ نے اس میں سے صرف ایک چمچی شربت پیا۔ پھر نہیں پیا۔ دو تین روز پہلے سے ہی ٹیکے لگوانے یا کوئی دوائی کھانی آپ نے چھوڑ دی تھی۔ جناب والد بزرگوار مدظلہ روزانہ آپ کو سورۃ تغابن پڑھ کر دم کیا کرتے تھے۔ اور سب بہنیں اور بھتیجیاں مل کر تین روز تک بلا ناغہ آپ کے پاس قرآن مجید ختم کرتی رہیں۔

Marfat.com

آپ باوجود اِس قدر نحافت کے روزانہ تین یا چار مرتبہ غسل کرتے تھے۔ چنانچہ آخری روز ہفتہ کے دن جب آپ دوپہر تک دو مرتبہ نہا بیٹھے اور ظہر کے وقت تیسری مرتبہ نہانے کو کہا تو بہنوں نے کہا کہ آپ کی طبیعت بہت کمزور ہے، اور اس سے پہلے آپ دو بار غسل کر چکے ہیں، اب نہ نہائیں۔ آپ نے فرمایا "میں نے صرف آج کا دن ہی نہانا ہے، مجھے نہلا دو۔ آج کے بعد پھر میں نے کبھی نہانا نہیں"۔ چنانچہ اُس روز بھی شام تک چار مرتبہ غسل کیا۔ چارپائی پر بٹھلا کر بہنیں نہلا دیتی تھیں۔

جناب والدہ صاحبہ نے فرمایا "بشیر احمد! دیکھو! بہنیں اور بھتیجیاں تمہاری بہت خدمت کرتی ہیں۔ اِن کے حق میں دعا کرنا"۔ آپ نے فرمایا "منہ سے نمائشی دعا دینے کی ضرورت نہیں، میرا دل ہی ان کو دعائیں دے رہا ہے"۔

اُس روز آپ نے پوچھا کہ "آج کونسا دن ہے"؟ ہمشیرہ نے بتایا "آج ہفتہ کا دن ہے"۔ آپ نے فرمایا "اچھا دن سب اللہ تعالےٰ کے ہیں"۔

نمازِ شام کے بعد میں نے آپ کو دیکھا تو طبیعت میں کچھ سکون نظر آیا۔ سانس بھی آرام سے آرہا تھا اور ہاتھ پاؤں جو تین روز سے قدرے متورم معلوم ہوتے تھے۔ وہ بھی بالکل ٹھیک ہو گئے تھے۔ اور تندرستوں کی طرح آپ بیٹھے تھے، اور طبیعت آراستہ تھی۔ میں نے آپ کو از راہِ تسلی کہا کہ "آج تو آپ بالکل صحتیاب معلوم ہوتے ہیں"۔ آپ نے فرمایا "اگر صحت ہو جائے تو اچھا ہی ہے مگر کمزوری بہت ہے"۔ میں نے کہا "کمزوری تو آہستہ آہستہ ہی رفع ہو سکے گی۔

روزانہ آپ کے آس پاس سب چارپائیاں بچھائی جاتی تھیں اور سب خورد و کلاں آپ کے پاس رہتے تھے۔ اُس روز شام کے بعد آپ نے فرمایا کہ مجھ سے مغربی طرف یعنی قبلہ کی جانب کوئی شخص چارپائی نہ ڈالے۔ اُس طرف کو آپ نے بالکل خالی چھوڑ دیا۔ گویا قبلہ کی طرف سے کسی کے آنے کا آپ کو انتظار تھا۔ شام کے بعد حافظ منظور حسین سلیمانی آپ کی بیمار پرسی کے واسطے آئے اور مغربی طرف بیٹھ گئے۔ آپ نے ان کو کہا کہ آپ یہاں سے اٹھ کر بھائی صاحب کے پاس جا کر

Marfat.com

بیٹھیں۔چنانچہ وہ ہماری مجلس میں چلے آئے۔جناب والدہ صاحبہ نے چاہا کہ آپ کے پاس مغربی طرف چارپائی بچھائیں۔ آپ نے ان کو بھی کہا کہ آپ میری چارپائی پر بیٹھ جائیں علیحدہ چارپائی نہ ڈالیں۔ گویا قبلہ کی جانب کو صاف رہنے دیا تاکہ راستہ میں کوئی پردہ حائل نہ ہو۔

عشاء کی نماز کے بعد آپ کی حالت نہایت نازک ہوگئی۔ آپ کو اس وقت اپنی ہمشیرہ صفیہ بیگم نے گود میں لے رکھا تھا۔ دیکھا تو باوجود تین پنکھے ہلانے کے آپ کا جسم بالکل پسینہ سے پانی پانی ہوگیا۔ آپ کی پیشانی پر بھی پسینہ آگیا۔ اُس وقت آپ کو بستر پر لٹا دیا گیا۔ آپ کا سانس بالکل آرام سے آنے لگا۔ کسی قسم کی گھبراہٹ یا اضطراب یا سانس میں تیزی نہیں ہوئی۔ سب حاضرین ہمشیرگان اور دیگر برادران اُس وقت قرآن مجید کی سورتیں پڑھنے لگ گئے۔ کسی نے سورہ یٰسین پڑھنی شروع کردی، کسی نے کوئی اور سورہ۔ میں نے درود شریف کبریت احمر پڑھنا شروع کر دیا۔ آپ ذکر ھُو میں مشغول ہوگئے۔ آپ کا چہرہ خود بخود قبلہ کی طرف ہوگیا، اور دو تین منٹ میں ہی آپ کی رُوحِ پاک اِس قفسِ عنصری کو چھوڑ کر علیین کو چلی گئی۔ رحمۃ اللہ علیہ رحمۃً واسعۃً۔

تجہیز و تکفین

رات کو آپ کا جسم اپنے دیوان خانہ کے صحن میں شمالی طرف رکھا رہا۔ کافی مخلوق کا ہجوم پاس تھا۔ ہمشیرگان ساری رات آپ کو پنکھا جھلتی رہیں اور مروجہ جنبانی کی خدمت کو جنازہ کی رخصتی تک نبھایا۔ صبح کو مولوی نبی بخش امام مسجد ساہن پال شریف نے آپ کو غسل دیا۔ آپ کا شاگرد چوہدری جلال بن جواہر تارڑ اوپر پانی ڈالتا رہا اور مولوی صاحب غسل دیتے رہے۔ غسل کے بعد آپ کو سفید لٹھ کا کفن پہنایا گیا۔ دو چادریں اور ایک کفنی تھی۔ کفنی کے سینے والے پردے پر کلمہ شہادت لکھا گیا اور شجرہ شریف مشائخ خاندان قادری نوشاہی، اور عہد نامہ میں نے خود لکھ کر آپ کی حسبِ وصیت کفن میں آپ کے سینہ پر رکھ دیا اور خانہ کعبہ مکہ مکرمہ کی تسبیح کے دانے نئے دھاگہ

Marfat.com

میں پرو کر وہ تسبیح سیاہ رنگ آپ کے گلے میں ڈال دی گئی اور مشک کافور آپ کے اعضاء سجدہ پر لگا دیا گیا۔

نمازِ جنازہ اتوار کو گیارہ بجے دن کو آپ کا جنازہ درگاہِ عالیہ نوشاہیہ کے سامنے ہو۔ جنازہ پر کافی ہجوم تھا۔ ساہن پال شریف، چھنی ساہن پال، رُن مَل، سارنگ، اگردیہ، چک جانو کلان، مٹھہ نیک، جوکالیاں، چنبھل وغیرہ دیہات سے لوگ جنازہ پر حاضر ہوئے۔ جنازہ دو مرتبہ پڑھا گیا۔ پہلی مرتبہ مولوی حافظ منظور حسین سلیمانی نے پڑھایا۔ دوسری مرتبہ جنازہ میں نے خود پڑھا۔

تاریخ وفات سیّد بشیر احمد بشارت کی وفات، اتوار کی رات، شب کے پونے دس بجے۔ بتاریخ آٹھویں صفر ۱۳۸۱ھ مطابق تئیسویں جولائی ۱۹۶۱ء موافق آٹھویں ساون ۲۰۱۸ب کو ہوئی۔

مدفن آپ کو بمقام ساہن پال شریف، گورستانِ نوشاہیہ کے مغربی حصہ میں اپنے آباؤ اجداد کے پاؤں کی طرف دفن کیا گیا۔ پختہ اینٹوں کی دیواریں بطور صندوق تیار کی گئی۔ آپ کے نیچے ریت بچھا کر اُس پر کپڑے کا جائے نماز بچھا کر اس پر آپ کا جسد شریف لٹایا گیا۔ خاکِ شفا (خاکِ کربلا) کی ایک ٹکیہ پر اسم ذات اللہ لکھ کر چہرہ کے سامنے دیوار کے ساتھ رکھا گیا۔ پھر صندوق کے دہانہ پر پتھر و سیمنٹ کی تیار شدہ چار تختیاں رکھی گئیں۔ اس پر مٹی ڈال کر قبر تیار کی گئی۔ قبر بنانے والا مستری محمد نذیر اختر ساہن پالوی تھا۔ مولوی نبی بخش نے ختم شریف پڑھا اور میں نے سرہانے بیٹھ کر تلقین میت پڑھی۔ اور اتوار سوا بارہ (۱۲¼) بجے دفن سے فراغت ہوئی۔ غفرہ اللہ تعالیٰ۔

مرثیہ

از قلم پیرزادہ فضل میراں گوہر نوشاہی ثمر قصوری۔ کرشن نگر لاہور

Marfat.com

نوحہ غم

مولانا سیّد بشارت نوشاہی کی یاد میں

نقوشِ زیست مدھم ہو رہے ہیں
حقیقت آشنا کم ہو رہے ہیں

دھندلکوں میں ہیں اسمائے گرامی
جو لب پر اسمِ اعظم ہو رہے ہیں

فغاں اے ساکنانِ کُنجِ ظلمت
اجالوں کے بھی ماتم ہو رہے ہیں

سیہ راتیں ہوئے ہیں روز روشن
مہینے ہیں محرّم ہو رہے ہیں

یہ کیا وحشت ہے شامِ غم کے گیسو
شبستانوں میں برہم ہو رہے ہیں

زباں تک آ رہے ہیں دل کے جذبات
مرے اشکوں کے محرم ہو رہے ہیں

بشارت مرکزِ پرکارِ الفت
بشارت محورِ ماہِ محبّت

بشارت زینتِ صبحِ صباحت
بشارت طرّۂ شامِ ملاحت

بشارت خاورِ رمز و معانی
بشارت صدرِ بزمِ نکتہ دانی

گلستانِ ولایت کا گلِ تر
شبستانِ نظر کا ماہِ انور

زباں صد افتخارِ راز گویاں
لبش جاں دار دے صدیق خویاں

ہر اک دل ان کے غم سے دُکھ رہا ہے
قیامت ان کے ماتم سے بپا ہے

قطعہ تاریخ از مؤلف

زہے سیّد بشیر احمد بشارت
برفتہ زیں جہاں آں سرِّ مکتوم

ز اولادِ جنابِ پیرِ نوشہ
بزہد و علم و اخلاص ست معلوم

بصبر و شکر و علم و راستبازی
نظیرش نیست در اذہان مفہوم

Marfat.com

باوصافِ ولایت بود موصوف — کرامت ہم سخاوت بود محکوم
مناقب ہائے او ازحد فزوں ست — بقرطاسِ ادب ہستند منظوم
مثالش درجہاں کمتر تواں یافت — برحمت ہائے ایزد گشت مرحوم
سفر کردہ سوئے دار المعلّٰے — چو دِل برداشت زیں دُنیائے موہوم
بفردوسِ بریں شد شاد و خرّم — بجنت یافت مشروباتِ مختوم
برادر والدینش نیز اولاد — زسوزِ ہجرِ او ہر وقت مہموم
ہمہ اقران و جملہ اقربایش — زدردِ فرقتش ہستند مغموم
عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی — ہمیشہ باد در الواح مرقوم
شرافت جست تاریخِ وصالش — خرد گفتا ۔ بجنت رفت معصوم
۱۳ ۸۱

(۲)

جنابِ شہ بشیر احمد بشارت — زہے آں صاحبِ صدق و صبوری
بعلم و فضل و حُسن و خُلق و آداب — عیاں نامش باطرافِ دِہوری
بتحقیقِ سُخنہا نکتہ پرور — باقطارِ جہاں مثلِ ظہوری
مہیں از خاندانِ پیرِ نوشہ — سفر را کرد ساماں مزوری
ازیں عالم بعقبیٰ یافت منزل — زاحباب و اقارب ساخت دُوری
ببزمِ اولیاؤ ہم مشائخ — ہمہ اجدادِ خود گشتہ حضوری
بخلعت ہائے جنت گشت مسرور — ہم از سنجاب و از قسمِ سموری
برحمت مغفرت شد شاد و خرّم — مکرّم شد بالطافِ غفوری
زدردِ فرقتش اقراں بگریند — سرشکِ خونِ دل تا نفخِ صوری
شبِ یکشنبہ ہشتم از صفرداں — چو از دنیائے دوں گشتہ نفوری
خدا رحمت کند بر مرقدِ پاک — شود بارش تجلّی ہائے طُوری
شرافت جست سالِ ارتحالش — دلم گفتا ۔ بشارت پیرِ نوری
۱۳ ۸۱

Marfat.com

(۳)

از قلم مولانا حکیم نور محمد نصرت نوشاہی۔ فاضل علوم شرقیہ۔ خطیب جامعہ ٹاہلی والی۔ رکن ادارہ ادبیات بزم نوشاہی مرکزیہ۔ شرقپور شریف۔

صدائے غم

کہ بمرگِ حضرت سید بشیر احمد بشارت نوشاہی علویؒ در رواقِ فکر گرائید۔

سینہ کاوید و رُوحِ ما سوزید — صدمۂ مرگِ ذی وقار کشید
وائے حسرت کہ ایں چہ نوحہ فزود — ہر یکے موئے تن از و لرزید
ایں چہ شوریست در جہاں پیدا — ایں نوائے چہ گوشِ ہوش شنید
از جہاں رفت مردِ حق آگاہ — عالم و عامل و عتیق و عمید
بادۂ کُلُّ مَنْ عَلَیْہَا فَانٍ — از رسولِ اجل گرفت و چشید
آں خطیب و ادیب و ہم درویش — واعظِ نکتہ دان و فردِ فرید
آں فقیہِ جلیل و مفتیِ دیں — شاعرِ ذی خصال و شیخِ رشید
وا دریغا کہ زیرِ خاک نہفت — آں حبیبِ وحید و ذاتِ سعید
گفت تاریخ رحلتش نصرت — بہرِ عالم بسوز و وجعِ شدید
رحمتش "وابل" از سحابِ فیوضؒ — باد بر مرقدش طویل و مدید
مسکنش باد روضۂ فردوس — غَفَرَ اللّٰہُ لَہٗ۔ بفضلِ مزید

(۴)

از قلم صاحبزادہ مولانا سید ابوالکمال پیر غلام رسول شاہ برق نوشاہی ہاشمی محلِ شریف

شاہ بشیر احمد بشارت محترم — سیدِ والا نسب عالی شیم

سید بشیر احمد بشارت کا مزید ذکر شریف التواریخ کی تیسری جلد موسوم بہ تذکرۃ النوشاہیہ کے دسویں حصہ عمائد الادوار نام میں لکھا جائے گا۔ خرائط۔

Marfat.com

چوں بجنت رفت آں سلطانِ دیں سال وصلش برق گفتم۔ شامِ غم ۱۳۸۱ھ

مادہ ہائے تاریخ

۱۔ القمر بازغ ۱۳۸۱ھ

۲۔ غفران الہدیٰ ۱۳۸۱ھ

۳۔ سیدِ ابرار بشارت ۱۳۸۱ھ

۴۔ امیرالمومنین بشارت ۱۳۸۱ھ

۵۔ بشیر احمد در فردوسِ بریں ۱۳۸۱ھ

اللہم ارزقنا ببرکات ھذا المشایخ والسادات حسن العاقبہ وخیر الخاتمۃ برحمتک یا ارحم الراحمین

سید شرافت نوشاہی بقلمہ

اصلح اللہ حالہٗ و مآلہٗ

سنہ ۱۳۸۴ھ

۸ ربیع الثانی

Marfat.com

نعت شریف

فکر محمد لطیف زآر قادری نوشاہی

جب درِ سید پر نور نظر آتا ہے
ہر طرف جلوۂ کوہ طور نظر آتا ہے

جبہ فرسائی کو ہوتے ہیں فرشتے حاضر
سجدے میں گنبدِ معمور نظر آتا ہے

راحتِ روح کا ساماں یہاں ہوتا ہے
ہر تند بدب ہوا کافور نظر آتا ہے

مندمل ہوتے ہیں سب زخم یہاں آکر
درد و غم رنج و الم دور نظر آتا ہے

یہی وہ عتبۂ عالی ہے کہ جسکے آگے
جھکتا ہر قیصر و فغفور نظر آتا ہے

آسمان کرسی و لوح عرش ہیں کتنے اونچے
اونچا ان سب سے درِ نور نظر آتا ہے

ہم گنہگاروں کی قسمت کا ستارہ چمکا
عرض نامہ ہوا منظور نظر آتا ہے

بخشے جائیں گے تیرے چاہنے والے سارے
صاف قرآن میں مسطور نظر آتا ہے

دل کو ہے پاس شریعت کے حکم کا ورنہ
سر مرا سجدے کو مجبور نظر آتا ہے

نعتِ سرکارِ دو عالم میں وہ رنگینی ہے
جو سنے بے پئے مخمور نظر آتا ہے

زآر اس مدحتِ پیغمبرِ اعظم کے طفیل
ہر حرف اک دُرِ منثور نظر آتا ہے

Marfat.com

نذرِ نوشاہِ عالی جاہ

فکر محمد لطیف زآرؔ قادری نوشاہی

نوشۂ عالی کا دربار نظر آتا ہے
چار سو مطلعِ انوار نظر آتا ہے

فیض سے ساقیٔ کوثر کے نوشاہی در کا
مانگنے والا شہریار نظر آتا ہے

مشکلیں ہوتی ہیں حل مولا علی کے صدقے
سہل ہر عقدۂ دشوار نظر آتا ہے

غوثِ اعظم کی عنایات و کرم سے یاں کا
ذرّہ ذرّہ درِ شہوار نظر آتا ہے

حضرتِ شاہِ سلیماں کی نگاہوں کے طفیل
دامن نوشہ گہربار نظر آتا ہے

نوشۂ پاک کی چوکھٹ پہ جبہ سائی کو
سجدے میں گنبدِ دوّار نظر آتا ہے

جھولیاں فیض سے بھر لیتے ہیں آنے والے
نائبِ غوث کا دربار نظر آتا ہے

پاک رحمان[1] ہیں درِ نوشہ پہ بوسے دیتے
سر جھکائے ہوئے سچیار[2] نظر آتا ہے

ہر طرف نوشہی رنگ کی رنگینی ہے
ہر سمت مہکتا گلزار نظر آتا ہے

ہر کوئی اعلیٰ و ادنےٰ پئے تعظیم یہاں
سر بکف حاضرِ سرکار نظر آتا ہے

حضرتِ نوشہ سخی! نظرِ کرم کا طالب
تیرے قدموں میں ترا زآرؔ نظر آتا ہے

---

[1] حضرت شاہ عبدالرحمٰن بھڑی والے
[2] حضرت پیر محمد سچیار نوشہرہ والے

Marfat.com